آخرالامر۔ ع۔ تابع فعل۔ آخر کار۔ ✦

آخردم۔ آخیردم۔ ا۔ اسم مذکر۔ موت کا وقت۔ نزع کا وقت

آخرزمانہ۔ (ع۔ ف) اسم مذکر۔ بڑھاپا۔ چودھویں صدی قرب قیامت ✦

آخرکار۔ آخرکو۔ ع۔ ف۔ تابع فعل۔ انجام کار۔ القصہ الغرض ✦

آخرہونا۔ ا۔ تمام ہونا۔ پورا ہونا۔ مرجانا ✦

آخرت۔ ع۔ اسم مؤنث۔ انجام۔ عاقبت۔ دوسرا جہان

آخرت سنوارنا۔ ا۔ متعدی۔ ایسے نیک کام کرنا جو مرنے کے بعد کام آئیں ✦

آخرش۔ ف۔ تابع فعل۔ آخرکو۔ آخر کار ✦

آخری۔ ف صفت۔ پچھلا۔ اخیر کا

آخری بہار۔ ا۔ اسم مؤنث۔ اخیر موسم۔ حسن۔ زوال۔ بڑھاپا ✦

آخری چہار شنبہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ صفر کے مہینہ کا آخری بدھ جسمیں ایک سخت بیماری کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے غسل صحت کیا تھا ✦

آخری دیدار۔ ف۔ اسم مذکر۔ مرتے وقت کا دیکھنا ✦

آخری وقت۔ ا۔ اسم مذکر۔ بڑھاپے کا زمانہ۔ موت کا وقت ✦

آخور۔ ف۔ اسم مؤنث۔ سڑی گلی چیز۔ گھاس پات۔

آ۔ د

آدرش۔ س۔ مذکر۔ اصلی مقصد۔ نصب العین ✦

آخوند۔ ف۔ اسم مذکر۔ اُستاد۔ اتالیق ✦

آداب۔ ع۔ اسم مذکر۔ (جمع ادب) طور۔ طریقہ۔ بندگی تسلیم

آداب مجلس۔ ف۔ مذکر۔ محفل میں اُٹھنے بیٹھنے اور بات چیت کرنے کے طریقے ✦

آدم۔ ع۔ اسم مذکر۔ آدم علیہ السلام۔ سب سے پہلا انسان عقلمند۔ سمجھدار ✦

آدمی۔ ا۔ اسم مذکر۔ انسان۔ ہوشیار۔ خاوند ✦

آدمی بننا۔ ا۔ لازم۔ لائق ہونا۔ تمیزدار بننا ✦

آدمی بنانا۔ ا۔ متعدی۔ تربیت دینا۔ تمیز سکھانا ✦

آدمی پیچھے۔ ا۔ فی آدمی۔ فی کس۔ ہر ایک کو جدا جدا ✦

آدمیت۔ ع۔ اسم مذکر۔ انسانیت۔ شرافت۔ عقلمندی

آدمیت اُٹھ جانا یا اُٹھنا۔ ا۔ لازم۔ ادب لحاظ نہ رہنا۔ بدتہذیب ہوجانا ✦

آدمیت پکڑنا۔ ا۔ متعدی۔ شرافت اور اخلاق حاصل کرنا

آدمیت سکھانا } ا۔ متعدی۔ عقل و تمیز سکھانا
آدمیت میں لانا } شائستہ بنانا ✦

آدھا۔ ہ۔ صفت۔ پوری چیز کے برابر کے دو حصوں میں سے ایک حصہ ✦

آدھا تیتر آدھا بٹیر۔ ا۔ ناقص۔ خراب۔ دوغلا۔ اِدھر نہ اُدھر۔ رکابی مذہب ✦

آدھا ساجھا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ برابر کی شرکت۔ آدھا

آدھا سیسی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ آدھے سر کا۔ درد ✦

آدھار۔ آدھار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ خوراک۔ کھانا۔ سہارا۔ آسرا

آدھار ہونا۔ ہ۔ لازم۔ پیٹ بھرنا۔ سیر ہونا۔ کافی ہونا ✦

آدھول آدھ۔ ہ۔ ٹھیک آدھا۔ پورا آدھا ✦

آدھی بات۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ چھوٹی بات۔ ذراسی بات

آدھی بات کہنا۔ ہ۔ متعدی۔ ہونٹ ہلانا۔ زبان ہلانا منہ کھولنا ✦

آدھی بات نہ پوچھنا۔ متعدی۔ ناقدری کرنا۔ حقیر سمجھنا

آدھی بات نہ سننا۔ ہ۔ کچھ نہ سننا۔ اپنے خلاف کان نہ دھرنا

آذوقہ۔ اذوقہ۔ ع۔ اسم مذکر۔ کھانا۔ روزی۔ مزدوری۔ روٹی کپڑا۔ روزمرہ کی ضرورت کی چیزیں ✦

آر۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ لوہے کی نوکدار کیل۔ مرغ کے پنجے کا خار یا کانٹا۔ چمڑے میں چھید کرنے کا اوزار ✦

آرا۔ ا۔ اسم مذکر۔ لکڑی چیرنے کا دندانہ دار اوزار ✦

آراکش۔ آرہ کش۔ ا۔ اسم مذکر۔ آرے سے لکڑی چیرنے والا

آراستگی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ سجاوٹ۔ انتظام ✦

آراستہ۔ ف۔ صفت۔ سجایا ہوا۔ پُرتکلف ✦

آراستہ پیراستہ۔ ف۔ صفت۔ بنا سنورا ✦

226

آرام - ف - اسم مذکر - راحت - نیند - صحت - شفا - فراغت ۔
آرام پانا - ا - ہندی - خوش رہنا - راحت پانا - تندرست ہونا - فرصت پانا ۔
آرامِ جاں - ف - اسم مذکر - معشوق - محبوب ۔
آرام دینا - ا - سکھ پہنچانا - شفا دینا ۔
آرام طلب - ف - صفت - آرام چاہنے والا - کاہل - سست - احدی ۔
آرام کرنا - ا - سستانا - دم لینا - سونا - خالی بیٹھنا ۔
آرام گاہ - ف - اسم مؤنث - سونے کی جگہ - رہنے کی جگہ - مقبرہ ۔
آرام میں ہیں - ا - (محاورہ) سو رہے ہیں - خوش ہیں ۔
آرام ہو جانا - ا - آرام چین سے ہو جانا - بیماری سے اچھا ہو جانا ۔
آرائش - ف - اسم مؤنث - آراستگی - سجاوٹ - بناؤ سنگار ۔
آرائش کرنا - ا - ہندی - سجانا ۔
آرپار - ہ - صفت - دونوں رُخ سوراخ اس سرے سے اُس سرے تک ایک ۔
آرتا - ہ - اسم مذکر - ہندوؤں میں شادی کے موقع کی ایک رسم کا نام ۔
آرتی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی ہندوؤں کی عبادت ۔
آرٹیکل - ا - (Article) اسم مذکر - مضمون - علمی مضمون - اخباری مضمون ۔
آرجان - ہ - اسم مؤنث - جین مت کی سادھو عورتیں ۔
آرد - ف - اسم مذکر - آٹا - چون ۔
آرزو - ف - اسم مؤنث - خواہش - تمنا - مقصد - حرص ۔
آرزو بر آنا - آرزو نکلنا - ا - ارمان نکلنا - مراد پوری ہونا ۔
آرزو کرنا - آرزومند ہونا - چاہنا - مانگنا ۔
آرسی - ہ - اسم مؤنث - آئینہ دار انگوٹھی جسے عورتیں انگوٹھے میں پہنتی ہیں ۔
آرسی مصحف دیکھنا - ا - قرآن اور آئینہ دیکھنا (نکاح کے بعد دولہا اور دلہن کا ایک ساتھ ایک آئینہ میں منہ دیکھنا شادی کی ایک رسم) ۔
آرہنا - ہ - آٹھہرنا - آپہنچنا - آپڑنا - آباد ہونا - آبسنا ۔
آری - ہ - اسم مؤنث - چھوٹا آرہ ۔
آریا - س - اسم مذکر - وسط ایشیا کی رہنے والی قوم - وہ قوم جسکی بولی سنسکرت تھی - ایک مذہبی فرقہ جو دیانند سرستی جی کی پیروی کرتا ہے ۔
آریہ ورت - س - اسم مذکر - ہندوستان کا نام - آریا قوم کے رہنے کی جگہ ۔
آرے بلے کرنا - ا - (محاورہ) ہاں ہاں کرنا - ٹالنا ۔
آرے چلنا - ا - ذبح ہونا - سختی جھیلنا ۔

آڑ

آڑ - ہ - اسم مؤنث - پردہ - اوٹ - مدد - سہارا ۔
آڑ پکڑنا - آڑ لینا - ہ - سہارا پکڑنا - پناہ لینا ۔
آڑا - ہ - ٹیڑھا - ترچھا ۔
آڑا ترچھا ہونا - ہ - بگڑنا - خفا ہونا ۔
آڑت - آڑھت - ہ - اسم مذکر - بیوپاریوں کے مال اترنے اور بکنے کی جگہ - دلالی - کمیشن - بکوائی - بٹوائی ۔
آڑتی - آڑتیا - ہ - اسم مذکر - ایجنٹ - گماشتہ - وہ شخص جس کے ہاں بیوپاریوں کا مال آکر ٹکے اور بکے ۔
آڑو - ہ - اسم مذکر - ایک پھل کا نام - نوکیا اور چکیا دو قسم کا ہوتا ہے ۔
آڑا آنا - آڑے آجانا - ہ - مدد دینا - پناہ دینا - سپر بنجانا ۔
آڑے ہاتھوں لینا - ہ - جھڑکنا - لتاڑنا - برا بھلا کہنا ۔

آز

آزاد - ف - اسم صفت - جو کسی کا پابند نہو - اکیلا - تنہا - مست فقیر جسکی ڈاڑھی مونچھیں منڈی ہوئی ہوں - بیچیلا ۔

بے شرم - نڈر - اور بیباک آدمی - سرو کے درخت کی ایک قسم جسے سروِ آزاد کہتے ہیں +

آزاد کا سونٹا - ا - اسم - مذکر - بے روک ٹوک - نہنگ آدمی - نڈر آدمی +

آزاد کرنا - ا - متعدی - چھوڑنا - غلامی سے نکالنا +

آزاد مرد - آزاد منش - ف - نہنگ آدمی - بے دھڑک آدمی - صاف گو آدمی +

آزاد ہونا - ا - لازم - رہا ہونا - قید سے چھوٹنا - خود مختار ہونا - غلامی سے چھوٹنا - بے پرواہ ہونا بے ادب ہونا

آزادی - ف - اسم - مؤنث - رہائی - خود مختاری +

آزار - ف - اسم - مذکر - دکھ - تکلیف - بیماری +

آزار پیدا ہونا - آزار لگنا - روگ لگنا - بیمار ہونا -

آزردہ کرنا - ا - متعدی - ستانا - دل دکھانا +

آزردہ خاطر - ف - صفت - غمگین - اُداس -

آزمانا - ا - متعدی - امتحان کرنا - جانچنا -

آزمودہ کار - ف - صفت - ہوشیار - تجربہ کار +

آزمائش - ف - مؤنث - امتحان - جانچ +

آس

آس - ہ - مؤنث - امید - آرزو - اولاد +

آس اولاد - ا - مؤنث - بال بچے +

آس باندھنا - آس تکنا - آس لگانا - آس رکھنا - آس کرنا - ہ - متعدی - بھروسہ کرنا - انتظار کرنا +

آس توڑنا - ہ - متعدی - مایوس کرنا - کمر توڑنا -

آس ٹوٹنا - ہ - لازم - اُمید ٹوٹنا - مایوس ہونا +

آس مراد - ا - مذکر - (عو) آل اولاد - دھن دولت +

آسامی - (صحیح) اسامی - ع - مؤنث - اسم کی جمع - اُردو میں مفرد بولتے ہیں - رعیت - کسان - عہدہ - جگہ - احمق - بے وقوف +

آسامی بنانا - ا - متعدی - ٹھگنا - یار بنا کر لوٹنا - رعیت بنانا - +

آسان - ف - صفت - سہل - سہج +

آسانی - ف - مؤنث - سہولت - سہج پن +

آسائش - ف - مؤنث - آرام - سکھ +

آس پاس - ہ - تابع فعل - چاروں طرف - چوطرفہ - آس پڑوس +

آس پاس پھرنا - ہ - لازم - گرد گھومنا - صدقہ ہونا - قربان ہونا

آستان - آستانہ - ف - مذکر - چوکھٹ - دروازہ - مکان - درگاہ +

آستان بوس - ف - مذکر - غلام - خدمتگار - دربان - معتقد +

آستان بوسی - آستانہ بوسی - ف - مؤنث - چوکھٹ چومنا - سجدہ کرنا - غلامی - دربانی - ملنا - ملاقات کرنا +

آستین - ف - مؤنث - قمیص یا کوٹ وغیرہ کی بانہہ +

آستین چڑھانا - ا - متعدی - تیار ہونا - مستعد ہونا - لڑنے کے لئے تیار ہونا +

آستین کا سانپ - ا - مذکر - وہ آدمی جو دوست بنکر دشمنی کرے +

آستین میں سانپ پالنا - ا - متعدی - دشمن کو پرورش کرنا

آسرا - ہ - مذکر - بھروسہ - اُمید - وسیلہ - ذریعہ +

آسرا تکنا - آسرا کرنا - آسرا لگانا - بھروسہ کرنا - اُمید رکھنا

آسمان - ف - مذکر - فلک - آکاس +

آسمان پر اُڑنا - ا - لازم - اترانا - غرور کرنا - بلند خیالات کا دماغ میں آنا +

آسمان پر تھوکنا - ا - لازم - بیوقوفی کرنا - حماقت کرنا

آسمان پر چڑھانا - ا - متعدی - بڑائی کرنا - حد سے زیادہ تعریف کرنا - خوشامد کرنا +

آسمان ٹوٹ پڑنا - آسمان ٹوٹنا - ا - لازم - مصیبت نازل ہونا - یکایک کوئی آفت ٹوٹ پڑنا +

آسمان زمین ایک ہونا - ا - لازم - بڑی بھاری تبدیلی ہونا +

بہت بڑی مصیبت پڑنا +

آسمان زمین کے قلابے ملانا - ہ - متعدی - توڑ جوڑ ملانا - بہت زیادہ جھوٹ بولنا +

آسمان سر پر اٹھانا - ا - متعدی - شور مچانا - چیخنا چلانا

آسمان سے باتیں کرنا }
آسمان سے ٹکر کھانا - } ا - متعدی - بہت اونچا ہونا

آسمان سے گرنا - ا - لازم - بے محنت ہاتھ لگنا - آسانی سے مل جانا - بے قدر ہو جانا - ذلیل ہو جانا +

آسمان قدر - ف - ع - صفت - بہت اونچا - عالیشان معزز +

آسمان کے تارے توڑنا - ا - متعدی - نہایت دشوار کام کو پورا کرنا - ناممکن کو ممکن کر دکھانا - عیاری کرنا

آسمان میں تھگلی لگانا - ا - متعدی - عیاری کرنا

آسمان میں چھید کرنا - } چالاکی کرنا - کٹناپا کرنا +

آسمان میں چھید ہو جانا - ا - لازم - چھاجوں مینہ پڑنا - لگاتار برسنا +

آسمانی - ف - اسم صفت - ہلکا نیلا +

آسمانی بلا - ا - مونث - ناگہانی آفت +

آسمانی پلانا - ا - متعدی - بھنگ یا تاڑی پلانا +

آسمانی تیر - آسمانی دھکا - ہ - ف - مذکر - ہوائی تیر - فضول کام - ناگہانی آفت +

آسمانی کتاب - ف - مونث - خدا کا قانون جیسے زبور - توریت - انجیل - قرآن +

آسمانی گولہ - ا - مذکر - غیبی مار - ناگہانی آفت +

آسن - ہ - مذکر - بیٹھک - بیٹھنے کا طریق

آسن اکھڑ جانا - ہ - لازم - گھوڑے کی پیٹھ پر ران نہ جمنا +

آسن جمانا - ہ - متعدی - گھوڑے پر جم کر بیٹھنا +

آسودگی - ف - اسم مونث - آرام - چین - امن - دولتمندی - امیری +

آسودہ ہو جانا - ا - لازم - سیر ہو کر کھانا +

آسودہ حال - آسودہ خاطر - آسودہ دل - ف - اسم صفت، مالدار - امیر +

آسیب - ف - اسم - مذکر - دکھ - تکلیف - جن بھوت

آش

آش - ف - اسم - مونث - پتلی غذا - جیسے شوربا یا حریرا - روکھی سوکھی - دال دلیا +

آش پلاؤ - ف - اسم - مذکر - جو کا پلاؤ جو بیمار کو دیا جاتا ہے +

آش جو - ف - اسم - مذکر - جو کا جوش دیا ہوا پانی +

آشتی - ف - اسم - مونث - صلح - دوستی +

آشیرباد - ہ - مونث - مبارکباد - دعا کے لئے بولتے ہیں

آشفتگی - ف - اسم - مونث - پریشانی - حیرانی - دیوانہ پن

آشفتہ حال - ف - اسم صفت - پریشان حال - عاشق دیوانہ +

آشفتہ سر - ف - اسم صفت - دیوانہ - باؤلا +

آشفتہ سری - ف - اسم - مونث - دیوانہ پن +

آشکار - آشکارا - ف - صفت - ظاہر - صاف +

آشکارا کرنا - ظاہر کرنا - جتانا - سمجھانا +

آشنا - ف - اسم صفت - دوست - ساتھی - واقفکار معشوق - عاشق +

آشنا پرست - ف - اسم صفت - دوستوں کی قدر کرنے والا +

آشنائی - ف - اسم - مونث - دوستی - محبت +

آشنائی کرنا - ا - دوستی کرنا - عشق کرنا - یارانہ کرنا +

آشنائی ہونا - ا - دوستی ہونا - آنکھ لگنا +

آشنان }
اشنان } - ہ - اسم - مذکر - غسل - نہانا +

آشنان دھیان - ہ - اسم - مذکر - روزمرہ کا نہانا اور پوجا پاٹ +

آشوب - اسم - مذکر - پریشانی +

آشوبِ چشم - ف - اسم - مذکر - آنکھ کی سُرخی - آنکھیں دُکھنا +

آشوبِ زمانہ - ف - ع - مذکر - زمانہ کی پریشانی - زمانہ کی خرابی +

آشیاں - آشیانہ - ف - اسم - مذکر - گھونسلا - پرندوں کا گھر

آغ

آغا - ت - اسم - مذکر - آقا - مالک - جناب - بڑے بھائی کا خطاب +

آغا مینا - ف - اسم - مؤنث - بنگالہ کی مینا - وہ لڑکی جو پیاری پیاری باتیں کرے - خوش گلو - خوش آواز +

آغاز - ف - اسم - مذکر - ابتدا - شروع - تمہید - سرنامہ

آغازِ کار - ف - کام کی ابتدا - کام کا شروع +

آغاز کرنا - ا - شروع کرنا - پہل کرنا +

آف

آفاق - ع - اسم - مذکر - (اُفق کی جمع - اردو میں واحد) آسمان کے کنارے - دُنیا - عالم +

آفت اُٹھانا - ا - مصیبت جھیلنا - ستم ڈھانا +

آفت آنا - آفت ٹوٹنا } - ا - ٹوٹنا مصیبت
آفت پڑنا - } نازل ہونا - صدمہ پڑنا +

آفتِ جان - ع - ف - مصیبت - عذاب - معشوق ستمگر +

آفت ڈھانا - ا - شور کرنا - ہنگامہ برپا کرنا - غضب ڈھانا

آفت رسیدہ } - ف - صفت مُصیبت کا مارا - دُکھیا
آفت زدہ }

آفت کا پرکالہ } - ا - صفت - آفت کا ٹکڑا - شریر - شوخ
آفت کا ٹکڑا }

آفت کا مارا - ا - صفت - آفت رسیدہ +

آفتاب - ف - اسم مذکر - سورج - دُھوپ - معشوق شراب - مشہور - نامی +

آفتاب پرست - ف - اسم صفت گبر - ترسا - گرگٹ - سُورج مکھی +

آفتابہ - ف - اسم - مذکر - لوٹا - بدھنا +

آفتابی - ف - اسم صفت - گول - سُورج مکھی (ڈھال)

آفرین کرنا - ا - شاباش دینا - تعریف کرنا +

آفرینش - ف - اسم - مؤنث - پیدائش - مخلوق - دُنیا

آق

آقا - ت - اسم - مذکر - صاحب - مالک - افسر +

آک

آکاس - آسمان - حدِ نگاہ - ایک بڑا ہلکا مادہ جو ہوا میں بھرا ہوا ہے +

آکاس بیل - ہ - اسم - مونث - اَمبر بیل - یہ بیل اگر ہر سبز درخت پر ڈال دیجائے تو وہ سوکھ جاتا ہے اور اور یہ ہری رہتی ہے +

آکاس پھل - ہ - اسم مذکر - اولاد - بال بچے +

آکاس گنگا - ہ - مونث - کہکشاں - آسمان کی ندی

آکسیجن - ا (Oxygen) انگ - اسم - مؤنث ہوا کا وہ جزو جس پر زندگی اور روشنی موقوف ہے +

آگ

آگ - ہ - اسم - مؤنث - آتش - اگنی - آنچ +

آگ - ہ - صفت - گرم - کھولتا ہوا +

آگ برسانا - ا - گولہ باری کرنا - گولیوں کی بوچھاڑ کرنا

آگ برسنا - ہ - شدّت کی گرمی پڑنا +

آگ بگولا - آگ ببولا - ہ - صفت - غضبناک - تیز مزاج +

آگ بوٹ } - ہ - انگ - اسم - مذکر - دُخانی کشتی -
اگنبوٹ } بھاپ سے چلنے والی کشتی +

آگ بھبوکا بننا یا ہونا - غصّے کے مارے سُرخ ہو جانا - جھلّانا +

آگ پانی کا بیر۔ ا۔ قدیمی دشمنی۔ جنم بیر +
آگ پر لوٹنا۔ ا۔ بیقرار ہونا۔ تڑپنا +
آگ پھونکنا۔ ا۔ آگ کو دامن۔ پنکھے یا منہ کی ہوا سے سلگانا۔ لگائی بجھائی کرنا۔ چغلی کھانا +
آگ تلووں سے لگنا۔ ا۔ غصے ہونا +
آگ جوڑنا۔ ا۔ آگ سلگانا۔ انجھیٹا لگانا +
آگ دکھانا۔ ا۔ آگ لگانا۔ آگ دینا +
آگ کا کھیل۔ ہ۔ اسم مذکر۔ آتشبازی۔ پٹاخا +
آگ کھانا انگارے اگلنا۔ ہ۔ ز مثل) بہت طیش کھانا۔ بے حد غصہ ہونا +
آگ لگا کے پانی کو دوڑنا۔ و۔ لڑائی کرا کے باتیں بنانا +
آگ لگانا۔ ا۔ جلانا۔ پھونک ڈالنا۔ نقصان کرانا +
آگ لگو یا لگے۔ (ع) بددعا۔ اجڑ جائے! ناپید ہو!
آگ لینے آنا۔ ا۔ کھڑے کھڑے ہو کر چلا جانا۔ الٹے پاؤں پھرنا +
آگ میں جھونک دینا۔ ا۔ جان بوجھ کر مصیبت میں پھنسانا +
آگ ہونا۔ ا۔ گرم ہونا۔ غصے ہونا +
آگا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ سامنا۔ پیشانی۔ سینہ +
آگا بھاری ہونا۔ ا۔ حمل ہونا +
آگا پیچھا دیکھنا } ا۔ دور اندیشی کرنا۔ عقل سے
آگا پیچھا سوچنا } کام لینا +
آگا سنبھالنا }
آگا لینا } ا۔ روکنا۔ مقابلہ کرنا آگے کی
آگا مارنا } فوج پر حملہ کرنا +
آگاہ۔ ف۔ صفت۔ خبردار۔ واقف۔ جاننے والا
آگاہ کرنا۔ ا۔ تنبیہ کرنا۔ جتانا +
آگاہی۔ ف۔ اسم مونث۔ خبر۔ علم۔ واقفیت
آگے۔ ہ۔ سامنے۔ آئندہ۔ پہلے +
آگے آنا۔ ا۔ پیش آنا +

آگے آیت۔ ا۔ تابع فعل۔ فقط۔ بس +
آگے پیچھے۔ ہ۔ تابع فعل۔ یکے بعد دیگرے۔ قطار در قطار۔ غیر حاضری میں۔ میرے ہوتے۔ میرے بعد +
آگے خدا کا نام۔ ا۔ (ع) (دیکھو آگے آیت +
آگے دھر لینا۔ آگے رکھ لینا۔ ا۔ گرفتار کر لینا۔ پکڑ لینا +
آگے دیکھنا۔ ا۔ ہوشیار ہونا۔ چوکس ہونا +
آگے ناتھ نہ پیچھے پگا۔ ہ۔ لاوارثا۔ ناٹھا +
آگیا دینا۔ ا۔ حکم دینا۔ اختیار دینا +

آل

آل۔ ہ۔ اسم مونث۔ پیاز کے ڈنٹھل۔ سیل۔ تری۔ بیٹا۔ بیٹی۔ اولاد (عربی) +
آلا گانا۔ ا۔ اپنا رونا رونا۔ جھیکنا۔ ہندی کی ایک مشہور رزمیہ نظم گانا +
آلا بالا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ٹال مٹول +
آلاپ۔ ہ۔ اسم مونث۔ آواز کا اتار چڑھاؤ۔ گانا +
آلاپنا۔ ہ۔ گانا۔ تان اڑانا +
آلات۔ ع۔ اسم مذکر۔ (آلت کی جمع) اوزار۔ ہتھیار +
آلان۔ ہ۔ اسم مونث۔ ہاتھی باندھنے کی زنجیر
آلائش۔ ف۔ اسم مونث۔ میل کچیل۔ گندگی۔ مواد۔ ملغوبہ۔ اوجھ +
آلت۔ آلہ۔ ع۔ اسم مذکر۔ آلہ۔ ہتھیار۔ عضو تناسل
آلتی پالتی۔ ہ۔ اسم مونث۔ چار زانو بیٹھنا +
آلکس آنا } ہ۔ سست ہونا۔ نیند آنا +
الکسانا }
آلکسی } ہ۔ اسم مذکر۔ سستی۔ کاہلی +
الکسی }

آلو بخارا۔ ف۔ اسم۔ مذکر۔ ایک مشہور کھٹا پھل +
آلو چہ۔ ف۔ اسم۔ مذکر۔ ایک قسم کا آلو بخارا +
آلودگی۔ ف۔ اسم۔ مؤنث۔ آلائش۔ ناپاکی +
آلودہ۔ ف۔ صفت۔ لتھڑا ہوا۔ بھرا ہوا۔ ناپاک
آلودہ دامن۔ ف۔ اسم صفت۔ ناپاک۔ گنہگار +
آلو شفتالو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ لڑکوں کا ایک کھیل +
آلۂ تناسل۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ نسل بڑھانے کا آلہ
عضوِ تناسل۔ مرد کی شرم گاہ +

آم

آم۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ آنب۔ انبہ۔ ہندوستان کا بڑا نفیس اور مخصوص پھل۔ کچے کو امبیہ یا انبیہ کہتے ہیں
آمادگی۔ ف۔ اسم۔ مؤنث۔ تیاری۔ رضامندی +
آمادہ ہونا۔ ا۔ تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔ ہتھیار باندھنا
رضامند ہونا +
آمد۔ ف۔ اسم مؤنث۔ آنا۔ تشریف آوری۔ بے ساختہ
خودرو +
آمد آمد۔ ف۔ اسم مؤنث۔ کسی بڑے آدمی کے آنے
کی خبر یا دھوم دھام +
آمد والا۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ دولتمند۔ مالدار +
آمد و خرچ۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ کمائی اور صرف +
آمد و شد } ف۔ آنا جانا +
آمد و رفت }
آمدنی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ نفع۔ فائدہ۔ کمائی +
آملہ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ایک کسیلا اور کھٹا پھل جس کا
مربہ ڈالتے اور تیل بناتے ہیں +
آمنے سامنے۔ ہ۔ تابع فعل۔ روبرو۔ مقابل +
آمنّا و صدّقنا۔ ع۔ تابع فعل۔ درست ہے بجا ہے
ہم نے تسلیم کیا۔ ہم نے تصدیق کی +
آموختہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ سیکھا ہوا۔ پڑھا ہوا +
آمیزش۔ ف۔ اسم مؤنث۔ میل۔ ملاؤ +

آمیز کرنا۔ ا۔ ملانا۔ سانتا +
آمین۔ ع۔ خدا ایسا ہی کرے (دعا کے لئے) +
آمین آمین ہونا۔ ا۔ خوشیاں منائی جانا۔ مُراد بر آنا
آمین پڑھنا۔ ا۔ بچے کا قرآن ختم ہونے پر ایک
خاص تقریب کو کہتے ہیں +
آمین کہنا۔ ہاں میں ہاں ملانا۔ دعا مانگنا +
آمین کہنے والے۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ ہاں میں ہاں
ملانے والے خوشامدی لوگ +

آن

آن۔ ف۔ اسم۔ مؤنث۔ ادا۔ شان۔ انداز۔ غرور
تمکنت +
آن بان۔ ا۔ اسم۔ مؤنث۔ شان و شوکت۔ سج دھج
ٹھاٹ +
آن تان والی۔ ا۔ اسم۔ مؤنث۔ (عو) غیرت والی۔
ناک والی۔ اپنی بات کی پوری +
آن توڑنا۔ ا۔ قسم توڑنا۔ ضد سے باز آنا +
آن رکھنا۔ ا۔ ناز اٹھانا۔ لاڈ کرنا۔ بات رکھنا۔
بات میں فرق نہ آنے دینا +
آن۔ ع۔ اسم مؤنث۔ وقت۔ لمحہ۔ دم +
آناً فاناً۔ ا۔ تابع فعل۔ دم کے دم میں۔ فوراً +
آن بنا۔ ا۔ آفت آ جانا۔ بلا نازل ہونا +
آنا۔ ا۔ قدم رکھنا۔ داخل ہونا +
آنی جانی۔ ہ۔ صفت۔ ناپائیدار۔ فانی۔ مٹ جانے والا
آنا کانی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ٹال مٹول۔ نگرانی۔ جان کر
انجان بنا +
آنت۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ انتڑی۔ اتڑی +
آنتیں سوکھنا۔ ا۔ فاقہ کرنا۔ بھوکوں مرنا +
آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے لگیں۔ ا۔ (محاورہ)
بھوک کے مارے مرنے لگے +
آنتیں گلے میں آنا۔ ا۔ آفت میں پھنسنا۔ جنجال میں پھنسنا

آنتیں منہ کو آنا۔ ناک میں دم آنا۔ تنگ ہونا ✦

آنٹ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ گرہ۔ گانٹھ ✦

آنٹ سانٹ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ اٹ سٹ۔ توڑ جوڑ۔ دوستی میل جول ✦

آنٹ نکلنا۔ ا۔ دل صاف ہونا۔ دشمنی دور ہونا ✦

آنچ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ گرمی۔ لپٹ۔ لو کا ماننا محبت

آنچ آنا۔ ا۔ چوٹ لگنا۔ دکھ پہنچنا ✦

آنچ دکھانا۔ ا۔ گرم کرنا۔ آگ دکھانا ✦

آنچ کھانا۔ ا۔ تاؤ کھانا۔ زیادہ پک جانا ✦

آنچ نہ آنا۔ ا۔ صدمہ نہ پہنچنا۔ اثر نہ ہونا ✦

آنچ نہ آنے دینا۔ ا۔ حفاظت کرنا۔ تکلیف سے بچانا۔ کوئی نقصان نہ پہنچنے دینا ✦

آنچل۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ پلو۔ کنارہ۔ شال یا اوڑھنی کا دامن ✦

آنچل ڈالنا۔ آنچل سر پر ڈالنا۔ ہ۔ شادی کی ایک رسم۔ بھائی کی شادی کے دن بہن کا بھائی کے سر پر آنچل ڈالنا اور اپنا نیگ (حق) لینا ✦

آنچل میں باندھنا۔ ہ۔ یاد رکھنا یاد رکھنے کے لیے دوپٹے کے کنارے میں گرہ لگالینا ✦

آندھی۔ ہ۔ اسم مونث۔ جھکڑ۔ اندھیاؤ۔ تیز ہوا۔ گرد و غبار ✦

آندھی کے آم۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بہت سستی اور ارزاں چیز مفت برابر۔ چند روزہ۔ تھوڑے دن کے ✦

آنریری۔ انگ۔ اسم صفت۔ مفت۔ اعزازی۔ عزت کے طور پر مفت کام کرنے والا ✦

آنسو۔ ہ۔ اسم مذکر۔ آنکھ کا پانی۔ اشک۔ ٹسوہ ✦

آنسو بہانا۔ ہ۔ رونا ✦

آنسو پونچھنا۔ ہ۔ آنکھوں کا پانی خشک کرنا۔ تسلی دینا۔ دلاسا دینا ✦

آنسو پی جانا۔ آنسو پینا۔ ہ۔ چپکے چپکے رونا۔ رونے کو روکنا۔ غم کھانا ✦

آنسو ڈبڈبانا۔ ہ۔ آنکھوں میں آنسو بھر آنا ✦

آنسو گرانا۔ ہ۔ رونا۔ ماتم کرنا ✦

آنسوؤں سے منہ دھونا۔ ہ۔ زار زار رونا۔ آٹھ آٹھ آنسو رونا ✦

آنسوؤں کا تار بندھنا۔ آنسوؤں کا تار چلنا۔ آنسوؤں کا تار نہ ٹوٹنا۔ ہ۔ زار و قطار رونا۔ ہچکیاں بندھ جانا۔ لگاتار رونا ✦

آنک۔ ہ۔ اسم۔ مونث۔ نشان۔ علامت ✦

آنکڑا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ کانٹا۔ ہک۔ انکس ✦

آنکنا۔ ہ۔ جانچنا۔ تخمینہ کرنا۔ کوتنا۔ اندازہ کرنا ✦

آنکھ۔ ہ۔ اسم۔ مونث۔ دیدہ۔ اکھی۔ چشم۔ توجہ۔ گنے اور اناناس کی گانٹھ۔ گھٹنے کی چپنی ✦

آنکھ اٹھا کر دیکھنا۔ ہ۔ نظر بھر کر دیکھنا۔ توجہ کرنا ✦

آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا۔ ہ۔ بے پروائی کرنا۔ ناقدری کرنا ✦

آنکھ آنا۔ ہ۔ آنکھ دکھنے آنا۔ آشوب آنا ✦

آنکھ بچانا۔ ہ۔ کترانا۔ شرمانا ✦

آنکھ بند کرلینا۔ ہ۔ بے پروا ہو جانا ✦

آنکھ بند ہونا۔ آنکھ مچنا۔ آنکھ پتھرانا۔ ہ۔ مر جانا ✦

آنکھ پڑنا۔ آنکھ لڑنا۔ آنکھ لگنا۔ ہ۔ عاشق ہو جانا۔ محبت کی نظر سے دیکھنا۔ محبت ہو جانا ✦

آنکھ جھپکنا۔ ہ۔ سونا ✦

آنکھ کا پانی ڈھلنا۔ ہ۔ بے حیا اور بے شرم ہونا ✦

آنکھ کا تارا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ بہت ہی پیارا ✦

آنکھ مچولی۔ آنکھ مچوّل۔ ہ۔ اسم۔ مونث۔ بچوں کا ایک کھیل جس میں ایک آنکھیں بند کر کے بیٹھتا ہے اور دوسرے چھپ جاتے ہیں پھر یہ انہیں ڈھونڈ کر چھوتا ہے ✦

آنکھ میں آنکھ ڈالنا ۔ ہ ۔ بے ادبی کرنا ۔ بے حیائی کرنا
گھور کر دیکھنا +
آنکھ میں کھُبنا ۔ ہ ۔ پسند آنا +
آنکھ میں کھٹکنا ۔ ہ ۔ ناگوار گزرنا ۔ بُرا لگنا +
آنکھوں آنکھوں میں ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ نظروں ہی
نظروں میں اشاروں ہی اشاروں میں +
آنکھوں پر بٹھانا ۔ ہ ۔ قدردانی کرنا ۔ عزّت کرنا +
آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا } ۔ ہ ۔ بے مروتی کرنا
آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا } بے انصافی کرنا ۔
احسان بھول جانا +
آنکھوں پر چربی چھانا ۔ ہ ۔ اندھا ہونا ۔ مغرور
ہونا ۔ بے خبر ہونا +
آنکھوں تلے پھرنا ۔ ہ ۔ بہت یاد آنا +
آنکھوں دیکھتے ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ جان بوجھ کر اپنے
سامنے ۔ اپنی نظر کے سامنے +
آنکھوں سے لگانا ۔ ہ ۔ تعظیم کرنا ۔ چومنا +
آنکھوں میں خاک جھونکنا دھوکا دینا ۔ فریب کرنا
آنکھوں میں رات کٹنا ۔ ہ ۔ رات بھر جاگتے رہنا
جاگ کر رات کاٹنا +
آنکھوں میں سرسوں پھولنا ۔ ہ ۔ زرد دکھائی
دینا ۔ نشہ ہونا ۔ خوش ہونا +
آنکھوں میں کھٹکنا ۔ ہ ۔ بُرا لگنا ۔ کسی کی صورت
سے نفرت ہونا +
آنکھیں بچھانا ۔ ہ ۔ عاجزی کرنا ۔ تعظیم کرنا ۔ انتظار
کرنا +
آنکھیں بدلنا ۔ ہ ۔ بے مروتی کرنا ۔ وعدہ فراموش کرنا
آنکھیں چار ہونا ۔ ہ ۔ سامنا ہونا ۔ ملاقات ہونا
آنکھیں دکھانا ۔ ہ ۔ دھمکانا ۔ ڈرانا ۔ رُعب
جمانا +
آنکھیں سینکنا ۔ ہ ۔ نظارہ کرنا ۔ دیدار بازی کرنا +
آنکھیں کھل جانا ۔ ہ ۔ بیدار ہونا ۔ چونک پڑنا ۔
حیران رہ جانا +
آنکھیں لڑانا ۔ ہ ۔ نظر بازی کرنا ۔ تاک جھانک کرنا
آنکھیں نکالنا ۔ ہ ۔ غصہ ہونا ۔ خفا ہونا ۔ اندھا کرنا
آنکھیں نکال ڈالنا +
آنکھیں ہونا ۔ ہ ۔ عقل آنا ۔ سمجھ آنا ۔ ہوش آنا +
آنگن } ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ صحن ۔ چوک +
انگنائی } مؤنث
آنند ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ عیش ۔ خوشی +
آنند بدھاوا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ خوشی کا گیت ۔ مبارکباد +
آنند رہنا ۔ ہ ۔ خوش رہنا ۔ مگن رہنا +
آنند کرنا ۔ ہ ۔ خوشی منانا ۔ مزے اُڑانا +
آنند پرش ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ ہنس مکھ ۔ خوش مزاج +
آنو ۔ ہ ۔ اسم ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا چیپدار مادہ جو پیچش
کے مرض میں پیٹ سے خارج ہوتا ہے +
آنو گرنا ۔ ہ ۔ آنو آنا ۔ مروڑ سے دست آنا +
آنول ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ جھلی ۔ جیلی ۔ نال +
آنولا ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ (آملہ) ایک کھٹا کسیلا پھل اور
اسکے درخت کا نام +
آنول گٹا ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ سوکھے آنولے +
آنہ ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ قسمت ۔ حصہ ۔ چار پیسے ۔ ایک
روپیہ کا سولھواں حصہ +

آو

آوا ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ کمہار کی بھٹی ۔ پزاوہ +
آوا اُترنا ۔ ا ۔ برتنوں کا پک کر بھٹی سے نکلنا +
آوا بگڑنا } ۔ ہ ۔ خاندان کا خاندان بگڑنا
آوے کا آوا بگڑنا } سب کا برائی میں ہم خیال ہونا +
آوارگی } ف ۔ اسم ۔ مؤنث ۔ بیکار ادھر
آوارہ گردی } اُدھر پھرنا ۔ بدچلنی ۔ اوباشی +
آوارہ پھرنا ۔ ا ۔ واہی تباہی پھرنا +
آوارہ گرد ۔ ف ۔ صفت ۔ بدچلن ۔ بیکار ۔ بدمعاش +

آوارہ ہونا - ا - خراب ہونا - بدچلن ہونا - بیکار پھرنا ٭
آواز - ف - اسم - مؤنث - پکار - بول - صدا - شور - غل - شہرہ - غلغلہ ٭

آواز بند ہونا -
آواز بھاری ہونا
آواز بھرّانا
آواز بیٹھنا
} ا - آواز پڑنا - گلا پڑنا ٭

آواز پر کان رکھنا یا دھرنا - ا - انتظار کرنا سننے کا دھیان رکھنا ٭
آواز دینا - ا - بلانا - پکارنا - بجنا - بولنا ٭
آواز کھلنا - ا - آواز منجھنا - گلا صاف ہونا - آواز اچھی ہونا ٭
آواز ملانا - ا - سُر سے سُر ملانا ٭
آوازہ - ف - اسم - مذکر - شہرت - دھوم - ناموری افواہ ٭
آوازہ بلند ہونا - ا - مشہور ہونا - نامور ہونا ٭
آوازہ سُنانا } - طعن کرنا - چھیڑنا - بنانا -
آوازہ مارنا } چوٹ کرنا ٭
آواگون - ہ - اسم - مذکر - مرکر پھر جنم لینا - دوبارہ کسی دوسرے قالب میں روح پڑنا - تناسخ ٭
آؤ بھگت - ہ - اسم - مؤنث - خاطر تواضع - مہربانی - خوش اخلاقی ٭
آؤ بھگت کرنا - ہ - خاطر مدارات کرنا - اچھی طرح پیش آنا ٭
آوُرد - ف - بناوٹ - گھڑت - زبردستی طبیعت میں کسی بات کا لانا ٭
آوردہ - ف - اسم - مذکر - اپنا بلایا ہوا نوکر - ساتھ لایا ہوا آدمی ٭
آویزاں کرنا - ا - لٹکانا - ٹانگنا - لگانا - چپکانا ٭
آویزہ - ف - اسم - مذکر - بُندا - کان میں پہننے کا ایک زیور ٭

آہ

آہ - ف - افسوس! ہائے! ٭
آہ آہ کرنا - ا - ہائے ہائے کرنا ٭
آہ بھرنا - ا - ہائے ہائے کرنا - افسوس کرنا - ٹھنڈے سانس کھینچنا ٭
آہ پڑنا - ا - صبر پڑنا - بددعا کا اثر ہونا ٭
آہِ سرد - ف - اسم مؤنث - ٹھنڈا سانس ٭
آہ لینا - ا - صبر لینا - بددعا لینا ٭
آہ وزاری کرنا - ف - بیقرار ہونا - رونا پیٹنا ٭
آہا - ہ - کلمۂ تعجب - واہ واہ! سبحان اللہ! ٭
آہار - اہار - ف - اسم مذکر - کھانا - بھوجن - وہ مادہ جو کتابت کے کاغذ پر لگایا جاتا ہے - کلف ٭
آہار کرنا - ا - کھانا کھانا - کلف دینا ٭
آہٹ - ہ - اسم مونث - قدم کی آواز - کھٹکا ٭
آہٹ لینا - ہ - ہوشیار رہنا - جاگتے رہنا - آواز پر کان رکھنا ٭
آہٹ ہونا - ہ - کھٹکا ہونا ٭
آہرن - ہ - اسم مذکر - نہائی - جس پر لوہا وغیرہ رکھ کر کوٹتے ہیں ٭
آہستگی - ف - اسم مؤنث - ہولے - دھیمے - نرمی - آسانی
آہستہ - ف - تابع فعل - ہج سے سنبھل کر - چپکے سے
آہن - ف - اسم مذکر - لوہا ٭
آہن رُبا - ف - اسم مذکر - مقناطیس - چمک پتھر ٭
آہنگر - ف - اسم مذکر - لوہار - لوہے کا کام کرنیوالا ٭
آہو - ف - اسم مذکر - ہرن ٭
آہو چشم - ف - اسم مذکر - بڑی بڑی آنکھوں والا - مرگ نینا ٭

آء

آئی - ہ - اسم - مونث (عو) - موت - قضا ٭

آیا - ف - کیوں - کیا (حرفِ استفہام) +

آیا - پرتگال - اسم - مؤنث - انّا - کھلائی - ماما +

آیا گیا - ہ - اسم - مذکر - مہمان - مسافر +

آیت - ع - اسم مؤنث - نشانی - آسمانی کتاب کا فقرہ یا جملہ - معجزہ -

آیۃ الکرسی - ع - مؤنث - قرآن مجید کی ایک لمبی آیۃ جو بڑی بابرکت خیال کی گئی ہے -

آئی تو روزی نہیں تو روزہ - مثل - ملا تو کھایا نہیں تو فاقہ +

آئے دن - ہ - ہر روز - ہمیشہ +

آئین - ف - اسم - مذکر - قانون - حکم - ضابطہ - قاعدہ +

آئیں بائیں
آئیں بائیں شائیں } ہ - اسم - مؤنث - زٹل - بکواس - بے ٹھکانے بات ٹال مٹول +

آئندہ - ف - پھر - آگے - پھر کبھی +

آئندہ و روندہ - ف - اسم - مذکر - آتا جاتا - آنے جانے والا +

آئینہ
آئنہ } - ف - اسم - مذکر - منہ دیکھنے کا شیشہ - آرسی +

آئینہ بنجانا - ا - حیران رہجانا - ہکا بکا ہو جانا +

آئینہ بندی کرنا - ا - مکان کو جھاڑ فانوس وغیرہ سے سجانا +

آئینہ دار - ف - اسم - مذکر - شیشہ دکھانے والا - عیب ظاہر کرنے والا - نائی - حجام +

آئینہ دکھانا - ا - شیشہ دکھانا - برائی بھلائی دکھانا اصلی حالت ظاہر کرنا - طنز کرنا +

آئینہ رخ
آئینہ رو
آئینہ رخسار } - ف - اسم - مذکر - خوبصورت معشوق +

آئینہ ساز - ف - اسم - مذکر - شیشے کا کام کرنے والا +

شیشے بنانے والا +

آئینہ محل - ف - اسم مذکر - شیش محل - وہ مکان جسکی دیواروں میں شیشے لگے ہوں +

آئینہ ہونا - ا - عیاں ہونا - ظاہر ہونا - کھلنا +

الف مقصورہ

اب

اب - ہ - تابع فعل - اسی وقت - اس زمانہ میں - اسوقت

اب تب ہونا - ہ - مرنے کے قریب ہونا +

اب سے دور - ا - (عو) کسی پہلی بیماری یا مصیبت کا ذکر کرتے وقت یہ فقرہ بولا جاتا ہے +

اب کے - ہ - تابع فعل - اس دفعہ - اس مرتبہ +

ابابیل - ع - اسم - مؤنث - ایک قسم کی چڑیا جسکی چونچ اور پر سیاہ اور سینہ سفید ہوتا ہے +

ابال - ہ - اسم - مذکر - جوش - ابھان - غصہ +

ابال آنا - ہ - جوش آنا +

ابالنا - ہ - جوش دینا - پکانا +

ابتدا - ع - اسم مؤنث - شروع - نکاس - آغاز +

ابتر - ع - صفت - خراب - بدچلن - دم کٹا - لنڈورا +

ابتر ہونا - ا - بگڑنا - خراب ہونا +

ابتری - ف - اسم - مؤنث - خرابی - بربادی +

ابٹنا - ہ - اسم - مذکر - ابٹن - ڈٹنا (پنجابی) ابٹن

ابجد - ع - اسم - مذکر - الف - بے - تے - حروف تہجی +

ابجد خواں - ف - اسم مذکر (تلفظ ابجد خاں) ا - نو سکھیا - تھوڑا سا پڑھا لکھا +

ابخرہ - ع - اسم مذکر - (بخار کی جمع) بھاپ - بخارات

ابخرے اٹھنا - ا - بھاپ اٹھنا - دھواں نکلنا +

ابد - ع - اسم - مؤنث - وہ زمانہ جسکی انتہا نہ ہو - ہمیشگی +

ابر - ف - اسم مذکر - بادل - گھٹا - تلوار کا جوہر +

اَبر چھانا۔ ابر اُٹھنا۔ ا۔ بادل آنا۔ گھٹا اُٹھنا ♦

اَبر کھلنا۔ ا۔ بادلوں کا دُور ہو جانا۔ آسمان صاف ہونا

اَبرِ مُردہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ اسفنج۔ ایک ہلکی سی سُوراخ دار چیز جو پانی کو جذب کر لیتی ہے ♦

اَبرِ نیساں۔ ف۔ اسم مذکر۔ ایک خاص بادل جو ستمبر کے مہینے میں برستا ہے۔ خیال ہے کہ اِس کے پانی سے سیپی میں موتی۔ کیلے میں کافور۔ کالے سانپ میں زہر اور بانس میں بنسلوچن پیدا ہوتا ہے ♦

اَبرَق۔ ع / اَبرَک۔ ف } اسم مذکر۔ ایک پرت دار اور چمکیلی چیز جو کان سے نکالی جاتی ہے ♦

اَبرُو۔ ف۔ اسم مؤنث۔ بھوں ♦

اَبرہ۔ ف۔ اسم۔ مذکر۔ استر کی ضد۔ دوہرے کپڑے کا اوپر والا کپڑا ♦

اَبری۔ ف۔ اسم مونث۔ ایک قسم کا رنگین کاغذ جو کتابوں کے پٹھوں پر جلد بنانے والے لگاتے ہیں

اُبسنا۔ ہ۔ سڑنا۔ بدمزہ ہونا ♦

اَبعادِ ثلٰثہ۔ ع۔ اسم مذکر۔ لمبائی۔ چوڑائی اور اُونچائی یا گہرائی ♦

اُبکائی۔ ہ۔ اسم۔ مونث۔ متلی۔ قے۔ دل بُرا ہونا ♦

اَبلا پری۔ ا۔ اسم۔ مونث۔ نازک اور خوبصورت عورت ♦

اَبلق۔ دو رنگا۔ کالا اور سفید۔ چت کبرا ♦

اَبلقا۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ ایک قسم کا تلیر۔ سیاہ پر اور سفید پوٹے کی چڑیا ♦

اُبلنا۔ ہ۔ جوش میں آنا۔ پکنا۔ چھلکنا۔ ٹپکنا۔ بہ نکلنا ♦

اِبلیس۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ مایوس۔ نااُمید۔ شیطان۔ خبیث۔ شریر ♦

اِبن۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ بیٹا

اِبنُ الوقت۔ ع۔ صفت۔ (تلفظ اِبنُل وَقت) وہ آدمی جو وقت اور ضرورت کے مطابق ہر کام کرنے کے لیے تیار ہو جائے۔ خوشامدی ♦

ابوالبشر۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ اِنسان کا باپ۔ حضرت آدمؑ کا لقب ♦

ابو نصر فارابی۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ فاراب کا رہنے والا مشہور حکیم۔ اپنے وقت کا ارسطو ہوا ہے۔ اسلامی کتابوں میں اِسے معلمِ ثانی کے لقب سے یاد کیا جاتا ہے ♦

اَبُو بَکر۔ ع۔ اسم مذکر۔ اسلام کے خلیفۂ اول کا نام ♦

اَبُو تُراب۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ حضرت علیؓ کی کنیت ♦

اَبُو رَیحان۔ ع۔ اسم مذکر۔ ایک بہت بڑا مسلمان فاضل جسکا لقب البیرونی ہے اور جو سنسکرت کا بھی جیّد عالم ہوا ہے ♦

اَبُو علی۔ ع۔ اسم مذکر۔ بہت بڑا طبیب اور فلسفی اسلامی ادبیات میں شیخ الرئیس کے لقب سے مشہور ہے ♦

اُبھار۔ ہ۔ صفت۔ اونچائی۔ اُٹھان ♦

اُبھار لینا۔ ہ۔ بیماری کا دوبارہ ترقی پکڑنا ♦

اُبھارنا۔ ہ۔ سہارا دینا۔ اُکسانا۔ بہکانا ♦

اُبھرنا۔ ہ۔ بڑھنا۔ ترقی کرنا ♦

اَبھی۔ ہ۔ اِسی وقت۔ اب تک ♦

اَبے۔ ہ۔ ارے۔ او۔ اِے (حرف ندا) ♦

اَبے تبے کرنا۔ ہ۔ اسے تسے کرنا۔ بدزبانی کرنا۔ بدتہذیبی سے بات کرنا ♦

اَبیر۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ابرک کا بُرادہ جس سے ہولی کھیلتے ہیں ♦

اپ

اَپاہج۔ ہ۔ صفت۔ لنگڑا لُولا۔ لوتھ۔ نکما ♦

اُپج۔ ہ۔ اسم۔ مونث۔ نئی بات۔ من گھڑت ♦

اُپج کی لینا۔ ہ۔ خواہ مخواہ لیاقت ظاہر کرنا۔ طبیعت کی تیزی دکھانا ♦

اَپریل۔ ا۔ اسم مذکر۔ صحیح انگریزی اَیپرل۔ انگریزی کا چوتھا مہینہ ♦

اُپلا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ کنڈا۔ گوہا۔ گوبر کا تھاپا ہوا ایندھن

اپنا۔ ہ۔ میرا۔ ہمارا۔ رشتہ دار۔ دوست۔ زرخرید ملکیت

اپنا اُلّو سیدھا کرنا - ہ - دُوسروں کو بے وقوف بنا کر اپنا مطلب نکالنا +
اپنا سا مُنہ لیکر رہجانا - ہ - شرمندہ ہونا +
اپنائیت - ہ - اسم - مونث - دوستی - یگانگت +
اپنی یا اپنے - ہ - ضمیر متکلم (میری - میرے +
اپنی اپنی پڑنا - ہ - نفسی نفسی ہونا - آپا دھاپی ہونا +
اپنی ایڑی دیکھو - ہ - (محاورہ) نظر نہ لگاؤ +
اپنی بات پر آنا - ہ - اڑنا - ضد کرنا +
اپنے حق میں کانٹے بُونا - ہ - اپنا بُرا آپ چاہنا - اپنے نقصان کا کام آپ کرنا +
اپنے دِنوں کو رونا - ہ - اپنی قسمت اور مصیبت پر افسوس کرنا +
اپنی کھال میں مست ہونا - ہ - اپنے حال میں خوش ہونا
اپنے گریبان میں مُنہ ڈالنا - ا - قائل ہونا +
اپنے مُنہ میاں مِٹھو - ہ - صفت - اپنے مُنہ سے اپنی تعریف +
اپنے نام کا ایک - ا - صفت - ضدی - ہٹی +
اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا - ہ - محاورہ - آزادی سے بسر کرنا - بے فکری سے دن گزارنا +
اپنے ہاتھوں - ہ - تابع فعل - ازخود - آپ سے +
اپنے ہاتھوں قبر کھودنا - ا - اپنی موت کا سامان آپ کرنا - اپنی بُرائی آپ چاہنا +
اپنی ہی گانا - اپنی کہنا دوسرے کی نہ سُننا +
اپھرنا - ہ - پھولنا - موٹا ہونا - مغرور ہونا +
اپیل - انگ - اسم مذکر - ماتحت عدالت کے فیصلہ کے خلاف بالا عدالت میں مقدمہ پیش کرنا - مُرافعہ +

ات

اُتار - ہ - اسم - مذکر - گھٹاؤ - ڈھلاں +
اُتارا - ہ - اسم مذکر - صدقہ +
اِترانا - ہ - ناز کرنا - غرور کرنا +
اُترائی - ہ - صفت - اُتار - ڈھلان +
اُترسوں - ہ - تابع فعل - پرسوں کے آگے کا دن (آیندہ اور گزشتہ دونو کے واسطے) +
اُترن - ہ - اسم - مذکر - اُترے ہوئے کپڑے +
اُترنا - ہ - اُوپر سے نیچے آنا - پار ہونا - مقام کرنا - ٹھہرنا +
اِتّصال - ع - اسم مذکر - ملنا - جوڑ - لگاتار - مُتواتر +
اِتّفاق - ع - اسم - مذکر - میل - دوستی - موقع +
اتفاق پڑنا - ا - موقع پڑنا - موقع ملنا +
اتفاق ہونا - ا - موقع پڑنا - صُلح ہونا +
اتفاقاً - ع - تابع فعل - اچانک +
اتفاقی - } اتفاقیہ - ع - صفت - وہ بات جو اتفاق سے واقع ہوجائے +
اِتقا - ع - مذکر - پرہیزگاری +
اِتنا - ہ - صفت - اسقدر +
اِتنے میں - ہ - تابع فعل - اس مقدار میں - اِس عرصے میں +
اُتنا - ہ - صفت - اُس قدر +
اُتو - ف - اسم مذکر - ٹھپہ - ریشمی کپڑے پر نقش +
اُتو کرنا - ا - کپڑے پر نقش ڈالنا - قینچی سے بدن اُدھیڑ دینا +
اُتوکش - ف - اسم - مذکر - اُتو - کپڑے پر ٹھپہ لگانیوالا
اُتو ہونا - کپڑے پر نقش ہونا - نشے میں ہوش نہ رہنا
اِتوار - ہ - اسم - مذکر - سنیچر کے بعد کا دن +
اِتہام - ع - اسم - مذکر - بُہتان - تہمت +
اِتہام لگانا - ا - تہمت لگانا - عیب دھرنا +
اُتھلا - ہ - صفت - اُبھرا ہوا - اُبھردان برتن

اٹ

اٹاری - ہ - اسم - مونث - کوٹھا - بالاخانہ - چھت +
اٹالا - ہ - اسم مذکر (دہ) اگڑ کھنگڑ - گھر کا اسباب

خراب اور بیکار اسباب +

اَٹ سَٹ - ہ - اسم - مونث - ناجائز دوستی - توڑ جوڑ - مکر - فریب +

اَٹ سَٹ کرنا - ہ - رازداری ہونا - ناجائز دوستی ہونا +

اَٹک - اَٹکاؤ - ہ - اسم - مونث - روک +

اَٹکانا - ہ - روکنا - اُلجھانا +

اَٹکل - ہ - اسم - مونث - انداز - قیاس +

اَٹکل پچّو - ہ - اسم - مذکر - اندازاً - بے تحقیق +

اَٹکنا - ہ - رُکنا - پھنسنا - محبت کرنا - عشق کرنا - لڑنا جھگڑنا

اَٹکھیلی - ہ - اسم - مونث - شوخی - چنچل پن - ناز سے چلنا +

اَٹکھیلیاں کرنا - ہ - کھیلنا کودنا - نازو انداز دکھانا +

اَٹل - ہ - صفت - قائم - مضبوط - اپنی جگہ سے نہ سرکنے والا +

اَٹما - ہ - اسم - مذکر - سمانا - بھرنا +

اُٹنگا - ہ - صفت - ٹخنوں سے اونچا - اونچا - بدقطع بُرا +

اَٹواٹی کھٹواٹی - ہ - اسم - مونث - اوڑھنا بچھونا - بدھنا بوریا +

اَٹواٹی کھٹواٹی لیکر پڑنا - ہ - کسی فکر یا رنج کی وجہ سے تنہائی اختیار کرنا منہ ڈھک کر تنہائی میں پڑنا +

اُٹھا دینا - ہ - اوپر کر دینا - نکال دینا - خرچ کر دینا +

اُٹھا رکھنا - ہ - بچا رکھنا - ملتوی کر دینا +

اَٹھارہ - ہ - صفت - دس اور آٹھ کا مجموعہ (۱۸) - سترہ کے بعد کا عدد +

اَٹھاسی - ہ - اسم - مونث - اسی اور آٹھ (۸۸) +

اُٹھا لانا - ہ - لے آنا - بلا لانا +

اُٹھا لینا } اُٹھانا } - ہ - اونچا کر لینا - چھین لینا - خرچ میں سے آنا الگ کر لینا - مار ڈالنا - مکان بنانا +

اُٹھان - ہ - مونث - اُبھار - بلندی - اِبتدا +

اَٹھانوے - ہ - صفت - نوے اور آٹھ - (۹۸) +

اُٹھاؤ چولھا - ہ - صفت - وہ چولھا جسے اُٹھا کر اِدھر اُدھر رکھ سکیں - وہ آدمی جو آج یہاں کل وہاں رہے - خانہ بدوش +

اَٹھاوَن - ہ - صفت - پچاس اور آٹھ (۵۸) +

اَٹھائیس - ہ - صفت - بیس اور آٹھ - (۲۸) +

اُٹھائی گیرا - ہ - اسم مذکر - اُچکا - بدمعاش +

اُٹھ بیٹھنا - ہ - جاگ اُٹھنا - بیماری سے اچھا ہونا +

اَٹھتّر - ہ - صفت - ستّر اور آٹھ - (۷۸) +

اُٹھتے بیٹھتے - ہ - تابع فعل - دم لیکر - ٹھیر ٹھیر کر - رفتہ رفتہ متواتر - ہر دم +

اُٹھتی جوانی - ہ - اسم - مونث - نئی جوانی - شباب +

اُٹھ جانا } اُٹھنا } - ہ - چلا جانا - مر جانا - خرچ ہو جانا +

اُٹھ کھڑا ہونا - ہ - چلنے کو تیار ہو جانا - ظاہر ہونا +

اَٹھلانا - ہ - مٹک کر چلنا - اِترانا +

اَٹھنی - ہ - اسم مونث - آٹھ آنہ کا سِکّہ +

اَٹھوارا - ہ - اسم - مذکر - آٹھ دن کا زمانہ - ہفتہ +

اُٹھوانا - ہ - کھڑا کروانا - بنوانا - خرچ کرنا +

اَٹھوانسا - ہ - مذکر - وہ بچہ جو آٹھویں مہینے میں پیدا ہو جائے +

اَٹیرن - ہ - اسم - مذکر - سوت کی انٹی یا اَٹی بنانے کا اوزار

اَٹیرن کر دینا - ہ - چکرا دینا - دم نہ لینے دینا - کشتی میں ایسے داؤں پیچ کرنا کہ آدمی چکرا جائے +

اَٹیرنا - ہ - سوت لپیٹنا - اٹیرن پر سوت کی انٹیاں بنانا +

اث

اَثاثُ البَیت } اَثاثہ } - ع - اسم - مذکر - (تلفظاً اثاثل بیت) - گھر کا اسباب - اثالا +

اِثبات - ع - اسم - مذکر - ثابت کرنا - مضبوط کرنا +

اَثر - ع - اسم - مذکر - نشان - سایہ - تاثیر - مزاج +

اثر کرنا - ا - تاثیر ہونا - سرایت کرنا - سایہ ڈالنا +

اَثر ہونا - ا - تاثیر ہونا - رنگ جمنا - سمجھ میں آنا +
اَثنا - ع - مذکر - (ثِنَاء کی جمع) درمیان - درمیاں کا عرصہ
اِثنا عشری - ع - صفت - امامیہ فرقے کے لوگ +

اج

اِجابَت - ع - مونث - منظوری - قبولیت - رفع ضرورت پاخانہ ہونا
اِجارہ - ع - مذکر - کرایہ - ٹھیکہ +
اِجارہ دار - ا - مذکر - ٹھیکہ دار - دعوے دار +
اُجاڑ - ہ - صفت - ویران - غیر آباد +
اُجاڑنا - ہ - ویران کرنا - برباد کرنا +
اِجازت - ع - مونث - منظوری - حکم +
اُجاگر - ہ - مذکر - روشن - ظاہر +
اُجالا - ہ - مذکر - روشنی - چاندنا +
اُجالا ہونا - ہ - چاند ہونا - دن نکلنا +
اِجتناب - ع - مذکر - بچاؤ - پرہیز +
اِجتہاد - ع - مذکر کوشش - نئی بات پیدا کرنا - ایجاد +
اُجڈ - ہ - صفت - بے وقوف - جاہل - گنوار +
اَجر - ع - مذکر - بدلا - انعام - ثواب +
اِجرا - ع - مذکر - جاری کرنا - شروع کرنا +
اُجرت - ع - مونث - قیمت - مزدوری +
اُجڑا - ہ - صفت - ویران - خراب +
اُجڑ جانا - ہ - لٹ جانا - ویران ہو جانا - تباہ ہو جانا +
اُجڑنا - ہ - لٹنا - ویران ہونا +
اَجزا - ع - مذکر (جزو کی جمع) حصے - ٹکڑے +
اَجل - ع - مونث - وقت - موت +
اُجلا - ہ - صفت - سفید - صاف +
اُجلا مُنہ ہونا - ہ - سُرخرو ہونا +
اِجلاس - ع - مذکر - کچہری - دربار +
اَجلاف - ع - مذکر (جلف کی جمع) کمینے - سفلے +
اُجلی - ہ - مونث - سفید - صاف - دھوبن +

اَجناس - ع - مونث (جنس کی جمع) چیزیں - اشیاء +
اَجنبی - ع - مذکر - پردیسی - انجان - مسافر +
اِجنٹ - ا - مذکر - صحیح انگریزی ایجنٹ - گماشتہ - منیم (مُنیب) وکیل +
اِجنٹی - ا - مونث - صحیح انگریزی ایجنسی - اجنٹ کی کچہری اجنٹ کا تعلق +
اَجوان - ہ - مونث - زیرہ کی طرح کی مشہور چیز +
اُجورہ - ع - مذکر - مزدوری - بھاڑا +
اَجی - ہ - (حرف ندا) اے حضرت - اے جناب +
اَجیرن - ہ - صفت - وہ بات یا کام جس سے دل اکتا جائے - جنجال +
اَجیرن ہونا - ہ - ناپسند ہونا - دوبھر ہونا +

اچ

اُچٹ جانا - ہ - اچھل جانا - بہک جانا +
اُچٹنا - ہ - اُچھلنا - بدکنا - نشانہ پر نہ لگنا - وار خالی جانا
اُچکا - ہ - مذکر - اُٹھائی گیرا - چور - بدمعاش +
اُچکانا - ہ - اُبھارنا - بہکانا - بھگلانا +
اُچک لیجانا / اُچکنا - } - ہ جھپٹ لینا - اُوپر سے اوپر چھین لینا +
اَچنبھا - ہ - مذکر - تعجب کی بات - انوکھی بات +
اَچھا - ہ - مونث - بھلا - ہاں - مناسب - نیک - مزیدار تندرست +
اَچھا خاصہ - ا - صفت - تندرست - اچھا بھلا +
اَچھا کرنا - ہ - بھلا کرنا - تندرست کرنا +
اَچھا لگنا - ہ - پسند آنا - بھلا معلوم ہونا +
اُچھالنا - ہ - کسی چیز کو اوپر پھینکنا - اچکانا - مشہور کرنا
اَچھر یا اَچھر - ہ - مذکر - حرف - بات +
اُچھل پڑنا / اُچھلنا - } - ہ - ناچ اُٹھنا - رنج یا خوشی سے پھڑک جانا اوپر کی طرف اٹھ جانا +
اُچھل کود - ہ - مونث - کود پھاند - کھیل کود +

اَچھوانی ۔ ہ ۔ مونث ۔ (اصل اَجوانی) ایک قسم کی دوا جو زچہ کو دی جاتی ہے ٭

اَچھوتا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بغیر چُھوا ۔ پاک ۔ سُتھرا ٭

اَچھوتی ۔ ہ ۔ صفت ۔ بغیر چھوئی ہوئی ۔ کنواری ۔ نیاز نذر کی

اَچھوتی کوک ۔ ہ ۔ مونث ۔ وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو

اُچھو ہونا ۔ ہ ۔ گلے میں پانی اَٹک جانا ۔ پھندا لگ جانا ٭

اَچھی ۔ ہ ۔ پیاری ۔ خوبصورت ۔ نیک ٭

اَچھے اَچھوں ۔ ہ ۔ مذکر ۔ امیر اور بڑے بڑے ٭

اح

اِحاطہ ۔ ع ۔ چار دیواری ۔ پھیرا ۔ صوبہ ٭

اِحاطہ کرنا ۔ ا ۔ گھیر لینا ٭

اِحتلام ہونا ۔ ا ۔ سوتے میں نہانے کی حاجت ہونا ٭

اِحتمال ۔ ع ۔ کرگمانی ۔ شک ۔ شبہہ ٭

اِحتیاج ۔ ع ۔ مونث ۔ ضرورت ۔ حاجت ٭

اِحتیاط ۔ ع ۔ مونث ۔ بچاؤ ۔ پرہیز ٭

اَحدی ۔ ع ۔ مذکر ۔ بہت سُست ۔ کاہل ٭

اِحرام باندھنا ۔ ا ۔ حج کی شرطیں پوری کرنا ۔ نیت کرنا ۔ پکا ارادہ کر لینا ٭

اِحسان ۔ ع ۔ مذکر ۔ کسی کے ساتھ نیکی کرنا ۔ بھلائی کرنا ٭

احسان اُٹھانا ۔ ا ۔ احسان لینا ۔ شکر گزار بننا ٭

احسان جتانا ۔ ا ۔ اپنی بھلائی یاد دلانا ٭

اِحسان رکھنا ۔ ا ۔ ممنون بنانا ۔ شکر گزار بنانا ٭

اِحسان فراموش ۔ ع ۔ ف ۔ بے مروت ۔ نیکی کو بھول جانے والا ٭

اِحسان کرنا ۔ ا ۔ نیکی کرنا ۔ بھلائی کرنا ٭

اِحسان ماننا ۔ ا ۔ شکریہ ادا کرنا ۔ ممنون ہونا ٭

اِحسانمند ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ شکر گزار ۔ احسان ماننے والا

اِحسان ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ الحمد للہ ۔ شکر ہے ۔ مہربانی ہے

اَحکام ۔ ع ۔ اسم ۔ مذکر ۔ (حکم کی جمع) حُکم ۔ ہدایتیں ٭

اَحمق ۔ ع ۔ مذکر ۔ نادان ۔ بے وقوف ٭

اَحمق الّذی ۔ ع ۔ مذکر ۔ (تلفظ اَحمقُل لذی) جاہل ۔ اُجڈ ٭

اَحمق پن ۔ ا ۔ مذکر ۔ بے وقوفی ۔ جہالت ٭

اَحوال ۔ ع ۔ مذکر ۔ (حال کی جمع) حالت ۔ کیفیت ٭

اَحیاناً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ اتفاق سے ۔ کبھی ٭

اخ

اَخبار ۔ ع ۔ مذکر ۔ (خبر کی جمع) خبریں ۔ پرچہ ۔ ملک کا روزنامچہ ٭

اَخبار نویس ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ نامہ نگار ۔ ایڈیٹر ٭

اَختر ۔ ف ۔ مذکر ۔ تارا ٭

اَختر شماری ۔ ف ۔ مونث ۔ تارے گننا ۔ انتظار میں جاگنا ٭

اِختراع ۔ ع ۔ مونث ۔ نئی بات نکالنا ۔ ایجاد ۔ جھوٹی بات گھڑھنا ٭

اِختصار ۔ ع ۔ مذکر ۔ خلاصہ کرنا ۔ خلاصہ ۔ کمی ٭

اِختلاط ۔ ع ۔ مذکر ۔ ملنا ۔ میل ۔ جول ٭

اِختلاف ۔ ع ۔ مذکر ۔ خلاف ہونا ۔ دشمنی ۔ ضد ٭

اِختیار ۔ ع ۔ مذکر ۔ پسند ۔ قدرت ۔ اجازت ٭

اِختیار کرنا ۔ ا ۔ پسند کرنا ۔ منظور کرنا ٭

اِختیار ملنا ۔ ا ۔ قبضہ ملنا ۔ اجازت ملنا ٭

اَخذ ۔ ع ۔ مذکر ۔ لینا ۔ اختیار کرنا ٭

اَخذ کرنا ۔ ا ۔ لینا ۔ چُننا ٭

اِخراج ۔ ع ۔ مذکر ۔ نکاس ۔ خرچ ۔ خارج کرنا ٭

اِخراجات ۔ ع ۔ صرف ۔ خرچ ٭

اَخروٹ ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا میوہ جسکی گری کھائی جاتی ہے

اِخلاص ۔ ع ۔ مذکر ۔ صفائی ۔ دوستی ۔ محبت ٭

اِخلاص کرنا ۔ ا ۔ دوستی کرنا ۔ محبت کرنا ٭

اِخلاص مند ۔ ا ۔ مذکر ۔ دوست ۔ سہیلی ٭

اَخلاط ۔ ع ۔ (خِلط کی جمع) چاروں خلطیں سوداء ۔ صفرا ۔ بلغم ۔ خون ۔ مادہ ٭

اَخلاق ۔ ع ۔ مذکر ۔ (خُلق کی جمع) عادتیں ۔ نیک عادت ٭

اَخیر ۔ ع ۔ مذکر ۔ آخر ۔ پچھلا ۔ پچھلا حصہ ٭

اد

اَدا ۔ ف ۔ مونث ۔ وضع ۔ انداز ۔ طور ۔ ڈھنگ +

اَدا فہم ۔ ف ۔ صفت ۔ تیوری سے تاڑ جانے والا +

ادا کرنا ۔ ا ۔ قرض اُتارنا ۔ پورا کرنا ۔ نخرہ کرنا +

اَدا ہونا ۔ ا ۔ قرض اُترنا ۔ بیان ہونا +

اُداس ۔ ہ ۔ صفت ۔ غمگیں ۔ پریشان +

اُداس ہونا ۔ ہ ۔ غمگین ہونا ۔ رنجیدہ ہونا +

اُداسی ۔ ہ ۔ مونث ۔ غمگینی ۔ بے رونقی +

اُداسی برسنا } ۔ ہ پریشانی ظاہر ہونا ۔ بے رونقی ہونا +
اُداسی چھانا }

اُدواہٹ ۔ ہ ۔ مونث ۔ اُودا پن +

اَدَب ۔ ع ۔ مذکر ۔ تہذیب ۔ سلیقہ +

اِدبار ۔ ع ۔ مذکر ۔ نحوست ۔ بداقبالی ۔ مفلسی +

اِدراک ۔ ع ۔ مذکر ۔ سمجھ ۔ عقل +

اَدرک ۔ ف ۔ مونث ۔ ایک قسم کی جڑ جو کھانوں میں ڈالی جاتی ہے اور جسے سُکھا کر سونٹھ بناتے ہیں +

اَدرکی ۔ ا ۔ مونث ۔ گڑ کی پتلی سی ٹکیہ +

اِدریس ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام +

اَدَق ۔ ع ۔ صفت ۔ بہت باریک ۔ نہایت مشکل +

اَدلا بدلا } ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اُلٹا پلٹنا ۔ مُبادلہ +
اَدل بدل }

اَدنیٰ ۔ ع ۔ صفت ۔ کمینہ ۔ چھوٹے درجے کا +

اَدوان ۔ ہ ۔ مونث ۔ وہ رسی جو چارپائی کی پائنتی میں اُسے کسنے کے لئے ڈالی جاتی ہے +

اَدوِیہ ۔ ع ۔ مونث ۔ (دوا کی جمع) دوائیں +

اَدھ سیرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ آدھے سیر کا باٹ +

اَدھ کچرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ آدھا کچا ۔ آدھا پکا +

اَدھ مُوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پژمردہ ۔ مرجھایا ہوا ۔ نیم جان +

اَدھا ۔ ہ ۔ صفت ۔ آدھی بوتل +

اَدھار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سہارا ۔ آسرا +

اُدھار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قرض +

اُدھار کھانا ۔ ہ ۔ قرض کھانا ۔ قرض لینا +

اُدھار ہونا ۔ ہ ۔ قرض ہونا ۔ قرض چڑھنا +

اَدھر ۔ ہ ۔ صفت ۔ بے سہارے ۔ بے لاگت +

اَدھر میں چھوڑنا ۔ ہ ۔ بیچ میں چھوڑنا ۔ دغا دینا ۔ کہیں کا نہ رکھنا +

اِدھر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ اس طرف ۔ یہاں +

اِدھر اُدھر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ یہاں وہاں ۔ آس پاس ۔ ہر طرف +

اِدھر کی دُنیا اُدھر ہونا ۔ ہ ۔ انقلاب ہونا ۔ دُنیا پلٹ جانا

اِدھر کے نہ اُدھر کے ۔ ہ ۔ (محاورہ) دین کے نہ دنیا کے دوست کے نہ دشمن کے ۔ کہیں کے نہیں +

اُدھر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ اُسی طرف ۔ وہاں +

اُدھڑنا ۔ ہ ۔ ٹوٹنا ۔ کھلنا ۔ ٹانکا ٹوٹنا +

اَدھن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اُبالنے کا پانی ۔ کھولتا ہوا پانی +

اَدھنا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ٹکا ۔ دو پیسے کا سکہ +

اَدھورا ۔ ہ ۔ صفت ۔ آدھا ۔ ناتمام ۔ ناقص ۔ ناتجربہ کار +

اَدھوڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ موٹا چمڑا ۔ بھینس کا چمڑا +

اَدھیڑ ۔ ہ ۔ صفت ۔ آدھی عمر کا ۔ جوان نہ بوڑھا +

اُدھیڑ بُن ۔ ہ ۔ مونث ۔ سوچ بچار ۔ تدبیر ۔ منصوبہ باندھنے اور توڑنے کا سلسلہ +

اُدھیڑنا ۔ ہ ۔ سلی یا بُنی ہوئی چیز کا کھولنا +

اَدھیلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ آدھا پیسہ ۔ دھیلا +

اَدھیلی ۔ ہ ۔ مونث ۔ آدھا روپیہ ۔ دھیلی ۔ اٹھنی +

اَدِیب ۔ ع ۔ مذکر ۔ ادب سکھلانے والا ۔ علم ادب کا ماہر +

اڈ

اَڈّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پرندے کے بیٹھنے کی لکڑی ۔ جالی کا ڈھڈا یا کارچوب بنانے کا چوکھٹا ۔ ٹھکانا ۔ بیٹھک +

اذ

اَذان ۔ ع ۔ مونث ۔ آواز ۔ نماز کے واسطے بلاوا ۔ بانگ

خاص الفاظ جو عربی میں ہیں +

اَذان دینا - ا - نماز کی اطلاع کرنا - بانگ دینا +

اُذبَک - ت - مذکر - تاتاری ترکوں کا لقب - بے وقوف احمق +

اِذن - ع - مذکر - حکم - اجازت +

اِذنِ عام - ع - مذکر - عام اجازت - وہ اجازت جو میّت کا وارث جنازے کی نماز کے بعد دیتا ہے +

اَذِیّت - ع - مونث - تکلیف - دُکھ +

ار

اِرادَت - ع - مونث - عقیدت - خواہش +

ارادَہ - ع - مذکر - خواہش، قصد +

اَرارُوٹ - انگ - ساگودانہ کی طرح ایک جلد ہضم ہونے والا اناج +

اَراضی - ع - مونث (ارض کی جمع) زمین - کھیت +

اَرَب - ہ - صفت - ننّو کروڑ +

اَربابِ دَوْلت - ف - مذکر - مالدار - دولت والے +

اَربابِ سخن - ف - مذکر - شاعر لوگ +

اربابِ نشاط - ف - مذکر - ناچنے گانے والے +

اَربَع - ع - مذکر - چار - حساب کے ایک طریقہ کا نام +

اَربَع عناصر - ع - مذکر - چاروں عُنصر - مٹی - ہوا - آگ - پانی +

اِرتباط - ع - مذکر - میل ملاپ +

اِرتفاع - ع - مذکر - اونچان - اُبھار +

اِرتکاب - ع - مذکر - عمل کرنا - اختیار کرنا +

اَرتھی - ہ - مونث - ہندؤں کا جنازہ +

اُردا بیگنی - ت - مونث - سپاہی عورت +

اَرداوَہ - ا - مذکر - جوار اور گیہوں کا موٹا پسا ہوا آٹا جو گوندھ کر گھوڑے کو دیا جاتا ہے - (اصل آرد آبہ) +

اِردگرد - ا - تابع فعل - آس پاس - چاروں طرف +

اَردَلی - ا - (صحیح انگریزی آرڈرلی) با قاعدہ چپراسی +

اُردُو - ت - مونث - لشکر - لشکرگاہ - لشکری بولی - (ا) اُردو زبان +

اُردُو بازار - ا - مذکر - صدر بازار - چھاؤنی کا بازار +

اَرزاں - ف - صفت - سستا - کم قیمت +

اَرزانی - ف - مونث - کثرت - سستاپن +

اَزرَق - ع - صفت - نیلا - آسمانی +

اَزرَق چشم - ع - صفت - کرنجا - گربہ چشم +

اِرسال - ع - مذکر - بھیجنا - روانہ کرنا +

اَرسطُو یا }
اَرسطا طالیس } یونانی - مذکر - یونان کا مشہور حکیم سکندر اعظم کا اُستاد +

اِرشاد - ع - مذکر - ہدایت - حکم +

اَرشَد - ع - بہت ہی نیک +

اَرشمیدَس - یونان کا سب سے بڑا ریاضی دان حکیم +

اَرض - ع - مونث - زمین +

اَرغنُون }
اَرگن } - یونانی - مذکر - ایک قسم کا باجہ جسے افلاطون نے ایجاد کیا - پیانو +

اَرغوانی - ف - صفت - سُرخ - نارنجی +

اِرقام - ا - مذکر - لکھنا (عربی میں رقم سے بابِ افعال نہیں آیا)

اَرکان - ع - مذکر - (رُکن کی جمع) ستون - ذمہ دار لوگ اربع عناصر +

اَرکانِ دَوْلت - ع - مذکر - امیر - وزیر اور قوم کے رئیس لوگ

اَرگجا - ہ - مذکر - ایک قسم کی خوشبو +

اَرمان - ت - مذکر - شوق - آرزو +

اَرمُغان - ف - مذکر - تحفہ - ہدیہ +

اَرنا - ہ - مذکر - سوکھے گوبر کا اُوپلا +

اَرنا بھینسا - ہ - مذکر - جنگلی بھینسا - بہت موٹا آدمی +

اَرَنڈ - ہ - مذکر - ایک کمزور تنے کا پیڑ جسکے بیجوں کی گری سے تیل نکالتے ہیں +

اَرنڈ کی جڑ - ہ - مونث - کمزور چیز - ناپائیدار چیز +

اَرنڈ خربوزہ - ہ - مذکر - پپیتا +

اَرَنڈی - ہ - مونث - رینڈی - ارنڈ کا بیج +
اَرْواح - ع - مذکر - (روح کی جمع) جان - نیت - خواہش
اَرْواح بھرنا }
اَرْواح پھرنا } - ا - سیر ہونا - بیوار ہونا +
اَرْوِی - ہ - مونث - ایک قسم کی لیسدار ترکاری - گھوئیاں
اَرْہَر - ہ - مونث - رہر - ایک قسم غلہ جسکی دال بنتی ہے
اَرِی - ہ - حرف ندا - اے - او - کم رتبہ عورت یا محبت سے چھوٹی بچیوں کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں +
اَرے - ہ - حرف ندا - اری کا مذکر - تعجب ظاہر کرنے کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں - جیسے ارے یہ کیا ہوا +
اَرے ترے کرنا - ہ - بے تہذیبی سے بولنا - ابے تبے کرنا
اُریب - ف - صفت - آڑا - ترچھا +

اڑ

اَڑاڑا - ہ - مذکر - مکان یا دیوار کے گرنے کی آواز +
اُڑان - ہ - مونث - پرواز +
اُڑانا - ہ - پرواز کرانا - چرا لینا - شہرت دینا +
اَڑانا - ہ - اٹکانا - پھنسانا +
اُڑاؤ }
اُڑاؤ کھاؤ } - ہ - صفت - فضول خرچ +
اَڑبنگا - ہ - مذکر - روک - آڑ - جھمیلا - بکھیڑا +
اَڑتالیس - ہ - صفت - آٹھ اور چالیس (۴۸) +
اُڑتی چڑیا کو پہچاننا - ہ - بھانپنا - تاڑنا - دل کی بات بھانپ جانا +
اَڑتیس - ہ - صفت - آٹھ اور تیس (۳۸) +
اُڑجانا - ہ - کسی پرند کا اُڑ جانا - بھاگ جانا - صرف ہو جانا +
اُڑچلنا - ہ - اترانا - غرور کرنا - بدچلنی اختیار کرنا +
اُڑد - ہ - مذکر - ماش - جسکی دال بنتی ہے +
اُڑد پر سفیدی - ہ - (محاورہ) تھوڑا سا - بہت ذرا سا
اَڑسٹھ - ہ - صفت - آٹھ اوپر ساٹھ (۶۸) +
اُڑسنا - ہ - اٹکانا - ٹھونسنا +

اَڑگڑا - ہ - مذکر - گھوڑ دوڑ کا میدان - گاڑیوں کا اڈا +
اُڑنا - ہ - پرواز کرنا - ناپید ہونا - خرچ ہونا - کٹنا - قلم ہونا +
اَڑنا - ہ - اٹکنا - رکنا +
اُڑن چھو ہونا - ہ - بھاگ جانا - غائب غلہ ہونا +
اُڑن کھٹولا - ہ - مذکر - ہوائی تخت - پریوں کا تخت - اڑنے والا کھٹولا +
اَڑنگا - ہ - مذکر - روک - آڑ +
اَڑنگا لگانا - ہ - اچھے خاصے کام میں خرابی ڈالنا - رخنہ ڈالنا +
اَڑنگ بڑنگ - ہ - صفت - بادہوائی باتیں - اوٹ پٹانگ باتیں +
اَڑنگے پر چڑھانا - ہ - داؤ پر چڑھانا - دھوکے سے قابو میں لانا +
اَڑنگے پر مارنا - ہ - گرانا - دے مارنا +
اَڑوس پڑوس - ہ - مذکر - پاس پڑوس - محلہ - گھر کے آس پاس +
اَڑھائی - ہ - صفت - دو اور آدھا - ڈھائی $2\frac{1}{2}$ +
اَڑھیا - ہ - مونث - ڈھائی سیر کا باٹ +
اَڑی - ہ - مونث - مصیبت - حاجت +
اُڑی اُڑی طاق پر بیٹھی - (محاورہ) رفتہ رفتہ مشہور ہو گئی +
اَڑیل - ہ - صفت - اڑ جانے والا - ضدی - ہٹیلا +
اَزْ بَر - ف - تابع فعل - حفظ - یاد - زبانی یاد +
اَزْ بس - ف - صفت - بہت - نہایت +
اَزْ حَد - ف - صفت - بے حد - بہت +
اَزْ خود - ف - تابع فعل (تلفظ اَزْ خُد) اپنے آپ +
اَزْ خود رفتہ - ف - مذکر - آپے سے باہر +
اَزْ سَر تا پا - ف - بالکل - تمام - سر سے پیر تک +
اَزْ سَرِ نو - ف - پھر سے +
اَزْ غیبی - ا - صفت - غیب سے - خدا کی طرف سے +

اِزار۔ ع۔ مونث۔ پیجامہ۔ شلوار +

اِزار بَند۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ کمربند۔ ازار باندھنے کی ڈوری

اِزالہ۔ ع۔ مذکر۔ دُور کرنا۔ الگ کرنا +

اِزالۂ حَیثیتِ عُرفی۔ ع۔ مونث۔ ہتک۔ ذلت کرنا +

اِزدِحام۔ ع۔ مذکر۔ بھیڑ۔ ہجوم +

اَوّل۔ ع۔ مونث۔ ابتدا۔ شروع۔ ہمیشگی جسکی ابتدا ہو

اژ

اَژدَہا۔ ف۔ مذکر۔ بڑا سانپ +

اَژدہات۔ ف۔ مونث۔ کانسی۔ فلزات +

اس

اُس۔ ہ۔ وہ +

اِس۔ ہ۔ یہ +

اَساتِذہ۔ ع۔ (جمع اُستاد) معلم۔ پڑھانے والے +

اُسارَہ۔ ہ۔ مذکر۔ چھپر۔ سائبان +

اَساڑھ۔ ہ۔ مذکر۔ برسات کا پہلا مہینہ۔ ہندی سال کا چوتھا مہینہ +

اَسباب۔ ع۔ مذکر۔ سامان۔ وسیلے +

اِسپات۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کا سخت لوہا +

اَسپتال۔ ا۔ (بیچ انگریزی ہوس پٹل) مونث۔ شفاخانہ +

اِسپغول۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا لعاب دار بیج +

اِسپند۔ ف۔ مذکر۔ ہرمل

اِسپیچ۔ انگ۔ مونث۔ تقریر۔ لیکچر +

اُستاد۔ ف۔ مذکر۔ سکھانے والا۔ کامل۔ ہوشیار چالاک +

اُستادی۔ ف۔ مونث۔ ہنر۔ کمال۔ چالاکی +

اُستانی۔ ا۔ مونث۔ پڑھانے والی۔ اُستاد کی بیوی۔ چالاک عورت +

اِستِثنا۔ ع۔ مذکر۔ الگ۔ جدا +

اِستحقار۔ ع۔ مذکر۔ حقارت۔ ذلت +

اِستحقاق۔ ع۔ مذکر۔ حق مانگنا۔ حق +

اِستحکام۔ ع۔ مذکر۔ مضبوطی +

اِستخارہ۔ ع۔ مذکر۔ نیک فالی۔ نیک انجام کے لیے فال دیکھنا +

اِستخراج۔ ع۔ مذکر۔ نکالنا۔ نکاس +

اُستخواں۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ اُس تخاں) ہڈی۔ گٹھلی +

اُستخواں فروشی۔ ف۔ مونث۔ باپ دادا کے نام سے فائدہ حاصل کرنا

اِستدعا۔ ع۔ مونث۔ چاہنا۔ خواہش +

اَستر کاری۔ ف۔ مذکر۔ چونہ کی لپائی +

اُسترہ۔ ف۔ مذکر۔ بال مونڈنے کا اوزار +

اِستری۔ ہ۔ مونث۔ بیوی +

اِستری۔ ہ۔ مونث۔ جس لوہے کو گرم کرکے دھوبی کپڑوں کی سلوٹیں نکالتے ہیں +

اِستسقاء۔ ع۔ مذکر۔ پانی مانگنا۔ وہ بیماری جس میں پیاس زیادہ لگتی ہے +

اِستطاعت۔ ع۔ مونث۔ طاقت۔ مقدور +

اِستعارہ۔ ع۔ مذکر۔ مانگ لینا۔ اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم

اِستعانت۔ ع۔ مونث۔ مدد مانگنا +

اِستعداد۔ ع۔ مونث۔ قابلیت۔ مہارت۔ گنجائش +

اِستعفاء۔ ع۔ مذکر۔ نوکری سے علیحدگی کی درخواست +

اِستعمال۔ ع۔ مذکر۔ عمل میں لانا۔ برتنا +

اِستعمالی۔ ف۔ صفت۔ برتا ہوا۔ پرانا +

اِستغاثہ۔ ع۔ مذکر۔ نالش کرنا۔ اپیل کرنا +

اِستغنا۔ ع۔ مذکر۔ مالداری۔ بے پروائی +

اِستفتا۔ ع۔ مذکر۔ عالم سے فتوے لینا +

اِستفراغ۔ ع۔ مذکر۔ قے۔ اُلٹی +

اِستفسار۔ ع۔ مذکر۔ پوچھنا +

اِستفہام۔ ع۔ مذکر۔ سمجھنا۔ دریافت کرنا +

اِستقبال۔ ع۔ مذکر۔ پیشوائی۔ تعظیم +

اِستقلال۔ ع۔ مذکر۔ مضبوطی۔ قرار۔ صبر +

اِستنجا - ع - مذکر - آبدست کرنا - ڈھیلا لینا ✦

اِستنجے کا ڈھیلا - ا - مذکر - ذلیل - نکما ✦

اُستوار - ف - صفت - مضبوط - پائیدار ✦

اَستھان - ہ - مذکر - جگہ - مقام - آستانہ ✦

اِسٹابری - انگ - مؤنث - بے دانہ کی قسم کا ایک پھل ✦

اِسٹام - ا - (صحیح انگریزی اسٹامپ) - مذکر - چھاپ - مُہر - بکا کاغذ ✦

اِسٹیشن - انگ - مذکر - مقام - جگہ - ریل گاڑی ٹھہرنے کی جگہ ✦

اِسٹیشنری - انگ - مؤنث - دفتر کا لکھنے پڑھنے کا سامان

اَسَد - ع - مذکر - شیر - ایک آسمانی بُرج کا نام ✦

اَسرار - ع - مذکر - سر کی جمع - بھید - جن - بھوت ✦

اِسراف - ع - مذکر - بیجا خرچ کرنا - فضول خرچی ✦

اسسٹنٹ - انگ - مذکر - مددگار - نائب ✦

اِسفنج - ع - مذکر - ابرِ مُردہ - ایک قسم کا جانور جسکی کھال پانی کو جذب کر لیتی ہے ✦

اِسقاط - ع - مذکر - پیٹ گرنا - گرنا - کم کرنا

اِسکُول - انگ - مذکر - مدرسہ ✦

اِسلام - ع - مذکر - سلامتی میں رہنا - سر جھکانا - مسلمانوں کا مذہب ✦

اِسلام لانا - ا - مسلمان ہونا ✦

اَسلِحَہ - ع - مذکر - (سلاح کی جمع) ہتھیار ✦

اِسم - ع - مذکر - نام - لقب ✦

اِسمِ اعظم - ع - مذکر - خدا کا ذاتی نام - اللہ ✦

اِسم با مُسمّےٰ - ع - مذکر - جسکا نام اور کام یکساں ہو ✦

اَسناد - ع - مؤنث (سند کی جمع) دستاویزیں - سندیں

اَسی - ہ - صفت - آٹھ دہائی (۸۰) ✦

اِسی - ہ - یہی ✦

اَسیر - ع - مذکر - قیدی ✦

اَسیرباد - ہ - دُعا ✦

اش

اُش اُش کرنا - ا - خوش ہونا - واہ واہ کرنا ✦

اِشارہ کرنا - ا - ہاتھ - آنکھ - بھوں وغیرہ سے کسی کو بُلانا یا کسی چیز کو بتانا ✦

اِشتِباہ - ع - مذکر - گمان - شک - شُبہہ ✦

اِشتِعال یا اِشتِعالک - ع - مذکر - بھڑکانا ✦

اِشتِعال دینا - ا - بھڑکانا - بتی اُکسانا - بہکانا ✦

اِشتِقاق - ع - مذکر - مصدر سے اور صیغوں کا نکالنا ✦

اِشتِہار - ع - مذکر - مشہور کرنا - اعلان ✦

اِشتہاری - ا - مذکر - وہ مجرم جسکے پکڑنے کے واسطے اشتہار دیا گیا ہو ✦

اَشٹمی - س - مؤنث - ہندی بدی اور سدی کی آٹھویں تاریخ

اَشَد - ع - صفت - نہایت سخت - بہت زیادہ ✦

اَشُدھ - س - صفت - ناپاک - غلیظ ✦

اَشراف - ع - مذکر - (شریف کی جمع) نیک - اچھا - امیرزادہ اچھے خاندان کا ✦

اِشراق - ع - مذکر - سورج نکلنے کا وقت دن کے نو بجے کی نماز - روشن ضمیری ✦

اَشرفُ المخلوقات - ع - مذکر - انسان ✦

اَشرفی - ف - مؤنث - مُہر - سونے کا سکہ جسکی قیمت عام طور پر پندرہ روپیہ ہوتی ہے - پھول کی ایک قسم ✦

اَشک - ف - مذکر - آنسو - ٹسوا ✦

اَشلوک - ہ - مذکر - نظم - شعر ✦

اَشیا - مؤنث - (شے کی جمع) چیزیں ✦

اص

اَصالَت - ع - مؤنث - اصلیت - خاصیت ✦

اَصالَت پر آنا - ا - بدذاتی اور شرارت کرنا ✦

اَصالَتہً - ع - تابع فعل - بذاتِ خود - بلاواسطہ ✦

اِصرار - ع - مذکر - ضد - ہٹ - تاکید ✦

اِصطِباغ - ع - مذکر - رنگنا - مذہب میں لانا ✦

اِصطِباغ دینا - ا - عیسائی مذہب میں لانا - بپتسمہ دینا ✦

اَصطَبل - یونانی اور معرب - مذکر - گھڑسال - طویلہ ◆

اِصطِلاح - ع - مونث - کسی فرقہ کا کسی لفظ کو کسی خاص معنی میں استعمال کرنا ◆

اَصل - / اَصلیت } - ع - مونث - جڑ - ہستی - طبیعت - خالص ◆

اَصلاً / اَصلاً } - ع - تابع فعل - ہرگز - مطلق ◆

اِصلاح - ع - مونث - درستی - خط کی درستی ◆

اِصلاح بنوانا - ا - حجامت بنوانا ◆

اُصول - ع - مذکر - (جمع اصل) قاعدہ - بُنیاد - قانون ◆

اَصِیل - ع - صفت - شریف - اچھی نسل والا - اچھی تلوار - روٹی پکانے والی عورت ◆

اض

اِضافت - ع - مونث - نسبت - لگاؤ ◆

اِضافہ - ع - مذکر - ترقی - زیادتی ◆

اِضطِراب - ع - مذکر - بے چینی - گھبراہٹ - جلدی ◆

اَضلاع - ع - مذکر - (جمع ضلع) پہلو - خطے - زمین - ملک کے وہ حصے جو ٹکڑوں کے ماتحت ہوتے ہیں ◆

اِضمِحلال - ع - مذکر - سستی - پژمردگی ◆

اط

اِطاعت - ع - مونث - فرمانبرداری - بندگی ◆

اَطِبّا - ع - مذکر - (طبیب کی جمع) حکیم - ڈاکٹر ◆

اَطراف - ع - مونث - (جمع طرف) کنارہ - جانب ◆

اِطرِیفل - ع - مذکر - ترپھلا ◆

اَطفال - ع - مذکر - (جمع طفل) لڑکے بالے - بال بچے ◆

اِطِلاع - ع - مونث - خبر - اعلان ◆

اِطلاق - ع - مذکر - بولا جانا - جاری کرنا ◆

اَطلَس - ع - مونث - ایک ریشمی کپڑا ◆

اِطمِینان - ع - مذکر - صبر - تسلی ◆

اَطوار - ع - مذکر - (طور کی جمع) وضع - چال چلن - عادت

اظ

اِظہار - ع - مذکر - ظاہر کرنا - شہادت ◆

اَظہَر - ع - صفت - خوب ظاہر - صریح ◆

اع

اِعانت - ع - مونث - مدد - سہارا ◆

اِعتبار - ع - مذکر - بھروسہ - خیال - عبرت ◆

اِعتدال - ع - مذکر - ٹھیک - برابر ◆

اِعتراض - ع - مذکر - عذر - نکتہ چینی ◆

اِعتراف - ع - مذکر - اقرار کرنا - تسلیم کرنا ◆

اِعتقاد - ع - مذکر - یقین کرنا - عقیدہ ◆

اِعتکاف - ع - مذکر - مسجد کے کونے میں بیٹھ جانا - اپنے نفس کی حفاظت کرنا ◆

اِعتماد - ع - مذکر - اعتبار - بھروسہ ◆

اِعجاز - ع - مذکر - عاجز کرنا - معجزہ - کرامت ◆

اُعجوبہ - ع - صفت - عجیب - انوکھا ◆

اَعدا - ع - مذکر - (عدو کی جمع) دشمن ◆

اَعداد - ع - مذکر - (عدد کی جمع) - گنتی - ہندسے ◆

اِعراب - ع - مذکر - زیر - زبر - پیش وغیرہ ◆

اَعراف - ع - مذکر - دوزخ اور جنت کے درمیان کا مقام درمیان کی جگہ ◆

اِعزاز - ع - مذکر - عزت - رتبہ ◆

اَعضا - ع - مذکر - (عضو کی جمع) ہاتھ پاؤں وغیرہ ◆

اِعلان - ع - مذکر - ظاہر کرنا - اطلاع ◆

اَعلےٰ - ع - مذکر - اونچا - بڑے مرتبہ کا ◆

اَعلےٰ عِلّیّین - ع - مذکر - جنت کا بڑا درجہ ◆

اَعمال - ع - مذکر - (عمل کی جمع) کام ◆

اَعمال نامہ - ع - ف - مذکر - یادداشت - وہ رجسٹر جسمیں کراماً کاتبین انسان کے نیک اور بدکام درج کرتے ہیں - اچھے

بہے کام درج کرنے کی کتاب ۔

اغ

اَغلَب ۔ ع ۔ مذکر ۔ ضرور ۔ غالباً ۔

اِغماز ۔ ع ۔ مذکر ۔ غمزہ ۔ نخرہ ۔

اِغماض ۔ ع ۔ مذکر ۔ چشم پوشی ۔ درگزر ۔

اِغوا کرنا ۔ ا ۔ بہکانا ۔ ورغلانا ۔ بھگا لیجانا ۔

اَغیار ۔ ع ۔ مذکر ۔ (غیر کی جمع) دشمن ۔ غیر ۔

اف

اُف ۔ ع ۔ (حرف صورت) آہ ۔ افسوس ۔

اُف رے ۔ ا ۔ آہ رے ۔

اُف کرنا ۔ ا ۔ آہ کرنا ۔ شکایت زبان پہ لانا ۔

اُف نہ کرنا ۔ / اُف نہ نکالنا } ا ۔ آہ نہ کرنا ۔ شکایت زبان پر نہ لانا بالکل چپ رہنا ۔

اِفاقہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ آرام صحت ۔

اُفتاد ۔ ف ۔ مؤنث ۔ اتفاق ۔ طرز ۔ ڈھنگ ۔

اُفتاد ف مؤنث ۔ مصیبت میں آجانا ۔ حادثہ پیش آنا ۔

اِفتخار ۔ ع ۔ مذکر ۔ بزرگی ۔ عزت ۔

اِفترا ۔ ع ۔ مذکر ۔ تہمت ۔ الزام ۔

اِفترا پرداز ۔ ع ۔ ف ۔ تہمت لگانے والا ۔

اِفراط ۔ ع ۔ مؤنث ۔ زیادتی ۔ کثرت ۔

اَفروختہ ہونا ۔ ا ۔ خفا ہونا ۔

اَفزائش ۔ ف ۔ مونث ۔ زیادتی ۔ بڑھوتری ۔

اَفسانہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ قصہ ۔ کہانی ۔ مشہور ۔ جھوٹی بات ۔

اَفسر ۔ ع ۔ مذکر ۔ سردار ۔

اَفسُردہ ۔ ف ۔ صفت ۔ غمگین ۔ اُداس ۔

اَفسُردہ دل / اَفسُردہ خاطر } ف ۔ صفت ۔ رنجیدہ ۔ مردہ دل ۔ اُداس

اَفسوس ۔ ف ۔ مذکر ۔ پچھتاوا ۔ صدمہ ۔

اَفسُون ۔ ف ۔ مذکر ۔ جادو ۔ منتر ۔ فریب ۔

افسوں کرنا یا / اَفسُوں پھونکنا } ا ۔ جادو کرنا ۔ بہکانا ۔

اَفشاں ۔ ف ۔ مذکر ۔ چھڑکاؤ ۔ ایک قسم کا چمکدار بُرادہ جو آرائش کے لئے ماتھے پر چھڑکتے ہیں ۔

اَفشاں چُننا ۔ ا ۔ گلگونہ لگانا ۔ گلگونہ ملنا ۔

اِفشائے راز کرنا ۔ ا ۔ بھید کھولنا ۔

اَفشُردہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ شربت جسمیں نیبو نچوڑ کر پیتے ہیں نچوڑا ہوا ۔

اَفضَل ۔ ع ۔ صفت ۔ سب سے اچھا ۔

اِفطار ۔ ع ۔ مذکر ۔ روزہ کھولنا ۔

اِفطاری ۔ ا ۔ مونث ۔ وہ چیز جس سے روزہ کھولیں ۔

اَفعال ۔ ع ۔ مذکر ۔ (فعل کی جمع) کام ۔

اَفعی ۔ ع ۔ مذکر ۔ کالا سانپ ۔ سانپ ۔

اَفغان ۔ ف ۔ مذکر ۔ پٹھان ۔

اُفق ۔ ع ۔ مذکر ۔ کنارہ ۔ وہ جگہ جہاں زمین اور آسمان ملے ہوئے دکھائی دیں ۔

اِفلاس ۔ ع ۔ مذکر ۔ غریبی ۔

اَفلاطُون ۔ یونانی ۔ مذکر ۔ یونان کا مشہور حکیم ۔ زبردست پہلوان ۔

اَفواہ ۔ ع ۔ مونث ۔ شہرت ۔ بے تحقیق خبر ۔

اَفواہ اُڑنا / اَفواہ ہونا } ا ۔ مشہور ہونا ۔ کسی بے تحقیق چیز کا پھیلانا ۔

اُفوہ ۔ ا ۔ حرف صوت ۔ تعجب اور کثرت کے موقع پر بولتے ہیں ۔

اَفیم ۔ ا ۔ مونث ۔ افیون ۔ پوست کے پھل کا جما ہوا دودھ ۔

اَفیمچی یا اَفیمی ۔ ا ۔ مذکر ۔ افیم پینے والا ۔ اونگھنے والا ۔ کاہل ۔

اَفیُون ۔ مذکر ۔ افیم ۔

اَفیُونی ۔ مذکر ۔ افیمی ۔

اق

اَقارِب ۔ ع ۔ مذکر ۔ (قریب کی جمع) رشتہ دار ×
اِقامت ۔ ع ۔ مونث ۔ قیام ۔ قرار ۔ نماز کی تکبیر ×
اِقبال ۔ ع ۔ مذکر ۔ خوش نصیبی ۔ کامیابی ۔ اعتراف ۔ اقرار
اِقبال کرنا ۔ ا ۔ قبول کرنا ۔ اقرار کرنا ×
اِقبالمند ۔ ع ۔ ف ۔ خوش نصیب ×
اِقبالمندی ۔ ع ۔ ف ۔ خوش نصیبی ×
اِقتدار ۔ ع ۔ مذکر ۔ طاقت ۔ قوت ×
اِقدام ۔ ع ۔ مذکر ۔ پیش قدمی ۔ کوشش ۔ کسی کام کا کرنا ×
اِقرار کرنا ۔ ا ۔ قبول کرنا ۔ ماننا ×
اِقرار نامہ ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایسی دستاویز جسمیں کسی بات کا وعدہ لکھا ہو ×
اَقربا ۔ ع ۔ مذکر ۔ (قریب کی جمع) بھائی بند ×
اُقلیدس ۔ یونانی ۔ مذکر ۔ ایک یونانی حکیم جسکے نام سے کتاب اُقلیدس مشہور ہے ×
اِقلیم ۔ ع ۔ مونث ۔ ملک ۔ دیس ۔ پرانی تقسیم کے اعتبار سے آباد دُنیا کا ساتواں حصہ ×
اَقوال ۔ ع ۔ مذکر ۔ (قول کی جمع) باتیں ×
اَقوام ۔ ع ۔ مونث ۔ (قوم کی جمع) قومیں ۔ لوگ ×
اِکّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تنہا ۔ یکہ ۔ ایک گھوڑے کی گاڑی ۔ بازو پر پہننے کا ایک زیور ۔ یکتا ۔ کامل ×
اِکّا دُکّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کوئی کوئی ۔ ایک آدھ ×
اِکادشی ۔ ہ ۔ مونث ۔ چاند کی گیارہویں تاریخ ×
اَکارت ۔ ہ ۔ صفت ۔ بیکار ۔ نکما ۔ ضائع ×
اَکارت جانا ۔ ہ ۔ برباد ہونا ۔ بیکار جانا ×
اَکال ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کال ۔ خشک سالی ×
اَکالی ۔ ہ ۔ صفت ۔ سکھ قوم کا ایک فرقہ ×
اِکائی ۔ ہ ۔ مونث ۔ ایک ۔ ایک سے نو تک کے عدد ×
اِک پیچا ۔ ہ ۔ مونث ۔ ایک قسم کی پگڑی ×
اِکتارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا تنبورہ جس پر ہندو فقیر گاتے پھرتے ہیں ۔ ایک قسم کا باریک کپڑا ×
اِکتالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گانے کے ایک طریقہ کا نام ×

اُکتانا ۔ ہ ۔ بیزار ہونا ۔ تنگ آنا ×
اِکتفا کرنا ۔ ا ۔ کافی ہونا ۔ قناعت کرنا ×
اکتوبر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ عیسوی سال کا دسواں مہینہ ×
اِکٹ ۔ ا ۔ (صحیح انگریزی ایکٹ) حکومت کا تجویز کیا ہوا قانون ×
اَکثر ۔ ع ۔ صفت ۔ بہت ۔ عام طور پر ۔ ہمیشہ ×
اِکچھت راج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شہنشاہی ×
اَکدرا ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک در کا دالان ×
اِکڈال ۔ ہ ۔ صفت ۔ یکساں ۔ سر سے پاؤں تک ×
اَکرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ مہنگا ۔ تیز ×
اِکرام ۔ ع ۔ مذکر ۔ بخشنا ۔ تعظیم ۔ عزت ×
اِکراہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ نفرت ۔ ناخوشی ۔ زبردستی ×
اکڑ ۔ ہ ۔ مونث ۔ مروڑ ۔ اینٹھ ۔ غرور ۔ بدمزاجی ×
اکڑ باز ۔ ا ۔ مذکر ۔ اینٹھوخاں ۔ شیخی خورہ ×
اکڑ جانا ۔ ہ ۔ بگڑ بیٹھنا ۔ ٹھٹھر جانا ×
اکڑ کے چلنا ۔ ہ ۔ اترا کر چلنا ۔ سینہ نکال کر چلنا ×
اُکڑوں بیٹھنا ۔ ہ ۔ ایڑیوں پر بیٹھنا ×
اکزی بیشن ۔ انگ ۔ مونث ۔ نمائش ۔ تماشہ ×
اکسار ۔ ہ ۔ صفت ۔ برابر ۔ صاف ×
اُکسانا ۔ ہ ۔ بہکانا ۔ چراغ کی بتی اُٹھانا ×
اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ کمشنر کا معاون ×
اِکسیر ۔ ع ۔ مونث ۔ کیمیا ۔ پارس ۔ وہ دوا جو ہر مرض کے لئے مفید ہو ۔ نہایت مفید ×
اکل کھرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ خشک ۔ روکھا ۔ جلاتن ×
اِکلوتا ۔ ہ ۔ صفت ۔ اپنے ماں باپ کا ایک ×
اَکل و شُرب ۔ ع ۔ مذکر ۔ کھانا پینا عیش ×
اکنالجمنٹ ۔ انگ ۔ مونث ۔ اقرار ۔ رسید ×
اکھاڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کشتی لڑنے کی جگہ ۔ دنگل ۔ محفل ۔ دربار
اکھاڑ پچھاڑ ۔ ہ ۔ مونث ۔ لگائی بجھائی ۔ چغلی ۔ برائی ۔ کام کو خراب کرنا ×

اُکھاڑنا - ہ - جڑ سے کھودنا - نکالنا +

اِکھٹا - ہ - تابع فعل - ڈھیر کیا ہوا - جمع کیا ہوا +

اِکہرا - ہ - صفت - ایک تہ کا +

اِکہرا بدن - ہ - صفت - دُبلا - چھریرا +

اکھرنا - ہ - بُرا لگنا - ناگوار ہونا +

اکھڑ - ہ - صفت - اُنگھڑ - جاہل - سخت مزاج +

اُکھڑنا - ہ - جڑ سے الگ ہونا - سلسلہ ٹوٹنا +

اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا - ہ - اس طرح بولنا جس سے رنج ظاہر ہو - بے دلی سے بولنا +

اُکھیڑنا - ہ - اُکھاڑنا +

اَکیلا - ہ - صفت - تنہا - سُونا - جسکا کوئی ساتھی نہ ہو +

اگ

اگاڑی - ہ - مونث - آگے کا حصہ - سامنے - گھوڑے کے گلے میں باندھکر آگے کے کھونٹوں میں باندھنے کی رسّی +

اُگال - ہ - مذکر - پان کا پھوک +

اُگالدان - ا - مذکر - پان کا اُگال تھوکنے کا برتن - پیکدان +

اُگاہنا - ہ - کرایہ یا چندہ وصول کرنا +

اُگاہی - ہ - مونث - چندہ - تحصیل +

اگر - ہ - مذکر - ایک خوشبودار لکڑی - عُود +

اگردان / اگرستور } ا - مذکر - وہ برتن جس میں اگر کی بتیاں جلاتے ہیں +

اگر - ف - (حرف شرط) جو - جب +

اگرچہ - ف - (حرف شرط) باوجودیکہ +

اگر مگر کرنا - حجت کرنا - بحث کرنا +

اگر وال یا اگر والا - ہ - مذکر - بنیوں کا ایک فرقہ +

اگری - ہ - صفت - سیاہی مائل صندلی رنگ کی چیز +

اگست - انگ - مذکر - عیسوی سنہ کا آٹھواں مہینہ

اگلا - ہ - صفت - پہلے کا - آگے کا - قدیم +

اُگل پڑنا - ہ - میان سے تلوار کا باہر نکل پڑنا +

اُگلنا - ہ - کسی چھپائی ہوئی چیز کا منہ سے باہر نکالنا - ظاہر کرنا - کھایا پیا مال زبردستی سے دیدینا +

اگم - س - مذکر - ہونے والی بات +

اگم باندھنا - ہ - آگے کا حال بتانا +

اگم شاستر - س - مذکر - علم غیب کی کتاب +

اُگنا - ہ - اُبنا - زمین سے پیدا ہونا - جمنا +

اگوا - ہ - مذکر - رہنما - لیڈر +

اگواڑا - ہ - مذکر - سامنا - مکان کے آگے کا حصہ +

اگھن - ہ - مذکر - ہندی سال کا نواں مہینہ +

ال

اَلابَلا - ا - مونث - بلا بدتر - نکمی چیز +

الاچا - ہ - مذکر - ایک قسم کا تکلنائی کپڑا +

اُلار - ہ - صفت - اُلٹ جانے کے قابل +

الاماں - ع - مونث - پناہ! رحم!

اُلانگنا - ہ - پھلانگنا +

الاؤ - ا - مذکر - آگ کا ڈھیر +

اُلاہنا - ہ - مذکر - گلہ - بدنامی +

اُلاہنا دینا - ہ - گلہ کرنا - الزام دینا +

الائچی - ا - مونث - ایک خوشبودار پھل جسکے دانے پان وغیرہ میں کھائے جاتے ہیں +

البتہ - ع - تابع فعل - مگر - لیکن +

البیلا - ہ - صفت - چھیلا - بانکا - انوکھا - بھولا بھالا +

البیلی - ہ - مونث - زندہ دل اور خوش مزاج عورت - بھولی بھالی عورت +

الپکا - انگ - مذکر - ایک قسم کا اونی کپڑا - سنجاب +

الپین - (پرتگال) مونث - گھنڈی دار سُوئی - پن +

التجا - ع - مونث - عرض - تمنّا - آرزو +

التفات - ع - مونث - توجہ - مہربانی +

التماس - ع - مذکر - عرض - گزارش +

اَلتَمغا۔ ت۔ مذکر۔ جاگیر کی سند۔ سرٹیفکٹ ٭

اُلٹا پُلٹا۔ }
اُلٹ پُلٹ } ۔ ہ۔ صفت۔ ٹیڑھا سیدھا۔ درہم برہم۔ بے ڈھنگا ٭

اُلٹا پھرنا۔ ہ۔ لوٹنا۔ واپس ہونا ٭

اُلٹا توا۔ ہ۔ صفت۔ نہایت کالا۔ کالا کلوٹا ٭

اُلٹا دھڑا باندھنا۔ ہ۔ اُلٹا کرنا۔ خلاف کرنا ٭

اُلٹا زمانہ۔ ا۔ بُرا زمانہ ٭

اُلٹا پلٹی۔ ہ۔ مونث۔ اَدلا بدلی۔ اَدل بدل ٭

اُلٹ پُلٹ کرنا۔ ہ۔ تلے اُوپر کرنا۔ گڈمڈ کرنا ٭

اُلٹ پُلٹ ہونا۔ ہ۔ رَل مل جانا ٭ گڈمڈ ہونا ٭

اُلٹ جانا۔ ہ۔ پلٹ جانا۔ گر پڑنا ٭

اُلٹنا۔ ہ۔ اوندھا کرنا۔ لوٹنا۔ اوندھا ہونا ٭

اُلٹے پاؤں پھرنا۔ ہ۔ جلد لوٹنا۔ فوراً واپس آنا ٭

اُلٹی پٹی پڑھانا۔ ہ۔ بہکانا ٭

اُلٹی رِیت۔ ہ۔ مونث۔ رسم کے خلاف بات۔ بے قاعدہ بات ٭

اُلٹے سانس لینا۔ ہ۔ جان کنی ہونا۔ مرنے لگنا ٭

اُلٹی سیدھی سُنانا۔ ہ۔ بُرا بھلا کہنا ٭

اُلٹی سیکھی۔ ا۔ مونث۔ بددعا ٭

اُلٹی کرنا۔ ہ۔ اوکنا۔ قے کرنا۔ ڈالنا ٭

اُلٹی کھوپری کا۔ ہ۔ صفت۔ بے وقوف۔ کوڑھ مغز ٭

اُلجھانا۔ ہ۔ اٹکانا۔ پھنسانا۔ روکنا ٭

اُلجھاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ بکھیڑا۔ جھگڑا ٭

اُلجھن۔ ہ۔ مونث۔ گھبراہٹ۔ پریشانی ٭

اُلجھنا۔ ہ۔ اٹکنا۔ بحث کرنا ٭

اُلجھیڑا۔ ہ۔ مذکر۔ جھگڑا۔ بکھیڑا ٭

اَلحاصِل۔ ع۔ تابع فعل۔ القصہ۔ الغرض۔ قصہ مختصر ٭

اِلحاق۔ ع۔ مذکر۔ شامل ہونا۔ ملنا ٭

اَلحال۔ ع۔ تابع فعل۔ اب۔ ابھی ٭

اَلحفیظ۔ ع۔ (ندا) خدا کی پناہ ٭

اَلحق۔ ع۔ تابع فعل۔ بیشک۔ واقع میں۔ بجا۔ درست ٭

اَلحمدُ لِلّٰہ۔ ع۔ خدا کا شکر ہے !

اِلزام۔ ع۔ مذکر۔ تہمت ٭

اِلزام دینا۔ ا۔ تہمت دَھرنا۔ بدنام کرنا ٭

اَلسیٹیا۔ ہ۔ صفت۔ فریبی۔ دغاباز ٭

اُلش۔ ت۔ مذکر۔ بچا ہوا کھانا۔ پس خوردہ ٭

اُلش کرنا۔ ا۔ جوٹھا کرنا۔ کھانے کو ہاتھ لگا دینا ٭

اَلعبد۔ ع۔ مذکر۔ بندہ۔ فدوی ٭

اَلغاروں۔ ا۔ صفت۔ (عو) کثرت سے۔ اٹ گٹ ٭

اَلغرض۔ ع۔ تابع فعل۔ القصہ۔ الحاصل ٭

اَلغوزہ۔ ع۔ مذکر۔ ایک قسم کی بانسری ٭

اَلِف اللہ۔ ع۔ اکیلا۔ تنہا۔ ناتھا۔ بہت غریب ٭

اَلِف مقصُورہ۔ ع۔ مذکر۔ چھوٹی آواز کا الف۔ وہ الف جس پر مدّ نہ ہو ٭

اَلِف ممدُودہ۔ ع۔ مذکر۔ مدّ والا الف۔ لمبی آواز کا الف ٭

اَلِف ہونا۔ ا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا ٭ برہنہ ہونا ٭

اَلفا یا اَلفی۔ ا۔ مذکر۔ بے آستینوں کا جُبّہ۔ کفنی ٭

اَلفاظ۔ ع۔ مذکر۔ (لفظ کی جمع) کلمے۔ باتیں ٭

اُلفت۔ ع۔ مونث۔ محبت۔ پیار ٭

اَلفتہ۔ ا۔ مذکر۔ پریشان۔ قلاّش۔ آوارہ ٭

اِلقا ہونا۔ ا۔ غیب سے کوئی بات دل میں آنا ٭

اَلقاب۔ ع۔ مذکر۔ (لقب کی جمع) خطاب۔ خط کا عُنوان ٭

اَلقصّہ۔ ع۔ تابع فعل۔ قصہ کوتاہ۔ غرضکہ ٭

اَلگ کرنا۔ ا۔ چھوڑنا۔ دُور کرنا۔ موقوف کرنا ٭

اَلکھ دھاری۔ ہ۔ مذکر۔ ہندو فقیروں کا ایک فرقہ جو خدا کے سوا کسی کو نہیں مانتا ٭

اَلگ۔ ہ۔ صفت۔ جُدا۔ آزاد۔ عجیب ٭

اَلگ اَلگ۔ ہ۔ تابع فعل۔ جُدا جُدا۔ تتر بتر ٭

اَلگ تھلگ۔ ہ۔ تابع فعل۔ تنہا۔ اکیلا۔ محفوظ ٭

اَلگ کرنا۔ ہ۔ جُدا کرنا۔ موقوف کرنا۔ اِنتخاب کرنا۔ پچھاڑنا ٭

اَلگ ہونا۔ ہ۔ جُدا ہونا۔

اَلگنی۔ ہ۔ مونث۔ کپڑے لٹکانے کی رسی۔ ٹنگنا ٭

اَل ٹپ یا اَلکَٹپّو۔ ہ۔ تابع فعل۔ اَٹکل پچّو۔ خیالی ٭

اَللہ۔ ع۔ مذکر۔ خدا۔ پرمیشر۔ (حرف تعجب) واہ! آہا۔ اوہ! آہ! ٭

اَللہُ اَکبر۔ ع۔ نعرۂ تکبیر۔ حرف تعجب ٭

اللہ اللہ۔ ع۔ واہ وا۔ (تعجب اور تحسین کے لئے آتا ہے) ٭

اللہ اللہ کرنا۔ ا۔ تسبیح پڑھنا۔ عبادت کرنا ٭

اللہ اللہ کرو۔ ا۔ (محاورہ) جھوٹ نہ بولو۔ خدا سے ڈرو

اللہ آمین۔ ا۔ (دعا) خدا ایسا ہی کرے۔ خدا حفاظت میں رکھے ٭

اللہ آمین کا۔ ا۔ صفت (ع و) نازوں کا پالا۔ منّت۔ مُراد ٭

اللہ بیلی یا اللہ حافظ } ا۔ (ع و) خدا حافظ۔ اللہ نگہبان ٭

اللہ توکّلی۔ ا۔ تابع فعل۔ خدا کے بھروسے۔ اِتفاق سے

اللہ رکھو یا اللہ رکھّے } ا۔ (ع و)۔ ماشاءاللہ۔ نامِ خدا ٭

اللہ رے۔ ا۔ (کلمہ تعجب) اوہو! بلّے!

اللہ کرے۔ ا۔ (کلمہ تمنا) کاش کہ کاش ٭

اللہ کے گھر سے پھرنا۔ ا۔ مر مر کے بچنا۔ نئے سرے پیدا ہونا ٭

اللہ مارا۔ ا۔ مذکر۔ (ع و) بدنصیب۔ نگوڑا ٭

اِلّلذی نہ اَلّلذی۔ ا۔ صفت۔ اِدھر کا نہ اُدھر کا۔ ڈانواں ڈول ٭

اَلّلے تلّلے کرنا۔ عیش کرنا۔ فضول خرچی کرنا ٭

اَلماری۔ پرتگال۔ لکڑی کے تختوں کا خانہ دار صندوق مشہور لفظ ٭

اَلماس۔ ف۔ مذکر۔ ہیرا ٭

اَلمضاعف۔ ع۔ صفت۔ دُونا۔ دوچند ٭

اَلَم غَلَم۔ ا۔ مذکر۔ ردی اور بیکار چیزیں۔ گڑبڑ ٭

اَلَم غَلَم کرنا۔ ا۔ غبن کرنا ٭

اَلَم نشرح ہونا۔ ا۔ ظاہر ہونا۔ شہرت ہونا ٭

اُلّو۔ ہ۔ مذکر۔ بُوم۔ چُغد۔ بے وقوف۔ احمق ٭

اُلّو بنانا۔ ہ۔ احمق بنانا۔ بیوقوف بنانا ٭

اُلّو بولنا۔ ہ۔ اُجڑنا۔ ویران ہونا ٭

اُولُوالعزم۔ ع۔ صفت۔ (تلفظ اُلُل عزم)۔ من چلا۔ عالی ہمت ٭

اَلوان۔ ع۔ مذکر۔ رنگین پشمینہ۔ اُونی چادر ٭

اَلوپ۔ ہ۔ صفت۔ پوشیدہ۔ ناپید ٭

اَلوداع۔ ع۔ مذکر۔ رمضان کے مہینے کا آخری جمعہ۔ رُخصت۔ جُدائی ٭

اَلونا۔ ہ۔ صفت۔ پھیکا۔ بے مزہ ٭

اُلوہیّت۔ ع۔ مونث۔ خدائی۔ شانِ خدا ٭

اِلہام۔ ع۔ مذکر۔ خدا کا کسی بات کو دل میں ڈالنا ٭

اَلہڑ۔ ہ۔ صفت۔ نادان۔ نوعمر۔ اناڑی ٭

اِلٰہی۔ ع۔ مذکر۔ میرا خدا۔ اے میرے خدا ٭

اِلیاس۔ ع۔ مذکر۔ ایک مشہور پیغمبر کا نام ٭

ام

اَما یا اَمّاں۔ ا۔ مونث۔ والدہ۔ ماتا۔ ماں ٭

اِمارت۔ ع۔ مونث۔ امیری۔ سرداری ٭

اِمام۔ ع۔ مذکر۔ پیشوا۔ رہنما۔ بادشاہ۔ تسبیح کا سب سے بڑا منکا ٭

امام احمد حنبل۔ ع۔ مذکر۔ اہل سنت کے ۴ اماموں میں سے ایک امام کا نام ٭

اِمامِ اَعظم۔ ع۔ مذکر۔ اہل سنت کے سب سے بڑے امام حضرت ابوحنیفہ نُعمان بن ثابت کا لقب ٭

اِمام باڑہ۔ ا۔ مذکر۔ تعزیہ رکھنے اور حضرت امام حسین کی مجلس عزا پڑھنے کی جگہ ٭

اِمام رازی - ع - مذکر - ایک مشہور مسلمان فلسفی جنکا نام امام فخرالدین ہے اور جنکی تفسیر کبیر مشہور ہے *

اِمام شافعی - ع - مذکر - اہل سنت کے ۴ اماموں میں سے ایک امام کا نام *

اِمام ضامن - ع - مذکر - امامیہ مذہب کے آٹھویں امام کا نام

اِمام مالک - ع - مذکر - اہلِ سنت کے ۴ اماموں میں سے ایک امام کا نام *

اِمامیہ - ع - مذکر - شیعہ *

اَمان - ع - مونث - پناہ - امن - حفاظت *

اَمانت - ع - مونث - سپردگی - رکھی ہوئی چیز *

اَمانت دار - ف - مذکر - معتبر - مُعتمد - امانت رکھنے والا *

اَمانی - ع - مُونث - بے ٹھیکے کا کام *

اَمبر - ہ - مذکر - آسمانی - بادل - راجہ کی پوشاک *

اُمت - ع - مونث - جماعت - فرقہ *

اِمتحان - ع - مذکر - جانچ - آزمائش *

اِمتلا - ع - مذکر - بدہضمی - کستلی *

اِمتیاز - ع - مذکر - تمیز - فرق - پہچان *

اَمٹ - ہ - صفت - پائیدار - قائم *

اَمچور - ہ - مذکر - آم کا چورا - کھٹائی - سوکھا ہوا - دُبلا *

اِمداد - ع - مونث - مدد - کمک *

اَمر - ہ - صفت - کبھی نہ مرنے والا - اَمٹ *

اَمرلوک - ہ - مذکر - جنت *

اَمر ہونا - ہمیشہ زندہ رہنا - کبھی نہ مرنا *

اَمر - ع - مذکر - حکم - اجازت - معاملہ *

اُمرا - ع - مذکر - (امیر کی جمع) حاکم - رئیس - دولتمند *

اَمراض - ع - مذکر - (مرض کی جمع) بیماریاں *

امرت / اِمرت } - س - مذکر - آب حیات - تریاق *

اَمرس - ہ - مذکر - آم کا پکایا ہوا رس - املوٹ *

اَمرود - ف - مذکر - ایک مشہور پھل - سفری *

اُمس - ہ - مونث - سخت گرمی - گھمس *

اِمساک - ع - مذکر - رُکاؤ - کنجوسی *

اِمسال - ف - مذکر - اِس برس - اب کے سال *

اَنگ ڈھنگ یا / اَمرکا ڈھمکا } - ہ - مذکر - یہ وہ - ایرا غیرا - وغیرہ علاوہ *

اِمکان - ع - مذکر - ممکن - مقدور - طاقت *

اَمل - ہ - مذکر - شراب کے سوا ہر قسم کا نشہ *

اَمل پانی کرنا - ہ - نشہ پانی کرنا *

اِملا - ع - مذکر - لکھنا - سُن کر عبارت لکھنا *

اَملاک - ع - مونث - (مِلک کی جمع) جائدادیں *

اَمل بید - ہ - مذکر - ایک قسم کا کھٹا پھل جس کا چورن بناتے ہیں

اَملتاس - ہ - مذکر - ایک مشہور درخت جسکی پھلی کا گودا مسہل کی دوا میں دیا جاتا ہے *

اِملی - ہ - مونث - تمر ہندی - ایک مشہور کھٹا پھل *

اَمن - ع - مذکر - حفاظت - اطمینان - چین *

اُمنڈنا - ہ - اُبلنا - بھر آنا - جمع ہونا *

اُمنگ - ہ - مونث - جوش - ترنگ *

اُمور - ع - مذکر - (امر کی جمع) بہت سے کام *

اُمی - ع - صفت - اَن پڑھ -

اُمیٹھنا - ہ - مروڑنا - بل دینا *

اُمید - ف - مونث - آس - بھروسہ - حمل *

اُمید سے ہونا - ا - حاملہ ہونا *

اُمیدوار - ف - مذکر - آرزو رکھنے والا - اِمتحان دینے والا نوکری کی درخواست دینے والا *

اَمیر - ع - مذکر - حکم دینے والا - سردار - رئیس *

اَمیرالبحر - ع - مذکر - دریائی فوج کا افسر *

اَمیرالمومنین - ع - مذکر - مسلمانوں کا سردار - خلیفۂ اول حضرت ابوبکرؓ کا لقب *

اَمیری - ف - مونث - دولتمندی - سرداری *

اَمین - ع - مذکر - امانت دار - افسر *

ان

اِنْ - ہ - (اسمِ اشارہ قریب) اِس کی جمع - یے ٭
اَنْ - ہ - مذکر - دانہ - اناج - غذا ٭
اَنْ جَل - ہ - مذکر - دانہ پانی - کھانا پینا ٭
اَنْ داتا - ہ - مذکر - رزق دینے والا - پالنے والا - آقا - خُدا ٭
اَنْ - ہ - (حرفِ نفی) نا - نہیں ٭
اَنْ بَن - ہ - مونث - نااتفاقی - لڑائی ٭
اَنْ پڑھ - ہ - صفت - بے پڑھا لکھا - اُمّی ٭
اَنْ دیکھا - ہ - صفت - بن دیکھا - غائب ٭
اَنْ گنا - ہ - صفت - شمار سے باہر - بے گنا ٭
اَنْ گھڑ - ہ - صفت - بے ڈول - بُونگا - بے ڈھنگا ٭
اَنْ مِل - ہ - مونث - بے جوڑ - ظریفانہ - نظم یا نثر کے ٹکڑے
اَنْ مول - ہ - صفت - بے بہا - قیمتی ٭
اَنْ ہوت - ہ - مونث - ناہوت - ناداری - غریبی ٭
اَنْ ہونی - ہ - مونث - ناشُدنی - ناگہانی ٭
اَنا - ت - مونث - دایہ - دودھ پلانے والی - عورت ٭
اَناپ شناپ - ا - صفت - اُوٹ پٹانگ - بے سوچے سمجھے ٭
اَناج - ہ - مذکر - غلہ - دانہ ٭
اَناد - } - ہ - صفت - اُس زمانے سے جسکی یاد نہیں - قدیم - پُرانا
اَنادِی }
اَنار - ف - مذکر - ایک مشہور پھل - ایک قسم کی آتش بازی ٭
اَنار دانہ - ف - مذکر - انار کے دانے - انار کے دانوں کا چورن
اَناڑی - ہ - صفت - ناتجربہ کار - کچا - اَدھورا ٭
اَنانیت - ع - مونث - خودی - اپنے آپ کو کچھ سمجھنا - خودسری ٭
اَنبار - ف - مذکر - ڈھیر ٭
اِنبساط - ع - مونث - خوشی ٭
اَنبوہ - ف - بھیڑ - گروہ ٭
انبیاء - ع ت - مذکر - (نبی کی جمع) پیغمبر - رسول ٭
اَنْ پانی - ہ - مذکر - اَن جل - کھانا پینا - دانہ پانی
اَنت - ہ - صفت - انجام - نتیجہ
اِنتخاب - ع - مذکر - خلاصہ - چنا ہوا - چنتا ٭

اَنتر - ہ - مذکر - دِل - بھید - راز ٭
اَنتر دِھیان - ہ - مذکر - فنافی اللہ - غائب - قیاس سے باہر
اَنترا - ہ - مذکر - گیت کا بول - مصرع ٭
اَنتڑی - ہ - مونث - آنت کی تصغیر - نلا ٭
اَنتڑیاں جلنا - ہ - بہت بھوک لگنا ٭
اِنتشار - ع - مذکر - گھبراہٹ - پریشانی ٭
اِنتظار کرنا - ا - راہ دیکھنا - آسرا تکنا ٭
اِنتظام - ع - مذکر - بندوبست - ٹھیک ٹھاک ٭
اِنتقال - ع - مذکر - جگہ بدلنا - موت ٭
اِنتقال کرنا - ا - مرنا - اپنی جائداد دوسرے کے نام کر دینا
اِنتقام - ع - مذکر - بدلہ ٭
اِنتہا - ع - مونث - آخیر - انجام - حد ٭
اَنٹا - ہ - مذکر - بڑی گولی - گولی ٭
اَنٹا چِت ہونا یا } - ا - نشہ میں سُدھ نہ رہنا - بے ہوش ہو جانا ٭
انٹا غفیل ہونا }
اَنٹا گھر - ہ - مذکر - انٹا کھیلنے کی جگہ - بلیرڈ رُوم ٭
اِنٹرنس - انگ - دروازہ - امتحانِ داخلہ - ہائی سکول کی تعلیم کا آخری درجہ ٭
اَنٹی - ہ - مونث - گھائی - اُنگلیوں کا درمیانی فرق - اَٹی - پچھی
اَنٹی باز - ا - مذکر - دھوکے باز ٭
اَنٹی کرنا - ہ - اَینٹھنا - لچھیانا ٭
اَنٹی لگانا - ہ - باندھنا - گرہ دینا ٭
اَنجام - ع - مذکر - نتیجہ - پھل ٭
اَنجام دینا یا } - ا - تمام کرنا - پورا کرنا - بندوبست کرنا - کام کر دینا ٭
اَنجام کرنا - }
اَنجام سوچنا - ا - نتیجہ سوچنا - آیندہ پر نظر کرنا ٭
اَنجام ہونا - ا - پورا ہونا - تمام ہونا ٭
اَنجام کار - ع ف - تابع فعل - آخر کار - القصہ ٭
اَنجان - ہ - صفت - اجنبی - ناواقف ٭
اَنجر پنجر - ہ - مذکر - ہڈی پسلی - جوڑ جوڑ ٭
اَنجم - ع - مذکر - ستارے - تارے ٭

اِنجماد - ع - مذکر - جماؤ - بستگی ٭
اَنجُمَن - ف - مونث - مجلس - سبھا - سوسائٹی ٭
اَنجن - ہ - مذکر - سُرمہ - کاجل ٭
اَنجَن سار - ہ - صفت - سرمہ لگی ہوئی - سُرمگیں ٭
اَنجن سارنا - ہ - سُرمہ پیسنا - سُرمہ لگانا ٭
اِنجَن - ا - صحیح انگریزی اِنجن) - مذکر - کَل - بھاپ کی کَل ٭
اَنجَن ہاری - ہ - مونث - آنکھ کے پپوٹے کی پھنسی ٭
اَنجیر - ف - مذکر گول کی شکل کا ایک پھل ٭
اِنجیل - یونانی - مونث - عیسائیوں کی مقدس مذہبی کتاب ٭
اِنچ - انگ - ایک فٹ کا بارھواں حصّہ - تین کمرٹے جو کی برابر
اَنجھَر - ہ - مذکر منتر - جادو - حرف ٭
اِنحراف - ع - مذکر - انکار - بغاوت ٭
اِنحصار - ع - مذکر - گھیرا - موقوف - منحصر ٭
اَنداز - ف - مذکر - ڈھنگ - ڈھب - قیاس ٭
اَنداز اُڑانا - ا - دوسرے کی وضع اختیار کرلینا ٭
اَنداز پیٹی - ا - مونث (ع) نخرہائی - نخرے کرنے والی ٭
اَندازہ - ف - مذکر - قیاس - تخمینہ ٭
اَندام - ف - مذکر - بدن - عضو ٭
اَندامِ نِہانی - ف - مونث - شرم گاہ - بدن کا وہ حصّہ جو پردے
میں رکھا جائے ٭
اَندَر - ف - تابع فعل - بیچ - درمیان ٭
اِندَر - ہ - مذکر - مینہ برسانے والا دیوتا - گرج - رعد ٭
اِندَر جال - ہ - مذکر - چھل - فریب - شعبدہ ٭
اِندَر جو - ہ - مذکر - ایک قسم کا بیج ٭
اِندَر کا اکھاڑا - ہ - مذکر - راجہ اِندر کی سبھا - ناچ گانے
کی بڑی محفل ٭
اِندرائن - ہ - مذکر - ایک قسم کا کڑوا پھل اور درخت ٭
اِندرائن کا پھل - ہ - مذکر - وہ چیز جو دیکھنے میں بھلی اور
کھانے میں بُری ہو ٭
اَندَرُون - ف - تابع فعل - اَندر - بیچ - بھیتر ٭
اِندرِی - ہ - مونث - حِس - حواس خمسہ - خواہش نفسانی ٭

اَندک - ف - صفت - کم - تھوڑا ٭
اَندوہ - ف - مذکر - رنج - فکر ٭
اَندھا - ہ - صفت - نابینا - جاہل - غافل - دھندلا ٭
اَندھا بنانا - ہ - نابینا کرنا - دھوکا دینا ٭
اَندھا بھینسا - ہ - مذکر - لڑکوں کا ایک کھیل ٭
اَندھا کنواں - ہ - مذکر - سوکھا ہوا کنواں ٭
اَندھا ہونا - ہ - نابینا ہونا - گمراہ ہونا (نشے یا جوانی کے
جوش میں مست ہونا ٭
اَندھا دُھند - ہ - صفت - بے سوچے سمجھے - بے دھڑک ٭
اَندھکار - ہ - مذکر - کالی پیلی آندھی - ہوا کا طوفان ٭
اَندھیر - ہ - مذکر - بدانتظامی - ظلم ٭
اَندھیر کھاتہ - ہ - مذکر - بے انصافی - حق تلفی ٭
اَندھیر مچانا - ہ - ظُلم کرنا - لوٹ مار کرنا ٭
اَندھیرا - ہ - مذکر - تاریکی - دُھند - سایہ ٭
اَندھیرا کرنا - ہ - چراغ بجھانا - روشنی دور کرنا ٭
اَندھیر گھُپ - ہ - صفت - بہت اندھیرا ٭
اَندھیری - ہ - مونث - سیاہی - گھوڑے کی آنکھوں کا ٹوپ
اَندھیری دینا - } - ہ - گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا -
اَندھیری ڈالنا } دھوکا دینا ٭
اندھیری کوٹھری - ہ - مونث - پیٹ ٭
اندھیرے اُجالے - ہ - تابع فعل - وقت بے وقت ٭
اندھیرے گھر کا اُجالا - خوبصورت - اِکلوتا بیٹا - فخرِ خاندان
اَندھے کی لاٹھی - ہ - صفت - سہارا - آسرا - کئی بچوں میں
سے ایک بچا ہوا ٭
اَندیشہ - ف - مذکر - خیال - ڈر ٭
اَندیشہ کرنا - ا - سوچنا - ڈرنا ٭
اندیشہ ناک - ف - صفت - خوفناک - ڈراونا ٭
اَنڈا - ہ - مذکر - بیضہ - پرندوں کا تخم ٭
اَنڈا کھٹکنا - ہ - پرند کے بچے کا انڈے سے باہر نکلنا ٭
انڈا گندا ہونا - انڈا خراب ہونا ٭
اَنڈے سینا - ہ - پرند کا اپنے انڈوں پر بیٹھنا - گھر میں بیکار

بیٹھے رہنا +

اُنڈیلنا - ہ - کوٹنا - ایک برتن سے دوسرے برتن میں ڈالنا

اَنرتھ - س - صفت - بیجا - نامناسب +

اِنزال - ع - مذکر - اُترنا - نازل ہونا - خارج ہونا +

اُنس - ع - مذکر - محبت - پیار +

اِنسان - ع - مذکر - آدمی +

اِنسانیت - ع - مؤنث - آدمیت - مروت - عقلمندی +

اِنسپکٹر - انگ - مذکر - نگران - معائنہ کرنیوالا +

اِنسٹیٹیوٹ - انگ - (تلفظ اِنس ٹی ٹیوٹ) محکمۂ علوم و فنون کو ترقی اور رواج دینے کا محکمہ +

اِنسداد - ع - مذکر - روک تھام - بندوبست +

اِنشا - ع - مونث - کوئی بات دل سے پیدا کرنا - عبارت - تحریر +

اِنشا پردازی - ع - ف - مونث - عبارت آرائی - طرزِ تحریر +

اِنشاءَ اللہ تعالےٰ - ع - تابع فعل - اگر خدا نے چاہا +

اِنصاف - ع - مذکر - عدل - ٹھیک ٹھیک فیصلہ کرنا

اِنصاف چاہنا - ا - فریاد کرنا +

اِنصِرام - ع - مذکر - انتظام - انجام کو پہنچانا +

اِنضِباط - ع - مذکر - باقاعدہ کرنا - درست رکھنا +

اِنضِباطِ اَوقات - ع - مذکر - وقت کی تقسیم - دستور العمل - ٹائم ٹیبل +

اِنعام - ع - مذکر - بخشش - بدلہ +

اِنعِکاس - ع - مذکر - عکس - سایہ +

اِنفارمیشن - (تلفظ اِن فارمے شن) اطلاع +

اِنفارمیشن بیورو - انگ - مذکر - محکمۂ اطلاعات +

اِنفِصال - ع - مذکر - جدا کرنا - فیصلہ +

اِنفِعال - ع - مذکر - شرمندگی - حیا +

اِنقِباض - ع - مذکر - رُکاوٹ - قبض - مزاج کی ناسازی +

اِنقِضا - ع - مذکر - گزرنا - پورا ہونا +

اِنقِلاب - ع - مذکر - گردش - تغیر و تبدل - اُلٹ پلٹ

اِنکار - ع - مذکر - عذر - نا - نہیں - منع کرنا +

اَنکس - ہ - مذکر - لوہے کا کانٹا جس سے ہاتھی کو چلاتے ہیں

اِنکِسار - ع - مذکر - عاجزی - خاکساری +

اَنکھڑی - ہ - مونث - چھوٹی اور پیاری آنکھ +

انکھیاں یا انکھیڑیاں - ہ - مونث - چھوٹی چھوٹی آنکھیں +

اَنگ - ہ - مذکر - جسم - بدن +

اَنگ لگنا - ہ - کھایا پیا بدن کو لگنا - موٹا تازہ ہونا +

اَنگا - ہ - مذکر - انگرکھا - چُپکن +

انگارا - ہ - مذکر - دہکتا ہوا کوئلہ +

انگارا بننا - ہ - غصے میں بھرنا - سُرخ و سفید ہونا +

انگاروں پر لٹانا - ہ - جلانا - تڑپانا - ستانا +

انگاروں پر لوٹنا - ہ - تڑپنا - بیتاب اور بے قرار رہنا +

انگارے برسنا - ہ - سخت گرمی پڑنا +

اَنگرکھا - ہ - مذکر - انگا +

اَنگریز - ا - اِنگلستان کا رہنے والا - فرنگی +

اَنگریزی - ا - مونث - انگریزوں کی بولی - انگریزوں سے نسبت رکھنے والی +

انگڑائی - ہ - مونث - خمیازہ - سونے کے بعد جسم کا اینٹھنا

انگڑائی توڑنا - ہ - سستی اُتارنا - بیکاری میں گزارنا +

انگڑائی لینا - ہ - سستی اُتارنا +

اَنگُشت - ف - مونث - اُنگلی - اُنگل +

اَنگُشت بدنداں ہونا - ا - افسوس کرنا - دانتوں میں انگلی دینا - حیران ہونا +

اَنگُشتِ شہادت - ف - ع - کلمہ کی انگلی - انگوٹھے کی پاس کی انگلی - +

اَنگُشت نُما - ف صفت - بدنام - رُسوا - +

اَنگُشت نُما ہونا - ا - رُسوا ہونا - بدنام ہونا +

اَنگُشتانہ - ف - مذکر - لوہے کا حلقہ جسے درزی سیتے وقت اُنگلی کے پورے میں ڈال لیتے ہیں +

اَنگُشتری - ف - مونث - انگوٹھی - مُندری +

اُنگل - ہ - مذکر - اُنگلی - ایک انگلی کی چوڑائی +

اُنگلی ۔ ہ ۔ انگشت ۔ بدن کے ایک عضو کا نام ٭
اُنگلی پکڑتے پکڑتے پہنچا پکڑنا ۔ ہ ۔ ذرا سا سہارا دیکھ کر پوری چیز کا دعوےٰ کرنا ٭
اُنگلی رکھنا ۔ ہ ۔ بتانا ۔ نکتہ چینی کرنا ۔ اعتراض کرنا ٭
اُنگلیاں اُٹھنا ۔ ہ ۔ رسوا ہونا
اُنگلیاں چٹخانا ۔ ہ ۔ اُنگلیوں کو دبا کر جوڑوں میں سے آواز نکالنا
اُنگلیاں نچانا ۔ ہ ۔ انگلیاں مٹکا مٹکا کر کسی کو چڑانا ٭
اُنگلیوں پر نچانا ۔ دق کرنا ۔ ستانا ۔ بنانا ۔ ہنسی اُڑانا ٭
اَنگنائی ۔ ہ ۔ مونث ۔ آنگن ۔ صحن ٭
اَنگنت ۔ ہ ۔ صفت ۔ بیحد ۔ بے شمار ٭
اَنگوٹھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ٹھینگا ۔ انگوٹھا ہاتھ کی سب سے موٹی اُنگلی
اَنگوٹھا چومنا ۔ ہ ۔ خوشامد کرنا ۔ ادب ظاہر کرنا ٭
اَنگوٹھا دکھانا یا نچانا ۔ ہ ۔ ٹھینگا دکھانا چڑانا ۔ چھیڑنا
اَنگوٹھی ۔ ہ ۔ مونث ۔ مندری ۔ اُنگلی میں پہننے کا ایک زیور ٭
اَنگوچھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تہ بند ۔ چھوٹی دھوتی ۔ نہا کر بدن پونچھنے کا کپڑا
اَنگور ۔ ف ۔ مذکر ۔ مشہور میوہ ۔ زخم کا بھراؤ ٭
اَنگور بندھنا ۔ زخم بھرنا ٭
اَنگور پھٹنا ۔ ہ ۔ بھرتے ہوئے زخم کا پھٹ جانا ٭
اَنگیا ۔ ہ ۔ مونث ۔ چولی ۔ سینہ بند ٭
اَنگیٹھی ۔ ہ ۔ مونث ۔ آتشدان ۔ جالی دار چولھا جس میں کوئلہ جلاتے ہیں ٭
اَنمنا ۔ ہ ۔ صفت ۔ (عو) بیمار ۔ ناساز ٭
اَنناس ۔ پرتگال ۔ مذکر ۔ ایک مشہور پھل ٭
اَننت ۔ س ۔ صفت ۔ بے انتہا ۔ بے حد ٭
اَننت چودس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہندوؤں کا ایک تہوار ٭
اَنوار ۔ ع ۔ مذکر ۔ (نور کی جمع) روشنیاں ۔ اُجالا ٭
اَنواع ۔ ع ۔ مونث ۔ (نوع کی جمع) قسمیں ۔ قسم قسم کی ٭
اَنور ۔ ع ۔ صفت ۔ زیادہ روشن ٭

اِنہدام ۔ ع ۔ مذکر ۔ ڈھے جانا ۔ بربادی ٭
اِنہیں ۔ ہ ۔ (اسم اشارہ قریب) اِن کو ٭
اُنہیں ۔ ہ ۔ (اسم اشارہ بعید) اُن کو ٭
اَنی ۔ ہ ۔ مونث ۔ برچھی یا تیر وغیرہ کی نوک ٭
اَنیس ۔ ع ۔ مذکر ۔ ساتھی ۔ دوست ۔ اُردو کا ایک مشہور مرثیہ کہنے والا شاعر ٭
اُنیس ۔ ہ ۔ صفت ۔ ایک کم بیس ۔ دس اور نو (۱۹) ٭
اُنیس بیس ۔ ہ ۔ صفت ۔ یوں ہی سا فرق ۔ تھوڑا فرق ٭
اَوائل ۔ ع ۔ مذکر ۔ (اول کی جمع) شروعات ۔ شروع کے
اَوباش ۔ ع ۔ صفت ۔ آوارہ ۔ بدمعاش ٭
اَوباشی ۔ ع ۔ مونث ۔ بدچلنی
اُوپر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ اُونچا ۔ پر ٭
اُوپر تلے ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔ اوپر نیچے ٭
اُوپر تلے کے ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ایسے دو بھائی جو ایک دوسرے کے بعد ہی پیدا ہوئے ہوں ٭
اُوپر سے ۔ ہ ۔ (تابع فعل) اس کے علاوہ ٭
اُوپر والا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خدا ٭
اُوپر ہی اُوپر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ الگ ہی الگ ۔ چھپ کر
اَوتار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دیوتا ٭
اوٹ ۔ ہ ۔ مونث ۔ پردہ ۔ آڑ ٭
اُوٹ پٹانگ ۔ ہ ۔ صفت ۔ بے ہودہ ۔ بے معنی ٭
اوٹنا ۔ ہ ۔ روئی سے بنولے جدا کرنا ٭
اوٹنی ۔ ہ ۔ مونث ۔ بنولے نکالنے کی چرخی ۔ بیلنی ٭
اَوج ۔ ع ۔ مذکر ۔ چوٹی ۔ بلندی ٭
اوجھ یا اوجھڑی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مونث ۔ چوپایوں کا معدہ ۔ پیٹ
اوجھل ۔ ہ ۔ مونث ۔ اوٹ ۔ غائب
اوچھا ۔ ہ ۔ صفت ۔ تنگ ۔ ہلکا ٭
اُودا ۔ ہ ۔ صفت ۔ سرخی مائل سیاہ رنگ ٭
اُود بلاؤ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بلی کی طرح کا ایک پانی کا جانور ۔ بیوقوف آدمی ٭

اُودَھم - ہ - مذکر - ہلڑ - چیخ پکار - آفت +

اُودَھم اُٹھانا یا جوتنا یا مچانا } - ہ - جھگڑا، فساد کرنا - آفت مچانا +

اَوْر - ہ - (حرف عطف پھر - نیا - بلکہ - غیر +

اَوْر کیا - ہ - کیا خوب - ٹھیک +

اَوْراق - ع - مذکر - (ورق کی جمع) پرت: پتا - صفحہ +

اورِی اینٹل - انگ - مشرقی +

اوڑھنا - ہ - بدن پر کپڑا اڈالنا +

اوڑھنا بچھونا - ہ - مذکر - استر بستر - سامان +

اوڑھنی - ہ - مونث - وہ کپڑا جو دلہن کے اوپر ڈالتے ہیں وہ چادر جو عورتیں سر پر ڈالتی ہیں +

اوڑھنی بدلنا - ہ - عورتوں کا آپس میں دوستی کرنا +

اَوْزار - ع - مذکر - آلات ہتھیار +

اوس - ہ - مونث - شبنم - تریل +

اوس پڑنا - یا اوس سی پڑنا } - ہ - کملانا - ٹھٹھرنا - شرمندہ ہونا - شبنم پڑنا

اَوْسان - ہ - مذکر - ہوش - ہمت +

اَوْسان اُڑ جانا یا خطا ہو جانا یا جاتے رہنا } - ہ - گھبرا جانا - سٹپٹانا - ہوش میں نہ رہنا

اُوسَر - ہ - مونث - کلّر زمین - ویران اور بنجر زمین +

اَوْسَط - ع - صفت - درمیانی +

اَوْصاف - ع - مذکر - (وصف کی جمع) خوبیاں +

اَوْفِس - انگ - مذکر - دفتر - محکمہ +

اَوْقات - ع - مذکر - (وقت کی جمع) وقت - حالت حیثیت

اوک - ہ - مونث - دونوں ہاتھوں کو گہرا کر کے ملانے سے جو شکل بنتی ہے +

اُوکشن مارٹ - انگ - مذکر - نیلام گھر +

اوکنا - ہ - قے کرنا - ڈالنا +

اوکھلی - ہ - مونث - پتھر یا کاٹھ کی گہری ہوئی کونڈی جس میں موسل سے غلہ کوٹتے ہیں +

اوکھلی میں سر دینا - ہ - جان بوجھ کر خطرے میں پڑنا +

اُوکے چُوکے - ہ - تابع فعل - بھولے بھٹکے +

اَوگھٹ - ہ - صفت - ناہموار - دشوار +

اَوگی - ہ - مونث - گھوڑے سدھانے کا لمبا کوڑا - کارچوبی جوتے کا پتا - اڈا +

اَوَّل - ع - صفت پہلا - اعلٰے +

اَوَّل مَنزِل پہنچانا - ہ - دفن کرنا - کریا کرم کرنا +

اولا - ہ - مذکر - برف کے ٹکڑے جو بارش کے ساتھ برستے ہیں - بجری - سفید برف کی طرح ٹھنڈا +

اَولاد - ع - مونث - بال بچے +

اَوْلتی - ع - مونث - چھپر یا کھپریل کا نیچے کا کنارہ +

اُول جلول - ہ - صفت - بے ہودہ - بے معنی - بے وقوف

اَوَل فَوَل - ا - مذکر - بکواس - گالیاں +

اَوْلو - ہ - صفت - بے ڈھنگا +

اُولوالعَزم - ع - صفت - (تلفظ اُلُل عَزم) ثابت قدم بلند ہمت - مستقل مزاج +

اَولے - ع - صفت - بہتر - نِخلے +

اَوْلیا - ع - مذکر - (ولی کی جمع) ولی - خدا کے دوست +

اَوْلیائے دَولت - ع - مذکر - وزیر لوگ - سلطنت کے بہی خواہ

اُون - ہ - مونث - بھیڑ بکری وغیرہ کے بال +

اُونٹ - ہ - مذکر - ایک لمبی ٹانگوں اور لمبی گردن والا مشہور جانور +

اُونٹ کٹارا - ہ - مذکر - ایک خار دار گھاس - اونٹ کا چارا +

اَوْنٹانا - ہ - جوش دینا - کھولانا +

اَوْنٹنا - ہ - جوش کھانا - کھولنا - جوش دینا +

اُونٹنی - ہ - مونث - سانڈنی - اونٹ کی مادہ +

اُونچا - ہ - صفت - بلند - بڑا +

اُونچا سُننا - ہ - کم سننا - بہرا ہونا +

اُونچا گھر - ہ - مذکر - شریف اور امیر گھر +

اُونچ نیچ - ہ - مونث - برائی بھلائی - نفع نقصان +

اُونچی ناک کرنا - ہ - عزت دینا ٭

اُونچی ناک ہونا - ہ - عزت بڑھنا ٭

اُوندھا - ہ - صفت - اُلٹا - چٹ - بے وقوف ٭

اُوندھانا - ہ - کُنڈھانا - اُلٹنا ٭

اُوندھی پیشانی - یا اُوندھی کھوپری } - ہ - مونث - بے وقوف - بدقسمت ٭

اُوندھے مُنہ دُودھ پینا - ہ - نادان اور ناسمجھ ہونا ٭

اُوندھے مُنہ گرنا - ہ - مُنہ کے بل گرنا - ذلیل ہونا - مات کھانا

اَوُنس - انگ - مذکر - پونڈ کا بارھواں حصہ - ایک انگریزی باٹ ٭

اُونگھ - ہ - مونث - نیند کی جھپکی - نیند ٭

اُونگھنا - ہ - سونا - غافل ہونا - نیند کا اثر ہونا ٭

اُونہہ - ہ - (کلمۂ تحقیر) بلا سے - کیا پرواہ ہے - کراہنے کی آواز

اُونے پَونے بیچ ڈالنا - ہ - کم قیمت پر بیچ ڈالنا ٭

اُونی - ہ - صفت - اُون کا بنا ہوا ٭

اُوَرسِیَر - انگ - مذکر - گرداور - نگراں - تعمیر کا کام کرنیوالا

اوہ - (کلمۂ استغنا) کیا پرواہ ہے - کراہنے کی آواز ٭

اوہو - ہ - آہا ! خوب ! ٭

اُوئی یا / اوئی یا / دُوئی } - ہ - عورتوں کا مشہور تکیہ کلام ٭

اَوِیر سَویر - ہ - تابع فعل - وقت بے وقت ٭

اہ

اَہالی موالی - ع - مذکر - (اہل و موالے کی جمع) - دوست احباب نوکر چاکر ٭

اَہانت - ع - مونث - ذلت - حقارت ٭

آہاہا / آہاہاہا } - ہ - واہ وا ! ٭

اہتمام - ع - مذکر - انتظام - بندوبست ٭

اَہلُ اللہ - ع - مذکر - بزرگان دین - خدا والے ٭

اَہلبیت - ع - مذکر - پیغمبر اسلام علیہ السلام کے کُنبے کے لوگ

اَہلِ حرفہ - ع - مذکر - پیشہ ور ٭

اَہلِ زبان - ع - ف - مذکر - مادری زبان جاننے والا - زبان کا ماہر ٭

اَہلِ سُنّت - ع - مذکر - سُنّی - اسلام کے چاروں خُلفاء کو ماننے والا - سنت رسول اللہ پر عمل کرنے والا ٭

اَہلِ صنعت - ع - مذکر - دستکار - کاریگر ٭

اَہلِ قلم - ع - مذکر - تعلیم یافتہ - مصنف - مضمون نگار ٭

اہلکار - ع - ف - کارندہ - کچہری کے منشی ٭

اَہلِ کتاب - ف - مذکر - وہ لوگ جو مذہب میں کسی آسمانی کتاب کے پیرو ہوں ٭

اَہل و عیال - ع - مذکر - بال بچے ٭

اَہلیت - ع - مونث - قابلیت ٭

اَہلیہ - ع - مونث - بیوی ٭

اَہم - ع - صفت - ضروری ٭

اَہِیر - ہ - مذکر - گوالا - گڈریا ٭

ای

اَے یا اِے - ف - پکارنے کا کلمہ - اُوہو - ارے ٭

اَیال - ا - مونث - گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال

اَیّام - ع - مذکر - (یوم کی جمع) دن - زمانہ ٭

اِیجاب و قبول - ع - مذکر - نکاح - نکاح کا قول و قرار ٭

اِیجاد - ع - مونث - نئی چیز بنانا - ایجاد کو مذکر بھی بولتے ہیں ٭

اَیڈریس - انگ - مذکر - سپاسنامہ - تحریری شکریہ ٭

ایڈووکیٹ - انگ - مذکر - وکیل - مختار ٭

ایڈیٹوریل - انگ - صفت - خود ایڈیٹر کا لکھا ہوا مضمون

ایڈی کانگ - انگ - مذکر - مصاحب - نواب یا راجہ کی سواری

ایذا - ع - مونث - دُکھ - تکلیف ٭

ایرے غیرے - ا - مذکر - بے واسطہ لوگ ٭

ایڑ / ایڑی } - ہ - مونث - اَڈی - پاشنہ ٭

ایڑ لگانا۔ ہ۔ گھوڑے کو بھگانا۔ اکسانا۔ اُبھارنا

ایڑیاں رگڑنا۔ ہ۔ لازم۔ ضد کرنا۔ دَوڑ دھوپ کرنا

ایڑی دیکھیں۔ ہ۔ محاورہ۔ چشم بد دُور

ایسا۔ ہ۔ صفت۔ اس قسم کا

ایسا تیسا / ایسا ویسا } ہ۔ مذکر۔ (کلمۂ حقارت) بُرا بھلا

ایسی تیسی کرنا۔ ہ۔ بُرا بھلا کہنا۔ یُوں تُوں کرنا

ایشور۔ س۔ مذکر۔ خُدا

ایشیا۔ انگ۔ مذکر۔ مشہور بر اعظم جس میں ہندوستان واقع ہے

ایضاً۔ ع۔ تابع فعل۔ بجنسہٖ۔ وہی

ایک۔ ہ۔ صفت۔ واحد۔ فرد۔ برابر۔ یکساں

ایک آدھ۔ ہ۔ صفت۔ اِکّا دُکّا

ایک آنکھ نہ بھانا۔ ہ۔ ذرا پسند نہ آنا

ایک پلا دار بند ہونا۔ ا۔ کانا ہونا

ایک ٹانگ پھرنا۔ ہ۔ برابر پھرے جانا

ایک رنگ آنا ایک جانا۔ ہ۔ چہرہ کا رنگ بدلنا۔ مُنہ پر ہوائی چھوٹنا۔ چہرے سے خوف ظاہر ہونا

ایک زبان رکھنا۔ ا۔ بات کا پکّا ہونا

ایک نظر۔ ا۔ تابع فعل۔ ذرا سا دیکھنا۔ سرسری

ایکا ہو جانا۔ ہ۔ اتفاق کر لینا

ایکا۔ ہ۔ مذکر۔ اتفاق

ایکھ۔ ہ۔ مونث۔ گنّا

ایلچی۔ ت۔ مذکر۔ قاصد۔ وکیل

ایلچی گری۔ ہ۔ مونث۔ سفارت۔ قاصدی

ایلو۔ ہ۔ (کلمۂ ندا) سُنو۔ دیکھو !

ایما۔ ع۔ مذکر۔ منشا۔ اشارہ

ایما لینا۔ ا۔ عندیہ لینا۔ منشا دریافت کرنا

ایمان۔ ع۔ مذکر۔ یقین۔ عقیدہ۔ نیت

ایمان بیچنا۔ ا۔ ہٹ دھرمی کرنا۔ بے ایمانی کرنا

ایماندار۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ دیندار۔ سچّا

ایمانداری۔ ع۔ ف۔ مونث۔ سچائی۔ صداقت

ایمان لانا۔ ا۔ اسلام لانا۔ ماننا۔ تسلیم کرنا

اَئیں / اَہیں / ہَیں } ہ۔ کیوں ؟ خبردار !

اینٹ۔ ہ۔ مونث۔ چوکا۔ بُنیاد

اینٹ سے اینٹ بجانا۔ ہ۔ برباد کرنا۔ مسمار کر دینا

اینٹھ۔ ہ۔ مونث۔ اکڑ۔ غرور

اینٹھ کر چلنا۔ ہ۔ اِترانا۔ غرور کرنا

اینٹھن۔ ہ۔ مونث۔ مروڑ۔ کھنچاؤ

اینٹھنا۔ ہ۔ اکڑنا۔ غصے ہونا۔ بل دینا

اینچا تانی۔ ہ۔ مونث۔ کش مکش۔ لڑائی جھگڑا

ایندھن۔ ہ۔ مذکر۔ جلانے کی لکڑی وغیرہ۔ بیکار چیز

اینڈنا۔ ہ۔ سستی کرنا۔ کروٹیں بدلنا

اینڈا پھرنا۔ ہ۔ اِتراتا پھرنا

اینڈی بینڈی۔ ہ۔ صفت۔ ٹیڑھی ترچھی

اے ہے۔ ہ۔ (کلمۂ تاسف) افسوس ! ہا

ب

ب۔ ع۔ مونث۔ اُردو الفبے کا دوسرا حرف

ب ا

با۔ ف۔ (حرفِ ربط) ساتھ۔ ہمراہ

باتمیز۔ ف۔ ع۔ صفت۔ تمیز دار۔ باسلیقہ

باحیا۔ ف۔ ع۔ صفت۔ حیادار۔ شرمیلا

باخبر۔ ف۔ ع۔ صفت۔ واقف۔ معلومات رکھنے والا

باضابطہ۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ باقاعدہ۔ دستور کے مطابق

باقاعدہ۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ قاعدے کے مطابق۔ باضابطہ

بامروّت۔ ف۔ ع۔ صفت۔ باوفا۔ خوش اخلاق

باوضع۔ ف۔ ع۔ صفت۔ وضعدار۔ سجیلا

باوفا۔ ف۔ ع۔ وفادار۔ بات کا پُورا

باب - ع - مذکر - بابت - کتاب کا حصہ - دروازہ ٭
بابا - ہ - ف - مذکر - باپ - والد - فقیر اور بڈھوں کو بھی اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں ٭
بابت - ع - مونث - معاملہ - لئے - واسطے ٭
بابر - ہ - مونث - ایک قسم کی گھاس جسکا بان بٹا جاتا ہے - مغلیہ خاندان کے پہلے بادشاہ کا نام ہے ٭
بابل - ع - مذکر - کوفے کے قریب ایک قدیم مشہور شہر کا نام
بابن - انگ - مونث - رنگین ڈوری - باریک فیتہ
بابو - ہ - مذکر - میاں - مسٹر - کلرک ٭
باپ - ہ - مذکر - والد - پتا - ابا ٭
باپ بنانا - ہ - خوشامد کرنا
باپ تک جانا - ہ - باپ کی گالی دینا ٭
باپ دادا - ہ - مذکر - بڑے بوڑھے ٭
بات - ہ - مونث - بولی - بول چال - زبان ٭
بات آنا - ہ - برائی آنا - حرف آنا - سگائی آنا - نسبت آنا ٭
بات بدلنا - ہ - زبان پھیرنا - جھوٹ بولنا ٭
بات بڑھانا - ہ - جھگڑا کرنا ٭
بات بڑھنا - ہ - جھگڑا پیدا ہونا ٭
بات بڑی کرنا - ہ - کلام کو تاکید کرنا - ہاں میں ہاں ملانا ٭
بات بگاڑنا - ہ - نوبت کھونا - کام بگاڑنا ٭
بات بگڑنا - ہ - عزت میں فرق آنا - حیثیت بگڑنا ٭
بات بننا - ہ - کامیاب ہونا ٭
بات بنانا - ہ - جھوٹ بولنا ٭
بات پر آنا - ہ - بحث کرنا - تیج کرنا ٭
بات پکڑنا - ہ - اعتراض کرنا - عیب نکالنا ٭
بات پوچھنا - ہ - خیر خبر لینا - پروا کرنا ٭
بات پھوٹنا یا پھیلنا } - ہ - بھید کھلنا - مشہور ہونا ٭
بات پینا - ہ - درگزر کرنا - برداشت کرنا ٭
بات ٹھہرنا - ہ - نسبت قرار پانا - سگائی ہونا ٭
بات جانا - ہ - بے اعتبار ہونا ٭

بات چلنا - ہ - ذکر چھڑنا ٭
بات چیت - ہ - مونث - بول چال - گفتگو ٭
بات رکھ لینا یا رکھنا } - ہ - مان لینا - عزت رکھنا ٭
بات رہنا - ہ - آبرو رہنا ٭
بات کا بتنگڑ بنانا - ہ - تھوڑی سی بات کو بڑھا کر بیان کرنا - مبالغہ کرنا ٭
بات کا بھید - ہ - مذکر - بات کی تہ - بات کا مطلب ٭
بات کا پورا - ہ - صفت - سچا - قول کا پکا ٭
بات کاٹنا - ہ - گفتگو میں دخل دینا - بیچ میں بول پڑنا ٭
بات کا ہیٹا - ہ - صفت - بے اعتبار - جھوٹا ٭
بات کرنا - ہ - بولنا - متوجہ ہونا ٭
بات کرتے میں یا کہنے میں } - ہ - تابع فعل - فوراً - ذرا سی دیر میں ٭
بات کھلنا - ہ - بھید کھلنا ٭
بات کی بات یا بات کی بات کو } - ہ - تابع فعل - دم بھر کے لئے - تھوڑی دیر کے لئے ٭
بات لانا - ہ - شادی کا پیغام لانا - عیب لگانا ٭
بات لگانا - ہ - لگائی بجھائی کرنا - غیبت کرنا ٭
بات میں فی نکالنا - ہ - نکتہ چینی کرنا - عیب نکالنا ٭
بات نہ پوچھنا - ہ - بے پروائی برتنا ٭
بات ہیٹی ہونا - ہ - سبکی ہونا - ساکھ بگڑنا ٭
باتون - ہ - مذکر - باتیں بنانے والا - بکواسی ٭
باتوں کا جھاڑ باندھنا - ہ - لگاتار بولے جانا ٭
باتوں کا دھنی - ہ - صفت - باتون کی مت ٭
باتوں میں اڑانا - ہ - ٹالنا ٭
باتونی یا باتو ربنا } - ہ - مذکر - بکی - بھڑ بھڑیا ٭
باتیں بگھارنا یا بنانا } - ہ - شیخی مارنا - جھوٹ بولنا ٭
باتیں سننا - ہ - برا بھلا سہنا ٭

باتیں سُنانا - ہ - بُرا بھلا کہنا *
باٹ - ہ - مذکر - تولنے کا مقررہ وزن - رستہ - سڑک *
باج - ف - مذکر - خراج - لگان *
باجگزار - ف - مذکر - رعیّت خراج ادا کرنیوالا *
باجا - ہ - مذکر - بجنے کی چیز *
باجا گاجا - ہ - مذکر - دُھوم دھڑکا *
باجرا - ہ - مذکر - ایک قسم کا غلّہ - پُہار - ننھی ننھی لونڈیں
باجی - ت - مونث - بڑی بہن کا خطاب - جی جی *
باچھ - ہ - مونث - ہونٹوں کا کونہ *
باچھیں آنا - ہ - ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا *
باچھیں کھِلجانا - ہ - ہنس دینا *
بادرفتار - ف - صفت - چالاک اور تیز (گھوڑا) *
بادِصبا - ف ع - مونث - صبح کی شمال مشرقی ہوا *
بادِمخالف - ف ع - مونث - طوفان - آندھی *
بادِموافق یا بادِمُراد - ف ع - جہاز اور کشتی کے موافق ہَوا *
بادنما - ف - مذکر - ہوا کا رُخ معلوم کرنیکا آلہ *
بادام - ف - مذکر - مشہور میوہ *
بادامی - ف - صفت - ہلکا زرد رنگ - زیور رکھنے کی ڈبیہ
بادبان - ف - مذکر - جہاز کے ہوا بھرنے کا کپڑا *
بادریشہ - ف - مذکر - ایک گول سوراخدار لکڑی جسے خیمے کی چوب پر رکھتے ہیں *
بادشاہ - ا - مذکر - ملک کا حاکم - راجہ - سردار *
بادشاہت - ا - مونث - حکومت - راج *
بادکش - ف - مذکر - پنکھا *
بادل - ہ - مذکر - ابر - گھٹا *
بادل آنا یا گھِرنا - ہ - گھٹا گھِرنا - ابر پھیلنا *
بادل پھٹنا یا چھٹنا - ہ - آسمان صاف ہونا - بادل ہٹنا
بادل گرجنا - ہ - بادل کی آواز نکلنا *
بادلہ - ہ - مذکر - زری - ایک قسم کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بُنا جاتا ہے *

بادہ - ف - مذکر - شراب *
بادہ کش }
بادہ نوش } - ف - صفت - شرابی *
بادہوائی - ا - مونث - بے ہودگی - بیکار *
بادی - ف - صفت - مترد - پھُلانے والا *
بادیُ النظر - ع - تابع فعل - بظاہر - دیکھتے ہیں *
بادیان - ف - مونث - سونف *
بادی چور - ا - مذکر - پکا چور *
بادیہ - ف - مذکر - بڑا پیالہ - جنگل *
بار - ہ - مذکر - مرتبہ - دفعہ *
بار بار - ہ - تابع فعل - گھڑی گھڑی - متواتر *
باری باری - ہ - تابع فعل - نمبروار - ایک کے بعد دوسرا *
بار - ف - مذکر - بوجھ - اجازت *
باربر - انگ - مذکر - حجام - نائی *
باربردار - ف - مذکر - قلی - پلّہ دار *
باربرداری - ف - مونث - ڈھلائی - چھکڑے وغیرہ کا کرایہ
بارِخاطر - ف ع - صفت - ناگوار - تکلیف دہ *
باردار - ف - صفت - پھلدار - حاملہ *
باردانہ - ف - مذکر - انگڑ کھنگڑ - فوج کے کھانے پینے کا سامان - سوداگری کے سامان کی بوریاں اور صندوق
بارِعام - ف ع - مذکر - عام اجازت *
باراں - ف - مذکر - مینہ - بارش *
بارانی - ف - مونث - برساتی (کپڑا) برساتی زمین *
بارجہ - ہ - مذکر - باڑا - برآمدہ - کوٹھا *
بارِد - ع - صفت - ٹھنڈا *
بارش - ف - مونث - مینہ *
بارک اللہ - (دُعا) شاباش! اللہ تعالےٰ برکت دے *
بارکش - ف - مذکر - بوجھ اٹھانے والا *
بارک }
باڑک } - ا - مونث - فوجی مکان - سپاہیوں کے رہنے کا مکان *
بارگاہ - ف - مونث - دربار کی جگہ - کچہری *

بار گیر - ف - مذکر - وہ سوار جسکا اپنا گھوڑا نہ ہو - لدو گھوڑا یا اونٹ +

بارُود / بارُوت } - ف - مونث - توپ وغیرہ میں بھرنیکا مشہور سفوف

بارہ - ہ - صفت - دش اور دو (۱۲) +

بارہ باٹ کرنا - ہ - بکھیرنا - برباد کرنا +

بارہ باٹ ہونا - ہ - ستیاناس ہونا +

بارہ دری - ا - مونث - بارہ دروازوں کا مکان - باغ کے اندر یا دریا کے کنارے کا ہوادار مکان +

بارہ سنگا - ہ - مذکر - ایک قسم کا ہرن جسکے سینگوں میں بہت سی شاخیں ہوتی ہیں +

بارہ مہینے - ہ - تابع فعل - سال بھر - ہمیشہ +

بارہ وفات - ا - مذکر - ربیع الاول کے پہلے بارہ دن - مسلمان عورتوں کا تیسرا مہینہ +

بَرہ - ہ - مذکر - کھیتوں میں پانی لیجانے کی نالی +

بارے - ف - تابع فعل - آخر کار +

باریک - ف - صفت - مہین - ہلکا +

باریکہ - ا - مذکر - مُوقلم - مصور یا پینٹر کا بالوں کا قلم +

باریکی - ف - مونث - نزاکت - نکتہ +

باریکیاں نکالنا - ا - اعتراض کرنا +

باڈی گاڈ - ا - مذکر - (صحیح انگریزی باڈی گارڈ) خواص محافظ +

بُرّاں - ف - صفت - کاٹنے والا - نہایت دہاردار +

باڑیا / باڑھ } - ہ - مونث - دہارہ +

باڑا - ہ - مونث - چاردیواری - احاطہ +

باڑ اُڑانا / باڑ چلانا / باڑ چھوڑنا / باڑ مارنا } - ہ - ایک ساتھ بہت سی توپیں یا بندوقیں چلانا

باڑ باندھنا - ہ - کانٹوں وغیرہ سے احاطہ بنانا +

باڑھ رکھنا - ہ - دہار رکھنا - تیز کرنا +

باز - ع - مذکر - ایک شکاری پرند +

باز آنا - ا - واپس آنا - چھوڑ دینا +

باز رکھنا - ا - روکنا +

بازار - ف - مذکر - عام خرید و فروخت کی جگہ +

بازار کے بھاؤ پٹنا - ا - خوب پٹنا - علانیہ جوتے کھانا +

بازار گرم ہونا - ا - بازار کا رونق پر ہونا - کسی چیز کا زوروں پر ہونا +

بازارو یا / بازاری } - ا - صفت - عام بکری کی چیز - معمولی چیز +

باز پُرس - ف - مونث - پوچھ گچھ - جوابدہی +

باز پُرس کرنا - ا - جواب طلب کرنا - تحقیقات کرنا +

بازُو - ف - مذکر - کہنی سے شانے تک کا حصہ - ڈنٹر +

بازُو بند - ف - مذکر - بازو پر پہننے کا مشہور زیور

بازی - ف - مونث - کھیل - شرط - فریب +

بازی بدنا یا / بازی لگانا } - ا - داؤ لگانا - شرط باندھنا +

بازی لے جانا - ا - جیتنا - غالب آنا +

بازی ہارنا - ا - مات کھانا - مغلوب ہونا +

بازیچہ - ف - مذکر - کھلونا - کھیل +

بازیگر - ف - مذکر - بھانمتی - نٹ +

باس - ہ - مونث - بو - مہک +

باسمتی - ہ - مذکر - ایک قسم کا خوشبودار چاول +

باسن - ہ - مذکر - برتن +

باسی - ہ - صفت - رات کا بچا ہوا +

باسی عید - ا - مونث - عید کا دوسرا دن +

باسی منہ - ا - مذکر - بغیر منہ دھوئے - صبح کو بغیر کچھ کھائے

باشندہ - ف - مذکر - رہنے والا - بسنے والا +

باطِل - ع - صفت - جھوٹا - کھوٹا - جھوٹ +

باطِل کرنا - ا - رد کرنا - جھٹلانا +

باطِن - ع - مذکر - اندرونی حصہ - دل +

باعث - ع - مذکر - سبب - وجہ ۔

باغ - ف - مذکر - چمن - جہاں باقاعدہ بہت سے درخت لگے ہوں ۔

باغ باڑی - ا - مونث - پھلواری - بال بچے ۔

باغ باغ ہونا - ا - بہت خوش ہونا ۔

باغبان - ف - مذکر - مالی ۔

باغیچہ - ف - مذکر - چھوٹا سا باغ ۔

باغی - ف - مذکر - سرکش - بادشاہ کا مخالف ۔

باقر خانی - ت - مونث - ایک قسم کی خستہ روٹی ۔

باقلا - ع - مذکر - مٹر کی قسم کی پھلیاں ۔

باقی - ع - مونث - بچی ہوئی چیز - قائم - پائیدار ۔

باک - ف - مذکر - ڈر - خطر ۔

باکرہ - ع - مونث - کنواری - دوشیزہ ۔

باکھڑی / باکھلی - ہ - مونث - ایسی گائے یا بھینس جو صرف پانچ مہینے دودھ دیکر رک جائے ۔

باگ - ہ - مونث - راس - لگام ۔

باگ اٹھانا - ہ - گھوڑا دوڑانا ۔

باگ ڈور - ہ - مونث - وہ رسّی جو گھوڑے کی لگام میں باندھ کر سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے ۔

باگ ڈھیلی کرنا - ہ - چشم پوشی کرنا - نظر بچانا - گھوڑے کو اسکی مرضی کے مطابق چلنے دینا ۔

باگ موڑنا - ہ - لوٹانا - گھوڑے کی لگام پھیرنا ۔

باگ ہاتھ سے چھوٹنا - ہ - بے اختیار ہونا - موقع جاتا رہنا

بال - ہ - مونث - گیہوں وغیرہ کی بالی - اناج کا خوشہ ۔

بال - ہ - مذکر - بچہ - بالک - رونگٹا - کیس - اون - دراڑ ۔

بالپن - ہ - مذکر - لڑکپن - بچپن ۔

بال ہٹ - ہ - مونث - بچوں کی ضد - اَڑ ۔

بال آنا - ہ - بال نکلنا - شگاف پڑنا ۔

بال بال بچنا - ہ - بہت قریب سے بچنا - صاف بچ نکلنا

بال باندھا غلام - ا - (محاورہ) بے عذر نوکر - اشارے پر کام کرنے والا ۔

بال باندھا نشانہ اڑانا - ا - نشانہ خطا نہ کرنا - ٹھیک نشانہ مارنا ۔

بال برابر - ا - مذکر - ذرا سا ۔

بال بکھیرنا - ہ - ماتم کرنا - سوگ منانا ۔

بال بنانا - ہ - بال سنوارنا - خط بنانا ۔

بال بیکا نہ ہونا - ہ - ذرا تکلیف نہ پہنچنا ۔

بال توڑ - ہ - مذکر - وہ پھوڑا جو بال ٹوٹنے سے نکل آتا ہے

بال چھڑ - ہ - مونث - دوا کا نام ۔

بال خورا - ہ - مذکر - وہ مرض جسمیں بال جھڑ جاتے ہیں ۔

بال رکھنا - ہ - پٹے یا انگریزی بال رکھنا - بال بڑھانا ۔

بال سفید ہونا - ا - بڈھا ہونا ۔

بال صفا - ا - مذکر - نورا - بال صاف کرنیکا پوڈر ۔

بال کا کمبل بنانا - ہ - بات کا بتنگڑ یا رائی کا پربت بنانا ۔

بال کمانی - ا - مونث - گھڑی کی باریک کمانی ۔

بال کھڑے ہونا - ہ - ڈرنا - رونگٹے کھڑے ہونا ۔

بال کھولنا - ہ - ماتم کرنا ۔

بال کی کھال کھینچنا - ہ - لازم - باریکی نکالنا ۔

بال و پر نکلنا - ا - ہوش سنبھالنا - شریر ہونا ۔

بالا - ہ - مذکر - کان میں پہننے کا مشہور زیور - بچہ - لڑکا ۔

بالا - ف - صفت - اوپر - لمبا - قد ۔

بالا بالا - ف - تابع فعل - الگ ہی الگ چپکے ہی چپکے ۔

بالا بر - ا - مذکر - انگرکھے کا آگے نکلا ہوا حصہ ۔

بالاپوش - ف - مذکر - لحاف - پلنگ پوش - غلاف ۔

بالاخانہ - ف - مذکر - اوپر کا کمرہ - کوٹھا ۔

بالادست - ف - صفت - زبردست - افسر ۔

بالانشین - ف - مذکر - میر مجلس - بڑھیا چیز ۔

بالاتفاق - ع - تابع فعل - (تلفظ بل اتفاق) سبکے اتفاق سے ایک ساتھ ۔

بالاجمال - ع - تابع فعل (تلفظ بل اجمال) مختصر طور پر ۔

بالارادہ - ع - تابع فعل - (تلفظ بل ارادہ) جان بوجھ کر - عمداً ۔

بالائی - ف - تابع فعل - اُوپری - غیر معمولی - پکائے ہوئے دودھ کے اُوپر کی جمی ہوئی تہ ٭

بالتخصیص - ع - تابع فعل - (تلفظ بت تخصیص) خصوصاً - خاص کر ٭

بالتصریح - ع - تابع فعل (تلفظ بت تصریح) صاف صاف کھولکر ٭

بالتفصیل - ع - تابع فعل (تلفظ بت تفصیل) الگ الگ تفصیل کے ساتھ ٭

بالٹی - ا - مونث - ڈولچی ٭

بالشت - ا - مونث - بالند - انگوٹھے کی نوک سے چھنگلی کی نوک تک کا فاصلہ ٭

بالشتیا - ہ - مذکر - بونا - چھوٹے قد کا آدمی ٭

بالضرور - ع - تابع فعل (تلفظ - بِض ضرور) بے شک ٭

بالعکس - ع - تابع فعل (تلفظ - بل عکس) اُلٹا - برعکس ٭

بالغ - ع - صفت - جوان - سیانا ٭

بالغ نظر - ع - صفت - بڑا ذہین اور سمجھ دار ٭

بالغہ - ع - مونث - جوان عورت - سیانی ٭

بالفرض - ع - تابع فعل (تلفظ بل فرض) - مانکر - مانا فرض کیا

بالفعل - ع - تابع فعل (تلفظ - بل فعل) اس وقت ٭

بالقوہ - ع - تابع فعل (تلفظ - بل قوہ) اصل میں حقیقت میں

بالک / بالکا } - ہ - مذکر - بچہ - مرید - چیلا ٭

بالکل - ع - تابع فعل (تلفظ - بل کل) تمام ٭

بالم - ہ - مذکر - خاوند - عاشق - عورت کا محبوب ٭

بالمشافہ - ع - تابع فعل (تلفظ - بلمشافہ) آمنے سامنے - منہ در منہ ٭

بالمقطع - ع - تابع فعل (تلفظ - بلمقطع) چکتی - اکٹھا ٭

بالم کھیرا - ہ - مذکر - بڑا کھیرا ٭

بالمواجہ - ع - تابع فعل (تلفظ - بلمواجہ) - سامنے ٭

بالن - ہ - مذکر - ایندھن ٭

بالو - ہ - مذکر - ریت - بھاڑ کا دبنہ ٭

بالوشاہی - ا - مذکر - ایک مشہور مٹھائی ٭

بالی - ہ - مونث - کان میں پہننے کا حلقہ - مُرکی ٭

بالی عمر - ا - صفت - لڑکپن - کم سنی ٭

بالیدگی - ف - مونث - بڑھاؤ ٭

بالین - ف - مونث - سرہانہ - تکیہ ٭

بام - ف - مذکر - چھت - کوٹھا ٭

بام - ہ - مونث - سانپ کی صورت کی ایک مچھلی ٭

بامنی - ہ - مونث - چھپکلی کی طرح کا ایک جانور ٭

بان - ہ - مذکر - مونجھ وغیرہ کی ایک رسی ٭

بانا - ہ - مذکر - لباس - پوشاک - وہ تار جن سے چوڑائی میں کپڑا بُنا جاتا ہے ٭

بانا بدلنا - ا - بھیس بدلنا ٭

بانات - ہ - مونث - ایک قسم کا ملائم اُونی کپڑا ٭

بانٹ - ہ - حصہ - تقسیم - بٹوارہ ٭

بانجھ - ہ - صفت - وہ عورت جسکے اولاد پیدا نہ ہو ٭

باندی - ہ - مونث - لونڈی - چھوکری ٭

بانس - ہ - مذکر - مشہور درخت - بمبو ٭

بانس پر چڑھانا - ہ - بدنام کرنا ٭

بانسا - ہ - مذکر - نتھنوں کے درمیان کی ہڈی - ناک کی جڑ

بانسا پھر جانا - ہ - موت کی علامت ظاہر ہونا ٭

بانسری - ہ - مونث - بانسلی - مُرلی - منہ سے بجانے کا ایک مشہور باجا ٭

بانسوں اچھلنا - ہ - بہت خوش ہونا ٭

بانسی - ہ - مونث - بانس کے درخت - ایک قسم کا پتھر ٭

بانک - ہ - مذکر - چھری - کٹار - بدت ٭

بانکا - ہ - مذکر - چھیلا - البیلا - شریر - سرکش ٭

بانکپن - ہ - مذکر - البیلاپن - شرارت ٭

بانگ - ف - مونث - آواز - نماز کی اذان - مرغ کی آواز

بانگ دینا - ا - آواز دینا - اذان دینا ٭

بانو - ف - مونث - بیوی - بیگم - شہزادی ٭

بانہہ - ہ - مونث - بازو - آستین - مددگار - سگا بھائی - طاقت

بانیؔ - ع - صفت - بنانے والا - بنیاد ڈالنے والا +

بانیٔ فساد - ع - صفت - فساد کی جڑ - سرغنہ +

بانیٔ کار - ع ف - مذکر - مُوجد - اہر - گُرگہ - بدمعاش +

بانی - ہ - مونث - عادت - انداز - طریقہ +

باوا - ہ - مذکر - بابا - باپ - ہندو فقیر +

باوا آدم - ہ - ع - مذکر - حضرت آدم - مہادیوجی +

باوٹا - ہ - مذکر - نشان - جھنڈا

باور - ف - مذکر - اعتبار - یقین +

باورچی - ف - مذکر - رسوئیا - خانساماں +

باورچی خانہ - ف - مذکر - کھانا پکانے کی جگہ +

باورچی گری - ف - مونث - کھانا پکانے کا کام +

باوگولہ - ہ - مذکر - تلّی کا درد +

باولا - ہ - مذکر - پاگل - خبطی +

باولی - ف - مونث - بڑا سا سیڑھیوں والا کنواں - (ہندی میں) پاگل عورت +

باون - ہ - صفت - پچاس اور دو (۵۲) +

باون گز کا - ہ - صفت - لمبا - شریر +

باہ - ع - مونث - طاقت مردمی +

باہر - ہ - تابع فعل - علیحدہ - جُدا - اندر کے خلاف +

باہر کا - ہ - مذکر - اجنبی - غیر +

باہر کرنا - ہ - نکالنا - دُھتکارنا +

باہم - ف - تابع فعل - آپس میں - مل جُل کر +

بائی - ہ - مونث - بیگم - رانی - بہن - اینٹھن +

بایاں - ہ - صفت - اُلٹا ہاتھ - طبلہ +

بایدو شاید - ف - تابع فعل - جیسا چاہیئے - پورا پورا +

بائع - ع - مذکر - بیچنے والا +

ب ب

ببر - ع - مذکر - بڑا شیر - افریقہ کا ببر

ببری - ا - مونث - ماتھے کے بال - چھوٹی ہوئی لٹ +

ببریاں چھوڑنا - ہ - زلفیں چھوڑنا - ماتھے کے جھونٹے سے بال خوبصورتی کے لیئے چھوڑ دینا +

ببول - ہ - مذکر - کیکر - ایک کانٹوں والا پیڑ +

ببئی - ہ - مونث - مینا کی قسم کا ایک پرند +

ب پ

بپتا - ہ - مونث - مصیبت - دُکھ +

بپتا ڈالنا - ہ - ستانا +

بپھرنا - ہ - جھلّانا - جوش میں آنا - گھوڑے کا چمکنا +

ب ت

بُت - ف - مذکر - مورت - پُتلا - معشوق - خاموش - مدہوش - گھونسا - مُکّا +

بُت پرست - ف - مذکر - مورتی پوجنے والا +

بُت پرستی - ف - مونث - شرک - کفر - مورتی کی پوجا +

بُت تراش - ف - مذکر - مورتی بنانے والا +

بُت خانہ یا بُت کدہ - ف - مذکر - شوالہ - مندر - وہ مکان جس میں پوجا کرنے کے لیئے مورتی رکھی جائے +

بتاسا یا بتاشا - ہ - مذکر - بلبلہ - بلبلے کی شکل کی ایک مٹھائی - آتشبازی کا چھوٹا انار +

بتانا - ہ - جتلانا - سکھانا - ظاہر کرنا

بتانا - ہ - مذکر - چوڑی کا پیمانہ

بت بنا - ہ - مذکر - باؤنی - چھوٹا +

بتلانا - ہ - بتانا +

بتنگڑ - ہ - مذکر - ذرا سی بات کو بڑا بنا دینا - مبالغہ +

بتول - ع - مونث - کواری - حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب +

بتھوا - ہ - مذکر - ایک قسم کا ساگ +

بتی - ہ - مونث - لڑکوں کا ایک کھیل جسمیں سانس روک کر بھاگتے ہیں

بتی - ہ - مونث - کپڑے یا روئی کی بٹی ہوئی چیز جو چراغ میں ڈال کر جلاتے ہیں - موم یا چربی کی شمع +

بتی جلانا۔ ہ۔ چراغ روشن کرنا۔ آگ دینا ٭
بتیس۔ ہ۔ صفت۔ تیس اور دو (۳۲) ٭
بتیس دھار۔ ہ۔ مذکر۔ ماں کا دودھ ٭
بتیس دھار ہو کر نکلنا۔ ہ۔ (بددعا) پھوٹ پھوٹ کر نکلنا
بتیسا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا حلوا ٭
بتیسی۔ ہ۔ مونث۔ دانتوں کا جوکا۔ آدمی کے کل دانت
بتیسی بجنا۔ ہ۔ کپکپانا۔ تھرآنا۔ نہایت سردی معلوم ہونا ٭
بتیسی بند ہونا۔ ہ۔ غش میں آکر دانت جکڑ جانا ٭
بتیسی دکھانا۔ ہ۔ بیہودہ ہنسنا ٭

ب ٹ

بٹ۔ ہ۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ تولنے کا وزن ٭
بٹ۔ ہ۔ مونث۔ شکن۔ سوجن۔ اوجھڑی کا موٹا موٹا گوشت ٭
بٹا۔ ہ۔ مذکر۔ باٹ۔ گھاٹا۔ فرق۔ عیب ٭
بٹا لگانا۔ ہ۔ عیب لگانا۔ کمی پوری کرنا ٭
بٹا لگنا۔ ہ۔ عیب لگنا۔ حرف آنا۔ کمی پڑنا ٭
بٹانا۔ ہ۔ تقسیم کرنا۔ خیال کو پریشان کرنا ٭
بٹائی۔ ہ۔ مونث۔ تقسیم۔ بٹواڑ۔ کھیت اٹھانے کا زمانہ ٭
بٹلوئی۔ ہ۔ مونث۔ دیگچی ٭
بٹمار۔ ہ۔ ٹھگ۔ لٹیرا۔ ڈکیت۔ بٹن۔ بوتام۔ تکمہ ٭
بٹنا۔ ہ۔ بل دینا۔ کینٹھنا۔ تقسیم ہونا۔ کھنکنا ٭
بٹوا۔ ہ۔ مذکر۔ دو ٹکڑی کی تھیلی ٭
بٹوارا۔ ہ۔ مذکر۔ تقسیم۔ حصہ ٭
بٹوا سا قد ار۔ مذکر۔ بوٹا سا قد۔ ٹھگنا سا قد ٭
بٹوانا۔ ہ۔ تقسیم کرنا ٭
بٹورنا۔ ہ۔ اکٹھا کرنا۔ سمیٹنا ٭
بٹوکرا۔ ہ۔ مذکر۔ سوکھے اپلوں کا چاروں طرف سے لپا ہوا چٹا
بٹیا۔ ہ۔ مذکر۔ کلابتو بٹنے والا ٭
بٹیا۔ ہ۔ مونث۔ بیٹی کی تصغیر۔ لڑکی ٭
بٹیا۔ ہ۔ مونث۔ لیک۔ پگڈنڈی ٭

بٹیر۔ ہ۔ مونث۔ ایک مشہور چھوٹا سا پرندہ ٭
بٹیر باز۔ ا۔ مذکر۔ بٹیر پالنے اور لڑانے والا ٭
بٹیر کا جگانا۔ ہ۔ بٹیر کے کان میں رات کو آواز دینا ٭
بٹے کھاتے۔ ہ۔ تابع فعل۔ غیر وصول مد ٭

ب ج

بجا آوری۔ ف۔ مونث۔ انجام دینا۔ تکمیل کرنا ٭
بجا لانا یا } ا۔ انجام دینا۔ حکم کی تعمیل کرنا ٭
بجانا }
بجار۔ ہ۔ مذکر۔ سانڈ۔ موٹا تازہ ٭
بجانا۔ ہ۔ مارنا۔ باجے کی آواز نکالنا ٭
بجبجانا۔ ہ۔ سڑ کر بلبلے اٹھنا ٭
بجٹ۔ انگ۔ مذکر۔ ملکی جمع خرچ کا حساب ٭
بجر بٹو۔ ہ۔ مذکر۔ نظر بٹو۔ ایک قسم کا کھلونا ٭
بجری۔ ہ۔ مونث۔ سنگریزہ۔ چھوٹے اولے ٭
بجز۔ ف۔ سوائے۔ بغیر ٭
بجلی۔ ہ۔ مونث۔ وہ چمک جو بادلوں کی رگڑ سے پیدا ہوتی ہے۔ پھرتیلا۔ طرار ٭
بجلی پڑنا یا گرنا۔ ہ۔ بجلی ٹوٹنا۔ آفت آنا ٭
بجلی چمکنا یا کوندنا۔ ہ۔ بادلوں کی رگڑ سے چمک پیدا ہونا ٭
بجلی کے بالے۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کے چوڑے اور جڑاؤ کانوں کے بالے ٭
بجلی کی تلوار۔ ہ۔ مونث۔ بجلی کے لوہے کی تلوار۔ تیز دھار کی تلوار ٭
بجنا۔ ہ۔ آواز نکلنا ٭
بجنسہٖ۔ ع۔ تابع فعل۔ ہو بہو۔ جوں کا توں ٭
بجو یا بجو۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مردہ خوار جانور۔ چھوٹی چھوٹی آنکھوں والا۔ سکڑے منہ والا ٭
بجھانا۔ ہ۔ ٹھنڈا کرنا۔ دھیما کرنا ٭
بجھنا۔ ہ۔ دھیما ہونا۔ ٹھنڈا پڑنا ٭

بچھول ۔ ہ ۔ مونث ۔ پہیلی ۔ بجھارت ۔

ب چ

بچا جانا ۔ چھوڑ جانا ۔ بھول جانا ۔

بچار ۔ ہ ۔ مونث ۔ سوچ ۔ فکر ۔

بچارنا یا بچار کرنا ۔ ہ ۔ لازم ۔ سوچنا ۔ تصور کرنا ۔ حساب لگانا ۔

بچا کھچا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بچا ہوا یا بقیہ ۔

بچالی ۔ ہ ۔ مونث ۔ وہ گھاس جو گھوڑے کے تھان پر بچھائی جاتی ہے ۔

بچانا ۔ ہ ۔ حفاظت کرنا ۔

بچاؤ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ حفاظت ۔ پناہ ۔

بچاؤ کرنا یا بچا لینا ۔ ہ ۔ محفوظ رہنے کی تدبیر کرنا ۔

بچپن ۔ ا ۔ مذکر ۔ لڑکپن ۔ کم سنی ۔

بچت ۔ ہ ۔ مونث ۔ بقایا ۔ فائدہ ۔

بچ رہنا ۔ ہ ۔ باقی رہنا ۔

بچکانا ۔ ا ۔ صفت ۔ بچوں کے لائق ۔ بچوں کے جسم کا ۔

بچ کے چلنا ۔ سنبھل کے چلنا ۔ احتیاط کرنا ۔

بچلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ منجھلا ۔ بیچ کا ۔

بچلنا یا بچھلنا ۔ ہ ۔ پھسلنا ۔ بہکنا ۔ چوکنا ۔

بچن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قول ۔ بات ۔

بچن دینا ۔ ہ ۔ عہد کرنا ۔ زبان دینا ۔

بچن لینا ۔ ہ ۔ اقرار لینا ۔

بچنا ۔ ہ ۔ الگ رہنا ۔ باقی رہنا ۔ صحیح سالم رہنا ۔

بچولیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ثالث ۔ بیچ ۔ دلال ۔ کٹنا ۔

بچوں کا کھیل ۔ ا ۔ مذکر ۔ آسان بات ۔

بچہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ چھوٹی عمر کا ۔ ناسمجھ ۔ ناتجربہ کار ۔

بچہ دان ۔ ف ۔ مذکر ۔ رحم ۔ کوکھ ۔

بچھانا ۔ ہ ۔ پھیلانا ۔ فرش کرنا ۔

بچھڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گائے کا نر بچہ ۔ گوسالہ ۔

بچھڑ جانا یا بچھڑنا ۔ ہ ۔ کسی سے جدا ہو جانا ۔

بچھنا ۔ ہ ۔ فرش ہونا ۔ خاکساری کرنا ۔

بچھناگ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک زہریلی دوا ۔

بچھو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک ٹیڑھی دُم کا زہریلا جانور ۔ نہایت چالاک لڑکا ۔

بچھونا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بستر ۔ فرش ۔

بچھونا اُٹھنا ۔ ماتم ختم ہونا ۔

بچھونا پڑنا ۔ ہ ۔ ماتم داری کرنا ۔

بچھیا ۔ ہ ۔ مونث ۔ گائے کا مادہ بچہ ۔

بچھیرا یا بچھیڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گھوڑے کا نر بچہ ۔

بچھیرا پلٹن ۔ ا ۔ مذکر ۔ بچوں کی پلٹن ۔

بچھیری یا بچھیڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ بچہ گھوڑی ۔

بچی ۔ ا ۔ مونث ۔ چھوٹی لڑکی ۔

بچے بھرانا ۔ ا ۔ پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا ۔

بچے کچے ۔ ا ۔ مذکر ۔ چھوٹے بڑے بچے ۔

بچے نکلوانا ۔ ا ۔ انڈے بٹھانا ۔

ب ح

بحال ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ برقرار ۔ بدستور ۔ خوش ۔ سرسبز ۔

بحال رکھنا ۔ ا ۔ بدستور رکھنا ۔

بحال کرنا ۔ ا ۔ دوبارہ اُسی جگہ پر مقرر کرنا ۔

بحال ہونا ۔ ا ۔ پھر مقرر ہونا ۔ تندرست ہونا ۔

بحالی ۔ ا ۔ مونث ۔ پھر سے تقرر ۔ تازگی ۔ افاقہ ۔

بحث ۔ ع ۔ مونث ۔ تکرار ۔ جھگڑا ۔ تقریر ۔

بحثا بحثی ۔ ا ۔ مونث ۔ ضدم ضدا ۔ حجت ۔

بحثنا ۔ ا ۔ ضد کرنا ۔ جھگڑنا ۔

بحر ۔ ع ۔ مذکر ۔ دریا ۔ سمندر ۔ شعر کا وزن ۔

بحران ۔ ع ۔ مذکر ۔ بیماری کے زور کا دن ۔

بحری - ع - صفت - دریائی - سمندر کا *

بُحیرہ - ع - مذکر - چھوٹا سمندر *

ب خ

بُخار - ع - مذکر - حرارت - تپ - جوش - غصہ - رنج *

بُخار آنا - ا - بدن گرم ہونا - تپ آنا *

بُخار چڑھنا - ا - تپ چڑھنا - ڈرنا - کانپنا *

بُخار نکالنا - ا - غصہ اُتارنا *

بُخار نکلنا - ا - غصہ نکلنا - حسرت نکلنا *

بُخاری - ف - صفت - بخارہ کا باشندہ - حدیث کی ایک مقدس کتاب کا نام *

بُخاری - ا - مونث - غلہ رکھنے کی کوٹھری *

بخت - ف - مذکر - نصیب - حصہ *

بخت آزمائی - ا - مونث - توکل پر کوشش - قسمت آزمانا

بختاور - ا - صفت - خوش قسمت - بھگوان *

بختاوری - ا - مونث - خوش قسمتی - کمبختی - شامت

بُختے - ا - مذکر - دلے ہوئے - بغیر چھلکے کے بُھنے چنے

بُختی - ف - مذکر - بڑا اونٹ - سانڈ *

بختیار - ف - صفت - خوش قسمت - امیر *

بخرا - ف - مذکر - حصہ *

بخش دینا - ا - معاف کردینا - دیدینا *

بخشش - ف - مونث - انعام - معافی *

بخشنا - ا - دینا - معاف کرنا *

بخشو مجھے - ا - ہم باز آئے - سلام ہے !

بخشی - ف - مذکر - فوج کی تنخواہ بانٹنے اور حساب رکھنے والا

بخشی خانہ - ف - مذکر - بخشی کا دفتر *

بخشی گری - ف - مونث - ایک فوجی عہدہ

بُخل - ع - مذکر - لالچ - کنجوسی *

بخیل - ع - مذکر - کنجوس - لالچی *

بخیہ - ف - مذکر - پکا ٹانکا - دوہرا ٹانکا *

بخیہ اُدھیڑنا - ا - قلعی کھولنا - راز فاش کرنا *

ب د

بداخلاق - ف ع - صفت - بُرا - ناشائستہ *

بداُسلوب - ف ع - صفت - بے ڈھنگا - بدچکن *

بداصل - ف ع - کمینہ - بُری نسل کا *

بداطوار - ف ع - بدچلن *

بدامنی - ف - ع - مونث - شورش - بغاوت - فساد *

بداندیش - ف - صفت - دُشمن - بُرا چاہنے والا *

بدباطن - ف ع - صفت - کپٹی - بُرا - دل میں کھوٹ رکھنے والا *

بدبخت - ف ع - صفت - بدقسمت *

بدبُو - ف - مونث - سڑاند - بُری بُو *

بدپرہیز - ف - صفت - بے احتیاط - بلانوش *

بدپرہیزی - ف - مونث - بے احتیاطی - فضول خرچی - عیاشی *

بدتر - ف - صفت - بہت بُرا *

بدجانور - ا - مذکر - سُور - خنزیر *

بدچلن - ا - صفت - بدمعاش - بُرا *

بدحال - ف ع - صفت - بُری حالت میں *

بدحواس - ف - ع - صفت - حیران - بے ہوش *

بدخط - ف ع - صفت بُرے خط والا *

بدخلق - ف ع - صفت - اکھڑ - بدمزاج *

بدخو - ف - صفت - بُری عادت کا *

بدخواہ - ف - صفت - (تلفظ - بدخاہ) بُرا چاہنے والا - دشمن *

بدخواہی - ف - مونث - (تلفظ - بدخاہی) دشمنی *

بددُعا - ف ع - کوسنا *

بددُعا دینا - ا - کوسنا دینا *

بددل - ف - صفت - ناخوش - بدگمانی *

بددماغ - ف - ع - صفت - مغرور - ناک چڑھا - چڑچڑا *

بَدْدِیانت۔ ف۔ ع۔ صفت۔ دغاباز۔ بے ایمان ◆

بَدذات۔ ف۔ ع۔ صفت۔ شریر۔ پاجی ◆

بَدذہن۔ ف۔ ع۔ کوڑھ مغز۔ کُند ذہن۔ بُری سمجھ کا ◆

بَدراہ۔ ف۔ صفت۔ بدچلن ◆

بَدرکاب۔ ف۔ ع۔ صفت۔ شریر گھوڑا۔ بُرا ◆

بَدرَنگ۔ ف۔ صفت۔ پھیکا اور بُرا رنگ۔ تاشش کا
وہ پتہ جو ہم رنگ بازی کا نہو ◆

بَدزُبان۔ ف۔ صفت۔ سخت کلام۔ گالی گلوچ بکنے والا ◆

بَدزیب۔ ف۔ صفت۔ بھونڈا۔ بُرا ◆

بَدسَلوکی۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ بدی۔ رُوکھاپن ◆

بَدشگونی۔ ف۔ مؤنث۔ بدفالی۔ نحوست ◆

بَدصُورت۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بُری شکل کا ◆

بَدطینت۔ ف۔ ع۔ بدذات۔ بدخو ◆

بَدظَن۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بدگمان ◆

بَدعملی۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ بے انتظامی۔ اندھیر ◆

بَدعَہد۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے وفا۔ وعدہ خلاف ◆

بَدکار۔ ف۔ صفت۔ بُرا۔ بدمعاش ◆

بَدکاری۔ ف۔ صفت۔ بُرائی۔ گناہ ◆

بَدگمانی۔ ف۔ مؤنث۔ بدظنی۔ شُبہ ◆

بَدگوئی۔ ف۔ مؤنث۔ بُرائی۔ غیبت ◆

بَدلحاظ۔ ف۔ صفت۔ بے شرم ◆

بَدلگام۔ ف۔ صفت۔ بے ادب۔ مُنہ پھٹ۔ مُنہ زور
گھوڑا ◆

بَدمزاج۔ ف۔ ع۔ چڑچڑا۔ غصہ ناک ◆

بَدمزگی۔ ف۔ مؤنث۔ رنجش۔ بگاڑ ◆

بَدمزہ۔ ف۔ صفت۔ بدذائقہ۔ بے سواد ◆

بَدمزہ ہونا۔ اُ۔ بگڑنا۔ خفا ہونا۔ بے ذائقہ ہونا ◆

بَدمَست۔ ف۔ صفت۔ مست۔ نشہ میں چور۔ بدمعاش
لُچّہ ◆

بَدمستی۔ ف۔ مؤنث۔ شرارت۔ مدہوشی ◆

بَدمعاش۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ بدچلن۔ شریر ◆

بَدمعاشی۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ شرارت ◆

بَدمُعاملگی۔ ف۔ مؤنث۔ بے ایمانی ◆

بَدمعاملہ۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے ایمان۔ جھوٹا ◆

بَدنام۔ ف۔ صفت۔ بُرا۔ وہ شخص جو بُرا مشہور ہوگیا ہو ◆

بَدنامی۔ ف۔ مؤنث۔ رُسوائی۔ بُری شہرت ◆

بَدنصیب۔ ف۔ ع۔ کمبخت ◆

بَدنُما۔ ف۔ صفت۔ بھونڈا۔ بُرا ◆

بَدنیت۔ ف۔ ع۔ بُرا ارادہ رکھنے والا ◆

بَدوضع۔ ف۔ ع۔ صفت۔ ناموزوں۔ بے ڈھنگا ◆

بَدہضمی۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ پیٹ کی گرانی۔ کھانا ہضم نہ ہونا ◆

بَدشکل۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بدصورت۔ بھونڈا ◆

بِدا۔ ہ۔ مؤنث۔ رخصت۔ دُلہن کا اپنے گھر سے رُخصت
ہونا۔ وداع ◆

بَدابدی۔ ہ۔ صفت۔ ضروری۔ جبراً ◆

بَدَر۔ ف۔ تابع فعل۔ باہر ◆

بَدر کرنا۔ اُ۔ نکالنا۔ جلاوطن کرنا ◆

بَدر نکالنا۔ اُ۔ کسی کے نام بقایا نکالنا ◆

بَدرَرو۔ ف۔ مؤنث۔ پانی باہر نکلنے کی موری ◆

بَدرقہ۔ ف۔ مذکر۔ رہبر۔ امام۔ چوکیدار ◆

بِدری۔ ہ۔ مؤنث۔ جست پر چاندی کا کام ◆

بَدستور۔ ف۔ تابع فعل۔ قاعدے کے مطابق ◆

بِدعت۔ ع۔ مؤنث۔ مذہب میں کوئی نئی بات نکالنا

بِدکانا۔ ہ۔ کسی کو بھڑکانا۔ گھوڑے کو ڈرانا ◆

بِدکنا۔ ہ۔ بھڑکنا۔ گھوڑے کا ڈرنا ◆

بَدَل۔ ع۔ مذکر۔ بدلہ۔ معاوضہ ◆

بَدلنا۔ اُ۔ تبادلہ کرنا۔ پلٹنا ◆

بَدلہ۔ ع۔ مذکر۔ عوض۔ انتقام۔ تاوان ◆

بَدلہ لینا۔ اُ۔ عوض لینا۔ انتقام لینا ◆

بَدلی۔ ہ۔ مؤنث۔ تبدیلی۔ بادل کا چھوٹا ٹکڑا ◆

بَدن۔ ع۔ مذکر۔ جسم۔ تن ◆

بَدن بگڑ جانا۔ اُ۔ کوڑھ ہو جانا۔ خون خراب ہو جانا ◆

بَدن ٹوٹنا - ل - بدن کے جوڑوں میں تھکن معلوم ہونا +
بَدن چُرانا - ل - شرم سے سُکڑنا +
بَدن کے رونگٹے کھڑے ہونا - خوف کھانا +
بَدنا - ہ - شرط لگانا - قول کرنا +
بَدَولت - ف - ع - تابع فعل - وجہ سے - سبب سے +
بِدُون - ف - ع - بغیر - سوا +
بَدھ ملانا - ہ - میزان کا مقابلہ کرنا - موافقت ہونا +
بُدھ - س - مذکر - جمعرات سے پہلا دن - ایک بانیٔ مذہب کا نام

بَدھاوا یا } - ہ - مذکر - بچے کے پیدا ہونے کا انعام یا
بَدھائی - } - ہ - مونث - مبارکباد +

بَدھائی دینا - ہ - مُبارکباد کا گیت سُنانا - مُبارک باد دینا +
بَدھنا - ہ - مذکر - مٹی کا ٹونٹی دار لوٹا +
بَدھنی - ہ - مؤنث - مٹی کا ٹونٹی دار چھوٹا لوٹا +
بَدھنی - ہ - مؤنث - شادی کے دن دُولھا کے پہننے کا پھولوں کا لمبا ہار +
بَدھیا - ہ - مؤنث - خصی کیا ہوا +
بَدھیاں پڑنا - ہ - بدن پر مار کا نشان پڑ جانا +
بَدھیاں ڈالنا - ہ - کھال اُڑا دینا - خُوب مارنا +
بَدی - ف - مؤنث - بُرائی +
بَدی پر آنا - ل - دشمنی کرنا +
بَدی کرنا - ل - ستانا - دُشمنی کرنا +
بِدیا - ہ - مؤنث - علم +
بِدیاوان - ہ - صفت - عالِم - گیانی +
بِدیس - ہ - مذکر - پَردیس - دوسرا ملک +
بِدیسی - ہ - صفت - پردیسی - مسافر +
بَدیہہ - ع - مذکر - بے سوچے ٹھیک بات کہنا +
بَدیہی - ع - صفت - ظاہر - بے سوچے ٹھیک بات کہدینا +

ب ڈ

بُڈھا - ہ - مذکر - بوڑھا - بہت عمر کا +
بُڈھی - ہ - مونث - بوڑھی - بہت عمر کی +

ب ذ

بِذاتہٖ - ع - تابع فعل - خود - اپنے آپ +

بَذلہ سنج یا } ع - ف - صفت - چُٹکلے کہنے والا - خوش
بَذلہ گو } طبع +

ب ر

بَر - ہ - مذکر - دولھا - خاوند +
بَر مانگنا - ہ - مُراد چاہنا +
بَر - ف - مذکر - پھل - سینہ +
بُرا - ہ - صفت - نکما - خراب +
بُرا بنانا - ہ - بدنام کرنا +
بُرا بھلا کہنا - ہ - جھڑکنا - سخت سُست کہنا +
بُرا حال کرنا - ل - ستانا +
بُرا درجہ کرنا - ل - ذلیل کرنا - ستانا +
بُرا کام - ل - مذکر - عیب - گناہ +
بُرا ماننا - ہ - خفا ہونا +
بُرا وقت - ل - مذکر - تنگی - مصیبت +
بَرابَر - ف - صفت - ٹھیک - یکساں - لگاتار - ایک ہی درجے کا +
بَرابَر بَرابَر - ف - تابع فعل - پاس پاس +
بَرابَر سَرابَر - ل - صفت - بیباق +
بَرابَر کا - ل - جوڑ کا - پلّے کا - جوان +
بَرابری - ف - مؤنث - مقابلہ - بے اَدبی +
بَرابری کرنا - ل - مقابلہ کرنا - ہمسری کرنا - بے ادبی کرنا +
بَرات - ہ - مؤنث - شادی کا جلوس +
بَراتی - ہ - مذکر - دُولھا کا ساتھی +
بِراجمان ہونا - ہ - تشریف رکھنا - موجود ہونا +
بِراجنا - ہ - رہنا سہنا - شان شوکت سے رہنا +
بِرادَر - ف - مذکر - بھائی - رشتہ دار +

بِرادرِ اَخیافی۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ وہ بھائی جنکا باپ الگ اور ماں ایک ہو ٭

بِرادرِ اَعیانی یا حقیقی۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ سگا بھائی۔ ایک ماں باپ کا بھائی ٭

بِرادرِ رَضاعی۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ دودھ شریک بھائی۔ کوکہ

بِرادرزادہ۔ ف۔ مذکر۔ بھتیجا ٭

بِرادرِ عَلاتی۔ ف ع۔ مذکر۔ سوتیلا بھائی۔ وہ بھائی جنکی ماں الگ اور باپ ایک ہو ٭

بِرادری۔ ف۔ مؤنث۔ رشتہ داری۔ قوم۔ ذات ٭

بُرادہ۔ ف۔ مذکر۔ لکڑی یا لوہے وغیرہ کا چورا یا ریزہ ٭

برِّ اعظم۔ ع۔ مذکر۔ خشکی کا بہت بڑا حصہ جیسے ایشیا افریقہ وغیرہ ٭

بُراق۔ ع۔ مذکر۔ وہ خوبصورت گھوڑا جس پر معراج کی رات آنحضرتؐ سوار ہوئے ٭

بَرّاق۔ ع۔ صفت۔ چمکیلا۔ تیز۔ چالاک ٭

برآمد ہونا۔ ا۔ ظاہر ہونا۔ باہر نکلنا ٭

برآمدہ۔ ف۔ مذکر۔ برانڈہ۔ سائبان۔ بالا خانہ ٭

بر آنا۔ ا۔ حاصل ہونا۔ پورا ہونا ٭

برانچ۔ انگ۔ مؤنث۔ شاخ۔ ڈالی ٭

برانڈہ۔ ا۔ مذکر۔ (صحیح انگریزی ورانڈہ)۔ برآمدہ۔ سائبان ٭

بَراَورد۔ ف۔ مؤنث۔ تنخواہ کا بل۔ قبض الوصول۔ بجٹ ٭

بُرائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بدی۔ خرابی ٭

برائے۔ ف۔ تابع فعل۔ واسطے۔ لئے ٭

برائے نام۔ ف۔ تابع فعل۔ فرضی۔ نام کو۔ بہت تھوڑا

برباد کرنا۔ ا۔ مٹانا۔ اُجاڑنا ٭

بربادی۔ ف۔ مؤنث۔ تباہی۔ خرابی ٭

بڑبڑانا۔ ہ۔ جھڑکنا۔ بڑبکنا ٭

بربری۔ ا۔ مؤنث۔ ایک قسم کی خوبصورت۔ بڑی بکری

بربری خانہ۔ ف۔ مذکر۔ شاہی بکریوں کے رہنے کی جگہ

برپا۔ ف۔ صفت۔ قائم ٭

برپا کرنا۔ ا۔ کھڑا کرنا۔ اُٹھانا ٭

برپا ہونا۔ ا۔ اُٹھنا۔ پیدا ہونا ٭

بُرت۔ س۔ مذکر۔ روزہ ٭

برت۔ س۔ مؤنث۔ آمدنی۔ جاگیر۔ حق ٭

برتا۔ ہ۔ مذکر۔ طاقت۔ بھروسہ۔ ہمت ٭

برتاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ سلوک۔ چلن ٭

برتر۔ ف۔ صفت۔ بہتر۔ بہت اچھا

برتری۔ ف۔ مؤنث۔ اچھائی۔ بہتری ٭

برتن۔ ہ۔ مذکر۔ باسن۔ بھانڈا ٭

برتنا۔ ہ۔ کام میں لانا۔ استعمال کرنا ٭

بُرج۔ ع۔ مذکر۔ گنبد ٭

برج بھاکا۔ ہ۔ مونث۔ برج کی بولی۔ متھرا۔ گوکل اور بندرابن کی زبان ٭

برجستہ۔ ف۔ صفت۔ بے ساختہ۔ برمحل ٭

بُرجی۔ ا۔ مؤنث۔ چھوٹا برج ٭

برچھا۔ ہ۔ مذکر۔ بھالا۔ بلم ٭

برچھی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا بھالا ٭

برخاست کرنا۔ ا۔ علیحدہ کرنا۔ موقوف کرنا ٭

برخاستگی۔ ف۔ مونث۔ موقوفی ٭

برخلاف۔ ف۔ ع صفت۔ اُلٹا۔ مخالف ٭

برخوردار۔ ف۔ صفت۔ بیٹا ٭

برد دینا۔ ا۔ ہارنا۔ آدھی بات دینا ٭

برد مارنا۔ ا۔ نصف بازی لینا ٭

برداشت کرنا۔ ا۔ سہنا۔ جھیلنا ٭

بردباری۔ ف۔ مونث۔ صبر۔ تحمل ٭

بردہ۔ ف۔ مذکر۔ قیدی۔ غلام ٭

برزن۔ ف۔ مذکر۔ کوچہ۔ گلی ٭

برس۔ ہ۔ مذکر۔ سال۔ بارہ مہینے کا زمانہ ٭

برس کا برس دن یا برس کا دن } ہ۔ مذکر۔ تہوار۔ عید شب برات وغیرہ ٭

برسات - ہ - مؤنث - بارش کا موسم ◆
برساتی - ہ - مؤنث - بارانی - بارش میں پہننے کا لمبا کوٹ
برسانا - ہ - بارش کرنا ◆
برس پڑنا - ہ - بُرا بھلا کہنے لگنا - اچانک مینہ آجانا ◆
برسنا - ہ - پانی پڑنا - غصّہ اُتارنا ◆
برسی - ہ - مؤنث - برس پورا ہونیکی فاتحہ - سالگرہ ◆
بُرش - انگ - مذکر - کونچی - مسواک - بالوں کا قلم ◆
برص - ع - مؤنث - کوڑھ - سفید دھبّوں کی بیماری ◆
برطرف کرنا - ا - موقوف کرنا ◆
برطرف ہونا - ا - برخاست ہونا ◆
برطرفی - ف - مؤنث - موقوفی ◆
برعکس - ف ع - صفت - اُلٹا - خلاف ◆
برف - ف - مؤنث - پالا - کہر - جما ہوا ٹھنڈا پانی - نہایت
سرد ◆
برف پروردہ - ف - صفت - برف میں لگایا ہوا ◆
برف پڑنا - ا - پالا پڑنا ◆
برف میں لگانا - ا - برف میں ٹھنڈا کرنا ◆
برف ہونا - ا - نہایت ٹھنڈا ہونا ◆
برفی - ف - مؤنث - ایک قسم کی سفید مٹھائی ◆
برق - ع - مؤنث - بجلی - تیز - صاف ◆
برق خرام یا برق رفتار - ع - ف - صفت - بہت تیز
چلنے والا ◆
برقرار - ف ع - صفت - قائم - موجود ◆
بُرقع - ع - مذکر - نقاب - عورتوں کا جسم چھپانے کے لئے
ایک قسم کی سلی ہوئی چادر ◆
برقنداز - ف - مذکر - عدالت یا پولیس کا سپاہی -
پاسبان ◆
برکت - ع - مؤنث - زیادتی ◆
برکت اُٹھنا - ا - زیادتی نہ ہونا ◆
برکت ہونا - ا - زیادتی ہونا - تمام ہونا ◆
بِرکنا - ہ - چھڑکنا ◆

برکھا - ہ - مونث - برسات - بارش ◆
برگ - ف - مذکر - پتّا - وَرَق - سامان ◆
برگد - ہ - مذکر - بڑ کا درخت ◆
برگزیدہ - ف - صفت - پسند - ہردل عزیز ◆
برگشتہ - ف - صفت - باغی - سرکش ◆
برلا - ہ - صفت - ایک آدھ - خال خال ◆
برلانا - ا - پُورا کرنا ◆
برما - ہ - مذکر - سنبہ - لکڑی میں چھید کرنے کا آلہ ◆
برمانا - ہ - برمے سے چھید کرنا - سوراخ کرنا ◆
برمحل - ف - ع - صفت - موقع پر - ٹھیک ٹھیک ◆
برملا - ف - تابع فعل - علانیہ - کھلم کھلا ◆
برن - س - مذکر - ذات - فرقہ ◆
برنا - ف - مذکر - جوان ◆
برنج - ف - مذکر - چاول ◆
برنجی - ف - مذکر - پیتل کا - چھوٹی کیل
برونی - ہ - مونث - وہ جگہ جس میں پلکیں اُگتی ہیں ◆
بروا - ہ - مذکر - پودا - لڑکا ◆
برودت - ع - مؤنث - سردی - ٹھنڈ ◆
بروقت - ف - ع - تابع فعل - ٹھیک - وقت پر ◆
بروگ - ہ - مذکر - جدائی - فراق ◆
بروگن - ہ - مؤنث - فراق کی ماری عورت ◆
بروگی - ہ - مذکر - فراق کا مارا مرد ◆
برہ - ف - مذکر - بھیڑ یا بکری کا چھوٹا بچہ - حلوان ◆
برہم - ف - صفت - خفا - اُلٹ پُلٹ ◆
برہم ہونا - ا - خفا ہونا - تتر بتر ہونا ◆
برہمچاری - س - مذکر - وید کا عالم - وید کا طالب علم ◆
برہمن - ہ - مذکر - پجاری - وید جاننے والا - ہندوؤں کی
سب سے بڑی ذات ◆
برہنہ - ف - صفت - ننگا - کھلا ◆
برہی ردنی - ہ - مؤنث - دال یا قیمہ - بھری ہوئی روٹی
بَری - ع - صفت - آزاد - بے گناہ ◆

بریٔ - ہ - مؤنث - ہاتھی کو روکنے کی آواز ٭
بریُ الذّمہ - ع - صفت - بے ذمّہ - الگ تھلگ - پاک ٭
بَرّی - ع - صفت - خشکی کا - (بحری کے خلاف)
بُری - ہ - صفت - خراب - نکمّی ٭
بُری سُنانا - ہ - بیڈھب سُنانا - خلاف اُمید کچھ کہنا
بریاں - ف - صفت - بھُنا ہوا - پکا ہوا ٭
بریانی - ف - مؤنث - بھُنے ہوئے گوشت کا پلاؤ ٭
حُرّیت - ع - مؤنث - چھٹکارا - آزادی - صحیح عربی ر اداہ ہے -
بریٹھا - ہ - مذکر - دُھوبی ٭

ب اڑ

بَڑ - ہ - مذکر - برگد - ایک بڑے جھاڑے اور پھیلاؤ کا درخت
بڑپیٹیا } - ہ - صفت - بڑے پیٹ والا - توندل -
بڑپیٹو } بہت کھانے والا ٭
بڑدَنتا - ہ - صفت - دانتو - بڑے بڑے دانت والا ٭
بڑکنّا - ہ - صفت - بڑے کان والا ٭
بڑا - ہ - مذکر - مونگ یا اُرد کی تلی ہوئی ٹکیاں ٭
بڑا - ہ - صفت - لمبا - اونچا - بزرگ - امیر ٭
بڑا آدمی - ا - مذکر - امیر آدمی - عزت دار آدمی ٭
بڑا آزار - ا - مذکر - دِق - سل ٭
بڑا بُوڑھا - ہ - مذکر - بڑکھا - بزرگ ٭
بڑا بول بولنا - ہ - غرور کرنا - شیخی مارنا ٭
بڑا دِن - ہ - مذکر - دسمبر کی ۲۵ تاریخ حضرت عیسیٰؑ کی
پیدائش کا دن - کرسمس ڈے ٭
بڑا کوئی - ہ - صفت - بے ڈھب - مرشد - چالاک ٭
بڑا گھر - ہ - مذکر - اُونچا گھرانا - جیل خانہ ٭
بڑاپا - ہ - مذکر - بڑاپن - بزرگی ٭
بڑانا - ہ - بکنا - بڑ ہانکنا ٭
بڑائی - ہ - مؤنث - بزرگی - وُسعت - تعریف ٭
بڑائی کرنا - ہ - تعریف کرنا - شیخی مارنا ٭
بڑبڑ - ہ - مؤنث - بک بک - بکواس ٭

بُڑبُڑانا - ہ - چپکے چپکے بُرا کہنا - بکنا ٭
بڑتنگا - ہ - مذکر - کرڑی - تلی ٭
بڑھاپا - ہ - مذکر - بُڑھاپن - پیری ٭
بڑھانا - ہ - زیادہ کرنا - پتنگ اُڑانا ٭
بڑھ بڑھ کے بولنا - ہ - شیخی مارنا ٭
بڑھ چلنا - ہ - گستاخ اور مغرور ہونا - پاؤں نکالنا ٭
بڑھ کر بولنا - ہ - بڑا بول بولنا - شیخی مارنا ٭
بڑھَل - ہ - مذکر - ایک مشہور پھل کا نام ٭
بَڑھنا - ہ - اونچا ہونا - اُگنا - زیادہ ہونا - آگے چلنا ٭
بڑھوتری - ہ - مؤنث - زیادتی ٭
بڑھئی - ہ - مذکر - لکڑی کا کام کرنے والا ٭
بڑھیا - ہ - صفت - اچھا - عمدہ ٭
بُڑھیا - ہ - مؤنث - بڑی عمر کی عورت - آکھ کے ڈوڈے
کی روئی ٭
بَڑی - ہ - صفت - بڑا
بڑی - ہ - مؤنث - اُرد یا مونگ کی پسی ہوئی دال کے
گول گول آنٹے ٭
بڑی بات ہوئی - ہ - (محاورہ) خوب ہوا ٭
بڑی بوڑھی - ہ - مؤنث - تجربہ کار عورت ٭
بڑی بی - ہ - مؤنث - تعظیم کے لئے بوڑھی عورت کو کہتے ہیں
بڑی چیز اُٹھانا یا }
بڑی چیز ہاتھ پہ رکھنا } - ہ - (عو) قرآن شریف کی قسم کھانا ٭
بڑے میاں - ا - مذکر - تعظیم کے لئے بوڑھے آدمی کو
کہتے ہیں ٭

ب ز

بُزِ اخفش - ف ع - مذکر - بے سمجھے اقرار کرنے والا - بے وقوف ٭
بُزدل یا }
بُزدِلا } - ف - صفت - ڈرپوک ٭
بُزدِلی - ف - مؤنث - ڈرپوکی ٭
بزّاز - ع - مذکر - کپڑا بیچنے والا ٭

بزازا۔ ہ۔ مذکر۔ کپڑے کا بازار ٭
بزازی۔ ع۔ ف۔ کپڑا بیچنے کا کام ٭
بزرگ۔ ف۔ صفت۔ بڑا۔ معزز ٭
بزرگی۔ ف۔ مونث۔ بڑاپن۔ عزت۔ شرافت ٭
بزم۔ ف۔ مونث۔ مجلس۔ سبھا ٭
بزم گاہ۔ ف۔ مذکر۔ عیش کی جگہ۔ محفل ٭
بزن بولنا۔ ۱۔ قتلِ عام کا حکم دینا ٭
بزور۔ ف۔ تابع فعل۔ زبردستی ٭

ب س

بس۔ ف۔ صفت۔ کافی۔ فقط۔ ٹھہرو۔ دم لو ٭
بس بس۔ ۱۔ ٹھہرو۔ ٹھہرو۔ بہت ہے ٭
بس۔ ہ۔ مذکر۔ طاقت۔ اختیار۔ قابو ٭
بس چلنا۔ ہ۔ قابو پانا ٭
بس میں آنا۔ ہ۔ قابو میں آنا ٭
بس میں کرنا۔ ہ۔ قابو میں لانا ٭
بس۔ انگ۔ مونث۔ وہ کرایہ کی موٹر جو شہروں میں لوگوں کو شہر کے ایک حصہ سے دوسرے حصہ میں پہنچاتی ہے
بس۔ ہ۔ مذکر۔ زہر ٭
بس بونا۔ ہ۔ برائی کرنا ٭
بس بھری۔ ہ۔ مونث۔ زہریلی ٭
بس کی گانٹھ۔ ہ۔ صفت۔ فسادی۔ شریر ٭
بسارنا۔ ہ۔ بھولنا ٭
بساط۔ ع۔ مذکر۔ بستر۔ بچھونا۔ شطرنجی۔ پونجی۔ قدرت ٭
بساطی۔ ع۔ مذکر۔ سرمہ سوئی بیچنے والا ٭
بسانا۔ ہ۔ آباد کرنا۔ خوشبودار کرنا ٭
بساند۔ ہ۔ مونث۔ بدبو ٭
بستر۔ ف۔ مذکر۔ بچھونا۔ فرش ٭
بسترا۔ ۱۔ مذکر۔ بچھونا ٭
بستنی۔ ف۔ مونث۔ پنجرے یا ستار وغیرہ کا غلاف ٭
بستہ۔ ف۔ مذکر۔ بندھا ہوا۔ جزدان۔ بُقچہ

بستی۔ ہ۔ مونث۔ قصبہ۔ کھیڑا ٭
بسرام کرنا۔ ہ۔ آرام کرنا۔ ٹھہرنا ٭
بسرانا۔ ہ۔ بھلانا۔ دل سے اُتارنا ٭
بسر جانا۔ ہ۔ بھول جانا۔ چوک جانا ٭
بسر کرنا۔ ۱۔ پورا کرنا۔ گزارنا ٭
بسرنا۔ ہ۔ بھولنا ٭
بسر و چشم۔ ف۔ تابع فعل۔ بہت خوشی سے
بسر ہونا۔ ۱۔ گزرنا۔ پورا ہونا ٭
بس کھپرا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی گھاس ٭
بسم اللہ۔ ع۔ مونث۔ وہ رسم جس کے بعد مسلمان اپنے بچوں کو مکتب میں بٹھا دیتے ہیں ٭
بسم اللہ کرنا۔ ۱۔ شروع کرنا ٭
بسمل۔ ع۔ صفت۔ گھائل۔ زخمی۔ عاشق ٭
بسنا۔ ہ۔ رہنا۔ آباد ہونا ٭
بسنا۔ ہ۔ سڑنا۔ اُبسنا ٭
بسنت۔ ہ۔ مونث۔ بہار کا موسم۔ بہار کا گیت ٭
بسنت پنچمی۔ ہ۔ مونث۔ ہندوؤں کا مشہور تہوار ٭
بسنت پھولنا۔ ہ۔ سرسوں کے پھولوں کا کھلنا۔ زردی چھانا ٭
بسکتی۔ ہ۔ صفت۔ پیلا ٭
بسوانسی۔ ہ۔ مونث۔ بیس کچوانسی۔ بسوہ کا بیسواں حصہ ٭
بسورنا۔ ہ۔ منہ بنانا۔ آہستہ آہستہ رونا ٭
بسولا۔ ہ۔ مذکر۔ لکڑی چھیلنے کا آلہ ٭
بسولی۔ ہ۔ مونث۔ اینٹیں گڑھنے کا اوزار ٭
بسوہ۔ ہ۔ مذکر۔ بیگہ کا بیسواں حصہ ٭
بسیرا۔ ہ۔ مذکر۔ پرندوں کا رات کے وقت آرام کرنا۔ رات کو ٹھہرنے کی جگہ ٭
بسیرا لینا۔ ہ۔ جانوروں کا پیڑوں پر سونا ٭
بسیرے کا وقت۔ ۱۔ مذکر۔ شام ٭
بسیط۔ ع۔ مذکر۔ فراخ۔ وسیع۔ عروض کی ایک بحر کا نام ٭

ب ش

بِشارَت - ع - مؤنث - خوش خبری ٭
بِشارت دینا - ا - خوشخبری سُنانا - خواب میں کُنانا ٭
بَشاش - ع - صفت - بہت خوش ٭
بَشاشَت - ع - مؤنث - خوشی - خوش اخلاقی ٭
بَشَر - ع - مذکر - انسان - آدم زاد ٭
بَشَرہ - ع - مذکر - چہرہ - حلیہ ٭
بَشَرِیَت - ع - مؤنث - انسانیت ٭
بِشنی - ہ - مذکر - وِشنو کا ماننے والا - ہندوؤں کا ایک فرقہ ٭

ب ص

بَصارَت - ع - مونث - آنکھ کی روشنی ٭
بَصِیرَت - ع - مونث - دانائی - ہوشیاری ٭

ب ض

بِضاعَت - ع - مؤنث - سرمایہ - پونجی ٭

ب ط

بَط - ع - مونث - بطخ - پانی کا مشہور پرندہ ٭
بَطَخ - ا - مونث - مشہور پانی کا پرندہ
بُطلان - ع - مذکر - جھوٹ - بناوٹ ٭
بَطلیموس - یونانی - مذکر - مصر کا مشہور مہندس ٭
بَطن - ع - مذکر - اندر - پیٹ ٭
بَطناً بَعدَ بَطنٍ - ع - تابع فعل (تلفظ بطنن بعد بطنن)
موروثی - پشت، درپشت ٭

ب ع

بَعد - ع - تابع فعل - پیچھے ٭
بُعد - ع - مذکر - دُوری - فاصلہ ٭
بَعض - ع - صفت - کوئی - کچھ ٭

بَعِید - ع - صفت - دور ٭
بَعِیدُ العَقل - ع - صفت - عقل کے خلاف - بیہودہ ٭
بِعَینِہٖ - ع - تابع فعل (تلفظ بعینہی) ہوبہو - جوں کا توں

ب غ

بُغارَہ - ف - مذکر - گہرا زخم - سوراخ ٭
بَغاوَت - ع - مونث - غدر - نافرمانی ٭
بُغدہ - ف - مذکر - قصابوں کا قیمہ کوٹنے کا چھرا ٭
بَغدی - ف - مذکر - ایک اچھی قسم کا اونٹ ٭
بُغض - ع - مذکر - دشمنی - بیر ٭
بَغَل - ف - مؤنث - شانے کے نیچے کا حصہ - کانکھ - پہلو ٭
بَغَل گَند - ا - مؤنث - بغل میں بدبو آنے کی بیماری - آنکھ
کی بیماری جسے سُبل بھی کہتے ہیں ٭
بَغَل گیر ہونا - ا - گلے ملنا ٭
بَغَل میں مارنا - ا - کسی چیز پر قبضہ کرنا ٭
بُغلول - ا - مذکر - بے وقوف - کوڑھ مغز ٭
بَغلی - ا - صفت - پہلو کا - ایک طرف کا ٭
بَغلی تکیہ - ہ - مذکر - بغلوں میں رکھنے کا تکیہ ٭
بَغلی گھونسا - ا - مذکر - قریب کا دشمن - آستین کا سانپ ٭
بَغلیں بجانا - ا - خوشی میں اچھلنا - کسی کی برائی پر خوش ہونا
بَغلیں جھانکنا - ا - شرمندہ ہونا ٭
بَغلیں لینا - ا - بغل کے بال مونڈنا ٭
بِغَیر - ع - تابع فعل - سوائے - علاوہ ٭

ب ق

بَقا - ع - مونث - زندگی - پائیداری ٭
بَقایا - ع - مونث - بچت - بقیہ - (باقی کی جمع) ٭
بَقّال - ع - مذکر - سبزی بیچنے والا - بنیا - پرچونی ٭
بُقچہ یا بُغچہ - ت - مذکر - کپڑے رکھنے کی گٹھڑی ٭
بُقچی یا بُغچی - ا - مونث - کپڑوں کی گٹھڑی ٭
بُقراط - یونانی - مذکر - یونان کے ایک مشہور حکیم کا نام ٭

بقر عید ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بڑی عید ۔ عید اضحیٰ ۔ عید قربان ٭
بقیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ بچا کچھا ۔

ب ک

بک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بکواس ٭
بکتا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گرد یا دھوئیں کا اکٹھا ہو کر نکلنا ٭
بکائن یا بکاین } ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نیم کی طرح کا ایک پیڑ ۔ دھریک (پنجابی)
بکاؤ ۔ ہ ۔ صفت ۔ بکنے کے لئے ۔ بکری کے قابل ٭
بکاؤلی ۔ س ۔ مؤنث ۔ راجہ میکل جوگ کی مشہور خوبصورت لڑکی ٭
بک بک کرنا ۔ بکواس کرنا ٭
بکتر ۔ ت ۔ مذکر ۔ زرہ ۔ لوہے کی کڑیوں کا بُنا ہوا لباس ٭
بکٹا بھرنا ۔ ہ ۔ چنگل مارنا ٭
بکٹ پہاڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کسرات کا پہاڑا ۔ جیسے سوایا ۔ ڈیوڑھا وغیرہ ٭
بکر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کواری ۔ کوارپت ٭
بکرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بکری کا نر ٭
بکر قصاب ۔ ا ۔ مذکر ۔ بھیڑ بکرے کا گوشت بیچنے والا ٭
بکری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بکرے کی مادہ ۔ مسکین ٭
بکری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ فروخت ۔ نکاسی ٭
بکس ۔ انگ ۔ مذکر ۔ صندوق ۔ پیٹی ۔ ڈبا ٭
بکسنا ۔ ہ ۔ لازم ۔ کلی کھلنا ۔ مسکرانا ۔ خوش ہونا ۔
بگنوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لہسن وغیرہ کا گانٹھا ٭
بکل ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھال ۔ چھلکا ٭
بکل مارنا ۔ ہ ۔ بُکّی مارنا ۔ چادر وغیرہ اوڑھ کر کندھے پر اُلٹ لینا ٭
بکنا ۔ ہ ۔ لازم ۔ بیہودہ بولنا ٭
بکنا ۔ ہ ۔ لازم ۔ فروخت ہونا ۔ قیمت پانا ٭
بکواس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بک بک ٭
بکواسن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بک بک کرنے والی عورت ٭

بکواسی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بکی ٭
بکوانا ۔ ہ ۔ فروخت کرانا ٭
بکھرا جانا ۔ ہ ۔ گرا پڑنا ۔ بے قابو ہونا ٭
بکھرنا ۔ ہ ۔ الگ الگ ہونا ۔ تتر بتر ہونا ٭
بکھیر ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ روپیہ پیسہ جو دولہا دلہن کے اوپر سے لٹاتے ہیں ٭
بکھیرنا ۔ ہ ۔ پھیلانا ۔ لٹانا ٭
بکھیڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اُلجھیڑا ۔ جنجال ٭
بکھیڑا نکالنا ۔ ہ ۔ اُلجھاوا ڈالنا ۔ کام بڑھانا ٭
بکھیڑے میں ڈالنا ۔ ہ ۔ جھگڑے میں ڈالنا ٭
بکی ۔ ہ ۔ صفت ۔ بک بک کرنے والا ٭
بکیت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بانک کا فن جاننے والا ۔ بنوٹیا ٭
بکیتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بانک یا بنوٹ ٭

ب گ

بگاڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خرابی ۔ دُشمنی ٭
بگاڑنا ۔ ہ ۔ خراب کرنا ۔ بہکانا ٭
بگاڑو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بگاڑنے والا ٭
بگٹٹ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ سرپٹ ۔ بے تحاشا ٭
بگرہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک نہایت ننھے دانوں کا اناج ٭
بگڑنا ۔ ہ ۔ خراب ہونا ۔ نکما ہونا ۔ خفا ہونا ٭
بگڑے دل ۔ ا ۔ صفت ۔ دل چلا ۔ نڈر ۔ آزاد ٭
بگل ۔ انگ ۔ مذکر ۔ نرسنگھا ۔ نفیری ٭
بگلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک سفید لمبی گردن والا پانی کا جانور ۔ کلنگ (صفت ہیں) نہایت سفید ٭
بگلا بھگت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مکار ٭
بگولا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بھولا ۔ بھبکا ٭
بگھار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھونک ۔ روغن ۔ جوش ٭
بگھار لگانا ۔ ہ ۔ چھونکنا ۔ داغ کرنا ٭
بگھارنا ۔ ہ ۔ داغ کرنا ۔ لمبی چوڑی زبان بولنا ٭
بگی ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ دو پہیوں کی انگریزی ٹپ دار گاڑی ٭

ب ل

بِل ۔ انگ ۔ مذکر ۔ حساب کا پرچہ ✦

بِل پاس ہونا ۔ ۔ حساب کا پرچہ منظور ہونا ✦

بِل ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سوراخ ۔ چوہے کا بھٹا ✦

بِل ڈھونڈیا ۔ ہ ۔ چھپتے پھرنا ✦

بَل ۔ ہ ۔ مذکر ۔ طاقت ۔ پیچ ۔ مروڑ ۔ بغض ۔ کینہ ✦

بَل بھرنا ۔ ہ ۔ طاقت جتانا ۔ ناخوش ہونا ۔ اینٹھنا ✦

بَل پڑنا ۔ ہ ۔ شکن پڑنا ۔ فرق آنا ✦

بَل دینا ۔ ہ ۔ بٹنا ✦

بَل کرنا ۔ ہ ۔ اکڑنا ۔ بغض رکھنا ✦

بَل کھانا ۔ ہ ۔ پیچ و تاب کھانا ✦

بَل کھلنا ۔ ہ ۔ پیچ دور ہونا ۔ سلجھنا ✦

بَل کھولنا ۔ ہ ۔ سلجھانا ۔ اکڑ دور کرنا ✦

بَل نکالنا ۔ ہ ۔ سیدھا کرنا ۔ سزا دینا ۔ غرور ڈھانا ✦

بَلّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گیند کھیلنے کی چپٹی لکڑی ✦

بِلّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بلی کا نر ✦

بِلّا ۔ ا ۔ مذکر ۔ نشان ۔ چپراس ✦

بِلا ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بغیر ۔ سوا ✦

بِلا تشبیہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بجنسہٖ ۔ بالکل ✦

بِلا تصنع ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ٹھیک ٹھیک ۔ بغیر بناوٹ ✦

بِلا تکلف ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بے ساختہ ۔ بلا تصنع ✦

بِلا توقف ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ فوراً ✦

بِلا شک ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ واقعی ۔ یقیناً ✦

بِلا ناغہ ۔ ع ۔ ت ۔ تابع فعل ۔ متواتر ۔ روزمرہ ✦

بِلا واسطہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ براہِ راست ۔ بے سبب ۔ ناحق ✦

بِلا وجہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ناحق ۔ خواہ مخواہ ✦

بَلا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مصیبت ۔ دکھ ۔ چڑیل ۔ بھوتنی ✦

بَلا چٹ ۔ ا ۔ صفت ۔ وہ آدمی جو اچھی بری سب چیز کھا لے صدقے کا کھانے والا ✦

بَلا سے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ جوتی سے ۔ کچھ پروا نہیں ✦

بَلا کا ۔ ا ۔ صفت ۔ آفت کا پرکالہ ۔ شریر ✦

بَلا کش ۔ ف ۔ صفت ۔ مصیبت جھیلنے والا ✦

بَلائیں ! ۔ ا ۔ (ندا) (عورت) قربان جاؤں ✦

بَلا لینا ۔ ا ۔ (عو) صدقہ جانا ۔ نثار ہونا ✦

بَلا نوش ۔ ف ۔ صفت ۔ بلا چٹ ۔ بہت شراب پینے والا ۔ پیٹو ✦

بِلا تامل ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ فوراً ✦

بَلاغت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ خوش کلامی ✦

بُلاق ۔ ت ۔ مذکر ۔ منکا ۔ ناک کا ایک زیور ✦

بُلانا ۔ ہ ۔ پکارنا ۔ طلب کرنا ✦

بِلاند ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بالشت ✦

بِلاؤ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بلّا ✦

بُلاوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دعوت ۔ نیوتا ✦

بَلائیں لینا ۔ ہ ۔ (عو) ۔ واری جانا ۔ صدقے ہونا ✦

بُلبُل ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر اور مؤنث ۔ گلدم ۔ ہزار داستان ایک خوبصورت گانے والی چڑیا ✦

بُلبلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ حباب ۔ بھبولا ✦

بَلبلانا ۔ ہ ۔ اونٹ کا مستی میں آکر بولنا ۔ غصے میں لال پیلا ہونا

بِلبلانا ۔ ہ ۔ تڑپنا ۔ بے کل ہونا ✦

بَلبَل جانا ۔ ہ ۔ نثار ہو جانا ✦

بَل بے ۔ ا ۔ اوہو ! آہا ! واہ وا ! ✦

بِلٹی ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ اسباب کی فہرست ۔ کرایہ اور اسباب کا بل ✦

بَلدار ۔ ا ۔ صفت ۔ مڑا ہوا ✦

بَلدان ۔ ہ ۔ نذر ۔ بھینٹ ۔ چڑھاوا ✦

بَلدہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ شہر ۔ قصبہ ✦

بَل رانڈ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ عورت جو کم عمر میں بیوہ ہو جائے

بَلغم ۔ ع ۔ مذکر ۔ کف ۔ کھنکار ✦

بَلغمی ۔ ع ۔ صفت ۔ موٹا ۔ دیر سے سمجھنے والا ۔ کاہل ۔ سست ✦

بلکانا ۔ ہ ۔ رلانا ۔ پھڑکانا ✦

بِلکنا ۔ ہ ۔ بے چین ہونا ۔ بے قرار ہونا ۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا

بقرعید - ع - مؤنث - بڑی عید - عید اضحیٰ - عید قربان ۔

بقیہ - ع - مذکر - بچا کھچا -

ب ک

بک - ہ - مؤنث - بکواس ۔

بکٹا - ہ - مذکر - گرد یا دھوئیں کا اکٹھا ہو کر نکلنا ۔

بکائن یا / بکاین } - ہ - مذکر - نیم کی طرح کا ایک پیڑ - دھریک (پنجابی)

بکاؤ - ہ - صفت - بکنے کے لیے - بکری کے قابل ۔

بکاؤلی - س - مؤنث - راجہ میکل جوگ کی مشہور خوبصورت لڑکی ۔

بک بک کرنا - بکواس کرنا ۔

بکتر - ت - مذکر - زرہ - لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا لباس ۔

بکٹا بھرنا - ہ - چنگل مارنا ۔

بکٹ پہاڑا - ہ - مذکر - کسرات کا پہاڑا - جیسے سوایا - ڈیوڑھا وغیرہ ۔

بکر - ع - مؤنث - کنواری - کوارپت ۔

بکرا - ہ - مذکر - بکری کا نر ۔

بکر قصاب - ا - مذکر - بھیڑ بکرے کا گوشت بیچنے والا ۔

بکری - ہ - مؤنث - بکرے کی مادہ - مسکین ۔

بکری - ہ - مؤنث - فروخت - نکاسی ۔

بکس - انگ - مذکر - صندوق - پیٹی - ڈبا ۔

بکسنا - ہ - لازم - کلی کھلنا - مسکرانا - خوش ہونا ۔

بکسوا - ہ - مذکر - لوہے وغیرہ کا کانٹا ۔

بکل - ہ - مذکر - چھال - چھلکا ۔

بکل مارنا - ہ - بکل مارنا - چادر وغیرہ اوڑھ کر کندھے پر الٹ لینا ۔

بکنا - ہ - لازم - بیہودہ بولنا ۔

بکنا - ہ - لازم - فروخت ہونا - قیمت پانا ۔

بکواس - ہ - مؤنث - بک بک ۔

بکواسن - ہ - مؤنث - بک بک کرنے والی عورت ۔

بکواسی - ہ - مذکر - بکی ۔

بکوانا - ہ - فروخت کرانا ۔

بکھر اجانا - ہ - گرا پڑنا - بے قابو ہونا ۔

بکھرنا - ہ - الگ الگ ہونا - تتر بتر ہونا ۔

بکھیر - ہ - مؤنث - روپیہ پیسہ جو دولہا دلہن کے اوپر سے لٹاتے ہیں ۔

بکھیرنا - ہ - پھیلانا - لٹانا ۔

بکھیڑا - ہ - مذکر - الجھیڑا - جنجال

بکھیڑا ڈالنا - ہ - الجھاوا - ڈالنا - کام بڑھانا ۔

بکھیڑے میں ڈالنا - ہ - جھگڑے میں ڈالنا ۔

بکی - ہ - صفت - بک بک کرنے والا ۔

بکیت - ہ - مذکر - بانک کا فن جاننے والا - پنوتیا ۔

بکیتی - ہ - مؤنث - بانک یا بنوٹ ۔

ب گ

بگاڑ - ہ - مذکر - خرابی - دشمنی ۔

بگاڑنا - ہ - خراب کرنا - بہکانا ۔

بگاڑو - ہ - مذکر - بگاڑنے والا ۔

بگ ٹٹ - ہ - تابع فعل - سرپٹ - بے تحاشا ۔

بگڑ - ہ - مذکر - ایک نہایت ننھے دانوں کا اناج ۔

بگڑنا - ہ - خراب ہونا - نکما ہونا - خفا ہونا ۔

بگڑے دل - ا - صفت - دل چلا - نڈر - آزاد ۔

بگل - انگ - مذکر - ترم - نفیری ۔

بگلا - ہ - مذکر - ایک سفید لمبی گردن والا پانی کا جانور - کلنگ (صفت میں) نہایت سفید ۔

بگلا بھگت - ہ - مذکر - مکار ۔

بگولا - ہ - مذکر - بھولا - ببکا ۔

بگھار - ہ - مذکر - چھونک - روغن - جوش ۔

بگھار لگانا - ہ - چھونکنا - داغ کرنا ۔

بگھارنا - ہ - داغ کرنا - لمبی چوڑی زبان بولنا ۔

بگی - انگ - مؤنث - دو پہیوں کی انگریزی ٹپ دار گاڑی ۔

ب ل

بِل۔ انگ۔ مذکر۔ حساب کا پرچہ ◆
بِل پاس ہونا۔ ا۔ حساب کا پرچہ منظور ہونا ◆
بِل۔ ہ۔ مذکر۔ سوراخ۔ چوہے کا بھٹا ◆
بِل ڈھونڈیا۔ ہ۔ چھپتے پھرنا ◆
بَل۔ ہ۔ مذکر۔ طاقت۔ پیچ۔ مروڑ۔ بغض۔ کینہ ◆
بَل بھرنا۔ ہ۔ طاقت جتانا۔ ناخوش ہونا۔ اینٹھنا ◆
بَل پڑنا۔ ہ۔ شکن پڑنا۔ فرق آنا ◆
بَل دینا۔ ہ۔ بٹنا ◆
بَل کرنا۔ ہ۔ اکڑنا۔ بغض رکھنا ◆
بَل کھانا۔ ہ۔ پیچ و تاب کھانا ◆
بَل کھلنا۔ ہ۔ پیچ دور ہونا۔ سلجھنا ◆
بَل کھولنا۔ ہ۔ سلجھانا۔ اکڑ دور کرنا ◆
بَل نکالنا۔ ہ۔ سیدھا کرنا۔ سزا دینا۔ غرور ڈھانا ◆
بَلّا۔ ہ۔ مذکر۔ گیند کھیلنے کی چپٹی لکڑی ◆
بلّا۔ ہ۔ مذکر۔ بلی کا نر ◆
بِلّا۔ ا۔ مذکر۔ نشان۔ چپراس ◆
بِلا۔ ع۔ تابع فعل۔ بغیر۔ سوا ◆
بِلا تشبیہ۔ ع۔ تابع فعل۔ بجنسہ۔ بالکل ◆
بِلا تصنّع۔ ع۔ تابع فعل۔ ٹھیک ٹھیک۔ بغیر بناوٹ ◆
بِلا تکلّف۔ ع۔ تابع فعل۔ بے ساختہ۔ بلا تصنع ◆
بِلا توقف۔ ع۔ تابع فعل۔ فوراً ◆
بِلا شک۔ ع۔ تابع فعل۔ واقعی۔ یقیناً ◆
بِلا ناغہ۔ ع۔ ت۔ تابع فعل۔ متواتر۔ روزمرّہ ◆
بِلا واسطہ۔ ع۔ تابع فعل۔ براہِ راست۔ بے سبب۔ ناحق ◆
بِلا وجہ۔ ع۔ تابع فعل۔ ناحق۔ خواہ مخواہ ◆
بَلا۔ ع۔ مؤنث۔ مصیبت۔ دکھ۔ چڑیل۔ بھوتنی ◆
بَلا چٹ۔ ا۔ صفت۔ وہ آدمی جو اچھی بری سب چیز کھا لے صدقے کا کھانے والا ◆
بَلا سے۔ ا۔ تابع فعل۔ جوتی سے۔ کچھ پروا نہیں ◆

بَلا کا۔ ا۔ صفت۔ آفت کا پرکالہ۔ شریر ◆
بَلاکش۔ ف۔ صفت۔ مصیبت جھیلنے والا ◆
بَلائیں! ا۔ (ندا) (عورت) قربان جاؤں ◆
بَلا لینا۔ ا۔ (عو) صدقہ جانا۔ نثار ہونا ◆
بَلا نوش۔ ف۔ صفت۔ بلاچٹ۔ بہت شراب پینے والا۔ پیو ◆
بِلا تأمّل۔ ع۔ تابع فعل۔ فوراً ◆
بَلاغت۔ ع۔ مؤنث۔ خوش کلامی ◆
بُلاق۔ ت۔ مذکر۔ منکا۔ ناک کا ایک زیور ◆
بُلانا۔ ہ۔ پکارنا۔ طلب کرنا ◆
بِلاند۔ ہ۔ مؤنث۔ بالشت ◆
بِلاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ بلّا ◆
بُلاوا۔ ہ۔ مذکر۔ دعوت۔ نیوتا ◆
بَلائیں لینا۔ ہ۔ (عو)۔ واری جانا۔ صدقے ہونا ◆
بُلبُل۔ ع۔ ف۔ مذکر و مؤنث۔ بگدم۔ ہزار داستان ایک خوبصورت گانے والی چڑیا ◆
بُلبُلا۔ ہ۔ مذکر۔ حباب۔ بھبولا ◆
بَلبَلانا۔ ہ۔ اونٹ کا مستی میں آکر بولنا۔ غصے میں لال پیلا ہونا
بِلبِلانا۔ ہ۔ تڑپنا۔ بے کل ہونا ◆
بَلبَل جانا۔ ہ۔ نثار ہو جانا ◆
بَل بے۔ ا۔ اوہو! آہا! واہ وا! ◆
بِلٹی۔ انگ۔ مؤنث۔ اسباب کی فہرست۔ کرایہ اور اسباب کا بل ◆
بَلدار۔ ا۔ صفت۔ مڑا ہوا ◆
بَلدان۔ ہ۔ نذر۔ بھینٹ۔ چڑھاوا ◆
بَلدہ۔ ع۔ مذکر۔ شہر۔ قصبہ ◆
بَل رانڈ۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ عورت جو کم عمر میں بیوہ ہو جائے
بَلغم۔ ع۔ مذکر۔ کف۔ کھنکار ◆
بَلغمی۔ ع۔ صفت۔ موٹا۔ موٹی سمجھ والا۔ کاہل۔ سست ◆
بِلکانا۔ ہ۔ رلانا۔ پھڑکانا ◆
بِلکنا۔ ہ۔ بے چین ہونا۔ بے قرار ہونا۔ پھوٹ پھوٹ کر رونا

بَلکہ - ف - (حرف ترقی) پھر بھی - اور ◆
بَلَلاَ - ہ - صفت - مذکر - بے وقوف - بھولو - اُدل جُلول ◆
بَلَلی - ہ - صفت - مؤنث - بے وقوف اور پھوہڑ عورت ◆
بَلَم - ہ - مذکر - برچھا - عصا ◆
بَلَم بَردار - ا - مذکر - وہ نوکر جو امیروں کے ساتھ بَلَم لیکر چلے
بَلَند - ف - صفت - اُونچا - لمبا ◆
بَلَند پَرواز - ف - صفت - اُونچا اُڑنے والا - عالی دماغ ◆
بَلند حَوصلہ - ف - ع - صفت - دِل چلا - عالی ہمّت ◆
بَلَند کرنا - ا - اونچا کرنا - اُٹھانا ◆
بَلَند فکر - ف - ع - صفت - عالی ہمّت ◆
بَلَندی - ف - مؤنث - اُونچائی - لمبائی ◆
بَلوا یا / بلوہ } - ف - مذکر - ہلڑ - فساد - غدر ◆
بِلَور - ع - مذکر - پھٹک - ایک چمکدار موٹا شیشہ ◆
بِلَوریں - ف - صفت - بلور کا بنا ہوا - بلور کی طرح ◆
بَلّوط - ع - مذکر - سیتنا برچھ - ایک قسم کا مضبوط درخت ◆
بلوغ یا / بلوغت } - ع - (پہلا مذکر دوسرا مؤنث) - جوانی - شباب ◆
بِلوتا - ہ - متھنا - گھنگولنا ◆
بَلہار جانا - ہ - قربان جانا ◆
بَلہاری - ہ - مؤنث - صدقہ - واری نثار ◆
بَلی - ہ - مؤنث - سال کی لکڑی کا لمبا ٹھا - شہ تیر ◆
بِلی - ہ - مؤنث - شیر کی طرح ایک چھوٹا مشہور جانور ◆
بِلی لوٹن - ہ - مذکر - بالچھڑ - سُنبل ◆
بَلیغ - ع - صفت - موقع کے مطابق بات کرنیوالا - کامِل پُورا
بَلینڈا - ہ - مذکر - چھپر کی مینڈ یا بیچ کا بڑا بانس ◆

ب م

بَم - ا - مؤنث - بگی کا بانس - گاڑی کے آگے کے ڈنڈے ◆
بَم - انگ - مذکر - خود بخود پھٹنے والا
بَم پھوٹنا - ہ - لازم - کوئیں کی تہ سے پانی کا اُبلنا ◆
بَم چخ مچانا - ا - شور غل کرنا ◆
بَمبو - انگ - مذکر - بانس - چنڈو پینے کی نے ◆
بَم پولس - ا - مذکر - پاخانہ - جائے ضرورت ◆
بَمنزلہ - ف - ع - بجائے ◆
بَموجب - ف - ع - تابع فعل - مطابق - موافق ◆

ب ن

بُن - ہ - مذکر - قہوہ - کافی ◆
بَن - ہ - مذکر - جنگل - بیابان - روئی کا کھیت ◆
بَن بلاؤ - ہ - مذکر - جنگلی بِلا ◆
بَن مانس - ہ - مذکر - جنگلی آدمی - آدمی کی شکل کا ایک جنگلی جانور
بِن - ہ - تابع فعل - سوائے - بجز ◆
بِن آئی - ہ - مؤنث (عو) ناگہانی موت ◆
بِن آئی مرنا - ہ - بیٹھے بٹھائے کسی آفت میں مُبتلا ہونا ◆
بِن داموں کا غلام - ا - تابع فعل - جی حضور یا - لونڈی ◆
بِن مارے کی توبہ - ا - تابع فعل - ناحق کی فریاد ◆
بِنا - ہ - تابع فعل - بغیر ◆
بَنا - ہ - مذکر - دولہا - لاڈلا ◆
بِنا - ع - مؤنث - جڑ - بُنیاد ◆
بِنا ڈالنا - ا - بُنیاد رکھنا ◆
بَنا ٹھنا - ہ - صفت - تیار - سنورا ◆
بَننا ٹھننا - ہ - بناؤ سنگار کرنا ◆
بناسپتی - ہ - مؤنث - پیڑوں کی پتیاں - ساگ پات ◆
بناسپتی گھی - ہ - مذکر - مصنوعی گھی جو گھاس وغیرہ سے بنایا جاتا ہے ◆
بَن آنا - ہ - قسمت کھل جانا ◆
بَناؤ - ہ - مذکر - ٹیپ ٹاپ - سجاوٹ ◆
بَناؤ سنگار - ہ - مذکر - دیکھو (بناؤ) ◆
بَناؤ کرنا - ہ - سنگار کرنا ◆
بناوٹ - ہ - مؤنث - وضع - ظاہرداری - ساخت - فریب ◆

بُناوٹ - ہ - مؤنث - بُنائی - بُننا ◆
بَن باس کرنا - ہ - بن میں جاکر رہنا ◆
بَن باسی - ہ - صفت - جنگل میں رہنے والا ◆
بَن پڑنا - ہ - ہوسکنا ◆
بُنت - ہ - مؤنث - گوکھرو وغیرہ لگی ہوئی - توئی
بِنت - ع - مؤنث - لڑکی - بیٹی ◆
بَنج - ہ - مذکر - بیوپار - تجارت
بَنجارا - ہ - مذکر - اناج کا سوداگر ◆
بَنجاری - ہ - مؤنث - بنجارے کی بیوی ◆
بَنجر - ہ - مؤنث بے جوتی بوئی زمین - کھار زمین ◆
بَند - ف - مذکر - جوڑ - گانٹھ - بندھن - نظم کی وہ قسم جسمیں
ایک شعر ٹیپ کا لگا ہو - پُشتہ - پانی کے رُکاؤ کی جگہ ◆
بند باندھنا - ا - پُشتہ باندھنا - انتظام کرنا ◆
بند کرنا - ا - روکنا - قید کرنا ◆
بُندا - ہ - مذکر - کان کی لَو میں پہنے کا ایک زیور ◆
بِندا - ہ - مذکر - قشقہ - گول ٹیکا جو ہندو نہانے کے بعد
ماتھے پر لگاتے ہیں ◆
بندر کا گھاؤ - ہ - مذکر - وہ زخم جو کبھی اچھا نہو ◆
بندر کی طرح نچانا - ا - کسی کو سخت پریشان کرنا ◆
بندر گاہ - ف - مؤنث - بیوپار کی منڈی جو سمندر کے
کنارے پر ہو - جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ◆
بندریا - ہ - مؤنث - بندر کی مادہ - کٹکھاس ◆
بندش - ف - مؤنث - گانٹھ - روک ◆
بُندکی - ہ - مؤنث - چھوٹی سی بُوند ◆
بندگی - ف - مؤنث - غلامی - نوکری - عبادت - سلام ◆
بندوبست - ف - مذکر - انتظام ◆
بندوق - ع - مؤنث - مشہور ہتھیار - تُفنگ ◆
بندوق چھتیانا - ا - بندوق کا نشانہ باندھنا ◆
بندوق لگانا یا مارنا - ا - بندوق چلانا ◆
بندوقچی - ع - ت - مذکر - بندوق لگانے والا ◆
بندہ - ف - مذکر - نوکر - غلام ◆

بندہ پرور - ف - مذکر - آقا - سردار ◆
بندہ زادہ - ف - مذکر - آپ کے غلام کا لڑکا - عاجزی کے
طور پر اپنے لڑکے کی نسبت بولتے ہیں ◆
بندہ نواز - ف - مذکر - آقا - حضور ◆
بندھائی - ہ - مؤنث - بندش باندھنے کی اُجرت ◆
بندھن - ہ - مذکر - پٹی - بند - انتظام ◆
بندھنا - ہ - پابند ہونا - پھنسنا ◆
بِندھنا - ہ - چھدنا - پرویا جانا ◆
بندھوانا - ہ - پکڑوانا - قید کرانا - کسوانا ◆
بندھی بات - ہ - مؤنث - صاف بات - معمولی کارروائی
بندھی مٹھی - ہ - صفت - ایک مُشت - اکٹھا
بندی - ا - مؤنث - لونڈی - روک ◆
بندیخانہ - ف - مذکر - جیل - قید خانہ ◆
بِندی - ہ - مؤنث - نشان - چھوٹا سا ٹیکا ◆
بُندیلن - ہ - مؤنث - گندھی کی عورت - تنبولن - عطر پھلیل
بیچنے والی عورت ◆
بَنڈی - ہ - مؤنث - بے آستینوں کی یا آدھی آستینوں کی کرتی ◆
بَنس - س - مذکر - نسل - خاندان ◆
بنسلوچن - ہ - مذکر - طباشیر - ایک سفید دوا جو بانس
میں سے نکلتی ہے ◆
بنسی - ہ - مؤنث - بانسلی - مُرلی - الغوزہ - مچھلی پکڑنے کی
ڈور اور کانٹا ◆
بنفشہ - ف - مؤنث - ایک مشہور بُوٹی ◆
بنک - انگ - مذکر - روپیہ امانت میں رکھنے والی کمپنی ◆
بنکارنا - ہ - نشہ پی کر غل مچانا - شور کرنا ◆
بنگ - ف - مؤنث - بھنگ - ایک نشیلی بوٹی ◆
بنگالی - ہ - مؤنث - بنگلہ زبان بنگال کی بولی - بنگال کا آدمی
بنگلا - ہ - مذکر - بنگال کا پان - چھپر کی چھت کا انگریزی
مکان ◆
بُننا - ہ - تانا بانا کرکے کپڑہ وغیرہ بنانا ◆
بَننا - ہ - تیار ہونا - تکلیف کرنا - اترانا - بے وقوف ٹھہرنا .

امیر ہو جانا۔ آپس میں موافقت ہونا ◆

بنّو ۔ ا۔ مؤنث۔ (بانو کا مخفف) بیوی۔ بیگم ◆

بَنوانا۔ ہ۔ تیار کرانا ◆

بِنوانا۔ ہ۔ چُنوانا۔ اُٹھوانا۔ صاف کرانا ◆

بُنوانا۔ ہ۔ کپڑا وغیرہ تیار کرانا ◆

بُنوائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بُننے کی مزدوری ◆

بَنوائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بنوانے کی مزدوری ◆

بِنوائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بِینے کی مزدوری ◆

بِنوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ پھکیتی۔ بانک کا کام ◆

بِنولا۔ ہ۔ مذکر۔ کپاس کا بیج ◆

بِنولی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹے اولے ◆

بَنی۔ ہ۔ مؤنث۔ دولہن۔ اقبال۔ چھوٹا بَن۔ جھاڑی ◆

بنیا۔ ہ۔ مذکر۔ ہندوؤں کی ایک ذات۔ آٹا دال بیچنے والا
بُزدل۔ بودا۔ کنجوس۔ سیدھا۔ نیک ◆

بُنیاد۔ ع۔ مؤنث۔ جڑ۔ اصل ◆

بُنیاد ڈالنا۔ ا۔ نیو رکھنا۔ کام شروع کرنا ◆

بُنیان انگ۔ مذکر۔ ایک قسم کا بنا ہوا کرتہ ◆

بنیٹھی۔ ہ۔ مؤنث۔ بانس کی وہ لکڑی جسکے دونوں سروں پر
مشعلیں یا گیند باندھ کر گھماتے ہیں ◆

بنیسنی۔ ہ۔ مؤنث۔ بنیے کی عورت ◆

ب و

بُو۔ ف۔ مؤنث۔ باس۔ مہک۔ بدبو ◆

بُو آنا یا
پھوٹنا یا } ۔ ا۔ سڑنا۔ بدبو پیدا ہونا۔ بھید کھلنا ◆
نکلنا

بُوا۔ ہ۔ مؤنث۔ بہن ◆

بواسیر۔ ع۔ مؤنث۔ ایک مشہور مرض ◆

بوالعجب۔ ع۔ صفت۔ بازیگر۔ انوکھا۔ حیران۔ بے وقوف

بوالفضول۔ ع۔ صفت۔ بکی۔ بکواسی ◆

بوالہوس۔ ع۔ صفت۔ لالچی۔ ہوسناک ◆

بُوباس۔ ف۔ ہ۔ مؤنث۔ کھوج۔ عادت۔ مشابہت ◆

بُوبُو۔ ف۔ مؤنث۔ بہن ◆

بُوتا۔ ہ۔ مذکر۔ قوت ◆

بُوتام۔ مذکر۔ بٹن۔ تکمہ ◆

بوتل۔ ا۔ مؤنث۔ انگ۔ شیشہ۔ قرابہ۔ بڑی شیشی

بُوٹ۔ انگ۔ مذکر۔ ٹخنوں سے اوپر تک کا انگریزی جوتا ◆

بَوٹ۔ انگ۔ مؤنث۔ کشتی۔ ناؤ ◆

بوٹا۔ ہ۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ گوشت کی بڑی بوٹی۔ لکڑی کا موٹا
شہتیر ◆

بُوٹا۔ ہ۔ مذکر۔ پودا۔ چھوٹا سا پیڑ۔ گلکاری ◆

بُوٹا سا قد۔ ا۔ صفت۔ ٹھمکا قد۔ موزوں قد ◆

بُوٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ جڑی۔ دوا کا پودا ◆

بوٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ گوشت کا چھوٹا ٹکڑا ◆

بوٹی اُتارنا
یا بھرنا } ۔ ہ۔ بوٹی کاٹنا۔ بدن سے گوشت کا ٹکڑا کاٹنا ◆

بوٹی توڑنا۔ ہ۔ نخر سے نوچنا ◆

بوٹی چڑھنا۔ ہ۔ موٹا ہونا ◆

بوٹیاں اُڑانا۔ ہ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ خوب مارنا ◆

بوٹیاں کھانا۔ ہ۔ فکر میں مبتلا ہونا ◆

بُوجھ۔ ہ۔ مؤنث۔ عقل۔ سمجھ ◆

بُوجھ لینا۔ ہ۔ پہیلی بتا دینا۔ جان جانا ◆

بوجھ۔ ہ۔ مذکر۔ بوجھا۔ گٹھری ◆

بوجھ اُتارنا۔ ہ۔ قرض اُتارنا۔ قرض ادا کرنا۔ بیگار ٹالنا ◆

بوجھ اُٹھانا۔ ہ۔ بوجھا سر پر اُٹھانا۔ ذمہ داری لینا ◆

بوجھ پڑنا۔ ہ۔ دباؤ پڑنا۔ فکر ہونا ◆

بوجھ سر پر ہونا۔ ہ۔ کام پورا کرنیکی فکر ہونا ◆

بُوجھ بُجھوّل۔ ہ۔ مؤنث۔ پہیلیاں بوجھنے کا کھیل ◆

بوجھل۔ ہ۔ صفت۔ بھاری ◆

بُوچا۔ ہ۔ صفت۔ مذکر۔ کن کٹا۔ چھوٹے چھوٹے کانوں والا

بُوچھڑ یا بوچھاڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ مینہ کی باڑ۔ بہت سی چیز ◆

بوچھاڑ پڑنا۔ ہ۔ کثرت سے گالیاں یا کوسنے پڑنا ۔

تیر یا گولیوں کا کثرت سے برسنا ۰
بوچھاڑ کرنا۔ ہ۔ کثرت سے روپیہ لٹانا۔ بکھیر کرنا۔ اعتراضوں کا پل باندھ دینا ۰
بوچی۔ ہ۔ صفت مؤنث۔ کن کٹی۔ ننھے ننھے کانوں والی
بودا۔ ہ۔ صفت۔ کمزور۔ بزدل ۰
بود و باش۔ ف۔ مؤنث۔ رہنا بسنا۔ قیام ۰
بورکے لڈو۔ ہ۔ مذکر۔ گیہوں کی بھوسی کے لڈو۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ۰
بورا۔ ہ۔ مؤنث۔ صاف کی ہوئی چینی۔ برادہ ۰
بورانی۔ ف۔ مؤنث۔ تلے ہوئے بینگنوں کے دہی میں پڑے ہوئے قتلے ۰
بورڈ۔ انگ۔ مذکر۔ مجلس۔ انجمن ۰
بوری۔ ہ۔ مؤنث۔ بھنے اور صاف کئے ہوئے جو۔ پگلی۔ دیوانی ۰
بوریا۔ ف۔ مذکر۔ چٹائی۔ بستر ۰
بوڑھا۔ ہ۔ صفت بڈھا۔ بڑی عمر کا ۰
بوڑھا بونگ۔ ہ۔ مذکر۔ بے وقوف بڈھا ۰
بوڑھا چونڈا۔ ہ۔ مذکر۔ سفید سر۔ بڑھاپا ۰
بوڑھا خرانٹ۔ ا۔ مذکر۔ بہت بوڑھا ۰
بوڑھا کھپاٹ۔ ہ۔ مذکر۔ بہت ہی بڈھا ۰
بوڑھا گھاگ۔ ہ۔ مذکر۔ تجربہ کار بوڑھا ۰
بوڑھے منہ مہاسے۔ ہ۔ کہاوت۔ بڑھاپے میں جوانوں کی سی باتیں کرنا ۰
بوس و کنار۔ ف۔ مذکر۔ چوما چاٹی ۰
بوسہ۔ ف۔ مذکر۔ پیار۔ چوما ۰
بوسہ دینا۔ ف۔ چومنا۔ چموانا ۰
بوسیدگی۔ ف۔ مؤنث۔ پرانا پن ۰
بوسیدہ۔ ف۔ صفت۔ پرانا ۰
بوکھلانا۔ ہ۔ بے قرار ہونا۔ دیوانوں کی طرح پھرنا ۰
بول۔ ہ۔ مذکر۔ بات۔ انترہ ۰
بول اٹھنا۔ ہ۔ صبر نہ کرسکنا۔ ہار مان لینا ۰

بول جانا۔ ہ۔ عاجز آجانا ۰
بولا چالی۔ ہ۔ مؤنث۔ (عوام) بات چیت۔ بول چال ۰
بولانا۔ ہ۔ باؤلا بنانا۔ گھبرانا ۰
بول بالا رہنا۔ ہ۔ عزت قائم رہنا ۰
بول بالا ہونا۔ ہ۔ بن آنا۔ کامیاب رہنا ۰
بولتا۔ ہ۔ مذکر۔ سانس۔ روح۔ جسم ۰
بول چال۔ ہ۔ مؤنث۔ بولی۔ بات چیت۔ میل ملاپ ۰
بولنا۔ ہ۔ بات کرنا ۰
بولی۔ ہ۔ مؤنث۔ زبان۔ بات چیت۔ نیلام کی آواز۔ قیمت
بولی بولنا۔ ہ۔ نیلام کرنا۔ بولنا۔ نیلام کی چیز۔ پروگرام کہنا
بولی ٹھولی۔ ہ۔ مؤنث۔ مذاق۔ دلگی۔ طعن تشنیع ۰
بونا۔ ہ۔ کھیت میں بیج ڈالنا ۰
بونا۔ ہ۔ مذکر۔ ٹھنگنا۔ بالشتیا ۰
بونٹ۔ ہ۔ مذکر۔ ہرا چنا ۰
بونٹ پلاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ وہ پلاؤ جس میں ہرے چنے پڑے ہوں
بوند۔ ہ۔ مؤنث۔ قطرہ۔ بارش کا قطرہ ۰
بوند بھر۔ ہ۔ صفت۔ ذرا سا
بوندا باندی۔ ہ۔ مؤنث۔ تھوڑی تھوڑی بارش ۰
بوندیں پڑنا۔ ہ۔ مینہ برسنا ۰
بونگا۔ ہ۔ مذکر۔ بھس کا ڈھیر۔ بے ڈھنگا ۰
بونگی۔ ہ۔ صفت۔ ٹیڑھی۔ ناموزوں ۰
بوہنی۔ ہ۔ مؤنث۔ سب سے پہلی بکری ۰
بوہنی کرنا۔ ہ۔ دوکان کھولنے کے بعد پہلی دفعہ کچھ بیچنا ۰
بوئیا۔ ہ۔ مذکر۔ چھوٹے سے منہ کی ٹوکری جس میں اکثر بوتیاں رکھتے ہیں ۰

ب ہ

بہا بہا پھرنا۔ ہ۔ لاابالی پھرنا۔ کسی چیز کا کثرت سے ہونا
بھابی یا بھابھی۔ ہ۔ مؤنث۔ بھائی کی بیوی ۰
بھاپ۔ ہ۔ مؤنث۔ پانی کے ابخرے۔ بخارات ۰
بھات۔ ہ۔ مذکر۔ خشکہ۔ ابلے ہوئے چاول ۰

بھاٹ - ہ - مذکر - کبت سنانے والا - تعریف کرکے مانگنے والا
بھاٹا - ہ - مذکر - دریا کے پانی کا اُتار - جزر ♦
بھاجی - ہ - مونث - بھنا ہوا ساگ یا ترکاری ♦
بہادر - ف - صفت - دلیر - نڈر ♦
بہادری - ف - مونث - ہمت - دلیری ♦
بھادوں - ہ - مذکر - ہندی کا چھٹا مہینہ ♦
بھادوں کی بھرکن - ہ - مونث - بھادوں کی بارش ♦
بھار - ہ - مذکر - بوجھ ♦
بہار - ف - مونث - بسنت - پھول کھلنے کا موسم - خوشی
شباب - تماشا ♦
بہار پر آنا - ا - رونق پر آنا ♦
بہار لوٹنا - ا - مزہ اڑانا - عیش کرنا ♦
بہارنا - ہ - جھاڑنا - صاف کرنا ♦
بھاری - ہ - صفت - وزنی - بوجھل ♦
بھاری بھرکم - ہ - صفت - بھلا مانس - بردبار - رعب دار
بھاری لگنا - ہ - دوبھر معلوم ہونا ♦
بھاڑ - ہ - مذکر - بھٹی - چنے بھوننے کی جگہ ♦
بھاڑ جھونکنا - ہ - بھاڑ گرم کرنا - حقیر پیشہ کرنا ♦
بھاڑ میں جھونکنا - ہ - ضائع کرنا ♦
بھاڑا - ہ - مذکر - کرایہ ♦
بھاڑے کا ٹٹو - ہ - مذکر - وہ آدمی جو مدد کے بغیر کام نہ
کرسکے - وہ چیز جس کی مرمت ہمیشہ ہوتی ہے ♦
بھاشا یا بھاکا } - س - مونث - ہندی بولی جو سنسکرت سے نکلی
ہے - دیسی بولی ♦
بھاگ - ہ - مذکر - نصیب - قسمت ♦
بھاگ جاگنا - ہ - نصیب کھلنا - دن پھرنا ♦
بھاگا بھاگ - تابع فعل - بہت جلد ♦
بھاگ جانا - ہ - چلدینا - شکست کھانا ♦
بھاگڑ - ہ - مونث - گھبراہٹ - ہلچل ♦
بھاگڑ پڑنا یا مچنا } - ہ - ہلچل پڑنا - گھبرا کر بھاگنے لگنا ♦

بھاگنا - ہ - دوڑنا - بچنا - شکست کھانا ♦
بھاگوان - ہ - صفت - اقبال مند - سکھی - نیک
بھال - ہ - مونث - انی - برچھی کا پھل ♦
بھالا - ہ - مذکر - برچھا ♦
بھالو - ہ - مذکر - ریچھ ♦
بہانا - ہ - پانی گرانا - بہت سستا بیچنا ♦
بھانپنا - ہ - تاڑنا - پہچاننا ♦
بھانت - ہ - مونث - ڈھب - طور - طریقہ ♦
بھانت بھانت کا - ہ - صفت - قسم قسم کا - رنگ برنگ کا
بھانجا - ہ - مذکر - بہن کا بیٹا ♦
بھانجنا - ہ - بل دینا - موڑنا - چھپے ہوئے کاغذوں کو تہ کرنا
بھانجی - ہ - مونث - بہن کی بیٹی ♦
بھانجی - ہ - مونث - روک - چغلی - مزاحمت ♦
بھانجی خور - ا - مذکر - چغلخور ♦
بھانجی مارنا - ہ - کسی کے کام میں روڑا اٹکانا - رخنہ ڈالنا
بھانڈ - ہ - مذکر - مسخرا - نقال ♦
بھانڈا - ہ - مذکر - مٹی کا برتن - راز - بھید ♦
بھانڈا پھوٹنا - ہ - بھید کھلنا ♦
بھانڈا پھوڑنا - ہ - بھید ظاہر کردینا ♦
بھانمتی - ہ - مذکر - شعبدہ باز ♦
بہانہ - ف - مذکر - دھوکا - حیلہ - سبب ♦
بہانہ جو - ف - مذکر - مکار - دغاباز ♦
بہانہ ڈھونڈنا - ا - موقع تاکنا ♦
بہانہ کرنا - ا - ٹالنا - حیلہ کرنا ♦
بہاؤ - ہ - مذکر - پانی کے بہنے کا رخ - ڈھلاؤ ♦
بھاؤ - ہ - مذکر - بازاری نرخ - مول - قیمت - ناز نخرہ
بھاؤ اترنا - ہ - قیمت گھٹنا ♦
بھاؤ بتانا - ہ - ناچنے میں اشارے کرتے جانا ♦
بھاؤ تاؤ - ہ - مذکر - مول تول ♦
بھاؤ تیز ہونا - ا - مہنگا ہونا ♦
بھاؤ چڑھنا - ا - قیمت بڑھنا ♦

بھاؤ نکالنا - ہ - قیمت ٹھہرانا +

بھاوج - ہ - مؤنث - بھابی - بھائی کی بیوی +

بھاویں - ہ - تابع فعل - اثر - خیال +

بھائی - ہ - مذکر - برادر - برادری کا +

بھائی بند - ا - مذکر - رشتہ دار - دوست +

بھائی چارہ - ہ - مذکر - پکی دوستی +

بھائیں بھائیں کرنا - ہ - ویرانہ پن برسنا +

بھپک - ا - مؤنث - بھکراند - تیز بھاپ - سڑی ہوئی چیز
کی بو +

بھبکا - ہ - مذکر - عرق کھینچنے کا برتن - مہک - لپٹ -
زور کی بدبو +

بھبکانا - ہ - ایکدم زیادہ پانی گرانا +

بھبکنا - ہ - نہایت گرم ہونا - بہت غصہ میں آجانا +

بھبکی - ہ - مؤنث - دھمکی +

بھبکی دینا - ہ - ڈرانا - دھمکی دینا +

بھبکی میں آجانا - ہ - ڈر جانا - دھوکے میں آجانا +

بھبوت - ہ - مذکر و مؤنث - راکھ جو سنیاسی یا جوگی بدن
پر ملتے ہیں +

بہبود - ف - مؤنث - بہتری - ترقی +

بھبوکا - ہ - مذکر - نور کا پتلا - بہت ہی گورا چٹا - لال انگارہ

بھبوکا بننا
یا ہونا } - ہ - آگ بگولا ہونا - غصے میں بھرنا +

بھپارہ دینا - ہ - بھاپ دینا +

بہت - ہ - صفت - زیادہ - کافی +

بھتا - ہ - مذکر - خوراک - سفر کی خوراک +

بہتات - ہ - مؤنث - کثرت - زیادتی +

بہتان - ع - مذکر - تہمت - جھوٹا الزام +

بہتان جوڑنا
یا دھرنا
یا رکھنا
یا لگانا } - ہ - الزام لگانا - عیب دھرنا +

بہتر - ف - صفت - بہت اچھا +

بہتر - ہ - صفت - ستر اور دو (۷۲) +

بہتری - ف - مؤنث - بھلائی - نیکی +

بھتنا - ہ - مذکر - (بھوت کی تصغیر) ناپاک روح - بدصورت
آدمی +

بھتنی - ہ - مؤنث - چڑیل - بلا - بدصورت عورت +

بھتی - ہ - مؤنث - موت کا کھانا - کڑوی کھچڑی +

بھتیجا - ہ - مذکر - بھائی کا بیٹا +

بھتیج بہو - ہ - مؤنث - بھتیجے کی بیوی +

بھتیج داماد - ہ - مذکر - بھتیجی کا خاوند +

بھتیجی - ہ - مؤنث - بھائی کی بیٹی +

بہترا - ہ - صفت - بہت سا - کافی +

بھٹ - ہ - مذکر - غار - بھٹی +

بھٹا - ہ - مذکر - اینٹیں یا چونہ پکانے کی بھٹی +

بھٹا - ہ - مذکر - مکی کی بال +

بھٹکا پھرنا - ہ - آوارہ پھرنا +

بھٹ کٹیا - ہ - مؤنث - ایک کانٹوں دار بوٹی +

بھٹکنا - ہ - راستہ بھولنا - ڈانواں ڈول پھرنا +

بھٹنی - ہ - مؤنث - عورت کی پستان کا سر +

بھٹئی - ہ - مؤنث - بھاٹ پنا - بھاٹ کی سی تعریف +

بھٹئی کرنا - ا - بھاٹوں کی طرح جھوٹی تعریف کرنا -
چاپلوسی کرنا +

بھٹی - ہ - مؤنث - تنور - بڑا چولھا +

بھٹی چڑھانا - ہ - کپڑوں کو ریہ لگا کر جوش دینا +

بھٹیارا - ہ - مذکر - سرائے کا روٹی پکانے والا +

بھٹیار پن - ا - مذکر - کمینگی +

بھٹیار خانہ - ا - مذکر - سرائے - کمینوں کا تکیہ +

بھٹیاری - ہ - مؤنث - بھٹیارے کی بیوی +

بہجانا - ہ - پانی کی رو کے ساتھ چلا جانا - برباد ہو جانا +

بھجن - ہ - مذکر - حمد - نعت - خدا کی تعریف کا گیت +

بھجن کرنا - عبادت کرنا +

بھجن گانا - ہ - خوشی منانا - خدا کی تعریف کا گیت گانا ٭
بُھجنگ - ہ - صفت - کالا کلوٹا - بہت کالا ٭
بُھجیا - ہ - مؤنث - بھاجی - پکا ہوا ساگ ٭
بھچّ - ہ - صفت - نہایت کالا ٭
بھچنا - ہ - دبنا - رکھنا ٭
بھنڈ - ہ - مؤنث - کسی چیز کے گرنے کی آواز ٭
بھنڈا - ہ - صفت - بھونڈا - موٹا سا ٭
بھنداکا - ہ - مذکر - دھماکا - گرنے کی آواز ٭
بھند بھڑ - ہ - مؤنث - بھاری آدمی کے چلنے کی آواز - زمین پر پکا پھل گرنے کی آواز ٭
بھدرا - ہ - مؤنث - ڈاڑھی مونچھوں اور بھوؤں کا مونڈنا
بھدرا کرانا - ہ - کریا کرم کے واسطے سر ڈاڑھی مونچھوں اور بھوؤں کو منڈوانا ٭
بھدرا ہونا - ہ - لٹ جانا - مُس جانا ٭
بھدرک - س - مؤنث - سلیقہ - سگھڑپن ٭
بھر - ہ - صفت - تمام - سارا - مقدار ٭
بھرا - ہ - مذکر - جھانسا - فریب ٭
بھرا دینا - ہ - دم دینا - کبوتروں کو ایک دفعہ ہی اُڑا دینا ٭
بہرا - ہ - صفت - کم سننے والا - نہ سننے والا ٭
بھرا - ہ - صفت - پُر - لبریز - سارا - تمام ٭
بھرا پُرا - ہ - صفت - فراغبال - خوشحال ٭
بھرانا - ہ - آواز بھاری ہو جانا - گلا پڑنا ٭
بھرانا - ہ - پرندوں کا بچوں کو چونچ سے دانہ کھلانا ٭
بھر آنا - ہ - زخم کا بھرنا - سرس آنا ٭
بھرارا - ہ - مذکر - [illegible] ٭
بھرتی کرنا - ہ - [illegible] رکھنا ٭
بھر جانا - ہ - کسی چیز کا منہ تک آجانا - لتھڑ جانا - سَنی جانا ٭
بہر حال - ف - ع - تابع فعل - ہر طرح سے - ہر صورت سے
بھر دینا - ہ - پاٹ دینا - مالا مال کر دینا - تاوان دینا - نقصان پورا کرنا ٭

بھرکس نکالنا - ہ - مار مار کر بُرا حال کر دینا - بیدم کر دینا - تباہ کر دینا ٭
بھرکس نکلنا - ہ - بیدم ہونا - دوالہ نکلنا ٭
بہرکیف - ف - ع - تابع فعل - بہر حال - ہر صورت سے ٭
بھرم - ہ - مذکر - اعتبار - بھروسہ - راز - بھید ٭
بھرم جانا - ہ - بے اعتبار ہونا ٭
بھرم کھلنا - ہ - بھید کھلنا - اعتبار اُٹھنا ٭
بھرم کھولدینا - ہ - عیب ظاہر کر دینا ٭
بھرمار کرنا - ہ - کثرت سے کوئی کام کرنا - کوئی چیز بہت سی دینا ٭
بھرن - ہ - مؤنث - زور کی بارش - بھادوں کی بارش ٭
بھرنا - ہ - پُر ہونا - خالی نہ رہنا - پورا ہونا ٭
بھر نظر دیکھنا - ا - ؟ - اچھی طرح دیکھنا ٭
بھر نیند سونا - ہ - اچھی طرح سونا ٭
بہروپ - س - مذکر - بھیس بدلنا - مکر دھوکا ٭
بہروپ بدلنا - ہ - سانگ بھرنا - شعبدہ بازی کرنا ٭
بہروپیا - ہ - مذکر - نقال - بھیس بدلنے والا - مکار ٭
بھروسا - ہ - مذکر - توکل - اعتبار - اُمید - آسرا ٭
بہرہ - ہ - مذکر - حصہ - قسمت ٭

بہرہ مند یا
بہرہ ور یا
بہرہ یاب
} - ف - خوش قسمت - اقبالمند - کامیاب ٭

بہری - ہ - مؤنث - کبوتروں کا شکار کرنیوالا پرند - [illegible] چاٹنے ٭
بھرے پر چڑھانا - ہ - جھانسے میں لانا ٭
بھرے کو بھرنا - ہ - امیر آدمی کے ساتھ سلوک کرنا ٭
بھرڑ - ہ - مذکر - کسی چیز کے پھٹنے کی آواز - پانی بھرنے کی آواز ٭
بھرڑ - ہ - مؤنث - تتیا - بِرّ ٭
بھڑ کا چھتا - ہ - مذکر - بھڑوں کے رہنے کا گھر - فسادی لڑاکا ٭

بھڑاس - ہ - مونث - دشمنی - غصہ ٭
بھڑاس نکالنا - ہ - دشمنی نکالنا - کسی پر غصہ اُتارنا ٭
بھڑانا - ہ - بِلانا - لڑائی کروانا ٭
بُھڑ بھڑیا - ہ - صفت - وہ آدمی جو جلد غصے ہو اور جلد صاف ہو - گپی - سادہ ٭
بھڑ بھونجا - ہ - مذکر - بھاڑ جھونکنے والا (صفت) کالا کلوٹا بدصورت ٭
بھڑ بھوجن - ہ - مونث - اناج بھوننے والی عورت (صفت) کالی اور بدصورت عورت ٭
بھڑک - ہ - مونث - چمک دمک - ٹیپ ٹاپ - لہک - لپٹ ٭
بھڑک اُٹھنا - ہ - جل اُٹھنا - غصے میں بھر جانا ٭
بھڑکدار - ا - صفت - چمکیلا - مکلف ٭
بھڑکانا - ہ - آگ کو تیز کرنا - بہکانا - غصہ دلانا ٭
بھڑکے بیٹھنا - ہ - مل کر بیٹھنا ٭
بھڑکیلا - ہ - چمکیلا - زرق برق ٭
بھڑنا - ہ - لڑنے کو آمادہ ہونا - لڑ پڑنا ٭
بھڑوا - ہ - مذکر - دیوث - قرم ٭
بھُس - ہ - مذکر - اناج کا چھلکا یا اناج کے پیڑوں کا چورا
بھسکنا - ہ - بھینس کی طرح کھانا ٭
بھسم - ہ - مذکر - راکھ - بھبوت ٭
بھسم کر دینا - ہ - جلا کر راکھ کر دینا ٭
بھسم ہونا - ہ - ہضم ہو جانا - جل کر راکھ ہونا ٭
بھُسنڈ - ہ - صفت - وہ آدمی جو موٹاپے کی وجہ سے بدصورت معلوم ہو - سنڈا - موٹا ٭
بہشت کا میوہ - ا - مذکر - انار ٭
بہشت میں لات مارنا - ا - (محاورہ) نیکوں کے ساتھ بدی کرنا - ماں باپ کو ستانا ٭
بہشتی - ف - مذکر - آسمانی - جنتی - سقہ - ماشکی ٭
بھک - ہ - مونث - لکڑی کی دراڑ ٭
بھک بھک - ہ - مونث - انجن سے دھواں نکلنے کی آواز ٭
بھک سے اُڑ جانا - ہ - بارود کا ایکدم سے اُڑ جانا ٭
بھکاری - ہ - مذکر - فقیر - منگتا ٭
بھکانا - ہ - ورغلانا - کان بھرنا ٭
بُھگت - س - مذکر - پارسا - پرہیزگار - جھومنتر کرنیوالا
بھگتی - س - مونث - عبادت - سیوا ٭
بُھکراند - ہ - مونث - بدبو ٭
بھکسنا - ہ - نگلنا - ٹھونسنا ٭
بھکشا - س - مونث - بھیک - خیرات ٭
بھک منگا - ہ - مذکر - فقیر - بھیک مانگنے والا ٭
بہکنا - ہ - بھٹکنا - راستہ بھولنا - لڑکھڑانا ٭
بھکوسنا - ہ - اناپ شناپ کھانا ٭
بھگا - ہ - صفت - لڑائی سے بھاگی ہوئی بیڑ ٭
بھگانا - ہ - دوڑانا - ہرانا - ورغلا کرلے جانا ٭
بُھگتانا - ہ - پورا کرنا - فیصلہ کرنا ٭
بُھگتنا - ہ - جھیلنا - بدلہ لینا ٭
بھگتی - ہ - مذکر - بھانڈ - نقال - عبادت - بندگی
بھگل کانٹھنا - ہ - لازم - مکر کرنا - بناوٹ کرنا ٭
بھگو - ہ - صفت - بھگوڑا ٭
بھگوان - س - مذکر - اللہ تعالیٰ - پرمیشر ٭
بھگو بھگو کے لگانا - ہ - (محاورہ) لعنت ملامت کرنا - ذلیل کرنا ٭
بھگوڑا - ہ - صفت - پڑھنے سے بھاگنے والا - بھاگنے والا ٭
بھگونا - ہ - گیلا کرنا - تر کرنا ٭
بھلا - ہ - صفت - بانجھ - بچہ نہ جننے والی
بھلا - ہ - صفت - اچھا - نیک - ہاں - کلمۂ تنبیہ ٭
بھلا چنگا - ہ - مذکر - تندرست ٭
بھلا کرنا - ہ - نیک کام کرنا - احسان کرنا - اچھا کرنا ٭
بھلا لگنا - ہ - اچھا معلوم دینا ٭
بھلا مانس - ہ - مذکر - شریف اور ملنسار آدمی ٭
بُھلانا - ہ - یاد نہ رکھنا ٭

بہلانا - ہ - کھیل میں لگانا - تسلی دینا ٭
بُھلاوا - ہ - مذکر - مغالطہ - دھوکا ٭
بہلاوا - ہ - مذکر - بُھلاوا - تفریح ٭
بھلائی - ہ - مونث - نیکی - خیر خواہی ٭
بُھل بُھل - ہ - مونث - ڈھل ڈھل - پانی یا خون کی
بوندوں کا لگاتار ٹپکنا ٭
بُھلبُھلانا - ہ - بھوننا - آدھا بھوننا ٭
بُھلسنا - ہ - بُھننا - بھوننا ٭
بُھلکڑ - ہ - صفت - بہت بھولنے والا ٭
بُھلمنسات - ہ - مونث - شرافت - انسانیت ٭
بہلنا - ہ - لازم - غم بٹنا - تسلی پانا - کھیل میں لگنا ٭
بہلی - ہ - مونث - ایک قسم کی بیل گاڑی ٭
بہلیا - ہ - مذکر - پرندوں کا شکاری ٭
بہم - ف - تابع فعل - باہم - آپس میں ٭
بہم پہنچنا - ا - حاصل ہونا - مُہیا ہونا ٭
بہن - ہ - مونث - ہمشیرہ - ماجائی - باجی ٭
بہنا - ہ - پانی یا کسی پتلی چیز کا جاری ہونا - ضائع ہونا ٭
بُھننا - ہ - بُھنکنا - جلنا - ناراض ہونا ٭
بہناپا - ہ - مذکر - مُنہ سے بہن بنانا ٭
بہناپا جوڑنا - ہ - بہن بنانا ٭
بُھنانا - ہ - چنے وغیرہ کی کھیل کرانا - نوٹ یا روپیہ تُڑانا
بھنانا - ہ - چوٹ سے پریشان ہونا - چکرانا ٭
بھنبوڑنا - ا - چبانا - نوچ نوچ کر کھانا ٭
بِھنبھنا - ہ - صفت - ناک میں بولنے والا ٭
بِھنبھنانا - ہ - مکھیوں کا شور کرنا - ناک میں بولنا ٭
بِھنبھناہٹ - ہ - مونث - مکھیوں کی آواز ٭
بھنبیری یا
بھمیری } - ہ - مونث - ایک قسم کی تتیری ٭
بھنڈار - ہ - مذکر - گودام - پانی کا خزانہ ٭
بھنڈارا - ہ - مذکر - پیٹ - باورچیخانہ ٭
بھنڈاری - ہ - مذکر - باورچی - خانساماں ٭

بھنڈ کرنا - ہ - بگاڑنا - خراب کرنا ٭
بھنڈ ہونا - ہ - بگڑنا - درہم برہم ہونا ٭
بِھنڈی - ہ - مونث - ایک مشہور ترکاری ٭
بھنڈیلا - ہ - مذکر - بھانڈ - نقال ٭
بِھنک - ہ - مونث - ہلکی آواز ٭
بِھنکنا - ہ - مکھیاں اُڑنا - سست بیٹھنا - خالی پڑے رہنا
بھنگ - ہ - مونث - ایک نشیلی بوٹی ٭
بُھنگا - ہ - مذکر - پروں والا ایک چھوٹا کیڑا ٭
بھنگڑ - ہ - مذکر - بہت بھنگ پینے والا - بھنگی ٭
بھنگن - ہ - مونث - مہترانی - چوہڑی ٭
بھنگی - ہ - مذکر - مہتر - چوہڑا
بھنگیر خانہ - ا - مذکر - بھنگ پینے والوں کا تکیہ ٭
بھنگیرن - ہ - مونث - ساقن - وہ عورت جو نشہ بازوں کو
حقہ اور بھنگ وغیرہ پلاتی ہے ٭
بھنور - ہ - مذکر - گرداب - پانی کا گھم چکر ٭
بھنور پڑنا - ہ - پانی کا چکر کھانا ٭
بہنوئی - ہ - مذکر - بہن کا خاوند ٭
بہنی - ہ - مونث - پہلی بکری ٭
بہو - ہ - مونث - بیٹے کی بیوی ٭
بھوانی - س - مونث - شیوجی کی بیوی - درگا - پاربتی ٭
بھوبل - ہ - مونث - گرم راکھ ٭
بھوت - ہ - مذکر - شیطان - پریت - نشہ میں چور ٭
بھوت چڑھنا - ہ - غصہ سوار ہونا ٭
بھوت ہو کر چمٹنا - ہ - کسی کے سر ہو جانا ٭
بھوت ہونا - ہ - غصے میں آپے سے باہر ہونا ٭
بھوج - ہ - مذکر - کھانا - دعوت ٭
بھوج پتر - ہ - مذکر - ایک پیڑ کی چھال جس پر اگلے زمانے
میں لکھا کرتے تھے ٭
بھوجن - ہ - مذکر - کھانا ٭
بھور - ہ - مونث - تڑکا - تڑکا - صبح سویرے ٭
بھورا - ہ - صفت - مٹیالا رنگ - سُرخی مائل - سیاہ رنگ ٭

بھوڑ - ہ - مونث - ریتلی زمین - ریگستان +

بھوڑا - ہ - مذکر - وہ کھانا جو دلہن والے دولھا کو رخصت کرتے وقت ساتھ کر دیتے ہیں - ولیمہ +

بھوسا - ہ - مذکر - اناج کے پودے کا چورا +

بھوسی - ہ - مونث - چوکر - اناج کا چھلکا +

بھوک - ہ - مونث - کھانے کی خواہش - اشتہا +

بھوک لگنا - ہ - کھانے کی خواہش ہونا +

بھوک مرنا - بھوک کم لگنا +

بھوکا - ہ - صفت - کھانے کی خواہش رکھنے والا - شائق حاجتمند +

بھوکوں مرنا - ہ - بھوکا مرنا - فاقہ کرنا +

بھوگ - ہ - مذکر - بھوجن - کھانا - پرشاد +

بھول - ہ - مونث - چوک - غلطی - قصور +

بھولا - ہ - صفت - سیدھا سادا - نادان +

بھولا بسرا - ہ - صفت - راستہ بھولا ہوا - بھولا چوکا

بھولا بھالا - ہ - مذکر - سیدھا سادا - معصوم +

بھولا بھٹکا - ہ - صفت - ڈانواں ڈول - راستہ بھولا ہوا +

بھولاپن - ہ - مذکر - سادگی - ناتجربہ کاری +

بھول بھلیاں - ہ - مونث - گورکھ دھندا - ایسی پیچیدہ عمارت جس میں داخل ہو کر نکلنا مشکل ہو جائے +

بھولنا - ہ - یاد نہ رہنا - خیال نہ رہنا +

بھولی - ہ - مونث - سیدھی سادی عورت - نادان عورت

بھولے بھٹکے - ہ - تابع فعل - کبھی کبھار - بھولے چوکے

بھوم - ہ - مونث - زمین - دنیا - وطن - دیس +

بھوں - ہ - مونث - ابرو - آنکھوں کے پپوٹوں کے اوپر جو بال کمان کی شکل میں ہوتے ہیں +

بھوں چڑھانا - ہ - خفا ہونا - تیوری چڑھانا +

بھوں بھوں رونا - ہ - بری آواز سے رونا +

بھوں بھوں کرنا - ہ - بھونکنا - بکنا +

بھونپو - ہ - مذکر - نرسنگا - بڑا بگل +

بھونچال - ہ - مذکر - زلزلہ +

بھونچکا - ہ - صفت - ہکا بکا - حیران +

بھوندو - ہ - صفت - بے وقوف - مودھو +

بھونڈا - ہ - صفت - بے ڈول - بدصورت +

بھونرا - ہ - مذکر - ایک قسم کی سیاہ موٹی بھڑ - (صفت میں) بہت کالی چیز +

بھونری - ہ - مونث - سر یا جسم کے بالوں کا چکر +

بھونکانا - ہ - جھنجوانا - بکوانا - ستانا - دق کرنا +

بھونکنا - ہ - بھوں بھوں کرنا - بکنا - کتے کا شور مچانا +

بھوننا - ہ - بھلسنا - جلانا +

بہی - ف - مونث - امرود کی طرح کا ایک میوہ - سفرجل +

بہی - ہ - مونث - مہاجنوں کے حساب کی ایک لمبی سی کتاب - کھاتہ - روزنامچہ +

بہی کھاتا - ہ - مذکر - حساب کی کتاب - حساب کتاب +

بھیانک - ہ - صفت - ڈراؤنا +

بھینٹ - ہ - مونث - نذر - قربانی +

بھینٹ چڑھانا - ہ - دیوی یا دیوتا کے نام پر قربانی کرنا

بھینٹ دینا - ہ - نذر دینا - قربانی کرنا +

بھینٹ لینا - ہ - مار ڈالنا - جان لینا +

بھیجا - ہ - مذکر - سر کا گودا - دماغ +

بھیجا پکنا - ہ - (عو) دماغ پھرنا - سر میں درد ہونا +

بھیجا کھانا - ہ - بک بک سے دماغ پریشان کرنا +

بھیجنا - ہ - روانہ کرنا +

بھید - ہ - مذکر - راز - حال - دل کی بات +

بھید دینا - ہ - راز کھولنا - دل کی بات سنانا +

بھید لینا - ہ - تاڑنا - دل کی بات کا کھوج لگانا +

بھیدی - ہ - مذکر - رازدار - دل کی بات جاننے والا - جاسوس +

بھیرویں - ہ - مونث - ایک مشہور راگنی کا نام +

بھیرویں اڑانا - ہ - لازم - عیش کرنا - مزا اڑانا +

بھیڑ - ہ - مونث - ایک قسم کی بڑے بڑے بالوں والی بکری +

بھیڑ - ہ - مونث - ٹھٹ - جمگھٹ - ہجوم ٭
بھیڑ بھاڑ - ہ - مونث - کثرت - دُھوم دھام - ہجوم ٭
بھیڑ چھٹنا - ہ - جمگھٹ کم ہونا ٭
بَہیڑا - ہ - مذکر - ہلیلہ - ایک قسم کی بڑی ہڑ ٭
بھیڑنا - ہ - دَروازہ بند کرنا ٭
بھیڑیا - ہ - مذکر - کتے کی قسم کا ایک مشہور درندہ ٭
بھیڑیا چال - ہ - مونث - دوسروں کی دیکھا دیکھی کام کرنا
بھیس - ہ - مذکر - رُوپ - وضع - لباس ٭
بھیس بدلنا - ہ - رُوپ بھرنا ٭
بھیک - ہ - مونث - خیرات - بھکشا
بھیک کا ٹھیکرا - ہ - مذکر - کمائی کا وسیلہ ٭
بھیک مانگنا - ہ - خیرات چاہنا ٭
بھیگنا - ہ - گیلا ہونا - تر ہونا ٭
بھیگی بلی بننا - ہ - بہت نیک صورت بنالینا ٭
بھیل - ہ - مذکر - ہندوستان کی ایک قدیم وحشی قوم ٭
بھیلی - ہ - مونث - گُڑ کی چکتی ٭
بَہیلیا - ہ - مذکر - چڑی مار - شکاری ٭
بھینا - ہ - صفت - میٹھا - ہلکا ٭
بھینس - ہ - مونث - ایک مشہور دودھ دینے والا چوپایہ
بھینسا - ہ - مذکر - بھینس کا نر ٭
بھینسیا ہکن - ہ - مذکر - بدن کی جلد پر ایک بڑا اور سُرخ نشان ٭
بھینگا - ہ - صفت - ڈھیرا - ایک آنکھ دبا کر دیکھنے والا ٭

ب ی

بی - ا - مونث - بی بی (بی بی کا مخفف) ٭
بے - ف - (حرف نفی) بغیر - بن - بِنا ٭
بے اختیار - ف - صفت - بے بس - نہایت - بہت ہی ٭
بے اَدب - ف - ع - غیر مہذب - گستاخ ٭
بے اَصل - ف - ع - صفت - غلط - بے بنیاد ٭
بے اَندازہ - ف - صفت - بہت زیادہ - بے حساب ٭

بے اَولادا - ا - صفت - اولاد نہ رکھنے والا - لاوَلد ٭
بے ایمان - ف - ع - جھوٹا - دغاباز - بدنیت ٭
بے باق کرنا - ا - ادا کرنا - حساب پاک کرنا ٭
بیباک - ف - صفت - نڈر - آزاد - بہادر ٭
بے بال و پر - ف - صفت - بے سروسامان - عاجز - مجبور ٭
بے بدل - ف - ع - صفت - یکتا - بے نظیر ٭
بے بس - ا - صفت - کمزور - مجبور ٭
بے بہا - ف - صفت - اَنمول - بہت قیمتی ٭
بے بہرہ - ف - صفت - بدنصیب ٭
بے پر - ف - صفت - عاجز - بیکس ٭
بے پردگی - ف - مونث - کھلاپن - بے شرمی ٭
بے پر کی اُڑانا - ا - گپ اُڑانا - بے سر پیر کی بات کہنا ٭
بے پروا - ف - صفت - بے اُستاد - خودغرض - آزاد ٭
بیتاب - ف - صفت - بے چین ٭
بے تحاشا - ف - ع - تابع فعل - بے سوچے سمجھے - اندھادھند
بے تکلف - ف - ع - صفت - بے دھڑک - سادہ ٭
بے تمیز - ف - ع - صفت - بے ادب - نادان ٭
بے جوڑ - ا - صفت - غیرموزوں - اَنمل ٭
بے چارہ - ف - صفت - عاجز - غریب ٭
بے چراغ کرنا - ا - م - اجاڑنا - ویران کرنا ٭
بے چوبہ - ف - مذکر - وہ خیمہ جو بغیر چوبوں کے کھڑا ہوجاتا ہے ٭
بے حال - ف - ع - صفت - کمزور - پُرانا ٭
بے حجاب - ف - ع - صفت - بے تکلف - بے پردہ ٭
بے حرمت کرنا - ا - رسوا کرنا - ذلیل کرنا ٭
بے حساب - ف - ع - صفت - بہت - بے حد ٭
بے حس و حرکت - ف - ع - صفت - سُن - حیران ٭
بے حمیت - ف - ع - صفت - بے غیرت ٭
بے حیا - ف - ع - گستاخ - بے ادب ٭ (صفت)
بے حیائی کا برقع منہ پر لینا - بے شرمی اختیار کرنا ٭

بے حیائی کا جامہ پہننا۔ ا۔ بہت ہی بے شرم ہو جانا ٭
بے خبر۔ ف۔ ع۔ صفت۔ ناواقف۔ جاہل۔ اچانک ٭
بے خود۔ ف۔ صفت۔ مست۔ آپے سے باہر ٭
بے خودی۔ ف۔ مونث۔ بے ہوشی ٭
بے خور و خواب۔ ف۔ صفت (تلفظ بے خرخاب)۔ بے چین اور بے قرار ٭
بے داغ۔ ف۔ صفت۔ صاف۔ پاک ٭
بے دخل کرنا۔ ا۔ قبضہ نکالنا۔ عاق کرنا ٭
بے درد۔ ف۔ صفت۔ بے رحم۔ کڑا ٭
بے دردی۔ ف۔ مونث۔ ظلم۔ بے رحمی ٭
بے دریغ۔ ف۔ صفت۔ ظالم۔ (تابع فعل) بے سوچے بے دھڑک ٭
بے دست و پا۔ ف۔ صفت۔ عاجز۔ مجبور ٭
بے دل۔ صفت۔ بہادر۔ ناراض۔ مایوس ٭
بے دم۔ ف۔ صفت۔ تھکا ہوا۔ بودا۔ کمزور ٭
بے دھڑک۔ ا۔ صفت۔ بے خوف۔ بے تکلف۔ بہادر
بے ڈول۔ ا۔ صفت۔ بھونڈا۔ کڈھب ٭
بے ڈھب۔ ا۔ صفت۔ بے ٹھکانے۔ عجیب ٭
بے ڈھنگا۔ ا۔ صفت۔ بے سلیقہ۔ ناموزوں ٭
بے راہ۔ ف۔ صفت۔ بدچلن ٭
بے ربط۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے موقع۔ بے ترتیب ٭
بے رحم۔ ف۔ ع۔ سخت۔ کڑا۔ ظالم ٭
بے روپ۔ ا۔ صفت۔ بدنما۔ بدصورت ٭
بے ریا۔ ف۔ ع۔ صفت۔ صاف۔ سادہ۔ سچا ٭
بے ریش۔ ف۔ صفت۔ وہ جوان جس کی ڈاڑھی نہ نکلی ہو
بے زبان۔ ف۔ صفت۔ گونگا۔ مسکین۔ جانور ٭
بے زر۔ ف۔ صفت۔ کنگال ٭
بے ساختہ۔ ف۔ صفت۔ سادہ۔ بے تکلف۔ برجستہ ٭
بے سرا۔ ا۔ صفت۔ خودسر۔ لاوارث ٭
بے سرا ہونا۔ ا۔ آوارہ ہونا ٭
بے سلیقہ۔ ف۔ ع۔ صفت۔ پھوہڑ ٭

بے شعور۔ ف۔ ع۔ صفت۔ نادان۔ بدتمیز ٭
بے شک۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ ضرور۔ یقیناً ٭
بے شمار۔ ف۔ صفت۔ بہت۔ ان گنت ٭
بے صبر۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے چین۔ لالچی ٭
بے صبرا۔ ا۔ صفت۔ بے صبر۔ بے قرار۔ حریص ٭
بے صبری۔ ا۔ مونث۔ گھبراہٹ۔ بے اطمینانی ٭
بے طرح۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ بری طرح (صفت) بہت ہی ٭
بے غل و غش۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ بے تکلف۔ بے تامل ٭
بے فائدہ۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بلاوجہ۔ بے سبب ٭
بے فکرا۔ ا۔ صفت۔ آزاد۔ بے پروا ٭
بے فیض۔ ف۔ ع۔ صفت۔ کنجوس۔ خودغرض ٭
بے قابو۔ ف۔ ع۔ آزاد۔ سرکش ٭
بے قاعدہ۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے موقع۔ خلافِ معمول ٭
بے قدرا۔ ا۔ صفت۔ حق ناشناس۔ وہ شخص جو کسی کی خوبی کی داد نہ دے ٭
بے قرار۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بیتاب۔ بے چین ٭
بے قصور۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے گناہ۔ معصوم ٭
بے قیاس۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے انتہا۔ بہت ہی زیادہ بے اندازہ ٭
بے قید۔ ف۔ ع۔ صفت۔ آزاد۔ بے روک ٹوک ٭
بے کار۔ ف۔ صفت۔ نکما۔ خراب (تابع فعل) بے وجہ ٭
بے کاری۔ ف۔ مونث۔ بے روزگاری ٭
بے کران۔ ف۔ صفت۔ بے حد۔ بہت۔ بے انتہا ٭
بے کس۔ ف۔ صفت۔ عاجز۔ غریب ٭
بے کل۔ ا۔ صفت۔ بے چین ٭
بے کم و کاست۔ ف۔ صفت۔ ٹھیک ٹھیک ٭
بے گناہ۔ ف۔ صفت۔ بے قصور (تابع فعل) بے وجہ
بے گھرا۔ ا۔ مذکر۔ نگھرا۔ خانہ خراب ٭
بے لاگ۔ ا۔ صفت۔ صاف۔ سچا ٭
بے لحاظ۔ ف۔ ع۔ صفت۔ بے شرم۔ بے ادب ٭

بے لُطف ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بے مزہ ٭

بے لگام ۔ ف ۔ صفت ۔ سرکش ٭

بے مُحابا ۔ ف ۔ صفت ۔ بے دھڑک ۔ بلا تامّل ٭

بے محل ۔ ف ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بے جا ۔ نامناسب ٭

بے مُروّت ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بیوفا ٭

بے مزگی ۔ ف ۔ مونث ۔ بے لطفی ۔ شکر رنجی ٭

بے معنی ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بیہودہ ۔ مُہمل ٭

بے مقدور ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ غریب ٭

بے منّت ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بےنیاز ۔ بے احسان

بے موسم ۔ ف ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بے وقت ٭

بے موقع ۔ ف ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بیجا ۔ نامناسب ٭

بے نصیب ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بدقسمت ۔ نالائق ٭

بے نظیر ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ یکتا ۔ بے مثل ٭

بے نقط سُنانا ۔ د ۔ گالیاں دینا ٭

بے نمک ۔ ف ۔ صفت ۔ بدمزہ ۔ پھیکا ۔ الونا ٭

بے نیاز ۔ ف ۔ صفت ۔ بے پروا ۔ غنی ٭

بے نیازی ۔ ف ۔ بے پروائی ٭

بے وفا ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بے مُروّت ٭

بے وقر ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ ذلیل ۔ بے عزت ٭

بے وقوف ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ نادان ۔ جاہل ٭

بے ہنر ۔ ف ۔ صفت ۔ پھوہڑ ۔ نکمّا ٭

بے ہنگم ۔ ف ۔ صفت ۔ بیڈول ۔ بھونڈا ٭

بے ہوش ۔ ف ۔ صفت ۔ غافل ۔ نشے میں چور ٭

بیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک زرد رنگ کی چڑیا جو گھونسلا بنانے میں مشہور ہے ٭

بیابان ۔ ف ۔ مذکر ۔ اُجاڑ ۔ جنگل ٭

بیاج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سود ۔ منافع ٭

بیاج پر بیاج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سود کا سود ۔ سود در سود ٭

بیاسی ۔ ہ ۔ صفت ۔ اسی اور دو (۸۲) ٭

بیاض ۔ ع ۔ مونث ۔ کاپی ۔ پاکٹ بک ۔ نوٹ بک ٭

بیالیس ۔ ہ ۔ صفت ۔ چالیس اور دو (۴۲) ٭

بیان ۔ ع ۔ مذکر ۔ تقریر ۔ گفتگو ٭

بیان کرنا ۔ د ۔ کہنا ۔ حالت ظاہر کرنا ٭

بیانا ۔ ہ ۔ گائے بھینس وغیرہ کا بچہ دینا ٭

بیاہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شادی ٭

بیاہ رچانا ۔ ہ ۔ شادی کی رسمیں پوری کرنا ۔ شادی کرنا

بیاہ لانا ۔ ہ ۔ لڑکے کی شادی کرنا ٭

بیاہا ۔ ہ ۔ صفت ۔ جسکی شادی ہوگئی ہو ٭

بیاہتا ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ بیوی جسے بیاہ کر لائے ہوں ٭

بیاہنا ۔ ہ ۔ شادی کرنا ٭

بی بی ۔ ف ۔ مونث ۔ بیگم ۔ خاتون ٭

بیپار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ (بیوپار) لین دین ۔ سوداگری ٭

بیپاری ۔ ہ ۔ مذکر ۔ (بیوپاری) سوداگر ٭

بیت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بید ۔ ایک مشہور لچکدار لکڑی جس سے کرسیاں وغیرہ بُنی جاتی ہیں ٭

بیت ۔ ع ۔ مونث ۔ ایک شعر ۔ دوہا ٭

بیتُ الحرام ۔ ع ۔ مذکر ۔ کعبہ ۔ مکہ ٭

بیتُ الحزن ۔ ع ۔ مذکر ۔ غم خانہ ۔ وہ کمرہ جسمیں حضرت یعقوبؑ حضرت یوسفؑ کی جدائی میں بیٹھ کر اُنہیں یاد کرتے تھے

بیتُ الخلا ۔ ع ۔ مذکر ۔ پاخانہ ۔ ٹٹی ٭

بیتُ اللہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ خدا کا گھر ۔ کعبہ ٭

بیتُ العتیق ۔ ع ۔ مذکر ۔ (پُرانا گھر) کعبہ شریف ٭

بیتُ الغزل ۔ ع ۔ مذکر ۔ غزل کا سب سے عمدہ شعر ٭

بیتُ المال ۔ ع ۔ مذکر ۔ سرکاری خزانہ ٭

بیتُ المقدس ۔ ع ۔ مذکر ۔ یروشلم کا عبادت خانہ مسلمانوں کا پہلا قبلہ ٭

بیت بازی ۔ ع ۔ ف ۔ مونث ۔ شعروں میں بحثنا ٭

بیتنا ۔ ہ ۔ گزرنا ۔ بسر ہونا ٭

بیٹ ۔ ہ ۔ مونث ۔ پرندوں کا گوہ ۔ پیچال ٭

بیٹ کرنا ۔ ہ ۔ پرندوں کا پاخانہ کرنا ٭

بیٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اپنا لڑکا ۔ پوت ۔ پیارا ۔ لاڈلا ٭

بیٹا بنانا ۔ ہ ۔ گود لینا ٭

بَیٹھ رہنا - ہ - چھوڑ دینا - باز آنا ٭
بَیٹھک - ہ - مونث - بیٹھنے کا طریقہ - بیٹھنے کا مکان ٭
بَیٹھکن - ہ - مذکر - وہ چادر جسے دھوبی استری کے وقت میز پر بچھا لیتے ہیں ٭
بَیٹھنا - ہ - ٹکنا - انڈے سینا - لاگت آنا ٭
بَیٹھواں - ہ - صفت - پھڈی - چپٹی ٭
بَیٹھے بٹھائے - ہ - تابع فعل - بے سبب - بلا وجہ ٭
بیٹی - ہ - مونث - اپنی لڑکی - پُتری - پیاری - عزیزہ ٭
بیٹی دینا - ہ - بیٹی بیاہنا ٭
بیٹی کا باپ - ہ - صفت - حقیر - بودا ٭
بِیج بوٹا - ہ - مذکر - دانہ - تخم - بُنیاد ٭
بِیج بونا - ہ - کھیت میں بیج ڈالنا - بُنیاد ڈالنا ٭
بِیج مارا جانا - ہ - تباہ ہونا ٭
بِیجا - ہ - مذکر - کاغذ کی ڈراؤنی صورت جو بچے مُنہ پر لگاکر ڈرایا کرتے ہیں ٭
بِیجک - ہ - مذکر - وہ کاغذ جس میں سوداگری کے مال کی اصلی قیمت اور خرچہ وغیرہ درج ہوتا ہے ٭
بِیجو - ہ - صفت - بیج کا وہ پھل جو بونے کے واسطے رکھ لیتے ہیں اس درخت کا پھل جسکی قلم نہ لگائی گئی ہو ٭
بیجھڑ - ہ - مونث - ملے ہوئے جو چنے جو غریب لوگ کھاتے ہیں
بِیچ - ہ - (ظرف مکان) وسط - درمیان ٭
بِیچ بچاؤ کرنا - صلح کرانا ٭
بِیچ کھیت - ہ - تابع فعل - میدان میں - ڈنکے کی چوٹ ٭
بِیچ کی اُنگلی - ہ - مونث - ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی ٭
بِیچ میں پڑنا - ہ - ذمہ دار ہونا - ثالث بننا ٭
بِیچ بچاؤ - ہ - مذکر - فیصلہ - تصفیہ ٭
بیچنا - ہ - فروخت کرنا - قیمت لیکر کوئی چیز دینا ٭
بِیچوں بِیچ - ہ - تابع فعل - بیچا بیچ - درمیان ٭
بیخ - ف - مونث - بُنیاد - جڑ ٭
بیخ بُنیاد - ف - مونث - جڑ مُول - اصل نسل ٭
بیخ کنی کرنا - ا - ستیاناس کرنا - تباہ کرنا - جڑ کھود ڈالنا ٭

بَیدْ - ہ - مذکر - ہندی طبیب - حکیم - ڈاکٹر ٭
بید - ف - مذکر - بیت - ایک لچکدار لکڑی جس سے کُرسی وغیرہ بُنتے ہیں ٭
بید کی طرح کانپنا - ا - خوف سے تھرتھرانا ٭
بیدِ مجنُوں - ف - مذکر - ایک قسم کا پیڑ جسکی شاخیں جھکی رہتی ہیں ٭
بیدِ مُشک - ف - مذکر - ایک مشہور پیڑ جسکا خوشبودار عرق نکلتا ہے ٭
بیداد - ف - مونث - ظلم ٭
بیدار - ف - صفت - ہوشیار - جاگتا ہوا
بیدار مغز - ف - صفت - عقلمند - روشن دماغ ٭
بیداری - ف - مونث - جاگ - ہوشیاری ٭
بَیدَک - ہ - مونث - ہندوستان کا قدیم علم طب - ڈاکٹری
بِیر - ہ - صفت - بہادر - سُورما ٭
بِیر بٹھانا - ہ - جادو کرنا ٭
بَیر - ہ - مذکر - دشمنی - ضد ٭
بَیر باندھنا - ہ - دُشمنی کرنا - ضد باندھنا ٭
بَیر پڑنا - ہ - دُشمنی ہونا ٭
بَیر لینا یا / بَیر نکالنا } - ہ - بدلہ لینا - دُشمنی نکالنا ٭
بَیرا - ا - مذکر - (صحیح انگریزی بیئرر) صاحب لوگوں کو کپڑے پہنانے والا - بہرا - خدمتگار ٭
بَیراگ - ہ - مذکر - جوگ - فقیری ٭
بَیراگ لینا - ہ - فقیری اختیار کرنا
بَیراگا - ہ - مذکر - فقیروں کا سونٹا - ظفر تکیہ ٭
بَیراگن - ہ - مونث - جوگن - فقیرنی ٭
بَیراگی - ہ - مذکر - جوگی - درویش ٭
بِیر بہوٹی - ہ - مونث - ایک نہایت سرخ رنگ کا خوشنما کیڑا جو اکثر برسات میں پیدا ہوتا ہے ٭
بَیرن - ہ - مونث - دُشمن عورت - سوکن ٭
بَیرنگ - انگ - صفت - وہ خط جسکا محصول بعد میں

ادا کیا جائے ٭

بیروزہ - ا - مذکر - چیڑ کا گوند - گندہ بروزہ ٭

بیری - ہ - مونث - بیر کا پیڑ ٭

بیڑا - ہ - مذکر - ناؤ - کئی جہازوں یا کشتیوں کا مجموعہ ٭

بیڑا پار کرنا یا لگانا - ہ - مدد کرنا - مشکل آسان کرنا ٭

بیڑا پار ہونا - ہ - مشکل آسان ہونا ٭

بیڑا - ہ - مذکر - پان کی گلوری ٭

بیڑا اٹھانا - ہ - شرط باندھنا - پکا ارادہ کرنا - ذمہ لینا ٭

بیڑا کھلانا - ہ - پان کھلانا - منگنی کرنا ٭

بیڑھی روٹی - ہ - مونث - دال بھری ہوئی روٹی - کچوری

بیڑی - ہ - مونث - آبنوس کے درخت کے پتوں کا سگریٹ

بیڑی - ہ - مونث - زنجیر - پاؤں کی زنجیر ٭

بیڑی پڑنا - ہ - قید ہونا - پابند ہونا - شادی کر لینا ٭

بیڑی کٹنا - ہ - آزاد ہونا - رہا ہونا ٭

بیزار - ف - صفت - ناخوش - متنفر ٭

بیس - ہ - صفت - دس اور دس (۲۰) - بہتر ٭

بیسا - ہ - مذکر - وہ کتا جسکے پورے بیس ناخن ہوں ٭

بیساکھ - ہ - مذکر - ہندی سال کا دوسرا مہینہ ٭

بیساکھی - ہ - مونث - وہ لکڑی جو لنگڑا لولا پکڑ کر چلے

بے سرا - ا - صفت - بے تالا - بری آواز سے گانے والا ٭

بے سرا - ہ - صفت - آوارہ - سرکش - لاوارث ٭

بیسن - ہ - مذکر - چنے کی دال کا آٹا ٭

بیسوا - ہ - مونث - پاتر - رنڈی ٭

بیش بہا - ف - صفت - قیمتی - بڑھیا ٭

بیشتر - ف - صفت - اکثر - زیادہ تر ٭

بیش قیمت - ف - ع - صفت - عمدہ - نفیس - بہت داموں کا

بیشی - ف - مونث - نفع - زیادتی ٭

بیضوی - ع - صفت - انڈے کی شکل کا ٭

بیضہ - ع - مذکر - انڈا ٭

بیطار - ع - مذکر - سلوتری - گھوڑوں کا ڈاکٹر ٭

بیع - ع - مونث - بکری - فروخت ٭

بیع بالوفا - ع - مونث - (تلفظ - بیع بل وفا) شرطی رہن

جسمیں میعاد ختم ہونے پر چیز واپس نہیں ملتی ٭

بیع شرطی - ع - مونث - کچی بکری - ایسی بکری جسمیں چیز

واپس کرنے کا اختیار ہو ٭

بیع قطعی - ع - مونث - پکی بکری ٭

بیع نامہ - ع ف - مذکر - قبالہ - بکری کی دستاویز ٭

بیع و شرا - ع - مونث - خرید و فروخت ٭

بیعانہ - ع ف - مذکر - سائی - خریداری کے لیے جو روپیہ

پیشگی دیا جائے ٭

بیعت - ع - مونث - مرید ہونا ٭

بیکنٹھ - س - مذکر - جنت ٭

بیگ - ت - مذکر - سردار - امیر ٭

بیگ - انگ - مذکر - تھیلا - بوری ٭

بیگار - ف - مونث - جبری کام - مفت کا کام - بیدلی کا کام

بیگار ٹالنا - ا - بیدلی سے کام کرنا - دفع الوقتی کرنا ٭

بیگاری - ف - مذکر - بیگار میں کام کرنے والا - ٹالو ٭

بیگانگی - ف - مونث - غیریت - اجنبیت ٭

بیگانہ - ف - صفت - غیر - انجان ٭

بیگم - ت - مونث - ملکہ - شاہزادی - لیڈی - شریف زادی

بیگمی - ا - صفت - نفیس - اچھا - (اسم) ایک اچھی قسم کا پان

ایک اچھی قسم کا چاول ٭

بیگھہ - ہ - مذکر - ۳۰۲۵ گز مربع زمین ٭

بیل - ہ - مذکر - گائے کا نر - بے وقوف ٭

بیل - ہ - مونث - بغیر تنے کا پیڑ جو پھیلتا ہے - وہ رقم جو

بھانڈوں کو ایک دفعہ میں دیجائے - ایک مشہور پھل

بیل بڑھنا - ہ - اولاد زیادہ ہونا ٭

بیل بوٹا - ہ - مذکر - نقش و نگار - پھول پھلواری ٭

بیل منڈھے چڑھنا - ہ - کام نبنا - شادی کا وقت آنا ٭

بیلا بٹنا - ا - لنگر بٹنا - خیرات تقسیم ہونا ٭

بیلا - ا - مذکر - ایک قسم کا تار کا باجہ ٭

بیلچہ - ف - مذکر - گھاس وغیرہ نکالنے کا ایک آلہ - کھرپی -

چھوٹا پھاوڑا ✦

بیلدار۔ ف۔ مذکر۔ پھاوڑے سے کام کرنے والا ✦

بیلن۔ ہ۔ مذکر۔ روٹی بیلنے کی گول سی لکڑی۔ گول ✦

بیلنا۔ ہ۔ بیلن سے روٹی وغیرہ بڑھانا ✦

بیلی۔ ا۔ مذکر۔ نگہبان۔ محافظ ✦

بیمار۔ ف۔ مذکر۔ دُکھی۔ روگی ✦

بیماری۔ ف۔ مونث۔ روگ۔ مرض ✦

بیمہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹھیکہ۔ ضمانت ✦

بین۔ ہ۔ مونث۔ ایک مشہور تونبے کا بنا ہوا باجہ ✦

بین۔ ہ۔ مذکر۔ بیان۔ ماتمی راگ۔ نوحہ ✦

بین۔ ع۔ مذکر۔ درمیان۔ فاصلہ ✦

بین السطور۔ ع۔ مذکر۔ سطروں کے بیچ کا فاصلہ ✦

بینا۔ ف۔ صفت۔ آنکھوں والا۔ عقلمند۔ ہوشیار ✦

بیننا۔ ہ۔ چننا۔ ایک ایک کر کے اُٹھانا ✦

بینائی۔ ف۔ مونث۔ بصارت۔ آنکھ کی روشنی ✦

بین بین۔ ع۔ صفت۔ درمیانی۔ بیچ کا ✦

بینٹ۔ ہ۔ مونث۔ دستہ۔ مُوٹھ ✦

بینگنی۔ ا۔ صفت۔ اُودا۔ بیگن کے رنگ کا ✦

بینچ۔ انگ۔ مذکر۔ لمبے تختے کی بیٹھنے کی میز

بیندھنا۔ ہ۔ سوراخ کرنا ✦

بینڈ۔ انگ۔ مذکر۔ جماعت۔ انگریزی باجہ

بینڈ۔ ہ۔ مونث۔ سرکنڈوں کا مُٹھا جو چھپر وغیرہ میں باندھتے ہیں

بینڈا۔ ہ۔ صفت۔ ٹیڑھا۔ ترچھا ✦

بینڈی۔ ہ۔ مونث۔ ترچھی ✦

بینڈی بات۔ ہ۔ مونث۔ ٹیڑھی بات۔ سخت بات ✦

بینڈیا۔ ہ۔ مذکر۔ تیسرا یا پانچواں بیل جو جُٹ کے آگے لگا دیتے ہیں ✦

بینگن۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مشہور ترکاری ✦

بینی کوہ۔ ف۔ مذکر۔ پہاڑ کی چوٹی ✦

بیوپار۔ ہ۔ مذکر۔ سوداگری۔ تجارت ✦

بیوپاری۔ ہ۔ مذکر۔ سوداگر۔ تاجر ✦

بیونتنا۔ ہ۔ کترنا۔ چھانٹنا ✦

بیوہ۔ ف۔ مونث۔ رانڈ۔ وہ عورت جسکا خاوند مر گیا ہو ✦

بیوہار۔ ہ۔ مذکر۔ بیوپار۔ تجارت ✦

بیوہارگی۔ ہ۔ مونث۔ ٹھیک بات۔ معاملہ کی بات ✦

بیوی۔ ا۔ مونث۔ زوجہ۔ حضرت فاطمہ کا لقب ✦

بیہڑ۔ ہ۔ صفت۔ اونچی نیچی زمین۔ جنگل ✦

بیہودگی۔ ف۔ مونث۔ نالائقی۔ نادانی ✦

بیہودہ۔ ف۔ صفت۔ واہیات۔ ناحق۔ بے فائدہ ✦

بیہودہ پھرنا۔ ا۔ آوارہ پھرنا ✦

بیہودہ گوئی۔ ف۔ مذکر۔ بک بک۔ جھک جھک ✦

پ

پ۔ ف۔ مونث۔ اردو الف بے تے کا تیسرا حرف ✦

پا انداز۔ ف۔ مذکر۔ وہ فرش جو دروازے پر پاؤں کی گرد صاف کرنیکی غرض سے بچھایا جاتا ہے ✦

پابند کرنا۔ ا۔ روکنا۔ باقاعدہ رکھنا ✦

پابند ہونا۔ ا۔ عادی ہونا۔ تابعدار ہونا ✦

پابندی۔ ف۔ مونث۔ ملازمت۔ تقلید ✦

پابوس ہونا۔ ا۔ پاؤں چومنا۔ بڑوں سے ملاقات کرنا ✦

پابوسی۔ ف۔ مونث۔ بڑوں کی ملاقات۔ پاؤں چومنا ✦

پابہ جولاں یا پابہ زنجیر۔ ف۔ صفت۔ بیڑیاں پہنے ہوئے

پاپیادہ۔ ف۔ تابع فعل۔ پیدل۔ بغیر سواری کے ✦

پاپ۔ س۔ مذکر۔ گناہ۔ بدی ✦

پاپ کاٹنا۔ ہ۔ جھگڑا چکانا۔ قرضہ ادا کرنا۔ بخشنا ✦

پاپا۔ ف۔ مذکر۔ باپ۔ ابا۔ پادری ✦

پاپڑ۔ ہ۔ مذکر۔ مونگ۔ یا اُرد کے آٹے کی نہایت پتلی روٹی جو سینکنے سے کراری ہو جاتی ہے۔ (صفت) پتلا۔ سوکھا

پاپڑ بیلنا۔ ہ۔ بیلن سے بیلکر پاپڑ بنانا۔ بہت محنت کرنا۔ مصیبت جھیلنا ✦

پاپن۔ ہ۔ مونث۔ گنہگار عورت۔ ظالم عورت ✦

پاپوش۔ ف۔ مونث۔ جوتی ✦

پاپوش پر مارنا۔ ا۔ ٹھکرانا۔ پروا نہ کرنا ✦

پاپوش سے یا پاپوش کی نوک سے۔ ا۔ تابع فعل
کچھ پروا نہیں ✦

پاپوش کے برابر نہ سمجھنا۔ ا۔ (عو) ذلیل سمجھنا ✦

پاپی۔ ہ۔ صفت۔ گنہگار۔ بدچلن۔ ظالم ✦

پاپت۔ ہ۔ مذکر۔ پتا۔ ورق ✦

پاتابہ۔ ف۔ مذکر۔ جراب۔ موزہ ✦

پاتال۔ ہ۔ مونث۔ زمین کا سب سے نیچے کا حصہ ✦

پاتر۔ ہ۔ مونث۔ رنڈی۔ کنچنی ✦

پاتھنا۔ ہ۔ تھاپنا۔ اُپلے بنانا۔ اینٹ بنانا ✦

پاٹ۔ ہ۔ مذکر۔ چوڑان۔ عرض۔ چکی کا پتھر۔ راج گدی ✦

پاٹ۔ ا۔ مذکر۔ (صحیح انگریزی پارٹ) حصہ۔ باب ✦

پاٹ۔ انگ۔ مذکر۔ برتن۔ پیخانہ کا گہرا برتن ✦

پاٹنا۔ ہ۔ چھت ڈالنا۔ گڑھا بھرنا۔ ڈھیر لگانا ✦

پاٹھ۔ ہ۔ مذکر۔ سبق۔ دعا۔ منتر ✦

پاٹھ شالا۔ ہ۔ مذکر۔ ہندی کا ابتدائی مدرسہ ✦

پاٹھک۔ ہ۔ مذکر۔ استاد۔ ٹیچر۔ برہمنوں کی ایک قوم

پاجامہ یا پائجامہ۔ ف۔ مذکر۔ ازار۔ شلوار ✦

پاجی۔ ف۔ کمینہ۔ ذلیل۔ لُچا۔ شریر ✦

پاجی پن۔ ا۔ مذکر۔ کمینہ پن۔ بدذاتی۔ شرارت ✦

پاچک۔ ہ۔ مذکر۔ چورن۔ ہاضمہ کی دوا۔ باورچی ✦

پاچک۔ ف۔ مذکر۔ اُپلا۔ سوکھا ہوا گوبر ✦

پاخانہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹٹی۔ پاخانہ پھرنے کا مکان۔ گوہ۔ گندگی

پاداش۔ ف۔ مونث۔ بدلہ۔ عوض۔ سزا ✦

پادری۔ پرتگال۔ مذکر۔ عیسائیوں کا مذہبی پیشوا ✦

پادشاہ۔ ف۔ مذکر۔ بادشاہ۔ خود مختار حاکم ✦

پار۔ ہ۔ مذکر۔ دوسری طرف۔ پرے ✦

پار اُترنا۔ ہ۔ دریا کے ایک کنارے سے دوسرے کنارے
پر پہنچنا۔ نجات ہونا۔ کامیاب ہونا ✦

پار کرنا۔ ہ۔ دوسرے کنارے پر پہنچانا۔ ناؤ کو دریا کے
دوسرے کنارے پر لیجانا۔ سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔ گزارنا۔
طے کرنا ✦

پارا۔ مذکر۔ ایک دھات کا نام۔ سیماب۔ (صفت)۔
بھاری۔ وزنی ✦

پارا پلانا۔ ہ۔ کسی چیز میں پارا بھرنا۔ بھاری بنانا ✦

پاربتی۔ ہ۔ مونث۔ پہاڑ کی بیٹی۔ شیوجی کی بیوی ✦

پارچہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹکڑہ۔ کٹا ہوا حصہ۔ کپڑا۔ لباس ✦

پارس۔ ہ۔ مذکر۔ ایک فرضی پتھر جسکے متعلق لوگوں کا خیال
ہے۔ کہ اگر لوہے سے چھو جائے تو وہ سونا ہو جائے۔ عمدہ۔ نفیس

پارسا۔ ف۔ صفت۔ پرہیزگار۔ پاک دامن۔ باخدا ✦

پارسال۔ ف۔ تابع فعل۔ گذرا ہوا سال ✦

پارسائی۔ ف۔ مونث۔ پرہیزگاری۔ پاک دامنی ✦

پارسی۔ ف۔ مذکر۔ آگ کی پوجا کرنے والا۔ فارس کا رہنے
والا۔ فارسی زبان ✦

پارلیمنٹ۔ انگ۔ مونث۔ قانون بنانے والوں کی جماعت
قومی مجلس ✦

پارنا۔ ہ۔ چراغ کا کاجل جمع کرنا ✦

پارہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ ریزہ ✦

پارہ پارہ کرنا۔ ا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ دھجیاں اڑانا ✦

پاڑ۔ ہ۔ مونث۔ مچان۔ ٹانڈ۔ پھانسی پر چڑھانے کا تختہ ✦

پازیب۔ ف۔ مونث۔ پاؤں میں پہننے کا ایک زیور ✦

پاس۔ ف۔ مذکر۔ خیال۔ لحاظ۔ طرفداری ✦

پاس۔ انگ۔ مذکر۔ کامیابی۔ رودنہ۔ سرٹیفکٹ۔ اجازت نامہ

پاس بک۔ انگ۔ مونث۔ بنک کا حساب رکھنے کی کتاب
حساب رکھنے کی کتاب ✦

پاس کرنا۔ ا۔ طے کرنا۔ گزرنا۔ کامیاب ہونا۔ کامیاب کرنا ✦

پاس۔ ہ۔ تابع فعل۔ نزدیک۔ قریب۔ قبضہ میں۔ قابو میں

پاس پاس۔ ہ۔ تابع فعل۔ قریب قریب۔ برابر برابر ✦

پاس پڑوس۔ ہ۔ مذکر۔ ارد گرد۔ آس پاس۔ ہمسایہ ✦

پاسا۔ ہ۔ مذکر۔ چوسر یا جوا کھیلنے کا ایک ہڈی کا ٹکڑا ✦

پاسا پڑنا۔ ہ۔ مرضی کے موافق داؤں آنا۔ جیتنا۔ تدبیر کا موافق آنا

پاسا پلٹنا یا اُلٹنا۔ ہ۔ داؤں کا مرضی کے خلاف آنا۔ ہارنا۔ تدبیر بگڑ جانا ◆
پاسا پھینکنا۔ ہ۔ داؤں ڈالنا۔ قسمت آزمانا ◆
پاسبان۔ ف۔ مذکر۔ رکھوالا۔ محافظ۔ پہرے دار
پاسبانی۔ ف۔ مونث۔ رکھوالی۔ حفاظت۔ چوکیداری
پاسداری۔ ف۔ مونث۔ طرفداری۔ رعایت ◆
پاسنگ۔ ف۔ مذکر۔ وزن کی کمی۔ وہ وزن جس سے ترازو کی ڈنڈی برابر کیجائے ◆
پاسنگ بھی نہیں۔ ا۔ محاورہ۔ کوئی نسبت ہی نہیں۔ ذرا بھی لگا نہیں کھاتا ◆
پاسی۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قوم جو تاڑی بیچنے کا پیشہ کرتی ہے۔ پھندا۔ گھاس باندھنے کی جالی ◆
پاشا۔ ف۔ مذکر۔ ترکی سرداروں کا لقب۔ حاکم۔ لارڈ ◆
پاش پاش۔ ف۔ تابع فعل۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ ریزہ ریزہ ◆
پاشویہ کرنا۔ ا۔ پاؤں دھونا۔ پاؤں پر گرم پانی ڈالنا ◆
پاک۔ ف۔ صفت۔ صاف۔ ستھرا ہوا۔ ستھرا۔ بے گناہ۔ نیک
پاکباز۔ ف۔ صفت۔ ایماندار۔ بے گناہ۔ صاف دل۔ بے غرض ◆
پاکدامن۔ ف۔ صفت۔ پارسا۔ باعصمت۔ بے گناہ ◆
پاک صاف۔ ف۔ ع۔ صفت۔ نیک۔ اچھا۔ بالکل ستھرا جو گندہ نہ ہو ◆
پاک کرنا۔ ا۔ کسی چیز کو دھو کر صاف کرنا۔ صاف کرنا ◆
پاک محبت۔ ف۔ ع۔ مونث (عربی میں صحیح مَحَبّت) بے غرض محبت۔ وہ محبت جو نفسانی خواہش کیلئے نہ ہو
پاکھ۔ ہ۔ مذکر۔ حصہ۔ پندرہ دن کی مدت ◆
پاکھا۔ ہ۔ مذکر۔ بازو۔ طرف۔ دیوار ◆
پاکھر۔ ہ۔ مذکر۔ لوہے کی جھول جو لڑائیوں میں گھوڑے ہاتھی وغیرہ کو پہناتے ہیں۔ زرہ پال۔ ٹاٹ کی پوشاک ◆
پاکھنڈ۔ ہ۔ مذکر۔ فریب۔ چھل۔ دکھاوا۔ بناوٹ۔ شرارت
پاکھنڈی۔ ہ۔ صفت۔ دھوکے باز۔ منافق۔ چھلیا۔ فریبی ◆

پاکی یا پاکیزگی۔ ف۔ مونث۔ صفائی۔ ستھرائی۔ پرہیز گاری
پاکیزہ۔ ف۔ صفت۔ ستھرا۔ پاک۔ خوبصورت۔ بے عیب
پاگل۔ ہ۔ مذکر۔ بڑی۔ باؤلا۔ بیوقوف۔ کودن ◆
پاگل خانہ۔ ا۔ مذکر۔ پاگلوں کے رہنے کا مکان ◆
پال۔ ہ۔ مونث۔ چھوٹا خیمہ۔ کشتی کا بادبان۔ وہ گھاس پھونس جسمیں پھل رکھکر پکائے جاتے ہیں ◆
پالا۔ ہ۔ مذکر۔ جاڑے کی اوس۔ برف۔ بہت سردی۔ واسطہ سابقہ۔ کبڈی کے کھیل میں بیچ کا نشان ◆
پالا پڑنا۔ ہ۔ برف پڑنا۔ نہایت سردی پڑنا۔ واسطہ پڑنا ◆
پالاگن۔ مونث۔ ہندوؤں کا سلام ◆
پالان۔ ف۔ مذکر۔ گدھے یا اونٹ کی پیٹھ پر ڈالنے کا کپڑا ◆
پالتی۔ ہ۔ مونث۔ چار زانو بیٹھنے کا طریقہ ◆
پالش۔ انگ۔ مونث۔ صفائی۔ جلا۔ صیقل۔ صاف کرنیکا مسالا
پالک۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ایک مشہور ساگ کا نام ◆
پالکی۔ ہ۔ مونث۔ امیروں کے بیٹھنے کی ڈولی ◆
پالنا۔ ہ۔ پرورش کرنا۔ پوسنا ◆
پالنا۔ ہ۔ مذکر۔ ہنگوڑا۔ ہنڈولنا ◆
پالی۔ ہ۔ مونث۔ پرندوں کے لڑنے کی جگہ۔ ایک زبان کا نام
پامال۔ ف۔ صفت۔ پیروں سے روندا ہوا۔ تباہ۔ برباد ◆
پاموز۔ ف۔ صفت۔ وہ پرند جسکے نیچے پروں سے ڈھکے ہوں
پان۔ ہ۔ مذکر۔ ایک بیل کے پتے کا نام جسے کتھا چونا لگاکر کھاتے ہیں ◆
پان پتا۔ مذکر۔ پان اور گھر کی دوسری ضرورت کی چیزوں کے متعلق بولتے ہیں ◆
پانا۔ ہ۔ حاصل کرنا۔ ملنا۔ تاڑنا۔ پہچاننا ◆
پانچ۔ ہ۔ صفت۔ چار اور ایک کا مجموعہ (۵) چالاک کا نیا۔
پانچ اندری۔ ہ۔ مونث۔ پانچ حواس۔ حواس خمسہ ◆
پانچوں انگلیاں برابر نہیں۔ ہ۔ کہاوت۔ تمام آدمی ایک سی طبیعت کے نہیں ہیں ◆
پانچوں انگلیاں گھی میں۔ ہ۔ کہاوت۔ ہر طرح فائدہ ہی فائدہ ◆

پانچویں سواروں میں نام لکھوانا - ا - کہاوت - اپنے آپکو خواہ مخواہ بڑے لوگوں میں شامل کرنا ٭
پاندان - ا - مذکر - پان کا سامان رکھنے کی پٹاری یا ڈبہ ٭
پانڈے - ہ - مذکر - برہمنوں کی ایک قوم - عالم - پنڈت ٭
پانی - ہ - مذکر - جل - آب - مینہ - عرق - پسینہ - رونق - شرم - آنسو ٭
پانی اترنا - ہ - بارش ہونا - آنکھ یا فوطہ میں پانی آجانا - پانی گھٹنا ٭
پانی پانی کرنا - ہ - پتلا کرنا - شرمندہ کرنا - غیرت دلانا ٭
پانی پانی ہونا - ہ - جل تھل ہونا - شرمندہ ہونا ٭
پانی پر بنیاد رہنا - ہ - کمزور ہونا - بودا ہونا ٭
پانی پھر جانا - ہ - ڈوب جانا - تباہ ہو جانا - ضائع ہو جانا ٭
پانی پھونکنا - ہ - کچھ پڑھکر پانی پر دم کرنا ٭
پانی پھیر دینا - ہ - حق مٹا دینا - احسان کو بھول جانا - برباد کر دینا ٭
پانی پی پی کر کوسنا - ہ - ہر وقت بددعا دینا - بہت زیادہ کوسنا ٭
پانی دکھانا - ہ - جانور کے سامنے پانی رکھنا ٭
پانی سے پہلے پل باندھنا - ہ - پیش بندی کرنا ٭
پانی کا بتاسا یا بلبلا - ہ - مذکر - حباب (صفت) بے قیام - جلدی مٹ جانے والا ٭
پانی کر دینا - ہ - بہت آسان کر دینا - غصہ ٹھنڈا کر دینا ٭
پانی کے گھڑے پڑنا - ہ - بہت شرمندگی ہونا ٭
پانی کے مول - ہ - صفت - بہت سستا ٭
پانی لگنا - ہ - پانی کا نقصان پہنچانا ٭
پانی میں آگ لگانا - ہ - ناممکن کام کرنا - لڑائی کرا دینا ٭
پانی نہ مانگنا - ہ - فوراً مر جانا - بہت جلد مر جانا ٭
پاؤ - ہ - صفت - چوتھا حصہ - ربع ٭
پاؤ روٹی - ہ - مونث - ڈبل روٹی ٭
پاؤلی - ہ - مونث - چونی - وہ سکہ جو روپیہ کا چوتھا حصہ ہوتا ہے ٭

پاؤں - ہ - مذکر - پیر - قدم - ٹانگ - اخیر - دخل ٭
پاؤں اٹھاکے چلنا - ہ - تیز چلنا - جلدی چلنا ٭
پاؤں اکھڑ جانا - ہ - پاؤں کا نہ ٹکنا - بھاگ نکلنا - شکست کھانا ٭
پاؤں باہر نکالنا - ہ - اپنی حد سے بڑھنا - اترانا ٭
پاؤں بھاری ہونا - ہ - حمل ہونا - پیٹ ہونا ٭
پاؤں پاؤں چلنا - ہ - پیدل چلنا - بچہ کا اپنے پیروں چلنے لگنا ٭
پاؤں پر پاؤں رکھنا - ہ - پیروی کرنا - کسی کے قدم بقدم چلنا - چین سے رہنا ٭
پاؤں پڑنا - ہ - قدموں پر گرنا - عاجزی کرنا - معافی مانگنا ٭
پاؤں پھولنا - ہ - پاؤں میں طاقت نہ رہنا - تھکنا - قدم نہ اٹھنا ٭
پاؤں پھیلا کر سونا - ہ - بے فکر ہو کر سونا - بے کھٹکے رہنا ٭
پاؤں پھیلانا - ہ - ٹانگیں پھیلانا - مرنا - ہٹ کرنا - ضد کرنا - مچلنا - بہت لالچ کرنا ٭
پاؤں پٹکنا - ہ - تکلیف کی وجہ سے پاؤں پٹکنا - اخیر وقت ہونا - کوشش کرنا ٭
پاؤں تلے کی زمین سرکجاتی ہے - ا - محاورہ - جب کسی مصیبت کو بہت زیادہ کرکے بیان کرنا منظور ہوتا ہے اور اسوقت یہ محاورہ بولتے ہیں ٭
پاؤں توڑ کر بیٹھ جانا - ہ - کوشش کرتے کرتے تھک جانا ہمت ہار دینا ٭
پاؤں توڑنا - ہ - بہت چلنا پھرنا - نہایت کوشش کرنا دوڑانا - حیران کرنا ٭
پاؤں جمانا - مضبوطی سے ڈٹا رہنا - سہارا لینا ٭
پاؤں چپی کرنا - ہ - پاؤں دبانا - مٹھیاں بھرنا ٭
پاؤں چھوٹنا - ہ - دعوت حیض کا خون جاری ہونا ٭
پاؤں دھو دھو کر پینا - ہ - نہایت عزت کرنا - عقیدت ظاہر کرنا - چاپلوسی کرنا ٭
پاؤں زمین پر نہ رکھنا - ا - اترانا - بہت گھمنڈ کرنا -

خوشی سے اچھلتے پھرنا ۔

پاؤں سمیٹنا ۔ ہ ۔ ملاقات ترک کرنا ۔ تنہائی اختیار کرنا ۔ آوارہ پھرنے سے باز آنا ۔

پاؤں سو جانا ۔ ہ ۔ پاؤں سن ہو جانا ۔ پاؤں کا سو جانا ۔ پاؤں چھنانا ۔

پاؤں سے پاؤں باندھکر بٹھانا ۔ ہ ۔ (ع) پاس سے جدا نہ ہونے دینا ۔ سخت نگرانی رکھنا ۔

پاؤں سے لگی سر میں بجھی ۔ ہ ۔ محاورہ (ع) تن بدن میں آگ لگ گئی ۔ بہت غصہ آیا ۔

پاؤں کی بیڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ پابندی ۔ روگ ۔ بیوی ۔ بال بچے ۔

پاؤں کی جوتی سر کو لگنا ۔ ہ ۔ (ع) کمینہ کا سر چڑھنا ۔ ذلیل کا مقابلہ پر آنا ۔

پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں ۔ ا ۔ فقرہ ۔ مرنے کے قریب ہیں ۔

پاؤں کو مہندی لگنا ۔ ہ ۔ بیجا عذر ہونا ۔ بہانہ ہونا ۔

پاؤں نکالنا ۔ ہ ۔ بڑھکر چلنا ۔ اپنی حد سے باہر قدم رکھنا ۔ بہت چالاک ہونا ۔

پائی ۔ ہ ۔ مونث ۔ پیسہ کا تیسرا حصہ ۔ پنیہ ۔ آنے کا چوتھا حصہ ۔

پائے بند ۔ صفت ۔ قید کیا ہوا ۔ ملازم ۔ فرمانبردار ۔

پائے بند ۔ ف ۔ مذکر ۔ بیڑی ۔ جال ۔ پاؤں باندھنے کی رسی

پائے تابہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ چمڑے کا موزہ ۔

پائے تخت ۔ ف ۔ مذکر ۔ راجدھانی ۔ دارالسلطنت ۔

پائے تراب یا پاتراب ۔ ف ۔ مذکر ۔ سفر کرنے کا شگون جگہ بدلنا ۔

پایاب ۔ ف ۔ صفت ۔ دریا کا وہ حصہ جو کم گہرا ہو اور آدمی اپنے پیروں پار اتر سکے ۔

پایاں ۔ ف ۔ مذکر ۔ آخر ۔ انتہا ۔ انت ۔

پایپ ۔ انگ ۔ مونث ۔ نلی ۔ نالی ۔ ایک قسم کا چھوٹا سا انگریزی حقہ ۔

پایدار ۔ ف ۔ صفت ۔ مضبوط ۔ دیر تک ٹھہرنے والا ۔

پایداری ۔ ف ۔ مونث مضبوطی ۔

پایک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایلچی ۔ قاصد ۔ سفیر ۔ ہرکارہ ۔

پائے کاشت ۔ ف ۔ صفت ۔ دوسرے گانوں میں جاکر کھیتی کرنے والا ۔ غیر منتقل ۔

پایل ۔ ہ ۔ مونث ۔ پاؤں کا ایک زیور ۔ تیز چلنے والی ہتھنی ۔

پائیں باغ ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ باغ جو قلعہ یا محل کے نیچے لگایا جائے

پائینتی ۔ ہ ۔ مونث ۔ پلنگ کا وہ حصہ جسمیں ادوان لگتی ہے ۔

پائنچہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ پائجامہ کا وہ آدھا حصہ جسمیں ایک ٹانگ رہتی ہے ۔

پایہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ پاؤں ۔ پاکھا ۔ کھنبا ۔ ستون ۔ سیڑھی ۔ مرتبہ ۔ درجہ ۔ چوپایہ کا پاؤں ۔ چارپائی وغیرہ کا وہ حصہ جسپر وہ قائم ہو ۔

پ ب

پبلک ۔ انگ ۔ مونث ۔ خلقت ۔ لوگ ۔ خاص و عام ۔

پپیہی ۔ ہ ۔ مونث ۔ مینا کی قسم کے ایک خوش آواز پرند کا نام

پ پ

پپڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھلکا ۔ سوکھی ہوئی تہ ۔ پرت ۔

پپوٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ آنکھ کا پٹ ۔ آنکھ کے اوپر کا غلاف ۔

پپیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ آم کی اگی ہوئی گٹھلی کا باجہ ۔ (صفت) تیز آواز والا ۔ سیٹی ۔

پپیہا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک خوش آواز پرند کا نام جو برسات میں بولتا ہے ۔ منہ سے بجانے کا باجہ ۔

پ ت

پت ۔ ہ ۔ مونث ۔ آبرو ۔ ساکھ ۔

پت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے

پتا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ والد ۔ باپ ۔

پتا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پات ۔ ورق ۔ کان کے ایک زیور کا نام

پتا کھڑکنا ۔ ہ ۔ ہوا سے پتا بجنا ۔ خفیف سا ڈر ہونا ۔

پتا۔ ہ۔ مذکر نشان۔ کھوج۔ ٹھکانا۔ سُراغ ❖

پِتّا۔ ہ۔ مذکر۔ پیٹ کے اندر کی ایک تھیلی کا نام جسمیں صفرا پیدا ہوتا ہے۔ حوصلہ۔ ہمت۔ غُصہ۔ تیزی ❖

پِتّا مارنا۔ ہ۔ غُصہ ضبط کرنا۔ دل مارنا۔ سختی سہنا ❖

پِتال جنتر۔ ہ۔ مذکر۔ تیل نکالنے کا ایک طریقہ ❖

پت جھڑ۔ ہ۔ مذکر۔ پتوں کے جھڑنے کا موسم ❖

پُتر۔ ہ۔ مذکر۔ بیٹا۔ لڑکا ❖

پَتر۔ ہ۔ مذکر۔ پتّا۔ ورق۔ خط۔ چِٹھی ❖

پَترا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ کتاب جسمیں تمام سال کی اچھی اور بُری تاریخیں اور نجوم کے احکام لکھے ہوتے ہیں۔ پنڈتوں کی جنتری ❖

پُتری۔ س۔ مونث۔ لڑکی۔ بیٹی ❖

پَتری۔ ہ۔ مونث جنم کنڈلی۔ زائچہ۔ چِٹھی۔ خط ❖

پَتّل۔ ہ۔ مونث۔ پتوں کی بنی ہوئی کھانا کھانے کی تھالی۔ (مجازاً) کھانا۔ ایک آدمی کی خوراک ❖

پتّل پروسنا۔ ہ۔ پتّل میں کھانا رکھنا ❖

پَتلا۔ ہ۔ صفت۔ بہنے والا۔ رس۔ عرق۔ باریک۔ تنگ دُبلا ❖

پتلا حال ہونا۔ ہ۔ حالت تباہ ہونا۔ حال بگڑ جانا ❖

پُتلا۔ ہ۔ مذکر۔ مُورت۔ بُت۔ بے جان قالب ❖

پَتلون۔ ا۔ مونث۔ (صحیح انگریزی پینٹالون) انگریزی پیجامہ بے میانی کا پیجامہ ❖

پُتلی۔ ہ۔ مونث۔ پُتلا کی تانیث۔ گڑیا۔ مورت۔ آنکھ کی سیاہی خوبصورت عورت ❖

پُتلیاں۔ ہ۔ مونث پُتلی کی جمع۔ گڑیاں۔ مورتیں ❖

پُتلیاں پھر جانا۔ ہ۔ دیدے پھر جانا۔ موت کی علامت ظاہر ہونا

پُتلیاں نچانا۔ ہ۔ پُتلیوں کا تماشا کرنا ❖

پِتھنا۔ ہ۔ کوچی ہونا۔ لیپا جانا (اسم مذکر) پیارا پھیرنے کا کپڑا ❖

پتنگ۔ ہ۔ مذکر۔ کنکوّا۔ گُڈّی ❖

پتنگ بازی۔ ا۔ مونث۔ کنکوّے اُڑانا ❖

پتنگے لگنا۔ ہ۔ (عو) مرچیں لگنا۔ غصہ آنا ❖

پتوار۔ ہ۔ مونث۔ ناؤ کے اِدھر اُدھر موڑنے کی کل ❖

پَتّھر۔ ہ۔ مونث۔ ایک نہایت سخت مادہ۔ سنگ۔ اولا۔ وغیرہ سخت چیز۔ (صفت) بے رحم۔ بھاری۔ بوجھل ❖

پَتّھر بنجانا۔ ہ۔ بے رحم ہوجانا۔ بُت بنجانا ❖

پَتّھر کا پانی ہوجانا۔ ہ۔ نہایت بے رحم کو بھی رحم آجانا ❖

پَتّھر پڑیں۔ ہ۔ بددُعا (عو) آفت آئے۔ اُجڑ جائے ❖

پَتّھر پسیجنا۔ ہ۔ سخت دل کا نرم ہونا۔ بے رحم کا رحمدل ہوجانا

پَتّھر تلے کا ہاتھ۔ ہ۔ تابع فعل۔ بے بسی کی حالت۔ مجبوری

پَتّھر چٹانا۔ ہ۔ سان رکھنا۔ تیز کرنا ❖

پَتّھر سا پھینک مارنا یا کھینچ مارنا۔ ہ۔ اکھڑ پن سے جواب دینا ❖

پَتّھر کلا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ پُرانی زمانے کی بندوق جسمیں چقماق لگی ہوتی ہے ❖

پَتّھر کو جونک نہیں لگتی۔ ہ۔ کہاوت کنجوس کو کسی طرح رحم نہیں آتا۔ بروں کو کوئی نصیحت اثر نہیں کرتی ❖

پَتّھر کی چھاتی۔ ہ۔ صفت۔ بڑا دِل جگرا۔ بڑا حوصلہ ❖

پَتّھر کی لکیر۔ ہ۔ صفت۔ کبھی نہ مٹنے والا مضبوط۔ پائدار ❖

پَتّھر مارنا۔ ہ۔ دیوانوں کی سی حرکتیں کرنا۔ پاگل ہوجانا ❖

پَتّھر نچوڑنا۔ ہ۔ نہایت بخیل آدمی سے کوئی فائدہ اُٹھانا ❖

پَتّھر ہونا۔ ہ۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔ بالکل چُپ ہوجانا۔ بے رحم ہونا۔ نکما ہونا ❖

پَتّھرانا۔ ہ۔ پتّھر بنجانا۔ سخت ہوجانا۔ بے حرکت ہوجانا ❖

پَتّھراؤ۔ ہ۔ پتھر برسانا۔ سنگباری ❖

پَتّھری۔ ہ۔ مونث۔ وہ سخت مادہ جو مثانہ میں جمکر پتھر کی شکل اختیار کرلیتا ہے۔ چقماق۔ اُسترہ وغیرہ تیز کرنے کا پتھر۔ پرندوں کے پیٹ کی وہ تھیلی جسمیں کنکر پتھر کے ٹکڑے جمع ہوتے ہیں

پَتّھریلا۔ ہ۔ صفت۔ پتھر کا۔ پتّھر ملا ہوا ❖

پتّی۔ ہ۔ مونث۔ کونپل۔ چھوٹا پتّا۔ بھنگ۔ چندہ۔ شراکت

پتّی۔ ہ۔ مونث۔ ایک بیماری کا نام جسمیں یکایک بدن پر دوڑے اُبھر آتے ہیں اور خارش ہونے لگتی ہے ❖

پتّی اچھلنا۔ ہ۔ پتّی کا مرض ہونا ❖

پتی۔ ہ۔ مذکر۔ خاوند۔ شوہر ❖

پتی برتا۔ ہ۔ مونث۔ شوہر کی خدمت کرنے والی۔ پاکدامن ✦

پتے کی سنانا یا کہنا۔ ہ۔ بھید کی بات کہنا۔ چبھتی ہوئی کہنا ✦

پتیلا۔ ا۔ مذکر۔ تانبے کا بڑے منہ کا دیگچہ ✦

پتیلی۔ ا۔ مونث۔ دیگچی ✦

پ ٹ

پٹ۔ ہ۔ مذکر۔ کواڑ۔ اوندھا۔ گھونگھٹ۔ پردہ۔ فوراً۔ سُرعت ✦

پٹا۔ ہ۔ مذکر۔ سپہگری کے ایک فن کا نام۔ ایک تلوار کے قسم کے دو دھارے آنے کا نام ✦

پٹّا۔ ہ۔ مذکر۔ کتے بلی کا گلوبند۔ ٹھیکہ داری کی دستاویز۔ مردوں کے سر کے بڑے بال۔ وہ چمڑا یا کپڑا جسمیں چپراس لگاتے ہیں ✦

پٹاخا۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کی آتشبازی جسمیں بندوق کی سی آواز ہوتی ہے۔ بندوق کی ٹوپی (صفت) تڑاق پڑاق بولنے والی عورت ✦

پٹارا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا ڈھکنے دار ٹوکرا ✦

پٹاری۔ ہ۔ مونث۔ چھوٹی ڈھکنے دار ٹوکری ✦

پٹاس۔ ا۔ مذکر۔ (صحیح انگریزی پٹاشس) ایک آگ پیدا کرنے والے مادّہ کا نام ✦

پٹاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ چھت ڈلوانا۔ پوشش ✦

پٹپڑ۔ ہ۔ مونث۔ وہ زمین جو ہر سال دریا کی طغیانی میں ڈوبکر باہر نکلتی ہو۔ ویران جگہ۔ برابر۔ چوپٹ ✦

پٹ پڑنا۔ ہ۔ اوندھا پڑنا۔ ہتھیار کا کارگر نہ ہونا ✦

پٹخنا۔ ا۔ مذکر۔ پٹکنا۔ دے مارنا ✦

پٹخنیاں کھانا۔ ا۔ پچھاڑیں کھانا۔ لوٹ لوٹ جانا ✦

پٹڑا۔ ہ۔ مذکر۔ لکڑی کا تختہ ✦

پٹڑا کر دینا۔ ہ۔ برباد کر دینا۔ تباہ کر دینا ✦

پٹڑی۔ ہ۔ مونث۔ تختی۔ چھوٹا تختہ۔ چمن کی پتلی سڑک جسپر گھاس اُگائی گئی ہو۔ کنارہ۔ چوڑی دھاری۔ چوڑی چوڑی کھپریل چھانے کا کھپرا جسپر نلیاں جماتے ہیں ✦

پٹڑی جمانا۔ ہ۔ گھوڑے پر ران جمانا ✦

پٹس۔ ہ۔ مونث۔ ماتم۔ رونا پیٹنا۔ کہرام ✦

پٹکا۔ ہ۔ مذکر۔ پیٹی۔ کمر پیچ۔ کمر باندھنے کا دوپٹہ ✦

پٹکنا۔ ہ۔ پٹخنا۔ دے مارنا ✦

پٹم ہونا۔ ہ۔ اندھا ہونا۔ چوپٹ ہونا ✦

پٹنا۔ ہ۔ مار کھانا۔ سزا پانا ✦

پٹنا۔ ہ۔ چھایا جانا۔ چھت پڑنا۔ طے ہونا۔ چکنا۔ بھرنا۔ اٹنا

پٹو۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا اُونی کپڑا ✦

پٹوا۔ ہ۔ مذکر۔ ریشم کے ڈورے ڈالنے والا ✦

پٹواری۔ ہ۔ مذکر۔ گاؤں کا حساب رکھنے والا ✦

پٹھ۔ ہ۔ مونث۔ بلاؤ۔ چاشنی۔ چوپائے کی دُم کے اوپر کا گوشت ✦

پٹھیہ۔ مونث۔ بے بیائی جوان بکری ✦

پٹھا۔ ہ۔ مذکر۔ چوپایہ کا چوتڑ ✦

پٹھا۔ ہ۔ مذکر۔ پے۔ موٹی رگ۔ نوجوان۔ پہلوان کا شاگرد مردوں کے سر کے بڑے بال

پٹھان۔ ہ۔ مذکر۔ افغان۔ مسلمانوں کی ایک ذات۔ جنگی سپاہی۔ (صفت) خونخوار۔ لڑاک ✦

پٹھو۔ ہ۔ مذکر۔ مددگار۔ دُم چھلا۔ ایک فرضی آدمی جسے بچے کھیل میں اپنے پیٹ میں فرض کر لیتے ہیں اور اسکے عوض بھی کھیلتے ہیں ✦

پٹھیا۔ ہ۔ جوان بکری۔ گائے بھینس جسنے بچہ نہ جنا ہو ✦

پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا۔ ہ۔ پاس نہ پھٹکنے دینا۔ شریر گھوڑے اور چالاک آدمی کی نسبت بولتے ہیں ✦

پٹی۔ ہ۔ مونث۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ زمین کا ٹکڑا۔ کپڑے یا کاغذ کی چوڑی اور لمبی دھجی۔ چارپائی کے بازو کی لکڑی۔ بالوں کی جمی ہوئی سطح۔ فریب۔ دھوکا ✦

پٹی پڑھانا یا پٹی دینا۔ ہ۔ بہکانا۔ اپنے مطلب کی بات بتانا ✦

پٹی دار۔ ا۔ مذکر۔ گانوں کا حصہ دار ✦

پٹی داری۔ ا۔ مونث۔ مشترکہ موروثی زمین کا قبضہ ✦

پٹیا۔ ہ۔ مونث۔ پتھر کا تختہ۔ پتھر کا چوکا ٭
پٹیل۔ ہ۔ مذکر۔ گاؤں کا سردار۔ چودھری ٭
پٹین۔ انگ۔ مذکر۔ شیشے لگانے کا مصالحہ ٭

پ ج

پجاری۔ ہ۔ مذکر۔ بت پوجنے والا۔ بتخانہ کا مجاور۔ پنڈا ٭
پجاوا۔ ا۔ مذکر۔ (صحیح پزاوہ) اینٹیں پکانے کا آوا ٭

پ چ

پچ۔ ہ۔ مونث۔ طرفداری۔ حمایت۔ ضد۔ ہٹ دھرمی
پچ میل۔ ہ۔ صفت۔ پانچ قسم کی ملی ہوئی چیزیں مختلف قسم کی ملی ہوئی چیزیں ٭
پچارا۔ ہ۔ مذکر۔ کوچی۔ پوتنے کا کپڑا۔ ہلکی رنگت ٭
پچاس۔ ہ۔ صفت۔ پانچ دہائی (۵۰) ٭
پچاسی۔ ہ۔ صفت۔ اسی اور پانچ (۸۵) ٭
پچانوے۔ ہ۔ صفت۔ نوے اور پانچ (۹۵) ٭
پچپن۔ ہ۔ صفت۔ پچاس اور پانچ (۵۵) ٭
پچتانا۔ ہ۔ افسوس کرنا۔ ہاتھ ملنا۔ رنج کرنا ٭
پچر۔ ہ۔ مونث۔ کھونٹی۔ میخ۔ روک۔ رکاوٹ ٭
پچکارنا۔ ہ۔ پیار کرنا ٭
پچکاری۔ ہ۔ مونث۔ پانی پھینکنے کا ایک آلہ۔ دم کلا ٭
پچکلیان۔ ہ۔ مذکر۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی اور گھٹنوں کا رنگ سفید یا بدن کے رنگ کے خلاف ہو ٭
پچنا۔ ہ۔ ہضم ہونا۔ گلنا
پچھاڑنا۔ ہ۔ دے مارنا۔ چت کرنا۔ نیچے گرانا۔ ہرادینا ٭
پچھاڑیں کھانا۔ ہ۔ لوٹنا لوٹا پھرنا۔ تڑپنا ٭
پچھتر۔ ہ۔ صفت۔ ستر اور پانچ (۷۵) ٭
پچھلا پہر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دن یا رات کا آخری حصہ ٭
پچھلے پاؤں پھرنا۔ ہ۔ الٹے قدموں واپس ہونا۔ جاکر فوراً واپس ہونا ٭
پچھلی رات۔ ہ۔ مونث۔ آدھی رات کے بعد کا وقت ٭

پچھم۔ ہ۔ مذکر۔ وہ سمت جدھر سورج ڈوبتا ہے۔ مغرب ٭
پچھنا۔ ہ۔ مذکر۔ بدن گودنے کا اوزار۔ ٹیکا۔ فصد ٭
پچھنے لگانا۔ ہ۔ خون نکالنا۔ ٹیکا لگانا۔ فصد لینا ٭
پچھوا۔ ہ۔ مونث۔ پچھم کی ہوا ٭
پچھواڑا۔ ہ۔ مذکر۔ مکان کے پیچھے کا حصہ ٭
پچی کاری۔ ا۔ مونث۔ پیوند لگانا۔ جڑاؤ کام۔ چونہ گچ کا کام ٭
پچھیت۔ ہ۔ مذکر۔ داؤں پیچ کرنے والا۔ تجربہ کار پہلوان چالباز ٭
پچیس۔ ہ۔ صفت۔ بیس اور پانچ (۲۵) ٭
پچیسی۔ ہ۔ مونث۔ چوسر کے ایک کھیل کا نام ٭

پ خ

پخ۔ ا۔ مونث۔ روگ۔ جھگڑا۔ علت ٭
پخ لگانا۔ ا۔ جھگڑا لگانا۔ روگ لگانا ٭
پخ نکالنا۔ ا۔ جھگڑا ڈالنا۔ عیب نکالنا۔ اعتراض کرنا ٭
پخریاں۔ ا۔ مونث۔ (ع) حقارتاً۔ چپاتیاں۔ روٹیاں
پختگی۔ ف۔ مونث۔ پکاپن۔ مضبوطی۔ پھل یا کھانے کا پک جانا۔ تجربہ کار ٭
پخت و پز۔ ف۔ تابع فعل (تلفظ پخت پز) ٹھیک ٹھاک۔ پختگی۔ قول و اقرار ٭
پختہ۔ ف۔ صفت۔ پکا ہوا۔ مضبوط۔ اینٹوں کا چنا ہوا
پختہ کار۔ ف۔ صفت۔ تجربہ کار۔ ہوشیار۔ کام سے اچھی طرح واقف ٭

پ د

پد۔ س۔ مذکر۔ قدم۔ پاؤں۔ قول۔ بچن۔ جگہ۔ نظم۔ اشلوک درجہ۔ رتبہ۔ تعویذ کے گہنے۔ ملک کا حصہ ٭
پدا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک بہت چھوٹی چڑیا۔ غلیل کی تانت میں جو پھندا رکھ کر پھینکنے کے لئے بناتے ہیں
پدارتھ۔ س۔ مذکر۔ عمدہ چیز۔ لذیذ کھانا ٭

پدر۔ ف۔ مذکر۔ پتا۔ باپ ٭
پدری۔ ف۔ صفت۔ باپ سے منسوب۔ باپ کی موروثی
پدم۔ مذکر۔ کنول۔ نیلوفر۔ ایک بہت بڑا عدد جو سو نیل
کے برابر ہے ٭
پدمنی۔ ہ۔ مونث۔ آبی آدمی کی بیوی۔ عورت کی چار قسموں میں
سے اوّل قسم کی عورت۔ نہایت خوبصورت اور نازک عورت
پدھارنا۔ ہ۔ تشریف لانا۔ آنا۔ جانا۔ سدھارنا۔ تشریف رکھنا
۔ بیٹھنا ٭
پدھان۔ ہ۔ مذکر۔ گاؤں کا چودھری۔ ایک نومسلم قوم
کا نام ٭

پ ذ

پذیرا۔ ف۔ صفت۔ مقبول۔ منظور ٭
پذیرائی۔ ف۔ مونث۔ قبولیت۔ منظوری ٭

پ ر

پر۔ ف۔ مذکر۔ پنکھ۔ بازو۔ چڑیوں کے بدن کے اوپر کی
پوشش ٭
پر باندھنا۔ ا۔ بے بس کرنا۔ عاجز کرنا ٭
پر جلنا۔ ا۔ دخل نہ پانا۔ نہ جاسکنا۔ گزر نہ ہونا ٭
پر جھاڑنا۔ ا۔ پرانے پروں کو جھاڑنا۔ پروں کو پھڑپھڑانا
اڑنے کی تیاری کرنا ٭
پردار۔ ف۔ مذکر۔ اُڑنے والا۔ پروالا ٭
پر قینچ کرنا۔ ا۔ پر کاٹنا۔ بے بس کرنا ٭
پر لگنا۔ ا۔ جلد پہنچنا۔ جلد شہرت پانا۔ خود بخود اڑنا
پر نکالنا۔ ا۔ اُڑنے کے قابل ہونا۔ اترانا ٭
پر نہ مارنا۔ ا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ پہنچ نہ ہونا۔ پہنچنے کی قدرت
نہ ہونا ٭
پر و بال نکالنا۔ ا۔ ہوش سنبھالنا۔ مضبوط ہونا۔ جھگڑا
کھڑا کرنا ٭
پر۔ ہ۔ حرفِ استثناء۔ مگر۔ لیکن۔ اُوپر کا مخفف

پران۔ س۔ مذکر۔ جان۔ جی۔ روح۔ سانس ٭
پران چھوڑنا۔ ہ۔ جان دینا۔ مرجانا۔ ہمت ہارنا ٭
پرانا۔ ہ۔ صفت۔ نیا کا خلاف۔ قدیم۔ گلا سڑا۔ بوڑھا
ہوشیار ٭
پرانا خرّانٹ یا / پرانا گھاگ } ا۔ بہت بوڑھا۔ نہایت تجربہ کار ٭
پرانا دھرانا۔ ہ۔ صفت۔ پھٹا پرانا۔ نکما۔ خراب ٭
پرانی۔ ہ۔ صفت۔ پرانا کی تانیث۔ نکمی۔ نئی کی خلاف۔
بڑھیا ٭
پرایا۔ ہ۔ صفت۔ دوسرے کا۔ بیگانہ۔ غیر ٭
پرائے بردے آزاد کرنا۔ دوسرے کے مال پر شیخی
بگھارنا ٭
پراچہ۔ ا۔ مذکر۔ پرانے دھرانے کپڑوں کا کام کرنے والا
پرائے گھر کا ہونا۔ ہ۔ (عو) بیٹی کی شادی ہوجانا۔
لڑکی کا بیاہا جانا ٭
پرائے مال پر پاتھسین۔ ا۔ کہاوت۔ دوسرے کے
مال پر اترانا ٭
پرائیویٹ۔ انگ۔ صفت۔ ذاتی۔ خاص۔ نجی ٭
پُر۔ ف۔ صفت۔ بھرا ہوا۔ لبریز۔ پورا ٭
پُرا۔ ہ۔ مذکر۔ محلّہ۔ ٹولہ ٭
پرا۔ ہ۔ مذکر۔ قطار۔ سلسلہ۔ لائن۔ غول۔ ٹکڑی ٭
پرا باندھنا یا / پرا جمانا } ہ۔ برابر برابر کھڑا ہونا۔ قطار بنانا ٭
پراپت۔ س۔ مذکر۔ فائدہ۔ لابھ۔ آمدنی ٭
پرات۔ ہ۔ مونث۔ تھال۔ لگن۔ بڑی تھالی ٭
پراتم یا پراچین۔ ہ۔ صفت۔ پرانا۔ قدیم۔ اگلے زمانہ کا
تجربہ کار ٭
پراٹھا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی پرت دار روغنی روٹی ٭
پرآدھین۔ س۔ صفت۔ ماتحت۔ دوسرے کا تابعدار ٭
پرارتھنا۔ س۔ مونث۔ گذارش۔ عرض۔ التجا ٭
پراکرت۔ س۔ مونث۔ ہندوستان کی ایک قدیم زبان

پیچ۔ شُدر ۔

پراگندگی۔ ف۔ مونث۔ تتر بتر ہونا۔ پریشانی۔ تردّد ۔

پراگندہ۔ ف۔ صفت۔ بکھرا ہوا۔ پریشان ۔

پرال۔ ہ۔ مونث۔ دھان کی نال جسے غریب آدمی جاڑوں میں بچھاتے ہیں ۔

پُران۔ س۔ مذکر۔ وہ کتابیں جنہیں پرانے زمانے کی باتیں لکھی ہوں۔ برہمنوں کے مذہب کی آخری منظوم کتابیں جو آٹھویں صدی عیسوی کے بعد لکھی گئی ہیں ۔

پَرب۔ س۔ مذکر۔ تہوار۔ مذہبی تقریب۔ انگلیوں کے جوڑ۔ باب۔ فصل ۔

پربال۔ ہ۔ مذکر۔ آنکھوں کی زائد پلکیں ۔

پربت۔ ہ۔ مذکر۔ پہاڑ ۔

پربھاؤ۔ س۔ مذکر۔ طبعی خاصیت۔ فطرت۔ طاقت۔ زور۔ تاثیر ۔

پربھو۔ س۔ مذکر۔ خدا۔ ایشور۔ مالک۔ آقا ۔

پرپشہ کے برابر نہ سمجھنا۔ ا۔ بالکل بے حقیقت سمجھنا۔ کسی گنتی میں نہ لانا ۔

پَرت۔ ہ۔ مذکر۔ ورق۔ پپڑی۔ تہ۔ چھلکا ۔

پرتاب۔ س۔ مذکر۔ روشنی۔ خدا کی شان۔ مہربانی۔ دَیا ۔

پرتلا۔ ہ۔ مذکر۔ تلوار کی پیٹی۔ ڈاب۔ پٹکا ۔

پرتَو۔ ف۔ مذکر۔ روشنی۔ کرن (ا) سایہ۔ عکس ۔

پرتوا۔ ا۔ مذکر۔ سایہ۔ عکس۔ پرچھائیں ۔

پرتھمی یا پرتھوی۔ س۔ مونث۔ زمین۔ دنیا۔ دنیا کے لوگ

پرتیت۔ ہ۔ مونث۔ بھروسا۔ اعتماد۔ ساکھ ۔

پرجا۔ ہ۔ مونث۔ رعایا۔ محکوم۔ اولاد ۔

پرجاپت یا پرجاپتی۔ ہ۔ مذکر۔ خدا۔ پیدا کرنے والا۔ راجہ۔ بادشاہ۔ باپ ۔

پرچ۔ انگ۔ مونث۔ تشتری۔ پیالی ۔

پرچانا۔ ہ۔ رہلانا۔ مانوس کرنا۔ اپنی طرف مائل کرنا۔ راضی کرنا۔ موہنا ۔

پرچنا۔ ہ۔ ہلنا۔ مانوس ہونا۔ مایل ہونا۔ راضی ہونا ۔

پرچون۔ ہ۔ مذکر۔ آٹا وغیرہ۔ پھٹکل سودا ۔

پرچونیا۔ ہ۔ مذکر۔ آٹا دال وغیرہ بیچنے والا۔ خردہ فروش مختلف چیزیں بیچنے والا ۔

پرچہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ پرزہ۔ خط۔ اخبار ۔

پرچہ گزرنا یا لگنا۔ ا۔ خبر لگنا۔ خبر گزرنا ۔

پرچہ نویس۔ ف۔ مذکر۔ جاسوس۔ مخبر۔ خبر لکھنے والا ۔

پرچھا۔ ہ۔ مذکر۔ سوت لپیٹنے کی نلی۔ دیگ۔ کڑھائی ۔

پرچھائیں۔ ہ۔ مونث۔ عکس۔ سایہ۔ چھاؤں ۔

پرچھائیں سے ڈرنا یا بھاگنا۔ ہ۔ کسی کے سایہ سے بھاگنا۔ بہت ڈرنا۔ پاس نہ پھٹکنا ۔

پرچھتی۔ ہ۔ مونث۔ وہ چھپر یا کھپریل جو منڈیروں کو پانی سے بچانے کے لئے ڈال دیتے ہیں ۔

پرخاش۔ ف۔ مونث۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ فساد ۔

پرخاش جو۔ ف۔ مذکر۔ جھگڑالو ۔

پرداخت۔ ف۔ مونث۔ پرورش۔ غور۔ درستی ۔

پردادا۔ ہ۔ مذکر۔ باپ کا دادا ۔

پردادی۔ ہ۔ مونث۔ دادا کی ماں ۔

پرداز۔ ف۔ مونث۔ آراستگی۔ نقاشی۔ انداز۔ طور طریقہ

پردہ۔ ف۔ مذکر۔ اوٹ۔ آڑ۔ جس سے آڑ کی جائے۔ طبقہ۔ پرت۔ بھید۔ راز ۔

پردہ اٹھانا۔ ا۔ آڑ دور کرنا۔ بے حجاب ہو جانا۔ بھید کھولنا ۔

پردہ پڑنا۔ ا۔ آڑ ہونا۔ اوٹ ہونا۔ زائل ہونا ۔

پردہ پوش یا پردہ دار۔ ف۔ کسی کے عیب کو چھپانے والا۔ راز دار ۔

پردہ پوشی یا پردہ داری۔ ف۔ مونث۔ عیب چھپانا۔ رازداری ۔

پردہ در۔ ف۔ صفت۔ عیب ظاہر کرنے والا۔ بھید کھولنے والا

پردہ دری۔ ف۔ مونث۔ عیب کا ظاہر ہونا ۔

پردہ ڈھانکنا۔ ا۔ عیب چھپانا۔ موت دینا ۔

پردہ رکھنا یا کرنا۔ ا۔ چھپنا۔ سامنے نہ ہونا ۔

پردہ فاش ہونا۔ ا۔ بھید کھلنا۔ بھانڈا پھوٹنا ◆
پردہ لگنا۔ ا۔ طنز سے ایسی عورت کے متعلق بولتے ہیں
جو پہلے بے پردہ پھرتی ہو۔ پھر پردہ کرنے لگے ◆
پردہ نشین۔ ف۔ صفت۔ پردہ کرنے والی۔ پردہ میں
رہنے والی ◆
پردے۔ ا۔ مذکر۔ پردہ کی جمع ◆
پردے بٹھانا۔ ا۔ پردہ نشین بنانا۔ چھپانا ◆
پردے پردے۔ ا۔ تابع فعل۔ اندر ہی اندر۔ چپکے
چپکے۔ چھپے چھپے ◆
پردے کی بوبو۔ ا۔ مؤنث۔ بہت زیادہ پردہ کرنے
والی عورت کی نسبت طنز سے بولتے ہیں ◆
پردیس۔ ہ۔ مذکر۔ دوسرا ملک۔ وطن سے باہر ◆
پردیس چھانا۔ ہ۔ وطن سے باہر رہنے لگنا ◆
پردیسن۔ ہ۔ مؤنث۔ دوسرے ملک کی عورت۔ مسافر
عورت۔ اجنبی ◆
پردیسی۔ ہ۔ مذکر۔ اجنبی۔ مسافر۔ بدیسی۔ دوسرے ملک کا
رہنے والا ◆
پرزہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ کل۔ مشین کے اجزا۔ پرندوں
کا رونگٹا۔ دھجی ◆
پرزے۔ ا۔ مذکر۔ پرزہ کی جمع ◆
پرزے اڑانا یا پرزے پرزے کرنا۔ ا۔ دھجیاں
کرنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ◆
پرسا۔ ہ۔ مذکر۔ (ع) ماتم پرسی۔ تعزیت۔ مرنے والے
کے گھر جاکر اسکے وارثوں کو تسلی دینا ◆
پرساد۔ س۔ مذکر۔ دیوتا کا چڑھاوا۔ تبرک۔ برشاد ◆
پرسال۔ ف۔ صفت۔ پوچھنے والا۔ فریاد سننے والا ◆
پرسان حال۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ حال پوچھنے والا۔ خبر گیری
کرنے والا ◆
پرستان۔ ا۔ مذکر۔ پریوں کے رہنے کی جگہ۔ خوبصورت
آدمیوں کے رہنے کی جگہ ◆
پرستان کا عالم۔ ا۔ تابع فعل۔ ایسی جگہ کی تعریف میں
بولتے ہیں جہاں بہت سے خوبصورت آدمی جمع ہوں ◆
پرستاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ تجویز۔ ریزولیوشن ◆
پرستش۔ ف۔ مؤنث۔ پوجا۔ عبادت۔ نہایت تعظیم
پرستش گاہ۔ ف۔ مونث۔ پوجا کرنے کی جگہ۔ عبادت
کی جگہ ◆
پرسرام۔ ہ۔ مذکر۔ وشنو کا چھٹا اوتار ◆
پرسش۔ ف۔ مونث۔ پوچھ۔ پوچھ گچھ ◆
پرسش کرنا۔ ا۔ پوچھ گچھ کرنا۔ دریافت کرنا ◆
پرسوت۔ س۔ مذکر۔ زچہ کی ایک بیماری کا نام ◆
پرسوں۔ ہ۔ تابع فعل۔ کل سے پہلے یا بعد کا دن ◆
پرش۔ س۔ مذکر۔ آدمی۔ انسان۔ مرد ◆
پرکار۔ ف۔ مذکر۔ دائرہ کھینچنے کا ایک اوزار ◆
پرکار۔ ف۔ صفت۔ موٹا۔ دلدار۔ مضبوط ◆
پرکالہ۔ ف۔ مذکر۔ ٹکڑہ۔ حصہ۔ چنگاری ◆
پرکھ۔ ف۔ مونث۔ برے بھلے کی پہچان۔ جانچ ◆
پرکھا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑے بزرگ۔ دادا پردادا ◆
پرکھنا۔ ہ۔ جانچنا۔ برا بھلا دیکھنا ◆
پرگنہ۔ ف۔ مذکر۔ ضلع کا ایک چھوٹا حصہ ◆
پرگھٹ۔ ہ۔ صفت۔ کھلا ہوا۔ ظاہر۔ کھلم کھلا ◆
پرکیری۔ ا۔ مونث۔ تیتر کے پر ◆
پرلا۔ ہ۔ صفت۔ دوسری طرف کا ◆
پرلو۔ ہ۔ مؤنث (صحیح سنسکرت پرلے) قیامت۔ فنا
پرلوک۔ ہ۔ مذکر۔ آخرت۔ دوسرا جہان ◆
پرم آتما۔ س۔ مذکر۔ خدا تعالیٰ۔ پرمیشور ◆
پرمٹ۔ ا۔ مونث۔ (صحیح انگریزی پرمٹ) چنگی۔
چنگی کی چوکی ◆
پرمٹا۔ انگ۔ مذکر۔ ایک قسم کا اونی سوتی کپڑا ◆
پرتل۔ ہ۔ مذکر۔ کسی اناج کی بھنی ہوئی کھیلیں ◆
پرنالا۔ ہ۔ مذکر۔ مکان کے اونچے حصہ سے پانی گرنے کی
جگہ ◆
پرنالی۔ ہ۔ مونث۔ پرنالا کی تانیث ◆

پرنام - س - مذکر و مونث - وہ سلام جو ہندو اپنے بڑوں کو کرتے ہیں ٭
پرنانا - ہ - مذکر - ماں کا دادا ٭
پرنانی - ہ - مؤنث - ماں کی دادی ٭
پرنتو - س - حرف استثناء - مگر - لیکن ٭
پرند یا پرندہ - ف - مذکر - چڑیا - پروالا جانور ٭
پرندہ پر نہیں مار سکتا - ا - محاورہ - کسی کا گزر نہیں ہو سکتا - سخت نگرانی ہے ٭
پرنسپل - انگ - مذکر - اصول - کالج کا سب سے بڑا استاد ٭
پروا - ہ - مونث - پورب کی ہوا ٭
پروا - ف - مؤنث - ڈر - فکر - خواہش ٭
پروار - ہ - مذکر - خاندان - قبیلہ ٭
پروان چڑھنا - ہ - پورا ہوتا - بڑا ہونا مُراد پانا ٭
پروانجات - ا - مذکر - (عدالتی زبان) پروانہ کی جمع اجازت نامے ٭
پروانہ - ف - مذکر - پتنگا - اجازت نامہ - رُوقہ - عاشق ٭
پروانہ وار - ف - پروانے کی طرح - بے خوف ہو کر - جان سے ہاتھ دھو کر ٭
پروانہ ہونا - ا - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا ٭
پروتا - ہ - مذکر - پوتے کا بیٹا ٭
پروردگار - ف - مذکر - پالنے والا - خدا تعالیٰ ٭
پروردہ - ف - صفت - پلا ہوا - پالا ہوا ٭
پرورش - ف - مونث - پالنا - مہربانی - بخشش ٭
پروسنا - ہ - سامنے کھانا رکھنا ٭
پروف - انگ - مذکر - وہ چھپا ہوا کاغذ جو درست کرنے کے لئے دکھایا جائے ٭
پروگرام - انگ - مذکر - دستور العمل - کام کا خاکہ - کام کے اوقات مقرر کرنا ٭
پرونا - ہ - داخل کرنا - سوراخ میں تاگا ڈالنا ٭
پروہت - ہ - مذکر - گھر کا خاص پنڈت جو مذہبی رسمیں ادا کرتا ہے ٭
پروین - ف - مذکر - چھ ستاروں کا گچھا ٭
پرہ - ف - مذکر - قطار - لائن - کنارہ - پہلو ٭
پرہیز - ف - مذکر - بچاؤ - دوری - علیحدگی ٭
پرہیزگار - ف - صفت - گناہوں سے بچنے والا ٭
پرہیزگاری - ف - مونث - برائیوں سے بچنا ٭
پرے - ہ - تابع فعل - اُس طرف - دُور - الگ ٭
پرے پرے - ہ - تابع فعل - دُور دُور - الگ الگ - (ندا) دُور رہ - قریب نہ آ ٭
پری - ف - صفت - پروالی - خوبصورت ٭
پری بند - ف - مذکر - ایک زیور کا نام جو عورتیں بازو پر باندھتی ہیں ٭
پری پیکر یا پری رُو - ف - صفت - نہایت خوبصورت معشوق ٭
پری خواں - ف - مذکر - (تلفظ پری خاں) سیانا - جادوگر - پریوں کو بُلانے اور اُتارنے والا ٭
پری زاد - ف - مذکر - پری کی اولاد - نہایت خوبصورت
پری کا سایہ - ا - مذکر - بھوت پریت کا اثر ٭
پریاں - ا - مؤنث - پری کی جمع ٭
پریت - س - مؤنث - محبت - دوستی - اخلاص ٭
پریتم - ہ - صفت - بہت پیارا - (مذکر) خاوند - شوہر ٭
پریڈ - ا - مؤنث (صحیح انگریزی پریڈ) فوج کی قواعد کا میدان - فوج کی قواعد - قطار - لائن ٭
پریس - انگ - مذکر - دبانے کا پیچ - چھاپہ خانہ ٭
پریس آرڈیننس - انگ - مذکر - وہ وقتی قانون جو ملک کا حاکم اعلیٰ اخباروں اور چھاپہ خانوں پر پابندیاں عائد کرنے کے لئے اپنے اختیار سے بغیر کسی کے مشورہ کے نافذ کرے ٭
پریس مین - انگ - مذکر - چھاپنے والا ٭
پریسیڈنٹ یا پریزیڈنٹ - انگ - صدر - میر مجلس - پردھان ٭

پَرِیشان - ف صفت - بکھرا ہوا - فِکر مند - حیران ✦
پَرِیشان حال - ف ع - صفت - تنگ حال - محتاج ✦
پَرِیشان خاطِر - ف ع - صفت - اُداس - فکر مند ✦
پَرِیشان کرنا - ا - دِق کرنا - ستانا - فکر میں ڈالنا ✦
پَرِیشانی - ف - مونث - تَردُّد - فکر مندی - مصیبت ✦
پریم - س - مذکر - محبت - پیار - دوستی ✦
پَریوں کا اکھاڑا - مذکر - خوبصورت لوگوں کا جمگھٹا ✦

پ ڑ

پَڑا پانا - ہ - راستہ چلتے کچھ ملنا - مفت ہاتھ آنا ✦
پَڑا گِرا - ہ - صفت - حقیر - ناچیز ✦
پَڑاؤ - ہ - مذکر - ٹھہرنے کی جگہ - منزل - ٹھکانا ✦
پَڑاؤ ڈالنا - ہ - زیادہ دنوں تک کہیں ٹھہرنا ✦
پَڑاؤ مارنا - ہ - قافلہ پر ڈاکوؤں کا چھاپا مارنا ✦
پَڑتا - ہ - مذکر - حصہ - شرح - اوسط ✦
پَڑتال - ہ - مؤنث - مقابلہ - جانچ - نظر - دوبارہ جانچ ✦
پَڑتی - ہ - مؤنث - خالی پڑی ہوئی زمین - بے کاشت زمین
پَڑ جانا - ہ - بیمار ہو جانا - لیٹ جانا ✦
پَڑنا - ہ - گرنا - لیٹنا - سونا - بیمار ہونا - آنا - داخل ہونا - ٹپکنا
برسنا ✦
پَڑوس - ہ - مذکر - گھر کے آس پاس ✦
پَڑوسَن - ہ - مونث - پاس کے گھر میں رہنے والی عورت ✦
پَڑوسی - ہ - مذکر - ہمسایہ - قریب کے مکان میں رہنے والا
پَڑھا جِن - ا - مذکر - نہایت چالاک - کسی کے فریب میں نہ
آنے والا ✦
پَڑھا گُنا یا پَڑھا لِکھا - ہ - صفت - پڑھا ہوا - عالم
پَڑھا دینا - ہ - سبق دیدینا - علم سکھا دینا - بہکا دینا ✦
پَڑھانا - ہ - سبق دینا - علم سکھانا - بہکانا ✦
پَڑھائی - ہ - مؤنث - تعلیم کا طریقہ - تعلیم کی فیس - تعلیم کی مقدار
پَڑھنا - ہ - سیکھنا - سبق لینا - بار بار رٹنا - جادو کرنا ✦
پُڑیا - ہ - مؤنث - کاغذ کی پوٹلی - وہ کاغذ جسکے اندر کوئی چیز
لپٹی ہوئی ہو ✦

پ ز

پَزاوہ - ف - مذکر - آوا - اینٹیں پکانے کی جگہ ✦
پَزمُردہ خاطِر - ف - صفت - رنجیدہ - اُداس ✦

پ ژ

پَژمُردگی - ف - صفت - مایوسی - کملاہٹ - مرجھا جانا ✦
پَژمُردہ - ف - صفت - مرجھایا ہوا - مایوس ✦

پ س

پَس - ف - تابع فعل - پھر - بعد - اسلئے ✦
پَس اَنداز - ف - مؤنث - خرچ سے بچا ہوا روپیہ - بچت ✦
پَسپا ہونا - ا - پیچھے ہٹنا - شکست کھانا ✦
پَس خوردَہ - ف - مذکر - آگے کا بچا ہوا کھانا - جوٹھا ✦
پَس پُشت - ا - تابع فعل - پیٹھ پیچھے ✦
پَس وپیش - ف - مذکر - آگا پیچھا - اونچ نیچ - حیلہ حوالہ -
ٹال ٹول - اندیشہ ✦
پَس وپیش کرنا - ا - ٹالنا - حیلہ حوالہ کرنا - سوچ بچار کرنا
پَسارنا - ہ - پھیلنا - کھولنا ✦
پَساتا - ہ - اُبالکر پانی نچوڑنا ✦
پِسائی - ہ - مؤنث - پیسنے کی مزدوری ✦
پَست - ف - صفت - نیچا - نشیب - کمینہ - بخیل ✦
پَست خیال - ف ع - صفت - نیچے خیالات والا ✦
پَست فِطرت - ف ع - صفت - بیوقوف - مورکھ ✦
پَست قد - ف ع - صفت - ٹھنگنا - ناٹا ✦
پَست ہِمّت - ف ع - صفت - کم ہمت - بزدل - کم حوصلہ
پِستان - ف - مونث - چھاتی - عورت کے سینہ کا ابھرا ہوا حصہ
پُستک - س - مونث - کتاب - پوتھی ✦
پِستول - ا - مذکر - (صحیح انگریزی پسٹل) طمنچہ ✦
پِستہ - ف - مذکر - ایک مشہور میوہ کا نام ✦

پستئی ۔ ا ۔ صفت ۔ پستے کے رنگ کا ۔ ہرا ۔

پستی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ نیچائی ۔ کمینہ پن ۔

پسر ۔ ف ۔ مذکر ۔ بیٹا ۔ لڑکا ۔

پسر زادہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ پوتا ۔ بیٹے کا لڑکا ۔

پسرنا ۔ ہ ۔ پھیلنا ۔ لیٹنا ۔ بٹ کرنا ۔

پسر ہٹّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پنساریوں کا بازار ۔

پسلی ۔ ہ ۔ مونث ۔ پہلو کی ہڈیاں ۔ پنجر ۔

پسلی پھڑکنا ۔ ہ ۔ (عو) غیبت میں کسی بات کی خبر ہو جانا

پسنا ۔ ہ ۔ آٹا ہونا ۔ کچلا جانا ۔ برباد ہونا ۔

پسند ۔ ف ۔ مؤنث ۔ من بھاتا ۔ مقبول ۔

پسند کرنا ۔ ا ۔ چھانٹنا ۔ اپنی خوشی کے مطابق چُننا ۔

پسندے ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کے کباب ۔

پسندیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ من بھاتا ۔ پسند ۔

پسنہاری ۔ ہ ۔ مونث ۔ آٹا پیسنے والی ۔

پسو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک چھوٹا سا پردار جانور جو آدمی کا خون پیتا ہے ۔

پسیجنا ۔ ہ ۔ پسینا آنا ۔ تری پیدا ہونا ۔ نرم ہونا ۔ رحم آنا ۔

پسینا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ پانی جو گرمی کی وجہ سے بدن سے نکلتا ہے ۔

پسینا آنا یا چھوٹنا ۔ ہ ۔ بدن سے عرق نکلنا ۔ بہت زیادہ شرمندہ ہونا ۔

پسینے پسینے ہونا ۔ ہ ۔ پسینے میں ڈوبنا ۔ نہایت شرمندہ ہونا

پ ش

پُشت ۔ ف ۔ مونث ۔ پیٹھ ۔ پیچھے ۔ سہارا ۔ پیڑھی ۔ نسل

پُشت بہ پُشت ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ باپ دادا کے وقت سے

پُشت پناہ ۔ ف ۔ مونث ۔ حمایتی ۔ مددگار ۔

پُشت خار ۔ ف ۔ مذکر ۔ کھربرا ۔

پُشت دکھانا یا دینا ۔ ا ۔ پیٹھ دکھانا ۔ شکست کھانا ۔

پُشتارہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ پیٹھ کا بوجھ ۔ ڈھیر ۔

پُشتک مارنا ۔ ا ۔ دولتی مارنا ۔

پشتو ۔ ا ۔ مونث ۔ (صحیح فارسی پُشتو) افغانوں کی بولی ۔

پُشتہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ٹیلہ ۔ بند ۔ اونچی میڈھ ۔ کتاب کی پُشت کا چمڑا ۔

پُشتہ بندی ۔ ف ۔ مونث ۔ پشتہ باندھنا ۔

پُشتیبان ۔ ف ۔ مذکر ۔ مددگار ۔ حمایتی ۔ سہارا دینے والا

پُشتینی ۔ ا ۔ صفت ۔ خاندانی ۔ موروثی ۔

پُشٹ ۔ س ۔ صفت ۔ مقوی ۔ طاقت دینے والی ۔

پشم ۔ ف ۔ مونث ۔ اُون ۔ بال ۔ مقام مخصوص کے بال

پشمینہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ اُونی کپڑا ۔

پشو ۔ س ۔ مذکر ۔ ڈھور ۔ ڈنگر ۔ چوپایہ ۔ بیوقوف ۔

پشواز ۔ ا ۔ مونث ۔ لہنگے کی شکل کا ایک لباس ۔

پشہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ مچھر ۔ ناچیز ۔ بے حقیقت ۔

پشیمان ۔ ف ۔ صفت ۔ شرمندہ ۔ پچھتانے والا ۔

پشیمان ہونا ۔ ا ۔ شرمانا ۔ پچھتانا ۔

پشیمانی ۔ ف ۔ مونث ۔ پچھتاوا ۔ شرمندگی ۔

پ ک

پکّا ۔ ہ ۔ صفت ۔ پختہ ۔ مضبوط ۔ تیار ۔ پورا ۔ ہوشیار ۔ اینٹ کی عمارت ۔

پکّا پان ۔ ہ ۔ صفت ۔ نہایت بوڑھا ۔ تجربہ کار ۔

پکّا پھوڑا ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ پھوڑا جو مواد نکالنے کے لائق ہو گیا ہو ۔ پھوٹنے کو تیار ۔ لڑنے کو تیار ۔

پکّا کرنا ۔ ہ ۔ آمادہ کرنا ۔ مضبوط کرنا ۔ معاملہ کو اچھی طرح طے کرنا

پکار ۔ ہ ۔ مونث ۔ آواز ۔ بُلاوا ۔ فریاد ۔ شور ۔ غل ۔ طلب ۔

پکار کے ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کھُلم کھُلا ۔ ڈنکے کی چوٹ ۔

پکارنا ۔ ہ ۔ آواز دینا ۔ بُلانا ۔ چلّانا ۔ فریاد کرنا ۔

پکانا ۔ ہ ۔ کھانا تیار کرنا ۔ پھوڑے کے مواد کو خارج کرنے کے لائق بنانا ۔ پھل کا کچا پن پال وغیرہ کے ذریعہ دور کرنا ۔

پکائی ۔ ہ ۔ مونث ۔ کھانا پکانے کی مزدوری ۔

پکڑ ۔ ہ ۔ مونث ۔ قبضہ ۔ گرفت ۔ کشتی ۔ پکڑنا مصدر سے امر کا صیغہ ۔

پکڑ بلانا - ہ - گرفتار کرا لینا - زبردستی بلوا لینا ٭

پکڑ دھکڑ - ہ - مونث - گرفتاریاں ٭

پکڑنا - ہ - تھامنا - پھنسانا - گرفتار کرنا - ٹوکنا - پورا کرنا - کھوج لگانا ٭

پکڑوانا - ہ - گرفتار کرانا - ہاتھ لگانا - سہارا دینا ٭

پکش - س - مذکر - پنکھ - بازو - مہینہ کا آدھا ٭

پکشی - س - مذکر - پرند - پنچھی ٭

پکنا - ہ - پختہ ہونا - تیار ہونا - زخم میں پیپ پڑ جانا - بال سفید ہونا ٭

پکوان - ہ - مذکر - تلی ہوئی چیزیں - پوری کچوری وغیرہ ٭

پکوڑا - ہ - مذکر - گلگلہ کی طرح کی بڑی پھلکی ٭

پکوڑی - ہ - مونث - پھلکی ٭

پکھال - ہ - مونث - بڑی مشک - بڑا پیٹ ٭

پکھاوج - ہ - مونث - ایک قسم کی ڈھولک - مردنگ

پکھاوجی - ہ - مذکر - پکھاوج بجانے والا ٭

پکھراج - ہ - مذکر - ایک بیش قیمت جواہر ٭

پکھیرو - ہ - مذکر - پرندہ - پنچھی ٭

پکّی - ہ - صفت - پختہ - مضبوط - تجربہ کار عورت ٭

پ گ

پگ - ہ - مذکر - پاؤں - قدم ٭

پگاہ - ف - مونث - سویرا - تڑکا ٭

پگڈنڈی - ہ - مونث - پیدل چلنے کا راستہ ٭

پگڑی - ہ - مونث - سر پر باندھنے کا لمبا دوپٹہ ٭

پگڑی اتارنا - ہ - بے عزت کرنا - ٹھگنا ٭

پگڑی اٹکنا - ہ - برابری ہونا - مقابلہ ہونا ٭

پگڑی اچھالنا - ہ - ذلیل کرنا - مذاق اڑانا ٭

پگڑی باندھنا - ہ - سر پر پگڑی لپیٹنا - کسی کا جانشین بنانا ٭

پگڑی بدلنا - ا - بھائی بنانا - دوستی کرنا ٭

پگڑی بندھنا - ہ - کسی کا جانشین ہونا - سرداری کا حقدار ہونا - عزت ملنا - استاد تسلیم کیا جانا ٭

پگلا - ہ - صفت - پاگل - سڑی - احمق ٭

پگھلنا - ہ - گلنا - پتلا ہونا - نرم ہونا - رحم آنا ٭

پ ل

پُل - ف - مذکر - دریا کو پار کرنے کا راستہ - بند - روک ٭

پُل باندھنا - ا - دریا کے اوپر راستہ بنانا - بند لگانا - ڈھیر لگانا ٭

پُل بندی - ا - مونث - پُل باندھنا - پُل کا محصول ٭

پُل ٹوٹنا - ا - پُل کا گر جانا - بہتات ہونا ٭

پَل - ہ - مونث - سیکنڈ - پلک جھپکانے کا عرصہ ٭

پَل بھر میں یا پَل مارتے - یا پَل مارنے میں - ہ - تابع فعل - تھوڑی سی دیر میں - بہت جلد - آناً فاناً

پلّا - ہ - مذکر - آنچل - دامن - سر کا بوجھ - تھیلا - ترازو کا پلڑا - کواڑ کا ایک پٹ - لپ ٭

پلّا بھاری ہونا - ہ - گہری مدد ہونا - جیت میں ہونا - بھاری ہونا - بہت گنہگار ہونا ٭

پلّا چھڑانا - ہ - دامن چھڑانا - چھٹکارا حاصل کرنا ٭

پِلّا - ہ - مذکر - کتے کا بچہ ٭

پِلا - ہ - مذکر - تیل نکالنے کا ایک آلہ ٭

پلانا - ہ - پانی دینا - پانی کی قسم کی کوئی پتلی چیز منہ میں دینا - جسم کے اندر پہنچانا ٭

پلاؤ - ف - مذکر - (صحیح پلاو) گوشت اور چاول کا پکا ہوا ایک مشہور کھانا ٭

پلائی - ہ - مونث - دودھ پلانے والی - انا ٭

پل پڑنا - ہ - ایک ساتھ حملہ کرنا - اچانک ٹوٹ پڑنا - ملکر زور لگانا ٭

پلپلا - ہ - صفت - گھلا ہوا - نرم ٭

پلپیلا - ہ - صفت - کھوکھلا - اندر سے خالی ٭

پلٹا - ہ - مذکر - بدلہ - انقلاب - پلٹنا کا ماضی - واپس ہوا ٭

پلٹا کھانا یا پلٹی کھانا - ہ - پھر جانا - لوٹ جانا - بدل جانا

پلٹس - انگ - مذکر - لیپ - لپری - پھوڑے پھنسی پر

باندھنے کی لٹی ٭
پلٹن - ا - مونث - پیدل فوج کا دستہ (یہ فرانسیسی لفظ بٹیلین کا بگڑا ہوا ہے) ٭
پلٹنا - ہ - الٹنا - پھرنا - بدلنا - مکرنا
پلڑا - ہ - مذکر - ترازو کا پلہ ٭
پلستر - ا - مذکر - (صحیح انگریزی پلاسٹر) گچ - کہگل - لیپ
پلستر بگاڑنا - ا - صورت بگاڑنا - بدحیثیت کرنا - بہت مارنا
پلک - ہ - مونث - آنکھ کے غلاف کے بال - لحظہ - آن
پلک جھپکنا - ہ - پل مارنے کا زمانہ ہونا - ذرا آنکھ لگنا
پلک مارنا - ہ - آنکھ سے اشارہ کرنا ٭
پلکوں سے زمین جھاڑنا - ا - بیحد عقیدت ظاہر کرنا ٭
پلنا - ہ - پرورش پانا ٭
پلنا - ہ - پسنا - تیل نکلنا - نہایت کوشش کرنا - حملہ کرنا ٭
پلندہ - ہ - مذکر - بنڈل - گڈی - گٹھڑی ٭
پلنگ - ہ - مذکر - بڑی چارپائی ٭
پلنگ پوش - ا - مذکر - پلنگ پر بچھے ہوئے بستر کو ڈھانکنے کا کپڑا ٭
پلنگ توڑ - ہ - مذکر - کاہل - سست ٭
پلنگڑی - ہ - مونث - چھوٹا پلنگ - کھٹیا ٭
پلو - ہ - مذکر - آنچل - کنارہ - چوڑی گوٹ
پلوٹھا یا پہلوٹھا - ہ - صفت - وہ لڑکا جو پہلے پہل پیدا ہوا ہو ٭
پلوول - ہ - مذکر - ایک ترکاری کا نام ٭
پلوول - ا - مونث - (صحیح انگریزی پروول) مقررہ الفاظ جو ہر روز فوج کے سپاہیوں کو بتائے جاتے ہیں ٭
پلہ - ف - مذکر - ترازو کا پلڑا - مرتبہ - درجہ - سیڑھی ٭
پلی - ہ - مونث - تیل گھی وغیرہ نکالنے کا ایک خاص شکل کا چمچہ ٭
پلے باندھنا - ہ - گرہ میں باندھنا - سنبھالنا - ذمہ لینا - نکاح کرنا - یاد رکھنا - ذمہ ڈالنا - نکاح میں دینا ٭
پلے پڑنا - ہ - ہاتھ لگنا - حصہ میں آنا - قابو میں آنے - بیاہا جانا ٭

پلیتہ - ف - مذکر - بتی - فتیلہ - تعویذ کی بتی ٭
پلیتہ دینا - ا - توپ کو بتی دکھانا - آگ لگانا ٭
پلیتھن - ہ - مذکر - وہ سوکھا آٹا جو روٹی کے پیڑے میں لگانے کے لئے رکھتے ہیں ٭
پلیتھن نکالنا - ہ - بہت مارنا - تباہ کردینا ٭
پلید - ف - صفت - ناپاک - گندہ - (ا) بھوت پریت ٭
پلے دار - ا - مذکر - مزدور - غلہ کی منڈی کا قلی ٭
پلیڈر - انگ - مذکر - وکیل - بحث کرنے والا ٭
پلے ہونا - ہ - روپیہ پیسہ پاس ہونا ٭

پ ن

پن - انگ - مونث - گھنڈی دار سوئی ٭
پن - س - مذکر - نیک کام - خیرات ٭
پنا - ہ - مذکر - ایک ہرے رنگ کے جواہر کا نام - املی یا کیری کا شربت - ورق ٭
پننا - ہ - روئی اوٹنا - دھننا ٭
پناہ - ف - مونث - حمایت - سہارا - امن کی جگہ - بچاؤ ٭
پناہ دینا - ا - دشمنوں سے بچانا - حفاظت میں لینا ٭
پناہ گیر - ف - صفت - پناہ لینے والا ٭
پناہ لینا یا پکڑنا - ا - امن میں جانا - حفاظت میں جانا
پناہ مانگنا - ا - توبہ کرنا - دوری چاہنا - دہائی مانگنا ٭
پنبہ - ف - مذکر - کپاس - روئی ٭
پنبہ بگوش یا پنبہ در گوش - ف - صفت - بیخبر - بہرا ٭
پنبہ دوز - ف - مذکر - گودڑ سینے والا ٭
پنبہ دہن - ف - صفت - کم بولنے والا - خاموش ٭
پنپنا - ہ - ہرا ہونا - تازہ ہونا - ترقی کرنا - بڑھنا - لہلہانا
پنتھ - ہ - مذکر - راستہ - سڑک - مذہب - دھرم - فرقہ
پنج - ف - صفت - پانچ ٭
پنج آیت - ف - ع - مونث - قرآن مجید کی پانچ خاص سورتیں
پنج تن - ف - مذکر - پیغمبر اسلام علیہ السلام - حضرت علیؓ حضرت فاطمہؓ حضرت امام حسنؓ حضرت امام حسینؓ ٭

پَنجروزَہ - ف صفت - پانچ دن کا - چند دن کا ٭
پَنج شاخہ - ف - مذکر - فلیتے روشن کرنے کا لوہے کا پنجہ ٭
پَنج شنبہ - ف - مذکر - جمعرات - برسبت ٭
پَنج عَیب - ف - ع - مذکر - پانچ بُرائیاں - گھوڑوں کے یہ پانچ عیب - حشری - کمری - شبکور - کُہنہ لنگ - منہ زور
پنج عیب شرعی - ف - ع - مذکر - اسلامی شریعت کی رُو سے آدمی کے یہ پانچ عیب چوری - زنا کاری - جوئے بازی - شرابخوری - جھوٹ بولنا - نہایت لُچّہ پَن شُہدا پن ٭
پَنج گوشہ - ف - صفت - پانچ کونے والا ٭
پَنج نَوبت - ف - مؤنث - وہ نوبت جو پانچ وقت بادشاہوں کے دروازہ پر بجتی تھی - پانچ وقت کی نماز وہ پانچوں باجے جو شادی کی علامت ہیں ٭
پَنجَر - ہ - مذکر - ٹھٹری - ڈھانچ - پسلی ٭
پَنجَرہ - ف - مذکر - پرندوں کے بند رکھنے کا گھر ٭
پَنجُم - ف - صفت - پانچواں - ۵/۱
پَنجوں کے بَل چلنا - اکڑ کر چلنا - غرور کرنا
پَنجہ - ف - مذکر - پانچ کی طرف منسوب - ہاتھ یا پاؤں کی پانچوں اُنگلیاں - جوتے کا اگلا حصّہ - ہتھیلی سمیت پانچوں اُنگلیاں ٭
پَنجہ پھیرنا - ا - ہاتھ موڑنا - ہرا دینا
پَنجہ کرنا - ا - دو آدمیوں کا پنجہ لڑانا ٭
پَنجہ کَش - ف - مذکر - پنجہ لڑانے والا - پنجہ لڑانے کی مشق کرنے کا لوہے کا پنجہ ٭
پَنجہ مارنا - ا - جھپٹّا مارنا - چنگل مارنا ٭
پنجے جھاڑ کر پیچھے پڑنا - ا - نہایت مستعد ہو کر کسی کام کے سر ہو جانا - کسی کی مخالفت میں ہمہ تن مصروف ہونا - ستانے پر مستعد ہونا ٭
پَنجیری - ا - مؤنث - ایک خاص قسم کی مٹھائی ٭
پَنچ - ہ - مذکر - حاکم - ثالث - پنچایت میں بیٹھکر فیصلہ کرنیوالا
پَنچایت - ہ - مونث - کمیٹی - مجلس - مشورہ - ثالثی - بیجا مجمع

پَنچایت نامہ - ا - مذکر - پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ ٭
پَنچایتی - ہ - صفت - پنچایت کی طرف منسوب - وقف مال - ساجھے کا ٭
پَن چکّی - ہ - مونث - آٹا پیسنے کی وہ چکّی جو پانی سے گھومتی ہے ٭
پَنچَم - س - مذکر - سات سُروں میں سے پانچویں سُر کا نام
پَنچمی - ہ - مؤنث - چاند کی پانچویں تاریخ خواہ اُجالے پاکھ کی ہو یا اندھیرے کی ٭
پَنچھی - ہ - مذکر - پرندہ - پکھیرو ٭
پَند - ف - مؤنث - نصیحت - بھلائی کی بات - نیک مشورہ
پَندرَہ - ہ - صفت - دس اور پانچ (۱۵) ٭
پِنڈ - ہ - مذکر - جسم - بدن - (پنجاب) گاؤں ٭
پِنڈ چھٹنا - ہ - پیچھا چھوٹنا - نجات پانا ٭
پِنڈ چھڑانا - ہ - پیچھا چھڑانا - بچانا - نجات دلانا ٭
پِنڈ چھوڑنا - ہ - پیچھا چھوڑنا - مخلصی دینا ٭
پِنڈا - ہ - مذکر - گولا - بڑی ٹکڑی (عو) بدن - جسم ٭
پِنڈا پھیکا ہونا - ہ - (عو) طبیعت سست ہونا - ہلکا بخار ہونا ٭
پَنڈا - ہ - مذکر - مندر کا پجاری - مندر کا خادم - مذہبی رسوم ادا کرنے والا ٭
پِنڈارا - ہ - مذکر - مرہٹہ - لٹیرا - ٹھگ - بنیوں کی ایک قوم
پَنڈِت - س - مذکر - عقلمند - عالم - اُستاد - ہندوؤں کا مذہبی قانون جاننے والا - جوتشی ٭
پَنڈِت خانہ - ا - مذکر - جیلخانہ - جوا کھیلنے کا مکان ٭
پَنڈِتائی - ہ - مؤنث - پنڈت کا پیشہ - علمیت ٭
پِنڈلی - ہ - مؤنث - ٹانگ کا وہ حصہ جو گھٹنے اور ٹخنے کے بیچ میں ہے ٭
پِنڈول - ہ - مونث - دیوار پوتنے کی مٹی ٭
پِنڈی - ہ - مؤنث - گڈی - چھوٹا گولا - شیوجی کی مورتی کا گول پتھر - قربانی دینے کی جگہ ٭
پِنَس - ا - مونث - پالکی ٭

پنسار ہٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ بازار جہاں پنساریوں کی دکانیں ہوں ٭
پنساری ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دوافروش ۔ عطار ٭
پنسال ۔ ہ ۔ مونث ۔ پانی پلانے کی جگہ ۔ پانی ناپنے کا پیمانہ
پنسل ۔ انگ ۔ مونث ۔ سرمہ کا قلم ٭
پنسوئی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چھوٹی کشتی ٭
پنسیری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پانچ سیر کا باٹ ٭
پنشن ۔ انگ ۔ مونث ۔ گھر بیٹھی تنخواہ ۔ وہ وظیفہ جو پرانے ملازموں کو بڑھاپے میں گھر بیٹھے ملتا ہے ٭
پن کپڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ زخم پر باندھنے کا بھیگا ہوا کپڑا ٭
پن کٹی ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھوٹی کھرل جسمیں پوپلے آدمی پان کوٹ کر کھاتے ہیں ٭
پنکھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پرندوں کے بازو ۔ پر ٭
پنکھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہوا کرنے کا ایک آلہ ٭
پنکھا جھلنا یا کرنا ۔ یا ہلانا ۔ ہ ۔ پنکھے کو ہوا کے لئے حرکت دینا ٭
پنکھا کھینچنا ۔ ہ ۔ چھت میں لٹکے ہوئے بڑے پنکھے کی ڈوری کھینچنا ٭
پنکھڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ پھول کی پتی ٭
پنگا ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ شخص جسکے پاؤں پھرے ہوئے ہوں
پنگوڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہنڈولا ۔ پالنا ٭
پنگھٹ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پانی بھرنے کا گھاٹ ٭
پنواڑی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پان بیچنے والا ٭
پنہاری ۔ ہ ۔ مونث ۔ پانی بھرنے والی ٭
پنہارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پانی بھرنے والا کہار ٭
پنہانا ۔ ہ ۔ تھنوں کو نرم کرنے اور دودھ اتارنے کے لئے پانی ملنا ٭
پنی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چمکدار ورق ٭
پنیالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک عنابی رنگ کا جامن کے برابر میوہ
پنیانا ۔ ہ ۔ پانی پڑ جانا ۔ سینچنا ٭
پنیر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا شکاری کتا جو شکار کی بو پہچانتا ہے

پنیر ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک نمکین کھانے کی چیز جو دودھ کو پھاڑ کر بنائی جاتی ہے ٭
پنیر مایہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ حیوانوں کے بچے کے پیٹ کا جما ہوا دودھ ٭

پ و

پو ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پانسہ کا داؤں جسمیں طاق عدد یا دس پچیس تیس آئیں ۔ تڑکا ۔ صبح ٭
پو بارہ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ہر طرح سے جیت ۔ کامیابی ہی کامیابی
پو پھٹنا ۔ ہ ۔ تڑکا ہونا ۔ بھور ہونا ٭
پوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چار چھٹانک کا وزن ۔ چھوٹی بوتل جو بڑی بوتل کا چوتھا حصہ ہوتی ہے ٭
پوآ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پوڑا ۔ چھینٹے ہوئے آٹے کا ایک پکوان ٭
پوآ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سپولیا ۔ سانپ کا بچہ ٭
پوآل ۔ ہ ۔ مونث ۔ دھان کے پودے کے سوکھے ہوئے ڈنٹھل ٭
پوائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک پیر کی جوتی ٭
پوپ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ پاپا ۔ رومن کیتھولک عیسائیوں کا سب سے بڑا مذہبی پیشوا ٭
پوپلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ شخص جسکے منہ میں دانت نہ ہوں ٭
پوپلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ عورت جسکے دانت گر پڑے ہوں
پوت یا پوتھ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ موتی کیطرح کے چھوٹے چھوٹے کانچ کے سوراخدار دانے ٭
پوت پورا کرنا ۔ ہ ۔ کسی کو پورا کرنا
پوت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بیٹا ۔ پسر ٭
پوتر ۔ س ۔ صفت ۔ صاف ۔ پاک ۔ مقدس ٭
پوتڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نہالچہ ۔ وہ کپڑا جو بچوں کے چوتڑ کے نیچے نجاست کے لئے رکھتے ہیں ۔ پچلیا ٭
پوتنا ۔ ہ ۔ پوتا پھیرنا ۔ (مذکر) کوچی ۔ پچارا ٭
پوتھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کتاب ۔ پستک ٭
پوتی ۔ ہ ۔ مونث ۔ بیٹے کی بیٹی ٭

پوٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گٹھڑی ۔ بنڈل ۔ کتاب کے ورقوں کی درمیانی جگہ جو ورق موڑنے اور کتاب سینے کے لئے چھوڑی جاتی ہے ۔ کفن کی چادر ٭

پوٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پرندوں کا معدہ ۔ حیثیت ۔ سمائی ۔ حوصلہ ٭

پوٹا تر ہونا ۔ ا ۔ روپیہ کی طرف سے بیفکر ہونا ٭

پوٹلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تھیلی ۔ ننھی سی گٹھڑی ٭

پوجا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ عبادت ۔ پرستش ۔ نیاز ۔ بھینٹ ٭

پوجنا ۔ ہ ۔ عبادت کرنا ۔ بھینٹ دینا ٭

پوچ ۔ ف ۔ صفت ۔ لغو ۔ مہمل ۔ احمق ۔ حقیر ٭

پوچھ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پرسش ۔ تلاش ۔ دریافت ۔ خواہش توقیر ٭

پوچھ گچھ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پوچھا پاچھی ۔ تحقیقات ۔ آؤبھگت

پوچھن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ چیز جو برتن پوچھنے سے نکلے ۔ نجاست پوچھنے کا چیتھڑا ٭

پوچھنا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ معلوم کرنا ۔ دریافت کرنا ۔ سوال کرنا ۔ عزت کرنا توجہ کرنا ٭

پوچھنا ۔ ہ ۔ صاف کرنا ۔ کھرچنا ٭

پود ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چھوٹا درخت ۔ نیا پیڑ ۔ اولاد ٭

پود جمانا یا لگانا ۔ ہ ۔ نئے پیڑ کو ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا ٭

پودا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نیا پیڑ ۔ بوٹا ٭

پودنا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک ننھا سا پرند جو درختوں پر پھدکتا پھرتا ہے ناٹا آدمی ٭

پودینہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک نہایت خوشبودار سبزہ ٭

پوڈر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ برادہ ۔ سفوف ۔ بکنی ٭

پور ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ انگلی کا جوڑ ۔ انگل ۔ ایک گرہ سے دوسری گرہ تک کے درمیان کا حصّہ ٭

پور ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بستی ۔ آبادی ٭

پورا ۔ ہ ۔ صفت ۔ مکمل ۔ بھرپور ۔ ٹھیک ۔ سب ٭

پورا اترنا ۔ ہ ۔ ٹھیک ہونا ۔ کامیاب ہونا ۔

پورا پڑنا ۔ ہ ۔ کافی ہونا ۔ ضرورت کے مطابق ہونا ٭

پورا ہونا ۔ ہ ۔ ختم ہونا ۔ تکمیل کو پہنچنا ۔ ٹھیک اترنا ٭

پورب ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ سمت جدھر سے سورج نکلتا ہے ٭

پوربی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک راگنی کا نام ۔ (صفت) پورب کا رہنے والا ۔ پورب سے منسوب ٭

پورن ۔ ہ ۔ صفت ۔ بھرپور ۔ تمام ۔ سارا ۔ پورا ٭

پورن ماشی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پاکھہ کی پندرھویں تاریخ ٭

پوروا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ ہوا جو پورب کی طرف سے آئے ٭

پوروا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ انگلی کی پور ٭

پورہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ آبادی ۔ بستی ٭

پوری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تلی ہوئی روٹی ۔ تمام ۔ سب ٭

پورے دنوں سے ہونا ۔ ہ ۔ (عو) نو مہینے کا حمل ہونا ٭

پوڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گلگلہ ٭

پوس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہندی سال کا دسواں مہینہ ٭

پوست ۔ ف ۔ مذکر ۔ چھلکا ۔ کھال ۔ خشخاش کا ڈوڈا ٭

پوست کندہ ۔ ف ۔ صفت ۔ صاف صاف ۔ کھلم کھلا ٭

پوستی ۔ ف ۔ مذکر ۔ خشخاس کے ڈوڈے گھول کر پینے والا ۔ سست ۔ بیوقوف ٭

پوستین ۔ ف ۔ مذکر ۔ بالدار چمڑے کا کوٹ ٭

پوسٹ آفس ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ڈاکخانہ ٭

پوسٹل گائڈ ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ ڈاکخانہ کے قواعد اور ڈاکخانوں کی فہرست کی کتاب ٭

پوسنا ۔ ہ ۔ پالنا ۔ ٭

پوسیرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چار چھٹانک کا باٹ ٭

پوشاک ۔ ا ۔ مؤنث ۔ پہننے کے کپڑے ٭

پوشش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پوشاک ۔ غلاف ٭

پوشیدگی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پردہ ۔ چھپاؤ ۔ تنہائی ٭

پوشیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ چھپا ہوا ۔ خفیہ ۔ پیٹھ پیچھے

پوکھر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تالاب ۔ جوہڑ ٭

پول ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ساڑھے پانچ گز کی جریب ٭

پولا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گھاس پھوس کا مٹھا ٭

پولا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نرم ۔ کھوکھلا ۔ ہلکا ٭

پولس - انگ - مذکر - تھانہ کے آدمی ۔
پولی - ہ - مؤنث - جوار باجرے وغیرہ کے پیڑوں کا مُٹھا ۔
پولیٹکل - انگ - صفت - سیاسی - شاہی ۔
پولیٹکل ایجنٹ - انگ - مذکر - بادشاہ کا سیاسی نمایندہ جو دیسی ریاستوں کے معاملات کی نگرانی کرتا ہے ۔
پَون یا پونا - ہ - صفت - چار برابر حصوں میں کے تین حصے ۔
پَون - ہ - مؤنث - ہوا - صبح کی ٹھنڈی ہوا - مؤکل - جادو کی مُوٹھ ۔
پَون چلانا یا مارنا - ہ - جادو چلانا - جادو کے مؤکل دوڑانا
پونجی - ہ - مؤنث - سرمایہ - مُول - جائداد ۔
پونچا - ہ - مذکر - ساڑھے پانچ کا پہاڑا ۔
پونچھ - ہ - مذکر - دُم - طُفیلی ۔
پونچھن - ہ - مؤنث - صافی - جھاڑن ۔
پونڈ - انگ - مذکر - سولہ اَونس یا ۳۶ تولے کا باٹ - ایک سونے کا سکّہ ۔
پونڈا - ہ - مذکر - موٹا گنّا ۔
پَون سلائی - ہ - مؤنث - وہ پتلی لکڑی جسپر روٹی کی پونیاں بناتے ہیں ۔
پونگا - ہ - مذکر - سیپ کا کیڑا ۔
پونگا - ہ - مذکر - بانس کی پوری - نلی - موٹا بانس ۔
پوئیا - ا - مذکر - دُلکی چال - سرپٹ ۔
پوئیوں جانا - ا - تیز بھاگ کر جانا

پھ

پھاٹک - ہ - مذکر - بڑا دروازہ - احاطہ - باڑا ۔
پھاٹک دار - ا - مذکر - پہرہ دار - احاطہ کا محافظ ۔
پہاڑ - ہ - مذکر - پربت - پتھر کا بہت لمبا چوڑا اور اونچا ٹیلا بڑا - لمبا - دوبھر - دشوار
پہاڑ ٹوٹنا یا ٹوٹ پڑنا - ہ - سخت صدمہ پہنچنا ۔
پہاڑ سے ٹکّر لینا - ہ - زبردست سے مقابلہ کرنا ۔
پہاڑ سی راتیں - ہ - مؤنث - بہت بڑی راتیں - مصیبت کی راتیں

پہاڑ کاٹنا - ہ - نہایت دشوار کام کرنا ۔
پہاڑ کا دامن - ا - مذکر - پہاڑ کے نیچے کا میدان ۔
پہاڑ کے پتھر ڈھونا - ہ - نہایت محنت اور زحمت اُٹھانا
پہاڑ گزرنا - ا - دُوبھر ہونا - ناگوار گزرنا ۔
پہاڑ ہو جانا - ہ - کٹھن ہو جانا - مشکل پڑ جانا ۔
پہاڑا - ہ - مذکر - ضرب دئے دلائے عدد جو زبانی یاد کرائے جاتے ہیں ۔
پہاڑ کھانا - ہ - کھاٹ کھانا - درندہ کا کسیکو مار کر کھا جانا ۔
پہاڑ کھانے کو دوڑنا - ہ - کاٹنے کو دوڑنا - بہت غصّہ کرنا - سیدھی طرح بات نہ کرنا ۔
پھاڑنا - ہ - چیرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کاٹنا - کسی عرق یا دودھ کا پانی الگ کرنا ۔
پہاڑی - ہ - مؤنث - چھوٹا پہاڑ - ٹیلری - ٹیلہ - پہاڑ کا رہنے والا - پہاڑ کی طرف منسوب ۔
پھاگ - ہ - مذکر - ہولی - ہولی کا کھیل تماشا ۔
پھاگ کھیلنا - ہ - ہولی کھیلنا - خوشی منانا - مزے اُڑانا
پھاگن - ہ - مذکر - ہندی سال کا بارھواں مہینہ ۔
پھال یا پھالی - ہ - مؤنث - ہل میں لگاتے کا نوکدار لوہا
پھاندنا - ہ - کودنا - اُچھلنا - پھلانگ مارنا ۔
پھانس - ہ - مؤنث - لکڑی کا ریشہ - کانٹا - تکلیف پہنچانے وال
پھانس چبھنا یا لگنا - ہ - لکڑی وغیرہ کا ریشہ جسم میں گڑنا - خلش ہونا - صدمہ پہنچنا ۔
پھانس نکالنا - ہ - کانٹا نکالنا - تکلیف سے نجات دلانا ۔
پھانس لانا - ہ - پکڑ لانا - جال میں پھنسا لینا - دھوکے سے لے آنا ۔
پھانسنا - ہ - پکڑنا - گھیرنا - دھوکے کے بس لانا - بس میں کرنا - پھندا لگانا ۔
پھانسی - ہ - مؤنث - پھندا - موت کی سزا جو پھندے کے ذریعہ دیجائے ۔
پھانسی دینا - ہ - گلے میں رسی کا پھندا ڈالکر جان نکالنا - گلا گھونٹنا ۔

پھانک ۔ ہ ۔ مونث ۔ کمان کی شکل کا کٹا ہوا ٹکڑا ۔

پھانکنا ۔ ہ ۔ کسی پسی ہوئی یا خشک چیز کو ایکبارگی منہ میں ڈال لینا ۔

پھاوڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مٹی کھودنے کا لوہے کا اوزار ۔

پھاوڑا بجانا ۔ ہ ۔ مکان ڈھانا ۔ مکان کھودنا ۔

پھاہا یا پھایا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ گول کٹا ہوا کپڑا جس پر مرہم لگاکر زخم پر چپکاتے ہیں ۔

پھبتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جچتی ہوئی بات ۔ پوری پوری مشابہت ظرافت سے کسیکو کسی چیز سے تشبیہ دینا ۔

پھبتی کہنا ۔ ہ ۔ ہنسی اڑانا ۔

پھبکن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ سجاوٹ ۔ خوبصورتی ۔

پھبنا ۔ ہ ۔ زیب دینا ۔ سجنا ۔ بھلا لگنا ۔

پھپا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ باپ کی بہن کا شوہر ۔

پھپس ۔ ہ ۔ صفت ۔ پھولا ہوا ۔ بھدا ۔ موٹا ۔ اندر سے خالی

پھپولا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھالا ۔

پھپولے پڑنا ۔ ہ ۔ چھالے پڑنا ۔

پھپولے پھوٹنا ۔ ہ ۔ چھالوں کا پانی نکلنا ۔ دل ٹھنڈا ہوا ۔ دشمنی نکلنا ۔

پھپولے پھوڑنا ۔ ہ ۔ دشمنی نکالنا ۔ دل کا غصہ نکالنا ۔

پھپھوندی ۔ ہ ۔ مونث ۔ تری کی وجہ سے کائی کی طرح جمی ہوئی سفید تہ ۔

پھپھوندی لگنا ۔ ہ ۔ کسی چیز پر تری کی وجہ سے سفید سفید تہ جم جانا ۔

پھپھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ باپ کی بہن ۔

پھپیا ساس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ خسر کی بہن ۔

پھپیا سسر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خسر کی بہن کا خاوند ۔

پھپیرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پھپھی کا بیٹا ۔

پھپیری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پھپھی کی بیٹی ۔

پھٹا پڑنا ۔ ہ ۔ بہت موٹا ہونا ۔

پھٹ پڑنا ۔ ہ ۔ بہت جلد موٹا ہو جانا ۔ کسی چیز کی زیادتی ہونا ۔ کثرت ہونا ۔

پھٹکار ۔ ہ ۔ مونث ۔ لعنت ۔ ملامت ۔ دھتکار ۔ بددعا ۔

پھٹکار برسنا ۔ ہ ۔ اداسی چھانا ۔ بے رونقی ہونا ۔

پھٹکارنا ۔ ہ ۔ کوڑا لگانا ۔ پیٹنا ۔ مار کر نکال دینا ۔ کمانا ۔ وصول کرنا ۔ جھڑکنا ۔ آڑے ہاتھوں لینا ۔

پھٹکا نہ کھانا ۔ ہ ۔ چٹ پٹ مر جانا ۔

پھٹکری ۔ ہ ۔ مونث ۔ ایک مشہور دوا کا نام ۔

پھٹکل ۔ ہ ۔ صفت ۔ طاق ۔ اکیلا ۔ جدا ۔ متفرق ۔ ریزگاری

پھٹکن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ غلہ وغیرہ کا چھلکا جو پھٹکنے سے نکلے

پھٹکنا ۔ ہ ۔ غلہ کو صاف کرنا ۔ جا نکلنا ۔ آنا ۔

پھٹکی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گٹھلی ۔ گانٹھ ۔ کسی خشک چیز کے گھولنے سے جو گٹھلیاں پڑ جاتی ہیں ۔

پھٹکی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چڑی ماروں کی ٹوکری جسمیں چڑیاں پکڑ کر رکھتے ہیں ۔ چڑیاں اڑانے کا کھٹکا جو درختوں میں باندھا جاتا ہے ۔

پھٹنا ۔ ہ ۔ شق ہونا ۔ ٹکڑے ہونا ۔ شگاف پڑنا ۔ بیزار ہونا نفرت کرنا ۔

پھٹے میں پاؤں دینا ۔ ہ ۔ بلاوجہ دوسرے کی بلا میں پھنسنا

پہچان ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ واقفیت ۔ شناخت ۔ نشانی ۔

پہچاننا ۔ ہ ۔ جاننا ۔ شناخت کرنا ۔ تاڑنا ۔

پھدکی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک ننھی سی چڑیا کا نام جو درختوں پر پھدکتی پھرتی ہے ۔

پھڈّا ۔ ہ ۔ صفت ۔ چپٹا ۔ ایڑی دبا ہوا جوتا ۔

پھر سے اڑ جانا ۔ ہ ۔ تیزی سے اڑ جانا ۔

پھر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ اسکے بعد ۔ دوبارہ ۔ تب ۔ تو ۔

پہر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ۳ گھنٹے کا وقفہ ۔

پہرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نگہبانی ۔ حفاظت ۔

پہرا بدلنا ۔ ہ ۔ سپاہیوں کا آپسمیں ڈیوٹی تبدیل کرنا

پہرا بٹھانا ۔ ہ ۔ سپاہیوں کا پہرا لگا دینا ۔

پہرا دینا ۔ ہ ۔ حفاظت کرنا ۔ رکھوالی کرنا ۔ جاگنا ۔

پھرّانا ۔ ہ ۔ لہرانا ۔ جھنڈے کے پھرپھرے کا اڑنا ۔

پھرانا ۔ ہ ۔ گھمانا ۔ چکر دینا ۔ حیران کرنا ۔ لیے پھرنا ۔

پھُر پھُرانا۔ ہ۔ پھُر پھُر کرنا۔ کان میں پھُریری پھیرنا۔ ہلکی چیز کا ہوا میں لہرانا ٭

پھُر پھُری۔ ہ۔ مؤنث۔ کپکپی۔ تھرتھری ٭

پھرتا رہنا۔ ہ۔ ڈانواڈول پھرنا۔ حرکت میں رہنا ٭

پھُرتی سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ جلدی سے فوراً ٭

پھُرتی کرنا۔ ہ۔ جلدی کرنا۔ کسی کام کو تیزی سے کرنا ٭

پھُرتیلا۔ ہ۔ صفت۔ تیز۔ چُست۔ چالاک ٭

پھر جانا۔ ہ۔ باغی ہو جانا۔ حکم نہ ماننا۔ لوٹ جانا۔ مُڑ جانا۔ گھوم جانا۔ سیر ہو جانا۔ بیزار ہو جانا ٭

پھرسا۔ ہ۔ مذکر۔ کدال۔ پھاوڑا ٭

پھرکی۔ ہ۔ مؤنث۔ گھرنی۔ ایک چھوٹا سا پھرنے والا کھلونا

پھرنا۔ ہ۔ چکر کھانا۔ واپس ہونا۔ ٹہلنا۔ بغاوت کرنا۔ مکرنا۔ گشت کرنا۔ پاخانہ کرنا۔ ٹیڑھا ہونا ٭

پھری۔ ہ۔ مؤنث۔ سُوت اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال پٹا کھیلنے کی ڈھال ٭

پہرے دار۔ ا۔ مذکر۔ سنتری۔ رکھوالا ٭

پھریرا یا پھرہرا۔ ہ۔ صفت۔ کم سوکھا ہوا۔ کھلا ہوا۔ جھنڈے کا کپڑا ٭

پھُریری یا پھُرہری۔ ہ۔ مؤنث۔ کپکپی۔ بدن کے رونگٹے کھڑے ہو کر اکدم متحرک ہو جانا۔ سینگ پر لگا ہوا۔ عطر کا پھویا ٭

پھُریری لینا۔ ہ۔ جھرجھری لینا۔ کپکپانا۔ ہوشیار ہونا ٭

پہرے میں رکھنا۔ ہ۔ نظربند رکھنا۔ حفاظت میں رکھنا

پھڑ۔ ہ۔ مؤنث جوا کھیلنے کا اڈا۔ توپ کی گاڑی (مذکر۔ جوا ٭

پھڑباز۔ ا۔ مذکر۔ جواری ٭

پھڑ پھڑانا۔ ہ۔ پروں کو مارنا۔ لوٹنا۔ تڑپنا ٭

پھڑک جانا۔ ہ۔ لٹو ہو جانا۔ بیقرار ہو جانا۔ بہت مشتاق ہونا ٭

پھڑکنا۔ ہ۔ تڑپنا۔ بےچین ہونا۔ کسی عضو کا حرکت کرنا۔ آرزومند ہونا ٭

پھُڑیا۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا پھوڑا۔ پھنسی ٭

پھُس پھُسا۔ ہ۔ صفت۔ نرم۔ ڈھیلا۔ کمزور ٭

پھُسر پھُسر۔ ہ۔ مؤنث۔ چپکے چپکے باتیں کرنا ٭

پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔ ہ۔ بدتمیزی سے زمین پر آلتی پالتی مار کر بیٹھنا ٭

پھُسلانا۔ ہ۔ بہلانا۔ بہکانا۔ خواہش دلانا ٭

پھسلن۔ ہ۔ مؤنث۔ اَلیٹن ٭

پھسلنا۔ ہ۔ رپٹنا۔ لڑھکنا۔ رغبت کرنا۔ مائل ہونا۔ چُوکنا ٭

پھکاب۔ ہ۔ مؤنث۔ کسی چیز کے اِکدام اُڑنے یا نکلنے یا گھُسنے کی آواز ٭

پھکَّڑ۔ ہ۔ مذکر۔ گالی گلوچ۔ فحش۔ بات چیت ٭

پھکڑ باز۔ ا۔ مذکر۔ فحش بکنے والا۔ گالی گلوچ کرنیوالا ٭

پھُکنا۔ ہ۔ مذکر۔ جانوروں کے پیشاب کی تھیلی ٭

پھُکنا۔ ہ۔ جلنا۔ آگ لگنا۔ مفلس ہونا۔ فضول خرچ ہونا

پھُکنی۔ ہ۔ مؤنث۔ دھونکنی۔ ہوا پھونکنے کی نلی ٭

پھکیت۔ ہ۔ مذکر۔ لکڑی باز۔ کھلاڑی۔ پھری گد کے وغیرہ کا اُستاد۔ چالاک ٭

پھکیتی۔ ہ۔ مؤنث۔ پٹہ بازی۔ لکڑی بازی۔ چالاکی۔ اُستادی ٭

پھگوا۔ ہ۔ مذکر۔ ہولی۔ پھاگ ٭

پہل۔ ہ۔ مؤنث۔ شروع۔ ابتدا۔ (مذکر) دھنی ہوئی روئی کا گالا۔ پرانی روئی ٭

پہل کرنا۔ ہ۔ مذکر۔ ابتدا کرنا۔ کسی کام کو پہلے شروع کرنا ٭

پھل۔ ہ۔ مذکر۔ ثمر۔ میوہ۔ نتیجہ۔ دھار دار آلے کا کاٹنے والا حصہ۔ فائدہ۔ بدلہ۔ عوض ٭

پھل آنا۔ ہ۔ میوہ لگنا۔ باردار ہونا ٭

پھل پانا۔ ہ۔ کئے کا نتیجہ بھگتنا۔ بدلہ ملنا۔ بھلائی پانا ٭

پھل دار۔ ا۔ صفت۔ پھل والا درخت۔ میوہ دار ٭

پھل دایک۔ ہ۔ صفت۔ مراد پوری کرنے والا۔ نفع بخش

پہلا۔ ہ۔ صفت۔ اگلا۔ پرانا۔ شروع کا ٭

پھلا پھولا - ہ - صفت - بھاگوان - خوش نصیب ٭
پھلانا - ہ - پھونک بھرنا - بادی سے موٹا کرنا مغرور بنانا
پھلانگنا - ہ - چھلانگ مارنا ٭
پھلجھڑی - ہ - مؤنث - ایک قسم کی آتشبازی جسمیں
آگ لگانے سے پھول جھڑتے ہیں ٭
پھلکا - ہ - مذکر - چھوٹی پھولی ہوئی روٹی ٭
پھلنا - ہ - پھل لگنا - مبارک ہونا - کثرت سے پھوڑے
پھنسی نکلنا ٭
پھلنا پھولنا - ہ - پھول پھل آنا - اقبال مند ہونا -
اولاد والا ہونا ٭
پہلو - ف - مذکر - پسلی - کوکھ - طرف - رُخ - بغل - گود -
پاس پڑوس - موقع - ڈھب ٭
پہلو بچانا - ا - طرح دینا - کنارہ کرنا ٭
پہلو تہی کرنا - ر - ٹالنا - پرہیز کرنا - دوری اختیار کرنا ٭
پہلو دبانا - ا - بازو دبانا - بازو کی طرف زور دینا ٭
پہلو گرم کرنا - ا - پاس بٹھانا - بغل میں لینا ٭
پہلو نکالنا - ا - موقع نکالنا - ڈھب بنانا ٭
پھلواڑی - ہ - مؤنث - چھوٹا سا پھولوں کا باغ -
کاغذی باغ ٭
پہلوان - ف - مذکر - مضبوط - بہادر ٭
پہلوانی - ف - مؤنث - طاقت - زور آوری - کشتی - کسرت
پھلوری - ہ - مؤنث - بیسن کی چھوٹی پھلکی ٭
پھلی - ہ - مؤنث چھیمی - پھل کی تھیلی جسکے اندر دانے
یا گودا ہوتا ہے ٭
پھلی - ہ - مؤنث - آنکھ کا سفید نقطہ - ٹینٹ
پہلے - ہ - تابع فعل - اگلے زمانہ میں (صفت) اوّل -
مقدم ٭
پہلے پہل - ہ - تابع فعل - شروع شروع - اوّل مرتبہ ٭
پھلیل - ہ - مذکر - خوشبودار تیل ٭
پھلیندا - ہ - مذکر - بڑی جامن ٭
پھن - ہ - مذکر - سانپ کا پھیلا ہوا سر ٭

پہننا - ہ - کپڑا بدن میں ڈالنا ٭
پہناوا - ہ - مذکر - پوشاک - بانا - کپڑے پہننے کا ڈھنگ
پہنائی - ا - مؤنث - چوڑائی - فراخی - پہنانے کی مزدوری ٭
پہنچ - ہ - مؤنث - رسائی - دخل ٭
پہنچا - ہ - مذکر - کلائی ٭
پہنچانا - ہ - ایک جگہ سے دوسری جگہ لیجانا ٭
پہنچا ہوا - ہ - مذکر - نہایت تجربہ کار - اللہ والا ٭
پہنچنا - ہ - داخل ہونا - آجانا - اثر کرنا ٭
پہنچی - ہ - مؤنث - کلائی میں باندھنے کا ایک زیور ٭
پھندا - ہ - مذکر - حلقہ - جال - پھانسا - دھوکا - گرہ ٭
پھندا دینا یا لگانا - گرہ دینا - پھانسا لگانا ٭
پھندنا - ہ - مذکر - جھبا - تاگے یا ریشم وغیرہ کا چھوٹا سا
پھول ٭
پھنسانا - ہ - اُلجھانا - پکڑوانا - جال میں پکڑنا - دھوکے
میں لانا - قابو میں لانا ٭
پھنسنا - ہ - اُلجھنا - گرفتار ہونا - قابو میں ہونا -
آشنائی کرنا ٭
پھنسی - ہ - مؤنث - چھوٹا پھوڑا ٭
پھنکا - ہ - مذکر - ایک دفعہ کے پھانکنے کی مقدار ٭
پھنکار - ہ - مؤنث - سانپ کی پھونک ٭
پھنکی - ہ - مؤنث - ایک دفعہ کے پھانکنے مقدار -
باریک پسی ہوئی دوا ٭
پھننگ - ہ - مؤنث - درخت کی چوٹی - ڈال کا آخری سرا
پھنو - ہ - مؤنث - لولو - بچوں کا عضو تناسل ٭
پھوٹ - ہ - مؤنث - نااتفاقی - بگاڑ - دشمنی - ایک قسم
کی مولی گگڑی ٭
پھوٹ بہنا - ہ - زور زور سے رو پڑنا - بھید کھولدینا
پانی کا دیوار وغیرہ کو توڑ کر نکل جانا ٭
پھوٹ پڑنا - ہ - دشمنی ہونا - جدائی ہونا - نااتفاقی ہونا
پھوٹ پھوٹ کر رونا - ہ - آٹھ آٹھ آنسو رونا -
زار و قطار رونا ٭

پھوٹ ڈالنا۔ ہ۔ دشمنی کرانا۔ جدائی کرانا۔ نااتفاقی کرانا
پھوٹنا۔ ہ۔ ٹوٹنا۔ پھوٹ کی طرح کھلنا۔ پھوڑے پھنسی سے مواد نکلنا۔ چھلکنا۔ ٹہنی یا کونپل نکلنا خبر پھیلنا اندھا ہونا۔ توڑ کر نکل جانا +
پھوٹی آنکھ کا تارا یا دیدہ۔ ا۔ مذکر۔ نہایت پیارا بیٹا
پھوٹے مُنہ سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ بُرے مُنہ سے۔ بات نہ کرنے کے قابل مُنہ سے +
پھوٹی نظروں نہ بھانا۔ ا۔ (عو) ذرا نہ پسند آنا +
پھوڑا۔ ہ۔ مذکر۔ دُنبل۔ بڑی پھنسی +
پھوڑنا۔ ہ۔ توڑنا۔ سوراخ کرنا +
پھوس۔ ہ۔ مذکر۔ چھپّر بنانے کی لمبی گھاس۔ (صفت) بہت بوڑھا۔ جلد جل جلنے والا +
پھوسڑا۔ ہ۔ مذکر۔ ریشم یا کپڑے وغیرہ کے اُلجھے ہوئے ریشے
پھوک۔ ہ۔ مذکر۔ فُضلہ جو کسی چیز کو نچوڑ لینے کے بعد بچے بدمزہ۔ سیٹھا +
پھوکٹ کا۔ ہ۔ صفت۔ مُفت کا +
پھول۔ ہ۔ مذکر۔ کھلی ہوئی کلی چنگاری۔ گلکاری۔ ہندوؤں کے مُردوں کی جلی ہوئی ہڈیاں۔ ایک مرکب دھات۔ کانسی۔ مسلمانوں کے مردوں کا تیجا۔ ہلکا +
پھول اُترنا۔ ہ۔ درختوں پر سے پھولوں کا چُنا جانا +
پھول پان۔ ہ۔ مذکر۔ کام کا انتظام۔ بُرائی بھلائی۔ (صفت) نازک +
پھول جھڑنا۔ ہ۔ فصاحت سے بولنا۔ آتشبازی سے پھول نکلنا +
پھول چڑھانا۔ ہ۔ قبر پر پھول رکھنا +
پھول چُننا۔ ہ۔ پھول توڑنا +
پھول سونگھ کے رہنا۔ ہ۔ (عو) بہت کم کھا کر زندگی بسر کرنا +
پھول کترنا۔ ہ۔ قینچی سے کاغذ وغیرہ کے پھول کاٹنا۔ کوئی انوکھا کام کرنا +
پھول گوبی۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ گوبی جسمیں کھلا ہوا پھول آتا ہی

پھول نہیں پنکھڑی سہی۔ ہ۔ کہاوت۔ بہت نہیں تو تھوڑا ہی سہی +
پھولا نہ سمانا۔ ہ۔ بہت زیادہ خوش ہونا +
پھول بیٹھنا۔ ہ۔ اینٹھ جانا۔ ناراض ہو کر بیٹھنا +
پھولنا۔ ہ۔ سُوجنا۔ ہوا بھرنا۔ کھلنا۔ موٹا ہونا۔ اترانا۔ خوش ہونا +
پھولنا پھلنا۔ ہ۔ درخت کا ہرا بھرا اور پھلدار ہونا۔ مراد پانا خوشحال ہونا۔ اولاد والا ہونا +
پھولوں کا گہنا۔ ہ۔ مذکر۔ پھولوں کا بنا ہوا زیور۔ نازک چیز
پھولوں کی سیج۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ بستر جس پر پھول بچھائے جائیں +
پھونک۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ ہوا جو مُنہ سے نکالیں۔ سانس +
پھونک پھونک کر قدم رکھنا۔ ا۔ بچ بچ کر چلنا۔ سوچ سمجھ کر کوئی کام کرنا +
پھونک مارنا۔ ہ۔ مُنہ سے زور کی ہوا نکالنا۔ بجھانا۔ جادو کرنا۔ سُلگانا +
پھونک دینا۔ ہ۔ جلا دینا۔ مشہور کر دینا۔ بہکا دینا +
پھونکنا۔ ہ۔ مُنہ سے ہوا نکالنا۔ آگ لگانا۔ جلانا چھوکرنا مشہور کرنا۔ برباد کرنا +
پھوہڑ یا پھوئڑ۔ ہ۔ صفت۔ بے سلیقہ۔ بے ہُنر۔ بیوقوف
پھویا۔ ہ۔ مذکر۔ روئی کا ذرا سا ٹکڑا +
پھوئیاں۔ ہ۔ مذکر۔ پھوہار۔ کم کم اور نہایت ننھی ننھی بوندیں +
پھیپھڑا۔ ہ۔ مذکر۔ سینہ کے اندر کا وہ عضو جسمیں خون صاف ہوتا ہے اور سانس لیجاتی ہے +
پھیٹا۔ ہ۔ مذکر۔ چھوٹی پگڑی +
پھینٹا۔ ہ۔ متھنا۔ ملانا +
پھیر۔ ہ۔ مذکر۔ گھماؤ۔ چکر۔ فاصلہ۔ انقلاب۔ جال۔ فریب۔ مشکل۔ تشویش۔ فکر +
پھیر بدل۔ ا۔ مذکر۔ ادل بدل۔ اُلٹ پلٹ +
پھیر پڑنا۔ ہ۔ چکر پڑنا۔ فرق آنا +
پھیر دینا۔ ہ۔ لوٹا دینا۔ واپس کر دینا۔ رُخ بدل دینا۔ پچھاڑ کر دینا

پھیر میں آنا۔ ہ۔ مصیبت میں پھنسنا۔ چکر میں آنا ٭

پھیرا۔ ہ۔ مذکر۔ گشت ۔چکر ٭

پھیرنا۔ ہ۔ گھمانا۔ موڑنا۔ لوٹانا۔ گشت کرانا۔ رنگ چڑھانا

دوہرانا۔ بیزار کرنا ٭

پھیری۔ ہ۔ مؤنث۔ طواف۔ چکر۔ گشت ٭

پھیری والا۔ ہ۔ مذکر۔ محلّوں میں پھر کر بیچنے والا۔ وہ فقیر

جو کئی دن تک پھیری لگائے ٭

پھیکا۔ ہ۔ صفت۔ بے نمک۔ کم میٹھا۔ بے مزہ۔ ہلکا۔

کم۔ بے رونق ٭

پھیکا پڑنا۔ ہ۔ بے رونق ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ رنگ مدھم

پڑ جانا ٭

پھیلانا۔ ہ۔ بچھانا۔ پسارنا۔ کھولنا۔ بڑھانا۔ حساب کرنا۔

شہرت دینا ٭

پھیلاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ چوڑائی۔ درازی۔ تخمینہ ٭

پھیلنا۔ ہ۔ بچھنا۔ پسرنا۔ مشہور ہونا۔ بکھیرنا۔ بڑھنا۔

ہٹ کرنا۔ موٹا ہونا ٭

پہیلی۔ ہ۔ مؤنث۔ بجھارت۔ بجھوّل ٭

پہیلی بوجھنا۔ ہ۔ پہیلی بتانا ٭

پھین۔ ہ۔ مذکر۔ جھاگ۔ ناک کی سنک ٭

پھینچنا۔ ہ۔ کپڑا دھونا ٭

پھینکنا۔ ہ۔ گرانا۔ بکھیرنا۔ دے مارنا۔ پانسہ ڈالنا۔

تیز دوڑانا۔ کھونا۔ برباد کرنا۔ پتا کھیلنا ٭

پھینی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی جو سوت کے

لچھوں کی طرح لپٹی ہوتی ہے ٭

پ ی

پے۔ ف۔ مذکر۔ پٹھا۔ رگ۔ تانت۔ واسطے۔ پیچھے ٭

پی یا پیا۔ ہ۔ مذکر۔ پیارا۔ شوہر ٭

پیادہ۔ ف۔ مذکر۔ پیدل۔ شطرنج کا ایک مہرہ۔ سرکاری

حاکم کا ہرکارہ۔ چپراسی ٭

پیادہ پا۔ ف۔ تابع فعل۔ پیدل۔ بغیر سواری کا ٭

پیار۔ ہ۔ مذکر۔ محبت۔ پریم۔ دُلار۔ مامتا۔ بچے کا بوسہ

دوستی۔ مہربانی ٭

پیار آنا۔ ہ۔ محبت آنا۔ دل کا لبھایا جانا ٭

پیار کرنا۔ ہ۔ محبت کرنا۔ چمکارنا۔ بچہ کا بوسہ لینا ٭

پیارا۔ ہ۔ صفت۔ مذکر۔ لاڈلا۔ چاہیتا۔ دوست۔ محبوب۔

قریبی رشتہ دار۔ خوبصورت۔ سُہانا ٭

پیاری۔ ہ۔ مؤنث۔ لاڈلی۔ محبوبہ۔ دل پسند۔ سُہانی ٭

پیاز۔ ہ۔ مؤنث۔ گنٹھا۔ ایک مشہور چیز جو کھانے کے مسالے

میں پڑتی ہے ٭

پیازی۔ ہ۔ صفت۔ گلابی۔ شربتی رنگ (مذکر) ایک قسم

کا قیمتی لعل ٭

پیاس۔ ہ۔ مؤنث۔ پانی پینے کی خواہش۔ خواہش۔ آرزو

پیاس بجھانا۔ ہ۔ پانی پلا کر تسکین دینا۔ خواہش پوری کرنا ٭

پیاس مرنا۔ ہ۔ پانی پینے کی خواہش کا خود بخود دفع ہونا

پیاسا۔ ہ۔ صفت جسے پانی پینے کی خواہش ہو۔ غرض والا۔

خواہش مند ٭

پیاسا مرنا۔ ہ۔ پانی پینے کے لیے بے چین ہونا۔ پیاس میں پانی

نہ ملنے کی وجہ سے مرجانا ٭

پیال۔ ہ۔ مذکر۔ دھان یا کودوں کے ڈنٹھل ٭

پیالہ۔ ف۔ مذکر۔ کٹورا۔ ڈھوبرا ٭

پیالہ بھرنا۔ ا۔ انتہا کو پہنچ جانا۔ عمر آخر ہونا ٭

پیالہ پینا۔ ا۔ شراب یا بھنگ پینا ٭

پیالی۔ ا۔ مؤنث۔ چھوٹا پیالہ۔ کٹوری ٭

پیام۔ ف۔ مذکر۔ سندیسہ۔ کوئی بات زبانی کہلا بھیجنا ٭

پیام سلام۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ زبانی بات چیت ٭

پیامبر۔ ف۔ مذکر۔ ایلچی۔ قاصد۔ سفیر ٭

پیپ۔ ہ۔ مؤنث۔ پھوڑے وغیرہ کے اندر کا مواد ٭

پیپ پڑنا۔ ہ۔ زخم پکنا ٭

پیپا۔ ا۔ مذکر (صحیح انگریزی پایپ) ڈھولک کی شکل کا

لکڑی کا ایک برتن جس میں شراب رکھی جاتی ہے ٭

پیپر۔ انگ۔ مذکر۔ کاغذ۔ پتر۔ اخبار۔ امتحان کے سوالوں کا پرچہ ٭

پیپل - ہ - مذکر - ایک مشہور بڑا سایہ دار درخت - ایک دوا کا نام ٭

پیپلی - ہ - مؤنث - پیپل کا پھل ٭

پیت - ہ - مؤنث - پریت - محبت ٭

پیتامبر یا پیتمبر - ہ - مذکر - پیلے رنگ کا ریشمی کپڑا - زرد لباس پہننے والا ٭

پینترا - ا - مذکر - کشتی یا پٹے کے قاعدہ کے مطابق قدم رکھنا قدم کا نشان ٭

پینترا بدلنا - ا - قدم بدلنا - قاعدے کے مطابق قدم رکھنا اور اٹھانا ٭

پیتل - ہ - مذکر - ایک زرد رنگ کی مرکب دھات ٭

پیٹ - ہ - مذکر - معدہ - شکم - حمل - اندر کی خالی جگہ - سمائی - حوصلہ - اندر - بھید - خوراک ٭

پیٹ اپھرنا - ہ - پیٹ میں ہوا بھرنا ٭

پیٹ باندھنا - ہ - بھوک سے کم کھانا - بھوک روکنا ٭

پیٹ بڑھنا - ہ - خوراک زیادہ ہونا - حرص بڑھنا ٭

پیٹ بھر کر - ہ - تابع فعل - جی بھر کر - اچھی طرح - بے حد

پیٹ پالنا - ہ - دشواری سے کما کر کھانا - گزارہ کرنا - خواہش کا بند ہونا ٭

پیٹ پکڑے یا تھامے پھرنا - ہ - (عو) بیقرار اور پریشان پھرنا - آپ میں نہ رہنا ٭

پیٹ پوچھن - ہ - مذکر - وہ بچہ جسکے بعد دوسرا بچہ نہ پیدا ہوا ہو ٭

پیٹ پھٹنا - ہ - پیٹ چاک ہونا - ہنسی کے مارے لوٹ جانا - (عو) حسد کرنا ٭

پیٹ پیٹھ ایک ہو جانا - ہ - بھوک کی وجہ سے پیٹ کا اندر کو دھنس جانا - بہت دبلا ہو جانا ٭

پیٹ جاری ہونا - ا - دست آنا - پتلے پاخانے ہونا ٭

پیٹ دکھانا - ہ - (عو) بھوک اور غریبی کی شکایت کرنا دائی سے حمل کی پہچان کرانا ٭

پیٹ ڈالنا - ہ - حمل گرانا ٭

پیٹ رکھانا - ہ - حاملہ ہونا - حاملہ کرنا ٭

پیٹ رہنا - ہ - حمل قرار پانا ٭

پیٹ سے پاؤں نکالنا - ہ - اپنی اصل پر آنا - اچھے آدمی کا برے کام کرنے لگنا - اترانے لگنا ٭

پیٹ کا پانی نہ ہلنا - ہ - سواری میں بدن کا بالکل نہ ہلنا اور کوئی تکلیف نہ ہونا ٭

پیٹ کاٹنا - ہ - کم کھا کر گزر کرنا - بھوکا مارنا - کم کھلانا

پیٹ کا دھندا - ہ - مذکر - محنت مزدوری - پیٹ پالنے کی تدبیر ٭

پیٹ کا ہلکا - ہ - صفت - اوچھا - وہ شخص جو بھید نہ چھپا سکے ٭

پیٹ کی بات - ہ - مؤنث - راز کی بات - چھپی ہوئی بات

پیٹ گرنا - ہ - حمل گرنا ٭

پیٹ میں بل پڑنا - ہ - بیحد ہنسنا ٭

پیٹ میں بیٹھنا - ہ - بھید لینا - دوست بنکر مطلب نکالنا

پیٹ میں پاؤں ہونا - ہ - چھپا رستم ہونا - نہایت مکار ہونا

پیٹ میں چوہے دوڑنا - ہ - کسی کے خوف سے نہایت تشویش ہونا - بھوک سے بیچین ہونا ٭

پیٹ میں داڑھی ہونا - ہ - عقلمند اور ہوشیار بچے کی نسبت بولتے ہیں - بچپن میں بوڑھوں کی سی باتیں کرنا

پیٹ میں ڈالنا - ہ - بے رغبتی سے کھانا ٭

پیٹ والی - ہ - مؤنث (عو) حاملہ - ہر کھانے کی چیز کا لالچ کرنے والی ٭

پیٹا - ہ - مذکر - گولائی - پتنگ کی ڈور کا جھول - پھیر - دریا کا راستہ اور پاٹ ٭

پیٹنا - ہ - مارنا - رونا - ماتم کرنا - سخت محنت کرنا - حاصل کرنا - چھینکنا - اندیشہ کرنا

پیٹنٹ - انگ - صفت - رجسٹری کیا ہوا - سند یافتہ

پیٹو - ہ - صفت - بہت کھانے والا ٭

پیٹھ - ہ - مؤنث - پشت - سینہ کے پیچھے کا حصہ - پیچھے - حمایت - مدد ٭

پیٹھ پر کا۔ ہ۔ مذکر۔ (عو) بعد کا۔ چھوٹا بھائی ٭
پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا۔ ہ۔ شاباش دینا۔ دل بڑھانا
پیٹھ پر ہونا۔ ہ۔ مدد پر ہونا۔ حمایتی بننا ٭
پیٹھ پھیرنا۔ ہ۔ پیٹھ موڑنا۔ رخصت ہونا۔ مرنا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ دوسری طرف مُنہ کر کے بیٹھنا ٭
پیٹھ پیچھے۔ ہ۔ تابع فعل۔ غیر حاضری میں۔ بعد میں۔ مرنے کے بعد ٭
پیٹھ پیچھے بُرا کہنا۔ ہ۔ غیر حاضری میں بُرا کہنا ٭
پیٹھ ٹھوکنا۔ ہ۔ ہمت بڑھانا۔ شاباش دینا۔ دلاسا دینا
پیٹھ دکھانا۔ ہ۔ (دیکھو پیٹھ پھیرنا) ٭
پیٹھ کا کچا۔ ہ۔ صفت۔ وہ جانور جسکی پیٹھ سواری سے جلدی زخمی ہو جائے ٭
پیٹھ لگنا۔ ہ۔ پیٹھ میں زخم ہو جانا۔ پچھڑنا۔ زیر ہونا ٭
پیٹھ نہ لگنا۔ ہ۔ تڑپنا۔ بے چین رہنا ٭
پیٹھا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک گول پھل کا نام جسکی مٹھائی اور مُربا بنتا ہے ٭
پیٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ پٹکا۔ کمر سے باندھنے کا تسمہ ٭
پیٹی باندھنا۔ ہ۔ کمر کسنا۔ سپاہی کا کمر باندھکر مستعد ہونا
پیج۔ انگ۔ مذکر۔ صفحہ۔ ورق کا ایک رخ ٭
پیچانا۔ ہ۔ حلق سے نیچے اتار لینا۔ ٹال جانا۔ برداشت کرلینا
پیچ یا پیچھ۔ ہ۔ مؤنث۔ اُبلے ہوئے چاولوں کا پانی ٭
پیچ۔ ف۔ مذکر۔ لپیٹ۔ بل۔ کنڈی۔ چکر۔ ٹیڑھ۔ حلقہ دار کیل مشکل۔ فریب۔ چال۔ داؤں۔ کل۔ پتنگوں کی ڈور کا آپس میں اُلجھنا پھندا۔ گرہ ٭
پیچ باندھنا۔ ا۔ کشتی کا داؤں کرنا ٭
پیچ پڑنا۔ ا۔ اُلجھنا۔ جھگڑا پڑنا۔ مشکل پیش آنا ٭
پیچ دار۔ ف۔ صفت۔ بل کھایا ہوا۔ مشکل بات ٭
پیچ در پیچ۔ ف۔ صفت۔ بہت پیچیدہ۔ نہایت مشکل ٭
پیچ دینا۔ ا۔ بل دینا۔ گھمانا۔ دھوکا دینا ٭
پیچ کرنا۔ ہ۔ کشتی کا داؤں کرنا۔ دھوکا دینا ٭
پیچ کھانا۔ ا۔ اینٹھنا۔ دل ہی دل میں غصہ کرنا ٭

پیچ و تاب۔ ف۔ مذکر۔ بل۔ اینٹھن۔ غم و غصہ۔ بےچینی اندیشہ ٭
پیچ و تاب کھانا۔ ا۔ غم و غصہ سے دل ہی دل میں گھٹنا جھلّانا۔ بیقرار ہونا۔
پیچاں۔ ف۔ صفت۔ بل کھایا ہوا۔ بلدار ٭
پیچش۔ ف۔ مؤنث۔ مروڑ۔ پیٹ میں مروڑ ہو کر پیخانہ یا آنو آنا ٭
پیچک۔ ف۔ مؤنث۔ لپیٹے ہوئے سوت کی گولی ٭
پیچوان۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا بہت لمبی لچکدار نے کا حقہ
پیچھا۔ ہ۔ مذکر۔ پچھلا حصہ۔ تعاقب ٭
پیچھا بھاری ہونا۔ ہ۔ دشمن کا پیچھے کی طرف آجانا ٭
پیچھا پکڑنا۔ ہ۔ سر ہونا۔ ستانا۔ کسی وقت ساتھ نہ چھوڑنا
پیچھا چھڑانا۔ ہ۔ چھٹکارا حاصل کرنا۔ جان بچانا ٭
پیچھا کرنا یا لینا۔ ہ۔ تعاقب کرنا۔ پیچھے لگنا۔ دق کرنا ٭
پیچھے۔ ہ۔ تابع فعل۔ بعد میں۔ غیبت میں۔ بسبب۔ کارن
پیچھے پڑنا۔ ہ۔ سر ہونا۔ ستانا۔ دشمنی کرنا۔ بہت تقاضے کرنا ٭
پیچھے چھوڑنا۔ ہ۔ بازی لیجانا۔ کسی سے آگے بڑھنا۔ کچھ چھوڑ کر مرنا ٭
پیچھے ڈالنا۔ ہ۔ پیچھے دوڑانا۔ آگے بڑھجانا ٭
پیچیدہ۔ ف۔ صفت۔ لپٹا ہوا۔ پیچواں۔ مشکل ٭
پیخال۔ ف۔ مؤنث۔ بیٹ۔ چڑیا کا پیخانہ ٭
پیخانہ۔ ف۔ مذکر۔ جائے ضرور۔ ٹٹی۔ فضلہ۔ گوہ ٭
پیخانہ پھرنا۔ ا۔ ہگنا۔ براز کرنا ٭
پیدا۔ ف۔ صفت۔ ظاہر۔ موجود۔ جنا ہوا (ا۔ مؤنث) آمدنی کمائی ٭
پیدا کرنا۔ ا۔ ظاہر کرنا۔ موجود کرنا۔ جنانا۔ کمانا۔ حاصل کرنا نکالنا ٭
پیداوار یا پیداواری۔ ف۔ مؤنث۔ زراعت۔ فصل۔ زراعت یا تجارت وغیرہ کی آمدنی ٭
پیدائش۔ ف۔ مؤنث۔ جنم۔ خلقت ٭

پیدائشی - ف - صفت - جنم کا - اصلی - فطرتی ٭
پیے قدم پے - ف - تابع فعل - متواتر - لگاتار ٭
پَیدَل - ہ - تابع فعل - پا پیادہ - پیروں (مذکر) شطرنج کا سب سے ادنیٰ درجہ کا مُہرہ - پیادہ سپاہیوں کا لشکر پیروں چلنے والا ٭
پیڈ - انگ - صفت - وصول - ادا کیا ہوا محصول ٭
پیر - ا - مذکر - سوموار - دوشنبہ ٭
پیر - ف - صفت - بوڑھا - (ف - مذکر) گُرو - مُرشد وَلی ٭
پیرزادہ - ف - مذکر - مُرشد کا بیٹا - پیر کی اولاد ٭
پیرِ مغاں - ف - مذکر - آتش پرستوں کا پیشوا (ا) گرو گھنٹال شراب بیچنے والا ٭
پیرِ نابالغ - ف - ع - صفت - ناسمجھ بوڑھا ٭
پیراک - ہ - صفت - تیراک - پانی پر تیرنے والا ٭
پیراہن - ف - مذکر - بدن کا کپڑا - لباس ٭
پیرایہ - ف - مذکر - زیور - آرائش - لباس - (ا) ڈھنگ - طرز
پیرنا - ہ - تیرنا - بہنا ٭
پیرَو - ف - صفت - مُرید - معتقد - کسی کی تعلیم پر عمل کرنے والا - کسی کے قدم بقدم چلنے والا ٭
پیرو - ا - مذکر - (اصل پیلو) ایک قسم کا مرغ - فیل مرغ
پیروں پھرنا - ہ - پردہ نشین عورت کا بغیر سواری کے باہر نکلنا ٭
پیروں میں سر دینا - ا - پاؤں پر سر رکھنا - بے حد خوشامد کرنا
پیروں میں مہندی لگنا - ہ - بیجا عذر ہونا ٭
پیرَوی - ف - مؤنث - کسی کے قدم بقدم چلنا - تقلید - اِطاعت (ا) کوشش ٭
پیری - ف - مؤنث - بڑھاپا - مرید بنانے کا پیشہ ٭
پیراگراف - انگ - مذکر - سطر توڑ دینا - کسی مضمون کا ایک مطلب جتنی سطروں میں آئے ٭
پیڑ - ہ - مذکر - درخت - رُوکھ - پودا ٭
پیڑا - ہ - مذکر - گندھے ہوئے آٹے کی لوئی - مادے اور

شکر کی ایک مٹھائی ٭
پیڑُو - ہ - مذکر - ناف سے نیچے کا حصہ ٭
پیڑھا - ہ - مذکر - پیچا - عورتوں کے بیٹھکر کام کرنے کی ایک چھوٹی سی چوکور کھٹولی یا چوکی ٭
پیڑھی - ہ - مؤنث - چوکور چھوٹی سی کھٹولی - خاندان کا سلسلہ - پُشت ٭
پیڑھی در پیڑھی - ہ - تابع فعل - پُشت در پُشت موروثی ٭
پیزار - ف - مؤنث - (عو) جوتی - پاپوش ٭
پیزار سے - ا - تابع فعل (عو) جوتی سے - بلا سے - پروا نہیں ٭
پیسا - ہ - مذکر - تانبے کا سکہ جو تین پائی کے برابر ہوتا ہے دولت - دھن ٭
پیسا اُٹھانا - ہ - روپیہ خرچ کرنا ٭
پیسا اُڑانا - ہ - فضول خرچ کرنا ٭
پیسا ڈوبنا - ہ - دولت کا ضائع ہونا گھاٹا آنا ٭
پیس ڈالنا - ہ - ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا - چورا کر ڈالنا - تباہ کر دینا - خاک کر دینا ٭
پیسنا - ہ - آٹا کرنا - ریزہ ریزہ کرنا - رگڑنا - ستانا - برباد کرنا ٭
پیسنا - ہ - مذکر - سخت محنت ٭
پیسنا پیسنا - ہ - سخت محنت اُٹھانا - نہایت مشقت سے روزی کمانا ٭
پیسنجر - انگ - مذکر - مسافر ٭
پیسنجر ٹرین - انگ - مؤنث - مسافر گاڑی - مسافروں کے بیٹھنے کی ریل گاڑی - ہر چھوٹے بڑے اسٹیشن پر ٹھہرنے والی سواری گاڑی ٭
پیسے - ہ - مذکر - پیسا کی جمع ٭
پیسے کا میت - ہ - صفت - زر پرست - روپیہ پیسے کا دوست ٭
پیسے والا - ہ - مذکر - دھنی - دولتمند ٭

پیش ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ آگے ۔ سامنے ۔ پہلے ۔ (مذکر) ۔ ضمہ حروف کی وہ حرکت جس سے آدھے واؤ کی آواز پیدا ہوتی ہے (ـُ) ۔ انگریزی کا آگا ٭
پیش امام ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ نماز پڑھانے والا ۔ اگوا ٭
پیش آنا ۔ ا ۔ آگے آنا ۔ برتاؤ کرنا ٭
پیش بند ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ تسمہ جو گھوڑے کے تنگ میں لگاکر گردن کی ڈوری میں باندھ دیتے ہیں تاکہ گردن نیچے کو جھکی رہے ٭
پیش بندی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا
پیش بین ۔ ف ۔ صفت ۔ دور اندیش ۔ انجام کو سوچنے والا تجربہ کار ٭
پیش بینی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ دور اندیشی ۔ انجام کو سوچنا
پیش جانا یا چلنا ۔ ا ۔ قابو چلنا ۔ اثر کرنا ٭
پیش خدمت ۔ ف ۔ مذکر ۔ خدمتگار (مؤنث) ماما ۔ باندی
پیش خیمہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ لین ڈوری ۔ امیروں کا فوجوں کا وہ سامان جو آگے بھیج دیا جاتا ہے ۔ کسی بات کے ظاہر ہونیکا سامان ٭
پیش دست ۔ ف ۔ مذکر ۔ نائب ۔ پیشکار ۔ سبقت کرنے والا ٭
پیش دستی کرنا ۔ ا ۔ پہل کرنا ۔ سبقت کرنا ۔ ہاتھ ڈالنا
پیش رفت ۔ ف ۔ مذکر ۔ لبس ۔ قابو ٭
پیش رو ۔ ف ۔ مذکر ۔ آگے آگے چلنے والا ۔ کسی سے سابق ؟
پیش قبض ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ خنجر ۔ چھرا ۔ کٹارہ ٭
پیش قدمی ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بڑھکے کام کرنا ۔ چڑھائی ۔ چالاکی ۔ دلیری ٭
پیش کرنا ۔ ا ۔ سامنے کرنا ۔ مدنظر ۔ ارادہ ٭
پیشاب ۔ ف ۔ مذکر ۔ موت ۔ بول ٭
پیشاب بند ہونا یا خطا ہونا ۔ ا ۔ نہایت خوف کھانا
پیشاب کرنا ۔ ا ۔ موتنا ۔ بے حقیقت سمجھنا ۔ پروا نہ کرنا
پیشاب نہ کرنا ۔ ا ۔ بے حد حقیر سمجھنا ۔ بالکل خاطر میں نہ لانا
پیشاب نکلنا ۔ ا ۔ بہت ڈرنا ۔ خوف سے کانپنا ٭

پیشانی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ماتھا ۔ (۱) قسمت ۔ تقدیر ۔ سُرخی عبارت کے اوپر کی سادہ چھوڑی ہوئی جگہ ٭
پیشتر ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ سب سے پہلے ۔ بہت پہلے ٭
پیشکار ۔ ف ۔ مذکر ۔ نائب ۔ مددگار ۔ مینجر ٭
پیشکاری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ مینجری ۔ نیابت ٭
پیشکش ۔ ف ۔ مذکر ۔ بھینٹ ۔ نذر ۔ تحفہ ۔ خراج ٭
پیشگاہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ سامنے ۔ حضور ۔ اجلاس ۔ دربار ٭
پیشگی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ سائی ۔ کام سے پہلے دی ہوئی اُجرت یا قیمت ٭
پیشوا ۔ ف ۔ مذکر ۔ رہبر ۔ رہنما ۔ اگوا ۔ مرہٹہ راجاؤں کا وزیر ۔ مرہٹہ راجاؤں کا لقب ٭
پیشواز ۔ ف ۔ مؤنث ۔ سایہ ۔ لہنگے کی وضع کا ایک لباس
پیشوائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ رہنمائی ۔ لیڈری ۔ استقبال ٭
پیشہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ہُنر ۔ دھندا ۔ روزگار ٭
پیشہ ور ۔ ف ۔ مذکر ۔ کسی قسم کا کام کرنے والا ۔ اہل حرفہ
پیشی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ حضوری ۔ مقدمہ کی تاریخ ٭
پیشی کا محرر یا منشی ۔ ا ۔ مذکر ۔ پیشکار ٭
پیشین گوئی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ آیندہ کے حال کا بیان مستقبل کے متعلق قیاس ٭
پیغام ۔ ف ۔ مذکر ۔ سندیسا ۔ کہلا کر بھیجی ہوئی بات ۔ شادی کی درخواست ٭
پیغام سلام ۔ ا ۔ مذکر (عو) سوال و جواب بات چیت
پیغامی ۔ ا ۔ مذکر ۔ قاصد ۔ پیام سلام پہنچانے والا ٭
پیغمبر ۔ ف ۔ مذکر ۔ قاصد ۔ رسول ۔ ایلچی ۔ خدا کا حکم لانے والا ۔ نبی ٭
پیغمبری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ نبوت ۔ رسالت ۔ ایلچیگیری
پیک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پان کا تھوک ٭
پیک ۔ ف ۔ مذکر ۔ ہرکارہ ۔ قاصد ٭
پیکار ۔ ف ۔ مذکر ۔ محصّل وصول کرنے والا ۔ پھر کر بیچنے والا ۔ لڑائی ۔ جنگ ٭
پیکان ۔ ف ۔ مذکر ۔ نیزہ کی نوک ۔ تیر یا برچھی کی انی ٭

پیکدان ۔ ۱۔ مذکر۔ اُگالدان۔ وہ برتن جسمیں پان کی پیک ڈالتے ہیں ۔
پیکر ۔ ف ۔ مؤنث۔ چہرہ۔ صورت ۔
پیل ۔ ف ۔ مذکر۔ ہاتھی۔ شطرنج کا وہ مُہرہ جو آڑا چلتا ہے ۔
پیلا ۔ ہ ۔ صفت۔ زرد۔ کیسری ۔
پیلبان ۔ ف ۔ مذکر۔ ہاتھی کی گردن پر بیٹھکر اُسے چلانیوالا
پیلپا ۔ ف ۔ مذکر۔ وہ بیماری جسمیں پاؤں پھولکر بہت موٹا ہو جاتا ہے ۔
پیلپایہ ۔ ف ۔ مذکر۔ پتھر یا چُونے کا کھمبا ۔
پیلنا ۔ ہ ۔ آگے یا پیچھے دھکیلنا۔ کولھو میں پیسنا ۔
پیلُو ۔ ہ ۔ مذکر۔ ایک درخت کا نام جسکی مسواکیں ہوتی ہیں ایک راگنی کا نام۔ فیل مُرغ ۔
پیمان ۔ ف ۔ مذکر۔ وعدہ۔ قسم۔ بچن ۔
پیمانہ ۔ ف ۔ مذکر۔ ناپ۔ ناپنے کا آلہ۔ شراب کا گلاس ۔
پیمایش ۔ ف ۔ مؤنث۔ ناپ۔ نپت ۔
پیمبر ۔ ف ۔ مذکر۔ پیغمبر ۔
پیمفلٹ ۔ انگ ۔ مذکر۔ چھوٹی سی کتاب ۔
پیمک ۔ ہ ۔ مؤنث۔ سُنہری گوٹا لیس ۔
پینا ۔ ہ ۔ مذکر۔ آر۔ نوکدار ڈنڈا ۔
پینا ۔ ہ ۔ پانی کی قسم کی پتلی چیز کو حلق کے نیچے اُتارنا۔ شراب نوشی۔ حقے کا دم لگانا۔ سوکھنا۔ چُوسنا۔ ضبط کرنا
پینا ۔ ہ ۔ تومنا۔ دُھنکنا ۔
پینتالیس ۔ ہ ۔ صفت۔ چالیس اور پانچ (۴۵)
پینتیس ۔ ہ ۔ صفت۔ تیس اور پانچ (۳۵) ۔
پینٹ ۔ انگ ۔ مذکر۔ پتلون۔ انگریزی پیجامہ
پینٹھ ۔ ہ ۔ مؤنث۔ ہاٹ۔ بازار ۔
پینجنی ۔ ہ ۔ مؤنث۔ کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے کی پیچھے والی کڑی پیٹ کو دھری کے اندر روک کے رہنے والی لکڑی ۔
پینڈا ۔ ہ ۔ مذکر۔ تلا۔ نیچے کا حصہ ۔
پینڈی ۔ ہ ۔ مؤنث۔ تلی۔ نیچے کا حصہ ۔
پینڈے کے بل بیٹھنا ۔ ہ ۔ ڈوبنا۔ دیوالہ نکلنا۔

بدحواس ہو جانا ۔
پینس ۔ ا ۔ مؤنث۔ پالکی ۔
پینسٹھ ۔ ہ ۔ صفت۔ ساٹھ اور پانچ (۶۵) ۔
پینک ۔ ہ ۔ مؤنث۔ اُونگھ۔ افیون کا نشہ ۔
پینگ ۔ ہ ۔ مؤنث۔ جھولے کی لمبی حرکت ۔
پینگ بڑھانا ۔ ہ ۔ جھولے کو خوب لمبا پھینکنا ۔
پیوست کرنا ۔ ا ۔ ملانا۔ پلانا۔ جذب کرنا۔ ایک جان کرنا مضبوط کرنا ۔
پیوستہ ۔ ف ۔ صفت۔ ملا ہوا۔ ایک جان ۔
پیون ۔ انگ ۔ مذکر۔ چٹھی رساں۔ ڈاکیہ ۔
پیوند ۔ ف ۔ مذکر۔ جوڑ۔ تھگلی۔ بندش۔ عزیز۔ رشتہ دار ۔
پیوند لگانا ۔ ا ۔ جوڑ لگانا۔ تھگلی سینا۔ ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ میں جوڑنا ۔
پیوندی ۔ ف ۔ صفت۔ قلم لگایا ہوا۔ قلم لگائے ہوئے درخت کا پھل۔ بڑا بیر ۔
پیہم ۔ ف ۔ تابع فعل۔ لگاتار۔ برابر۔ متواتر ۔

ت ۔ ع ۔ مؤنث۔ اردو الف بے تے کا چوتھا حرف ۔

تا

تا ۔ ہ ۔ چھوٹے بچوں کو خوش کرنے کا ایک لفظ ۔
تا ۔ ف ۔ تابع فعل۔ تک۔ جبتک ۔
تا بہ حیات ۔ ف ۔ ع ۔ تابع فعل۔ جیتے جی۔ عمر بھر۔ جنم بھر
تا بہ زیست ۔ ف ۔ تابع فعل۔ جیتے جی۔ عمر بھر ۔
تا بکجا یا تا بکے ۔ ف ۔ تابع فعل۔ کبتک۔ کہانتک ۔
تا بمقدور ۔ ف ۔ ع ۔ تابع فعل۔ امکان کے مطابق۔ اپنے بس بھر ۔
تاحال ۔ ف ۔ ع ۔ تابع فعل۔ اسوقت تک۔ ابتک ۔

تاکہ ۔ ا ۔ حروف علت ۔ اسواسطے کہ ۔ اسلئے کہ ۔

تاہم ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ پھر بھی ۔ تب بھی ۔ اسپر بھی +

تاب ۔ ف ۔ مؤنث ۔ روشنی ۔ چمک ۔ گرمی ۔ پیچ ۔ بل ۔ مجال
طاقت ۔ برداشت +

تاب نہ لانا ۔ ا ۔ برداشت نہ کرسکنا ۔ بوکھلا جانا +

تاب و تواں ۔ ف ۔ مؤنث ۔ طاقت ۔ قدرت ۔ صبر و قرار
برداشت +

تاباں ۔ ف ۔ صفت ۔ روشن چمکدار ۔ بل کھائی ہوئی +

تابدان ۔ ف ۔ مذکر ۔ روشندان ۔ دیوار کا روزن +

تابڑ توڑ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ لگاتار ۔ متواتر +

تابش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گرمی ۔ (صفت) چمک ۔ روشنی

تابع ۔ ع ۔ صفت ۔ فرمانبردار ۔ ماتحت +

تابعدار ۔ ا ۔ صفت ۔ فرمانبردار +

تابعداری ۔ ا ۔ مؤنث ۔ اطاعت ۔ پابندی ۔ نوکری +

تابعین ۔ ع ۔ مذکر ۔ تابع کی جمع ۔ تابعدار لوگ مسلمانوں
کا وہ گروہ جسنے پیغمبر علیہ السلام کے کسی صحابی سے ملاقات کی ہو

تابندہ ۔ ف ۔ صفت ۔ روشن ۔ چمکدار +

تابوت ۔ ع ۔ مذکر ۔ مُردہ کا صندوق ۔ جنازہ ۔ لاش +

تابہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ بل کھایا ہوا ۔ بٹا ہوا ۔ توا +

تابیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ بل کھایا ہوا ۔ چمکدار ۔ روشن +

تاپ تلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تلی کا ورم جو بخار کی وجہ سے ہوجاتا ہے

تاپنا ۔ ہ ۔ سینکنا ۔ گرمی لینا +

تاتا تھئی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک کلمہ جو ناچنے والے تال کا وزن
ٹھیک کرنے کے لئے زبان اور ہتھیلی سے ادا کرتے ہیں +

تاثر ۔ ع ۔ مذکر ۔ اثر قبول کرنا ۔ اثر رہنا +

تاثیر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نشان ۔ نتیجہ ۔ پھل ۔ اثر +

تاج ۔ ع ۔ مذکر ۔ بادشاہوں کے پہننے کی خاص ٹوپی ۔
پرند کی چوٹی +

تاج بخش ۔ ع ف ۔ صفت ۔ شہنشاہ جو دوسروں کو
بادشاہ بنا سکے +

تاج خروس ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ مرغ کے سر کی کلغی ۔ ایک
سرخ پھول کا نام +

تاجدار ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ بادشاہ ۔ تاج والا +

تاج رکھنا ۔ ا ۔ بادشاہ بنجانا +

تاجور ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ بادشاہ +

تاجر ۔ ع ۔ مذکر ۔ سوداگر ۔ تجارت کرنے والا +

تاخت ۔ ف ۔ مؤنث ۔ دھاوا ۔ حملہ ۔ لوٹ ۔ غارت +

تاخت و تاراج کرنا ۔ ا ۔ لوٹ کھسوٹ کرنا ۔ ستیاناس
کرنا ۔ برباد کرنا +

تاخیر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دیر ۔ وقفہ ۔ ڈھیل +

تادیب ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ادب سکھانا ۔ علم ادب کی تعلیم دینا
تنبیہ +

تار ۔ ف ۔ مذکر ۔ تاگا ۔ کسی دھات کا لمبا ڈورا ۔ سلسلہ ۔
ریزہ ۔ ٹکڑا ۔ تار برقی ۔ وہ خبر جو برقی تار کے ذریعہ آئے ۔
اندھیرا +

تار باندھنا ۔ ا ۔ سلسلہ باندھنا ۔ کسی کام کو متواتر کرنا +

تار برقی ۔ ف ع ۔ وہ بجلی کا تار جو ایک جگہ کی حرکت
کو جوں کا توں دوسری جگہ پہنچا دیتا ہے ۔ وہ خبر جو بجلی کے
تار کے ذریعہ آئے +

تار تار ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ ٹکڑے ٹکڑے ۔ دھجی دھجی ۔ کپڑے
کا ہر ایک تار +

تار توڑ ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا سوئی کا کام ۔ کارچوبی +

تار ٹوٹنا ۔ ا ۔ سلسلہ نہ رہنا ۔ ہوتے ہوئے کام کا
رک جانا +

تارکش ۔ ف ۔ مذکر ۔ سونے چاندی کے تار کو کھینچکر باریک
اور لمبا کرنے والا +

تار گھر ۔ ا ۔ مذکر ۔ تار برقی کا دفتر +

تار نہ ٹوٹنا ۔ ا ۔ سلسلہ میں فرق نہ آنا ۔ کام لگاتار ہوئے جانا

تار و پود ۔ ف ۔ مذکر ۔ تانا بانا +

تارا ۔ ا ۔ مذکر ۔ ستارہ ۔ نجم ۔ اختر ۔ (صفت) بہت
اونچا +

تارا ٹوٹنا ۔ ا ۔ آگ کے ٹکڑے کا آسمان سے نیچے گرنا +

تارا ہو جانا۔ ا۔ بہت اونچا ہو جانا۔

تاراج۔ ف۔ مذکر۔ لوٹ۔ غارتگری ❖

تاراج کرنا۔ ا۔ لوٹنا۔ غارت کرنا۔ برباد کرنا ❖

تارک۔ ع۔ مذکر۔ ترک کرنے والا۔ چھوڑنے والا ❖

تارک الدنیا۔ ع۔ صفت۔ وہ شخص جسنے دنیا کو چھوڑ دیا ہو۔ گوشہ نشین ❖

تارک الصلوٰۃ۔ ع۔ صفت (تلفظ تارکُصّلاۃ) بے نماز نماز چھوڑ دینے والا ❖

تاروں بھری رات۔ ا۔ مؤنث۔ وہ رات جسمیں آسمان بالکل صاف ہو اور تارے خوب کھلے ہوئے ہوں

تاروں کی چھاؤں۔ ا۔ مؤنث۔ ستاروں کی چاندنی پچھلی رات۔ بہت سویرا ❖

تارے توڑنا۔ ا۔ نہایت مشکل کام کرنا۔ چالاکی کرنا ❖

تارے چھٹکنا۔ ا۔ ستارے کھلنا۔ رات کے وقت آسمان صاف ہو جانا ❖

تارے گننا۔ ا۔ انتظار یا پریشانی میں جاگ کر رات کاٹنا

تارے نظر آجانا۔ ا۔ کسی دماغی صدمہ کی وجہ سے آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا کر تارے سے چمکنا ❖

تاریخ۔ ع۔ مؤنث۔ کسی چیز کے ظاہر ہونے کا وقت کسی بڑی بات کے وقت کا تعین۔ مہینہ کا ہر دن مع رات کے۔ کسی ملک یا قوم یا سلطنت کے گزشتہ حالات ایسا جملہ یا شعر جس سے بحساب ابجد مادہ تاریخ نکل آئے ❖

تاریخ ٹھہرنا۔ ا۔ دعوت یا کسی تقریب کا دن مقرر ہونا ❖

تاریخ کہنا۔ ا۔ نظم یا نثر میں بحساب ابجد کسی واقعہ کی تاریخ ظاہر کرنا ❖

تاریک۔ ف۔ صفت۔ اندھیرا۔ کالا ❖

تاریکی۔ ف۔ مؤنث۔ اندھیر۔ سیاہی ❖

تاڑ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک لمبے اور پتلے درخت کا نام جس سے تاڑی نکلتی ہے ❖

تاڑنا۔ ہ۔ بھانپنا۔ سمجھ جانا۔ قیافہ سے جاننا ❖

تاڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ تاڑ کا رس جسکے پینے سے نشہ ہوتا ہے

تازگی۔ ف۔ مؤنث۔ سرسبزی۔ ہرا پن۔ نیا پن ❖

تازہ۔ ف۔ صفت۔ ہرا۔ سرسبز۔ نیا۔ حال کا۔ موٹا۔ تکان اترا ہوا۔ گرماگرم ❖

تازہ بتازہ۔ ف۔ تابع فعل۔ گرماگرم۔ ترُت کا۔ نیا ❖

تازہ دم۔ ف۔ صفت۔ تکان اترا ہوا۔ چست مستعد ❖

تازہ کرنا۔ ا۔ پژمردگی دور کرنا۔ اداسی مٹانا۔ یاد دلانا۔ حقہ کا پانی بدلنا۔ اور نیچہ بھگانا۔ تکان اتارنا ❖

تازہ وارد۔ ف۔ ع۔ صفت۔ حال کا آیا ہوا ❖

تازی۔ ف۔ صفت۔ عرب کا۔ (مذکر) عرب کا گھوڑا یا شکاری کتا۔ (مؤنث) عرب کی زبان ❖

تازیانہ۔ ف۔ مذکر۔ چابک۔ کوڑا ❖

تازیانہ ہونا۔ ا۔ کوڑا پڑنا۔ چابک لگنا ❖

تاسف۔ ع۔ مذکر۔ پچھتاوا۔ افسوس ❖

تاش۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا زری کا کپڑا۔ ایک دل بہلانے کا مشہور کھیل۔ اور اسکے پتے ❖

تاشہ۔ ا۔ مذکر۔ ایک چمڑے کا مڑھا ہوا باجہ جسے گلے میں ڈالکر دو پتلی لکڑیوں سے بجاتے ہیں ❖

تافتان۔ ا۔ مؤنث۔ ایک قسم کی نہایت ملائم خمیری روٹی

تافتہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا ریشمی چمکدار کپڑا۔ گھوڑوں اور کبوتروں کا ایک خاص رنگ ❖

تانی۔ ا۔ صفت۔ جسکی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہ ہوں ❖

تاک۔ ف۔ مذکر۔ انگور کی بیل ❖

تاک۔ ہ۔ مؤنث۔ ٹکٹکی۔ گھات۔ تلاش ❖

تاک جھانک۔ ہ۔ مؤنث۔ نظر بازی۔ تلاش۔ دیکھ بھال

تاک میں رہنا۔ ہ۔ تلاش میں رہنا۔ موقع کا انتظار کرنا

تاکنا۔ ہ۔ گھورنا۔ دیکھنا۔ پہلے سے جان رکھنا۔ جھانکنا۔ تاڑنا۔ انتظار کرنا ❖

تاکہ۔ ف۔ حرف علت۔ اسلئے کہ ❖

تاکید۔ ع۔ مؤنث۔ زور دینا۔ بار بار کہنا۔ ضد۔ ہٹ۔ تقاضا ❖

تاکیداً۔ ع۔ تابع فعل۔ نہایت اصرار سے۔ بہت زور ڈالکر
تاکیدی حکم۔ ا۔ مذکر۔ سخت حکم۔ ضروری حکم ٭
تاگا۔ ہ۔ مذکر۔ ڈورا۔ سوت۔ تار ٭
تاگا ڈالنا۔ ہ۔ سینا۔ پرونا ٭
تال۔ ہ۔ مذکر۔ تالاب۔ عینک کا ہر ایک شیشہ۔ گانے کا ٹھیک کرنے کے لئے ہاتھ پر ہاتھ مارنا۔ مُنجیرے کی جوڑی پہلوانوں کا تھاپی مارنا ٭
تال بے تال۔ ہ۔ تابع فعل۔ سُر بے سُر۔ موقع بے موقع
تالا۔ ہ۔ مذکر۔ قفل ٭
تالا بھیڑنا۔ ہ۔ تالا بند کرنا۔ دروازہ بند کرنا ٭
تالاب۔ ا۔ مذکر۔ بڑا حوض۔ پوکھر ٭
تال مکھانہ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک سفید رنگ کے ہلکے گول بیج کا نام ٭
تالو۔ ہ۔ مذکر۔ مُنہ کے اندر کی چھت۔ دماغ کے اوپر کی سطح
تالو سے زبان نہ لگنا۔ ا۔ چُپ نہ رہنا۔ بک بک کئے جانا
تالی۔ س۔ مؤنث۔ کنجی۔ چابی ٭
تالی۔ ہ۔ مؤنث۔ تھپڑی۔ ہتھیلی پیٹنے کی آواز ٭
تالی بجانا۔ ہ۔ ہتھیلی پیٹنا۔ ہنسی اُڑانا۔ خوشی منانا ٭
تالی بج جانا۔ ہ۔ تھپڑی پِٹ جانا۔ رسوا ہو جانا ٭
تالیف۔ ع۔ مؤنث۔ ملانا۔ جمع کرنا۔ مختلف کتابوں کو چنکر نئی ترتیب سے جمع کرنا۔ دوستی پیدا کرنا۔ وہ کتاب جو مختلف کتابوں کے مضامین سے مرتب کی گئی ہو ٭
تام۔ ع۔ صفت۔ پورا۔ تمام۔ کُل ٭
تامجان یا تام جھام۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کی پالکی ٭
تامڑا۔ ہ۔ مذکر۔ بدصورت۔ کالے رنگ کا یاقوت۔ یعنی کھوپری ٭
تامل۔ ہ۔ مؤنث۔ جنوبی ہند کی ایک زبان ٭
تامّل۔ ع۔ مذکر۔ سوچ۔ فکر۔ اندیشہ۔ (د) ڈھیل۔ توقف۔ برداشت۔ شک۔ شبہ ٭
تاملوٹ۔ ا۔ مذکر۔ (انگریزی ٹمبلر کا بگڑا ہوا) ٹین کا ڈونگا ٭

تان۔ ہ۔ مؤنث۔ سُر۔ گت۔ الاپ ٭
تان اُڑانا۔ ہ۔ الاپنا۔ بلند آواز سے گانا ٭
تان۔ ا۔ مذکر۔ کپڑا بُننے کا لمبا تار ٭
تانا بانا۔ ا۔ مذکر۔ کپڑے کا وہ تاگا جو لمبائی میں ہوتا ہے اور وہ جو چوڑائی میں ہوتا ہے۔ آر جار۔ آنا جانا ٭
تانا۔ ہ۔ گرم کرنا۔ پگلانا۔ تپانا۔ جانچنا ٭
تانبا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مشہور دھات کا نام ٭
تانت۔ ہ۔ مؤنث۔ گائے بھینس کا پٹھا ٭
تانتا۔ ہ۔ مذکر۔ سلسلہ۔ قطار۔ ایک کے بعد دوسرا
تانتوا۔ ہ۔ مذکر۔ آنت اُتر آنے کی بیماری ٭
تان توڑنا۔ ا۔ طعنہ دینا۔ چھیڑنا ٭
تان سین۔ ہ۔ مذکر۔ شہنشاہ اکبر کے دربار کے ایک مشہور گویے کا نام ٭
تانگا۔ ہ۔ مذکر۔ یکہ۔ ایک تکیہ دار گاڑی جسمیں ایک گھوڑا لگتا ہے۔ سواری کی بیل گاڑی ٭
تاننا۔ ہ۔ کھینچنا۔ پھیلانا۔ بڑھانا ٭
تانی۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ تاگے جو کپڑا بُننے کے لئے لمبائی میں پھیلائے جاتے ہیں ٭
تانیث۔ ع۔ مؤنث۔ مؤنث ہونا ٭
تاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ حرارت۔ گرمی۔ تپاؤ۔ غصہ۔ کاغذ کا تختہ
تاؤ آنا۔ ہ۔ غصہ آنا۔ جھنجلانا ٭
تاؤ دینا۔ ہ۔ تپانا۔ پگلانا۔ مروڑنا ٭
تاوان۔ ف۔ مذکر۔ ڈنڈ۔ جُرمانہ۔ حرجہ ٭
تاویل۔ ع۔ مؤنث۔ کسی بات کو دوسری طرح بیان کرنا بچاؤ کی دلیل ٭
تاہم۔ ف۔ حرفِ ربط۔ پھر بھی۔ اسپر بھی ٭
تائی۔ ہ۔ مؤنث۔ باپ کے بڑے بھائی کی بیوی ٭
تایا۔ ہ۔ مذکر۔ باپ کا بڑا بھائی ٭
تائب۔ ع۔ مذکر۔ توبہ کرنے والا۔ گناہ سے باز آنے والا
تائید۔ ع۔ مؤنث۔ مدد۔ حمایت۔ طرفداری۔ پچ ٭
تائید کرنا۔ ا۔ مدد کرنا۔ ساتھ دینا۔ پچ کرنا ٭

ت ب

تَب - ہ - ظرف زمان - اس وقت - اس حالت میں - (جزائے شرط) تو ◆

تب بھی - ہ - تابع فعل - اسپر بھی - پھر بھی ◆

تب ہی - ہ - تابع فعل - اسی وقت - جب ہی - اس وجہ سے

تبار - ف - مذکر - کُنبہ - رشتہ - قوم ◆

تبارک - ع - صفت - بڑا - بزرگ - برتر - قرآن شریف کے انتیسویں سپارہ کی پہلی سورۃ کا نام ◆

تبارہ - ا - صفت - تیسری دفعہ ◆

تباسی - ہ - صفت - تین روز کا باسی ◆

تباہ - ف - صفت - اُجڑا ہوا - برباد - کھویا ہوا ◆

تباہ حال - ف - ع - تابع فعل - خراب حال - بُری حالت ◆

تباہی - ف - مؤنث - بربادی - رسوائی - (ا) مصیبت - بلا ◆

تباہی زدہ - ف - صفت - مصیبت کا مارا - بدنصیب ◆

تباہی کا مارا - ا - صفت مصیبت کا مارا ◆

تباین - ع - مذکر - فرق - خلاف - ضد - عکس ◆

تبحّر - ع - مذکر - کسی ہُنر میں کمال ہونا ◆

تبحّرِ علمی - ع - مذکر - علامہ ہونا - علم میں کمال ہونا ◆

تبخالہ - ف - مذکر - وہ چھالے جو بخار کے بعد ہونٹوں پر ہوجاتے ہیں ◆

تبختُر - ع - مذکر - اِترا کر چلنا - ادا - تکبّر - غرور ◆

تبخیر - ع - مؤنث - خفیف حرارت - ہلکا بخار ◆

تبدُّل - ع - مذکر - بدل - بدلنا ◆

تبدیل - ع - مؤنث - بدلنا - پلٹنا ◆

تبدیلِ آب و ہوا - ع - ف - تابع فعل - پانی اور ہوا کا اثر بدلنا ◆

تبدیلِ مکان - ع - تابع فعل - گھر بدلنا - جگہ بدلنا ◆

تبدیلِ ہیئت کرنا - ا - بھیس بدلنا ◆

تبدیلی - ا - مؤنث - بدلی - بدلا جانا - ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجا جانا ◆

تبر - ف - مذکر - کلہاڑی ◆

تبرّا - ع - مذکر - نفرت - بیزاری - لعن طعن ◆

تبرّا بھیجنا یا کرنا - ا - لعنت بھیجنا - بُرا بھلا کہنا ◆

تبرّائی - ع - مذکر - شیعوں کا وہ گروہ جو صحابۂ رسول اللہ پر لعنت بھیجنا اپنے مذہب کا لازمی جز سمجھتا ہے

تبرّک - ع - مذکر - برکت والی چیز - بزرگوں کا عطیہ (ا) تھوڑا ◆

تبرّکاً - ع - تابع فعل - برکت کے خیال سے (ا) صفت ذرا سا

تبرّکاً و تیمّناً - ع - تابع فعل - مبارک اور متبرک جانکر ◆

تبرّکات - ع - مذکر - تبرک کی جمع - برکت حاصل کرنے کی چیزیں ◆

تبرید - ع - مؤنث - ٹھنڈائی - ٹھنڈی دوا - ٹھنڈا کرنا

تبسّم - ع - مذکر - مسکراہٹ ◆

تبعیت - ع - مؤنث - تابعداری - پیروی - تقلید ◆

ت پ

تپ - س - مذکر - بخار - نفس کو تکلیف دیکر عبادت کرنا ◆

تپ - ف - مؤنث - گرمی کا بخار ◆

تپ دق - ف - ع - مؤنث - پُرانا بخار ◆

تپ نوبت - ف - مؤنث - باری کا بخار ◆

تپاک - ف - مذکر - بیقراری - دھڑکن (ا) آؤ بھگت - گرم جوشی - محبت ◆

تپانا - ہ - گرم کرنا - آگ پر رکھکر کھرا کھوٹا دیکھنا ◆

تپائی - ا - مؤنث - تین پایوں کی چھوٹی چوکی ◆

تپڑ - ہ - مؤنث - گدّی - بنیوں کے بیٹھنے کی گدّی ◆

تپش - ف - مؤنث - بیقراری - گرمی - جلن ◆

تپسیا - ہ - مؤنث - نفس کو تکلیف دیکر عبادت کرنا ◆

تپنا - ہ - بہت گرم ہونا - جلنا ◆

ت ت

تَتّا ۔ ہ ۔ صفت ۔ جلتا ہوا ۔ پھُکتا ہوا ۔
تَتَبُّع ۔ ع ۔ مذکر ۔ پیروی ۔ تقلید ۔ رِیس ۔
تِتّر بِتّر ۔ ہ ۔ صفت ۔ الگ الگ ۔ پھیلا ہوا ۔ منتشر ۔
تُتلانا ۔ ہ ۔ رُک رُک کر بولنا ۔ صاف نہ بولنا ۔
تِتلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تیتری ۔ بھنبیری ۔
تَتِمّہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ بچا ہوا ۔ ضمیمہ ۔ خاتمہ ۔
تِتھ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چاند کی تاریخ ۔
تَتہَڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پانی گرم کرنے کا برتن ۔
تَتَیّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لال رنگ کی بھِڑ ۔ ایک قسم کی ڈنک
مارنے والی مکھی ۔ چالاک ۔ پھُرتیلا ۔

ت ث

تَثلِیث ۔ ع ۔ مؤنث ۔ تین حصوں میں بانٹنا ۔ عیسائیوں کے عقیدہ کے
مطابق خدا کی تین شاخیں یعنی باپ ۔ بیٹا ۔ رُوحُ القدس ۔

ت ج

تَج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دارچینی ۔ ایک درخت کی خوشبودار چھال ۔
تُجّار ۔ ع ۔ مذکر ۔ تاجر کی جمع ۔ سوداگر ۔
تِجارَت ۔ ع ۔ مذکر ۔ سوداگری ۔ بیوپار ۔
تَجاوُز ۔ ع ۔ مذکر ۔ گزرنا ۔ حد سے گزرنا ۔
تَجاہُل ۔ ع ۔ مذکر ۔ انجان بننا ۔ ٹالنا ۔
تَجاہُل عارِفانہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ جان بوجھکر انجان بننا ۔
تَجدِید ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نئے سرے سے کوئی کام کرنا ۔
تَجرِبہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ جانچ ۔ آزمائش ۔ دلیل ۔
تَجرِبہ کاری ۔ ع ۔ ف ۔ مؤنث ۔ واقفیت ۔ آزمائش ۔
تَجَرُّد ۔ ع ۔ مذکر ۔ علیحدگی ۔ آزادی ۔ اکیلا رہنا ۔
تَجرِید ۔ ع ۔ مؤنث ۔ تنہائی ۔ علیحدگی ۔ ننگا ہونا ۔
تَجَسُّس ۔ ع ۔ مذکر ۔ تلاش ۔ جستجو ۔ کھوج ۔
تَجَلّی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ روشنی ۔ چمک ۔ جھلک ۔
تَجَمُّل ۔ ع ۔ مذکر ۔ حُسن کی آرائش ۔ ٹھاٹ باٹ ۔ دُھوم دھام
تَجنا ۔ ہ ۔ چھوڑنا ۔ دست بردار ہونا ۔
تَجنِیس ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ایک جنس ہونا ۔
تَجوِیز ۔ ع ۔ مؤنث ۔ تدبیر ۔ فیصلہ ۔ (ا) سوچ بچار ۔
تُجھ ۔ ہ ۔ اسم ضمیر ۔ تو ۔ تیرے ۔
تُجھے ۔ ہ ۔ حالت مفعولی ۔ تجھکو ۔
تَجہیز و تَکفِین ۔ ا ۔ مؤنث ۔ گور و کفن ۔ کریاکرم ۔

ت ح

تَحائِف ۔ ع ۔ مذکر ۔ تحفہ کی جمع ۔ سوغاتیں ۔
تَحت ۔ ع ۔ مذکر ۔ نیچے کا حصہ ۔ نیچے ۔ (ا) اختیار ۔ قابو ۔
تَحتُ الثَّریٰ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ زمین کا سب سے نچلا طبقہ ۔
تَحتُ اللَّفظ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ حرف بحرف ۔ نظم کو سیدھی
طرح پڑھنا ۔
تَحت و تَصَرُّف میں لانا ۔ ا ۔ قبضہ میں لانا ۔
تَحرِیر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ لکھت ۔ دستاویز ۔ عبارت ۔
مضمون لکھنے کا ڈھنگ ۔ چٹھی ۔ باریک لکیر ۔ لکھنے کی اُجرت
لکھا ہوا ۔ آزاد کرنا ۔
تَحرِیرِ ظَہری ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کاغذ کے دوسری طرف کی عبارت
تَحرِیص ۔ ع ۔ مؤنث ۔ لالچ ۔ ترغیب ۔ بہکاوا ۔
تَحرِیف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کسی بات کو اسکی اصلی حالت سے بدل دینا
تَحرِیک ۔ ع ۔ مؤنث ۔ حرکت دینا ۔ رغبت دلانا ۔ کسی بات
کو چھیڑنا ۔ کوشش ۔ تجویز ۔ ریزولیوشن ۔
تَحس نَحس ۔ ا ۔ صفت ۔ ستیاناس ۔ تباہ برباد ۔
تَحسِین ۔ ع ۔ مؤنث ۔ سراہنا ۔ تعریف کرنا ۔ واہ واہ ۔
تَحصِیل ۔ ع ۔ مؤنث ۔ حاصل کرنا ۔ جمع کرنا ۔ سیکھنا ۔ نفع ۔
تحصیلدار کی کچہری ۔
تَحصِیل حاصِل ۔ ا ۔ صفت ۔ بے سود ۔ بے نتیجہ ۔
تَحصِیلدار ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ وصول کرنے والا ۔ تحصیل کا حاکم
تَحصِیلداری ۔ ع ف ۔ مؤنث ۔ تحصیلداری کا عہدہ یا کام
تَحصِیل کرنا یا تَحصِیلنا ۔ ا ۔ وصول کرنا ۔ جمع کرنا ۔ کمانا ۔
حاصل کرنا ۔
تحفہ جات ۔ ف ۔ مذکر ۔ تُحفہ کی جمع ۔ سوغاتیں ۔

تحفگی - ف - مؤنث - خوبی - بہتری ٭
تُحفہ - ع - مذکر - ہدیہ - سوغات - بھینٹ - انوکھا - اچھا ٭
تحقیر - ع - مؤنث - ذلیل سمجھنا - بے قدری ٭
تحقیق کرنا - ا - کھوج لگانا - چھان بین کرنا ٭
تحقیقات - ع - مؤنث تحقیق کی جمع - سُراغ رسانی - جانچ پڑتال - جھوٹ سچ کی دریافت ٭
تحکُم جتانا یا کرنا - ا - زبردستی کرنا - خواہ مخواہ حکومت جتانا ٭
تحلیل - ع - مؤنث - اجزا کا جُدا ہونا - ہاضمہ - گھلاوٹ ٭
تحلیل ہونا - ا - ہضم ہونا - گُھلنا - ایک جان ہونا - اجزا کا جُدا جُدا ہونا - دُبلا ہونا ٭
تحمُّل - ع - مذکر - برداشت - صبر - سہار ٭
تحویل - ع - مؤنث - حوالگی - سپُردگی - امانت - پُونجی - کسی سنارے کا عمل ہونا ٭
تحویلدار - ع - ف - مذکر - خزانچی ٭
تحیُّر - ع - مذکر - حیرانی - اچنبھہ - تعجب ٭

تخ

تخت - ف - مذکر - بڑی چوکی - بادشاہوں کے بیٹھنے کی چوکی - گدی - ا - دارالسلطنت ٭
تخت تخت - ف - مذکر - (عو) راج سُہاگ ٭
تخت پر بٹھانا - ا - بادشاہ بنانا ٭
تخت پوش - ف - مذکر - تخت پر ڈالنے کی چادر ٭
تختِ رواں - ف - مذکر - وہ تخت جسپر بادشاہ سوار ہوکر نکلتا ہے - ہوادار - اُڑن کھٹولا ٭
تختِ سُلیماں - ف - مذکر - وہ تخت جسپر حضرت سلیمان علیہ السلام بیٹھکر اُڑا کرتے تھے - کشمیر کے پاس ایک پہاڑ کا نام ٭
تختِ طاؤس - ف - ع - مذکر - شہنشاہ شاہجہاں کے بنوائے ہوئے ایک نہایت قیمتی تخت کا نام جسپر مور بنا ہوا تھا ٭
تخت کا تختہ ہونا - ا - بادشاہی چھن جانا - سلطنت ہاتھ سے جاتی رہنا ٭
تخت کی رات - ا - مؤنث - بیاہ کی رات - شب زفاف ٭

تختگاہ - ف - مؤنث - راجدھانی - دارالسلطنت ٭
تخت نشینی - ف - مؤنث - تخت سلطنت پر بیٹھنا بادشاہ بننا ٭
تختہ - ف - مذکر - لکڑی کا پٹڑا - کاغذ کا تاؤ - آباد زمین کیاری - تابوت ٭
تختہ اُلٹنا - ا - اُجڑنا - تہ و بالا ہونا ٭
تختہ بندی - ف - مؤنث - لکڑی کے تختوں کا فرش یا دیوار کیاریوں کا باقاعدہ ہونا ٭
تختہ پُل - ف - مذکر - وہ تختوں کا پُل جو قلعہ کی خندق پر بنایا جاتا ہے ٭
تختۂ تابُوت - ف - مذکر - مُردہ کے لیجانے کا تختہ یا صندوق
تختۂ مشق - ف - مذکر - وہ تختی جسپر لڑکے لکھنے کی مشق کرتے ہیں - وہ چیز جو بہت استعمال میں آئے ٭
تختۂ نرد - ف - مذکر - وہ تختہ جسپر نردیں رکھکر کھیلتے ہیں ٭
تختہ ہو جانا - ا - اینٹھ جانا - سخت ہو جانا ٭
تختی - ا - مؤنث - چھوٹا تختہ جسپر لڑکے لکھنے کی مشق کرتے ہیں کسی دھات یا پتھر وغیرہ کی چپٹی چیز جسے گلے میں ڈالتے ہیں
تخریب - ع - مؤنث - خرابی - بربادی - تباہی ٭
تخریبی پروگرام - ا - مذکر - کسی کام کا ایسا طریقہ جسمیں اپنے مقابل کو نقصان پہنچانا پیش نظر ہو ٭
تخصیص - ع - مؤنث - خصوصیت - خاص ہونا ٭
تخفیف - ع - مؤنث - کمی - معمولی اختیار - آرام - افاقہ ٭
تخفیف کرنا - ا - کمی کرنا - گھٹانا - موقوف کرنا ٭
تخفیف میں آنا - ا - کمی میں آنا - برخاست ہو جانا ٭
تخلُّص - ع - مذکر - شاعر کا وہ مختصر نام جو شعر میں لایا جاتا ہے
تخلیہ - ع - مذکر - تنہائی ٭
تخم - ف - مذکر - بیج - انڈا - گٹھلی - نسل - نطفہ ٭
تخم بالنگا یا بالنگو - ا - مذکر - ایک سیاہ رنگ کا بیج جو پانی میں ڈالنے سے بہت پھول جاتا ہے ٭
تخم بد - ف - صفت - بدذات - حرامی ٭
تخم تاثیر صحبت کا اثر - ا - کہاوت - نطفہ اور صحبت کا

اثر ضرور ہوتا ہے +

تخمِ ریحاں - ف ع - ناز بو کا بیج جو پانی میں ڈالنے سے بہت پھول جاتا ہے +

تخم ریزی - ف - مؤنث - بوائی - بیج بونا +

تخمِ کتاں - ف - مذکر - السی کا بیج +

تخمہ - ع - مذکر - بدہضمی - ایک قسم کا ہیضہ +

تخمیناً - ع - تابع فعل - اندازے سے قیاس سے - تقریباً +

تخمینہ - ع - مذکر - اندازہ +

تخویف - ع - مؤنث - دھمکی - خوف دلانا +

تخویفِ مجرمانہ - ع - ف - تابع فعل - بدنیتی سے دھمکانا - ناجائز دھمکی +

ت د

تدارُک - ع - مذکر - تلافی - بدلہ - تدبیر - بندوبست - پیش بندی

تدارُک کرنا - ا - سزا دینا - بندوبست کرنا - تدبیر کرنا +

تدبیر - ع - مؤنث تجویز - بندوبست - اُپائے - جتن +

تدریج - ع - تابع فعل - آہستہ آہستہ - درجہ بدرجہ +

تدریس - ع - مؤنث - تعلیم دینا - پڑھائی +

ت ذ

تذبذُب - ع - مذکر - دُگدا - شک و شبہ - تردُّد +

تذکرہ - ع - مذکر - بیان - چرچا - ذکر مذکور - تاریخ - سوانحعمری

تذکیر - ع - مؤنث - یاد دہانی +

ت ر

تر - ف - صفت - گیلا - بھیگا ہوا - تازہ سبز - رسدار - چکنا مرغن +

تربتر - ف - صفت - شرابور - بہت بھیگا ہوا - بہت مرغن

تر و تازہ - ف - صفت - ترت کا اُترا ہوا پھل - بارونق - ہرا بھرا +

ترارا - ا - مذکر - چھلانگ - تیز دوڑنا - فراٹے بھرنا +

ترازُو - ف - مؤنث - تولنے کا آلہ +

ترازُو ہو جانا - ا - تیر کا نشانہ پر لگ کر آدھا ادھر آدھا اُدھر ہو جانا +

تراسی - ہ - صفت - اسّی اور تین (۸۳) +

تراش - ف - مؤنث - کاٹ - کتر بیونت - کاٹنے کا ڈھنگ طرز - انداز +

تراش و خراش - ف - مؤنث - کاٹ چھانٹ - طور طریقہ

تراشنا - ا - کاٹنا - کترنا - پھانک اُتارنا - حجامت بنانا

ترانوے - ہ - صفت - نوّے اور تین (۹۳) +

ترانہ - ف - مذکر - گیت - نغمہ - لَے یا سُر +

تراوش - ف - مؤنث - ٹپکاؤ - چواؤ +

تراویح - ع - مؤنث - ترویحہ کی جمع - رمضان شریف کی وہ بیس رکعت نماز جو عشاء کی نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے

ترراہ - ہ - ندا - پناہ - رحم کرو - بچاؤ +

ترراہ ترراہ کرنا - ہ - پناہ مانگنا - واویلا کرنا +

ترراہا - ا - مذکر - وہ جگہ جہاں تین راستے ملتے ہوں +

ترائی - ا - مؤنث - کھادر - دریا کے کنارے کی زمین

تُربت - ع - مؤنث - قبر - گور +

تربوز - ا - مذکر - ایک مشہور پھل جسکے اندر سے میٹھا اور سُرخ گُودا نکلتا ہے +

تربیت - ع - مؤنث - پرورش - تعلیم - تہذیب +

تربیت کرنا - ا - پالنا - سکھانا - تعلیم دینا +

تربیدی - ہ - مذکر - برہمنوں کی ایک قوم - تین ویدوں کا جاننے والا -

تربینی - س - مؤنث - وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں - مُراد الہ آباد کیونکہ وہاں گنگا - جمنا اور سُرستی ملتے ہیں (ہندوؤں کے عقیدہ کے مطابق سُرستی زمین کے نیچے چھپی ہوئی بہتی ہے

ترُپ - ا - مذکر - (صحیح انگریزی ٹرُوپ) اسّی سواروں کا دستہ +

ترپال - ا - مذکر - رال چڑھایا ہوا ٹاٹ +

ترپائی - ا - مؤنث - بخیہ کے اوپر کی سیون - گوردبانیکی سلائی

تُرپنا ۔ ہ ۔ کپڑے کے بھرے کو اُلٹ کر سینا ✦

تِرپھلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہرڑ ۔ بہیڑا ۔ آنولہ ✦

تُرَت ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ فوراً ۔ اسیوقت ✦

تَرتیب ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مرتبہ کے مطابق ۔ درستی ۔ انتظام درجہ بدرجہ ✦

ترتیب دینا یا کرنا ۔ ا ۔ سلسلہ وار رکھنا ۔ ٹھکانے سر رکھنا

ترتیب وار ۔ ع ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ باضابطہ ۔ قاعدہ سے درجہ بدرجہ ✦

ترجمان ۔ ع ۔ مذکر ۔ ترجمہ کرنے والا ۔ کسی کے خیال کو اپنے لفظوں میں بیان کرنے والا ✦

ترجمہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنا

ترجیح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ برتری ۔ فضیلت ۔ فوقیت ✦

ترجیع ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پھیرنا ۔ پھرنا ✦

ترجیع بند ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ بند کو پھر بیان کرنا ۔ کسی بیت کو ہر بند کے اخیر میں اسطرح لانا کہ بند کا مضمون بیت کے ساتھ مربوط ہو ✦

ترچھا ۔ ہ ۔ صفت ۔ آڑا ۔ ٹیڑھا ✦

ترچھی نظر یا نگاہ ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ قہر و غضب کی نگاہ معشوقانہ انداز سے دیکھنا ۔ کن انکھیوں سے دیکھنا ✦

ترحم ۔ ع ۔ مذکر ۔ رحم ۔ ترس ۔ دیا ✦

ترخیم ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نحو کی اصطلاح میں کسی کلمہ کے اخیر سے کسی جزو یا حرف کو دُور کرنا ✦

تردُّد ۔ ع ۔ مذکر ۔ اندیشہ ۔ فکر ۔ اُدھیڑ بُن ✦

تردید ۔ ع ۔ مؤنث ۔ رد کرنا ۔ منسوخی ۔ کاٹنا ✦

ترس ۔ ف ۔ مذکر ۔ ڈر ۔ خوف ✦

ترس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ رحم ۔ دیا ۔ درد ✦

ترس کھانا ۔ ہ ۔ دیا کرنا ۔ کڑھنا ✦

ترسا ۔ رومی ۔ مذکر ۔ آتش پرست ۔ شعراء کی اصطلاح میں معشوق ✦

ترسا ترسا کر مارنا ۔ ہ ۔ بار بار تکلیف دیکر جان نکالنا ۔ للچا للچا کر رنج دینا ✦

ترساں ۔ ف ۔ صفت ۔ ڈرا ہوا ۔ خوف زدہ ✦

ترسانا ۔ ہ ۔ للچانا ۔ جھوٹی امید دلانا ۔ آرزو میں رکھنا ضرورت سے کم دینا ✦

ترسنا ۔ ہ ۔ کسی چیز کا خواہش مند ہونا ۔ آرزو میں رہنا ۔ محتاج ہونا ✦

ترسول ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تین شاخوں والا لوہا ✦

ترسیل ۔ ع ۔ مؤنث ۔ روانگی ۔ بھیجنا ✦

ترش ۔ ف ۔ صفت ۔ کھٹا ۔ ناراض ۔ بدمزاج ✦

ترش رُو ۔ ف ۔ مذکر ۔ ناراض ۔ بدمزاج ۔ چڑچڑا ✦

ترش رُوئی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بدمزاجی ۔ چڑچڑاپن ✦

ترشح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بوندا باندی ۔ ٹپکنا ۔ قطرے گرنا ۔ (ا) ظاہر ✦

ترشح ہونا ۔ ا ۔ ہلکی ہلکی بارش ہونا ۔ ٹپکنا ۔ ظاہر ہونا

ترغیب ۔ ع ۔ مؤنث ۔ خواہش ۔ شوق ۔ لالچ ۔ بہکاوا

ترغیب دینا ۔ ا ۔ لالچ دینا ۔ شوق دلانا ۔ بہکانا ✦

ترقی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اوپر چڑھنا ۔ زیادتی ۔ بڑھوتری ✦

ترقیم ۔ ع ۔ مؤنث ۔ لکھنا ۔ تحریر ✦

تُرک ۔ ف ۔ مذکر ۔ ترکستان کے باشندے ۔ تاتار کے مسلمان ۔ سپاہی ۔ معشوق ۔ مسلمان ✦

ترک ۔ ع ۔ مذکر ۔ دست برداری ۔ تیاگ ۔ درگزر ۔ چھوڑنا بھول ۔ چوک

ترکِ ادب ۔ ع ۔ مذکر ۔ گستاخی ۔ بے ادبی ✦

ترکِ دُنیا ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ دُنیا داری سے باز آنا ۔ گوشہ نشینی ✦

ترکِ وطن ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ اپنا دیس چھوڑنا ✦

ترکاری ۔ ا ۔ مؤنث ۔ ساگ پات ۔ سبزی ✦

ترکش ۔ ف ۔ مذکر ۔ تیر رکھنے کا خول ✦

ترکہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ (ا ترکہ) میراث ۔ مرے ہوئے آدمی کی جائداد ✦

تُرکی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ترکوں کی بولی ۔ ترکستان کا باشندہ ترکستان یا ترکوں کی طرف منسوب ✦

تُرکی تمام ہونا۔ ا۔ گھمنڈ نکلنا۔ ساری بہادری نکل جانا ہوچکنا ٭
ترکیب۔ ع۔ مؤنث۔ مختلف چیزوں کو ملانا۔ بناوٹ ڈھب۔ ڈھنگ۔ تدبیر ٭
ترکیب دینا۔ ا۔ ملانا۔ بنانا ٭
ترکیب کرنا۔ ا۔ ملانا۔ تدبیر کرنا۔ قواعد نحو کے مطابق جملے کے ٹکڑوں کے تعلقات بتانا ٭
ترمیم۔ ع۔ مؤنث۔ درستی۔ تغیر و تبدل ٭
تُرنج۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا بڑا نیبو۔ چکوترا۔ پان کی شکل کے کپڑے پر بنے ہوئے پھول ٭
تُرنجبین۔ ف۔ مؤنث۔ ایک قسم کی شکر جو اونٹ کٹارے کے درخت پر شبنم کی طرح گر کر جم جاتی ہے اور دواؤں میں کام آتی ہے۔ لیمو کا شربت ٭
تُرنگ۔ ہ۔ مؤنث۔ موج۔ لہر۔ اُمنگ۔ طبیعت کا جوش
تری۔ ف۔ مؤنث۔ نمی۔ گیلاپن۔ پانی ٭
تُرئی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک مشہور ترکاری کا نام ٭
تریا۔ ہ۔ مؤنث۔ عورت۔ ناری ٭
تریا چرتر۔ ہ۔ مذکر۔ عورتوں کا مکر۔ عورتوں کی چالبازی
تریا ہٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ عورتوں کی ضد ٭
تریاق۔ مُعرب۔ مذکر۔ زہر مُہرہ۔ زہر کا اثر دور کرنے کی دوا۔ افیم ٭
تریاک۔ ف۔ مذکر (تریاق) ٭
تریڑا۔ ہ۔ مذکر۔ اونچی جگہ سے پانی کا دھار باندھ کر گرانا

ت ڑ

تڑا تڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ لگاتار مارنے کی آواز۔ بڑی بڑی بوندوں کی آواز ٭
تڑاق۔ ا۔ مذکر۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز ٭
تڑاق پڑاق۔ ا۔ تابع فعل۔ متواتر۔ برابر۔ ٹوٹنے کی آواز۔ مُنہ در مُنہ۔ گستاخی سے ٭
تڑاقا۔ ا۔ مذکر۔ سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز۔ چٹخارا ٭

تڑانا۔ ہ۔ چھڑانا۔ جدا کرنا۔ توڑ لینا۔ نوٹ یا روپیہ بھُنانا ٭
تڑپ۔ ا۔ مؤنث۔ بےچینی۔ پھڑک۔ گرماگرمی۔ کود پھاند
تڑپ کر۔ ا۔ تابع فعل۔ جلدی سے۔ کود کر۔ پھُرتی سے ٭
تڑپانا۔ ا۔ پھڑکانا۔ بےقرار کرنا۔ ترسانا۔ کڑانا ٭
تڑپتا ہوا۔ ا۔ صفت۔ گرماگرم۔ پُراثر شعر یا مضمون
تڑپنا۔ ا۔ پھڑکنا۔ بےقرار ہونا۔ لوٹنا۔ اُچھلنا۔ بہت آرزومند ہونا ٭
تڑخنا۔ ا۔ دراڑ پڑنا۔ بال آنا۔ پھٹنا۔ خفگی سے بولنا ٭
تڑکا۔ ہ۔ مذکر۔ بھور۔ بہت سویرا ٭
تڑکا ہونا۔ ہ۔ سویرا ہونا۔ کسی دماغی صدمہ سے آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا۔ دیوالہ نکلنا ٭
تڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ چانٹا۔ مار ٭

ت ز

تُزک۔ ف۔ مؤنث۔ شاہی روزنامچہ۔ ٹھاٹ باٹ دھوم دھام ٭
تزکیہ۔ ع۔ مذکر۔ صفائی۔ پاکی ٭
تزلزل۔ ع۔ مذکر۔ ہلچل۔ جنبش۔ گڑبڑ ٭
تزویر۔ ع۔ مؤنث۔ مکر۔ دغا۔ فریب ٭
تزئین۔ ع۔ مؤنث۔ آرائش۔ زینت۔ سجاوٹ ٭

ت س

تساہُل۔ ع۔ مذکر۔ سستی۔ آلکسی۔ کاہلی ٭
تسبیح۔ ع۔ مؤنث۔ سبحان اللہ کہنا۔ دعا پڑھنے کی مالا (ا)۔ وظیفہ۔ ایک پودے کا نام جسکے کالے بیج تسبیح کے دانوں کی طرح ہوتے ہیں ٭
تسبیح پھیرنا۔ ا۔ مالا جپنا ٭
تسبیح خواں۔ ع۔ ف۔ مذکر (تلفظ تسبیخ خاں) خدا کی پاکی بیان کرنے والا۔ تسبیح پھیرنے والا ٭
تسپر۔ ہ۔ تابع فعل۔ اسپر۔ باوجود اسکے ٭
تسخیر۔ ع۔ مؤنث۔ تابع کرنا۔ قابو میں لانا۔ فتح کرنا۔

تسطیر - ع - مؤنث - تحریر - لکھائی ٭
تسکین - ع - مؤنث - تسلی - ڈھارس - آرام - تندرستی ٭
تسلا - ہ - مذکر - تانبے یا پیتل وغیرہ کی …
تسلسل - ع - مذکر - لڑی - سلسلہ - کڑی ٭
تسلط - ع - مذکر - قبضہ - غلبہ - حکومت ٭
تسلی - ع - مؤنث - خاطر جمع - ڈھارس، تسکین ٭
تسلیم - ع - مؤنث - سلام کرنا - ماننا - راضی ہونا ٭
تسلیم کرنا - ا - منظور کرنا - ماننا - بڑے کو سلام کرنا ٭
تسلیمات - ع - مؤنث - تسلیم کی جمع - بندگی - آداب - سلام
تسمہ - ف - مذکر - چمڑے کا کم چوڑا اور لمبا فیتہ ٭
تسمیہ - ع - مذکر - نام پڑنا ٭

ت ش

تشبیہ - ع - مؤنث - ایک چیز کو دوسری چیز سے مثال دینا
تشت - ف - مذکر - تسلا - لگن - پرات ٭
تشت از بام ہونا - ا - مشہور ہونا - ظاہر ہونا - کھلجانا
تشتری - ا - مؤنث - چھوٹی رکابی ٭
تشخیص - ع - مؤنث - قرار دینا - پہچاننا - جانچ - تحقیق
تشدد - ع - مذکر - سختی - زیادتی ٭
تشدید - ع - مؤنث - ایک جنس کے دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا - وہ علامت جو مشدد حرف پر لکھی جاتی ہے (ّ) ٭
تشریح - ع - مؤنث - شرح کرنا - تفصیل - وضاحت - جسم کی بناوٹ کی تحقیق ٭
تشریف - ع - مؤنث - بزرگی - عزت - تعظیم کرنا ٭
تشریف ارزانی فرمانا - ا - بزرگی بخشنا - کسی بزرگ یا بڑے آدمی کا آنا ٭
تشریف رکھنا - ا - بیٹھنا - ٹھہرنا ٭
تشریف لانا - ا - آنا - پدھارنا ٭
تشریف لیجانا - ا - رخصت ہونا - جانا ٭

تشفی - ع - مؤنث - تسلی - ڈھارس - اطمینان ٭
تشنا - ا - مذکر - (ع و) (تشنیع کا بگڑا ہوا) ملامت - بدگوئی - طعنہ ٭
تشنج - ع - مذکر - جکڑا جانا - بدن کی رگوں اور پٹھوں کا کھنچنا ٭
تشنگی - ف - مؤنث - پیاس ٭
تشنہ - ف - صفت - پیاسا - خواہشمند ٭
تشنہ خون - ف - صفت - جانی دشمن - خون کا پیاسا
تشنہ لب - ف - صفت - بہت پیاسا - نہایت خواہشمند ٭
تشنیع - ع - مذکر - ملامت - برا بھلا کہنا ٭
تشویش - ع - مؤنث - گھبراہٹ - تردد - فکر ٭
تشہیر - ع - مؤنث - شہرت دینا - ڈھنڈورا پیٹنا - رسوا کرنا ٭

ت ص

تصانیف - ع - مؤنث - تصنیف کی جمع - ایجادیں - اپنے ذہن سے لکھی ہوئی کتابیں ٭
تصحیح - ع - مؤنث - صحیح کرنا - غلطی دور کرنا ٭
تصدق - ع - مذکر - صدقہ دینا - قربانی - (ا) بدولت - طفیل
تصدق ہونا - ا - نثار ہونا - صدقے جانا ٭
تصدیع یا تصدیعہ - ع - مؤنث - تکلیف - دردسر ٭
تصدیق - ع - مؤنث - سچائی - صحت - (ا) گواہی - ثبوت
تصدیق کرنا - ا - تاکید کرنا - گواہی دینا ٭
تصرف - ع - مذکر - قبضہ - مداخلت - اپنی طرف سے کچھ بنانا - کرامت - غبن - خرچ ٭
تصرف بیجا - ا - مذکر - ناجائز خرچ - غبن - ناجائز کتربیونت
تصریح - ع - مؤنث - تفصیل - کھول کر بیان کرنا - شرح
تصریف - ع - مؤنث - مصدروں کی گردان ٭
تصغیر - ع - مؤنث - چھوٹا کرنا - چھٹائی - چھوٹاپن - اختصار

تصفیہ - ع - مذکر - فیصلہ - صلح - بیباقی ۔
تصنع - ع - مذکر - بناوٹ - دکھاوا - دھوکا - مکر ۔
تصنیف - ع - مؤنث - اپنی طبیعت سے کوئی مضمون یا کتاب لکھنا - ایجاد ۔
تصور - ع - مذکر - کسی چیز کی صورت ذہن میں جمانا - دھیان غور - خیال - سوجھ ۔
تصوف - ع - مذکر - نفسانی خواہش سے پاک ہونا - قلب کی صفائی کا طریقہ - صوفیوں کا مذہب ۔
تصویر - ع - مؤنث - مورت - فوٹو - بت - نقشہ - (صفت) نہایت خوبصورت ۔
تصویر کھینچنا - ا - مورت بنانا ۔
تصویر ہو جانا - ا - بالکل بے حس و حرکت ہو جانا ۔

ت ض

تضحیک - ع - مؤنث - توہین - ذلت - ہنسی اڑانا ۔
تضرع - ع - مؤنث - رونا پیٹنا - (ا) خوشامد درآمد ۔
تضمین - ع - مؤنث - ملانا - دوسرے کے شعر پر مصرعے یا بند لگانا ۔
تضییع - ع - مؤنث - ضائع کرنا - بیکار کھونا ۔
تضییع اوقات - ع - مؤنث - وقت گنوانا - عمر برباد کرنا

ت ط

تطابق یا تطبیق - ع - مذکر - مطابقت - مشابہت - یکسانیت ۔

ت ع

تعارف - ع - مذکر - جان پہچان - واقفیت ۔
تعاقب - ع - مذکر - پیچھا - پیچھے جانا ۔
تعالی - ع - مذکر - بلند - اعلی - بزرگ ۔
تعالی اللہ - ع - کلمۂ تعجب (تلفظ - تعالٰلہ) اللہ بڑا ہے تعریف اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں ۔

تعب - ع - مذکر - دکھ - تکلیف - محنت ۔
تعبیر - ع - مؤنث - بیان کرنا - خواب کا نتیجہ بیان کرنا - خواب کا نتیجہ ۔
تعبیر کرنا - ا - مراد لینا ۔
تعجب - ع - مذکر - اچنبھا - حیرانی - انوکھا پن ۔
تعجیل - ع - مؤنث - جلدی - عجلت ۔
تعداد - ع - مؤنث - گنتی - مقدار - تخمینہ ۔
تعدی - ع - مؤنث - ظلم - حد سے بڑھنا ۔
تعرض - ع - مذکر - مقابلہ - روک ٹوک - مزاحمت ۔
تعریف - ع - مؤنث - وصف - خوبی - ثنا - بیان - پہچان
تعریف المجہول بالمجہول - ع - تابع فعل (تلفظ تعریفل مجہولِ بلْ مجہول) کسی نامعلوم بات کو نامعلوم بات سے جتانا ۔
تعریف کرتے منہ سوکھنا - ا - بہت عجز سے تعریف کرنا ہردم تعریف کرنا ۔
تعزیت - ع - مؤنث - غم میں شریک ہونا - ماتم پرسی کرنا صبر دینا ۔
تعزیر - ع - مؤنث - سزا - تنبیہ - ڈانٹ ۔
تعزیہ - ع - مذکر - کاغذ اور بانس کا بنایا ہوا وہ قبہ جو امام حسین علیہ السلام کی تربت کی نقل کے طور پر محرم میں بنایا جاتا ہے ۔
تعزیہ ٹھنڈا ہونا - ا - تعزیہ دفن ہونا - دیوالہ نکلنا - کسی بڑے آدمی کا مرنا ۔
تعزیہ دار - ع - ف - صفت - تعزیہ نکالنے والا ۔
تعزیہ داری - ع - مؤنث - تعزیہ نکالنا ۔
تعشق - ع - مذکر - محبت ظاہر کرنا - پیار - چاہ ۔
تعصب - ع - مذکر - طرفداری - مذہبی پچ ۔
تعطیل - ع - مؤنث - چھٹی - بیکاری ۔
تعظیم - ع - مؤنث - بزرگ ماننا - عزت کرنا - عزت - توقیر ۔
تعظیم کو اٹھنا - ا - کسی بڑے آدمی کے آنے پر کھڑے ہو کر عزت کرنا ۔

تعفّن - ع - مؤنث - بدبو - سڑاند ٭
تعقید - ع - مؤنث - گرہ دینا - عروض کی اصطلاح میں الفاظ کو بے موقع رکھنا ٭
تعلّق - ع - مذکر - لگاؤ - میل - رشتہ (۲) واسطہ - ملازمت
تعلّق خاطر - ع - تابع فعل - دل کا کسی طرف مائل ہونا - فکر ٭
تعلقہ - ع - مذکر - تبصہ - علاقہ - ضلع - ملکیت - جاگیر ٭
تعلقہ دار - ع - ف - مذکر - جاگیردار - علاقہ دار ٭
تعلّی - ع - مؤنث - بلندی - ترقی - (۲) شیخی - ڈینگ ٭
تعلّی کی لینا - ا - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا ٭
تعلیقہ - ا - مذکر - مال و اسباب کی ضبطی - قرقی - (اصل لفظ عربی ہے لیکن وہاں اس معنی میں استعمال نہیں ہوتا
تعلیل - ع - مؤنث - سبب بیان کرنا - حرف علت کی وجہ سے اعراب تبدیل کرنا
تعلیم - ع - مؤنث - سکھانا - پڑھانا - پڑھائی - ہدایت ٭
تعمیر - ع - مؤنث - عمارت بنانا
تعمیل - ع - مؤنث - عمل میں لانا - حکم پورا کرنا ٭
تعمیہ - ع - مذکر - چھپانا - تاریخ کے مادہ کو بطور معمے بیان کرنا
تعویذ - ع - مذکر - بچاؤ - امان - جنتر - نقش - قبر کا پتھر ٭
تعویذی - ا - صفت - تعویذ کی شکل کا ٭
تعویق - ع - مؤنث - دیر - ڈھیل - سستی ٭
تعہّد - ع - مذکر - اقرارنامہ - عہدنامہ ٭
تعیّن - ع - مذکر - مخصوص کرنا - مقرر کرنا ٭
تعینات - ا - مذکر - مقرر - مقرر کیا ہوا ٭
تعیناتی - ا - مؤنث - تقرری ٭

ت غ

تغار - ف - مذکر - مٹی کا کونڈا - گارا بنانے اور چونہ بھگانے کا گڑھا
تغافل - ع - مذکر - بےخبری - غفلت (۲) بے پروائی - بے توجہی سستی ٭
تغافل شعار - ع - صفت - بے پروا - غفلت برتنے والا ٭
تغلّب - ع - مذکر - غلبہ کرنا - قبضہ کرنا - (۲) غبن - خیانت
تغیّر - ع - مذکر - بدلی - انقلاب - حالت پلٹنا ٭

ت ف

تُف - ع - مذکر - مؤنث - تھوک - منہ کی رال - نفرت کا کلمہ لعنت ٭
تُف ہے تیری اوقات پر - ا - محاورہ - لعنت ہے تیرے ڈھنگوں پر ٭
تفاخر - ع - مذکر - فخر جتانا - شیخی مارنا ٭
تفاریق - ع - مؤنث - تفریق کی جمع - جدائیاں - مختلف اوقات
تفاوت - ع - مذکر - فاصلہ - فرق - جدائی ٭
تفتہ - ف - صفت - جلا بھنا - جلا ہوا - عاشق ٭
تفتہ جگر - ف - صفت - دل جلا - عاشق ٭
تفتیش - ع - مؤنث - چھان بین - کھوج - تحقیقات ٭
تفحّص - ع - مذکر - تفتیش - تحقیق ٭
تفرقہ - ع - مذکر - جدائی - علیحدگی - نااتفاقی ٭
تفرقہ پڑنا - ا - جدائی ہونا - پھوٹ پڑنا ٭
تفرقہ ڈالنا - ا - پھوٹ ڈالنا - مخالفت کرانا ٭
تفریح - ع - مؤنث - خوشی - راحت (۲) ہنسی - سیر دل بہلاؤ - تازگی ٭
تفریح طبع - ع - مذکر - دل بہلاؤ - دل لگی - چہل
تفریحاً - ع - تابع فعل - ہنسی سے - تفریح کے لئے ٭
تفریق - ع - مؤنث - جدائی - فرق - (حساب) گھٹانا ٭
تفسیر - ع - مؤنث - تفصیل - شرح - کھول کر بیان کرنا - قرآن شریف کی شرح ٭
تفصیل - ع - مؤنث - جدا جدا کرنا - تشریح - (۲) فہرست - کیفیت ٭
تفضیل - ع - مؤنث - بڑھانا - ترجیح دینا
تفضیل بعض - ع - مؤنث صفت کی وہ قسم جس میں موصوف کو بعض موصوفوں پر ترجیح دیجائے ٭
تفضیل کل - ع - مؤنث صفت کی وہ قسم جسمیں موصوف کو تمام موصوفوں پر ترجیح دیجائے ٭

تفضیل نفسی - ع - مؤنث - صفت کی وہ قسم جسمیں ایک موصوف کو دوسرے موصوف پر ترجیح نہ دیجائے ٭
تفکر - ع - مذکر - سوچ - اندیشہ ٭
تفنگ - ف - مؤنث - بندوق - ہوائی بان ٭
تفنن - ع - مذکر - رنگ برنگ کا ہونا - دل لگی - مشغلہ ٭
تفنن طبع - ع - مذکر - دل لگی - دل بہلاؤ ٭
تفویض - ع - مؤنث - سپردگی - حوالگی ٭

ت ق

تقاضا - ع - مذکر - طلب - مانگ (۱) تاکید - بار بار مانگنا ٭
تقاضائے سن یا عمر - یا وقت - ع - تابع فعل - طبعی خواہش کے موافق - عمر یا وقت کے مناسب حال ٭
تقاطع - ع - مذکر - کٹنا - منقطع ہونا ٭
تقاوی - ع - مؤنث - مدد دینا - وہ قرضہ جو کاشتکار یا زمیندار کو حکومت کی طرف سے بطور امداد دیا جاتا ہے
تقدیر - ع - مؤنث - نصیب - بھاگ - اندازہ
تقدیر آزمانا یا تقدیر آزمائی - ا - قسمت آزمانا - نصیبے کا تجربہ کرنا ٭
تقدیر بگڑنا یا پلٹنا - ا - ادبار آنا - بداقبالی ہونا ٭
تقدیر پھر جانا - ا - اقبال نہ رہنا - دن پھرنا - بھلے دن آنا
تقدیر پھوٹ جانا - ا - قسمت بگڑ جانا - بُری جگہ شادی ہونا
تقدیر جاگنا یا چمکنا - ا - دن پھرنا - بھلے دن آنا - قسمت کا موافق ہونا ٭
تقدیر کا کھیل - ا - مذکر قسمت کا کرشمہ ٭
تقدیر کا ہیٹا - ا - مذکر - بدنصیب - ابھاگا ٭
تقدیر لڑنا - ا - تقدیر کا موافق ہونا ٭
تقدیری امر - ع - مذکر - ہونے والی بات - تقدیر کا لکھا
تقدیم - ع - مؤنث - پہل - پیش قدمی - برتری - فوقیت ٭
تقرب - ع - مذکر - نزدیکی - قرب ٭
تقرر - ع - مذکر - تعین - مقرر کرنا یا ہونا ٭
تقرری - ا - مؤنث - تعیناتی - مقرر ہونا - نوکری ٭

تقریب - ع - مؤنث - نزدیکی - (۱) سبب - ذریعہ - رسم - رشتہ داروں اور دوست احباب کے جمع ہونے کا سبب - ملاقات کا ذریعہ ٭
تقریباً - ع - تابع فعل - اندازاً - قریب قریب ٭
تقریر - ع - مؤنث - بیان - بات چیت (۱) بحث مباحثہ لکچر - وعظ ٭
تقریری - ع - صفت - زبانی ٭
تقریض - ع - مؤنث - دوست کی تعریف - کسی کتاب پر اپنی رائے دینا ٭
تقریظ - ع - مؤنث - زندہ آدمی کی جھوٹی یا سچی تعریف - کسی تحریر یا کتاب پر اپنی رائے ظاہر کرنا ٭
تقسیم - ع - مؤنث - بانٹ - بٹوارہ - ایک عدد کو دوسرے پر بانٹنے کا حسابی قاعدہ ٭
تقصیر - ع - مؤنث - کمی - خطا - گناہ ٭
تقصیروار - ع - ف - صفت - مجرم - گنہگار ٭
تقطیع - ع - مؤنث - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - بیت کے ٹکڑوں کو بحر کے ٹکڑوں کے ساتھ تولنا ٭
تقلید - ع - مؤنث - پیروی - نقل ٭
تقویٰ - ع - مذکر - پرہیزگاری
تقویت - ع - مؤنث - قوت دینا - (۱) ڈھارس - تسکین - مدد ٭
تقویم - ع - مؤنث - جنتری ٭
تقویم پارینہ - ع - ف - مؤنث - پرانی جنتری - بیکار چیز

ت ک

تک - ہ - مذکر - قافیہ ٭
تک بندی - ا - مؤنث - قافیہ ملانا - تک سے تک ملانا
تک - ہ - حرف انتہا - حد - خاتمہ - پاس - نزدیک ٭
تکا - ا - مذکر - گوشت کا ٹکڑا - لوتھڑا ٭
تکا بوٹی کرنا - ا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - نیا پا بچا کر کے بانٹ لینا
تکا - ا - مذکر - وہ تیر جسمیں نوک کی بجائے گھنڈی ہو ٭

تنکا فضیحتی - ا - مؤنث (عو) تو تو میں میں - ذلت و رسوائی ٭
تھکان - ا - مؤنث - تھکاوٹ - کاہلی ٭
تھکان اُتارنا - ا - سستی دور کرنا - تازہ دم ہونا ٭
تھکان چڑھنا - ا - تھکنا ٭
تکبّر - ع - مؤنث - غرور - گھمنڈ ٭
تکبیر - ع - مؤنث - اللہُ اکبر کہنا - تعظیم سے خدا کا نام لینا ٭
تکبیرِ اُولیٰ - ع - مؤنث - نماز کی پہلی تکبیر ٭
تکرار - ع - مؤنث - بار بار کہنا - حجت - جھگڑا ٭
تکریم - ع - مؤنث - عزت کرنا - آؤ بھگت ٭
تکفیر - ع - مؤنث - کفر کا فتویٰ دینا - کفر ٭
تکل - ا - مؤنث - ایک خاص شکل کا بڑا پتنگ ٭
تکلا - ہ - مذکر - چرخے کی وہ سلائی جس پر سوت کی گکڑی بنتی ہے ٭
تکلّف - ع - مذکر - تکلیف اُٹھا کر کوئی کام کرنا - بناوٹ دکھاوے کی بات - ٹیپ ٹاپ - اجنبیت کا برتاؤ کرنا - دقت - دشواری ٭
تکلّف برتنا - ا - ظاہر داری کا برتاؤ کرنا ٭
تکلّف کرنا - ا - ٹھاٹ باٹ دکھانا - ٹیپ ٹاپ کرنا - شرمانا
تکلیف - ع - مؤنث - دُکھ - رنج - تنگی - دُشواری ٭
تکلیف دینا - ا - دُکھ دینا - کسی کام کی درخواست کرنا ٭
تکلیف کرنا یا فرمانا - ا - تشریف لانا ٭
تکلے سے بل نکلنا - ا - خوب ٹھیک بننا - ساری شرارت دُور ہونا ٭
تکمہ - ف - مذکر - گھنڈی - گریبان کا حلقہ ٭
تکمیل - ع - مؤنث - تمام - انجام - ختم کرنا ٭
تکنا - ہ - گھورنا - دیکھنا - آسرا رکھنا - انتظار کرنا - لینے کا ارادہ رکھنا ٭
تک ادو - ف - مؤنث - (صحیح تگ و دو) کوشش - دوڑ دھوپ - فکر ٭
تکونا یا تکونیا یا تکھونا - ہ - صفت - مثلث - تین کونے والا ٭

تکیے لگانا - ا - (عو) کباب لگانا - بھونا ٭
تکیہ - ف - مذکر - آرام کی جگہ - سرہانے رکھنے کی چیز - بھروسا - قبرستان - فقیروں کے رہنے کی جگہ ٭
تکیہ دار - ا - مذکر - قبرستان کی حفاظت کرنے والا فقیر ٭
تکیہ کرنا - ا - بھروسا کرنا ٭
تکیہ کلام - ف - ع - مذکر - سخن تکیہ - زبان پر چڑھا ہوا وہ لفظ جو موقع بے موقع بولتے ہیں ٭

ت گ

تگا - ہ - مذکر - برہمنوں کی ایک قوم جو خیرات نہیں لیتی ٭
تگاپو - ف - مؤنث - دوڑ دھوپ - کوشش ٭
تگنا - ہ - صفت - تین گنا ٭
تگ و دو - ف - مؤنث - دوڑ دھوپ - کوشش ٭
تگی - ہ - مؤنث - تاش یا گنجفہ کا وہ پتا جس پر تین نشان ہوتے ہیں

ت ل

تل - ہ - مذکر - ایک مشہور بیج جس سے تیل نکالتے ہیں - بدن کا کالا نقطہ - آنکھ کی پتلی ذرا سا - بہت تھوڑا ٭
تل چاولے بال - ہ - مذکر - سیاہ و سفید بال - کھچڑی بال
تل چٹا - ہ - مذکر - ایک قسم کا جھینگر ٭
تل دھرنے کی جگہ نہ ہونا - ہ - بالکل جگہ نہ ہونا - بہت زیادہ ہونا ٭
تل شکری - ا - مؤنث - ایک قسم کی مٹھائی جو تل اور شکر سے بنتی ہے ٭
تل کی اوجھل پہاڑ - ہ - کہاوت - ذرا سے پردے میں کسی بہت بڑی چیز کا چھپا ہونا ٭
تلا - ہ - مذکر - جوتی کے نیچے کا حصہ - پیندا ٭
تلا - ا - مذکر - (طلا کا بگڑا ہوا) پگڑی کا سرا جس پر سنہرا کام کیا ہوتا ہے
تلاش - ف - مؤنث - کوشش (ا) کھوج - ڈھونڈ ڈھانڈ
تلاش معاش - ف - ع - روزگار کا کھوج - روزی کی جستجو ٭
تلاشی - ف - مؤنث - ڈھونڈنے والا - (ا) جھاڑا - دیکھ بھال

تَلاطُم - ع - مذکر - لہر - پانی کے تھپیڑے - جوش و ولولہ ✦
تَلافی - ع - مؤنث - بدلا - عوض - مکافات ✦
تَلاوا - ا - مذکر - رات کو گشت کرنے والا فوج کا دستہ ✦
تِلاوَت - ع - مؤنث - پڑھنا - قرآن شریف پڑھنا ✦
تَلبِیس - ع - مؤنث - دغا - دھوکا - جعل - ظاہری لیپ پوت
تَلپَٹ - ہ - صفت - نیچے اوپر - تہ و بالا - تباہ برباد ✦
تَلچھَٹ - ہ - مؤنث - گاد - پانی وغیرہ کے نیچے بیٹھا ہوا میل
تَلخ - ف - صفت - کڑوا - بدمزہ - ناپسند ✦
تَلخی - ف - مؤنث - کڑواپن - بدمزگی - سختی ✦
تَلَذُّذ - ع - مذکر - مزہ - لذّت - لطف ✦
تُلسی - ہ - مؤنث - ایک پودے کا نام جسکی پتیاں خوشبودار ہوتی ہیں - بالنگو - ایک مشہور ہندی شاعر کا نام - کرشن جی کی محبوبہ کا نام ✦
تَلَطُّف - ع - مذکر - مہربانی - عنایت ✦
تَلَف - ع - مذکر - ضائع - برباد - ہلاک ✦
تَلَفُّظ - ع - مذکر - لفظ کا زبان سے ادا کرنا - لہجہ ✦
تَلقِین - ع - مؤنث - تعلیم دینا - نصیحت - مذہبی تعلیم ✦
تِلَک - ہ - مذکر - ٹیکا - وہ نشان جو ہندو پیشانی پر لگاتے ہیں - وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دُولہن کا باپ داماد کے گھر بھیجتا ہے ✦
تِلَک دھاری - ہ - مذکر - روزانہ تلک لگانے والا - وہ شخص جو ٹیکا لگائے ہوئے ہو ✦
تَلَک - ہ - تابع فعل - تک - حد - انتہا - پاس ✦
تُلّی - ہ - مؤنث - پانی وغیرہ کی دھار ✦
تُلّی بندھنا - ہ - فوّارہ چھوٹنا - دھار بندھنا ✦
تِلمِلانا - ہ - (عو) بیچین ہونا - تڑپنا - گھبرانا ✦
تَلمِیح - [illegible] - مؤنث - کسی واقعہ کی طرف کلام میں اشارہ کرنا ✦
[illegible] - ع - مذکر - شاگرد - چیلا - طالب علم ✦
[illegible] - ہ - گرم گھی یا تیل میں کوئی چیز پکانا ✦
[illegible] - ہ - وزن ہونا - آمادہ ہونا - برابر ہونا ✦
تِلَنگا - ہ - مذکر - انگریزی فوجی سپاہی ✦

تَلوا - ہ - مذکر - پاؤں کی ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصّہ ✦
تَلوا کھجلانا یا کھجانا - ہ - سفر کرنے کی علامت ظاہر ہونا سفر در پیش ہونا ✦
تَلوار - ہ - مؤنث - ایک مشہور لوہے کا ہتھیار - تیغ - کھانڈا ✦
تَلوار برسنا - ہ - برابر تلوار چلنا ✦
تَلوار پر ہاتھ رکھنا - ہ - تلوار مارنے کے ارادے سے مُوٹھ پر ہاتھ ڈالنا - تلوار کی قسم کھانا ✦
تَلوار تولنا - ہ - تلوار سنبھالنا - تلوار چلانے کا ارادہ کرنا
تَلوار چلنا - ہ - لڑائی ہونا - کشت و خون ہونا ✦
تَلوار زیبِ کمر کرنا - ا - تلوار کمر سے باندھنا ✦
تَلوار سُونتنا - ہ - تلوار کھینچنا - جان سے مارنے کا ارادہ کرنا
تَلوار کا بل - ہ - مذکر - تلوار کی ٹیڑھ - تلوار کا گھمنڈ - تلوار کا بھروسا ✦
تَلوار کا پانی - ہ - مذکر - تلوار کی آب ✦
تَلوار کا پھل - ہ - مذکر - تلوار کاٹ کرنے والا حصہ - مُوٹھ کے علاوہ باقی حصّہ ✦
تَلوار کا کھیت - ہ - مذکر - لڑائی کا میدان ✦
تَلوار کا گھاٹ - ہ - مذکر - وہ جگہ جہاں سے تلوار کا خم شروع ہوتا ہے ✦
تَلوار کا ہاتھ - ہ - مذکر - تلوار کی چوٹ - تلوار کا زخم ✦
تَلوار کھینچنا - ہ - تلوار میان سے نکالنا - قتل کرنے پر آمادہ ہونا ✦
تلوار لگانا - ہ - تلوار مارنا ✦
تلوار میان سے نکلی پڑنا - ا - بہت بہادری جتانا مار ڈالنے پر آمادہ رہنا ✦
تَلوار میان میں کرنا - ا - قتل کرنے کے ارادہ سے باز آنا
تَلواروں کی چھاؤں میں - ہ - تابع فعل - تلواروں کے بیچ میں ✦
تُلوائی - ہ - مؤنث - تولنے کی مزدوری ✦
تَلَوُّن - ع - مذکر - رنگ بدلنا - ایک حالت پر قائم نہ رہنا

تَلَوُّن مزاج - ع - صفت - وہ شخص جو مستقل مزاج نہ ہو
تَلَوُّن مزاجی - ع - مؤنث - بے استقلالی +
تِلون میں سے تیل نکالنا - ہ - (عو) کفایت شعاری کا سلیقہ ظاہر کرنا +
تَلوُوں سے آگ لگنا - ہ - نہایت غضب میں آنا +
تَلوُوں سے لگنا سر میں جا کے بُجھنا - ہ - نہایت غصہ ہونا +
تَلوے - ہ - تلوا کی جمع +
تَلوے چاٹنا - ہ - بے حد چاپلوسی کرنا +
تَلوے دھو دھو کے پینا - ہ - (عو) بہت اطاعت کرنا - بیحد قدر دانی کرنا +
تَلّی - ہ - مؤنث - پیندی - پیندا +
تِلّی - ہ - مؤنث - پیٹ کے اندر کے ایک عضو کا نام - طحال
تَلے - ہ - تابع فعل - نیچے - ماتحت +
تَلے اُوپر - ہ - صفت - نیچے اوپر - گڈ مڈ - لگاتار - ایک کے بعد ایک
تَلے اُوپر کی اَولاد - ا - مؤنث - وہ بچے جو ایک دوسرے کے بعد پیدا ہوں +
تَلے اُوپر ہونا - ہ - تہ و بالا ہونا - انقلاب ہونا - گھبرانا +
تِلے دانی - ا - مذکر - (عو) سینے پرونے کا سامان رکھنے کی چھوٹی سی تھیلی +
تِلیَر - ہ - مذکر - ایک چھوٹے پرند کا نام - ابلقہ
تَلیِین - ع - مؤنث - نرم کرنا +

ت م

تُم - ہ - ضمیر مخاطب - تو کی جمع - تعظیم کے لئے واحد کو بھی کہتے ہیں
تُم سے پھرے تو خُدا سے پھرے - ا - کہاوت - ایک سخت قسم اور عہد +
تُم سے خُدا پناہ میں رکھے - ا - محاورہ - تمہاری بدذاتیوں سے خدا بچائے +
تَمانچہ - ا - مذکر - تھپڑ - طپانچہ +
تَمادی - ع - مؤنث - دیر - عرصہ - دعوے کی سماعت کے گزر جانے کی مدت +
تَماشا - ف - مذکر - سیر - لطف - نظارہ - کھیل - انوکھی چیز
تَماشاگاہ - ف - مذکر - سیرگاہ - تماشے کی جگہ - وہ مکان جس میں تماشا ہوتا ہے +
تَماشا ہونا - ا - انوکھی بات ہونا - مزہ ہونا - لطف آنا +
تَماشائی - ع - مذکر - سیر دیکھنے والا - سیلانی +
تَماشبین - ا - مذکر - ہر قسم کی سیر دیکھنے والا - بدکار - آوارہ
تَماشبینی - ا - مؤنث - آوارگی - بدکاری +
تَماشے کی بات - ا - مؤنث انوکھی بات +
تَماشے کی باتیں - ا - مؤنث - جی خوش کرنے والی باتیں
تَمام - ع - صفت - پورا سالم - سب - اخیر - ختم - نیا آر +
تَمام تر - ع - ف - تابع فعل - بالکل - سارا +
تَمام کرنا - ا - ختم کرنا - باقی نہ رکھنا +
تَمام و کَمال - ع - صفت - کل - سب کا سب (تابع فعل) پوری طرح سے کھول کے +
تَمام ہونا - ا - پورا ہونا - ختم ہونا - مرجانا +
تَمامی - ف - مؤنث - آخر - انجام - ایک قسم کا ریشمی کپڑا +
تَمباکو - ا - مذکر - ایک پودے کا نام جسکے پتے حقے میں پینے اور پان کے ساتھ کھانے کے کام آتے ہیں - ہندوستان میں سب سے پہلے اسکا رواج شہنشاہ اکبر کے زمانہ میں ہوا
تَمتَمانا - ہ - گرمی سے منہ لال ہو جانا - چمکنا - گرم ہونا +
تَمتَماہٹ - ہ - مؤنث - چہرہ کی سُرخی جو گرمی کی وجہ سے ہو - چمک - گرمی +
تَمثیل - ع - مؤنث - مثال - تشبیہ +
تَمَرُّد - ع - مذکر - گستاخی - سرکشی - بغاوت - خودسری +
تَمرِ ہندی - ع - مؤنث - املی کا درخت اور اسکا پھل
تَمَسخُر - ع - مذکر - ٹھٹھے بازی - مسخراپن +
تَمَسُّک - ع - مذکر - پکڑ - گرفت - اقرارنامہ +
تَمغا - ت - مذکر - محصول - سوداگری کے مال پر لگانے کی سرکاری مُہر - عزت کا نشان - کارگزاری یا انعام کا نقرئی یا طلائی نشان +

تمکنت - ع - مؤنث - حکومت - عزت - زور - غرور - شیخی +
تمکنت کرنا - ا - (عو) اترانا شیخی مارنا +
تمکین - ع - مؤنث - طاقت - بل - عزت - قدر - شان وشوکت +
تملق - ع - مذکر - خوشامد - چاپلوسی +
تمن - ف - مذکر - تومان کا مخفف - دس ہزار - سوسو سپاہیوں کا دستہ - ایک سونے کا سکہ +
تمن دار - ف - مذکر - رسالدار +
تمنا - ع - مؤنث - آرزو - خواہش - شوق +
تمنچہ - ف - مذکر - پستول +
تموج - ف - مذکر - لہریں اٹھنا - ہلوریں مارنا - جوش
تمول - ع - مذکر - مالداری - دولتمندی +
تمہارا - ہ - ضمیر مضاف الیہ - تم سب کا - آپ کا +
تمہارا سر - ا - کلمۂ نفرین - جب کوئی سوال کرنے والا جواب سے چھوٹا ہو یا برابر کا غلطی کرتا ہے یا اس سے ناخوش ہوتے ہیں تو یہ کلمہ کہتے ہیں +
تمہارا کلیجہ - ا - کلمۂ نفرین (عو) جب کوئی چھوٹا کسی عورت کے مزاج کے خلاف بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اسکے جواب میں یہ کلمہ زبان پر لاتی ہے +
تمہارے - ا - ضمیر مضاف الیہ - آپکے - تم سب کے
تمہارے منہ میں گھی شکر - ا - دعا - جب کوئی مراد کے مطابق بات کہتا ہے تو یہ دعا دیتے ہیں +
تمہید - ع - مؤنث - آغاز - اٹھان - دیباچہ +
تمہید اٹھانا - ا - ابتدا کرنا - کسی بات کا ڈول ڈالنا
تمیز - ع - مؤنث - جدا کرنا - پہچان - فرق - ادب - شعور - عقل +
تمیز دار - ع ف - صفت - باادب - لائق - ہوشیار

ت ن

تن - ہ - مذکر - ایک درخت کا نام جسکی لکڑی سرخ ہوتی ہے
تن - ف - مذکر - بدن - جسم +
تن پرور - ف - صفت - خودغرض - مطلبی - آرام طلب
تن پروری - ف - مؤنث - خودغرضی - آرام طلبی +
تن تنہا - ا - تابع فعل - اکیلا - اپنے دم سے +
تن درست - ف - صفت - بھلا چنگا +
تن درستی - ف - مؤنث - صحت - سلامتی +
تن دہی - ف - مؤنث - کوشش - محنت - زحمت
تن کو لگنا - ا - دلپر اثر کرنا - بدن کا جزو ہونا +
تن من - ہ - مذکر - جسم اور جان +
تن من وارنا - ہ - جان قربان کرنا +
تننا - ہ - کھینچنا - پھیلنا - خوب بھر جانا - اکڑنا - طول پکڑنا پھیلانا +
تنازع - ع - مذکر - جھگڑا - فساد - عداوت +
تنازع للبقا - ع - مذکر - زندگی کے لیئے جھگڑا کرنا +
تناسب - ع - مذکر - مناسبت - خوبصورتی - موافقت باہمی تعلق +
تناسب اعضا - ع - مذکر - بدن کے تمام اعضا کا اپنے اپنے موقع اور انداز سے ٹھیک ہونا +
تناسخ - ع - مذکر - آواگون - جون بدلنا - روح کا ایک قالب سے دوسرے قالب میں جانا +
تناسل - ع - مذکر - باہم اولاد جننا - نسل بڑھانا +
تناور - ف - صفت - موٹا - مضبوط +
تناول فرمانا یا کرنا - ا - کھانا کھانا - بھوجن کرنا +
تنباکو - ہ - مذکر - تمباکو - ایک پودا جسکے پتے کو پان میں کھاتے اور حقے یا سگریٹ میں پیتے ہیں +
تنبو - ہ - مذکر - خیمہ - ڈیرہ +
تنبور - ف - مذکر - ایک قسم کا ڈھول +
تنبورچی - ا - مذکر - تنبور بجانے والا +
تنبورا - ہ - مذکر - ایک ستار کی قسم کا باجا +
تنبول - ہ - مذکر - پان +
تنبولن - ہ - مؤنث - پان بیچنے والی عورت - پنواڑی

ذات کی عورت ٭
تنبولی - ہ - مذکر - پان بیچنے والا - ایک قوم جسکا پیشہ
پان بیچنا ہے ٭
تنبیہ - ع - مذکر - دھمکی - خبرداری - نصیحت ٭
تنبیہہ - ع - مؤنث - آگاہی - جتلانا - نصیحت - (ل)
جھڑکی - سزا - تاکید ٭
تنتنا - ل - مذکر - (عو) (صحیح عربی طنطنۂ) دبدبہ - شان
وشوکت - حکومت - غصہ ٭
تنتنانا - ہ - سنسنانا - جھنجھنانا ٭
تنخواہ - ف - مذکر - (تلفظ تنخاہ) مہینہ بھر کی اجرت -
ماہیانہ - مشاہرہ ٭
تنخواہ دار - ف - مذکر - (تلفظ تنخاہ دار) تنخواہ پانے والا
ملازم ٭
تند - ف - صفت - تیز - جھلا - چنچل - سخت - کڑوا ٭
تندخو - ف - صفت - بدمزاج - چڑچڑا - جھلا ٭
تندرفتار - ف - صفت - تیز چلنے والا ٭
تندمزاج - ف - صفت - تندخو - چڑچڑا ٭
تندور - ل - مذکر - بھٹی - تنور ٭
تندور جھونکنا - ل - بھٹی گرم کرنا - بھٹیارے کا کام کرنا ٭
تندی - ف - مؤنث - تیزی - سختی - غصہ - بدمزاجی -
ہشیاری - شہوت ٭
تندیل - ہ - صفت - بڑے پیٹ والا - توندوالا ٭
تنزل - ع - مذکر - اترنا - گھٹاؤ - کمی ٭
تنزل پذیر ہونا - ل - کمی کی طرف مائل ہونا - گھٹاؤ ہونا
تنزیہہ - ع - مؤنث - صاف کرنا - پاک کرنا - پاکی ٭
تنسیخ - ع - مؤنث - منسوخ کرنا - رد کرنا ٭
تنصیف - ع - مؤنث - برابر کے دو ٹکڑے کرنا -
آدھو آدھ کرنا ٭
تنفر - ع - مذکر - نفرت - بیزاری ٭
تنفس - ع - مذکر - سانس لینا - ہانپنا ٭
تنقیح - ع - مؤنث - زائد اور عیب دار باتوں سے پاک
وصاف کرنا - خالص کرنا - فیصلہ - کھوج ٭
تنقیح طلب امر - ع - مذکر - وہ بات جسکا کھوج لگانا
یا جسے صاف کرنا منظور ہو ٭
تنقیہ - ع - مذکر - جلاب دینا - صاف کرنا - فیصلہ
تنک - ف - صفت - کمزور - نازک - اوچھا - بےحقیقت
تنک ظرف - ف ع - صفت - کمینہ - کم حوصلہ
تنک مزاج - ف - ع - صفت - تیزمزاج - چڑچڑا
تنکا - ہ - مذکر - گھاس کا ڈنٹھل - خس ٭
تنکا دانتوں میں لینا - یا پکڑنا } - ہ - عاجزی کرنا
یا تنکا منہ میں لینا } گڑگڑانا - پناہ مانگنا
تنکا نہ رہنا - ہ - بالکل صفایا ہوجانا - کنگال ہوجانا ٭
تنکنا - ہ - (عو) خفا ہونا - بگڑنا ٭
تنکے - ہ - تنکا کی جمع ٭
تنکے چننا - ہ - بدحواس ہونا - پاگل ہوجانا - عاشق ہونا
تنکے چنوانا - ہ - پاگل بنانا - فریفتہ کرنا - آوازہ پھرانا
تنکے کا سہارا - ہ - مذکر - ذراسی ڈھارس ٭
تنکے کو پہاڑ کر دکھانا - ہ - بات کا بتنگڑ بنا دینا ٭
تنکے کی اوٹ پہاڑ ہونا } - ہ - ذراسی بات میں
یا تنکے کی اوجھل پہاڑ ہونا } کسی بڑی بات کا چھپا ہونا
کسی مشکل بات کا سہل تدبیر سے حل ہوجانا ٭
تنگ - ف - صفت - بھنچا ہوا - چست - سکڑا ہوا -
کم - تھوڑا - غریب - عاجز - ناچار - (مذکر) چارجامہ
یا زین وغیرہ کسنے کی نواڑ یا فیتہ ٭
تنگ آنا - ل - عاجز آنا - مجبور ہونا - گھبرا جانا ٭
تنگ چشم - ف - صفت - کم حوصلہ - کنجوس ٭
تنگ حال - ف ع - صفت - غریب - محتاج - تباہ حال
مرنے کے قریب ٭
تنگ حوصلہ - ف ع - کمینہ - اوچھا - کنجوس ٭
تنگ دست - ف - صفت - کنگال - محتاج ٭
تنگدستی - ف - مؤنث - محتاجی - غریبی ٭
تنگدل - ف - صفت - تھڑدلا - اوچھا - کنجوس ٭

تنگ دہن - ف - صفت - چھوٹے منہ کا معشوق ۔

تنگ ظرف - ف ع - صفت - اوچھا - کمینہ - کم حوصلہ

تنگ ہونا - ا - عاجز ہونا - دق ہونا - مجبور ہونا ۔

تنگی - ف - مؤنث - کمی - مفلسی - مصیبت - مشکل ۔

تنگی کرنا - ہ - کمی کرنا - کنجوسی کرنا - صبر کرنا ۔

تنگی گئی فراخی آئی - ا - کہاوت - برے دن گئے بھلے دن آئے ۔

تنور - ع - مذکر - بھٹی ۔

تنومند - ف - صفت - موٹا تازہ - طاقتور ۔

تنومندی - ف - مؤنث - موٹاپا - شہ زوری ۔

تنوین - ع - مؤنث - دو زبر یا زیر یا پیش لگاکر نون کی آواز پیدا کرنا ۔

تنہ - ف - مذکر - درخت کا وہ حصہ جس سے شاخیں پھوٹنا شروع ہوتی ہیں ۔

تنہا - ف - صفت - اکیلا - نرالا - جدا - صرف - لاثانی

تنہائی - ف - مؤنث - علیحدگی - جدائی - اکیلا رہنا - جہاں کوئی نہ ہو ۔

ت و

تو - ہ - حرف جزا - تب - اسلئے - پھر - حاصل کلام ۔

تو - ہ - مؤنث - کتے کے بلانے کی آواز ۔

تو - ہ - ضمیر واحد حاضر - ادنیٰ اور کم درجہ کے لوگوں کے لئے حرف خطاب ۔

تو تڑاق کرنا - ا - گالی گلوچ کرنا - بدزبانی کرنا ۔

تو تکار - یا تو تو میں میں - ہ - مؤنث - گالی گلوچ - بدزبانی - جھگڑا ٹنٹا ۔

تو ڈال ڈال تو میں پات پات - ہ - کہاوت - میں تجھ سے بھی دو قدم آگے ہوں ۔

توا - ہ - مذکر - لوہے کا گول برتن جسپر روٹی پکاتے ہیں چلم میں رکھنے کا گول ٹھیکرا (صفت) نہایت کالا ۔

تواتر - ع - مذکر - لگاتار - پے در پے ۔

توارد - ع - مذکر - ایک جگہ اترنا - ایک ہی مضمون دو شخصوں کے دماغ میں آنا ۔

تواری - ہ - مذکر - برہمنوں کے ایک فرقہ کا نام ۔

تواریخ - ع - مؤنث - تاریخ کی جمع - جیبینے کے دن واقعات کا علم - واقعات - کہانیاں ۔

تواضع - ع - مؤنث - عاجزی - انکسار - خاطر مدارات مہمان داری ۔

تواضع سمرقندی - ع ف - مؤنث - جھوٹی خاطر اوپری آؤ بھگت ۔

تواضع کرنا - ا - عاجزی سے پیش آنا - آؤ بھگت کرنا دعوت کرنا ۔

توام - ع - صفت - وہ بچے جو ایک ساتھ ایک پیٹ سے پیدا ہوئے ہوں ۔

توان - ف - مؤنث - طاقت - بل - زور ۔

توانا - ف - صفت - طاقتور - مضبوط - موٹا تازہ

توانائی - ف - مؤنث - زور - طاقت ۔

توبڑا - ا - مذکر - دانہ بھر کر گھوڑے کے منہ پر چڑھانے کا تھیلا ۔

توبہ - ع - مؤنث - گناہ سے باز آنا - افسوس - (لا) قسم - رحم کر - پناہ - خدا بچائے ۔

توبہ بلوانا - یا - کرانا - ا - عاجز کرنا - گھبرا دینا - چیں بلوانا ۔

توبہ تلا کرنا - توبہ تلی مچانا - توبہ دھاڑ مچانا } - ا - واویلا کرنا - شور و غل مچانا پناہ مانگنا ۔

توبہ توبہ - ع - ندا - عبرت و افسوس - یا بختہ عہد یا کسی نفرت کے موقع پر بولتے ہیں ۔

توبہ توڑنا - ا - قسم سے پھرنا - عہد توڑنا ۔

توبہ کرکے کہنا - خدا سے ڈر کے کہنا ۔

توبہ کرنا - ا - گناہ سے باز آنا - قسم کھانا - چھوڑنا - پناہ مانگنا - معافی چاہنا ۔

توبیخ - ع - مؤنث - ملامت - جھڑکی - تنبیہ ٭

توپ - ت - مؤنث - ایک بہت بڑی قسم کی بندوق جسمیں گولا چلتا ہے - بہت موٹا آدمی ٭

توپچی - ف - مذکر - توپ چھوڑنے والا ٭

توپ خانہ - ف - مذکر - توپیں رکھنے کا مکان - توپوں کی ایک خاص تعداد ٭

توپ داغنا یا سر کرنا - ا - توپ چلانا - توپ کو بتی دکھانا ٭

توپ دم کرنا - ا - توپ کے سامنے رکھکر اُڑا دینا

تُوت - ع - مذکر - شہتوت اور اسکا درخت ٭

توتا - ف - مذکر - طوطا - مٹھو - ایک مشہور پرندہ ٭

توتا چشم - ف - صفت - بے مروت - بے وفا ٭

توتلا - ہ - صفت - مذکر - ہکلا - جسکی زبان سے الفاظ صاف نہ نکلیں ٭

تُوتی - ف - مذکر - ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا کا نام

توتی بولنا - ا - نہایت مشہور ہونا - اقبال سامنے ہونا - دھاک بیٹھنا ٭

توتے - ا - مذکر - توتا کی جمع ٭

توتے اُڑ جانا - ا - گھبرا جانا - حواس قائم نہ رہنا ٭

توتے کی سی آنکھیں پھیرنا یا } - ا - دفعۃً

توتے کی طرح آنکھیں بدل جانا } بیمروت ہوجانا

توتے کی طرح پڑھنا یا یاد کرنا - ا - بے سمجھے پڑھنا - بے سمجھے یاد کرنا

تُوتیا - ف - مذکر - نیلا تھوتھا ٭

توجّہ - ع - مؤنث - کسی کی طرف رُخ کرنا - (ا) میلان - رغبت - مہربانی ٭

توجّہِ باطن - ع - مؤنث - دلی میلان - دلی مہربانی

توجیہہ - ع - مؤنث - وجہ بیان کرنا - سبب - دلیل لانا

توحید - ع - مؤنث - ایک جاننا - خدا کے ایک ہونے پر ایمان لانا ٭

تُودہ - ف - ڈھیر - ٹیلا - بہت زیادہ ٭

تُودہ بندی - ا - مؤنث - حدیں باندھنا ٭

تُورہ - ت - مذکر - رسم - طریقہ (مجازاً) وہ مذہبی قانون جو چنگیز خاں نے بنایا تھا - مختلف کھانوں کا خوان ٭

تورہ پوش - ت - ف - مذکر - توروں کے خوان ڈھانکنے کا سرپوش ٭

توری - ہ - مؤنث - ایک مشہور ترکاری - تُرئی ٭

توریت - عبرانی - مؤنث - وہ آسمانی کتاب جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر اُتری تھی ٭

توڑ - ہ - مذکر - ٹوٹ پھوٹ - پانی کے بہاؤ کا زور - جواب - رد - گولے گولی کی مقدار مسافت - علاج - پیچ کا کاٹ ٭

توڑ پھوڑ - ہ - مؤنث - ٹوٹ پھوٹ - ویرانی - بربادی - خرابی - سازش - بہکاوا ٭

توڑ جوڑ - ہ - مذکر - لڑائی اور صلح - تدبیر - جتن - عقلمندی - مکاری - کاٹ چھانٹ - چال - عبارت کی بندش ٭

توڑ کرنا - ا - جواب دینا - داؤں کا کاٹ کرنا ٭

توڑا - ہ - مذکر - کمی - ٹوٹا - بندوق چھوڑنے کی بتی - گلے کا ایک زیور - گردن کی ناز کے ساتھ حرکت یا ناچنے میں گھنگروں کو بجاکر پاؤں سے گت دلینا - اشرفی یا روپیوں کی تھیلی ٭

توڑا پڑنا - ا - قحط پڑنا - کمی ہونا ٭

توڑنا - ہ - ٹکڑے کرنا - چور چور کرنا - جدا کرنا - زمین کو جوتنا - ڈھانا - گرانا - کاٹنا - قطع تعلق کرنا - موقوف کرنا - اپنی طرف کر لینا - بے محنت کھانا - کمزور کرنا - گھٹانا ٭

توڑنا جوڑنا - ہ - بنانا بگاڑنا ٭

توڑے دار - ا - صفت - وہ بندوق جو فلیتہ کے ذریعہ سر کی جائے ٭

تُوزک - ت - مؤنث - آرائش - شان و شوکت - قاعدہ قانون - بادشاہ کا روزنامچہ ٭

توشدان - ا - مذکر - کارتوس رکھنے کا بکس جسے سپاہی کمر سے باندھے رکھتے ہیں ٭

توسُّط - ع - مذکر - بیچ - درمیان - وسیلہ - ذریعہ ✦
توسُّل - ع - مذکر - وسیلہ ڈھونڈنا - وسیلہ - سفارش ✦
توسَن - ف - مذکر - شوخ اور شریر بچھیرا - گھوڑا ✦
توسہی - ہ - تابع فعل (ہو) یقیناً - لاکھوں میں - شرطی بے شک ✦
توشک - ت - مؤنث - روئی دار بچھونا - گدا ✦
توشک خانہ - ت - ف - مذکر - کپڑے اور زیور وغیرہ رکھنے کا مکان ✦
توشہ - ف - مذکر - مُسافر کے ساتھ کا کھانا - سفر خرچ - کسی ولی کے نام کا کھانا ✦
توشۂ عاقبت یا عقبیٰ - ف - ع - مذکر - وہ اچھے کام جو مرنے کے بعد کام آئیں ✦
توشہ خانہ - ف - مذکر - (دیکھو توشک خانہ) ✦
توصیف - ع - مؤنث - سراہنا - تعریف - خوبی
توضیح - ع - مؤنث - تشریح - کھول کے کہنا ✦
توغّل - ع - ایک ہی کام میں بہت زیادہ لگا رہنا ✦
توفیر - ع - مؤنث - زیادتی - فاضل - فائدہ - اوپر کی آمدنی - حق المحنت ✦
توفیق - ع - مؤنث - نیک اسباب بہم پہنچانا - خدا کا فضل - لیاقت - ہمت - حوصلہ ✦
توقُّع - ع - مؤنث - آس - بھروسا - اُمید - خواہش ✦
توقُّف - ع - مذکر - تاخیر - ڈھیل - صبر - تامّل ✦
توقیر - ع - مؤنث - عزت - وقعت - بزرگی ✦
توکّل - ع - مذکر - خدا پر بھروسہ کرنا - بھروسا ✦
تول - ہ - مؤنث - وزن - اندازہ ✦
تولا - ہ - مذکر - بارہ ماشے کا وزن ✦
تولا ماشا - ہ - صفت - غیر مستقل مزاج - ایک حالت پر قائم نہ رہنے والا ✦
تولّا - ع - مذکر - محبت - اُمید ✦
تولّائی - ع - مذکر - محبت رکھنے والا - شیعوں کا وہ فرقہ جو تبرّا نہیں کرتا ✦

تولُّد - ع - مذکر - پیدا ہونا - جنم ✦
تولنا - ہ - وزن کرنا - جانچنا - لیاقت کا اندازہ کرنا ✦
تولیا - پ - مذکر - ہاتھ منہ پونچھنے کا بڑا رومال ✦
تولید - ع - مؤنث - پیدا کرنا - پرورش کرنا ✦
تومڑی - ہ - مؤنث - چھوٹا تونبا ✦
تُومنا - ہ - رُواں رُواں جدا کرنا - روئی کو ہاتھ سے توڑنا ✦
تُونبا - ہ - مذکر - ایک قسم کا کڑوا کدو جسے اندر سے خالی کر کے فقیر کام میں لاتے ہیں ✦
تُونبی - ہ - مؤنث - چھوٹا تُونبا - تُونبڑی - سپیروں کی بین ✦
تُونبی ہاتھ میں لینا - ہ - جوگی بننا - فقیری لینا ✦
توند - ہ - مؤنث - بڑا پیٹ ✦
تونس - ہ - مؤنث - بے حد پیاس - وہ پیاس جو کسی طرح نہ بُجھے ✦
تُونگر - ف - صفت - (صحیح توانگر) مضبوط - امیر - دولتمند (۲) بے پروا ✦
تُونگری - ف - مؤنث - دولتمندی - لااُبالی پن ✦
توہُّم - ع - مذکر - وہم میں ڈالنا - شک - وسواس ✦
توہین - ع - مؤنث - ذِلّت - بے عزتی ✦
توہینِ عدالت - ع - مؤنث - عدالت کی بے عزتی ✦
توئی - پ - مؤنث - ایک قسم کی کپڑے پر بُنی ہوئی بیل ✦
توے کا ہنسنا - ہ - توے کے نیچے جمے ہوئے کاجل کا آگ سے روشن ہونا - عورتیں اس سے شادی اور رزق کی زیادتی کا شگون لیتی ہیں - نہایت کالے آدمی کے پان کھا کر ہنسنے کی پھبتی ✦
توے کی بُوند - ہ - صفت - ناپائدار - فانی ✦

ت ہ

تہ - ف - مؤنث - نیچے - تلا - پیندا - انتہا - ردّا - پرت - چھپی ہوئی بات - تلچھٹ - منشا ✦

ته به ته - ف - تابع فعل - ہر ایک پرت میں - ایک کے
نیچے ایک (صفت) پیچ در پیچ +
ته بند - ف - مذکر - لنگی - دھوتی +
ته پوشی - ف - مؤنث - وہ کپڑا جو ساڑی کے نیچے
باندھتے ہیں +
ته پیچ - ف - مذکر - پگڑی کے نیچے کا کپڑا +
ته توڑنا - ہ - تمام کر دینا - کنوے کا پانی نکال لینا +
ته جمانا - ہ - ایک چیز کے اوپر قاعدے سے دوسری
چیز رکھنا - کھانے پر کھانا +
ته خانه - ف - مذکر - زمین کے نیچے کا مکان +
ته دار - ف - صفت - مشکل - پیچیدہ - ایسی بات جسکا
ظاہر کچھ ہو باطن کچھ +
ته دیگی یا ته دیغی - ہ - مؤنث - کھرچن - دیگ کے
نیچے کا پلاؤ زردہ +
ته دینا - ہ - ہلکا رنگ دینا - ته به ته رکھنا +
ته کر رکھو - ہ - محاورہ - رکھ چھوڑو - ہوا نہ لگنے دو
اب ضرورت نہیں ہے +
ته کرنا - ہ - لپیٹنا - مختصر کرنا +
ته کو پہنچنا - ہ - اصل مطلب بھانپ لینا - منشاء سمجھ لینا
حقیقت کو پہنچنا +
ته کی بات - ہ - مؤنث - گہری بات - اصل بات +
ته نشین ہونا - ہ - نیچے بیٹھنا - دل میں جمنا +
ته و بالا - ف - تابع فعل - اُلٹ پلٹ - زیر و زبر +
ته و بالا کرنا - ہ - اُلٹ پلٹ کرنا - برباد کرنا -
خاک میں ملانا +
ته و بالا ہونا - ہ - ملیامیٹ ہونا - اُلٹ پلٹ ہونا
غارت ہونا +
تھا - ہ - ماضی بعید کی علامت +
تھاپ - ہ - مؤنث - تھپکی - طبلہ کی آواز +
تھاپ دینا - ہ - طبلہ پر ہاتھ مارنا +
تھاپنا - ہ - اُپلے بنانا +

تھاپی - ہ - مؤنث - تھپکی - برتن گھڑنے کا اوزار +
چونہ کوٹنے کی موگری +
تھال - ہ - مذکر - پیتل وغیرہ کی بڑی رکابی +
تھالی - ہ - مؤنث - پیتل وغیرہ کی تشتری - رکابی +
تھالی کا بینگن - ہ - صفت - غیر مستقل مزاج -
ایسا شخص جو کبھی کسی کی طرف ہو کبھی کسی کی +
تھامنا - ہ - پکڑنا - روکنا - کھڑا کرنا - مدد کرنا +
تھان - ہ - مذکر - جگہ - گھوڑا باندھنے کی جگہ - گھوڑے
کی بچالی - مزار - کپڑے اور گوٹے وغیرہ کی مقررہ مقدار +
تھان کا کڑوا - ہ - صفت - اپنے گھر پر بہادری جتلانے
والا - گلی کا کتا +
تھان کا سچا - ہ - صفت - وہ گھوڑا جو ہر ایک جگہ
سے چھوٹ کر اپنے تھان پر آکھڑا ہو +
تھانولا - ہ - مذکر - درخت کی جڑ کا گڑھا +
تھانہ - ہ - مذکر - پولس کا دفتر - پولس کی چوکی +
تھانہ چڑھ آنا - ہ - پولس کے سپاہیوں کا کسی گھر
پر دھاوا بولنا +
تھانیدار - ہ - مذکر - تھانے کا افسر - سب انسپکٹر +
تھانے داری - ہ - مؤنث - تھانہ دار کا عہدہ +
تھاہ - ہ - مؤنث - پانی کی ته - گہرائی - پتا - انتہا - منشاء
تھاہ پانا - ہ - گہرائی معلوم ہونا - انتہا پانا - منشاء پانا +
تھاہ لینا - ہ - گہرائی دریافت کرنا - منشا معلوم کرنا +
تہائی - ہ - مؤنث - تیسرا حصہ +
تھپیڑ - ہ - مذکر - لپڑ - طمانچہ - ہوا کا تیز جھونکا - پنجہ -
پانی کی زوردار لہر +
تھپیڑ لگانا یا مارنا - ہ - دھپ رسید کرنا +
تھپڑی - ہ - مؤنث - تالی - دونوں ہتھیلیوں کو بجانا
تھپڑی بجنا یا پٹنا - ہ - تالی پٹنا - رسوائی ہونا -
بے عزتی ہونا +
تھپڑی پیٹنا - ہ - تالی بجانا - ذلیل کرنا +
تھپک تھپک کر رکھنا - ہ - دم دلاسا دیکر رکھنا +

تھپکنا۔ ہ۔ سُلانے کے لئے بچے کے بدن پر آہستہ آہستہ ہاتھ مارنا ٭

تھُپنا۔ ہ۔ سر پڑنا۔ ذمّہ لگنا ٭

تھپیڑا۔ ہ۔ مذکر۔ پانی کی لہر ٭

تہتّر۔ ہ۔ صفت۔ ستّر اور تین (۷۳) ٭

تہتک۔ ع۔ مذکر۔ ذلّت۔ بے آبروئی ٭

تھتکارنا۔ ہ۔ (عو) تھُو تھُو کرنا۔ نفرت ظاہر کرنا ٭

تہجّد۔ ع۔ مؤنث۔ رات کو جاگنا۔ آدھی رات کے بعد کی نماز ٭

تہجّی۔ ع۔ مؤنث۔ ہجّے کرنا۔ مُفرد حروف کا پڑھنا ٭

تہدید۔ ع۔ مؤنث۔ دھمکی۔ ڈانٹ۔ تنبیہ ٭

تہذیب۔ ع۔ مؤنث۔ صفائی۔ دُرستی۔ اصلاح۔ آدمیّت۔ شائستگی ٭

تہذیبِ اخلاق۔ ع۔ مؤنث۔ اچھی عادتوں کی دُرستی انسانیّت ٭

تہذیب یافتہ۔ ع ف۔ صفت۔ سُدھرا ہوا۔ تعلیم یافتہ شائستہ ٭

تہرا۔ ہ۔ صفت۔ تین تہ کا۔ تین طرح کا۔ تگنا ٭

تہرانا۔ ہ۔ تیسری دفعہ کہنا یا کرنا ٭

تھرّانا۔ یا تھر تھرانا۔ ہ۔ کانپنا۔ کپکپانا۔ ڈرنا ٭

تھر تھراہٹ یا تھر تھری۔ ہ۔ مؤنث۔ کپکپی ٭

تھرکنا۔ ہ۔ مٹکنا۔ ناچنا۔ پھڑکنا ٭

تھرمامیٹر۔ انگ۔ مذکر۔ حرارت معلوم کرنے کا آلہ ٭

تھڑدلا۔ ہ۔ صفت۔ بزدل۔ ڈرپوک۔ کنجوس کم حوصلہ ٭

تھُڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ نفرت کا کلمہ۔ لعنت۔ تُف ٭

تھُڑی تھُڑی کرنا۔ ہ۔ (عو) اظہارِ نفرت کرنا۔ بُرا کہنا

تھُڑی تھُڑی ہونا۔ ہ۔ (عو) ذلّت ہونا۔ پھٹکار ہونا

تہس نہس۔ ہ۔ صفت۔ تباہ و برباد۔ ویران ٭

تہس نہس کرنا۔ ہ۔ (عو) ملیامیٹ کرنا۔ تہ و بالا کرنا

تھکّا۔ ہ۔ مذکر۔ جمی ہوئی نرم چیز۔ چکتّا ٭

تھکا اُونٹ سرا کو دیکھتا ہے۔ ہ۔ کہاوت۔ مجبور آدمی سہارا ڈھونڈتا ہے ٭

تھکا ماندہ۔ ہ۔ صفت۔ تھکا ہوا۔ عاجز ٭

تھکا مارنا۔ ہ۔ دق کر دینا۔ عاجز کر دینا ٭

تھکان یا تھکن۔ ہ۔ مؤنث۔ ماندگی۔ تھکاوٹ ٭

تھکانا۔ ہ۔ لہرانا۔ جی چھُڑانا۔ دق کرنا ٭

تھک کر چُور ہونا۔ ماندگی کی وجہ سے جوڑ جوڑ دُکھنا

تھکنا۔ ہ۔ ہارنا۔ ماندہ ہونا۔ عاجز ہونا۔ کمزور ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ سست ہونا۔ ہمّت ہارنا ٭

تھِگلی۔ ہ۔ مؤنث (عو) پیوند۔ جوڑ ٭

تھِگلی لگانا۔ ہ۔ (عو) جوڑ لگانا۔ توڑ جوڑ کرنا۔ جہاں پہنچنا ناممکن ہو وہاں جا پہنچنا ٭

تھَل۔ ہ۔ مذکر۔ جگہ۔ ٹھکانا ٭

تھل بیڑا۔ ہ۔ مذکر۔ جہاز ٹھہرنے کی جگہ۔ بندرگاہ۔ ٹھور۔ ٹھکانا ٭

تھل بیڑا لگانا۔ ہ۔ ٹھکانا لگانا ٭

تھل بیڑا لگنا۔ ہ۔ ٹھکانا لگنا۔ پتا ملنا ٭

تھلتھلانا۔ ہ۔ موٹاپے کی وجہ سے بدن کا گوشت ہلنا۔

تہلکہ پڑنا یا مچنا۔ ہ۔ دھوم مچنا۔ کھلبلی پڑنا۔ مصیبت آنا

تھم۔ ہ۔ مذکر۔ کھمبا۔ تھُونی ٭

تھماتا۔ ہ۔ پکڑانا۔ ہاتھ میں دینا ٭

تُہمت۔ ع۔ مؤنث۔ جھوٹا الزام۔ افترا ٭

تُہمت جوڑنا۔ یا دھرنا۔ یا رکھنا۔ یا لگانا۔ ہ۔ غلط الزام لگانا ٭

تھمنا۔ ہ۔ ٹھہرنا۔ رُکنا۔ باز رہنا ٭

تھن۔ ہ۔ مذکر۔ چوپایوں کی دودھی۔ چھاتی ٭

تہنیت۔ ع۔ مؤنث۔ مبارکی۔ مبارک بادی ٭

تھُو تھُو کرنا۔ ہ۔ نفرت کرنا۔ تھوکنا ٭

تھُو تھُو ہونا۔ بدنامی ہونا۔ رُسوائی ہونا ٭

تھوبڑا۔ ہ۔ مذکر۔ حقارت سے مُنہ کو کہتے ہیں۔ تھوتھنی ٭

تھوپنا۔ ہ۔ چھوپنا۔ تھاپنا۔ لیسنا۔ ذمہ ڈالنا۔ سر منڈھنا

تھوتنا۔ ہ۔ مذکر۔ حقارت سے۔ منہ۔ تھوتھنی۔ حیوان کا منہ
تھوتنی۔ ہ۔ مؤنث۔ گھوڑے، اونٹ، سؤر، اور ریچھ کا منہ۔ حقارتاً آدمی کا منہ ۔
تھوتھا۔ ہ۔ صفت۔ کھوکھلا۔ بے نوک۔ دُم کٹا۔ مُنڈا (مذکر) بیلا تھوتھا ۔
تہوُّر۔ ع۔ مذکر۔ مردانگی۔ بہادری ۔
تھُورنا۔ ہ۔ حقارت سے کھانے کو کہتے ہیں۔ نگلنا
تھوڑا۔ ہ۔ صفت۔ کم۔ ذرا سا۔ کچھ ۔
تھوڑا بہت۔ ہ۔ صفت۔ کچھ کچھ۔ تھوڑا سا ۔
تھوڑا تھوڑا ہونا۔ ہ۔ شرمندہ ہونا۔ پانی پانی ہونا
تھوڑا ہی۔ ... ۔ بالکل نہیں ۔
تھوک۔ ہ۔ مذکر۔ اکھٹا۔ ڈھیر۔ جمع۔ گروہ۔ جتھا ۔
تھوک فروش۔ ہ۔ مذکر۔ اکھٹا مال بیچنے والا ۔
تھُوک۔ ہ۔ مذکر۔ ... ب۔ رال ۔
تھُوک دینا۔ ہ۔ نفرت سے چھوڑ دینا ۔
تھُوک کر چاٹنا۔ ہ۔ عہد توڑنا۔ کچھ دیکر واپس لینا
تھُوک لگانا۔ ہ۔ شکست دینا۔ زک دینا ۔
تھوکنا۔ ہ۔ منہ کا لعاب پھینکنا۔ نفرت ظاہر کرنا۔ بُرا بھلا کہنا۔ ذلیل کرنا ۔
تھُونی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھمبا۔ تھم۔ آڑ ۔
تھُوہر۔ ہ۔ مذکر۔ ایک کانٹے دار زہریلا درخت جس سے دودھ نکلتا ہے ۔
تھئی تھئی۔ ہ۔ مؤنث۔ ناچنے گانے کی آواز ۔
تھیلا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑی تھیلی ۔
تھیلی۔ ہ۔ مؤنث۔ جیب۔ کیسہ۔ توڑا ۔
تھینکس۔ انگ۔ مذکر۔ شکریہ۔ بہت سے شکریے ۔
تہیّہ۔ ع۔ مذکر۔ مستعدی۔ پختہ ارادہ۔ آمادگی ۔

تای

تیا پانچہ کرنا۔ ہ۔ حصے بخرے کرنا۔ بانٹنا۔ اونے پونے بیچ ڈالنا ۔

تیار۔ ع۔ صفت۔ آمادہ۔ لیس۔ پورا۔ مکمل۔ موٹا تازہ۔
تیار کرنا۔ ا۔ آمادہ کرنا۔ درست کرنا۔ موجود کرنا۔ پکانا۔ موٹا کرنا۔ پورا کرنا ۔
تیار ہونا۔ ا۔ آمادہ ہونا۔ موٹا تازہ ہونا۔ درست ہونا بن چکنا۔ پک چکنا ۔
تیاری۔ ا۔ مؤنث۔ آمادگی۔ موجودگی۔ دھوم دھام مُٹاپا۔ سجاوٹ ۔
تیاگنا۔ ہ۔ چھوڑنا۔ تجنا ۔
تیکھا۔ ہ۔ صفت۔ کڑوا۔ زیادہ مرچوں کا ۔
تینتالیس۔ یا تینتالیس۔ ہ۔ صفت چالیس اور تین (۴۳)
تیتر۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مشہور پرند ۔
تیتری۔ ہ۔ مذکر۔ تیتر کی مادہ۔ ایک خوبصورت پردار کیڑا۔ تتلی ۔
تینتیس۔ یا تینتیس۔ ہ۔ صفت۔ تیس اور تین (۳۳) ۔
تیج۔ ہ۔ مذکر۔ جوش۔ رُعب داب۔ سورج کی کرن ۔
تیج۔ ہ۔ مؤنث۔ تیسری تاریخ۔ ہندؤوں کا ایک تہوار جو ساون میں ہوتا ہے ۔
تیجا۔ ہ۔ مذکر۔ سُوم۔ فاتحہ ۔
تیج پات۔ ہ۔ مذکر۔ ایک خوشبودار پتّا ۔
تیر۔ س۔ مذکر۔ دریا کا کنارہ۔ نزدیک۔ پاس ۔
تیر۔ ف۔ مذکر۔ بان۔ کمان میں رکھکر چلانے کی تیلی (صفت) سیدھا۔ تیز۔ طعنہ۔ تشنہ ۔
تیر انداز۔ ف۔ مذکر۔ تیر چلانے والا ۔
تیر اندازی۔ ف۔ مؤنث۔ تیر چلانا ۔
تیر بہدف۔ ف۔ صفت۔ بے خطا۔ فوراً اثر کرنے والا
تیر چلانا۔ ا۔ تیر پھینکنا۔ نشانہ مارنا۔ (طنز سے) کوئی بڑا کام کرنا ۔
تیر سا لگنا۔ ا۔ تیر کی طرح چُبھنا۔ دلپر چوٹ لگنا۔ سخت ناگوار ہونا ۔
تیر کرنا۔ ا۔ اُڑا لینا۔ چرا لینا۔ گزر بسر کرنا ۔
تیر گر۔ ف۔ مذکر۔ تیر بنانے والا ۔

تیرا - ہ - ضمیر مخاطب - چھوٹے یا کمتر آدمی کو خطاب کرنے کا کلمہ ✤

تَیراک - ہ - مذکر - تیرنا جاننے والا ✤

تیرتھ - ہ - مذکر - (صحیح سنسکرت تیرتھ) دریا کا کنارہ درشن - مقدس مقام جو کسی دریا کے کنارے ہو ✤

تیرتھ یاترا - ہ - مؤنث - کسی مقدس مقام کے درشن کے لئے سفر کرنا ✤

تیرتھ [illegible] کرنا - ہ - مقدس مقام کا درشن کرنا ✤

تیرگی - ف - مؤنث - اندھیرا ✤

تیرنا - ہ - پیرنا - پانی کے اوپر لیٹ کر چلنا ✤

تیرہ - ف - صفت - اندھیرا - کالا ✤

تیرہ بخت - یا تیرہ روزگار - ف - صفت - بدقسمت - اَبھاگا ✤

تیرہ - ہ - صفت - دس اور تین (۱۳) ✤

تیرہ تیزی - ا - مذکر - (عو) صفر کے مہینے کے شروع کے تیرہ دن ✤

تیرھویں صدی - ا - مؤنث - مسلمانوں کے ہجری سنہ کے تیرہ سو سال کا زمانہ - کلجگ ✤

تیز - ف - صفت - دھار دار - کاٹنے والا - چرپرا - زیادہ مرچوں والا - جلد - (ا) بدمزاج - تُرشا - ذہین - چالاک - جلد چلنے والا - مہنگا - گرم - جلتا ہوا - مقدار سے زیادہ سخت ✤

تیز پرواز - ف - صفت - جلد اُڑنے والا ✤

تیز دست - ف - صفت - پھُرتی سے کام کرنے والا

تیز دستی - ف - مؤنث - جلدی کام کرنا - چالاکی ✤

تیز رفتار - ف - صفت - جلد چلنے والا ✤

تیز کرنا - ا - دھار نکالنا - غصّہ دلانا - چھیڑنا ✤

تیز مزاج - ف ع - صفت - غصہ والا - تُند مزاج

تیز ہونا - ا - دھار چڑھنا - دھار ہونا - خفا ہونا ✤

تیزاب - ف - مذکر - ایک نہایت تیز عرق - ایک کیمیائی مرکب - ایسڈ ✤

تیزی - ف - مؤنث - دھار ہونا (ا) بدمزاجی - کڑواہٹ مہنگا پن - لگنے والی دوا کا اثر - (ا - مذکر - عو) صفر کا مہینہ

تیس - ہ - صفت - بیس اور دس (۳۰) ✤

تیس دن یا تیسوں دن - ہ - تابع فعل (عو) ہمیشہ - ہر روز ✤

تیس مار خاں - ا - مذکر - (طنز سے) بہادر آدمی ✤

تیسا - ہ - صفت - اُسطرح کا - ویسا ✤

تیسرا - ہ - صفت - تین سے نسبت رکھنے والا ✤

تیسی - ہ - مؤنث - اَلسی - ایک مشہور غلہ جس سے تیل نکالتے ہیں ✤

تیشہ - ف - مذکر - بسُولا ✤

تیغ - ف - مؤنث - تلوار - شمشیر ✤

تیغا - ف - مذکر - چوڑی اور چھوٹی تلوار - دروازے وغیرہ کو اینٹ پتھر سے چُننا - کُشتی کا ایک داؤں

تیغا کرنا - ا - کسی سُوراخ یا دروازے کو چُننکر بند کرنا ✤

تیقّن - ع - مذکر - یقین - اعتبار کرنا ✤

تیکھا - ہ - صفت - نوکدار - دھار دار - دل میں اثر کرنے والا - کڑوا - غصیل - عُمدہ - طرحدار - چُلبلا - ✤

تیکھی - ہ - مؤنث - ٹیڑھی - بانکی - چُلبلی - گانے کی آواز ✤

تیل - ہ - مذکر - روغن - چکنائی ✤

تیل تلوں ہی سے نکلتا ہے - ہ - کہاوت - ہر چیز کا خرچ اسی میں سے نکالا جاتا ہے ✤

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو - ہ - کہاوت - سوچ سمجھکر کام کرو ✤

تیل نکالنا - ہ - روغن کھینچنا - نہایت محنت لینا ✤

تیلن - ہ - مؤنث - تیلی کی بیوی - تیلی قوم کی عورت - تیل بیچنے والی عورت ✤

تیلی - ہ - مؤنث - سینک - سَلائی ✤

تیلی - ہ - مذکر - تیل نکالنے والا - ایک قوم کا نام جو تلوں وغیرہ سے تیل نکالنے کا پیشہ کرتی ہے ✤

تیلی تنبولی - ہ - مذکر - رذیل قوم کے آدمی +
تیلی کا بیل - مذکر - رات دن کام میں لگا رہنے والا +
تیلیا - ہ - صفت - تیل کے رنگ کا - ایک سیاہی مائل رنگ
تیلیا سُرنگ - ہ - مذکر - سیاہی مائل سُرخ گھوڑا +
تیلیا سُہاگہ - ہ - مذکر - ایک قسم کا سہاگہ جو دیکھنے میں
چکنا چکنا معلوم ہوتا ہے +
تیلیا کمیت - ہ - مذکر - زیادہ سیاہی مائل سُرخ گھوڑا +
تیمارداری - ف - مؤنث - بیمار کی خدمت +
تیمم کرنا - ع - طہارت کا قصد کرنا - (شریعت کی اصطلاح میں)
مٹی پر ہاتھ مار کر عبادت کی نیت سے وضو اور غسل
کا بدل کرنا +
تین - ہ - صفت - دو اور ایک (۳) +
تین پانچ - ہ - مؤنث - جھگڑا - تکرار - دغا - فریب +
تین پانچ کرنا - یا لانا - ہ - جھگڑا کرنا - فریب دینا +
تین تیرہ - ہ - صفت - پریشان - تتر بتر +
تین تیرہ کرنا - ہ - تتر بتر کرنا - منتشر کرنا - فضول خرچ کر دینا
تین حرف بھیجنا - ہ - دھتکارنا - لعنت بھیجنا +

تیور - ہ - مذکر - آنکھ کا نور - چتون - آنکھ کی پتلی
تیور بدل جانا - ہ - بیمروت ہو جانا - آنکھوں کی پتلیوں
کا پھر جانا - مرنے کی علامت ظاہر ہونا +

تیندوا - ہ - مذکر - ایک چھوٹی قسم کا چیتا +
تیور بُرے نظر آنا - ہ - نگاہ میں بدی معلوم ہونا -
دل میں فرق ہونا +
تیور بگڑنا - ہ - مرنے کی علامت ظاہر ہونا - نظروں سے
دُشمنی ٹپکنا +
تیورانا - ہ - سر چکرانا - سر میں چکر آ کر آنکھوں کے سامنے
اندھیرا ہونا +
تیوری - ہ - مؤنث - نظر - نگاہ - ماتھے کی سلوٹیں جو
غصے کی حالت میں پڑ جاتی ہیں +
تیوری بدلنا - یا - چڑھانا } - ہ - آنکھیں بدلنا -
یا - تیوری میں بل ڈالنا } خفا ہونا - غصہ ہونا +

تیوہار - ہ - مذکر - خوشی کا دن - مذہبی جشن +
تیوہاری - ہ - مؤنث - تیوہار کا انعام +
تیہا - ہ - مذکر - (ع) تیزی - جوش - غصہ +
تیئیس - ہ - صفت - بیس اور تین (۲۳) +
تئیں - ہ - حرف رابط - لیے - واسطے +

تمکنت - ع - مونث - حکومت - عزت - زور - غرور - شیخی

تمکنت کرنا - ا - (عو) اترانا - شیخی مارنا ◆

تمکین - ع - مؤنث - طاقت - بل - عزت - قدار شان و شوکت

تملق - ع - مذکر - خوشامد - چاپلوسی ◆

تمن - ت - مذکر - تُومان کا مخفف - دس ہزار - سو سو سپاہ ہو نگا دستہ - سونے کا سکہ ◆

تمندار - ف - مذکر - رسالدار ◆

تمنا - ع - مؤنث - آرزو - خواہش - شوق ◆

تمنچہ - ف - مذکر - پستول ◆

ٹ

ٹ - اُردو الف بے تے کا پانچواں حرف ◆

ٹ ا

ٹاپ - ہ - اسم - مؤنث - گھوڑے کا سم - گھوڑے کے قدم کی آواز - مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا ◆

ٹاپ دار - ا - صفت - موٹے سر کی چیز ◆

ٹاپا - ہ - اسم - مذکر - مرغیوں کے بند کرنے کا کھانچا ◆

ٹاپا ٹوئی کرنا - ہ - مصدر لازم (عو) ٹٹولنا - ڈھونڈنا ◆

ٹاپنا - ہ - مصدر لازم - گھوڑے کا دانے کے وقت اگلے پیروں کو زمین پر مارنا - کوشش کرنا - تلاش میں حیران و پریشان ہونا - بیچین ہونا - انتظار کرنا - افسوس کرنا - ہاتھ ملنا - پھاندنا - اچکنا - ◆

ٹاپو - ہ - اسم - مذکر - جزیرہ ◆

ٹاٹ - ہ - اسم - مذکر - سن کا بنا ہوا کپڑا - ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی ◆

ٹاٹ یا پٹرا اُلٹنا - ہ - مصدر لازم - دیوالیہ ہونیکی علامت ظاہر کرنا - دیوالہ نکلنا ◆

ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ - ا - (کہاوت) جیسی چیز ویسا ہی اس کا دوسرا سامان - پیوند میں پیوند ◆

ٹاٹ بافی جوتا - ا - اسم - مذکر - کامدار جوتا ◆

ٹال - ہ - اسم - مؤنث - لکڑی یا گھانس وغیرہ کا ڈھیر - ایک قسم کا گھنٹا جو گائے یا ہاتھی وغیرہ کے گلے میں باندھتے ہیں - ٹالنا مصدر سے امر - ٹال مٹول - بہانہ ◆

ٹالنا - ہ - مصدر - بہانہ بنانا - ہٹانا - علیحدہ کرنا - دیر کرنا ڈھیل کرنا - دھوکا زیب دینا ◆

ٹالی - ہ - اسم - مؤنث - چوپایوں کے گلے میں ڈالنے کی چھوٹی گھنٹی ◆

ٹانٹ - ہ - اسم - مذکر - آدمی کے سر کی کھوپری - چاند

ٹانٹ کھُجانا - ہ - سر میں کھجلی ہونا - چانٹا کھانے کو جی چاہنا - نقصان اُٹھانے کو دل چاہنا ◆

ٹانٹ کے بال اڑنا - ہ - مصدر لازم - دیوالہ نکلنا - بھرکس نکلنا ◆

ٹانڈھ - ہ - اسم - مؤنث - مچان - اسباب وغیرہ رکھنے کا لکڑیوں کا مچان ◆

ٹانڈا - ہ - اسم - مذکر - قافلہ - سوداگرونکا گروہ - بنجارے کا اسباب - کیمپ - کنبہ ◆

ٹانڈا لادنا - ہ - مصدر لازم - اسباب لادنا - کوچ کرنا ڈیرہ ڈنڈا لادنا ◆

ٹانک - انگ - مونث - طاقت کی دوا ◆

ٹانکا - ہ - اسم - مذکر - سیون - دھات جوڑنے کا مصالحہ وہ کنواں یا تالاب جس میں برسانی پانی پینے کے واسطے جمع کر لیتے ہیں - بخیہ بخیہ - پیوند - جوڑ ◆

ٹانکا بھرنا یا لگانا یا مارنا - ہ - زخم یا کپڑے کا سینا ◆

ٹانک رکھنا - ہ - یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا - نوٹ کر لینا ◆

ٹانکنا - ہ - سینا - جوڑنا - نتھی کرنا - شامل کرنا - درج کرنا ◆

ٹانکی - ہ - اسم - مؤنث - سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام - چھینی - تربوز یا خربزہ کی وہ تراش جس سے اس کے اندر کی کیفیت معلوم ہو - ایک قسم کا پھوڑا - آتشک یا سوزاک

کا زخم۔ لکڑی یا لوہے کا برتن جس میں پانی بھر کر رکھا کرتے ہیں
ٹانکی بجنا۔ ہ۔ سنگ تراشی کا کام ہونا۔ عمارت کا بنایا جانا
بسولی بجنا۔
ٹانکے ادھیڑنا۔ ہ۔ سیون کھولنا۔ حقیقت کھولنا۔
عاجز کرنا۔
ٹانکے مارنا۔ ہ۔ (مو) موٹی سیون سینا۔ جلدی جلدی سینا
ٹانگ۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصّہ
ٹانگ اڑانا۔ ہ۔ پاؤں پھنسانا۔ دخل دینا۔ بیچ میں بولنا
ٹانگ پسار کے سونا۔ ہ۔ آرام سے سونا۔ بے فکر ہو کر
سونا۔ بےمنت ہو کر سونا۔
ٹانگ تلے سے یا ٹانگ کے نیچے سے نکالنا۔ ہ۔
کسی کو ہرانا یا عاجز کرنا۔ نیچا دکھانا۔ مطیع کرنا۔ رام کرنا۔
ٹانگ توڑنا۔ ہ۔ کسی کام کا نہ رکھنا۔ کسی زبان کی ذراسی
اِستعداد ہونے سے اُس میں دخل دینا۔
ٹانگ دینا۔ ہ۔ لٹکا دینا۔ پھانسی پر چڑھا دینا۔
ٹانگن۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ پہاڑی ٹٹو۔ چھوٹے قد کا ٹٹو۔
ٹانگنا۔ ہ۔ لٹکانا۔ پھانسی پر چڑھانا۔
ٹانگیں رہ جانا۔ ہ۔ تھک جانا۔ ٹانگوں کا بیکار ہو جانا
ٹائپ۔ انگ۔ اسم۔ مذکر۔ چھاپے کے ڈھلے ہوئے حرف
چھاپ۔ ٹھپا۔ نقشہ۔ نمونہ۔ وضع۔ ڈھج۔
ٹائم۔ انگ۔ مذکر۔ وقت۔ مدت۔ فرصت۔ فراغت۔
ٹائیں ٹائیں۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ بکواس۔ کائیں کائیں
طوطے کی آواز۔
ٹائیں ٹائیں فش۔ ا۔ (محاورہ) بکواس ... اور
نتیجہ ندارد۔

ٹ ب

ٹب۔ انگ۔ مذکر۔ کٹھرا۔ نہلانے کا برتن۔

ٹ پ

ٹپ۔ ہ۔ مؤنث۔ موٹر یا بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ
یا بارش کے وقت کھول دیتے ہیں۔ ٹپکنے کی آواز۔
ٹپّا۔ ہ۔ مذکر۔ فاصلہ۔ ند۔ توڑ (جیسے گولی کا ٹپّا)۔ ایک قسم
کا گیت جو پنجاب میں ایجاد ہوا۔ دکن میں ڈاکخانہ۔ کود پھاندہ
ٹپاٹا۔ ہ۔ کدانا۔ پھندانا۔
ٹپ ٹپ۔ ہ۔ تابع فعل۔ کسی چیز کے ٹپکنے کی آواز۔ آنسوؤں
کے گرنے کی آواز۔ گھوڑے کی ٹاپ کی آواز۔
ٹپکس۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ سہارا۔ ذرا سا تعلق۔
ٹپکس جمانا یا لگانا۔ ہ۔ بنیاد ڈالنا۔ تعلق پیدا کرنا۔ دھوکے
جھانسے مطلب نکالنے کا ڈھنگ جمانا۔
ٹپک۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ چمک۔ زخم کا درد۔ ٹیس۔
ٹپک پڑنا۔ ہ۔ ٹپکنا۔ رسنا۔ پھوڑے کا پھوٹ جانا۔
ضبط نہ ہو سکنا۔ یکایک آموجود ہونا۔
ٹپکا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ رساؤ۔ بوند۔ پیڑ کا پکا آم جو خود بخود
پک کر گر پڑتا ہے۔
ٹپکا ٹپکی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ بوندا باندی۔ ایک آدھ کا روز
مرنا۔ اکا دکا۔
ٹپکا پڑنا۔ ہ۔ کسی چیز کا کثرت کی وجہ سے ضبط نہ ہو سکنا۔
نکلا پڑنا۔
ٹپکا لگنا۔ ہ۔ آموں کا متواتر درختوں سے گرنا۔ ایک ایک
کرکے گرنا۔
ٹپکانا۔ ہ۔ بوند بوند گرانا۔ عرق نکالنا۔ چوانا۔ نچوڑنا۔
ٹپکنا۔ ہ۔ قطرہ قطرہ گرنا۔ رسنا۔ چھننا۔ پکے پھل کا گرنا۔
زخم میں درد ہونا۔
ٹپّن۔ ا۔ اسم۔ مؤنث مذکر (انگریزی ٹفن) وہ کھانا جو انگریز
سہ پہر کو کھاتے ہیں۔

ٹ ٹ

ٹٹ پونجیا۔ ہ۔ صفت۔ (اصل میں ٹٹ پونجیا تھا۔ یعنی
جس کی پونجی ٹوٹ گئی ہو) تھوڑی پونجی والا۔ دیوالیہ۔
ٹٹروں ٹوں۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ ٹڑد کی آواز۔ فاختہ
کی آواز۔ تنہا۔ اکیلا۔ اپنے دم سے۔

ٹنڈی - ہ - اسم - مؤنث - کھوپری - ڈھابخ - ٹھنڈی ۔

ٹنڈی گنجی ہونا - ہ - کھوپری گنجی ہونا - بہت زیادہ مار پڑنا

ٹٹول دیکھنا - ہ - ڈھونڈ لینا - آزمالینا ۔

ٹٹولنا - ہ - اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا - اندھے کا کسی چیز کو ہاتھ سے چھو کر دیکھنا - ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا - جی کی بات دریافت کرنا - ٹوہنا - کھوجنا - جانچنا - پرکھنا ۔

ٹٹی - ہ - اسم - مؤنث - بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا چھوٹا ٹھاٹ - پردہ - اوٹ - پاخانہ - سجاوٹ جو بیاہ شادی کے موقعوں پر لے جاتے ہیں - شکار کھیلنے کی آڑ جو شکاری لوگ اپنے ساتھ رکھتے ہیں ۔

ٹٹی کا آئینہ - ا - اسم - مذکر - ایک قسم کا پتلا قلعی دار یا بے قلعی شیشہ ۔

ٹٹی کی آڑ یا اوٹ شکار کھیلنا - ہ - چھپ کر کام کرنا

ٹیٹری - ہ - اسم - مؤنث - ایک پرندے کا نام - ایک کھلونا جس کے اندر سے یہی آواز (ٹیٹری) نکلتی ہے ۔

ٹ ج

ٹچا - ہ - صفت - مذکر - اوچھا - چھچھورا - کم حوصلہ - لچا - پاجی - بدذات ۔

ٹ خ

ٹخ ٹخ - ا - اسم - مؤنث - حقارت کے طور پر گھوڑے کے چلانے کی آواز

ٹخنا - ا - اسم - مذکر - وہ اٹھی ہوئی ہڈی جو ایڑی سے اوپر ہوتی ہے ۔

ٹ ڈ

ٹڈا - ہ - اسم - مذکر - ایک پردار کیڑا جو گھاس اور آک کے درخت پر ہوتا ہے - پتلا دبلا آدمی ۔

ٹڈی - ہ - اسم - مؤنث - ایک پردار کیڑا جو اکثر کھیتی کو نقصان پہنچاتا ہے - اس کا دل مشہور ہے ۔

ٹڈی دل - ہ - اسم - مذکر - ٹڈیوں کا بڑا گروہ - بڑی فوج نہایت بھیڑ بھاڑ ۔

ٹ ر

ٹر - ہ - اسم - مؤنث - مینڈک کی آواز - بیہودہ بات - ہٹ اکھڑپن - بے محل بات - شیخی ۔

ٹرٹر - ہ - اسم - مؤنث - بک بک - جھک جھک - گستاخی مینڈک کی آواز ۔

ٹرٹرانا - ہ - بک بک کرنا - بڑبڑانا ۔

ٹرا - ہ - صفت - اکھڑ - بدمزاج - دنگی - بدذات - سرکش نکی - گھمنڈی ۔

ٹراپن - ہ - اسم - مذکر - اکھڑپن - بدمزاجی ۔

ٹرافی - انگ - وہ پیالا یا ڈھال جو جیتنے والے کھلاڑی یا ٹیم کو ملتی ہے ۔

ٹرانا - ہ - بک بک کرنا - گستاخی کرنا - اینٹھنا ۔

ٹرپھس کرنا - ہ - دنگا کرنا - اکڑنا - بدمزاجی کرنا ۔

ٹرغل - ا - اسم - مؤنث - بیہودہ عورت

ٹرین - انگ - اسم - مؤنث - سلسلہ - ریل کی گاڑیوں کا تانتا ریل گاڑی ۔

ٹریم - انگ - اسم - مؤنث - چھوٹی چھوٹی گاڑیاں جو بجلی کی مدد سے بازاروں میں چلتی ہیں ۔

ٹ س

ٹسر - ہ - اسم - مذکر - کچا ریشم - ایک قسم کا ادنیٰ درجہ کا ریشم

ٹس سے مس نہ ہونا - ہ - ذرا بھر نہ سرکنا - ایک ہی حالت پر رہنا ۔

ٹسوے بہانا - ہ - (عو) آنسو بہانا - رونا - جھوٹا رونا رونا

ٹ ک

ٹک - ہ - صفت - ذرا - تنگ - کچھ (تابع فعل) ذرا سی دیر

تھوڑی دیر کے لیے ✦

ٹکا - ہ - اسم - مذکر - دو پیسے - آدھنا - دام - نقدی ✦

ٹکا سا جواب دینا - ہ - صاف جواب دینا - ترت انکار کرنا

ٹکاؤ - اسم - مذکر - ٹھیراؤ - قیام ✦

ٹکٹ - انگ - اسم - مذکر - پرچہ - دستاویز - اجازت کا پرچہ
اسٹامپ - ڈاکخانہ کے محصول کا اسٹامپ ✦

ٹکٹکی - ہ - اسم - مؤنث - گھورنا - تپائی جس سے مجرموں کے ہاتھ
پاؤں باندھ کر کوڑے مارتے ہیں ✦

ٹکٹکی باندھنا - ہ - برابر دیکھے جانا - گھورنا ✦

ٹکٹکی سے باندھنا - ہ - کوڑوں کی سزا دینا - تپائی سے
باندھ کر بید مارنا ✦

ٹکر - ہ - اسم - مؤنث - دھکا - ٹھوکر - دو چیزوں کا لڑ جانا -
مقابلہ - برابری ✦

ٹکر جھیلنا - ہ - صدمہ سہارنا - نقصان یا مصیبت وغیرہ
برداشت کرنا ✦

ٹکر کھانا - ہ - لڑ جانا - مٹھ بھیڑ ہو جانا - ٹکرانا - بھڑنا -
گتھنا - مقابل ہونا - ہم پلہ ہونا ✦

ٹکر مارنا - ہ - سر مارنا - سر ٹپکنا - دھکا مارنا - دکھاوے کی نماز
پڑھنا - کوشش کرنا - بے فائدہ کوشش کرنا ✦

ٹکراتا پھرنا - ہ - تلاش کرتے پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا

ٹکرانا - ہ - ٹکر کھانا - لڑ جانا - بھڑ جانا - کسی چیز سے سر مارنا
ڈانواں ڈول پھرنا ✦

ٹکڑ گدا - ہ - اسم - مذکر - بھکاری - ٹکڑے مانگنے والا ✦

ٹکڑا - ہ - اسم - مذکر - حصہ - بھاگ - پھانک - روٹی کا نوالہ -
رزق - روزی ✦

ٹکڑا کھونا - ہ - روزی کھونا ✦

ٹکڑوں پر پڑنا - ہ - پرائی روٹی پر پڑنا - مفت کی روٹیاں کھانا

ٹکڑے اڑانا - ہ - پرزے اڑانا - دھجی دھجی کرنا ✦

ٹکڑے اڑنا - ہ - دھجی دھجی ہونا - پاش پاش ہونا ✦

ٹکڑے پکانا - ہ - سوکھی روٹی یا نان پاؤ کو توڑ کر قند یا
شکر میں پکانا ✦

ٹکڑے توڑنا - ہ - مفت کی روٹیاں کھانا ✦

ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ہ - پرزے پرزے کرنا - قیمہ قیمہ کرنا
دھجی دھجی کرنا ✦

ٹکڑی - ہ - اسم - مؤنث - کبوتروں کا پرا - پرندوں
کا جھنڈ - جانوروں کا غول - گروہ - جتھا ✦

ٹکس - انگ - اسم - مذکر - محصول - لگان ✦

ٹکسال - ہ - اسم - مؤنث - روپیہ پیسہ بنانے کا کارخانہ

ٹکسال باہر - ا - صفت - وہ روپیہ پیسہ - جسے ٹکسال
میں نہ بنایا گیا ہو - مرکب - وہ شخص جو کسی فن یا ہنر میں کسی
معتبر استاد کا شاگرد نہ ہو - وہ محاورہ جو اہل زبان نہ بولتے
ہوں ✦

ٹکسالی - ہ - اسم - مذکر - ٹکسال کا دراوغہ - کھرا - اصل
جانچا ہوا - مستند ✦

ٹکسالی بولی یا زبان - ہ - اسم - مؤنث - مانی ہوئی -
فصیح زبان - مستند زبان ✦

ٹکلی - ہ - اسم - مؤنث - بندی - ماتھے کا زیور ✦

ٹکنا - ہ - ٹھہرنا - قیام کرنا ✦

ٹکنا - ہ - سلنا - ٹانکا جانا - جڑا جانا - پرویا جانا ✦

ٹکور - اسم - مؤنث - چوٹ - ٹھیس - پوٹلی سے سینکنا ✦

ٹکورا - ہ - اسم - مذکر - ڈنکا - نوبت کی آواز ✦

ٹکیا - ہ - اسم - مؤنث - چھوٹی روٹی - چھوٹی گول اور چپٹی چیز
ماتھا - پیشانی ✦

ٹکے گز کی چال - ہ - اسم - مؤنث - درمیانہ چال -
کفایت شعاری سے اوقات بسر کرنا ✦

ٹل جانا - ہ - سرک جانا - ہٹ جانا - چلا جانا - گزر جانا -
بیت جانا ✦

ٹلنا - ہ - جگہ سے ہٹنا - سرکنا - بچنا - غائب ہونا - چلا جانا
بہانے سے چلے جانا - گزرنا - بیتنا ✦

ٹم ٹم - انگ - اسم - مؤنث - دو پہیے کی انگریزی گاڑی جس
پر چھتری وغیرہ نہیں ہوتی ✦

ٹمٹمانا - ہ - کم کم روشنی دینا - جھلملانا - چراغ کا بجھنے کے

قریب ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا ٭

ٹن۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ گھنٹے یا کسی دھاتی برتن کی آواز۔ جھنکار ٭

ٹن۔ انگ۔ اسم۔ مذکر۔ ۲۸ من وزن ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن

ٹن۔ انگ۔ اسم۔ مذکر۔ ٹین۔ ایک ملائم دھات۔ انگریزی لوہا۔ ڈبا۔ رکابی ٭

ٹنا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ بینگن یا کدو وغیرہ کا ناکو۔ وہ لکڑی جو پھل کی پیندی میں ہوتی ہے ٭

ٹنٹا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ جھگڑا۔ تکرار ٭

ٹنٹا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ لنجہ۔ ہاتھ کٹا آدمی۔ ایک ہاتھ والا

ٹن ٹن۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ دھاتی برتن یا چیز کی آواز۔ گھنٹے کی آواز ٭

ٹنٹنانا۔ ہ۔ گھنٹہ بجانا۔ ٹن ٹن کرنا ٭

ٹنچ۔ ہ۔ صفت۔ کم۔ حقیر۔ ٹنچا ٭

ٹنچن یا ٹچن۔ انگ۔ صفت۔ اٹنشن سے بگڑا ہوا ہے۔ حاضر۔ آمادہ۔ تیار ٭

ٹنڈ۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ کٹا ہوا ہاتھ یا شاخ ٭

ٹنڈ۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ مٹی کا لوٹا جو رہٹ میں کام دیتا ہے۔ بدھنا ٭

ٹنڈا۔ ہ۔ صفت۔ وہ شخص جس کا ہاتھ کہنی سے کٹا ہوا ہو۔ لنجا ٭

ٹنڈا۔ اسم۔ مذکر۔ ایک قسم کا پھل جسکی ترکاری پکتی ہے۔ ٹینڈی۔ موٹا اور ٹھگنا آدمی ٭

ٹنڈی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ ناف۔ سونڈی۔ بازو۔ ڈنڈ۔ وہ عورت جس کا ایک ہاتھ نہ ہو ٭

ٹنڈیاں باندھنا یا کسنا۔ ہ۔ مشکیں باندھنا۔ گنہگار یا مجرم کے ہاتھ یا بازوؤں کو جکڑنا ٭

ٹنڈیا کھنچنا۔ ہ۔ مشکیں بندھنا۔ پکڑا جانا۔ ہتھکڑیاں پڑنا

ٹنڈیل۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ میگزین کا داروغہ۔ خلاصیوں کا افسر۔ قلیوں کا افسر ٭

ٹنکارنا۔ ہ۔ بجانا۔ جھنکارنا۔ کمان کی تانت کو کھینچ کر آواز نکالنا۔ چینی یا مٹی کے برتن کو بجا کر ٹوٹا ہوا ثابت دیکھنا ٭

ٹنگڑی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث (ٹانگ کی تصغیر) ٭

ٹنگڑی پر اڑانا۔ ہ۔ ٹانگ کے داؤں سے گرانا۔ اڑنگا لگانا۔ اڑنگا مارنا ٭

ٹنگنا۔ ہ۔ لٹکنا۔ پھانسی پر چڑھنا ٭

ٹنہایا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ (اصل میں ٹونا ہایا نہا) جادوگر۔ ٹونا کرنے والا ٭

ٹیاں۔ ہ۔ صفت۔ چھوٹے قد کا ٹھگنا ٭

ٹیاں طوطا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ایک چھوٹی قسم کا طوطا ٭

ٹوپ۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ بڑی ٹوپی۔ روئی دار ٹوپی۔ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں۔ غلاف۔ انگشتانہ

ٹوپی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ کلاہ۔ مکٹ۔ بندوق کا پٹاخہ۔ وہ تھیلی جو شکاری جانوروں کے منہ پر چڑھا دیتے ہیں۔ پھل کے اوپر کا خول ٭

ٹوپی اچھالنا۔ ہ۔ خوشی میں کودنا۔ ہرے ہرے پکارنا۔ بے عزت کرنا ٭

ٹوپی اچھلنا۔ ہ۔ وجد اور خوشی کا عالم ہونا۔ بے عزتی ہونا

ٹوپی بدلنا۔ ا۔ کسی کو بھائی بنانا۔ بھائی چارہ کرنا ٭

ٹوپی بدل بھائی۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ وہ دوست جسے ٹوپی بدل کر بھائی بنایا ہو ٭

ٹوپی دار بندوق۔ ا۔ اسم۔ مؤنث۔ پٹاخہ دار بندوق۔ وہ بندوق جو پٹاخہ کے وسیلے سے چلے ٭

ٹوٹ۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ پھوٹ۔ ٹوٹیں۔ ترک ٭

ٹوٹ پڑنا۔ ہ۔ گر پڑنا۔ حملہ کرنا۔ دھاوا کرنا۔ پل پڑنا ٭

ٹوٹ پھوٹ۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ ٹوٹن پھوٹن۔ جوڑ جاڑ ٭

ٹوٹ جانا۔ ہ۔ پھوٹ جانا۔ علیحدہ ہو جانا۔ جدا ہو جانا۔ کمزور ہو جانا۔ پانی نہ رہنا۔ تہ نکل آنا۔ کمی ہو جانا۔ فوراً ہو جانا ٭

ٹوٹ کر برسنا یا ٹوٹ کر پڑنا۔ ہ۔ موسلا دھار مینہ پڑنا

ٹوٹ گھر گرنا۔ ہ۔ چاروں طرف سے گرنا۔ بہت توجہ سے کسی کام کو کرنا ٭

ٹُوٹا۔ ہ۔ صفت۔ پھوٹا ہوا۔ ناقص۔ مرمت طلب ۔

ٹُوٹا پھُوٹا۔ ہ۔ صفت۔ دیکھو (ٹوٹا) ۔

ٹوٹا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ بانس کا ٹکڑا۔ چربی کی بتی کا بچا ہوا ٹکڑا۔ خسارہ۔ نقصان۔ کارتوس۔ کمی۔ ایک قسم کی آتشبازی ۔

ٹوٹا بھرنا یا دینا۔ ہ۔ تاوان بھرنا۔ نقصان پورا کرنا ۔

ٹوٹا پڑنا۔ ہ۔ کمی ہونا۔ توڑا ہونا۔ نقصان ہونا ۔

ٹوٹکا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ جادو۔ ٹونا۔ جنتر منتر ۔

ٹوٹکا کرنے آنا۔ ہ۔ جلدی آکر چلے جانا۔ کھڑے کھڑے آنا ۔

ٹوٹکے ہائی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ وہ عورت جو ہر ایک بچوں اور بال بچے والی عورت پر جادو ٹونا کرتی پھرے ۔

ٹوٹنا۔ ہ۔ ٹکڑے ہونا۔ پھوٹنا۔ کسی پر ہجوم کرنا۔ ملکر حملہ کرنا۔ گرنا۔ جھکنا۔ پڑنا۔ جدا ہونا۔ نہ نکلنا۔ توڑا ہونا۔ کمزور ہونا۔ جوڑوں میں درد ہونا۔ پھل اترنا ۔

ٹوٹی بانہہ گلے پڑنا۔ ہ۔ دوسرے کا بوجھ اپنے اوپر پڑنا۔ اپاہج کا خرچ اپنے ذمہ ہونا ۔

ٹوڈی۔ ا۔ قومی غدار۔ اپنی قوم سے ٹوٹ کر اغیروں سے ملکر خوش ہونے والا۔ دوسروں کی غلامی میں خوش رہنے والا۔ ضمیر فروش۔ جھولی چک۔ جی حضوری۔ وفادار۔ (حقارت کے طور پر) کاسہ لیس وہ شخص جسے اپنے خاندان اور قوم کی روایات سے نفرت ہو۔ وہ سیاسی فرقہ جو حکمرانوں کی ہاں میں ہاں ملانے میں فخر محسوس کرے۔ وطنی دشمن۔ قوم فروش۔ سرکار پرست (یہ لفظ اردو ادب میں اپنے گوناگوں معانی کے ساتھ تعارف کے لئے مولانا ظفر علی خاں مدیر "زمیندار" کے قلم جدت رقم کا شرمندۂ احسان ہے) ۔

ٹوڈیان کرام۔ ا۔ تمسخر کے طور پر لفظ ٹوڈی سے جمع بطریق فارسی بنائی گئی ہے اور ٹوڈیان کرام کا مطلب معزز ٹوڈی ہے۔ لفظ معزز یہاں حقارت کے طور پر استعمال ہوا ہے

ٹوڈییت۔ ا۔ مؤنث۔ ٹوڈی ہونا۔ ٹوڈی پن ۔

ٹوڈی بچہ۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ اس لفظ کے وہی معنی ہیں جو ٹوڈی کے ہیں۔ بچے شرارت سے پولیس والے کو بھی کہتے ہیں ۔

ٹوڈی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ ایک راگنی کا نام جسے بودکا اور ٹوڈی بھی کہتے ہیں ۔

ٹوسا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ڈوڈا۔ آکھ کا پھل۔ ریشہ۔ بھوسرا ۔

ٹوک۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ پارچہ ۔

ٹوک ٹاک۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ روک ٹوک۔ پوچھ گچھ۔ دیکھ بھال ۔

ٹوکرا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ چھابا۔ [illegible]۔ چھلا۔ بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنا ہوا بڑا برتن ۔

ٹوکری۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ ڈلیا۔ [illegible]ی ۔

ٹوکری ڈھونا۔ ہ۔ قلعی کا کام کرنا۔ ادنےٰ درجہ کی مزدوری کرنا

ٹوکنا۔ ہ۔ روکنا۔ پوچھنا۔ سوال کرنا۔ ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو لڑنے کے لئے کہنا ۔

ٹول۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ ایک قسم کا سرخ کپڑا۔ قند ۔

ٹول۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ صدمہ۔ دھکا۔ گروہ۔ جتھا۔ چھوٹا گاؤں

ٹول۔ انگ۔ مذکر۔ سڑک کا محصول۔ چنگی ۔

ٹول کلکٹر۔ انگ۔ اسم۔ مذکر۔ محصول وصول کرنے والا ۔

ٹولا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ محلہ۔ کوچہ ۔

ٹولی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ گروہ۔ جتھا۔ جماعت۔ پتھر کی سل

ٹوم۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ گہنا پاتا۔ زیور۔ خوبصورت عورت مالدار عورت۔ چلتا پرزہ۔ نیا پودا ۔

ٹوم ٹام۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ گہنا پاتا۔ اکا دکا۔ کوئی کوئی چند

ٹونا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ جادو۔ منتر۔ ٹوٹکا ۔

ٹونٹی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ پرنالہ۔ سونڈ۔ لوٹے یا بدھنے وغیرہ کی نلی جس سے پانی نکلتا ہے ۔

ٹونڈی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ سونڈی۔ ناف۔ نابھی۔ گاجر مولی وغیرہ کی نوک ۔

ٹون۔ انگ۔ اسم۔ مذکر۔ نگری۔ قصبہ۔ قریہ ۔

ٹون ڈیوٹی۔ انگ۔ اسم۔ مؤنث۔ قصبہ میں چیزیں آنے کا محصول ۔

ٹون ہال۔ انگ۔ اسم۔ مذکر۔ پنچایتی مکان۔ چوپال۔ دیوان عام۔ کمیٹی گھر۔ میونسپل کمشنروں یا ممبران کے اجلاس کرنے کا مکان ۔

ٹوہ - ہ - اسم - مؤنث - ٹٹول - تلاش - دیکھ بھال ٭

ٹوہ رکھنا - ہ - خیال رکھنا - خبر رکھنا ٭

ٹوہ لگانا - ہ - خبر لگانا - سراغ لگانا ٭

ٹوہ میں رہنا - ہ - تلاش کرتے رہنا - عیب جوئی کے درپے رہنا - جستجو میں رہنا ٭

ٹوہنا - ہ - ڈھونڈنا - تلاش کرنا - ٹٹولنا ٭

ٹوئی - ہ - اسم - مؤنث - نیزہ کی پوری - قلم - جوار باجرے کے پھینڈے کی پوری ٭

ٹھاٹ - ہ - اسم - مذکر - بانس کا چوکھٹا - ٹھاٹر - ٹھٹڑی ڈھانچا - ڈھنگ - انداز - طریقہ - زیب و زینت - بھڑک - شان و شوکت - جلوس - سامان سواری - آرائش - پٹا بازی میں کھڑے ہونے کا قاعدہ - پینترا - اسباب - دھن دولت - جائداد بہتات - کثرت - تکلف - دھوم دھام ٭

ٹھاٹ باندھنا - ہ - ٹھاٹر باندھنا - ٹٹی باندھنا - پٹا بازوں کا چوب بازی کے قاعدے سے کھڑا ہونا - دھوم دھام کرنا ٭

ٹھاٹ بدلنا - ہ - نیا انداز بدلنا - طرز بدلنا - دوسرے انداز سے کھڑا ہونا - پینترا بدلنا ٭

ٹھاٹر - ہ - اسم - مذکر - ڈھانچ - ٹھٹڑی - ٹٹی - جعفری - کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال - کبوتر خانہ روشنی کرنے کی ٹٹی ٭

ٹھاٹر بندی - ا - اسم - مؤنث - روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا

ٹھاکُر - ہ - اسم - مذکر - دیوتا - دیوتا کی مورت - مالک - سردار زمیندار - راجپوت - چھتری - نائی ٭

ٹھاکُر دُوارا - ہ - اسم - مذکر - وہ جگہ جہاں ٹھاکر جی کی مورت رہتی ہے - مندر - وہ مکان جس میں شری رام چندر جی یا شری کرشن جی کی مورتی ہو ٭

ٹھاکُر سیوا - ہ - اسم - مؤنث - دیوتا کی عبادت - [illegible] خدمت - وہ جاگیر جو مندر کے واسطے وقف ہو ٭

ٹھاں - ہ - اسم - مذکر - بندوق کی آواز

ٹھاں ٹھاں ہونا یا ٹھائیں ٹھائیں ہونا - ہ - بندوقیں چلنا - بندوقوں کی آواز - لگاتار آواز ہونا ٭

ٹھانسنا - ہ - ٹھونسنا - کھچا کھچ بھرنا ٭

ٹھاننا - ہ - پکا ارادہ کرنا - منصوبہ باندھنا - قرار دینا - نیت کر لینا ٭

ٹھپّا - ہ - مذکر - چھاپ - سکہ - اُبھرواں نقش - مُہر - نقش کرنے کا آلہ - سانچہ - ایک قسم کا چوڑا اور منقش گوٹا - لیس ٭

ٹھپّا لگانا - ہ - سکہ لگانا - نقش لگانا ٭

ٹھٹ - ہ - اسم - مذکر - ہجوم - بھیڑ - انبوہ ٭

ٹھٹ کے ٹھٹ - ہ - تابع فعل - گروہ کے گروہ - بہت ہی ہجوم - بھیڑ بھاڑ ٭

ٹھٹّھا - ہ - اسم - مذکر - ہنسی - کھلی - مذاق - آواز سے ہنسنا

ٹھٹّھا اُڑانا - ہ - چہل کرنا - ہنسی اڑانا - ذلیل کرنا - مسخرا بنانا - احمق بنانا ٭

ٹھٹّھا کرنا - ہ - ہنسی اڑانا - مسخرا بنانا - آوازہ کسنا ٭

ٹھٹّھا لگانا - کھلکھلا کر ہنسنا - قہقہہ مار کر ہنسنا ٭

ٹھٹّھا مارنا - ہ - قہقہہ لگانا - کھل کھلا کر ہنسنا ٭

ٹھٹھرنا - ہ - اینٹھنا - اکڑنا - سردی کے مارے سن اور بے حرکت ہو جانا - سکڑنا - مرجھانا - کانپنا ٭

ٹھٹکنا - ہ - اچانک رک جانا - تعجب سے ٹھہر جانا - چلتے چلتے رک جانا ٭

ٹھٹول - ہ - صفت - ہنسی باز - مسخرا ٭

ٹھٹولی - ہ - اسم - مؤنث - ہنسی - ٹھٹّے بازی - چھیڑ خانی - ہنسی - مذاق ٭

ٹھٹّے باز - ا - صفت - (دیکھو ٹھٹول) ٭

ٹھٹّے میں اُڑانا - ہ - مسخرا بنانا - ہنسی میں اڑانا ٭

ٹھٹیرا - ہ - اسم - مذکر - پیتل - کانسی تانبے وغیرہ کے برتن تیار کرنے والا ٭

ٹھٹیرے ٹھٹیرے بدلائی - ا - (مثل) ہم پیشہ - ہوشیار آدمیوں کا مقابلہ - برابر کی چوٹ ٭

ٹھڈا - ہ - اسم - مذکر - پتنگ - کنکوے کے بیچ کی کھپچی پیٹھ کی ہڈی - ریڑھ کی ہڈی ٭

ٹھڈی - ۵ - اسم - مؤنث - ٹھوڑی - بھنے ہوئے اناج کا وہ دانہ جو کھلا نہ ہو +

ٹھر - ۵ - اسم - مؤنث - نہایت سردی - پالا +

ٹھرا - ۵ - اسم - مذکر - دیسی اور گھٹیا درجہ کی شراب - ایک قسم کا گنوارو جوتا +

ٹھرنا - ۵ - لازم - جاڑے سے مرنا +

ٹھس - ۵ - صفت - ٹھوس - بوجھل - جنبش نہ کرنے والا - سُست - وہ ٹوٹا ہوا یا کھوٹا روپیہ جس میں جھنکار نہ ہو - ضدی +

ٹھس پن - ۵ - اسم - مذکر - بھدا پن - بیٹھلا پن - سستی +

ٹھسا - ۵ - اسم - مذکر - غرور - دھوم دھام - ٹھاٹ - ناز و انداز +

ٹھسک - ۵ - اسم - مؤنث - دھوم دھام - بھڑک - ناز و انداز

ٹھسکا - ۵ - اسم - مذکر - کھانسی کی آواز - تھوڑی تھوڑی کھانسی

ٹھنسا - ۵ - ایک چیز کا دوسری چیز میں مشکل سے سمانا +

ٹھکانا - ۵ - اسم - مذکر - جگہ - مقام - پتا نشان - بھروسا - موقع پناہ کی جگہ - چمار یا خاکروب وغیرہ کے کام کرنے کی جگہیں +

ٹھکانا ڈھونڈنا - ۵ - جگہ تلاش کرنا - رہنے کا مکان تجویز کرنا نوکری تلاش کرنا - لڑائی کیلئے موقع تلاش کرنا +

ٹھکانا کرنا - ۵ - ٹھیرنا - رہنا - بیاہ کرنا - گھر بسانا - ٹھیک لگانا

ٹھکانا لگانا - ۵ - باروزگار کر دینا +

ٹھکانے کی بات - ۵ - اسم - مؤنث - معقول بات +

ٹھکانے لگانا - ۵ - تسلی دینا - ٹھہرانا - مدعا کو پہنچانا - کام تمام کرنا - خرچ کر دینا - کسی کام کو انجام تک پہنچانا - بیاہ کر دینا - موقع پر خرچ کرنا - نوکری کرا دینا - مار دینا +

ٹھکانے لگنا - ۵ - مراد کو پہنچنا - کامیابی حاصل کرنا - کام آنا بے فائدہ نہ جانا - فاتحہ ہونا +

ٹھکرانا - ۵ - ٹھوکر مارنا - بے حقیقت جان کر لات مارنا +

ٹھکرانی - ۵ - اسم - مؤنث - ٹھاکر کی بیٹی یا بہو - ٹھکرائن رادھکا یا سیتاجی وغیرہ کی مورت +

ٹھکرائی - ۵ - اسم - مؤنث - سرداری - راج - دولتمندی - خدائی +

ٹھکنا - ۵ - اندر گھسنا - گڑنا - پٹنا - نقصان اٹھانا - قید خانہ میں جانا - دعویٰ دائر ہونا +

ٹھگ - ۵ - اسم - مذکر - دغاباز - چور - احسان کرنے والے کو مارنے والا +

ٹھگ بدّیا - ۵ - اسم - مؤنث - مکاری - چالاکی +

ٹھگا یا جانا - ۵ - دھوکا کھانا کم داموں کی چیز کو زیادہ میں لے آنا - دم میں آکر مہنگی چیز خرید لینا

ٹھگ لانا - ۵ - دھوکا دیکر لے آنا - چرا لانا +

ٹھگ لینا - ۵ - دھوکا دیدینا - دم دیکر کچھ لے لینا +

ٹھگنا - ۵ - دھوکا دینا - چوری کرنا - کسی چیز کو کم داموں میں خرید لینا +

ٹھگی - ۵ - اسم - مؤنث - لڑائی - دھوکے بازی +

ٹہل - ۵ - اسم - مؤنث - خدمت - سیوا - کام کاج - غلامی رخصت ہو جا (امر) +

ٹہلانا - ۵ - چہل قدمی کرانا - گھوڑوں کو آہستہ آہستہ پھرا کر ٹھنڈا کرنا - ٹالنا +

ٹہل جانا - ۵ - چل دینا - رخصت ہو جانا - بھاگ جانا - مر جانا

ٹہلنا - ۵ - آہستہ آہستہ پھرنا - سیر کرنا - تفریح کرنا - گشت کرنا - رخصت ہونا - ٹلنا - مرنا +

ٹھلیا - ۵ - اسم - مؤنث - چھوٹا گھڑا - مٹی کا گھڑا +

ٹھمری - ۵ - اسم - مؤنث - دو بول کا ایک قسم کا چھوٹا سا گیت +

ٹھمری اڑانا - ۵ - ٹھمری گانا +

ٹھمک - ۵ - اسم - مؤنث - ناز و انداز کی چال +

ٹھمک چال - ۵ - اسم - مؤنث - معشوقوں جیسی ناز و انداز کی چال +

ٹھمکنا - ۵ - مٹکنا - اترا کر چلنا +

ٹھمکی - ۵ - اسم - مؤنث - ہلکا ہلکا جھٹکا +

ٹھمکی دینا یا لگانا - ۵ - کنکوے کو ہلکے جھٹکے دینا +

ٹہنا - ۵ - اسم - مذکر - موٹی اور بڑی شاخ +

ٹھننا - ہ - پکا ارادہ ہونا - قرار پانا جھگڑا ہو جانا ✦
ٹھنٹھ - ہ - اسم - مذکر - سوکھا ہوا درخت ✦
ٹھن ٹھن گوپال - ہ - اسم - مذکر - بے وقوف - ہیچ - خالی
ٹھنٹھنانا - ہ - دندنانا - کھنکنا بجنا ✦
ٹھنڈا - ہ - صفت - سرد - چُپ - سُست - دھیما - رحمدل سخت دل ✦
ٹھنڈا پڑنا - ہ - سرد ہونا - خشک ہونا بے رونق ہونا مندا ہونا - غُصہ دُور ہونا ✦
ٹھنڈا رکھنا - ہ - آرام سے رکھنا - خوش رکھنا ✦
ٹھنڈا رہنا - ہ - خوش رہنا - آرام سے رہنا - بے رونق اور اُداس رہنا ✦
ٹھنڈا سانس - ہ - اسم - مذکر - لمبا سانس - آہ ✦
ٹھنڈا کرنا - ہ - سرد کرنا - بجھانا - مزاج کی گرمی کو دور کرنا توڑنا - (تعزیہ) گاڑنا - ڈبونا ✦
ٹھنڈا مُلمع - ا - اسم - مذکر - وہ مُلمع جو آگ کی مدد کے بغیر بجلی یا تیزاب کی قوت سے چڑھایا جائے ✦
ٹھنڈا ہونا - ہ - سرد ہونا - غُصہ دور ہونا - نرم ہونا - جان نکلنا - ذبح کئے ہوئے جانور کا تڑپنے سے باز رہنا - بجھنا - دل کا مر جانا - خوش ہونا - ٹوٹنا - (تعزیہ وغیرہ کا) دفن ہونا - خرید و فروخت کا کم ہونا - بے رونق اور اُداس رہنا ✦
ٹھنڈائی - ہ - اسم - مؤنث - وہ دوا جو گرمی دفع کرنے کے واسطے پی جائے - بھنگ - کاسنی ✦
ٹھنڈک - ہ - اسم - مؤنث - سردی - آرام - تسلی ✦
ٹھنڈک پڑنا - ہ - گرمی یا جلن کا دور ہو جانا - دل کو آرام ہونا - مراد پوری ہونا - کسی فساد یا فتنہ وغیرہ کا دب جانا یا کم ہونا - غُصہ رفع ہونا - دشمنی نکلنا - صبر آنا - اطمینان ہونا
ٹھنڈی آگ - ہ - اسم - مؤنث - برف
ٹھنڈی کڑھائی - ہ - اسم - مؤنث - حلوائیوں اور بنیوں میں دستور ہے کہ جب پکوان ختم ہوتا ہے تو کڑھائی میں حلوا بنا کر تقسیم کرتے ہیں - اسے ٹھنڈی کڑھائی کہتے ہیں ✦

ٹھنڈی گرمیاں - ا - اسم - مؤنث - اوپری محبت - ظاہری میل جول - بے اثر شوخیاں ✦
ٹھنڈی مار - ہ - اسم - مؤنث - اندرونی سزا - میٹھی مار ✦
ٹھنڈی مٹی - ہ - اسم - مؤنث - کم بڑھنے والا جسم - دیر میں بالغ ہونے والا آدمی ✦
ٹھنڈے ٹھنڈے - ہ - تابع فعل - آفتاب کی گرمی سے پہلے پہلے - سویرے - خوشی سے - خیریت سے ✦
ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا - ہ - (طنز کے طور پر) جان سلامت لے کر پہنچنا - رخصت ہونا ✦
ٹھنڈے سانس بھرنا - ہ - سرد آہ نکالنا - صدمہ - عشق ظاہر کرنے کے واسطے اُف اُف کرنا - پچھتانا ✦
ٹھنکنا - ہ - ناز سے رونا - بچوں کی طرح ریں ریں کرنا ✦
ٹہنی - ہ - اسم - مؤنث - چھوٹی شاخ - کنول یا گلاس لگنے کی لوہے کی شاخ ✦
ٹہنی ہلانا - ہ - آتشک کے زخم کے اوپر سے مکھیاں اُڑانا
ٹھور ٹھکانا - ہ - اسم - مذکر - رہنے کی جگہ - پتہ نشان ✦
ٹھور رکھنا - ہ - بچ کر نہ جانے دینا - مار ڈالنا ✦
ٹھور رہنا - ہ - کسی جگہ رہ پڑنا - مارا جانا ✦
ٹھوڑی - ہ - اسم - مؤنث - ٹھڈی ✦
ٹھوڑی پر ہاتھ رکھ کر بیٹھنا - ہ - فکر مند ہونا ✦
ٹھوڑی پکڑنا یا ٹھوڑی میں ہاتھ دینا - ہ - خوشامد کرنا - غصہ دور کرنا ✦
ٹھوس - ہ - صفت - بے مغز - بوجھل - کند ذہن ✦
ٹھوسا دکھانا - ہ - انگوٹھا دکھانا - انکار کرنا ✦
ٹھوسے سے - ہ - (ع) تابع فعل - بلا سے - جوتی سے ✦
ٹھوکا دینا - ہ - ہاتھ یا پاؤں سے دھکا دینا ✦
ٹھوک بجا کے - ہ - کھرا اور کھوٹا دیکھ کے - جانچ پڑتال کر کے ✦
ٹھوکر - ہ - اسم - مؤنث - پاؤں کی چوٹ - نقصان - صدمہ وہ پتھر جو سڑک میں اُبھرا ہوا ہو - جوتا ✦
ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا - ہ - متواتر صدمے دیکھنا ✦

ٹھوکر پر ٹھوکر لگنا۔ ہ۔ نقصان [illegible] ان پہنچنا ٭
ٹھوکر کھانا۔ ہ۔ راستہ کے پتھر سے پاؤں ٹکرانا۔ پ[illegible] کی چوٹ کھانا۔ الجھ کر گر پڑنا۔ نقصان [illegible] ا۔ بھولنا۔ چوکنا دھوکا کھانا ٭
ٹھوکر لینا۔ ہ۔ گھوڑے کا سکندری کھانا۔ الجھ الجھ کے گرنا ٭
ٹھوکر مارنا۔ ہ۔ لات مارنا۔ جوتے کی نوک مارنا۔ پروانہ کرنا نفرت سے کسی کام کو چھوڑ دینا ٭
ٹھوکریں کھاتا پھرنا۔ ہ۔ مارا مارا پھرنا۔ صدمے اٹھاتا پھرنا
ٹھوکریں کھانا۔ ہ۔ لاتیں کھانا۔ لڑکنا۔ مارا مارا پھرنا۔ دکھ سہنا۔ کثرت سے نقصان اٹھانا ٭
ٹھوکنا یا ٹھونکنا۔ ہ۔ کوٹنا۔ مارنا۔ نالش کرنا۔ پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ تھپ تھپانا۔ جڑنا۔ لگانا ٭
ٹھوکے دینا۔ ہ۔ جھنجوڑنا۔ آگاہ کرنا۔ طعنے مہنے دینا ٭
ٹھونسنا۔ ہ۔ خوب زور سے بھرنا۔ دبا دبا کر بھرنا ٭
ٹھونگ۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ چونچ۔ بیچ کی انگلی کو دہرا کے مارنا ٭
ٹھونگا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ بیچ کی انگلی کو دہرا کرکے مارنا ٭
ٹھی ٹھی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ بیہودہ ہنسی کی آواز ٭
ٹھیٹ۔ ہ۔ صفت۔ خالص ٭
ٹھہرانا۔ ہ۔ منصوبہ باندھنا۔ تجویز کرنا۔ مکان میں اتارنا روکنا۔ بھاؤ مقرر کرنا طے کرنا ٭
ٹھہرنا۔ ہ۔ رکنا۔ جمنا۔ قیام کرنا ٭ طے پانا۔ نرخ مقرر ہونا۔ تہ نشین ہونا۔ تسلی ہونا ٭
ٹھیس۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ دھکا۔ ٹھوکر ٭
ٹھیس لگنا۔ ہ۔ دھکا لگنا۔ ٹھوکر لگنا ٭
ٹھیک۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ سہارا۔ ڈاٹ۔ پچر۔ غلے کا ڈھیر۔ جوتے کی ایڑی ٭
ٹھیک۔ ہ۔ صفت۔ صحیح۔ برابر۔ ہو بہو۔ جیسا چاہیئے۔ کامل۔ سراغ ٭
ٹھیک آنا۔ ہ۔ درست آنا۔ برابر آنا ٭
ٹھیک بنانا۔ ہ۔ سزا دینا۔ سدھارنا۔ عاجز کرنا ٭

ٹھیک ٹھاک۔ ہ۔ تابع فعل۔ ہر طرح سے درست۔ تیار۔ ٹھور ٹھکانا۔ نوکری ٭
ٹیک ٹھیک۔ ہ۔ صفت۔ سچ سچ۔ ہو بہو ٭
ٹھیکا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ سہارا۔ آرام۔ اجارہ۔ پٹا۔ کرایہ بیٹھک۔ طبلہ یا ڈھولک کو ایک خاص طرح سے بجانا
ٹھیکا بجانا۔ ہ۔ گانے والے کے ساتھ ڈھولک یا طبلہ یوں بجانا کہ اسکی آواز کو سہارا ملے ٭
ٹھیکا پٹا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ٹھیکے کی دستاویز ٭
ٹھیکا لینا۔ ہ۔ کسی مدت کے واسطے کسی چیز کا حق خریدنا۔ کسی خاص رقم کے عوض میں کسی کام کا ذمہ لینا ٭
ٹھیکرا۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ مٹی کے برتن کا ٹکڑا (حقارتاً) تانبے وغیرہ کا برتن اور مکان یا جائداد ٭
ٹھیکرا پھوڑنا۔ ہ۔ تہمت لگانا ٭
ٹھیکری ہونا۔ ہ۔ بے قدری سے خرچ ہونا ٭
ٹھیکی لگانا یا لینا۔ ہ۔ بوجھ اتار کر دم لینا۔ سہارا لینا۔ بوروں میں اناج بھرنا ٭
ٹھیکے دار۔ ا۔ اسم۔ مذکر۔ وہ شخص جس نے ٹھیکہ یا لائسنس لیا ہو ٭
ٹھیلا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ دھکا۔ ایک قسم کی اسباب لادنے کی گاڑی جس کو ہاتھ سے دھکیل کرلے جاتے ہیں ٭
ٹھیلنا۔ ہ۔ دھکیلنا۔ ٹھوکا دینا ٭
ٹھینٹی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ کان کے میل کی گولی ٭
ٹھینگا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ہاتھ کا انگوٹھا۔ لاٹھی ٭
ٹھینگا دکھانا۔ ہ۔ انگوٹھا دکھانا۔ انکار کرنا۔ خاطر میں نہ لانا چڑانا ٭
ٹھینگے سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ بلا سے۔ جوتی سے۔ پروا نہیں ٭
ڈٹیاں۔ ہ۔ صفت۔ چھوٹا سا ٭
ٹیاں۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی کوڑی ٭
ٹیپ۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ اونچا سُر۔ آخری بات۔ آخری شعر ٭
ٹیپ ٹاپ۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ بھڑک۔ سجاوٹ۔ ظاہری بناوٹ ٭

ٹیپنا۔ ہ۔ دبنا۔ لکھ لینا۔ الاپنا ٭

ٹائیٹل پیج۔ انگ۔ کتاب کے اوپر کا صفحہ ٭

ٹیڑھ۔ ہ۔ مؤنث۔ کجھ۔ اینٹھ۔ شرارت۔ جہالت

ٹیڑھا۔ ہ۔ صفت۔ ترچھا۔ بانکا جھکا ہوا۔ پھرا ہوا۔ اکھڑ۔ اُجڈ۔ بدمزاج۔ بدذات ٭

ٹیڑھا بانکا۔ ہ۔ صفت۔ چھیلا۔ طرحدار ٭

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا۔ بُری نظر سے دیکھنا۔ دشمنی یا خفگی کی نظر سے دیکھنا ٭

ٹیڑھی سُنانا۔ ہ۔ برا بھلا کہنا۔ خلاف جواب دینا ٭

ٹیڑھی کھیر۔ ہ۔ مشکل کام ٭

ٹیس۔ ہ۔ مؤنث۔ درد۔ کسک۔ کتاب کی سلائی یا بخیہ ٭

ٹیس اُٹھنا یا مارنا۔ ہ۔ زخم یا پھوڑے میں درد اُٹھنا ٭

ٹیسو۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ پلاس کا پھول۔ ڈھاک کا پھول ٭

ٹیک۔ ہ۔ مذکر۔ مؤنث۔ سہارا۔ تھونی۔ عزت آبرو بھرم۔ گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جائے ٭

ٹیکا۔ ہ۔ مذکر۔ صندل یا سیندور وغیرہ کا پیشانی پر نشان۔ ایک زیور جو عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں۔ دوائی کا جسم کے اندر داخل کرنا

ٹیکن۔ ہ۔ مؤنث۔ سہارا۔ مدد ٭

ٹیکنا۔ ہ۔ ٹھکانا۔ سہارا لینا۔ داؤں پر لگانا ٭

ٹیلا۔ ہ۔ مذکر۔ تودہ۔ زمین کا اونچا حصہ ٭

ٹیلی گراف۔ انگ۔ خبر پہنچانے کا تار۔ تار کی خبر ٭

ٹیلی گرام۔ انگ۔ مذکر۔ تار کی خبر ٭

ٹیم ٹام۔ ہ۔ مؤنث۔ آرائش۔ دکھاوٹ ٭

ٹین۔ انگ۔ مذکر۔ ایک سفید نرم دھات کا نام ٭

ٹیں۔ ہ۔ مؤنث۔ طوطے کی آواز جو بلی کے ایک ہی دفعہ گردن دبانے سے نکلتی ہے ٭

ٹیں ٹیں۔ ہ۔ مؤنث۔ طوطے کی متواتر آواز۔ بکواس ٭

ٹیں ہونا۔ ہ۔ طوطے کی طرح مرنا۔ مرجانا ٭

ٹینٹ۔ ہ۔ مذکر۔ کریل کا پھل۔ آنکھ کا ڈھیلا۔ روئی کا پھل ٭

ٹینٹوا۔ ہ۔ مذکر۔ گلا۔ حلق ٭

ٹینٹوا دبانا۔ ہ۔ گردن دبانا۔ عاجز کرنا۔ سخت تقاضا کرنا ٭

ٹینی۔ ہ۔ صفت۔ دوغلی مرغیاں۔ پستہ قد ٭

ث۔ ع۔ مؤنث۔ اردو الف بے تے کا چھٹا حرف

ث ا

ثابت۔ ع۔ صفت۔ پورا۔ درست۔ مضبوط۔ مستقل۔ تصدیق کیا ہوا۔ وہ ستارا جو گردش نہ کرے ٭

ثابت ہوجانا۔ ا۔ صداقت کو پہنچ جانا۔ تصدیق ہوجانا ٭

ثاقب۔ ع۔ صفت۔ روشن۔ چمکتا ہوا ٭

ثالث۔ ع۔ مذکر۔ تیسرا۔ پنچ۔ دو آدمیوں کے درمیان فیصلہ کرانے والا ٭

ثالث بالخیر۔ ع۔ مذکر۔ (تلفظ ثالث بل خیر)۔ وہ شخص جو کسی کی رورعایت نہ کرے ٭

ثالث نامہ۔ ع ف۔ مذکر۔ پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ ٭

ثانی۔ ع۔ صفت۔ دوسرا (مذکر) نظیر۔ مثل ٭

ثانیہ۔ ع۔ مذکر۔ سیکنڈ۔ لحظہ ٭

ث ب

ثبات۔ ع۔ مذکر۔ استقلال۔ مضبوطی۔ ٹھہراؤ ٭

ثباتِ رائے۔ ع۔ مذکر۔ رائے کی مضبوطی ٭

ثبت۔ ع۔ مذکر۔ تحریر۔ نقش۔ مُہر ٭

ثبت کرنا۔ ا۔ دستخط کرنا۔ درج کرنا۔ تحریر کرنا۔ نقش کرنا ٭

ثبوت۔ ع۔ مذکر۔ اپنی جگہ پر قرار پکڑنا۔ دلیل۔ گواہی سے کسی بات کی تصدیق ٭

ث ر

ثروت - ع - مؤنث - دولت - اختیار - حکومت +

ثریٰ - ع - مذکر - زمین کے نیچے کی مٹی - گیلی مٹی جب تحت الثریٰ کہیں گے - تو پاتال کی مٹی مراد ہوگی +

ثریا - ع - ا - مذکر - وہ چھ ستارے جو ایک دوسرے کے پاس پاس واقع ہیں +

ثریا جاہ - ع - صفت - بلند مرتبہ - بڑے رتبہ والا +

ث ع

ثعلب مصری - ع - مؤنث - ایک پودے کی جڑ +

ث ق

ثقالت - ع - مؤنث - بھاری پن - سختی جو بدہضمی وغیرہ کے باعث ہو -

ثقل - ع - مذکر - وزن - سختی +

ثقہ - ع - مذکر - قابل اعتبار آدمی +

ثقہ بدمعاش - ا - مذکر - وہ شخص جو پرہیزگاروں کی شکل میں بدمعاشی کرے +

ثقیل - ع - صفت - بھاری - وزنی - دیر ہضم - ناقابل ہضم

ث ل

ثلث - ع - ا - مذکر - ایک تہائی +

ث م

ثمر - ع - مذکر - پھل - حاصل - اولاد - مال ودولت +

ثمرہ - ع - مذکر - پھل - میوہ - نفع - نتیجہ - اخیر بدلہ +

ثمن - ع - مذکر - آٹھواں حصہ (۱/۸) +

ثمن - ع - مذکر - قیمت - اجرت +

ثمانیہ - ع - مذکر - آٹھ (ریاضی کا وہ قاعدہ جس میں سات معلوم عددوں کی مدد سے آٹھواں نامعلوم عدد دریافت کیا جاتا ہے +

ث ن

ثنا - ع - مؤنث - تعریف +

ثناگر - ع ف - مذکر - تعریف کرنے والا +

ث و

ثواب - ع - مذکر - بدلہ - اجرت - نیک کا بدلہ - بھلائی نیکی +

ثواب کمانا - ا - نیکی حاصل کرنا - بھلائی کا کام کرنا +

ثوابت - ع - مذکر - ثابت کی جمع - وہ ستارے جو حرکت نہیں کرتے +

ثور - ع - مذکر - بیل - آسمان کا دوسرا برج جس کی شکل بیل کی سی ہے +

ث ی

ثیبہ - ع - مؤنث - بیاہی ہوئی عورت +

ج

ج - ع - مؤنث - اردو الف بے تے کا ساتواں حرف

ج ا

جا - ف - مؤنث - مقام - جگہ - موقع +

جابجا - ف - تابع فعل - ہر جگہ - جگہ جگہ +

جابیجا - ف - صفت - موقع بے موقع - برا بھلا +

جانشین - ف - مذکر - ولیعہد - قائم مقام - خلیفہ +

جانماز - ف ع - مؤنث - نماز پڑھنے کا فرش -

جابر - ع - صفت - جبر کرنے والا - ظالم - خود مختار شخصی حکومت کا بادشاہ +

جا بھڑنا - ہ - مقابل ہونا - ٹکر کھانا - ہم پلہ ہونا +

جاپ - ہ - مذکر - مویشی کے منہ کا چھینکا - دہانہ
ایک قسم کی گھانس - جپ - وظیفہ +

جات - ہ - مؤنث - بچہ - اولاد - نتیجہ - پھل - گروہ
مرتبہ - قسم - صورت - برادری - گوت - قوم +

جات برادری - ہ - مؤنث - قوم - خاندان -
گوت - نسل +

جات پات - ہ - مؤنث - قوم - خاندان +

جات سبھاؤ - ہ - مذکر - قومی عادت - خاندانی اثر -

جاتا رہنا - ہ - کھویا جانا - غائب ہوجانا - بالکل دور
ہوجانا - نکل جانا +

جاترا - ہ - مؤنث - زیارت - تیرتھ - سفر - کوچ - تیوہار

جاتری - ہ - مذکر - زیارت کو جانے والا - تیرتھ کو
جانے والا - مسافر +

جاتی دنیا دیکھنا - ہ - موت سامنے سمجھ کر کوئی ضروری
کام نہ کرنا

جاٹ - ہ - مذکر - ایک زمیندار قوم کا نام جس کا پیشہ کھیتی
باڑی ہے - بگڑے ہوئے راجپوت +

جاڑا پڑنا - ہ - سردی کا زور ہونا -
سردی ہونا +

جاڑا چڑھنا - ہ - سردی لگنا -

جاجم - ت - مؤنث - بیل بوٹے چھپا ہوا فرش +

جادو - ف - مذکر - سحر - ٹونا +

جادو جگانا - ا - منتر یا افسون کے اثر کو آزما کر دیکھنا
جادو کو تازہ کرنا +

جادو چلانا - ا - سحر کرنا +

جادو چلنا - ا - جادو ٹونے کا اثر کرنا +

جادو ڈالنا - ا - جادو کرنا - ٹوٹکا کرنا +

جادو کا پتلا - ا - مذکر - انسان یا حیوان کی وہ
مورت جو جادوگر جادو چلانے کے لئے تیار کرتے ہیں -
معشوق - بہت بڑا جادوگر +

جادوگر - ف - مذکر - جادو کرنے والا - سیانا +

جادوگرنی - ا - مؤنث - جادو کرنے والی عورت

جادوگری - ف - مؤنث - ساحری +

جادوبنسی - ہ - مذکر - راجپوتوں کی ایک شاخ
جس سے سری کرشن جی تھے - چندر بنسی خاندان کی ایک شاخ

جادہ - ع - مذکر - بٹیا - وہ پتلا سا راستہ جو آدمیوں
کے چلنے سے جنگل میں پڑ جاتا ہے +

جادھمکنا - ہ - جا پہنچنا، زبردستی پہنچ جانا +

جاذب - ع - صفت - چوسنے والا - کشش کرنیوالا - سیاہی چوس

جاذبہ - ع - مؤنث - ایک قوت کا نام جو عناصر میں
موجود ہے - اور اپنے مناسب و موافق مادہ کو جذب کرتی ہے
چوسنے والی - کھینچنے والی +

جار - ع - مذکر - پڑوسی - زیر دینے والا +

جاروب - ف - مؤنث - جھاڑو +

جاروب کش - ف، اسم - مذکر - جھاڑو دینے والا - بھنگی

جاری - ع - صفت - بہتا ہوا - نافذ +

جاڑ - ہ - مؤنث - ڈاڑھ +

جاڑا - ہ - مذکر - سردی کا موسم - ٹھر - سردی +

جاڑا پڑنا - ہ - سردی کا زور ہونا - سردی ہونا +

جاڑا چڑھنا - ہ - سردی لگنا - سردی کے ساتھ بخار آنا +

جازم - ہ - اسم - مؤنث - (عوام کی زبان ہے - جاجم

جاسوس - ع - مذکر - مخبر - خفیہ لکھنے والا - ایک ملک
کی خبر دوسرے ملک میں پہنچانے والا +

جاسوسی - ہ - مؤنث - خفیہ لکھنے کا کام - مخبری +

جاکٹ - ہ - مؤنث - کرتی - واسکٹ +

جاگڑ - ہ - مذکر - بندھک - پسند ناپسند کے اقرار پر
کسی چیز کا خریدنا +

جاگڑبہی - ہ - مؤنث - وہ کاپی جس میں شرطی بکری کی
یادداشت لکھی جائے +

جاگ - ہ - مؤنث - بیخوابی - ہوشیاری - رتجگا -

رات کی پوجا۔ جاگنا مصدر سے امر کا صیغہ ۔

جاگ اُٹھنا یا جاگ پڑنا۔ ہ۔ سونے سے اُٹھ بیٹھنا۔ چونک پڑنا۔ نیند اچٹ جانا ۔

جاگتی جوت۔ ہ۔ مؤنث۔ چلتی ہوئی اور روشن کرامات

جاگرن۔ ہ۔ مذکر۔ رات کے وقت جاگنا۔ خدائی رات

جاگنا۔ ۔ نیند سے اُٹھنا۔ ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا ۔

جاگیر۔ ف۔ مؤنث۔ وہ زمین یا گاؤں جو راجاؤں نوابوں یا بادشاہوں کی طرف سے دیا جائے ۔

جاگیردار۔ ف۔ مذکر۔ تعلقہ دار۔ جسے جاگیر ملی ہو۔

جال۔ ہ۔ مذکر۔ دام۔ پھندا۔ فریب۔ دھوکا۔ جادو

جال بچھانا۔ ہ۔ دام پھیلانا۔ مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا

جال دار۔ ا۔ صفت۔ حلقے دار۔ جالی کا ۔

جال ڈالنا۔ ہ۔ دام بچھانا یا دریا میں پھینکنا ۔

جالا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ سفید اور کاغذی جھلی جو مکڑی اپنے منہ کے لعاب سے بناتی ہے۔ مکڑی کا تار، وہ سفید بوند یا جھلی جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے۔ جالی ۔

جالی۔ ہ۔ مؤنث۔ خانہ دار کپڑا یا کوئی چیز کڑھا ہوا کپڑا جس میں بہت سے خانے ہوا کرتے ہیں۔ وہ پردہ جو کیریوں میں گٹھلی پڑنے سے پہلے پیدا ہو کر پھر اسکی گٹھلی بن جاتی ہے۔ وہ چربی دار جھلی جو حیوانات کے اوجھ پر سے نکلتی ہے ۔

جالی کاڑھنا یا نکالنا۔ ہ۔ جالی کا کام کرنا۔ کپڑے وغیرہ پر جالی بنانا ۔

جالینوس۔ یونانی۔ مذکر۔ ایک مشہور حکیم کا نام ہے ۔

جام۔ ف۔ مذکر۔ پیالہ۔ گلاس۔ کٹورا۔ شراب پینے کا برتن ۔

جام جم یا جام جمشید۔ ف۔ مذکر۔ وہ پیالا جو فارس کے حکیموں نے تیار کیا تھا۔ کہتے ہیں کہ اس کے وسیلے سے سات آسمانوں کا حال معلوم ہو جاتا ۔

جام جہاں نما۔ ف۔ مذکر۔ جمشید۔ وہ [illegible] جسکی روشنی سے جہانوں کو سمندر کا راستہ معلوم ہوتا ہے ۔

جام چڑھانا۔ ا۔ شراب کا پیالا پینا ۔

جام صحت۔ ا۔ کسی کی تندرستی پر شربت وغیرہ کا گلاس پینے کی رسم ادا کرنا ۔

جام۔ ہ۔ مذکر۔ رات کا آٹھواں حصہ۔ تین گھنٹے کا عرصہ۔ نطفہ۔ اولاد۔ بیٹا ۔

جامد۔ ع۔ صفت۔ جما ہوا۔ پتھر۔ وہ لفظ جس سے نہ تو کوئی اور لفظ بنے نہ وُہ خود کسی سے بنا ہو ۔

جامدانی۔ ا۔ مؤنث۔ کپڑوں کا صندوق جس میں پہننے کے کپڑے رکھے جاتے ہیں۔ ایک قسم کا کڑھا ہوا پھولدار کپڑا ۔

جامع۔ ع۔ صفت۔ جمع کرنے والا۔ تمام باتوں پر حاوی

جامع مسجد۔ ع۔ مؤنث۔ وہ بڑی مسجد جس میں بہت سے آدمی جمع ہو کر جمعہ کی نماز پڑھیں جمعہ مسجد ۔

جامن۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک مشہور پھل کا نام ہے ۔

جامہ۔ ف۔ مذکر۔ کپڑا۔ لباس۔ ایک قسم کا گھیردار چوغہ نما لباس جسے شرفائے دہلی اور درباری لوگ پہنا کرتے تھے

جامہ زیب۔ ف۔ صفت۔ وہ آدمی جس پر ہر ایک لباس پھبے اور اچھا معلوم ہو ۔

جامہ سے باہر ہو جانا۔ ا۔ آپے میں نہ رہنا۔ خوشی یا غصے سے بے قابو ہو جانا ۔

جامہ میں پھولا نہ سمانا۔ ا۔ نہایت خوش ہونا ۔

جامہ وار۔ ف۔ مؤنث۔ ایک قسم کی پھول دار چھینٹ اُونی پھولدار چادر ۔

جامعہ۔ ع۔ مذکر۔ یونیورسٹی ۔

جان بوجھ کر۔ ہ۔ واقف ہوتے ہوئے ۔

جان پہچان۔ ہ۔ مؤنث۔ واقفیت۔ صاحب سلامت۔ ملاقات ۔

جان کر انجان بننا۔ ہ۔ جان بوجھ کر انکار کرنا۔ جھوٹ موٹ لاعلمی ظاہر کرنا ۔

جان لینا۔ ہ۔ پہچان لینا۔ تاڑ لینا۔ معلوم کر لینا۔ واقف ہو جانا ۔

جان نہ پہچان بڑی خالہ سلام۔ ا۔ مثل۔ خواہ مخواہ

دوستی جتا کر اپنا مطلب نکالنے والے کی نسبت بولتے ہیں

جان - ف - مؤنث - جی - روح - پران - دم - زندگی
طاقت - بل - ہمت - عطر - ست - مغز - تعظیم اور
پیار کا ایک کلمہ - لختِ جگر - معشوق - نہایت عزیز
اور پیارا بیٹا ۔

جان آنا - ا - طاقت آنا - قوت پیدا ہونا - رونق آنا -
تسکین اور تسلی ہونا ۔

جان باز - ف - صفت - جان پر کھیل جانے والا - دلیر
باہمت - محنتی ۔

جان بازی - ف - مؤنث - جان نثاری - دلیری ۔

جان بازی کرنا - ا - جان جوکھوں میں ڈالنا - جرأت کرنا

جان بچی لاکھوں پائے - ا - مثل - جیتا رہنا ہی غنیمت
اور بڑی دولت ہے ۔

جان بخشی - ف - مؤنث - معافی - رہائی - نجات ۔

جان بر ہونا - ا - جان سلامت لے جانا - جیتا رہنا -
زندہ رہنا ۔

جان بلب - ف - صفت - مرنے کے قریب - حالتِ نزع میں

جان بیکل ہونا - ا - دل بے چین ہونا - بے قراری ہونا

جان پر بننا یا } ا - جان کا خطرے میں ہونا - جان
جان پر نوبت آنا } جوکھوں میں ہونا - نہایت تکلیف ہونا

جان پر کھیلنا - ا - جان کو جوکھوں میں ڈالنا - اپنے تئیں
موت کے منہ میں دینا ۔

جان پڑنا - ا - کسی چیز میں جی پڑنا - خوش ہونا - ترو تازہ
ہونا ۔

جان توڑ کر - ا - تابع فعل - نہایت محنت اور مشقت سے
سخت زحمت اٹھا کر - بہت مصروف ہو کر ۔

جان جلانا - ا - جی جلانا - رنج دینا - بہت غصہ دلانا ۔

جان جوکھوں - ا - مؤنث - ہلاکت - خوف -
جان کا نقصان - مصیبت ۔

جان چرانا - ا - کسی کام سے جی چھپانا - کسی کام سے بچنا

جان چھڑانا - ا - جان بچانا - پیچھا چھڑانا - کسی کے
پنجہ سے بچنا ۔

جان دار - ف - صفت - جان والی چیز - مضبوط - چالاک
پھرتیلا ۔

جان دوبھر ہونا - ا - زندگی سے بیزار ہونا -

جان دینا - ا - جان سونپنا - مرنا - جان قربان کرنا -
نہایت محنت کرنا - جلانا - زندگی بخشنا ۔

جان سوکھنا - ا - دم خشک ہونا - مرنا - ناگوار گزرنا ۔

جان سے دور - ا - (عورتوں کا محاورہ) کسی مرے
ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیز سے بطور تشبیہ ذکر کرتے
وقت یا کسی آفت کا بیان کرتے وقت یہ کلمہ زبان پر
لاتی ہیں ۔

جان سے گزرنا یا جانا - ا - مرجانا - پران چھوڑنا -
جی دینا - قتل کرنا ۔

جان سی نکلنے لگنا - ا - سخت تکلیف گزرنا - روح
کو صدمہ ہونا ۔

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا - ا - زندگی سے مایوس ہوجانا
مرنے پر آمادہ ہوجانا ۔

جان فشانی کرنا - ا - جان توڑ کر کام کرنا - از حد
کوشش کرنا ۔

جان کا بیری یا جان کا لاگو - ا - صفت - جان کا
دشمن - موت کا فرشتہ - دشمن ۔

جان کا جنجال - ا - صفت - دوبھر - جان کے لئے
مصیبت ۔

جان کا روگ یا عذاب - ا - صفت - زندگی کو
بے لطف کر دینے والا ۔

جانگاہ - ف - صفت - جان گھلانے والا - درد پیدا
کرنے والا ۔

جان کندنی یا جان کنی - ف - مؤنث - دم توڑنے کی
حالت - موت کے وقت سختی ۔

جان کو جان نہ سمجھنا - ا - جان کا خیال نہ کرنا -
نہایت محنت اور مشقت کرنا ۔

جان کو رونا۔ ا۔ بددعا دینا۔ صبر کر بیٹھنا ٭
جان کھانا۔ ا۔ تنگ کرنا۔ بہت باتیں بناکر پریشان کرنا۔ دق کرنا ٭
جان کھونا۔ ا۔ جان دینا ٭
جان کی امان۔ ا۔ مؤنث۔ رہائی۔ جاں بخشی۔ موت سے بچاؤ ٭
جان کے برابر رکھنا۔ ا۔ نہایت عزیز رکھنا۔ جان کی طرح قدر کرنا ٭
جان کے لالے پڑنا۔ ا۔ زندگی سے ناامید ہونا۔ جینے کی آرزو نہ کرنا ٭
جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا۔ ا۔ کہاوت۔ دین کے رہے نہ دنیا کے۔ ہر طرح نقصان ہی ہوا ٭
جانِ من۔ ف۔ مؤنث۔ میری جان۔ میرے محبوب۔ میرے پیارے ٭
جان میں جان آنا۔ ا۔ اطمینان ہونا۔ خوشی حاصل ہونا
جان نثار۔ ف۔ صفت۔ جان قربان کرنے والا۔ نہایت وفادار خیر خواہ ٭
جان نثاری۔ ف۔ مؤنث۔ جان بازی۔ جفاکشی۔ خیر خواہی۔ تن دہی۔ وفاداری ٭
جان ہار۔ ا۔ صفت۔ اپنی طاقت سے بڑھکر کام کرنے والا بڑا بہادر۔ نہایت عقلمند ٭
جان ہلکان ہونا۔ ا۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ دق ہونا ٭
جان ہے تو جہان ہے۔ ا۔ کہاوت۔ زندگی کے ساتھ دنیا کا بھی مزا ہے۔ زندگی کی حفاظت مقدم ہے ٭
جانا۔ ہ۔ روانہ ہونا۔ چلنا۔ بیتنا۔ چھوٹنا۔ علیحدہ ہونا۔ پہنچنا۔ برباد ہونا۔ چوری جانا۔ اُڑنا۔ خیال کرنا۔ دل پر لانا پرواکرنا۔ ہٹنا۔ کٹنا ٭
جاناں۔ ف۔ مذکر۔ پیارا۔ جانی۔ محبوب ٭
جانب۔ ع۔ مؤنث۔ طرف۔ پہلو۔ رُخ ٭
جانب دار۔ ع ف۔ صفت۔ حمایتی۔ ساتھ دینے والا
جانب داری۔ ع ف۔ مؤنث۔ طرفداری۔ رعایت حمایت۔ ساتھ ٭
جانبین۔ ع۔ مذکر۔ دونوں طرف۔ دونو فریق۔
جانچ۔ ہ۔ مؤنث۔ انداز۔ تخمینہ۔ پرکھ۔ شناخت۔ پڑتال۔ تحقیق ٭
جانچنا۔ ہ۔ پرکھنا۔ آزمانا۔ اندازہ کرنا۔ تاڑنا۔ معلوم کرنا پڑتال کرنا۔ تحقیق کرنا ٭
جانگلو۔ ہ۔ صفت۔ گنوار۔ وحشی۔ اجڈ۔ بے وقوف۔
جانگھ۔ ہ۔ صفت۔ ران۔ گھٹنے کے اوپر کمر تک کا حصہ ٭
جانگھیا۔ ہ۔ مذکر۔ کچھنا۔ گھٹنا۔ نیکر ٭
جاننا۔ ہ۔ واقف ہونا۔ پہچاننا۔ معلوم کرنا۔ بھروسا کرنا۔ ذمہ دار ہونا۔ ماننا۔ فرض کرنا ٭
جانور۔ ف۔ مذکر۔ جاندار۔ جان والا۔ حیوان۔ وحشی۔ بے وقوف۔ گدھا ٭
جانی۔ ف۔ صفت۔ جان سے نسبت رکھنے والا۔ دوست پیارا ٭
جانی دُشمن۔ ا۔ مذکر۔ وہ دشمن جو ہلاک کرنے کے درپے رہے ٭
جانی دوست۔ ا۔ مذکر۔ دلی دوست۔ سچا دوست
جانے دو۔ ہ (محاورہ) روکو نہیں۔ چلنے دو۔ باز آؤ معاف کردو۔ خیال نہ کرو ٭
جانے دینا۔ ہ۔ نہ روکنا۔ چھوڑنا۔ آزاد کرنا۔ خیال نہ کرنا معاف کرنا ٭
جانے کے لچھن۔ ہ۔ (محاورہ) برے آثار۔ فنا ہونیکی علامت
جاؤ بیٹھو۔ ہ۔ محاورہ۔ اپنا کام کرو۔ ہٹ جاؤ ٭
جاوِید یا جاوِداں۔ ف۔ صفت۔ ہمیشہ۔ ازل سے ابد تک
جاوِدانی۔ ف۔ مؤنث۔ ہمیشگی۔ ازلی ابدی ٭
جاہ۔ ف۔ مؤنث۔ رتبہ۔ عزت۔ بزرگی ٭
جاہ و جلال (ف ع) مذکر۔ شان و شوکت۔ رُعب داب
جاہ و حشم۔ ف ع۔ مذکر۔ شان و شوکت۔ کر و فر۔ لاؤ لشکر ٭
جاہ و منصب یا منزلت۔ ف ع۔ مذکر۔

رتبہ۔ مرتبہ۔ بزرگی۔ شان ٭

جاہل۔ ع۔ صفت۔ مورکھ۔ نادان۔ اناڑی۔ ان پڑھ۔
اُجڈ۔ بے سلیقہ ٭

جائے ضرور۔ ا۔ مذکر۔ پیخانہ ٭

جائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بیٹی۔ لونڈیا ٭

جایا۔ ہ۔ مذکر۔ لڑکا۔ بیٹا ٭

جائے پھل۔ ہ۔ مذکر۔ جائفل۔ ایک خوشبودار پھل
کا نام ٭

جائداد۔ ف۔ مؤنث۔ ملکیت۔ مال اسباب۔
کھڑی ہوئی فصل۔ جاگیر ٭

جائدادِ آبائی۔ ف ع۔ مؤنث۔ باپ دادا کی جاگیر

جائداد غیر منقولہ۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ زمین اور
مکان کی قسم کی جائداد۔ وہ ملکیت جسے ایک جگہ سے دوسری
جگہ نہ لے جاسکیں

جائدادِ مکفولہ۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ وہ جائداد جو رہن یا
ضمانت میں رکھی ہوئی ہو ٭

جائدادِ منقولہ۔ ف ع۔ مؤنث۔ وہ جائداد جسے ایک جگہ سے دوسری
جگہ لے جاسکیں۔ مال اسباب۔ غلہ۔ زیور وغیرہ ٭

جائز۔ ع۔ صفت۔ مناسب۔ درست۔ ٹھیک۔ قانون اور
شرع کے مطابق۔ معتبر ٭

جائز رکھنا۔ ا۔ ماننا۔ درست جاننا ٭

جائز وَلی۔ ع۔ مذکر۔ یتیموں کی حفاظت اور نگرانی
کرنے والا۔ کورٹ آف وارڈس ٭

جائزہ۔ ع۔ مذکر۔ انعام۔ ہڑتال کی علامت۔ گنتی۔
سرسری امتحان ٭

جائزہ دینا۔ ا۔ حساب کتاب دینا۔ چارج دینا ٭

ج ب

جب۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس وقت۔ تب ٭

جب نہ تب۔ ہ۔ تابع فعل۔ وقت بے وقت۔ ہمیشہ ٭

جب ہی۔ ہ۔ تابع فعل۔ اُسی دم۔ اُسی وقت ٭

جَبر۔ ع۔ مذکر۔ زیادتی۔ سختی۔ بے رحمی۔ کمی کا پورا کرنا ٭

جبر اُٹھانا۔ ا۔ دکھ سہنا۔ سختی۔ برداشت کرنا ٭

جبر کرنا۔ ا۔ مجبور کرنا۔ ستانا۔ زبردستی کرنا ٭

جبر نقصان۔ ع۔ مذکر۔ نقصان کا پورا کرنا۔ تاوان ٭

جبر و تعدی۔ ع۔ مؤنث۔ ظلم وستم۔ زبردستی

جبر و مقابلہ۔ ع۔ مذکر۔ فن ریاضی میں ایک علم کا نام
جس میں علامات و حروف کے ذریعے عمل کیا جاتا ہے ٭

جبراً۔ ع۔ تابع فعل۔ زبردستی سے ٭

جبراً و قہراً۔ ع۔ تابع فعل۔ مجبوراً۔ جس طرح ہوسکے ٭

جبرئیل۔ ع۔ مذکر۔ خدا کے چار مقرب فرشتوں میں
سے ایک کا نام جو خدا کے پیغام اسکے نبیوں کی طرف
لے جایا کرتے تھے ٭

جبڑا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ کلّہ ٭

جبلی۔ ع۔ صفت۔ فطرتی۔ پیدائشی۔ اصلی۔ قدرتی ٭

جُبن۔ ع۔ مذکر۔ نامردی۔ بزدلی۔ جنگ وجدال سے
ڈرنا ٭

جُبن چھانا۔ ا۔ نامردی کا غالب ہونا۔ دلیری اور بہادری
کا جوش نہ رہنا ٭

جُبّہ۔ ع۔ مذکر۔ چوغہ۔ جامہ۔ ایک قسم کی رومی اور
عربی پوشاک ٭

جَبہہ۔ ع۔ مذکر۔ ماتھا ٭

جبہہ سائی۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ ماتھا رگڑنا۔ منت
سماجت کرنا ٭

جبین۔ ف۔ مؤنث۔ پیشانی۔ ماتھا ٭

ج پ

جپ۔ ہ۔ مؤنث۔ مالا پھیرنا۔ تسبیح ہلانا۔ پوجا
پاٹ کرنا ٭

جپ جی۔ ہ۔ مؤنث۔ سکھوں کے ایک مقدس
عبادت نامے کا نام ٭

جپ تپ۔ ہ۔ مؤنث۔ عبادت۔ خدمت۔ پوجا ٭

جپ کرانا۔ ہ۔ کسی مطلب یا مُراد یا بیمار کی تندرستی کے لئے منتر یا پوجا پاٹ کرنا ۔

جپ مالا۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ پوجا کرنے کی مالا ۔

جپنا۔ ہ۔ مالا پھیرنا۔ تسبیح ہلانا۔ خدا تعالیٰ کا نام لینا ۔

جپنی۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ تسبیح۔ رٹ ۔

جتانا یا جتلانا۔ ہ۔ خبردار کرنا۔ یاد دلانا۔ اشارہ کرنا۔ ہدایت کرنا۔ تاکید کرنا۔ ہوش میں لانا ۔

جتانا۔ ہ۔ بازی دلوانا۔ جیت کرانا ۔

جتن۔ ہ۔ ۔مذکر۔ علاج۔ تدبیر۔ فکر۔ کرتوت۔ کام۔ ڈھنگ۔ طریقہ ۔

جتنا۔ ہ۔ صفت۔ جس قدر۔ کل۔ تمام ۔

جتنا۔ ہ۔ بیلوں وغیرہ کا ہل یا گاڑی میں لگنا مشغول ہونا خدمت کرنا۔ کوشش کرنا ۔

جتھا۔ ہ۔ ۔مذکر۔ گروہ۔ جماعت۔ بھیڑ ۔

جتھا باندھنا۔ ہ۔ جماعت بنانا۔ ایکا کرنا ۔

جتی۔ ہ۔ صفت۔ وُہ شخص جس نے بیاہ نہ کیا ہو۔ سنیاسی۔ زاہد۔ جینی مذہب کے سوامی جو صرف سفید چادر کا لباس رکھتے ہیں

جتی ستی۔ ہ۔ صفت۔ نیک۔ پارسا ۔

جتیانا۔ ہ۔ جوتی سے پیٹنا۔ جوتے مارنا ۔

ج ٹ

جٹا۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ گندھے ہوئے بال۔ رسا۔ بڑی ڈاڑھی

جٹا دھاری۔ ہ۔ صفت۔ لمبی لمبی لٹوں والا۔ جوگی۔ پُرانا سب کیسر ۔

جٹاماسی۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ بالچھڑ ۔

جٹنا۔ ہ۔ جڑنا۔ سازش کرنا۔ چمٹنا ۔

جٹھانی۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ خاوند کے بڑے بھائی کی بیوی ۔

ج ث

جثہ۔ ع۔ ۔مذکر۔ بدن۔ کاٹھی۔ جسم کی بناوٹ ۔

ج ج

جج۔ انگ۔ مذکر۔ منصف۔ انصاف کرنے والا بڑا حاکم

ججمان۔ ہ۔ ۔مذکر۔ جگ کرنے والا ۔

ج چ

جچنا۔ ہ۔ تُلنا۔ اندازہ ہونا۔ پرکھا جانا۔ ثابت ہونا۔ پسند ہونا ۔

جچی تُلی۔ ہ۔ صفت۔ ٹھیک۔ تجربہ اور امتحان کے مطابق

ج د

جد۔ ع۔ ۔مذکر۔ دادا ۔

جد۔ ع۔ ۔مؤنث۔ کوشش۔ محنت۔ علاج۔ پیروی

جدوجہد۔ ع۔ ۔مؤنث۔ کوشش محنت مشقت ۔

جدا۔ ف۔ صفت۔ الگ۔ بچھڑا ہوا ۔

جدا جدا۔ ف۔ تابع فعل۔ الگ الگ۔ ایک ایک کرکے۔ تفصیل وار ۔

جدا کرنا۔ ا۔ الگ کرنا۔ ہٹانا۔ کاٹنا۔ نفاق ڈالنا ۔

جداگانہ۔ ف۔ تابع فعل۔ ایک طرف ۔

جدا ہونا۔ و۔ علیحدہ ہونا۔ کٹنا ۔

جدائی۔ ف۔ ۔مؤنث۔ علیحدگی ۔

جدل۔ ع۔ ۔مؤنث۔ جنگ ۔

جدول۔ ع۔ ۔مؤنث۔ نہر۔ نالی۔ حاشیہ۔ کنارہ

جدھ۔ ہ۔ ۔مذکر۔ جنگ ۔

جدھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس طرف۔ جہاں کہیں

جدھر تدھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ جہاں تہاں۔ یہاں وہاں ۔

جدی۔ ع۔ ۔مذکر۔ وُہ آسمانی برج جو بکرے کی شکل کا ہے ۔

جدی۔ ع۔ صفت۔ ایک دادا کی اولاد۔ باپ دادا کی ۔

جدید۔ ع۔ صفت۔ نیا۔ اب کا ۔

جذ

جُذام - ع - مذکر - ایک بیماری کا نام جو خون کے بگاڑ سے پیدا ہوتی ہے ✤

جُذامی - ع - مذکر - کوڑھی ✤

جَذب - ع - مذکر - کھینچاؤ - کشش - چوسنا ✤

جَذب کرنا - ع - سوکھتا - چوسنا - اُٹھانا - اپنی طرف کھینچنا

جَذب ہونا - ا - خشک ہونا - پیوست ہونا - کھینچنا ✤

جَذبات - ع - مذکر - جمع جذبہ کی ✤

جَذباتِ دلی - ع ف - مؤنث - دلی خواہشیں - دلی کششیں ✤

جَذباتِ طبعی - ع - مؤنث - قدرتی خواہش ✤

جَذبہ - ع - مذکر - ایک بار کھینچنا - دل کا جوش - شوق - تحفہ - کشش ✤

جَذر - ع - مذکر - اصل - جڑ - دوسرے درجہ کا گھٹاؤ جس عدد کو فی نفسہٖ ضرب دیں اُسے جذر اور اُس کے حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں ✤

جر

جَرّ - ع - مذکر - کشش - زیر (اعراب) ✤

جَرِّ ثقیل - ع - مذکر - وہ علم جس کے وسیلے سے بھاری بوجھ بآسانی اٹھالیں - چرخیوں کا علم ✤

جُرّاب - ا - مؤنث - موزہ ✤

جرأت - ع - مؤنث - دلیری - مردانگی - بہادری چھاتی - گُردہ - شیخ قلندر بخش دہلوی کا تخلص ✤

جَرّاح - ع - مذکر - چیرا لگانے والا ✤

جَراحت - ع - مؤنث - زخم ✤

جَرّاحی - ع - مؤنث - زخم کے علاج کرنے کا پیشہ - چیر پھاڑ ✤

جَرّار - ع - صفت - بھاری لشکر - دلیر - جنگ جو ✤

جَرح - ع - مذکر - زخم - اعتراض - گرفت (عموماً جرح بولتے ہیں) ✤

جَرَس - ع - مذکر - گھنٹا - گھڑیال ✤

جِرم - ع - مذکر - جسم - بدن - نورانی جسم لطیف جسم ✤

جُرم - ع - مذکر - گناہ - قصور ✤

جُرمانہ - ف - مذکر - تاوان - ڈنڈ - مالی سزا ✤

جُرمانہ بھرنا یا دینا - ا - تاوان دینا - ڈنڈ بھرنا ✤

جُروا - ہ - ا - مؤنث - بیوی ✤

جَریان - ع - مذکر - بہاؤ - روانی - ایک مرض جس میں پیشاب سے پہلے یا بعد یا ساتھ دھات خارج ہوتی ہے ✤

جَریب - یونانی مونث - ایک خاص پیمانہ جس سے زمین کی پیمائش ہوتی ہے - ہندوستانی ساٹھ (۶۰) اور انگریزی پچپن (۵۵) گز کی زنجیر - وہ چاندی کے خول والی لکڑی جو نوابوں اور بادشاہوں کے چوبداروں کے پاس ہوتی ہے ✤

جَریب ڈالنا - ا - جریب سے زمین ناپنا ✤

جَریب کش - ف - مذکر - وہ شخص جو جریب کھینچ کر زمین ناپے ✤

جَریدہ - ع - صفت - تنہا - اکیلا - اخبار ✤

جڑ

جَڑ - ہ - مؤنث - اصل - بنیاد ✤

جَڑ اکھیڑنا - ہ - بنیاد کھودنا - مٹانا - ملیامیٹ کرنا ✤

جَڑ پکڑنا - ہ - جمنا - مضبوط ہونا ✤

جَڑ جمانا - ہ - بنیاد ڈالنا - ٹھہرانا - قائم کرنا ✤

جَڑ کھودنا - ہ - مسمار کرنا - تباہ کرنا ✤

جَڑ کاٹنا - ہ - گرانا - بُرائی کرنا - نقصان پہنچانا ✤

جَڑاؤ - ع - مذکر - جواہرات سے جڑا ہوا ✤

جَڑاول - ہ - مؤنث - جاڑے کے کپڑے ✤

جُڑنا - ہ - ملنا - پیوستہ ہونا - شامل ہونا - اکٹھا ہونا ہاتھ لگنا - گاڑی وغیرہ میں بیل لگنا ✤

جَڑنا - ہ - کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا - پچی کرنا - جوڑنا - مارنا - شکایت کرنا - نالش کرنا ✤

جَڑی - ہ - مؤنث - وُہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو ✦
جَڑی بُوٹی - ہ - مؤنث - دوا دارو - وُہ پتے اور جڑیں جو دوا کے طور پر کام آتے ہیں ✦
جَڑیا - ہ - مذکر - زیوروں میں پتھر وغیرہ جڑنے والا

ج ز

جُز - ف - تابع فعل - سوائے - ٹکڑا - حصہ ✦
جَزا - ع - مؤنث - بدلہ - انتقام - پھل - نیکی ✦
جَزاکَ اللہ - ع - ندا - خدا تجھے صلہ دے - مرحبا ✦
جَزائر - ع - مذکر - جزیرہ کی جمع - ٹاپو - پانی سے گھری ہوئی زمین ✦
جِز بِز ہونا - ا - تنگ ہونا - آزردہ ہونا - ناک بھوں چڑھانا
جَزر - ع - مذکر - سمندر کے پانی کا اُتار ✦
جَزر و مَد - ع - مذکر - جوار بھاٹا - چاند کی کشش کے باعث سمندر کا اُتار چڑھاؤ ✦
جَزم - ع - مذکر - مضبوط - حرف کو ساکن کرنا - وہ علامت جو ساکن حرف پر لکھی جاتی ہے ✦
جُزو - ع - مذکر - ٹکڑا - حصہ - ۸ ورق کا مجموعہ ✦
جُزوِ بَدَن ہونا - ا - کسی چیز کا بخوبی ہضم ہو کر بدن کو لگنا
جُزو بَندی - ع - مؤنث کتاب کے اجزا کو جز جز کر کے سینا ✦
جُزو دان - ع - ف - مذکر - بستہ - اردو میں جزدان
جُزو رس - ع - ف - صفت کفایت شعار - کم خرچ - بخیل - جلد سمجھ جاتے والا - ذہین - اُردو میں جُز رس ✦
جُزو رسی - ع ف - مؤنث - کفایت شعاری - کنجوسی - کم خرچ کرنا - اُردو میں جُز رسی ✦
جُزو و کُل - ع - تابع فعل - بالکل - تھوڑا اور بہت - تمام ✦
جُزوِ لایتجزّیٰ - ع - مذکر - وہ چیز جس کے اور ٹکڑے نہ بن سکیں ✦
جُزوِی - ع - صفت - تھوڑا - حقیر - قلیل ✦
جُزوِیّات - ع - مذکر - چھوٹے چھوٹے امور - حصے ✦
جَزِیرہ - ع - مذکر - ٹاپو ✦
جَزِیرہ نما - ع ف - مذکر - خشکی کا وہ حصہ جو پانی سے گھرا ہوا ہو
جِزیہ - ع - مذکر - تاوان - محصول وہ اسلامی ٹیکس جو غیر مذہب کے لوگوں پر انکی حفاظت کے لئے لگایا جائے ✦

ج س

جَس - ہ - مذکر - شہرت - عزت - اعتبار - ثواب - گُن - طاقت ✦
جِس - ہ - اسم - ضمیر - جونسا ✦
جِس پر بھی - ہ - تابع فعل - باوجود اس کے ✦
جِس رِتش - ہ - اسم ضمیر - ہر ایک - اپنا بیگانہ - ہر قسم کا ✦
جِس تِس جِس - ہ - ضمیر - ہر شخص - ہر چیز ✦
جِس دَم - ا - تابع فعل - جس وقت - جس گھڑی ✦
جَسامت - ع - مؤنث - جسم ہونا - مٹاپا - ڈیل ڈول
جَست - ہ - مذکر - ایک دھات کا نام ✦
جَست - ف - مؤنث - چھلانگ ✦
جُستجُو - ف - مؤنث - ٹٹول - تلاش ✦
جِسم - ع - مذکر - بدن ✦
جِسمانی - ع - صفت - بدنی - بدن کی ✦
جِسمی - ع - صفت - جسم کے متعلق - نفسی - ذاتی ✦
جَسولنی - ا - مؤنث - چوبدارنی - وہ عورتیں جو شاہی محل میں خیر خیریت پہنچاتی ہیں ✦
جَسِیم - ع - صفت - موٹا - فربہ ✦

ج ش

جَشن - ف - اسم - مذکر - شادی - جمانی - خوشی اور نشاط کا جلسہ - لہر بہر ✦
جَشن اُڑانا - ا - لطف اٹھانا - عیش کرنا ✦
جَشن منانا - ا - خوشی منانا - ناچ رنگ میں مشغول ہونا - گلچھرے اُڑانا ✦

ج ع

جَعفری۔ ع۔ ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا زرد گیندے کا پھول
ٹٹی۔ لکڑی یا لوہے کا جال۔ کھرا سونا ✦

جَعل۔ ع۔ ۔ مذکر۔ نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعویٰ کرنا۔
دھوکا۔ کھوٹ ✦

جَعل بنانا۔ ا۔ جھوٹا کاغذ بنانا۔ فریب بنانا ✦

جَعل ساز۔ ع۔ ف۔ ۔ مذکر۔ فریبی۔ جھوٹے مقدمے
بنانے والا۔ شریر ✦

جَعل سازی۔ ع۔ ف۔ ۔ مؤنث۔ مکر۔ فریب۔ دھوکا

جَعلی۔ ع۔ صفت۔ نقلی۔ وہ نقلی چیز جسے اصل کے مطابق
بنالیا ہو۔ فریبی۔ دھوکے باز ✦

ج غ

جُغرافیہ۔ یونانی۔ ۔ مذکر۔ (اصل جیوگریفی) وہ علم جس
میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم کا بیان کیا جاوے

ج ف

جَفا۔ ف۔ ۔ مؤنث۔ جبر و ستم۔ سختی ✦

جَفا کفا۔ ف۔ ۔ مؤنث۔ جور و ظلم سختی اور مصیبت ✦

جَفا کش۔ ف۔ صفت۔ سختی جھیلنے والا۔ مصیبت اٹھانے
والا۔ محنتی ✦

جُفت۔ ف۔ ۔ مذکر۔ جوڑا۔ وہ عدد جو دو پر پورا تقسیم
ہو جائے۔ برابری کا ✦

جُفتی۔ ف۔ ۔ مؤنث۔ نر و مادہ کا باہم ملنا ✦

ج ک

جَکڑ بند۔ ہ۔ صفت۔ تنا ہوا۔ مضبوط بندھا ہوا ✦

جَکڑنا۔ ہ۔ کھینچ کر باندھنا۔ مشکیں باندھنا۔ سخت ہو جانا

ج گ

جَگ۔ ہ۔ ۔ مؤنث۔ دنیا۔ خلقت۔ لوگ۔ ہون۔ پوجا
مہمانی ✦

جَگ جیتنا۔ ہ۔ ہرا مارنا۔ تھکا مارنا ✦

جُگ۔ ہ۔ ۔ مذکر۔ زمانہ۔ وقت۔ عمر ✦

جُگ جُگ۔ ہ۔ تابع فعل۔ سدا۔ ہمیشہ ہمیشہ ✦

جُگادری۔ ہ۔ صفت۔ پرانا۔ بہت پرانا ✦

جُگالی۔ ہ۔ ۔ مؤنث۔ چوپایوں کا اپنے چارے کو معدے
میں سے نکال کر منہ میں چبانا ✦

جَگانا۔ ہ۔ نیند سے اٹھانا۔ خبردار کرنا۔ روشن کرنا ✦

جَگت۔ ہ۔ ۔ مذکر۔ دنیا۔ زمانے کا استاد۔ بہت
بڑا کاریگر۔ اپنے فن میں یکتا آدمی ✦

جَگت سیٹھ۔ ہ۔ ا۔ ۔ مذکر۔ بڑا بھاری ساہوکار۔ سیٹھوں کا
خطاب ✦

جَگت گرو۔ ہ۔ ۔ مذکر۔ برہما۔ وشن اور شیوجی کا نام

جُگت۔ ہ۔ ۔ مؤنث۔ حکمت۔ تدبیر۔ ڈھنگ۔
کاریگری۔ چالاکی۔ لطیفہ ✦

جُگت باز۔ ا۔ ۔ مذکر۔ لطیفہ گو۔ ڈھنگ کا آدمی۔
تدبیر والا۔ پولیٹکل معاملوں اور چالوں سے واقف آدمی

جُگت بازی۔ ا۔ ۔ مؤنث۔ لطیفہ گوئی۔ ضلع بازی ✦

جِگر۔ ف۔ ۔ مذکر۔ کلیجا۔ دل۔ جان۔ جوہر۔ بیٹا۔ لاڈلا۔
ہمت۔ حوصلہ۔ مردانگی۔ طاقت ✦

جِگر بند۔ ف۔ ۔ مذکر۔ تلی پھیپھڑے اور جگر کا مجموعہ۔ بیٹا
جان سے عزیز ✦

جِگر جگر ہے دِگر دِگر ہے۔ ا۔ (کہاوت) اپنا اپنا ہے اور
غیر غیر۔ پرایا اپنے کے برابر نہیں ہو سکتا ✦

جِگر گوشہ۔ ف۔ ۔ مذکر۔ پیارا بیٹا ✦

جِگرا۔ ا۔ ۔ مذکر۔ حوصلہ۔ جرأت۔ دلیری۔ دل گردہ

جِگری۔ ف۔ صفت۔ دلی۔ اندرونی۔ سچا۔ پیارا ✦

جِگری داغ۔ ف۔ ۔ مذکر۔ لاعلاج۔ صدمہ یا رنج ✦

جِگری دوست۔ ا۔ ۔ مذکر۔ گہرا یار۔ دلی دوست

جُگل۔ ہ۔ ۔ مذکر۔ جوڑا۔ دو ✦

جَگمگانا۔ ہ۔ جگمگ کرنا۔ روشن ہونا ✦

جَگمگاہٹ۔ ہ۔ ۔ مؤنث۔ چمک۔ دمک ✦

جَگ مَگ جَگ مَگ کرنا۔ ہ۔ خوب چمکنا ◆

جُگنُو۔ ہ۔ ۔مذکر۔ وہ کیڑا جو اندھیری رات میں درختوں پر چمکتا ہے ◆

جُگنی۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ گلے کے ایک زیور کا نام ◆

جَگہ۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ مکان۔ موقع۔ نوکری۔ بجائے ◆

جگہ جگہ۔ ہ۔ تابع فعل۔ سب جگہ ◆

جگہ چھوڑنا۔ ہ۔ مقام چھوڑنا۔ لکھتے لکھتے کاغذ میں سفیدی چھوڑنا۔ ہٹنا۔ نوکری یا علاقہ چھوڑنا ◆

جگہ دینا۔ ہ۔ ٹھہرانا۔ بیٹھانا۔ نوکری دینا۔ زمین دینا۔ رہنے کو گھر دینا ◆

ج ل

جُل۔ ہ۔ ۔مذکر۔ فریب۔ جھانسا ◆

جُل باز۔ ا۔ ۔مذکر۔ فریبی۔ دھوکے باز ◆

جُل دینا۔ ہ۔ دغا دینا۔ دھوکا دینا ◆

جَل۔ ہ۔ ا ۔مذکر۔ پانی ◆

جَل پان۔ ہ۔ ۔مذکر۔ تھوڑا سا کھانا پینا ◆

جَل ترنگ۔ ہ۔ ا ۔مذکر۔ ایک باجے کا نام جسے پیالیوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجاتے ہیں۔ پانی کی لہر ◆

جَل تھل۔ ہ۔ ۔مذکر۔ پانی ہی پانی ◆

جَل مانس۔ ہ۔ ۔مذکر۔ پانی کا آدمی ◆

جِلا۔ ع۔ ۔مؤنث۔ چمک دمک۔ صفائی ◆

جِلا دینا یا کرنا۔ ا۔ رونق دینا۔ چمکانا ◆

جِلا کار۔ ف ع۔ صفت۔ اُجلا کر دینے والا ◆

جُلّاب۔ ا۔ ۔مذکر۔ مُسہل۔ دستوں کی دوا ◆

جَلاپا۔ ہ۔ ۔مذکر۔ رنج و غم۔ سوگ۔ حسد۔ بغض ◆

جَلاتن۔ ہ۔ صفت۔ بدمزاج۔ بخیل۔ حسد کرنے والا ◆

جَلا جَلا کر مارنا یا خاک کرنا۔ ا۔ غصہ دلا دلا کر ہلاک کرنا بہت ستانا ◆

جَلّاد۔ ع۔ ۔مذکر۔ گردن مارنے والا۔ ظالم۔ بے رحم

جَلّادِ فلک۔ ع۔ ۔مذکر۔ ایک آتشی ستارہ کا نام

جَلادت۔ ع۔ ۔مؤنث۔ بہادری۔ چالاکی۔ چُستی ◆

جَلّادی۔ ا۔ ۔مؤنث۔ بے رحمی۔ قصائی پن ◆

جلال۔ ع۔ ۔مذکر۔ بزرگی۔ شان و شوکت۔ رُعب داب غُصہ۔ تُندی۔ طاقت ◆

جلالی۔ ع۔ ۔مؤنث۔ خدا کی صفت میں غضب کا اظہار۔ درویشوں کے ایک سلسلہ اور طریقہ کا نام (صفت) جلال والا۔ خوفناک ◆

جِلانا۔ ہ۔ زندہ کرنا۔ جان ڈالنا۔ موت سے بچانا ◆

جَلانا۔ ہ۔ آگ لگانا۔ روشن کرنا۔ چھیڑنا چڑانا۔ رنج پہنچانا

جَلاوطن کرنا۔ ا۔ کالے پانی بھیجنا۔ دیس نکالا دینا ◆

جُلاہا۔ ا۔ ۔مذکر۔ کپڑا بُننے والا۔ پانی کے ایک کیڑے کا نام

جل بُجھنا۔ ہ۔ جل کر خاک ہو جانا ◆

جِلد۔ ع۔ ۔مؤنث۔ کھال۔ چمڑا۔ کتاب کی جز بندی کتاب۔ کتاب کا حصّہ ◆

جِلد ساز۔ ع ف۔ مذکر۔ کتاب کی جِلد بنانے والا ◆

جَلد ف صفت۔ مذکر جھٹ پٹ ◆

جَلد باز ف صفت جلدی کرنے والا۔ پھُرتیلا ◆

جَلدی۔ ا۔ ۔مؤنث چُستی۔ پھُرتی۔ گھبراہٹ ◆

جَلسہ۔ ع۔ ۔مذکر۔ اجلاس۔ بیٹھک۔ پنچایت۔ ناچ گانے کی محفل۔ نماز میں سجدہ کر کے اوّل مرتبہ بیٹھنے کو جلسہ کہتے ہیں

جَل مرنا۔ ہ۔ رشک و حسد میں جل کر کباب ہو جانا۔ کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا ◆

جَلَن۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ جلنے کی حالت۔ حسد۔ دشمنی۔ غُصّہ سوزش ◆

جَلنا۔ ہ۔ آگ لگنا۔ روشن ہونا۔ جُھلسنا۔ حسد کرنا۔ عداوت کرنا مرچ یا تیز چیز سے زبان کا جھلجھلانا۔ رنج میں گُھلنا۔ سبزے کا برف یا پالے وغیرہ سے کملا جانا ◆

جِلندر۔ ہ۔ ۔مذکر۔ ایک مرض کا نام ◆

جِلَو۔ ت۔ ۔مؤنث۔ باگ۔ لگام۔ وہ خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لئے لے جاتے ہیں۔ زینت۔ ٹھاٹ ہمراہی ◆

جلوُدار ۔ ت۔ ف۔ ۔ مذکر ۔ مصاحب ۔ ہمراہی ۔ ساتھی ۔
نوکر چاکر ٭

جلوخانہ ۔ ف۔ ۔ مذکر ۔ چوک ۔ ڈیوڑھی ۔ وُہ میدان جو شاہی
دروازہ کے سامنے ہو ٭

جُلُوس ۔ ع۔ ۔ مذکر ۔ نشست ۔ بیٹھک ۔ تخت نشینی ۔ شان و
شوکت ۔ امیروں اور بادشاہوں کی سواری ٭

جُلُوسی ۔ ع ۔ صفت ۔ شاہی تخت نشینی سے منسوب ۔ وُہ لوگ
جو شاہی جلوس کے ملازم ہوں ٭

جَلوَہ ۔ ع۔ ۔ مذکر ۔ کسی خاص طرز سے اپنے آپ کو ظاہر کرنا
سامنے آنا ۔ رونق ۔ نُور ۔ وداعَ کے روز دولھا دلہن
کو آمنے سامنے بٹھلا کر آرسی مصحف دکہانا ٭

جلوہ گر ہونا ۔ ا ۔ ظاہر ہونا ۔ دکھانا ۔ رونق بخش ہونا ٭

جَلی ۔ ع ۔ صفت ۔ روشن ۔ نمایاں ۔ موٹا لکھا ہوا ٭

جلی بھُنی باتیں ۔ ہ ۔ ۔ مؤنث ۔ رشک وحسد کی
باتیں ۔ رنج سے بھری ہوئی گفتگو ٭

جلیبی ۔ ہ ۔ ۔ مؤنث ۔ ایک مٹھائی کا نام ٭

جلے پاؤں کی بلّی ۔ ہ ۔ (محاورہ عورت) وُہ عورت جسے
یہاں وہاں پھرنے کے سوا اور کوئی کام نہ ہو ٭

جلے پر نمک چھڑکنا یا لگانا ۔ ا ۔ مرے کو مارنا ۔ رنج پر رنج
دینا ۔ ستائے ہوئے کو ستانا ٭

جلے پھپھولے پھوڑنا ۔ ہ ۔ بدلہ لینا ۔ عداوت نکالنا ۔ دل کا
بغض ظاہر کرنا ٭

جلی کٹی ۔ ہ ۔ ۔ مؤنث ۔ رشک وحسد کی باتیں ۔ دشمنی کی
باتیں ٭

جلی کٹی کہنا ۔ ہ ۔ بُرا کہنا ۔ کسی کے خلاف کہنا ٭

جلیس ۔ ع۔ ۔ مذکر ۔ مصاحب ۔ ساتھی ۔ پاس بیٹھنے والا

جلیل ۔ ع ۔ صفت ۔ بڑا ۔ اعلیٰ ۔ برتر ٭

جلیلُ القدر ۔ ع ۔ صفت ۔ (تلفظ جلیلُل قدر) بڑے مرتبے کا
عالی رتبہ ٭

ج م

جَم ۔ ہ ۔ ۔ مذکر ۔ موت کا فرشتہ ۔ موت ۔ وہ آدمی جو
کسی طرح پاس سے نہ ٹلے ٭

جَم دُوت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ موت کا قاصد ۔ موت کا فرشتہ ٭

جَم ہو جانا ۔ ہ ۔ موت کی طرح نہ ٹلنا ۔ پیچھا نہ چھوڑنا ٭

جَماد ۔ ع ۔ ۔ مذکر ۔ بے جان چیزیں جیسے دھاتیں ۔
پہاڑ وغیرہ ٭

جُمادیُ الْاَوّل ۔ ع ۔ مذکر ۔ عرب کا پانچواں قمری مہینہ ٭

جُمادیِ الْاٰخر یا جُمادیِ الثّانی ۔ ع ۔ ۔ مذکر ۔ عربی
کا چھٹا قمری مہینہ ٭

جَماعَت ۔ ع ۔ ۔ مؤنث ۔ گروہ ۔ آدمیوں کا جتھا ۔
نمازیوں کی قطار ۔ فریق ۔ فرقہ ٭

جَمال ۔ ع ۔ اسم ۔ مذکر ۔ حُسن ۔ خوبصورتی ٭

جَمال گوٹا ۔ ہ ۔ ۔ مذکر ۔ ایک نہایت دست آور پھل کا نام

جَمالی ۔ ع ۔ صفت ۔ شانِ رحمت کی تجلی ۔ ایک قسم کا سردہ

جَمانا ۔ ہ ۔ ٹھہرانا ۔ ترتیب سے لگانا ۔ چسپاں کرنا ۔
راضی کرنا ۔ ٹھاننا ۔ مضبوط کرنا ٭

جَماؤ ۔ ہ ۔ ۔ مذکر ۔ جمنے کی قابلیّت ۔ ہجوم ۔ قیام ۔ مضبوطی

جَماہی یا جَمہائی ۔ ہ ۔ ۔ مؤنث ۔ کاہلی یا خمار اور بیداری
سے مُنہ پھیلا کر لمبا سانس لینا ٭

جَم جَم ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ سدا ۔ ہمیشہ ٭

جَمدَھر ۔ ہ ۔ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا خنجر ۔ چھری ۔ ایک
طرح کا بادامی کاغذ ٭

جَمشید ۔ ف ۔ ۔ مذکر ۔ ایران کے ایک مشہور بادشاہ
کا نام ٭

جَمَع ۔ ع ۔ ۔ مذکر ۔ سب ۔ اکٹھا ۔ نقد روپیہ ۔ ایک سے زیادہ

جَمَع بندی ۔ ع ف ۔ ۔ مؤنث ۔ لگان کی فرد ۔ جمع کی تقسیم

جَمَع کرنا ۔ ا ۔ اکٹھا کرنا ۔ ڈھیر کرنا ۔ جوڑنا ۔ میزان دینا
وصول کرنا ۔ امانت رکھنا ٭

جَمَع والا ۔ ا ۔ ۔ مذکر ۔ دولت والا ۔ سرمایہ دار ۔ مہاجن

جَمَع وخَرچ یا جَمَع خرچ ۔ ع ف ۔ ۔ مذکر ۔ آمدنی
اور خرچ ۔ کُل ٭

جمعدار ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ جماعت کا سردار ۔ صوبے دار کے نیچے کا ہندوستانی افسر ۔

جمعرات ۔ ا ۔ مؤنث ۔ پنجشنبہ ۔ جمعہ سے پہلے کا دن

جمعہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ پنجشنبہ کے بعد کا دن ۔

جمعیت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ فوج جتھا ۔ انجمن ۔ تسلی اطمینان

جمعیتِ خاطر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دل کی تسلی ۔

جمِ غفیر ۔ ع ۔ مذکر ۔ بڑا بھاری جمگھٹ ۔

جمگھٹ ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ بھیڑ بھڑکا ۔

جمگھٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ جماؤڑا ۔ بھیڑ ۔

جمل ۔ ع ۔ مذکر ۔ حرف ابجد کے عددوں کا حساب ۔

جملگی ۔ ع ف ۔ مؤنث ۔ سب کا سب ۔

جملہ ۔ ع ۔ صفت ۔ تمام ۔ کلموں کا مجموعہ ۔ پوری بات ۔

جملۂ معترضہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ذکر میں ذکر ۔ بحث سے خارج بات ۔

جمنا ۔ ہ ۔ لبستہ ہونا ۔ اکھٹا ہونا ۔ زمین سے نکلنا ۔ مضبوط ہونا یقین ہونا ۔ دل نشین ہونا ۔ یوپی کے ایک مشہور دریا کا نام

جمہور ۔ ع ۔ مذکر ۔ آدمیوں کی شہری تعداد ۔ سب ۔ تمام ۔

جمہوری سلطنت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ وہ حکومت جس کا انتظام عام لوگوں کے چنے ہوئے آدمی کریں ۔

جمیع ۔ ع ۔ صفت ۔ سب ۔ کل ۔

جمیل ۔ ع ۔ صفت ۔ خوبصورت ۔

جمیلہ ۔ ع ۔ صفت ۔ خوبصورت عورت ۔

ج ن

جِن ۔ ع ۔ مذکر ۔ دیو ۔ بھوت ۔ سخت آدمی ۔

جن اتارنا ۔ ا ۔ بھوت کو قابو میں کرنا ۔ غصے کو ٹھنڈا کرنا ۔

جن ۔ ہ ۔ جس کی جمع ۔ جو ۔ جونسے ۔

جننا ۔ ہ ۔ بچہ دینا ۔

جناب ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مذکر ۔ حضور ۔ قبلہ ۔

جنابِ اقدس یا جنابِ عالی ۔ ع ۔ مذکر ۔ حضرت سلامت ۔

جنات ۔ ع ۔ مذکر ۔ جن کی جمع ۔ دیو ۔ بھوت ۔

جنازہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ لاش ۔ تابوت کا تختہ ۔

جنازہ نکلے ۔ ا ۔ (وہ) مرجائے ۔

جنانا یا جنوانا ۔ ہ ۔ بچہ کو پیٹ سے نکالنا ۔

جنائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جنانے والی عورت ۔ دائی ۔ جنانے کی مزدوری ۔

جنبش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ حرکت ۔ چال ۔

جنبش دینا ۔ ا ۔ حرکت دینا ۔ جھنجوڑنا ۔ ہلانا ۔

جنت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ باغ ۔ بہشت ۔ بیکنٹھ

جنتر ۔ س ۔ مذکر ۔ اوزار ۔ ایک قسم کا باجا ۔ افسوں ۔ گنڈا

جنتر منتر ۔ س ۔ مذکر ۔ جادوگری ۔ دھوکا بازی ۔ وہ اونچا مکان جس پر بیٹھ کر نجومی لوگ ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں ۔

جنتری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک اوزار کا نام جس میں بہت چھید ہوتے ہیں ۔ جادوگری ۔ ایک سال کا حساب جس میں نجومی ستاروں کی گردش اور احوال مع تاریخ و سن درج کرتے ہیں ۔

جنتری میں کھینچنا ۔ ہ ۔ تار کے اوزار میں نکلنا ۔ درست ہونا ۔ سیدھا ہونا ۔

جنتو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کیڑے مکوڑے ۔ حشرات الارض ۔

جنتی ۔ ع ۔ صفت ۔ بہشتی ۔ بھلا آدمی ۔ خداترس ۔ بھولا بھالا

جنتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ماں ۔ تار کھینچنے کا اوزار ۔

جنجال ۔ ع ۔ مذکر ۔ آفت ۔ مصیبت ۔ جھگڑا ۔

جنجالی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ جھگڑالو ۔

جندرے ڈھیلے ہونا ۔ ہ ۔ کل پرزوں کا نکما ہونا ۔

جنس ۔ ع ۔ مؤنث ۔ چیز ۔ اسباب ۔ سوداگری مال قسم ۔ جماعت ۔ اناج ۔

جنس خانہ ۔ ع ف ۔ مال گھر ۔ گودام ۔

جنسیت ع ف ۔ مؤنث ۔ یکساں ہونا ۔ ایک قسم ۔

جنگ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ لڑائی ۔ دشمنی ۔

جنگ آزمودہ ۔ ف ۔ صفت ۔ لڑائی کی گھاتوں سے واقف

دلبر ✦

جَنگ آوَر - ف - صفت - لڑائی کرنے والا ✦

جَنگ جُو - ف - صفت - جھگڑالو - تکراری - بہادر ✦

جنگِ زرگری - ف - مؤنث - جھوٹ موٹ کی جنگ مصلحت کی لڑائی جو دشمن کو دھوکا دینے کے لئے لڑیں ✦

جَنگ وَجَدَل - ف - ع - مذکر - (تلفظ جَنگ جَدَل) لڑائی بھڑائی ✦

جُنگل - ہ - مذکر - بیابان - میدان - ویران جگہ - خودبخود اُگے ہوئے بہت سے درختوں کی جگہ ✦

جُنگل جانا - ہ - پیخانے جانا ✦

جُنگل کا آدمی - ا - مذکر - وحشی آدمی - غیر مہذب انسان

جُنگل کی ہوا - ا - مؤنث - تازہ ہوا - لطیف ہوا ✦

جُنگل میں منگل ہونا - ہ - جنگل میں عشرت وراحت کا سامان مہیا ہونا ✦

جُنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا - ا - کہاوت - پردیس میں امیری ہوئی تو کس کام کی - جس خوبی کو کسی نے نہ دیکھا ہو اسکا بیان فضول ہے ✦

جُنگلا - ا - مذکر - کھٹرا - ایک راگ کا نام ✦

جُنگلی - ا - صفت - جنگل کا رہنے والا - گنوار - جاہل - بے تمیز ✦

جَنگی - ف - مذکر - سپاہی - لشکری - بہادر بہت بڑا جنگ سے تعلق رکھنے والا ✦

جنگی بیڑا - ا - مذکر - سامان جنگ اور بحری فوج سے لدے ہوئے جہاز - لڑائی کے جہاز ✦

جنگی جہاز - ف - ع - بہت بڑا جہاز - لڑائی کا جہاز - ✦

جنگی لاٹ - ا - مذکر - فوج کا سب سے بڑا افسر ✦

جَنم - ہ - مذکر - پیدا ہونا - عادت - ہمیشہ ✦

جَنم اَشٹمی - ہ - مؤنث - کرشن جی مہاراج کا جنم دن

جَنم بھر - ہ - صفت - تمام عمر ✦

جَنم بھوم یا جَنم اَستھان - ہ - مذکر - وطن - جنم بھومی - کا دیس - پیدا ہونے کا مقام ✦

جنم پتری یا جَنم پترا - ہ - مؤنث - زائچہ - کنڈلی ✦

جنم جلا یا جنم جلی - صفت - (عو) - بدبخت - بدنصیب ✦

جَنم جَنم - ہ - صفت - ہمیشہ - آواگون ✦

جَنم دن - ہ - مذکر - پیدائش کا دن ✦

جَنم روگی - ہ - صفت - سدا روگی - ہمیشہ کا مریض ✦

جَنم کُنڈلی - ہ - مؤنث - جنم پتری ✦

جَنم لینا - ہ - پیدا ہونا - آواگون ✦

جَنواسا - ہ - مذکر - دلہن کے گھر کی وہ جگہ جہاں دولہا اور برات ٹھہرائی جائے ✦

جَنوانا - ہ - بچہ پیدا کرانا ✦

جَنوائی - ہ - مذکر - داماد - رشتہ دار - بغلی دشمن ✦

جَنُوب - ع - مؤنث - شمال کے مقابلہ کی سمت - دکھن ✦

جُنُون - ع - مذکر - پاگلپن - خبط - غصہ ✦

جُنُون چڑھنا - ا - دیوانہ ہونا - غصہ چڑھنا ✦

جُنُونی - ع - صفت - پاگل - خبطی - ✦

جنہیں - ہ - تابع فعل - جن کو ✦

جِنتی - ع - مذکر - بھوت پریت اتارنے والا - جادوگر

جِنتی یا جناتی خط - ا - مذکر - وہ خط جو اچھی طرح پڑھا نہ جائے - بہت شکستہ خط ✦

جُنَید - ع - مذکر - ایک نہایت مشہور بزرگ کا نام ✦

جَنِین - ع - مذکر - وہ بچہ جو ماں کے پیٹ میں ہو ✦

جَنیو - ہ - مذکر - وہ بٹا ہوا تاگا جسے ہندو گلے میں ڈالے رہتے ہیں ✦

جَنیو کا ہاتھ - ہ - مذکر - وہ تلوار کی ضرب جو حمائل کی طرح سینے پہ لگتے ہیں ✦

جَنیوا - لاطینی - مذکر - سوئٹزرلینڈ کے ایک بڑے شہر کا نام - جہاں آجکل جمعیۃ الاقوام کا دفتر ہے ✦

جو - ہ - اسم موصول - جو کوئی - جونسا ✦

جو ہو سو ہو - ہ - تابع فعل - کچھ ہی کیوں نہ ہو ✦

جُونہی - ہ - تابع فعل - جس وقت - جیسے ہی ✦

جَو۔ ف ۔ ہ ۔ مذکر۔ ایک قسم کا غلہ۔ ذرا تھوڑی سی مقدار
اِنچ کا تیسرا حصّہ ٭
جَوجَو۔ ف ۔ تابع فعل۔ رتی رتی ٭
جَوکوب۔ ف ۔صفت۔ موٹا موٹا کٹا ہوا ٭
جَوّا۔ ہ۔ ۔مذکر۔ جَو کی شکل کا موتی۔ لہسن کی پوتھی کا ہر
ایک حصّہ۔ ایک قسم کی سویاں ٭
جَوَاکھار۔ ہ۔ ۔مذکر۔ جلائے ہوئے جَو کی راکھ سے نکالا
ہوا نمک ٭
جُوا۔ ہ۔ ۔مذکر۔ وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل کے بیلوں کے
کندھوں پر رکھی جاتی ہے ٭ شرط۔ بازی ٭
جَواب۔ ع۔ ۔مذکر۔ اُتّر۔ مقابل۔ ثانی۔ بدلا۔ موقوفی
جوڑا۔ نامنظوری ٭
جَوابُ الجَواب۔ ع۔ مذکر۔ جواب کا جواب ٭
جواب باصَواب۔ ع۔ ۔مذکر۔ مناسب اور عمدہ
جواب۔ حسب مُراد جواب ٭
جواب پانا۔ ا۔ موقوف ہونا۔ بدلہ ملنا ٭
جواب پڑھنا۔ ا۔ مرثیہ کے پہلے مصرع کا اعادہ کرنا۔
مصرعہ دہرانا ٭
جواب دَعوے۔ ع۔ ۔مذکر۔ مدعیٰ علیہ کا تحریری جواب
جوابدِہ۔ ع ف۔ صفت۔ ذمہ دار ٭
جوابدِہی۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ ذمہ داری ٭
جواب دِہی کرنا۔ ا۔ دعوے کرنا۔ پوچھ گچھ کرنا ٭
جواب سوال۔ ع۔ ۔مذکر۔ بحث۔ پوچھ گچھ ٭
جوابِ شافی۔ ع۔ ۔مذکر۔ تسلی دینے والا جواب ٭
جوابِ صاف۔ ع۔ ۔مذکر۔ بالکل انکار ٭
جَوابی۔ ع۔ ۔مذکر۔ نظیر۔ مدعیٰ علیہ۔ سوال جواب کرنے والا
دوہرا خط جسکا ایک حصّہ جواب دینے کے لئے بھیجا جائے ٭
جُوار۔ ہ۔ ۔مؤنث۔ ایک قسم کا غلّہ۔ سمندر کا اُتار ٭
جُوار بھاٹا۔ ہ۔ ۔مذکر۔ سمندر کا اُتار چڑھاؤ ٭
جُوارِش۔ ع۔ ۔مؤنث۔ معدے کی ایک دوا کا نام ٭
جُواری۔ ہ۔ ۔مذکر۔ جوا کھیلنے والا۔ شرط بدنے والا ٭

جُواری ڈھنڈاری۔ ہ۔ ۔مذکر۔ بدچلن۔ لُچّہ ٭
جَواری۔ ا۔ ۔مؤنث۔ ایک ڈورے کا نام جو ستار
یا طنبورے وغیرہ کے اوپر بندھا ہوتا ہے ٭
جَوالا۔ س۔ ۔مذکر۔ شعلہ۔ لُو۔ آگ۔ دُرگا دیوی ٭
جَوالا مُکھی۔ ہ۔ صفت۔ آگ اگلنے والا پہاڑ ٭
جَوان۔ ف ۔صفت۔ تھوڑی عمر والا۔ بچپن اور بڑھاپے
کے درمیان کی عمر والا۔ بہادر ٭
جَوان بخت۔ ف ۔صفت۔ جوان نصیبے والا۔ خوش قسمت
جَوانِ صالح۔ع ف۔ مذکر۔ جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا۔
نیک چلن ٭
جَواں مَرد۔ ف ۔ صفت۔ بہادر۔ من چلا۔ سخی۔ عالی ہمت
جَواں مَرگ یا جَوانہ مَرگ۔ ف ۔ صفت۔ جوان موت
مرنے والا۔ وقت سے پہلے مرجانے والا ٭
جَوانی۔ ف ۔ ۔مؤنث۔ اُٹھان کی عمر۔ شباب کا زور ٭
جوانی دیوانی۔ ا۔ کہاوت۔ جوانی میں انسان بُرا بھلا نہیں
سوچ سکتا ٭
جوانی کا عالم۔ ا۔ ۔مذکر۔ جوانی کا وقت ٭
جوانی کی نیند۔ ا۔ ۔مؤنث۔ بے خبری کی نیند ٭
جَواہر۔ ع۔ ۔مذکر۔ (جوہر کی جمع) قیمتی پتھر۔ ہیرا۔
لعل۔ یاقوت وغیرہ ٭
جَواہرات۔ ع۔ ۔مذکر۔ جوہر کی جمع الجمع۔ قیمتی پتھر ٭
جَواہر خانہ۔ ع ف۔ ۔مذکر۔ وہ شاہی مکان جہاں
بادشاہ اپنے جواہرات رکھتے ہیں ٭
جَواہر نِگار۔ ف ۔صفت۔ جڑاؤ۔ لعل موتی جڑا ہوا۔
خوش خط ٭
جوبن۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ سیانا پن۔ اُٹھتی جوانی۔ بچپن۔ رونق
جوان عورت کی پستان ٭
جوبن پر آنا۔ ہ۔ جوانی پر آنا۔ پھولنا۔ بہار پر آنا ٭
جوبن پھٹ پڑنا۔ ہ۔ حسن وجمال کا حد سے بڑھ جانا
جوبن ٹپکنا۔ ہ۔ جوانی کا ظاہر ہونا ٭
جوبن ڈھلنا۔ ہ۔ رونق نہ رہنا۔ بہار کا عالم جاتا رہنا ٭

جوبن نکالنا - ہ - رونق پر آنا۔ حسن وجمال پر آنا ✤

جوت - ہ - اسم - مؤنث - روشنی - اُجالا - شعلہ - آنکھ کی روشنی - چمک - دِیوا - دولت - رُوح ✤

جوت بتی کرنا یا جوت چڑھانا - ہ - کسی سیانے کا جوت جلاکر اپنے دیوتا کو بُلانا - چراغ جلانا ✤

جوت جگانا - ہ - چراغ روشن کرنا - کسی دیوی یا دیوتا کے نام کا دیا جلاکر اُسے بلانا ✤

جوت - ہ - اسم - مؤنث - کاشت - جوتی ہوئی زمین پٹی - بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جُوا دبا رہتا ہے

جوت جمع - ا - اسم - مؤنث - وُہ روپیہ جو کاشتکار سرکار میں داخل کرے ✤

جُوت - ہ - اسم - مذکر - بڑا جُوتا ✤

جوتا - ہ - اسم - مذکر - دیوار کی تقسیم - بیلوں کا تسمہ - گردن کے پاس کے پٹھے ✤

جُوتا - ہ - اسم - مذکر - پاپوش ✤

جُوتا اُٹھانا - ہ - جُوتا مارنے کا ارادہ کرنا - گستاخی کرنا تابعداری کرنا ✤

جُوتا اُچھلنا یا چلنا - ہ - جوتوں سے لڑائی ہونا - بدتہذیبی کی لڑائی ہونا ✤

جوتا برسنا - ہ تڑا تڑ جوتیاں لگنا ✤

جُوتا لگنا - ہ - نقصان ہونا - شرمندگی ہونا - احسان ہونا

جُوتے کا یار - ا - اسم - مذکر - زبردست کا یار ✤

جُوتی - ہ - اسم - مؤنث - پیزار - کفش - پاپوش ✤

جوتی پر یا جُوتی کی نوک پر مارنا - ہ - خاطر میں نہ لانا - ناچیز اور نے خیال کرنا - پروا نہ کرنا ✤

جوتی پیزار - ا - اسم - مؤنث - مار کٹائی - دھول دھپا

جوتی خور یا جوتی خورا - ا - صفت - وہ شخص جس کی پٹنے کی عادت ہو - بے غیرت ✤

جوتی کاری - ا - اسم - مؤنث - جوتیوں سے خبر لینا ✤

جوتی کے برابر نہ سمجھنا - ا - ذرا خاطر میں نہ لانا - بالکل بالکل ہیچ سمجھنا ✤

جوتیاں اٹھانا یا سیدھی کرنا - ہ - کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا - نوکری کرنا ✤

جوتیاں چٹخاتے پھرنا - ا - آوارہ گرد ہونا - خاک چھانتے پھرنا - ذلیل ورسوا پھرنا ✤

جُوتیاں کھانا - ہ طعنے سہنا - برا بھلا سُننا - ذلت اُٹھانا - جوتوں سے پٹنا ✤

جُوتیاں گانٹھنا - ہ - جوتیوں میں پیوند لگانا - ذلیل کام کرنا - موچی سلائی کرنا ✤

جُوتیوں سمیت آنکھوں میں بیٹھنا - ہ - نہایت گستاخی اور ڈھٹائی سے کسی سچی بات کا انکار کرنا ✤

جُوتیوں کا صدقہ - ا - محاورہ - آپ کی بدولت ✤

جُوتیوں میں دال بٹنا - ہ - لڑائی جھگڑا ہونا ✤

جَوتی - ہ - مؤنث - ترازو کی ڈوری ✤

جَوتری - ہ - مؤنث - جائفل کا پھول ✤

جوتش - ہ - مؤنث - نجوم کا علم - گرہ اور نچھتر وغیرہ جاننے کا علم ✤

جوتنا - ہ - بیلوں کو گاڑی یا گھوڑے کو بگی میں لگانا - ہل چلانا ✤

جوٹ - ہ - اسم - مؤنث - جوڑ - برابر کا - ثانی - ساتھی - بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوڑی جاتی ہے ✤

جُوجھنا - ہ - لڑنا - لڑائی میں مارا جانا - ہتھیار سنبھالنا ✤

جُوجُو - ا - اسم - مذکر - ہوّا ✤

جُود - ع - اسم - مذکر - بخشش - سخاوت ✤

جوڈیشل - انگ - تابع فعل - عدالتی - دیوانی و فوجداری

جوڈیشل اختیارات - ا - اسم - مذکر - دیوانی و فوجداری اختیارات ✤

جَور - ع - اسم - مذکر - ظُلم - زبردستی - بے رحمی ✤

جورُو - ہ - اسم - مؤنث - بیوی ✤

جُوری انگ - مؤنث - پنچایت ✤

جوڑ - ہ - اسم - مؤنث - گرہ - سلائی - ٹانکا - میزان - ملاپ

جوڑ بٹھانا - ہ - جوڑ ملانا ✤

جوڑبند - ا - مذکر - بندش - عضو ٭

جوڑ دار - ا - صفت - جوڑی ہوئی - پیوند لگا ہوا ٭

جوڑ توڑ کرنا - ہ - تدبیر کرنا - فریب کرنا - ساز باز کرنا ٭

جوڑ جوڑ - ہ - مذکر - ہر ایک جوڑ - بند بند ٭

جوڑ کا - ہ - صفت - برابر کا ٭

جوڑا - ہ - مذکر - دو - میاں بیوی - برابر کا - پوری
دونوں پیروں کی جوتی - دو میں کا ایک ٭

جوڑ ابڑھانا - ہ - کپڑے اُتار کر رکھنا ٭

جُوڑا - ہ - مذکر - سر کے بالوں کا جُھٹّا ٭

جُوڑا کُھلنا - ہ - بالوں کا جُھٹّا کُھلنا ٭

جوڑنا - ہ - پیوند لگانا - ایک کرنا - چپکانا - حساب لگانا -
بچا بچا کر رکھنا - شعر کہنا - کندھے پر جُوار رکھنا ٭

جوڑ واں - ہ - مذکر - اُن دو بچوں میں سے ہر ایک
جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں - جُڑا ہوا ٭

جوڑی - ہ - مؤنث - دو گھوڑوں کی گاڑی - مُگدر -
وہ ہنیرے جو طبلہ کے ساتھ بجائے جاتے ہیں - دو ٭

جوڑی ہانکنا - ہ - دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا ٭

جوڑی ہلانا - ہ - مُگدر ہلانا - موگری ہلانا ٭

جوز - ع - مذکر - جائفل - اخروٹ - ناریل ٭

جوزا - ع - مذکر - دو پیکر - تیسرے آسمانی بُرج کا نام
اور اس کی شکل سے جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے ٭

جوش - ف - مذکر - اُبال - تحریک - لہر - تیزی -
زیادتی - غصّہ - جذبہ ٭

جوش و خروش - ف - مذکر - غل غپاڑہ - غیظ و غضب

جوشِ خون - ف - مذکر - ماں باپ کی محبت -
برادرانہ جوش - خون کی زیادتی ٭

جوشِ دہن - ف - مذکر - مُنہ پھلنا ٭

جوش دینا - ا - اُبالنا - کھولانا ٭

جوش کھانا یا مارنا - ا - اُبلنا - کھولنا - زیادتی ہونا ٭

جوش میں آنا - ا - اُبلنا - بُلبلے اُٹھنا - چڑھاؤ پر آنا -
غصّہ میں آنا - بھڑک اُٹھنا - ولولہ اُٹھنا ٭

جوشاندہ - ف - مذکر - اَوٹی - کاڑھا ٭

جوشش - ف - مؤنث - دیکھو - جوش ٭

جوشن - ف - مذکر - زرہ - بازو پر باندھنے
کا ایک زیور ٭

جَوف - ع - مذکر - برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر
لگے - گہرائی - شگاف - پیٹ - کھوکھلا پن ٭

جُوق - ت - مذکر - گروہ - جتھا - ٹکڑی ٭

جُوق جوق - ت - مذکر - پرے کے پرے - گروہ
گروہ ٭

جوکھوں - د - مذکر - خطرہ - اندیشہ - ہلاکت ٭

جوگ - ہ - مذکر - ملاپ - سبھ گھڑی - خدا کی طرف دھیان
لگانا - فقیری - لائق ٭

جوگ سادھنا - ہ - دم کشی کرنا - سنیاسیوں کی طرح
عبادت میں دن گزارنا ٭

جوگ لینا - ہ - فقیر ہونا - دنیا کو چھوڑ دینا ٭

جوگا - ہ - صفت - لائق - قابل - مناسب ٭

جوگن - ہ - مؤنث - جوگی کی بیوی - فقیرنی ٭

جوگی - ہ - مذکر - بیراگی - ہندو فقیر ٭

جوگی کس کے میت - ہ - (کہاوت) فقیر کسی کے
دوست نہیں ہوتے ٭

جوگیا - ہ - مذکر - گیروا رنگ - ایک راگنی کا نام
ایک قسم کا کبوتر - ایک قسم کی قمری ٭

جَولان - ع - مذکر - کود پھاند - گھوڑے کی دَوڑ ٭

جولان - ف - مؤنث - بیڑی ٭

جَولانی - ع - مؤنث - گھوڑے کی دوڑ - اُمنگ -
چستی - تیز فہمی ٭

جولانیوں پر آنا - ا - زوروں پر آنا ٭

جُون - انگ - مذکر - انگریزی چھٹے مہینے کا نام ٭

جُوں - ا - حرفِ تشبیہ - جیسے - نظیر - مثل ٭

جُوں - ہ - مؤنث - وہ کیڑے جو بالوں یا کپڑوں
میں میل یا بدبو کی وجہ سے پڑ جاتے ہیں ٭

جوں کی چال۔ ہ۔ مؤنث۔ بہت آہستہ چال ٭
جونسا۔ ہ۔ اسم ضمیر۔ جو کوئی ٭
جُون۔ ہ۔ مؤنث۔ پیدائش۔ آواگون۔ زمانہ۔ بدن چولا ٭
جُون بدلنا یا پلٹنا۔ ہ۔ چولا بدلنا۔ حالت بدلنا۔ ایک جسم سے دوسرے بدن میں جانا ٭
جُونا۔ ہ۔ مذکر۔ گھاس یا بان کی رسی جو برتن مانجھنے کے کام آتی ہے ٭
جُوں توں۔ ہ۔ تابع فعل۔ کسی نہ کسی طرح سے۔ جس طرح ہو سکا
جُوں جُوں۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس قدر۔ جہاں تک۔ جب تک۔ جیسے جیسے ٭
جونک۔ ہ۔ مؤنث۔ پانی کا وہ کیڑا جو گندا خون نکالنے کے لئے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں ٭
جونک ہو کے لپٹنا یا چمٹنا۔ ہ۔ جونک کی طرح لپٹنا۔ اس طرح چمٹنا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو ٭
جُوں کا توں۔ ہ۔ تابع فعل۔ ویسے کا ویسا ٭
جونہیں۔ ہ۔ تابع فعل۔ جیسے ہی۔ فوراً ٭
جُوئیں دکھانا۔ ہ۔ سر کے بالوں کی جوئیں چنوانا ٭
جَوہر۔ معرب۔ مذکر۔ قیمتی پتھر۔ خلاصہ۔ عطر۔ مادہ۔ خوبی۔ ہنر۔ کمال ٭
جوہر دکھانا۔ ا۔ ہنر دکھانا۔ چالاکی دکھانا۔ نفس کی برائی ظاہر کرنا ٭
جوہر فرد۔ ف۔ مذکر۔ بے نظیر جواہر ٭
جوہر کرنا۔ ا۔ اپنے آپ کو مار ڈالنا۔ ہندوؤں کی ایک قدیم خودکشی کرنے کی رسم ٭
جوہری۔ ع۔ مذکر۔ جواہر بیچنے والا۔ پرکھنے والا۔ ہنر کو پہچاننے والا ٭
جوہڑ۔ ہ۔ مذکر۔ مینہ کے پانی کا نالاب۔ جھیل ٭
جُوہی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی جنگلی چنبیلی۔ ایک قسم کی آتشبازی جس میں بہت پھول نکلتے ہیں۔ ایک قسم کا کیڑا جو کھیتی میں لگ جاتا ہے ٭

جویا۔ یا جویاں۔ یا جوئندہ۔ ف۔ مذکر۔ تلاش کرنے والا۔ کھوجی ٭
جُوئے خانہ۔ ا۔ مذکر۔ قمار خانہ۔ مکتب خانہ ٭

ج ھ

جھابر۔ ہ۔ مؤنث۔ دلدل۔ وہ زمین جس میں دلدل ہو ٭
جھابز جھلا۔ ہ۔ صفت۔ ڈھیلا ڈھالا ٭
جہاد۔ ع۔ مذکر۔ کوشش کرنا۔ مذہب کی حمایت کے لئے ہتیار اٹھانا ٭
جہادِ اصغر۔ ع۔ مذکر۔ صوفیوں کی اصطلاح میں کافروں کے ساتھ جنگ کرنا ٭
جہادِ اکبر۔ ع۔ مذکر۔ صوفیوں کی اصطلاح میں اپنے نفس کے ساتھ جنگ کرنا۔ نفس کشی۔ سخت ریاضت ٭
جھاڑ۔ ہ۔ مذکر۔ کانٹوں کے درخت۔ بلور کا فانوس۔ ایک قسم کی آتشبازی۔ قطار ٭
جھاڑ باندھنا۔ ہ۔ لگاتار کچھ کہے جانا۔ سلسلہ باندھ دینا
جھاڑ جھنکاڑ۔ ہ۔ مذکر۔ نہایت گھنا اور کانٹوں والا پودا۔ درختوں کا جھنڈ ٭
جھاڑ کا کانٹا۔ ہ۔ مذکر۔ لڑاکو۔ وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو۔ بدخو ٭
جھاڑ ہو کر لپٹنا۔ ہ۔ جھاڑ کی طرح لپٹنا۔ گرویدہ ہونا جونک کی طرح چمٹنا ٭
جھاڑا۔ ہ۔ مذکر۔ تلاش۔ کوڑا۔ کرکٹ ٭
جھاڑا پھونکی۔ ہ۔ مؤنث۔ جنتر منتر۔ ٹوٹکا۔ مکاری ٭
جھاڑا دینا۔ ہ۔ تلاشی دینا۔ کپڑے لتے اتار کر دکھانا ٭
جھاڑ پونچھ۔ ہ۔ مؤنث۔ صفائی ٭
جھاڑ پھونک۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ دعا جس سے جادو اور آسیب کا دفعیہ کریں ٭
جھاڑ جانا۔ ہ۔ کھا کر صاف کر دینا۔ سب اڑا جانا ٭
جھاڑن۔ ہ۔ مذکر۔ جھاڑنے کا کپڑا۔ رومال۔ کوڑا کرکٹ
جھاڑن پونچھن۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ چیز جو جھاڑنے پونچھنے

سے نکلے۔ اخیر کا بچہ ٭

جھاڑنا۔ ہ۔ گرد وغیرہ صاف کرنا۔ بُہارنا۔ کنگھی کرنا ۔ دم کرنا۔ آڑے ہاتھوں لینا۔ ذلیل کرنا ٭

جھاڑو۔ ہ۔ اسم۔ مؤنث۔ بُہاری۔ دُم دار ستارہ ٭

جھاڑو پھرنا۔ ہ۔ صفایا ہونا۔ بربادی ہونا۔ کچھ نہ رہنا

جھاڑو مارنا۔ ہ۔ نفرت ظاہر کرنا ٭

جھاڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا کانٹے دار درخت۔ کانٹے والے درختوں کی جگہ ٭

جَہاز۔ ع۔ مذکر۔ تجارت کا اسباب لادنے اور بحری سفر کی بڑی ناؤ۔ نہایت لمبا چوڑا ٭

جہاز کا جہاز۔ ا۔ صفت۔ بہت بڑا۔ نہایت وسیع اور فراخ ٭

جہاز کا کوا۔ ا۔ مذکر۔ وہ شخص جسے ایک جگہ کے علاوہ کہیں ٹھور ٹھکانا نہ ملے ٭

جہازی۔ ع۔ اسم۔ مذکر۔ جہاز چلانے والا۔ جہاز کے سوار جہاز کی طرف منسوب۔ بہت بڑا ٭

جھاگ۔ ہ۔ مذکر۔ کف۔ گاج ٭

جھاگ لانا۔ ہ۔ غصہ کے مارے منہ سے تھوک اُڑانا ٭

جھال۔ ہ۔ مؤنث۔ تیزی۔ جلن۔ ٹانکا۔ لہر۔ آگ۔ تھوڑی سی بارش ٭

جھالا۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ وہ زور کا مینہ جو زمین کے کسی قطعہ پر برسے۔ عورتوں کے کانوں کا ایک زیور ٭

جِہالت۔ ع۔ مؤنث۔ بے علمی۔ نادانی۔ اجڈپن ٭

جھالر۔ ہ۔ مؤنث۔ کرن۔ آنچل۔ کنارہ ٭

جھالر دار۔ ا۔ صفت۔ پلے دار۔ وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو ٭

جَہاں۔ ہ۔ مذکر۔ زمین۔ تمام ملک۔ دنیا۔ دنیا کے لوگ

جہاں پناہ۔ ف۔ مذکر۔ وہ حاکم جس کی پناہ میں دنیا ہو۔ بادشاہ ٭

جہاں دیدہ۔ ف۔ اسم۔ مذکر۔ تجربہ کار ٭

جہاں گرد۔ ف۔ اسم۔ مذکر۔ سفر کرنے والا۔ دنیا میں پھرنے والا ٭

جہاں۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس جگہ۔ جس مقام پر۔ جس وقت

جہاں تک۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس جگہ تک۔ جتنا ٭

جہاں تہاں۔ ہ۔ تابع فعل۔ جگہ جگہ۔ اِدھر اُدھر ٭

جھانجھ۔ ہ۔ مؤنث۔ غصہ۔ بے صبری۔ خواہش۔ ایک قسم کا باجا ٭

جھانجھن۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا پاؤں کا زیور جو آواز دیتا ہے ٭

جھانسے میں آنا۔ ہ۔ دھوکے میں آنا ٭

جھانکنا۔ ہ۔ چھپ کر دیکھنا۔ کھڑکی یا دروازہ سے منہ نکال کر دیکھنا ٭

جھانگیری۔ ا۔ مؤنث۔ ہاتھ کے ایک جڑاؤ زیور کا نام ایک قسم کی لاکھ یا کانچ کی چوڑی ٭

جھانوال۔ ہ۔ مذکر۔ کھردری اینٹ جس سے بدن سے میل چھڑاتے ہیں ٭

جھانولی۔ ہ۔ مؤنث۔ آنکھ کا اشارہ۔ چکمہ ٭

جھاؤ۔ ہ۔ اسم۔ مذکر۔ ایک قسم کا درخت جو دریا کے کنارے پر ہوتا ہے اور اُس کی شاخوں سے ٹوکرے ٹوکریاں بُنی جاتی ہیں ٭

جھائیں۔ ہ۔ مؤنث۔ سایہ۔ شیشے یا چمک دار چیز کا وہ عکس جو سورج کے سامنے کرنے سے پڑے۔ چہرہ کے سیاہ دھبے ٭

جھائیں جھائیں۔ ہ۔ مؤنث۔ کائیں کائیں۔ بک بک شور و غوغا ٭

جھبّا۔ ہ۔ مذکر۔ گُچھا۔ آویزہ۔ بڑے بڑے کان ٭

جھبرا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑے بڑے بالوں والا کتا ٭

جھپ۔ ہ۔ تابع فعل۔ جلد۔ فوراً ٭

جھپ کھانا۔ ہ۔ کنکوے کا جلد بلندی کے بل گر پڑنا ٭

جھپٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ جلدی کا حملہ۔ دوڑ۔ پھلانگ ٭

جھپٹا۔ ہ۔ مذکر۔ چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کرکے کسی کو لے جانا۔ جست ٭

جھپک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ حیا ۔ پلکوں کا بند ہونا ✦

جھپکنا ۔ ہ ۔ آنکھوں کا بند ہونا ۔ پلکوں کا باہم ٹکرانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ خوف کھانا ✦

جھپکی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ نیند ۔ غنودگی ✦

جھپیٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دَوڑ ۔ صدمہ ۔ جن و پری کا سایہ

جہت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ طرف ۔ سبب ۔ دلیل ✦

جھٹ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ جلدی ۔ فوراً ✦

جھٹ پٹ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ بہت جلدی ✦

جھُٹ پُٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ صبح یا شام کا اندھیرا ۔ آفتاب کے غروب ہونے کا وقت ✦

جھٹکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دھکا ۔ صدمہ ۔ ٹکّر ۔ مصیبت ۔ وُہ مارا ہوا جانور اسلامی طریقہ کے خلاف ایک ہی وار میں مار ڈالا گیا ہو ✦

جھٹکا دینا ۔ ہ ۔ صدمہ دینا ۔ جھاڑنا ✦

جھٹکا کھانا ۔ ہ ۔ صدمہ اٹھانا ۔ آفت رسیدہ ہونا ٹکرانا ۔ نقصان اٹھانا ✦

جھٹکنا ۔ ہ ۔ جھاڑنا ۔ کپڑے وغیرہ کو زور سے جنبش دینا دھکا دینا ۔ لاغر ہونا ۔ ہاتھ مارنا ✦

جھٹکے کا مال ۔ ا ۔ مذکر ۔ چوری کا مال ۔ ڈاکے کا مال ✦

جھُٹلانا ۔ ہ ۔ جھوٹا ثابت کرنا ۔ جھوٹا بنانا ✦

جھجّر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مٹی کی چوڑے منہ کی صراحی ✦

جھجک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ اندیشہ ۔ وہم ۔ خیالی ڈر ۔ اٹک ۔ رُکاوٹ

جھجک نکلنا ۔ ہ ۔ خوف کا دور ہونا ۔ رُکاوٹ اور اٹک نکلنا ✦

جھجکنا ۔ ہ ۔ چونکنا ۔ بھڑکنا ۔ خوف کھانا ۔ شرم یا خوف سے آنکھ بند کرنا ✦

جہد ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کوشش ۔ طاقت ✦

جھرجھرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بہت باریک کپڑا جس کے تار فاصلہ سے ہوں ✦

جھُرجھُری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وُہ سردی جو بخار چڑھنے سے پہلے محسوس ہو ✦

جھُرمُٹ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ عورتوں کا حلقہ ۔ بھیڑ ۔ ✦

جھُرمُٹ مارنا ۔ ہ ۔ حلقہ باندھ کر جانا ۔ جمع ہو کر جانا ✦

جھرنا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پانی کی چادر ۔ اونچی جگہ سے گرنے والا پانی کا چشمہ ۔ ایک قسم کی بڑی چھلنی ✦

جھرنا ۔ ہ ۔ رِسنا ۔ چوُنا ۔ جاری ہونا ✦

جھروکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کھڑکی ۔ دیوار کا سوراخ ✦

جھُرّی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وُہ شکن اور سلوٹ جو بوڑھے آدمیوں کی کھال پر پڑ جاتی ہے ✦

جھڑ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ قفل کا کھٹکا ۔ متواتر بارش ۔ جھاڑی کا مخفف ✦

جھڑبیری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وُہ جھاڑی جس میں جنگلی بیر لگتے ہیں ۔ جنگلی بیر ✦

جھڑبیری کا کانٹا ۔ ہ ۔ اسم ۔ مذکر ۔ الجھنے والا آدمی ۔ جھاڑ ہو کر لپٹنے والا آدمی ✦

جھڑا جھڑ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ متواتر ۔ لگاتار ۔ بکثرت ✦

جھڑپ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ پہنچنا تندی ۔ غصہ ۔ شعلہ ۔ لڑائی ✦

جھڑکنا ۔ ہ ۔ ملامت کرنا ۔ دھتکارنا ۔ ڈانٹنا ✦

جھڑکی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دھمکی ۔ گھُرکی ✦

جھڑن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جھاڑنے کے بعد جو چیز حاصل ہو ✦

جھڑنا ۔ ہ ۔ گرنا ۔ فائدہ ہونا ۔ کوڑا کرکٹ صاف ہونا ۔ جھاڑو دیا جانا ۔ منتر پڑھ کر پھونکا جانا ✦

جھڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لگاتار بارش ۔ آہستہ آہستہ برسنے والا متواتر مینہ ✦

جھڑی لگنا ۔ ہ ۔ متواتر بارش ہونا ✦

جھک ۔ ہ ۔ صفت ۔ صاف ۔ اُجلا ۔ چمکدار ۔ بکواس ۔ غصہ

جھکا جھک ۔ ہ ۔ صفت ۔ چمکیلا ۔ صاف شفاف ✦

جھکانا ۔ ہ ۔ مغالطہ دینا ۔ جھپکی دینا ۔ دکھانا ۔ حیران کرنا ۔ رُلا دینا ✦

جھُکانا ۔ ہ ۔ نیچا کرنا ۔ سر جھکانا ✦

جھک جھک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بکواس ۔ تکرار ۔ جھگڑا

جھمک جوری - ہ - مؤنث - جھپٹ جھپٹ نوچ کھسوٹی ٭
جھکڑ - ا - مذکر - ہوا کا طوفان ٭
جھکنا - ہ - ٹیڑھا ہونا - شکست ماننا ٭
جھکولا - ہ - مذکر - پانی کا زور سے آنا ٭
جھکولنا - ہ - پانی کو ہلانا چلانا - پانی ڈالنا ٭
جھکولے کھانا - ہ - غوطے کھانا - پانی میں ڈوبنا - اچھلنا
جھکی - ہ - مذکر - بکواسی - ضدی ٭
جھگڑا - ہ - مذکر - دنگا - دشمنی ٭
جھگڑا پاک ہونا یا چکنا - ہ - فساد دور ہونا - فیصلہ ہونا
موت آجانا ٭
جھگڑالو - ہ - مذکر - لڑاکا - شریر - فسادی ٭
جھگڑنا - ہ - فساد کرنا - دنگا کرنا ٭
جہل - ع - مؤنث - ناواقفیت - بیوقوفی - بے علمی ٭
جھلا - ہ - مذکر - غصہ ور ٭
جھلانا - ہ - جھولے میں بٹھا کر حرکت دینا - کام اٹکائے رکھنا
امید میں رکھنا ٭
جھلکی دکھانا یا جھلک دکھانا - ہ - جھانکی دکھانا جلوہ دکھانا
جھلمل - ہ - مؤنث - پانی پر چراغوں کا عکس پڑنے کی کیفیت
پانی کی چمک ٭
جھلملانا - ہ - چراغ یا ستارے کا کم کم چمکنا ٭
جھلملی - ہ - مؤنث چق - جھری دار پردہ ٭
جھلنا - ہ - ہوا کرنا - جڑنا - برف میں ٹھنڈا کرنا - مکھیاں اڑانا
جھلنگا - ہ - مذکر - ایسی چارپائی جس کا بان ٹوٹ کر لٹک گیا ہو
جھلی - ہ - مؤنث - پیٹ کے اندر کا باریک چمڑا - آنکھ کا جالا
جھلی - ہ - مؤنث - بدمزاج عورت ٭
جھما جھم - ہ - مؤنث - مینہ کے برسنے کی آواز - گوٹا کناری
کی چمک دمک ٭
جھم جھم - ہ - مذکر - مینہ کے برسنے کی آواز - چھم چھم چمکیلا
جھم جھم ہونا - ہ - چکنا ٭
جھمک - ہ - مؤنث - جھلک - چمک ٭
جھمکا - ہ - مذکر - جھنڈ - وہ سات ستارے جو آسمان
پر اکٹھے نظر آتے ہیں - کان کا ایک زیور ٭
جھمیل - ہ - مؤنث - دیر - تامل - دوستی ٭
جھمیلا - ہ - مذکر - جھگڑا - ناحق کا فساد ٭
جھنجلانا - ہ - خفا ہونا - غصے میں آنا ٭
جھنجوڑنا - ہ - کسی کے ہاتھ پاؤں پکڑ کر خوب جھٹکنا - دانتوں
سے پکڑ کر جھٹکے دینا ٭
جھنجھٹ - ہ - مذکر - جھگڑا ٭
جھنجھنا - ہ - مذکر - بچوں کے کھیلنے کا ایک کھلونا ٭
جھنجھنانا - ہ - بجنا - جھنکارنا ٭
جھنجی - ہ - مؤنث - پھوٹی کوڑی ٭
جھنڈ - ہ - مذکر - گروہ - جگھٹا ٭
جھنڈ کے جھنڈ - ہ - مذکر - ٹھٹ کے ٹھٹ - گروہ کے
گروہ ٭
جھنڈا - ہ - مذکر - نشان - علم - پھریرا ٭
جھنڈا گاڑنا - ہ - قبضہ کر لینا ٭
جھنڈے پر چڑھانا - ہ - بدنام کرنا - نام اچھالنا - شہرت
دینا ٭
جھنڈے تلے کی دوستی - ا - مؤنث - تھوڑے دنوں
کی دوستی ٭
جھنڈی - ہ - مؤنث - چھوٹا سا نشان ٭
جھنک - ہ - مؤنث - جھنکار ٭
جھنکار - ہ - مؤنث - کانسی کے برتن کی آواز ٭
جہنم - ع - مذکر - گہرا کنواں - دوزخ - نرک ٭
جہنم میں پڑے یا جائے - ا - بددعا - برباد ہو ٭
جہنمی - ہ - صفت - دوزخی ٭
جھوٹ - ہ - مذکر - واقع کے خلاف - غلط ٭
جھوٹ بنانا - ہ - تہمت لگانا ٭
جھوٹ سچ لگانا - ہ - بہکانا - غیبت کرنا ٭
جھوٹ کا پتلا - ہ - مذکر - بہت جھوٹ بولنے والا ٭
جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے - ہ - کہاوت -
جھوٹی بات قائم نہیں رہتی ٭

جھوٹ کے پُل باندھنا۔ ہ۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنا
جھُوٹ لگانا۔ ہ۔ تہمت دھرنا +
جھوٹا۔ ہ۔ ۔ مذکر۔ عورتوں کے سر کے بال۔ بھینس کا بچہ +
جھُوٹا۔ ہ۔ صفت۔ جھوٹ بولنے والا۔ کھوٹا۔ نقلی +
جھُوٹا پڑنا۔ ہ۔ وعدہ خلاف ہونا۔ کام سے جاتا رہنا +
جھُوٹا کاغذ۔ ا۔ مذکر۔ جعلی دستاویز +
جھوٹا کام۔ ا۔ مذکر۔ زردوزی کا کام جو کھوٹے مصالحہ سے بنایا جائے +
جھُوٹا کپاٹی۔ ہ۔ مذکر۔ بڑا بھاری جھوٹا۔ وہ شخص جو وعدہ کرکے اُس کے خلاف کرے +
جھُوٹا موتی۔ ہ۔ ۔ مذکر۔ مومی موتی۔ نقلی موتی +
جھُوٹوں کا بادشاہ۔ ا۔ مذکر۔ بڑا جھُوٹ بولنے والا +
جھوجھا۔ ہ۔ مذکر۔ مسلمانوں کے ایک ادنیٰ فرقہ کا نام +
جھوک۔ ہ۔ مؤنث۔ خمی۔ دھکا۔ لول۔ ترازو کے ایک پلڑے کا جھکنا +
جھوک مارنا۔ ہ۔ کم تولنا۔ کم تولنے کے لئے ترازو کی ڈنڈی کو انگلیوں کی حرکت سے ایک طرف سے جُھکا دینا
جھوکا۔ ہ۔ مذکر۔ ریلا۔ دھکا۔ ٹکر +
جھوکنا۔ ہ۔ کوڑا کرکٹ وغیرہ کا تنور میں ڈالنا۔ بھاڑ گرم کرنا۔ برباد کرنا۔ بُری جگہ شادی کرنا۔ خطرہ میں ڈالنا +
جھوٹے نوچنا یا کھسوٹنا۔ ہ۔ عورت کے بال نوچنا
جھول۔ ہ۔ مذکر۔ ڈھیلاپن۔ ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا گلٹ۔ ایک دفعہ کئی بچے جننا +
جھول بٹھانا۔ ہ۔ مرغی کے نیچے بچے نکلوانے کے لئے انڈے رکھنا +
جھول جھال۔ ہ۔ مذکر۔ وقفہ۔ جھگڑا۔ علّت +
جھول نکالنا۔ ہ۔ بچے نکالنا۔ ڈھیلاپن دور کرنا +
جھُول۔ ہ۔ مؤنث۔ ہاتھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا۔ بدنما پوشاک +
جھُولا۔ ہ۔ مذکر۔ درخت میں پڑی ہوئی رسی۔ ہنڈولا +
جھُولا جھُولنا۔ ہ۔ جھونٹے لینا +
جھُولا ڈالنا۔ ہ۔ جھُولنے کے واسطے درخت وغیرہ میں رسی باندھنا +
جھُولنا۔ ہ۔ لٹکنا۔ امیدوار رہنا +
جھولی۔ ہ۔ مؤنث۔ فقیروں کی بغلی تھیلی۔ دامن کی گودی +
جھولی ڈالنا۔ ہ۔ بھیک مانگنے کو کھڑا ہونا +
جھُوم جھُوم کر۔ ہ۔ تابع فعل۔ لہرا لہرا کر۔ خوب زور سے۔
جھُومَر۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا زیور جو ماتھے پر خوبصورتی کے لئے لگایا جاتا ہے۔ گروہ +
جھُومنا۔ ہ۔ جھکنا۔ لڑکھڑانا۔ ہاتھی کی سی چال چلنا۔ لہرانا
جھونٹا۔ ہ۔ مذکر۔ پینگ۔ بھینس کا بچہ۔ نر بھینسا۔ عورت کے سر کے بڑے بڑے بال +
جھونٹے گھسوٹنا۔ ہ۔ سر کے بال نوچنا +
جھُونجل۔ ہ۔ مؤنث۔ غُصّہ +
جھونک۔ ہ۔ مؤنث۔ ترازو کے ایک پلڑے کا نیچا ہونا غنودگی۔ بوجھ +
جھونکنا۔ ہ۔ بیل کا سینگ مارنے کے لئے دوڑنا۔ بھاڑ میں ڈالنا +
جھونکے آنا۔ ہ۔ نیند کے باعث سر کا بار بار جھکنا۔ ہوا آنا +
جھیپنا۔ ہ۔ شرمانا +
جَہیز۔ ہ۔ مذکر۔ وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں اُس کے ہمراہ کر دیتے ہیں +
جھیل۔ ہ۔ مؤنث۔ پانی کا وُہ قطعہ جو چاروں طرف سے خشکی سے گھرا ہوا ہو۔ نیچی زمین +
جھیلنا۔ ہ۔ برداشت کرنا۔ اُٹھانا +
جھینکنا۔ ہ۔ رونا۔ دُکھڑا بیان کرنا۔ افسوس کرنا۔ ماتم کرنا
جھینگا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی +
جھینگر۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مونچھوں والا کیڑا جو دیواروں

بر رہتا ہے اور کپڑے وغیرہ چاٹ جاتا ہے ◆

ج ی

جَے - ہ - مؤنث - فتح - خوشی - مرحبا - کیا بات ہے ◆
جَے جَے کار یا جَے جَے کارا - ہ - مؤنث - فتح - خوشی - خوشی کا نعرہ ◆
جَے کار - ہ - مذکر - جے کی آواز بلند کرنا ◆
جِتے - ہ - صفت - جس قدر ◆
جی - ہ - تابع فعل - ہاں - بجا - حضرت ◆
جی - ہ - مذکر - زندگی - مردانگی - جانور - بے زبان ◆
جی اُکتا جانا - ہ - دل گھبرا جانا - بیزار ہو جانا ◆
جی اُلٹ جانا - ہ - باؤلا ہو جانا ◆
جی بُرا کرنا - ہ - قے کرنا - رنجیدہ کرنا ◆
جی بکھرا جانا - ہ - دل نڈھال ہو جانا - پریشان ہونا ◆
جی بگڑا جانا - ہ - جی مچلنا - متلی ہونا ◆
جی بھر کر - ہ - تابع فعل - تسلی کے مطابق ◆
جی بہلانا - ہ - دل خوش کرنا - دل کا اور طرف مشغول کرنا
جی بیٹھا جانا - ہ - دل کا مایوس ہونا ◆
جی پانی کرنا - ہ - تکلیف اُٹھانا - دل موم کرنا ◆
جی پر کھیلنا - ہ - جان کو خطرہ میں ڈالنا ◆
جی پڑنا - ہ - جان آجانا - رُوح پڑنا ◆
جی پک جانا - ہ - دل کا دُکھی ہو جانا ◆
جی پھٹ جانا - ہ - دل کا بیزار ہو جانا ◆
جی پھر جانا - ہ - نفرت ہو جانا ◆
جی پھیکا ہونا - ہ - دل کا کسی چیز سے بیزار ہو جانا ◆
جی ترسنا - ہ - جی للچانا ◆
جی ٹوٹ جانا - ہ - بیدل ہو جانا - تکلیف پہنچنا
جی ٹھنڈا ہونا - ہ - دل راضی ہونا ◆
جی جان سے فدا یا قربان یا نثار ہونا - ا - جان چھڑکنا ◆
جی جلانا - ہ - غصہ دلانا - آزار دینا ◆
جی چاہنا - ہ - دل چاہنا ◆
جی چُرانا یا جی چھپانا - ہ - کسی کام سے بچنا ◆
جی چلا - ہ - صفت - بہادر - دیوانہ ◆
جی چھوٹنا - ہ - آس ٹوٹنا - بیدم ہو جانا ◆
جی چھوڑ دینا - ہ - آس توڑ دینا - ہمت ہار دینا ◆
جی دار - ا - صفت - بہادر - مضبوط ◆
جی دُکھانا - ہ - ستانا ◆
جی دَھک دَھک ہونا - ہ - ڈر سے دل کا بجنا ◆
جی دہلنا - ہ - جی ڈرنا - خوف کھانا ◆
جی ڈالنا - ہ - جان ڈالنا - زندہ کرنا ◆
جی ڈوبنا - ا - کمزوری یا غم سے دل بے قابو ہونا ◆
جی رُکنا - دل گھبرانا - کسی سے ملنے کو دل نہ چاہنا ◆
جی رکھنا - ہ - کسی کی خوشی کرنا ◆
جی سے اُتر جانا - ہ - قدر نہ رہنا ◆
جی سے جانا - ہ - مرنا - جان سے جانا ◆
جی سے جی ملنا - ہ - دوستی ہونا ◆
جی سے گذر جانا - ا - مرنا ◆
جی کا بُخار نکالنا - ا - بدلہ لیکر یا رو دھو کر رنج یا غصہ دور کرنا ◆
جی کا غُبار - ا - مذکر - دل کا ملال ◆
جی کانپنا - ہ - ڈر ہونا - دل دھڑکنا ◆
جی کرنا - ہ - بہادری کرنا - ہمت کرنا ◆
جی کُڑھانا - ہ - غم کرنا - ستانا ◆
جی کُڑھنا - ہ - رنج ہونا ◆
جی کو لگنا - ہ - پسند آنا - دل پر اثر کرنا ◆
جی کو مارنا - ہ - من مارنا - خواہش کو دبانا ◆
جی کھپانا - ہ - جان صرف کرنا - جان کھپانا - بہت محنت سے کرنا ◆
جی کھٹا کرنا - ہ - دل بیزار کرنا ◆
جی کھٹا ہونا - ہ - دل بیزار ہونا ◆
جی کھول کر - ہ - تابع فعل - جی بھر کر - اچھی طرح ◆

جی کی جی میں رہنا۔ ہ۔ دل کی دل ہی میں رہجانا۔ آرزو پوری نہ ہونا ٭
جی گراجانا۔ ہ۔ دل بیٹھا جانا ٭
جی گھبرانا۔ ہ۔ دل نہ لگنا ٭
جی گنوانا۔ ہ۔ جان کھونا ٭
جی لبھانا۔ ہ۔ دل لبھانا ٭
جی لڑا دینا یا لڑانا۔ ہ۔ جان توڑ کوشش کرنا ٭
جی لرزنا۔ ہ۔ دل کانپنا۔ خوف کرنا ٭
جی لگانا۔ ہ۔ پوری توجہ کرنا۔ مائل ہونا ٭
جی لگنا۔ ہ۔ دل بہلنا۔ عشق ہونا۔ توجہ ہونا
جی لوٹنا۔ ہ۔ دل چھین لینا
جی لوٹنا۔ ہ۔ تکلیف سے بیتاب ہونا۔ بہت خواہشمند ہونا
جی متلانا۔ ہ۔ دل مالش کرنا۔ دل بیزار ہونا ٭
جی مرجانا۔ ہ۔ دل مرجانا ٭
جی میں آنا۔ ہ۔ دل میں خیال آنا ٭
جی میں بیٹھنا۔ ہ۔ دل میں جمنا۔ دل پر اثر ہونا ٭
جی میں جلنجانا۔ ہ۔ غصہ سے دل ہی دل میں تاؤ کھانا ٭
جی میں جی آنا۔ ہ۔ جان میں جان آنا۔ تسلی ہونا ٭
جی میں ڈالنا۔ ہ۔ دل میں اُتارنا ٭
جی میں رکھنا۔ ہ۔ کسی سے بیان نہ کرنا۔ دشمنی رکھنا ٭
جی میں کھبنا یا گڑنا۔ ہ۔ دل پر اثر کرنا۔ دل پر چھپنا
جی میں گھر کرنا۔ ہ۔ دل میں جمنا۔ دل پر اثر کرنا ٭
جی نڈھال ہونا۔ ہ۔ کمزوری سے دل بکھرنا۔ دل پریشان ہونا ٭
جی نکلنا۔ ہ۔ دم نکلنا۔ عاشق ہونا۔ بہت ڈرنا ٭
جی ہارنا۔ ہ۔ ہمت ہارنا ٭
جی ہٹ جانا۔ ہ۔ نفرت ہو جانا ٭
جی ہی جی میں باتیں کرنا۔ ہ۔ دل ہی دل میں باتیں کرنا
جَیب۔ ع۔ مذکر۔ گریبان۔ پاکٹ ٭
جیب خرچ۔ ف۔ مذکر۔ اوپر کا خرچ ٭

جیب کترا۔ ا۔ مذکر۔ جیب کتر کے رقم اُڑانے والا۔ گرہ کٹ ٭
جیب گھڑی۔ ا۔ مؤنث۔ جیب میں رکھنے کی گھڑی ٭
جیب میں پڑا ہونا۔ ا۔ قبضہ میں ہونا ٭
جیبھ یا جبھ۔ ہ۔ مونث۔ زبان ٭
جیبی۔ ف۔ صفت۔ جیب میں رکھنے کے قابل۔ چھوٹی سی
جیبی رومال۔ ف۔ مذکر۔ چھوٹا رومال ٭
جیبی کُتّا۔ ا۔ مذکر۔ بہت چھوٹی قسم کا کتا ٭
جیبی یا جیبھی۔ ہ۔ مؤنث۔ زبان صاف کرنے کا آلہ۔ لگام کا ایک حصہ ٭
جِیت۔ ہ۔ مؤنث۔ ہار کی ضد۔ فتح ٭
جیت ہونا۔ ہ۔ فتح ہونا۔ بازی لیجانا
جِیتا۔ ہ۔ صفت۔ زندہ۔ تازہ
جیتا جاگتا۔ ہ۔ صفت۔ صحیح سلامت ٭
جیتا رہنا۔ ہ۔ زندہ رہنا ٭
جیتا گاڑنا۔ ہ۔ زندہ کو قبر میں دبانا ٭
جیتنا۔ ہ۔ فتح کرنا۔ بازی مارنا ٭
جیتے جی۔ ہ۔ تابع فعل۔ زندگی میں ٭
جیتے جی مرنا۔ ہ۔ تباہ ہو جانا ٭
جیتی مکھی نگلنا۔ ہ۔ جان بوجھ کے مصیبت میں پھنسنا
جیٹھ۔ ہ۔ مذکر۔ خاوند کا بڑا بھائی۔ ہندی کے تیسرے مہینے کا نام ٭
جیٹھا۔ ہ۔ صفت۔ وہ بچہ جو سب سے پہلے پیدا ہوا ہو
جیٹھانی یا جٹھانی۔ ہ۔ مؤنث۔ جیٹھ کی بیوی ٭
جَیِّد۔ ع۔ صفت۔ اچھا۔ بھاری ٭
جَیسا۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس طرح کا ٭
جیسا چاہو۔ ہ۔ تابع فعل۔ جیسے کی ضرورت ہو
جیسے۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس طرح ٭
جیسے بنے۔ ہ۔ تابع فعل۔ جس طرح ہو سکے ٭
جیسے کا تیسا۔ ہ۔ تابع فعل۔ ویسے کا ویسا۔ جیسا باپ ویسا ہی بیٹا ٭

جیسے کو تیسا - ہ - ضرب المثل - جیسا آدمی ہوا سے ویساہی دوست مل جاتا ہے ✦

جیسی رُوح ویسے فرشتے - ا - کہاوت - جیسا حوصلہ ویسا نتیجہ - جیسی نیت ویسا پھل ✦

جیغہ - ت - مذکر - جڑاؤ زیور جو پگڑی پر لگایا جاتا ہے

جیل یا جیل خانہ - انگ - مذکر - قید خانہ ✦

جینی - س - مذکر - جین مت کا ماننے والا - جینی ✦

جینا - ہ - زندہ رہنا - زندگی ✦

جینی - ہ - مذکر - جین مت کا ماننے والا - سراؤگی ✦

جیو آتما - ہ - مؤنث - جان ✦

جیوٹ - ہ - صفت - بہادری ✦

جیوڑا - ہ - مذکر - جی کی تصغیر ✦

چ

چ - ف - مؤنث - اُردو الف بے تے کا آٹھواں حرف ✦

چ ا

چابک - ف - صفت - چست و چالاک ✦

چابک دست - ف - صفت - ہاتھ کے کام میں چالاک

چابک سوار - ف - مذکر - گھوڑا پھیر کر درست کرنیوالا

چابک سواری - ف - مؤنث - گھوڑا پھیرنے کا ہنر ✦

چابی - ہ - مؤنث - کنجی - تالی ✦

چاپلوسی - ف - مؤنث - خوشامد ✦

چاٹ - ہ - مؤنث - مزہ چٹپٹی مزے دار چیز ✦

چاٹ لگنا - ہ - چسکا پڑنا ✦

چاٹنا - ہ - کسی پتلی چیز کو زبان سے کھانا ✦

چادر - ت - مؤنث - بڑا اور چوڑا دوپٹا ✦

چادر اُتارنا - ا - بے عزت کرنا ✦

چادر چڑھانا - ا - کپڑے یا پھولوں کی چادر بناکر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا ✦

چادر ڈالنا یا اُڑھانا - ا - مردے پر شال ڈالنا ✦

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا - ا - اپنی حیثیت سے بڑھنا

چادر ہلانا - ا - لڑائی میں پناہ مانگنا - صلح کا نشان ظاہر کرنا

چادرا - ا - مذکر - مردوں کی بڑی چادر ✦

چار - ف - صفت - دو اور دو - (۴) ✦

چار ابرو کا صفایا - ا - مذکر - سر بھویں - مونچھیں اور داڑھی منڈانا - بھدرا کرانا ✦

چار اجساد - ف ع - مذکر - خاک ہوا - آگ اور پانی ✦

چار آدمی - ا - مذکر - پنچ - چار بھلے مانس ✦

چار آنکھیں کرنا - ا - آنکھیں ملانا - تجربہ بڑھنا ✦

چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا - ا - عو - سلام تک نہ کرنا ✦

چار آئینہ - ف - مذکر - ایک قسم کا زرہ بکتر ✦

چار باغ - ف - مذکر - شامی رومال جسکے چاروں کونوں پر چار رنگ کے پھول بنے ہوتے ہیں ✦

چار بالش - ف - مذکر - گاؤتکیہ ✦

چار پا - ف - مذکر - سواری کا جانور ✦

چار پایہ - ف - مذکر - چوپایہ جانور ✦

چارپائی - ا - مؤنث - پلنگ ✦

چارپائی پر پڑنا - بیمار ہونا ✦

چارپائی سے پیٹھ لگ جانا - ا - سخت اور بہت دنکا بیمار رہونا ✦

چارپائی میں کان نکلنا - ا - سیل سے چارپائی میں خم آجانا ✦

چار تال - ا - مذکر - طبلہ کی ایک تال کا نام ✦

چار تخم - ف - مذکر - تخم ریحان - اسپغول - بالنگو اور خرفہ ✦

چار جامہ - ف - مذکر - گھوڑے کی زین ✦

چار چاند لگنا - ا - عزت بڑھنا - رونق بڑھنا ✦

چار چشم - ا - صفت - بے مروت (ف) بہت مشتاق ✦

چار حرف بھیجنا - ا - لعنت کرنا ✦

چار خانہ - ف - مذکر - ایک قسم کا کپڑا جسمیں چوکھونٹے خانے بنے ہوتے ہیں ✦

چار دانت۔ ا۔ مذکر۔ عام چوپایوں کو کہیں تو جوان مراد ہوتی ہے۔ بکری کو کہیں تو پوری عمر ٭

چار دانگ۔ ف۔ صفت۔ تمام دنیا سے مطلب ہوتا ہے

چار دِن۔ ا۔ صفت۔ چند روز۔ تھوڑے دن ٭

چار دن کی بہار۔ ا۔ مؤنث۔ چند روز کی خوشی ٭

چار دن کی چاندنی۔ ا۔ مؤنث۔ چند دن کی خوشی۔ دولت ٭

چار دیواری۔ ا۔ مونث۔ شہر یا گھر کی چاروں طرف کی دیواریں

چار زانو بیٹھنا۔ ا۔ پالتی مار کر بیٹھنا ٭

چار طرف۔ ا۔ تابع فعل۔ سب طرف۔ ہر جگہ ٭

چار عنصر۔ ف ع۔ مذکر۔ خاک ہوا۔ آگ اور پانی ٭

چار کے کاندھے پر جانا یا چڑھنا۔ ا۔ مرنا۔ جنازہ یا ارتھی ٭

چار مذہب۔ ف ع۔ مذکر۔ اہل سنت والجماعت مسلمانوں کے چار مذہب جو چار اماموں سے منسوب ہیں۔ حنفی۔ حنبلی شافعی اور مالکی ٭

چار مغز۔ ف۔ مذکر۔ اخروٹ ٭

چار ہاتھ پاؤں۔ ا۔ مذکر۔ دو ہاتھ۔ دو پاؤں۔ مراد تندرستی ٭

چار یار۔ ف۔ مذکر۔ حضرت محمد رسول اللہ کے چار دوست حضرت ابوبکر صدیقؓ۔ حضرت عمر فاروقؓ۔ حضرت عثمان غنیؓ حضرت علیؓ کرم اللہ وجہہ ٭

چار یاری۔ ف۔ مذکر۔ اہل سنت والجماعت مسلمان جو رسول اللہ کے چاروں دوستوں یعنی حضرت ابوبکرؓ حضرت عمرؓ حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ کو مرتبہ میں برابر مانتے ہیں۔ اکبر اور جہانگیر کے وقت کا چوکھونٹا۔ روپیہ ٭

چارا۔ ہ۔ مذکر۔ چوپاؤں کے کھانے کی گھاس ٭

چار ناچار۔ ف۔ تابع فعل۔ زبردستی۔ مجبوری سے ٭

چاروں خانے چت گرنا یا چاروں شانے چت گرنا ۔ ا۔ بری طرح مات کھانا یا پچھڑ جانا۔ حیران ہو جانا

چارہ۔ ف۔ مذکر۔ علاج۔ تدبیر۔ اُپائے ٭

چارہ جوئی۔ ف۔ مؤنث۔ علاج چاہنا۔ فریاد ٭

چارہ ساز۔ ف۔ صفت۔ کام بنانے اور درست کرنیوالا اللہ تعالےٰ ٭

چارہ سازی یا چارہ گری۔ ف۔ مؤنث۔ علاج۔ مدد

چارہ گر۔ ف۔ مذکر۔ علاج کرنے والا۔ حکیم ٭

چاشت۔ ف۔ مذکر۔ پہر دن چڑھے کا وقت۔ صبح کا کھانا

چاشنی۔ ف۔ مؤنث۔ کسی چیز کا مزہ چکھنے کے لئے نمونہ۔ مزہ۔ درمیانی کڑھائی ٭

چاق۔ ت۔ صفت۔ تندرست۔ چست و چالاک ٭

چاق چوبند۔ ا۔ صفت۔ خوب تندرست ٭

چاقو۔ ت۔ مذکر۔ چھوٹی چھری ٭

چاک۔ ف۔ صفت۔ کٹا ہوا یا پھٹا ہوا۔ (ہ۔ مذکر) کمہار کا وہ پہیا جس پر برتن بناتے ہیں۔ (انگ۔ مونث) کھریا

چاک کرنا۔ کاٹنا۔ پھاڑنا ٭

چاکر۔ ف۔ مذکر۔ نوکر۔ ملازم ٭

چاکری۔ ف۔ مؤنث۔ نوکری۔ ملازمت ٭

چاکسو۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کے بیج جو پیس کے آنکھوں میں ڈالے جاتے ہیں ٭

چال۔ ہ۔ مؤنث۔ رفتار۔ حرکت۔ مکر۔ فریب ٭

چال چلن۔ ہ۔ مذکر۔ رنگ ڈھنگ۔ عادت۔ طور طریقہ

چال چلنا۔ ہ۔ بزناڈ کرنا۔ فریب دینا ٭

چال ڈھال۔ ہ۔ مؤنث۔ رنگ ڈھنگ۔ طریقہ ٭

چالاک۔ ف۔ صفت۔ چست۔ ہوشیار۔ مکار ٭

چالاکی۔ ف۔ مؤنث۔ چستی۔ ہوشیاری۔ مکاری ٭

چالان۔ ہ۔ مذکر۔ بھیجی ہوئی چیزوں کی فہرست۔ روانہ۔ ملزم کی عدالت کو روانگی ٭

چالیا۔ ہ۔ صفت۔ دھوکے باز ٭

چالیسواں۔ ہ۔ صفت۔ مردے کی چالیسویں دن کی فاتحہ

چام کے دام۔ ا۔ مذکر۔ چمڑے کا روپیہ۔ صورت دیکھنے کا معاوضہ ٭

چانپ۔ ہ۔ مؤنث۔ بندوق کا وہ پرزہ جس سے کندہ اور

نال آپس میں جڑے رہتے ہیں +

چانٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تھپڑ +

چانٹر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چندر مان ۔ جھینا ۔ ڈھال کی بھلی ۔ کھوپری

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ بھلے کسی کے کہنے سے بُرے نہیں ہو سکتے +

چاند دیکھنا ۔ ہ ۔ نیا چاند دیکھنا +

چاند رات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ رات جسمیں نیا چاند نکلے +

چاند کا ٹکڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بہت خوبصورت +

چاند کا کھیت کرنا ۔ ہ ۔ چاندنی چھٹکنا ۔ چاند کا گرہن میں آنا ۔ چاند نکلنا +

چاند کو گہن لگنا ۔ ہ ۔ خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا +

چاند گرہن یا گہن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چاند کا زمین کی آڑ میں آجانے اور سورج کی روشنی اُسپر نہ پڑنے کی وجہ سے کالا ہو جانا

چاند ماری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ نشانہ بازی +

چانڈنا یا چاننا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اُجالا ۔ رونق ۔ سفید کبوتر +

چاندنا ہونا ۔ ہ ۔ دن نکل آنا ۔ رونق ہو جانا ۔ بالکل لُٹ جانا

چاندنی یا چاننی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چاند کی روشنی +

چاندنی چوک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دہلی کے ایک بازار کا نام +

چاندنی چھٹکنا ۔ ہ ۔ خوب چاندنی کھلنا +

چاندنی رات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ۱۴ ۔ ۱۵ ۔ ۱۷ ویں تاریخ کی رات جسمیں رات بھر چاندنی رہتی ہے +

چاندنی کا اثر ہونا ۔ ا ۔ زخم کا اچھا نہ ہونا +

چاندنی کا کھیت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خوب چھٹکی ہوئی چاندنی

چاندنی کا کھیت کرنا ۔ ہ ۔ چاندنی پھیلنا +

چاندنی کھلنا ۔ ہ ۔ چاند کی روشنی پھیلنا +

چاندنی مارنا یا مار جانا ۔ ہ ۔ جلے ہوئے یا زخمی آدمی یا گھوڑے کو چاندنی کے اثر سے نقصان پہنچنا +

چاندی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک سفید قیمتی دھات کا نام +

چاندی کا جوتا مارنا ۔ ہ ۔ کسی کو روپیہ کے ذریعہ احسان سے شرمندہ کرنا +

چاندی کا ورق ۔ ا ۔ مذکر ۔ چاندی کا بہت باریک پتر +

چاندی کر دینا ۔ ہ ۔ حقہ میں اتنی زور سے دم مارنا کہ چرس یا تمباکو بالکل جل جائے +

چاندی ہونا ۔ ہ ۔ جلکر راکھ ہونا ۔ کامیابی ہونا +

چانول یا چاول ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک غلہ کا نام +

چاو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لاڈ ۔ پیار +

چاو چوچلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ناز ۔ نخرہ +

چاول چاول ۔ ا ۔ مؤنث ۔ بے فائدہ شور +

چاہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ کنواں ۔ غار ۔ گڑھا +

چاہِ بابل ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ کنواں جسمیں ہاروت وماروت دو فرشتے قید ہیں +

چاہِ رستم ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ کنواں جسمیں رستم کو اُسکے بھائی نے گراکر مار ڈالا +

چاہِ نخشب ۔ ف ۔ مذکر ۔ نخشب میں ایک کنواں تھا جس میں سے حکیم عطا ابن مقنع کا بنایا ہوا چاند نکلا کرتا تھا +

چاہِ یوسف ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ کنواں جس میں حضرت یوسفؑ کو اُن کے بھائیوں نے ڈالدیا تھا

چاہِ ذقن یا زنخداں ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ٹھوڑی کا گڑھا

چاہ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ خواہش ۔ محبت +

چاہت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ خواہش ۔ محبت

چاہنا ۔ ہ ۔ خواہش کرنا ۔ محبت کرنا +

چاہے ۔ ہ ۔ استفہام ۔ خواہ ۔ (جیسے چاہے یہ لو چاہے وہ)

چاہی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کنوئیں سے سینچی جانے والی زمین

چاہے سو ہو ۔ ہ ۔ ندا ۔ کچھ ہی ہو ۔ جو ہو سو ہو +

چاہیتا یا چہیتا ۔ ہ ۔ صفت ۔ مذکر ۔ لاڈلا ۔ پیارا +

چاہیتی یا چہیتی ۔ ہ ۔ صفت ۔ مؤنث ۔ لاڈلی ۔ پیاری

چاہیئے ۔ ہ ۔ حرف ۔ مناسب ہے ۔ لازم ہے +

چائے ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ایک پہاڑی درخت کی مشہور پتیاں جنہیں پکاکر پیتے ہیں +

چائے پانی ۔ ا ۔ مذکر ۔ انگریزی وضع کی صبح کے وقت کی ضیافت +

چ ب

چبا چبا کر باتیں کرنا۔ ہ۔ رُک رُک کے باتیں کرنا۔ طعن کی باتیں کرنا ٭

چبانا۔ ہ۔ کسی چیز کو دانتوں سے پیسنا ٭

چبڑ چبڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ بکواس ٭

چبلا۔ ہ۔ صفت۔ بکلا۔ مسخرا۔ چھچھورا ٭

چبلا پن۔ ہ۔ مذکر۔ چھچھوراپن۔ سِفلہ پن ٭

چبھنا یا چُبھنا۔ ہ۔ چھدنا۔ گڑنا ٭

چبنی ہڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ کُرکُری۔ بھُربھری۔ نرم اور پتلی ہڈی

چبھونا یا چُبھونا۔ ہ۔ کسی نوکدار چیز کو جسم میں گڑونا ٭

چبوترا یا چوترا۔ ہ۔ مذکر۔ جو اونچی سی جگہ بیٹھنے کو بنالیں

چبینا۔ ہ۔ مذکر۔ بھنا ہوا چبانے کے قابل اناج ٭

چ پ

چپ۔ ف۔ صفت۔ اُلٹا۔ بایاں ٭

چپ فلط دینا۔ ا۔ دوڑنے میں پکڑنے والے سے بچنے کو دائیں بائیں ہٹنا یا مڑ جانا ٭

چپ وراست۔ ف۔ مذکر۔ دائیں بائیں۔ اِدھر اُدھر ٭

چُپ۔ ہ۔ مؤنث۔ خاموشی ٭

چُپ چاپ۔ ہ۔ تابع فعل۔ خاموشی سے چُپکے چُپکے ٭

چُپ چُپ۔ ہ۔ صفت۔ خاموش خاموش۔ چپکا ٭

چُپ چپاتے۔ ہ۔ تابع فعل۔ چپکے سے۔ شادی بغیر باجے اور گانے کے ٭

چُپ سادھنا۔ ہ۔ خاموشی اختیار کرنا ٭

چُپ کرنا - ہ۔ بولنے سے روکنا ٭

چُپ لگانا۔ ہ۔ بالکل خاموش ہو رہنا۔ کسی دوسرے کو بالکل خاموش اور چُپ کر دینا ٭

چُپ ہونا۔ ہ۔ خاموش ہونا۔ جواب نہ بن پڑنا ٭

چپّا۔ ہ۔ مذکر۔ چار انگل یا چار بالشت جگہ۔ ذرا سی جگہ

چپّا بھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ بہت تھوڑی سی جگہ ٭

چپّا چپّا۔ ہ۔ تابع فعل۔ ذرا ذرا۔ ادنےٰ ادنےٰ جگہ۔ گلی گلی ٭

چپاتی۔ ف۔ مؤنث۔ پتلی ہلکی چوڑی روٹی ٭

چپاتی سا پیٹ۔ ا۔ مذکر۔ پتلا اور کمر سے لگا ہوا پیٹ ٭

چپت۔ ہ۔ مؤنث۔ چانٹا جو سر پر مارا جائے ٭

چپت گاہ۔ ا۔ مونث۔ گُدی۔ چانٹا پڑنے کی جگہ ٭

چپت دھرنا۔ لگانا۔ مارنا۔ ہ۔ تھپڑ لگانا ٭

چپٹا۔ ہ۔ صفت۔ پچکا ہوا۔ بیٹھا ہوا ٭

چپچپانا۔ ہ۔ چپکنا۔ لیس دار ہونا ٭

چپچپاہٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ لیس۔ چیپ ٭

چپراس۔ ف۔ مؤنث۔ ہرکارہ یا چپراسی کا تمغہ ٭

چپراسی۔ ا۔ مذکر۔ ہرکارہ جسکے چپراس لگی ہوتی ہے ٭

چپڑا۔ ہ۔ مؤنث۔ صاف کی ہوئی لاکھ ٭

چیپڑا۔ ہ۔ مذکر۔ چُندھا۔ پلک پیٹا ٭

چپڑ چپڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ کتے کی طرح کھانے یا پینے کی آواز ٭

چپڑ قناتیا۔ ا۔ مذکر۔ کمینہ۔ بیہودہ ٭

چپڑنا۔ ہ۔ چکنا کرنا۔ چاپلوسی کرنا ٭

چُپڑی۔ ہ۔ صفت۔ وہ روٹی جس پر گھی چُپڑا ہوا ہو ٭

چُپڑی اور دو دو۔ ا۔ محاورہ۔ خواہش پوری ہونا اور پھر آسانی یا نفع یا نام آوری سے ٭

چپقلش۔ ت۔ مؤنث۔ لڑائی جھگڑا ٭

چُپکا۔ خاموش۔ مکار۔ گُھنا ٭

چپکانا۔ ہ۔ لیپ یا کسی اور چپک دار چیز سے جوڑنا۔ چسپان کرنا ٭

چپکن۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا انگرکھا۔ جو سامنے سے سینہ پر کھلا ہوا ہوتا ہے ٭

چپکنا۔ ہ۔ جُڑنا۔ چمٹنا۔ چسپاں ہونا ٭

چُپکی۔ ہ۔ مؤنث۔ خاموشی۔ گھُنّی ٭

چُپکی سادھنا۔ ہ۔ خاموشی اختیار کرنا ٭

چُپکی لگ جانا۔ ہ۔ زبان بند ہو جانا۔ چپ لگ جانا ٭

چپنی۔ ہ۔ مؤنث۔ ہانڈی کا مٹی کا ڈھکن۔ گھُٹنے کی ہڈی ٭

چپنی چاٹ کے گذران کرنا۔ ا۔ جو میسر ہو اُسی پر

بہت صبر سے گذر کرنا ٭

پچتو۔ ہ۔ مذکر۔ ناؤ چلانے کی ڈانڈ۔ پتوار ٭

پچپی۔ ہ۔ مؤنث۔ آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں دبانا ٭

چ ت

چت۔ ہ۔ صفت۔ پٹ کے خلاف۔ پیٹھ کے بل۔ نظر۔ چتون۔ خیال۔ دل۔ سمجھ۔ یاد ٭

چت پٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک کھیل جسمیں چیز اُچھال کر چت یا پٹ گرنے پر بازی لگاتے ہیں ٭

چت کرنا۔ ہ۔ پچھاڑنا۔ جیتنا ٭

چتا۔ ہ۔ مؤنث۔ لکڑیوں کا ڈھیر جو لاش جلانے کے لئے اُسکے چار طرف چنتے ہیں ٭

چتر۔ ا۔ مذکر۔ چھاتا۔ چھتر ٭

چتر۔ ہ۔ صفت۔ ہوشیار۔ مکار ٭

چترائی۔ ہ۔ مؤنث۔ ہوشیاری۔ مکاری ٭

چترنگ۔ ہ۔ مذکر۔ شطرنج کا پرانا ہندی نام ٭

چتکبرا۔ ہ۔ صفت۔ کالے اور سفید رنگ کے دھبوں والا

چتلا۔ ہ۔ صفت۔ دھبے دار ٭

چتون۔ ہ۔ مؤنث۔ تیوری۔ نظر ٭

چتون چڑھانا۔ ہ۔ تیوری چڑھانا ٭

چتون کہے دیتی ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ تیوری اور نظر سے ہی دل کا حال ظاہر ہے ٭

چتھاڑنا۔ ہ۔ عو۔ چیرنا پھاڑنا۔ ذلیل کرنا ٭

چتھڑا یا چیتھڑا۔ ہ۔ مذکر۔ پرانے کپڑے کا ٹکڑا ٭

چتھڑے لگانا۔ ہ۔ پھٹے کپڑے پہنے پھرنا

چتی۔ ہ۔ مؤنث۔ بُندکی۔ دھبا۔ لالی۔ پرند کی مادہ ٭

چتی پڑنا۔ ہ۔ روٹی کا سکنا۔ کسی چیز پر بندکیاں پڑنا ٭

چتی دار۔ ا۔ صفت۔ بندکی دار ٭

چ ٹ

چٹ۔ ہ۔ تابع فعل۔ فوراً۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز

چٹ پٹ۔ ہ۔ تابع فعل۔ بہت جلد۔ یک بیک ٭

چٹ پٹ ہونا۔ ہ۔ عو۔ ناگہانی موت ہو جانا ٭

چٹ چٹ۔ ہ۔ تابع فعل۔ اُنگلیوں کے چٹخنے اور سینٹھے وغیرہ کے جلنے کی آواز ٭

چٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ کپڑے یا کاغذ کی دھجی ٭

چٹا۔ ہ۔ صفت۔ سفید ٭

چٹا۔ ہ۔ مذکر۔ لکڑیوں یا اینٹوں کا چنا ہوا ڈھیر ٭

چٹا پٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ بہت پھرتی۔ موت پر موت ٭

چٹا چٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ لگاتار مارنے کی آواز ٭

چٹاخ یا چٹاک۔ ا۔ مؤنث۔ چانٹے یا اُنگلی کے چٹخنے یا لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز ٭

چٹاخ پٹاخ۔ ہ۔ تابع فعل۔ تڑاتڑ ٭

چٹاخا یا چٹاکا۔ ا۔ مذکر۔ نرم لکڑی کے ٹوٹنے کی آواز ٭

چٹان۔ ہ۔ مؤنث۔ بڑی چوڑی سل۔ یا بڑا چوڑا پتھر ٭

چٹانا۔ ہ۔ بچے یا بیمار کو کوئی پتلی چیز ذرا ذرا سی اُنگلی سے کھلانا ٭

چٹائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بوریا ٭

چٹ پُٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ عو۔ چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ

چٹ پٹا۔ ہ۔ صفت۔ خوب نمک مرچ پڑا ہوا ٭

چٹخارا۔ ا۔ مذکر۔ وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی اچھی چیز کا مزا لینے سے نکلتی ہے ٭

چٹخانا یا چٹکانا۔ ہ۔ اُنگلیوں یا کسی اور چیز کی آواز نکالنا ٭

چٹخنا یا چٹکنا۔ ہ۔ سخت چیز پر گر کر اُچٹنا۔ آگ پر جلکر کسی چیز کا آواز دینا۔ کلی کھلنا ٭

چٹک۔ ہ۔ مؤنث۔ ٹوٹنے کی آواز۔ پھرتی۔ چمک دمک

چٹک جانا۔ ہ۔ تڑخ جانا۔ ٹوٹ جانا ٭

چٹک مٹک۔ ہ۔ مؤنث۔ شان شوکت ٭

چٹ کر جانا۔ ہ۔ کھاجانا۔ اُڑا جانا ٭

چٹ کرنا۔ ہ۔ کھانا اُڑانا۔ تباہ کرنا ٭

چٹکلا۔ ہ۔ مذکر۔ لطیفہ۔ دلچسپ فقرہ ٭

چٹکلا چھوڑنا۔ ہ۔ شگوفہ چھوڑنا۔ مزیدار بات بیان کرنا

چٹکلا سا۔ ہ۔ صفت۔ دلچسپ۔ دل پسند ٭

چٹکنی۔ ہ۔ مؤنث۔ کواڑوں کو روکنے کی چیز ٭

چٹکی۔ ہ۔ مؤنث۔ دو انگلیوں سے گوشت ملنے کو چٹکی کہتے ہیں۔ مٹھی بھر کوئی چیز۔ انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملاکر آواز نکالنا ٭

چٹکی بجانے میں۔ ہ۔ تابع فعل۔ ذراسی دیر میں ٭

چٹکی بجانا۔ انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملاکر آواز نکالنا ٭

چٹکی بھرنا یا لینا۔ ہ۔ دو انگلیوں سے گوشت مسلنا ٭

چٹکی لگانا۔ ہ۔ کپڑے کو انگلیوں سے پھاڑنا جیب کترنا

چٹکیوں میں اڑانا۔ ہ۔ خاطر میں نہ لانا ہنسی میں اڑانا ٭

چٹکیلا۔ ہ۔ صفت۔ بھڑک دار۔ چمک دار۔ چٹ پٹا ٭

چٹکیلی دھوپ۔ ہ۔ مؤنث۔ تیز دھوپ ٭

چٹنی۔ ہ۔ مؤنث۔ جو سرکہ یا کسی اور کھٹی چیز سے نمک مرچ ملاکر بناتے ہیں۔ چاٹنے کے قابل چیز ٭

چٹنی کرنا یا کر ڈالنا۔ ہ۔ چٹنی کی طرح چاٹ لینا۔ جلدی سے کھا لینا۔ جلدی سے مار ڈالنا ٭

چٹنی ہونا۔ ہ۔ جلدی ختم ہو جانا۔ کسی بہت سی چیز کا مزیدار ہونیکی وجہ سے جلد کھا لینا ٭

چٹورا۔ ہ۔ صفت۔ وہ شخص جسے زبان کا مزا پڑ گیا ہو۔ کھاؤ۔ اڑاؤ ٭

چٹوراپن یا چٹورپن۔ ہ۔ مذکر۔ چٹوروں کی سی عادت

چٹھا۔ ہ۔ مذکر۔ تنخواہ کی فہرست۔ مزدوری۔ یا تنخواہ ٭

چٹھا بانٹنا۔ ہ۔ تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا ٭

چٹھا باندھنا۔ ہ۔ تنخواہ یا مزدوری کی فہرست بنانا ٭

چٹھی۔ ہ۔ مؤنث۔ خط۔ رقعہ۔ ہنڈی۔ چک ٭

چٹھی پڑنا یا ڈالنا۔ ہ۔ کسی چیز پر قیمت لگا کر لاٹری پڑنا یا ڈالنا ٭

چٹھی رساں۔ ا۔ مذکر۔ ڈاکیہ۔ خط بانٹنے والا ٭

چٹھی کرنا۔ ہ۔ کسی کے نام پر ہنڈی کرنا ٭

چٹھی نویس۔ ا۔ مذکر۔ چٹھی لکھنے والا۔ چٹھی کرنے والا

چٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ عو۔ ڈنڈ۔ تاوان ٭

چٹیا۔ ہ۔ مؤنث۔ چوٹی کی تصغیر تحقیر کے ساتھ ٭

چٹے بٹے۔ ہ۔ مذکر۔ ایک کھلونا جسمیں ڈوری میں لٹو لٹکتے ہوتے ہیں۔ مداریوں کے گولے ٭

چٹے بٹے لڑانا۔ ہ۔ مداری کا کھیل دکھانا ٭

چٹیل۔ ہ۔ صفت۔ وہ میدان جہاں درخت نہ ہو صاف میدان ٭

چٹیل۔ ہ۔ صفت۔ زخمی۔ چوٹ کھایا ہوا ٭

چٹیلا۔ ہ۔ صفت۔ زخمی چوٹ کھایا ہوا ٭

چ چ

چچا۔ ہ۔ مذکر۔ باپ کا بھائی ٭

چچا بناکے یا کرکے چھوڑنا { ہ۔ خوب سزا دیکے یا اچھی طرح بدلا لیکے دم لینا

چچا بنانا۔ ہ۔ ٹھیک بجانا۔ بدلا لینا۔ سزا دینا ٭

چچازاد بھائی۔ ا۔ مذکر۔ چچیرا بھائی۔ چچا کا بیٹا بھائی ٭

چچڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ بگھی۔ ایک کیڑا جو کتوں اور چوپاؤں کو چمٹ کر خون چوستا ہے ٭

چچڑی ہو کر چمٹنا۔ ہ۔ چچڑ ہونا۔ سر ہو جانا ٭

چچوڑنا۔ ہ۔ چوسنا۔ بچے کا چھاتیوں کو چوسنا ٭

چچی۔ ہ۔ مؤنث۔ چچا کی بیوی ٭

چچیرا۔ ہ۔ مذکر۔ چچا کا بیٹا ٭

چچینڈا۔ ہ۔ مذکر۔ ککڑی کی شکل کی ایک لمبی ترکاری کا نام ٭

چ خ

چخ۔ ف۔ مؤنث۔ جنگ۔ جھگڑا۔ بڑ۔ بکواس۔ غل ٭

چخ چخ۔ ا۔ تابع فعل۔ لفظی تکرار۔ بک بک۔ جھک جھک

چخے۔ ا۔ تابع فعل۔ عو۔ کلمۂ نفرت۔ چل دور ہو ٭

چ د

چدر۔ ا۔ مؤنث۔ چادر کا مخفف ٭

چدریا۔ ا۔ مؤنث۔ چادر کی تصغیر تحقیر کے ساتھ ٭

چ ڈ

چَڈ لمہ۔ ہ۔ مذکر۔ جنگاسہ۔ ران کی جڑ۔ مسخرا آدمی ٭
چُڈو۔ ہ۔ مؤنث۔ خبیث عورت۔ شریر عورت ٭
چَڈھی۔ ہ۔ مؤنث۔ پیٹھ کی سواری ٭

چ ر

چُرمُر ہونا۔ ہ۔ سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹ کر چورا چورا ہو جانا ٭
چِرَاغ۔ ف۔ مذکر۔ دیا۔ دیپک ٭
چِراغ بتی کرنا۔ ؤ۔ روشنی کا سامان کرنا۔ روشنی کرنا ٭
چِراغ بڑھانا۔ بجھانا
خاموش کرنا۔ ٹھنڈا کرنا } ؤ۔ روشنی بند کرنا۔ اندھیرا کرنا ٭
گل کرنا یا چراغ کو ہاتھ دینا
چِراغ پا ہونا۔ ؤ۔ گھوڑے کا الف ہونا۔ گھوڑے کا پچھلے دو پاؤوں پر کھڑا ہونا۔ خفا ہونا ٭
چِراغ ہلانا۔ ؤ۔ ظاہر معنی کے سوا۔ دیوالہ نکالنا ٭
چِراغدان۔ ف۔ مذکر۔ دیوٹ۔ چراغ پایہ ٭
چراغ روشن مراد حاصل۔ ف۔ دعا۔ بامراد۔ گھر آباد
چراغِ سحر یا سحری۔ ف ع۔ صفت۔ صبح کا چراغ۔ یعنی ختم ہونے کے قریب۔ موت کے نزدیک ٭
چِراغ سے پھول جھڑنا
یا چراغ کا ہنسنا } ؤ۔ چراغ سے جلتا ہوا تیل ٹپکنا ٭
چِراغ سے چراغ جلنا۔ ؤ۔ ایک کا دوسرے سے سیکھنا
چِراغِ صبح۔ ف ع۔ صفت۔ ختم ہونے کو ٭
چِراغ کے نیچے اندھیرا ہونا۔ ؤ۔ منصف حاکم کے قرب میں ظلم ہونا۔ اوروں کو فائدہ پہنچانا۔ اپنوں کو کچھ نہیں ٭
چِراغ گل پگڑی غائب۔ ؤ۔ کہاوت۔ موقع ملا اور مال مارا غافل پایا اور مال اڑایا ٭
چِراغِ گور۔ ف۔ مذکر۔ وہ چراغ جو قبر پر جلایا جائے ٭
چِراغ لیکر ڈھونڈنا۔ ؤ۔ کسی کی بہت تلاش کرنا ٭
چراغ ہو جانا۔ ؤ۔ چراغ بجھ جانا۔ آدمی کا ٹھنڈا ہو جانا یا مرجانا ٭

چِراغاں۔ ف۔ مذکر۔ بہت سے چراغ روشن کرنا ٭
چراغی۔ ؤ۔ مؤنث۔ نذرانہ نذر۔ مزار پر چراغ جلانے کیلئے جو نقدی دیجائے۔ وہ نقدی جو فاتحہ دیتے وقت چراغ کے نیچے رکھدیتے ہیں ٭
چراغی چڑھانا۔ ؤ۔ فاتحہ کے واسطے نقدی چڑھانا ٭
چَراگاہ۔ ف۔ مؤنث۔ ڈھوروں کے چرنے کی جگہ ٭
چَرانا۔ ہ۔ گھاس کھلانا۔ دھوکا دینا ٭
چَرّانا۔ ہ۔ زخم کا تڑخنا۔ زخم کا پھٹنا ٭
چُرانا۔ ہ۔ چوری کرنا ٭
چِراند۔ ہ۔ مؤنث۔ چمڑا۔ بال۔ روغن۔ ہڈی وغیرہ کے جلنے کی
چراندا۔ ہ۔ صفت۔ چراند کا بسا ہوا۔ بدمزاج ٭
چراندامزاج۔ ؤ۔ مذکر۔ چڑچڑا مزاج۔ ذراسی بات پر بگڑنے والا ٭
چراؤ۔ ہ۔ مذکر۔ پھٹاؤ۔ درز۔ وہ نشان جو لکڑی چیرنے سے ظاہر ہوتا ہے ٭
چَرائی۔ ہ۔ مؤنث۔ ڈھوروں کو چرنے بھیجنا۔ چرانے کی اجرت چروائی ٭
چرائِتا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک دوا کا نام ٭
چَرب۔ ف۔ صفت۔ موٹا۔ چکنا۔ زیادہ ٭
چَرب زبان۔ ف۔ صفت۔ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا۔ خوشامدی ٭
چَرب بانک۔ ؤ۔ صفت۔ ع۔ چالاک۔ عیارہ۔ شوخ۔ نڈر ٭
چَربہ۔ ف۔ مذکر۔ خاکا۔ کسی چیز کا ہو بہو نقش۔ ملائی ٭
چربہ اُتارنا۔ ؤ۔ ہو بہو نقل اُتارنا۔ خاکا اُٹھانا۔ کسی کا انداز اُڑانا ٭
چَربی۔ ف۔ مؤنث۔ جسم کی چکنائی ٭
چَرپَرا۔ ہ۔ صفت۔ تیز۔ چٹ پٹا ٭
چَرپَراہٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ تیزی۔ جلن ٭
چَرپوز۔ ف۔ صفت۔ لغو۔ بیہودہ۔ لچر ٭
چَرِتر۔ س۔ مذکر۔ چلتر۔ چال چلن۔ کرتب۔ ہنر۔ چالاکی ٭

چرچا۔ مذکر۔ ذکر۔ گفتگو۔ شہرہ۔ بحث ٭

چرچٹا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک کانٹے دار پودا ٭

چرچر یا چرمرے۔ ہ۔ مؤنث۔ نئی جوتی کی سی آواز ٭

چرچراہٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ درد۔ زخم کا پھٹنا ٭

چرخ۔ ف۔ مذکر۔ پھرنے والا۔ پہیا۔ چاک چرخی۔ آسمان وہ آلہ جس پر چڑھاکر تانبے کے برتن صاف کئے جاتے ہیں ٭

چرخ چڑھانا۔ ا۔ تانبے کے برتنوں کو خراد پر چڑھانا۔ سان پر رکھنا ٭

چرخ کھانا۔ ا۔ گھومنا۔ تاؤ کھانا۔ دھات کا پگل کر پانی ہوجانا

چرخ چوں ل۔ ا۔ مؤنث۔ گاڑی۔ یا چرخے وغیرہ کے چلنے کی آواز

چرخہ۔ ف۔ مذکر۔ سوت کاتنے کا آلہ ٭

چرخہ پونی۔ ا۔ مؤنث۔ چرخہ اور کاتنے کا سامان ٭

چرخہ ہوجانا۔ ا۔ کمزور اور ضعیف ہوجانا ٭

چرخی۔ ف۔ مؤنث۔ اوٹنی۔ روئی کو بنولوں سے صاف کرنے کا آلہ۔ ایک قسم کی آتشبازی ٭

چرس۔ ہ۔ مذکر۔ بڑا ڈول۔ ایک نشہ والی چیز جس کو تمباکو کی طرح پیتے ہیں ٭

چرس۔ ہ۔ مؤنث۔ سلوٹ ٭

چرسا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑا ڈول۔ بھینس یا گائے بیل کا چمڑا ٭

چرسا بھر زمین۔ ا۔ مؤنث۔ بھینس یا گائے کے بیٹھنے کے قابل زمین۔ تھوڑی سی زمین ٭

چرسی۔ ہ۔ مذکر۔ چرس کو کنوئیں میں ڈالنے نکالنے والا۔ چرس پینے والا ٭

چرغ۔ ف۔ مذکر۔ تیندوا۔ اگر بھگا۔ ایک شکاری پرندہ ٭

چرک۔ ف۔ مذکر۔ پیپ۔ میل۔ علاؤ ذ۔ کیٹ ٭

چرکا۔ ا۔ مذکر۔ ہلکا زخم۔ اوچھا گھاؤ ٭

چرکا دینا یا لگانا۔ ا۔ زخم لگانا۔ داغ دینا۔ نقصان پہنچانا

چرکٹا۔ ہ۔ مذکر۔ ہاتھی کا چارہ لانے والا۔ کمینہ۔ ادنےٰ ٭

چرکنا۔ ہ۔ تھوڑا سا پیخانہ کرنا ٭

چرکین۔ ف۔ صفت۔ غلیظ۔ میلا۔ لکھنؤ کے ایک مشہور غلیظ گو شاعر کا تخلص ٭

چرم۔ ف۔ مذکر۔ چمڑا۔ کھال ٭

چرنا۔ ہ۔ پھٹنا۔ ترقنا ٭

چرند یا چرندہ۔ ف۔ مذکر۔ چرنے والا۔ چگنے والا ٭

چرواہا یا چرواہا۔ ہ۔ مذکر۔ گڈریہ۔ گوالا۔ چرانے والا

چرونجی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک مشہور میوے کا نام ٭

چری۔ ہ۔ مؤنث۔ کربی۔ جوار یا مکی کے ہرے درخت ٭

چ ڑ

چڑ یا چڑھ۔ ہ۔ مؤنث۔ غصہ۔ ناخوشی۔ کھج۔ کھجاوٹ چھیڑ ٭

چڑ نکالنا یا چڑانا۔ ہ۔ چھیڑ نکالنا۔ غصہ دلانا ٭

چڑا۔ ہ۔ مذکر۔ چڑیا کا نر ٭

چڑچڑا۔ ہ۔ صفت۔ بری عادت کا۔ بیماری وغیرہ سے بگڑے ہوئے مزاج کا ٭

چڑچڑانا۔ ہ۔ چڑچڑ آواز دینا۔ کھولتے ہوئے تیل میں پانی پڑ کر آواز نکلنا ٭

چڑنا یا چڑھنا۔ ہ۔ بگڑنا۔ ناراض ہونا ٭

چڑھانا۔ ہ۔ اوپر لیجانا۔ لادنا۔ سوار کرانا ٭

چڑھاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ جوش۔ ترقی۔ زیادتی۔ دریا کا وہ رخ جدھر سے پانی آتا ہو ٭

چڑھاوا۔ ہ۔ مذکر۔ نذر۔ بھینٹ۔ وہ زیور جو منگنی یا برات کے روز دلہن کو دولھا کی طرف سے پہنایا جائے۔ بڑھاوا۔ دم۔ دلاسا ٭

چڑھائی۔ ہ۔ مؤنث۔ اونچائی۔ دھاوا ٭

چڑھ بننا۔ ہ۔ بن آنا ٭

چڑھنا۔ ہ۔ اوپر جانا۔ بڑھنا۔ چڑھاؤ پر ہونا۔ دھاوا کرنا

چڑھواں۔ ہ۔ صفت۔ کھڑی جوتی۔ اٹھی ہوئی ایڑی کی جوتی ٭

چڑی مار۔ ہ۔ مذکر۔ پرند پکڑنے والا ٭

چڑیا خانہ۔ ا۔ مذکر۔ چڑیا گھر ٭

چڑیل۔ ہ۔ مؤنث۔ بھتنی۔ میلی کچیلی بری صورت کی عورت ٭

چ س

چُسانا۔ ہ۔ پلانا ٭

چُسپاں۔ ف۔ صفت۔ چپکا ہوا۔ ٹھیک ٭

چُست۔ ف۔ صفت۔ چالاک۔ پھرتیلا۔ تنگ۔ ٹھیک

چُستی۔ ف۔ مؤنث۔ چالاکی۔ پھرتی۔ تنگی ٭

چُسک۔ ہ۔ مؤنث۔ ٹسک۔ میٹھا میٹھا اور ہلکا درد ٭

چسکا۔ ہ۔ مذکر۔ مزہ۔ چاٹ ٭

چُسکی۔ ہ۔ مؤنث۔ گھونٹ ٭

چُسکی لگانا۔ ہ۔ ایک دم سے پی جانا۔ افیون پینا ٭

چُسنی۔ ہ۔ مؤنث۔ بچوں کے چوسنے کا کھلونا۔ دُودھ پلانے کی شیشی ٭

چ ش

چشم۔ ف۔ مؤنث۔ آنکھ۔ آس۔ اُمید ٭

چشمِ بد دُور۔ ف (جملۂ معترضہ) کسی چیز کی تعریف سے پہلے کہتے ہیں۔ نظر نہ لگے ٭

چشم پوشی۔ ف۔ مؤنث۔ دیکھ کر ٹال جانا ٭

چشم نمائی۔ ف۔ مؤنث۔ دھمکی۔ ڈراوا۔ جھڑکی ٭

چشم و چراغ۔ ف۔ مذکر۔ آنکھ کی روشنی۔ گھر کا اُجالا۔ بہت پیارا ٭

چشمک۔ ف۔ مؤنث۔ آنکھ کا اشارہ۔ چھیکی۔ رُکاوٹ۔ عینک

چشمک زنی کرنا۔ ا۔ طعنے مارنا۔ چھیڑنا ٭

چشمہ۔ ف۔ مذکر۔ پانی کی سوت۔ تالاب۔ عینک ٭

چ غ

چُغد۔ ف۔ مذکر۔ اُلّو ٭

چُغل۔ ف۔ مذکر۔ گٹی یعنی وہ کنکری جسے پہلے چلم میں رکھکر اوپر سے تمباکو رکھتے ہیں ٭

چُغل خوری۔ ا۔ مؤنث۔ لُتراپن ٭

چُغلی۔ ف۔ مؤنث۔ کسی کی برائی۔ لُتراپن ٭

چُغلی کھانا۔ ہ۔ برائی کرنا۔ غیبت کرنا ٭

چ ف

چَفتی۔ ا۔ مؤنث۔ چپٹی لکڑی جسے رکھکر لکیریں کھینچتے ہیں

چ ق

چِق۔ ت۔ مؤنث۔ چلون۔ چلمن۔ چک ٭

چُقُر۔ ف۔ مذکر۔ جوہڑ۔ ڈابر ٭

چقماق یا چقمق۔ ت۔ مؤنث۔ آگ نکلنے کی پتھری جو اکثر بندوق وغیرہ پر لگائی جاتی ہے ٭

چُقُندر۔ ف۔ مذکر۔ ایک ترکاری کا نام ٭

چ ک

چک۔ ہ۔ مذکر۔ پٹی۔ زمین کا ٹکڑا۔ جھگڑا۔ زمین کا جھگڑا۔ ہندو قصائی ٭

چک بندی۔ ا۔ مؤنث۔ زمین کی حدبندی۔ نقشہ میں زمین کی حدبندی ٭

چِک۔ ہ۔ مؤنث۔ جھٹکا۔ کمر کا درد۔ چق۔ چلمن۔ (انگ مذکر) ہنڈی ٭

چکّا۔ ہ۔ مذکر۔ گول چیز۔ چوکھونٹی۔ اینٹوں پتھروں کا ڈھیر جو ماپنے کیلئے لگایا جائے (صفت) جما ہوا ٭

چکاچک یا چک چک۔ ا۔ مؤنث۔ تلواروں کی آواز (ع و) تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا ٭

چکاچوند یا چکاچوندی۔ ہ۔ مؤنث۔ آنکھ کا تیز روشنی کے سبب جھپکنا ٭

چکاچوندی لگنا یا آنا۔ آنکھوں کے آگے روشنی کے باعث اندھیرا آنا۔ روشنی کو تیزی کے سبب دیکھ نہ سکنا ٭

چکارا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا ہرن۔ چھوٹی سارنگی ٭

چُکانا۔ ہ۔ بھاؤ کرنا۔ فیصلہ کرنا۔ بھگتانا۔ ختم کرنا ٭

چک پھیری۔ ہ۔ مؤنث۔ چکّر باندھکر پھرنا ٭

چکٹ مارنا۔ ہ۔ منہ سے بوٹی بھر لینا۔ کاٹ کھانا ٭

چکتا - ہ - مذکر - بڑا گول نشان یا دھبّا - کاٹے کا نشان - وہ دھبّا جو فساد خون سے ہو جاتا ہے - گوشت کا ٹکڑا ❖

چکتّے بھرنا یا مارنا - ہ - کاٹ کھانا - منہ مار کر گوشت اتار لینا

چکتی - ہ - مؤنث - ٹکیا - گول چیز - دُنبہ کی گول دُم ❖

چکٹ - ہ - صفت - بہت میلا - چکٹا ہوا - میلا چیکٹ ❖

چکٹنا - ہ - چکنائی اور میل سے چیچپانے لگنا ❖

چکچکی ، ہ - مؤنث - دو چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو اکثر جوگی ایک ایک ہاتھ میں جوڑی لے کر بجاتے ہیں ❖

چکر - ہ - مذکر - دائرہ - پہیا - پھیر - بھنور - غش - گھمیری ❖

چکر آنا - ہ - سر گھومنا - غش آنا ❖

چکر باندھنا - ہ - اس طرح گھمانا یا گھومنا کہ دائرہ بندھ جائے

چکر کھانا - ہ - پھرنا - گھومنا ❖

چکر کی سڑک - ہ - مؤنث - گول سڑک پھیر کی سڑک ❖

چکر میں آنا یا چکرانا - ہ - پھیر میں آنا مصیبت میں پھنسنا سر گھومنا - سر گھمانا - گھبرانا - سٹ پٹانا - پریشان ہونا

چکر میں ڈالنا - ہ - مصیبت میں پھنسانا - ہوش بھلانا - راستہ بھلانا ❖

چکس یا چکس - ف - مذکر - باز وغیرہ کا گھونسلا - بلبل وغیرہ کا اڈا ❖

چکلا - ہ - صفت - چوڑا - گول - پھیلا ہوا - (ہ - مذکر) دانہ دلنے کی چکی - چکی کا پاٹ - پوریاں بیلنے یا مصالح پیسنے کا گول پتھر یا گول پٹڑا - صوبہ - جاگیر - رنڈیوں کا محلہ ❖

چکلا بندی - ا - مونث - حد بندی ❖

چکلے دار - ا - مذکر - صوبہ دار - رنڈیوں کا داروغہ ❖

چکما - ہ - مذکر - دھوکا - نقصان ❖

چکن - ف - مؤنث - بیل بوٹے کا کپڑا ❖

چکن دوز - ف - مذکر - کپڑے پر چکن بنانے والا ❖

چکنا - ہ - صفت - چربی دار - پھسلواں - صاف ستھرا - رونق دار - بیحیا ❖

چکنا ۲ ا - ہ - صفت - بنا ٹھنا - صاف ستھرا ❖

چکنا دیکھ پھسل پڑے - ہ - کہاوت - دولت دیکھ کے ریجھ گئے ❖

چکنا گھڑا - ہ - مذکر - بے حیا - بے شرم ❖

چکنا منہ پیٹ خالی - ہ - کہاوت - ہیں تو بھوکے مگر مونچھیں مروڑتے پھرتے ہیں ❖

چکنا - ہ - ختم ہونا - خرچ ہو جانا - بھاؤ ٹھہرنا - بے باق ہونا جھگڑا مٹنا ❖

چکنا چور - ہ - صفت - ریزہ ریزہ - ٹکڑے ٹکڑے تھکا ہوا ❖

چکناہٹ - ہ - مؤنث - چکنائی - صفائی - چمک - خوبصورتی

چکنائی - ہ - مؤنث - چربی - تیل - گھی - چکنا پن ❖

چکنی چپڑی باتیں - ہ - مؤنث - خوشامد کی باتیں - مزے مزے کی باتیں - دل لبھانے والی فریب کی باتیں

چکنی ڈلی - ہ - مؤنث - ایک قسم کی چھالیا ❖

چکنیا - ہ - صفت - بانکا - چھیل - چھیلا ❖

چکوا چکوی - ہ - مؤنث - سرخاب کا جوڑا ❖

چکوتا - ہ - مذکر - فیصلہ - بھاؤ کا فیصلہ - چکتا ❖

چکوترا - ہ - مذکر - ایک پھل کا نام ❖

چکور - ہ - مذکر - مؤنث - پہاڑی تیتر ❖

چکھنا - ہ - مزہ لینا ❖

چکھ ڈالنا - ہ - کھا جانا - اڑا جانا ❖

چکھوتی - ہ - مؤنث - چاٹ - چکھوتی - بٹیروں کا دانہ کھانا ❖

چکی - ہ - مؤنث - آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ ❖

چکی ڈرہا - ہ - مذکر - چکی کو گود کر پیسنے کے قابل بنانے والا ❖

چکی ڈرہانا یا اُورانا - ہ - چکی کو گود کر کھردرا کرانا ❖

چکیی - ہ - مؤنث - پھرکی - ایک لکڑی کا کھلونا ❖

چکئی آڑو - ہ - مذکر - گول آڑو ❖

چکیدہ - ف - صفت - ٹپکا ہوا - چوا ہوا ❖

چ گ

چگنا - ہ - پرندوں کا دانہ کھانا - دانہ چننا ❖

چ ل

چِل - ہ - مؤنث - کھجلی ۔
چِل بسنا - ہ - دُنیا سے چلدینا - مر جانا ۔
چَل دُور - دِ چَل - پرے ہٹ - چَل بے - چَل بیں پچھنے - چَل ہوا بن - چَل ہوا ہو } - ہ - محاورہ - سب کے معنے لمبا بن - چلتا پھرتا نظر آ - چلا جا - (دوسرا اور تیسرا عورتوں کا)
چَل نکلنا - ہ - حد سے بڑھ جانا ۔
چَلا چلی یا چَل چلاؤ - ہ - مؤنث - ہلچل - سفر کا ارادہ اور شور - موت پھیلنا ۔
چِلّانا - ہ - چیخنا - غُل مچانا - شور کرنا ۔
چَلانا - ہ - ہانکنا - انتظام کرکے کسی کام کو جاری رکھنا ۔
چِلاؤ - ف - مذکر - بغیر گوشت کا پلاؤ ۔
چَل بچل - ہ - صفت - بے جگہ - اپنی جگہ سے الگ ۔
چلتا پُرزہ - ہ - ا - مذکر - بڑا چالاک اور مکار آدمی ۔
چلت پھرت - ہ - مؤنث - پھرتی اور چالاکی ۔
چلتر - ہ - مذکر - فریب - جال - چال - چھل - بَنا ۔
چلتر بازی - ہ - مؤنث - چالاکی - دھوکہ بازی ۔
چلتہ - ف - مذکر - زِرہ بکتر - ایک قسم کا لڑائی کے وقت کا لباس ۔
چلتی پھرتی چھاؤں - ہ - کہاوت - دنیا کی دولت وغیرہ سے مراد ہے جو ہمیشہ نہیں رہتی آج اُسکے پاس ہے کل دوسرے کے پاس
چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - ہ - ہوتے ہوئے کام میں خلل ڈالنا - چلتے ہوئے کام کو روکنا ۔
چلتی ہوا سے لڑنا - ا - ع - بات بات پر بلاوجہ لڑنا ۔
چلغوزہ - ف - مذکر - ایک قسم کا میوہ ۔
چلم - ف - ہ - مؤنث - آگ اور تمباکو رکھنے کا برتن - جسے حقے کے فوارے پر رکھکر دم لگاتے ہیں ۔
چلم بردار - ف - مذکر - حقہ پلانے والا ملازم ۔
چلم تمباکو - ا - مذکر - تھوڑا سا تمباکو ۔
چلمیں بھرنا - ا - حقہ پلانا - خدمت کرنا ۔
چلمچی - ف - مؤنث - وہ برتن جس میں ہاتھ منہ دھوتے ہیں
چلمن یا چلون - ہ - مؤنث - چک - چق ۔

چلن - ہ - مذکر - چال - ڈھنگ ۔
چلن سے چلنا - ہ - درمیانی درجہ کا خرچ اختیار کرنا ۔
چلنا - ہ - رواج پانا - جاری ہونا - ہلنا ۔
چلّو - ہ - مذکر - ہاتھ کو اس طرح گہرا کرنا جس میں پانی یا اور کوئی پتلی چیز بھر سکیں ۔
چلو میں اُلّو ہونا - ہ - تیز بھنگ یا شراب تھوڑی سی پی کر مدہوش ہو جانا ۔
چلہ - ف - مذکر - چلّا - چالیس دن کا عرصہ - کلاوہ یا ڈورا جو مزار یا تعزیہ میں منت مان کر باندھتے ہیں ۔
چلہ باندھنا - ا - مراد ماننا - منت ماننا ۔
چلہ چڑھانا - ا - تانت کو کمان کے گوشہ پر چڑھانا ۔
چلہ کھولنا - ہ - مراد حاصل ہونے کے بعد منت کا ڈورا کھولنا ۔
چلہ کھینچنا - ا - چالیس روز تک کوئی عمل یا وظیفہ گوشہ میں بیٹھکر پڑھنا ۔

چ م

چمار - ہ - مذکر - چمڑا بنانے والا - موچی ۔
چمار کو عرش پر بھی بیگار - ا - کہاوت - غریب کی ہر جگہ مصیبت ۔
چمبک یا چمک - ہ - مذکر - لوہے کو پکڑنے والا پتھر ۔
چمپا - ہ - مذکر - ایک قسم کا پھول ۔
چمپا کلی - ہ - مؤنث - گلے کے ایک زیور کا نام ۔
چمپت بننا یا چمپت ہونا - ہ - جلدی سے چلا جانا ۔
چمپئی - ہ - صفت - سنہری - سونے یا چمپا کی سی رنگت کا ۔
چمٹا - ہ - مذکر - دست پناہ - آگ پکڑنے کا آلہ ۔
چمٹنا - ہ - چپکنا - پیچھے پڑنا ۔
چمچڑ - ہ - صفت - چیچڑی کی طرح چمٹ جانے والا ۔
چمچمانا - ہ - چمکنا ۔
چمچہ - ف - مذکر - پتلی چیز پینے کا آلہ ۔
چمچی - ا - مؤنث - چھوٹا چمچہ - لقمہ چونہ نکالنے کا ایک چھوٹا سا آلہ

چمرخ - ہ - مؤنث - چمڑے یا مونجھ کی ایک چیز جو چرخے میں ہوتی ہے - دُبلی - پتلی - کمزور عورت +

چمڑا یا چمڑی - ہ - مذکر - مؤنث - کھال +

چمک - ہ - مؤنث - روشنی - جھلک - بھڑک +

چمک چاندنی - ہ - مؤنث (عو) بنی ٹھنی رہنے والی بدوضع عورت +

چمک دار - ف - صفت - چمکیلا - جگمگاتا ہوا +

چمک دمک - ہ - مؤنث - جھلک - رونق - زینت +

چمکارنا - ہ - ولاسا دینا - گھوڑے کی پیٹھ ٹھونکنا - منہ سے پیار کی آواز نکالنا +

چمکنا - ہ - روشنی دینا - کوندنا - رونق پکڑنا +

چمکی - ہ - مؤنث - جھوٹا - مقیش - چھوٹا کام

چمن - ف - مذکر - سبز کیاری - چھوٹا سا باغ +

چمونٹا - ہ - مذکر - وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر نائی استرا صاف کرتے ہیں +

چموٹی - ہ - مؤنث - وہ چمڑا جو قیدیوں کے پیروں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کیلئے لگا دیتے ہیں +

چ ن

چنا - ہ - مذکر - مؤنث - ایک غلہ کی قسم +

چننا - ہ - اکٹھا کرنا - جمع کرنا - سمیٹنا - چھانٹنا - تعمیر کرنا - سجانا - سلیقہ سے رکھنا - چُنٹ ڈالنا +

چنار - ف - مذکر - ایران کے ایک بہت بڑے درخت کا نام

چنان و چنین - ف - مؤنث - ایسی ویسی باتیں بنانا +

چنانچہ - ف - تابع فعل - جیساکہ - جس طرح - اس طرح +

چنائی - ہ - مؤنث - عمارت کی بناوٹ چننے کی مزدوری - عمارت -

چنبر - ف - مذکر - ڈھکنا - گھیرا - گردن +

چنبل - ہ - مؤنث - ایک ندی کا نام جو جمنا میں مل گئی ہے

چنبلی یا چنگلی - ہ - مؤنث - ایک قسم کا چوڑا پیالہ

چنبیلی - ہ - مونث - ایک مشہور پھول اور اسکے پودے کا نام +

چُنٹ - ہ - مؤنث - سلوٹ - اُتو +

چنچل - ہ - صفت - شوخ - شوخ مزاج +

چنچنا - ہ - صفت - چیں چیں کرنے والا بچہ +

چنچنانا - ہ - ٹھنکنا - چیں چیں کرنا +

چُن چُن کے نام رکھنا - ہ - بات بات پر برا کہنا - طرح طرح کے طعنے دینا +

چنچنے - ہ - مذکر - وہ مہین سوت سے کیڑے جو بچوں کے چوتڑوں میں پیٹ کی خرابی سے پڑ جاتے ہیں +

چنچنے لگنا - ہ - برا لگنا +

چند - ف - صفت - کس قدر - کتنے - کئی - کچھ +

چند بار - ا - تابع فعل - کئی مرتبہ - کئی بار +

چند روزہ - ف - صفت - چار دن کا +

چندا - ہ - مذکر - چاند - چاند کی تصغیر - مور کی دُم کا چاند +

چندا ماموں - ہ - مذکر - بچے چاند کو کہتے ہیں +

چنداں - ف - تابع فعل - اس قدر - اتنی - ایسی +

چندر یا چندرما - س - مذکر - چاند +

چندر بنسی - ہ - مذکر - ایک مشہور خاندان کا نام جس میں پانڈو اور کورو ہوئے ہیں +

چندر کلا - ہ - مذکر - چاند کے قطر کا سولھواں حصہ - ایک زیور کا نام جو خاصکر مندروں کی مورتوں کے سر پر بندھتا ہے +

چندرہار - ہ - مذکر - گلے کا ایک زیور +

چندراول - ہ - مذکر - دہلی میں جمنا کے کنارے ایک قصبہ - ایک مشہور گوجری کا نام جس کا قصہ مشہور ہے -

چندن - س - مذکر - صندل - صندل کی لکڑی +

چندواں - ہ - مذکر - ٹوپی کے اوپر کا حصہ - گول ٹوپی کے اوپر کا گزدہ +

چندہ - ف - مذکر - بانٹ - حصہ - جو رقم مختلف آدمیوں سے لیکر کسی کام کے واسطے جمع کیجائے +

چندھا - ہ - صفت - پلک جھڑا - وہ شخص جسکی آنکھیں روشنی نہ دیکھ سکیں +

چُندھی - ہ - مؤنث - ٹکڑا - ذرا ذرا

چَندیا - ہ - مؤنث (عو) - کھوپری

چندیا پر بال نہ چھوڑنا - ہ (عو) سر کے بال تک نہ چھوڑنا لوٹ کے کھا جانا

چندیا کھجانا - ہ - (عو) سر کھجانا - جوتیاں کھانے کو جی چاہنا

چندے آفتاب / چندے ماہتاب } ا - محاورہ - (عو) چاند سورج سے بڑھکر

چنڈال - ہ - صفت - نیچ - کمینہ - کنجوس

چنڈاول - ہ - مذکر - لشکر کی آخری فوج - چوکیدار - پہرے والا

چنڈو - ہ - مذکر - چانڈو - ایک قسم کا نشہ

چنڈو باز - ا - مذکر - چنڈو پینے والا

چنڈول - ہ - مذکر - سکھپال - ڈولا - ایک اچھی آواز کی چڑیا بے ہنگم آدمی

چُنری - ہ - مؤنث - رنگ برنگ کا دوپٹہ - چونری

چَنک - ہ - مؤنث - ایک قسم کی بیماری - پیشاب کی جلن

چَنگ - ف - مؤنث - ایک قسم کا کنکوا - ایک قسم کا باجا

چنگا - ہ - صفت - اچھا - تندرست

چنگاری - ہ - مؤنث - آگ کا پتنگا

چنگاری چھوڑنا / یا چنگی ڈالنا } - ہ - آگ لگانا - جھگڑا کرانا

چنگاریاں چھوٹنا - ہ - آگ کے پتنگے اُڑنا - بہت غصہ ظاہر ہونا

چنگل - ف - مذکر - آدمی یا جانور کا پنجہ

چنگھاڑ مارنا یا چنگھاڑنا - ہ - ہاتھی کا چیخ مارنا - دیو کا چیخنا - مور کا آواز نکالنا

چُنگی - ہ - مؤنث - چٹکی - چٹکی بھر - محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا ہے

چنگیر - ہ - مؤنث - پھولوں کی ٹوکری

چُنندہ - ا - مذکر - عمدہ - چھٹا ہوا - چُنا ہوا

چَنور - ہ - مذکر - چوری - مور چھل

چُنیا گوند - ہ - مذکر - ڈھاک کا گوند

چ و

چَوا - ہ - مذکر - گنجیفہ کا وہ پتہ جس پر چار نقطے ہوں - چار ڈھیریاں

چَوالیس - ہ - صفت - چار اوپر چالیس - ۴۴

چُوانا - ہ - ٹپکانا - نچوڑنا

چُواؤ - ہ - مذکر - رساؤ - ٹپکاؤ

چوب - ف - مؤنث - لکڑی - چھڑی - شامیانے یا ڈیرے کی لکڑی - باجہ بجانے کی لکڑی - آنکھ کی چوٹ

چوبا - ا - مذکر - سیخ - کھونٹا

چوبا - ہ - مذکر - چاروں ویدوں کا عالم - متھرا کے برہمنوں کی ایک قوم جو بہت سا کھاتے ہیں

چوبارا - ہ - مذکر - کوٹھا - مکان کے اوپر کا وہ کمرہ جس کے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوں

چوبائی - ہ - مؤنث - چوطرفی ہوا

چوبچہ - ا - مذکر - چھوٹا حوض - گندے پانی کا گڑھا

چوب چینی - ف - مؤنث - ایک مشہور دوا کا نام

چوبدار - ف - مذکر - ایک خدمتگار جس کے ہاتھ میں چاندی منڈھا ہوا سونٹا رہتا ہے

چوبدستی - ف - مؤنث - چھڑی

چوبغلا - ا - مذکر - انگرکھے کے بغل کے نیچے کا حصہ

چوبندی - ہ - مؤنث - نعلبندی - خراج

چوبولا - ہ - مذکر - ہندی کا گیت - چار مصرعوں کا گیت

چوبی - ف - صفت - لکڑی کا بنا ہوا

چوبیس - ہ - صفت - چار اوپر بیس - ۲۴

چوپایا - ا - مذکر - چار پایہ - چار پاؤں کا جانور

چوپال - ہ - مؤنث - بیٹھک

چوپائی یا چوپئی - ہ - مؤنث - رُباعی - چار مصرعوں کی نظم

چوپٹ - ہ - صفت - چاروں دروازے کھلے ہوئے - کھلا ہوا اندھا

چوپٹ کرنا - ہ - اُجاڑنا - لُوٹنا

چوپڑ - ہ - مؤنث - چوسر - پچیسی ٭
چوپڑ کا بازار - ا - مذکر - وہ بازار جسکے چاروں طرف دوکانیں ہوں ٭
چوپہلا - ا - مذکر - ڈولا ٭
چوپھلا - ہ - صفت - وہ چاقو جس میں چار پھل ہوں ٭
چوپہل - ہ - صفت - چار پہلو کی - چوکور ٭
چوتارا - ا - مذکر - چار تار کا بنا ہوا ایک قسم کا باجا - باجے کے ایک اوزار کا نام ٭
چوتالا - ہ - مذکر - طبلہ بجانے کا ایک ڈھنگ ٭
چوترا - ہ - مذکر - گولا - پیٹھا ٭
چوتھ - ہ - مؤنث - چوتھا حصہ - چوتھائی ٭
چوتھا - ہ - صفت - جس پر چار کی گنتی ختم ہو ٭
چوتھی - ہ - مؤنث - بیاہ کی ایک رسم ٭
چوتھی کھیلنا - ہ - چوتھی کے روز دولہن کے گھر جاکر چھڑیوں سبز ترکاری اور میووں سے لڑنا ٭
چوتھے یا پانچویں - ہ - تابع فعل - کبھی کبھی ٭
چوتہی - ہ - مؤنث - ایک قسم کا سوتی بستر جس کو چار تہیں کرکے بچھاتے ہیں ٭
چوتھیا - ہ - مذکر - چوتھے روز کا بخار - نمبردار - زمیندار ٭
چوتیا - ہ - مذکر - بے وقوف ٭
چوٹ - ہ - مؤنث - مار - طعن - وار - چال - نقصان ٭
چوٹ آنا - ا - چوٹ لگنا - صدمہ پہنچنا - طعن مارنا ٭
چوٹ بچانا - ہ - خالی دینا - دوسرے کی مار سے بچنا
چوٹ چلنا - ہ - وار چلنا - وار کرنا - طعنہ دینا - لڑنا - داؤں کرنا ٭
چوٹ کرنا - ہ - منہ مارنا - کاٹنا - ڈسنا - وار کرنا - داؤں کرنا - دھوکا دینا - طعنہ دینا ٭
چوٹا یا چوٹر - ہ - مذکر - چور - اُچکا ٭
چوٹی - ہ - مؤنث - چونڈا - سر کے بال - اونچا - کلغی طرہ - پرندوں کے سر کے اُبھرے ہوئے پر - چھٹا ہوا ٭

چوٹی رکھنا - ا - مسلمانوں میں منت کے بال سر پر رکھنا
چوٹی کا - ہ - صفت - عمدہ - اعلےٰ - بڑھیا - چھٹا ہوا ٭
چوٹی کرنا یا گوندھنا - ہ - بال گوندھنا - بال سنوارنا
چوٹی والا - ہ - مذکر - بھوت - ہمزاد ٭
چوچلا یا چونچلا - ہ - مذکر - ناز - نخرہ - لاڈ - پیار ٭
چوچلا بگھارنا - ا - ناز کرنا - نخرہ کرنا ٭
چوچند - ا - صفت - چار حصے - چوگنا ٭
چوچی - ہ - مؤنث - عورت کی چھاتی ٭
چودس - ہ - مؤنث - چاند کی چودھویں تاریخ ٭
چودہ - ہ - صفت - دس اور چار - ۱۴ ٭
چودہ بدیا - ہ - مونث - چودہ علم - یا چودہ کتابیں - (چار وید - چھے انگ اور چار ا دھرم - (۲) میما نسا - (۳) نیائے - (۴) پران ٭
چودھرات - ہ - مؤنث - چودھری کا عہدہ - نمبرداری سرداری - چودھری پنے کا حق یا فیس ٭
چودھری - ہ - مذکر - نمبردار - مقدم - سردار ٭
چودھویں - ہ - صفت - جس چیز کی گنتی چودہ پر ختم ہو
چودھویں رات کا چاند - ہ - مذکر - پورنماسی کا چاند پورا چاند ٭
چور بالو - ہ - مذکر - دلدل - جھلا ٭
چور بدن - ا - مذکر - وہ بدن جسکی مٹائی دیکھنے سے نہ معلوم ہو مگر ناپنے سے اندازہ سے زائد نکلے ٭
چور بیٹھنا - ہ - بدگمانی ہونا - خوف ہونا - بُرائی جمنا ٭
چور تالا - ہ - مذکر - بے معلوم قفل ٭
چور خانہ - ا - مذکر - صندوقچہ کا وہ خانہ جو معلوم نہ ہوتا ہو چھپی ہوئی جگہ - چھپا ہوا مکان ٭
چور دروازہ - ا - مذکر - وہ دروازہ جو خاص آدمیوں کے سوا کسی کو معلوم نہ ہو ٭
چور کی داڑھی میں تنکا - ہ - کہاوت - جہاں گڑھا ہوتا ہے وہیں پانی ہوتا ہے ٭
چور محل - ا - مؤنث - وہ بیوی جو بیاہتا نہ ہو ٭

چُور - ہ - مذکر - ریزہ ریزہ - متوالا ۔

چُورا - ہ - مذکر - برادہ - پیسا کوٹا ۔

چوراسی - ہ - صفت - چار اوپر اسی - ۸۴ ۔

چورانوے - ہ - صفت - چار اوپر نوے - ۹۴ ۔

چوراہا - ہ - مذکر - وہ جگہ جہاں سے چار طرف کو ایک ایک راستہ جاتا ہو ۔

چورس - ہ - صفت - ہموار - برابر - چوکور - چوکھونٹا

چورسائی - ہ - مؤنث - ہمواری - برابری ۔

چُورما - ہ - مذکر - ملیدہ ۔

چُورن - ہ - مذکر - چٹکی - پھنکی - ایک سفوف جو بدہضمی کے واسطے بنایا جاتا ہے ۔

چُورنا - ہ - ٹکڑے ٹکڑے کرکے گھی - دودھ یا کسی اور چیز میں ڈبونا ۔

چُورنگ - ف - مذکر - تلوار کی کاٹ کا امتحان - تلوار کے ایک قسم کے ہاتھ کی مشق - وہ چیز جس پر تلوار کا ہاتھ صاف کریں ۔

چُورنگ کاٹنا - تلوار سے ایک وار میں چار ٹکڑے کرنا ۔

چوری - ہ - مؤنث - کوئی چیز چھپا کر لینا ۔

چوری اور چترائی - ہ - محاورہ - ایک تو چوری کرنا اور پھر سے باتیں بنانا ۔

چوری اور سر زوری یا
چوری اور سینہ زوری - ہ - کہاوت - سرکشی کے ساتھ چوری کرنا - اپنے قصور پر شرمندہ نہ ہو کر الٹا دوسرے کو قصوروار ٹھہرانا ۔

چوری کا گڑ میٹھا - ہ - کہاوت - مفت کا مال سب کو بھاتا ہے ۔

چوڑا - ہ - صفت - چکلا - پھیلا ہوا - کھلا ہوا ۔

چُوڑا - ہ - مذکر - بھنگی - مہتر ۔

چوڑان - چوڑاؤ یا چوڑائی - ہ - مؤنث - چوڑائی - پھیلاؤ - چکلان ۔

چُوڑی - ہ - مؤنث - لاکھ - کانچ - سونے چاندی وغیرہ کے حلقے جو عورتیں ہاتھوں میں پہنتی ہیں - پیچ جو کسی پرزے میں کٹے ہوئے ہوں ۔

چوڑی دار پائجامہ - ف - مذکر - وہ تنگ پائجامہ جس کی موریاں لمبی ہونے کی وجہ سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑتی ہیں

چوڑیاں بڑھانا - ہ - چوڑیاں اتار کر رکھنا ۔

چوڑیاں پہننا - ہ - ہاتھوں میں چوڑیاں ڈالنا - عورت بن کر پردہ میں بیٹھنا - نامردی اختیار کرنا ۔

چوڑیاں ٹھنڈی کرنا - ہ - عورت کا غصے میں یا خاوند کے مرنے پر چوڑیاں توڑنا ۔

چوزہ - ف - مذکر - مرغی کا بچہ - پٹھا ۔

چوسٹھ یا چونسٹھ - ہ - صفت - ساٹھ اور چار - ۶۴ ۔

چوسر - ہ - مؤنث - پچیسی - چوپڑ ۔

چوسنا - ہ - جذب کرنا - پینا ۔

چوغہ - ت - مذکر - عبا - جبہ - لبادہ ۔

چُوک - ہ - مؤنث - بھول - خطا - سہو - قصور - غلطی

چوک - ہ - مذکر - چوکور - چوکھونٹا میدان - وہ بازار جس کے چار راستے ہوں ۔

چوکا - ہ - مذکر - سامنے کے چار دانت - چوکور پتھر - ہندوؤں کے کھانا پکانے اور کھانے کی جگہ ۔

چوکا - ہ - مذکر - ایک قسم کے کھٹے ساگ کا نام ۔

چوکر - ہ - صفت - بھوسی - چوکھر ۔

چوکڑی - ہ - مؤنث - ہرن کی پھلانگ - چار گھوڑوں کی بگھی ۔

چوکڑی بھرنا - ہ - ہرن کا کلانچیں مارنا ۔

چوکڑی بھول جانا - ہ - سٹ پٹا جانا - گھبرا جانا ۔

چوکس - ہ - صفت - ہوشیار - تول میں پورا ۔

چوکسی - ہ - مؤنث - خبرداری - نگہبانی ۔

چُوکنا - ہ - بھولنا - غلطی کرنا - باز آنا ۔

چوکنا یا چونکنا - ہ - ڈرنا - نیند میں اچھل پڑنا - بدکنا - بھڑکنا ۔

چوکنا - ہ - صفت - ہوشیار - سمجھ دار ۔

چوکنا ہونا - ہ - ہوشیار ہونا - بدکنا - بھڑکنا - تیز ہونا ۔

چوکور۔ ہ۔ صفت۔ چوکھونٹا ◆

چوکھا۔ ہ۔ صفت۔ خالص۔ کھرا۔ اچھا ◆

چوکھٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ دہلیز۔ دروازہ کی وہ چار لکڑیاں
جن میں کواڑ لگائے جاتے ہیں ◆

چوکھٹا۔ ہ۔ مذکر۔ آئینہ کا گھر۔ تصویر کا فریم ◆

چوکھونٹ۔ ہ۔ مذکر۔ چاروں طرف۔ چودیس۔ دنیا۔
عالم۔ (تابع فعل۔) ہر طرف۔ ہر سمت ◆

چوکھونٹا۔ ہ۔ صفت۔ چوکور۔ چوپہلی ◆

چوکی۔ ہ۔ مونث۔ چھوٹا تخت۔ کرسی۔ پہرا۔ پاسبانی
اسٹیشن۔ پڑاؤ۔ خدمت۔ سیوا۔ بیز۔ موکل۔ جادو ◆

چوکی بٹھانا۔ ہ۔ پہرا بٹھانا۔ حراست میں رکھنا۔ جادو کرنا
بیر بٹھانا ◆

چوکی پر جانا۔ ہ۔ پیچانے جانا ◆

چوکی خانہ۔ ا۔ مذکر۔ وہ مکان جہاں رئیسوں کے درباری
اپنی اپنی حاضری کے وقت آکر بیٹھتے ہیں ◆

چوکیدار۔ ا۔ مذکر۔ پاسبان۔ محافظ ◆

چوکیدارا۔ ہ۔ مذکر۔ چوکیداروں کا ٹیکس ◆

چوکیداری۔ ا۔ مؤنث۔ پاسبانی۔ نگہبانی ◆

چوگا۔ ہ۔ مذکر۔ پرندوں کی غذا۔ دانہ ◆

چوگا بدلنا۔ ہ۔ دانہ بدلی کرنا۔ خوراک بدلنا ◆

چوگان یا چوغان۔ ف۔ مذکر۔ گیند کا بلا۔ گلی ڈنڈا
ایک قسم کا گیند کا کھیل۔ پولو۔ نقارے کی چوب ◆

چوگڈا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ مقام جہاں چار گاؤں کی حدیں
ملیں۔ چار گنگوؤں کا گچھا۔ عام چار چیزوں کا میل ◆

چوگرد۔ ا۔ تابع فعل۔ چاروں طرف۔ آس پاس ◆

چوگلا۔ ا۔ مذکر۔ چار پتیوں کا پھول ◆

چوگنا۔ ہ۔ صفت۔ چار حصے۔ چوچند ◆

چوگوشیا۔ ہ۔ مذکر۔ چار گوشہ کی ٹوپی۔ ترکی گھوڑا ◆

چوگھڑا۔ ہ۔ مذکر۔ چار خانوں کا بکس۔ بچوں کے
کھیلنے کا ایک چار خانوں کا برتن۔ چار خانوں کی وہ ٹنی
جس پر چار ٹھلیاں یا مٹکیاں ساچق۔ شادی بیاہ میں

رکھی جاتی ہیں ◆

چول۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ چھید جس میں کواڑ پھرتا ہے۔
لکڑی کا وہ سرا جو دوسری لکڑی میں داخل کیا جائے ◆

چولا۔ ہ۔ مذکر۔ جسم۔ قالب ◆

چولا بدلنا۔ ہ۔ ایک جسم سے دوسرے جسم میں چلا جانا ◆

چولا چھوڑنا۔ ہ۔ مرنا ◆

چولائی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا ساگ ◆

چولہا۔ ہ۔ مذکر۔ آگ رہنے کی جگہ ◆

چولہا پھونکنا۔ ہ۔ آگ سلگانا۔ روٹی پکانا ◆

چولھے آگ نہ گھڑے پانی۔ ہ۔ کہاوت۔ اُس
مفلس کے حق میں بولتے ہیں جسے کھانے پینے کو میسر نہ ہو

چولھے میں پڑے یا } ہ۔ محاورہ۔ دھواں آگ لگے
چولھے میں جائے } جل جائے۔ بلا سے۔ ہمیں پروا نہیں

چولی۔ ہ۔ مؤنث۔ انگرکھے کا دامن سے اوپر کا حصہ
اوپر کے دھڑ کا حصہ۔ انگیا ◆

چولی دامن کا ساتھ۔ ا۔ محاورہ۔ ہمیشہ رہنے والا
اور پرانا ساتھ ◆

چولیں ڈھیلی ہونا۔ ہ۔ تھک کر چور۔ چور رہو جانا ◆

چوما چاٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ چومنا ◆

چوماسا۔ ہ۔ مذکر۔ برسات ◆

چوم چاٹ کے چھوڑنا۔ ہ۔ قبضہ سے باہر چیز دیکھ کر
بوسہ دیکر چھوڑ دینا ◆

چومکھا۔ ہ۔ صفت۔ چار منہ کا۔ چار بتی کا چراغ۔ پٹے
بازی کا ایک ہاتھ۔ زبان یا ہاتھ سے چار سے لڑنے والا

چومکھی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک دبی کا نام۔ ایک درخت کے
بیج کا نام ◆

چومنا۔ ہ۔ کسی چیز کو ادب سے بوسہ دینا۔ بوسہ لینا ◆

چومنا چاٹنا۔ ہ۔ پیار کرنا ◆

چومیخا کرنا۔ ا۔ چاروں ہاتھ پاؤں
میخوں سے باندھ کر سزا دینا ◆

چون کرنا۔ ہ۔ اُف کرنا۔ چپ چاپ کوئی کام کر دینا ◆

چَوّن - ہ - صفت - چار اوپر پچاس - ۵۴ ٭

چُونا - ہ - مذکر - قلعی - سفیدی - بہت گھٹا ٭

چُونا لگانا - ہ - زک دینا - ذلیل کرنا - چکمہ دینا ٭

چَونتیس - ہ - صفت - تیس اور چار - ۳۴ ٭

چونچ - ہ - مؤنث - پرندوں کا منہ - بے وقوف ٭

چونچال - ہ - صفت (عو) ہوشیار - چالاک ٭

چُوں چُوں - ہ - مؤنث - چڑیوں کی آواز - گاڑی کی آواز

چوندھیانا - ہ - روشنی کے اثر سے آنکھوں پر اندھیرا چھانا
چکاچوند ہونا ٭

چونڈا - ہ - مذکر - عو - جوڑا - چوٹی - سر ٭

چونری - ہ - مونث - مور چھل ٭

چونسٹھ - ہ - صفت - چار اوپر ساٹھ - ۶۴ ٭

چونسٹھ کھمبا - ہ - مذکر - دہلی کی دو مشہور عمارتوں کا نام

چونکنا یا
چونک اٹھنا یا
چونک پڑنا } ہ - سوتے سوتے جاگ پڑنا - بدکنا - بھڑکنا کودنا - ہوشیار ہونا - جاگنا - چوکنا ہونا گھبرانا - حیرت میں ہونا ٭

چونکہ - ف - حرف شرط - کیونکہ - اسلئے کہ - اسواسطے کہ ٭

چون وچرا - ف - مذکر - حیل وحجت - بحث وتکرار - ردوبدل

چونی - ہ - مؤنث - دال کا برادہ - وہ موٹا موٹا آٹا جو دال
دلنے میں نکلتا ہے ٭

چُونی بھی کہے مجھے گھی سے کھاؤ - ہ - کہاوت - ادنے آدمی
بھی بڑوں کی برابری کرنے لگا - اپنی لیاقت سے بڑھ کر
تعظیم چاہنا ٭

چوَنّی - ہ - مؤنث - چار آنے کا سکہ - روپیہ کا چوتھا حصہ ٭

چُوہا - ہ - مذکر - موسا - گھونس - ناک کا میل ٭

چوہان - ہ - مذکر - راجپوتوں کی ایک ذات ٭

چوہرا - ہ - مذکر - چار تہے - چارتا ٭

چوہتر - ہ - صفت - چار اوپر ستر - ۷۴ ٭

چوہٹا - ہ - مذکر - چوک - وہ بازار جس کے چاروں طرف
راستہ ہو ٭

چوہڑا - ہ - مذکر - بھنگی - حلال خور ٭

چُوہیا - ہ - مؤنث - چوہے کی مادہ ٭

چوہیا سے دانت - ہ - مذکر - چھوٹے چھوٹے دانت ٭

چوہے کا بچہ بھی نہ ہوتا - ہ - نام کو اولاد نہ ہونا ٭

چوہے دنتی - ہ - مونث - ایک زیور کا نام جس کے
دانے چوہے کے دانتوں کی طرح ہوتے ہیں ٭

چہبّا - ہ - مذکر - ندی کے پاس کا وہ گڑھا جس میں پانی بھر بھر
کر ٹھہر جائے ٭

چ ہ

چہ - ف - حرف استفہام - کیا ٭

چہ خوش - ف - کلمۂ طنز - کیا خوب - واہ کیا کہنا - کیا
بات ہے ٭

چہ خوش چرا نباشد - ف - کلمۂ طنز - ہاں کیوں نہ ہو
کیا کہنے ہیں ٭

چہ معنی - ف - ع - استفہام - کیا باعث - کیوں - کیا بات
کیا وجہ ٭

چہ معنی دارد - ف ع - استفہام - کیا سبب ہے - کیا وجہ -

چہ - ف - مذکر - چاہ کا مخفف - کنواں - گڑھا ٭

چھ - ہ - صفت - تین اور تین ٭

چھاپ - ہ - مؤنث - مہر - ٹھپا - نشان - علامت ٭

چھاپا - ہ - مذکر - مہر - ٹھپا - چھاپنے کا آلہ ٭

چھاپا مارنا - ہ - رات کو دشمن کی فوج پر حملہ کرنا ٭

چھاپنا - ہ - مہر کرنا - ٹھپا اٹھانا - طبع کرنا ٭

چھاپا خانہ - ا - مذکر - چھاپنے کا کارخانہ ٭

چھاتی - ہ - مؤنث - سینہ - چوچی - حوصلہ - سخاوت ٭

چھاتی امنڈ آنا - ہ - عو - دل بھر آنا - درد یا غم کے باعث
رونا آ جانا ٭

چھاتی بھر آنا - ہ - عو - رحم آنا - دل گڑھنا - چھاتی میں
دودھ بھر آنا ٭

چھاتی بھر جانا - ہ - گھوڑے یا بیل کے سینہ میں خون کا
اکٹھا ہو جانا ٭

چھاتی بیٹھ جانا۔ ہ۔ کھانسی یا زکام سے آواز بھاری پڑ جانا
چھاتی پتھر بنجانا یا ہونا۔ ہ۔ عو۔ دل کا سخت ہو جانا
رحم نہ آنا +
چھاتی پر پتھر رکھنا۔ ہ۔ عو۔ دل سخت کرنا۔ صبر کرنا +
چھاتی پر پھرنا۔ ہ۔ عو۔ ہر وقت یاد آنا +
چھاتی پر چڑھکر ڈھائی چلّو لہو پینا۔ ہ۔ عو۔ سخت
سزا دینا۔ جان سے مار ڈالنا +
چھاتی پر دھر کر لیجانا۔ ہ۔ عو۔ مال و دولت اپنے ساتھ
قبر میں لیجانا +
چھاتی پر سانپ پھر جانا۔ ہ۔ عو۔ رشک آنا۔ رشک
گذرنا +
چھاتی پر سانپ لوٹنا۔ ہ۔ عو۔ افسوس آنا۔ رنج ہونا +
چھاتی پر مونگ دلنا۔ ہ۔ عو۔ رشک دلانا +
چھاتی پک جانا۔ ہ۔ عو۔ چوچی میں زخم ہو جانا۔ ان سے
تنگ ہو جانا۔ غم کھاتے کھاتے اُکتا جانا +
چھاتی پکڑ کر رہ جانا۔ ہ۔ عو۔ دل موس کر رہجانا۔ دل
ہی دل میں غم و افسوس کر کے بیٹھ رہنا +
چھاتی پھٹنا۔ ہ۔ عو۔ دل پر سخت صدمہ گذرنا +
چھاتی پیٹنا۔ ہ۔ ماتم کرنا۔ رونا پیٹنا +
چھاتی پر بال ہونا۔ ہ۔ بہادری رحمدلی اور سخاوت کی
علامت ہونا۔ مروّت کا نشان ہونا +
چھاتی تکے رہنا۔ ہ۔ پاس رہنا۔ آنکھوں کے سامنے رہنا
چھاتی ٹھکنا۔ ہ۔ اطمینان ہونا۔ تسلی ہونا +
چھاتی ٹھنڈی کرنا۔ ہ۔ عو۔ دل خوش کرنا۔ اپنی دشمنی
نکالکر خوش ہونا۔ غصّہ نکالنا۔ ارمان نکالنا +
چھاتی ٹھنڈی ہونا۔ ہ۔ عو۔ دل خوش ہونا۔ ارمان نکلنا
چھاتی ٹھونکنا۔ ہ۔ عو۔ اطمینان کرنا۔ دل مضبوط کرنا +
چھاتی جلانا۔ ہ۔ عو۔ دل جلانا۔ رنج دینا۔ صدمہ دینا +
چھاتی جلنا۔ ہ۔ عو۔ سینہ میں جلن ہونا۔ غم یا رشک
سے دل جلنا +
چھاتی چھلنا یا چھلنی ہو جانا۔ ہ۔ عو۔ غم سے دل ٹکڑے

ہو جانا +
چھاتی دھڑکنا۔ ہ۔ عو۔ دل کا ہلنا۔ خوف چھانا۔ دل گھبرانا
چھاتی دینا۔ ہ۔ عو۔ بچے کے منہ میں چوچی دینا +
چھاتی سراہنا۔ ہ۔ عو۔ صبر اور برداشت کی تعریف کرنا
چھاتی سے لگا کر رکھنا۔ ہ۔ عو۔ بہت پیار سے رکھنا
چھاتی سے لگانا۔ ہ۔ عو۔ محبت کے جوش میں سینہ سے
چمٹانا۔ گلے سے لگانا۔ پیار کرنا +
چھاتی سے پتھر ٹلنا۔ ہ۔ دل کا بوجھ دور ہونا۔ بیٹی کا
بیاہا جانا +
چھاتی کا پتھر یا پہاڑ۔ ہ۔ صفت۔ دل کا غم۔ دل کا بوجھ
چھاتی مسوسنا۔ ہ۔ افسوس کرنا۔ دل پکڑ کر رہجانا +
چھاتی نکالکر چلنا۔ ہ۔ اکڑ کر چلنا۔ سینہ تان کر چلنا +
چھاج۔ ہ۔ مذکر۔ سوپ۔ غلہ پھٹکنے کا اوزار +
چھاج سی داڑھی۔ ہ۔ مؤنث۔ بڑی اور چوڑی داڑھی
چھاجوں مینہ برسنا۔ ہ۔ بہت سخت بارش ہونا +
چھاچھ۔ ہ۔ مؤنث۔ مٹھا۔ چھا
چہار۔ ف۔ صفت۔ چار۔ ۴ +
چہار چند۔ ف۔ صفت۔ چوچند۔ چوگنا چار حصے +
چہارم۔ ف۔ صفت۔ چوتھا۔ چوتھائی
چھاگل۔ ہ۔ مؤنث۔ مشکیزہ چھوٹی سی مشک۔ پکھال
پیروں کے ایک زیور کا نام +
چھال۔ ہ۔ مؤنث۔ بکل۔ درخت کے اوپر کا پوست +
چھالا۔ ف۔ مذکر۔ آبلہ۔ پھلکا۔ پھپھولا +
چھالیا۔ ہ۔ مؤنث۔ سپاری۔ کیلی +
چھاں۔ ہ۔ مؤنث۔ سایہ۔ چھاؤں +
چھانا۔ ہ۔ پاٹنا۔ پھونس یا کھپرے سے ڈھکنا۔ غالب
ہونا۔ گھر آنا +
چھان بین۔ ہ۔ مؤنث۔ عو۔ تحقیق۔ دریافت۔ کھوج +
چھانٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ کترن۔ ریزے۔ کتر بیونت کاٹ
وضع۔ انتخاب۔ ریزگی۔ چھیچھڑے +
چھانٹن یا چھانٹا۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ چیز جو چھانٹنے سے

بچ رہے - کترن - ریزگی - جھاڑن - چھانٹا ہوا ٭

چھانٹنا - ہ - چُننا - انتخاب کرنا - پسند کرنا - کاٹنا ٭

چھانڈا - ہ - مذکر - حصہ - بخرہ - بھاجی ٭

چھانس - ہ - مؤنث - چھلن - بھوسی - بور ٭

چھان ڈالنا یا مارنا - ہ - ڈھونڈھ ڈالنا - دیکھ ڈالنا ٭

چھاننا - ہ چھلنی میں آٹا نکالنا - صاف کرنا - نتھارنا ٭

چھاؤں - ہ - مؤنث - سایہ - چھان - پرچھاواں - روشنی

چھاؤنی - ہ - مؤنث چھاؤں کرنے کی چیز - چھپر - کھپریل - کیمپ

چھاؤنی چھانا - یا ڈالنا - ہ - چھپر یا کھپریل ڈالنا - رہ پڑنا
کیمپ ڈالنا - فوج رکھنا ٭

چھائیاں - ہ - مؤنث - چھائیاں - وہ سیاہ داغ جو آدمی کے
چہرے پر پڑ جاتے ہیں ٭

چھائیں چھائیں - ہ - تابع فعل - عو - توبہ خدا کرے -
خدا بچائے - جن و پری - بھوت - پریت ٭

چھائیں مائیں - ہ - مؤنث - بچوں کا ایک کھیل ٭

چھب - ہ - مؤنث - آرائش - زیبائش - ناز و انداز -
خوبصورتی - گات - جسامت ٭

چھب تختی - ا - مؤنث - عو - سینے اور جسم کی خوبصورتی

چھبڑا - ہ - مذکر - ٹوکرا - چھبیا - جھلی ٭

چھ بندکیا یا چھ بندا - ہ - مذکر - ایک زہریلے جانور کا
نام جسکی پیٹھ پر چھ بندکیاں ہوتی ہیں ٭

چھبیس - ہ - صفت - چھ اور بیس - ۲۶ ٭

چھبیلا - ہ - صفت - چھب والا - رنگیلا - خوبصورت ٭

چھپ چھپ - ہ - مؤنث - پانی پر ہاتھ مارنے کی آواز
پانی منہ پر ڈالنے کی آواز ٭

چُھپا - ہ - مذکر - پوشیدہ - جو معلوم نہ ہو - گپت ٭

چُھپا رُستم - ہ - مذکر - چھپا ہوا فنی یا ہنر میں کامل - وہ کامل
جسکا حال لوگوں کو معلوم نہ ہو - چپ بدمعاش چھپا بدذات ٭

چھپاکا - ہ - مذکر - پانی کے منہ پر ڈالنے کی آواز - چھپکا ٭

چُھپانا - ہ - ڈھانپنا - ڈھانکنا - پوشیدہ کرنا ٭

چھپائی - ہ - مؤنث - چھاپنے کی مزدوری - چھاپا ٭

چھپٹی - ہ - مؤنث - لکڑی کی چھیلن جو کچھ کام بنانے
میں نکلتی ہے - (صفت) پتلا - دُبلا ٭

چھپر - ہ - مذکر پھونس کی چھت - بوجھ - باڑ ٭

چھپر بند - ہ - مذکر - گھرامی - چھپر بنانے والا ٭

چھپر پر پھونس نہ ہونا - ہ - بہت مفلس و غریب ہونا

چھپر پر رکھنا - ہ - الگ کرنا - چھوڑ دینا - خاطر میں نہ
لانا - طاق پر رکھنا ٭

چھپر پھاڑ کر دینا - ہ - غیب سے دینا - گھر بیٹھے دینا ٭

چھپر چھانا - ہ - چھپر ڈالنا - چھانا ٭

چھپر رکھنا - ہ - احسان کا بوجھ رکھنا - بڑا بھاری احسان
کرنا - بوجھ رکھنا - الزام رکھنا ٭

چھپر کھٹ - ہ - مذکر - مسہری - پلنگ جس کے اوپر چھتری ہو

چھپکا - ہ - مذکر - پانی کا چھینٹا - تڑیڑا - ایک زیور کا نام

چھپکلی - ہ - مؤنث - ایک مشہور عام رینگنے والا جانور -
جو اکثر دیواروں پر ہوتا ہے - دُبلی پتلی عورت ٭

چھپن - ہ - صفت - چھ اوپر پچاس - ۵۶ ٭

چُھپنا - ہ - پوشیدہ ہونا - بچنا - ڈوبنا - غائب ہونا ٭

چھپنا - ہ - طبع ہونا - مُہر لگنا - عکس اُترنا - چھاپا لگنا ٭

چھت - ہ - مؤنث - پٹاؤ - سائبان - کوٹھا - چھت گیری

چھت پٹنا یا پڑنا - ہ - سائبان کا مکان کے اوپر چھا جانا

چھتا - ہ - مذکر - پٹا ہوا راستہ - کُمہال کی مکھیوں یا بھڑوں
کا گھر - گروہ - ٹھٹ - گُچھا ٭

چھتر - ہ - مذکر - بڑا چھاتا - بادشاہ کے سر کی چھتری -
شامیانہ ٭

چھتراؤ - ہ - مذکر - بکھیر - تتر بتر ہونا ٭

چھتری - ہ - مؤنث - چھوٹا چھاتا - کبوتروں کے بیٹھنے
کا ٹھٹر - ڈول کے اوپر کا ٹھٹر - سماد ٭

چھت گیری - ا - مؤنث - وہ کپڑا جو چھت کے نیچے
لگا دیتے ہیں ٭

چھتیانا - ہ - بندوق کی شست باندھنا ٭

چھتیس - ہ - صفت - چھ اور تیس - ۳۶ ٭

چھتیسا۔ ہ۔ صفت۔ ع۔ چھتیس ہنر والا۔ چھٹا ہوا۔ بہت تجربہ کار ٭

چھٹ۔ ہ۔ حرفِ استثنا۔ چھوٹا ہوا۔ علیحدہ۔ جدا ٭

چھٹ بھیّا۔ ہ۔ مذکر۔ چھوٹا دوکاندار۔ نیچ قوم کا۔ اوسط درجہ کا ٭

چھٹ پن یا چھٹ پنا۔ ہ۔ مذکر۔ بچپن۔ لڑکپن۔ بالپن ٭

چھٹا۔ ہ۔ صفت۔ چھواں۔ چھے سے نسبت رکھنے والا ٭

چھٹانک۔ ہ۔ مؤنث۔ سیر کا سولھواں حصہ۔ پانچ تولہ ٭

چھٹکارا۔ ہ۔ مذکر۔ رہائی۔ خلاصی۔ فرصت۔ مہلت ٭

چھٹکنا۔ ہ۔ بکھرنا۔ پھیلنا۔ تتر بتر ہونا۔ روشنی ہونا ٭

چھٹنا۔ ہ۔ صاف ہونا۔ دبلا ہونا۔ گھٹنا۔ چنا جانا۔ ترشنا

چھٹنا۔ ہ۔ چھوٹنا۔ رہا ہونا۔ آزاد ہونا۔ پیٹ چلنا ٭

چھٹی۔ ہ۔ صفت۔ چھے سے نسبت رکھنے والی۔ بچہ پیدا ہونے کے چھ روز بعد کی ایک رسم ٭

چھٹی کا دودھ یاد آنا۔ ہ۔ سخت مصیبت پڑنا ٭

چھٹی کا راجا۔ ہ۔ مذکر۔ پوتڑوں کا امیر۔ ہمیشہ کا رئیس

چھٹی کا کھایا نکلنا۔ ہ۔ سب آرام مصیبت سے بدل جانا پچھلے عیش و آرام کی کسر نکلنا ٭

چھٹی ملی۔ ہ۔ محاورہ۔ چلو فراغت پائی۔ خوب چھوٹے ٭

چھٹے چھماہے۔ ہ۔ تابع فعل۔ کبھی کبھی۔ بھولے چوکے

چھٹیاں۔ ہ۔ مؤنث۔ نقالوں بھانڈوں کے چٹکلے۔ لطیفے

چھجا۔ ہ۔ مذکر۔ چھت کا آگے بڑھا ہوا حصہ۔ انگریزی ٹوپی کا اگلا حصہ ٭

چھچھڑا۔ ہ۔ مذکر۔ گوشت کا نکما اور پتلا حصہ۔ چھیچھڑا

چھچھکارنا۔ ہ۔ کتّے کو پیچھے لگانا۔ ملامت کرنا ٭

چھچھے دار پگڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ طُرّے دار پگڑی ٭

چہچہا۔ ہ۔ مذکر۔ خوش آوازی۔ پرندوں کا شوق میں آکر بولنا ٭

چہچہانا۔ ہ۔ چہکنا۔ خوشی میں آکر بولنا۔ خوش آوازی سے باتیں کرنا ٭

چھچھورا۔ ہ۔ صفت۔ چھلا۔ لترا۔ پیٹ کا ہلکا۔ کم ظرف بچوں کی سی عادت والا۔ اوچھا ٭

چھچھوندر۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا چوہا جو رات کو نکلتا ہے۔ ایک قسم کی آتشبازی ٭

چھچھوندر چھوڑنا۔ ہ۔ آتشبازی کی چھچھوندر کو آگ لگانا شگوفہ چھوڑنا ٭

چھدا۔ ہ۔ مذکر۔ الزام۔ تہمت۔ دوش۔ شکوہ ٭

چھدا اتارنا۔ ہ۔ ع۔ گلہ اتارنا۔ سر سے بوجھ اتارنا۔ آکر جلدی چلا جانا ٭

چھدا دھرنا یا رکھنا۔ ہ۔ الزام لگانا۔ بہتان لگانا ٭

چھدرا۔ ہ۔ مذکر۔ جھر جھرا۔ چھید دار۔ فرق فرق سے ٭

چھدرا کر چلنا۔ ہ۔ ٹانگیں کھول کر چلنا۔ ٹانگوں کو فرق سے رکھکر چلنا ٭

چھدام۔ ہ۔ مذکر۔ دمڑی۔ پیسہ کا چوتھا حصہ ٭

چھدنا۔ ہ۔ سوراخ ہونا۔ بندھنا۔ چھنا۔ زخمی ہونا ٭

چھرا۔ ہ۔ مذکر۔ چھوٹی چھوٹی گولیاں۔ جو بندوق میں ڈالتے ہیں ٭

چھرا چلنا۔ ہ۔ کنکریوں کی بوچھاڑ ہونا۔ گالیوں کا متواتر پڑنا ٭

چھرا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑا چاقو۔ چھوٹی تلوار ٭

چہرہ۔ ف۔ مذکر۔ صورت۔ منہ۔ سامنے کا رخ۔ چہرہ۔ حلیہ

چہرہ اترنا۔ ا۔ منہ اترنا۔ صورت کا مرجھانا ٭

چہرہ بگاڑنا۔ ا۔ بدصورت بنا دینا۔ ایسا مارنا کہ صورت پہچانی نہ جائے ٭

چہرہ بنانا۔ ا۔ منہ بنانا۔ منہ چڑانا ٭

چہرہ تمتمانا۔ ا۔ چہرہ کا گرمی یا بخار سے سرخ ہو جانا ٭

چہرہ شاہی روپیہ۔ ا۔ مذکر۔ سرکاری سکہ۔ چہرہ دار روپیہ ٭

چہرہ ہونا۔ ا۔ فوج میں ملازم ہونا ٭

چھری۔ ہ۔ مؤنث۔ لمبا چاقو جو بند نہ ہو سکے۔ چھوٹا چھرا

چھری بند بھائی۔ ا۔ مذکر۔ قصائی۔ بوچڑ۔ ہم قوم ہم پیشہ

چھری بھلی نہ کٹاری۔ ہ۔ کہاوت۔ کوئی مصیبت اچھی

نہیں۔ دشمن دشمن سب برابر ⁂

چھری بھوکنا۔ ہ۔ چھری گھسیڑنا۔ چھری مارنا ⁂

چھری پھیرنا۔ ہ۔ ذبح کرنا۔ حلال کرنا۔ گلا کاٹنا۔ رنج دینا ⁂

چھری تلے دم لینا۔ ہ۔ ع۔ تکلیف سہارنا۔ ٹھہرنا ⁂

چھری تیز کرنا۔ ا۔ چھری پر دھار رکھنا۔ دھمکانا۔ سزا دینا

چھری تیز ہونا۔ ا۔ قابو ہونا۔ بس چلنا۔ زور چلنا۔ لوہا تیز ہونا

چھری چلنا۔ ہ۔ چھریوں سے مار کٹائی ہونا۔ اَن بن رہنا

چھری دینا۔ ہ۔ ع۔ ذبح کرنا۔ حلال کرنا۔ مارنا۔ قتل کرنا ⁂

چھری کٹاری بتانا۔ ہ۔ لڑائی پر آمادہ ہونا۔ دھمکانا۔ ڈرانا

چھری کٹاری رہنا۔ ہ۔ ع۔ لڑتے جھگڑتے رہنا۔ اَن بن رہنا

چھری کٹاری ہونا۔ ہ۔ سخت دشمنی ہونا۔ لڑائی جھگڑے کی باتیں ہونا ⁂

چھریرا۔ ہ۔ صفت۔ دبلا پتلا۔ ہلکا پھلکا۔ اکہرے بدن کا

چھریوں کا غسل دینا۔ ا۔ ع۔ قتل کرنا۔ چھریاں مارنا ⁂

چھڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ پتلا اور لمبا بانس۔ نیزہ۔ علم یا نشان کا بانس

چھڑا۔ ہ۔ صفت۔ تنہا۔ اکیلا۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کا پاؤں کا کڑا

چھڑاتا۔ ہ۔ رہا کرانا۔ چھٹوانا۔ جدا کرنا۔ ہٹانا۔ کھولنا ⁂

چھڑائی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھڑانے کی اجرت۔ رہائی کا معاوضہ

چھڑکاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ پانی وغیرہ کا زمین پر چھڑکنا۔ آب پاشی ⁂

چھڑکنا۔ ہ۔ چھڑکاؤ کرنا۔ رنگ ڈالنا۔ آب پاشی کرنا ⁂

چھڑنا۔ ہ۔ شروع ہونا۔ بجنا ⁂

چھڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ پتلی لکڑی۔ ہاتھ کی لکڑی۔ بید۔ قمچی ⁂

چھڑی سواری۔ ا۔ مذکر۔ تنہا۔ اکیلا۔ خالی ہاتھ ⁂

چھڑی چھٹانک۔ ہ۔ صفت۔ اکیلا۔ تنہا۔ ہلکا ⁂

چھکا۔ ہ۔ مذکر۔ چھے نقطوں کا تاش کا پتا یا چوسر کا پانسہ

چھکا چھک کا۔ تابع فعل۔ سیر۔ بدمست۔ نشہ میں چور

چھکا دینا۔ ہ۔ سیر کر دینا۔ پیٹ بھر دینا۔ غنی اور بے پروا کر دینا ⁂

چھکارنا۔ ہ۔ چہچہانا۔ یا چہچہہ کرنا ⁂

چھکڑا۔ ہ۔ مذکر۔ گڈا۔ اچھے بیلوں کی گاڑی ⁂

چھکنا۔ ہ۔ سیر ہونا۔ دل بھرنا۔ بے پروا ہونا ⁂

چھکنا۔ ہ۔ چہچہانا۔ چہچہہ کرنا ⁂

چھکے چھوٹنا۔ ہ۔ گھبرا جانا۔ بے اوسان ہونا۔ حواس باختہ ہونا ⁂

چھل۔ ہ۔ مؤنث۔ دیوار کا کوئی ٹکڑا جو گر پڑا ہو۔ دیوار کی چند اینٹیں جو گر پڑی ہوں۔ (مذکر)۔ فریب۔ دھوکا۔ عیاری ⁂

چھل بتا یا بٹے۔ ہ۔ مذکر۔ فریب۔ مکر۔ دھوکا ⁂

چھل بل۔ ہ۔ مذکر۔ چھل بتا۔ شوخی۔ چالاکی ⁂

چُہل۔ ہ۔ مؤنث۔ ہنسی۔ دل لگی۔ مسخرا پن۔ خوش مزاجی

چُہل باز۔ ا۔ صفت۔ ٹھٹے باز۔ خوش مزاج۔ مسخرا۔ ظریف

چہل یا چہل۔ ف۔ صفت۔ چالیس۔ ۴۰ ⁂

چہل ابدال۔ ف ع۔ وہ چالیس آدمی جنکی ذات کی برکت سے صوفیوں کے عقیدہ میں دنیا قائم ہے ⁂

چہل چراغ۔ ف۔ مذکر۔ پیتل کا جھاڑ جس میں چالیس چراغ ہوتے ہیں وہ فرش پر رکھا جاتا ہے ⁂

چہل قدمی کرنا۔ ا۔ ٹہلنا۔ ہوا کھانا۔ چالیس قدم تک پھرنا

چھلا۔ ا۔ مذکر۔ کیچڑ کی زمین۔ دلدل کی زمین ⁂

چھلا۔ ہ۔ مذکر۔ کنڈلی۔ مندری۔ حلقہ۔ دھات کا وہ بن نگینہ کا حلقہ جو انگلیوں میں پہنا جاتا ہے ⁂

چھلا دھو کر اٹھانا۔ ہ۔ ع۔ منت مان کر چاندی سونے کا چھلا دھو کر رکھنا کہ مراد حاصل ہو تو وہ خدا کی راہ میں دیدیا جائے ⁂

چھلانگ۔ ہ۔ مؤنث۔ چوکڑی۔ کلانچ۔ پھلانگ۔ پھاند

چھلانگ مارنا یا چھلانگنا۔ ہ۔ اچھل جانا۔ کود جانا۔ پھاند جانا ⁂

چھلاوا۔ ہ۔ مذکر۔ چھل دینے والا۔ آسیب (صفت) شوخ۔ طرار۔ چلبلا۔ وہ شخص جو گھڑی کہیں ہو گھڑی کہیں

چھلاوا سا۔ ہ۔ صفت۔ چالاک سا۔ شوخ سا۔ تُرت تُرت یا سا

چھل پلانا۔ ہ۔ بازار میں کھڑے ہو کر پیاسوں کو کٹورے بجا بجا کر پانی پلانا ⁂

چہل پہل۔ ہ۔ مؤنث۔ جمگھٹ۔ رونق۔ آبادی ⁂

چھلچھلانا۔ ہ۔ چھل چھل موتنا۔ پیشاب کرنیکی آواز ✤
چھلکا۔ ہ۔ مذکر۔ چھال۔ کھال۔ پوست۔ بکل ✤
چھلکانا۔ ہ۔ لبالب بھر کر گرا دینا۔ گرانا۔ ڈھلکانا۔ کناروں تک بھر دینا۔ کناروں تک بھری ہوئی چیز کو ہلاکر گرانا ✤
چھلکتا ہوا۔ ہ۔ صفت۔ لبریز۔ لبالب۔ بھرا ہوا۔ کناروں تک بھرا ہوا ✤
چھلکنا۔ ہ۔ کناروں تک بھر کر ٹپکنا۔ ڈھلکنا۔ نیچے گرنا ✤
چہلم۔ ف۔ صفت۔ چالیسواں۔ میت کی ایک رسم جو سوا مہینے بعد ادا کی جاتی ہے ✤
چھلنا۔ ہ۔ پوست اترنا۔ کھال ادھڑنا۔ رگڑ لگنا ✤
چھلنی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھنّی۔ چھلنے کا آلہ ✤
چھلنی میں ڈال چھاج میں اڑانا۔ ہ۔ عو۔ رسوا کرنا۔ بدنام کرنا۔ ڈونڈی پیٹنا۔ بات کا بتنگڑ بنانا ✤
چھلنی ہو جانا۔ ہ۔ سوراخ ہو جانا۔ تیروں سے بندھ جانا ✤
چھلے کا گل۔ ا۔ مذکر۔ وہ داغ جو محبوب کا چھلا لال کرکے محبت جتانیکے لئے اپنے جسم پر لگاتے ہیں ✤
چھلیا۔ ہ۔ صفت۔ فریبی۔ دھوکے باز۔ شعبدہ باز
چھما۔ ہ۔ مؤنث۔ معافی۔ مہربانی۔ کرپا۔ رحم۔ خطابخشی
چھم چھم۔ ہ۔ مؤنث۔ رم جھم۔ مینہ کے آہستہ برسنے کی آواز۔ ٹھمکا۔ ٹھمکا ✤
چہ میگوئیاں۔ ا۔ مؤنث۔ طعنے۔ نکتہ چینیاں۔ ناز نخرے کی باتیں ✤
چھن۔ ہ۔ مذکر۔ کسی جلتی ہوئی چیز پر پانی پڑنے کی آواز۔ روپیہ کی آواز۔ گھنگرو کی آواز۔ گھنگھن۔ ٹکری ✤
چھن۔ ہ۔ مذکر۔ تلنے کی آواز۔ گرم تیل میں پانی پڑنیکی آواز گھنگرو کی آواز۔ پایل یا چھاجھن کی آواز ✤
چھن۔ ہ۔ مؤنث۔ پل۔ لمحہ۔ سکنڈ ✤
چھنّا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑی چھنّی۔ بڑی چھلنی۔ (مصدر)۔ چھانا جانا۔ تیروں یا گولیوں سے بدن بندھ جانا۔ لڑائی ہونا
چھید چھید ہو جانا۔ چراغ چاند اور سورج کی روشنی باہر نکلنا
چھناکا۔ ہ۔ مذکر۔ جھنکار۔ کھناکا۔ ٹھناکا۔ روپیہ کی آواز

چھنٹاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ چھنٹن۔ چھانٹ ✤
چھنٹنا۔ ہ۔ الگ ہونا۔ جدا ہونا۔ انتخاب ہونا ✤
چھند۔ ہ۔ مذکر۔ عو۔ مکر و فریب۔ چل چھل۔ نظم۔ شلوک
چھنگا۔ ہ۔ مذکر۔ چھے انگلیوں والا آدمی۔ صفت۔ چھ انگلیوں والا ✤
چھنگلی یا چھنگلیا۔ ہاتھ یا پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی ✤
چھن منن یا چھنن منن۔ ہ۔ مؤنث۔ بگھرنے یا تلنے جانے کی آواز ✤
چھو۔ ہ۔ مذکر۔ کچھ پڑھکر پھونکنے کی آواز۔ جادو۔ منتر۔ دم۔ دعا ✤
چھو بنا یا چھو ہو جانا۔ ہ۔ ہوا ہونا۔ چلتا بننا۔ چل دینا۔ غائب ہونا۔ چمپت ہونا ✤
چھو چھو بنانا۔ ہ۔ احمق بنانا ✤
چھو کرنا۔ ہ۔ دم کرنا۔ دعا پڑھ کر پھونکنا ✤
چھو منتر۔ ہ۔ مذکر۔ جادو پڑھکر پھونکنے کو چھو منتر کہتے ہیں
چھوا چھو۔ ہ۔ مؤنث۔ دھوبیوں کے کپڑا دھونے کی آواز
چھوارا یا چھہارا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی بڑی سوکھی کھجور
چھوارا بیر۔ ہ۔ مذکر۔ سرخ میٹھا اور لمبا بیر ✤
چھوانا۔ ہ۔ لگانا ✤
چھوپنا۔ ہ۔ گیلی مٹی سے دیوار وغیرہ کا بھرنا۔ مٹی تھوپنا کچی دیوار کی مرمت کرنا۔ دیوار میں مٹی لگانا ✤
چھوت۔ ہ۔ مؤنث۔ چھواؤ۔ ناپاک آدمی کا سایہ۔ پلید کا پرچھاواں۔ ناپاکی۔ پلیدی ✤
چھوت چھات۔ ہ۔ مؤنث نفرت۔ پرہیزگاری بچنا ✤
چھوت اتارنا یا جھاڑنا۔ ہ۔ پرچھاؤں کا علاج کرنا۔ منتر سے اچھا کرنا ✤
چھوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ رہائی۔ آزادی۔ فرصت۔ مہلت کمی ✤
چھوٹ لڑنا۔ ہ۔ لکڑی جاننے والے شخص سے بہت سے آدمیوں کا ہتھیاروں سے لڑنا۔ دو لکڑی بازوں کا اصطلاح اکٹھا کہ جہاں موقع پاؤ ضرور مار کر اپنے کمال کا ثبوت دو ✤

چھوٹا۔ ہ۔ صفت۔ اوچھا۔ تنگ۔ قد یا عمر میں کم ◆

چھوٹا چلّا۔ ہ۔ مذکر۔ دس دن بیس دن اور بیسے کا زچہ کا نہانا ◆

چھوٹا کپڑا۔ ہ۔ مذکر۔ انگیا ◆

چھوٹا منہ بڑی بات۔ ہ۔ کہاوت۔ اپنی لیاقت سے یا رتبہ سے زیادہ بات کہنی ◆

چھوٹنا۔ ہ۔ چھٹنا۔ علحدہ ہونا۔ الگ ہونا ◆

چھوٹی الائچی۔ ہ۔ مؤنث۔ سفید الائچی ◆

چھوٹی اُمّت۔ ہ۔ مؤنث۔ موجودہ زمانہ کی پیدائش کمینے۔ نیچ قوم۔ ذلیل ذمی ◆

چھوچک۔ ہ۔ مؤنث۔ زچہ خانہ کی ایک رسم کا نام۔ چھٹی ◆

چھوڑنا۔ ہ۔ ترک کرنا۔ رہا کرنا۔ آزاد کرنا۔ قیر کرنا ◆

چھوکرا۔ ہ۔ مذکر۔ لڑکا۔ غلام۔ چیلا۔ (صفت) نادان ناتجربہ کار ◆

چھولداری۔ ا۔ مؤنث۔ … سپاہیوں کے رہنے کا چھوٹا سا ڈیرہ ◆

چھونا۔ ہ۔ ہاتھ لگانا۔ چھیڑنا۔ لوٹھنا ◆

چھونکنا۔ ہ۔ بگھارنا۔ گھی داغ کرنا ◆

چھوئی موئی۔ ہ۔ مؤنث۔ لجالو۔ لجونی۔ ایک قسم کی بوٹی جس کے پتے ہاتھ لگانے سے مرجھا جاتے ہیں ◆

چھہتر۔ ہ۔ صفت۔ ستر اور چھے۔ ٧٦ ◆

چھی۔ ہ۔ مؤنث۔ حرف تنفر۔ تف۔ تھو تھو۔ آخ تھو بُرا۔ گندا ◆

چھی چھی۔ ہ۔ بچہ کا گوہ۔ بچہ کا پیخانہ

چھی چھی پھرنا یا کرنا۔ ہ۔ بچہ کا پیخانہ پھرنا ◆

چھیاسٹھ۔ ہ۔ صفت۔ چھے اوپر ساٹھ۔ ٦٦ ◆

چھیاسی۔ ہ۔ صفت۔ چھے اوپر اسّی۔ ٨٦ ◆

چھیالیس۔ ہ۔ صفت۔ چھے اور چالیس۔ ٤٦ ◆

چھیانوے۔ ہ۔ صفت۔ نوّے اور چھے۔ ٩٦ ◆

چھیپ۔ ہ۔ مؤنث۔ چھائیں۔ دھبّا۔ داغ

چھیپی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھیپیرا۔ کپڑا چھاپنے والا ◆

چھیتا۔ ہ۔ مذکر۔ عزیز۔ چاہتا۔ پیارا ◆

چھیج۔ ہ۔ مؤنث۔ کمی۔ گھٹتی۔ نقصان۔ وہ کمی جو چیز کو بار بار تولنے۔ اُٹھانے رکھنے یا سوکھنے سے ہو ◆

چھیے جانا۔ ہ۔ چھید کا بہ جانا۔ چھید کا پھٹ جانا ◆

چھید۔ ہ۔ مذکر۔ سوراخ۔ بل۔ بھٹ۔ سال ◆

چھیدنا۔ ہ۔ سوراخ کرنا۔ بیندھنا۔

چھیڑ یا (چھیڑ خانی)۔ ہ۔ مؤنث۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ چہل۔ چھیڑ خانی۔ دل لگی۔ لڑکا چوری۔ بات چیت۔ خط کتابت ◆

چھیڑ نکالنا۔ ہ۔ چڑ نکالنا ◆

چھیڑنا۔ ہ۔ چھونا۔ ہاتھ لگانا۔ گدگدانا۔ خفا کرنا۔ چڑانا۔ بھڑکانا۔ رنجیدہ کرنا ◆

چھیل یا چھیلا۔ ہ۔ مذکر۔ خوش پوشاک آدمی۔ بانکا۔ البیلا ◆

چھیل چکنیا۔ ہ۔ مذکر۔ بانکا۔ ترچھا۔ رنگیلا ◆

چھیل چھبیلا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک خوشبودار گھانس۔ رنگیلا آدمی۔ چھیلا ◆

چھیلنا۔ ہ۔ پوست اتارنا۔ کھرچنا۔ حرف اُڑانا ◆

چھیمی۔ ہ۔ مؤنث۔ پھلی ◆

چھینا۔ ہ۔ سوراخ کا بہجانا۔ سوراخ کا پھٹ جانا ◆

چھیننا۔ ہ۔ زبردستی لینا۔ اُچکنا۔ جھٹک لینا۔ جھپٹ لینا

چھینا جھپٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ لوٹ۔ کھسوٹی۔ کش مکش

چھینٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ بوند۔ داغ۔ دھبہ۔ ایک قسم کا کپڑا

چھینٹا۔ ہ۔ مذکر۔ پانی کا چلّو بھر کر جو کسی چیز پر پھینکا جائے۔ چھپکا۔ ہلکی سی بارش ◆

چھینک۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ آواز جو زکام میں ناک سے پیدا ہو۔ عطسہ ◆

چھینک آنا۔ ہ۔ عطسہ آنا ◆

چھینک ہونا۔ ہ۔ کہیں جاتے وقت کسی کو چھینک آنا بدشگون ہونا ◆

چھینکا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ جالی یا لٹکن جو کھانا وغیرہ رکھنے کے

واسطے چھت میں لٹکا دیتے ہیں ÷
چھینکتے ہی ناک کٹی ۔ ہ۔ کہاوت ۔ بدشگونی ہوتے ہی
نقصان ہوا۔ سر منڈاتے ہی اولے پڑے ÷
چھینکنا ۔ ہ۔ ناک سے کسی باعث سے آواز نکلنا ÷
چھینکیں لینا ۔ ہ۔ ہلاس یا نٹی وغیرہ کے ذریعہ سے چھینکنا
چھین لینا ۔ ہ۔ جھپٹ لینا۔ زبردستی سے لینا۔ دبا بیٹھنا
مار لینا ÷
چھینی ۔ ہ۔ مؤنث۔ ٹانکی۔ رکھائی۔ لوہا کاٹنے کا اوزار

چ ی

چیاں ۔ ہ۔ مذکر۔ املی کا بیج ÷
چیاں سا یا چیاں سی ۔ ہ۔ صفت۔ بہت چھوٹا سا بہت
چھوٹی سی ÷
چیپ ۔ ہ۔ مذکر۔ لاسا۔ لیس۔ چپکنے والی چیز ÷
چیپڑ ۔ ہ۔ مذکر۔ آنکھ کا میل کچیل۔ ڈھیڈ ÷
چیپڑ بہنا ۔ ہ۔ آنکھوں کا میل بہنا ÷
چیپنا ۔ ہ۔ چپکانا۔ جوڑنا۔ سر منڈھنا۔ سر ڈالنا ÷
چیپی ۔ ہ۔ مؤنث۔ کاغذ کی دھجی جو چپکائی جائے ÷
چیت ۔ ہ۔ مذکر۔ ہندی کا بارھواں مہینا۔ پہلا مہینا۔ چیت کے گیت
چیتا ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک پھاڑ کھانے والے جانور کا نام جس کی کمر
بہت پتلی ہوتی ہے اور جسم پر چتیاں ہوتی ہیں ÷
چیتل ۔ ہ۔ مذکر۔ ہرن کی قسم کا ایک جانور۔ ایک کبرا سانپ
چیتھڑے لگنا ۔ ہ۔ ع۔ مفلسی کے مارے ثابت کپڑے نہ
پہن سکنا ÷
چیچک ۔ ف۔ مؤنث۔ سیتلا۔ ٹھنڈی ماتا ÷
چیچک رُو ۔ ف۔ صفت۔ سیتلا منہ داغ ÷
چیخ ۔ ا۔ مؤنث۔ شور۔ فریاد جو خوف میں زبان سے نکلے
چیخ اُٹھنا یا چیخ پڑنا ۔ ہ۔ چلا اٹھنا۔ گھبرا جانا۔ رو پڑنا
چیخم چاخ مچنا ۔ ا۔ غل و شور پڑنا۔ دھوم ہونا۔ پکار پڑنا
چیخم دھاڑ مچانا ۔ ا۔ دھوم مچانا۔ رولا ڈالنا ÷
چیخنا ۔ ا۔ چلانا۔ غل مچانا۔ شور کرنا۔ پکارنا۔ دہاڑنا ÷

چیدہ ۔ ف۔ صفت۔ چنا ہوا۔ چھانٹا ہوا۔ عمدہ ÷
چیرا ۔ ہ۔ مؤنث۔ شگاف۔ زخم۔ ایک قسم کی پگڑی ÷
چیرا دینا ۔ یا لگانا ۔ ہ۔ شگاف دینا۔ زخم لگانا۔ نشتر مارنا
چیر پھاڑ ۔ ہ۔ مؤنث۔ جراحی کا عمل۔ کاٹ کوٹ۔ کاٹ چھانٹ
چیرنا ۔ ہ۔ پھاڑنا۔ ٹکڑے کرنا۔ شگاف دینا۔ چیر لگانا۔ کاٹنا
چیرو ۔ ا۔ مذکر۔ کچا سوت جو ولایت سے آتا ہے ÷
چیری ۔ ہ۔ مؤنث۔ باندی۔ کنیز۔ چھوکری۔ لونڈی ÷
چیڑ ۔ ہ۔ مذکر۔ صنوبر کا درخت۔ دیار۔ دیودار کی قسم کا درخت
چیز ۔ ف۔ مؤنث۔ شے۔ اسباب۔ جنس۔ مٹھائی جو بچوں کو
دی جائے ÷
چیز بست ۔ ا۔ مؤنث۔ اسباب۔ اثاثہ ÷
چیزی ۔ ا۔ مؤنث۔ (بچے) مٹھائی۔ شیرینی ÷
چیستاں ۔ ف۔ مؤنث۔ پہیلی۔ بجھارت۔ معما۔ مجهول ÷
چیف ۔ انگ۔ صفت۔ بڑا۔ اعلے۔ افضل۔ سردار۔ افسر
چیف جسٹس ۔ انگ۔ مذکر۔ اعلے جج ÷
چیف کورٹ ۔ انگ۔ مذکر۔ بڑی عدالت ÷
چیکٹ ۔ ہ۔ مذکر۔ چراغ کی گاد۔ تیل کی گاد۔ بہت ہی میلا
کالا ÷
چیل ۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک مردار کھانے والے پرندے کا نام
چیل انڈا چھوڑتی ہے ۔ ہ۔ (محاورہ) بہت سخت
گرمی ہے ÷
چیل جھپٹا کرنا ۔ ہ۔ بکا بوٹی کرنا۔ لُٹس ڈال دینا ÷
چیل چلو ۔ مؤنث۔ چیل کو بلانے کی آواز ÷
چیل کا موت ۔ ہ۔ مذکر۔ ناپید چیز۔ جس چیز کا ملنا ناممکن ہو
چیلا ۔ ہ۔ مذکر۔ جلانے کی لکڑی کا ٹکڑا ÷
چیلا ۔ ہ۔ مذکر۔ غلام۔ داس۔ شاگرد۔ مرید ÷
چیلا ہونا ۔ ہ۔ مرید ہونا۔ پیر یا گرو بنانا ÷
چیلغوزہ ۔ ہ۔ مذکر۔ زرد آلو۔ ایک پہاڑی میوے کا نام ÷
چیلوں کو دینا ۔ ہ۔ ع۔ بہت غصہ ظاہر کرنا۔ یعنی خطا وار
کی بوٹیاں کاٹ کاٹ کے چیلوں کو کھلانا ÷
چین ۔ انگ۔ مؤنث۔ زنجیر۔ گھڑی کی زنجیر۔ لڑی ÷

چَین - ہ - مذکر - راحت - آرام - سُکھ - کل - عَیش - اِطمینان ٭

چَین آنا - ہ - آرام آنا - عیش ہونا ٭

چَین پڑنا - ہ - کل پڑنا - سُکھ ہونا - ٹھنڈک پڑنا ٭

چَین کرنا - ہ - مزے اُڑانا - عَیش کرنا - گُلچھرّے اُڑانا ٭

چِین - ف - مؤنث - شِکن - بل - چُنّت - سِلوٹ - بَٹ - جھُرّی ٭

چِیں - ہ - مؤنث - چڑیا کی آواز ٭

چیں بولنا - ہ - ہار ماننا - مات کھانا - عاجز آنا ٭

چیں بہ چیں کرنا - ہ - قِیل لانا - جھگڑا کرنا - تکرار کرنا ٭

چیں چیں - ہ - مؤنث - چوں چوں - غُل - شور - لفظی تکرار ٭

چیں ماننا - ہ - ہار ماننا - مات کھانا - عاجز آنا ٭

چِینا - ہ - مذکر - ایک قسم کے چھوٹے غلہ کا نام ٭

چِینٹ - ہ - مؤنث - کھرُونچ - رگڑ ٭

چِینٹ آنا - ہ - کھرُونچ لگنا - رگڑ لگنا - چھِل جانا ٭

چِیند - ہ - مؤنث - بدمعاملگی - حق تلفی - بے ایمانی ٭

چِیند کرنا - ہ - بے ایمانی کرنا - ناانصافی کرنا - کھیل میں بھیج بات کو چھپانا ٭

چِینگا بوٹی - ہ - مؤنث - چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے جنکے پر و بال نہ نکلے ہوں ٭

چِینگی بوٹے - ہ - مذکر - چڑیا کے چھوٹے چھوٹے بچے - بال بچے

چیونٹا - ہ - مذکر - چیونٹی کا نر - بڑی چیونٹی ٭

چیونٹی - ہ - مؤنث - چیونٹے کی مادین - کیڑی ٭

چیونٹی کی آواز عرش تک - ا - کہاوت - غریب مظلوم کی آواز خدا تک پہنچتی ہے - غریب کو بے وسیلہ نہ سمجھو ٭

چیونٹی کے پر نکلنا } یا چیونٹی کو پر لگنا } - ا - شامت کے دن آنا - موت کا وقت قریب آنا ٭

چیونٹے کی گرہ پیٹ میں ہونا - ہ - بہت کم خوراک ہونا

چیونٹیوں بھرا کباب - ا - مذکر - عو - جھگڑے کی چیز مصیبت کا گھر - بچوں والا مرد ٭

چِینی - ہ - مؤنث - کھانڈ - بورا - سفید شکر - چین کی مٹی کا برتن ایک قسم کی روغن دار مٹی - (مذکر) چین کار بننے والا ٭

ح

ح - ع - مؤنث - اردو الف - بے تے کا نواں حرف ٭

ح ا

حاتِم - ع - مذکر - حاتم طائی عرب کا ایک مشہور سخی ٭

حاتم اصم - ع - مذکر - ایک مشہور ولی کامل گذرے ہیں ٭

حاتم کی گور پر لات مارنا - ا - غریبی میں سخاوت کرنا - بخیل سے اتفاقیہ سخاوت ہو جانا ٭

حاجب - ع - مذکر - پردہ کرنے والا - پردہ دار چوبدار - ابرو ٭

حاجت - ع - مؤنث - خواہش - چاہ - ضرورت غرض - مطلب - آرزو - امید ٭

حاجت رفع کرنا - ا - مطلب نکالنا - کام نکالنا ضرورت پوری کرنا - پاگخانہ جانا ٭

حاجت روا کرنا - ا - کسی کا مطلب نکالنا - کام نکالنا ٭

حاجتمند - ع ف - صفت - خواہشمند - محتاج - مُفلس ٭

حاجتی - ا - مؤنث - وہ برتن جس میں بیمار چارپائی

پر پڑے پڑے پیشاب کر لیتے ہیں جو امیروں کے پلنگ کے پاس رات کو رکھدی جاتی ہے ٭

حاجی - ع - مذکر - حج کرنے والا - وہ شخص جو کعبہ کا حج کر آیا ہو ٭

حاجی الحرمین - ع - مذکر - وہ شخص جو مکے اور مدینے کے حج میں شریک ہوا ہو مکے مدینے کا حاجی - پورا حاجی ٭

حادث - ع - صفت - نیا - نئی چیز جو پہلے نہ ہو - فنا ہونیوالا

حادثہ - ع - مذکر - نئی بات - وقوعہ - رنج آمیز واقعہ صدمہ - سانحہ ٭

حادہ - ع - صفت - سکڑا - تنگ - کم چوڑا ٭

حاذق - ع - صفت - دانا - ماہر - کامل - اُستاد - تجربہ کار

حار - ع - صفت - حرارت رکھنے والا - گرمی کرنے والا ٭

حارج - ع - مذکر - حرج کرنے والا - مزاحم - روکنے والا

حاسد - ع - مذکر - حسد کرنے والا - بدخواہ - دُشمن ٭

حاشا - ع - حرف تردید - پناہ - ہرگز نہیں استثنا - مگر - سوا

حاشا للہ یا حاشا رحمان - ع - خُدا کی پناہ - خدا نکرے - ہرگز نہیں ٭

حاشا و کلا - ع - حرف تردید - ہرگز نہیں کبھی ایسا نہ ہوگا کبھی نہیں ٭

حاشیہ - ع - مذکر - کنارہ - گوٹ - کور - شرح - یادداشت - نوٹ - فٹ نوٹ ٭

حاشیہ چڑھانا - ا - گوٹ لگانا - نئے سرے سے گوٹ لگانا - کتاب پر شرح یا نوٹ چڑھانا - بات بڑھانا - نمک مرچ لگانا کسی تھوڑی بات کو اپنی طرف سے بڑھا کر کہنا ٭

حاشیہ چھوڑنا - ا - کنارہ چھوڑنا - چاروں طرف سے کاغذ چھوڑ کر لکھنا - چاروں طرف گنجائش رکھنا ٭

حاصل - ع - مذکر - کسی چیز کا بقیہ - نقدی - آمدنی - پیداوار نفع - نتیجہ - خلاصہ ٭

حاصل تفریق - ع - مذکر - جو رقم منہائی کے بعد باقی رہے ٭

حاصل تقسیم - ع - مذکر - خارج قسمت - حصہ ٭

حاصل جمع - ع - مذکر - میزان - ٹوٹل - مجموعہ - کل ٭

حاصل ضرب - ع - مذکر - وہ رقم جو ضرب دینے سے آئے

حاصل کرنا - ا - پانا - کمانا - پیدا کرنا - جمع کرنا ٭

حاصل کلام - ع - تابع فعل - القصہ - الغرض - بات کا خلاصہ - مطلب ٭

حاصل نہ حصول - ا - مذکر - بے فائدہ - مطلب نہ غرض - کام نہ کاج ٭

حاصل ہونا - ا - وصول ہونا - پانا - فائدہ ہونا - مطلب نکلنا ٭

حاضر - ع - صفت - موجود - طیار - آمادہ - سامنے ٭

حاضر ہونا - ا - موجود ہونا - پیش ہونا - آنا - سامنے ہونا ٭

حاضرات - ع - مؤنث - بھوت پریت کو جمع کرنا جو سیانے دم دینے کو کرتے ہیں ٭

حاضرات کرنا - ا - بھوت پریت اور جنوں کو جمع کر کے پوشیدہ حال پوچھنا ٭

حاضری - ع - مؤنث - موجودگی - انگریزوں کا صبح کا کھانا ناشتہ ٭

حاضری پکارنا یا لینا - ا - موجودات لینا - شمار کرنا کہ کتنے موجود ہیں - نام پکارنا ٭

حاضری دینا - ا - موجودات دینا - میت کے گھر کھانا یا اُس کے بدلے نقدی دینا - صاحب لوگوں کو صبح کا کھانا کھلانا ٭

حاضری کھانا - ا - میت کا کھانا کھانا - ناشتہ کرنا - صبح کا کھانا کھانا ٭

حاضری لگانا - ا - موجودہ آدمیوں کے نام کے سامنے حاضری کا نشان لگانا - موجودگی میں شمار کرنا

حافظ - ع - مذکر - نگہبان - محافظ - پاسبان - وہ شخص جس کو قرآن مجید حفظ ہو - اندھا ٭

حافظِ حقیقی - ع - مذکر - اصلی محافظ - خدائے تعالےٰ ٭

حافظہ - ع - مذکر - یاد - یاد رکھنے کی قوت ٭

حاکم - ع - مذکر - حکومت کرنے والا - سردار - آقا - نمبردار ٭

حاکم بالا - ع - ف - مذکر - خدا - بڑا حاکم - اعلےٰ افسر ٭

حاکم وقت - ع - مذکر - اس وقت کا حاکم - موجودہ حاکم ٭

حاکمانہ - ع - ف - صفت - حاکم کی طرح - حاکم کی مانند ٭

حال - ع - مذکر - موجودہ زمانہ - حالت - کیفیت - گت - اب - ابھی
حال آنا یا لانا یا کھیلنا - ا - راگ سُنکر وجد آنا - رقت ہونا
کیفیت ہونا - ہو حق کرنا - لوٹا لوٹا پھرنا ٭
حال آنکہ - ع - ف - تابع فعل - باوجودیکہ - حال یہ ہے کہ ٭
حال بے حال ہونا - ا - اچھی حالت سے بُری حالت ہونا
بچھّن جھڑنا ٭
حال کھل جانا - ا - بھید ظاہر ہو جانا حقیقت کھل جانا -
سزا کو پہنچنا - قلعی کھل جانا ٭
حال گیا احوال گیا دل کا خیال نہ گیا - ا - کہاوت)
تباہ و برباد ہو گئے مگر بری عادت نہ گئی ٭
حالات - ع - مذکر - حال کی جمع ٭
حالت - ع - مؤنث - گت - درجہ - جان - طاقت ٭
حالتِ موجودہ - ع - ف - مؤنث - اب کی حالت - اس وقت
کی حقیقت - موجودہ حیثیت ٭
حالتِ نزع - ع - مؤنث - جان کنی کا وقت - دم توڑنے کی
کیفیت ٭
حامل - ع - مذکر - بوجھ اُٹھانے والا - کوئی چیز اُٹھانے یا
لیجانے والا ٭
حاملہ - ع - صفت - پیٹ والی - وہ عورت جس کے پیٹ میں
بچہ ہو ٭
حاملہ ہونا - ا - پیٹ سے ہونا - پیٹ رہنا ٭
حامی - ع - مذکر - حمایتی - مددگار - معاون - محافظ - نگہبان ٭
حامی بھرنا - ا - ہمت کرنا - ارادہ کرنا - اقرار کرنا - ہاں کرنا
حامی کار - ا - مذکر - مددگار - حمایتی - اقرار کرنے والا ٭
حاوی - ع - صفت - گھیرنے والا - چھایا ہوا - غالب - کامل
ماہر ٭
حائل - ع - صفت - بیچ میں آنے والا - روکنے والا - آڑ -
روک ٭

ح ب

حُب - ع - مؤنث - محبت - الفت - پریم - پیار - دوستی - چاہ
حُبُّ الوطن - ع - مؤنث - وطن کی محبت ٭
حَب - ع - مذکر - گولی - دانہ - بیج ٭
حُباب - ع - مذکر - پانی کا بُلبلہ - شیشے کے گولے - ایک
زیور ٭
حُباب سا - ا - صفت - باریک - پتلا - ہوا سا ٭
حَبس - ع - مذکر - قید - بند - گھٹن - اُمس - گھمس ٭
حَبسِ دم - ع - ف - مذکر - دمہ - دم روکنا ٭
حَبش - ع - مذکر - حبشیوں کا ملک - سوڈان - افریقہ ٭
حَبشی - ع - مذکر - حبش کا رہنے والا - شیدی - سیاہ کالا کلوٹا
حُبُوب - ع - مذکر - حَب کی جمع - دانے - گولیاں ٭
حَبَّہ - ع - مذکر - دانہ - غلہ کا دانہ - رتی - تھوڑا سا - ذرا ذرا
حَبَّہ بھر - ا - صفت - رتی بھر - ذرا سا - چاول بھر ٭
حَبیب - ع - مذکر - دوست - پیارا - محبوب - پریتم ٭

ح ت

حَتّٰے - ع - حرف عطف - یہانتک - اس قدر - جب تک
حَتَّی الاِمکان یا حَتَّی المقدور - ع - تابع فعل -
(تلفظ - حتّل اِمکان یا حتّل مقدور) مقدور بھر - جہانتک
ہو سکے - جس قدر ممکن ہو ٭

ح ج

حَج - ع - مذکر - کعبہ کے آس پاس عبادت کی نیت سے
مقررہ شرطوں کے ساتھ پھرنا ٭
حجِ اصغر - ع - مذکر - چھوٹا حج - معمولی حج ٭
حجِ اکبر - ع - مذکر - بڑا حج وہ حج جو جمعہ کے دن آ کر پڑے
حج خریدنا - ا - حج کا ثواب مول لینا ٭
حج کرانا - ا - کسی کو خرچ اور کچھ معاوضہ دیکر اپنی طرف
سے حج کو بھیجنا - حج کے ارکان ادا کرانا ٭
حج کرنا - ا - کعبہ کے آس پاس مقررہ شرائط کے ساتھ پھرنا
حجاب - ع - مذکر - پردہ - اوٹ - آڑ - چک - چلمن -
حیا - شرم ٭

حِجاب اُٹھنا - ؤ - پردہ اُٹھنا۔ روک نہ رہنا۔ غیرت کا جاتا رہنا
حِجاب آنا یا لحاظ آنا - شرم آنا +
حِجاب ٹوٹنا - ؤ - شرم دور ہونا - کھلنا +
حَجّام - ع - مذکر - نائی ۔ - بال مونڈنے والا +
حَجامت - ع - مؤنث - مونڈن سر مونڈنا - صفائی - درستی
حَجامت بنانا - ؤ - سر مونڈنا - مُوسنا - لوٹنا - ٹھگنا +
حَجامی - ا - مؤنث - سر مونڈنے کا کام +
حُجَّت - ع - مؤنث - دلیل - بحث - تکرار - جھگڑا - ٹنٹا +
حُجَّت کرنا - ؤ - تکرار کرنا - بحث کرنا - لڑنا - جھگڑنا +
حُجَّت نکالنا - ؤ - اعتراض کرنا +
حُجَّتی - ا - صفت - جھکّی - جھگڑالو - تکراری +
حَجَر - ع - مذکر - پتھر - سنگ +
حَجَرِ اَسوَد - ع - مذکر - ایک کالا پتھر جو مکہ شریف کی دیوار میں لگا ہوا ہے اُسے تمام مسلمان چومتے ہیں اور گناہ دور ہونے کا سبب سمجھتے ہیں +
حُجرہ - ع - مذکر - کوٹھری - مسجد کی کوٹھری - وہ کوٹھری جس میں عبادت کریں +

ح د

حَد - ع - مؤنث - کنارہ - سرحد - انتہا - تعریف - وہ سزا جو اسلام کے اصول کے مطابق دی جائے - بہت - احاطہ +
حد باندھنا - ؤ - سرحد مقرر کرنا - حد معین کرنا +
حَدِّ بُلُوغ - ع - مؤنث - بالغ ہونے کی انتہا - بالغ ہونے کا زمانہ +
حَدِّ بُلُوغ کو پہنچنا - ؤ - بالغ ہونا - جوان ہونا +
حَد سے بڑھنا - ؤ - اپنی جگہ سے باہر قدم رکھنا - اپنی لیاقت سے زیادہ بات کہنا +
حد سے زیادہ - ؤ - صفت - بہت - نہایت - از حد +
حد کرنا - ؤ - ایسی بات کرنا کہ جس سے آگے ناممکن ہو +
حد کے اندر - ؤ - تابع فعل - احاطہ میں - سرحد میں +
حد نہ رہنا - ؤ - انتہا نہ رہنا +

حُدُود - ع - مؤنث - حد کی جمع +
حُدُودِ اَربَعہ - ع - مؤنث - چاروں سمت چاروں دِشا
حَدِیث - ع - مؤنث - نئی بات - بات - بیان - ذکر حکایت رسول مقبولؐ کے قول اور اُنکے فعل کی خبر +
حَدِیقہ - ع - مذکر - وہ باغ جسکے چاروں طرف دیواریں ہوں

ح ذ

حَذَر - ع - مذکر - پرہیز - بچنا - انکار +
حَذف - ع - مذکر - دور کرنا - الگ کرنا - نکالنا - کم کرنا +

ح ر

حَرارَت - ع - مؤنث - گرمی - جوش - کرودھ - غصہ - بُخار
حَرارَتِ دِین - مؤنث - مذہبی جوش +
حَرارَتِ عَزِیزی - مؤنث - اصلی حرارت - فطری گرمی - وہ حرارت جس پر آدمی کی زندگی کا مدار ہے +
حَرارہ - ع - مذکر - جوش - گرمی - غصہ - تیزی +
حرارہ لانا یا لینا - ا - غصہ دکھانا - زور دکھانا - گرم ہونا تیز ہونا - بھڑکنا +
حِراسَت - ع - مؤنث - نگرانی - نگہبانی - سپردگی - حوالات
حَرّافہ - ع - مؤنث - حرفت باز - عورت مکّار اور عیار عورت +
حَرام - ع - صفت - ناروا - ناجائز - شرع کے خلاف - ناپاک - نجس - پلید - بدکاری +
حرام خور - ع - ف - مذکر - مُردار کھانے والا - رشوت کھانے والا - نمک حرام - مفت خورا - بے وفا +
حَرام خوری - ع - ف - مؤنث - نمک حرامی - بدذاتی - بیوفائی +
حَرام زادہ - ع - ف - مذکر - حرامی - شریر - بدذات - پاجی - فسادی +
حَرام کا - ا - صفت - بن باپ کا - حرامی +
حَرام کار - ع - ف - مذکر - بدکار +

حرام کا مال - ا - مذکر - ناجائز دولت - رشوت یا حرام کی کمائی - صفت کا مال +

حرام کر دینا - ا - عو - بدمزہ کر دینا - ناگوار کر دینا +

حرام کھانا - ا - رشوت کھانا - ناجائز کمائی کھانا +

حرام مغز - ع - ف - مذکر - ریڑھ کی ہڈی کا گودا +

حرام موت مرنا - خودکشی کرنا +

حرامی - ع - مذکر - چور - شریر - بدذات - حرام کا بچہ +

حرامی پلا - ا - مذکر - حرام کا بچہ - بدذات - شریر +

حرامی موت - ا - مذکر - حرام کا بچہ - شریر +

حربہ کرنا - حملہ کرنا - مارنے کا ارادہ کرنا - چوٹ کرنا +

حرج - ع - مذکر - تنگی - سختی - نقصان - دیر - کمی +

حرج مرج - ا - مذکر - دنگا فساد - اوبر سویر - بکھیڑا +

حرز - ع - مذکر - پناہ کی جگہ - تعویذ - جنتر +

حرص - ع - مؤنث - طمع - لالچ - لوبھ - چاہ - ہوس - خواہش رغبت +

حرص کرنا - ا - دیکھا دیکھی لالچ کرنا - طمع کرنا +

حرصا حرصی - ا - تابع فعل - دیکھا دیکھی - اوروں کو دیکھکر خود بھی وہی کام کرنے لگنا +

حرصی - ا - مذکر - لالچی - لوبھی +

حرف - ع - مذکر - دھار - کنارہ پہاڑ کی چوٹی - حروف تہجی - بات کلمہ - لفظ - عیب +

حرف اٹھانا - ا - حرف گھرچنا یا چھیلنا - پڑھنا +

حرف اٹھنا - ا - حرف دور ہونا اس طرح کہ کاغذ پر نشان نہ رہے +

حرف آنا - ا - کچھ لکھنا پڑھنا آنا - الزام آنا - عیب لگنا +

حرف بحرف - ع - تابع فعل - ایک ایک حرف - لفظ بلفظ +

حرف بنانا - ا - حرفوں کو درست کرنا - حرف کھودنا - جعل کرنا - خط میں خط ملانا +

حرف پکڑنا - ا - غلطی پکڑنا - ٹوکنا - اعتراض کرنا +

حرف پہچاننا - ا - حرفوں کو جان لینا +

حرف شناس - ع - ف - صفت - حرف پہچاننے والا +

حرف گیری - ع - ف - مؤنث - عیب پکڑنا - نکتہ چینی +

حرفت - ع - مؤنث - ہنر - پیشہ - کاریگری - عیاری +

حرفت باز - ا - صفت - عو - چالاک - عیار - عیارہ مکارہ

حرفہ - ع - مذکر - پیشہ - ہنر - دستکاری - کاریگری +

حرکت - ع - مؤنث - جنبش - ہلچل - چال - رفتار - زیر - زبر - پیش - کام - بیجا کام - قصور - دیر - سفر +

حرکت دینا - ا - ہلانا - ڈلانا - جنبش دینا - گردش دینا

حرکت کرنا - ا - ہلنا - جنبش کرنا - چلنا - قصور کرنا - نقصان کرنا - دیر کرنا +

حرکت ہونا - ا - ہلنا - قصور ہونا - دیر ہونا - کسل ہونا

حرم - ع - مذکر - کعبہ کی چار دیواری - شریفوں کے گھر کی عورتیں - گھر کی بیوی - گھر میں ڈالی ہوئی باندی +

حرم سرائے - ع - مؤنث - زنانخانہ - امیروں کا زنانہ مکان +

حرمت - ع - مؤنث - عزت - آبرو - برائی حرام ہونا

حرمت اتارنا - ا - عو - آبرو اتارنا - بے عزت کرنا +

حرمت بنانا - ا - عو - آبرو بنانا +

حرمت جانا - ا - عزت جانا - آبرو جانا +

حرمت کا لاگو ہونا - ا - عو - آبرو کا لاگو ہونا - عزت اتارنے کے درپے ہونا +

حرمت کرنا - ا - عزت کرنا - آؤ بھگت کرنا +

حرمت لینا - ا - آبرو لینا - بے عزت کرنا +

حرمت والا - ا - صفت - عزت والا - شرافت والا شریف - رئیس +

حرمزدگی - ا - مؤنث - شرارت - بدذاتی - شوخی +

حروف - ع - مذکر - حرف کی جمع +

حریر - ع - مذکر - ریشم - ریشمی کپڑا +

حریرہ - ع - مذکر - ایک قسم کی میٹھی پینے کی چیز میدہ اور کھانڈ کی پکائی جاتی ہے +

حریری - ع - صفت - ریشمی - ریشم کا باریک +

حَرِیص ۔ ع ۔ صفت ۔ لالچی ۔ لوبھی ۔ پیٹو ۔ لالچ خورا ✣
حَرِیف ۔ ع ۔ مذکر ۔ ہم پیشہ ۔ دشمن ۔ برا چاہنے والا ✣

ح ز

حُزن ۔ ع ۔ مذکر ۔ رنج ۔ ملال ۔ غم ✣
حَزِین ۔ ع ۔ مذکر ۔ رنجیدہ ۔ غمگین ۔ ملول ✣

ح س

حِس ۔ ع ۔ مؤنث ۔ حواسوں میں سے کسی حواس سے جاننا ۔ جنبش ۔ حرکت ✣
حِسِ مُشترک ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دماغ کی وہ قوت کہ حواسوں سے جو کچھ معلوم ہو وہ اُس میں پہنچ کر جمع ہو جائے ✣
حِساب ۔ ع ۔ مذکر ۔ گنتی ۔ علم ریاضی ۔ بھاؤ ۔ قیمت ۔ ڈھنگ ۔ قاعدہ ۔ لین دین ۔ سمجھ ✣
حِساب بے باق کرنا ۔ ا ۔ حساب چکانا ۔ قرضہ ادا کرنا
حِساب بے باق ہونا ۔ ا ۔ قرضہ چکنا ۔ حساب پاک ہونا ۔ فیصلہ ہونا ✣
حِساب جَو جَو بَخشِش سَو سَو ۔ ا ۔ کہاوت ۔ معاملہ ذرا ذرا دیکھا جائے اور انعام کا اختیار ہے جتنا چاہے دو ✣
حِساب جوڑنا ۔ ا ۔ میزان دینا ۔ جمع کرنا ۔ اکھٹا کرنا ۔ ٹوٹل دینا
حِساب دینا ۔ ا ۔ حساب سمجھانا ۔ چارج دینا ۔ حساب سپرد کرنا ۔ ذمہ پڑنا ✣
حِساب رکھنا ۔ ا ۔ لین دین رکھنا ۔ خرچ اُٹھانا ۔ فہرست میں درج کرنا ۔ آشنائی رکھنا ✣
حِساب سے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ لیکھے ۔ حسابوں ۔ نزدیک
حِساب سے باہر ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ بے شمار ۔ بے گنتی ۔ بے انت ✣
حِساب کِتاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ لیکھا جوکھا ۔ لین دین ۔ میل ملاپ ✣
حِساب کرنا ۔ ا ۔ بیباقی کرنا ۔ قرض چکانا ۔ حساب سمجھانا
حِساب کی رُو سے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ حساب سے ۔ حساب کے مطابق ✣
حِساب لگانا ۔ ا ۔ حساب پھیلانا ۔ پڑتت پھیلانا ۔ پڑتال کرنا ۔ جمع خرچ سمجھنا ✣
حِساب میں جمع کرنا ۔ ا ۔ بہی میں لکھنا ۔ کھاتے میں چڑھانا ✣
حِساب میں لگانا ۔ ا ۔ حساب میں شامل کرنا ۔ نام لکھنا ذمہ لگانا ✣
حِسابی ۔ ا ۔ صفت ۔ حساب جاننے والا ۔ حساب کا ماہر ۔ مؤنث ۔ حساب کی بات ۔ قاعدہ کی بات ✣
حَسَب ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بموجب ۔ موافق ۔ مطابق ✣
حَسبِ اِتّفاق ۔ ع ۔ اتفاقاً ۔ سنجوگ سے ۔ ناگاہ ۔ اچانک ✣
حَسبِ اِرشاد ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ حکم کے مطابق ۔ فرمانے کے بموجب ✣
حَسبِ تَوفیق ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ حال کے موافق ۔ ٹھیک موقع سے ✣
حَسبِ ذَیل ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ نیچے لکھے ہوئے کے مطابق ✣
حَسبِ قاعِدہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ قاعدہ کے موافق ✣
حَسبِ مُراد ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ جیسا دل چاہتا ہے خواہش کے موافق ✣
حَسبِ مَعمُول ۔ ع ۔ دستور کے مطابق ✣
حَسبِ مَنشاء ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ خواہش کے مطابق ارادہ کے موافق ✣
حَسَب ۔ ع ۔ مذکر ۔ نسبی ۔ خاندان کا سلسلہ ۔ ماں کی طرف کا سلسلہ ۔ مال اور مرتبہ کی بزرگی ۔ دینی بزرگی ✣
حَسَب نَسَب ۔ ع ۔ مذکر ۔ ماں باپ کا خاندانی سلسلہ ۔ نانا دادا کا خاندان ✣
حَسَد ۔ ع ۔ مذکر ۔ ڈاہ ۔ جلن ۔ رشک ۔ دشمنی ✣
حَسَد رکھنا ۔ ا ۔ جلن رکھنا ۔ جلنا ۔ دشمنی رکھنا ✣
حَسرَت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ افسوس ۔ آرزو ۔ ارمان ۔ شوق
حَسرَت برسنا یا ٹپکنا ۔ ا ۔ افسوس کا اثر ظاہر ہونا ✣
حَسرَت بھرا ۔ ا ۔ مذکر ۔ پُر ارمان ۔ شوق سے بھرا ہوا ✣

حَسَن - ع - صفت - نیک - اچھا - بھلا - (مذکر) حضرت رسولؐ مقبول کے نواسے کا نام ۔

حُسن - ع - مذکر - خوبی - جمال - خوبصورتی - روپ ۔

حُسنِ انتظام - ع - مذکر - انتظام کی خوبی ۔

حُسنِ طلب - ع - مذکر - کسی عمدہ تدبیر سے کوئی چیز مانگنا

حُسنِ ظن - ع - مذکر - نیک گمان ۔

حُسنِ محفل - ع - مذکر - حقّہ ۔

حُسنِ مطلع - ع - مذکر - مطلع کے بعد کا شعر - دوسرا شعر ۔

حُسن دان - ا - مذکر - چھوٹا سا گمٹی دار پاندان - چھوٹی سی پٹاری ۔

حَسِین - ع - صفت - خوبصورت - سُندر - حسن والا ۔

حُسَین - ع - (حَسَن کی تصغیر) حضرت رسولؐ مقبول کے نواسے اور امام حسنؑ کے چھوٹے بھائی کا نام ۔

ح ش

حَشّاش بَشّاش - ع - صفت - ہنس مکھ - خوش - شاد ۔

حَشر - ع - مذکر - اُٹھانا - قیامت - ہلاک کرنا - شور و غل

حشر برپا کرنا - ا - آفت ڈھانا - فساد اُٹھانا - کہرام مچانا ۔

حشر توڑنا - ا - عو - آفت ڈھانا - بہت خفا ہونا - شور کرنا جھنجلانا ۔

حشر ہونا - ا - عو - قیامت ہونا - آفت ٹوٹنا - غل شور ہونا

حشرات - ع - مذکر - چھوٹے چھوٹے کیڑے - غل شور

حشرات الارض - ع - مذکر - کیڑے مکوڑے - برساتی کیڑے زمین کے موذی کیڑے ۔

حشری باغی - ا - مذکر - جو دوسروں کی دیکھا دیکھی بغاوت کریں - اتفاقی سرکش ۔

حشری گھوڑا - ا - مذکر - سرکش اور شریر گھوڑا ۔

حشفہ - ع - مذکر - مرد کے عضو مخصوص کا سر ۔

حشمت - ع - مؤنث - نوکر چاکر اور خادموں کی بھیڑ - شان و شوکت - ساز و سامان ۔

ح ص

حِصار - ع - مذکر - گھیرا - چار دیواری - شہر پناہ - قلعہ - گڑھ - کوٹ ۔

حصار باندھنا - ا - قلعہ باندھنا - چاروں طرف سے گھیر ڈالنا - چار دیواری کھڑی کرنا ۔

حُصول - ع - مذکر - حاصل - فائدہ ۔

حِصّہ - ع - مذکر - ٹکڑا - بانٹ - بخرہ - تقسیم - درجہ - کرہ

حصّہ بخرہ - ا - مذکر - عو - کھانے پینے کی چیز کا حصہ میل ملاپ ۔

حصّہ داری - ا - مؤنث - زمین کی شراکت - زمین کی پتی

حصّہ رسد - ع - ف - تابع فعل - جتنا جتنا حصے میں آئے - بانٹ کے موافق ۔

حصّہ لگانا - ا - تقسیم کرنا - بانٹنا - ڈھیریاں لگانا ۔

حِصّے دار - ا - مذکر - شریک ۔

حَصِیر - ع - مذکر - بوریا - چٹائی ۔

ح ض

حَضرت - ع - مذکر - نزدیکی - جناب - قبلہ - حضور - درگاہ

حضرت سلامت - ع - مذکر - میاں - یار - جناب - جناب عالی

حضرت فاطمہؓ کی جھاڑو پھرے - ا - عو - بددعا - تباہ ہو جائے - کوئی نہ رہے - کچھ نہ رہے - برباد ہو جائے ۔

حضرات - ع - مذکر - حضرت کی جمع - بزرگ - مخدوم - (کلمۂ ندا) اے لوگو ۔

حُضور - ع - مذکر - حاضری - موجودگی - جناب - جناب عالی دربار - اجلاس - روبرو - سامنے ۔

حضور میں - ا - تابع فعل - حاکم یا بزرگ کے سامنے خدمت میں - اجلاس - درگاہ یا دربار میں ۔

حضور والا - ع - مذکر - جناب عالی ۔

حضوری - ع - مؤنث - حاضری - نزدیکی ۔

ح ظ

حَظ۔ ع۔ مذکر۔ حصہ۔ نصیب۔ خوشی۔ آنند۔ لذت ٭
حَظ اُٹھانا۔ ا۔ مزہ اُڑانا۔ لطف اُٹھانا۔ لذت پانا۔ خوشی منانا ٭
حَظِ نفسانی۔ ع۔ مؤنث۔ حیوانی خوشی ٭

ح ف

حِفاظت۔ ع۔ مؤنث۔ نگرانی۔ چوکسی۔ بچاؤ۔ سلامتی
حِفاظت کرنا۔ ا۔ نگہبانی کرنا۔ بچاؤ کرنا ٭
حِفظ۔ ع۔ تابع فعل۔ ازبر۔ زبانی۔ یاد۔ حفاظت۔ لحاظ ادب ٭
حِفظ پڑھنا۔ ا۔ یاد کرنا۔ ازبر کرنا۔ بن دیکھے پڑھنا
حِفظِ صحت۔ ع۔ مذکر۔ تندرستی کی حفاظت۔ صحت کا بچاؤ ٭
حِفظ کرنا۔ ا۔ یاد کرنا۔ ازبر کرنا ٭
حِفظِ ماتقدم۔ ع۔ مذکر۔ وہ بچاؤ جو پہلے سے کیا جائے
حِفظِ مراتب۔ ع۔ مذکر۔ ادب کا پاس۔ مرتبہ کا لحاظ۔ درجہ کی رعایت ٭

ح ق

حَق۔ ع۔ مذکر۔ خدا۔ اللہ۔ سچ۔ واجب۔ ٹھیک۔ قائم۔ شان۔ واسطے۔ فرض۔ جائز۔ بدلہ ٭
حَق ادا کرنا۔ ا۔ فرض ادا کرنا۔ نوکری یا خدمت یا کوئی کام بجالانا ٭
حَق اللہ پاک ذات اللہ۔ ا۔ (جملہ) خدا برحق ہے اُسکی ذات پاک ہے ٭
حَق پرست۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ خدا کو ماننے والا۔ خدا کی عبادت کرنے والا ٭
حَق پر لڑنا۔ ا۔ سچ پر لڑنا۔ استحقاق پر جھگڑا کرنا ٭
حَق تعالےٰ۔ ع۔ مذکر۔ بزرگ خدا۔ بلند خدا ٭

حَق تلفی۔ ع۔ مؤنث۔ بے انصافی۔ حق مارنا ٭
حَق ثابت کرنا۔ ا۔ دعوے کا ثبوت بہم پہنچانا۔ استحقاق کا منوانا ٭
حَق حَق کرنا۔ ا۔ خدا کا نام لینا۔ انصاف کرنا۔ نیاؤ کرنا
حَق رَسی۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ انصاف۔ عدل۔ نیاؤ ٭
حَق سرکار۔ ف ع۔ مذکر۔ لگان۔ خراج۔ مالگذاری ٭
حَقِ شُفعہ۔ ع۔ مذکر۔ پڑوس کا حق۔ برابر کی جائداد خریدنے کا حق ٭
حَق شِناس۔ ع۔ ف۔ صفت۔ قدردان۔ منصف۔ خدا کو پہچاننے والا ٭
حَق شِناسی۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ خداشناسی۔ خدمت کے حق کو جاننا اور سمجھنا۔ قدردانی ٭
حَق کو پہنچنا۔ ا۔ انصاف کو پہنچنا۔ انصاف پانا۔ سچ کو دریافت کرلینا۔ سچ کو جان لینا ٭
حَق لینا۔ ا۔ ودشہ۔ محنتانہ یا واجبی حصہ لینا۔ مال مارنا۔ جائداد دبانا ٭
حَق ناحَق۔ ا۔ تابع فعل لغو۔ ناحق۔ بے سبب۔ خواہ مخواہ۔ بلا وجہ ٭
حَق نام اللہ کا۔ ا۔ محاورہ۔ سچا نام خدا کا ٭
حَقِ نمک ادا ہونا۔ ا۔ نوکری اور نمک خواری کا فرض ادا ہونا ٭
حَق ہونا۔ ا۔ مرنا۔ جہان سے گذرنا۔ سچ ہونا۔ انصاف ہونا
حَقارَت۔ ع۔ مؤنث۔ ذلت۔ خواری۔ بے عزتی ٭
حَقارَت کی نظر سے دیکھنا۔ ا۔ کسی کو کم رتبہ سمجھ کرکے توجہی کرنا۔ خاطر میں نہ لانا۔ ذلیل سمجھنا ٭
حَق دَق رہ جانا۔ ا۔ ع۔ حیرت میں ہو جانا۔ بیٹھا جانا۔ گھبرا جانا۔ بھچک رہ جانا۔ ہوش حواس نہ رہنا
حُقنَہ۔ ع۔ مذکر۔ کسی دوا کی پچکاری جو بیمار کے پاخانہ آنے کے واسطے دیجائے۔ عمل ٭
حُقنَہ کرنا۔ ا۔ مذکر۔ بیمار کو عمل دینا یا پچکاری دینا کہ پاخانہ آجائے ٭

حُقُوق - ع - اسم - مذکر - حق کی جمع ٭

حُقّہ - ع - مذکر - ڈبا - جواہرات رکھنے کی ڈبیا - تمباکو پینے کا ایک آلہ ٭

حُقّہ باز - ع ف - مذکر - بھان متی - بازیگر - مداری - بہت حقّہ پینے والا ٭

حُقّہ بردار - ع ف - مذکر - حقّہ بھرنے والا - حقّہ پلانے والا حقّہ اُٹھانے یا لے چلنے والا ٭

حُقّہ بھرنا - ا - چلم پر تمباکو رکھ کر آگ رکھنا ٭

حُقّہ پینا - ا - حقّہ میں دم لگانا - حقّہ میں دم لگا کر دھواں کھینچنا ٭

حُقّہ تازہ کرنا - ا - حقّہ کا پانی بدلنا اور نیچے کو بھگونا

حَقِیّت - ع - مؤنث - حق - حقداری - ملکیت ٭

حَقِیر - ع - صفت - چھوٹا - ادنے - دُبلا - پتلا - ذلیل خوار - اوچھا - بے قدر ٭

حَقِیر جاننا - ا - ذلیل سمجھنا - کمینہ جاننا - خوار سمجھنا ٭

حَقِیقَت - ع - مؤنث - اصل جڑ - بنیاد - کیفیت - حال سچ - بساط - حیثیت ٭

حَقِیقَت کھل جانا - ا - قلعی کھل جانا - بھید ظاہر ہو جانا - حال کھل جانا - مزا آ جانا ٭

حَقِیقَت میں - ا - تابع فعل - دراصل - اصل میں واقع میں ٭

حَقِیقِی - ع - صفت - اصلی - سگا - اپنا ٭

ح ک

حَک - ع - مذکر - کھرچنا - چھیلنا - دور کرنا ٭

حَکّاک - ع - مذکر - مُہر کھودنے والا - حرف کھودنیوالا

حُکّام - ع - مذکر - حاکم جمع ٭

حِکَایَت - ع - مؤنث - کہانی - قصہ - داستان - بات ٭

حِکَایَتاً - ع - تابع فعل - ذکر کے طور پر - بیان کے طریق پر

حَکَم - ع - مذکر - پنچ - سرپنچ - فیصلہ کرنے والا منصف

حُکْم - ع - مذکر - فرمان - ارشاد - آگیا - فیصلہ ٭

حُکم اُٹھانا - ا - حکم ماننا - فرمان بجالانا ٭

حُکم آخیر - ع - مذکر - قطعی حکم - آخری فیصلہ ٭

حُکم بجانا - ا - کہا کرنا - کہنے پر چلنا ٭

حُکم بردار - ع ف - صفت - حکم ماننے والا - نمک حلال

حُکم برداری - ع ف - مؤنث - اطاعت - تابعداری

حُکم بھیجنا - ا - سرکاری طور پر اطلاع دینا ٭

حُکم توڑنا - ا - کہانہ ماننا - نافرمانی کرنا - حکم عدولی کرنا

حُکم جاری کرنا - ا - حکم نکالنا - اشتہار دینا - ڈونڈی پٹوانا ٭

حُکم چلانا - ا - حکم دینا - حکومت کرنا - سختی کرنا ٭

حُکم دینا - ا - ارشاد فرمانا - فتوے دینا - فیصلہ کرنا ٭

حُکم رانی - ع ف - مؤنث - حکومت - سلطنت - بادشاہی

حُکم رانی کرنا - ا - سلطنت کرنا - بادشاہی کرنا ٭

حُکم سے بُلانا - ا - جبراً بلانا - زبردستی بلانا - سمن بھیجنا

حُکم ظہری - ع - مذکر - وہ حکم جو کسی رپورٹ یا کاغذ کی پشت پر یعنی دوسری طرف لکھا جائے ٭

حُکم قطعی - ع - مذکر - آخری فیصلہ - آخری حکم ٭

حُکم کرنا - ا - حکم چلانا - حکم دینا - اجازت دینا ٭

حُکم گشتی - ع ف - مذکر - وہ حکم جو سب جگہ پھرایا جائے

حُکم لگانا - ا - پختہ رائے ظاہر کرنا - دعوے جمانا - دفعہ لگانا ٭

حُکم مُطلق - ع - مذکر - قطعی حکم - عام حکم ٭

حُکم نامہ - ع ف - مذکر - تحریری حکم ٭

حِکمت - ع - مؤنث - عقل - دانائی - ترکیب - طبابت مطلب - غرض ٭

حِکمتِ عملی - ع - مؤنث - تدبیر - چالاکی - ہوشیاری پالیسی ٭

حِکمت کرنا - ا - طبابت یا ڈاکٹری کرنا - دانائی کرنا تدبیر کرنا ٭

حِکمتِ مُدنی - ع - مؤنث - شہری انتظام کے قانون شہر کا انتظام ٭

حِکمتی - ا - صفت - فلسفی - چالاک - ہوشیار ✦
حُکُومَت - ع - مؤنث - سلطنت - راج - سختی - جبر ✦
حکُومَت جتانا - ا - تیزی دکھانا - جبر کرنا - سختی کرنا ✦
حکُومَت کرنا - ا - راج کرنا - دبانا - زور دکھانا ✦
حُکمی - ع - صفت - بے چوک - بے خطا - ضروری - فرمانبردار
حکمی دَوا - ع - مؤنث - مجرب دوا - یقینی اثر کرنے والی دوا
حکمی بَندہ - ع ف - مذکر - فرمانبردار - تابعدار ✦
حَکِیم - ع - مذکر - عقلمند - ہوشیار - فلسفی - طبیب ✦
حَکِیمی - ا - صفت - طبابت - ڈاکٹری ✦

ح ل

حَل - ع - مذکر - کھولنا - سلجھاؤ - آسان کرنا - گھُلنا - گھٹائی - حساب کا سوال نکالنا ✦
حل کرنا - ا - سلجھانا - پیسنا - گھولنا ✦
حَلال - ع - صفت - جائز - درست - شُدھ - حق - ذبح کیا ہوا ✦
حلال خور - ا - مذکر - حلال کی کمائی کھانے والا - بھنگی - چوہڑا ✦
حلال کرنا - ا - ذبح کرنا - (عو) قتل کرنا - مارنا ✦
حلال کر کے کھانا - ا - محنت کر کے کھانا ✦
حلاوت - ع - مؤنث - مٹھاس - مزہ - آرام - سکھ ✦
حَلف - ع - مذکر - قسم - عہد - قرآن ✦
حلف اُٹھانا - ا - قسم کھانا - قرآن اُٹھانا - گنگا جلی اُٹھانا
حلف دروغی - ا - مؤنث - جھوٹی قسم کھانا ✦
حلف دینا - ا - قسم دینا - قرآن یا گنگا جلی اُٹھوانا ✦
حلفِ شرعی - ع - مذکر - مذہبی قاعدہ کے مطابق قسم کھانا ✦
حلفاً - ع - صفت - قسم سے - قسمیہ ✦
حلق - ع - مذکر - گلا - ٹیٹوا - گردن - منہ - زبان ✦
حلق بند کرنا - ا - چپ کرنا - منہ پکڑنا - زباں بندی کرنا ✦

حلق پر چھُری پھیرنا - ا - ذبح کرنا - گردن کاٹنا - ظلم کرنا ✦
حلق دبانا - ا - گلا دبانا - گلا گھونٹنا - بات کرنے سے روکنا
حلق کا دربان - ا - مذکر - عو - کھانے پینے سے روکنے والا - وہ بچہ جو ماں کو کچھ کھانے نہ دے اور ہر چیز کھاتے وقت موجود ہو جائے ✦
حلق میں نوالہ پھنسنا - ا - عو - کوئی عمدہ چیز کھاتے وقت اپنے بچے یا دوست یاد آنا ✦
حُلقُوم - ع - مذکر - حلق - گلا - سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا ✦
حَلقَہ - ع - مذکر - گھیرا - کڑا - گول کنڈا - تکمہ - علاقہ ضلع ✦
حلقہ باندھنا - ا - گھیرا ڈالنا - چاروں طرف سے گھیر لینا ✦
حلقہ بگوش - ع ف - مذکر - غلام - داس - فرمانبردار
حلقہ کرنا - ا - گھیرا کرنا - گھیرنا ✦
حِلم - ع - مذکر - سمائی - برداشت - نرمی - نرم دلی ✦
حلوا - ع - مذکر - میٹھا - موہن بھوگ - نرم چیز - نرم مال
حلوا سمجھنا - ا - کسی کو بہت کمزور سمجھنا - آسان سمجھنا
حلوا سوہن - ا - مذکر - ایک قسم کی مٹھائی ✦
حلوا نکلجانا - ا - براحال ہو جانا - پلیتھن نکل جانا ✦
حلوائے بے دُود - ع ف - مذکر - پیڑ کا پکا میوا - قدرتی حلوا - نرم چارہ - ملائم مال ✦
حلوائے مرگ - ع ف - مذکر - بھتّا - موت کا حلوا ✦
حلوائے مفراضی - ع - مذکر - ایک خاص قسم کا حلوا ✦
حلوان - ا - مذکر - بکری یا بھیڑ کا دودھ پیتا بچہ - نرم گوشت ✦
حلوائی - ع - مذکر - حلوا بیچنے والا - مٹھائی بیچنے والا ✦
حلوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ - ا - کہاوت - پرایا مال اپنا سمجھنے یا بے دردی سے صرف کرنے کے موقع پر بولتے ہیں ✦

حلوے مانڈے سے کام رکھنا۔ ا۔ اپنا بھلا چاہنا کوئی مرے یا جیے ◆

حلیم۔ ع۔ صفت۔ بردبار۔ دھیما۔ گمبھیر۔ نرم۔ ایک قسم کا کھانا۔ کھچڑا ◆

حلیہ۔ ع۔ مذکر۔ زیور۔ گہنا۔ عنابتی پوشاک۔ صورت چہرہ

حلیہ ہونا۔ چہرہ لکھا جانا یا صورت لکھی جانا ◆

ح م

حماقت۔ ع۔ مؤنث۔ نادانی۔ بے وقوفی ◆

حمال۔ ع۔ مذکر۔ بوجھ اٹھانے والا پلے دار۔ مزدور ◆

حمام۔ ع۔ مذکر۔ نہانے کی جگہ ◆

حمام کرنا۔ ا۔ نہانا۔ اشنان کرنا۔ امیروں کا نہانا ◆

حمام ہونا۔ ا۔ نہان ہونا۔ امیروں کا اشنان ہونا ◆

حمامی۔ ع۔ مذکر۔ نہانے والا۔ اشنان کرنے والا۔ حجام

حمایت۔ ع۔ مؤنث۔ طرفداری۔ مدد۔ سایہ۔ نگہبانی۔ محافظت ◆

حمایت کرنا یا لینا۔ ا۔ طرفداری کرنا۔ مدد کرنا ◆

حمایتی۔ ع۔ مذکر۔ طرفدار۔ مددگار ◆

حمایتی کا ٹٹو۔ ا۔ صفت۔ کسی کی مدد پر کام کرنے والا دوسرے کے بل پر کودنے والا ◆

حمایتی کی گھوڑی عراقی کے لات مارتی ہے۔ ا۔ کہاوت۔ جس کا کوئی مددگار ہوتا ہے۔ وہ ادنے ہو کر بھی بڑوں کا مقابلہ کر بیٹھتا ہے ◆

حمائل۔ ع۔ مؤنث۔ پرتلا۔ ایک گلے کا زیور۔ بدھی جنیو چھوٹا سا قرآن شریف جو گلے میں ڈال سکیں ◆

حمد۔ ع۔ مؤنث۔ خدا کی تعریف ◆

حمق۔ ع۔ مذکر۔ نادانی۔ بے وقوفی ◆

حمل۔ ع۔ مذکر۔ بوجھ۔ پیٹ۔ گربھ۔ آسمان کا پہلا برج

حمل اسقاط ہونا یا گرنا۔ ا۔ پیٹ گرنا۔ پیٹ کے بچہ کا ضائع ہونا ◆

حمل رہنا۔ ا۔ پیٹ میں بچہ پڑنا۔ پیٹ رہنا ◆

حمل گرانا۔ ا۔ پیٹ گرانا۔ اسقاط کرنا ◆

حملہ۔ ع۔ مذکر۔ چڑھائی۔ دھاوا۔ ہلا۔ وار۔ چوٹ

حملہ آور۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ چڑھ کر آنے والا

حملہ کرنا۔ ا۔ دھاکرنا۔ چڑھنا۔ وار چلانا۔ چوٹ کرنا

ح ن

حنا۔ ع۔ مؤنث۔ مہندی ◆

حنا بندی۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ مسلمانوں میں بیاہ کی ایک رسم ◆

حنائی۔ ف۔ صفت۔ مہندی لگا ہوا۔ مہندی کے رنگ کا گیروا ◆

حنظل۔ ع۔ مذکر۔ اندرائن کا پھل۔ پھر پھپنید دا ◆

ح و

حوا۔ ع۔ مؤنث۔ باوا آدم کی بیوی کا نام۔ سب آدمیوں کی ماں ◆

حواری۔ ع۔ مذکر۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کے دوست

حواس۔ ع۔ مذکر۔ حاسہ کی جمع۔ ہوش۔ اوسان۔ عقل۔

حواس باختہ۔ ع۔ ف۔ صفت۔ بے اوسان۔ گھبرایا ہوا

حواس باختہ ہونا۔ ا۔ ہوش نہ رہنا۔ گھبرا جانا ◆

حواس جانا۔ ا۔ اوسان نہ رہنا۔ ہوش نہ رہنا ◆

حوالات۔ ا۔ مؤنث۔ بندی۔ قید۔ نگرانی۔ نظر بندی کی جگہ ◆

حوالات کرنا۔ نظر بند کرنا۔ نگرانی میں رکھنا ◆

حوالات ہونا۔ ا۔ نظر بند ہونا۔ قید ہونا ◆

حوالہ۔ ع۔ مذکر۔ سپردگی۔ پتا۔ نشان ◆

حوالہ دار یا حوالدار۔ ا۔ مذکر۔ چند سپاہیوں کا سردار

حوالی۔ ع۔ مؤنث۔ آس پاس۔ گرد ◆

حوالے کرنا۔ ا۔ سپرد کرنا۔ دینا۔ پکڑانا ◆

حوت۔ ع۔ مؤنث۔ بڑی مچھلی۔ مذکر۔ آسمان کا بارھواں برج ◆

حُور - ع - مؤنث - خوبصورت لڑکیاں جو بہشت میں نیک آدمیوں کی بیویاں ہونگی - صفت - بہت خوبصورت ◆

حُور کا بچہ - ا - صفت - بہت خوبصورت - چاند کا ٹکڑا ◆

حَوصلہ - ع - مذکر - پرندکا پوٹا - ہمّت - سمائی - ارمان

حَوض - ع - مذکر - تالاب - ڈبر ◆

حَویلی - ا - مؤنث - بڑا اور پختہ مکان - عالی شان مکان

حی

حَیا - ع - مؤنث - شرم - غیرت - لاج ◆

حَیادار یا حَیامند - ا - صفت - ع - غیرت مند - شرم والا - نیک بخت ◆

حَیات - ع - مؤنث - زندگی - جان - پران - روح ◆

حَیثیّت - ع - مؤنث - ڈھنگ - طریق - وضع - استعداد حوصلہ - مالیّت - مقدور - آمدنی - عزت - آبرو ◆

حَیثیّت سے بڑھ کر - ا - تابع فعل - مقدور سے باہر

حَیثیّتِ عُرفی - ع - مؤنث - ظاہری عزت - بنی ہوئی عزت

حَیران - ع - صفت - ہکّا بکّا - پریشان - حیرت میں ◆

حَیران کرنا - ا - پریشان کرنا - ستانا - دق کرنا - پھرانا ◆

حَیرانی - ا - مؤنث - حیرت - پریشانی - تعجب ◆

حَیرت - ع - مؤنث - حیرانی - اچنبہ - تعجب - بھچک ہنا

حَیص بَیص - ع - مؤنث - لڑائی جھگڑا - تکرار - بحثا بحثی

حَیض - ع - مذکر - وہ خون جو عورتوں کو ہر مہینے آتا ہے

حَیض کا لتّہ - ا - مذکر - حیض صاف کیا ہوا کپڑا - ذلیل نفرت کے قابل ◆

حَیضی یا حَیضنی بچہ - ا - مذکر - حرامی - شریر - حرامزادہ

حَیف - ع - مذکر - افسوس - ہائے - ظلم - ستم ◆

حِیلہ - ع - مذکر - بہانہ - مکر - فریب - دھوکا - نوکری - روزگار ◆

حِیلہ باز یا حِیلہ گر یا حیلہ ساز - ع ف - صفت - مکار - فریبی - دغاباز ◆

حِیلہ بازی - ا - مؤنث - مکاری بہانہ بازی ◆

حِیلہ حوالہ - ا - مذکر - ٹال مٹول - ہیرا پھیری ◆

حِیلۂ رِزق بہانۂ مَوت - ا - کہاوت - روزی اور موت کسی بہانہ اور سبب سے ہوتی ہے ◆

حِیلۂ شرعی - ع - مذکر - وہ بہانہ جو مذہب میں جائز ہے

حِیلہ کرنا - ا - بہانہ کرنا - فریب کرنا ◆

حِین - ع - مذکر - وقت - زمانہ - عرصہ ◆

حِینِ حیات - ع - مؤنث - جیتے جی - عمر بھر - جنم بھر کو

حَیوان - ع - مذکر - زندگی - جاندار - جانور - بے وقوف وحشی ◆

حَیوانِ مُطلق - ع - صفت - جانور - پشو ◆

حَیوانِ ناطِق - ع - صفت - آدمی - انسان ◆

حَیوانی - ع - صفت - انسانی کے خلاف - بہیمی - نفسانی ◆

حَیوانیّت - ع - مؤنث - وحشت - بے حیائی - نادانی ◆

خ

خ - ع - مؤنث - اردو الف بے تے کا دسواں حرف

خا

خاتِم - ع - مذکر - ختم کرنے والا - ع - مؤنث - انگوٹھی - مہر ◆

خاتِمُ الانبیا - ع - مذکر - آخری پیغمبر - محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم ◆

خاتم بندی یا خاتم کاری - ع - ف - مؤنث - لکڑی یا ہڈی وغیرہ میں پھول پتی بنانا - جڑاوٹ کا کام ◆

خاتمہ - ع - مذکر - اخیر - نتیجہ - موت ◆

خاتمہ بالخیر - ع - تابع فعل - ایمان کیساتھ مرنا لفظاً بالخیر

خاتمہ ہونا - ا - تمام ہونا - ہوچکنا - مرجانا - گذر جانا ◆

خاتون - ت - مؤنث - امیر گھر کی عورتوں کا لقب۔

شہزادی۔ ملکہ۔ رانی ٭
خاتونِ جنّت۔ ت۔ ع۔ مؤنث۔ جنت کی شہزادی حضرت فاطمہؓ کا لقب۔ جو رسولِ مقبولؐ کی بیٹی تھیں ٭
خادِم۔ ع۔ مذکر۔ خدمت کرنے والا۔ نوکر۔ سیوک۔ مجاور
خادِمِ درگاہ۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ مجاور۔ درگاہ کا ملازم ٭
خار۔ ف۔ مذکر۔ کانٹا۔ سول۔ پھانس ٭
خارپُشت۔ ف۔ مذکر۔ سی۔ سیہہ۔ ایک کانٹےدار جنگلی جانور ٭
خاردار۔ ف۔ صفت۔ کانٹےدار۔ کانٹوں والا ٭
خار کھانا۔ ا۔ عو۔ حسد کرنا۔ جلنا۔ دشمنی کرنا ٭
خار گذرنا یا لگنا۔ ا۔ عو۔ برا لگنا۔ کھٹکنا۔ رشک آنا ٭
خاروخس یا خار و خاشاک۔ ف۔ مذکر۔ کوڑا کرکٹ ٭
خار ہونا۔ ا۔ ناگوار گذرنا۔ برا لگنا۔ حسد ہونا ٭
خارا۔ ف۔ مذکر۔ سخت پتھر۔ نیلا پتھر ٭
خارِج۔ ع۔ صفت۔ باہر۔ نکالا ہوا۔ دور۔ علیحدہ ٭
خارِج از بحث۔ ع۔ ف۔ تابع فعل۔ سننے کے ناقابل
خارِج از عقل۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ اُلو۔ احمق۔ گدھا ٭
خارِج قسمت۔ ع۔ مذکر۔ حصہ۔ حاصل تقسیم ٭
خارِج کرنا۔ ا۔ نکالنا۔ باہر کرنا۔ جدا کرنا ٭
خارِج ہونا۔ ا۔ نکلنا۔ الگ ہونا ٭
خارِجہ۔ ع۔ مذکر۔ باہر کا ٭
خارجی۔ ع۔ مذکر۔ مذہب سے باہر۔ بےایمان مسلمانوں کا ایک فرقہ ٭
خارِش یا خارِشت۔ ف۔ مؤنث۔ کھجلی۔ چل۔ کھاج ٭
خاشاک۔ ف۔ صفت۔ کوڑا کرکٹ ٭
خارِشتی۔ ف۔ صفت۔ کھجلی والا۔ کھجلی بھرا ٭
خارشتی گتیا مخمل کی جھول۔ ا۔ کہاوت۔ بدصورت آدمی اور بہت بڑھیا کپڑے ٭
خاص۔ ع۔ صفت۔ مخصوص۔ اپنا۔ صرف۔ عمدہ۔ ٹھیک
خاص بازار۔ ع۔ ف۔ شاہی بازار۔ راج بازار ٭
خاص بردار۔ ع۔ ف۔ ایک قسم کے سپاہی جو بادشاہوں اور امیروں کی سواری کے آگے بندوقیں لیکر چلتے ہیں
خاص تحصیل۔ ع۔ مؤنث۔ وہ تحصیل جو حاکم ضلع کے قریب ہو ٭
خاص تراش۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ بادشاہوں امیروں کا حجام۔ نائی ٭
خاص خاص لوگ۔ ا۔ مذکر۔ رئیس اور عزت دار آدمی
خاصکر۔ ا۔ تابع فعل۔ خصوصاً۔ خاص طور پر۔ اولاً۔ پہلے ٭
خاص نویس۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ پرائیویٹ سکرٹری۔ نجی کا منشی ٭
خاص و عام۔ ع۔ صفت۔ چھوٹے بڑے۔ امیر غریب سب ٭
خاصا۔ ا۔ مذکر۔ اچھا۔ بہت ٹھیک۔ برا نہ بھلا۔ درمیانی ٭
خاصا رہا۔ ا۔ صفت۔ خوب رہا۔ اچھا نکلا ٭
خاصّہ۔ ا۔ صفت۔ عادت۔ خصلت ٭
خاصہ۔ ع۔ صفت۔ بادشاہوں یا امیروں کا کھانا۔ بادشاہ یا امیروں کی سواری کا گھوڑا۔ ایک قسم کا کپڑا ٭
خاصدان۔ ا۔ مذکر۔ گلوری دان۔ پان کی گلوریاں رکھنے کا برتن ٭
خاصیّت۔ ع۔ مؤنث۔ مزاج۔ طبیعت۔ اثر۔ عادت۔ گُن ٭
خاطر۔ ع۔ مؤنث۔ دِل۔ مَن۔ دھیان۔ ارادہ۔ خوشی مرضی۔ آؤ بھگت۔ تواضع۔ طبیعت۔ مزاج ٭
خاطر آزردہ۔ ع۔ ف۔ صفت۔ رنجیدہ۔ ناراض ٭
خاطر جمع۔ ع۔ مؤنث۔ اطمینان۔ تسلّی۔ تسکین ٭
خاطر خواہ۔ ع۔ ف۔ تابع فعل (تلفظ خاطِر خاہ) جیسے دل چاہے۔ مرضی کے موافق ٭
خاطرداری۔ ا۔ مؤنث۔ آؤ بھگت۔ تواضع ٭
خاطر کرنا۔ ا۔ آؤ بھگت کرنا۔ خوشی کرنا۔ کہا ماننا
خاطر میں آنا۔ ا۔ خیال میں آنا۔ عزت ہونا۔ دل میں آنا

خاطر میں گذرنا۔ ا۔ دل میں آنا۔ خیال گذرنا ٭

خاطر میں نہ لانا۔ ا۔ خیال نہ کرنا۔ عزت نہ کرنا ٭

خاقان۔ ت۔ مذکر۔ بڑا بادشاہ ٭

خاک۔ ف۔ مؤنث۔ مٹی۔ دھول ٭

خاک اُڑانا۔ ا۔ دھول اُڑانا۔ بدنام کرنا۔ آوارہ پھرنا ٭

خاک اُڑنا۔ ا۔ دھول اُڑنا۔ بدنام ہونا۔ رونق نہ ہونا (عو) کچھ نہ رہنا۔ برباد ہونا ٭

خاک برسنا۔ ا۔ ریت اُڑنا۔ ویرانی برسنا ٭

خاک بسر۔ ف۔ صفت۔ پریشان حال۔ خراب خستہ ٭

خاک پھانکنا۔ ا۔ آوارہ پھرنا۔ جھوٹ بولنا۔ بہتان لینا

خاک چاٹ کر بات کہنا۔ ا۔ دعوے کی بات کو عجز ظاہر کرکے کہنا ٭

خاک چھان کر کوئی کام کرنا۔ ا۔ بڑی تلاش اور محنت سے کوئی بات حاصل کرنا ٭

خاک چھاننا۔ ا۔ خوب ڈھونڈھنا۔ بہت تلاش کرنا۔ آوارہ پھرنا ٭

خاک سر پر اُڑانا۔ یا ڈالنا۔ ا۔ ماتم کرنا۔ رونا۔ پیٹنا ٭

خاکِ شفا۔ ف۔ ع۔ کربلا کے شہیدوں کی قبر کی مٹی ٭

خاک سیاہ ہو جانا۔ ا۔ عو۔ جلکر راکھ ہو جانا۔ تباہ ہو جانا

خاک کا پتلا۔ ا۔ مذکر۔ آدمی ٭

خاک کا پیوند ہونا۔ ا۔ زمین میں دفن ہونا۔ مرنا ٭

خاک کرنا۔ ا۔ جلا کر راکھ کرنا۔ اُجاڑنا۔ کچھ نہ کرنا ٭

خاک لے ڈالنا۔ ا۔ بار بار جانا۔ دروازہ کی مٹی اُڑا دینا

خاک میں ملانا۔ ا۔ تباہ کرنا۔ خراب کرنا۔ اُجاڑنا ٭

خاک میں ملجائے۔ ا۔ بددعا۔ عو۔ مرجائے گڑجائے ٭

خاک میں ملنا۔ ا۔ برباد ہونا۔ نام نشان مٹنا ٭

خاک نہیں۔ ا۔ صفت۔ کچھ نہیں۔ ذرا نہیں۔ بالکل نہیں

خاک ہے۔ ا۔ صفت۔ کچھ نہیں۔ ذرا نہیں ٭

خاک ہو جانا۔ ا۔ گل کر مٹی ہو جانا ٭

خاکا۔ ا۔ مذکر۔ ڈھانچا۔ نقشہ۔ چربہ ٭

خاکا اُتارنا۔ ا۔ کچا نقشہ بنانا۔ مسودہ کرنا ٭

خاکا اُتارنا۔ ا۔ کچا نقشہ بنانا۔ مسودہ کرنا ٭

خاکا اُڑانا۔ ا۔ نقل اُڑانا۔ نقشا کھینچنا۔ بدنام کرنا ٭

خاکا بنانا یا کرنا۔ یا کھینچنا۔ ا۔ نقشہ کا نشان ڈالنا ٭

خاکروب۔ ف۔ مذکر۔ مہتر۔ چوڑھا۔ بھنگی ٭

خاکسار۔ ف۔ مذکر۔ خاک کی طرح۔ عاجز۔ آدھین ٭

خاکساری۔ ف۔ مؤنث۔ عاجزی۔ انکسار ٭

خاکستر۔ ف۔ مؤنث۔ راکھ۔ جلی ہوئی چیز کی بھبوت

خاکسی۔ ا۔ مؤنث۔ ایک دوا کا نام ٭

خاکنائے۔ ف۔ مؤنث۔ خشکی کا وہ تنگ حصہ جو دو بڑے خشکی کے حصوں کو ملائے ٭

خاکی۔ ف۔ صفت۔ خاک کے رنگ کا مٹیالا ٭

خاکی انڈا۔ ا۔ مذکر۔ مرغی جو انڈا بلا جفتی کے دے اُس سے بچہ نہیں نکلتا۔ حرامی۔ بن باپ کا ٭

خاگینہ۔ ف۔ مذکر۔ پکے ہوئے انڈے۔ انڈوں کا سالن

خال۔ ع۔ مذکر۔ جسم کا تل ٭

خال خال۔ ا۔ تابع فعل۔ اکا دکا۔ کوئی کوئی ٭

خالص۔ ع۔ صفت۔ صاف۔ بے ملاوٹ۔ کھرا ٭

خالصہ۔ ع۔ صفت۔ جو کسی سے ملا ہوا نہ ہو۔ سرکاری زمین پنجابی میں سردار کے معنے ہیں۔ سکھ ٭

خالق۔ ع۔ مذکر۔ پیدا کرنے والا۔ کرتار ٭

خالو۔ ا۔ مذکر۔ خالہ کا خاوند۔ ماں کی بہن کا خاوند ٭

خالہ۔ ع۔ مؤنث۔ ماں کی بہن۔ ماوسی ٭

خالہ جایا۔ ا۔ مذکر۔ خالہ کا بیٹا۔ موسیرا ٭

خالہ زاد بھائی۔ ا۔ مذکر۔ خالہ کا بیٹا۔ خالہ جایا ٭

خالہ جی کا گھر یا خالہ کا گھر۔ ا۔ مذکر۔ دعوے کی جگہ ایسی جگہ جہاں اپنا زور چل سکے ٭

خالی۔ ع۔ صفت۔ کھوکھلا۔ فقط۔ اکیلا۔ بے کار

خالی خر بکلی پوری فضیحتی۔ ا۔ کہاوت۔ جب آدمی کے پاس پیسہ نہیں ہوتا تو جھگڑا ہی رہتا ہے ٭

خالی جانا۔ ا۔ نشانہ پر نہ بیٹھنا۔ گولی نہ لگنا ٭

خالی دینا۔ ا۔ چوٹ نہ کھانا۔ وار بچانا۔ توڑ کرنا ٭

خالی کا چاند یا مہینا۔ ا۔ مذکر۔ ع۔ چاند کا گیارہواں مہینا ٭
خالی کرنا۔ ا۔ نکالنا۔ انڈیلنا۔ بندوق چھوڑنا ٭
خالی ہاتھ۔ ا۔ صفت مُفلس۔ غریب۔ بن چیز لئے۔ بغیر مٹھائی لئے ٭
خام۔ ف۔ صفت۔ کچا۔ کھرا۔ بودا۔ ناتجربہ کار۔ بند ٭
خام پارہ یا خُم پارہ۔ ا۔ صفت۔ جھلّو عورت۔ ایک قسم کی چھوٹی توپ ٭
خام خیالی۔ ف۔ مؤنث۔ غلط خیال۔ جھوٹا خیال۔ وہم ٭
خاموش۔ ف۔ صفت۔ چپ۔ ساکت ٭
خاموشی۔ ف۔ مؤنث۔ سکوت۔ چپّی ٭
خامہ۔ ف۔ مذکر۔ قلم ٭
خامی۔ ف۔ مؤنث۔ کچاپن۔ ناتجربہ کاری۔ کمی ٭
خان۔ ف۔ مذکر۔ پٹھانوں کا لقب۔ ڈوم اور خانساماں کا خطاب ٭
خان بہادر۔ ف۔ صفت۔ ایک خطاب جو گورنمنٹ سے ملتا ہے ٭
خانخاناں۔ ت۔ مذکر۔ بیرم خاں اور اسکے بیٹے کا خطاب تھا
خاندان۔ ف۔ مذکر۔ گوت۔ گھرانا۔ کٹم۔ قبیلہ ٭
خاندانی۔ ف۔ صفت۔ اچھی نسل کا۔ پراتا رئیس۔ قدیمی شریف
خانساماں۔ ف۔ مذکر۔ گھر کا سامان کرنے والا۔ داروغہ۔ صاحب لوگوں کو کھانا کھلانے والا ٭
خانقاہ۔ ا۔ مُعَرَّب ا۔ مؤنث۔ فقیروں کے رہنے کی جگہ
خانگی۔ ف۔ صفت۔ گھر یلو۔ گھر کا۔ نج کا۔ ذاتی۔ اپنا ٭
خانگی جھگڑا۔ ا۔ مذکر۔ آپس کا جھگڑا۔ خاندانی لڑائی ٭
خانم۔ ف۔ مؤنث۔ بیگم۔ امیرزادی۔ پٹھانی ٭
خانماں۔ ف۔ مذکر۔ گھر کا اسباب ٭
خانماں خراب۔ ف۔ صفت۔ تباہ۔ برباد ٭
خانوادہ۔ ف۔ مذکر۔ فقیروں اور پیروں کا سلسلہ۔ کسی بزرگ کی اولاد ٭
خانہ۔ ف۔ مذکر۔ گھر۔ کبوتروں یا مرغیوں کا ڈربا۔ مکان
خانہ آباد۔ ف۔ دعا۔ گھر بھرا رہے۔ خوش رہو۔ آباد رہو

خانہ آباد دولت زیادہ۔ ف۔ دعا۔ گھر بھرا رہے دولت میں ترقی ہو۔ تم اپنے گھر خوش ہم اپنے گھر خوش ٭
خانہ باغ۔ ف۔ مذکر۔ وہ باغ جو چار دیواری کے اندر ہو ٭
خانہ بدوش۔ ف۔ صفت۔ آوارہ۔ پریشان۔ وہ قوم یا آدمی جسکا کوئی خاص ٹھکانا نہ ہو ٭
خانہ بربادی۔ ف۔ مؤنث۔ گھر یا خاندان کی تباہی ٭
خانہ پُری۔ ا۔ مؤنث۔ نقشہ بھرنا۔ سرکاری کاغذ میں خانے بھرنا ٭
خانہ جنگی۔ ف۔ مؤنث۔ گھر کی لڑائی۔ آپس کی لڑائی ٭
خانہ خانہ۔ ف۔ تابع فعل۔ ڈربے ڈربے۔ مرغیوں یا کبوتروں کو بند کرنا ٭
خانۂ خدا۔ ف۔ مذکر۔ عبادت خانہ۔ مسجد۔ مندر۔ شوالا
خانہ خراب۔ ف۔ مذکر۔ آوارہ۔ ہرجائی۔ اُجڑا۔ تباہ
خانہ خرابی۔ ف۔ مؤنث۔ ناس۔ ستیاناس۔ ویرانی۔ بربادی
خانۂ خمّار۔ ف۔ ر۔ مذکر۔ شراب خانہ۔ بھٹّی ٭
خانہ داری۔ ف۔ مؤنث۔ گھر کے معاملات۔ گھربار کے کام کاج ٭
خانہ زاد۔ ف۔ مذکر۔ لونڈی غلام کا بچہ جو آقا ہی کے گھر پیدا ہوا ہو ٭
خانہ ساز۔ ف۔ صفت۔ مکان بنانے والا۔ گھر کی بنی ہوئی
خانہ شماری۔ ف۔ مؤنث۔ گھروں اور مکانوں یا آدمیوں کو گننا۔ مردم شماری ٭
خانہ نشین۔ ف۔ صفت۔ گھر بیٹھنے والا۔ بے کار۔
خاوند۔ ف۔ مذکر۔ آقا۔ مالک۔ میاں۔ خصم ٭
خاوند کرنا۔ ا۔ عورت کا اپنے آپ خصم کر لینا۔ نکاح کرنا ٭
خاوندی۔ ف۔ مؤنث۔ مہربانی۔ عنایت۔ پرورش ٭
خائف۔ ع۔ مذکر۔ ڈرنے والا۔ ڈرپوک ٭
خائن۔ ع۔ مذکر۔ خیانت کرنے والا۔ بے ایمان ٭
خایہ۔ ف۔ مذکر۔ انڈا۔ فوطہ ٭

خ ب

خَباثت - ع - مؤنث - پلیدی - گندا پن - گندگی - شرارت

خُبث - ع - مذکر - پلیدی - گندگی ٭

خَبَر - ع - مؤنث - اطلاع - پیام - شہرت - پتا - سناؤنی - ہوش

خبر آنا - ہ - اطلاع آنا - سناؤنی یعنی موت کی خبر آنا ٭

خبر اُڑانا - ہ - جھوٹی بات مشہور کرنا ٭

خبر اُڑنا - ہ - بات پھیلنا - چرچا ہونا - شہرت ہونا ٭

خبر پہنچانا - ہ - اطلاع کرنا - آگاہ کرنا ٭

خبردار - ف - صفت - آگاہ - ہوشیار - مُخبِر - ہرگز ٭

خبردار کرنا - ہ - جتانا - مطلع کرنا ٭

خبردار ہونا - ہ - واقف ہونا - ہوشیار ہونا ٭

خبرداری - ف - مؤنث - نگہبانی - ہوشیاری - احتیاط

خبرداری کرنا - ہ - احتیاط کرنا - حفاظت کرنا - چوکسی کرنا

خبر دہندہ - ف - مذکر - مخبر - جاسوس ٭

خبر رساں - ہ - مذکر - قاصد - دوت - پیامبر - سندیسا لیجانیوالا

خبر رکھنا - ہ - واقف ہونا - خیال رکھنا ٭

خبرگیری - ف - مذکر - سپاہی - جاسوس - نگہبان - محافظ
مدد کرنے والا - سلوک کرنے والا ٭

خبر لانا - ہ - پتا لگانا - سراغ نکالنا ٭

خبر لینا - ہ - مدد کرنا - پوچھنا - دیکھنا - مارنا پیٹنا ٭

خبر لینے والا - ہ - مذکر - پتا لگانے والا - مدد گار ٭

خبر نہ ہونا - ہ - اطلاع نہ کرنا - واقف نہ ہونا - چپ رہنا
پروا نہ کرنا - ہوش نہ آنا ٭

خبر ہونا - ہ - معلوم ہونا - واقف ہونا - اطلاع ہونا ٭

خَبِیر - ع - صفت - خبر دینے والا - جاننے والا - دانا - خدا تعالےٰ

خَبط - ع - مذکر - جنون - دیوانگی - سودا ٭

خبط اُچھلنا - ہ - خفقان ہونا - جنون ہونا - دل چلنا ٭

خبطی - ع - مذکر - دیوانہ - مجنون - بے وقوف ٭

خَبِیث - ع - مذکر - ناپاک - گندا - شریر ٭

خ ت

خَتنگ یا خُتنگا - ہ - مذکر - سونٹا - گدکا سا گوشا - ٹھینگا ٭

خَتم - ع - مذکر - انتہا - تمام - فاتحہ - قرآن شریف تمام ہونیکی رسم

ختم کرنا - ہ - تمام کرنا - پورا کرنا - فاتحہ دلوانا - قرآن شریف
تمام کرنا ٭

خَتنہ - ع - مذکر - سنت - مسلمانوں کی ایک رسم جس میں بچہ کے
عضو تناسل کا زائد چمڑا کاٹا جاتا ہے ٭

خ ج

خجالت - ع - مؤنث - شرمندگی - حیا - لاج - غیرت ٭

خُجستہ - ف - صفت - نیک - اچھی - مبارک ٭

خ چ

خچر - ہ - مذکر - ایک جانور جو گدہے اور گھوڑی کے میل
سے پیدا ہوتا ہے ٭

خ د

خُدا - ف - مذکر - خود ہی آنے اور موجود ہونے والا - اللہ -
بھگوان ٭

خدا اس کا بہرا دکھائے - ہ - دعا - اللہ اس کا بیاہ
دکھائے ٭

خدا بخشے - ہ - دعا - جب کسی مردہ کا ذکر کرتے ہیں - تو
پہلے کہتے ہیں ٭

خدا پر چھوڑ دینا - ہ - اللہ پر بھروسا کرکے بیمار کا علاج
چھوڑ دینا ٭

خدا پر رہنا - ہ - اللہ پر بھروسا کرنا - اللہ ہی سے مدد مانگنا

خدا پرست - ف - صفت - خدا کو پوجنے والا - بھگت
عبادت کرنے والا ٭

خدا ترس - ف - صفت - رحمدل - دیاونت ٭

خدا جانے - ہ - تابع فعل - معلوم نہیں - مجھے خبر نہیں -
اللہ کو خبر ہے ٭

خدا چاہے - ہ - انشاء اللہ تعالےٰ - خدا کی مرضی ہو تو -
خدا چاہے تو ٭

خُداحافِظ - ف ع - دعا - خدا کی حفاظت میں تمکو چھوڑا - (رخصت کرتے وقت)۔

خُدا خُدا کر کے - ا - تابع - فعل - مشکل سے - دشواری سے ۔

خُدا خُدا کرنا - ا - اللہ اللہ کرنا - خدا کا نام جپنا - توبہ کرنا چھوڑنا ۔

خُدا خُدا کرو - ا - محاورہ - جھوٹ نہ بولو - خدا سے ڈرو - توبہ کرو ۔

خُداداد - ف - صفت - جو چیز خدا نے دوسرے کی مدد کے بغیر بخشی ہو ۔

خُدا دِکھائی دینا - ا - خدا کا خوف آنا ۔

خُدا راس لائے - ا - دعا - خدا موافق کرے ۔

خُدا رکھنا - ا - ہمارا بھی خدا ہے - سچ کہتے ہیں ۔

خُدا رکھے - ا - دعا - عو - خدا اُسے زندہ رکھے ۔

خُدا سلامت رکھے - ا - دعا - خدا جیتا رکھے (طنزاً بھی کہتے ہیں) ۔

خُدا سمجھے - ا - بددعا - خدا اسکی سزا دے - خدا اس کا بدلہ (لے)

خُدا سے ڈرو - ا - ندا - خدا کا خوف کرو - جھوٹ نہ بولو ظلم نہ کرو ۔

خُدا سے کام پڑنا - ا - کسی کام کا کوشش اور تدبیر کی حد سے گذر جانا ۔

خُدا سے کیا پانا - ا - خدا کے ہاں سے سزا ملنا - برائی کا بدلا ملنا ۔

خُدا سے لَو لگنا - ا - خدا کا دھیان بندھنا - موت کا کھٹکا لگنا

خُدا سے ملانا - ا - خدا سے سرخرو کرانا - خدا تک پہنچانا

خُدا شکر خورے کو شکر ہی دیتا ہے - ا - کہاوت - خدا ہر شخص کو اُس کے حوصلے اور خرچ کے موافق دیتا ہے ۔

خُدا غارت کرے - ا - دعا - تجھے موت آئے - اللہ کرے مرجائے ۔

خُدا کا قہر ٹوٹے - ا - بددعا - عو - خدا کا غضب نازل ہو

خُدا کا گھر - ا - مذکر - مسجد - عبادت خانہ - مندر - گردوارہ ۔

خُدا کا نام لو - ا - سچ بولو - انصاف کرو - اللہ اللہ کرو ۔

خدا کا نام لینا - ا - اللہ اللہ کرنا - نماز پڑھنا - کلمہ بھرنا ۔

خدا کرے - ا - دعا - اللہ ایسا کرے ۔

خدا کو سونپنا - ا - خدا کی حفاظت میں دینا - خدا پر بھروسہ کرنا - خدا پر چھوڑنا ۔

خدا کو مان - ا - قسم - عو - یہ کام نہ کر - تجھے خدا کی قسم ۔

خدا کو مانکر - ا - تابع فعل - خدا کے لئے - خدا کا پاس کر خیال کر کے خدا حاضر ناظر جانکر ۔

خدا کو ماننا - ا - خدا کا پاس کرنا - خدا کا منکر نہ ہونا ۔

خدا کو یاد کرنا - ا - مصیبت میں خدا کی طرف توجہ کرنا - خدا کا نام لینا - خدا سے امید رکھنا ۔

خُدا کھوئے - ا - بددعا - خدا غارت کرے - اللہ کرے مرجائے ۔

خُدا کی باتیں خُدا ہی جانے - ا - کہاوت - خدا کی حکمت کسی کو معلوم نہیں خدا کے گھر کی یعنی مرنے کے بعد کی یا اس جہان کی کسی کو خبر نہیں ۔

خُدا کے پاس جانا - ا - مرنا ۔

خُدا کی پناہ - ا - عبرت - خدا بچائے - خدا امن میں رکھے ۔

خُدا کی چوری نہیں تو بندے کی کیا چوری - ا - کہاوت - خدا سے پردہ نہیں تو بندے سے کیا پردہ - کیا چھپانا ۔

خُدا کی دین - ا - مؤنث - خدا کی عنایت ۔

خُدا کی راہ کا سودا - ا - مذکر - کوئی ثواب کا کام خدا واسطے کر دینے کیلئے بولتے ہیں ۔

خُدا کی سنوار - ا - دعا - عو - خدا تجھے نیک کرے - خدا کی (مار)

خُدا کی شان یا قدرت - ا - مؤنث - کلمہ استعجاب - خدا کی حکمت - خدا کی صنعت ۔

خدا کے گھر جانا - ا - مرنا ۔

خدا کے گھر سے بھرنا - یا - خدا کے ہاں سے پھر کر آنا } ا - مرمر کر بچنا - سخت بیماری سے اچھا ہونا ۔

خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی - ا - کہاوت - خدا ناگہانی سزا دیتا ہے ۔

خدا کی مار - ا - بددعا - عو - خدا کا غضب ٹوٹے - غیب کی مار

خدا کی مار پڑنا ۔ ہ ۔ خدا کا غضب نازل ہونا ۔ ناگہانی آفت آنا
خدا گنجے کو ناخن نہ دے ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ خدا کم حوصلہ اور کمینہ کو حاکم اور اختیار والا نہ کرے ۔
خدا لگتی کہنا ۔ ہ ۔ سچ کہنا ۔ انصاف کی کہنا ۔ طرفداری نہ کرنا ۔
خدا مارے یا چھوڑے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کچھ ہی ہو ۔ اس میں خدا بخشے یا نہ بخشے ۔
خدا مہربان تو جگ مہربان یا خدا مہربان تو کل مہربان } ہ ۔ کہاوت ۔ خدا کی عنایت ہو تو سب خیر خواہ بنجاتے ہیں ۔ جدھر رب اُدھر سب ۔
خدانخواستہ ف ۔ تابع فعل ۔ ایسا نہ ہو (تلفظ ۔ خدانخاستہ ۔
خدا نکرے ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ایسا نہ ہو ۔
خدا واسطے کا بَیر یا دشمنی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ناحق دشمنی ۔ بلاوجہ عداوت ۔
خدا ہی ہو ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ خدا کی قدرت سے دور نہیں ورنہ مشکل ہے ۔
خدایا ۔ ف ۔ ندا ! ۔ اے خدا ۔
خدا یاد آنا ۔ ہ ۔ سخت مصیبت میں پھنسنا ۔ یا خدا کی اعلےٰ صنعت نظر آنا ۔
خداوند ۔ ف ۔ مذکر ۔ مالک ۔ آقا ۔
خدائے مجازی ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ موجودہ بادشاہ ۔ موجودہ حاکم
خدائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ خاوندی ۔ شان ۔ دنیا ۔ جہان ۔
خدائی خراب یا خدائی خوار } (تلفظ ۔ خار) ہ ۔ مذکر ۔ آوارہ ۔ خانہ خراب ۔
خدائی رات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ رتجگہ ۔
خدائی کا جھوٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بہت جھوٹا ۔ فریبی ۔
خدائی کا مارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مصیبت زدہ ۔ آفت کا مارا ۔
خدشہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ فکر ۔ ڈر ۔ دبدھا ۔ خراش ۔
خدشے میں ڈالنا ۔ ہ ۔ شبہ میں ڈالنا ۔ خطرہ میں ڈالنا ۔
خدمت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نوکری چاکری ۔ کام کاج ۔ سیوا ٹہل
خدمت سے عظمت ہے ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ محنت سے کامیابی ہوا کرتی ہے ۔
خدمت کرنا ۔ ہ ۔ ٹہل کرنا ۔ سیوا کرنا ۔ خبر لینا ۔ مارنا ۔
خدمتگار ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ ٹہلوا ۔ سیوک ۔ خدمتی ۔ نوکر ۔
خدمتگاری ۔ ع ف ۔ مؤنث ۔ ٹہل ۔ سیوا ۔ نوکری ۔ نوکری کا پیشہ ۔
خدمت گزار ۔ ف ۔ مذکر ۔ خدمت کرنے والا ۔
خدمات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ خدمت کی جمع ۔ کارگزاریاں ۔
خدمتی ۔ ف ۔ مذکر ۔ نوکر ۔ چاکر ۔ ٹہلوا ۔ سیوک ۔
خدنگ ۔ ف ۔ مذکر ۔ تیر ایک قسم کا چھوٹا تیر ۔
خدیو ۔ ف ۔ مذکر ۔ خداوند ۔ بادشاہ ۔

خ ر

خر ۔ ف ۔ مذکر ۔ گدھا ۔
خرِ دجال ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ دجال کی سواری کا گدھا ۔
خر دماغ ۔ ہ ۔ صفت ۔ مغرور ۔ گھمنڈی ۔
خر دماغی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔
خرِ عیسےٰ ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کی سواری کا گدھا
خر مستی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گدھے کی سی مستی ۔ بدمستی ۔
خراب ۔ ع ۔ صفت ۔ ویران ۔ اُجڑا ہوا ۔ بُرا ۔ پریشان ۔
خراب حال ۔ ع ۔ صفت ۔ پریشان حالت ۔ بُری گت ۔
خراب کرنا ۔ ہ ۔ اُجاڑنا ۔ بگاڑنا ۔ حیران کرنا ۔
خرابات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ خراب کی جمع ۔ جوئے خانہ ۔ شراب خانہ
خراباتی ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ شرابی ۔ جواری ۔
خرابہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کھنڈر ۔ اُجڑا ہوا مکان ۔
خرابی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بربادی ۔ مشکل ۔ برائی ۔ بگاڑ ۔
خرابی میں پڑنا ۔ ہ ۔ آفت میں پڑنا ۔ مصیبت میں آنا ۔
خرابی میں ڈالنا ۔ ہ ۔ بپتا میں پھنسانا ۔ آفت میں ڈالنا ۔
خراٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خرخر ۔ جو سوتے میں آواز نکلتی ہے ۔
خراٹے لینا ۔ ہ ۔ سوتے میں خرخر کرنا ۔ بے خبر ہو کر سونا ۔
خراج ۔ ع ۔ مذکر ۔ ملک کی آمدنی ۔ لگان ۔ محصول ۔
خراج گزار ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ ماتحت بادشاہ ۔ محصول ۔ لگان دینے والا ۔

خَرَاد - ف - مذکر - ایک آلہ جس پر لکڑی چھیل کر گول کیجاتی ہے
خراد کی مشین - خراد ✦

خَرادی - ا - مذکر - خرادی - خراد کرنے والا ✦
خَراش - ف - مؤنث - رگڑ - چھلن - کھجلی ✦
خُرادی مُرادی - ا - صفت - خودغرض - اپنے کام سے کام رکھنے والا ✦

خُرافات - ع - مؤنث - خرافت کی جمع - بیہودہ باتیں ✦
خُرافات بکنا - ا - گالی گلوچ کرنا - مسخرا پن کرنا ✦
خِرام - ف - مذکر - ناز و انداز کی چال ✦
خِراماں خراماں چلنا - ا - مٹک مٹک کے چلنا - ناز و انداز سے چلنا ✦

خُرانٹ - ا - صفت - بوڑھا - تجربہ کار آدمی - آٹھوں گانٹھ کمیت
خَرْبُزہ - ف - مذکر - خربوزہ - سردہ ✦
خربزہ چھری پر گرے تو خربزہ کا ضرر اور چھری خربزہ پر گرے تو خربزہ کا ضرر - (ا - کہاوت) کمزور کی ہر طرح شامت ہے ✦

خُرجی - ف - مؤنث - خرجین - جھولا - بیگ ✦
خَرچ - ا - مذکر - صرف - لاگت ✦
خرچ خانہ داری - ا - مؤنث - گھر کا خرچ
خرچ دینا - ا - صرف کے واسطے پیشگی دینا - مزدوری دینا ✦
خرچ کرنا - ا - اُٹھانا - صرف کرنا ✦
خرچ ہونا - ا - اُٹھنا - ہو چکنا - برتنے میں آنا
خرچنا - ا - برتنا - صرف کرنا - بیاہ شادی میں دینا ✦
خرچہ - ا - مذکر - مقدمہ کا خرچ - لاگت - صرف
خُرخُر - ا - مؤنث - خراٹے کی آواز - گُھر گُھر ✦
خُرخُر - ا - مؤنث - بلی کی آواز جو خود بخود نکلتی رہتی ہے
خرخشہ - ف - مذکر - لڑائی - جھگڑا ✦
خُرد - ف - صفت - چھوٹا - کم عمر - کم قدر ✦
خُرد بین - ف - مؤنث - وہ آلہ جس سے چھوٹی سے چھوٹی چیز بھی دکھائی دیتی ہے ✦

خُرد سال - ف - صفت - چھوٹی عمر کا - یانا - کم سن ✦

خُرد سالی - ف - مؤنث - کم سنی - لڑکپن - بچپن ✦
خِرَد - ف - مؤنث - عقل - دانائی - سمجھ - بدھ ✦
خِرَدمند - ف - صفت - دانا - عاقل - سمجھ دار - بدھوان ✦
خِرَدمندی - ف - مؤنث - دانائی - سمجھ داری - بدھوانی
خُردہ - ف - مذکر - ٹکڑا - پارچہ - ریزگاری - باریکی عیب ✦

خُردہ بیں - ف - مذکر - برائی دیکھنے والا - نکتہ چینی کرنے والا ذرا ذرا سی بات پر غور کرنے والا ✦
خُردہ بینی - ف - مؤنث - نکتہ چینی - عیب جوئی ✦
خُردہ فروش - ف - مذکر - بساطی - پرچونیا - پھیری پھر کر بیچنے والا ✦

خُردہ کرانا - ا - روپیہ بھنانا - بکوانا ✦
خُردہ گیری - ف - مؤنث - نکتہ چینی - عیب جوئی ✦
خُردی - ف - مؤنث - چھوٹا پن - چھٹائی ✦
خُرفہ - ع - مذکر - ایک ساگ کا نام - ایک دوا کا نام ✦
خِرقہ - ع - مذکر - گدڑی - پیوند لگا ہوا کپڑا ✦
خرقہ پوش - ع - ف - مذکر - صوفی - فقیر ✦
خرگوش - ف - مذکر - بلی کی برابر ایک بہت تیز دوڑنے والے جانور کا نام ✦

خُرّم - ف - صفت - خوش - آنند - سرسبز - آفتاب سے دور رہنے والا ✦

خُرما - ف - مذکر - چھوہارا - کھجور - بالوشاہی ✦
خَرمست - ف - مذکر - بدمست - متوالا - بے پروا - کاہ دست
خرمستی - ف - مؤنث - بدمستی - بے پروائی ✦
خِرمن - ف - مذکر - کھلیان ✦
خرمہرہ - ف - مذکر - کوڑی - کوڑا - سنگھ ✦
خُرّمی - ف - مؤنث - خوشی - شادمانی ✦
خُروج - ع - مذکر - نکاس - باہر نکلنا - حملہ ✦
خُروس - ف - مذکر - مرغ - ککڑ ✦
خُروش - ف - مذکر - شور - غل غپاڑا ✦
خُرَیدہ - (ف - مؤنث) مول - مول لی ہوئی ✦

خرید و فروخت۔ ف۔ مؤنث۔ لین دین۔ مول لینا۔ بیچنا
خرید کے مول۔ ا۔ مذکر۔ خرید کی خرید۔ اصلی قیمت یا لاگت پر
خریدار۔ ف۔ مذکر۔ گاہک۔ مول لینے والا ٭
خریداری۔ ف۔ مؤنث۔ گاہکی۔ بکری ٭
خریدنا۔ ا۔ متعدی۔ مول لینا ٭
خریطہ۔ ع۔ مذکر۔ تھیلی۔ لفافہ ٭
خریطی۔ ا۔ مؤنث۔ عو۔ تھیلی ٭
خریف۔ ع۔ مؤنث۔ ساونی ایک فصل کا نام جسمیں دھان وغیرہ پیدا ہوتا ہے ٭

خ ز

خزاں۔ ف۔ مؤنث۔ پت جھڑ۔ بے رونقی ٭
خزاں آنا۔ ا۔ بہار جانا۔ پت جھڑ آنا ٭
خزانچی۔ ف۔ مذکر۔ روکڑیا۔ روپیہ رکھنے والا ٭
خزانہ۔ ع۔ مذکر۔ وہ جگہ جہاں روپیہ رکھا جائے۔ دولت

خ س

خس۔ ف۔ مؤنث و مذکر۔ سوکھی گھانس۔ کوڑا کرکٹ۔ ایک خوشبودار گھانس کی جڑ ٭
خس خانہ۔ ف۔ مذکر۔ خس کا بنگلہ یا مکان ٭
خس کم جہاں پاک۔ ف۔ کہاوت۔ جب کوئی بُرا یا نالائق آدمی مرجاتا ہے تو کہتے ہیں ٭
خس وخاشاک۔ ف۔ مذکر۔ کوڑا کرکٹ ٭
خسارہ۔ ع۔ مذکر۔ ٹوٹا۔ گھاٹا۔ نقصان ٭
خسارہ اُٹھانا۔ ا۔ نقصان اُٹھانا ٭
خسارہ دینا۔ ا۔ ٹوٹا بھرنا۔ گھاٹا اُٹھانا ٭
خساندہ۔ ف۔ مذکر۔ بھیگی ہوئی دوا بغیر جوش کی ہوئی
خسّت۔ ع۔ مؤنث۔ کمینگی۔ کنجوسی
خستگی۔ ف۔ مؤنث۔ زخمی ہونیکی حالت۔ رنج۔ بھربھراہٹ خستہ پن۔ مفلسی۔ تھکاوٹ ٭
خستہ۔ ف۔ صفت۔ زخمی۔ گھائل۔ رنجیدہ۔ بھربھرا ذلیل۔ پریشان۔ مفلس ٭
خستہ حال۔ ا۔ صفت۔ بُری حالت میں ٭
خستہ دل۔ ف۔ صفت۔ جسکا دل ٹوٹا ہو ٭
خُسر۔ ف۔ مذکر۔ سُسر۔ جورو یا خاوند کا باپ ٭
خسرپورہ۔ ف۔ مذکر۔ سالا۔ جورو کا بھائی ٭
خسرو۔ ف۔ مذکر۔ خوبصورت۔ ایک بادشاہ کا نام۔ بادشاہ
خسرہ۔ ا۔ مذکر۔ کھیت بہی۔ گاؤں کے کھیتوں یا نقشہ کی فہرست ٭
خسوف۔ ع۔ مذکر۔ زمین میں دھنسنا۔ چاندگرہن ٭
خسیس۔ ع۔ صفت۔ کمینہ۔ کنجوس۔ نالائق ٭

خ ش

خشت۔ ف۔ مؤنث۔ اینٹ ٭
خشتک۔ ف۔ مؤنث۔ چوبغلا۔ میانی۔ پاپجامے کا رومال
خشخاش۔ ف۔ مؤنث۔ پوست کے دانے۔ چاول کا آٹھواں حصہ ٭
خشخش۔ ا۔ مؤنث۔ خشخاش کا مخفف ٭
خشخش برابر۔ ا۔ صفت۔ ذرا سا۔ مُنہ مُنہ برابر
خشک۔ ف۔ صفت۔ سوکھا۔ رُوکھا۔ صرف۔ نا سمجھ
خشک دماغ یا مغز۔ ف۔ صفت۔ دیوانہ۔ پاگل ٭
خشک سالی۔ ف۔ مؤنث۔ قحط۔ کال۔ سوکھا ٭
خشک ہونا۔ ا۔ سوکھنا۔ مرجھانا ٭
خشکہ۔ ف۔ مؤنث۔ پھیکے اُبلے چاول۔ بھات ٭
خشکہ کھاؤ یا خشکہ کھاؤ پنیر کے ساتھ۔ ا۔ محاورہ چلو چھٹو۔ چلو ہو ٭
خشکی۔ ف۔ مؤنث۔ سوکھاپن۔ روکھاپن۔ کال۔ بلپٹمن ٭

خ ص

خصلت۔ ع۔ مؤنث۔ عادت۔ سبھاؤ ٭
خصم۔ ع۔ مذکر۔ دشمن۔ آقا۔ خاوند ٭

خصم روئی یا پیٹی - ۔ و ۔ مؤنث ۔ عو ۔ رانڈ ۔ تو رانڈ ہو جائے
خصم کرنا ۔ و ۔ اپنے آپ بیاہ کرنا ✤
خصم والی ۔ و ۔ مؤنث ۔ خاوند والی ۔ گھر بارکی ✤
خصموں جلی ۔ و ۔ مؤنث ۔ خاوند سے تکلیف پانے والی ✤
خُصُوص ۔ ع ۔ مذکر ۔ خاص ۔ خاص کر ✤
خُصُوصًا ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ خاص کر ✤
خُصُوصِیّت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ خاص کر خاص ہونا ۔ صفت
خاص بات ۔ دوستی ✤
خُصُومَت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دشمنی ۔ جھگڑا ✤
خَصّی ۔ ع ۔ مذکر ۔ آختہ ۔ بدھیا ۔ ہیجڑا ۔ نامرد ✤
خَصّی پرنالہ ۔ و ۔ مذکر ۔ جس پرنالہ کا پانی دور جا کر نہ گرے
خُصیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ فوطہ ✤

خ ض

خِضاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ وسمہ ۔ مہندی ✤
خِضاب کرنا یا لگانا ۔ و ۔ وسمہ لگانا ۔ بال سیاہ کرنا ✤
خِضر یا خِضَر ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک پیغمبر کا نام ۔ رہبر ✤
خِضر ملے ۔ و ۔ محاورہ ۔ مراد حاصل ہوئی ۔ پورے رہنما
مل گئے ۔ کام بن گیا ۔ امید بندھ گئی ✤

خ ط

خَط ۔ ع ۔ مذکر ۔ لکھت ۔ لکھا ہوا ۔ چٹھی ۔ لکیر ۔ داڑھی ۔ حجامت
خطِ آزادی ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ جو تحریر غلام کو آزاد کرتے
وقت لکھ کر دیتے ہیں ✤
خط آنا یا نکلنا ۔ و ۔ داڑھی نکلنا ۔ چٹھی آنا ✤
خطِ اِستوا ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ فرضی خط جو زمین کے دو برابر
حصے کر دیتا ہے ✤
خط بنانا ۔ و ۔ حجامت بنانا ۔ خوشخطی کی مشق کرنا ✤
خط بنوانا ۔ و ۔ حجامت بنوانا ✤
خطِ عمود ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ سیدھی کھڑی لکیر جو دو برابر کے
زاویے پیدا کرے ✤

خط کتابت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ چٹھی پتری ✤
خطِ مُتوازِی ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ دو خط جنکو جہانتک چاہیں
کھینچے چلے جائیں مگر وہ آپس میں نہ ملیں ✤
خطِ مُستقیم ۔ ع ۔ مذکر ۔ سیدھا خط ✤
خطِ منحنی ۔ ع ۔ مذکر ۔ ٹیڑھا خط ✤
خطِ نستعلیق ۔ ع ۔ مذکر ۔ خوشخطی ✤
خَطا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ قصور ۔ بھول ۔ چوک ✤
خطا کرنا ۔ و ۔ قصور کرنا ۔ گناہ کرنا ✤
خطاوار ۔ ع ف ۔ صفت ۔ قصوروار ۔ گنہگار ✤
خطا ہونا ۔ و ۔ بھول ہونا ۔ قصور ہونا ۔ نشانہ پر نہ لگنا
خِطاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ کسی کی طرف توجہ کر کے بات کرنا
گفتگو ۔ تعریفی لقب ۔ غصہ ✤
خِطاب دینا ۔ و ۔ تعریفی نام رکھنا ✤
خُطبہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ خدا کی تعریف ۔ رسول کی تعریف ✤
نصیحت ۔ کتاب کا دیباچہ ۔ جمعہ اور عید کی نماز میں خدا ۔
رسولؐ اور بادشاہ کی تعریف کرنا ✤
خطبہ پڑھا جانا ۔ و ۔ کسی بادشاہ کا نام اُسکی حکومت
مانکر خطبہ میں لینا ✤
خِطبہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ لڑکی والے کے یہاں شادی کا پیام دینا
خَطَر ۔ ع ۔ مذکر ۔ ڈر ۔ آفت ۔ مشکل ✤
خطرا ۔ و ۔ مذکر ۔ عو ۔ خطر کی تصغیر ۔ ڈر ✤
خَطرہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ڈر ۔ جوکھوں ۔ اندیشہ ✤
خطرے میں ڈالنا ۔ و ۔ جوکھوں میں ڈالنا ✤
خطرے میں نہ لانا ۔ و ۔ عو ۔ نہ ڈرنا ۔ کچھ نہ سمجھنا ✤
خَطمی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ گل خیرو ۔ ایک پودا ✤
خِطّہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ زمین کا گھرا ہوا حصہ ۔ شہر ✤
خَطیب ۔ ع ۔ مذکر ۔ وعظ سنانے والا ۔ خطبہ پڑھنے والا
خَطیر ۔ ع ۔ صفت ۔ بڑا ۔ بہت ✤

خ ف

خَفا ۔ و ۔ صفت ۔ ناخوش ۔ ناراض ۔ روٹھا ہوا ✤

خفا کرنا۔ ا۔ غصہ دلانا۔ رنجیدہ کرنا ✦
خفا ہونا۔ ا۔ روٹھنا۔ بگڑنا۔ غصہ ہونا ✦
خِفّت۔ ع۔ مؤنث۔ اوچھاپن۔ ذلت۔ شرم ✦
خِفّت اُٹھانا۔ ا۔ شرمندہ ہونا ✦
خَفَقان۔ ع۔ مذکر۔ دھڑکن۔ دل کا دھڑکنا۔ ایک مرض ✦
خَفَقان ہونا۔ ا۔ دل دھڑکنا۔ دل گھبرانا ✦
خَفگی۔ ا۔ مؤنث۔ ناخوشی۔ غصہ ✦
خَفی۔ ع۔ صفت۔ باریک۔ خط۔ چھپا ہوا ✦
خَفیف۔ ع۔ صفت۔ ہلکا۔ اوچھا۔ ذلیل۔ کم
خَفیف ہونا۔ ا۔ ذلیل ہونا۔ شرمندہ ہونا ✦
خَفیفہ۔ ع۔ مؤنث۔ چھوٹا۔ جج کی کچہری ✦
خَفیفہ عدالت۔ ع۔ مؤنث۔ جج صاحب کی کچہری
خُفیہ۔ ع۔ صفت۔ چھپواں۔ چھپا ہوا ✦
خُفیہ پولیس۔ ا۔ مذکر۔ پولس کا ایک محکمہ ✦
خُفیہ خبر۔ ع۔ مؤنث۔ چھپواں خبر ✦
خُفیہ نویس۔ ع ف۔ مذکر۔ چھپی ہوئی خبر دینے والا ✦

خ ل

خَلا۔ ع۔ مذکر۔ کھوکھل۔ خالی ✦
خَلا ملا۔ ع۔ صفت۔ خالی اور بھرا۔ ملا جلا۔ خلط ملط۔ گہری دوستی ✦
خَلاص۔ ع۔ مذکر۔ چھوٹا ہوا۔ آزاد۔ رہا ✦
خُلاصہ۔ ع۔ صفت۔ چوڑا۔ ڈھیلا۔ (ا) تابع فعل الگ الگ۔ چھانٹا ہوا۔ مختصر ✦
خُلاصہ کرنا۔ ا۔ کھولنا۔ ڈھیلا کرنا۔ اختصار کرنا۔ صاف کہنا
خُلاصہ یہ ہے۔ ا۔ محاورہ۔ اصل مطلب یہ ہے ✦
خَلاصی۔ ا۔ مؤنث۔ چھٹکارا پانا۔ آزاد ہونا ✦
خَلاصی پانا۔ ا۔ چھٹکارا پانا۔ آزاد ہونا ✦
خِلاف۔ ع۔ صفت۔ اُلٹا۔ جھوٹ۔ ہٹ کر کھڑا ہونا ✦
خلاف بیانی۔ ا۔ مؤنث۔ جھوٹ بیان کرنا ✦
خلافِ دستور۔ ع ف۔ صفت۔ بے قاعدہ۔ رواج کے خلاف ✦
خلاف سمجھنا۔ ا۔ جھوٹ جاننا۔ اُلٹا سمجھنا ✦
خلافِ شرع۔ ع۔ تابع فعل۔ اسلام کے قانون کے خلاف
خلافِ طبع۔ ع۔ تابع فعل۔ مزاج کے خلاف ✦
خلافِ عقل۔ ع۔ تابع فعل۔ عقل سے دور ✦
خلافِ قیاس۔ ع۔ تابع فعل۔ ناممکن ✦
خلافِ وضع۔ ع۔ تابع فعل۔ طریقے اور عادت سے الگ
خلافت۔ ع۔ مؤنث۔ جانشینی۔ ولیعہدی۔ نیابت ✦
خِلال۔ ع۔ مذکر۔ درمیان۔ دانت کریدنے کا تنکا یا آلہ۔ مات ✦
خلال دینا۔ ا۔ مات دینا۔ ہرانا ✦
خلال کرنا۔ ا۔ دانت کریدنا ✦
خلال لینا۔ ا۔ ہار ماننا ✦
خَلائق۔ ع۔ مؤنث۔ خلق کی جمع دنیا۔ پرجا ✦
خَلجان۔ ع۔ مذکر۔ خلش۔ فکر۔ چنتا ✦
خَلخال۔ ع۔ مذکر۔ چھاگل۔ پازیب ✦
خَلخَلہ۔ ا۔ صفت۔ ڈھیلا ڈھالا ✦
خُلد۔ ع۔ مؤنث۔ جنت۔ بہشت ✦
خُلد بریں۔ ع ف۔ مؤنث۔ سب سے اعلےٰ جنت یا بہشت ✦
خَلِش۔ ف۔ مؤنث۔ چبن۔ کھٹک۔ جھگڑا۔ دشمنی ✦
خَلط۔ ع۔ مذکر۔ ملی ہوئی چیز ✦
خلط ملط۔ ا۔ صفت۔ ملا جلا۔ گھلا ملا۔ گڈمڈ ✦
خَلطہ۔ ا۔ مذکر۔ تھیلا۔ تھیلی
خِلعت۔ ع۔ مذکر۔ لباس جو انعام میں بادشاہ وغیرہ دیں
خلعت دینا یا پہنانا۔ ا۔ انعام دینا۔ پوشاک دینا
خلعت ملنا۔ ا۔ انعام ملنا۔ پوشاک یا لباس کا انعام ملنا ✦
خَلَف۔ ع۔ مذکر۔ نیک بیٹا۔ بیٹا۔ وارث ✦
خُلفاء۔ ع۔ مذکر۔ خلیفہ کی جمع ✦
خُلق۔ ع۔ مذکر۔ نیک عادت۔ مروت۔ ملنساری ✦

خُلق والا - ا - مذکر - اچھی عادت والا - ملنسار ۔
خَلق - ع - مؤنث - دنیا - عالم - جہان - مخلوق ۔
خِلقت - ع - مؤنث - پیدائش - فطرت - نیچر ۔
خَلقت - ع - مؤنث - مخلوق - دنیا - جہان ۔
خَلَل - ع - مذکر - سوراخ - دراڑ - بگاڑ - بدہضمی - بیماری ۔
خلل آنا - ا - فرق پڑنا - بگاڑ ہونا ۔
خلل انداز - ع - ف - مذکر - فسادی - جھگڑالو ۔
خلل انداز ہونا - ا - فساد کرنا - جھگڑا لگانا ۔
خللِ دماغ - ع - مذکر - دیوانگی - جنون ۔
خلل کرنا - ا - حرج کرنا - نقصان کرنا - بدہضمی کرنا ۔
خِلوت - ع - مؤنث - تنہائی - تنہائی کی جگہ ۔
خلوت کرنا - ا - مکان غیر سے خالی کرنا - اکیلا ہونا - اپنی بیوی کے پاس ہونا ۔
خلوت کے وقت - ا - تابع فعل - اکیلے میں - تنہائی میں ملاقات کے وقت ۔
خُلوص - ع - مذکر - صفائی - پاکی - سچی دوستی - سچائی ۔
خلوصِ نیت - ع - مؤنث - پاک نیتی - ارادہ کی سچائی
خلیج - ع - مؤنث - دریا کی شاخ - نہر - ندی - کھاڑی ۔
خلیا ساس - ا - مؤنث - ساس کی بہن ۔
خلیرا بھائی - ا - مذکر - خالہ کا بیٹا - موسیرا بھائی ۔
خلیفہ - ا - مذکر - منجھلا - منجھلی ۔
خلیفہ - ع - مذکر - نائب - جانشین - بادشاہ - نائی - درزی
خلیق - ع - صفت - ملنسار - ہنس مکھ - اچھی عادت والا

خ م

خم - ف - مذکر - ٹیڑھ - جھکاؤ - کجی - پیچ ۔
خم ٹھوکنا - ا - ڈنڈ بجانا - پٹھے ٹھوکنا - لڑنے کو تیار ہونا
خم وچم - ف - مذکر - ناز کی چال - لٹک چال ۔
خمدار - ف - صفت - ٹیڑھا - ترچھا - بانکا - پیچدار ۔
خُم - ف - مذکر - شراب کا مٹکا - مٹکا - خمیر - جوش ۔
خم اٹھنا - ا - خمیر اٹھنا - سڑ کر جوش اٹھنا ۔

خم خانہ - ف - مذکر - شراب خانہ - بھٹی ۔
خُمار - ع - مذکر - نشہ کا اتار - نیند کا زور ۔
خمار آلودہ - ع - ف - صفت - متوالا - نیند میں بھرا ہوا ۔
خُمرا - ا - مذکر - مسلمان فقیروں کا ایک فرقہ ۔
خمریان - ا - مؤنث - خمروں کی عورتیں ۔
خَمس - ع - صفت - پانچ - ۵ ۔
خُمس - ع - صفت - پانچواں ۔
خمسہ - ع - صفت - پانچ سے نسبت رکھنے والا ۔
خمیازہ - ف - مذکر - انگڑائی - جمائی - بدلہ - رنج - تکلیف
خمیازہ اٹھانا یا بھرنا یا بھگتنا - ا - ڈنڈ بھرنا - نقصان اٹھانا - تکلیف اٹھانا ۔
خمیازہ حسرت - ف - ع - مذکر - افسوس یا ناامیدی میں جو انگڑائی لیجائے ۔
خمیازہ کھینچنا - ا - دکھ اٹھانا - پچھتانا ۔
خمیدہ - ف - صفت - ٹیڑھا - جھکا ہوا - کبڑا ۔
خمیر - ع - مذکر - گوندھا ہوا آٹا سڑا کر پھلا لیا ہو - یا اور کوئی چیز جو سڑالی گئی ہو ۔
خمیر اٹھانا - ا - سڑانا - سڑا کر جوش اٹھانا ۔
خمیر اٹھنا - ا - سڑنا - سڑ کر جوش اٹھنا - خمیر تیار ہونا
خمیر بگڑنا - ا - ترکیب میں فرق پڑنا - شامت آنا ۔
خمیر کھٹا ہونا - ا - آٹے کا زیادہ کھٹا ہو جانا ۔
خمیرہ - ع - مذکر - خمیر اٹھا کر تیار کیا ہوا - ایک قسم کی دوا ایک قسم کا تمباکو ۔
خمیری - ع - مؤنث - خمیر اٹھائے ہوئے آٹے کی روٹی

خ ن

خنّا - ع - مذکر - بیہودہ - غرور - گھمنڈ ۔
خنّا بہکنا - ا - دماغ چلنا - اترانا ۔
خنّا ہونا - ا - دماغ ہونا - گھمنڈ ہونا ۔
خُناق - ع - مذکر - گلے کی ایک بیماری ۔
خنثیٰ - ع - مذکر - ہیجڑا - زنانہ ۔

خَنجَر۔ ف۔ مذکر۔ ایک ہتیار کا نام۔ چھرا۔ کٹار ٭
خَنجَر بیگ۔ ف۔ مذکر۔ ایک پھوڑے کا نام۔ ڈھیٹھ
خَنجَری۔ ؤ۔ مؤنث۔ ایک ریشمی کپڑے کا نام۔ ڈفلی۔
ڈھپلی ٭
خَندَق۔ معرب۔ مؤنث۔ کھائی۔ گڑھا ٭
خَندَہ رُو یا خندہ پیشانی۔ ف۔ صفت۔ ہنس مکھ ٭
خَندِہی۔ ؤ۔ مؤنث۔ بیہودہ ہنسنے والی عورت ٭
خِنزِیر۔ ع۔ مذکر۔ جنگلی سُور ٭
خُنُک یا خُنَک۔ ف۔ صفت۔ سرد۔ ٹھنڈا ٭
خُنُکی۔ ف۔ مؤنث۔ سردی۔ ٹھنڈ ٭
خِنگ۔ ف۔ مذکر۔ گھوڑا ٭
خِنگا۔ ؤ۔ صفت۔ مو۔ موٹا۔ مسٹنڈا ٭
خُنیا۔ ف۔ مذکر۔ راگ۔ نغمہ۔ ڈومنی۔ میراثن ٭
خُو۔ ف۔ مؤنث۔ عادت۔ خصلت۔ سبھاؤ ٭
خُو پڑنا۔ ؤ۔ عادت پڑنا۔ لت پڑنا ٭
خُو ڈالنا۔ ؤ۔ لت لگانا۔ عادت کر لینا ٭
خِواب۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خاب) سُپنا۔ جو بات آدمی نیند
میں دیکھے۔ نیند ٭
خوابِ آلُودَہ۔ ف۔ صفت۔ نیند میں بھرا ہوا ٭
خوابِ پریشاں۔ یا۔ آشفتہ۔ ف۔ مذکر۔ ڈراؤنا سُپنا ٭
خوابِ خرگوش۔ ف۔ مذکر۔ گہری نیند۔ بے خبری۔ غفلت
خواب دیکھنا۔ یا ہونا۔ ؤ۔ سُپنا دیکھنا ٭
خواب کی باتیں۔ ؤ۔ مؤنث۔ بے اصل باتیں۔ خیالی باتیں
خواب گاہ۔ ف۔ مؤنث۔ سونے کا کمرہ۔ سونے کی جگہ ٭
خواب و خیال۔ ف ع۔ مذکر۔ بھولی ہوئی بات ٭
خِواجہ۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خاجہ) مالک۔ آقا۔ سردار۔
ہیجڑا۔ زنانہ ٭
خواجہ زادَہ۔ ف۔ مذکر۔ جسکی ماں سیدانی اور باپ شیخ ہو
خواجہ سَرا۔ ف۔ مذکر۔ زنانہ غلام جو گھر میں آجا سکے۔ ہیجڑا۔
زنانہ ٭
خواجہ مُعینُ الدِّین کا چاند۔ یا مہینا۔ ؤ۔ مذکر۔ (عو)
چاند کا چھٹا مہینا ٭
خِوار۔ ف۔ صفت (تلفظ خار) آوارہ۔ ذلیل۔ رسوا ٭
خوار کرنا۔ ؤ۔ رسوا کرنا۔ ستانا۔ دق کرنا ٭
خواری۔ ف۔ مؤنث۔ ذلت۔ بے عزتی۔ رسوائی۔ فضیحتی
خواری کرنا۔ ؤ۔ بے عزتی کرنا۔ رسوائی کرنا۔ جھگڑا کرنا ٭
خِواستگار۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خاستگار) ۔ امیدوار۔
خواہشمند۔ درخواست کرنے والا۔ طلبگار ٭
خَواستِگاری۔ ف۔ مؤنث۔ خواہش۔ شادی کا پیغام
درخواست۔ تمنا ٭
خَوَاص۔ ع۔ مذکر۔ خاص کی جمع۔ خاصیت۔ اثر۔ عادت۔
(خاصہ کی جمع) مُصاحِب ٭
خَوَاصی۔ ع۔ مؤنث۔ خدمت گاری۔ مصاحبت۔ ہودج
اور عماری کا ایک حصہ ٭
خَوَاصی میں بیٹھنا۔ ؤ۔ کسی بادشاہ یا امیر کے ساتھ سواری
میں پیچھے بیٹھنا ٭
خِوان۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خان)۔ سینی۔ کشتی۔ طباق۔
تھال۔ ٹرے ٭
خوان پوش۔ ف۔ مذکر۔ خوان ڈھکنے کا کپڑا ٭
خوانچَہ۔ ف۔ مذکر۔ چھوٹا خوان ٭
خوانچہ اُٹھانا۔ یا۔ لگانا۔ ؤ۔ تھال میں رکھکر بیچتے پھرنا
خوانْدَہ۔ ف۔ صفت۔ (تلفظ خاندہ) پڑھا ہوا۔ پڑھا لکھا
بلایا ہوا ٭
خِواہ۔ ف۔ عطف۔ (تلفظ خاہ) یا۔ یا تو۔ چاہے۔ چاہو۔
خواہش۔ چاہ ٭
خِواہاں۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خاہاں) چاہنے والا۔ خواہشمند
خواہ نخواہ۔ یا خواہ نخواہ یا خواہی نخواہی۔ ؤ۔ تابع فعل
مجبوراً۔ زبردستی۔ جی چاہے یا نہ چاہے ٭
خواہر۔ ف۔ مؤنث۔ (تلفظ خاہر) بہن۔ بھینا۔ ہمشیرہ ٭
خُواہِش۔ ف۔ مؤنث۔ (تلفظ۔ خاہش) چاہ۔ چاؤ۔ مرضی
مطلب۔ آرزو ٭
خواہشمَند۔ ف۔ صفت۔ آرزو رکھنے والا ٭

خُوب۔ ف۔ صفت۔ اچھا۔ عمدہ۔ پیارا ۔

خُوب رُو۔ ف۔ صفت۔ اچھی صورت والا۔ حسین۔ سُندر ۔

خُوب صُورت۔ ف ع۔ صفت۔ حسین۔ سندر۔ اچھی صورت والا ۔

خُوبصُورتی۔ ف۔ عربی۔ مؤنث۔ حسن۔ سندرپن ۔

خُوبانی۔ ف۔ مؤنث۔ ایک میوے کا نام ۔

خُوبکلاں۔ ا۔ مؤنث۔ ایک دوا کا نام ۔

خُوبُو۔ ا۔ مؤنث۔ عادت۔ سبھاؤ۔ برتاؤ۔ چال چلن ۔

خُوبی۔ ف۔ مؤنث۔ اچھائی۔ بھلائی۔ حُسن۔ خوبصورتی

خوجہ۔ ا۔ مذکر۔ ہیجڑا۔ زنانہ۔ زنخہ ۔

خود۔ ف۔ مذکر۔ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہنتے ہیں

خود۔ ف۔ تابع فعل۔ (تلفظ۔ خُد) آپ۔ اپنے آپ ۔

خودآرائی۔ ف۔ مؤنث۔ اپنے تئیں بنانا سنوارنا ۔

خُود بخُود۔ ف۔ تابع فعل۔ آپ ہی آپ۔ بن کہے پھرے

خود بَدَولَت۔ ف۔ تابع فعل۔ حضور آپ ۔

خودبِیں۔ ف۔ صفت۔ مغرور۔ گھمنڈی ۔

خودبِینی۔ ف۔ مؤنث۔ گھمنڈ۔ غرور ۔

خودپَرَست۔ ف۔ صفت۔ مغرور۔ گھمنڈی ۔

خودپَرَستی۔ ف۔ مؤنث۔ غرور۔ گھمنڈ ۔

خودپَسند۔ ف۔ صفت۔ اپنی کرنے والا۔ گھمنڈی۔ دوسرے کی رائے پر نہ چلنے والا ۔

خودپسندی۔ ف۔ مؤنث۔ سرکشی۔ مغروری۔ گھمنڈ ۔

خودرائے۔ ف۔ صفت۔ اپنی رائے پر چلنے والا۔ کسی کی نہ ماننے والا ۔

خودرائی سے۔ و۔ تابع فعل۔ سرکشی سے۔ اپنی عقل سے اپنے آپ سے ۔

خودرَفتہ۔ ا۔ صفت۔ آپے سے باہر۔ بے خبر ۔

خودرَفتگی۔ ا۔ مؤنث۔ بے خبری۔ مدہوشی ۔

خودرو۔ ف۔ صفت۔ اپنے آپ اُگا ہوا ۔

خودسَتائی۔ ف۔ مؤنث۔ اپنی تعریف آپ۔ اپنے منہ میاں مٹھو ۔

خُودسَر۔ ف۔ صفت۔ ضدی۔ ہٹیلا۔ سرکش ۔

خُودسَری۔ ف۔ مؤنث۔ ضد۔ ہٹ۔ سرکشی ۔

خُودغَرض۔ ف۔ ع۔ صفت۔ مطلب کا یار ۔

خُودغَرضی۔ ف ع۔ مؤنث۔ آپا دھاپی۔ خود مطلبی

خود کاشت۔ ف۔ مؤنث۔ وہ زمین جسے مالک خود جوتے بوئے ۔

خُودکُشی۔ ف۔ مؤنث۔ اپنے تئیں آپ مار ڈالنا ۔

خودمُختار۔ ف ع۔ صفت۔ آزاد۔ اختیار والا۔ سرکش

خودمُختاری۔ ف۔ مؤنث۔ آزادی۔ سرکشی۔ بااختیاری

خودمُطلب یا مطلبی۔ و۔ صفت۔ خودغرض۔ غرض کا دوست ۔

خودنُما۔ ف۔ صفت۔ مغرور۔ گھمنڈی ابھمانی ۔

خودنُمائی۔ ف۔ مؤنث۔ شیخی۔ غرور۔ اوچھاپن ۔

خُودی۔ ف۔ مؤنث۔ آپا۔ غرور۔ گھمنڈ ۔

خودی میں نہ رہنا۔ ا۔ آپے میں نہ رہنا ۔

خوردونوش۔ ف۔ مؤنث۔ (تلفظ خرد و نوش) کھانا پینا دانہ پانی ۔

خوراک۔ ف۔ مؤنث۔ کھانے کی چیز۔ کھانا۔ غذا ۔

خُوردبُرد۔ ف۔ مؤنث۔ (تلفظ خُرد) کھانا اُڑانا خیانت غبن ۔

خُورد بُرد کرنا۔ ا۔ کھانا اُڑانا۔ کھاجانا۔ غبن کرنا خیانت کرنا

خورِش۔ ف۔ مؤنث۔ (تلفظ خُرِش) خوراک۔ کھانا۔ غذا

خُورشید۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خُرشید) آفتاب۔ سُورج ۔

خُورِندہ۔ ف۔ مذکر۔ (تلفظ خُرندہ)۔ کھانے والا۔ پیٹو۔ فضول خرچ ۔

خوش۔ ف۔ صفت۔ (تلفظ خُش)۔ آنند۔ مگن۔ شاد۔ تندرست۔ اچھا ۔

خوش اُسلُوب۔ ف ع۔ صفت۔ اچھے ڈھنگ والا۔ اچھا۔ خوبصورت۔ اچھے طریقے کا ۔

خوش اِقبال۔ ف ع۔ صفت۔ اچھی تقدیر والا ۔

خوش اِلحان۔ ف ع۔ صفت۔ اچھی آواز والا۔ سریلا ۔

خوش اِلحانی۔ ف ع۔ مؤنث۔ سریلا پن۔ خوش آوازی ✦

خوش انتظامی۔ ف۔ مؤنث۔ اچھا انتظام۔ عمدہ بندوبست

خوش باش۔ ف۔ صفت۔ اپنی خوشی سے رہنے والا۔ عارضی طور پر رہنے والا ✦

خوش بُو۔ ف۔ مؤنث۔ سُگندھ۔ مہک۔ اچھی باس ✦

خوشبودار۔ ف۔ صفت۔ اچھی باس والا۔ سُگندی۔ خوشبو والا

خوش بیان۔ ف ع۔ صفت جسکی باتوں میں مزا آئے دل لگے۔ اچھی طرح بیان کرنے والا ✦

خوش بیانی۔ ف۔ مؤنث۔ اچھی طرح بیان کرنا ✦

خوش پوشاک۔ ف۔ صفت۔ اچھا لباس پہننے والا ✦

خوش تقریر۔ ف ع۔ صفت۔ اچھی تقریر کرنے والا ✦

خوش حال۔ ف ع۔ صفت۔ امیر۔ مالدار ✦

خوش خبری۔ ف ع۔ مؤنث۔ اچھی خبر ✦

خوش خبری دینا یا سُنانا۔ ا۔ اچھی خبر سنانا ✦

خوش خرام۔ ف۔ اچھی طرح چلنے والا۔ آہستہ چلنے والا ✦

خوش خلق۔ ف ع۔ صفت۔ اچھے سبھاؤ کا۔ با مروت ✦

خوش خوراک۔ ف۔ صفت۔ اچھا کھانا کھانے والا ✦

خوش خیال۔ ف ع۔ صفت۔ اچھی نظم یا نثر لکھنے والا ✦

خوش دامن۔ ا۔ مؤنث۔ ساس ✦

خوش دل۔ ف۔ صفت۔ مگن۔ بشاش۔ شاد ✦

خوش ذائقہ۔ ف ع۔ صفت۔ مزیدار ✦

خوش رفتار۔ ف۔ صفت۔ اچھی چال والا ✦

خوش رنگ۔ ف۔ صفت۔ اچھے اور چمکیلے رنگ کا ✦

خوش زبانی۔ ف۔ مؤنث۔ اچھی طرح گفتگو کرنا ✦

خوش سلیقہ۔ ف ع۔ صفت۔ سگھڑ۔ گن والا۔ ہنرمند ✦

خوش طالع۔ ف ع۔ صفت۔ اچھی تقدیر والا ✦

خوش طبع۔ ف ع۔ صفت۔ ٹھٹے باز۔ دل لگی باز۔ ظریف

خوش طبعی۔ ف ع۔ مؤنث۔ ظرافت۔ دل لگی ✦

خوش عنان۔ ف ع۔ صفت۔ اصیل گھوڑا ✦

خوش غلاف۔ ف۔ صفت۔ جو تلوار ذرا سے اشارے میں غلاف سے نکل آئے ✦

خوش قد۔ ف ع۔ صفت۔ موزوں قد والا ✦

خوش قطع۔ ف ع۔ صفت۔ اچھے ناک نقشے کا ✦

خوش قلم۔ ف ع۔ صفت۔ خوشنویس ✦

خوش کرنا۔ ا۔ راضی کرنا۔ آنند کرنا ✦

خوش گام۔ ف۔ صفت۔ اچھی اور تیز چال کا گھوڑا ✦

خوش گپ۔ ف۔ صفت۔ خوب باتیں بنانے والا ✦

خوش گزران۔ ف۔ صفت۔ مزے سے زندگی گذارنیوالا

خوش گفتار۔ ف۔ صفت۔ اچھی گفتگو کرنے والا ✦

خوش گلو۔ ف۔ صفت۔ اچھے اور سریلے گلے والا ✦

خوش گوار۔ ف۔ صفت۔ مزیدار۔ اچھا۔ پُرلطف ✦

خوش لباس۔ ف ع۔ صفت۔ اچھے کپڑے پہننے والا ✦

خوش لگام۔ ف۔ صفت۔ اشارے پر چلنے والا گھوڑا ✦

خوش نصیب۔ ف۔ ع۔ صفت۔ اچھی تقدیر والا ✦

خوش نصیبی۔ ف ع۔ مؤنث۔ خوش قسمتی۔ سنجوگ ✦

خوش نما۔ ف۔ صفت۔ اچھا معلوم ہونے والا ✦

خوش نمائی۔ ف۔ مؤنث۔ اچھا معلوم ہونا ✦

خوشنویس۔ ف۔ صفت۔ اچھا لکھنے والا۔ خوشخط ✦

خوش نیت۔ ف ع۔ صفت۔ نیک نیت۔ امانت دار

خوش نیتی۔ ف۔ مؤنث۔ نیک نیتی ✦

خوش و خرم۔ ف۔ صفت۔ آنند۔ مگن ✦

خوش وقت۔ ف ع۔ صفت۔ آنند۔ خوشحال ✦

خوشوقتی۔ ف۔ مؤنث۔ خوشی۔ چین چان ✦

خوش ہونا۔ ا۔ آنند ہونا۔ مگن ہونا۔ شاد ہونا ✦

خوشامد۔ ف۔ مؤنث۔ چاپلوسی۔ جھوٹی تعریف ✦

خوشنودی۔ ف۔ مؤنث۔ خوشی۔ رضامندی ✦

خوشہ۔ ف۔ مذکر۔ گچھا۔ بھٹا ✦

خوشی۔ ف۔ مؤنث۔ شادمانی۔ سرور ✦

خوشی خوشی۔ ا۔ تابع فعل۔ خوشی سے۔ چاؤ سے ✦

خوشی کرنا۔ یا۔ منانا۔ ا۔ خوش ہونا۔ شادی منانا۔ جشن کرنا

خوض۔ ع۔ مذکر۔ سوچ۔ غور ✦

خوف۔ ع۔ مذکر۔ ڈر ✦

خوف کرنا - ا - ڈرنا - رحم کرنا - ترس کھانا ٭

خوفناک - ف - صفت - ڈراؤنا ٭

خوک - ف - مذکر - سؤر ٭

خوگر - ف - صفت - عادی - لتیا - دھتیا ٭

خوگیر - ف - مذکر - تہرمو - گھوڑے کی پیٹھ پر کاٹھی کے نیچے ڈالنے کی گدی ٭

خوگیر کی بھرتی - ا - مؤنث - بیکار چیزیں - نکمے آدمی

خول - ا - صفت - کھوکھلا - پولا - مذکر - چھلکا ٭

خول چڑھانا - ا - غلاف چڑھانا - پتر اچھر چڑھانا ٭

خولنجان - ف - مؤنث - کلیجن - پان کی جڑ ٭

خون - ف - مذکر - لہو - قتل ٭

خون آلودہ - ف - صفت - خون میں بھرا ہوا ٭

خون آنکھوں میں اترنا - ا - غصے کے مارے آنکھیں سرخ ہو جانا - غصہ آنا ٭

خون بہا - ف - مذکر - خون کے بدلے کا مال ٭

خون بہانا - ا - خون نکالنا - قتل کرنا ٭

خون بہنا - ا - خون نکلنا - قتل ہونا ٭

خون بیٹھنا - ا - بواسیری خون نکلنا ٭

خون پینا - ا - خون چوسنا - قتل کرنا ٭

خون جگر پینا - یا کھانا - ا - غصہ کھانا - رنج اٹھانا - سخت محنت کرنا ٭

خون چلانا - ا - خون بہانا ٭

خون خرابا - ا - مذکر - کشت وخون - خونریزی ٭

خون خشک ہونا - ا - دم خشک ہونا - خوف چھانا ٭

خون خوار - ف - مذکر - ظالم - جلاد ٭

خون دل پینا - ا - غم میں گھٹنا - رنج اٹھانا - رنج ضبط کرنا

خونریزی - ف - مؤنث - لڑائی - کشت وخون ٭

خون سر چڑھنا - یا سر پر سوار ہونا - ا - کسی کے قتل پر آمادہ ہونا - خونی کا اپنی زندگی سے ہاتھ دھو کر دوسرے کے پیچھے پڑنا ٭

خون سوکھ جانا - ا - ڈرنا - خوف چھا جانا ٭

خون کا پیاسا - ا - مذکر - جانی دشمن ٭

خون کا جوش - ا - مذکر - خاندانی محبت - مامتا ٭

خون کا دورا - ا - مذکر - خون کا جسم کے اندر گردش کرنا

خون کا عوض - ا - مذکر - جان کے بدلے جان ٭

خون کبوتر - ف - صفت - بہت سرخ - لال شراب ٭

خون کرنا - ا - قتل کرنا ٭

خون کی بو آنا - ا - دشمنی کی علامت ظاہر ہونا ٭

خون گرفتہ - ف - مذکر - جسکی موت آئی ہو ٭

خون لینا - ا - فصد کھولنا ٭

خون نکلوانا - ا - فصد کھلوانا ٭

خون ہونا - ا - قتل ہونا - جان جانا - رنجیدہ ہونا ٭

خوناب - ف - مذکر - خون کے آنسو - پانی ملا ہوا خون - لال - خالص - خون - رنج - محنت ٭

خونی - ف - مذکر - قاتل - ظالم ٭

خونی دست - ا - مذکر - پیچش - خون کا پاخانہ آنا ٭

خونیں - ف - صفت - خون ملا ہوا - سرخ ٭

خونیں جامہ پہننا - ا - قتل کا حکم دینے یا غصہ ظاہر کرنے کو بادشاہ کا سرخ لباس پہننا ٭

خویش - ف - ضمیر - (تلفظ خیش) خود - آپ - (صفت) رشتہ دار - (مذکر) - داماد - جنوائی ٭

خ ی

خیار - ع - مذکر - کھیرا - ککڑی ٭

خیارین - ع - مذکر - کھیرا ککڑی دونوں ٭

خیاط - ع - مذکر - درزی ٭

خیاطہ - ع - مذکر - تاگا - دھاگا - نخ ٭

خیال - ع - مذکر - سوچ - بچار - مضمون - ایک راگ کا نام

خیال باطل - ع - مذکر - جھوٹا خیال - بے جا خیال ٭

خیال باندھنا - ا - دل ہی دل میں بات پیدا کرنا ٭

خیال بندھنا - ا - خیال جم جانا - برابر سوچتے رہنا ٭

خیال بندی - ا - مؤنث - خیالی تصویر - خیالات کا سلسلہ

خیال پر چڑھنا - ا - یاد آنا - یاد رہنا - سمجھ میں آجانا ٭
خیال پڑنا - ا - شبہ گزرنا - یاد آنا ٭
خیالِ خام - ع - مذکر - بیہودہ خیال - بے جا خیال ٭
خیال رکھنا - ا - یاد رکھنا - توجہ رکھنا ٭
خیال سے اُتر جانا - ا - بھول جانا - خیال نہ رہنا ٭
خیال سے باہر - ا - صفت - سمجھ سے دور ٭
خیالِ فاسد - ع - مذکر - برا خیال - نکما خیال ٭
خیال کرنا - ا - سوچنا - رعایت کرنا ٭
خیال میں آنا - یا خیال میں لانا } ا - سمجھنا - لحاظ کرنا - ماننا ٭
خیال میں نہ لانا - ا - توجہ نکرنا - لحاظ نکرنا - کچھ نہ سمجھنا دھیان میں نہ لانا - داد نہ دینا ٭
خیال نہ رکھنا - ا - یاد نہ رکھنا - لحاظ نہ کرنا - دھیان نہ رکھنا ٭
خیال نہ رہنا - ا - یاد نہ رہنا - دھیان نہ رہنا ٭
خیالات - ع - مذکر - خیال کی جمع ٭
خیالی - ع - صفت - وہمی - قیاسی ٭
خیالی پلاؤ پکانا - ا - ایسی باتیں سوچنا جو ہو نہ سکیں ٭
خیانت - ع - مؤنث - امانت میں چوری - دغا - غبن ٭
خیانت کرنا - ا - امانت میں چوری کرنا - غبن کرنا ٭
خیانتِ مجرمانہ - ع - مؤنث - وہ خیانت جو قانون میں جرم ہو ٭
خیر - ع - مؤنث - نیکی - بھلائی - ہاں - اچھا - ٹھیک - برا نہ بھلا - سلامتی ٭
خیر اندیش - ع - ف - مذکر - بھلائی چاہنے والا ٭
خیر باد - ع - ف - مؤنث - خدا حافظ - خیریت رہے ٭
خیر باشد - ا - تابع فعل - خیر ہے - خیر تو ہے !
خیر باشد کدھر کرم کیا - ا - محاورہ - کیونکر آنا ہوا - خیر تو ہے کیسے آئے - کیونکر آئے کیا راستہ بھول گئے ٭
خیر خبر - ا - مؤنث - ع - خیریت - خیر سلا ٭
خیر چاہنا - ا - بھلائی چاہنا ٭

خیر خواہ - ع - ف - مذکر - بھلائی چاہنے والا ٭
خیر خواہی - ع - ف - مؤنث - بھلائی - نمک حلالی - خیریت کی خواہش ٭
خیر سلا - ا - مؤنث - ع - خیر و عافیت - مزاج پرسی ٭
خیر سے رات کٹنا - یا گزرنا - ا - رات سلامتی سے بسر ہونا ٭
خیر سے گھر کو سدھارو - ا - محاورہ - اتنا نہ لگ چلو - زیادہ مصاحب نہ بنو ٭
خیر گزرنا یا ہونا - ا - آفت سے بچنا - ناگہانی آفت سے جان بچنا ٭
خیرِ محض - ع - صفت - بالکل نیکی - سر سے پاؤں تک بھلائی
خیر مانگنا - ا - سلامتی چاہنا - بھلائی چاہنا - بچاؤ چاہنا - توبہ کرنا ٭
خیر مقدم - ع - مذکر - وہ کلمہ جو کسی بزرگ کے آنے کے وقت کہا جاتا ہے - ویلکم ٭
خیر منانا - ا - سلامتی اور بھلائی چاہنا ٭
خیر و عافیت - ع - مؤنث - خیر سلا - کھیم کُسل ٭
خیر ہے ؟ - ا - تعجب - یہ کیا اور کیوں کر رہے ہو ٭
خیرات - ع - مؤنث - خیر کی جمع - نیکیاں - دان - پُن - صدقہ - زکوٰۃ ٭
خیرات خانہ - ع - ف - مذکر - محتاج خانہ - لنگر خانہ ٭
خیرات داخل - ا - محاورہ - خیرات سمجھ کے - دان سمجھ کے
خیرات دینا - ا - خدا کی راہ پر دینا ٭
خیراتی - ف - صفت - دان پُن کی - صدقہ و زکوٰۃ کی ٭
خیرگی - ف - مؤنث - چکا چوند ٭
خیرو - ف - مذکر - خطمی - (اردو میں خیرُو) ٭
خیریت - ع - مؤنث - نیکی - بھلائی - تندرستی ٭
خیلا - ا - صفت - ع - بیہودہ - پھوہڑ - احمق عورت ٭
خیلاپن - ا - مذکر - پھوہڑپن - بے وقوفی ٭
خیمہ - ع - مذکر - ڈیرہ - تنبو ٭
خیمہ دوز - ع - ف - مذکر - ڈیرہ سینے بنانے والا ٭

خیمہ گاہ ۔ ع ف ۔ظرف۔ ڈیرے پڑنے کی جگہ۔ کیمپ ✣

د

د ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اُردو۔ الف بے تے کا گیارھواں حرف ✣

د ا

دَاب ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دباؤ۔ بوجھ۔ زور۔ (ع۔ مذکر) طور۔ ڈھنگ۔ عادت۔ دستور۔ رعب ✣

دابِ سَلطَنَت ۔ ع۔ مذکر۔ حکومت کے قاعدے ✣

دابِ صُحبَت ۔ ع ۔مذکر۔ محفل کا دستور ✣

دَاب بَیٹھنا ۔ ا۔ چڑھ بیٹھنا۔ دبوچ لینا۔ کسی کا حق نہ دینا

داب دینا ۔ ا۔ دفن کر دینا۔ گاڑ دینا۔ چھپا دینا ✣

داب رکھنا ۔ ا۔ دبوچ رکھنا۔ پکڑ رکھنا۔ مار لینا ✣

داب لینا ۔ ا۔ دبوچ لینا۔ بھینچ لینا۔ قابو میں لے آنا۔ مار لینا

دَابنا ۔ ا۔ دبانا۔ چھپی کرنا۔ دبوچنا۔ دفن کرنا ✣

دَاتَا ۔ ہ ۔ مذکر۔ دینے والا۔ سخی۔ خدا۔ بھگوان ✣

دَاخِل ۔ ع صفت۔ اندر پہنچنے والا یا پہنچا ہُوا ✣

دَاخِل خَارِج ہونا ۔ ا۔ ایک شخص کا نام ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے کا نام سرکاری دفتر میں چڑھنا ✣

داخِل دَفتَر کرنا ۔ ا۔ بلا کچھ کارروائی کئے کسی کاغذ کو دفتر کے سپرد کرنا۔ فائل کرنا۔ شامل مسل کرنا ✣

داخِل کرنا ۔ ا۔ شامل کرنا۔ ملانا۔ اندر کرنا۔ روپیہ خزانہ یا بنک میں جمع کرنا۔ نام درج کرانا یا کرنا ✣

داخل ہونا ۔ ا۔ اندر آنا۔ شریک ہونا۔ جمع ہونا۔ لکھا جانا۔ پہنچنا ✣

داخِلہ ۔ ع۔ مذکر۔ سپردگی۔ روپیہ کی رسید۔ مالگزاری یا چُنگی کی رسید۔ گذر۔ پہنچ۔ داخل کرنیکی فیس ✣

داخِلی ۔ ع ۔ مؤنث۔ ملی ہوئی۔ اندرگی ✣

داد ۔ ہ ۔ مذکر۔ ایک جلد کی بیماری۔ (ف ۔ مؤنث) ۔ انصاف۔ نیاؤ۔ بخشش۔ تعریف۔ واہ وا ۔ فریاد ۔ سزا۔ بدلا ✣

داد پانا ۔ ا۔ انصاف کو پہنچنا۔ تعریف حاصل کرنا ✣

داد چاہنا ۔ ا۔ انصاف چاہنا۔ تعریف چاہنا ✣

دادخواہ ۔ ف ۔ مذکر۔ فریادی۔ نالشی۔ دعویدار ✣

دادخواہی ۔ ف ۔ مؤنث۔ فریاد۔ نالش۔ دعوے ✣

داد و دِہش ۔ ف ۔ مؤنث۔ دان پُن۔ خیر خیرات۔ سخاوت ✣

داد دینا ۔ ا۔ انصاف کرنا۔ نیاؤ کرنا۔ تعریف کرنا ✣

دادرَسی ۔ ف ۔ مؤنث۔ انصاف۔ نیاؤ ✣

داد سِتَد ۔ ف ۔ مؤنث۔ لین دین۔ حساب کتاب ✣

داد فَریاد ۔ ف ۔ مؤنث ۔ عدل۔ انصاف۔ دہائی تہائی

داد فریاد کرنا ۔ ا۔ دُہائی دینا۔ دہائی مچانا ✣

داد کو پہنچنا ۔ ا۔ داد ملنا۔ داد پانا۔ انصاف کرنا۔ فریاد سُننا ✣

داد نہ فَریاد ۔ ا۔ محاورہ۔ اندھیر۔ ظلم ✣

دادا ۔ ہ ۔ مذکر۔ باپ کا باپ ✣

دادَنی ۔ ف ۔ مؤنث۔ باقی۔ قرضہ۔ پیشگی ✣

دادی ۔ ہ ۔ مؤنث۔ باپ کی ماں ✣

دادرا ۔ ہ ۔ مذکر۔ ایک قسم کا گیت ✣

دار ۔ ف ۔ مؤنث۔ سُولی۔ پھانسی۔ (ع ۔ مذکر) گھر۔ محلہ۔ جگہ ✣

دار پہ چڑھانا ۔ ا۔ سولی دینا۔ سولی پر چڑھانا ✣

دارُالاِمارت ۔ ع ۔ مذکر۔ راجدھانی۔ پایہ تخت ✣

دارُالاَمن ۔ ع ۔ مذکر۔ وہ ملک جہاں آرام سے رہیں اور کسی مذہب میں بھی کوئی دخل نہ دے سکے ✣

دارُالبَقا یا دارُالآخِرت ۔ ع ۔ مذکر۔ دوسرا جہان ✣

دارُالحَرب ۔ ع ۔ مذکر۔ وہ ملک جہاں مسلمانوں کو مذہبی آزادی نہ ہو ✣

دارُالحکومَت یا دارُالخِلافَہ } ع ۔ مذکر۔ پایہ تخت۔ راجدھانی ✣

دارُالسّلطنت } ع۔ پایہ تخت۔ راجدھانی ٭
دارُالمُلک }
دارُالشّفا۔ ع۔ مذکر۔ اسپتال۔ شفاخانہ ٭
دارُالضّرب۔ ع۔ مذکر۔ ٹکسال ٭
دارُالمکافات۔ ع۔ مذکر۔ دُنیا ٭
دارا۔ ف۔ مذکر۔ ایران کے ایک بادشاہ نام ٭
دارائی۔ ف۔ مؤنث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسے اُردو میں دریائی کہتے ہیں ٭
دارچینی۔ ف۔ مؤنث۔ تج ٭
دارُو۔ ف۔ مؤنث۔ دوا۔ بارود ٭
دارُوئے بیہوشی۔ ف۔ مؤنث۔ بیہوش کرنیکی دوا۔ کلوروفورم ٭
دارُو درمان۔ ف۔ مذکر۔ دوا علاج ٭
داروغہ۔ ف۔ مذکر۔ نگراں۔ محافظ۔ منصرم۔ افسر۔ تھانہ دار
داروغۂ آبکاری۔ ا۔ مذکر۔ نشہ کی چیزوں کی نگرانی کرنے والا ٭
داروغۂ پولیس۔ ا۔ مذکر۔ تھانہ دار ٭
داروغۂ توپخانہ۔ ف۔ مذکر۔ توپخانہ کا افسر
داروغۂ جیلخانہ۔ ا۔ مذکر۔ جیلخانہ کا افسر۔ جیلر ٭
داروغۂ دیوانخانہ۔ ف۔ مذکر۔ وہ افسر جو باہروں کے پاس دیوانخانہ میں جانے کی اجازت دے ٭
داروغائی۔ ا۔ مؤنث۔ نگہبانی۔ انتظام۔ افسری ٭
دارومدار۔ ف۔ مذکر۔ بیچ بچاؤ۔ صفائی۔ فیصلہ۔ ٹھہراؤ موقوف ٭
داس۔ ہ۔ مذکر۔ خدمتی۔ غلام۔ نوکر۔ چیلا ٭
داسا یا داسہ۔ ہ۔ مذکر۔ وہ کڑی یا لمبی سل جسے دیوار پر رکھکر اوپر سے کڑیاں ڈالتے ہیں۔ یا وہ کڑی یا سل جو تھموں ستونوں کے اوپر یا نیچے رکھتے ہیں ٭
داستان۔ ف۔ مؤنث۔ قصہ۔ کہانی۔ حکایت ٭
داستان گو۔ ف۔ مذکر۔ قصہ کہنے والا ٭
داستانہ۔ ف۔ مذکر۔ دستانہ۔ ہاتھ میں پہننے کی چیز ٭

یا لوہے کی ایک چیز ٭
داعیہ۔ ع۔ مؤنث۔ دعوے کرنے والی عورت۔ نالش دعوے ٭
داغ۔ ف۔ مذکر۔ دھبا۔ نشان۔ عیب۔ زخم۔ رنج۔ صدمہ فصیح الملک نواب مرزا صاحب دہلوی کا تخلص ٭
داغ اُٹھانا۔ ا۔ رنج اور صدمہ اُٹھانا ٭
داغ بیل۔ ا۔ مؤنث۔ بنیاد کا نشان ٭
داغ پر داغ۔ ا۔ تابع فعل۔ صدمہ پر صدمہ۔ آفت پر آفت ٭
داغ جگر۔ ف۔ مذکر۔ دل یا کلیجہ کا زخم ٭
داغدار۔ ف۔ صفت۔ داغی۔ داغ دھبے والا ٭
داغ دکھانا۔ ا۔ رنج دینا ٭
داغ دینا۔ ا۔ رنج دینا۔ جلانا۔ کوئی چیز گرم کرکے اُس کا نشان ڈالنا ٭
داغ کرنا۔ ا۔ کڑکڑانا۔ بگھارنا۔ گرم کرنا ٭
داغ کھانا۔ ا۔ صدمہ اُٹھانا۔ عیبدار ہو جانا ٭
داغ لگانا۔ ا۔ جلانا۔ عیب لگانا۔ بدنام کرنا ٭
داغ لگنا۔ ا۔ جلنا۔ دیگچی وغیرہ میں کھانا جلجانا۔ دھبا لگنا۔ بدنامی آنا ٭
داغ ہو کر نکلنا۔ ا۔ جلکر ظاہر ہونا۔ پھوٹ کر نکلنا ٭
داغا جانا۔ ا۔ جلایا جانا۔ لوہا گرم کرکے چرکا دیا جانا ٭
داغنا۔ ا۔ گرم لوہے سے نشان ڈالنا۔ توپ یا بندوق چھوڑنا ٭
داغی۔ ا۔ صفت۔ داغدار۔ دھبے دار۔ عیب دار۔ قید بھگتا ہوا۔ کنونڈا ٭
دال۔ ہ۔ مؤنث۔ دلے ہوئے چنے مونگ اڑد وغیرہ کھرنڈ ٭
دال بندھنا۔ ا۔ کھرنڈ بندھنا ٭
دال چپاتی۔ ا۔ مؤنث۔ معلوم معنی کے سوا۔ بچوں کو ڈرانے کا ایک فرضی نام ٭
دال دلیا۔ ہ۔ مذکر۔ غریبوں کا سا کھانا ٭

دال روٹی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ درمیانے درجہ کی حالت ۔ غریبانہ
کھانا ✤

دال روٹی سے خوش ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ کھاتا پیتا ۔ خوش حال

دال گلنا ۔ ہ ۔ دال پک کر خوب نرم ہو جانا ۔ قابو چلنا ۔
مطلب نکلنا ✤

دال میں کچھ کالا ۔ یا ۔ کالا کالا ہونا ۔ ا ۔ کسی طرف سے کچھ شک ہونا

دال نہ گلنا ۔ ہ ۔ معلوم معنی کے سوا ۔ پہنچ نہ ہونا ۔ قابو نہ چلنا

دالان ۔ ا ۔ مذکر ۔ بڑا اور لمبا بے کواڑوں کا کمرہ جس میں
سہ دری لگایا جاتا ہے یا محراب دار دروازے ہوتے ہیں

دالان در دالان ۔ ا ۔ مذکر ۔ دوہرا دالان ۔ آگے پیچھے
دو دالان ✤

دام ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دمڑی ۔ چھدام ۔ قیمت ۔ بھاؤ ۔ روپیہ ۔
(ف ۔ مذکر) جال ۔ پھندا ۔ گھاس کھانے والے جنگلی چوپائے

دام اُٹھنا ۔ ہ ۔ کسی چیز کا بک جانا ✤

دام بھر پانا ۔ ہ ۔ قیمت وصول ہو جانا ✤

دام بھرنا ۔ ہ ۔ قیمت دینا یا پڑنا ۔ ڈانڈ بھرنا ✤

دام چکانا ۔ ہ ۔ بھاؤ ٹھیرانا ۔ قیمت ادا کرنا ✤

دام دام ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کوڑی کوڑی ✤

دام دینا ۔ ہ ۔ قیمت دینا ✤

دام دینے آئے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ قیمت ادا کرنا یا ۔ ڈانڈ بھرنا پڑا

دام کرنا ۔ ہ ۔ بیچ ڈالنا ✤

دام کھرے کرنا ۔ ہ ۔ بیچکر لاگت وصول کرنا ✤

دام میں لانا ۔ ا ۔ جال میں پھنسانا ۔ بس میں کرنا ✤

داماد ۔ ف ۔ مذکر ۔ نیا دولھا ۔ جنوائی ✤

داماں یا دامن } ۔ ف ۔ مذکر ۔ دامن ۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان ✤

دامن پکڑنا ۔ ا ۔ مانگنا ۔ تقاضا کرنا ۔ روکنا ۔ پناہ میں آنا

دامن پھیلانا ۔ ا ۔ دعا مانگنا ۔ بھیک مانگنا ۔ آرزو کرنا ✤

دامن تلے چھپانا ۔ یا ڈھانکنا ۔ یا ۔ ڈھکنا ۔ ا ۔ پناہ
میں لینا ۔ مدد کرنا ۔ عیب چھپانا ۔ ہیٹی دبنا ۔ پالنا ✤

دامن جھاڑ کر اُٹھنا ۔ یا کھڑا ہونا ۔ ا ۔ صاف اور آزاد
ہو کر کھڑا ہونا ۔ دنیا کو چھوڑنا ✤

دامن جھٹک لینا ۔ ا ۔ انکار کرنا ۔ پیچھا چھڑانا ✤

دامن چھڑانا ۔ ا ۔ پیچھا چھڑانا ۔ بچنا ✤

دامن سے لگنا ۔ ا ۔ کسی کے آسرے پر ہونا ✤

دامن کوہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ پہاڑ کے نیچے کا میدان ✤

دامنگیر ۔ ف ۔ مذکر ۔ روکنے والا ۔ سر ہونے والا ۔ دعویدار

دامنگیر ہونا ۔ ا ۔ روکنا ۔ سر ہونا ۔ دعوے کرنا ✤

دامنی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ زین پوش ۔ ایک پاٹ کی باریک
چادر ۔ جو عورت کے جنازہ پر ڈالتے ہیں ✤

دان ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خیرات ۔ پن ۔ بھینٹ ۔ جہیز ۔ بخشش
گھر ۔ جگہ ۔ مکان ۔ خانہ ✤

دان پن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ صدقہ ۔ خیرات ✤

دان دہیز ۔ ا ۔ مذکر ۔ عو ۔ جہیز ✤

دانا ۔ ف ۔ صفت ۔ عالم ۔ عقلمند ۔ ہوشیار ✤

دانا بینا ۔ ف ۔ صفت ۔ عقلمند ۔ ہوشیار ✤

دانائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ عقلمندی ۔ ہوشیاری ✤

دانایانِ فرنگ ۔ ا ۔ مذکر ۔ یورپ کے عقلمند ✤

دانت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ منہ کے اندر کی ہڈیاں جن سے چبایا
جاتا ہے ۔ خواہش ۔ دندانہ ۔ دانتا ✤

دانت اُکھاڑنا ۔ یا ۔ اُکھیڑنا ۔ ہ ۔ دانت توڑنا ۔ عاجز کرنا

دانت بجانا ۔ ہ ۔ دانتوں سے دانت لڑا کر آواز نکالنا

دانت بجنا ۔ ہ ۔ سردی سے دانت کڑکڑانا ✤

دانت بنانا ۔ ہ ۔ دانت درست کرنا ۔ نقلی دانت لگانا

دانت بندھوانا ۔ ہ ۔ ہلے ہوئے دانتوں کو تار سے
جکڑوانا ✤

دانت بھینچنا ۔ ہ ۔ دانت دبانا ۔ دانت پیسنا ✤

دانت بیٹھنا یا بیٹھ جانا ۔ ہ ۔ غش یا مرگی میں دانت
بھنچی ہو جانا ✤

دانت پر میل نہ ہونا ۔ ہ ۔ بہت ہی غریب ہونا ✤

دانت پیسنا ۔ ہ ۔ بہت غصے میں ہونا ۔ جھلانا ✤

دانت تلے اُنگلی دبانا ۔ ہ ۔ افسوس کرنا ۔ تعجب میں ہونا

دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے
ہ - کہاوت - دولت تھی تو اولاد نہ تھی - اب اولاد
ہوئی تو دولت نہیں - بے وقت آرزو پوری ہونا +

دانت جھاڑنا - ہ - دانت توڑنا +

دانت جھڑنا - ہ - دانت گرنا یا ٹوٹنا +

دانت دکھانا - ہ - ڈرانا - بڑائی ظاہر کرنا +

دانت دیکھنا - ہ - جانوروں کی عمر معلوم کرنا +

دانت رکھنا - ہ - ارادہ رکھنا - گھات میں رہنا -
بدلا لینے کو آمادہ رہنا +

دانت سلسلانا - ہ - دانت دکھنا +

دانت سے دانت بجنا - ہ - بہت سردی لگنا +

دانت کاٹی روٹی - ہ - مؤنث - بہت دوستی +

دانت کاٹی روٹی کھانا - ہ - بہت دوستی ہونا +

دانت کٹکٹانا
یا دانت کچکچانا } - ہ - دانت پیسنا - جھلانا - بہت غصے میں ہونا

دانت کرکرے ہونا - ہ - کرکراہٹ کی وجہ سے دانتوں
کا کام نہ دینا - عاجز ہو جانا +

دانت کریدنے کو تنکا نہ رہنا - ہ - بالکل لٹ جانا +

دانت کڑکڑانا - ہ - سردی سے دانت بجنا - سخت سردی
لگنا +

دانت کھٹے کرنا - ہ - عاجز کرنا - بھگا دینا +

دانت کھٹے ہو جانا - ہ - معلوم معنی کے سوا - عاجز ہو جانا

دانت گھنگنی - ہ - مؤنث - خشخاش کی میٹھی گھنگنیاں جو
بچے کا پہلا دانت نکلنے میں بانٹی جاتی ہیں +

دانت لگانا - ہ - کاٹنا - کسی چیز کی خواہش کرنا +

دانت لگنا - ہ - معلوم معنی کے سوا - جبڑا بند ہو جانا +

دانت مارنا - ہ - کاٹنا - کوئی چیز حاصل کر لینا +

دانت نکال دینا - ہ - دانت کھولکر ہنسنا - کھسیانی ہنسی
ہنسنا - ڈر کے مارے دانت کھلے رہجانا - عاجز ہو کر منہ پھاڑ
دینا - اُدھڑ جانا - بھونسڑے نکل آنا +

دانت نکالنا - ہ - دانت اکھاڑنا - بھونسڑے نکل آنا -
اُدھڑ جانا - بچے کا دانت دکھائی دینا - ڈر سے منہ پھاڑنا
عجز ظاہر کرنا - منت کرنا - بے موقع ہنسنا - کھسیانی ہنسی
ہنسنا +

دانت نہ لگانا - ہ - کسی چیز کو بہت حقیر اور کم سمجھ کر بغیر
چبائے نگل جانا +

دانت ہونا - ہ - ارادہ ہونا - خواہش ہونا - گھات ہونا
دشمنی ہونا - مار ڈالنے کا ارادہ ہونا +

دانتا کلکل - ہ - مؤنث - آئے دن کا جھگڑا - ہر وقت کی
لڑائی +

دانتن - یا - داتون - ہ - مؤنث - مسواک - دانت صاف
کرنیکی لکڑی +

دانتوں پر ہونا - ہ - بچے کے دانت نکلنے کو ہونا +

دانتوں پسینا آنا - ہ - کسی مشکل کام سے عاجز آجانا - تھک جانا

دانتوں چڑھنا - ہ - عو - نظر لگنا +

دانتوں زمین پکڑنا - ا - بہت مضبوطی سے پکڑنا - بہت
ہی غریبی اور مفلسی میں گذر کرنا +

دانتوں سے اُٹھانا - ہ - بہت قدر سے اُٹھانا +

دانتوں سے ہاتھ کاٹنا - ہ - غصہ میں اپنا ہاتھ چبانا
بہت افسوس کرنا +

دانتوں میں اُنگلی دبانا - ہ - بہت افسوس کرنا - اچنبے
میں ہونا - منع کرنا +

دانتوں میں تنکا لینا - یا - پکڑنا - ہ - عجز ظاہر کرنا - پناہ
چاہنا +

دانتوں میں جیبھ یا زبان ہونا - ا - دشمنوں میں
گھرا رہنا - دشمنوں کے نرغے میں رہکر سلامت رہنا +

دانتی - ہ - مؤنث - بتیسی - درانتی - ہنسیا +

دانتیا - ہ - مذکر - ریہ کا نمک جو تمباکو میں تیزی کے لئے
ملاتے ہیں +

دانست - ف - مؤنث - واقفیت - پہچان - رائے
سمجھ +

دانستہ کر - ف - تابع فعل - جان بوجھکر +

دانش - ف - مؤنث - عقل - سمجھ ٭
دانشمند - ف - صفت - عقلمند - ہوشیار - سمجھ دار ٭
دانشمندی - ف - مؤنث - عقلمندی - ہوشیاری ٭
دانگ - ف - مؤنث چھے رتی کا وزن - طرف - سمت
حصّہ - ٹکڑا ٭
دانہ - ف - مذکر - اناج - غلہ - بیج - روا - رونا ٭
دانہ اُگلنا - و - پرندوں کا کھایا ہوا دانہ پوٹہ سے باہر لانا ٭
دانہ بدلنا - و - پرندوں کا آپس میں ایک دوسرے کو اپنے
منہ کا دانہ کھلانا ٭
دانہ بندی - و - مؤنث - کنکوتی - کھڑی کھیتی کو آنکنا یا کوتنا
کچی پیمائش ٭
دانہ بھرانا - و - پرندوں کا اپنے بچوں کے منہ میں چوگا ڈالنا
دانہ پانی - و - مذکر - اَن جل - آب و دانہ - رہنا سہنا ٭
دانہ دار - ف - صفت - روے دار ٭
دانہ دانہ پر مُہر ہونا - و - جو دانہ جسکی قسمت کا ہو اُسی
کو ملتا ہے ٭
دانہ دُنکا - و - مذکر - ایک آدھ دانہ ٭
دانہ دینا یا ڈالنا - و - کبوتروں یا گھوڑوں کو دانہ کھلانا
دانہ زد - و - مذکر - بہت کنجوس - بخیل ٭
داؤد - ع - مذکر - محبوب - عزیز - ایک مشہور پیغمبر کا نام -
ہ - مذکر - ایک مشہور فقیر کا نام جس نے داؤد پنتھ نکالا تھا ٭
داؤدی - ہ - مذکر - ایک سفید اور زرد رنگ کا پھول ٭
داؤدی - یا داؤد خانی - و - صفت - سفید گیہوں ٭
داؤں - ہ - مذکر - ہنسیا - کھگڑی - وار - باری - گھات -
قابو - بس - بازی - چال - مکر - فریب - کشتی کا پیچ - پاسہ ٭
داؤں آنا - و - مطلب کا پاسہ پڑھنا - باری آنا - نوبت آنا ٭
داؤں پر چڑھنا - و - بس میں آنا - پیچ پر چڑھنا ٭
داؤں پر رکھنا - و - بازی پر لگانا - کشتی کے پیچ پر بھرنا
داؤں پڑنا - و - بازی آنا - مطلب کا پاسہ پڑنا
داؤں پھینکنا - و - پاسہ ڈالنا - کوڑیاں پھینکنا ٭
داؤں پیچ - و - مذکر - داؤں گھات - مکر فریب - کشتی
کے بند ٭
داؤں تاکنا - یا لگانا - ہ - گھات لگانا ٭
داؤں دینا - ہ - دھوکا دینا ٭
داؤں کرنا - ہ - پیچ کرنا - فریب کرنا - شکاری کا گھات
میں بیٹھنا ٭
داؤں کھیلنا - ہ - دھوکا دینا ٭
داؤں میں آنا - ہ - دھوکا کھانا - بس میں آنا ٭
داہنا - ہ - صفت - سیدھا ٭
دائی - و - مؤنث - دایہ - جنائی - ماما - دینے والا - کرنے والا
دائی پلائی - و - مؤنث - انّا - دودھ پلانے والی ٭
دائی جنائی - و - مؤنث - دایہ - بچہ جنانے والی ٭
دائی سے پیٹ چھپانا - و - جاننے والے آدمی سے بات
چھپانا ٭
دائی کو سونپنا - و - ع - بچے کو دائی کے گھر پالنے کو دینا ٭
دائی کھلائی - و - مؤنث - وہ دایہ جو بچوں کو کھلائے رکھے
دائی کے سر پھول پان - و - کہاوت - ہر برائی بیچارے
کمزور آدمی کے سر آتی ہے ٭
دائی گیری - و - مؤنث - جنانے کا پیشہ ٭
دایاں - ہ - مذکر - داہنا - سیدھا ٭
دایاں بولنا - ہ - کہیں جاتے ہوئے تیتر کا دائیں ہاتھ
کی طرف بولنا - (چور اور مسافر نیک شگون سمجھتے ہیں) ٭
دائر - ع - صفت - پھرنے والا - گھومنے والا - تجربہ میں ٭
دائر کرنا - و - چلانا - پیش کرنا - شروع کرنا ٭
دائرہ - ع - مذکر - حلقہ - کنڈل - چکر - ایک باجہ کا نام -
حرفوں کی گولائی ٭
دایک - س - مذکر - دینے والا ٭
دائم - ع - تابع فعل - ہمیشہ - سدا - جنم بھر ٭
دائم الحبس - ع - مذکر - جنم قید - عمر قید ٭
دائم الخمر - ع - صفت - ہر وقت شراب کے نشہ میں رہنے والا
دائم المرض - ع - صفت - جنم روگی - ہمیشہ بیمار رہنے والا
دائمی - ع - صفت - سدا کا - جنم کا - ہمیشہ کا ٭

دائِن - ع - مذکر - جسکا قرض آتا ہو - اُدھار دینے والا ✦

دائیں - ہ - مؤنث - بیلوں کو اناج گاہنے کیلئے ایک ساتھ جوتنا - برابری - ہم عمری - توپ یا بندوق چھوٹنے کی آواز داہنی طرف ✦

دائیں چلانا - ہ - اناج گاہنا ✦

دائیں دار - یا - دائیں کا - ہ - صفت - برابر کا - ہم عمر - ہم رتبہ

دائیں بائیں - ہ - تابع فعل - اِدھر - اُدھر ✦

دائیں بائیں دیکھنا - ہ - اِدھر اُدھر دیکھنا - چوکنّا ہونا

دائیں بائیں کر دینا - ہ - چھپا دینا - اِدھر اُدھر کر دینا ✦

دایہ - ف - مؤنث - بچے کو پالنے والی - پلائی - انّا - کھلائی

دایہ گیری - ف - مؤنث - دایہ کا پیشہ ✦

دب

دَبّا - ہ - مذکر - گھات - غوطہ - ڈُبکی - بیلا چنبیلی کی شاخیں زمین میں دبا دینے اور اُس میں جڑیں نکل آئیں تو کاٹ کر دوسری جگہ لگا دینے کو بھی دبّا کہتے ہیں ✦

دَبا مارنا - ہ - دشمن یا شکار کے واسطے چھپ کر بیٹھنا ✦

دَبا بیٹھنا - یا - لینا - ہ - دبوچ لینا - مال مار لینا ✦

دَبا کر - ہ - تابع فعل - زور ڈالکر - زبردستی سے ✦

دَبّاغ - ع - مذکر - چمڑا پکانے اور رنگنے والا - کھٹیک ✦

دبانا - ہ - گاڑنا - بیج بونا - مال مارنا - دبوچنا - بھگانا - دباؤ ڈالنا - چپتی کرنا - نقصان دینا - چھپانا ✦

دباؤ - ہ - صفت - بوجھ - ڈر - حکومت - خیال ✦

دَباؤ ڈالنا - ا - زور ڈالنا - بوجھ ڈالنا ✦

دَباؤ ماننا - ہ - ڈرنا ✦

دَبدَبہ - ع - مذکر - رعب - شان و شوکت - ڈھول کی سی آواز

دُبدَھا - ہ - مؤنث - شک - شبہ - ہچر مچر ✦

دُبدھا کرنا - ہ - شک کرنا - شبہ کرنا - آگا پیچھا سوچنا ✦

دُبُر - ع - مؤنث - پیچھا - پیٹھ ✦

دَبڑ دُو گھُسڑُو - ہ - صفت - ڈرپوک - بودا - کم ہمت ✦

دبکانا - ہ - چھپانا ✦

دَبکنا - ہ - ڈرنا - چھپنا - چاندی سونے کے تاروں کو کوٹ کر چوڑا کرنا ✦

دَبک بیٹھنا - ہ - چھپ کے بیٹھ رہنا - زمین سے پیٹ لگا کر بیٹھنا ✦

دُبک جانا - ہ - چھُپ جانا - چلدینا ✦

دُبکی - ہ - مؤنث - کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا - داؤ گھات ✦

دَبگر - ہ - مذکر - ڈھال بنانے والا - کپّا بنانے والا ✦

دُبلا - ہ - صفت - پتلا - کمزور ✦

دُبلا - یا - دُبلاپن - ہ - مذکر - پتلاپن - کمزوری ✦

دُبلا پتلا - ہ - صفت - چھریرا - ہلکے بدن کا ✦

دَبنا - ہ - بوجھ کے نیچے آنا - گڑنا - چھپنا - ہٹنا - رُکنا - شرمانا - مٹنا ✦

دَبنگ - یا - دبنگا - ا - صفت - موٹا تازہ - ہٹا کٹا ✦

دَبوچنا - ہ - دبانا - بھینچنا ✦

دُبّہ - ہ - مذکر - کُپّا ✦

دَبی بلّی چوہوں سے کان کٹواتی ہے - ہ - کہاوت زبردست دبے پر کمزور کا بھی حکم مانتا ہے ✦

دبے پاؤں - ہ - تابع فعل - سہج سہج - چپکے چپکے ✦

دبے پاؤں آنا - ہ - اس طرح آنا کہ پاؤں کی آہٹ نہ ہونے پائے ✦

دبے پاؤں نکل جانا - ہ - چپکے سے چلا جانا ✦

دبے پر چیونٹی بھی کاٹ کھاتی ہے - ہ - کہاوت - تنگ آکر کمزور بھی حملہ کر بیٹھتا ہے ✦

دَبیر - ف - مذکر - لکھنے والا - منشی - مرزا سلامت علی مرثیہ گو لکھنوی کا تخلّص ✦

دَبیرِ فلک - ف - مذکر - عطارد ستارہ - بُدھ ✦

دَبیز - ف - صفت - موٹا - گاڑھا ✦

دبی زبان سے کچھ کہنا - ا - ڈرتے ڈرتے کچھ کہنا - شرما شرمی کچھ اقرار کرنا ✦

دُبیل - ہ - صفت - دبا ہوا - دبنے والا - کمزور ✦

د ت

دُت۔ ہ۔ حقارت۔ کُتّے کو ہنکانیکی آواز۔ دور ہو۔
دُت تیرے کی۔ (ہ۔ حقارت) ہٹ تیرے کی ✦
دُتکار۔ ہ۔ مؤنث۔ دُھتکار۔ جھڑکی۔ گھرکی ✦
دُتکارنا۔ ہ۔ دھتکارنا جھڑکنا گھرکنا۔ نکالنا ✦
دَتون۔ یا۔ داتون } ہ۔ مؤنث۔ مِسواک۔ دانت صاف کرنیکی لکڑی ✦

د ج

دَجّال۔ ع۔ مذکر۔ مسلمانوں کے عقیدے کے مطابق ایک شخص، بہت شریر قیامت سے کچھ پہلے پیدا ہوکر خدائی کا دعوے کریگا۔ وہ کانا ہوگا۔ اس لئے بہت شریر کانے کو بھی کہتے ہیں۔ سونا۔ جوہر دار تلوار ✦

د چ

دَچِھنا۔ ہ۔ مؤنث۔ دَکُشنا۔ تحفہ۔ نذرانہ۔ بھینٹ۔ محنتانہ انعام ✦

د خ

دُخان۔ ع۔ مذکر۔ دھواں۔ بھاپ ✦
دُخانی۔ ع۔ صفت۔ دھوئیں کا۔ بھاپ کا ✦
دُخت۔ ف۔ مؤنث۔ دختر کا مخفف۔ لڑکی۔ بیٹی ✦
دُختر۔ ف۔ مؤنث۔ لڑکی بیٹی ✦
دُخترِ بلیعہ۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ سوتیلی لڑکی ✦
دُخترِ رَز۔ ف۔ مؤنث۔ انگور کی شراب ✦
دَخل۔ ع۔ مذکر۔ پیداوار۔ آمدنی۔ اندر آنا۔ داخلہ۔ پہنچ روک۔ واقفیت ✦
دَخلِ بےجا۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ بے اجازت کسی کے مکان میں چلا جانا ✦
دَخل پانا۔ ا۔ گذر ہونا۔ پہنچ ہونا۔ قبضہ پانا ✦
دَخل در معقولات۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ خواہ مخواہ کسی کی بات میں بول اُٹھنا ✦
دَخل دِہانی۔ ا۔ مؤنث۔ قبضہ دلانا ✦
دَخل دینا۔ ا۔ بیچ میں بولنا۔ بیچ میں پڑنا ✦
دَخل کرنا۔ ا۔ قبضہ کرنا۔ دبا لینا ✦
دَخل نامہ۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ قبضہ کی سَنَد یا حکم ✦
دَخل یابی۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ پہنچ۔ قبضہ ✦
دُخول۔ ع۔ مذکر۔ گذر۔ پہنچ۔ گھسنا ✦
دَخیل۔ ع۔ صفت۔ دخل دینے والا۔ قبضہ رکھنے والا ✦
دَخیل کار۔ ع۔ ف۔ صفت۔ کاروبار میں دخل دینے والا ✦
دَخیل ہونا۔ ا۔ کسی کے کاروبار یا مزاج پر قابو رکھنا۔ معاملے میں شریک ہونا ✦

د د

دَدا۔ ا۔ مؤنث۔ کھلائی۔ بچوں کو پالنے والی باندی ✦
دَدوڑا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ چوڑے دانے جو مچھروں کے کاٹنے یا خون کی گرمی سے جسم پر پڑجاتے ہیں۔ اُن میں سے ہر ایک ددوڑا کہلاتا ہے ✦
دُدّھی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک بوٹی کا نام جس میں سے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے ✦
دُدھیل۔ ہ۔ صفت۔ دودھ دینے والی ✦
دَدیا خُسَر۔ ا۔ مذکر۔ ددیا سُسر۔ بیوی یا خاوند کا دادا

د ر

دُر۔ ع۔ مذکر۔ موتی۔ (ا۔ تحقیر) دور ہو۔ نکل ✦
دُر دُرِ پھٹ پھٹ کرنا۔ ا۔ دُھتکار پڑنا۔ نکالنا۔ ہٹانا
دُر دُر ہونا۔ ا۔ دُھتکار پڑنا۔ نکالا جانا ✦
دُر موئے۔ ا۔ نفرت۔ ع۔ ہٹ کمبخت۔ ہشت ✦
دُر افشانی۔ ف۔ مؤنث۔ موتی بکھیرنا۔ فصاحت ✦
دُرِ خوش آب۔ ف۔ مذکر۔ بہت اچھا چمکیلا موتی ✦
دُرِ شہوار۔ ف۔ مذکر۔ بہت بڑا بادشاہوں کے قابل موتی

دُرِ ناسُفتہ - ف - مذکر - آن بندھا بن چھید کا موتی - کواری لڑکی ◆

دُرِ نجف - ف - مذکر - بلور کی طرح کا سفید اور بہت صاف ایک پتھر - (ا - عو) شریف ◆

دُرِ یتیم یا - دُرِ یکتا - ع - صفت - وہ موتی کا بڑا دانہ جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے بڑھیا موتی ◆

دُر - س - صفت - برُا - نکما - منحوس - مشکل ◆

دُربچن - ہ - مذکر - بری بات - مندپھٹ ◆

دُربل - س - صفت - کمزور - غریب ◆

دُرجن - س - مذکر - برُا آدمی - دشمن - شریر ◆

دُرگت - ہ - مؤنث - برا حال - پتلا حال - بے عزّتی ◆

دُرگت کرنا - یا - بنانا - ہ - برُا حال کرنا - برُی گت بنانا

دُرگندھ - ہ - صفت - بد بو - سڑاندھ ◆

دُرلبھ - س - صفت - ناممکن - مشکل سے ہاتھ آنے والی چیز

دُرمتی - ہ - صفت - کوڑھ مغز - بے وقوف - برُی سمجھ کا ◆

دَر - ہ - مؤنث - بھاؤ - مول - آبرو - (ف - مذکر) دروازہ

دَر بدر - ف - تابع فعل - آوارہ ◆

دَر بدر پھرنا - ا - آوارہ پھرنا - بھیک مانگتے پھرنا ◆

در بدر خاک بسر - ا - صفت - آوارہ ◆

دَر دَر - ف - تابع فعل - گھر گھر - ہر ایک دروازے اور گھر پر ◆

در در مارا پھرنا } - ا - آوارہ پھرنا - خراب وخستہ
یا - در بدر مارا پھرنا } پھرنا ◆

در در مانگنا - ا - ہر گھر پر بھیک مانگنا ◆

دَراڑ - یا - دَڑاڑ - ہ - مؤنث - درز - جھری - بال - سوراخ ◆

دَراز - ف - صفت - لمبا - (انگ - مؤنث) الماری یا میز کا وہ خانہ جو باہر کھینچا جا سکے (اصل ڈراز ہے) ◆

دَراز گوش (ف - صفت - بڑے بڑے کانوں والا - خرگوش ◆

دَراز ہونا - ا - لمبا ہونا - لیٹنا - سونا - پاؤں پھیلانا ◆

دَرازی - ف - مؤنث - لمبائی ◆

دَرآمد ہونا - ا - داخل ہونا - اندر آنا ◆

دَرآمد برآمد - ف - مؤنث - آنا جانا - آمد و رفت ◆

درآمد برآمد کے دن - ا - مذکر - موسم بدلنے کے دن

درآنا - ا - پہنچنا - داخل ہونا - اندر سمانا ◆

دَرانا - ا - صفت - عو - بے دھڑک - بن پوچھے ◆

دَرانتی - ہ - مؤنث - ہنسیا - گھانس کاٹنے کا اوزار ◆

درانتی پڑنا - ہ - کھیتوں میں کٹائی شروع ہونا ◆

دَر انداز - ف - مذکر - دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا - لُترا - چغلخور ◆

دراندازی - ف - مؤنث - چغلخوری - لُتراپن ◆

دُرّانی - ف - مذکر - احمد شاہ دُرّانی کا لقب - پٹھانوں کے ایک فرقہ کا نام ◆

دِرَب - س - مؤنث - روکڑ - نقدی ◆

دَرباب - ف - مذکر - بابت میں - بارہ میں ◆

دَربار - ف - مذکر - شاہی عدالت - کچہری - اجلاس - بادشاہوں کی مجلس - امرتسر کا مشہور مکان جس میں گرنتھ صاحب رکھا ہوا ہے ◆

دَرباندھنا - ا - رشوت مقرر کرنا - منہ بھرائی دینا ◆

دَربار برخاست ہونا - ا - کچہری اُٹھنا - عدالت ختم ہونا

دَربارِ خاص - ف ع - مذکر - خاص اجلاس - وہ دربار جس میں عام لوگوں کو شریک ہونے کی اجازت نہ ہو ◆

دَربارداری - ا - مؤنث - بادشاہوں حاکموں کے ہاں روزانہ حاضر ہونا ◆

دَربارداری کرنا - ا - کسی امیر کے ہاں روز حاضر ہونا - روز خوشامد کرنے گھر پر جانا ◆

دَربارِ عام - ف ع - مذکر - وہ دربار جس میں سب لوگ حاضر ہو سکیں ◆

دَربار کرنا - ا - بادشاہوں کا کچہری کرنا ◆

دَربار لگنا - ا - ملازموں اور سلامیوں کا شاہی دربار میں جمع ہونا - بھیڑ لگنا - ہجوم ہونا ◆

دَربار معمور رہنا۔ ا۔ شاہی مجلس کا آدمیوں سے بھر جانا ◆
دَربارہ۔ ف۔ تابع فعل۔ بابت میں۔ متعلق ◆
دَرباری۔ ف۔ مذکر۔ بادشاہ کے سلامی۔ مصاحب۔ دربار کا
دَرباری پوشاک۔ ف۔ مؤنث۔ دربار میں پہن کر جانے
کے کپڑے۔ درباری وردی ◆
درباری زبان۔ ف۔ مؤنث۔ عدالت کی بول چال۔ شاہی
زبان ◆
دَربان۔ ف۔ مذکر۔ ڈیوڑھی بان۔ دروازہ کا نگہبان۔ سنتری
دَربست۔ یا۔ درو بست۔ ف۔ تابع فعل۔ سب۔ بالکل
بلاشرکت۔ حفاظت میں ◆
دَربہشت۔ ا۔ مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی ◆
دَرپردہ۔ ف۔ صفت۔ پیٹھ پیچھے۔ تابع فعل۔ چھپا کر۔ چپکے
سے اشارہ سے ◆
دَرپن۔ س۔ مذکر۔ شیشہ۔ آئینہ ◆
دَرپے۔ ف۔ تابع فعل۔ پیچھے۔ آہٹ پر۔ تلاش میں۔ لاگو
دَرپے آزار ہونا۔ ا۔ ستانے نقصان پہنچانے کی گھات
میں رہنا ◆
دَرپے تضحیک ہونا۔ یا۔ رہنا۔ ا۔ عزت کا لاگو ہونا ◆
درپے جان ہونا۔ ا۔ جان کے پیچھے پڑنا ◆
درپے ہونا۔ ا۔ پیچھا کرنا۔ پیچھے پڑنا۔ سر ہونا ◆
دَرپیش۔ ف۔ ربط۔ سامنے۔ آگے۔ پیشی میں ◆
دَرپیش کرنا۔ ا۔ سامنے کرنا۔ آگے رکھنا۔ پیش کرنا ◆
دَرپیش ہونا۔ ا۔ سامنے ہونا۔ پیشی میں ہونا۔ واقع ہونا ◆
دَرج کرنا۔ ا۔ لکھنا۔ رجسٹر میں چڑھانا ◆
دَرجن۔ ا۔ مؤنث۔ بارہ کا ٹھوک۔ بارہ کی گڈی۔ ڈزن
دَرَجہ۔ ع۔ مذکر۔ سیڑھی۔ زینہ۔ پایہ۔ رتبہ۔ عہدہ۔ کرہ
جماعت (ع) گت۔ عزت ◆
دَرَجہ بَدَرَجہ۔ ع۔ تابع فعل۔ رفتہ رفتہ۔ حیثیت اعلیٰ
رتبہ کے موافق ◆
دَرَجہ توڑنا۔ ا۔ عہدہ گھٹانا ◆
دَرَجہ وار۔ ع ف۔ تابع فعل۔ سلسلہ سے۔ جماعت وار
رتبہ کے موافق ◆
دَرحقیقت۔ ف۔ تابع فعل۔ اصل میں۔ بے شک
واقع میں ◆
دَرَخت۔ ف۔ مذکر۔ پیڑ۔ روکھ۔ بِروا ◆
دَرَخشاں۔ ف۔ صفت۔ چمکیلا۔ جھلکتا ہوا ◆
دَرخواست۔ ف۔ مؤنث (تلفظ۔ درخاست) خواہش
عرضی۔ آرزو ◆
درخواست دینا۔ یا
درخواست کرنا } ا۔ عرضی دینا۔ خواہش کرنا ◆
دُرد۔ ف۔ مؤنث۔ تلچھٹ۔ گاد ◆
دَرد۔ ف۔ مذکر۔ دکھ۔ پیڑ۔ تکلیف۔ ترس۔ افسوس
ہوک۔ ٹیس۔ خواجہ میر دہلوی کا تخلص ◆
دَرد اُٹھنا۔ ا۔ ہوک اُٹھنا۔ پیڑ اُٹھنا ◆
درد آمیز۔ ف۔ صفت۔ دردناک۔ درد سے بھرا ہوا ◆
درد آنا۔ ا۔ افسوس آنا۔ ترس آنا ◆
دَرد انگیز۔ ف۔ مذکر۔ رنج پیدا کرنے والا۔ افسوس
دلانے والا۔ دل پر اثر کرنے والا ◆
دَردِ دل۔ ف۔ مذکر۔ رنج۔ دُکھ۔ تکلیف۔ دل کا صدمہ
دَردِ زِہ۔ ف۔ مذکر۔ جننے کا درد۔ بچہ ہونے کی تکلیف
دَردِ سر لینا۔ یا مول لینا۔ ا۔ مصیبت ذمے لینا۔
پاپ خریدنا ◆
دَردِ سری۔ ا۔ مؤنث۔ تکلیف۔ مشکل۔ دقت ◆
دَرد شریک۔ ا۔ صفت۔ دکھ کا ساتھی۔ غمخوار ◆
دَرد کرنا۔ ا۔ پاس کرنا۔ افسوس کرنا۔ دُکھ دینا۔ چیسکنا ◆
دَرد کھانا۔ ا۔ بچے کی تکلیف اُٹھانا۔ ترس کھانا۔
افسوس کرنا ◆
درد کھا کر جننا۔ ا۔ تکلیف سہ کر جننا ◆
درد لگنا۔ ا۔ بچہ جننے کا درد شروع ہونا ◆
دَردمند۔ ف۔ صفت۔ دُکھیا۔ آفت کا مارا۔ ہمدرد۔
رحمدل ◆
دَردمندی۔ ف۔ مؤنث۔ غمخواری۔ رحمدلی۔ ترس۔

خدا کا خوف +

دَردَرا - ہ - صفت - موٹا موٹا پسا یا کُٹا ہوا - دلا ہوا +

دَرز - ا - مؤنث - دراڑ - باریک جھری +

دَرزی - ف - مذکر - سینے والا +

دَرزی کی سوئی - ا - مؤنث - ہر کام کا آدمی - سختی نرمی دکھ سکھ سب میں شریک ہونے والا آدمی +

دَرس - ع - مذکر - سبق - پاٹ - وعظ - کتھا +

دَرس دینا - ا - پڑھانا - سبق دینا +

دَرس و تدریس - ع - مذکر - پڑھنا پڑھانا +

دُرُست - ف - صفت - ٹھیک - صحیح - تندرست

دُرُست کرنا - ا - سُدھارنا - سنوارنا - ٹھیک بنانا گوشمالی کرنا +

دُرُستی - ف - مؤنث - سُدھار - مرمّت - گوش مالی +

دُرُشتی - ف - مؤنث - سختی - بے رحمی +

دُرفش کاویانی - ف - مذکر - ایران کے ایک شاہی جھنڈے کا نام جو پہلے کاوہ لُہار نے بنایا تھا اور ضحاک سے لڑا تھا +

درشن - س - مذکر - دَرس - دیدار - ملاقات +

دَرشن دینا - ہ - دَرس دکھانا - ملنا - سامنے آنا +

دَرشن کرنا - ا - ملنا - ملاقات کرنا - زیارت کرنا +

دَرشنی ہُنڈی - ہ - مؤنث - وہ ہنڈی جسکا روپیہ دیکھتے ہی ملجائے +

دَرک - ع - مذکر - واقفیت - عقل - سمجھ - تمیز - دخل +

دَرکار - ف - صفت - ضرورت - خواہش - حاجت +

دُرگا - ہ - مؤنث - بھوانی - کالکا - کالی - ایک دیوی کا نام ہے +

دَرگاہ - ف - مؤنث - چوکھٹ - شاہی دربار - کچہری کسی بزرگ کا مزار - مٹھ - مندر +

دَرگزر کرنا - ا - ٹالنا - باز آنا - معاف رکھنا - چھوڑنا

دَرگزرنا - ا - باز آنا - معاف کرنا - چھوڑنا +

درگور - ا - بددعا --- عو) قبر میں جائے - مرجائے

دور ہو +

دِرَم - یا دِرہَم - ع - مذکر - چونی کے طرح کے ایک چاندی کے سکے کا نام - ۳ ۱/۲ ماشہ کا وزن - ہتیلی برابر چوڑا

دَرمال - ف - مذکر - علاج - دوا دارو +

دَرماندگی - ف - مؤنث - ناچاری - مجبوری - عاجزی - مصیبت +

دَرماندہ - ف - صفت - عاجز - مجبور - بیکس +

دَرماہہ - ف - مذکر - مہینا - تنخواہ +

دَرمَن - ا - مذکر - درماں کا مخفف - دوا - علاج +

دَرمیان - ف - مذکر - بیچ - اندر - بھیتر +

دَرمیان دینا - یا - لانا - ا - بیچ میں ڈالنا - ضامن دینا +

دَرمیانی - ا - صفت - بیچ کا - اندر کا - منجھولا - بچولیا -

دَرِندہ - ف - صفت - پھاڑ کھانے والا جانور +

دِرَنگ - ف - مؤنث - دیر - ڈھیل +

دَروازہ - ف - مذکر - ڈیوڑھی - دوار - پٹ - پھاٹک

دَروازہ بند کرنا - ا - پٹ بھیڑنا - کنڈی لگانا - کواڑ بند کرنا - اندر داخل ہونے کی ممانعت کرنا +

دروازہ بھیڑنا - ا - پٹ بند کرنا +

دروازہ کھولنا - ا - کواڑ کھولنا - کنڈی کھولنا +

دروازہ کی مٹی لے ڈالنا - ا - بار بار آنا - بہت سے پھیرے کرنا +

دُرود - ف - مؤنث - اگر خدا کی طرف سے ہو تو - رحمت برکت - فرشتوں کی طرف سے ہو تو - بخشش کی دعا - بندوں کی طرف سے ہو تو دعا - سلام - جانوروں کی طرف سے ہو تو - تسبیح +

دُرود بھیجنا - ا - پیغمبر کی تعریف کرنا - کسی حسین کو دیکھ کر خدا کو یاد کرنا - خوشبو سونگھ کر پیغمبر کی تعریف کرنا +

دُروغ - ف - مذکر - جھوٹ - بہتان +

دُروغ حلفی - ا - مؤنث - جھوٹی قسم +

دُروغ گو - ف - مذکر - جھوٹا - لپاٹی +

دُروغ گوئی - ف - مؤنث - جھوٹ کہنا - بہتان لگانا +

دَرویش - ف - مذکر - فقیر - بھکاری - کراماتی - غریب +
دَرویشانہ - ف - صفت - فقیروں کی طرح - غریبوں کی طرح
دَرویشی - ف - مؤنث - فقیری - مسکینی - غریبی +
دِرّہ - ع - مذکر - جو دُرّہ مشہور ہے - چمڑے کا چابک +
دَرّہ - ف - مذکر - گھاٹی - دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ +
دَرہم - ف - صفت - اُلٹ پُلٹ - گڑبڑ - تتر بتر -
خفا - ناراض +
دَرہم برہم - اُلٹ پلٹ - گڑبڑ - خفا - ناراض +
دَرہم برہم کرنا
یا دَرہم کرنا } - ا - تتر بتر کرنا - خفا کرنا +
دَری - ہ - مؤنث - ایک موٹا سوتی بچھانے کا کپڑا -
(ف - مؤنث) فارسی کی سات زبانوں میں سے ایک کا نام +
دَریا - ف - مذکر - ندی - دریاؤ +
دَریا اُترنا - ا - دریا کا پانی کم ہونا +
دَریا برآمد - ا - مؤنث - وہ زمین جو دریا ہٹ جانے
سے نکل آئی ہو +
دَریا بُرد - ا - مؤنث - وہ زمین جو دریا کے چڑھنے سے
ڈوب یا کٹ گئی ہو +
دَریا بُرد ہو جانا - ا - دریا میں ڈوب جانا - کسی زمین کو
دریا کا کاٹ دینا +
دَریا چڑھنا - ا - دریا میں پانی بڑھنا +
دَریا دِل - ف - صفت - سخی - داتا - فیاض +
دَریا دِلی - ف - مؤنث - سخاوت - فیاضی +
دَریا کو کوزے میں بند کرنا - ا - کسی بہت بڑی بات کو
بہت تھوڑے لفظوں میں بیان کر دینا - چھوٹی سی کتاب میں
بہت سی باتیں لکھ دینا +
دَریا میں رہنا اور مگر مچھ سے بَیر - ا - کہاوت - افسر
یا حاکم سے بگاڑ رکھنا +
دَریائے شور - ف - مذکر - سمندر - کالا پانی +
دَریائی - ف - صفت - دریا کی - ندی کا - ایک ریشمی کپڑے
کا نام - کنکوے کی چھڑائی +

دَریائی آدمی - (ف - مذکر - جل مانس - آدمی کی صورت کا
دریائی جانور - ندی میں رہنے والا آدمی - مانجھی - مچھوا +
دَریافت - ف - مؤنث - پہچان - جانچ - پوچھ گچھ - ٹوہ
تحقیق +
دَریافت کرنا - ا - تحقیق کرنا - پتا لگانا - پوچھنا +
دَریبا - ہ - مذکر - پانوں کا بازار - پنواڑیوں کا محلہ +
دَریچہ - ف - مذکر - کھڑکی - چھوٹا دروازہ +
دَریدہ - ف - صفت - پھٹا ہوا +
دَریدہ دَہن - ف - صفت - منہ پھٹ - زبان دراز
دَریزہ - ا - مؤنث - ایک قسم کی چھینٹ +
دَریسی کرنا - ا - زمین کو برابر کرنا - چوکسی کرنا - تیار ہونا
دَریغ - ف - مذکر - افسوس - رنج - پچھتاوا +
دَریغ کرنا - ا - افسوس کرنا - کنجوسی کرنا - کمی کرنا +
دَریوزہ - ف - مذکر - بھیک +
دَریوزہ گری - ف - مؤنث - بھیک مانگنا +

دڑ

دَڑبا - ہ - مذکر - کابک - کبوتروں یا مرغیوں کا گھر +
دَڑبڑانا - ہ - عو - جھوٹا گھبرانا - ڈرا کر گھبرا دینا -
جھڑکنا - دبانا +
دَڑبے دَڑبے کرنا - ا - مرغیوں کو بند کرنے کی آواز
دَڑُکنا - ہ - دھاڑنا - گرجنا - شیر کا بولنا +
دَڑیڑا - ہ - مذکر - زور کا مینہ - دریا کے بہاؤ کا زور +

دز

دُزد - ف - مذکر - چور +
دُزدِ حنا - ف ع - مذکر - مہندی کا چور - وہ سفیدی
جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے +
دُزدی - ف - مؤنث - چوری +

دس

دُس۔ ہ۔ صفت۔ پانچ اور پانچ (۱۰) +
دس گز۔ یا دس ہاتھ کی زبان۔ بہت بدزبان۔ بڑا زبان دراز +
دِسا۔ یا دِشا۔ ہ۔ مؤنث۔ طرف۔ سمت۔ ٹٹی۔ پاخانہ +
دِساجانا۔ ہ۔ ٹٹی جانا۔ پاخانہ جانا +
دَسا۔ ہ۔ مذکر۔ بنیوں کی ایک قوم کا نام۔ (مؤنث) حالت۔ کیفیت +
دُسّا یا دُسّہ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا اونی گرم کپڑا۔ ایک طرح کی گرم چادر +
دَساتیر۔ ع۔ مذکر۔ دَستور کی جمع۔ قاعدے۔ طریقے۔ رئیس امیر۔ وزیر۔ رخصت۔ اِجازت۔ ف۔ مذکر۔ پارسیوں کی ایک مذہبی کتاب +
دُساد۔ ہ۔ مذکر۔ ہندوؤں کی ایک نیچ ذات +
دِساسُول۔ ہ۔ مذکر۔ آسمان کے وہ نشان کہ جدھر وہ ہوں نجوم پر یقین رکھنے والے اُدھر سفر نہیں کرتے +
دِساوَر۔ ہ۔ مؤنث۔ پردیس۔ باہر کا سوداگری مال۔ رُت۔ موسم۔ مُلک +
دِساوَر آنا۔ ہ۔ باہر کا سوداگری مال آنا +
دِساوَر چڑھنا۔ ہ۔ سوداگری مال جہاں مانگ ہو جانا +
دِساوَری۔ ہ۔ صفت۔ ایک قسم کا اچھا پان۔ باہر جانے والا مال +
دَسپنا۔ ا۔ مذکر۔ چمٹا +
دَشت۔ ف۔ مذکر۔ ہاتھ۔ طاقت۔ قدرت۔ قابو۔ دفعہ۔ عدد۔ پتلا پاخانہ۔ سب۔ پوری چیز +
دَست آنا۔ ا۔ پیٹ چلنا +
دَست انداز۔ ف۔ صفت۔ روکنے والا۔ دخل دینے والا
دَست اندازی۔ ف۔ مؤنث۔ ہاتھ ڈالنا۔ دخل دینا +
دَست آموز۔ ف۔ صفت۔ سکھایا ہوا۔ ہلایا ہوا۔ پالتو
دَست آور۔ ف۔ صفت۔ دست لانے والی دوا +
دَست آویز۔ ف۔ مؤنث۔ تمسک۔ سند۔ اقرارنامہ
دست بگیر یا۔ دستم بگیر۔ ف۔ ع۔ دعا۔ جب کسی کے مرض کو اپنے یا دوسرے کے جسم میں اُسی جگہ ہاتھ لگا کر بتاتے ہیں تو پہلے کہہ لیتے ہیں +
دَست بدَست۔ ف۔ تابع فعل۔ ہاتھوں ہاتھ۔ جلدی
دَست بدَست آنا۔ ا۔ ہاتھوں آتھ آنا۔ بزرگوں سے پہنچنا +
دَست بُرد۔ ف۔ مؤنث۔ غبن۔ خیانت۔ لوٹ +
دَست بُرد کرنا۔ ا۔ چرانا۔ اُڑانا۔ مال مارنا +
دَست بردار ہونا۔ ا۔ ہاتھ اُٹھانا۔ چھوڑنا +
دَست بستہ۔ ف۔ تابع فعل۔ ہاتھ باندھ کر۔ ہاتھ جوڑ کر۔ ادب سے +
دَست بوس ہونا۔ یا۔ دست بوسی کرنا۔ ہاتھ چومنا +
دَست بَیع ہونا۔ ا۔ مرید ہونا۔ چیلا ہونا +
دَست پاک۔ ف۔ مذکر۔ تولیا۔ انگوچھا +
دَست پناہ۔ ف۔ مذکر۔ چمٹا۔ دسپنا +
دَست چالاک۔ ا۔ صفت۔ چور۔ ہاتھ لپک +
دَست چالاکی۔ ا۔ مؤنث۔ چوری۔ ہاتھ لپکی +
دَستخط۔ ف۔ ع۔ مذکر و مؤنث۔ اپنے ہاتھ کا لکھا۔ اپنے ہاتھ کا نشان۔ سائن +
دَستخطی۔ ا۔ صفت۔ ہاتھ کا لکھا ہوا۔ وہ کاغذ جس پر ہاتھ کا نشان سائن کیا ہوا ہو +
دَست دراز۔ ف۔ صفت۔ ہاتھ لپک۔ ہاتھ چھٹ
دَست درازی۔ ف۔ مؤنث۔ چوری۔ مارپیٹ +
دَست درازی کرنا۔ ا۔ لوٹنا۔ مارنا۔ مار لینا +
دَسترس۔ یا۔ دَسترسی۔ ف۔ مؤنث۔ پہنچ۔ رسائی۔ طاقت +
دَستِ شفا۔ ف۔ ع۔ صفت۔ صحت بخشنے والا ہاتھ +
دَستِ قدرت۔ ف۔ ع۔ صفت۔ طاقت۔ شکتی۔ بس۔ قابو +
دَستِ قلم یا دَست و قلم۔ ف۔ ع۔ صفت۔ عو۔ پڑھا لکھا۔ قابل +
دَستکار۔ ف۔ مذکر۔ ہاتھ کا کاریگر +

دستکاری۔ ف۔ مؤنث۔ کاری گری۔ ہاتھ کا کام ٭

دست گرداں۔ ف۔ تابع فعل۔ بازاری چیز۔ کسی ضرورت والے کا بکتا ہوا مال۔ ہاتھ اُدھار۔ مانگے کی چیز ٭

دست گرداں دینا۔ ا۔ اُدھار یا مانگے کو دینا

دست گرفتہ۔ ا۔ مذکر۔ جسکی مدد کیجائے ٭

دست گیر۔ ف۔ مذکر۔ مدد کرنے والا ٭

دستگیری۔ ف۔ مؤنث۔ مدد ٭

دست مال۔ ف۔ مذکر۔ ہاتھ کا یا جیبی رومال ٭

دست نگر۔ ف۔ صفت۔ ہاتھ تکنے والا۔ محتاج ٭

دست و گریبان ہونا۔ ا۔ گتھم گتھا ہونا۔ لڑنا لپٹ جانا

دستار۔ ف۔ مؤنث۔ پگڑی ٭

دستار بند۔ ف۔ مذکر۔ پگڑی باندھنے والا ٭

دستارِ فضیلت۔ ف ع۔ مؤنث۔ فاضل ہو جانے کی پگڑی ٭

دستانہ۔ ف۔ مذکر۔ ہاتھ میں پہننے کا کپڑے کا موزہ۔ وہ بڑی کرچ یا تلوار جس میں ہاتھ پر چڑھنے والی لوہے کی موٹھ ہوتی ہے ٭

دسترخوان۔ ا۔ مذکر۔ وہ کپڑا جسپر کھانا رکھکر کھاتے ہیں

دسترخوان بڑھانا۔ ا۔ دسترخوان اُٹھانا۔ یا سمیٹنا ٭

دسترخوان کا توبہ توبہ کرنا۔ ا۔ عو۔ دسترخوان پر کھانا چُنا رکھا ہو اور کھانے کو کوئی نہ بیٹھے تو کہتی ہیں ٭

دسترخوان کرنا۔ ا۔ بزرگان دین کی نذر نیاز کرنا ٭

دسترخوان کی بلی۔ ا۔ مؤنث۔ کھانے کے وقت آموجود ہونے والا آدمی ٭

دسترخوان کی مکھی۔ ا۔ مؤنث۔ وہ لوگ جو عیش کے زمانہ میں ہر وقت شریک اور مصیبت پڑنے اور کھسکے ٭

دستک۔ ف۔ مؤنث۔ کواڑ یا زنجیر بجانا۔ کرایہ ٹیکس۔ دھونس پاسپورٹ۔ تالی ٭

دستکِ پیادہ یا سوار۔ ف۔ مذکر۔ جو پیادہ یا سوار مالگذاری وصول کرنے جائے اُسکی تنخواہ مالگذار سے لیجاتی ہے۔ جبتک وہ مالگذاری ادا نہ کردے ٭

دستک دینا۔ ا۔ تالی بجانا۔ کنڈی کھڑکھڑانا ٭

دستک لگانا۔ ا۔ کرایہ ٹیکس یا محصول لگانا ٭

دستکی۔ ف۔ مؤنث۔ نوٹ بک۔ یادداشت کی چھوٹی کتاب شکرے یا زونکا دستانہ ٭

دستگاہ۔ ف۔ مؤنث۔ قدرت۔ طاقت۔ مال اسباب

دستگی۔ ا۔ مؤنث۔ تلوار کا بیڑا۔ تسمہ جو تلوار کے قبضہ میں لٹکا رہتا ہے ٭

دستور۔ ف۔ مذکر۔ رسم۔ رواج۔ عادت۔ ڈھنگ قاعدہ۔ قانون۔ وزیر۔ مفتی ٭

دستور العمل۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ قاعدہ قانون۔ وزیر ٭

دستور باندھنا۔ ا۔ قانون مقرر کرنا۔ قاعدہ ٹھیرانا ٭

دستوری۔ ا۔ مؤنث۔ وہ حق جو نوکر اپنے آقا کی خریداری کی بابت بیچنے والے سے لے۔ (ف) رخصت اجازت۔ وزارت ٭

دستہ۔ ف۔ مذکر۔ چھری تلوار وغیرہ کا قبضہ موٹھ بینٹا۔ آدمیوں کا گروہ۔ فوج کا ایک حصہ۔ گارد۔ چپراس۔ کاغذ کے چوبیس تختے ٭

دستی۔ ا۔ صفت۔ ہاتھ کا۔ مشعل۔ فتیلہ۔ کشتی کا ایک داؤں۔ چھوٹی سی موٹھ۔ چھوٹا سا قلمدان۔ دسہرے کا تحفہ ٭

دستیاب ہونا۔ ا۔ ہاتھ لگنا۔ ملنا۔ پانا ٭

دسمبر۔ انگ۔ مذکر۔ عیسوی سال کا بارھواں مہینا ٭

دسواں۔ ہ۔ صفت۔ وہ جس پر دس کی گنتی ختم ہو۔ دس دن کی فاتحہ ٭

دسوں اُنگلیاں دسوں چراغ۔ ا۔ محاورہ۔ عو۔ بڑی ہنر مند سگھڑ لڑکی ٭

دسویں۔ ہ۔ مؤنث۔ دس تاریخ ٭

دسہرا۔ ہ۔ مذکر۔ ہندوؤں کا ایک بڑا تیوہار ٭

دش

دِشا۔ س۔ مؤنث۔ دِسا۔ طرف۔ سمت ٭

دشت - ف - مذکر - جنگل - بیابان *

دشت نوردی - ف - مؤنث - جنگل جنگل پھرنا *

دُشٹ - س - صفت - بُرا - شریر - ظالم - پاپی *

دُشمن - ف - مذکر - بیری - بُرا چاہنے والا *

دُشمنِ جانی - ف - مذکر - جان کا لاگو - جان لیوا *

دُشمن دُبر پا - و - دعا - نئی جوتی پہنتے ہیں تو کہتے ہیں *

دُشمن سوئے نہ سونے دے - و - کہاوت - دشمن نہ آپ چین لیتا ہے نہ دوسرے کو لینے دیتا ہے *

دُشمن کہاں ؟ بغل میں - و - کہاوت - دشمن اپنے اور پاس ہی کے آدمی ہوتے ہیں *

دُشمنوں کو ۔ یا کے - و - محاورہ - عو - اُسکو - یا - اُسکے - (جب عزیز یا دوست کی تکلیف کا ذکر ہو *)

دُشمنوں کے مَن کا چیتا ہُوا - و - محاورہ - عو - دشمنوں کی مراد پوری ہوئی *

دُشمنوں میں ایسے رہے جیسے بتّیس دانتوں میں زبان (و - کہاوت، یعنی ملا ہوا اور بچا ہوا *

دُشمنی - ف - مؤنث - بیر - عداوت - روک *

دُشنام - ف - مؤنث - گالی *

دُشوار - ف - صفت - مشکل - دوبھر *

دُشواری - ف - مؤنث - مشکل - دِقّت - سختی *

دع

دُعا - ع - مؤنث - غرض - حاجت - مانگنا - منتر - وظیفہ نیکی - بھلائی - آسیس *

دُعا دینا - و - خدا تعالےٰ سے کسی کے واسطے بھلائی چاہنا *

دُعا کرنا - و - خدا سے بھلائی چاہنا *

دُعا لگنا - و - دعا کا اثر کرنا - مراد پوری ہونا *

دُعا لینا - و - کسی کو خوش کر کے اسیس لینا *

دُعا مانگنا - و - خدا سے بھلائی چاہنا *

دُعائے خیر - ع - مؤنث - کسی کی بھلائی کی خدا سے خواہش کرنا *

دُعائے دولت - ع - مؤنث - خدا سے کسی کی دولت بڑھنے کی خواہش کرنا *

دُعائیہ - ع - صفت - دعائی *

دَعوت - ع - مؤنث - کھانے کے واسطے بلانا - بلاوا - ضیافت *

دَعوتِ اسلام کرنا - و - مسلمان ہو جانے کی خواہش کرنا *

دَعوتِ جنگ - ع - ف - مؤنث - لڑنے کی خواہش کرنا *

دَعوتِ سمرقندی - ع - ف - مؤنث - جھوٹی صلاح - منہ چھوانا *

دَعوتِ شیراز - ع - ف - مؤنث - بے تکلفی کی دعوت جو موجود ہے سامنے رکھدیا *

دَعوت قبول کرنا - و - کھانا کھانے پر راضی ہونا *

دَعوتِ ولیمہ - ع - مؤنث - شادی کی ضیافت *

دَعوےٰ - ع - مذکر - خواہش - مانگ - نالش - حق *

دَعوےٰ باندھنا - و - شرط کر کے کوئی کام کرنا *

دَعوےٰ جمانا - و - قبضہ جتانا *

دَعویدار - و - مذکر - مدعی - نالشی - فریادی - حق مانگنے والا - دشمن

دَعوےٰ کرنا - و - نالش کرنا - حق چاہنا *

دعوائے مہر - ع - مذکر - اُس روپے کا دعوےٰ جو عورت کا نکاح بندھتے وقت مرد کے ذمے قرار دیا جاتا ہے *

دغ

دَغا - ف - مؤنث - فریب - دھوکا *

دَغاباز - ف - مذکر - دھوکا دینے والا - مکار *

دَغابازی - ف - مذکر - مکاری - دھوکے بازی *

دَغا دینا یا کرنا - و - دھوکا دینا - جُل دینا *

دَغدغہ - ع - مذکر - ڈر - دُھکڑ پُکڑ - کھٹکا *

دَغنا - و - توپ یا بندوق چھوٹنا - گرم کر کے نشان دیا جانا *

دَغیلا - و - صفت - داغدار - عیبدار *

دف

دَف - ع - مذکر - ڈف - ڈفلی - زہر - جوش - چڑھاؤ - تیزی
غصہ *
دَف مَرنا - ا - زہر دور ہونا - جوش کم ہونا - غصہ جاتا رہنا
پتہ مرنا *
دَفاتِر - ف - مذکر - دفتر کی جمع *
دَفالی - ا - مذکر - ڈفالی - ذف بجانے والا *
دَفان - ا - مذکر (ع) - دفع - دور *
دَفان ہونا - ا - (ع) - دور ہونا - نکلنا *
دَفتر - ف - مذکر - کچہری کے کاغذات کی کتاب - بڑا بھاری
خط - لمبی سی کہانی - محکمہ - اوفس *
دَفتری - ف - مؤنث - دفتر کے کاغذات درست کرنے جلد
باندھنے اور رول وغیرہ کرنے والا *
دَفتی - ا - مؤنث - کاغذ رکھنے کا پٹھا - پٹھا *
دَفتین - ع - مؤنث - دو دفتیاں کاغذ رکھنے کے پٹھے *
دَفع - ع - مؤنث - دور کرنا - نکالنا - دور *
دَفع الوقتی - ا - مؤنث - وقت گذاری - ٹال ٹول *
دَفع یا دفان ہونا - ا - (عو) چلا جانا *
دَفع کرنا - ا - ہٹانا - نکالنا *
دَفعتاً / دَفعتہً } - ع - تابع فعل - یکایک - یکبارگی - اچانک *
دَفعہ - ع - مؤنث - بار - باری - قانون کا فقرہ - درجہ جماعت
دَفعہ دار - ا - مذکر - جماعت کا سردار - تھوڑے سے سپاہیوں
کا افسر *
دَفعیہ - ع - مذکر - علاج - اُپائے - توڑ - تدبیر *
دَفن کرنا - ا - زمین میں دابنا - گاڑنا *
دَفینہ - ع - مذکر - گڑا ہوا مال - چھپا ہوا خزانہ *

دق

دِق - ع - مؤنث - باریک - دُبلا - پتلا - پُرانا بخار - تنگ - عاجز
دِق کرنا - ا - چھیڑنا - ستانا - تنگ کرنا *
دِق ہونا - ا - دق کی بیماری ہو جانا - بخار پیچھے لگ جانا
تنگ ہونا - عاجز ہونا - ناراض ہونا *
دِقّت - ع - مؤنث - باریکی - مشکل - دشواری - تکلیف *
دِقّت پڑنا - ا - مشکل پیش آنا - دشواری ہونا *
دِقّت میں پڑنا - ا - مصیبت میں پھنسنا *
دَقیانوس - ع - مذکر - ایک بہت پرانے ظالم ایران اور
عرب کے بادشاہ کا نام - (صفت) بہت پراتا - بہت بوڑھا *
دَقیانوسی - ع ف - صفت - بہت پرانا *
دَقیانوسی خیال - ا - مذکر - پُرانا خیال *
دَقیق - ع - مذکر - باریک آٹا - میدا - باریک - نازک -
مشکل - کٹھن *
دَقیقہ - ع - مذکر - باریکی - نکتہ - منٹ - حصّہ *
دَقیقہ رَس - ع ف - صفت - باریکیوں کو سمجھنے والا
عقلمند *

دک

دُکان - ف - مؤنث - ہٹی - سودا بیچنے کی جگہ *
دُکان اُٹھانا یا بڑھانا - ا - دُکان بند کرنا - دُکان چھوڑنا
دکان کا اسباب اُٹھانا *
دُکان چلنا - ا - خوب بِکری ہونا *
دُکان کھولنا - یا - کرنا - ا - دُکان جاری کرنا - دُکان لگانا
دُکان لگانا - ا - دو کان کھولنا - چیزیں پھیلا کر رکھنا *
دُکڑا - ہ - مذکر - پورب - دمڑی - چھدام *
دُکڑی - ہ - مؤنث - دُکی - دُڑی - دو گھوڑوں کی گاڑی
دُکھ - ہ - مذکر - درد - تکلیف - بیماری - رنج - مصیبت
دُکھ اُٹھانا - ہ - تکلیف اُٹھانا مصیبت بھرنا - بیماری
بھگتنا *
دُکھ بٹانا - ہ - رنج اور تکلیف میں شریک ہونا *
دُکھ بسرانا - ہ - رنج و غم بھلانا *
دُکھ پانا - ہ - تکلیف اُٹھانا - مصیبت بھرنا *
دُکھ دائی - ہ - صفت - تکلیف دینے والا *
دُکھ درد کا شریک - ا - مذکر (عو) - رنج و غم کا ساتھی

دُکھ دَرد میں شریک ہونا۔ ہ۔ رنج اور مصیبت میں ساتھ دینا
دُکھ دینا۔ ہ۔ ستانا۔ تکلیف پہنچانا ❖
دُکھ سُکھ۔ ہ۔ مذکر۔ رنج راحت۔ شادی غم ❖
دُکھ کا مارا۔ ہ۔ صفت۔ مصیبت زدہ۔ آفت کا مارا ❖
دُکھ کی پوٹ۔ ہ۔ صفت۔ دُکھ کا گھر۔ نرا دُکھ ہی دکھ۔ سدا روگی ❖
دُکھ لگنا۔ ہ۔ روگ لگنا۔ بپتا پڑنا ❖
دِکھاوا۔ ہ۔ مذکر۔ بناوٹ۔ دکھاوٹ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ظاہر ہونا ❖
دِکھاوَٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ دکھاوا۔ ظاہرداری ❖
دِکھائی دینا۔ ہ۔ نظر آنا۔ دیکھنے میں آنا ❖
دُکھتی کہنا۔ ہ۔ چُبھتی کہنا۔ ایسی بات کہنا جو بُری لگے ❖
دُکھڑا۔ ہ۔ مذکر۔ عو۔ بپتا۔ روگ۔ آفت۔ مصیبت ❖
دُکھڑا رونا۔ ہ۔ بپتا بیان کرنا ❖
دَکھن۔ یا۔ دَکن۔ ہ۔ مذکر۔ دَکشن۔ ایک سمت کا نام۔ ہندوستان کے ایک دکھنی حصہ کا نام ❖
دُکھنا۔ ہ۔ درد ہونا۔ درد کرنا ❖
دَکھنی۔ ہ۔ صفت۔ دکھن کا ❖
دُکھی۔ ہ۔ صفت۔ دکھیارا۔ آفت کا مارا۔ بیمار ❖
دُکھی ہونا۔ ہ۔ روگی ہونا۔ رنجیدہ ہونا۔ عاجز آنا ❖
دُکھیا۔ ہ۔ مؤنث۔ آفت کی ماری۔ دُکھیاری ❖
دُکھیارا۔ ہ۔ صفت۔ روگی۔ آفت کا مارا ❖

دگ

دُگانا۔ ہ۔ مؤنث۔ بہناپا۔ جو دو گری کا بادام کھا کر مقرر کیا جاتا ہے ❖
دُگانہ۔ ف۔ مذکر۔ جڑواں۔ دوہریا۔ میوے اور پھلوں میں سے دوہری چیز۔ سوگت۔ نماز کی دو رکعت۔ عید کی نماز شکرانہ کی دو رکعت نماز ❖
دُگدُگی۔ یا دُھکدُھکی۔ یا۔ دُھگدُگی۔ ہ۔ مؤنث۔ سینہ اور گلے کے بیچ کا گڑھا۔ گلے کے ایک زیور کا نام ❖
دُگدُگی میں دم ہونا۔ ہ۔ سینہ میں دم ہونا۔ مرنے کے قریب ہونا
دِگر۔ (ف۔ صفت) دوسرا ❖
دِگرگوں ہونا۔ ہ۔ رنگ بدلنا۔ اُلٹ پلٹ ہونا ❖
دَگلا۔ ہ۔ مذکر۔ لبادہ۔ روئی کا انگرکھا ❖
دُگنا۔ ہ۔ صفت۔ دونا۔ دوچند۔ دوہرا ❖

دل

دَل۔ ہ۔ صفت۔ مُٹائی۔ بھیڑ۔ ہجوم۔ پتّا ❖
دَل بادَل۔ ہ۔ صفت۔ بہت بھیڑ۔ بہت ہجوم۔ بہت بڑا خیمہ ❖
دَلدار۔ ہ۔ صفت۔ موٹا۔ دبیز ❖
دَل وال۔ ہ۔ مذکر۔ کل فوج کا سب سے بڑا افسر کمانڈر انچیف
دِل۔ ف۔ مذکر۔ مَن۔ سخاوت۔ ہمت۔ خواہش۔ توجہ ❖
دِل اٹکانا۔ ہ۔ دل لگانا۔ عشق کرنا ❖
دِل اَٹکنا۔ ہ۔ دل آنا۔ محبت ہونا ❖
دِل اُٹھ جانا۔ یا اُٹھنا۔ ہ۔ جی اُچٹ جانا۔ جی نہ لگنا ❖
دِل اُچاٹ ہونا۔ ہ۔ جی اُکتانا۔ دل بیزار ہونا ❖
دِل اُچٹنا۔ ہ۔ جی اُکھڑنا۔ دل گھبرانا ❖
دِل آرام۔ ف۔ مذکر۔ دل کو آرام دینے والا۔ محبوب۔ منموہن
دِل آزار۔ ف۔ صفت۔ دل دُکھانے والا۔ دُکھ دائی ❖
دِل آزاری۔ ف۔ مؤنث۔ ظلم۔ ستم ❖
دِل آزُردہ۔ ف۔ صفت۔ رنجیدہ۔ ناراض ❖
دِل آزُردہ ہونا۔ ہ۔ رنجیدہ ہونا۔ ناخوش ہونا ❖
دِل اُکتانا۔ ہ۔ جی بیزار ہونا۔ جی اُچٹنا ❖
دِل اُلٹنا۔ ہ۔ دل گھبرانا۔ دیوانہ ہونا ❖
دِل اُمنڈنا۔ ہ۔ رونا آنا۔ دل بھر آنا ❖
دِل آنا۔ یا۔ آجانا۔ ہ۔ محبت ہونا ❖
دِل باغ باغ ہونا۔ ہ۔ شاد ہونا۔ بہت خوش ہونا ❖
دِل بجھنا۔ ہ۔ دل مرنا ❖
دِل بُرا ہونا۔ ہ۔ جی کھٹا ہونا۔ ناراض ہونا ❖
دِل برداشتہ ہونا۔ ہ۔ جی اُکھڑنا۔ جی اُچٹنا ❖

دِل بڑھانا۔ ف۔ ہمت بندھانا۔ جرات دلانا۔ خوش کرنا

دِل بڑھنا یا بڑھ جانا۔ ف۔ خوش ہونا ٭

دِل بھٹکنا۔ ف۔ کسی چیز کو بھی کا ڈھونڈھنا۔ آرزومند ہونا

دِل بھر آنا۔ ف۔ دل اُمنڈ آنا۔ رونا آنا ٭

دِل بہلانا۔ ف۔ دل کا رنج بھلانا۔ دل خوش کرنا ٭

دِل بیٹھ جانا۔ ف۔ ہمت ٹوٹ جانا۔ دل مرجانا ٭

دِل بیکل ہونا۔ ف۔ دل بےچین ہونا ٭

دِل پانا۔ ف۔ منشا معلوم کرنا۔ توجہ دیکھنا

دِل پر سانپ لوٹنا۔ ف۔ افسوس ہونا پچھتاوا آنا۔ جلنا ٭

دِل پر میل آنا۔ ف۔ رنج ہونا۔ کدورت آنا ٭

دِل پر نقش ہونا۔ ف۔ کسی بات کا دل میں جم جانا ٭

دِل پر ہاتھ رکھے پھرنا۔ ف۔ دل پکڑے پھرنا بےچین پھرنا ٭

دِل پذیر یا دل پسند۔ صفت۔ دل کو بھانے والا

دِل پسیجنا۔ ف۔ دل نرم ہونا۔ رحم آنا۔ ترس کھانا

دِل پک جانا۔ ف۔ سہتے سہتے دل اُکتا جانا ٭

دِل پکڑ کر یا تھام کر بیٹھ جانا۔ ف۔ دل مسوس کر رہ جانا۔
صدمہ کے مارے بول نہ سکنا

دِل پکڑ لینا۔ ف۔ رنج کی تاب نہ لانا ٭

دِل پکڑے پھرنا۔ ف۔ (ع) بات کے مارے بےچین رہنا

دِل پھٹنا۔ ف۔ دل بیزار ہونا۔ نفرت ہونا ٭

دِل پھرنا۔ ف۔ دل بیزار ہونا۔ سیر ہونا۔ چھکنا ٭

دِل پھیکا ہو جانا۔ ف۔ دل ہٹ جانا۔ خیال جاتا رہنا ٭

دِل ٹٹولنا۔ ف۔ دل ڈھونڈھنا۔ دل بیقرار ہونا ٭

دِل توڑنا۔ ف۔ ہمت توڑنا۔ مایوس کرنا۔ رنجیدہ کرنا ٭

دِل ٹھکانے لگنا۔ یا۔ ہونا۔ ف۔ دل ٹھہرنا۔ تسلی ہونا ٭

دِل ٹھکنا۔ ف۔ اطمینان ہونا ٭

دِل جَلا۔ ف۔ صفت۔ عاشق ٭

دِل جلانا۔ ف۔ ناخوش کرنا۔ رنج دینا۔ ناخوش ہونا۔ جلنا۔
صدمہ اُٹھانا ٭

دِل جَمعی۔ ف۔ مؤنث۔ تسلی۔ ڈھارس۔ بےفکری ٭

دِل جمعی رکھنا۔ ف۔ مطمئن رہنا۔ خاطر جمع رکھنا ٭

دِل جَمعی کرنا۔ ف۔ تسلی دینا۔ اطمینان دلانا ٭

دِل جوئی۔ ف۔ مؤنث۔ تسلی۔ تسکین ٭

دِل جوئی کرنا۔ ف۔ دل ہاتھ میں لانا۔ تسلی کرنا۔ تسکین دینا

دِل چسپ۔ ف۔ صفت۔ دل لبھانے والا۔ سہانا۔
من بھاونا ٭

دِل چلا۔ ف۔ صفت۔ بہادر۔ سخی۔ دیوانہ ٭

دِل چلنا۔ ف۔ خواہش ہونا۔ دل چاہنا۔ دیوانہ ہونا ٭

دِل خراش۔ ف۔ صفت۔ دل کو زخمی کرنے والا۔ دل توڑنے
والا ٭

دِل خستہ۔ ف۔ صفت۔ رنجیدہ۔ دُکھیا۔ آفت کا مارا ٭

دِل خواہ۔ ف۔ صفت۔ مرضی کے موافق ٭

دِل خوش کرنا۔ ف۔ راضی کرنا۔ آنند کرنا ٭

دِل دادہ۔ ف۔ صفت۔ عاشق ٭

دِلدار۔ ف۔ مذکر۔ محبوب۔ معشوق ٭

دِلداری۔ ف۔ مؤنث۔ تسلی۔ تسکین ٭

دِل دُکھانا۔ ف۔ رنج دینا ٭

دِل دَھڑکنا۔ ف۔ دل لرزنا۔ دل ہلنا ٭

دل دَھک دَھک ہونا۔ ف۔ دل دھڑکنا۔ دل لرزنا ٭

دِل دُھکڑ پکڑ ہونا۔ ف۔ دل ڈرنا۔ دل یگانہ ہونا ٭

دِل دہلانا۔ ف۔ ڈرانا۔ خوف دلانا ٭

دِل دِہی۔ ف۔ مؤنث۔ تسلی۔ دلاسا ٭

دِل دیکھنا۔ ف۔ آزمانا ٭

دِل دینا۔ ف۔ عاشق ہونا ٭

دِل ڈوب جانا۔ ف۔ دل بیٹھنا۔ دل گرا پڑنا ٭

دِل رُبا۔ ف۔ مذکر۔ معشوق۔ دل لبھانے والا ٭

دِل رُبائی۔ ف۔ مؤنث۔ معشوقی۔ موہ ٭

دِل رکھ لینا۔ یا رکھنا۔ ف۔ بات مان لینا۔ خوشی کر دینا ٭

دِل مُردہ۔ ف۔ صفت۔ غم کا مارا ٭

دِل سنبھالنا۔ ف۔ دل کو تسلی دینا۔ دل قابو میں رکھنا ٭

دِل سوختہ۔ ف۔ صفت۔ دِل جلا۔ عاشق ٭

دِل سوز۔ ف۔ مذکر۔ دوست۔ ہمدرد۔ درد انگیز ٭

دِل سوزی - ف - مؤنث - ہمدردی - خیر خواہی ٭

دِل سے اُترنا - یا - گرنا - ا - ناپسند ہو جانا - حقیر ہو جانا

دِل سے دُھواں اُٹھنا - ا - دل سے آہ نکلنا ٭

دِل سے کچھ کرنا - ا - اپنے آپ کوئی کام کرنا ٭

دِل سے کرنا - ا - شوق سے کرنا - دل لگا کر کرنا ٭

دِل شاد - ف - صفت - خوش - آنند ٭

دِل شاد کرنا - ا - خوش کرنا ٭

دِل شِکَستہ - ف - صفت - رنجیدہ - ٹوٹے ہوئے دل کا

دِل شِکنی - ا - مؤنث - دل توڑنا - رنجیدہ کرنا ٭

دِل فَریب - ف - صفت - دل لبھانے والا ٭

دِل کا بادشاہ - ا - صفت - آزاد - مَن موجی ٭

دِل کا بُخار نکلنا - ا - دل ہلکا ہونا - جی ٹھنڈا ہونا ٭

دِل کا غُبار نکلنا - ا - صفائی ہونا - رنج دور ہونا ٭

دِل کا کنوَل کھِلنا - ا - خوش ہونا ٭

دِل کا مالک اللہ ہے - ا - کہاوت - خدا ہی دل پھیر سکتا ہے - دل کی خبر خدا ہی کو ہے ٭

دِل کباب ہونا - ا - دل جلنا ٭

دِل کڑا کرنا - ا - ہمت باندھنا - دل سخت کرنا ٭

دِل کُڑھانا - ا - رنجیدہ کرنا - رنجیدہ ہونا ٭

دِل کَش - ف - صفت - دل لبھانے والا ٭

دِل کُشا - ف - صفت - دل خوش کرنے والا ٭

دِل کُملانا - ا - دل مرنا - دل مُرجھانا ٭

دِل کو دل سے راہ ہونا - ا - دونو طرف سے محبت ہونا

دِل کو قرار ہونا - ا - اطمینان ہونا ٭

دِل کو لگنا - ا - دل پر اثر ہونا - یقین آنا - برا لگنا - شوق پیدا ہونا ٭

دِل کو مسوسنا - ا - بے تابی کے وقت دل پر ہاتھ رکھ کر اسے دبانا ٭

دِل کھٹکنا - ا - دل میں شبہ گذرنا ٭

دِل کھُلنا - ا - جھجک مٹنا - ڈر نکلنا - دل خوش ہونا ٭

دِل کھول کے - ا - تابع فعل - دل بھر کے ٭

دِل کی پھانس - ا - مؤنث - دل کی چُبھن - چسک ٭

دِل کے پھپھولے پھوڑنا - ا - جلن نکالنا - غصہ اُتارنا - بدلا لینا - حسرت نکالنا ٭

دِل کی دل میں رہنا - ا - ارمان رہنا - تمنا پوری نہ ہونا ٭

دِل کی سادی - ا - صفت - (عو) - بھولی - بھالی ٭

دِل کی کلی کھِلنا - ا - دل خوش ہونا ٭

دِل کی کُنجی - ا - مؤنث (عو) - ہمراز - صلاح دینے والی

دِل کی لاگ - ا - مؤنث - محبت - عشق ٭

دِل گُردہ - ف - مذکر - تاب و طاقت - برداشت - سمائی

دِل گیر - ف - صفت - اُداس ٭

دِل گیر ہونا - ا - رنجیدہ ہونا ٭

دِل لگانا - ا - محبت کرنا - دل جما کر کام کرنا ٭

دِل لگی - ا - مؤنث - ہنسی - مذاق - چہل - ٹھٹھا ٭

دِل لگی باز - ا - صفت - ٹھٹے باز - مسخرہ ٭

دِل لینا - ا - عاشق بنا لینا - مرضی معلوم کرنا ٭

دِل لوٹنا - ا - دل بے چین ہونا - دل تڑپنا ٭

دِل مارنا - یا - دِل کو مارنا - ا - دل کو اسکی خواہش سے روکنا ٭

دِل مَر جانا - ا - خواہشوں سے دل اُٹھ جانا ٭

دِل مئوس کر رہ جانا - ا - کسی سخت صدمہ سے چُپ کا چُپ رہ جانا ٭

دِل مِلنا - ا - دل صاف ہونا - آپس میں محبت ہونا ٭

دِل مَلنا - ا - دل مسوسنا - دل مروڑنا ٭

دِل مَیلا کرنا - ا - (عو) دل بھاری کرنا - رنج اُٹھانا

دِل مَیلا نہ ہونے دینا - ا - رنجیدہ نہ ہونے دینا ٭

دِل میں آنا - ا - خیال گذرنا ٭

دِل میں بَل ڈالنا - ا - دل میں فرق ڈالنا - بدگمان کرنا ٭

دِل میں پاپ لانا - ا - دل میں شک لانا - بدگمانی کرنا ٭

دِل میں پھپھولے پڑنا - ا - محبت کی آگ سے دل میں پھپھولے پڑنا ٭

دِل میں تو سمجھو - ا - (فقرہ) دل میں شرمندہ تو ہو ٭

دِل میں جگہ کرنا - ۱ - کسی کے دل میں اپنی عزت پیدا کرنا +
دِل میں چُبھنا - ۱ - دل پر اثر کرنا - دل میں کھُبنا - بہُت پسند آنا +
دِل میں چُٹکیاں لینا - ۱ - طعنے دینا - اثر کرنا +
دِل میں چور بیٹھنا - ۱ - دل میں فرق پڑنا - بدگمانی ہونا -
دِل میں دِل ڈالنا - ۱ - (ع) اثر ڈالنا - یقین دلانا - دل ملانا +
دِل میں ڈالنا - ۱ - خدا کی طرف سے دل میں خیال پیدا ہونا
دِل میں راہ کرنا - ۱ - دل میں جگہ کرنا +
دِل میں رکھنا - ۱ - چھپانا - کپٹ رکھنا +
دِل میں فرق آنا - ۱ - دل میں بَل پڑنا +
دِل میں کانٹا سا کھٹکنا - ۱ - ناگوار ہونا +
دِل میں کُڑھنا - ۱ - دل میں رنج کرنا +
دِل میں کھُبنا - ۱ - دل میں اثر کرنا +
دِل میں گِرہ پڑنا - ۱ - دل میں فرق آنا +
دِل میں گڑ جانا - ۱ - دل پر نقش ہو جانا - پسند آ جانا +
دِل میں گھر کرنا - ۱ - دل میں محبت بڑھانا - دوست بنانا
دِل نشین کرنا - ۱ - دل میں جمانا - دل میں بٹھانا +
دِل نہ مِلنا - ۱ - دل صاف نہ ہونا - دل کا موافق نہ آنا +
دِل والا - ۱ - مذکر - سخی - بہادر - ہمت والا +
دِل و جان سے - ۱ - تابع فعل - سر آنکھوں سے - بہت خوشی سے +
دِل و دِماغ کا - ۱ - صفت - بہت سمجھ دار - بہت ہمت والا +
دِل ہاتھ میں لینا - ۱ - کسی کو خوش رکھنا - اپنا فرمانبردار بنانا
دِل ہٹ جانا - ۱ - نفرت ہو جانا +
دِل ہِلنا - یا ہِلجانا - ۱ - رنج - خوف یا رحم سے دل کانپ اُٹھنا
دِل ہی دِل میں کہنا - ۱ - دل میں خیال کرنا +
دُلار - ہ - مذکر - پیار - لاڈ +
دُلارا - ہ - صفت - پیارا - لاڈلا +
دِلاسا - ۱ - مذکر - تسلی - تسکین +

دِلاسا دینا - ۱ - دھیرج بندھانا - تسلی دینا +
دَلّال - ع - مذکر - رہنما - بچولیا - سودا کرانے والا +
دَلالت - ع - مؤنث - ہدایت - رہنمائی - علامت - نشان
دَلالت کرنا - ۱ - ثابت ہونا +
دَلّالہ - ع - مؤنث - کُٹنی - دوتی +
دَلّالی - ۱ - مؤنث - دَلّال پنے کا کام - سودا بکوانا +
دِلانا - ہ - دِلوانا - جب مقابلہ یا لڑائی کے موقع پر بولیں تو پچھاڑنا معنی ہونگے +
دِلاوَر - ف - صفت - بہادر - سورما +
دِلاوَری - ف - مؤنث - بہادری +
دِلآویز - ف - صفت - دل کو بھانے والا +
دُلائی - ف - مؤنث - دوہری بغیر روئی کی چادر - دوہر +
دَلائِل - ع - مؤنث - دلیل کی جمع +
دِلبَر - ف - مذکر - محبوب - معشوق - پریتم +
دُلتّی - ۱ - مؤنث - جانور کا پچھلی دونوں ٹانگیں اُٹھا کر مارنا +
دُلتّی چلانا - یا - مارنا - پچھلی دونوں لاتیں اُٹھا کر مارنا +
دَلِدّر - ہ - مذکر - محتاجی - نحوست - نحس چیز - گندا آدمی +

دَلِدّر بھاگنا }
دَلِدّر پلید ہونا } - ہ - نحوست ٹلنا - تقدیر جاگنا - غریبی دور ہونا +
دَلِدّر جانا }
دَلِدّر دور ہونا }

دَلِدّر نکالنا - ہ - ہندوؤں میں رسم ہے کہ دیوالی کو صبح کو گھر کا کوڑا گھر کے آگے گلی میں رکھکر اُس پر ایک چراغ جلاتے ہیں اور پتے پر کچھ کھیلیں بتاسے بھی پاس رکھتے ہیں اور کہتے ہیں ایشور آئے دَلِدّر جائے +
دَلِدّری - ہ - مذکر - غریب آدمی - منحوس - گندا غلیظ اگھوری آدمی +
دُلدُل - ع - مؤنث - (ا - مذکر) وہ سفید مائل خچری جو اسکندریہ کے حاکم نے رسولِ مقبولؐ کو نذر کی تھی اور آپؐ نے حضرت علیؑ کو عطا فرمائی تھی +
دُلدُل سوار - ع - ف - مذکر - حضرت علیؑ کا لقب +

دُلدُل نکالنا - ہ - اہل تشیعہ میں دستور ہے کہ محرم میں امام حسینؑ کے گھوڑے کی شبیہ بنا کر گھوڑا نکالتے ہیں +

دَلدَل - ہ - مؤنث - کیچڑ - دھسان +

دَلدَل میں پھنسنا - ہ - کیچڑ میں پھنسنا - دِقت میں پڑنا +

دَلدَلا - ہ - صفت - دَلدَل والا +

دُلڑا - ا - صفت - دو لڑکا - دوہرا +

دَلق - ع - مؤنث - گدڑی +

دَلق پوش - ع - ف - مذکر - گدڑی پہننے والا +

دَمَک - ہ - مؤنث - دَھمک - تھرتھراہٹ - وہ حرکت جو چوٹ پڑنے سے پیدا ہو - چمک - دَمک - تپش +

دَمکنا - ہ - ہلنا - لرزنا - چمکنا - دَمکنا +

دُلکی - ہ - مؤنث - گھوڑے کی ایک چال +

دُلمہ - ا - مذکر - ایک قسم کا سالن +

دَلنا - ہ - موٹا موٹا پیسنا - چنے وغیرہ کی دال بنانا +

دَل مارنا - ہ - پیس ڈالنا - مسل ڈالنا - رگوند ڈالنا - تباہ کردینا - سنا مارنا +

دَلو - ع - مذکر - ڈول - آسمان کا گیارھواں بُرج - کُمبھ

دَلوائی - یا - دَلائی - ہ - مؤنث - دلنے کی مزدوری +

دُلھن - ہ - مؤنث - بنی - بنڑی - پیاری - عزیزہ +

دُلنہڈی - ہ - مؤنث - ہولی کا دوسرا دن +

دِلی - ہ - مؤنث - دہلی شہر +

دِلی - ف - صفت - جانی - جگری - سچا - پکّا +

دَلیا - ہ - مذکر - دلا ہوا اناج پکّا ہو یا کچّا +

دِلیر - ف - صفت - نڈر - بہادر - دل چلا +

دِلیرانہ - ف - تابع فعل - بہادری سے - بے دھڑک +

دِلیری - ف - مؤنث - بہادری +

دَلیل - ع - مؤنث - حجت - ثبوت کی وجہ - وجہ +

دَلیل لانا - یا - کرنا - ا - حُجّت پیش کرنا - بحث کرنا +

دَلیلِ کامل - ع - مؤنث - پوری دلیل - پورا ثبوت +

دَلیلِ ناقص - ع - مؤنث - بودی بات - کمزور ثبوت

دَلیل - انگ - مؤنث - ایک فوجی سزا - سزا کے طور پر قواعد کرانا +

دَلیل بولنا - ا - کھڑا رہتے - ٹہلنے یا قواعد کرنے کی سزا دینا +

دم

دَم - ع - مذکر - خون - لہو - جان - روح - (ف - مذکر) سانس - منتر - دھوکا - حقے کا گھونٹ - پل - پکنا - دھار - باڑھ - جان - ذات +

دَم اٹک کر رہ جانا - ا - سانس کا سینہ میں رُک کر رہ جانا

دَمادَم - ف - تابع فعل - بار بار - برابر - متواتر +

دَم اُلٹنا - ا - دل گھبرانا - سانس رُکنا +

دَم اُلجھنا - ا - جی گھبرانا - جی اُکتانا +

دَمباز - ا - مذکر - فریبی - دُھوکے باز +

دَمبازی - ا - مؤنث - مکاری - چھل بٹّا +

دَم بخود - ف - صفت - خاموش - چپ - حیران +

دَم بخود رہنا - یا ہو جانا - ا - چپ رہنا - ٹک ٹک رہنا

دَم بدَم - ف - تابع فعل - برابر - بار بار - گھڑی گھڑی +

دَم بند کرنا - ا - چپ کرنا - بات نہ کرنے دینا - سانس نہ لینے دینا +

دَم بند ہونا - ا - چپ رہنا - ڈر کے مارے بات نہ کر سکنا - دم گھٹنا - سانس رُکنا - جی گھبرانا +

دَم بھر
دَم بھر کو
دَم بھر میں
} - ا - تابع فعل - ذرا دیر - پل بھر کے واسطے ایک لمحہ میں +

دَم بھرنا - ا - سانس پھولنا - تھکنا - محبت کا دعوے کرنا - کسی کی ہر وقت تعریف کرنا - یاد کرنا +

دَم پُخت - ف - مذکر - وہ چیز جو پتیلی یا دیگ کا منہ اس طرح بند کرکے پکائی گئی ہو کہ بھاپ نہ نکلے - مرغ کے پیٹ میں کوئی چیز بھر کے پکاتے ہیں تو اُسے بھی دَم پُخت کہتے ہیں +

دَم پر آنا - ا - کھانے کا تیاری پر آنا - بھاپ میں گلنے

کے قریب ہونا ✤

دَم پَر دَم ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ گھڑی گھڑی ۔ بار بار ۔ ہر وقت

دَم بھر ٹکنا ۔ ہ ۔ جی لوٹ ہو جانا ۔ بہت پسند آنا ✤

دَم پھُولنا ۔ ہ ۔ سانس چڑھنا ✤

دَم پھُونکنا ۔ ہ ۔ جان ڈالنا ✤

دَم توڑنا ۔ ہ ۔ سانس اُکھڑنا ۔ مرنا ✤

دَم ٹوٹنا ۔ ہ ۔ سانس پھول جانا ۔ سانس اُکھڑنا ۔ مرنا ✤

دَم ٹھہرنا ۔ ہ ۔ سانس ٹھکانے ہونا ۔ سانس جمنا ✤

دَم جھانسا دینا ۔ ہ ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ✤

دَم چُرانا ۔ ہ ۔ اپنے تئیں مردہ ظاہر کرنے کو سانس روک لینا

دَم چڑھنا ۔ ہ ۔ سانس پھولنا ✤

دَم چھوڑ دینا ۔ ہ ۔ مرنا ۔ مر جانا ✤

دَم خشک ہونا ۔ ہ ۔ بہت ڈرنا ✤

دَم خفا ہونا ۔ ہ ۔ دم گھٹنا ۔ سانس رکنا ✤

دَم خم ۔ ہ ۔ مذکر ۔ زور ۔ طاقت ۔ تلوار کی دھار اور جھکاؤ
ہوش حواس ✤

دَم دار ۔ ہ ۔ صفت ۔ مضبوط ۔ طاقت ور ۔ باڑھ دار ۔ تیز

دَم دلاسا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ آسرا ۔ بہلاوا پھسلاوا ✤

دَم دلاسا دینا ۔ ہ ۔ بہلانا پھسلانا ✤

دَم دینا ۔ ہ ۔ فریب دینا ۔ بہکانا ۔ مرجانا ۔ عاشق ہونا ۔
چاول وغیرہ دم پر چھوڑنا ✤

دَم رُکنا ۔ ہ ۔ دم گھُٹنا ۔ جی گھبرانا ✤

دَم سادھنا ۔ ہ ۔ سانس روکنا ✤

دَم ساز ۔ ف ۔ مذکر ۔ دوست ۔ راز دار ۔ گانے یا نیری
وغیرہ میں ساتھ گا کر آس دینے والا ✤

دَم سُوکھنا ۔ ہ ۔ بہت ڈرنا ۔ ڈر کے مارے سانس رُکنا

دَم غنیمت ہونا ۔ ہ ۔ دم دولت کے بجائے ہونا ۔ دم
قدر کے قابل ہونا ✤

دَم فنا ہونا ۔ ہ ۔ جان نکلنا ۔ ڈرنا ✤

دَم قَدَم ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ زندگی ۔ سلامتی ✤

دَم قَدَم کی خیر ۔ ہ ۔ فقیروں کی دعا ، جان کی سلامتی ✤

دَم کرنا ۔ ہ ۔ پلاؤ پکانا ۔ جھاڑنا پھونکنا ۔ کچھ پڑھ کر پھونکنا

دَم کو لے رہنا ۔ یا ۔ لیکر بیٹھ رہنا ۔ ہ ۔ سانس نہ لینا ۔
دم نہ مارنا ۔ ٹال جانا ۔ سُنی اَن سُنی کرنا ✤

دَم کھانا ۔ ہ ۔ دق کرنا ۔ بکواس کرنا ۔ بار بار تقاضا کرنا ۔ دم
نہ مارنا ۔ صبر کرنا ۔ دم لینا ۔ بھاپ پر ہونا ۔ دھوکے میں آ جانا

دَم کھنچنا ۔ ہ ۔ دم اُکھڑنا ۔ دم ٹوٹنا ✤

دَم کھینچنا ۔ ہ ۔ چُپ سادھنا ۔ حقہ کا گھونٹ لینا ✤

دَم کے دَم ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ذرا کی ذرا ۔ تھوڑی دیر ✤

دَم گھُٹنا ۔ ہ ۔ سانس رُکنا ۔ جی گھبرانا ✤

دَم گھُونٹ گھُونٹ کر رکھنا ۔ ہ ۔ زبردستی رکھنا تنگی
میں رکھنا ✤

دَم گھونٹ گھونٹ کر مارنا ۔ ہ ۔ جلا جلا کر مارنا ✤

دَم لگانا ۔ ہ ۔ حقے یا چرس کا گھونٹ لینا ✤

دَم لینا ۔ ہ ۔ سانس لینا ۔ آرام لینا ۔ ٹھہرنا ۔ ماننا ۔ باز آنا

دَم مارنا ۔ ہ ۔ بات کرنا ۔ بولنا ۔ منہ سے اُف کرنا ۔ شیخی
مارنا ۔ دعوے کرنا ۔ دخل دینا ✤

دَم مارنے کی بات نہیں ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ چوں کرنے کی
جگہ نہیں ✤

دَم میں آنا ۔ ہ ۔ فریب کھانا ۔ دھوکے میں آنا ✤

دَم میں دم آنا ۔ ہ ۔ جان میں جان آنا ۔ زندگی کی امید ہونا ۔
اطمینان ہونا ✤

دَم میں دم رہنا ۔ یا ۔ ہونا ۔ ہ ۔ جیتا رہنا ۔ زندگی ہونا ✤

دَم میں لانا ۔ ہ ۔ دھوکا دینا ✤

دم ناک میں آنا ۔ یا
ناک میں دم آنا ۔ } ۔ ہ ۔ عاجز ہونا ۔ تنگ ہونا ✤

دَم ناک میں کرنا ۔ یا ۔ لانا
یا ۔ ناک میں دَم کرنا ۔ یا ۔ لانا } ۔ ہ ۔ ستانا تنگ کرنا ۔ تکلیف دینا ✤

دَم کَقد ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ اکیلا ۔ تنہا ✤

دَم نکلنا ۔ ہ ۔ جان نکلنا ۔ مرنا ۔ عاشق ہونا ✤

دَم نہ مارنا ۔ ہ ۔ اُف نہ کرنا ۔ چوں نہ کرنا ۔ چپ رہنا ✤

دَم ہونا ۔ ہ ۔ چاول پکنا ✤

دم ہی دم میں رکھنا - ل - سہارے ہیں رکھنا - ٹال مٹول کرنا دھوکے میں رکھنا +

دُم - ف - مؤنث - پونچھ +

دُم چھالا - یا چھلّا - ل - مذکر - پچھالا - جھبیا +

دُم دار - ف - صفت - پونچھ والا +

دُم دار تارا - ل - مذکر - پونچھ والا تارا +

دُم دبا کر بھاگنا - ل - ڈرکر بھاگنا - ذلیل کتے کی طرح بھاگنا

دُم دبانا - ل - کتے کا دُم کو دونوں پاؤں میں دبا لینا - ڈرنا - کنیانا +

دُم دبا جانا - ل - بھاگ جانا +

دُم سُم - ل - صفت - بہت موٹا - دُم سے سُم تک ایک سا

دُم کے پیچھے پھرنا - ل - ہر وقت ہر جگہ ساتھ رہنا +

دُم میں گھسنا - خوشامد کے مارے ہر وقت ساتھ رہنا +

دُم میں نمدا یا رسّا باندھنا - ل - پکڑ کر باندھنا - جیوانوں کی طرح اگاڑی پچھاڑی باندھنا +

دُم ہلانا - ل - کتے کا خوشامد کرنا - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا جھاڑ دینا - صاف کرنا +

دِماغ - ع - مذکر - بھیجا - گھمنڈ - سمجھ - سہارا - اوسان +

دِماغ پریشان کرنا - ل - اوسان اڑانا - دل بگاڑنا +

دِماغ جھڑنا - ل - گھمنڈ نکلنا +

دِماغ چاٹنا - ل - بکواس کرنا - بکنا +

دِماغ چٹ - ل - مذکر - بکواسی - بکی +

دِماغ چلنا - یا - آسمان پر ہونا - ل - اترانا - گھمنڈ ہونا +

دِماغ خالی کرنا - ل - مغز خالی کرنا - بک بک کرنا +

دِماغ دار - ف ع - صفت - گھمنڈی - اترانے والا +

دِماغ رکھنا - ل - اترانا - گھمنڈ کرنا +

دِماغ کرنا - ل - اترانا - گھمنڈ کرنا +

دِماغ میں خلل ہونا - ل - سڑی ہونا - دیوانہ ہونا +

دِماغ نہ پایا جانا - یا نہ ملنا - ل - بہت ہی گھمنڈی اور مغرور ہونا +

دِماغ ہونا - ل - غرور ہونا +

دَمامہ - ف - مذکر - نقارہ دھونسا +

دُمچی - ف - مؤنث - ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کی دم کے نیچے رہتا ہے +

دَمدَمہ - ف - مذکر - مورچہ - دُھس +

دَمدَمہ باندھنا - ل - مورچہ باندھنا - دُھس بنانا +

دُمریزہ یا دُمریزی } - ل - صفت - بے موسم کے پھل بے فصل کے پھل

دَمڑی - ہ - مؤنث - پیسا کا چوتھا حصہ - چھدام چوتھائی

دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی - ل - مثل - چیز کی قیمت سے زیادہ خرچہ +

دمڑی کے تین تین - ل - کہاوت - بہت سستے - کوڑیوں کے مول +

دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھونک بجا لیتے ہیں - ہ - کہاوت - ہر کام خوب سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے +

دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی گئی - ہ - کہاوت تھوڑا سا نقصان ہوا تو بلا سے مگر آدمی کو آزما تو لیا +

دَم طمانچہ - ل - مذکر - چھوٹی اور موٹی ہندی تلوار +

دَمک - ہ - مؤنث - چمک - تمتماہٹ +

دَمکلا - ہ - مذکر - پانی چڑھانے کی کل - پچکاری +

دَمکنا - ہ - چمکنا - جھلکنا +

دُمُنہا - ہ - صفت - دو منہ کا - دو منہ کا سانپ +

دَمَوی - ع - صفت - خونی - خون کا +

دَمَوی مزاج - ع - مذکر - وہ شخص جسکے مزاج میں خون زیادہ ہو +

دَمہ - ف - مذکر - دھونکنی - سانس کا روگ +

دَمی - ف - مؤنث - چھوٹی سی گڑگڑی - ایک قسم کا حقہ

دن

دِن - س - مذکر - روز - صبح - زمانہ - نصیب +

دِن آنا - ہ - رُت آنا - وقت آنا - موت کا وقت آنا -

حیض آنا۔ شامت آنا +

دِن بھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ سارے دن +

دِن بھاری ہونا۔ یا۔ رہنا۔ ہ۔ سختی کے دن آنا +

دِن بھرنا۔ ہ۔ مصیبت میں بسر کرنا +

دِن پڑنا۔ ہ۔ مصیبت آنا۔ رانڈ ہونا +

دِن پورے کرنا۔ ہ۔ مصیبت میں بسر کرنا +

دِن پھرنا۔ ہ۔ نصیب جاگنا۔ مصیبت سے آرام نصیب ہونا

دِن پھیرنا۔ ہ۔ مصیبت دُور کرنا +

دِن ٹلنا۔ ہ۔ حیض نہ آنا۔ عورت کو معمولی خون نہ آنا +

دِن جانا۔ ہ۔ دن گذرنا۔ مصیبت آنا۔ آرام کے دن جانا +

دِن چڑھانا۔ ہ۔ دیر کرنا۔ دھوپ چڑھانا +

دِن چڑھنا۔ ہ۔ صبح کا وقت گذرنا۔ سورج اونچا ہونا۔
حیض نہ آنا +

دِن چڑھے۔ ہ۔ تابع فعل۔ سورج نکلے +

دِن دُونا رات چوگنا۔ ہ۔ تابع فعل۔ کسی بات میں بہت
جلد ترقی کرنے کی نسبت کہتے ہیں +

دِن چھپنا۔ ہ۔ سورج ڈوبنا۔ شام ہونا +

دِن دہاڑے یا دِن دوپہر۔ ہ۔ تابع فعل۔ دن میں۔
سب کے سامنے کھلے خزانے +

دِن ڈھلنا۔ ہ۔ دن گھٹنا۔ دن کا دوپہر سے گذرنا +

دِن ڈھلے۔ ہ۔ تابع فعل۔ دوپہر کے بعد +

دِن سِن۔ ہ۔ مذکر۔ سن و سال۔ عمر +

دِن سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ دن چھپنے سے پہلے +

دِن سیدھے ہونا۔ ہ۔ بھلے دن آنا +

دِن عید رات شبِ برات ہونا۔ ہ۔ دن رات عیش
اور خوشی میں گزرنا +

دِن کاٹنا۔ ہ۔ مصیبت سے بسر کرنا +

دِن کٹنا۔ ہ۔ دن گزرنا +

دِن کو تارے دکھانا۔ ہ۔ دماغی صدمہ پہنچانا +

دِن کو دن رات کو رات نہ جاننا۔ یا۔ نہ سمجھنا۔ ہ۔
کوئی کام دن رات کرنا +

دِن گنوانا۔ ہ۔ بے کار وقت ضائع کرنا +

دِن گیا کہ رات۔ ہ۔ کہاوت۔ اب گیا گیا ہے۔ اب بھی

دِن گئے۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ زمانہ لد گیا +

دِن لگنا۔ ہ۔ زیادہ دن ہو جانا۔ اترانا۔ گھمنڈ کرنا۔
اوچھے اور کمینے کو دولت ملنا +

دِن نکلنا۔ ہ۔ سورج نکلنا۔ صبح ہونا +

دَنادَن۔ ہ۔ مؤنث۔ توپوں کے برابر چھوٹنے کی آواز

دُنبالہ۔ ف۔ مذکر۔ دُم۔ آنکھ کا کویہ۔ سرمہ کی لکیر جو آنکھ
کے کویہ سے باہر ہو۔ پتوار۔ کشتی یا جہاز کا پچھلا حصّہ +

دُنبالہ دار۔ ف۔ صفت۔ دُم دار۔ گچھے دار۔ پھچلے دار +

دُنبل۔ ف۔ مذکر۔ پھوڑا +

دُنبہ۔ ف۔ مذکر۔ بینڈھا +

دَنت۔ ہ۔ مذکر۔ دانت کا مخفف +

دَنتیلا۔ ہ۔ مذکر۔ بڑے دانت والا آدمی یا ہاتھی +

دُند۔ ہ۔ مذکر۔ بڑا نقارہ۔ دھونسا۔ غل۔ شور۔ اندھیر
ظلم +

دُند مچانا۔ ہ۔ غل مچانا۔ اندھیر کرنا +

دَندان۔ ف۔ مذکر۔ دانت +

دَنداں شکن جواب دینا۔ ہ۔ منہ توڑ جواب دینا +

دَندناتا ہوا آنا۔ ہ۔ خوشی سے اچھلنا۔ کودتا آنا۔
بے دھڑک آنا +

دَندنانا۔ ہ۔ خوشی منانا۔ مزا اڑانا +

دَندانہ۔ ف۔ مذکر۔ دندا +

دُنکا۔ ہ۔ مذکر۔ دانہ۔ اور دانہ کا تابع مہمل +

دَنگ۔ ف۔ صفت۔ حیران۔ ہکا بکا۔ بھچک +

دَنگ رہنا یا ہونا۔ ہ۔ حیران ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔
تعجب میں ہونا +

دَنگا۔ ہ۔ مذکر۔ جھگڑا۔ فساد۔ شور۔ شرارت +

دَنگا کرنا۔ ہ۔ جھگڑا کرنا۔ شرارت کرنا +

دَنگل۔ ف۔ مذکر۔ اکھاڑا۔ بھیڑ +

دَنگل باندھنا۔ یا۔ جمانا۔ ہ۔ لوگوں کا حلقہ باندھنا۔

کشتی کے واسطے جمع ہونا +
دنگل میں اُترنا - ا - اکھاڑے یا مجمع میں کشتی یا لکڑی لڑنے کے لیے اُترنا +
دنگئی - ا - صفت - لڑاکا - شریر +
دنوں سے اُتر جانا - ہ - عمر ڈھلنا - جوانی گذرنا +
دنوں کو دُعا دینا یا
دنوں کو دھکے دینا } - ا - مصیبت میں بسر کرنا +
دِنوندا - ہ - مذکر - ایک مرض جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے
دُنیا - ع - مؤنث - جگت سنسار - جہان - دنیا کے لوگ - دولت - روپیہ - لالچ +
دُنیا دار - ع - ف - مذکر - چالاک آدمی - ملنسار آدمی +
دُنیا داری - ع - ف - مؤنث - ملنساری - کنبہ - بال بچے
دُنیا کے پردے سے اُٹھ جانا - ا - مر جانا +
دُنیا کی ہوا لگنا - ا - دنیا کا مزا پڑنا - دنیا میں آنا +
دُنیا ہو اور تم ہو - ا - کہاوت - جب تک دُنیا رہے تم سلامت رہو +
دُنیا ہے اور خوشامد ہے - دُنیا میں خوشامد سے کام چلتا ہے
دُنیوی - ع - صفت - دُنیا کا

دو

دو - ف - صفت - ایک اور ایک - ۲ +
دو آتشہ - ف - صفت - دو دفعہ کھینچی ہوئی - تیز +
دو آبہ - ف - مذکر - دو دریاؤں کے بیچ کی زمین جو آگے جاکر ملجائیں +
دُوازدہ امام - ف - ع - مذکر - شیعوں کے بارہ امام - حضرت علیؑ حضرت امام حسنؑ - حضرت امام حسینؑ - امام زین العابدینؑ - امام محمد باقرؑ - امام جعفر صادقؑ - امام موسیٰ کاظمؑ - امام علی ابن موسےٰ الرضاؑ - امام محمد تقیؑ - امام علی نقیؑ - امام حسن عسکریؑ - امام محمد مہدیؑ آخر الزمان +
دو اسپہ - ف - مذکر - وہ شخص جسکے اپنے دو گھوڑے ہوں (صفت) دو گھوڑوں کی ڈاک سے - فوراً +

دو آشیانہ - ف - مذکر - دوہرا خیمہ - دو درجوں کا ڈیرا
دو اُنگل کی پنجی - ا - مؤنث - عو - چھوٹی سی لڑکی +
دوا دوش - ف - مؤنث - دوڑ - دھوپ - کوشش
دو آنسو ڈالنا
یا - گرانا - یا بہانا } - ا - تھوڑا سا رونا +
دُوانی - ا - مؤنث - دو آنے کا چاندی کا سکہ +
دو ایک - ا - تابع فعل - دو تین - دو چار - تھوڑے سے
دو بارہ - ا - تابع فعل - دوسری مرتبہ - پھر +
دو بالا - ف - صفت - دونی - دُگنی - دوچند +
دو بول پڑھانا - ا - نکاح پڑھانا +
دو بھیتیا - ا - مذکر - دورنگا - منافق +
دو پارہ - ف - صفت - دو ٹکڑے - ٹوٹا ہوا - پھٹا ہوا +
دو پائیکا نقش - یا تعویذ - ا - مذکر - ایک قسم کا تعویذ
دو پایہ - ف - صفت - دو ٹانگوں کا - دو پایوں کا +
دوپٹہ - ا - مذکر - اوڑھنا - اوڑھنی +
دوپٹہ بدلنا - ا - اوڑھنی بدل کے بہنا یا کرنا +
دوپٹہ تان کے سونا - ا - بے فکری سے سونا +
دو پشتہ - ف - صفت - دو رُخہ - دونوں طرف سے چھپا ہوا +
دو پشتہ کرنا - ا - کاغذ کو دوسری طرف سے بھی چھاپنا
دو پلڑی - ا - مؤنث - دو پلڑوں کی ٹوپی +
دو پنچھی - ا - مؤنث - عو - ایک قسم کی جالی +
دوپہر - ا - مؤنث - دن کے بارہ بجے کا وقت +
دوپہر بجنا - ا - ٹھیک پہر کی توپ چلنا یا گھنٹہ بجنا - دوپہر ہونا
دوپہر ڈھلنا - ا - دن ڈھلنا - تیسرا پہر ہونا +
دوپہریا - ا - مذکر - ایک قسم کا پھول جو دوپہر کو کھلتا ہے - دوپہر کی پیدائش - شریر +
دو پیازہ - ف - مذکر - بن ترکاری کا گوشت جس میں دو مرتبہ پیاز پڑتی ہے +
دو تارا - ا - مذکر - ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی +
دو تئی - یا - دوتہی - ا - مؤنث - ایک قسم کا کپڑا جو بستر کی

جگہ دوسرا پچھایا جاتا ہے ؞

دو ٹوک - ا۔ صفت - دو ٹکڑے - الغط ؞

دو ٹوک جواب دینا - ا۔ صاف انکار کر دینا ؞

دو ٹوک کرنا - ا۔ فیصلہ کرنا - دوستی توڑنا ؞

دو چار - ا۔ تاریخ فصل - دو تین تھوڑے سے ؞

دو چار ہونا - ا۔ سامنے ہونا ؞

دو چند - ف۔ صفت - دونا - دُگنا - دو حصے ؞

دو چوبہ - ف۔ مذکر - دو چوب کا خیمہ ؞

دو چھریوں کا ایک میان میں نہ رہنا - ا۔ دو بی بیوں کا ایک گھر میں نہ رہنا ؞

دو حرف بھیجنا - ا۔ لعنت کرنا ؞

دو خصمی - ا۔ مؤنث جس عورت نے دوسرا بیاہ کیا ہو ؞

دو دستہ خلال - ا۔ مؤنث - تاش کے کھیل میں دو آدمیوں کو ایک بازی میں خلال دینا ؞

دو دستی - ا۔ مؤنث - کشتی کے ایک پیچ کا نام ؞

دو دلہ - ا۔ صفت - شکی - دھکڑ پکڑ میں رہنے والا ؞

دو دن کا مہمان - ا۔ صفت - تھوڑے دن رہنے والا ؞

دو دل راضی تو کیا کرے گا قاضی - ا۔ کہاوت - جب دو شخص آپس میں رضامند ہوں تو کسی کی کچھ نہیں چلتی ؞

دو دو باتیں - ا۔ مؤنث - تھوڑے سوال جواب ؞

دو دو دانے کو پھرنا - ا۔ بھیک مانگتے پھرنا ؞

دو دو ہاتھ اچھلنا - ا۔ تڑپنا - بہت بیقرار ہونا ؞

دو دھارا - ہ۔ صفت - دو دھار کا خنجر - وہ جگہ جہاں سے دو دریا ملیں - ایک قسم کا تھوہڑ ؞

دو راہا - ا۔ مذکر - جہاں دو راستے پھٹے ہوں ؞

دو رُخا - ا۔ صفت - دو رنگا - منافق ؞

دو رسا - ا۔ مذکر - دو قسم کا ملا ہوا تمباکو ؞

دو رگا - یا - دو غلا - ا۔ مذکر - وہ آدمی جسکے ماں باپ دو قوم کے ہوں ؞

دو رنگا - ا۔ صفت - دو رنگ کا - دل میں کچھ اور ظاہر کچھ اور

دو رنگی - ا۔ مؤنث - مکاری - منافقت - باطن اور ظاہر اور

دو رُویہ - ا۔ صفت - دو رُخا - دو رنگا - دو طرفہ ؞

دو زانو بیٹھنا - ا۔ گھٹنوں کے بل بیٹھنا - ادب سے بیٹھنا

دو سالہ - ا۔ مؤنث - وہ زمین جو دو برس جوتی بوئی گئی ہو - (صفت) دو برس کا ؞

دو سُوتی - ا۔ مؤنث - دوہرے سوت کا بنا ہوا ایک قسم کا کپڑا ؞

دو سیری - ا۔ مؤنث - دو سیر کا باٹ ؞

دو شاخہ - ا۔ مذکر - دو شاخوں کی لکڑی - یا پیڑ - یا شمعدان

دو شالہ - ف۔ مذکر - دو جڑی ہوئی اونی چادریں ؞

دو شالہ پوش - ف۔ مذکر - دو شالہ اوڑھنے والا - امیر آدمی

دو شالے میں لپیٹ کر لگانا - ا۔ اچھے لفظوں میں بُرا کہنا ؞

دو شیزہ - ف۔ مؤنث - کواری - کنیا ؞

دو طرفہ - ف ع۔ صفت - دو نو طرف - دونو جانب ؞

دو غلہ - ا۔ مذکر - وہ چیز یا مکان جو دو آدمیوں کی ملکیت میں ہو ؞

دو عملی - ا۔ مؤنث - دو حکومتیں جنکے حکم اور قانون ایک دوسرے کے خلاف ہوں - بدانتظامی ؞

دو فصلی - ا۔ مؤنث - دو رُتی - وہ درخت جس میں دو بار پھل لگے وہ زمین جو سال میں دو بار بوئی جائے - دو فصلی ؞

دو کرنا - ا۔ دو ٹکڑے کرنا - دو حصے کرنا ؞

دو کوڑی کی بات - یا آبرو کر دینا - ا۔ ذلیل کر دینا - عزت گھٹا دینا ؞

دو لتی پھینکنا - یا چھانٹنا - ا۔ لات مارنا - لات چلانا

دو محلہ - ا۔ صفت - دو درجہ یا - دو کھنڈ کا مکان ؞

دو معنی - ا۔ مؤنث - دو آتشی - وہ بات جسکے دو معنی ہوں

دو ملاؤں میں مرغی حرام - ا۔ کہاوت - ضد میں حلال چیز کو بھی حرام کہدیتے ہیں - ایک ہی کام کے دو استادوں میں کام بگڑ جاتا ہے ؞

دو میں تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا - ا۔ کہاوت - ساجھا دو سے زیادہ کا ٹھیک نہیں ؞

دونوں ۔ ا ۔ عطف ۔ ہر دو ٭
دونوں ٹانگوں میں سر دینا ۔ ا ۔ سزا دینا ٭
دونوں جہان سے کھونا ۔ ا ۔ دین کا رکھنا نہ دُنیا کا
دونوں طرف ۔ ا ۔ صفت ۔ دونوں ہاتھ کو ٭
دونوں وقت ملے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ شام کے وقت ۔ سورج ڈوبنے کے وقت ٭
دونوں وقت مِلنا ۔ ا ۔ رات اور دن کا مِلنا ۔ شام ہونا ۔ سورج ڈوبنا ٭
دونوں ہاتھ تالی بجنا ۔ ا ۔ دوستی یا دشمنی ۔ بگاڑ یا ملاپ کی باتیں دونوں طرف سے ہوتی ہیں ٭
دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا ۔ ا ۔ نفرت ظاہر کرنا ۔ کسی کو شرارت اور چالاکی میں اُستاد ماننا ٭
دوہتڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک ساتھ دونوں ہاتھ مارنا ٭
دوہتی ۔ ا ۔ صفت ۔ دونوں ہاتھوں کی ۔ دونوں ہاتھوں سے
دو ہی دِن میں ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ بہت کم مدت میں ٭
دَوا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دوائی ۔ دارو ۔ علاج ٭
دَواخانہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ شفاخانہ ۔ اسپتال ۔ دَواؤں کا کمرہ یا الماری ٭
دَوا دارُو یا دَوا دَرمَن ۔ ا ۔ مؤنث ۔ علاج معالجہ ٭
دَوا کو نہ مِلنا ۔ ا ۔ کسی چیز کا بالکل نہ ملنا ٭
دَوابّ ۔ ع ۔ مذکر ۔ چوپائے ۔ حیوان ٭
دَوات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ سیاہی رکھنے کا برتن ٭
دُوآدَشی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ہر پاکھ کی بارھویں تاریخ ٭
دُوار ۔ یا ۔ دُوآرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دروازہ ۔ چوکھٹ ۔ راستہ ۔ گذر ٭
دُوال ۔ ف ۔ مؤنث ۔ تسمہ ۔ رکاب کا تسمہ ٭
دِوال ۔ ہ ۔ صفت ۔ دینے والا ۔ دینے والی ٭
دِوالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گھاٹا ۔ ٹوٹا ۔ ناداری ٭
دِوالا نِکالنا ۔ ہ ۔ ناداری ظاہر کرنا ۔ سرکار میں مُفلسی کا ثبوت دینا ٭
دُوالی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ چمڑے کا تسمہ ۔ پٹّا ۔ چپراس ۔ پیٹی ٭

دِوالی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ہندو صاحبان کے ایک تہوار کا نام
دِوالیہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ٹٹ پونجیا ۔ مُفلس ۔ جسکا دوالہ نکل جانے سے کاروبار بند ہوگیا ہو ٭
دَوام ۔ ع ۔ مذکر ۔ تابع فعل ۔ ہمیشگی ۔ ہمیشہ ۔ سدا ٭
دَوامی بَندوبست ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ زمین کا وہ انتظام جو ہمیشہ کے لئے کر دیا جائے ٭
دَواں ۔ ف ۔ ۔ بھاگتا ہوا ٭
دَوائر ۔ ع ۔ مذکر ۔ دائرہ کی جمع ٭
دُوب ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی گھانس ٭
دُوبدُو ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ سامنے ۔ مُنہ در مُنہ ٭
دُوبدُو ہونا ۔ ا ۔ سامنے ہونا ۔ مقابل ہونا ٭
دُوبھر ۔ ہ ۔ صفت ۔ مشکل ۔ سخت ۔ ناگوار ٭
دُوت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قاصد ۔ چغل خور ۔ کُتے کو ہنکانے کی آواز ٭
دُوت وَبک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دُھتکار ۔ لتاڑ ۔ پھٹکار ٭
دُوج ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چاند کے مہینے کی دوسری اور سترھویں تاریخ ٭
دُوجا ۔ ہ ۔ صفت ۔ دوسرا ٭
دُوخت ۔ ف ۔ مؤنث ۔ سلائی ۔ سیون ٭
دُود ۔ ف ۔ مذکر ۔ دُھواں ۔ بھاپ ٭
دُودھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ عورتوں کی چھاتیوں اور گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں میں سے نکلنے والی چیز ۔ درخت یا کسی چیز کا سفید عرق ٭
دُودھ اُترنا ۔ ہ ۔ دُودھ چھاتیوں یا تھنوں میں آجانا ٭
دُودھ اُچھالنا ۔ ہ ۔ دُودھ کو اُلٹ پلٹ کے ٹھنڈا کرنا
دُودھ اُگلنا ۔ ہ ۔ بچے کا دودھ اُگلنا ۔ دودھ کی قے کرنا
دُودھ بڑھانا ۔ ہ ۔ بچے سے ماں کا دودھ چھڑانا ٭
دُودھ بھر آنا ۔ ہ ۔ بچے کی ممتا یا محبت سے ماں کی چھاتیوں میں دودھ اُتر آنا ٭
دُودھ پڑنا ۔ ہ ۔ اناج میں رس پڑنا ٭
دُودھ پلانا ۔ ہ ۔ بچے کو دودھ چُسانا ٭
دُودھ پلائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دایہ ۔ انّا ۔ شادی کی ایک رسم

دُودھ پُوت - ہ - مذکر - دھن - دولت - مال اولاد ✦

دُودھ پھٹنا - ہ - دودھ خراب ہو جانا - پانی الگ چکنائی الگ ہو جانا ✦

دُودھ پیتا بچہ - ہ - مذکر - گود کا بچہ - ننا بچہ - ناسمجھ ✦

دُودھ پیتے روپے - ہ - مذکر - کھرے اور نقد روپے ✦

دُودھ چڑھانا - ہ - گائے بھینس کا دودھ چڑھا جانا ✦

دُودھ چڑھانا - ہ - دودھ چڑاتا - کسی دیوتا یا دیبی کی نذر کرنا ✦

دُودھ چھڑانا - یا چھڑانا - ہ - بچہ سے ماں کا دودھ بند کرنا دودھ بڑھانا ✦

دُودھ دُہنا - ہ - تھنوں میں سے دودھ نکالنا ✦

دُودھ دینا - ہ - دُودھیل ہونا - دُودھ پلانا - دودھ بیچنا

دُودھ ڈالنا - ہ - بچہ کا دودھ کی قے کرنا ✦

دُودھ سا - ہ - صفت - بہت سفید ✦

دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے - ہ - کہاوت - نقصان اٹھایا ہوا آدمی ڈر ڈر کے کام کرتا ہے

دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی - ہ - کہاوت - پورا پورا انصاف ✦

دُودھ کا سا اُبال - ہ - مذکر - وہ غصہ جو ایک دم آجائے اور جلدی جاتا رہے ✦

دُودھ کے دانت - ہ - مذکر - بچپن کے دانت

دُودھ کے دانت نہ ٹوٹنا - ہ - نادان بچہ ہونا ✦

دُودھ کی سی مکھی نکال کر پھینک دینا - ہ - کسی کو کسی کام میں سے بالکل الگ کر دینا ✦

دُودھاری - ہ - مؤنث - دودھ دینے والی ✦

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو - ہ - دعا - ع - دھن دولت آل اولاد سے خوش رہو ✦

دُودھی - ہ - مؤنث - ایک بوٹی کا نام ✦

دُودھیا - ہ - صفت - دودھ کا - رسیلا - کچا - سفید ایک قسم کا پتھر - ایک قسم کا حلوا

دُودھیل - ہ - صفت - دودھ دینے والی ✦

دَور - ع - مذکر - چکر - آس پاس پھرنا - چال - حکومت - شراب کے پیالے کا ایک سے دوسرے اور تیسرے کے پاس جانا - کنارہ - گھیرا - زمانہ کا اُلٹ پلٹ ✦

دَور دَورا - ا - مذکر - حکومت - چلتی ✦

دَور کرنا - ا - دو شخصوں کا بیٹھ کر باری باری ایک دوسرے کو قرآن سنانا ✦

دُور - ف - صفت - پرے - فاصلہ - ہٹ - چل ✦

دُور اندیش - ف - صفت - ہوشیار - آگا پیچھا سوچنے والا

دُور اندیشی - ف - مؤنث - عقلمندی - سوچ بچار ✦

دُور بھاگنا - ا - نفرت کرنا - الگ رہنا ✦

دُور بین - ف - مؤنث - دور کی چیز دیکھنے کا آلہ - آگا پیچھا سوچنے والا - عقلمند ✦

دُور پار - ا - نفرت - ع - خدا کرے - نوج - زنخہ - ہیجڑا

دُور پہنچنا - ا - دور نکل جانا - بڑی اچھی اور مشکل بات سوچنا - بڑوں کی گالی دینا ✦

دُور دَبک کرنا - یا - بتانا - ا - دھتکارنا - نکالنا ✦

دُور دراز - ف - صفت - کالے کوسوں - بہت دُور

دُور دست - ف - صفت - بہت دور - جہاں پہنچنا مشکل ہو ✦

دُور دُور - ا - ندا - ع - پرے پرے - ہٹ ہٹ ✦

دُور دُور پہنچنا - ا - بہت دور دور کی باتیں سوچنا

دُور دُور رہنا - ا - بچا بچا الگ الگ رہنا ✦

دُور دُور کرنا - ا - (ع) نفرت ظاہر کرنا ✦

دُور کا ناتا - یا - رشتہ - ا - مذکر - دور کی عزیز داری - دور کی ٹبر داری ✦

دُور کرنا - ا - الگ کرنا - باز آنا - چھپانا - موقوف کرنا - کاٹنا ✦

دُور کھنچنا - یا - دُور کھنچنا - ا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - الگ رہنا - بچنا ✦

دُور کی بات - ا - مؤنث - گہرا خیال - سمجھ کی بات ✦

دُور کی سُنانا - ا - باپ دادا تک پہنچنا - گالیاں سنانا ✦

دُوْر کی سُوجھنا۔ و۔ گہرا خیال آنا۔ اچھی اور باریک بات سوجھنا
دُوْر کی کَٹوری لانا۔ و۔ بڑا کام کرنا۔ بڑا تیر مارنا۔ اعتراض سے کہتے ہیں +
دُوْر کی کہنا۔ و۔ بہت سمجھ کی بات کہنا +
دُوْر کی ہانکنا۔ و۔ گپ لگانا۔ شیخی مارنا +
دُوْر ہو۔ و۔ نفرت۔ ہٹ۔ سَرک +
دُوْر ہونا۔ و۔ الگ ہونا۔ جاتا رہنا۔ فاصلہ پر ہونا۔ سمجھدار ہونا۔ بہت شریر ہونا۔ سرکنا +
دَوْران۔ ف۔ مذکر۔ گھومنے والا۔ زمانہ۔ عمر۔ چکر +
دَوْرانِ سَر۔ ف۔ مذکر۔ سَر کا چکر +
دَوْرَہ۔ و۔ مذکر۔ چکر۔ باری۔ گشت +
دَوْرَہ سپُرد کرنا۔ و۔ مقدمہ سشن جج کے سپرد کرنا +
دُوری۔ ف۔ مؤنث۔ فاصلہ۔ جدائی +
دَوْڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ بھاگ۔ چڑھائی۔ پہنچ۔ کوشش
دَوْڑ دَوْڑ۔ یا۔ دَوڑ دَوڑ کے جانا۔ ہ۔ گھڑی گھڑی بار بار جانا +
دَوڑ چلنا۔ ہ۔ حد سے بڑھنا۔ بے سوچے کوئی کام کرنا
دَوڑ دھُوپ۔ ہ۔ مؤنث۔ کوشش۔ تلاش۔ محنت +
دَوڑ کر چلنا۔ و۔ بھاگ کر چلنا۔ حد سے بڑھنا +
دَوڑ مارنا۔ ہ۔ دھاوا کرنا۔ چھاپہ مارنا۔ لمبا سفر کرنا۔ بہت کوشش کرنا +
دَوڑ دوڑ آنا۔ ہ۔ گھڑی گھڑی آنا +
دَوڑنا۔ ہ۔ بھاگنا۔ پھیلنا۔ کوشش کرنا۔ دھاوا کرنا +
دَوڑنا دھُوپنا۔ ہ۔ کوشش کرنا +
دوزخ۔ ف۔ مؤنث۔ جہنّم۔ نرک۔ پیٹ +
دوزخی۔ ف۔ صفت۔ جہنّمی۔ پاپی +
دوسار ہونا۔ ہ۔ تیر کا آر پار ہو کر لٹک رہنا +
دوساہی۔ یا۔ دوساکھی۔ ہ۔ صفت۔ دو فصلی زمین دو مٹ زمین +
دوست۔ ف۔ مذکر۔ چہیتا ہوا۔ یار۔ متر +
دُوسْت بنانا۔ و۔ یار بنانا +

دُوسْت رکھنا۔ و۔ پسند کرنا۔ عزیز رکھنا۔ چاہنا +
دُوسْتانہ۔ و۔ مذکر۔ یارانہ۔ دوستی +
دُوسْتدار۔ و۔ صفت۔ جو۔ خیر خواہ۔ مہربان +
دُوسْتداری۔ و۔ مؤنث۔ خیر خواہی۔ دوستی +
دوستی کا دَم بھرنا۔ یا۔ مارنا۔ و۔ دوستی کا دعوےٰ کرنا۔ دوستی کا بیڑا اٹھانا +
دُوسرا۔ و۔ صفت۔ پہلے کے بعد کا۔ اور۔ غیر +
دُوسرا تیسرا کر۔ و۔ تابع فعل۔ دوسری اور تیسری دفعہ بار بار۔ کئی کئی بار +
دُوسری حالت۔ یا۔ صُورت پکڑنا۔ و۔ بدلنا۔ بدل جانا
دوش۔ س۔ مذکر۔ عیب۔ الزام۔ تہمت۔ (ف۔ تابع فعل) گذری ہوئی رات۔ کندھا۔ مونڈھا +
دوشنبہ۔ ف۔ مذکر۔ پیر۔ سوموار +
دوشیزگی۔ ف۔ مؤنث۔ کوارپن +
دوغلا۔ و۔ صفت۔ دورنگا۔ منافق۔ کمینہ۔ وہ شخص جسکے ماں باپ دو قوم کے ہوں +
دوغلی بات۔ و۔ مؤنث۔ دو فصلی بات۔ دورُخی بات
دَولت۔ ع۔ مؤنث۔ نصیبا۔ مال۔ روپیہ پیسہ۔ سلطنت
دَولت خانہ۔ ع ف۔ مذکر۔ تعظیم سے مکان کو کہتے ہیں
دَولت سَرا۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ تعظیم سے مکان کو کہتے ہیں۔ محل سرائے +
دَولت قَدَم۔ ع۔ مؤنث۔ لونڈی باندیوں کے نام اچھا شگون سمجھ کے رکھتے ہیں +
دَولت مَند۔ ع ف۔ صفت۔ مالدار۔ دھنی +
دَولت مَندی۔ ع ف۔ مؤنث۔ امیری۔ مالداری +
دُولہا بھائی۔ ہ۔ مذکر۔ بہنوئی +
دَوُم۔ ف۔ صفت۔ دوسرا +
دُون۔ و۔ مؤنث۔ گھاٹی۔ دَرّہ۔ پہاڑ کی تلیٹی۔ (ہ)۔ شیخی۔ ڈینگ۔ دُگن۔ اونچے سُر کی آواز +
دُون کی لینا۔ و۔ شیخی مارنا۔ ڈینگ ہانکنا +
دُون۔ ع۔ صفت۔ کمینہ۔ پاجی۔ سوائے۔ غیر۔ نیچے

مقابل۔ اوپر۔ تلے ٹی ◆

دُوتا۔ ہ۔ صفت۔ دوہرا۔ دُگن۔ دو حصے۔ زیادہ ◆

دُوتا ہونا۔ ہ۔ زیادہ ہونا۔ دُگنا ہوتا ◆

دَونا۔ ہ۔ مذکر۔ پتّوں کا پیالہ۔ پتّل۔ نیاز کی مٹھائی۔ بازار کی مٹھائی۔ ایک قسم کی گھاس ◆

دَونا چڑھانا۔ ہ۔ پھول اور مٹھائی کا دونا مزار وغیرہ پر چڑھانا ◆

دَونا ماننا۔ ہ۔ (عو) نیاز ماننا ◆

دوہا۔ یا۔ دوہرا۔ ہ۔ مذکر۔ جوڑا۔ دو مصرعوں کا ہندی شعر

دوہائی۔ یا دُہائی۔ ہ۔ مؤنث۔ فریاد۔ نالش۔ بچاؤ پناہ قسم۔ واسطہ ◆

دوہائی پھرنا۔ ہ۔ ڈھنڈورا پٹنا۔ منادی ہونا۔ ڈونڈی پٹنا

دوہائی دینا۔ ہ۔ فریاد کرنا۔ انصاف چاہنا۔ پناہ مانگنا قسم دینا۔ واسطہ دینا۔ غل مچانا ◆

دُوہائی ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ فریاد ہے۔ مدد کرو ◆

دوہر۔ ہ۔ مؤنث۔ دولائی۔ دوہری چادر۔ دو فصلی ◆

دوہرا۔ ہ۔ صفت۔ دو تہ کا۔ دُونا۔ موٹا ◆

دوہرا تہرا۔ ہ۔ صفت۔ دُگنا تگنا۔ دو تین پل کا ◆

دُوہرانا۔ ہ۔ دوہرا کرنا۔ دوسری دفعہ پڑھنا۔ کوئی کام دوسری دفعہ کرنا ◆

دُوہنا۔ ہ۔ دودھ تھنوں میں سے نکالنا ◆

دُوہنی۔ ہ۔ مؤنث۔ دودھ دوہنے کا برتن ◆

دُوئی۔ ف۔ مؤنث۔ دو سمجھنا۔ جدائی۔ فرق ◆

د ہ

دِہ۔ ہ۔ مؤنث۔ جسم۔ بدن۔ کایا۔ (ف۔ مذکر) گاؤں ◆

دِہ بندی۔ ف۔ مؤنث۔ حلقہ بندی۔ گاؤں کا نقشہ ◆

دَہ۔ ہ۔ مؤنث۔ ندی۔ نالہ۔ بہت گہرا پانی۔ گہرائی۔ بھنور (ف۔ صفت) دس ◆

دَہ چند۔ ف۔ صفت۔ دس گنا۔ دس حصے ◆

دَہ در دنیا ستّر در آخرت۔ ا۔ کہاوت۔ دنیا میں ایک حصہ دو گے تو دس حصے تو دنیا میں ملیگا اور ستّر حصے آخرت میں ◆

دَہ در دَہ۔ ف۔ صفت۔ دس ہاتھ مربع۔ دس ہاتھ چوڑا دس ہاتھ لمبا اور بالشت بھر گہرا پانی جو اہل اسلام کے نزدیک پاک ہے ◆

دَہ یک۔ ف۔ مذکر۔ ملک کی آمدنی کا دسواں حصہ وہ خراج جو آمدنی کا دسواں حصہ لیا جائے ◆

دَہا۔ ا۔ مذکر۔ ع۔ محرم کا مہینہ۔ چاند کا پہلا مہینا ◆

دَھاپ۔ ہ۔ مؤنث۔ جتنا انسان ایک سانس میں دوڑ سکے اتنا فاصلہ۔ میل بھر ◆

دَھات۔ ہ۔ مؤنث۔ لوہا۔ تانبا۔ چاندی سونا وغیرہ جو کان سے نکلے۔ منی۔ ویریہ ◆

دِہات۔ یا۔ دیہات۔ ہ۔ مذکر۔ دہ کی جمع۔ بہت سے گاؤں ◆

دِہاتی۔ یا۔ دیہاتی۔ ا۔ صفت۔ گاؤنکا۔ گاؤنکا رہنے والا

دَھاتو۔ س۔ مونث۔ مصدر۔ حرفوں کا مادہ۔ حرفوں کی اصل ◆

دَھار۔ ہ۔ مؤنث۔ لکیر۔ تلی۔ فوّارہ۔ باڑہ۔ پانی کا تیز بہاؤ ◆

دَھار باندھنا۔ ہ۔ جادو وغیرہ کے زور سے تلوار یا کسی ہتھیار کی دھار کو نکما کرنا ◆

دھار پر مارنا۔ ہ۔ پیشاب کی دھار پر مارنا۔ کسی چیز کو بہت حقیر ذلیل سمجھنا ◆

دھار چڑھانا۔ ہ۔ گنگا یا جمنا جی پر منت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا ◆

دَھار دار۔ ا۔ صفت۔ باڑھ دار۔ تیز ◆

دَھار رکھنا۔ ہ۔ تیز کرنا ◆

دَھار گرنا۔ ہ۔ کند ہونا۔ دانتے پڑنا ◆

دَھار لینا۔ ہ۔ تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پینا ◆

دھار مارنا۔ ہ۔ پیشاب کرنا۔ موتنا ◆

دھار نکالنا۔ ہ۔ دودھ دوہنا ◆

دھارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بہاؤ ۔ سوتا ۔ جھرنا ۔ پانی بہنے کی جگہ ۔ (مؤنث) پہاڑ کی چوٹی ◆

دھارن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ رکھا ہوا ۔ رکھاؤ ۔ تول ۔ حفاظت

دھارن کرنا ۔ ہ ۔ اختیار کرنا ۔ پہننا ۔ تولنا ◆

دھارنا ۔ ہ ۔ اختیار کرنا ۔ رکھنا ۔ حفاظت کرنا ۔ کسی جگہ بدن پر پانی کی دھار ڈالنا ۔ سہنا ۔ پالنا ۔ پہننا ۔ پکڑنا ◆

دھاری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لکیر ۔ ریکھا ۔ خط ۔ رکھنے والا ۔ سہارنے والا ◆

دھاری دار ۔ ف ۔ صفت ۔ لکیروں والا ۔ وہ کپڑا وغیرہ جس پر سیدھی سیدھی لکیریں ہوں ◆

دھاڑ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ع ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ چوروں کا گروہ ۔ جتھا ۔ زیادتی ۔ جلدی ◆

دھاڑ پڑنا ۔ ہ ۔ چوروں کے جتھے کا حملہ کرنا ۔ (ع) جلدی پڑنا ◆

دھاڑ کی دھاڑ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ بھیڑ کی بھیڑ ۔ جتھے کا جتھا ◆

دھاڑ مار کر رونا ۔ ہ ۔ بہت زور سے رونا ۔ چیخیں مار مار کر رونا ◆

دہاڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ع ۔ حال ۔ درجہ ۔ گت ◆

دہاڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک دن کی مزدوری ۔ روزینہ

ڈھاڑی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چوروں کا گروہ کا ایک چور ۔ ڈاکو

دہاڑنا ۔ ہ ۔ شیر کا گرجنا ۔ دڑوکنا ۔ چلانا ۔ غل مچانا ۔ بچوں کا بہت زور زور سے رونا ◆

دھاک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ رعب ۔ ڈر ۔ شہرت ۔ دھوم ◆

دھاک بندھنا ۔ ہ ۔ شہرت ہونا ۔ رعب بیٹھنا ◆

دھاگا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تاگا ۔ دھوکا ۔ فریب ◆

دھاگا باندھنا ۔ ہ ۔ تاگا باندھنا ۔ نشانی کرنا ◆

دھاگا پرونا ۔ ہ ۔ سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا ◆

دھام ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گھر ۔ جگہ ۔ استھان ◆

دھامن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا سانپ ۔ ایک قسم کا بانس ۔ ایک قسم کی گھاس ۔ کاسِند ۔ دُوت ◆

دھاں ۔ ہ ۔ مذکر ۔ توپ کی آواز ۔ بڑی آواز ◆

دھان ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھلکوں سمیت چاول ۔ چاولوں کا پودا ◆

دھان پان ۔ ہ ۔ صفت ۔ دُبلا پتلا ۔ نازک ◆

دَہان ۔ ف ۔ مذکر ۔ مُنہ ۔ مکھ ۔ چھید ۔ زخم ◆

دَہانا ۔ ہ ۔ جلانا ۔ پھونکنا ۔ چتا میں رکھنا ◆

دھاندل ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بے ایمانی ۔ فریب ۔ جھگڑا ◆

دھاندل باز ۔ ف ۔ مذکر ۔ مکر کرنے والا ۔ بے ایمان ◆

دھاندل کرنا ۔ یا ۔ لانا ۔ ہ ۔ بے ایمانی کرنا ◆

دھانس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تیز بو جس سے کھانسی اُٹھے ۔ تھوڑی تھوڑی کھانسی ◆

دھانسنا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گھوڑے بیل وغیرہ کا کھانسنا ◆

دھانسی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گھوڑے کی کھانسی ◆

دھانک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تیر کمان چلانے والا ۔ چوکیدار جسکے پاس تیر کمان ہو ۔ ایک پہاڑی قوم ◆

دھانگڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کنوئیں کھودنے والی ایک قوم ◆

دَہانہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ منہ ۔ مکھ ۔ موہانہ ۔ دریا کے جاکر گرنے کی جگہ ۔ مشک کا منہ ۔ نالی ۔ لگام کا وہ لوہے کا حصہ جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے ◆

دَہانہ کھولنا ۔ ہ ۔ مشک کا منہ کھولنا ◆

دھانی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ہلکا سبز رنگ ۔ ایک قسم کے چاول ۔ دھان بونے کے قابل زمین ◆

دھاوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہلّا ۔ چڑھائی ۔ دوڑ ۔ چکر ۔ ایک صفت کا نام ◆

دھاوا کرنا ۔ یا بولنا ۔ ہ ۔ ہلّا بولنا ۔ چڑھائی کرنا ◆

دھاوا مارنا ۔ ہ ۔ بڑا لمبا سفر کرنا ۔ چڑھتے چلے جانا ۔ چکر لگانا ◆

دَہائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دَس کے عدد کا مرتبہ ◆

دھائیں ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ توپ کی آواز ◆

دھائیں دھائیں ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ توپوں کے برابر چلنے کی آواز ◆

دَھبّا - ہ - مذکر - داغ - نشان - عیب ◆
دَھبّا پڑنا - ہ - داغ لگنا - نشان پڑنا ◆
دَھبّا لگانا - ہ - داغ لگانا - عیب لگانا ◆
دَھب دَھب - ہ - مؤنث - بھدے آدمی کے
پیروں کی آواز ◆
دَھپ - ہ - مذکر - تھپیڑ - دھول - چانٹا ◆
دَھپ دینا - یا - مارنا - ہ - دھول جڑنا - چانٹا لگانا ◆
دَھپّا - ہ - مذکر - تھپیڑ - چانٹا - ٹوٹا - گھاٹا - نقصان ◆
دَھپّا لگنا - ہ - تھپیڑ لگنا - گھاٹا ہونا ◆
دَھپّا مارنا - ہ - تھپیڑ مارنا - دھوکا دیکر روپیہ لے جانا ◆
دَھت - ہ - مؤنث - لت - بری عادت - ہاتھی کے
چلانے کی آواز ◆
دَھت پڑنا - یا لگنا - ہ - لت لگنا - عادت پڑنا ◆
دُھت - یا - دُت - ہ - صفت - نشہ میں چُور - بدمست
دھتّا - دُھتکار ◆
دَھتّا - ہ - مذکر - ٹال مٹول - دھتکار - دھوکا ◆
دَھتّا بتانا - یا دینا - ہ - دھوکا دینا - فریب دینا -
ڈانٹ کر ٹالنا ◆
دَھتکارنا - ہ - نکالنا - ہنکانا - برا بھلا کہنا ◆
دَھتورا - ہ - مذکر - ایک زہریلے پودے اور اسکے
پھل کا نام ◆
دَھتوریا - ہ - مذکر - ٹھگوں کا ایک فرقہ جو مسافروں
کو دھتورا کھلاکر لوٹ لیتا ہے ◆
دَھتّی - یا - دَھتیا - ہ - مذکر - عادت والا - لت والا ◆
دِھینگڑ - یا دِھینگڑا - ہ - صفت - موٹا تازہ - گنوار کا
لٹھ ◆
دَھج - ہ - مؤنث و مذکر - طرز - روش - انداز - ڈھنگ
صورت ◆
دَھجا - ہ - مؤنث - پھریرا - جھنڈے کا کپڑا - جھنڈا -
نشان - روپ - دھجی - کترن - چیتھڑا ◆
دَھجّی - ہ - مؤنث - کپڑے یا کاغذ کے تختے کی لمبی پٹی ◆

دَھجّی کی دیوار - ہ - مؤنث - وہ دیوار جو آڑی ترچھی
لکڑیاں لگاکر چونے اور گارے سے بھری جائے ◆
دَھجّی ہو جانا - ہ - بہت دُبلا اور کمزور ہو جانا - ٹکڑے
ٹکڑے ہو جانا ◆
دَھجّیاں اُڑانا } - ہ - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - خوب خبر لینا -
یا دھجّیاں لینا } ذلیل کرنا - شرمندہ کرنا - اعتراض کرنا ◆
دَھجّیاں لگنا - ہ - چیتھڑے لگنا - بہت غریب ہونا ◆
دَھچکا - ہ - مذکر - ہچکولا - صدمہ - جھٹکا - دھکّا ◆
دَھچکا اُٹھانا - یا - لگنا - ہ - صدمہ اُٹھانا - نقصان اُٹھانا
صدمہ پہنچنا ◆
دَھر - ع - مذکر - زمانہ - وقت - کال - جُگ - سماں ◆
دَھر - ہ - لااختصاص ا سب کاموں کو چھوڑکر ایک کام کرنا
جیسے دھر گھسیٹنا - دھر لپکنا ◆
دُھر - ہ - مذکر - اَزل - شروع - سِرا - ابد - حد - گھُٹنا - سِرا
دُھر سے دُھر تک - ہ - تابع فعل - ہ - شروع سے
آخیر تک - ابتدا سے انتہا تک ◆
دُھرکی - ہ - مؤنث - ع - ازل کی - تقدیر کی - خدا کے گھر کی
دُھرا - ہ - مذکر - لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیا گھومتا ہے
کیلی ◆
دُھرا دُھر - ہ - تابع فعل - اس سرے سے اُس سرے تک
اول سے آخر تک ◆
دَھرا جانا - ہ - پکڑا جانا - قید ہونا ◆
دَھرا ڈھکا - ہ - مذکر - رکھا نہ کھایا - بچا کھچا ◆
دَھرا رہتا ہے - ہ - محاورہ - کسی کام نہیں آتا ◆
دُہرانا - ہ - دوبارہ کہنا - دُہرا کرنا - پھر پڑھنا ◆
دُھرپد - ہ - مؤنث - ایک قسم کا ہندی راگ ◆
دَھرتی - ہ - مؤنث - زمین - دُنیا ◆
دَھر دھمکنا - ہ - آن موجود ہونا - جلد چلے آنا ◆
دَھر رکھنا - ہ - رکھ چھوڑنا - چھپا رکھنا ◆
دَھرکار - ہ - مؤنث - پھٹکار - لعنت - ملامت ◆
دَھرم - ہ - مذکر - ایمان - عقیدہ - پنتھ - مذہب ◆

دھرم اُپدیش ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مذہبی وعظ +
دھرم آتما ۔ ہ ۔ صفت ۔ سخی ۔ داتا ۔ فیاض +
دھرم ارتھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وقف کا مال +
دھرم اوتار ۔ ہ ۔ صفت ۔ پاک ۔ پوتر ۔ بھگت ۔ معصوم
دھرم بگاڑنا ۔ ہ ۔ دین ایمان کھونا +
دھرم چاری ۔ ہ ۔ صفت ۔ نیک ۔ پارسا +
دھرم راج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ عادل اور منصف بادشاہ ۔ وہ سلطنت جس میں خوب انصاف ہو +
دھرم رِیت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ مذہبی رسم +
دھرم سالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مسافر خانہ ۔ خانقاہ ۔ عدالت +
دھرم سبھا ۔ یا ۔ سماج ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دینی انجمن ۔ مذہبی مجلس +
دھرم سے ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ایمان سے ۔ سچ سچ +
دھرم شاستر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہندو صاحبان کی فقہ ۔ مذہبی کتاب +
دھرم کرنا ۔ ہ ۔ نیکی کرنا ۔ خیرات کرنا +
دھرم کمانا ۔ ہ ۔ نیکی اور ثواب حاصل کرنا +
دھرم گیانی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دین کا عالم +
دھرم مُول ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مذہب کے اصول +
دھرما دھرمی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ قسما قسمی ۔ عہد پیمان +
دھرن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بلی ۔ شہتیر ۔ ناف ۔ ٹلا +
دھرنا ۔ ہ ۔ رکھنا ۔ جمانا ۔ سونپنا ۔ گرو ین رکھنا ۔ (مذکر) دھنی ۔ دشنک +
دھرنا دینا ۔ ہ ۔ دھنی دینا ۔ جم کر بیٹھنا ۔ اس شخص کی طرح جم کر بیٹھنا جس کا قرض آتا ہو +
دُھرو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قطب ۔ قطب تارا ۔ کیلی +
دُھری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لوہے کی وہ سلاخ جس پر پہیا پھرتا ہے کیلی +
دھرے اُڑانا ۔ یا ۔ دھجیاں اُڑانا ۔ ہ ۔ مارنا پیٹنا ۔ چابک مارنا ۔ بید لگانا ۔ ذلیل کرنا +
دُھری بات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پہلو دار بات ۔ ذومعنی بات

دَہریہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ خدا کو نہ ماننے والا +
دھڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بدن ۔ جسم ۔ بے سر کا جسم ۔ سر کے علاوہ سارا جسم ۔ لونڈ ۔ لاش +
دھڑ رہ جانا ۔ ہ ۔ فالج کا اثر ہو جانا ۔ جسم کا حرکت نہ کر سکنا
دھڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گروہ ۔ جتھا ۔ بوجھ ۔ پاسنگ ۔ پانچ سیر کا وزن ۔ دھڑی +
دھڑا باندھنا ۔ ہ ۔ جتھا باندھنا ۔ تہمت لگانا ۔ پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا +
دھڑا کرنا ۔ ہ ۔ ترازو کے دونوں پلڑوں کو کسی وزن سے برابر کرنا ۔ برتن میں کوئی چیز تولنے کے لئے برتن کا وزن برابر کرنا +
دھڑا دھڑ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز +
دھڑاکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دھماکا ۔ بندوق اور مینہ کے برسنے وغیرہ کی آواز +
دھڑام ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز ۔ پانی میں کودنے کی آواز +
دھڑ دھڑ کرنا ۔ ہ ۔ کنڈی کھٹکھٹانا ۔ کواڑ پیٹنا ۔ نقارہ بجانا ۔ دل کا دھڑکنا +
دھڑکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دل کی دھڑکن ۔ خفقان ۔ ڈر ۔ خوف
دھڑکن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ حو ۔ تڑپ ۔ بیقراری ۔ دھک دھک خفقان ۔ ہول دل +
دھڑکنا ۔ ہ ۔ تڑپنا ۔ پھڑکنا ۔ بیقرار ہونا ۔ ڈرنا +
دھڑلّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہجوم ۔ مجمع ۔ بھیڑ ۔ کھلم کھلا ۔ ظاہر بیخوفی +
دھڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پنسیری ۔ یا پانچ سیر کا بٹ ۔ مسی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں ۔ ریکھا
دھڑی جمانا ۔ ہ ۔ مسی ملنا ۔ ہونٹوں پر مسی کی تہ جمانا +
دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا ۔ ہ ۔ خوب لوٹنا ۔ کچھ نہ چھوڑنا
دھڑیوں ۔ ہ ۔ صفت ۔ بہت +
دُھس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قلعہ ۔ گڑھ ۔ پشتہ ۔ دمدمہ ۔ گڑھی +

دُھسا۔ ہ۔ مذکر۔ گرم اونی چادر ٭

دھسان۔ یا۔ دھسن۔ ہ۔ مؤنث۔ دھسنے کی جگہ۔ دلدل کیچڑ ٭

دُھسانا۔ ہ۔ کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا۔ بھرنا۔ ٹھونسنا

دھسک یا دھسکا } ہ۔ مؤنث۔ ہلکی کھانسی۔ دھانس ٭

دھسنا۔ یا دھنسنا۔ ہ۔ پھنسنا۔ دلدل میں گھسنا۔ نیچے بیٹھنا ٭

دَہشت۔ ف۔ مؤنث۔ ڈر۔ خوف ٭

دَہشت انگیز۔ ف۔ صفت۔ ڈراؤنا۔ خوف ناک ٭

دَہشت زدہ۔ ف۔ صفت۔ ڈرا ہوا۔ سہما ہوا ٭

دَہشت کھانا۔ ا۔ ڈرنا ٭

دَہشت ناک۔ ف۔ صفت۔ بھیانک۔ ڈراؤنا ٭

دِہقان۔ معرب۔ مذکر۔ دیہاتی۔ گنوار ٭

دِہقانی۔ معرب۔ صفت۔ گنوار۔ دیہاتی۔ اُجڈ۔ (مذکر) گنوار۔ دیہات کا رہنے والا ٭

دھک۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹی جوں۔ دل کی ناگہانی حرکت

دھکا۔ ہ۔ مذکر۔ ہچکولا۔ ریلا۔ نقصان۔ ٹوٹا۔ آفت۔ بلا

دھکا دینا۔ ہ۔ مذکر۔ دھکیلنا۔ ہچکولا دینا۔ شامت اور آفت لانا

دھکا لگنا۔ ہ۔ صدمہ پہنچنا۔ نقصان ہونا۔ مار پڑنا۔ آفت آنا ٭

دھکا پیل۔ ہ۔ مؤنث۔ دھکم دھکا۔ ریلا پیلی ٭

دھکا پیلی کرنا۔ ہ۔ ریلنا۔ دھکیلنا ٭

دہکتا گولہ اُٹھانا۔ ہ۔ قسم کا ایک ڈھنگ۔ بے گناہی کا امتحان دینا ٭

دھک دھک۔ ہ۔ مؤنث۔ دھڑکن۔ تڑپ۔ بیقراری۔ گھبراہٹ ٭

دھک دھک کرنا۔ ہ۔ دھڑکنا۔ بے قرار ہونا۔ ڈر سے دل کانپنا ٭

دھک رہ جانا۔ ہ۔ حیران رہ جانا۔ بھچک رہجانا ٭

دھک سے ہو جانا۔ ہ۔ بھونچکا ہو جانا۔ ناگہانی صدمے یا خوف سے دل دھڑک جانا ٭

دُھکڑ پکڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ دھڑکن۔ گھبراہٹ۔ دُبدھا امید و بیم ٭

دھکم دھکا۔ ہ۔ مذکر۔ دھکا پیل۔ ریلا پیلی ٭

دہکنا۔ ہ۔ آگ بھڑکنا۔ بدن گرم ہونا ٭

دھکیانا۔ ہ۔ دھکا دینا۔ پیچھے سے دھکیلنا۔ ریلنا۔ پہنچانا ٭

دھکیلنا۔ ہ۔ ریلنا۔ ٹھیلنا۔ دھکا دینا ٭

دہلا۔ ہ۔ مذکر۔ تاش یا گنجیفے کا وہ پتا جس پر دس نشان ہوں

دہلانا۔ یا دہلا دینا۔ ہ۔ ڈرانا۔ ایک بانگی چھٹکا دینا

دُھلائی۔ ہ۔ مؤنث۔ کپڑے دھونے کی مزدوری۔ دُھلوائی ٭

دہل جانا۔ ہ۔ ڈر جانا۔ رعب میں آجانا ٭

دہلنا۔ ہ۔ ڈرنا۔ خوف سے کانپنا ٭

دِہلی۔ ہ۔ مؤنث۔ دہلیز۔ چوکھٹ۔ ہندوستان کے پایہ تخت کا نام

دہلیز نہ جھانکنا۔ ا۔ دروازے تک آکر نہ پھرنا ٭

دھم رہ جانا۔ ہ۔ حیران رہجانا ٭

دھم۔ ہ۔ مؤنث۔ کودنے کی آواز ٭

دھم سے کودنا۔ یا۔ گرنا۔ ہ۔ زور سے زمین پر کودنا یا گرنا ٭

دھماچوکڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ کود پھاند ٭

دھماچوکڑی مچانا۔ ہ۔ اچھلنا۔ کودنا۔ دھوم ڈالنا

دھما دھم۔ ہ۔ مؤنث۔ کودنے اور گرنے کی آواز متواتر گھونسے اور مکے کی آواز ٭

دھماکا۔ ہ۔ مذکر۔ بندوق کی آواز۔ کودنے کی آواز ٭

دھمک۔ ہ۔ مؤنث۔ پیروں کی آواز۔ ہلکی آواز ٭

دھمکانا۔ یا۔ دھمکی دینا۔ ہ۔ ڈانٹنا۔ گھرکنا۔ ڈرانا۔ خوف دلانا ٭

دھمکی میں آجانا۔ ہ۔ ڈر جانا۔ خوف مان جانا ٭

دُھمن۔ ہ۔ مؤنث۔ دھیان۔ شوق۔ لت ٭

دُھن لگنا - دھیان لگنا - لو لگنا +

دَہَن - ف - مذکر - منہ - مخفف (دہان کا) +

دَھن - ہ - مذکر - چوپائے - مال - دولت

دَھن بھاگ یا } - ہ
دَھن نصیب } ہ - ندا - خوشانصیب - شاباش +

دُھننا - ہ - روئی پیننا - دھنکنا - پیٹنا +

دُھنا - ہ - مذکر - روئی دھنکنے والا - ندات - پنجا +

دَھنّا سیٹھ - ہ - صفت - بہت بڑا مالدار - سیٹھ - سرزور

دُھند - ہ - مؤنث - دھندلاپن - آنکھ کے ایک مرض کا نام

دُھندکار - ہ - مذکر - اندھیرا - تاریکی +

دَھندا - ہ - مذکر - کام کاج - مصروفیت - پیشہ +

دُھندلا - ہ - صفت - گدلا - اندھیرا - کم چمک والا +

دُھندلا دکھائی دینا - ہ - صاف نظر نہ آنا +

دُھندے کا وقت - ہ - مذکر - شام کی سیاہی - صبح کا سویرا +

دَھنَک - ہ - مؤنث - پتلا گوٹا - کمان +

دھن کُٹا - ہ - مذکر - دھان کوٹنے والا +

دھن کُٹی کرنا - ہ - دھانوں کو چھڑنا - چاول نکالنا +

دُھنکی - ہ - مؤنث - روئی دھنکنے کی کمان +

دَھنی - ہ - صفت - دھن والا - مالدار - مالک آقا +

دَھنیا - ہ - مذکر - کوتمبر - ایک مشہور مسالا +

دُہنیت - ع - مؤنث - روغن - چکنائی +

دُھواں نکلنا - ہ - آہ نکلنا +

دُھواں دھار - ہ - صفت - نہایت کالا - چمکتا ہوا - غصہ میں بھرا ہوا - ستم - چالاک - بھبوکا - بے قرار +

دُھواں دھار برسنا - ہ - خوب زور سے برسنا +

دُھواں دھار گھٹا - مؤنث - کالی گھٹا - گہری گھٹا

دھواں دھار ہونا - ہ - اندھیرا گھپ ہو جانا +

دُھواں رمنا - ہ - دھواں بھرنا - دھواں گھٹنا +

دُھواں سا ہونا - ہ - دھوئیں میں رچنا +

دُھوب پڑنا - ہ - دھویا جانا +

دھوبن - ہ - مؤنث - کپڑے دھونے والی عورت - ایک چڑیا +

دھوبی - ہ - مذکر - کپڑے دھونے والا +

دھوبی پاٹ - ہ - مذکر - کپڑا دھونے کا تختہ - پٹڑا +

دھوبی کا چھیلا - ہ - صفت - دوسرے کے مال پر اِترانے والا +

دھوبی کا کتا - ہ - مذکر - نکما اور بیکار آدمی - آوارہ گرد

دُھوپ پڑنا - ہ - تیز دھوپ ہونا +

دُھوپ چڑھنا - ہ - دن چڑھنا - سورج نکلنا +

دُھوپ چھاں یا } - ہ - مؤنث - روشنی اور سایہ
دُھوپ چھاؤں } ایک قسم کا ریشمی کپڑا +

دُھوپ دینا یا دکھانا - ہ - دھوپ میں سکھانا - خشک کرنا +

دُھوپ کھانا یا لینا - ہ - دھوپ میں بیٹھنا - سینکنا

دُھوپ میں بال سفید کرنا } - ہ - ناتجربہ کاری میں
یا چونڈا سفید کرنا } زندگی گزار دینا

دُھوپ نکلنا - ہ - آفتاب کا بادل سے باہر آنا - سورج نکلنا +

دُھوت - ہ - ندا - کتے کے بھگانے کی آواز +

دھوتر - ہ - مؤنث - ایک ہندوستانی موٹا سوتی کپڑا - گاڑھا +

دُھوتُو - ہ - مذکر - ایک قسم کا بڑا اور موٹی آواز کا منہ سے بجنے والا باجا +

دھوتی - ہ - مذکر - پیجامہ کی بجائے باندھنے کا کپڑا

دھوکا - ہ - مذکر - مکر - چھل فریب - اشتباہ +

دھوکا دھڑی - ہ - مؤنث - چھل بٹا - مغالطہ +

دھوکا کھانا - ہ - غلطی میں پڑنا - چوکنا +

دھوکے باز - ہ - صفت - چھلیا - مکار +

دھوکے کی ٹٹی - ہ - مؤنث - دکھاوے کی چیز - مغالطہ میں ڈالنے والی چیز +

دھوکے میں رکھنا - ہ - جھوٹا وعدہ کرنا +

ڈھول - ہ - مؤنث - گرد - خاک - ریت +
ڈھول اڑانا - ہ - گرد اڑانا - بدنام کرنا - آوارہ پھرنا +
ڈھول جھڑنا - ہ - سزا ملنا - گرد دور ہونا +
ڈھول - ہ - مؤنث - تھپڑ - ٹوٹا - ایک قسم کا گنا +
ڈھول دھپا - ہ - مذکر - تھپڑ بازی - چانٹا چٹول +
ڈھوم - ہ - مؤنث - غل غپاڑا - شہرہ - افواہ +
ڈھوم دھام - ہ - مؤنث - شان و شوکت - بھیڑ بھاڑ
شور غل +
ڈھوم دھڑکا - ہ - مذکر - غل غپاڑا - ہائے ہو مچنا +
ڈھوں - ہ - مؤنث - توپ کی آواز
دھونا - ہ - پاک کرنا - دور کرنا +
دھونتال - ہ - صفت - کام کرنے میں چالاک +
دھونس - ہ - مؤنث - دھمکی - دھوکا +
دھونس دینا - ہ - دھمکی دینا - دھوکا دینا +
دھونسا - ہ - مذکر - بڑا نقارہ +
دھونکنا - ہ - آگ جلانا +
دھونکنی - ہ - مؤنث - آگ پھونکنے کا کھال یا لوہے
کا آلہ +
دھونکنی لگنا - ہ - ہانپنا - سانس چڑھنا +
دھونی - ہ - مؤنث - کسی چیز کو جلا کر دھواں لینا +
دھونی دینا - ہ - دھواں دینا - دھواں سنگھانا +
دھونی رمانا - یا - لگانا - ہ - فقیر بن کر بیٹھنا - فقیری لینا
دنیاوی تعلقات کو چھوڑ کر فقیری اختیار کر لینا +
دھوون - ہ - مذکر - کسی چیز کا دھلا ہوا پانی +
دھوئیں اڑانا - ہ - ٹکڑے اڑانا - دھجیاں اڑانا +
دھوئیں کے بادل اڑانا - ہ - بے اصل بات کو
بیان کرنا +
دھی - ہ - مؤنث - بیٹی - لڑکی +
دہی - ہ - مذکر - جما ہوا دودھ +
دھیان بٹانا - ہ - خیال بٹانا - توجہ اور طرف کرنا +
دھیان بندھنا - ہ - خیال بندھنا - کسی کا خیال آنا

دھیان پر چڑھنا } - ہ - کسی بات کا بخوبی خیال میں
یا دھیان چڑھنا } آجانا - ذہن نشین ہونا +
دھیان میں نہ لانا - ہ - توجہ نہ کرنا - خیال میں نہ لانا
دھیانی - ہ - مؤنث صفت - خدا سے لو لگانے والا - بیٹی بھتیجی
دھیر بندھانا - ہ - ہمت بندھانا - ڈھارس بندھانا
دھیرج دھرنا - ہ - صبر کرنا - برداشت کرنا +
دھیرے دھیرے - ہ - تابع فعل - آہستہ آہستہ
ہلکے ہلکے +
دہیز - ع - مذکر - (عوام) وہ سامان جو بوقت رخصت
لڑکی کو دیتے ہیں - جہیز +
دھیلا - ہ - مذکر - آدھا پیسہ - بارہ دام +
دھیلی - ہ - مؤنث - اٹھنی - آدھا روپیہ +
دھیما پڑنا - ہ - نرم ہونا - غصہ کم ہونا +
دھیما کرنا - ہ - نرم کرنا - ٹھنڈا کرنا +
دھینگا دھینگی - ہ - مؤنث - زبردستی - جبر +
دھینگا مشتی - ہ - مؤنث - ہاتھا پائی +
دھینور - ہ - مذکر - مچھلی والا - ماہی گیر +

دی

دیا - ہ - مذکر - چراغ +
دیا - ہ - مؤنث - مہربانی - کرپا +
دیار - ع - مذکر - دار کی جمع - ملک +
دیانتداری - ع - مؤنث - ایمانداری - سچائی +
دیباچہ } - ع -
یا دیباچہ } - ف - مذکر - مقدمہ کتاب - تمہید +
دیبی - ہ - مؤنث - ملکہ - رانی - دیوی +
دیبی کھیلنا - ہ - دیبی کا سر پہ آنا +
دیپ - ہ - مذکر - چراغ -
دیپ مالا - ہ - مذکر - چراغوں کی قطار +
دیپک - س - مذکر - روشنی - ایک قسم کا راگ +
دید - ف - مؤنث - نگاہ - نظر +

دِیدہ و شنیدہ - ف - صفت - دیکھا نہ سنا - انوکھا ✦

دِیدار - ف - مذکر - درشن - چہرہ ✦

دِیدار بازی - ف - مؤنث - نظارہ بازی - تاک جھانک

دِیدوں کی صفائی - ا - مؤنث - بے باکی - بے شرمی ✦

دِیدہ - ف - مذکر - آنکھ - دلیری - بے باکی ✦

دِیدہ ریزی کرنا - ا - باریک کام کرنا

دِیدے پھاڑ کر دیکھنا / یا گھورنا - } - ا - گھور کر دیکھنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ✦

دِیدے مٹکانا - ا - آنکھیں پھرانا ✦

دِیدے نکالنا - ا - غصہ کرنا ✦

دَیر - ف - مذکر - مندر - بت خانہ ✦

دیر - ف - مؤنث - مدت - عرصہ ✦

دیرپا - ف - صفت - مضبوط - پائدار ✦

دیرہ / یا دہرہ } - ہ - مذکر - سکھوں کا مندر ✦

دیرینہ - ف - صفت - پرانا - تجربہ کار ✦

دیس - ہ - مذکر - وطن - ملک - جائے پیدائش ✦

دیس بدیس پھرنا - ہ - سیر و سیاحت کرنا - ملک درملک پھرنا ✦

دیس بھاشا / یا بھاکا - } - ہ - مؤنث - دیسی زبان - اپنے شہر کی بولی

دیس چھوڑنا / یا تیاگنا - } - ہ - وطن سے نکل جانا - ہجرت کرنا ✦

دیس نکالا دینا - ہ - جلا وطن کرنا

دیسی - ہ - صفت - وہ چیز جو اپنے وطن میں پیدا ہو

دیکھ بھال - ہ - مؤنث - تلاش - نظارہ ✦

دیکھ بھال کر - ہ - تابع فعل - جان بوجھکر - سوچ سمجھ کر

دیکھتا کیا ہے لگے - ہ - محاورہ - بے تامل وار کر ✦

دیکھتے دیکھتے - ہ - تابع فعل - آنکھوں کے سامنے - روبرو ✦

دیکھتے رہ جانا - ہ - حیران رہجانا ✦

دیکھتے کا دیکھتا رہجانا - / یا دیکھتے کے دیکھتے رہ جانا } - ا - ہ - حیرت میں رہ جانا - قابو نہ چلنا ✦

دیکھو - ہ - ندا - ہوشیار رہو - شاید ✦

دیکھئے - ہ - تابع - ایک کلمہ ہے جو آئندہ بات کے متعلق بولا جاتا ہے - دیکھنا چاہیئے ✦

دیگ / یا دیغ } ف - مذکر / ا - مؤنث - کھانا پکانیکا بڑا برتن ✦

دیگچہ - ف - مذکر - چھوٹی دیگ - پتیلا ✦

دیمک - ف - مؤنث - ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو اکثر کتاب یا لکڑی کو چاٹ جاتا ہے ✦

دِین - ع - مذکر - ایمان - دھرم - مذہب ✦

دِین پناہ - ع - ف - مذکر - وہ بادشاہ جو دین کی حمایت کرے ✦

دِین کا جھنڈا - ا - مذکر - مذہبی جھنڈا ✦

دَین - ع - مذکر - قرض - اُدھار ✦

دین - ہ - مؤنث - بخشش ✦

دِینار - ع - مذکر - سونے کا ایک سکہ ✦

دِینار سُرخ - ع ف - مذکر - سونے کا ایک سکہ ✦

دیندار - ا - صفت - متقی - دھرمی

دِینی باپ - ا - مذکر - بنایا ہوا مذہبی باپ - یا دھرمی باپ ✦

دِینی بہن - ا - مؤنث - جسکو ہم مذہب ہونیکے سبب بہن بنا لیا جائے - دھرمی بہن ✦

دِیو - ف - مذکر - پہلوان - جن ✦

دیوزاد - ف - مذکر - موٹا تازہ آدمی - جن ✦

دیو کا دیو - ا - صفت - بہت بڑا موٹا تازہ آدمی ✦

دیو - ہ - مذکر - دیوتا - مقدس ✦

دیو باچ - ہ - مؤنث - دیوتاؤں کی مقدس زبان سنسکرت ✦

دیو لوک - ہ - مذکر - دیوتاؤں کے رہنے کی جگہ جنت - بیکنٹھ ✦

دیوارِ چین }
یا دیوارِ ختا } - ف - مؤنث - ایک مشہور دیوار کا نام جو آٹھ سو کوس لمبی اور تاتار و ختا کی سرحد پر واقع ہے ◆

دیوارِ قہقہہ - ا - مؤنث - ایک فرضی دیوار کا نام - سدِ سکندری دیوارِ چین ◆

دیوار کھینچنا - ا - آڑ کرنا - ٹٹی کھڑی کرنا - کسی مکان کے درمیان دیوار بنانا ◆

دیوارگیری - ا - مؤنث - وہ بیل بوٹوں کا کپڑا جو خوشنمائی کے لئے دیواروں پر لگاتے ہیں - دیوار میں لگانیکا لمپ ◆

دیوان - ع - مذکر - عدالت - کچہری - شاہی دربار - بڑا افسر - کسی شاعر کی مخصوص غزلوں کا مجموعہ ◆

دیوانِ خاص - ف ع - مذکر - دربارِ خاص ◆

دیوان خانہ - ف - مذکر - راجاؤں کے بیٹھنے کا مکان ◆

دیوانہ - ف - مذکر - مجنون - باؤلا ◆

دیوانہ پن - ا - مذکر - جنون - بیوقوفی ◆

دیوانہ ہونا - ا - پاگل و مجنون ہونا ◆

دیوتا - ہ - مذکر - اوتار - پیغمبر - بزرگ ◆

دیوٹ - ہ - مذکر - چراغدان - کالا آدمی ◆

دیوث - ع - مذکر - بے غیرت - بے شرم

دیودار - ہ - مذکر - ایک قسم کا درخت - صنوبر ◆

دیور - ہ - مذکر - خاوند کا چھوٹا بھائی ◆

دیوا - ہ - مذکر - چھوٹا سا چراغ ◆

دیہیم - ف - مذکر - شاہی تاج - افسر - کلغی ◆

ڈ

ڈ - ہ - مؤنث - اردو الف بے تے کا بارھواں حرف

ڈ - ا

ڈاب - ہ - مذکر - ایک قسم کی لمبی گھاس - مونجھ - کچا ناریل

ڈابر - ہ - مذکر - چھوٹا تالاب - جوہڑ ◆

ڈاٹ - ہ - مؤنث - گٹ - محراب ◆

ڈاٹ لگانا - ہ - روکنا - بند کرنا ◆

ڈاٹ کر بھرنا - ہ - داب داب کر بھرنا - ٹھونس کر بھرنا -

ڈار - ہ - مؤنث - چوپاؤں یا پرندوں کا جھنڈ ◆

ڈاڑھ - ہ - مؤنث - جبڑے کا ایک چوڑا چپٹا دانت جس سے غذا چبائی جاتی ہے ◆

ڈاڑھ مار کر رونا - ہ - چلا کر رونا ◆

ڈاڑھی - ہ - مؤنث - ٹھوڑی اور رخساروں کے لٹکنے والے بال ◆

ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا - ا - بیعزتی کرنا - ذلیل ہونا - قائل ہونا ◆

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا - ہ - چھوٹی عمر میں عقلمند ہونا

ڈاک - ہ - مؤنث - خطوط - نگینہ کے نیچے کا سنہرا ورق - الٹی لگاتار آمد و رفت ◆

ڈاک آنا - ہ - خطوط آنا ◆

ڈاک بٹھانا }
یا بٹھلانا - } - ہ - آمد و رفت کا سلسلہ جاری کر دینا ◆

ڈاک خانہ - ا - مذکر - خط ڈالنے کی جگہ - پوسٹ آفس ◆

ڈاک لگنا - ہ - جنبو یا ہرکاروں کا برابر آتا جانا - متواتر تے ہونا ◆

ڈاکا پڑنا - ہ - چوروں کا حملہ کرنا - لوٹ کر لیجانا ◆

ڈاک بنگلا - ا - مذکر - سرکاری مسافر خانہ ◆

ڈاکٹر - انگ - مذکر - انگریزی طریق پر علاج کرنیوالا - طبیب ◆

ڈاکو - ہ - مذکر - لٹیرا - دلیر چور

ڈاکیا - ہ - مذکر - چٹھی تقسیم کرنیوالا پوسٹ مین ◆

ڈال - ہ - مؤنث - شاخ - ٹہنی ◆

ڈال کا پکا - ہ - صفت - پیڑ کا پکا ہوا ◆

ڈال کا ٹوٹا - ہ - صفت - ڈال سے ٹپک کر گرا ہوا پھل - انوکھا ◆

ڈالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ٹہنا ۔

ڈال رکھنا ۔ ہ ۔ رکھ چھوڑنا ۔ رُوک رکھنا

ڈالی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ٹہنی ۔ وہ ٹوکری جسمیں پھول میوہ وغیرہ سجا کر حاکموں کی نذر کرتے ہیں ۔

ڈالی سجانا یا لگانا ۔ ہ ۔ ڈالی کو میوہ وغیرہ سے آراستہ کرنا

ڈام فوُل ۔ انگ ۔ مذکر ۔ احمق ۔ نالائق ۔

ڈامیج ۔ انگ ۔ مذکر ۔ نقصان ۔ حرجانہ ۔ بگڑا ہوا مال ۔

ڈانٹ ڈپٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دھمکی ۔ ڈراوا ۔

ڈانٹنا ۔ ہ ۔ جھڑکنا ۔ باز رکھنا ۔

ڈانڈ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چھڑی ۔ بانڈی ۔ تاوان ۔

ڈانڈی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی پہاڑی سواری جسکے دونو طرف لکڑی اور بیچ میں دری ہوتی ہے ۔

ڈانس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بڑا مچھر ۔

ڈانگ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ اونچی پہاڑی ۔ چھلانگ ۔

ڈانگر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چوپایہ ۔ بیوقوف ۔

ڈانواں ڈول پھرنا ۔ ہ ۔ آوارہ پھرنا ۔ ذلیل و رسوا ہونا مارا مارا پھرنا ۔

ڈاہ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کینہ ۔ دشمنی ۔

ڈائرِکٹر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ کارکن ۔ ہدایت کرنے والا ۔

ڈائن ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جادوگرنی ۔ نظر لگانیوالی عورت ۔ بدصورت عورت ۔

ڈ ۔ ب

ڈبّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بڑی ڈبیا ۔ پسلی کا مرض جو اکثر بچوں کو ہوتا ہے ۔

ڈبڈبانا ۔ ہ ۔ انکھوں میں آنسو بھر آنا ۔

ڈبکی کھانا یا لگانا ۔ ہ ۔ غوطہ مارنا ۔ پانی میں سر ڈبانا ۔

ڈبکے کا پانی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کنوے کا تازہ پانی

ڈبل ۔ انگ ۔ مذکر ۔ دوگنا ۔ موٹا ۔

ڈبل روٹی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ انگریزی خمیری موٹی روٹی ۔ نان پاؤ

ڈبونا ۔ ہ ۔ غرق کرنا ۔ برباد کرنا ۔ بنی ہوئی بات بگاڑنا ۔

ڈبیا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چھوٹا ڈبا ۔

ڈ ۔ پ

ڈپارٹمنٹ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ محکمہ ۔ شعبہ ۔

ڈپازٹ ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ امانت ۔ دھروڑ ۔

ڈپٹانا ۔ ہ ۔ گھوڑا دوڑانا ۔

ڈپٹی ۔ انگ ۔ مذکر ۔ نائب ۔

ڈپو ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ دکان ۔ کارخانہ ۔

ڈ ۔ ٹ

ڈٹ جانا ۔ ہ ۔ دشمن کے مقابلہ میں جمکر کھڑا ہونا ۔

ڈٹ کر کھانا ۔ ہ ۔ خوب پیٹ بھر کر کھانا ۔

ڈ ۔ ر

ڈر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خوف ۔ اندیشہ ۔ خطرہ ۔

ڈرافٹس مین ۔ انگ ۔ مذکر ۔ نقشہ کھینچنے والا ۔

ڈرائیور ۔ انگ ۔ مذکر ۔ گاڑی چلانے والا ۔ ہانکنے والا

ڈرپوک ۔ ہ ۔ صفت ۔ کم ہمت ۔ بزدل

ڈریس ۔ انگ ۔ مذکر ۔ پوشاک ۔

ڈ ۔ س

ڈس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ترازو کی ڈوری ۔ تھان کا بن بُنا سرا

ڈسٹرکٹ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ضلع ۔

ڈسمِس کرنا ۔ و ۔ خارج کرنا ۔ برخاست کرنا

ڈسنا ۔ ہ ۔ کسی زہردار جانور کا کاٹنا ۔

ڈ ۔ ف

ڈفالچی یا ۔ ڈفالی ۔ ا ۔ مذکر ۔ دائرہ بجانیوالا ۔ پرائی

ڈفلی ۔ ا ۔ مؤنث چھوٹا دف ۔ چھوٹا دائرہ ۔

ڈ۔ک

ڈک۔ ر۔ مؤنث۔ مُکا۔ گھونسا ۔

ڈکار۔ ہ۔ مؤنث۔ معدہ کی وہ ہوا جو منہ کے راستہ نکلے۔ آروغ ۔

ڈکار نہ لینا۔ ر۔ ہضم کر جانا۔ پتہ نہ لگنے دینا ۔

ڈکرانا۔ ہ۔ کراہ کر رونا۔ چلّانا ۔

ڈکشنری۔ انگ۔ مؤنث۔ لغت کی کتاب ۔

ڈکیانا۔ ہ۔ گھونسے مارنا ۔

ڈکیت۔ ہ۔ مذکر۔ لٹیرا۔ ڈاکو ۔

ڈگ

ڈگ بھرنا۔ ہ۔ لمبے لمبے قدم اٹھانا ۔

ڈگانا۔ ہ۔ پھسلانا۔ جگہ سے بے جگہ کرنا۔ قدم ڈگانا ۔

ڈگڈگا کر پانی پینا۔ ہ۔ ایک سانس میں بہت سا پانی پینا ۔

ڈگڈگی بجانا۔ ہ۔ مجیرا۔ بندر نچانا ۔

ڈگر۔ ہ۔ مؤنث۔ راستہ۔ بٹیا ۔

ڈگری۔ انگ۔ مؤنث۔ درجہ۔ مرتبہ ۔

ڈگری۔ ر۔ مؤنث۔ جیت۔ ثبوت قرضہ کا سرکاری فیصلہ

ڈگری پانا۔ ر۔ قطعی فیصلہ حاصل کرنا۔ مقدمہ جیتنا ۔

ڈگری جاری کرانا۔ ر۔ فیصلہ کرانا۔ روپیہ کی وصولیابی کے لئے حکم جاری کرانا ۔

ڈگمگانا۔ ر۔ لڑکھڑانا۔ کانپنا ۔

ڈگنا۔ ہ۔ پھسل کر نیچے گر جانا۔ کانپنا ۔

ڈل

ڈلا۔ ہ۔ مذکر۔ ڈھیلا۔ کلوخ۔ ڈھیما ۔

ڈلانا۔ ہ۔ پھرانا۔ حیران کرنا ۔

ڈلی۔ ہ۔ مؤنث۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ چکنی چھالیہ ۔

ڈلیا۔ ہ۔ مؤنث۔ چنگیری۔ چھوٹی ٹوکری

ڈلیوری۔ انگ۔ مؤنث۔ تقسیم ۔

ڈن

ڈنٹھل۔ ہ۔ مذکر۔ مولی وغیرہ کی وہ شاخ جسپر پھول پھل آتا ہے۔ ٹہنی ۔

ڈنڈ۔ ہ۔ مذکر۔ بازو۔ ایک قسم کی ورزش ۔

ڈنڈ بھرنا۔ یا دینا۔ ہ۔ جرمانہ دینا۔ تاوان ادا کرنا ۔

ڈنڈ پیلنا۔ ہ۔ ورزش کرنا ۔

ڈنڈا۔ ہ۔ مذکر۔ سونٹا۔ لکڑی ۔

ڈنڈوت کرنا۔ ہ۔ سلام کرنا۔ تعظیم بجالانا ۔

ڈنڈی مارنا۔ ہ۔ کم تولنا ۔

ڈنڈے بجاتے پھرنا۔ ہ۔ آوارہ پھرنا۔ وقت بیکار کھونا

ڈنک مارنا۔ ہ۔ زہریلی چیز کا کانٹا مارنا۔ کاٹ کرنا

ڈنکے کی چوٹ کہنا۔ ہ۔ کھلم کھلا کہنا ۔

ڈو

ڈوب۔ ہ۔ مذکر۔ قلم کو سیاہی میں ڈبونا۔ شعب ۔

ڈوبا نام اچھالنا۔ ر۔ نئے سرے سے عزت پیدا کرنا ۔

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہونا۔ ہ۔ مصیبت زدہ کو تھوڑا سہارا بھی کافی ہونا ۔

ڈوڈا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ خول جسکے اندر بیج رہتے ہیں۔ خول

ڈور۔ ہ۔ مؤنث۔ بٹا ہوا تاگا۔ باریک رسی ۔

ڈور پر لگانا۔ ہ۔ سدھانا۔ پرچانا۔ مانوس کرنا ۔

ڈورا۔ ہ۔ مذکر۔ دھاگا۔ دھاری۔ آنکھوں کی سرخ لکیر۔ سرمہ کی لکیر۔ کمربا دواہ گردن کی تاپ ۔

ڈوری۔ ہ۔ مؤنث۔ پتلی رسی۔ جبہ کی رسی۔ چادر کسنے کی رسی۔ جریب۔ ملائی یا دودھ نکالنے کا آلہ ۔

ڈورے چھوٹنا۔ ہ۔ بحالت نشہ آنکھوں کی سرخی کا ظاہر ہونا

ڈورے ڈالنا۔ ہ۔ لگندے ڈالنا۔ مکر کا جال پھیلانا۔ مائل کرنا ۔

ڈوریا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا دھاریدار باریک کپڑا ۔

ڈول۔ ہ۔ مذکر۔ پانی بھرنے کا چمڑے یا لوہے کا برتن۔ بوکا ٭
ڈول۔ ہ۔ مذکر۔ مینڈھ۔ صورت۔ شکل قسم۔ طریقہ ٭
ڈول پر لانا۔ ہ۔ اپنے طریقہ پر لانا ٭
ڈول ڈالنا۔ ہ۔ حدبندی کرنا۔ بنیاد قائم کرنا ٭
ڈولا۔ ہ۔ مذکر۔ کھیت کی حدبندی۔ محصول کا تخمینہ۔ کمیل ٭
ڈولا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی گول پالکی۔ محافہ ٭
ڈولا دینا۔ ہ۔ غریب آدمی کا اپنی بیٹی کو بڑے گھر بیاہ دینا
ڈولا نکالنا۔ ہ۔ دولہا کے ساتھ دُلہن کو رخصت کرنا
ڈوم۔ ہ۔ مذکر۔ میراثی۔ گانے بجانے والا۔ کنجر ٭
ڈومنی۔ ہ۔ مؤنث۔ میراثن۔ عورتوں میں گانے بجانے والی عورت ٭
ڈونڈی پیٹنا۔ یا۔ پھیرنا۔ ہ۔ منادی کرنا۔ ڈھنڈورا پیٹنا
ڈونگا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔ چمچہ ٭
ڈوئی۔ ہ۔ مؤنث۔ لکڑی کا چمچہ ٭
ڈویژن۔ انگ۔ مذکر۔ علاقہ ٭
ڈھاٹا باندھنا۔ ہ۔ ڈاڑھی کو کپڑے سے باندھنا۔
ڈھارس باندھنا یا } ڈھارس بندھانا } ہ۔ تسلی دینا۔ ہمت بڑھانا ٭
ڈھارس بندھنا۔ ہ۔ ہمت بندھنا۔ دلیر ہونا ٭
ڈھاک۔ ہ۔ مذکر۔ ایک درخت کا نام ٭
ڈھاک کے تین پات۔ ہ۔ کہاوت۔ مفلس و نادار
ڈھال۔ ہ۔ مؤنث۔ تیر تلوار روکنے کا آلہ۔ نشیب۔ چندہ ٭
ڈھالنا۔ ہ۔ دھات پگھلا کر سانچے میں ڈالنا۔ آوازہ کسنا۔ سستا بیچنا۔ چندہ جمع کرنا ٭
ڈھانا۔ ہ۔ گرانا۔ کرنا۔ دے مارنا ٭
ڈھانپنا۔ ہ۔ چھپانا۔ ڈھانکنا ٭
ڈھانچ۔ ہ۔ مذکر۔ بغیر بُنا پلنگ وغیرہ۔ چوکھٹ۔ قالب
ڈھانکنا۔ ہ۔ پردہ ڈالنا۔ چھپانا ٭
ڈھائی۔ ہ۔ صفت۔ دو اور آدھا (۲½) ٭

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا۔ ہ۔ دولہا بننا۔ تھوڑے دنوں حکومت رہنا ٭
ڈھب۔ ہ۔ مذکر۔ طریقہ۔ صورت۔ عادت۔ طرز۔ راستہ
ڈھب پر چڑھانا یا۔ لگانا۔ ہ۔ قابو میں لانا۔ اپنے مطلب کا بنانا ٭
ڈھب ڈالنا۔ ہ۔ سدھانا۔ راستہ نکالنا ٭
ڈھب ڈھب کی بات۔ ہ۔ مؤنث۔ موقع اور وقت کی بات ٭
ڈھب ڈھب تکلیہ۔ ا۔ مذکر۔ پتلا اور بےمزہ سالن
ڈھبری۔ ہ۔ مؤنث۔ پیچ کسنے کا اوپر والا لوہا ٭
ڈھپ۔ ہ۔ مذکر۔ دف۔ ایک طرف مڑھا ہوا باجہ ٭
ڈھچر۔ ہ۔ مذکر۔ ڈھانچ۔ بکھیڑا۔ درستی کا سامان۔ بوڑھا ٭
ڈھچر باندھنا } یا پھیلانا } ہ۔ ظاہری ٹھاٹ بنانا۔ کوئی کام شروع کرنا۔ مکر و فریب کا جال پھیلانا ٭
ڈھڈو۔ ہ۔ مؤنث۔ بوڑھی عورت۔ بکواس۔ ایک مٹیالے رنگ کی بہت شور مچانیوالی چڑیا۔ ڈومنی ٭
ڈھڈہانا۔ ہ۔ سرسبز ہونا۔ کھلنا
ڈھڈیڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ کمر کے جوڑ میں سب سے نیچے کی ہڈی ٭
ڈھرا۔ ہ۔ مذکر۔ شاہراہ۔ عام گذرگاہ ٭
ڈھکانا۔ ہ۔ ہکانا۔ ترسانا۔ دھوکا دینا
ڈھکنا۔ ہ۔ مذکر۔ ڈھکن۔ سرپوش ٭
ڈھکنا۔ ہ۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ٭
ڈھکوسلا۔ ہ۔ مذکر۔ دھوکا۔ بیکار بات ٭
ڈھلان یا } ڈھلان } ہ۔ مؤنث۔ ڈھال۔ نشیب ٭
ڈھلکا۔ ہ۔ مذکر۔ آنکھ سے پانی بہنے کا مرض ٭
ڈھلکانا۔ ہ۔ بہانا۔ لڑکانا ٭
ڈھلکنا۔ ہ۔ اوپر سے نیچے کو آنا۔ ٹپکنا ٭
ڈھلمل یقین۔ ا۔ صفت۔ ایک حالت پر قائم نہ

نہ رہنے والا۔ مذبذب +
ڈھلنا ۔ ہ۔ مائل ہونا۔ بڑھنا +
ڈھلنا ۔ ہ۔ گھسنا۔ گزرنا۔ کسی چیز کا سانچہ یا قالب سے بننا
عمدہ مضامین یا اشعار کا موزون ہونا +
ڈھلواں سطح ۔ ا۔ مؤنث۔ جھکی ہوئی سطح۔ سطح مائل +
ڈھلوانا ۔ ہ۔ کسی چیز کو قالب یا سانچے میں بنوانا +
ڈھلوانا ۔ ہ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ اسباب اُٹھوانا
ڈھلوائی / ڈھلائی } ۔ ہ۔ مؤنث۔ ڈھلوانے کی اُجرت +
ڈھلوائی / ڈھلائی } ۔ ہ۔ مؤنث۔ بوجھ اٹھوانے کی مزدوری۔
ڈھنڈار ۔ ہ۔ صفت۔ لمبا چوڑا ویران مکان +
ڈھنڈوانا ۔ ہ۔ تلاش کرانا۔ پتہ لگوانا +
ڈھنڈورا پیٹنا یا پھیرنا ۔ } ۔ ہ۔ منادی کرنا۔ اعلان کرنا +
ڈھنڈورچی یا ڈھنڈوریا } ۔ ا۔ مذکر۔ منادی کرنیوالا۔ ڈونڈی پیٹنے والا
ڈھنگ ۔ ہ۔ مذکر۔ طور طریقہ۔ چال چلن۔ طرز۔ انداز
ڈھنگ پر لانا ۔ ہ۔ موافق بنانا +
ڈھنگ ڈالنا ۔ ہ۔ کوئی کام شروع کرنا +
ڈھو ۔ ہ۔ صفت۔ بڑے قد کا +
ڈھوانا ۔ ہ۔ گروانا +
ڈھول ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مشہور بڑا باجہ۔ تنبور +
ڈھول ڈھمکا ۔ ہ۔ مذکر۔ دُھوم دھام۔ باجا گاجا
ڈھولک یا ڈھولکی } ۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا ڈھول +
ڈھولنا ۔ ہ۔ مذکر۔ چاندی یا سونے کا گول اور لمبا
تعویذ۔ قران شریف +
ڈھولی ۔ ہ۔ مؤنث۔ دوسو پانوں کا گٹھا +
ڈھونچا ۔ ہ۔ مذکر۔ ساڑھے چار کا پہاڑہ ۔ ۴½
ڈھونڈ ڈھانڈ کر ۔ ہ۔ تابع فعل۔ تلاش کرکے +

ڈھونڈے نہ پانا ۔ ہ۔ کوشش اور تلاش کے باوجود
پتہ نہ لگنا +
ڈھئی دینا ۔ ہ۔ ایک جگہ جم کر بیٹھنا۔ جم ہو جانا۔
بوجھ ڈالنا +
ڈھیا ۔ ہ۔ مذکر۔ اڑھائی سیر کا وزن۔ +
ڈھے پڑنا ۔ ہ۔ گر پڑنا +
ڈھیٹ ۔ ہ۔ صفت۔ ہیٹلا۔ بے شرم +
ڈھیر ۔ ہ۔ مذکر۔ تودہ۔ انبار +
ڈھیر کرنا ۔ ہ۔ اکٹھا کرنا۔ مار ڈالنا +
ڈھیر ہو جانا ۔ ہ۔ تھک جانا۔ مر جانا۔ انبار لگ جانا۔
ڈھیبڈیا / ڈھیر } ۔ ہ۔ مؤنث۔ آنکھ کا میل چیپڑ +
ڈھیل دینا ۔ ہ۔ مہلت دینا۔ ڈور چھوڑنا۔
بے پروائی برتنا +
ڈھیلا ۔ ہ۔ صفت۔ ڈھلڈھلا۔ جو تنگ اور چُست نہ ہو +
ڈھیلا پڑ جانا یا ہو جانا } ۔ ہ۔ نرم پڑ جانا۔ کمزور ہو جانا +
ڈھیلا ۔ ہ۔ مذکر۔ ڈلا۔ مٹی کا بڑا ٹکڑا +
ڈھیلی چھوڑنا یا ڈالنا } ۔ ہ۔ چشم پوشی کرنا۔ مہلت دینا +
ڈھینڈس ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری +
ڈھینکلی ۔ ہ۔ مؤنث۔ پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی جسکے
ایک طرف بھاری پتھر اور دوسری جانب ڈول کی رسّی
بندھی ہوتی ہے +

ڈی

ڈیڈ لیٹر آفس ۔ انگ۔ مذکر۔ ڈاک کا وہ دفتر جس میں
واپسی چٹھیاں کھولکر بھیجنے والے کے پاس بھیجدی جاتی یا جلا دی
جاتی ہیں +
ڈیرا ۔ ہ۔ مذکر۔ خیمہ۔ کپڑے کا گھر۔ عارضی مکان +
ڈیرا ڈالنا ۔ ہ۔ قیام اختیار کرنا۔ پڑاؤ ڈالنا +

ڈیڑھ - ہ - مذکر - ایک اور آدھا (۱½) ⋄

ڈیڑھ اینٹ کی جُدی مسجد بنانا یا چُننا - ہ - شرکت پسند نہ کرنا - اپنی رائے جدا رکھنا ⋄

ڈیڑھ پایا / ڈیڑھ پاؤ } - ہ - مذکر - چھ چھٹانک

ڈیڑھ چُلّو - ہ - صفت - تھوڑی مقدار - ذرا سا ⋄

ڈیڑھ گرہ - ہ - مؤنث - وہ گرہ جو آسانی سے کھل سکے ایک اور آدھی گرہ ⋄

ڈیل ڈول - ہ - مذکر - قد و قامت - جسم ⋄

ڈینگ مارنا / ہانکنا } - ہ - شیخی بگھارنا - اترانا ⋄

ڈینگیا - ہ - مذکر - شیخی خورا - اپنی بڑائی کرنیوالا ⋄

ڈیوٹی - انگ - مؤنث - نوکری - حاضری ⋄

ڈیوڑھا - ہ - مذکر - ایک اور آدھا - مہاجنی حساب کے اک قدیمی دستور کا نام ⋄

ڈیوڑھی - ہ - مؤنث - پٹا ہوا دروازہ - آستانہ ⋄

ڈیوڑھی دار - ہ - مذکر - دروازے کا پہرے دار - دربان

ڈیوڑھی کھلنا - ہ - دروازہ کھلنا - سرکار میں آنے جانے کی اجازت ہونا ⋄

ڈیوڑھی - ہ - مؤنث - ڈیڑھ حصے - جیسے ڈیوڑھی تنخواہ

ذ

ذ - ع - مؤنث - اردو الف بے تے کا تیرھواں (۱۳) حرف

ذ ا

ذات - ع - مؤنث - صاحب - بنیاد - قوم - نسل - مذہب - حوصلہ - عہدہ ⋄

ذاتُ الجَنب - ع - مذکر - پسلی کا درد ⋄

ذاتُ الرِّیہ - ع - مذکر - پھیپھڑے کا ورم ⋄

ذاتُ الصَّدر - ع - مذکر - سینہ کا صدیا ورم ⋄

ذات باہر - ا - صفت - برادری سے نکالا ہوا ⋄

ذات پات - ا - مؤنث - سلسلہ نسب - حسب نسب

ذات میں بٹا لگنا - ہ - عیب لگنا - عزت میں فرق آنا ⋄

ذاتی - ا - صفت - نجی - اصلی - خاص ⋄

ذاتی تعلق - ع - مذکر - خاص تعلق - خانگی معاملہ - نج کا علاقہ

ذاتی معاملات - ع - مذکر - خانگی معاملات ⋄

ذاتی جوہر - ع - مذکر - وہ خوبیاں جو اپنی ذات میں موجود ہوں ⋄

ذاتی حیثیت - ع - مؤنث - اصلی پونجی - حقیقی قابلیت

ذاکر - ع - مذکر - خدا کی یاد کرنیوالا ⋄

ذائقہ - ع - مذکر - مزہ چکھنے کی قوت - لذت ⋄

ذائقہ لینا - ا - مزہ لینا - لذت حاصل کرنا ⋄

ذائقہ دار - ا - صفت - لذیذ - مزیدار ⋄

ذ ب

ذبح کرنا - ا - گلا کاٹنا - قربانی کرنا ⋄

ذَبِیح - ع - صفت - ذبح کیا ہوا ⋄

ذبیح اللہ - ع - صفت - حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کا لقب

ذبیحہ - ع - صفت - ذبح کیا ہوا جانور ⋄

ذ خ

ذخیرہ - ع - مذکر - ڈھیر ⋄

ذخیرہ کرنا - ا - جمع کرنا ⋄

ذ ر

ذرا - ا - تابع فعل - تھوڑا - جزو - ایک آن ⋄

ذرا سا منہ نکل آنا - ا - چہرے پر لاغری کا ظاہر ہونا

ذرا ہوش میں آؤ - ا - محاورہ - ذرا سمجھو - بیوقوف نہ بنو ⋄

ذرّہ - ع - مذکر - وہ چھوٹے ریزے جو آفتاب کی شعاع کے ساتھ زمین پر یا روزن میں دکھائی دیتے ہیں ⋄

ذرّہ بھر - ا - تابع فعل - بہت تھوڑا - ذرا سا ۰

ذُرِّیّت - ع - مؤنث - نسل آدمی و جن - بچے کچے ۰

ذَرِیعَہ - ع - مذکر - وسیلہ - سبب - رسوخ ۰

ذَرِیعَہ پیدا کرنا - ا - سبب پیدا کرنا - وسیلہ نکالنا رسوخ پیدا کرنا ۰

ذق

ذَقَن - ع - مذکر - ٹھوڑی - زنخدان ۰

ذک

ذُکَا - ع - مذکر - ذہن کی تیزی ۰

ذَکَاوَت - ع - مؤنث - جلدی سمجھنے کی قوت - دانائی ۰

ذَکَر - ع - مذکر - مرد کی شرم گاہ - آلۂ تناسل ۰

ذِکْر - ع - مذکر - یادداشت - چرچا - خدا کی یاد ۰

ذِکْر آنا - یا - چلنا - ا - تذکرہ ہونا - کسی کی بابت گفتگو ہونا

ذکر چھیڑنا - ا - کسی کا تذکرہ کرنا ۰

ذِکرِ خیر - ع - مذکر - بھلائی کے ساتھ کسی کا تذکرہ ۰

ذکر مذکور - ع - مذکر - بات چیت - گفتگو ۰

ذَکِی - ع - صفت - ہوشیار - ذہین ۰

ذل

ذِلّت - ع - مؤنث - بے عزتی - رسوائی - بیقدری ۰

ذلّت اُٹھانا - ا - ذلیل رسوا ہونا - بیقدر ہونا ۰

ذِلّت ہونا - ا - رسوائی ہونا - بیعزتی ہونا ۰

ذَلِیل ہونا - ا - بدنام ہونا - نظروں سے گرنا ۰

ذَلِیل کرنا - ا - رسوا کرنا - شرمندہ کرنا ۰

ذم

ذَم - ع - مؤنث - برائی - ہجو ۰

ذِمّہ - ع - مذکر - ضمانت - عہد - سپردگی ۰

ذمہ ڈالنا یا کرنا - ا - سر تھوپنا - سپرد کرنا ۰

ذِمّہ کرنا - یا - لینا - ا - ضامن ہونا - اقرار کرنا ۰

ذِمّہ وار } - ع - صفت - ضامن - معتبر
یا - ذِمّہ دار } کارکن - نگہبان ۰

ذو

ذُو اَذ ناب - ع - مذکر - دُم والا - دُمدار ستارا ۰

ذُو اَربعۃِ الاَضلاع - ع - مؤنث - چار لکیروں کی شکل

ذُو اَضعافِ اَقل - ع - مذکر - معمولی اور مختصر ضرب وہ چھوٹے سے چھوٹا عدد جو کئی اعداد پر پورا پورا تقسیم ہو سکے ویسے عدد کو ان عددوں کا ذو اضعاف اقل کہتے ہیں ۰

ذُو الجلال - ع - مذکر - دبدبہ والا - خدا کے صفاتی ناموں میں سے ایک نام ۰

ذُو الفقار - ع - مؤنث - تلوار - حضرت علیؓ کی تلوار کا نام

ذُو القرنین - ع - صفت - سکندر اعظم کا لقب ۰

ذُو فنون - ع - صفت - بہت سے ہنروں کا جاننے والا متفنی - مکار - چالباز ۰

ذُو معنی - ع - مؤنث - وہ الفاظ جنکے دو یا کئی معنی نکلتے ہوں دو معنی والی بات - تجنیس ۰

ذَوق - ع - مذکر - مزہ چکھنے کی قوت - لذت - شوق - کیفیت - محمد ابراہیم خاقانی دہلوی شاعر کا تخلص ۰

ذوق سے - ا - تابع فعل - دلی خواہش سے - شوق سے

ذہ

ذِہن - ع - مذکر - سمجھنے کی قوت - یادداشت ۰

ذِہن کھلنا - ا - عقل کا تیز ہونا - معاملہ کی کو پہنچنا ۰

ذِہن لڑانا - ا - عقل دوڑانا - غور و فکر کرنا ۰

ذِہن نشین کرنا - ا - کسی بات کو دل میں بٹھا دینا - تشفی کر دینا

ذِہن نشین ہونا - ا - سمجھ میں آنا - بات دل میں جمنا ۰

ذہین - ع - صفت - ہوشیار - تیز طبیعت ۰

ذی

ذی اِختیار ۔ ع ۔ مذکر ۔ اختیار والا ۔ صاحب حکومت ٭

ذی اِستِعداد ۔ ع ۔ مذکر ۔ استعداد اور قابلیت والا ۔ عالم فاضل

ذی الحج ۔ ع ۔ مذکر ۔ حج کرنیکا مہینا ۔ قمری مہینوں کا بارہواں مہینہ ٭

ذی حُرمت ۔ ع ۔ صفت ۔ عزت والا ۔ باوقار ٭

ذی حق ۔ ع ۔ صفت ۔ صاحب حق ۔ ورثہ پانیوالا ٭

ذی حیات ۔ ع ۔ صفت ۔ جیتا جاگتا ۔ جاندار ٭

ذی مرتبہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ مرتبہ والا ۔ صاحب عزت ۔ شریف ٭

ذی رُوح ۔ ع ۔ صفت ۔ جاندار ٭

ذی عزت ۔ ع ۔ صفت ۔ عزت دار ۔ شریف ٭

ذی قعدہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ عربی سال کا گیارھواں مہینہ ٭

ذی ہوش ۔ ع ۔ صفت ۔ ہوشیار ۔ عقل و ہوش والا

ذیل ۔ ع ۔ مذکر ۔ نیچے کا حصہ ۔ نیچے ۔ دامن ۔ گروہ ٭

ذیل دار ۔ ف ۔ مذکر ۔ گاؤں کا ایک سرکاری عہدہ ٭

ذیل میں ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ نیچے ۔ تحت میں ٭

ر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اردو الف بے ۔ تے کا چودھواں حرف

را

راب ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پتلا گڑ ۔ شیرہ ۔ ایک خاص قسم کی مٹھائی جس سے کھانڈ تیار کیجاتی ہے ٭

رابڑی ۔ یا ربڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گاڑھا کیا ہوا دودھ ملائی ٭

رابطہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ میل جول ۔ رشتہ ۔ ناتہ

راپی ۔ یا ۔ رانپی } ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چمڑا تراشنے چھیلنے اور کھرچنے کا اوزار ۔ کھرچنی ٭

رات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ سورج ڈوبنے اور نکلنے کا درمیانی حصہ ۔ شب ٭

رات بولنا ۔ ہ ۔ آدھی رات کے بعد ہوا کا سائیں سائیں کرنا ٭

رات بھاری ہونا ۔ ف ۔ غم یا بیماری کیوجہ سے رات کا دراز معلوم ہونا ٭

رات بھر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ تمام رات ٭

رات کی رات ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ صرف ایک رات ٭

رات نہ پکڑنا ۔ ہ ۔ کسی مریض کا دن ہی دن میں تمام ہو

راتب ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چوپاؤں کا روزانہ خاص کھاجا ۔ روزانہ خوراک ٭

راتوں رات ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ تمام رات میں ٭

راج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مکان بنانے والا ۔ عملداری ۔ حکومت وقت ۔ اختیار ٭

راج بنسی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ شاہی خاندان کا آدمی ۔ راجپوت قوم کا نام ٭

راج بہا ۔ یا ۔ رج بہا } ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نہر کی چھوٹی شاخ ٭

راج پتی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہندو شہزادوں کا لقب ۔ راج کنور ٭

راج پُوت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھتری ٭

راج تلک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تخت پر بیٹھنے کی رسم ۔ یا ۔ راج گدی } مؤنث ۔ ٹیکے کی رسم ٭

راج دُلاری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ شہزادی ٭

راج دُولر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ راجہ کی ڈیوڑھی ٭

راج دُہائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بادشاہ سے فریاد ٭

راج ڈنڈ ۔ ہ ۔ ٹیکس ۔ سرکاری جرمانہ ٭

راج روگ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بڑا مرض ۔ تپ دق وغیرہ ۔ تعمیر بنانیکا شوق ۔ عرصہ دراز تک زیر تجویز رہنے والا مقدمہ

راج کرنا ۔ ہ ۔ آرام سے زندگی گذارنا ۔ حکومت کرنا

راج کمار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ راجا کا بیٹا ٭

راج گدّی۔ ہ۔ مؤنث۔ شاہی تخت۔ مسند حکومت ٭
راج گرو۔ ہ۔ مذکر۔ راجہ کا پیر۔ مرشد ٭
راج گھاٹ۔ ہ۔ مذکر۔ بادشاہ کے نہانیکا گھاٹ ٭
راج گری۔ }
یا۔ راج گیری } ﻟ۔ مؤنث۔ معماری ٭
راج مزدور۔ ہ۔ مذکر۔ معمار قلی ٭
راج منتری۔ ہ۔ مذکر۔ بادشاہ کا وزیر۔ سکریٹری ٭
راج نیت۔ ہ۔ مؤنث۔ شاہی قانون۔ ملکی قانون ٭
راجا۔ ہ۔ مذکر۔ بادشاہ۔ امیر۔ بے پروا ٭
راجا اندر کا اکھاڑا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مشہور راجا کی مجلس خوبصورت عورتوں کا جمگھٹا ٭
راجا راج پر جا سکھی۔ ہ۔ کہاوت۔ جہاں کا راجا اچھا وہاں کی رعایا خوش ٭
راجھ۔ ہ۔ مذکر۔ لکڑی کے اندر کا پختہ حصہ۔ کپڑے بننے کا اور پیشہ وروں کے اوزار ٭
راحت۔ ہ۔ مؤنث۔ سکھ۔ چین ٭
راحتِ جان۔ ﻟ۔ مؤنث۔ دلکو خوش کرنیوالی چیز ٭
راد۔ ہ۔ مؤنث۔ پیپ۔ زخم کا پکا ہوا زرد پانی ٭
رادھا۔ ہ۔ مؤنث۔ مجاز اُخدا۔ پرمیشر۔ کرشن جی کی محبوبہ کا نام ٭
راڑ بڑھانا۔ ہ۔ بات بڑھانا۔ تکرار کرنا ٭
راڑ کرنا۔ ہ۔ جھگڑا کرنا۔ چھیڑ کرنا ٭
راز۔ ف۔ مذکر۔ پوشیدہ بات۔ بھید ٭
راز دار۔ ف۔ مذکر۔ بھیدی۔ واقف کار ٭
راز داری۔ ف۔ مؤنث۔ بھید چھپانا۔ اخفائے راز ٭
راز فاش کرنا۔ ﻟ۔ بھید کو ظاہر کرنا ٭
راز و نیاز۔ ﻟ۔ مذکر۔ دو شخصوں کے باہمی اشارہ کنایہ پیار۔ محبت۔ مناجات۔ عجز و نیاز ٭
رازق۔ ع۔ مذکر۔ پروردگار۔ روزی پہنچانیوالا ٭
راس۔ ع۔ مذکر۔ سر۔ کسی چیز کی بلندی۔ مویشی کی تعداد کے ساتھ والا لفظ۔ زاویہ کی نوک ٭

راس المال۔ ع۔ مذکر۔ اصل پونجی۔ تجارت کا سرمایہ ٭
راس۔ ف۔ مذکر۔ راستہ۔ گھوڑے کی باگ ٭
راس و ذنب۔ ع۔ مذکر۔ وہ دو ستارے۔ جنسے سورج اور چاند کو گرہن لگتا ہے ٭
راس۔ ﻟ۔ مؤنث۔ غلہ کا ڈھیر۔ کھلیان ٭
راس اٹھانا۔ ﻟ۔ کھلیان اٹھانا ٭
راس۔ ہ۔ مؤنث۔ آسمان کے بارہ برجوں کا نام ٭
راس چکر۔ ہ۔ مذکر۔ وہ دائرہ جسپر آسمان کے بارہ برج واقع ہیں ٭
راس آنا۔ ﻟ۔ موافق ہونا۔ موثر ہونا۔ مبارک ہونا ٭
راس نہ آنا }
یا۔ نہ ہونا } ﻟ۔ نامبارک ہونا۔ ناموافق ہونا ٭
راست باز۔ ف۔ صفت۔ سچا۔ دیانتدار ٭
راست بازی۔ ف۔ مؤنث۔ سچائی۔ ایمانداری ٭
راست گو۔ ف۔ صفت۔ صاف گو۔ سچا ٭
راستہ۔ ف۔ مذکر۔ سڑک۔ باٹ
راستی پر آنا۔ ﻟ۔ سچ بولنے پر آمادہ ہونا۔ راہ پر آنا ٭
راسخ۔ ع۔ صفت۔ مضبوط۔ محکم۔ پائیدار ٭
راشن۔ انگ۔ مذکر۔ فوج کی خوراک۔ رسد ٭
راشی۔ ﻟ۔ مذکر۔ عربی میں رشوت دینے والے کو کہتے ہیں اور اردو میں رشوت لینے والے کو ٭
راضی بر رضا۔ ع۔ صفت۔ مرضی الٰہی کو تسلیم کرنیوالا ٭
راضی خوشی۔ ﻟ۔ تابع فعل تندرست ٭
راضی کرنا۔ ﻟ۔ رضامند کرنا۔ خوش کرنا ٭
راضی ہونا۔ ﻟ۔ خوش ہونا۔ ماننا ٭
راغب کرنا۔ ﻟ۔ متوجہ کرنا۔ مائل کرنا ٭
راغب ہونا۔ ﻟ۔ متوجہ ہونا۔ مائل ہونا ٭
رافضی۔ ع۔ مذکر۔ ایک مسلمان فرقہ کا نام۔ شیعہ ٭
راقم۔ ع۔ مذکر۔ لکھنے والا ٭
راکھ۔ ہ۔ مؤنث۔ کسی چیز کی جلی ہوئی خاک ٭
راکھ ہونا۔ ہ۔ جلکر خاک ہونا ٭

راگ - ہ - مذکر - گیت - گانا - نغمہ - جھگڑا +

راگ رنگ - ہ - مذکر - ناچ رنگ - کھیل تماشہ +

رال - ہ - مؤنث - ایک قسم کا گوند - بچوں کے منہ کا لیس دار پانی - تھوک +

رال ٹپکی پڑنا - ہ - بے حد رغبت ظاہر ہونا - منہ میں پانی بھر آنا +

رام - ف - صفت - حکم بجالانیوالا

رام کرنا - ف - فرمانبردار بنانا - قابو میں لانا +

رام - ہ - مذکر - سب میں رہنے والا - ہندوؤں کے ساتویں اوتار - مجازاً خدا +

رام بھجن - ہ - مذکر - حمد و نعت - مناجات +

رام پھل - ہ - مذکر - سرخ رنگ کا شریفہ - سیتاپھل +

رام تُرئی - ہ - مؤنث - کدو - گھیا +

رام دُہائی - ہ - مؤنث - خدا کی پناہ +

رام رام - ہ - مذکر - ہندؤں کا باہمی سلام - صاحب سلامت اظہار - نفرت کا کلمہ +

رام رس - ہ - مذکر - یاد الٰہی کا چسکا +

رام کہانی - ہ - مؤنث - سرپر گزری ہوئی لمبی داستان افسانہ +

رام لیلا - ہ - مؤنث - دسہرے کا میلا +

رام نومی - ہ - مؤنث - رام چندرجی کے جنم کا دن +

رامائن - ہ - مؤنث - ہندؤں کی وہ رزمیہ نظم کی کتاب جسکو پہلے بالمیک شاعر پھر تلسی داس نے بزبان ہندی بحالات رامچندرجی کے حالات میں لکھی

ران - ف - مؤنث - ساتھل - جانگھ - آسن +

راندہ - ف - صفت - دُھتکارا ہوا +

راندۂ درگاہ - ف - مذکر - درگاہ الٰہی یا دربار شاہی سے نکالا ہوا +

رانڈ - ہ - مؤنث - وہ عورت جسکا شوہر مرگیا ہو - بیوہ

رانڈ کا سانڈ - ہ - مذکر - غم و فکر سے آزاد - آوارہ

رانگ - ہ - مذکر - سیسا - ایک مشہور دھات +

راؤ - ہ - مذکر - ہندوں کا معزز خطاب - راجہ کا بیٹا +

راؤ بہادر - ہ - صفت - وہ خطاب جو ہندو بہادر شہزادہ کو دیا جائے +

راؤ چاؤ - ہ - مذکر - نہایت لاڈ پیار +

راول - ہ - مذکر - سردار - جوگی - سنیاسی +

راون - ہ - مذکر - لنکا کے مشہور راجہ کا نام +

راوی - ع - مذکر - کسی بات کو سنکر بیان کرنیوالا - مؤرخ

راوی - ہ - مؤنث - پنجاب کے ایک مشہور دریا کا نام +

راہ - ف - مذکر - راستہ - طریقہ - سازباز - رسائی - آشنائی +

راہ بتانا - ہ - ہدایت کرنا - نکالدینا - دھوکا دینا +

راہ بر - یا - رہبر - ف - مذکر - رہنما - پیشوا +

راہ پر آنا - ہ - ٹھیک بننا درست ہونا +

راہ پر لانا - ہ - اصلاح کرنا - اپنے ڈھب پر لانا - رہبری کرنا +

راہ لگالانا - ہ - اپنے طریقہ پر ڈال لینا - یار بنا لینا +

راہ پیدا کرنا - ہ - میل جول بڑھانا - بول پیدا کرنا +

راہ تکنا - ہ - انتظار کرنا - منتظر رہنا +

راہ چلنا - ہ - مذکر - مسافر - راہ گیر +

راہ داری - ف - مؤنث - راستہ کا محصول +

راہ داری کا پروانہ - ہ - مذکر - وہ تحریر جو حاکم کسی شخص کو کسی دوسرے ملک کے راستہ سے گزرجانے کیلئے لکھکر دے - پاسپورٹ +

راہ دکھانا - یا - دکھلانا - ہ - راستہ بتانا - انتظار کرانا

راہ دینا - ہ - راستہ چھوڑنا - راستہ بتانا - مشورہ دینا

راہ رو - ف - مذکر - مسافر +

راہ روش - ف - مؤنث - چال چلن - برتاؤ +

راہ زن - یا - رہزن } ف - مذکر - ڈاکو - لٹیرا - بٹ مار +

راہ سے - یا - راہ پر - ہ - تابع فعل - معقول طریقہ پر -

انصاف سے ✦

راہ سے بے راہ ہونا۔ ۔ سیدھا راستہ چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا۔ بدراہ ہو جانا ✦

راہ کٹنا۔ ۔ راستہ طے ہونا ✦

راہ کھوٹی کرنا۔ ۔ چلنے میں دیر کرنا۔ حرج کرنا۔ کسیکا کام بگاڑنا ✦

راہ کی بات۔ ۔ مؤنث۔ انصاف کی بات ✦

راہ گزر۔ یا۔ رَہگزر۔ ف۔ مذکر۔ سڑک۔ عام راستہ ✦

راہ گیر۔ ف۔ مذکر۔ مسافر ✦

راہ ناپنا۔ ۔ ۔ کر چلا جانا۔ راستہ ناپنا ✦

راہ نجات۔ ف ع۔ مؤنث۔ چھٹکارے کا ڈھنگ۔

راہ نما۔ یا۔ رہنما۔ ف۔ مذکر۔ رہبر۔ راستہ دکھانیوالا ✦

راہوار۔ یا۔ رَہوار۔ ف۔ مذکر۔ قدم باز گھوڑا۔ گھوڑا ✦

راہ و رَبط۔ } ف ع۔ مذکر۔ میل جول۔ واقفیت
یا۔ راہ و رَسم } مؤنث ✦

راہ ہونا۔ ۔ میل ملاپ ہونا۔ محبت ہونا ✦

رَاہِب۔ ع۔ مذکر۔ زاہد گوشہ نشین۔ پادری ✦

رَاہن۔ ع۔ مذکر۔ گرو رکھنے والا ✦

رائے دینا۔ ۔ تدبیر بتانا۔ مشورہ دینا ✦

رائے بہادر۔ ۔ صفت۔ بہادر ہندوؤں کا ایک خطاب

رَائی۔ ہ۔ مؤنث۔ سرسوں۔ تھوڑی مقدار ✦

رائی سے پربت ہونا۔ ہ۔ نہایت چھوٹے سے بہت بڑا ہو جانا ✦

رَائے بیل۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا پھولدار درخت بیلا ✦

رَائِتا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری جو جوش دیئے ہوئے کدو اور دہی سے تیار کی جاتی ہے ✦

رائیتا کرنا۔ ہ۔ بھرتا کرنا۔ مار کر بُرا حال کرنا ✦

رَائِٹ۔ انگ۔ صفت۔ ٹھیک۔ دُرست ✦

رائیٹر۔ انگ۔ مذکر۔ کلرک۔ منشی ✦

رائج۔ ع۔ صفت۔ جاری۔ چلتا ہوا۔ مروجہ ✦

رائجُ الوقت۔ ع۔ مذکر۔ جو حال ہی میں جاری کیا گیا ہو۔ چلتا ہوا سکہ ✦

رائج کرنا۔ ۔ رواج دینا ✦

رائج ہونا۔ ۔ مروج ہونا۔ جاری ہونا ✦

رائفل۔ انگ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی کارتوسی بندوق

رائگاں جانا۔ یا ہونا۔ ۔ برباد ہونا۔ کھویا جانا ✦

ر ب

رُب۔ ع۔ مذکر۔ پکایا ہوا گاڑھا عرق ✦

رَبّ۔ ع۔ مذکر۔ پرورش کرنیوالا۔ خداوند تعالیٰ۔ مالک ✦

رَبُّ العالمین۔ ع۔ مذکر۔ کل جہان کا پالنے والا۔ خدا

رَبَاب۔ ع۔ مذکر۔ ایک قسم کی سارنگی ✦

رُباعی۔ ع۔ مؤنث۔ ایک مخصوص وزن کے چار مصرعے

رَبَڑ۔ انگ۔ مذکر۔ کاغذ سے پنسل وغیرہ کے حرف مٹانے والی ایک چیز جو ایک درخت کے گوند سے بنتی ہے

رَبط بڑھانا۔ ۔ دوستی بڑھانا۔ مشق بڑھانا ✦

رَبط و ضبط۔ ع۔ مذکر۔ میل ملاپ۔ آمد و رفت ✦

رَبط ہونا۔ ۔ دوستی قائم ہونا۔ عادی ہونا ✦

رُبع۔ ع۔ مذکر۔ چوتھا حصہ۔ ¼ ✦

رُبعِ مسکون۔ ع۔ مذکر۔ دنیا کا چوتھائی آباد حصہ ✦

رَبیب۔ ع۔ مذکر۔ پالا ہوا لڑکا۔ سوتیلا لڑکا ✦

رَبیع۔ ع۔ مؤنث۔ موسم بہار۔ گیہوں کی فصل ✦

رَبیعُ الآخر۔ } ع۔ مذکر۔ عربی سال کا چوتھا مہینا ✦
یا رَبیعُ الثانی }

رَبیعُ الاوّل۔ ع۔ مذکر۔ عربی سال کا تیسرا مہینا ✦

رَپٹ یا رَپٹن۔ ہ۔ مؤنث۔ پھسلن۔ پھسلاہٹ

رَپٹ پڑنا۔ ہ۔ پھسل جانا۔ لُڑھکنا ✦

رَپَٹ۔ } ۔ } مؤنث۔ خبر۔ اطلاع۔ کسی جرم یا
رِپورٹ } انگ } واقعہ کی وہ اطلاع جو پولیس کو دیجائے ✦

رُپہلی یا رُپہلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ روپے کے رنگ کا ۔ چاندی کے رنگ کا ✦

ر ت

رُت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ہر چیز کا زمانہ ۔ فصل ۔ موسم ✦
رُت آنا ۔ ل ۔ موسم آنا ۔ بہار آنا ✦
رُت بدلنا یا پھرنا ۔ ل ۔ موسم تبدیل ہونا ۔ موسم پلٹنا
رَت جگا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خوشی یا عبادت میں رات بھر جاگنا ۔ عورتوں کی ایک خاص خوشی کی رات ✦
رَتالُو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی اروی کے مشابہ ترکاری
رُتبہ بڑھانا ۔ ل ۔ مرتبہ بڑھانا ۔ ترقی دینا ✦
رُتبہ گھٹانا ۔ ل ۔ نظروں سے گرانا ۔ بیوقعتی کرنا ✦
رَتن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قیمتی پتھر ۔ آنکھ کی پتلی ۔ نطفہ ۔ ست جوہن ۔ عمدہ چیز ✦
رَتن جڑاؤ ۔ ہ ۔ صفت ۔ جواہرات سے جڑا ہوا ✦
رَتن جوت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک دوا کا نام ✦
رَتوندھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ یا ۔ رَتوندھی ۔ مؤنث ۔ آنکھ کی اک بیماری جسکے رات کو نظر نہیں آتا ۔ شب کوری
رَتھ ۔ ہ ۔ مذکر و مؤنث ۔ ایک قسم کی دیسی برجی نما گاڑی
رَتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ آٹھ چاول کے برابر وزن ۔ ماشہ کا آٹھواں حصہ ۔
رَتی جاگنا ۔ یا چمکنا ۔ ہ ۔ اختیار جاگنا ۔ تقدیر کھلنا ✦
رَتی رَتی ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ذرا ذرا ✦

ر ٹ

رَٹ لگنا یا رٹنا ۔ ہ ۔ ہر وقت کسی کا نام لینا ۔ اصرار ہونا پیچھے پڑنا ۔ ایک ہی بات کو بار بار کہنا ✦
رِجالُ الغیب ۔ ع ۔ مذکر ۔ غیب کے آدمی ✦
رَجَب ۔ ع ۔ مذکر ۔ قمری سال کا ساتواں مہینا ✦
رجسٹر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ دفتر کی کتاب ۔ کتاب حاضری ✦
رجسٹرڈ ۔ انگ ۔ صفت ۔ سرکاری کتاب میں درج کرایا ہوا ✦
رجسٹری کرانا یا کرنا ۔ ل ۔ سرکاری کتاب میں درج کرانا رجسٹر پر چڑھانا ✦
رَجعَت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ واپسی ۔ شوہر کا اپنی مطلقہ بیوی کی طرف رجوع کرنا ✦
رَجعَتِ قہقری ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اُلٹے پاؤں پھرنا ۔ سابقہ حالت کی طرف لوٹنا ✦
رَجعت ہونا ۔ ل ۔ کسی جلالی عمل میں ڈراونی شکلوں کا نظر آنا ✦
رجمنٹ ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ پلٹن ۔ آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ ✦
رجواڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہندو راجہ کی عملداری ✦
رُجوع ۔ ع ۔ مذکر ۔ میلان ۔ توجہ ۔ نظر ثانی ✦
رَجولیت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مردی ۔ مردپن ✦
رِجھانا ۔ ہ ۔ خوش کرنا ۔ لبھانا ✦

ر چ

رَچانا ۔ ہ ۔ بنانا ۔ بسانا ۔ سرخ کرنا ۔ شادی کا سامان پھیلانا ✦
رَچاوٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ رنگت ۔ رنگ کی شوخی ✦
رَچنا پچنا ۔ ہ ۔ صفت ۔ ہضم ہونیوالا ✦
رُچنا ۔ ہ ۔ اچھا لگنا ۔ خواہش ہونا ✦
رَچنا ۔ ہ ۔ سمانا ۔ معطر ہونا ۔ رنگ لانا ۔ شادی کی دھوم دھام ہونا ۔ پیدا کرنا ✦
رِچھا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ نگہبانی ۔ سرپرستی ۔ کرپا ۔ مہربانی

ر ح

رِحل ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اُترنے کی جگہ ۔ قرآن شریف یا کوئی دوسری دیگر مقدس کتاب پڑھنے کی لکڑی کی گھوڑی ✦
رِحلت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کوچ ۔ موت ✦
رِحلت کرنا ۔ ل ۔ کوچ کرنا ۔ مرنا ✦

رَحِم - ع - مذکر - بچہ دان - دھرن ♦
رَحم - ع - مذکر - مہربانی - بخشش - ہمدردی ♦
رَحمدِل - ع - ف - مہربان - ہمدرد ♦
رَحم کرنا یا کھانا } - ا - ہمدردی کرنا - ترس کھانا ♦
رَحمٰن - ع - صفت - مہربانی کرنیوالا - خدا ♦
رَحمت - ع - مؤنث - مہربانی - بارش ♦
رَحِیم - ع - صفت - مہربان ♦

رخ

رُخ - ف - مذکر - چہرہ - رخسارہ - رجحان - کنارہ - شطرنج کے ایک مہرہ کا نام ♦
رُخ بدلنا یا پھرنا } - ا - توجہ نکرنا - سمت بدلنا - منہ پھیر لینا ♦
رُخ کرنا - ا - لوٹنا - توجہ کرنا ♦
رَخت - ف - مذکر - اسباب - لباس ♦
رَختِ سفر باندھنا - ا - سفر کا سامان باندھنا - سفر کی تیاری کرنا ♦
رُخسار - ف - مذکر - کلہ - گال ♦
رُخسارہ - ف - مذکر - رخسار کے اوپر کا حصہ ♦
رُخصت - ع - مؤنث - اجازت - چھٹی - روانگی ♦
رُخصت کرنا - ا - روانہ کرنا - موقوف کرنا
رُخصت ملنا - ا - چھٹی ملنا - اجازت ملنا ♦
رُخصت ہونا - ا - روانہ ہونا - مرنا ♦
رُخصتی - ا - صفت - نکاح کے بعد دلہن کی روانگی - چھٹی ♦
رَخنہ - ف - جھگڑا - مزاحمت - روزن دیوار - دراڑ ♦
رَخنہ اندازی - ف - مؤنث - دک لوک - کام میں خرابی پیدا کرنا - انکار ♦
رَخنہ پڑنا یا رخنے پڑنا } - ا - خلل پڑنا - جھگڑا پڑنا ♦
رَخنہ ڈالنا - ا - روڑا اٹکانا - حارج ہونا ♦
رَخنہ نکالنا یا رخنے نکالنا } ا - عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا - جھگڑا نکالنا - عذر کرنا - داغ لگنا ♦
رَخنہ نکلنا - ا - عیب ظاہر ہونا ♦

رد

رَدّ کرنا - ا - مذکر - واپس کرنا - کاٹ کرنا - ترک کرنا ♦
رَدّوبَدَل یا ردّوقدح } - ع - مؤنث - الٹا پلٹی - بحث و تکرار سوال و جواب - جھگڑا ٹنٹا ♦
رَدّ ہونا - ا - غلط ثابت ہونا - باطل ہونا ♦
رَدّا رکھنا - ا - اینٹ کی ایک تہ پر دوسری تہ جمانا - تہ جمانا ♦
رِدا - ع - مؤنث - چادر ♦
رَدّی - ا - مؤنث - نکما کاغذ - بگڑی ہوئی چیز ♦
رَدِیف - ع - مؤنث - وہ لفظ جو غزل یا قصیدہ کے اخیر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے - سب سے بعد کی فوج ♦
رَدِیف وار - ع ف - تابع فعل - حرفوں کی ترتیب کے مطابق ♦

رذ

رِذالہ یا رَذِیل } - ع - مذکر - کمینہ - لچہ - کم ذات - شریر ♦

رر

رِرِیانا - ہ - مذکر - گڑگڑانا ♦

رز

رَز - ف - مذکر - انگور کا درخت - انگور ♦
رَزّاق - ع - مذکر - رزق دینے والا - خدا تعالےٰ ♦
رَزّاقی - ا - مؤنث - رزق پہنچانیکی شان ♦
رَزائی یا رضائی - ا - مؤنث - رنگین کپڑے کی

روئی دار دُلائی - لدڑی +

رِزق - ع - مذکر - روزی - خوراک - روزینہ +

رِزق کا کیڑا - ا - مذکر - اناج کھانیوالا - انسان +

رِزلٹ - انگ - مذکر - امتحان کا نتیجہ - انجام +

رَزم - ف - مؤنث - لڑائی - معرکہ +

رَزمگاہ - ف - مؤنث - لڑائی کا میدان +

رَزمیہ - ف - تابع فعل - لڑائی کا بیان +

رِزوِلیُوشن - انگ - مذکر - تجویز - ارادہ - قرارداد +

رِزیڈنٹ - انگ - مذکر - شاہی وکیل جو دوسری ریاستوں کے دربار میں رہے +

رِزیڈنسی - انگ - مؤنث - رزیڈنٹ کے رہنے کی جگہ

رس

رَس - ہ - مذکر - عرق - نچوڑ - پارہ - ذائقہ - خوشی - شیریں پتلی چیز +

رس بھری - ہ - صفت - شیریں - مزیدار - نشیلی +

رسبیری - انگ - مؤنث - ایک قسم کا پھل +

رس پڑنا - ہ - جوان ہونا - اناج میں دودھ پڑنا - مزہ آنا - کانوں کو اچھا معلوم ہونا - خوشی حاصل ہونا

رَسا - ف - صفت - پہنچنے والا - بلند ہونیوالا - دُور جانے والا +

رَسّا - ہ - مذکر - موٹی رسّی -

رَساتل - س - مذکر - زمین کا ساتواں طبق +

رِسالت - ع - مؤنث - پیغامبری - ایلچیگری +

رِسالہ دار } یا رِسالدار } ا - مذکر - ایک فوجی رسالہ کا ہندوستانی افسر +

رَساوَل - ہ - مذکر - گنّے کے رس کی کھیر +

رِسالہ - ع - مذکر - چھوٹی کتاب - ہزار یا آٹھ سو سواروں کا دستہ +

رَسائی - ف - مؤنث - شناسائی - گذر - میل ملاپ - واقفیت +

رَسائن - س - مذکر - کیمیا - وہ دوا جو پارہ یا کوئی دھات مار کر بنائی گئی ہو +

رَسائنی - س - مذکر - کیمیاگر +

رِسپانڈنٹ یا رِسپانسِبل - انگ - مذکر - جوابدہ - ذمہ دار +

رُستم - ف - مذکر - ایک مشہور پہلوان کا نام - بہادُر +

رُستم کا بچّہ - ا - صفت - زبردست +

رُستم کا سالا - ا - مذکر - زور آور - بہادُر - اترانے والا

رَستہ } یا رَستا } ف - مذکر - راستہ کا مخفف سڑک راہ +

رَستہ بتانا } یا بتلانا } ا - ثالنا - راہ دکھانا +

رَستہ پر آنا - ا - سیدھا ہونا - سڑک پر پڑتا

رَستہ پھٹنا - ا - دوسرا راستہ نکلنا +

رَستہ روکنا یا گھیرنا - ا - رکاوٹ ڈالنا - مانع ہونا +

رَستہ کاٹ کر جانا } یا چلنا } ا - کترا کر جانا +

رَستہ میں جواب دینا - ا - کسی کام کو ادھورا چھوڑ دینا - بیچ میں چھوڑ دینا +

رَستے لگانا - ا - ٹھکانے لگانا - طریقہ بتانا +

رَسَد - ف - مؤنث - حصہ - بانٹ - غلہ - لائق لشکر یا قافلہ کا روزینہ - راشن +

رَسَد پُہنچانا - ا - فوج یا لشکر میں سامان خوراک پہنچانا

رَسَد رِسانی - ف - مؤنث - غلہ وغیرہ کا فوج یا لشکر میں پہنچانا +

رَسم - ع - مؤنث - نقش - نشان - رواج - ماہانہ - روشش

رَسمِ مُلک - ع - مؤنث - ملک کا رواج - عرف عام

رَسم و رِواج - ا - مذکر - طور وطریق - دستور و قاعدہ

رَسم - ہ - ف - مؤنث - میل جول - برتاؤ

رَسمی - ع - صفت - رواجی - معمولی - عام +

رِسنا۔ ہ۔ تھوڑا تھوڑا ٹپکنا ٭
رُسوا کرنا۔ ا۔ ذلیل کرنا۔ بدنام کرنا ٭
رُسوا ہونا۔ ا۔ بے عزت ہونا۔ خوار ہونا ٭
رُسوائی۔ ف۔ مؤنث۔ ذلّت۔ بدنامی ٭
رَسوت۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک کڑوی دوا کا نام ٭
رُسُوخ۔ ع۔ مذکر۔ رسائی۔ مداخلت۔ اعتبار ٭
رَسُول۔ ع۔ مذکر۔ خدا کی طرف سے مخلوق کی رہبری کے لئے بھیجا ہوا قاصد۔ ہادی۔ پیشوا ٭
رسول شاہی۔ ا۔ مذکر۔ فقراء کے ایک فرقہ کا نام ٭
رسولی۔ ہ۔ مؤنث۔ گلٹی۔ گرہ ٭
رُسُوم۔ ع۔ مؤنث۔ جمع رسم کی۔ دیکھو رسم۔ محنتانہ نذرانہ۔ حق زمینداری ٭
رُسُومِ عدالت۔ ع۔ مؤنث۔ سرکاری خرچ۔ کورٹ فیس
رسوئی۔ ہ۔ مؤنث۔ چوکہ۔ کھانا پکانے کی جگہ ٭
رسوئیا۔ ہ۔ مذکر۔ کھانا پکانے والا برہمن۔ باورچی ٭
رسی۔ ہ۔ مؤنث۔ موٹی ڈوری۔ سو فٹ کا لمبا پیمانہ
رسی جل گئی پر بل نہیں گیا۔ ہ۔ کہاوت۔ باوجود تنبیہ اور سزا کے بدعادت نہ گئی۔ تباہ ہوگئے لیکن اکڑ باقی ہے ٭
رسی دراز کرنا۔ ا۔ ڈھیل دینا۔ چشم پوشی کرنا ٭
رسید دینا۔ ا۔ وصولیابی کا کاغذ لکھ دینا ٭
رسید کرنا۔ ا۔ مارنا ٭
رسید نہ دینا۔ ا۔ پتا نہ دینا۔ سراغ نہ بتانا ٭
رسیدہ۔ ف۔ صفت۔ پہنچا ہوا ٭
رسیلا۔ ہ۔ صفت۔ خوش ذائقہ۔ رس بھرا ٭
رسیلی۔ ہ۔ مؤنث۔ رنگیلی۔ نشیلی۔ وضعدار ٭

رش

رِشتہ۔ ف۔ مذکر۔ تاگا۔ لڑی۔ اپنایت۔ خاندان
رشتہ دار۔ ا۔ مذکر۔ قرابت دار۔ کنبہ کا آدمی۔ گوتی
رشتہ کرنا۔ ا۔ نسبت ٹھیرانا۔ شادی کرنا ٭
رشتہ ناتا۔ ا۔ مذکر۔ میل جول ٭

رَشک۔ ف۔ مذکر۔ جلن۔ عداوت۔ غیرت۔ رقابت
رشکِ حور۔ یا۔ رشکِ پری۔ یا۔ رشکِ یوسف۔ ف۔ ع۔ صفت۔ نہایت حسین اور خوبصورت ٭
رِشوت۔ ع۔ مؤنث۔ ناجائز نذرانہ ظلم سے لینا
رشوت خور۔ ا۔ مذکر۔ رشوت کھانے والا ٭
رشوت ستانی۔ ا۔ مؤنث۔ ناجائز طریقہ پر روپیہ حاصل کرنا ٭
رِشی۔ س۔ مذکر۔ سادھو۔ درویش۔ خدا رسیدہ ٭
رَشید۔ ع۔ صفت۔ سیدھے راستہ پر چلنے والا ٭

رص

رَصد۔ ع۔ مذکر۔ ستاروں کی چال دیکھنے کا مینار
رصد گاہ۔ ع ف۔ مذکر۔ جنتر منتر ٭

رض

رِضا۔ ع۔ مؤنث۔ خوشی۔ مرضی۔ اجازت ٭
رضامندی۔ ا۔ مؤنث۔ خوشنودی۔ منظوری
رَضاعت۔ ع۔ مؤنث۔ بچوں کو دودھ پلانے کا دو سال کا زمانہ ٭
رضاعی بھائی۔ ا۔ مذکر۔ دودھ شریک بھائی ٭
رِضوان۔ ع۔ مذکر۔ بہشت کا داروغہ ٭
رضوی۔ رضویہ۔ ع۔ صفت۔ امام موسےٰ علی رضا سے نسبت رکھنے والا ٭

رط

رَطب و یابس۔ ع۔ صفت۔ تر اور خشک۔ برا بھلا
رَطل۔ ع۔ مذکر۔ جام شراب ۲۸ تولہ ۴ ماشہ کا وزن

رع

رِعایا۔ یا۔ رَعیّت۔ ع۔ مؤنث۔ کسی حاکم کے ماتحت

رہنے والے لوگ کرایہ دار۔ محکوم۔ پرجا ✦
رِعایَت۔ ع۔ مؤنث۔ طرفداری۔ خیال۔ پاسداری
رِعایتی چھٹی یا رُخصت } ا۔ مؤنث۔ وہ رخصت معہ تنخواہ دیجائے
رُعب بٹھانا۔ ا۔ خوف بٹھانا۔ اثر قائم کرنا ✦
رُعب بیٹھنا یا چھانا } ا۔ دھاک بیٹھنا۔ ڈر غالب آنا ✦
رُعب داب۔ ع۔ مذکر۔ شان وشوکت۔ دھاک ✦
رُعب دار۔ ع ف۔ صفت۔ ڈراؤنا۔ خوفناک ✦
رَعد۔ ع۔ مذکر۔ بجلی کی گڑگڑاہٹ۔ گرج ✦
رَعشہ۔ ع۔ مذکر۔ ایک بیماری کا نام جسمیں ہاتھ پیر تھرتھراتے لگتے ہیں۔ کپکپی ✦
رَعنا۔ ع۔ صفت۔ بناؤ سنگار سے رہنے والا خوشنما چالاک۔ ایک پھول کا نام۔ خوش رفتاری۔ طراری
رُعونت۔ ع۔ مؤنث۔ گھمنڈ۔ شیخی۔ غرّہ ✦

رغ

رَغبت۔ ع۔ مؤنث۔ خواہش ✦
رَغبت کرنا۔ ا۔ خواہش کرنا۔ مائل ہونا۔ میل ہونا ✦

رف

رَف۔ انگ۔ صفت۔ کٹا پھٹا۔ بھونڈا۔ غیر مرتب ✦
رَفاقت۔ ع۔ مؤنث۔ ہمراہی۔ دوستی۔ وفاداری ہمدردی ✦
رَفاقت کرنا۔ ا۔ ساتھ دینا۔ بُرے وقت میں مدد کرنا
رِفاہ۔ ع۔ مؤنث۔ آرام۔ بہتری۔ بھلائی ✦
رِفاہِ عام یا رِفاہِ خلائق } ع۔ مؤنث۔ عام لوگوں کی بھلائی یا بہتری کا کام۔ مخلوق کے فائدہ کا کام
رِفاہیَّت۔ ع۔ مؤنث۔ خوشی۔ بھلائی۔ آرام۔ بہتری ✦
رَفتار گفتار۔ ف۔ مؤنث۔ چال ڈھال۔ گردش۔ چال چلن ✦

رَفت وگزشت کرنا۔ ا۔ معاف کرنا۔ باز آنا ✦
رَفتہ رَفتہ۔ ف۔ تابع فعل۔ آہستہ آہستہ بتدریج ✦
رَفرَف۔ ع۔ مذکر۔ اک مقام کا نام۔ ایک مخصوص سواری کا نام جسپر پیغمبر اسلام علیہ السلام معراج میں سوار ہوئے تھے ✦
رَفع۔ ع۔ مذکر۔ بلند۔ اُٹھان۔ چھوڑنا۔ ضمہ۔ پیش ✦
رَفع شر یا فساد۔ ا۔ مذکر۔ جھگڑا دُور کرنا۔ فساد مٹانا
رَفع دَفع کرنا۔ ا۔ دور کرنا۔ جانے دینا۔ خیال مٹانا
رَفع کرنا۔ ا۔ ٹالنا۔ بہلانا ✦
رِفعت۔ ع۔ مؤنث۔ برتری۔ اوج۔ بلندی ✦
رَفل۔ ا۔ مذکر۔ (انگریزی رائفل کا بگڑا ہوا) ایک قسم کا باریک کپڑا۔ باریک ململ۔ ایک قسم کی کارتوسی بندوق
رَفو۔ ع۔ مذکر۔ تاگوں سے پیوند کرنا۔ درستی ✦
رَفو چکر میں آنا۔ ا۔ کسی عجیب چیز کو دیکھکر حیران ہوجانا۔ مصیبت میں پھنس جانا ✦
رَفو چکر ہونا۔ ا۔ بھاگ جانا۔ لاپتہ ہوجانا۔ حیران ہونا
رَفو کرنا۔ ا۔ کپڑے کی پھٹن کو تاگوں سے بھرنا ✦
رَفوگر۔ ع ف۔ مذکر۔ رفو کرنیوالا ✦
رَفوگری۔ ع۔ ف۔ مؤنث۔ رفو کرنیکا پیشہ ✦
رَفیدہ۔ ع۔ مذکر۔ تنور میں روٹی لگانیکی گدی۔ کابوک۔ گول اور بری وضع کی پگڑی ✦
رَفیق۔ ع۔ مذکر۔ ساتھی۔ دلی دوست۔ خیرخواہ ہمنشین

رق

رَقابت۔ ع۔ مؤنث۔ شراکت۔ دشمنی ✦
رَقبہ۔ ع۔ مذکر۔ کھاد۔ زمین کے طول وعرض کا حاصل ضرب۔ احاطہ ✦
رِقّت۔ ع۔ مؤنث۔ نرمی۔ پتلاپن۔ رونا۔ دل بھر آنا ترس۔ ہمدردی ✦
رِقّت آنا یا ہونا۔ ا۔ دل بھر آنا۔ حال آنا ✦

رَقص - ع - مذکر - ناچ - اچھلنا کودنا ✦

رَقصِ طاؤس - ع - مذکر - مور کا ناچ - ایک خاص قسم کا ناچ ✦

رَقص و سُرود - ع ف - مذکر - ناچ رنگ - گانا بجانا

رُقعہ - ع - مذکر - پرچہ - دستی چٹھی - شادی کا اطلاعی پرچہ

رَقم - ع - مؤنث - تحریر - چھاپ - روپوں کے مخصوص نشان یا ہندسے - زیور - شرح لگان ✦

رَقم کرنا - ا - لکھنا - نقش کرنا ✦

رَقم وار - ع ف - تابع فعل - تفصیل وار ✦

رَقیب - ع - مذکر - نگہبان - مخالف - ہم پیشہ ✦

رَقیق - ع - صفت - پتلا - نرم ✦

رَقیق القلب - ع - مذکر - رحمدل - ترس کھانیوالا دیاوان ✦

رَقیمہ - ع - مذکر - خط - چٹھی - رقعہ ✦

ر ک

رِکاب - ع - مؤنث - گھوڑے پر چڑھنے کا آہنی حلقہ - طباق ✦

رِکاب دار - ع ف - مذکر - گھوڑے پر چڑھانیوالا نوکر اعلیٰ درجہ کا باورچی ✦

رِکاب دوال - ع - ف - مؤنث - رکاب کا چمڑا ✦

رِکابی - ف - مؤنث - تشتری - تھالی - چھوٹا طباق ✦

رِکابی مذہب - ا - صفت - طفیلی - خوشامدی - زمانہ ساز - ابن الوقت

رُکاؤ - ہ - مذکر - روک - توقف ✦

رُکاوٹ - ہ - مؤنث - کشیدگی - ٹھیراؤ - کدورت ✦

رَکت چندن - ہ - مذکر - صندل سرخ ✦

رَکشا کرنا - ہ - بچانا - حفاظت کرنا ✦

رَکعت - ع - مؤنث - نماز کا ایک حصہ ✦

رُکن - ع - مذکر - پایہ - کارندہ - حصہ - جزو اعلیٰ ✦

رُکن سلطنت - ع - مذکر - وزیر ✦

رُکنا - ہ - ٹھیرنا - ہکلانا - کھنچنا - باز رہنا - اٹکنا - خفا ہونا - دیر کرنا - سوچنا سمجھنا - جچنا - بند ہونا ✦

رُکوُع - ع - مذکر - جھکنا - عاجزی کا اظہار کرنا ✦

رُکھائی - ہ - مؤنث - لکڑی کھودنے کا اوزار - تنہائی

رُکھائی - ہ - مؤنث - رُوکھاپن - بے توجہی - بداخلاقی - انکار ✦

رُکھائیاں بتانا - یا - دینا - ہ - بے مروتی کرنا - کنارہ کرنا ✦

رکھ دینا - ہ - دھر دینا - چھوڑ دینا ✦

رکھ رکھاؤ - ہ - مذکر - دیکھ بھال - حفاظت ✦

رکھنا - ہ - ٹکانا - بچانا - جوڑنا - عائد کرنا - ملتوی کرنا - دفنانا - ٹھیرانا ✦

رکھوالا - ہ - مؤنث - حفاظت کرنیوالا - نگران ✦

رکھوانا - ہ - مقرر کرانا - رُکوانا - سپرد کرواتا ✦

رکھی ہے - ہ - محاورہ - دھری ہے - موجود ہے ✦

رَکیک - ع - صفت - کمزور - ذلیل - ادنےٰ ✦

ر گ

رَگ - ف - مؤنث - جسم میں خون کی نالیاں - نس - نبض - پھول یا پتے کا ریشہ - عادت - غصہ ✦

رَگ اُترنا - ا - ضد اترنا - غصہ کم ہونا ✦

رَگ پٹھے سے واقف ہونا - ا - عادت خصلت سے آگاہ ہونا - ذات پات سے واقف ہونا ✦

رَگ پھڑکنا - ا - ماتھا ٹھنکنا - کسی امر سے واقف ہونا

رَگ چڑھنا - ا - ہٹ کرنا - مچلنا ✦

رَگ دبنا - ا - غرض اٹکنا - ڈرنا ✦

رَگ زن - ف - مذکر - فصد کھولنے والا - جرّاح ✦

رَگِ غیرت - یا - رَگِ حمیت - ف ع - مؤنث - جوش طرفداری - جوش غیرت ✦

رَگ اُبھرنا - ا - نس پھولنا ✦

رَگِ گردن } یا رَگِ جان } - ف - مؤنث - گردن کے پاس کی دو رگیں - شہ رگ - غرور ✦

رَگِ گردن کھڑی کرنا - ہ - غصّہ کا ظاہر کرنا +
رَگ و ریشہ - ف - مذکر - رگ پٹھا - گوشت پوست - خُو بُو - عادت خصلت - ذات بنیاد +
رَگ و ریشہ میں پڑنا - ہ - گھُٹّی میں پڑنا - خمیر میں داخل ہونا
رَگڑ - ہ - مؤنث - چھلن - ہلکا سا زخم +
رَگڑا جھگڑا - ہ - مذکر - لڑائی جھگڑا - ٹنٹا +
رَگڑنا - ہ - گھسنا - ملنا - مانجھنا - گھوٹنا - ستانا - آہستہ آہستہ ملنا +
رِگوید - یا رِگبید - س - ہ - مذکر - چار ویدوں میں سے پہلا وید +

ر ا ل

رَل مِل کر رہنا - ہ - مل جل کر رہنا - اتفاق سے رہنا +
رَلنا - ہ - ملنا - شامل ہونا +

ر ا م

رِم - انگ - مذکر - کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل - چار سو اسی تختوں کا گٹھا +
رَم کرنا - ہ - بھاگنا - نفرت کرنا +
رَمّال - ع - مذکر - نجومی - عمل رمل کا جاننے والا +
رَمانا - ہ - پھرانا - کھونا - بھگانا - رگڑنا +
رُمال - یا رُومال - ہ - مذکر - منہ پونچھنے کا کپڑا +
رَمتا جوگی - ہ - مذکر - پھرتا پھراتا جوگی - درویش +
رِم جھم - ہ - تابع فعل - بارش کی ہلکی آواز +
رَمَد - ع - مذکر - آنکھ کی ایک بیماری کا نام +
رَمز - ع - مؤنث - بھید - پیچدار بات - اشارہ +
رَمز کی باتیں - ہ - مؤنث - بھید کی باتیں - نکتہ کی باتیں +
رَمَضان - ع - مذکر - قمری سال کا نواں مہینہ +
رَمَق - ع - مؤنث - تھوڑی سی جان - اخیر سانس - ذرا ذرا سا +
رَمَق بھر - ہ - تابع فعل - بہت کم - ذرہ بھر +
رَمنا - ہ - آوارہ پھرنا - گم ہونا - سمانا - ملک کھوندنا
رُموز - ع - مؤنث - جمع (رمز) کی +
رَمیدگی - ف - مؤنث - بھاگنا - وحشت +

ر ا ن

رَن - ہ - مذکر - میدان جنگ - نشان - بیابان +
رَن - انگ - مذکر - دوڑنا - بھاگنا +
رَن بولنا - ہ - میدانِ جنگ سے آواز نکلنا +
رَن پڑنا - ہ - گھمسان کی لڑائی ہونا +
رَن جیت - ہ - مذکر - فاتح - ملک گیر +
رَنباس } رَنواس } - ہ - مؤنث - راجہ کا زنانہ مکان +
رَنج و مِحَن - ف ع - مذکر - دُکھ درد - مصیبت
رَنج دینا - ہ - تکلیف دینا - ستانا - بیزار کرنا +
رَنجیدگی } یا - رَنجِش } - ف - مؤنث - اَن بن - بگاڑ +
رَنجک - ہ - مؤنث - توپ میں آگ لگانیکی بتی +
رَنجیدہ خاطر - ف ع - صفت - ناخوش - دُکھی - اُداس
رِند - ف - مذکر - آزاد - اوباش - بے دین +
رِند مذہب - } یا - رِند مشرب } - ف ع - مذکر - آزاد - لامذہب بے دین
رَند - ہ - مذکر - دیوار قلعہ یا شہرپناہ کے جھروکے جنکے ذریعہ دشمن پر اندر سے حملہ کیا جاتا ہے +
رَندنا - ہ - لکڑی کا رندہ سے صاف کیا جانا +
رَندہ - ف - مذکر - لکڑی صاف کرنیکا آلہ +
رَندِ ھیر - ہ - صفت - بہادر - دلیر +
رَنڈ سالا - ہ - مذکر - بیوہ عورت کا جوڑا +
رَنڈاپا - ہ - مذکر - بیوگی کا زمانہ - بدھواپن +
رَنگ - ف - صفت - رنگت - ڈھنگ - چال چلن - بہار - چرچا - مثل - وارنش +

رَنگ اُترنا یا اُڑ جانا - ا - چہرہ کا بے رونق ہونا - منہ فق ہو جانا ✦

رَنگ افشانی یا رَنگ پاشی - ف - مؤنث - رنگ چھڑکنا - رنگ کھیلنے کی رسم ✦

رَنگ آمیزی یا رَنگ سازی - ف - مؤنث - رنگ کا کام - گلکاری - نقاشی ✦

رَنگ آنا - یا چڑھنا - ا - رونق پر آنا - دوسرے کے اثر کو قبول کرنا - ہم رنگ ہونا ✦

رَنگ بَدلنا - ا - حالت بدلنا - نیلا پیلا ہونا ✦

رَنگ بَرَنگ - ا - تابع فعل - پچرنگا - طرح طرح کے رنگ کا ✦

رَنگ پر آنا - ا - رونق پکڑنا - تیز ہونا - بہار پر آنا ✦

رَنگ پھیکا پڑنا - یا ہونا - ا - رونق کم ہونا - بے مزہ ہونا - ماند پڑنا ✦

رَنگ جَل جانا - ا - غم یا غصہ وغیرہ سے رنگ سانولا ہونا

رَنگ جَمانا - ا - رنگ چڑھانا - رنگنا - اثر قائم کرنا ✦

رَنگ جَمنا - ا - رونق بڑھنا - فروغ پانا - سماں بندھنا

رَنگ چَمکنا - ا - نکھرنا - روپ آنا ✦

رَنگ دار - ف - صفت - چمکیلا - روشن ✦

رَنگ دِکھانا یا - دکھلانا - ا - مصیبت میں ڈالنا - فتنہ برپا کرنا - جوہر ظاہر کرنا - نیرنگی ظاہر کرنا ✦

رَنگ ڈھنگ - ا - مذکر - چال چلن - برتاؤ - حالت

رَنگ رَس - ا - مذکر - گانے بجانے کی خوشی - سکھ چین

رَنگ رَلیاں - ا - مؤنث - کھیل تماشا ٹھٹھا - ٹھٹھا - کلیلیں

رَنگ رُوپ - یا - رنگ روغن - ا - مذکر - چمک دمک - چہرہ مہرا ✦

رَنگریز - ا - مذکر - کپڑے رنگنے والا ✦

رَنگ ساز - ف - مذکر - وارنش کرنیوالا - مصور - نقاش

رَنگ فق ہونا یا - ہو جانا - ا - رنگ اڑنا - چہرہ اترنا ✦

رَنگ کھیلنا یا ڈالنا - ا - ہولی کھیلنا ✦

رنگ لانا - ا - رنگین ہونا - برائی کرنا - خفا ہونا - مکر پھیلانا - فتنہ برپا کرنا - روپ بھرنا - گل کھلانا - مزا چکھانا

رَنگ محل - ف ع - مذکر - خوشی کا گھر - سجا ہوا مکان

رَنگائی - یا - رَنگوائی - ا - مؤنث - رنگنے کی اُجرت ✦

رَنگترا - ا - مذکر - سنترا - بڑی اور میٹھی نارنگی ✦

رَنگروٹ - ا - (صحیح انگریزی رکروٹ) - مذکر - نیا بھرتی کیا ہوا سپاہی - نیا مبتدی ✦

رَنگین - ف - صفت - رنگدار - رنگیلا - گلکاری کیا ہوا - ایک شاعر کا تخلص ✦

رَنگین ادا - ف - صفت - خوش ادا - طرحدار ✦

رَنگین خط - ف ع - مذکر - خوبصورت خط ✦

رَنگین غزل - ف ع - دلچسپ غزل ✦

رَنگین عبارت - ف - مؤنث - دلچسپ مضمون ✦

رَنگین مزاج - ف - مذکر - خوش مزاج - زندہ دل ہنس مکھ ✦

رَنگینی - ف - مؤنث - بھڑک - خوش مزاجی - بانکپن ✦

ر و

رَو - ا - مؤنث - پانی کا بہاؤ - چھال - ولولہ - دُھن لشکر ✦

رُو - ف - مذکر - مؤنث - چہرہ - صورت شکل ✦

رُوپوش - ف - صفت - بھاگا ہوا - پوشیدہ ✦

رُودار - ا - صفت - خوبصورت جوان ✦

رُو رِعایت - ف ع - مؤنث - طرفداری - لحاظ - پیچ ✦

رُوسیاہ - ف - صفت - کالے منہ کا - گنہگار - ذلیل نالائق ✦

رُوشناس - ف - مذکر - واقفکار - جانب کار ✦

رُوکش - ف - صفت - متقابل - شرمندہ - ہمسر ✦

رُوکش ہونا - ا - متقابل ہونا - سامنے آنا ✦

رُوگرداں - ف - صفت - لوٹا ہوا - متنفر ✲

رُوگردانی - ف - مؤنث - رُخ پلٹنا - پھرنا - لوٹنا ✲

رُونمائی - ف - مؤنث - منہ دکھائی - منہ دیکھنے کا نذرانہ

رَوا - ہ - مذکر - سُوجی - دانہ - چاندی سونے کا ذرہ ✲

رَوا - ف - صفت - جائز - ٹھیک ✲

رَوا جاننا یا
رَوا سمجھنا } - ا - جائز سمجھنا ✲

رَوادار - ا - صفت - طرفدار - ساتھی - خیرخواہ ✲

رِوَاج پانا
یا - پکڑنا -
یا - پڑنا - } ا - جاری ہونا - چلن پڑنا - برتاؤ میں آنا

رِوَاج دینا - ا - رسم ڈالنا - معمول باندھنا - پھیلانا ✲

رِوَاجِ مُلک - ع - مذکر - ملک کا چلن - عُرف عام

رَوارَوِی - ا - مؤنث - سرسری ✲

رُوَاں - ہ - مذکر - رونگٹا - جسم کے باریک بال

رُواں رُواں کانپنا - ا - تمام جسم کا پنا - خوف کا
غالب ہونا ✲

رُواں میلا نہ ہونا - ا - بال بیکا نہ ہونا - کوئی صدمہ
یا رنج نہ پہنچنا ✲

رَوَاں - ف - صفت - جاری - مشق کیا ہوا ✲

رَوَاں پڑھنا - ا - بلا سمجھے پڑھنا - بغیر معنی پڑھنا ✲

رَوَاں کرنا - ا - مشق کرنا - جاری کرنا - تیز کرنا - چلانا ✲

رَوَانی - ف - مؤنث - بہاؤ - تیزی ✲

رِوَایت - ع - مؤنث - کسی کی بات نقل کرنا - ذکر ✲

رُوباہ - ف - مؤنث - لومڑی - ثعلب ✲

رُوباہ بازی - ف - مؤنث - مکّاری - دھوکا بازی

رُوباہ مزاج - ف - ع - مذکر - چالاک - فطرتی -
دھوکے باز ✲

رُوبراہ - ف - صفت - تیار - درست ✲

رُوبرُو - ف - تابع فعل - بالمقابل - سامنے ✲

رُوبرُو آنا - یا ہونا - ا - مقابل آنا - حاضر ہونا ✲

رُوبکار - ف - مذکر - پروانہ - فیصلہ ✲

رُوبکاری - ف - مؤنث - مقدمہ کی کارروائی ✲

رو بیٹھنا - ہ - ناامید ہونا - کھو بیٹھنا ✲

رو دینا - ہ - عاجز ہو جانا - دب جانا ✲

رُوپ بَدَلنا
یا - بنانا - } - ہ - بھیس بدلنا - شکل تبدیل کرنا -
دھوکا دینے کی شکل بنانا ✲

رُوپ بھرنا
یا گانٹھنا - } - ہ - خوبصورت بنکر ظاہر ہونا - فریب بنانا

رُوپہلا یا
رُوپہلی } - ہ - صفت - چاندی کے رنگ کا - نقرئی ✲

رُوٹھنا - ہ - بگڑنا - رنجیدہ ہونا - خفا ہونا ✲

روٹی - ہ - مؤنث - چپاتی - پھلکا ✲

روٹی کا مارا - ہ - صفت - بھوکا - کنگال - فاقہ زدہ

روٹی کپڑا - ہ - مذکر - مرد پر عورت کا واجب الادا
حق - نان و نفقہ ✲

روٹی کرنا - ہ - شادی یا غمی پر برادری کو کھانا کھلانا

روٹیاں لگنا - ہ - تنگی کے زمانہ کو بھولکر اترانا -
تنور میں روٹیاں پکنا ✲

رُوح - ع - مؤنث - جان - جیو - پران ✲

رُوح افزا - ع - صفت - تازگی اور فرحت بڑھانیوالا

رُوحُ الاَمین -
یا - رُوحُ القُدُس } - ع - مذکر - جبرئیلؑ فرشتہ
کا لقب - پاک روح ✲

رُوحُ اللہ - ع - مذکر - مرادؔ - حضرت عیسیٰ علیہ السلام

رُوح بھٹکنا - ا - کسی چیز کے دیکھنے یا ملنے کی
بیحد خواہش پیدا ہونا ✲

رُوح پرواز کرنا - ا - جان نکلنا - خوف سے دم
نکلنا - رُعب غالب ہونا ✲

رُوح کھنچنا
یا - نکلنا - } - ا - جوہر نکلنا - جان پر [illegible]

رُوح نکالنا - ا - جان کھینچنا - سَت نکالنا ✲

رُوحانی - ع - صفت - اندرونی - غیرجسمانی -

روح سے نسبت رکھنے والا ٭

رُوداد } ۔ ف ۔ مؤنث ۔ حقیقت حال ۔ کسی نظام
یا ۔ رُوئیداد } کا جمع خرچ ٭

رُودادِ مُقَدَّمہ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مقدمہ کی مِسل ٭

رودبار ۔ ف ۔ مذکر ۔ پانی کا بڑا حصہ ۔ بڑی جھیل ٭

روڈ ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ سڑک ۔ شارع عام ٭

روڈ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ ۔ ایکڑ کا چوتھائی حصہ ٭

روڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اینٹ یا پتھر کا ٹکڑا ۔ ٹھوکروں میں آنے والا ٭

رُوڑھا ۔ ہ ۔ صفت ۔ روکھا ۔ اکھڑ ۔ کھردرا ۔ مستعمل بے ڈول ٭

روز افزوں ۔ ف ۔ صفت ۔ دن بدن زیادہ ۔ روزانہ ترقی ٭

روزِ جزا } ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ بدلہ ملنے کا دن ۔
یا ۔ روزِ داد } انصاف کا روز ۔ روز قیامت ٭

روزِ جنگ
روزِ میدان } ۔ ف ۔ مذکر ۔ حملہ کا دن ۔ لڑائی کا دن

روزِ حشر
یا ۔ روزِ قیامت
یا روزِ حساب
یا ۔ روزِ شمار } ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ حساب کا دن دنیا کے نابود ہونیکے بعد پھر زندہ ہونیکا دن ۔ پرلو ٭

روز روز ۔ ا ۔ صفت ۔ آئے دن ۔ ہمیشہ ٭

روزِ روشن ۔ ف ۔ مذکر ۔ طلوع کا وقت ۔ صبح ٭

روزِ سیہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ مصیبت کا دن ۔ غم واندوہ کا زمانہ ٭

روزِ سیہ لانا ۔ ا ۔ آفت میں مبتلا کرنا ۔ روز بد دکھانا ٭

روزِ ولادت ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ پیدا ہونیکا دن سالگرہ ٭

روز و شب ۔ ف ۔ مذکر ۔ رات دن ۔ سدا ٭

روزگار ۔ ف ۔ مذکر ۔ زمانہ ۔ جہان ۔ مدت ۔ فرصت نوکری ٭

روزگار پیشہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ نوکری چاکری کا پیشہ کرنیوالا

روزگار چمکنا
یا ۔ لگنا } ۔ ا ۔ مزدوری چلنا ۔ بکری ہونا ۔ نوکری لگنا ۔

روزگار چھوٹنا ۔ ا ۔ ملازمت سے برطرف ہونا بیکار ہونا ٭

روزمرّہ ۔ ف ۔ صفت ۔ ہر روز ۔ بلاناغہ ۔ ہر روز کی گفتگو ۔ اصطلاح ۔ تکیہ کلام ٭

روزنامچہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ہر روز کا حساب لکھنے کی کتاب ۔ کھاتہ ٭

رَوزَن ۔ ف ۔ مذکر ۔ چھید ۔ جھری ٭

روزہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ صبح سے شام تک کھانے پینے سے رُکنا ۔ برت ٭

روزہ کھانا ۔ ا ۔ روزہ نہ رکھنا ۔ روزہ چھوڑنا

روزِی رَساں ۔ ف ۔ مذکر ۔ روزی دینے والا ۔ خداوند تعالےٰ ٭

رُؤُساء ۔ ع ۔ مذکر ۔ جمع رئیس کی ۔ مالدار ۔ لوگوں کے سردار ٭

رَوِش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ چال ۔ طرز ۔ باغ کی پٹڑی ٭

رَوشَن ۔ ف ۔ صفت ۔ چمکیلا ۔ کھلا ہوا ۔ ظاہر ٭

روشن دان ۔ ف ۔ مذکر ۔ روشنی آنے یا دھواں نکلنے کا موگھا ٭

روشن دِماغ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ذہین ۔ ہوشیار ٭

روشن ضمیر ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ صاحب کشف ۔ روشن دل ۔ گیانی ۔ بدھوان ٭

روشنائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ لکھنے کی سیاہی ۔ نور ٭

رَوشنی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ چمک ۔ رنگ ۔

رَوضہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ باغیچہ ۔ سبزہ زار ۔ مزار ۔ سمادھ

رَوضۂ رِضوان ۔ ع ۔ مذکر ۔ . . . بہشت ۔ جنت ۔ سُرگ ٭

رَوغَن ۔ ف ۔ مذکر ۔ تیل ۔ کسی چیز کا چکنا عرق ٭

رَوغن تلخ - ف - مذکر - کڑوا تیل - سرسوں کا تیل ۔
رَوغن زرد - ف - مذکر - گھی - مسکہ ۔
رَوغن قاز - ف - مذکر - بڑی بط کی چربی ۔
رَوغن قاز ملنا - ا - چکنی چپڑی باتیں بناکر دھوکا دینا
خوشامد کرنا - تھپکنا - یار بنانا - شیشے میں اُتارنا ۔
رَوغنی - ف - صفت - چکنی - وارنش کیا ہوا ۔
روک تھام / یا - روک ٹوک } - ہ - مؤنث - روک روکاؤ - مزاحمت - ممانعت ۔
روک تھام کرنا - ہ - کسی جھگڑے یا مرض کو عارضی
طور پر بڑھنے نہ دینا - دبانا - جوڑ جاڑ کر کام چلتا کر دینا
روکڑ - ہ - مؤنث - نقدی - دھن دولت ۔
روکڑبہی - ہ - مؤنث - کیش بُک - آمدنی کی کتاب ۔
روکڑ بکری - ہ - مؤنث - نقد بکری ۔
روکڑیا - ہ - مذکر - خزانچی - مُنیم ۔
روکنا - ہ - باز رکھنا - بند کرنا - تھامنا - الجھانا -
ٹھیرانا - سنبھالنا - سہنا - چھپانا ۔
رُوکھا - ہ - صفت - سُوکھا - سادہ - بے مزہ - بدخلق
بغیر چکنائی کا ۔
رُوکھا سوکھا - ہ - صفت - بغیر نمک مرچ کا - بُرا بھلا
روگ - ہ - مذکر - دُکھ - بیماری - بکھیڑا - عذاب جان
روگ بسانا / یا - پالنا / یا - لگا لینا } - ہ - بکھیڑے میں پڑنا - دشمن بنالینا - کسی چیز کا عادی ہو جانا - لِت لگنا ۔
روگ کاٹنا / یا الگ کرنا } - ہ - راڑ کاٹنا - مصیبت سے بچنا ۔
روگ کا گھر / یا - روگ کی جڑ } - ہ - مذکر - بیماری لانیوالی اشیاء / - مؤنث - بیماری کی جڑ ۔
روگ لگنا / یا - لگ جانا } - ہ - بیماری کا پیچھے پڑ جانا - بیمار رہنا ۔
روگی - یا - روگیا - ہ - صفت - بیمار - دُکھی - جھگڑالو
کوڑھی ۔

رول - انگ - مذکر - دفتر کی وہ فہرست جسمیں حسب
مدارج ملازموں وغیرہ کے نمبروار نام درج ہوں -
فردیادداشت ۔
رُول - انگ - مذکر - قاعدہ - قانون - حاشیہ کی
لکیر - لکیر ڈالنے کا گول ڈنڈا ۔
رُولر - انگ - مذکر - خط کھینچنے کا چپٹا ٹکڑا - پیمانہ حکم
رُومال - ف - مذکر - منہ ہاتھ پونچھنے کا کپڑا - چوگوشہ
شال کا کپڑا جو اوڑھا جاتا ہے - شامی رومال ۔
رونا - ہ - آنسو بہانا - بلکنا - گلہ کرنا - ذکر اذکار ہونا پچھتانا
غم کرنا - چلانا - فریاد کرنا - کڑھنا - دُکھ بیان کرنا - بری
طرح پڑھنا ۔
رونا آنا - ہ - دل بھر آنا - افسوس آنا ۔
رونا پڑنا - ہ - کُہرام مچنا - صدمہ کے سبب آہ و بکا ہونا
رونا دھونا - ہ - مذکر - آہ و بکا - واویلا - ماتم - کُہرام
رونا رونا - ہ - آپ بیتی کہنا - دُکھڑا بیان کرنا ۔
رَوَنّا / یا - رَوَنّہ } ا - مذکر - اوپر کا کام کاج کرنیوالا نوکر - مال کی روانگی کا پرچہ ۔
رَوَند گشتی - ا - مؤنث - رات کا گشت ۔
روند ڈالنا - ہ - پامال کرنا - کھوند ڈالنا - کچل ڈالنا ۔
رَونق - ع - مؤنث - خوبصورتی - چمک - تازگی - چہل پہل
لطف - آرائش ۔
رَونق افروز / یا - رَونق افزا } - ع ف - صفت - رونق بڑھانیوالا ۔
رَونق افروز ہونا / یا - رَونق افزا ہونا } - ا - کسی بزرگ یا سردار کا تشریف لانا ۔
رونگٹا - ہ - مذکر - آدمی کے بدن کے نرم بال ۔
روہو / ریہو } - ہ - مؤنث - ایک قسم کی مچھلی ۔
رُوئی - ہ - مؤنث - صاف کی ہوئی کپاس ۔
رُوئی سا - ہ - صفت - نہایت نرم ۔
رُوئے سخن - ف - مذکر - بات کا ڈھلاؤ - بات کا رخ ۔

رؤیا - ع - مذکر - خواب - سپنا +
رویائے صادقہ - ع - مذکر - سچا خواب - الہامی خواب
رُؤیت - ع - مؤنث - صورت نظر آنا - دیدار - نظارہ
رُؤیتِ ہلال - ع - مذکر - چاند نظر آنا - چاند کا پہلے دن نظارہ +

رَوبدار - ہ - صفت - خستہ - بھربھرا - دانہ دار +
روئیدگی - ف - مؤنث - اُگنا - جڑ ہونا - نشو و نما +
رُوئیں تن - ف - صفت - سخت جسم والا - نہایت مضبوط
رِویو - انگ - مذکر - کسی کتاب پر اظہار خیال کرنا - دیکھ بھال +
رَوَیّہ - ف - مذکر - چال چلن - برتاؤ - دستور - ڈھنگ
رِہا کرنا - ہ - چھوڑنا - آزاد کرنا - بَری کرنا +
رَہا سہا - ہ - صفت - باقی رہا ہوا - رشتہ ناتہ کا - مددگار +
رَہٹ - ہ - مؤنث - کنوئیں سے پانی نکالنے کا چرخ ہرٹ +
رَہ جانا - ہ - ٹھہر جانا - دیر کرنا - بچ رہنا - ناتمام رہنا ناکامیاب ہونا - پیچھے رہ جانا +
رہ رہ کر / یا رہ رہ کے } - ہ - تابع فعل - بار بار - گھڑی گھڑی پچھتا پچھتا کے
رَہزنی / راہ زنی } - ف - مؤنث - ڈکیتی - قزاقی - بٹماری +
رَہن - ع - مذکر - گرو - کفالت +
رَہن نامہ - ہ - مذکر - تمسک - کفالت نامہ +
رَئی - ہ - مؤنث - دودھ بلونے کا آلہ - مدھانی

ری

رِیا - ع - مؤنث - دورنگی - چھل - فریب +
رِیاکار - ع - ف - صفت - مذکر - منافق - زمانہ ساز +
رِیاح - ع - مؤنث - جمع ریح کی معدہ کی ہوا - بائی +
رِیاست - ع - مؤنث - سرداری - اعلیٰ حوصلگی - حکومت
رِیاستِ جمہوری - ع - مؤنث - جمہوری حکومت - عوام کی حکومت +
رِیاض - ع - مذکر - جمع - روضہ کی - بہت سے باغ - محنت مشقت +
رِیاض کر کے کھانا - ہ - محنت مشقت کر کے کھانا +
رِیاضت - ع - مؤنث - سختی - نفس کشی - مشق - ورزش - مزدوری +
رِیاضت کش - ع ف - صفت - سختی جھیلنے والا محنتی +
رِیاضی - ع - مؤنث - ایک علم کا نام +
رِیاضی دان - ع ف - مذکر - ریاضی جاننے والا
رَیب - ع - مذکر - شک وغیرہ +
ریت / یا ریتا } - ہ - مذکر - مؤنث - ریگ - بالو - رَمل +
رِیت سے باہر - ہ - تابع فعل - خلافِ قاعدہ - دستور کے خلاف +
ریتلی زمین - ہ - مؤنث - بنجر زمین - ناقابل زراعت زمین - وہ زمین جن میں ریت ہو +
رِیٹھا - ہ - مذکر - ایک قسم کا پھل جو اُونی کپڑے دھونیکے کام آتا ہے - ایک قسم کا درخت - لسوڑھ +
رِیجھنا - ہ - خوش ہونا - ڈھلنا - لٹو ہونا - نہایت پسند کرنا
رِیچھ - ہ - مذکر - ایک قسم کا درندہ - بھالو +
رِیح - ع - مؤنث - ہوا - ہوائے معدہ +
رَیحان - ع - مذکر - ایک خوشبودار پودا - ایک قسم کا خط +
ریخ - ہ - مؤنث - لکیر - مسی کی کالی لکیر - بنیاد +
رئیسِ با اختیار / رئیسِ خود مختار } - ع - مذکر - بااختیار حکمران - آزاد حاکم +
رِیس - ہ - مؤنث - برابری - مقابلہ - حرص +
رِیسمان - ف - مؤنث - ڈوری - رسی +
رِیش - ف - مؤنث - داڑھی - لحیہ +

ریشِ قاضی - ف ع - مؤنث - بھنگ چھاننے کا کپڑا
شبیر کے کان - پاکیاڑ - قاضی کی ڈاڑھی +

ریشائیل - ا - صفت - بڑی اور لمبی داڑھی والا +

ریشم - ا - مذکر - مخفف ابریشم - حریر - قز - خیاطہ +

ریشم کی گانٹھ } - ا - مؤنث - ریشم کی گرہ - مضبوط گرہ - جٹیل کلم
ریشم کی گرہ }

ریشہ - ف - مذکر - پٹھان - پھونسڑا +

ریگ ماہی - ف - مؤنث - ریت کی مچھلی - گوہ کی مانند
ایک جانور +

ریگستان - ف - مذکر - ریت کا ملک - ریت کا جنگل +

ریل - انگ - مذکر - لوہے کی سڑک +

ریل - انگ - مذکر - پھرکی جسپر سوت لپٹا ہوا ہو -
پیچک +

ریل پیل - ہ - مؤنث - دھکم دھکا - کثرت +

ریل پیل کرنا - ہ - ڈھیر کرنا - کثرت سے بہم پہنچانا

ریلوے - انگ - مؤنث - ریل کی سڑک +

ریم - ف - مؤنث - پیپ - پکا ہوا مواد +

ریمی بواسیر - ف ع - مؤنث - بواسیر کی وہ قسم
جسمیں سفید مواد یا پیپ آتی ہو +

رین - ہ - مؤنث - رات - شب +

رین بسیرا - ہ - مذکر - رات کاٹنا - رات گزارنے کی جگہ

رینٹ - ہ - مذکر - ناک کا سفید لیس دار مادہ +

ریندھنا - ہ - پکانا - کھانا تیار کرنا +

رینڈی - ہ - مؤنث - (اَرنڈی) +

رینکنا - ہ - گدھے کا بولنا - گدھے کی بولی بولنا +

رینگ - ہ - مؤنث - ایک قسم کا باریک کپڑا - تنزیب

رینگنے کیڑے - ہ - مذکر - چلتے ہوئے کیڑے - ننھے بچے

رینگنا - ہ - کیڑوں کا چلنا - آہستہ چلنا - گھسٹنا +

ریگنی - ہ - مؤنث - ایک درد کا نام - عرق النساء +

ریبنی بلبل - ا - مذکر - تمام رات بولنے والا پرندہ

ریوڑ - ہ - مذکر - بکریوں کا گلہ +

ریوڑی - ہ - مؤنث - ایک قسم کی مٹھائی جو شکر کی
ٹکیوں پر تل جما کر بنائی جاتی ہے +

ریوند چینی - ف - مؤنث - ایک دوا کا نام +

ریہہ - ہ - مذکر - پھیپھڑا +

ریہہ - ہ - مؤنث - ایک قسم کا شوردار ریتا جو شکر
صاف کرنے اور کپڑا دھونے کے کام آتا ہے +

ڑ - ہ - مؤنث - اردو الف بے تے کا پندرہواں
حرف - یہ حرف کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا +

ز - ع - مؤنث - اردو الف بے تے کا سولہواں حرف

زا

زاد - ف - مذکر - جنا ہوا - توشہ +

زاد بوم - ف - مؤنث - پیدائش کی جگہ - جنم بھوم +

زادِ راہ - ع ف - مذکر - سفر خرچ - راستہ کا توشہ +

زار - ف - مذکر - جگہ - کثرت - نالہ و فریاد - روس کے بادشاہ کا خطاب - جب نحیف کے ساتھ آتا
ہے تو لاغر اور دُبلے کے معنی ہوتے ہیں +

زار زار رونا - } - ا - بکثرت رونا - آٹھ آٹھ
یا - زار و قطار رونا } آنسو رونا +

زار و نزار - ف - صفت - دُبلا - پتلا - ضعیف زار -
کمزور - لاغر +

زاری - ف - مؤنث - رونا پیٹنا - عجز و نیاز +

زاغ - ف - مذکر - کوا - کاگ - ایک راگ کا نام +

زاغِ آبی - ف - مذکر - ایک قسم کا آبی پرندہ - جل کوا

زال - ف - صفت - بوڑھا - رستم پہلوان کا باپ - بوڑھی عورت ◆

زانُو - ف - مذکر - ران - پہلو - گوڈا - جانگھ ◆

زانُو پوش - ف - مذکر - وہ کپڑا جو کھانا کھانے وقت گھٹنوں پر ڈالا جاتا ہے ◆

زانُو پیٹنا - ہ - افسوس یا رنج والم کی حالت ظاہر کرنا

زانی - ع - مذکر - زنا کرنیوالا - حرام کرنیوالا ◆

زاویہ - ع - مذکر - کونا کھونٹ - کسی نقطہ پر دو سیدھے خط ملنے سے جو گوشہ پیدا ہو ◆

زاہد - ع - مذکر - پرہیزگار - دنیا سے بے رغبت ◆

زائچہ - ف - مذکر - جنم پترا - بچہ کی تاریخ پیدائش کا کاغذ - رمل کی شکلیں ◆

زائد - ع - صفت - بہت بڑھا ہو - فضول - بچا ہوا

زائدُ المیعاد - ع - صفت - جسکی مدت ختم ہو چکی ہو ◆

زائدُ الوصف - ع - صفت - تعریف سے بڑھکر ◆

زائر - ع - مذکر - زیارت کرنیوالا - حج کو جانیوالا - جاتری ◆

زائل - ع - صفت - گھٹنے والا - دور ہونے والا - ضائع ہونے والا ◆

ز ب

زُباں داں - ف - مذکر - کسی زبان کو بخوبی جاننے والا شاعر - عالم ◆

زُباندانی - ف - مؤنث - زبان سے بخوبی واقفیت اور اسمیں حد کمال تک رسائی رکھنا ◆

زُبان دراز - ف - صفت - بیہودہ گو - منہ پھٹ - گستاخ ◆

زُباندرازی کرنا } ہ - گستاخی کرنا - فحش بکنا - بہت بولنا
یا زُبان چلانا - }

زُبان دینا - ہ - اقرار کرنا - عہد کرنا ◆

زُبان ڈالنا - ہ - کہنا - سوال کرنا - طلب کرنا ◆

زُبان روکنا } - ہ - برا کہنے سے روکنا - باز رکھنا - بات کاٹنا ◆
یا پکڑنا }

زُبان زد ہونا - ہ - مشہور ہونا - پھیلنا - ہر ایک کی زبان پر جاری ہونا ◆

زُبان سمجھنا - ہ - بولی سمجھنا - روزمرہ کے محاورات سے واقف ہونا ◆

زُبان سنبھالکر بات کرنا } - ہ - سوچ سمجھکر بات کہنا - حسب مراتب گفتگو کرنا -
یا - بولنا - }
زبان کو قابو میں رکھکر بات کرنا - متانت سے گفتگو کرنا

زُبان سوکھنا - ہ - زبان خشک ہونا - بیان نہ کرسکنا زبان بند ہو جانا ◆

زُبان سے نکلنا - ہ - ظاہر ہونا - بلا ارادہ بات منہ پر آنا ◆

زُبان پر چڑھنا - ازبر ہونا - حفظ ہونا ◆

زُبان پر دھرنا } - ہ - چکھنا - تھوڑا سا کھانا ◆
یا رکھنا - }

زُبان پر دھرا ہونا - ہ - زبان پر موجود ہونا - یاد ہونا ◆

زُبان پر لانا - } - ہ - بیان کرنا - منہ پر رکھنا - منہ کھولنا ◆
یا زُبان سے نکالنا }

زُبان پکڑنا - ہ - بات کاٹنا - عیب پکڑنا - گرفت کرنا ◆

زُبان پلٹنا } - ہ - اقرار سے پھرنا - زبان پھرنا - عہد توڑنا ◆
یا - بدلنا - }

زُبان تُتلانا - ہ - زبان میں لکنت ہونا - ہکلانا ◆

زُبان ٹوٹنا - ہ - زبان کا صاف ہونا - بولنے کی مشق ہونا ◆

زُبان چاٹنا - ہ - ذائقہ لینا - چٹخارے بھرنا ◆

زُبان چلنا - ہ - جلدی سے بول اٹھنا - بڑبڑانا - بولے جانا - کھانا - گالیاں بکنا - گویا ہونا ◆

زُبانِ حال سے کہنا۔ ا۔ ظاہری حالت سے یوں کہے مطلب ظاہر کرنا ۔

زُبان کا چسکا / یا مزا } ا۔ مذکر۔ مزیدار چیزوں کے کھانیکی لت ۔

زُبان کا میٹھا۔ ا۔ صفت۔ شیریں کلام۔ خوشامدی

زُبان کُھلنا۔ ا۔ باتیں کرنے لگنا۔ بچہ کا بولنے لگنا۔ گالیوں پر اتر آنا ۔

زُبان۔ ف۔ مؤنث۔ جیبھ۔ بولی۔ اقرار۔ وعدہ۔ بیان ۔

زُبان اُلٹنا۔ ا۔ زبان سے بات نکلنا۔ زبان کا حرکت کرنا

زُبان آور۔ ف۔ مذکر۔ شاعر۔ خوش بیان۔ چرب زبان

زُبان بگاڑنا۔ ا۔ زبان کو خراب کرنا۔ بُری باتیں بکنا

زُبان بند کرنا۔ ا۔ بولنے سے روکنا۔ خاموش کرنا ۔

زُبان بند ہونا۔ ا۔ بولنے سے عاجز ہونا۔ زبان رُکنا زبان اینٹھ جانا۔ اپنے مقصد کو ظاہر نہ کرسکنا ۔

زُبان بندی۔ ف۔ مؤنث۔ خاموشی۔ قانوناً زبان کی روک۔ گواہی ۔

زَبردست۔ ف۔ مذکر۔ مضبوط۔ قوی۔ شہزور۔ بہت بڑا لڑن۔ یکتا۔ مقدرت والا۔ جابر ۔

زَبردستی۔ ف۔ مؤنث۔ دھینگا دھانگی۔ جبراً۔ خلاف مرضی کام لینا۔ چھین جھپٹ۔ بے سبب ۔

زَبور۔ ع۔ مؤنث۔ لکھا ہوا۔ ایک آسمانی کتاب کا نام عارفانہ گیت ۔

زَبون۔ ف۔ صفت۔ ذلیل۔ بُرا۔ عاجز۔ نحس ۔

زُبان میں کانٹے پڑنا / یا۔ زُبان پر کانٹے پڑنا } ا۔ سخت پیاس کی وجہ سے زبان کا خشک ہونا

زُبان نکلنا / یا نکل پڑنا } ا۔ سخت پیاس یا دماغی صدمہ کی وجہ سے زبان کا باہر لٹک پڑنا ۔

زُبانہ۔ ف۔ مذکر۔ شعلہ۔ لو۔ آگ کی لپٹ ۔

زبانی۔ ف۔ صفت۔ بلاتحریر۔ سُنی سنائی۔ نقل کی ہوئی بات کہنا۔ ظاہری۔ منہ دیکھے کی ۔

زبانی امتحان۔ ا۔ مذکر۔ وہ امتحان جو صرف پڑھوا کر لیا جائے ۔

زبانی جمع خرچ۔ ا۔ مذکر۔ صرف باتیں ہی باتیں خیالی پلاؤ ۔

زبانی حساب۔ ا۔ مذکر۔ وہ حساب جو صرف پہاڑوں یا گُروں کے ذریعہ ذہن ہی ذہن میں کیا جائے۔ مینٹل آرتھمیٹک ۔

زُبدہ۔ ع۔ صفت۔ نکھن۔ چیدہ۔ خلاصہ۔ عطر ۔

زَبر۔ ف۔ صفت۔ بالا۔ قوی۔ غالب۔ بھاری ۔ حرف کے اوپر کی آڑی لکیر (بَ)

زبر ہونا۔ ا۔ غالب ہونا۔ فتح پانا۔ بوجھل ہونا ۔

زبرجد۔ ع۔ مذکر۔ ایک قسم کا زردی مائل سبز رنگ کا جواہر۔ پنا ۔

زٹ

زٹل۔ ا۔ مؤنث۔ بیہودہ بات۔ گپ۔ بکواس بڑ ۔

زٹل قافیہ۔ ا۔ مذکر۔ گپ شپ۔ واہی تباہی۔ بے تکی بات۔ بے اصل بات ۔

زٹل ہانکنا۔ ا۔ گپ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ جھوٹی باتیں بنانا ۔

زج

زجر۔ ع۔ مذکر۔ روک۔ دھمکی۔ جھڑکی۔ ملامت ۔

زجر و توبیخ۔ ع۔ مؤنث۔ ڈانٹ ڈپٹ۔ جھڑکنا دھتکارنا ۔

زچ

زِچ۔ ا۔ صفت۔ عاجز۔ مجبور۔ بے بس۔ مات۔ ہار

زِچ کر دینا۔ ا۔ ہرا دینا۔ مجبور کر دینا۔ قافیہ تنگ کر دینا ۔

زِچ ہونا ۔ ا ۔ تنگ ہو جانا ۔ دِق ہو جانا ۔ بے بس ہو جانا
زَچّہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ وہ عورت جس نے ابھی بچہ جنا ہو
زَچّہ خانہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ زچہ کا گھر ۔ سوڑ ٭
زَچّہ رانی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ زچہ کا خطاب ٭
زَچّہ گیریاں ۔ ا ۔ مؤنث ۔ زچہ خانہ کے گیت ٭

زح

زُحَل ۔ ع ۔ مذکر ۔ سنیچر ۔ ایک ستارہ کا نام جو سب سے زیادہ منحوس خیال کیا جاتا ہے ٭
زَحمت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ محنت ۔ مصیبت سختی ٭
زَحمت اُٹھانا ۔ ا ۔ دُکھ اُٹھانا ۔ مصیبت بھرنا ۔ سختی جھیلنا ٭

زخ

زَخّار ۔ ع ۔ صفت ۔ نہایت بھرا ہوا پانی ۔ لبالب ٭
زَخم ۔ ف ۔ مذکر ۔ گھاؤ ۔ ناسور ۔ صدمہ ۔ نقصان ٭
زَخم بھر جانا یا بھرنا ۔ ا ۔ گھاؤ کا برابر ہونا ۔ نقصان کا معاوضہ ملنا ٭
زَخم پر نمک چھڑکنا ۔ ا ۔ گھاؤ پر نمک لگانا ۔ رنج میں اور اضافہ کرنا ۔ صدمہ پر صدمہ پہنچانا ٭
زَخم پکنا ۔ ا ۔ گھاؤ میں پیپ پڑ جانا ٭
زَخم دینا ۔ ا ۔ زخمی کرنا ۔ نقصان پہنچانا ۔ صدمہ پہنچانا
زَخم کاری ۔ ف ۔ صفت ۔ گہرا گھاؤ ۔ بھرپور زخم
زَخم کھانا ۔ ا ۔ صدمہ اٹھانا ۔ گھائل ہونا ۔ ٹوٹا بھرنا
زَخم لگنا ۔ ا ۔ گھاؤ لگنا ۔ چوٹ لگنا ۔ گھاٹا آنا ۔ صدمہ پہنچنا ٭
زَخم ہرا کرنا ۔ ا ۔ زخم تازہ کرنا ۔ رنج دلانا ٭
زَخم ہرا ہو جانا ۔ ا ۔ گھاؤ کا تازہ ہو جانا ۔ بھولا دکھ یاد آ جانا ٭
زَخمی ۔ ف ۔ صفت ۔ چوٹ کھایا ہوا ۔ گھایل ٭
زَخمی کرنا ۔ ا ۔ مجروح کرنا ۔ چوٹ لگانا ٭
زَخمی ہونا ۔ ا ۔ گھائل ہونا ۔ مجروح ہونا ٭

زد

زَد ۔ ف ۔ مؤنث ۔ مار ۔ نشانہ ۔ چوٹ ۔ ٹوٹا ۔ وار تک ہو
زَد پر چڑھنا ۔ یا ہونا ۔ ا ۔ نشانہ پر چڑھنا ۔ قابو میں آنا ۔ ڈھب پر چڑھنا ٭
زَد پڑنا ۔ ا ۔ ٹوٹا پانا ۔ نقصان ہونا ٭
زَد و کوب ۔ ف ۔ مؤنث ۔ مار پیٹ ۔ ہاتھا پائی ٭
زَدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ مارا ہوا ۔ پٹا ہوا ۔ گرا ہوا ۔ گلا ہوا
زَدہ حال ۔ ا ۔ صفت ۔ پریشان حالت ۔ آفت کا مارا ٭

زر

زَر ۔ ف ۔ مذکر ۔ سونا ۔ دھن دولت ۔ کلابتو ٭
زرِ اصل ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ اصل پونجی ۔ اصل مول ٭
زَراعت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کھیتی باڑی ۔ بونا جوتنا ٭
زَراعت پیشہ ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ کسان ۔ کاشتکار ۔ زمیندار ٭
زراعت کرنا ۔ ا ۔ کاشتکاری کرنا ٭
زرِ باقی ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ اصلی رقم کا باقی حصہ ٭
زر بفت یا زرباف ۔ ف ۔ مذکر ۔ کلابتو کی بنگوٹ کا کپڑا ۔ زری ۔ کمخواب ٭
زرِ بیعانہ ۔ ف ع ۔ مذکر ۔ وہ رقم جو معاملہ پختہ کرنے کی بابت پیشگی دی جائے ۔ سائی ٭
زرِ پیشگی ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ روپیہ جو وجوب سے قبل کسی چیز کی عوض دیا جائے ۔ چڑھتا روپیہ ٭
زَرتُشت یا زَردُشت ۔ ف ۔ مذکر ۔ مال و دولت کو برا جاننے والا ۔ آتش پرستوں کا پیغمبر ٭
زر خرید ۔ ف ۔ صفت ۔ ذاتی خریدا ہوا ۔ اپنا روپیہ دے کر خریدا ہوا ٭
زر خیز ۔ ف ۔ صفت ۔ پیداوار کی زمین ۔ سیراب ٭

زر دار - ف - صفت - مالدار - تونگر +

زر دوز - ف - مذکر - زری کا کام کرنے والا +

زر دوزی - ف - مؤنث - کارچوبی کا کام - کامدانی

زر دوست - ف - صفت - بخیل - ٹھیچ +

زر ڈگری - ا - مذکر - ڈگری کا روپیہ +

زرِ رہن - ف ع - مذکر - گردی کا روپیہ +

زرِ سرخ - ف - مذکر - سونا +

زرِ سفید - ف - مذکر - چاندی +

زرِ ضمانتی - ف - ع - مذکر - ضمانت کا روپیہ +

زرِ فاضل - ف - ع - مذکر - بچا ہوا روپیہ +

زرِ قرض - ف - ع - مذکر - اُدھار کا روپیہ +

زرِ قلب - ف - ع - مذکر - کھوٹا سونا

زر کا جوتا - ا - مذکر - روپیہ دیکر مخالف کو دبانا - رشوت کا مدار جوتا +

زر کوب - ف - مذکر - چاندی سونے کو کوٹ کر ورق بنانیوالا +

زر کوبی - ف - مؤنث - ورق سازی +

زرگر - ف - مذکر - سنار +

زرگری - ف - مؤنث - سنار کا کام +

زرِ گل - ف - مذکر - پھول کے اندر کا زرد ریزہ +

زرِ لگان - ا - مذکر - زمین کا سرکاری محصول - مالگزاری +

زرِ مطالبہ - ف ع - مذکر - واجب الادا روپیہ - بقایا - سرکاری روپیہ +

زرِ منافع - ف - ع - مذکر - فائدہ کا روپیہ - بچت کا روپیہ - بیاج +

زرِ نقد - ف - ع - مذکر - نقد روپیہ - روکڑ +

زرِ نگار - ف - صفت - ملمع کی ہوئی منقش چیز +

زری - ف - مؤنث - سُنہری تار - گوٹا +

زریں - ف - صفت - سُنہرا +

زرد - ف - صفت - پیلا - سُنہرا +

زرد پڑنا - ا - کسی مرض یا خوف کیوجہ سے چہرہ پیلا پڑتا

زرد رُو ہونا - ا - شرمندہ ہونا - لجانا +

زرد ہو جانا یا - ہوتا - } - ا - شرمندگی یا طویل مرض یا غم کیوجہ سے سفید پڑ جانا - خون خشک ہو جانا - رعب میں آجانا +

زرد آلو - ف - مذکر - زرد آڑو - خوبانی +

زرد چوب - ف - مؤنث - ہلدی +

زرد رُوئی - ف - مؤنث - شرمندگی - خجالت +

زردک - ف - مذکر - گاجر - گزر +

زردہ - ف - مذکر - زرد رنگ کا گھوڑا - پت - زرد رنگ کے میٹھے چاول - تمباکو - زرد کوڑھی +

زردہ کھانا - ا - تمباکو کھانا +

زردی - ف - مؤنث - پیلا رنگ - انڈے کی زردی - یرقان - اشرفی +

زردی چھانا - ا - پیلا ہونا - تمام چہرے کا زرد ہو جانا +

زرق برق - یا زرق و برق } - ف ع - صفت - ٹیپ ٹاپ - بھڑک دار - چمکیلا +

زِرہ - ف - مؤنث - لوہے کے تاروں کی ایک پوشاک جو لڑائی کے وقت پہنی جاتی ہے - چلتہ +

زِرہ پوش - ف - مذکر - چلتہ پوش - زرہ پہننے والا +

ز ع

زعفران - ع - مؤنث - ایک قسم کا نہایت خوشبو دار زرد رنگ کا پھول - کیسر - زرد +

زعفران کا کھیت - ا - زعفران کی کیاری - خودبخود ہنسنے کی جگہ +

زعفرانی - ع - صفت - زرد رنگ کا - پیلا - کیسری +

زُعم - ع - مذکر - گمان - خیال +

ز غ

زَغَند - ف - مؤنث - چھلانگ - چوکڑی - کود پھاند ۔

زاف

زِفاف - ع - مؤنث - مُکلاوہ - گوناشادی کی پہلی رات ہم بستری ۔

زُفیل - و - مؤنث (صحیح عربی زفیر) سیٹی - دو انگلیاں منہ میں رکھکر آواز نکالنا ۔

زفیل دینا
یا - زفیلنا } و - سیٹی بجانا - سیٹی دینا ۔

زاک

زَک - و - مؤنث - ٹوٹا - شرمندگی - ہار ۔

زک اُٹھانا
یا - پانا
یا - کھانا } و - نقصان اُٹھانا - ہار ماننا - شرمندگی اُٹھانا

زک دینا - و - شکست دینا - ذلیل کرنا - نقصان دینا

زُکام - ع - مذکر - وہ بیماری جسمیں گرمی یا سردی کیوجہ سے ناک بہے - نزلہ ۔

زکام بگڑنا - و - ناک یا دماغ میں ریزش بند ہو کر دوسرا مرض پیدا ہو جانا ۔

زکام ہونا - و - ناک سے پانی بہنا - سردی ہو جانا ۔

زکریا - ع - مذکر - ایک مشہور پیغمبر کا نام ۔

زکواۃ - ع - مؤنث (تلفظ - زکات) مال کا وہ چالیسواں حصہ جو مسلمان ہر سال راہ خدا میں دیتے ہیں - صدقہ - خیرات

زال

زُلال - ع - مذکر - نتھرا ہوا پانی ۔

زَلت - ع - مؤنث - ڈگمگانا - پھسلنا ۔

زِلزِلہ - ع - مذکر - بھونچال - ہلچل ۔

زلزلہ پڑنا - و - تہلکہ مچ جانا - کھلبلی پڑ جانا ۔

زُلف - ع - مؤنث - رات کا ابتدائی حصہ - بالوں کی لٹ - گیسو ۔

زُلفی - و - مؤنث - زنجیر - کواڑ کی شکل - کنڈی ۔

زُلفیاں - و - مؤنث - زنجیریں - کنڈیاں ۔

زَلّہ - ع - مذکر - سامنے کا بچا ہوا کھانا - جوٹھن ۔

زلہ رُبائی - ع ف - مؤنث - خوشہ چینی - بچا ہوا یا پڑا ہوا اٹھانیکی عادت ۔

زُلیخا - ع - مؤنث - خوبصورت عورت - عزیز مصر کی بیوی ۔

زام

زمانہ - ف - مذکر - وقت - عرصہ - رُت - جُگ ۔

زمانہ بھر - و - تابع فعل - تمام عالم ۔

زمانہ پھر جانا - و - لوگوں کا اپنے سے پھر جانا - یا دشمن ہو جانا ۔

زمانہ دیکھنا - و - دنیا میں پھر کر تجربہ حاصل کرنا ۔

زمانہ ساز - ف - صفت - خود غرض - ظاہر داری برتنے والا ۔

زمانہ سازی کرنا - و - دنیا داری برتنا - بناوٹی باتیں کرنا جیسا دیکھنا ویسا عمل کرنا ۔

زمانہ کا لہو سفید ہونا - و - باہمی محبت وارتباط نہ رہنا

زمانہ کے موافق - و - تابع فعل - وقت کے مناسب برتاؤ کرنا ۔

زمانہ موافق ہونا - و - نصیبہ اور اقبال کا یاور ہونا

زمرد - ع - مذکر - ایک سبز رنگ کا قیمتی پتھر ۔

زمردیں - ف - صفت - ہرا - سبز ۔

زمرہ - ع - مذکر - گروہ - جماعت - بھیڑ - فوج ۔

زمزم - ع - مذکر - مکہ شریف میں ایک متبرک کنویں کا نام ۔

زمزمہ - ف - مذکر - گیت - ترانہ ۔

زمزمی - ع - مؤنث - زمزم کا پانی رکھنے کا برتن ۔

زمستان - ف - مذکر - موسم سرما - جاڑے ۔

زَمہرِیر۔ ع۔ مذکر۔ کرۂ ہوا نہایت سرد طبقہ۔ سخت سردی
زَمِین۔ ف۔ مؤنث۔ وہ خاکی کرہ جسپر ہم رہتے ہیں
دھرتی۔ دنیا۔ خطہ۔ ملک۔ خاک۔ بنیاد۔ تہ۔ غزل کی
ردیف قافیہ۔ یا وزن۔ بحر۔ کپڑے یا کاغذ کا اصلی
رنگ +
زَمِین اُٹھنا۔ ا۔ زمین کا ٹھیکہ پر جانا۔ قابلِ زراعت
ہونا۔ سرسبز ہونا +
زَمِین آسمان ایک کر دینا۔ ا۔ کسی چیز کی تلاش
میں انتہائی کوشش کرنا +
زَمِین آسمان کا فرق۔ ا۔ مذکر۔ بہت بڑا فرق
اختلاف عظیم۔ +
زَمِین آسمان کے قلابے مِلانا۔ ا۔ بہت زیادہ
مبالغہ سے کام لینا۔ توڑ جوڑ ملانا۔ شیخی بگھارنا
زَمِین بَلند ہونا۔ ا۔ سخت زمین ہونا۔ غزل کی بحر
کا سخت اور دشوار ہونا +
زَمِین بوس ہونا۔ ا۔ زمین چومنا۔ حاضر خدمت ہونا
زَمِین پاؤں کو لگنا۔ ا۔ کسی راستہ کا عادی ہونا
زَمِین پر پاؤں نہ رکھنا } ا۔ نہایت اترا کر چلنا
یا۔ قدم نہ رکھنا۔ } بن پروں اڑنا +
زَمِین میں گڑ جانا۔ ا۔ نہایت شرما جانا +
زَمِین پکڑنا۔ ا۔ کسی جگہ جم کر بیٹھ جانا اور نہ
ٹلنا۔ مچل جانا +
زَمِین دِکھانا } ا۔ گرا دینا۔ نیچا دکھانا +
یا دِکھلانا۔ }
زَمِین دیکھنا۔ ا۔ قے کرنا۔ اُلٹی ہونا +
زَمِین دوز۔ ف۔ صفت۔ وہ قلعہ یا گڑھا جسکی سطح
زمین کی برابر ہو۔ زمین میں دھنسا ہوا +
زَمِین سے پیٹھ نہ لگنا۔ ا۔ بے چین رہنا۔ تڑپنا
زَمِین غیر مزروعہ۔ ف۔ ع۔ مؤنث۔ بنجر۔ وہ
زمین جو قابل زراعت نہ ہو +
زَمِین کا پاؤں تلے سے سرک جانا۔ یا۔ نکل جانا۔
ا۔ کسی حادثہ یا صدمہ کو سنکر بدحواس ہو جانا۔
لرزہ آنا۔ کانپنا +
زَمِین کا پیوند ہونا } ا۔ خاک میں ملجانا۔ دفن
یا زمین میں سمانا۔ } ہونا۔ مرجانا +
زَمِین کا گز بننا یا بنجانا۔ ا۔ دنیا جہاں کو گھومنا
سیاحی کرنا +
زَمِین کھا گئی کہ آسمان۔ ا۔ محاورہ۔ کسی چیز کے
دفعتہً غائب ہو جانے پر بولتے ہیں +
زَمِین کی پوچھنا آسمان کی کہنا۔ ا۔ سوال کچھ ہو
اور جواب کچھ +
زَمِین مَزرُوعہ۔ ف ع۔ مؤنث۔ کاشت کی
ہوئی زمین +
زَمِین میں گاڑنا۔ ا۔ دفن کرنا۔ سخت سزا دینا۔
دھمکی دینا +
زَمِیندار۔ ف۔ مذکر۔ کسان۔ جاگیر دار +
زَمِیندارا۔ ا۔ مذکر۔ زمین کا حق۔ مالکانہ +
زَمِینداری۔ ا۔ مؤنث۔ جاگیر داری کھیتی باڑی
کا پیشہ +

ز۔ن

زَن۔ ف۔ مؤنث۔ عورت۔ بیوی +
زَن مُرِید۔ ف ع۔ صفت۔ جورو کا غلام۔ عورت
کے کہنے پر چلنے والا +
زَنِ مَدخُولہ۔ ف ع۔ مؤنث۔ باختیار خود نکاح
میں لائی ہوئی عورت۔ وہ عورت جو بغیر نکاح گھر میں ڈال لی گئی ہو
زَنِ مَنکُوحَہ۔ ف۔ مؤنث۔ بیاہتا بیوی +
زِنا۔ ع۔ مذکر۔ کسی عورت سے بلا نکاح حرام کرنا +
زِنا بالجبر۔ ع۔ مذکر۔ کسی عورت سے بلا اسکی مرضی
زبردستی حرام کاری کرنا +
زِناکار۔ ع ف۔ صفت۔ زانی۔ حرام کار۔ بدکار +
زَناٹا۔ ہ۔ مذکر۔ کسی چیز کے زور سے گزرجانیکی آواز

سائیں سائیں +

زُنّار - ف - مذکر و مؤنث - جنیو - سفید آڑی لکیر اکثر گھیوں میں قدرتی آڑی بنی ہوئی ہوتی ہے - پتھر کا جنیو

زُنّار بند - یا - زُنّار دار } - ف - مذکر - جنیو پہننے والا - برہمن +

زَنانہ - ف - مذکر - ہیجڑا - پردہ نشین عورتوں کے رہنے کی جگہ - بے پردہ - بزدل +

زَنانہ کرنا یا کروانا } - ا - زنانہ مکان میں پردہ کرانا +

زَنبق - ع - مذکر - ایک قسم کا نرگس جیسا سفید پھول جو ناک کے مشابہ ہوتا ہے +

زَنبور - ف - مذکر - تتیا - بھڑ - سنڈاسی - چھوٹی توپ

زَنبورچی - ف - مؤنث - توپ چلانیوالا - بندوقچی

زَنبورک - ف - مؤنث - چھوٹی توپ +

زَنبیل - ف - مؤنث - کچکول - چمڑے کی جھولی - عمرو عیار کی جھولی +

زَنجیر - ف - مؤنث - کنڈی - سنگل - بیڑی +

زَنجیر ڈالنا - ا - پاؤں میں بیڑی ڈالنا +

زَنجیر کھٹکھٹانا یا ہلا مارنا - } ا - کنڈی کھڑکھڑانا - دستک دینا +

زَنجیرا - ا - مذکر - لوڑا - لہردار سیون یا کڑھائی

زَنخ یا زَنخدان } - ف - مؤنث - ٹھوڑی +

زَنخا - ا - مذکر - در اصل (زنکہ) ہیجڑا - پتلی کمر والا +

زِنداں - ف - مذکر - قید خانہ - جیل +

زِندگانی یا زِندگی } - ف - مؤنث - عمر - حیات +

زِندگی بسر کرنا - ا - عمر گزارنا - جینا +

زِندگی بھر - ا - تابع فعل - تمام عمر - جیتے جی +

زِندگی سے ہاتھ اُٹھانا یا - ہاتھ دھونا - } ا - جینے سے تنگ ہونا - زندگی سے عاجز ہونا +

زِندہ - ف - صفت - جیتا جاگتا - خوش - تازہ +

زِندہ باش - ف - دعا - خوش رہو - شاباش - جیتے رہو

زِندہ درگور ہونا - ا - زندگی وبال جان ہونا - موت سے پہلے مرنا +

زِندہ دلی - ف - مؤنث - دل لگی - خوش مزاجی +

زِندہ رہنا - ا - جیتا رہنا - سرسبز رہنا +

زَنگ - ف - مذکر - لوہے کا میل - کدورت - ایک ملک کا نام - گھنگرو - گھنٹی - مورچہ +

زنگ آلود یا آلودہ } - ف - صفت - میل کا کھایا ہوا - گندا +

زَنگار - ف - مذکر - تانبے کا کساؤ - نیلا تھوتھا +

زَنگاری - ف - صفت - ہرے رنگ کا +

زَنگولہ - ف - مذکر - گھنٹا - جرس - گھنگرو +

زَنگی یا - زَنجی - ف - مذکر - ملک حبش کا رہنے والا بہت کالا آدمی +

زَنگی ہڑ - ا - مؤنث - کالی ہڑ - ہلیلہ سیاہ +

زو

زَوال - ع - مذکر - جاتا رہنا - ڈھلاؤ - تنزل +

زَوال کا وقت - ا - مذکر - دوپہر کے بعد کا وقت دھوپ ڈھلنے کا وقت +

زَوالِ ماہ - ع و ف - صفت - چاند کی ۱۴ تاریخ کے بعد کے دن +

زَوائد - ع - صفت - جمع (زائد) کی - فضول - بڑھا ہوا - بیکار +

زَوج - ع - مذکر - جوڑا - شوہر - وہ عدد جو پورا پورا تقسیم ہو سکے +

زَوجُ الزَّوج - ع - مذکر - وہ عدد جو دو پر تقسیم ہونیکے بعد پھر دو پر بٹ سکے - جیسے ۸ - ۱۶ - وغیرہ +

زَوجُ الفَرد - ع - مذکر - وہ عدد جو طاق و جفت دونوں پر تقسیم ہو سکے جیسے ۱۲ - ۱۸ وغیرہ +

زَوجہ - ع - مؤنث - بیوی - استری ٭
زَوجیت - ع - مؤنث - نکاح - بیاہ - جوڑا لگنا ٭
زَوجیت میں لانا - ا - نکاح میں لانا - نکاح کرنا ٭
زُود - ف - تابع فعل - جلد - فوراً ٭
زُود آشنا - ف - صفت - بہت جلدی دوستی پیدا کرنیوالا ٭
زُود رنج - ف - صفت - تیز مزاج - بہت جلد بگڑ جانے والا ٭
زُود فہم - ف - صفت - ذکی - تیز فہم ٭
زُود نویس - ف - مذکر - تیز لکھنے والا ٭
زُور - ع - مذکر - مکر - جھوٹ ٭
زور - ف - مذکر - طاقت - غلبہ - کثرت - بیڈھب اچھا - انوکھا آدمی - سختی - دباؤ - چلدار ٭
زور آزمائی - ف - مؤنث - طاقت آزمانا - کشتی لڑنا
زور آور - ف - صفت - طاقتور - طاقت بخش ٭
زورِ بازو سے - ا - تابع فعل - اپنی محنت ومشقت سے
زور دار - ف - صفت - قوی - طاقتور ٭
زور دکھانا - ا - دباؤ ڈالنا - طاقت ظاہر کرنا ٭
زور دینا - ا - بوجھ ڈالنا - تاکید کرنا - مجبور کرنا - قوت دینا ٭
زور سے - ا - تابع فعل - طاقت سے - تیزی سے - سختی سے ٭
زور و شور - ف - مذکر - تیزی - چڑھاؤ - شدت ٭
زور شور پر - ا - تابع فعل - جوش وخروش پر - شدت پر
زور شور کا - ا - تابع فعل - گھنگھور - نہایت شدت کا
زور کرنا - ا - طاقت آزمانا - کوشش کرنا - ترقی پر ہونا ٭
زور مارنا - ا - بیحد کوشش کرنا - ساری طاقت صرف کرنا ٭
زور ہے - کلمۂ تعجب - بیحد ترقی پر ٭
زور ول پر چڑھنا - ا - طاقت میں بھرنا - طغیانی پر آنا - کمال کو پہنچنا - جوانی میں بھرنا - زیادہ ہونا - اترانا ٭
زُوفا - ع - مذکر - ایک قسم کی گھاس ٭

زھا کا

زِہ - ف - مؤنث - منڈیر - کانس - حمل وضع ہونا ٭
زِہار - ف - مذکر - ناف کے نیچے کا حصہ - پیڑو ٭
زُہد - ع - مذکر - پرہیزگاری - پارسائی ٭
زَہر - ف - مذکر - دیکھو سم - کڑوا - غصہ - خلاف طبع ٭
زہر اگلنا - ا - خلاف طبع باتیں منہ سے نکالنا - پھوٹ ڈالنا - بہکانا ٭
زہر آلود - ف - صفت - زہر ملا ہوا ٭
زہر آب - ف - مذکر - زہر ملا ہوا پانی ٭
زہر باد - ف - مذکر - کنٹھ مالا - کسی قسم کا زہر جو سانس کے ذریعہ سرایت کر جائے ٭
زہر چھنکنا - ا - زہر چڑھنا - زہر پھیلانا ٭
زہر دینا - ا - زہر کھلا کر مارنا ٭
زہر کھانا - ا - جان دینا - فریفتہ ہونا - حسد سے جلنا دشمنی کرنا - داشت رکھنا ٭
زہر کی پڑیا یا گانٹھ - ا - صفت - فتنہ انگیز - شریر - فسادی ٭
زہر کے سے گھونٹ پینا - ا - دل ہی میں کڑھنا غصہ کو روکنا ٭
زہر کے گھونٹ ہونا - ا - ناگوار گزرنا - زندگی کا تلخ ہونا ٭
زہر لگنا - ا - آنکھ میں کھٹکنا - برا لگنا ٭
زہر مہرہ - ف - مذکر - ایک دوائی کا نام ٭
زہر مہرہ ختائی - ف - مذکر - شہر ختا کا مشہور زہر مہرہ ٭
زہر میں بجھا ہوا - ا - صفت - وہ ہتیار جسکا لگا ہوا

دخم کبھی اچھا نہ ہو۔ فتنہ انگیز +

زہر ہونا یا ہو جانا } - ۔ مضر ہونا۔ کڑوا ہونا۔ زیادہ ہو جانا +

زہر ہے۔ ۔ محاورہ۔ نہایت مضر ہے۔ بے مزہ ہے بہت ہے +

زَہرا ۔ع۔ مؤنث۔ لقب حضرت فاطمہؓ کا +

زُہرہ ۔ع۔ مؤنث۔ ایک ستارہ کا نام۔ ایک خوبصورت عورت کا نام +

زُہرہ جبیں۔ ف۔ صفت۔ خوبصورت +

زَہرہ ۔ ف۔ مذکر۔ صفرا کی تھیلی۔ پتا۔ حوصلہ کلیجہ۔ جگر +

زَہرہ آب ہونا۔ ۔ کم ہمت ہونا۔ خوفزدہ ہونا +

زَہرہ پھٹنا۔ ۔ رعب چھانا۔ حیرت میں پڑنا۔ حسد کرنا +

زَہریلا مذکر یا زَہریلی مؤنث } ۔ ۔ زہردار۔ شریر۔ غضبناک +

زَہے۔ ف۔ کلمہ تعجب و تحسین۔ کیا کہنا ہے۔ شاباش غضب +

زی

زِیادتی۔ ف۔ مؤنث۔ کثرت۔ سختی۔ غلبہ +

زِیادتی کرنا۔ ۔ جبر کرنا۔ ظلم کرنا۔ زبردستی کرنا +

زِیادہ۔ ع۔ صفت۔ بڑھا ہوا۔ بیکار۔ بہت +

زِیادہ تر۔ ف۔ صفت۔ بہت زیادہ۔ اکثر۔ غالب

زِیادہ حدِ ادب۔ ف۔ ع۔ دعائے خاتمہ۔ وہ جملہ جو کسی عرضی یا خط پر بطور خاتمہ لکھتے ہیں +

زِیادہ ستانی۔ ف۔ مؤنث۔ معمول سے زیادہ لینا مراد رشوت +

زِیادہ سے زِیادہ۔ ۔ تابع فعل۔ بہت سے بہت حد درجہ کا +

زِیادہ گو۔ ف۔ مذکر۔ جھوٹا۔ بات کو بڑھا کر کہنے والا +

زِیادہ ہونا۔ ۔ بڑھنا۔ بچ رہنا۔ ختم ہونا +

زِیارت۔ ع۔ مؤنث۔ کسی بزرگ کا مقبرہ۔ تیرتھ

زِیارت گاہ۔ ع۔ مؤنث۔ متبرک جگہ۔ بزرگوں کا دربار

زِیان۔ ف۔ مذکر۔ نقصان۔ گھاٹا +

زیب و زِینت۔ ف۔ مؤنث۔ بناؤ سنگار۔ سجاوٹ آراستگی +

زیبِ تن کرنا۔ ۔ کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا پہننا۔ لگانا +

زیب دینا۔ ۔ بھلا معلوم دینا۔ کِھلنا۔ خوشنما لگنا موزوں ہونا +

زیبا۔ ف۔ صفت۔ خوشنما۔ آراستہ۔ مناسب +

زیبائش۔ ف۔ مؤنث۔ پھبن۔ خوشنمائی +

زِیبق۔ ع۔ مذکر۔ پارہ۔ رس +

زیبندہ۔ ف۔ صفت۔ رونق دینے والا +

زَیتون۔ ع۔ مذکر۔ ایک مشہور روغنی درخت کا نام

زَید۔ ع۔ مذکر۔ ایک فرضی نام +

زِیر۔ ف۔ مؤنث۔ مدھم آواز۔ نیچا سُر +

زِیر و بَم۔ ف۔ مذکر۔ طبلہ یا ڈھولکی کے دونوں رخ۔ سارنگی کا اونچا نیچا سُر +

زیر۔ ف۔ مذکر۔ حرف کے نیچے کی آڑی لکیر۔ کمزور

زیر انداز۔ ف۔ مذکر۔ غالیچہ +

زیر بار۔ ۔ صفت۔ بوجھ میں دبا ہوا۔ قرضدار

زیر بار ہونا۔ ۔ بوجھل ہونا۔ قرض میں دبنا +

زیر بند۔ ف۔ مذکر۔ گھوڑے کا تنگ +

زیر پائی۔ ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی زنانی جوتی +

زیرِ تجویز۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ سوچ بچار یا غور و فکر کے ماتحت +

زیرِ حکومت۔ ف۔ ع۔ تابع فعل۔ رعیت۔ حکومت میں

زیر دست۔ ف۔ مذکر۔ غریب۔ کمزور +

زیرِ سایہ۔ ف۔ تابع فعل۔ پناہ میں۔ قریب۔ نیچے +

زیر کرنا ۔ و ۔ عاجز کرنا ۔ قبضہ میں لانا +
زیرِ مشق ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ چمڑا یا سخت چیز جو مشق کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھتے ہیں ۔ رواں +
زیر و زبر کرنا ۔ و ۔ تباہ و برباد کرنا ۔ الٹ پلٹ کرنا پراگندہ کرنا +
زیرہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک خوشبودار باریک تخم ۔ پھول کے اندر کا باریک رُواں +
زیرۂ سفید ۔ ف ۔ مذکر ۔ دھولے رنگ کا زیرہ
زیرۂ سیاہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ کالے رنگ کا باریک زیرہ +
زیرک ۔ ف ۔ صفت ۔ ہوشیار ۔ چالاک ۔ باسلیقہ
زیرکی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ دانائی ۔ ہوشیاری ۔ تیز فہمی +
زیریں ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ نیچے کا +
زیست ۔ ف ۔ مؤنث ۔ زندگی ۔ عمر +
زیست کا حظ اٹھ جانا یا اٹھ چکنا } ۔ و ۔ زندگی کا مزہ جاتا رہنا +
زیست کا حظ اٹھانا ۔ و ۔ زندگی کا لطف اٹھانا +
زیست مشکل پڑنا ۔ و ۔ جینا دوبھر ہونا +
زین ۔ ف ۔ مذکر ۔ چار جامہ ۔ کاٹھی ۔ سرج +
زین پوش ۔ ف ۔ مذکر ۔ زین کے اوپر ڈالنے کا کپڑا
زین دھرنا یا کسنا } ۔ و ۔ گھوڑے پر کاٹھی رکھنا +
زین خال ۔ و ۔ مذکر ۔ عورتوں کا اک فرضی جن +
زینہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ سیڑھی ۔ پوڑی +
زینہار ۔ یا زِنہار ۔ ف ۔ حرفِ تنبیہ ۔ ہرگز کبھی +
زیور ۔ ف ۔ مذکر ۔ گہنا ۔ ڈوم ۔ زیبائش +

ژ

ژ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ اردو الف ۔ بے تے کا سترہواں حرف

ژا

ژاژ ۔ ف ۔ مذکر ۔ اونٹ کٹارا ۔ بیہودہ بات +
ژاژ خائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بکواس +
ژالہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ اولا ۔ بجری +
ژالہ باری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ اولے پڑنا +

ژن

ژند ۔ ف ۔ مذکر ۔ گدڑی ۔ بزرگ ۔ زرتشتی مذہب کی اک کتاب کا نام ۔ بہت پرانی فارسی +

ژو

ژولیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ الجھے ہوئے ۔ پریشان ۔ بکھرے ہوئے +
ژولیدہ حال ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ پریشان حال ۔ خستہ حالی +
ژولیدہ مو ۔ ف ۔ صفت ۔ الجھے ہوئے بال ۔ بکھرے ہوئے بال +

ژی

ژیان ۔ ف ۔ صفت ۔ غضبناک ۔ غصہ ور +

س ۔ ع ۔ مذکر ۔ اردو الف بے تے کا اٹھارہواں حرف +

س ا

سا - ہ - حرفِ تشبیہ - مثل - مانند جیسے کالا سا - گورا سا وغیرہ ◆

سابَر - ہ - اسم - مذکر - بارہ سنگا - بارہ سنگا یا ہرن کا چمڑا - تقضب لگانے کا آلہ ◆

سابِق - ع - صفت - پہلا - پُرانا - بڑھا ہوا ◆

سابِق دَستُور - ع - ف - صفت - پہلے کے موافق قدیم دستور یا رسم کے مطابق ◆

سابِق میں - ا - تابع فعل - پہلے - گزشتہ زمانہ میں

سابقہ پڑنا - ہ - کسی سے واسطہ یا کام پڑنا - واقفیت ہونا - میل طاپ ہونا ◆

سابُونی - ا - اسم - مؤنث - ایک سفید اور گول مٹھائی کا نام ہے اسکا اصل املا (صابونی) ہے ◆

سات - ہ - چھ اور ایک کا مجموعہ (۷) ◆

سات پانچ کرنا - ہ - حجت کرنا - جھگڑا نکالنا - حیلہ کرنا - بیجا عذر پیش کرنا ◆

سات پَردہ میں رکھنا - ا - نہایت احتیاط سے رکھنا

سات پُشت - ہ - مؤنث - سات پیڑھی - اخیر کی سات پشتیں ◆

سات کَوّوں سے مُنہ کالا کرنا - ہ - سات کووں کی سیاہی سے منہ کالا کرنا - خاطر میں نہ لانا - بات نہ پوچھنا

سات دھار ہو کر نکلنا - ہ - کھایا پیا قے یا دست کے ذریعہ نکل جانا - ہضم نہ ہونا - پھوٹ پھوٹ کر رونا

سات سِنگار - ا - مذکر - عورتوں کی سات آرائشیں یعنی سرمہ لگانا - مہندی لگانا - پان کھانا - مسی لگانا - سر گوندھنا - زیور پہننا - چوڑیاں پہننا - لیکن ہندوؤں میں سولہ سنگار مشہور ہیں ◆

سات سَو چُوہے کھاکے بلی حج کو چلی - ا - کہاوت بہت سے پاپ کرنیکے بعد نیک کام کا ارادہ کیا ◆

سات سہیلیوں کا جُھمکا - چھوٹے چھوٹے چھ یا سات ستاروں کا گچھا جو اکثر جاڑے کے موسم میں آسمان پر نظر آتا ہے ◆

ساتھ - ہ - مذکر - ہمراہی - شمولیت - سنگت ◆

ساتھ چھوٹنا - ہ - جدا ہونا - طاپ نہ رہنا ◆

ساتھ دینا - ہ - ہمراہ رہنا - مدد دینا ◆

ساتھ لگا پھرنا - ہ - ہمراہ رہنا - پیچھے پیچھے پھرنا

ساتھی - ہ - مذکر - ہمراہی - ہم جلیس - مددگار ◆

ساٹھا - ہ - مذکر - ساٹھ برس کا آدمی ◆

ساٹھا پاٹھا - ہ - مذکر - ساٹھ برس کا آدمی جسکے قویٰ اس عمر میں اچھے ہوں ◆

ساٹَن - انگ - ایک قسم کا بھڑکیلا ریشمی کپڑا ◆

ساٹھی یا سٹھی - ہ - مؤنث - ایک قسم کے موٹے دھان جو ساٹھ دن کے اندر بشرط بارش تیار ہو جاتے ہیں

ساجَن یا سَجَن - ہ - مذکر - خاوند - دلبر - امیر خداوند تعالےٰ ◆

ساجنا - ہ - مذکر - آراستہ کرنا - سجانا ◆

ساجھا - ہ - مذکر - شرکت - حصہ ◆

ساچَق - ت - مؤنث - (صحیح بکسر جیم فارسی) شادی کے اک روز پیشتر کی رسم جس میں دولہا کے گھر سے مختلف اشیاء - مہندی - مصری - میوہ - سہاگ پڑا - پھلیل - جوڑا وغیرہ آرائش کے ساتھ کچھ آدمی لیکر جاتے ہیں ◆

ساحِر - ع - مذکر - جادوگر ◆

ساحِرہ - ع - مؤنث - جادوگرنی ◆

ساحِل - ع - مذکر - سمندر یا دریا کا کنارہ ◆

ساخت - ف - مؤنث - بناوٹ - تکلف ◆

ساختہ - ف - صفت - بنایا ہوا - گھڑا ہوا - جھوٹا - جعلی ◆

ساختہ پرداختہ - ف - مذکر - بنایا سنوارا - کیا کرایا ہوا - کرتوت ◆

سادات - ع - مؤنث - سید کی جمع الجمع بہت سے سید - قوم سید - وہ قوم جو حضرت علی کی اولاد

بطن خالص سے ہو +

سادگی - ف - مؤنث - سادہ روئی - بے تکلفی - راستبازی
بھولاپن +

سادہ - ف - مذکر - کورا - بغیر لکھا - صاف - بے ہنر
بھولا بھالا - سیدھا سادہ - بیوقوف - خالص - بے
نقش و نگار +

سادہ پن - ا - مذکر - سیدھائی - بھولاپن - بیوقوفی

سادہ رُخ - ف - صفت - چکنے ڈاڑھی مونچھ نہ
نکلی ہو +

سادہ دل - ف - صفت - بے کینہ - صاف دل +

سادہ طور - ف - ع - مذکر - وہ شخص جو اول سے
آخر تک ایک وضع پر رہے - بے ٹیپ ٹاپ +

سادہ کار - ا - مذکر - سادہ اور سُبک کام بنانیوالا
وہ سُنار جو عمدہ اور نفیس کام بنائے +

سادہ لوح - ف - ع - مذکر - نادان - سیدھا - بیوقوف

سادہ لوحی - ف - ع - مؤنث - سادگی - سدھائی
بے وقوفی +

سادھ - ہ - صفت - پرہیزگار - نیک - مہاتما -
جوگی - فقیر +

سادھارن - ہ - صفت - برابر - سمان - معمولی
سانجھ - سادہ - آسان - اتفاقی - اکثر اوقات - بلاتکلف
سہج سہج +

سادھنا - س - مذکر - تدبیر - بناہ - وفا - عمل آمد
مشق - دستور - عبادت - بندگی +

سادھنا - ہ - پورا کرنا - بنانا - دُرست کرنا - پڑھانا
مانوس کرنا - تولنا - عادت ڈالنا - سنوارنا +

سادھو - ہ - صفت - سنت - معصوم - بے شرم
بھلامانس - جوگی +

سادھو بچہ - ا - مذکر - مکار - چالاک - فریبی -
ایک کشمیری قوم کا نام جو سادھوؤں کے لباس میں
اپنی عیاریوں سے لوگوں کو دھوکا دیتے ہیں +

سار - ہ - مذکر - پاسہ - چوسر کھیلنے کی کوڑیاں +

سارا - ہ - صفت - تمام - سب کا سب - پورا +

ساربان - ف - مذکر - اونٹ چلانیوالا - سانڈنی سوار

سارجنٹ - انگ - مذکر - رنگروٹوں کو قواعد سکھانے
والا - حوالدار - داروغہ +

سارٹیفکیٹ - انگ - مذکر - سند - کارگزاری یا
خوشنودی کی چٹھی +

سارس - ہ - مذکر - کلنگ - کونج - قاز +

سارس کی سی جوڑی - ہ - صفت - ہر دم اور ہر
وقت ساتھ رہنے والے - ہمزاد کی مانند +

سارق - ع - مذکر - چور +

سارنگی - ہ - مذکر - ایک ستار کی قسم کا باجہ +

سارے جہان کا چھٹا ہوا - ا - محاورہ - اتحد
بیباک +

ساڑھو - ہ - مذکر - سالی کا شوہر - ہمزلف +

ساڑھی - ہ - مؤنث - وہ جھلی جس میں چنا مٹر
وغیرہ پیدا ہوتے ہیں +

ساڑھے - ہ - صفت - آدھا - نصف - جیسے
ساڑھے چار وغیرہ +

ساڑی - ہ - مؤنث - اک لمبی دھوتی جسکو ہندو عورتیں
باندھتی ہیں +

ساز - ف - مذکر - سامان - باجا +

ساز باز - ا - مذکر - سازش - جوڑ توڑ +

ساز باز کرنا - ا - ہمراز ہونا - میل جول کرنا +

سازش - ف - مؤنث - اتفاق - لگاؤ - کسی کے
خلاف خفیہ جوڑ توڑ +

سازگار - ف - صفت - مبارک - موافق +

ساز و سامان - ف - مذکر - مال اسباب -
لوازمات - تیاری +

سازندہ - ف - مذکر - طبلچی - باجا بجانے والا +

ساس - انگ - مذکر - سالن - چٹنی +

سانس پان - انگ - مذکر - ہتیلی - دستی کرچھا +
ساس - ہ - مؤنث - جورو یا خاوند کی ماں +
ساعت - ع - مؤنث - گھنٹہ - پل - منٹ +
ساعد - ع - مذکر و مؤنث - بازو - کلائی +
ساعی - ع - مذکر - کوشش کرنے والا +
ساغر - ع - مذکر - جام - شراب کا پیالہ +
ساغر چلنا - ا - شراب کا دور چلنا +
ساق - ع - مؤنث - پنڈلی - گھٹنے اور ٹخنے کا درمیانی حصہ +
ساقط - ع - صفت - گرنے والا - متروک - نکما - گرا ہوا
ساقی - ع - مذکر - پلانے والا - شراب بانٹنے والا محبوب +
ساقن - ا - مؤنث - بازاری عورت جو اوباش لوگوں کو حقہ اور چرس وغیرہ پلائے +
ساکت - ع - صفت - چپ - بےحس و حرکت +
ساکن - ع - صفت - ٹھیرا ہوا - رہنے والا - باشندہ +
ساکھ - ہ - مؤنث - گواہی - موسم - اعتبار - آبرو +
ساگ - ہ - مذکر - سبزی - بناس پتی +
ساگ پات - ہ - مؤنث - ترترکاری +
ساگر - ہ - مذکر - سمندر - تالاب +
ساگودانہ - ا - مذکر - ایک لطیف دانہ کا نام جو اکثر بیماروں کو کھلاتے ہیں - سابودانہ +
ساگوان - ہ - مؤنث - ایک قسم کی مضبوط لکڑی +
سال - ہ - مذکر - ایک قسم کی لکڑی جو عمارتی کاموں میں کام آتی ہے +
سال - ف - مذکر - برس - سمبت - سنہ +
سال خوردہ - ف - صفت (تلفظ سال خُردہ) پرانا بوڑھا - تجربہ کار +
سالِ شمسی - ف ع - مذکر - وہ سال جسکا حساب سورج کی چال پر ہو +

سالِ فصلی - ف - ع - مذکر - لگان یا خراج وصول کرنے کا سال - وہ سال جسکا حساب فصلوں پر ہو +
سالِ قمری - ف ع - مذکر - وہ سال جسکا شمار چاند کی رفتار پر ہو +
سالِ کبیسہ - ف - مذکر - لوند کا برس - وہ برس جو تین سال کے بعد تیرہ مہینہ کا آتا ہے +
سال گرہ - ف - مؤنث - وہ دھاگا جسمیں بچہ کی عمر شمار کرنے کے لیئے سال بسال گرہ لگاتے جاتے ہیں - عمر کا سال پورا ہونے کا دن +
سالا - ہ - مذکر - بیوی کا بھائی - ایک سخت گالی
سالار - ف - مذکر - رہنما - کپتان +
سالارِ جنگ - ف - مذکر - سپہ سالار - فوجی افسر
سالارِ قافلہ - ف - ع - مذکر - قافلہ کا سردار +
سالارِ قوم - ف - ع - مذکر - قوم کا سردار - چودھری +
سالانہ ، سالیانہ } - ف - صفت - برس کا دن - سال بسال +
سالک - ع - مذکر - راہ رو - شریعت کی پابندی کرنے والا +
سالم - ع - صفت - کامل - پورا - تندرست - محفوظ +
سالن - ہ - مذکر - ترکاری - قلیہ +
سالنا - ہ - برمانا - چھید کرنا - چول کھودنا +
سالوتری - س - مذکر - چوپایوں کا علاج کرنیوالا
سالی - ہ - مونث - بیوی کی بہن +
سامان - ف - مذکر - اسباب - تیاری - بندوبست
سامان بندھنا - ا - تیاریاں ہونا - ڈھنگ پڑنا
سامانِ عیش - ف ع - مذکر - آرام اور راحت کا سامان +
سامُدرِک - س - مونث - قیافہ +
سامرتھی - ہ - مذکر - شہ زور - مضبوط +

ساحری - ع - مذکر - ایک مشہور جادوگر کا نام +
ساحری فن - ع - ف - مذکر - بہت بڑا جادوگر اپنے فن کا اُستاد +
سامع - ع - مذکر - سننے والا +
سامعہ - ع - مؤنث - اک قوت جسکے ذریعہ آوازوں کو سنتے ہیں +
سامنا - ہ - مذکر - مقابلہ آنکھوں کا چار ہونا +
سامنا کرنا یا ہونا } - ہ - گستاخی کرنا - برابری کرنا - مقابلہ ہونا - ملاقات ہونا - پردہ نہ رہنا
سامنے - ہ - تابع فعل - مقابل - سیدھ میں منہ پر - آگے کی طرف +
سامنے آنا - ہ - رو برو ہونا - منہ دکھانا +
سامنے کی باتیں - ہ - مؤنث - موجودگی کا ذکر
سان - ہ - مؤنث - اُسترہ اور چاقو وغیرہ تیز کرنے کا پتھر +
سانبھر - ہ - مؤنث - اک قسم کا نمک جو کھارے پانی سے بنایا جاتا ہے +
سانپ - ہ - مذکر - ناگ - ایک زہریلا کیڑا +
سانپ کا بچہ سپولیا } - ہ - کہاوت - جیسا باپ ویسی اولاد +
سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں } - ہ - کہاوت - فتنہ انگیز کی فتنہ پردازی ظاہر نہیں ہوتی بلکہ پوشیدہ ہی رہتی ہے +
سانپ مرے اور لاٹھی نہ ٹوٹے } - ہ - کہاوت - کام نکل آئے مگر نقصان نہ ہو +
سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو - ہ - کہاوت - موقعہ نکل گیا اب پچھتایا کرو +
سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے - ہ - کہاوت جو پہلے مصیبت اٹھا چکا ہو وہ ذرا سے خطرے سے بھی ڈرتا ہے +
سانٹا - ہ - مذکر - چابک - کوڑا +

سانجھ - ہ - مؤنث - شام کا وقت +
سانجھ سویرے - ہ - مؤنث - شام صبح +
سانچ - ہ - مذکر - سچائی +
سانچ کو آنچ نہیں - ہ - کہاوت - سچائی کو کوئی خطرہ نہیں +
سانچے - ہ - مذکر - جمع سانچا کی قالب +
سانچے میں ڈھلنا - ہ - خوبصورت بننا +
سانچے میں ڈھالنا - ہ - خوبصورت بنانا +
سانحہ - ع - مذکر - دل ہلا دینے والی بات - حادثہ مجازاً بُری خبر +
سانڈ - ہ - مذکر - بجار - وہ بیل جو کسی دیوتا کے نام پر آزاد کر دیا گیا ہو +
سانڈا - ہ - مذکر - ایک قسم کا جانور جسکا تیل دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے +
سانڈنی - ہ - مؤنث - تیز چلنے والی اُونٹنی +
سانڈنی سوار - ہ - مذکر - وہ پیغامبر جو تیز رفتار اونٹنی پر خبر لے جاتے ہیں +
سانس - ہ - مؤنث و مذکر - نفس - پھونک - دم
سانس اُکھڑنا - ہ - سانس کے نظام میں فرق آنا - سانس کا قابو سے باہر ہونا +
سانس پھولنا - ہ - دم چڑھنا - دمہ کا مرض ہونا
سانس چڑھنا - ہ - دم پھولنا - تھک جانا +
سانس رُکنا - ہ - دم گھٹنا +
سانکل - ہ - مؤنث - زنجیر +
سانگ یا سوانگ - ہ - مذکر - کھیل - روپ بھرنا نقل اتارنا +
سان گمان - ہ - مذکر - وہم و خیال +
سانگی - ہ - مؤنث - وہ جگہ جہاں گاڑیبان بیٹھتا ہے - گاڑی کا جوا +
سانٹنا - ہ - ملانا - گوندھنا +
سانولا یا سانورا - ہ - صفت - گیہوں کے رنگ

کا۔ کالے اور گورے کے درمیان کا رنگ ٭

سانولا سلونا ۔ ہ ۔ صفت ۔ نمکین ٭

سان نہ گمان ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ وہم نہ خیال ٭

سانی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گائے وغیرہ کا وہ چارہ جو دودھ کی زیادتی کے لئے دیا جائے ٭

ساون ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ۱۵ جولائی سے ۱۵ اگست تک کا زمانہ ۔ ہندی سن کا چوتھا مہینہ ٭

ساون بھادوں ۔ ہ ۔ مذکر ۔ برسات کا پہلا دوسرا مہینہ

ساون کے اندھے کو ہرا سوجھے ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ غریبی میں بھی امیری کا حوصلہ باقی رہتا ہے ٭

ساون کی جھڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ مینہ لگاتار برسنا ٭

ساون ہرے نہ بھادوں سوکھے } ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ ہر حالت میں یکساں رہنا ٭

ساونی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ چھ مہینے جنمیں جوار باجرہ ۔ تل وغیرہ پیدا ہوتے ہیں ٭

ساہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بیوپاری ۔ سیٹھ ۔ جو چور نہ ہو ٭

ساہ پن یا ساہو پن } ہ ۔ مذکر ۔ سوداگری ۔ شرافت ٭

ساہوکار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بنیا ۔ لین دین کرنے والا ۔ سود خوار ۔ تاجر ٭

ساہوکارا ۔ ا ۔ مذکر ۔ لین دین کی جگہ ٭

ساہوکاری ۔ ا ۔ مؤنث ۔ تجارت ۔ بیوپار ٭

ساہی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک خاردار جانور جسکو ربسہ بھی کہتے ہیں ٭

سائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بیعانہ ۔ وہ رقم جو معاملہ کرنے کے لئے پیشگی دیجاتی ہے ٭

سائبان ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ چھپر جو دھوپ اور بوچھاڑ سے بچنے کیلئے مکان کے سامنے ڈالدیتے ہیں

سائر ۔ ع ۔ صفت ۔ سیر کرنیوالا ۔ تمام ۔ بچا ہوا ۔ محصول چنگی ٭

سائر خرچ ۔ ا ۔ مذکر ۔ دفتروں کا بالائی خرچ

سائیس ۔ ا ۔ مذکر ۔ گھوڑے کی دیکھ بھال کرنیوالا

سائل ۔ ع ۔ مذکر ۔ مانگنے والا ۔ پوچھنے والا ۔ امیدوار ۔ دعوی کرنیوالا ۔ درخواست دینے والا ٭

سائیں ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خدا ۔ ایشور ۔ داتا ۔ مالک درویش ٭

سائیں بابا یا سائیں داتا یا سائیں مولے } ا ۔ مذکر ۔ کامل فقیروں کا لقب ٭

سائیں کا دربار ۔ ا ۔ مذکر ۔ دربار خداوندی خدا کی کچہری ٭

سائین بورڈ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ پتہ کا وہ تختہ جو عام گزرگاہ پر لٹکایا جائے ٭

سائیں سائیں ۔ (بیائے مجہول) ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ہوا کی سنسناہٹ ٭

سایا ۔ (پرتگال) ۔ مذکر ۔ میموں کا گھیردار لباس لہنگا ۔ گھاگرا ٭

سایہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ چھاؤں ۔ پناہ ۔ حمایت ۔ جن کا اثر صحبت کا اثر ۔ فوٹو کی سیاہی ٭

سایہ اترنا ۔ ا ۔ جن وغیرہ کا اثر زائل ہونا ٭

سایہ پڑنا ۔ ا ۔ صحبت کا اثر ہونا ٭

سایۂ خدا ۔ ف ۔ مذکر ۔ بادشاہ ۔ خدا کی حمایت

سایہ دار ۔ ف ۔ صفت ۔ چھاؤں دار ٭

سایہ رہنا ۔ ا ۔ سر پر کسی مربی کا ہونا ٭

سائے تلے آجانا ۔ ا ۔ کسی کی پناہ میں آجانا ٭

سائے سے بھاگنا یا بھڑکنا ۔ ا ۔ صورت سے بھاگنا ۔ نفرت کرنا ۔ بدکنا ٭

س ب

سب ۔ ہ ۔ صفت ۔ تمام ۔ ہر قسم کا ۔ پورا ٭

سب کا سب ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ تمام کا تمام ٭

سب کچھ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ہر ایک شے ٭

سب کو ایک لاٹھی ہانکنا - ہ - سب کے ساتھ بلا لحاظ مرتبہ ایک جیسا برتاؤ کرنا ٭
سَب کوئی - ہ - مذکر - ہر آدمی ٭
سَب کے دیکھتے - ہ - تابع فعل - ہر ایک کی موجودگی میں
سَب انجنیئر - انگ - مذکر - نائب انجنیر ٭
سَب اِنسپکٹر - انگ - مذکر - تھانیدار ٭
سَب اَوَرسیر - انگ - مذکر - پیمائش کرنے والے کا نائب ٭
سَب آوفس - انگ - مذکر - ماتحتوں کا دفتر - ماتحت دفتر ٭
سَبَب - ع - مذکر - وجہ - ذریعہ ٭
سُبحان - ع - صفت - تمام عیبوں سے پاک ٭
سُبحان اللہ - ع - کلمہ تعجب - خدا تعالےٰ انسانی صفات سے پاک صاف ہے - واہ کیا خوب کی جگہ بولا جاتا ہے ٭
سُبحان تیری قُدرت - ا - مؤنث - تیری قدرت کا کیا کہنا ٭
سُبحَہ - ع - مؤنث - تسبیح - مالا ٭
سَبز - ف - صفت - ہرا - کچا ٭
سبز باغ دکھانا - ا - جھوٹا وعدہ کرنا - بے اصل باتوں کا اظہار کرنا - فریب دینا ٭
سَبز بَخت - ف - صفت - خوش قسمت - نیک بخت
سَبز پوش - ف - مذکر - ہرے لباس والا - ماتمی لباس والا ٭
سَبز قَدَم - ف - ع - صفت - بدنصیب - منحوس ٭
سَبز ہونا - ا - لازم - ہرا بھرا ہونا - تر و تازہ ہونا مقبول ہونا ٭
سَبزَہ - ف - مذکر - تر و تازگی - گھاس - ہریالی - وہ سفید گھوڑا جو سیاہی مائل ہو ٭
سَبزَہ - ا - مذکر - بھنگ ٭
سَبزَہ رَنگ - ا - صفت - گندمی رنگ - دلربا

سَبزہ زار - ف - مذکر - ہری بھری زمین ٭
سَبزہ لہلہانا - ا - گھاس یا سبز پودوں کا لہرانا ٭
سَبزی - ف - مؤنث - ترکاری - کچے ہونے کی علامت - بھنگ ٭
سَبزی پینا - ا - بھنگ پینا ٭
سَبزی فروش - ف - مذکر - ترکاری بیچنے والا - کنجڑا ٭
سَبزی مَنڈی - ا - مؤنث - میوہ اور ترکاری فروخت ہونیکی جگہ ٭
سَبسکرائبر - انگ - مذکر - چندہ ادا کرنے والا - خریدار ٭
سِبط - ع - مذکر - لڑکے کی اولاد - کنبہ ٭
سَبع - ع - صفت - سات - چھے اور ایک کا مجموعہ ٭
سَبع سَیارَہ - ع - مذکر - سات ستاروں کا جھمکا ٭
سَبَق - ع - مذکر - کتاب کے صفحوں کی وہ تعداد جو ہر روز آگے پڑھائی جائے - بازی لیجانا - نصیحت ٭
سَبَق پڑھانا یا پڑھنا } - ا - تعلیم دینا - سیکھنا ٭
سَبَق لینا - ا - پڑھنا - نصیحت حاصل کرنا ٭
سَبقَت - ع - مؤنث - آگے بڑھنا ٭
سَبقَت کرنا - ا - ابتدا کرنا ٭
سَبقَت لیجانا - ا - آگے بڑھ جانا - بازی مار لیجانا ٭
سُبُک - ف - صفت - ہلکا - نازک - اوچھا - ذلیل - تیز - آزاد ٭
سُبُک بار - ف - مذکر - ہلکا پھلکا ٭
سُبُک دَست - ف - صفت - پھرتیلا - ہاتھ چالاک
سُبُکدوش - ف - صفت - ذمہ داری سے بری - فارغ ٭
سُبُکدوش کرنا - ا - بری کرنا - آزاد کرنا - علیحدہ کرنا
سُبُک سَر - ف - صفت - اوچھا - کم حوصلہ ٭

سُبک ہونا - ل - بے وقار ہونا - نظروں سے گرنا -
سُبکنا - ہ - بچے کا روتے وقت ہچکیاں لینا *
سُبکی - ہ - مؤنث - سسکی لینا - روتے وقت اوپر کا سانس جھٹکے کیساتھ لینے کی حالت *
سُبکی - ف - مؤنث - نزاکت - ہلکاپن - بے قدری
سُبکی ہونا - ل - خفیف ہونا - ذلیل ہونا *
سبُو - ف - مذکر - گھڑا - مٹکا *
سبُوچہ - ف - مذکر - چھوٹا گھڑا *
سبُوس - ف - مذکر - بھوسی - دانے کے اوپر کا چھلکا
سُبھ گھڑی - ہ - مؤنث - نیک گھڑی - مبارک ساعت
سبھا - ہ - مؤنث - گروہ - محفل - انجمن - مجلس *
سبیل - ع - مؤنث - راہ - صورت - پانی یا شربت پلانیکی جگہ *
سبیل پلانا - ل - بلاقیمت راہ چلتوں کو شربت یا پانی پلانا *
سبیل رکھنا - ل - راستہ پر پانی پلانیکو مٹکے وغیرہ رکھنا *
سبیل کرنا - ل - بندوبست کرنا *

س پ

سپاٹ - ہ - صفت - ہموار - برابر *
سُپاری - ہ - مؤنث - چھالیا - پان میں ڈالکر کھلانے کا ایک مشہور پھل *
سپارہ - ف - مذکر - ہر چیز کا تیسواں حصہ - اسی سے قرآن مجید کے تیس حصوں میں سے ہر ایک کو سپارہ کہتے ہیں *
سپاس - ف - مؤنث - احسان پر اظہار شکر *
سپاس گزاری - ف - مؤنث - شکر ادا کرنا *
سپاسنامہ - ف - مذکر - وہ تحریری شکریہ جو کسی بڑے آدمی کی خدمت میں اُسکی کارگزاریوں پر پیش کیا جائے - ایڈریس *
سپاہ یا سپہ - ف - مؤنث - فوج - لشکر - سینا *

سپاہ گری یا سپہ گری } - ف - مؤنث - فوجی پیشہ - سپاہی کا کام *
سپاہی - ف - مذکر - تلنگا - کانسٹیبل *
سپر - ف - مؤنث - ڈھال *
سپر ہونا - ل - آڑ ہونا - بچاؤ بننا *
سپرد کرنا - ل - دیدینا - سونپنا - حوالے کرنا *
سپردگی - ف - مذکر - ذمہ داری میں دیدینا *
سپرنٹنڈنٹ - انگ - مذکر - نگران - داروغہ - ضلع کی پولیس کا بڑا افسر *
سپنا - ہ - مذکر - خواب - سوتے میں جو کچھ نظر آئے
سپوت - ہ - مذکر - نیک بخت بیٹا - ماں باپ کا فرمانبردار لڑکا *
سپولیا - ہ - مذکر - سانپ کا بچہ *
سپہ سالار - ف - مذکر - فوج کا سب سے بڑا افسر *
سپہر - ف - مذکر - آسمان - آکاش *
سپہر - ل - مذکر - تیسرا پہر - دن کا تیسرا حصہ *
سپید - ف - صفت - چٹا - سفید - کورا *
سپید و سیاہ کرنا - ل - برا یا بھلا کرنا *
سپیدہ - ف - مذکر - پتھر کا پھُوکا ہوا چونا - قلعی - صبح کی روشنی *
سپیرا - ہ - مذکر - سانپ کا پکڑنے اور تماشہ کرنیوالا

س ت

ست - ہ - مذکر - زور - طاقت - سچ - اصل - جوہر ٹھیک - پاکدامنی - مضبوطی - ایمان *
ست بچن - پنجابی - مذکر - درست ہے - بجا ارشاد
ست بچنیا - پنجابی - مذکر - خوشامدی نوکر - جی حضوری ہاں میں ہاں ملانے والا - چاپلوس *
ست چڑھنا - ہ - ستی ہونے کا جوش بھرنا - مرنے پر مستعد ہونا *
ست چھوڑنا - ہ - ہمت ہارنا - جی چھوڑنا *

ست سیتا - ہ - صفت - پارسا عورت - ستونتی - پاک دامن عورت ✤

ست نکل جانا - ہ - قوت کا زائل ہو جانا - دم نہ رہنا - مال دولت جاتے رہنا ✤

ست - ہ - صفت - سچائی - صحت - اصیل - کھرا - سات کا مخفف ✤

ست بادی - ہ - مذکر - سچا آدمی - فلاسفر ✤

ست جگ - ہ - مذکر - نہایت بہتر زمانہ - سب سے بھلا اور کھرا زمانہ ✤

ست ماسا - ہ - مذکر - وہ رسم جو حمل پر ساتویں مہینے برتی جاتی ہے ✤

ستوانسا - ہ - مذکر - وہ بچہ جو حمل کے ساتویں مہینے پیدا ہو ✤

ستّا - ہ - مذکر - تاش کا وہ پتّا جس پر سات علامتیں پان - اینٹ وغیرہ کی ہوں - پچیسی کی سات چت کوڑیاں

ستار - ل - مذکر - (مرکب سہ - تار) ایک مشہور باجا ✤

ستارہ - ف - مذکر - تارہ - وہ روشن کرے جو رات کو چمکتے نظر آتے ہیں - نصیب قسمت - وہ گول گول چاندی سونے کی ٹکیاں جو کپڑوں اور ٹوپیوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہیں ✤

ستارہ بلند ہونا - ل - نصیبے کا بلند ہونا قسمت کا جاگنا ✤

ستارہ شناس - ف - مذکر - نجومی - جوتشی ✤

ستارہ کی گردش - ل - مؤنث - قسمت کا چکر ✤

ستارہ گردش میں ہونا - ل - نصیبے کا مخالف ہونا

ستارہ ملنا - ل - دو آدمیوں کا طبیعت اور مزاج میں موافق ہونا ✤

ستارۂ ہند - ل - مذکر - ایک سرکاری خطاب ✤

ستاری یا ستالی - ہ - مؤنث - چمڑے یا کاغذ میں چھید کرنے کا اوزار ✤

ستاسی - ہ - صفت - اسی اور سات کا مجموعہ (۸۷)

ستانا - ہ - تکلیف دینا - دق کرنا ✤

ستانوے - ہ - صفت - نوے اور سات کا مجموعہ (۹۷)

ستاون - ہ - صفت - پچاس اور سات کا مجموعہ (۵۷)

ستائیس - ہ - صفت - بیس اور سات کا مجموعہ (۲۷)

ستائش - ف - مؤنث - تعریف و توصیف - خوبیاں بیان کرنا ✤

ستہتر - ہ - صفت - ستر اور سات کا مجموعہ (۷۷)

ستر - ع - مؤنث - وہ جگہ جسکا مرد و عورت کو چھپانا ضروری ہے - شرمگاہ ✤

ستر دکھانا - ل - شرمگاہ یا مقام مخصوص کو کھولنا ✤

ستر - ہ - صفت - سات دہائیاں (۷۰) ✤

ستر واں - ہ - صفت - ستر برابر حصوں میں سے ایک حصہ $\frac{1}{70}$ ✤

سترہ یا ستّرہ - ہ - صفت - دس اور سات کا مجموعہ (۱۷) ✤

سترھویں یا سترھواں - ہ - مؤنث - مردہ کی وہ رسم جو سترھویں دن ادا کی جاتی ہے - ہر قمری و شمسی مہینے کی سترہ تاریخ ✤

ستری بہتری باتیں - ہ - مؤنث - بہکی بہکی باتیں

ستلی - ہ - مؤنث - سن کی پتلی ڈوری ✤

ستم - ف - مذکر - ظلم - تکلیف دینا ✤

ستم ایجاد - ف ع - صفت - نہایت ظالم - ظلم کے نئے نئے طریقے ایجاد کرنے والا ✤

ستم توڑنا - ل - نہایت سختی کرنا - ظلم ڈھانا ✤

ستم رسیدہ یا ستم زدہ - ف - صفت - مظلوم - ستایا ہوا ✤

ستم ڈھانا - ل - ظلم کرنا - کوئی بڑا کام کرنا ✤

ستم شعار - ف ع - صفت جسکو ظلم کرنیکی عادت پڑ گئی ہو ✤

ستم ظریف - ف ع - صفت ظرافت میں در پردہ ظلم

کرنیوالا۔ مذاق مذاق میں ظلم کرنے والا ✦

سِتم کرنا ۔ ر۔ بُرا کرنا۔ کوئی نئی بات کرنا۔ کوئی قابل افسوس کام کرنا۔ ظلم کرنا ✦

سِتم گار یا ستمگر ۔ ف ۔ مذکر۔ تکلیف پہونچانیوالا۔ ظلم کرنے والا۔

سِتمبر ۔ ا۔ (صحیح انگریزی سپٹمبر) ۔ مذکر۔ انگریزی سال کا نواں مہینہ ✦

سَتّو۔ ہ۔ مذکر۔ بھُنے اناج کا آٹا جسکو عام لوگ گرمیوں میں ٹھنڈک کے لئے پیتے ہیں ✦

سَتّو باندھ کے پیچھے پڑنا ۔ ہ۔ عیش و آرام کو چھوڑ کر کسی کے پیچھے پڑنا ✦

سُتواں ناک ۔ ہ۔ مؤنث۔ نازک اور پتلی ناک ✦

سُتھوانا ۔ ہ۔ صاف کرانا ✦

سُتُون ۔ ف ۔ مذکر۔ کھمبا۔ پیلپایہ ✦

سُتھرا ۔ ہ۔ صفت ۔ صاف۔ پاکیزہ ✦

سُتھرائی ۔ ہ۔ مؤنث۔ اُجلاپن۔ صفائی ✦

سِتّہ ۔ ع۔ صفت۔ چھ۔ پانچ اور ایک کا مجموعہ (۶)

سَتی ۔ ہ۔ صفت۔ وہ عورت جو محبت کے باعث شوہر کی لاش کے ساتھ جل جائے ✦

ستیاناس جانا یا ہونا ۔ ہ۔ ٹوٹنا۔ خانہ خراب ہونا برباد ہونا ✦

ستیاناس کرنا ۔ ہ۔ تباہ و برباد کرنا۔ خراب کرنا آوارہ کرنا ✦

ستیاناسی کی جڑ ۔ ہ۔ صفت۔ بربادی کی بنیاد

س ٹ

سِٹّا ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک خاص قسم کا جُوا ✦

سٹّا بٹّا ۔ ہ۔ مذکر۔ میل ملاپ۔ سازباز ✦

سٹاسٹ ۔ ہ۔ مؤنث۔ لگاتار کوڑے مارنے کی آواز

سٹاک ۔ ہ۔ مؤنث۔ چھڑی مارنے کی آواز ✦

سٹامپڈ ۔ انگ۔ صفت۔ ٹکٹ لگایا ہوا ✦

سٹّانا ۔ ہ۔ مذکر۔ (پوربی) ملانا۔ چپکانا ✦

سٹپٹاتے پھرنا ۔ ہ۔ گھبرایا ہوا پھرنا۔ حیران پھرنا ✦

سٹپٹا جانا ۔ ہ۔ گھبرا جانا۔ حواس درست نہ رہنا

سٹپٹانا ۔ ہ۔ گھبرانا۔ حیران ہونا ✦

سٹرپٹر ۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹے چھوٹے کاموں میں پھرنا۔ دن گنوانا ✦

سٹرپٹر کرنا ۔ ہ۔ بکھیڑا پھیلانا۔ اِدھر اُدھر کرنا ✦

سٹک ۔ ہ۔ مؤنث۔ پتلی چھڑی۔ چھریرے بدن کی عورت۔ چھوٹا پیچوان ✦

سٹکنا ۔ ہ۔ چپکے سے نکل جانا ✦

سٹنا ۔ ہ۔ مل جانا ✦

سٹھیانا ۔ ہ۔ ساٹھ سال کی عمر کو پہنچنا۔ بڑھاپے کے باعث عقل خراب ہو جانا ✦

سِٹّی بھولنا ۔ ہ۔ حواس درست نہ رہنا

سٹیل ۔ انگ۔ مؤنث۔ لوہا۔ لوہے کا صندوق ✦

س ج

سَج دھج ۔ ہ۔ مؤنث۔ زیب و زینت ✦

سَجّادہ ۔ ع۔ مذکر۔ وہ کپڑا جسپر نماز پڑھی جائے جانماز۔ پیرزادوں کی گدی ✦

سَجّادہ نشین ہونا ۔ ر۔ پیر کی گدی پر بیٹھنا ۔ خلافت لینا ✦

سُجانا ۔ ہ۔ پھلا لینا۔ پھُلا دینا ✦

سَجانا ۔ ہ۔ ہر چیز کو ترتیب سے لگانا۔ آراستہ کرنا

سجاوٹ ۔ ہ۔ مؤنث۔ آراستگی

سَجدہ ۔ ع۔ مذکر۔ ماتھا ٹیکنا۔ سر جھکانا ✦

سجدۂ شکر ۔ ع۔ مذکر۔ اظہار شکر کا سجدہ۔ وہ سجدہ جو کسی امر کے شکریہ پر دو رکعت نماز نفل کے بعد ادا کیا جائے ✦

سجدہ کرنا ۔ ر۔ تعظیم بجالانا۔ زمین پر ماتھا ٹیکنا ✦

سَجدہ گاہ - ع - ف - مؤنث - سجدہ کرنیکی جگہ +

سَجع - ع - مذکر - خوش آواز پرندوں کی چہچہاہٹ دو جملوں کے آخری دو لفظوں کی موافقت - وہ موزون فقرہ یا مصرعہ جسکے ظاہری معنی بھی صحیح ہوں

سَجِیلی - ہ - صفت - آراستہ - عمدہ - درست +

سَجَن - ہ - مذکر - (ساجن، معزز - شوہر - محبوب +

سَجنا - ہ - سنوارنا - پھبنا +

سَجوانا - ہ - آراستہ کرانا - سنورانا +

سُجھانا - ہ - بتانا - سکھانا +

سُجھائی دینا - ہ - خیال میں گذرنا - نظر آنا +

سَجّی - ہ - مؤنث - ایک قسم کا کھار جو کھاری مٹی سے بنتا ہے +

سَجیلا - ہ - صفت - خوبصورت - بنا سنورا +

س چ

سَچ - ہ - صفت - ٹھیک - درست +

سچ کا زمانہ نہیں - ل - کہاوت - سچ کہنے کا اعتبار نہیں کیا جاتا +

سَچ مُچ - ہ - تابع فعل - ہو بہو - بعینہ - ٹھیک ٹھیک

سَچّا - ہ - صفت - سچ کہنے والا - سچ بولنے والا

سَچّا موتی - ہ - مذکر - کھرا اور قیمتی موتی جو سیپ سے نکلا ہو +

سچا تول - ہ - مؤنث - پورا تول - ٹھیک تول

س ح

سَحاب - ع - مذکر - بادل - بدلی - گھٹا +

سِحر - ع - مذکر - جادو +

سِحر بیان - ع - مذکر - جسکی تقریر پُر تاثیر ہو - اچھی اور مؤثر تقریر کرنے والا +

سِحر سامری - ع - مذکر - وہ جادو جسکے ذریعہ سونے چاندی کا بولتا ہوا بچھڑا سامری جادوگرنے بنایا تھا - نہایت پُر اثر جادو +

سَحَر - ع - مؤنث - صبح کا پہلا وقت - سویرا +

سُحَری - ع - مؤنث - وہ کھانا جو دن کو روزہ رکھنے کے لئے رات کے آخری حصہ میں کھاتے ہیں +

س خ

سَخا - یا سَخاوت } - ع - مؤنث - فیض بخشی - دان کرنا +

سَخت - ف - صفت - ٹھوس - گراں - از حد - بہت +

سَخت جان - ف - صفت - بے رحم - نہایت جفاکش بہت مصیبت برداشت کرنے والا +

سَخت جانی - ف - مؤنث - بیحیائی کی زندگی +

سَخت دِلی - ل - مؤنث - سنگدلی - بے رحمی +

سَخت دِن - ل - مذکر - مصیبت کے دن +

سَخت سُست کہنا - ل - بُرا بھلا کہنا +

سَختی سے پیش آنا - ل - بدمزاجی سے پیش آنا بُرا برتاؤ کرنا +

سُخُن یا سُخَن - ف - مذکر - بات چیت - بات - قول +

سُخن پرور - ف - صفت - بات کی پیچ کرنیوالا - بات کا پکا +

سُخن پروری کرنا - ل - ہٹ دھرمی کرنا - اپنی بات پر اڑنا +

سُخن تکیہ - ف - مذکر - تکیہ کلام - کسی لفظ کو بار بار موقع بے موقع استعمال کرنے کی عادت +

سُخن چین - ف - مذکر - چغل خور +

سُخن چینی - ف - مؤنث - چغلخوری - لُترا پن +

سُخن دان یا سُخن سنج یا سُخن ور } - ف - مذکر - شعر کہنے والا - شعر سمجھنے والا +

سُخن دانی یا سُخنوری - ف - مؤنث - خوش بیانی شاعری - زباندانی +

سخن دینا - ہ - اقرار کرنا - قول دینا *
سخن ڈالنا - ہ - کسی امر کی سفارش کرنا *
سخن رس } ف - صفت - بات کی تہ کو پہنچنے والا
یا سخن فہم } بات کو سمجھنے والا *
سخن ساز - ف - مذکر - فصیح - (۲) بہت باتیں بنانے والا - باتونی *
سخن شناس - ف - صفت - باتوں کا پرکھنے والا *
سخی - ع - صفت - خدا کی راہ پر خرچ کرنے والا دان کرنیوالا - دانی *
سخی کا بیڑا پار ہے - ہ - کہاوت - بخشش کرنے والے کے لئے کوئی کام دشوار نہیں *

س د

سد - ع - مذکر - مانع - روکنے والا - رکاوٹ *
سدِ سکندر } ع - ف - مؤنث - سکندر بادشاہ
یا سدِ یاجوج } کی بنائی ہوئی اک مضبوط دیوار جو چینی ترکستان میں واقع ہے *
سدا - س - تابع فعل - ہمیشہ - لگاتار *
سدا برت - ہ - مذکر - ہر روز کی خیرات *
سدا بہار - ہ - صفت - وہ گھاس جو اپنی آخری عمر تک ہری بھری رہتی ہے - ہمیشہ سرسبز رہنے والا *
سدا پھل - ہ - صفت - وہ درخت جو ہمیشہ پھلوں سے لدا رہے *
سدا سہاگ - ہ - مذکر - ایک قسم کا پھول *
سدا سہاگن - ہ - مؤنث - ایک قسم کا پھول یا جڑ یا وہ عورت جو کبھی بیوہ نہ ہو *
سدہ - ع - مذکر - گانٹھ - وہ گرہ جو آنتوں یا رگوں میں پڑ جاتی ہے *
سدھ - ہ - مؤنث - قوت حافظہ - جڑ - سمجھ - غور و فکر
سدھ بدھ - ہ - مؤنث - عقل و شعور - تمیز - سمجھ *
سدھ بدھ نہ رہنا - ہ - کچھ خبر نہ ہونا *
سدھ رکھنا - ہ - خبر رکھنا *
سدھرنا - ہ - درست کرنا - ٹھیک کرنا - سنوارنا
سدھارنا - ہ - روانہ ہونا - چلے جانا *
سدھانا - ہ - سکھانا - جانور کو کسی راہ پر لگانا *

س ڈ

سڈول - ہ - صفت - اچھے ڈیل ڈول کا - خوبصورت اور خوش وضع *

س ر

سُر - ہ - مذکر - وہ سانس جو ناک سے نکلے - گانے کے علم کا موضوع - راگ - آواز *
سر بدیا - ہ - مؤنث - آواز یا راگ کا علم *
سِر - ہ - مذکر - کھوپری *
سر اتروانا - ہ - سر کٹوانا - قتل کرانا *
سر اٹھا کر چلنا - ہ - غرور کی چال چلنا - اترا کر چلنا
سر اٹھانا - ہ - سر اونچا کرنا - فتنہ برپا کرنا - سرکشی کرنا - شور و شغب کرنا - اکڑنا *
سر اٹھانیکی فرصت نہ ہونا - ہ - فرصت نہ ہونا دم لینے کی مہلت نہ ملنا - بالکل چھٹی نہ ملنا
سر آنکھوں پر - ہ - تابع فعل - دل و جان سے قبول بخوشی منظور - آپ کو اختیار ہے *
سر آنکھوں پر بٹھانا - ہ - نہایت تعظیم و تکریم کرنا بہت آؤ بھگت کرنا *
سر اونچا کرنا - ہ - عزت بخشنا *
سر باندھنا - ہ - چوٹی باندھنا - سر کے بال گوندھنا
سر بھاری ہونا - ہ - نزلہ یا زکام کے باعث سر کا بوجھل معلوم دینا *
سر بیچنا - ہ - جان پر کھیلنا *
سر پاؤں نہ ہونا - ہ - تابع فعل - ابتدا انتہا نہ ہونا - بے اصل - بے ربط *

سر پٹک کے رونا - ہ - انتہائی کوشش کے بعد عاجز آجانا ۔

سر پٹکنا یا پٹخانا - ہ - سر پھوڑنا - سر مارنا - انتہائی کوشش کرنا ۔

سر پر آپڑنا - ہ - ذمہ ہونا - وارد ہونا ۔

سر پر آپہنچنا - ہ - بہت ہی قریب آجانا ۔

سر پر اٹھانا یا اٹھا لینا - ہ - حد سے زیادہ شور و غل مچانا ۔

سر پر اجل یا قضا کھیلنا - ل - مرنے کا وقت قریب آجانا - مرنے کا کام کرنا ۔

سر پر آرا یا آرے چلنا - ل - جان پر بننا - خطرے میں مبتلا ہونا ۔

سر پر پاؤں رکھکر بھاگنا - نہایت بیقراری میں بھاگنا - گھبرا کر تیزی سے بھاگنا ۔

سر پر پاؤں رکھنا - ہ - ہوا ہو جانا - تیز دوڑنا ۔

سر پر پڑنا - ہ - اوپر گرنا ۔

سر پر جن چڑھنا - ہ - اپنی ضد یا ہٹ پر قائم ہونا اڑ بد ہونا ۔

سر پر چڑھنا - ہ - لاڈ پیار میں آنا -

سر پر چھپر رکھنا - ہ - بھاری بوجھ سر پر رکھنا - قرضہ میں دبانا ۔

سر پر خاک اڑانا یا ڈالنا - ل - غم ظاہر کرنا - سوگ منانا ۔

سر پر خون چڑھنا یا سوار ہونا - ل - قتل پر آمادہ ہونا - جان سے مارنے کے لئے تیار ہونا ۔

سر پر خون لینا - ل - بے گناہ کو قتل کرنا ۔

سر پر شیطان چڑھنا - ل - غصہ چڑھنا ۔

سر پر کفن باندھنا یا باندھے رہنا - ل - ہر وقت مرنے پر مستعد رہنا ۔

سر پر کھڑا ہونا - ہ - سامنے موجود ہونا - قریب آکر کھڑا ہونا ۔

سر پر نہ رہنا - ہ - کسی مربی یا سرپرست کا اپنے اوپر نہ رہنا ۔

سر پر وارنا یا سر پر سے وارنا - ہ - نچھاور کرنا - صدقے کرنا ۔

سر پر ہاتھ پھیرنا - ہ - چمکارنا - دلاسا دینا ۔

سر پر ہاتھ دھر کے یا سر پکڑ کے رونا - ہ - اپنے کئے پر پشیمان ہونا - پچھتانا ۔

سر پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا - ہ - کسی کا مربی یا سرپرست بننا ۔

سر پڑنا - ہ - ذمہ پڑنا ۔

سر پکڑ کر بیٹھنا - ہ - رنجیدہ اور مغموم ہوکے بیٹھنا

سر پھرا - ہ - مذکر - پاگل - احمق ۔

سر پھرانا - ہ - سر کا چکرانا - بیہودہ گوئی سے دماغ پریشان کرنا ۔

سر پھرا ہے - ہ - محاورہ - شامت آئی ہے ۔

سر پھوڑنا - ہ - سر توڑنا - سر ٹکرانا - مارنے مرنے کو تیار ہونا ۔

سر پیر نہ ہونا - ہ - بات کی کوئی اصل نہ ہونا ۔

سر ٹکرانا - ہ - انتہائی کوشش کرنا ۔

سر جوڑ جوڑ کر بیٹھنا - ہ - نہایت اخلاص و پیار سے ملکر بیٹھنا - متحد و متفق ہوکر بیٹھنا ۔

سر جھاڑ منہ پہاڑ - ہ - تابع فعل - بدشکل - ہیبت ناک صورت ۔

سر جھکانا - ہ - سر نیچا کرنا - اظہار عجز و انکساری کرنا - شرم و حیا سے گردن نیچی کرنا - فرمانبرداری ظاہر کرنا

سر چپکنا - ہ - سر ڈالنا - سر منڈھنا ۔

سر چڑھا - ہ - صفت - بے ادب - لاڈلا

سر چڑھ کر - ہ - تابع فعل - خود بخود ظاہر ہو کر ۔

سر چڑھکے یا سر چڑھکر مرنا - ہ - کسی پر اپنا قتل

ثابت کر کے مرنا +

سرخوش ۔ ف ۔ صفت ۔ مگن ۔ مسرور +

سر دکھانا ۔ ہ ۔ جوئیں چُنوانا +

سر دُکھانا ۔ ہ ۔ سر میں درد کرنا +

سر دُکھنا ۔ ہ ۔ سر میں درد ہونا +

سر دُھننا ۔ ہ ۔ تکلیف سے سر کو دے دے مارنا ۔ افسوس کرنا +

سر دینا ۔ ہ ۔ جان پر کھیلنا ۔ تاش کی بازی میں بڑا د پتّا دینا +

سر دینے کو حاضر ہیں ۔ ا ۔ محاورہ ۔ مرنے کو حاضر ہیں

سر رنگنا یا لال کرنا } ۔ ا ۔ سر پھوڑنا ۔ سر سے خون بہانا +

سر سفید ہونا ۔ ا ۔ بڑھاپے کا آ جانا +

سر سکھانا ۔ ہ ۔ لمبے بالوں کو خشک کرنا +

سر سلامت رہنا ۔ ا ۔ جان کا باقی رہنا +

سر سہرا ہونا یا رہنا ۔ ہ ۔ کسی پر کسی کام کا موقوف ہونا ۔ کامیابی کا تمغہ ملنا +

سر سہلانا ۔ ہ ۔ چمکارنا ۔ خوشامد کرنا +

سر سہلاتا بھیجا کھانا ۔ ہ ۔ دوستی کے پردہ میں نقصان پہنچانا +

سر سے بلا ٹالنا ۔ ہ ۔ مجبوراً بے جی کوئی کام کرنا ۔ بیگار ٹالنا

سر سے بوجھ اتارنا یا ۔ ٹالنا ۔ } ۔ ہ ۔ قرضہ اتارنا ۔ بچوں کی بیاہ شادی سے فارغ ہونا وقت کو پورا کرنا +

سر سے بوجھ اترنا ۔ ہ ۔ قرض ادا ہونا ۔ بال بچوں کی شادی سے فارغ ہونا ۔ کسی ضروری کام کا پورا ہونا

سر سے بوجھ باندھنا ۔ ہ ۔ بے فائدہ خرچ اپنے ذمہ لینا +

سر سے پانی گزر جانا ۔ و ۔ سر سے اونچا پانی ہو جانا صبر کی طاقت باقی نہ رہنا +

سر سے پاؤں تک ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ چوٹی سے ایڑی تک

سر سے پاؤں تک آگ لگنا ۔ غصہ میں لال پیلا ہو جانا +

سر سے چلنا ۔ ہ ۔ سر کے بل چلنا ۔ عاجزی ظاہر کرنا

سر سے کفن باندھنا ۔ ا ۔ مرنے پر آمادہ ہونا ۔ جان کی پروا نہ کرنا +

سر دے سے مارنا ۔ ہ ۔ غم یا غصے سے سر ٹپک دینا

سر سے سر جوڑنا ۔ ہ ۔ اکٹھا ہونا ۔ متفق ہونا +

سر سے مارنا ۔ ہ ۔ ناپسندیدگی سے کسی چیز کو واپس کرنا ۔ خفگی سے اٹھا کر پھینک دینا +

سر سینگ ہونا ۔ ہ ۔ کسی خاص علامت کا پایا جانا +

سر کا بوجھ اُترنا ۔ ہ ۔ فراغت یا سبکدوشی حاصل ہونا

سر کاٹنا یا اتارنا ۔ ہ ۔ سر جدا کرنا ۔ قتل کرنا +

سر کا سا بوجھ ٹالنا یا ۔ ڈالنا ۔ } ۔ ہ ۔ بیدلی سے کوئی کام کرنا +

سر کرنا ۔ ہ ۔ زبردستی سر تھوپنا ۔ پیچھے لگانا ۔ بھڑانا ۔ چوٹی گوندھنا +

سر کھا ۔ ہ ۔ کلمہ تنفر ۔ چل دُور ہو ۔ لفظ اپنا کے ساتھ مستعمل ہوتا ہے +

سر کھاتا ۔ ہ ۔ دماغ پریشان کرنا ۔ بیہودہ بکواس کرنا ۔ تنگ کرنا +

سر کھپانا ۔ ہ ۔ کسی امر میں انتہائی فکر اور تندہی کرنا

سر کھجانا ۔ ہ ۔ مار کھانے کو دل چاہنا ۔ کمبختی آنا +

سر کھولنا ۔ ہ ۔ سر ننگا کرنا ۔ گندھے ہوئے بال کھولنا

سر کے بل چلنا ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ انتہائی تعظیم کے لئے سر کو پاؤں بنا کر راستہ طے کرنا +

سر کے ساتھ ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ دم کے ساتھ ہے ۔ تا زندگی ساتھ لگا ہوا ہے +

سر گاڑی پیر پہیا کرنا ۔ ہ ۔ کسی کام میں دن رات مصروف ہونا +

سر کھینچنا ۔ ہ ۔ طول پکڑنا ۔ بھڑکنا +

سر گریبان میں ڈالنا ۔ و ۔ شرم سے سر نیچا کرنا ۔

(گریبان میں منہ ڈالنا بولتے ہیں) +

سر گنجا کرنا - ہ - مار مار کر سر کے بال اڑا دینا - لُوٹ کر کھا جانا +

سر گوندھنا - ہ - سر کے بال باندھنا +

سر لگنا - ہ - الزام دھرا جانا +

سر مارنا - سمجھانے میں مغز کھپانا - حیران ہونا -

سر ٹکرانا - سر پھوڑنا - تلاش کرنا +

سر منڈاتے ہی اولے پڑ گئے - ہ - کہاوت - کسی کام میں ہاتھ ڈالتے ہی نقصان یا خرابی ہونے کے موقع پر بولتے ہیں +

سر مُنڈانا - ہ - سر پر اُسترا پھروانا - دھوکے میں آ کر لُٹ جانا +

سر مونڈنا - ہ - حجامت بنانا - مکر و فریب سے مال کھانا +

سر میں بال ہونا - ہ - مقدور یا طاقت ہونا - گنجائش ہونا

سر میں خاک ڈالنا - ہ - سوگ کی صورت بنانا +

سر نہ اٹھانا - ہ - سر اونچا نہ کرنا - شرم - ناتوانی یا کسی اور وجہ سے سر نہ اٹھا سکنا +

سر نیچا ہونا - ہ - شرم زدہ ہونا - ہار ماننا +

سر ہلنا - ہ - سر کانپنا - ضعف یا بڑھاپے کی علامت ظاہر ہونا +

سر ہونا - ہ - پیچھے پڑنا - بہت لگ کر کام کرنا -

سر - ف - مذکر - (دیکھو سِر) سردار - ابتداء - فکر و خیال - اُوپر - تاش کا وہ پتہ جو پھینکا جائے +

سرِ اجلاس - ف - ع - تابع فعل - حاکم کے سامنے +

سرِ انگشت - ف - مذکر - انگلی کی نوک +

سر باز - ف - صفت - بہادر +

سرِ بازار - ف - تابع فعل - عام گزرگاہ پر - بھرے بازار میں +

سرِ بام - ف - تابع فعل - کوٹھے پر +

سربستہ - ف - صفت - پوشیدہ - بند +

سر بسر - ف - تابع فعل - تمام +

سر بصحرا نکلنا - ہ - جنگل کا راستہ لینا +

سر بلند - ف - صفت - معزز - اعلےٰ اقبالمند +

سر بلندی - ف - مؤنث - بلند اقبالی - عزت +

سر بمہر - ف - صفت - مہر لگا ہوا - احتیاط سے بند کیا ہوا +

سر پرست - ف - صفت - مربی - نگہبان +

سر پرستی - ف - مؤنث - نگہبانی - پرورش +

سر پستان - ف - مذکر - چھاتی کی گھنڈی +

سر پنچ - ہ - مذکر - پنچوں کا سردار - پنچایت کا صدر +

سر پوش - ف - مذکر - ڈھکنا +

سر پیچ - ف - مذکر - پگڑی کے اوپر کا کپڑا - پگڑی پر باندھنے کا زیور +

سرتابی - ف - مؤنث - حکم نہ ماننا - سرکشی +

سرتاج - ف - ع - اُوڑھنی - خاوند - مالک +

سرتاج بنانا - ہ - کسی کو باعث عزت خیال کرنا - سردار بنانا +

سرحد - ف - ع - مؤنث - کنارہ +

سرخط - ف - ع - مذکر - بیعنامہ - نوکری کا پروانہ - تمسک +

سرخیل - ف - مذکر - قوم کا سردار - سردار +

سردست - ف - تابع فعل - ابھی - لگتے ہاتھ - فی الحال +

سردفتر - ف - مذکر - ہیڈ کلرک - اہلکاروں کا افسر +

سرِراہ - ف - تابع فعل - راستہ میں +

سررشتہ - ف - مذکر - تدبیر - مجازاً - مقصود - مطلب - شعبہ +

سرزمین - ف - مؤنث - ولایت - ملک +

سرزور - ف - صفت - طاقتور - سینہ زور - سرکش

سرزوری کرنا - ہ - مؤنث - بے حیائی کرنا قصور میں

شرمندگی کی بجائے سرکشی کرنا ✣
سرسبز - ف - صفت - ہرا بھرا - کامیاب - خوش وخرم
سرسبز کرنا - ل - نئے سرے سے تازہ کرنا - ہرا بھرا کرنا ✣
سرسبز ہونا - ل - از سرِ نو زندہ ہونا - شہرت پانا ✣
سر سے وارث یا - بزرگ کا گزر جانا } - ل - کسی مربی یا نگہبان کا مرجانا ✣
سرِ شام - ف - مؤنث - شام کے وقت - سورج ڈوبتے وقت
سرفراز - ف - صفت - معزز - اقبالمند - اعلیٰ ✣
سرفرازی - ف - مؤنث - بزرگی - عزت ✣
سر قلم کرنا - ل - سر کاٹنا - قتل کرنا ✣
سر کرنا - ل - فتح کرنا - جیتنا ✣
سرکشی - ف - مؤنث - نافرمانی - بغاوت ✣
سرکوبی - ف - مؤنث - سر کچلنا - سزا دینا ✣
سرگذشت - ف - مؤنث - گزرا ہوا واقعہ - تذکرہ
سرگران - ف - صفت - بوجھل - برگشتہ دل - ناراض ✣
سرگرانی - ف - مؤنث - سر کا بھاری ہونا - تکلیف رنجیدگی ✣
سرگردان - ف - صفت - حیران و پریشان ✣
سرگردانی - ف - مؤنث - آوارگی - جھگڑا بکھیڑا - پریشانی ✣
سرگرم - ف - صفت - مستعد - تیز - ✣
سرگرمی - ف - مؤنث - گرمجوشی - پوری کوشش مستعدی ✣
سرگروہ - ف - مذکر - سردار - کسی جماعت کا سردار
سرگشتگی - ف - مؤنث - آوارگی - پریشانی ✣
سرگشتہ - ف - صفت - بھٹکا ہوا - پریشان ✣
سرگوشی کرنا - ل - چپکے سے غیبت کرنا - کان میں باتیں کرنا ✣
سرمست - ف - صفت - نہایت متوالا ✣
سرمو - ف - صفت - بال کی نوک - بال کی نوک کے برابر - بہت ذرا سا ✣
سرنامہ - ف - مذکر - مکتوب الیہ کا پتہ جو شروع خط میں لکھا ہو - عنوان ✣
سرنگوں - ف - صفت - سر جھکائے ہوئے - شرمندہ
سرِنو - ف - تابع فعل - نئے سرے ✣
سرنوشت - ف - مؤنث - تقدیر کا لکھا - مقسوم ✣
سروسامان - ف - مذکر - (تلفظ سر ساماں) (ہر دو مترادف) ضروری اسباب ✣
سروکار - ف - مذکر - (تلفظ سرکار) - غرض - مطلب - میل - کام بحث - میل و خواہش ✣
سروکار رکھنا - ل - مطلب رکھنا - دوستی رکھنا ✣
سرا - یا - سرائے - ف - مؤنث - گھر - مسافروں کے اترنے کی جگہ - دھرمسالہ ✣
سرا - مذکر - کنارہ کور - شروع ✣
سراب - ع - مذکر - ریت جس پر گرمی کے موسم میں دھوپ کے وقت پانی کا دھوکا ہوتا ہے - سراسر دھوکا ✣
سراپا - ف - مذکر - سر سے پیر تک - معشوق کے جسم کی تعریف میں نظم ✣
سراپردہ - ف - مذکر - گھر کی چار دیواری - وہ اونچی قنات جو خیمہ کے گرداگرد چار دیواری کا کام دیتی ہے
سراج - ع - مذکر - چراغ - دیوا ✣
سراچہ - ف - مذکر - بانس کا بڑا خیمہ - چھوٹا گھر ✣
سراسر - ف - تابع فعل - اوّل سے آخر تک - سب کا سب ✣
سراسری - ف - تابع فعل - جلدی سے ✣
سراسیمگی - ف - مؤنث - حیرانی - پریشانی ✣
سراغ - ت - مذکر - کھوج - پتہ - نشان کرنا ✣
سراغ رساں - ت - ف - صفت - پتہ لگانیوالا ✣
سراغ رسانی - ت - ف - کھوج لگانا ✣
سراغ لگانا یا سراغ لینا - ل - تلاش کرنا - ڈھونڈنا

سُراغی - ا - مذکر - جاسوس - کھوجی ٭
سُرا گائے یا گئو - ہ - مؤنث - پہاڑی گائے
جسکی دُم کی چوریاں بنائی جاتی ہیں ٭
سَرانجام کرنا - ا - سامان کرنا - پورا کرنا ٭
سَرانجام ہونا - ا - انتظام ہونا - ختم ہونا ٭
سَرَاندیپ - ہ - مذکر - جزیرۂ لنکا یا سیلون میں
ایک پہاڑی کا نام جو اچھی سیرگاہ اور قابل دید مقام ہے
سَراوگی - ہ - مذکر - جین مذہب کا ماننے والا - جینی
سَراہنا - ہ - تعریف کرنا - قدر کرنا - خوشامد کرنا ٭
سرائے کی بھٹیاری - ا - صفت - کمینہ عورت
لڑاک عورت ٭
سرایت کرنا یا کر جانا - ا - اثر کر جانا - گھل مل کر اثر کرنا ٭
سُرب - ف - مذکر - سیسہ - ایک قسم کا جست ہے
سَربراہ - ف - مذکر - انتظام کرنیوالا ٭
سَربراہ کار - ف - مذکر - کسی کام کا انتظام کرنیوالا
سَربراہی - ف - مؤنث - بندوبست - اسباب کی
خبرگیری ٭
سَرپٹ - ہ - مؤنث - گھوڑے کی بہت تیز دوڑ
سَرتاسَر - ف - صفت - سب کا سب ٭
سُرجن ہار یا سرجن ہار - ہ - مذکر - پیدا کرنیوالا - خدا تعالیٰ ٭
سَرچشمہ - ف - مذکر - پانی چھوٹنے کی جگہ - سوتا - منبع ٭
سُرخ - ف - صفت - لال - گھونگچی - رتی ٭
سُرخ بادہ - ف - مذکر - وہ ورم جو اکثر بچوں کے
جوش خون کے باعث ہو جاتا ہے ٭
سُرخ و سفید ہونا - ا - موٹا تازہ اور تندرست ہونا
سُرخ ہونا - ا - غصے میں لال ہو جانا - پھل کا
پک جانا ٭
سُرخاب - ف - مذکر - ایک آبی پرندہ ٭
سُرخاب کا پر لگنا یا ٹکنا یا ہونا - ا - دولت پر
مغرور ہونا - کوئی انوکھی بات ہونا ٭
سُرخرُو - ف - صفت - عزت و آبرو والا - کامیاب
سُرخرُو ہونا - ا - وعدہ کے بوجھ سے ہلکا ہونا
با عزت ہونا ٭
سُرخروئی ہونا - ا - منشا کے موافق کام ہونا
عزت حاصل ہونا ٭
سُرخہ - ف - مذکر - بھورا گھوڑا - سرخ کبوتر ٭
سُرخی مائل - ف - ع - صفت - لال سا ٭
سَرد - ف - صفت - ٹھنڈا - دھیما ٭
سَرد تر - ف - صفت - وہ دوا جسکا مزاج ٹھنڈا
اور تر ہو ٭
سَرد خشک - ف - صفت - وہ چیز جو مزاج میں
ٹھنڈی اور خشک ہو ٭
سرد گرم دیکھا ہوا - ا - صفت - تجربہ کار ٭
سَرد مُہر - ف - صفت - سخت دل ٭
سَرد مہری - ف - مؤنث - بیمروتی - سنگدلی ٭
سَرد ہو جانا یا - ہونا - ا - بالکل مر جانا - گرمی
کا نہ رہنا - ڈر جانا - بے رونق ہو جانا ٭
سَرداری - ف - مؤنث - افسری - چودھرات ٭
سَردَل - ہ - مونث - چوکھٹ کے اوپر کی وہ
لکڑی جسمیں کواڑ کی بالائی چول رہتی ہے ٭
سَردہ - ف - مذکر - ایک قسم کا نہایت شیریں خربزہ
سَردی - ف - مؤنث - ٹھنڈک - جاڑوں کا موسم
سَردی چڑھنا - ا - جاڑے سے بخار آنا ٭
سَردی سے مرنا - ا - جاڑا کھانا ٭
سَردی ہونا - ا - زکام ہونا ٭
سَردئی - ا - صفت - گہرا سبز رنگ ٭
سَررشتہ دار - ف - مذکر - میر منشی - دفتر کا سپرنٹنڈنٹ
سَررشتہ کا حکم - ا - مذکر - قانونی حکم - محکمہ کا حکم
سَررشتۂ مال - ف - مذکر - وہ محکمہ جہاں زمین
کا محصول داخل کیا جائے ٭

سَرزَد ہونا - ا - ظاہر ہونا - صادر ہونا *
سَرزَنِش - ف - مؤنث - بُرا بھلا کہنا - تنبیہ *
سَرزَنی - ا - مؤنث - سر مارنا - کوشش کرنا *
سَرزُورہ - ف - صفت - نافرمان - سرکش *
سَرسام - ف - مذکر - ایک دماغی مرض کا نام جسمیں آدمی بکنے جھکنے لگتا ہے *
سَرسَبزی - ف - مؤنث - تروتازگی - ہریالی *
سَرسَر - ہ - مؤنث - سانپ یا ہوا چلنے کی آواز *
سَرسَراہٹ - ہ - مؤنث - سانپ کے چلنے یا کیڑے کے رینگنے کی آواز *
سَرسوں پھُولنا - ہ - نظر میں کسی کیفیت کا نمایاں ہونا
سَرشار - ف - صفت - کناروں تک بھرا ہوا - بھرپور - مست *
سَرِشت - ف - مؤنث - خِلقت - فطرت - پیدائشی عادت *
سَرِشٹ - س - مؤنث - دنیا - ہستی *
سِرشک - ف - مذکر - آنسو *
سَرطان - ع - مذکر - ایک آبی کیڑا جو مینڈک سے چھوٹا اور مکڑی کے مشابہ ہوتا ہے - آسمان کا چوتھا بُرج - ایک پھوڑے کا نام *
سُرعت - ع - مؤنث - جلدی - تیزی - پھُرتی *
سَرغَنہ - ف - مذکر - سرگروہ - مفسدوں کا سردار *
سُرفہ - ف - مذکر - کھانسی *
سَرقہ - ع - مذکر - چوری *
سَرقہ بالجبر - ع - مذکر - زبردستی چوری - ڈاکہ *
سَرکار - ف - مؤنث - کچہری - سردار - حکومت - ا - مذکر - حضور - جناب *
سَرکاری اسامی - ا - مؤنث - گورنمنٹ ملازمت
سَرکانا - ہ - کھسکانا - چھپا دینا - بے خبری میں دوسرے کا مال کسیکو دیدینا *
سَرکرنا - ا - جیتنا - نکالنا - کھولنا - تیر کرنا *

سَر ہونا - ا - فتح ہونا - قبضے میں آنا *
سَرکَش - ف - صفت - باغی - نافرمان *
سَرکُلَر - انگ - مذکر - گشتی حکم - وہ حکم جس میں کسی امر کے متعلق کچھ ہدایتیں لکھکر جا بجا بھیجا جاتا ہے
سَرکِل - انگ - مذکر - صوبہ - دائرہ - حلقہ -
سَرکنا - ہ - الگ ہونا - چل دینا *
سَرکنڈا - ہ - مذکر - نرکل - نَے - پھونس کے اندر کی لکڑی *
سِرکہ - ف - مذکر - سڑایا ہوا رس *
سِرکی - ہ - مؤنث - تیلیوں کی چق جو بارش کے بچاؤ کیلئے استعمال کی جاتی ہے *
سَرگین - ف - مذکر - گوبر *
سَرما - ف - مذکر - سردی کا موسم *
سَرمائی - ف - صفت - جاڑے کے کام کا - سردیوں کے موسم کا *
سَرمایہ - ف - مذکر - پونجی *
سَرمَد - ع - صفت - ہمیشہ رہنے والا *
سَرمُغزَن - ا - مذکر - دردسری *
سُرمہ - ف - مذکر - ایک قسم کا سیاہ چمکدار پتھر جسکو باریک پیسکر آنکھوں میں لگاتے ہیں *
سُرمہ دان یا سُرمہ دانی } ف - مذکر - سرمہ رکھنے کا چھوٹا برتن (مؤنث)
سُرمہ در گلو - ف - صفت - چپ - خاموش *
سُرمہ دینا - ا - سرمہ لگانا *
سُرمہ ڈھلکنا - ا - سرمہ پھیلجانا *
سُرمہ کھا بیٹھنا - ا - خاموشی اختیار کرلینا *
سُرمہ گین یا سُرمہ آلود } ف - صفت - سرمہ لگی ہوئی آنکھیں
سُرمئی - ف - صفت - نیلا سرخی لئے ہوئے رنگ
سُرنگ - ہ - مؤنث - زمین کے نیچے کا بنایا ہوا راستہ *

سُرنگ لگانا - ہ - کھوج لگانا - زمین کے نیچے کھود کر راستہ بنانا ٭
سَرو - ف - ایک سیدھے مخروطی خوشنما درخت کا نام ٭
سَروِ آزاد - ف - مذکر - بالکل سیدھا اور سرسبز سرو کا درخت ٭
سَروِ چراغاں - ف - مذکر - ایک قسم کا روشنی کا جھاڑ جو سرو کے درخت کی مانند ہوتا ہے ٭
سَروِ خراماں - ف - صفت - چلتا ہوا سرو مراد معشوق ٭
سَروِ سَہی - ف - مذکر - وہ سرو جسکی دو شاخیں نہایت سیدھی نکلی ہوں یعنی معشوق سیدھا قد ٭
سَرو قد - یا قامت } - ف ع صفت - خوبصورت اور لمبا جوان
سَروِ ناز - ف - مذکر - وہ سرو کا نیا پودا جسکی شاخیں ایک دوسرے کی طرف جھکی ہوئی ہوں - مراد معشوق ٭
سَروتا - ہ - مذکر - چھالیاں کترنے کا ایک آلہ ٭
سَروتی - ہ - مؤنث - چھوٹا سَروتا ٭
سَرور - ف - مذکر - سردار ٭
سُرور - ف - مذکر - خوشی - فرحت ٭
سُرور جمنا یا گٹھنا یا ہونا } - ہ - نشہ جمنا - نشہ ہونا ٭
سُروش - ف - مذکر - پیغام لانے والا ٭
سُروشِ غیب - ف - ع - مذکر - آسمانی آواز ٭
سَرورِ کائنات - ف ع - مذکر - جہان کا سردار - حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا خطاب ٭
سَرو کار - ف - مذکر - معاملہ - تعلق واسطہ ٭
سَروہی - ہ - مؤنث - ایک مشہور قصبہ کا نام جہاں کی تلوار سیدھی ہوتی ہے - مطلق تلوار ٭
سرہانا - ہ - مذکر - وہ رخ جسطرف تکیہ رکھکر لیٹتے ہیں
سرہنگ - ف - مذکر - فوج کا سردار - پہلوان ٭

سِری - ہ - مؤنث - ذبح کی ہوئی بکری کا سر ٭
سَریر - ہ - مذکر - جسم - بدن ٭
سریر ڈنڈ - ہ - مذکر - سزائے جسمانی ٭
سَریر - ع - مذکر - شاہی گدی - تخت ٭
سَریر آراء - ع - ف - صفت - تخت پر بیٹھنے والا - بادشاہ ٭
سَریش - ف - مذکر - ایک چیپ دار چیز کا نام ٭
سِری پائے - ہ - مذکر - بھیڑ بکری کا سر اور پائے ٭
سِری مہاراج یا سِری حضور } - ہ - مذکر - جناب عالی - خداوند نعمت
سَریع - ع - صفت - جلدی کرنے والا ٭
سَریعُ التاثیر - ع - صفت - جلد اثر کرنیوالا ٭
سَریعُ الزوال - ع - صفت - جلد زائل ہونیوالا ٭
سَریعُ الفہم - ع - صفت - جلد سمجھنے والا ٭
سَریعُ الہضم - ع - صفت - جلد ہضم ہونیوالا
سُریلا - ہ - صفت - اچھی آواز والا ٭
سُرین - ف - مذکر - چوتڑ - پٹھا ٭

س ڑا

سَڑا - ہ - صفت - بگڑا ہوا ٭
سَڑاسَڑ - ہ - تابع فعل - کوڑے یا قمچی کے متواتر مارنے کی آواز ٭
سَڑانا - ہ - خمیر اٹھانا - رکھ چھوڑنا - خراب کرنا
سَڑاند - ہ - مؤنث - بدبو ٭
سُڑپا لگانا یا مارنا - ہ - پتلی چیز کو جلد جلد پینا - چسکی مارنا ٭
سَڑک - ہ - مؤنث - عام راستہ ٭
سَڑک کاٹنا - ہ - نیا راستہ نکالنا ٭
سُڑکنا - ہ - نگل جانا - ہپ کر جانا ٭
سِڑن - ہ - مؤنث - دیوانی - پاگل ٭
سِڑی - ہ - مذکر - سودائی - باؤلا ٭

سَتربِل - ہ - صفت - گندا - عیب دار - نکما ✤

س ز

سزا - ف - مؤنث - بُرائی کا تنبیہاً بدلا - گوشمالی ✤
سزا پانا - و - کئے کو بھگتنا - تاوان ✤
سزا دینا - ا - مارنا - پیٹنا ✤
سزاوار - ف - صفت - لائق - مستحق - قابل ✤
سزایاب - ف - صفت - سزا پانے والا
سزا یافتہ - ف - مذکر - سزا پایا ہوا ✤
سزائے تازیانہ - ف - مؤنث - کوڑے کی سزا ✤
سزائے سنگین - ف - مؤنث - سخت سزا ✤
سزائے قتل یا موت - ف - ع - مؤنث - وہ سزا جسمیں جان لی جائے ✤
سزاول - ف - مذکر - سرکاری روپیہ وصول کرنیوالا

س س

سُست - ف - صفت - کمزور - کم طاقت ✤
سُست قدم - ف - ع - صفت - آہستہ چلنے والا
سُستا - ہ - صفت - ارزاں - مندا ✤
سُستا سما - ہ - مذکر - وہ زمانہ جسمیں غلہ بکثرت پیدا ہوا ہو ✤
سُستاکر - ہ - آرام اور بے فکری سے ✤
سُستانا - ہ - آرام لینا - تھکن دور کرنا ✤
سُستی - ف - مؤنث - کاہلی - ڈھیلاپن ✤
سُستی توڑنا یا اُتارنا - ا - انگڑائی لینا ✤
سستے چھوٹنا - ہ - آسانی سے بلا دور ہونا -
سُسر یا سُسر یا سُسرا - ہ - مذکر - خاوند یا بیوی کا باپ ✤
سُسرال - ہ - مذکر - خاوند یا بیوی کا کنبہ ✤
سُسرال کا کُتّا - ہ - مذکر - وہ داماد جو خسر کی روٹیوں پر پڑا رہے ✤

سُسکارنا - ہ - بچے کو منہ کی آواز سے پیشاب کرانا - یا کتے کو کسی پر دوڑانا ✤
سِسکتی - ہ - صفت - دم نکلتی ✤
سِسک سِسک کر دم نکلنا - و - نہایت تکلیف سے جان نکلنا ✤
سِسکی - ہ - مؤنث - کسی تکلیف یا درد کے باعث زبان بھیچکر آواز نکالنا ✤

س ش

سِشن - انگ - مذکر - عدالت فوجداری ✤
سِشن جج - انگ - مذکر - وہ بڑا حاکم جو سنگین مقدمات کا فیصلہ کرتا ہو ✤

س ط

سَطح - ع - مؤنث - اوپر کی ہموار جگہ - ہر چیز کا بالائی حصہ ✤
سطح مائل - ع - مؤنث - ڈھلواں ہموار حصہ ✤
سطح مُستوی - ع - مؤنث - چورس جگہ ✤
سَطر - ع - مؤنث - لکیر - خط کھینچنا ✤
سطر بندی - ع - ف - مؤنث - حرفوں کو اوپر نیچے سے برابر لکھنا ✤

س ع

سَعادت - ع - مؤنث - نیک بختی - بھلائی ✤
سَعادت مند - ع - ف - مذکر - فرمان بردار - نیک بخت ✤
سَعد - ع - مذکر - نیک - مبارک ✤
سَعی - ع - مؤنث - جدوجہد - کوشش ✤
سعی سفارش - ع ف - مؤنث - بہت زیادہ کوشش کرنا
سَعید - ع - صفت - بھاگوان - کامیاب ✤

س ف

سِفارَت - ع - مؤنث - ایلچی گری - وہ گروہ جو صلح ودوستی یا فیصلہ کے لئے ایک سلطنت سے دوسری سلطنت کی طرف جائے +
سِفارِش کرنا - ل - سہارا دینا - وسیلہ کردینا +
سِفارِش نامہ - ف - مذکر - وہ چٹھی جسمیں کسی کی سفارش اور تعریف ہو +
سِفارشی ٹٹو - ل - مذکر - وہ آدمی جو بے ہنر ہو مگر سفارش سے نوکر ہوا ہو +
سَفّاک - ع - صفت - خونی - بیرحم +
سُفال - ع - مؤنث - ٹھیکری - اخروٹ یا بادام کا خول +
سَفَر - ع - مذکر - مسافرت - سیاحت +
سَفَر خرچ - ل - مذکر - راستہ کا خرچ - الاؤنس +
سَفَر کردہ - ع - ف - صفت - تجربہ کار - جہاندیدہ
سَفَر کرنا - ل - سیاحی کرنا - کوچ کرنا - مرنا +
سَفَر نامہ - ع - ف - مذکر - سفر کا روزنامچہ - سفر کے حالات +
سَفَر مینا - ل - (صحیح انگریزی سیپرس مائنرؤس) - مذکر پلٹن کا وہ دستہ جو سرنگ لگانے اور کھودنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے +
سُفرہ - ع - مذکر - دسترخوان - توشہ دان +
سُفل - ع - مؤنث - پستی - تلچھٹ +
سُفل دان - ع - ف - مذکر - ایک برتن جو ہڈی وغیرہ رکھنے کیلئے دسترخوان پر رکھا جاتا ہے +
سِفلگی - ع - ف - مؤنث - کمینہ پن - پاجی پن +
سِفلہ - ع - صفت - کمینہ - چھچھورا +
سِفلی - ع - صفت - کم درجہ کا - گھٹیل +
سِفلی عمل یا جادو - ل - مذکر - شیطانی عمل - وہ منتر یا جادو جسمیں شیاطین یا روحانیات سے سوائے خدا کے مدد طلب کی جائے +
سَفُوف - ع - مذکر - پسی کٹی ہوئی دوا - چورن +

سَفَید - ف - صفت - سپید - گورا - اُجلا +
سَفید پڑ جانا - ل - خوف یا غم سے خون خشک ہوجانا
سَفید پوش - ف - صفت - اجلا رہنے والا - بھلامانس
سَفید و سیاہ - ف - مذکر - نیکی بدی - برائی بھلائی
سَفیدہ - ف - مذکر - پھکے ہوئے جست کا پھول +
سَفیدی آنا - ل - بڑھاپا آنا +
سَفیدی پھرنا - ل - مکان پر قلعی ہونا +
سَفیر - ع - مذکر - ایلچی - وکیل +
سَفینہ - ع - مذکر - ناؤ - کشتی - نوٹ بک - اطلاعی حکم
سَفیہ - ع - صفت - بیوقوف - کم عقل +

س ق

سَقّا - ع - مذکر - پانی لانے والا - پنہیارا - ماشکی +
سقاوہ یا سقایہ - ل - مذکر - پانی رہنے کی جگہ - چھوٹا ساحوض +
سَقَر - ع - مذکر - دوزخ - نرک +
سَقف - ع - مؤنث - مکان کی چھت - سائبان +
سُقم - ع - مؤنث - بیماری - عیب - نقص +
سُقم نکالنا - ل - عیب نکالنا +
سقمونیا - یونانی - مذکر - ایک نہایت کڑوا گوند جو سبزی اور زردی مائل ہوتا ہے - محمودہ +
سَقَنقُور - رومی - مذکر - ایک جانور جو گوہ کے مشابہ ہوتا ہے - ریگ ماہی +
سُقُوط - ع - مذکر - گر پڑنا +
سقّے کی بادشاہی - ل - مؤنث - محاورہ - تھوڑے دنکی حکومت +
سَقیم - ع - صفت - مریض - روگی +

س ک

سَکارا - ہ - مذکر - وہ فیس جو ہنڈی کی بابت دیجائے
سَکارنا - ہ - قبول کرنا - ہنڈی کا روپیہ ادا کرنا +

سُکالرشپ - انگ - مؤنث - طالب علمی کا وظیفہ +
سُکّان - ع - مذکر - پتوار - کشتی کا دنبالہ +
سَکَت - ہ - مذکر و مؤنث - دم - طاقت +
سِکَتّر - ہ - مذکر (صحیح انگریزی سکرٹری) میر منشی پیش کار
سَکتَہ - ع - مذکر - ایک دماغی مرض جس میں مُردہ کی طرح حس و حرکت نہیں رہتی - مرگی - مرض بے ہوشی
سَکتَہ پڑنا - ا - شعر ٹوٹنا - رُکنا +
سکتہ کا عالم - ا - تارع فعل - بیخبری اور بے ہوشی کی نوبت - خاموشی کا عالم +
سکتہ ہونا - ا - غش آجانا - حیرت ہونا +
سُکر - ہ - مذکر - ایک نہایت چمکدار ستارہ - جمعہ شکروار +
سُکر - ع - مذکر - بے ہوشی نشہ +
سَکَرات - ع - مؤنث - جمع سکرہ کی موت کی سختی +
سَکرانت - س - مؤنث - آفتاب کا ایک برج سے دوسرے برج میں جانا - سورج کا پھرنا +
سُکڑا - ہ - صفت : بھچا ہوا سمٹا ہوا +
سُکڑنا - ہ - سمٹنا - تنگ ہونا +
سَکڑ نانا - ہ - مذکر - نانا کا دادا +
سُکڑی - ہ - صفت - بھیگی ہوئی +
سَکنا - ہ - ممکن ہونا - قابل ہونا +
سِکنا - ہ - پختہ ہونا - بھُننا - پٹنا +
سِکَنجبین - ع - مؤنث - لیمو کا شربت - اونٹ کٹارا کی جھاڑی پر جمی ہو شبنم (فارسی زبان سے لیا گیا ہے)
سِکَندَرز - رومی - مخفف اسکندر کا - اک مشہور رومی بادشاہ کا نام
سِکَندری - ف - صفت - منسوب بہ سکندر - گھوڑے کی ٹھوکر +
سِکَندری کھانا - ا - گھوڑے کا ٹھوکر کھا کر گرنا +
سِکَندریہ - ف - مذکر - مصر کے ایک مشہور شہر کا نام جسکو سکندر رومی نے بسایا تھا +

سِکَنڈ - انگ - مذکر - (صحیح سیکنڈ) - منٹ کا ساٹھواں حصہ - پل - لمحہ +
سُکُوت - ع - مذکر - خاموشی - چُپ +
سُکُوت کرنا - ا - خاموشی اختیار کرنا - چپ ہونا +
سُکُورہ - ف - مذکر - مٹی کا پیالہ +
سِکوری - ا - مؤنث - مٹی کی پیالی +
سُکُون - ع - مذکر - آرام - ٹھیراؤ - آسودگی - حرف ساکن کی مقررہ علامت (ه) +
سُکُونت - ع - مؤنث - رہنے کی جگہ - قیام +
سُکُونت پذیر ہونا - ا - رہ پڑنا - بسنا +
سِکھ - ہ - مذکر - باباگرو نانک کے پیرو - وہ قوم جو گرو نانک صاحب کو مانتی اور ان کے گرنتھ پر چلتی ہے +
سِکّہ - ع - مذکر - ڈھلا ہوا سونا چاندی جو ملک میں چلے - قاعدہ - حکم +
سکہ بٹھانا - ا - اپنے نام کا روپیہ چلانا - رعب جمانا
سکہ بنانا - ا - سکہ ڈھالنا - چوری سے سکہ بنانا +
سکہ بیٹھنا - ا - حکم جاری ہونا - دھاک بیٹھنا +
سکہ چہرہ شاہی - ا - مذکر - وہ روپیہ پیسہ جس پر بادشاہ کا چہرہ ہو +
سکۂ حالی - ع - مذکر - موجودہ سکہ +
سکہ زن - ع ف - مذکر - سکہ ڈھالنے والا +
سکۂ قلب یا جعلی - ع - مذکر - جھوٹا سکہ - بناوٹی سکہ +
سکہ لگانا - ا - ٹھپا لگانا - روپیہ پیسہ بنانا +
سُکھ - ہ - مذکر - راحت - آرام - تندرستی +
سُکھ نیند - ہ - مؤنث - چین کی نیند - آرام کی نیند
سکھا شاہی - ا - مؤنث - سکھوں کا زمانہ - بے انصافی کا زمانہ +
سُکھانا یا سُکھلانا - ہ - خشک کرنا - بچائے رکھنا
سِکھانا یا سِکھلانا - ہ - تعلیم دینا - بتانا - بہکانا +
سکھانا پڑھانا - ہ - بہکانا - بدگمان کرنا +

سُکھلئے میں آنا - ہ - کسی کے کہنے میں آنا ✦
سُکھپال - ہ - مذکر - پالکی - ڈولہ ✦
سُکھ درشن - ہ - مذکر - ایک بوٹی جسکا عرق اکثر کان کے درد کو مفید ہے ✦
سُکھی - ہ - صفت - خوش - سُکھیا ✦
سُکھی رہنا - ہ - آرام سے رہنا - خوش رہنا ✦
سَکھی - ہ - مؤنث - مددگار - سہیلی - ہیجڑا ✦
سُکیڑنا - ہ - سمیٹنا - تنگ کرنا - اکٹھا کرنا ✦

س گ

سَگ - ف - مذکر - کتّا ✦
سگِ بازاری - ف - مذکر - عام کُتّا - ذلیل آدمی
سگِ تازی - ف - مذکر - شکاری کتا جو عربی نسل سے ہو ✦
سگِ دیوانہ - ف - مذکر - باؤلا کتا - پھاڑ کھانیکو دوڑنیوالا ✦
سگِ زرد برادرِ شغال - ف - کہاوت - چور کا بھائی گرہ کٹ - جیسایہ ویساوہ ✦
سَگا - ہ - صفت - ایک ماں باپ کا - حقیقی ✦
سَگارت - ہ - مؤنث - رشتہ ناتہ - اپنایت ✦
سَگائی - ہ - مؤنث - منگنی - نسبت ✦
سَگائی ہونا - ہ - نسبت ہونا ✦
سُگریو - س - مذکر - اچھی گردن والا - راجہ رامچندرجی کا گہرا دوست ✦
سُگھڑ - ہ - صفت - خوش سلیقہ - ہنرمند - تجربہ کار
سُگھڑپن یا سُگھڑائی - ہ - پہلا مذکر دوسرا مؤنث دانائی - ہنرمندی - حسن سلیقہ ✦

س ل

سِل - ع - مؤنث - ایک مہلک مرض جسمیں پھیپھڑوں سے زخم کے باعث خون آکر سوکھ کر آدمی مرجاتا ہے

سِل بٹّا - ہ - مؤنث - مسالا پیسنے کا چوڑا پتھر اور پیسنے کا چھوٹا ٹکڑا ✦
سلاجیت - ہ - مذکر - پہاڑ کا بودار مادہ جو پہاڑ سے خود بخود ٹپکتا ہے ✦
سِلاح - ع - مذکر - لڑنے کے ہتھیار ✦
سِلاح بند - ع - ف - ہتھیار بند - پانچوں ہتھیاروں سے تیار ✦
سِلاح خانہ - ع - ف - مذکر - ہتھیاروں کا گھر میگزین
سِلاح ساز - ع - ف - مذکر - ہتھیار بنانے والا ✦
سلاخ - ا - مؤنث - لوہے کی ایک گول چھڑی ✦
سلاست - ع - مؤنث - روانی - نرمی - سادگی ✦
سلاستِ زبان - ع - ف - مؤنث - نرم کلامی - زبان کی روانی اور سادگی ✦
سلاسِل - ع - مؤنث - جمع سلسلہ کی - زنجیریں - بیڑیاں
سلاطین - ع - مذکر - سلطان کی جمع - بہت سے بادشاہ پہلے بادشاہوں کی اولاد ✦
سلام - ع - مذکر - گردن جھکانا - تسلیم کرنا - بندگی ڈنڈوت ✦
سلام پھیرنا - ا - نماز کو دائیں بائیں منہ پھیر کر اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ کہکر ختم کرنا ✦
سلام پیام یا سلام پیغام - ا - مذکر - رشتہ ناتہ کی چھیڑ چھاڑ - بات چیت ✦
سلام علیکم - ع - مذکر - تم پر سلامتی ہو - آنے یا جانے کے وقت یہ الفاظ بولتے ہیں اور سننے والا وعلیکم السلام کہتا ہے ✦
سلام کرائی - ا - مؤنث - وہ رقم جو دولہا کو رخصت کرتے وقت دلہن کے رشتہ دار دیتے ہیں
سلام کرکے چلنا یا سلام کر چلنا - ا - ناراضگی سے رخصت ہونا ✦
سلام کرنا - ا - سر یا ماتھے یا سینے پر ہاتھ رکھنا بندگی کرنا - دست بردار ہونا ✦

سَلام لینا - ۔ سلام قبول کرنا +
سَلام ہے - ۔ محاورہ - معاف رکھیے +
سَلامَت - ع - صفت - ہر ایک بلا سے بچا ہوا
تندرست - صحیح - سالم +
سَلامَت رَوی اختیار کرنا - ۔
نیک چلن ہونا - اپنی حد سے بڑھکر نہ چلنا +
سَلامَت رہنا - ۔ زندہ رہنا - قائم و برقرار رہنا
سَلامَتی - ع ف - مؤنث - بچاؤ - خیریت صحت
سَلامَتی سے - ا - تابع فعل - تندرستی سے +
سَلامی - ع ف - ہتھیاروں کو اٹھاکر سلام کرنا
سَلامی اُتارنا } - ۔ کسی بادشاہ یا حاکم کیلئے توپوں
یا سَلامی ہونا } بندوقوں وغیرہ سے اظہار تعظیم کرنا
سُلا دینا } - ہ - بچہ کو بہلاکر یا تھپک تھپک
یا سُلانا } کر سلا دینا - دفن کرنا - مار ڈالنا +
سِلائی - ہ - مؤنث - سلوانے کی اجرت -
سِیَوَن - ٹانکا +
سَلائی - ہ - مؤنث - سرمہ لگانیکی گول اور پتلی
سلاخ - پیشاب لانے کا ایک آلہ - گوشہ بنے کا کانٹا +
سَلائی پھیرنا - ہ - گرم سلائی سے اندھا کرنا -
آنکھیں پھوڑنا +
سَلب - ع - صفت - لیجانا - چھین لینا - جذب کرنا
سِلپَٹ - ہ - صفت - ہموار - گھسا ہوا - چپٹ اندھا
سِلپچی - ا - مؤنث - چلمچی +
سُلجھا سُلجھایا - ہ - صفت - تجربہ کار - خرانٹ -
پختہ کار
سُلجھانا - ہ - کھولنا - باریک اور پیچیدہ مسائل کا
فیصلہ کرنا - توضیح کرنا +
سُلجھنا - ہ - کھلنا - آسان ہونا - مقدمہ فیصل ہونا +
سِلَح - ع - مذکر - ہتھیار +
سِلَح پوش - ع ف - ہتھیار بند - پانچوں ہتھیار سے
آراستہ +

سِلَح خانہ - ع ف - میگزین +
سَلخ - ع - مؤنث - کھال کھینچنا - چاندرات +
سُلسُلانا - ہ - نرم نرم کھجلی ہونا - گدگدی ہونا -
رینگنا +
سَلَسُل بَول - ع - مذکر - ایک مرض ہے جسمیں پیشاب
بار بار اور قطرہ قطرہ آتا ہے +
سِلسِلَہ - ع - مذکر - زنجیر - قطار - خاندان - شجرہ - ترتیب
سِلسِلَہ بَندی - ع ف - مؤنث - صف بندی -
قطار بندی +
سِلسِلہ جاری کرنا - ۔ کسی کام کو ہمیشہ کے لئے
شروع کرنا +
سِلسِلہ جاری ہونا - ۔ کسی کام کا متواتر یا لگاتار
ہونا +
سِلسلہ وار - ع ف - صفت - ترتیب وار -
درجہ وار +
سُلطان - ع - مذکر - بادشاہ - راجہ - شاہزادہ
سُلطانہ - ع - مؤنث - ملکہ - رانی - شہزادی
سُلطانی - ع - صفت - بادشاہی - گورنمنٹی +
سَلطَنَت - ع - مؤنث - راج - بادشاہت -
عملداری +
سَلطَنَتِ جمہوری - ع - مؤنث - عوام کی حکومت
سَلطَنَتِ شخصی - ع - مؤنث - وہ حکومت جسمیں
بادشاہ خود مختار اور آزاد ہو +
سَلطَنَتِ مُتَحِد یا مُتَحِدہ - ع - صفت - آپس میں
ملی ہوئی حکومت - مشمولہ ریاستیں - ایک بادشاہ یا حکومت
کے مالک +
سَلَف - ع - صفت - اگلے زمانے والے - گذشتہ
بزرگ - اباء و اجداد +
سَلَف سے - ا - تابع فعل - پہلے سے - پچھلے لوگوں کی
سُلَف - ا - مذکر - مرادف سودا - اسباب - خرید و
فروخت - +

سُلفا - ہ - مذکر - بھربھرا کرکے بھرا ہوا تمباکو - چرس ✦

سُلفا اڑانا - ہ - سلفہ بھر کے پینا - خاک سیاہ کر دینا - چرس پینا ✦

سُلفا ہونا - ہ - جلکر خاک ہونا - برباد ہونا - مرنا ✦

سِلک - ع - مؤنث و مذکر - لڑی - موتیوں کا دھاگا - سلسلہ - ایک مشہور ریشمی کپڑا ✦

سُلگانا - ہ - روشن کرنا - آگ جلانا - بنائے فساد ڈالنا

سُلگنا - ہ - جلنا - دھواں نکلنا - غم یا غصہ میں اندر ہی اندر بھسم ہونا ✦

سَلَم - ع - مؤنث - کسی چیز کی پیشگی قیمت دیدینی تاکہ تیاری پر وہ جنس لے لیں جیسے زمینداروں کو غلہ پر پیشگی قیمت دیدیتے ہیں - تقاوی ✦

سَلمَا - ہ - مذکر - سونے یا چاندی کے ایک قسم کے چمکدار تار جو اکثر جوتیوں اور دیگر پوشاک میں ٹانکے جاتے ہیں ✦

سِلنَا - ہ - سیا جانا ✦

سلو - انگ - صفت - سست - مدھم - اپنی رفتار سے کم چلنا ✦

سلوائی - ہ - مؤنث - چھید یا سوراخ کرانیکی مزدوری ✦

سَلوتری - ہ - مذکر - گھوڑوں اور چوپاؤں کا علاج کرنے والا ✦

سِلُوٹ - ہ - مؤنث - شکن - جھری - چُنٹ ✦

سُلُوک - ع - مذکر - راستہ - طریقہ - برتاؤ - خدا کی تلاش کا راستہ ✦

سُلُوک سے پیش آنا - ہ - محبت اور پیار سے پیش آنا ✦

سُلُوک سے رہنا - ہ - اتفاق سے رہنا - ملکر رہنا

سُلُوک کرنا - ہ - خیر خواہی کرنا - نیکی کمانا - امداد کرنا - ملنا ✦

سُلُوک کرانا - ہ - صلح کرانا - ملاپ کرانا - دلوانا ✦

سَلُونا - ہ - صفت - نمکین - چٹ پٹا - گندمی ✦

سَلُونوں - ہ - مذکر - ایک ہندی تہوار کا نام - راکھی پونو ✦

سَلہج یا سَلج - ہ - مؤنث - سالے کی بیوی ✦

سِلی - ہ - مونث - چاقو وغیرہ تیز کرنیکی پتھری ✦

سَلیپر - انگ - مؤنث (صحیح سِلپر) پھڈی ہلکی جوتی جو گھروں میں پہنتے ہیں - وہ لکڑی جو ریل کی پٹری کے نیچے بچھاتے ہیں - پیہ کا آہنی حلقہ ✦

سَلیٹ - انگ - مؤنث - پتھر کی تختی ✦

سَلیس - ع - صفت - رواں - عام فہم - سیدھی سادھی زبان ✦

سَلیقہ - ع - مذکر - تہذیب - علم مجلس - تمیز ✦

سَلیقہ مَند - ع ف - صفت - تمیز دار - سنجیدہ ✦

سَلیم - ع - صفت - ٹھیک - سادہ دل - تندرست - بُردبار ✦

سَلیمُ الطبع - ع - صفت - نرم دل - کم گو - دور اندیش - سیدھا - نیک ✦

سُلیمان - ع - مذکر - ایک مشہور پیغمبر کا نام - جنکے تابع پری اور جن تھے ✦

سُلیمانی - ع - صفت - ایک قسم کا دورنگا سیاہ و سفید پتھر ✦

س م

سَم - ہ - مذکر - آواز - تال ✦

سُم - ف - مذکر - چوپایہ کا کھر - گھوڑے کا ٹاپ ✦

سَمّ - ع - مذکر - زہر - ہلاہل - بِس ✦

سَمُّ الفار - ع - مذکر - چوہوں کا زہر - سنکھیا - زہر بلا پتھر ✦

سَمِّ قاتل - ع - صفت - زہر قاتل - جلد کام تمام کرنے والا ✦

سَما - ع - مذکر - آسمان - فلک ✦

سَما یا سَماں - ہ - مذکر - زمانہ - وقت - موقع - محل لطف - اچھی فصل - جوبن +
سَماں باندھنا - ہ - لطف پیدا کرنا - کیفیت پیدا کرنا +
سَماں بَندھنا - ہ - رنگ جمنا +
سَماپَت - س - مذکر - پورا - انجام +
سَما جانا - ہ - بھر جانا - اَٹ جانا - گھُس جانا +
سَماج - س - مؤنث - گروہ - سبھا - انجمن +
سَماجَت - ع - مؤنث - خوشامد - منت - چاپلوسی
سَماچار - س - مذکر - خبر - اطلاع - حالت - روایت
سَمادھ - س - مؤنث - خدا کا دھیان - مزار +
سَمادھ لگانا - ہ - چلہ کشی کرنا - دم چڑھانا +
سَمادھ لینا - ہ - کچھ مدت کے واسطے جیتے جی گڑ جانا - ڈبنا +
سَمادھان - س - مذکر - مذہبی یکجہتی - دھیان - مراقبہ
سَماع - ف - مذکر - سُننا - گانا +
سَماعَت - ع - مؤنث - شنوائی - سنوائی +
سَماعَت کرنا - و - سننا - توجہ کرنا - کان لگانا +
سَماعَت کے قابِل - و - صفت - سُننے کے قابل وہ مقدمہ جو حکام کی توجہ کے قابل ہو +
سَماعی - ع - صفت - سنا ہوا - روایتی - وہ صیغہ جو قاعدہ کے تو خلاف مگر اہل زبان کے موافق ہوں
سَماق - ع - مذکر - ایک قسم کا نہایت سخت سنگِ مرمر
سَماکھا - ہ - مذکر - آنکھوں والا +
سَمان - ہ - صفت - مانند - برابر - ثانی +
سَمانا - ہ - کھپنا - پر ہونا - بیٹھنا - بسنا - پسند آنا +
سَماوِی - ع - صفت - آسمانی - اوپر کی +
سَمائی - ہ - مؤنث - گنجایش - ظرف - بردباری - طاقت +
سَمبَت - ہ - مذکر - سنہ - برس - ہندی سال جو راجہ بکرماجیت کا چلایا ہوا اور چیت سے شروع ہوتا ہے +

سَمبَندھ - ہ - مذکر - رشتہ ناتہ - راہ و رسم - برادری +
سَمپُورَن - ہ - صفت - پورا - کامل +
سَمْت - ع - مؤنث - راہ - روش - جانب - رُخ +
سَمْتُ الرّاس - ع - مذکر - سر سے آسمان تک کا سیدھا خط - بلندی کی انتہا +
سِمٹنا - ہ - اکٹھا ہونا - مرجانا - دست کش ہونا +
سَمجھ - ہ - مؤنث - عقل - فہم - دانائی - بوجھ - خیال +
سَمجھ آنا - ہ - لازم - ہوش سنبھالنا - بچہ کا بڑا ہونا عقل آنا +
سَمجھ بُوجھ کر - ہ - تابع فعل - جان بوجھ کر سوچ سمجھ کر
سَمجھ پر پتھر پڑیں - ہ - محاورہ - بے سمجھ غارت ہو (کسی کی بیوقوفی پر بولتے ہیں) +
سَمجھ دار - و - صفت - برے بھلے کو جاننے والا - عقلمند +
سمجھ میں آنا - و - خیال میں آنا - سمجھنا +
سَمجھانا - ہ - ذہن میں اتارنا - بتلانا - جتلانا نصیحت کرنا +
سَمجھانا بُجھانا - ہ - عقل دینا - اونچ نیچ جتانا +
سَمجھنا - ہ - آگاہ ہونا - سیکھنا - ذہن پر چڑھنا +
سَمُندَر - س - مذکر - سمندر - دریائے اعظم +
سَمدھن - ہ - مؤنث - دولہا یا دلہن کی ماں آپس میں ایک دوسرے کی سمدھن کہلاتی ہیں +
سَمدھی - ہ - مذکر - دولہا یا دلہن کا باپ باہم سمدھی کہلاتے ہیں +
سَمدھیانا - ہ - مذکر - بیٹے یا بیٹی کی سسرال +
سُمرَن - ہ - مؤنث - ورد - خدا کی یاد کرنا - جپنا +
سُمرَن کرنا - ہ - خدا کا نام لینا - تسبیح کرنا +
سُمرنا - ہ - خدا کا نام لینا - مالا پھیرنا +

سُمرنی - ہ - مؤنث - چھوٹی سی مالا - وہ چند دانوں کی
تسبیح جو خوبصورتی کے لئے ہاتھوں میں باندھتے ہیں
سَمع - ع - مذکر - گوش - کان +
سَمع خراشی - ع - ف - مؤنث - دماغ چٹی - کان کھانا
سَمن - ف - مؤنث - چنبیلی +
سَمن اندام - ف - مذکر - گورا چٹا آدمی - معشوق +
سَمن - انگ - مذکر - پروانہ طلبی - طلبی نامہ +
سمن جاری کرنا - ا - قانون کے موافق طلب کرنا
سمن کی تعمیل - ا - مؤنث - طلبی کا عمل میں لانا +
سَمند - ف - مذکر - بادامی رنگ کا گھوڑا - گھوڑا +
سَمندر - ف - ع - مذکر - ایک آتشی چوہا جسکی کھال کی
ٹوپیاں بناتے ہیں +
سَمندر - ہ - مذکر - سمندر - ساگر +
سمندر بلونا - ہ - نہایت تلاش و جستجو کرنا +
سمندر پار اُتارنا - ہ - کالے پانی بھیجنا - جلاوطن کرنا
سمندر پھل - ہ - مذکر - ایک قسم کا پھل - سیپی
سمندر جھاگ - ہ - مذکر - سمندر پھین - کف دریا
سمندر جھاگ +
سمندر کھار - ہ - مذکر - سنکھیا - ہڑتال +
سموچا - ہ - صفت - کامل - تمام - سادا +
سمور - ع - مذکر - لومڑی کے قسم کے ایک جانور
کی نہایت قیمتی سرخ رنگ کی کھال جو کسی قدر سیاہی مائل ہوتی
ہے جسکو جوڑ کر پوستین بناتے ہیں +
سموسا - ا - مذکر - ایک قسم کی تلی ہوئی تکونی شکل
کی مشہور چیز - دوہرا کیا ہوا سہ گوشہ کپڑا - مثلث +
سَموم - ع - مؤنث - زہریلی ہوا - گرم ہوا +
سمونا - ہ - ٹھنڈا اور گرم پانی ملانا +
سمیت - ہ - تابع فعل - ہمراہ - باہم - شامل +
سمیٹنا - ہ - فراہم کرنا - جمع کرنا +

س ن

سِن - ع - مذکر - عمر - سال - عمر کی مقدار +
سِنِ بلوغ یا بلوغت یا تمیز - ع - مذکر - جوانی
کی عمر +
سِن رسیدہ - ع - ف - صفت - بوڑھا -
پیر - کبر سن +
سِن شعور - ع - مذکر - سمجھ کی عمر - جوانی کی عمر +
سَن - ہ - مذکر - اک پودا جسکی چھال سے رسیاں
بنتے ہیں +
سَن - ہ - مؤنث - کسی چیز کے زور سے نکل جانیکی
آواز - زناٹا +
سَن سَن - ہ - مؤنث - ہوا کی سنسناہٹ - پھریری
سَن سے - ہ - تابع فعل - جلدی سے - بھن سے -
زنّاٹے سے +
سُن - ہ - صفت - بیہوش - سکتہ میں - بیخبر -
خاموش +
سُن کرنا - ہ - بیحس و حرکت کرنا - محو کرنا چمک مارنا
سُن ہونا یا سُن ہو جانا - ہ - ٹھٹھر جانا متحیر ہو جانا
سَنا - ع - مؤنث - ایک دوا کا نام +
سُننا - ہ - کان لگانا - کان دھرنا +
سُنا اَن سُنا کرنا - ہ - کسی بات کو سن کر ٹالنا +
سناٹا - ہ - مذکر - دریاؤں کے چڑھنے کی آواز
ہوا یا بارش کی وحشتناک آواز - دہشت - خوف -
سناٹا آنا - ہ - ہک دک رہجانا - ڈر جانا +
سناٹے سے برسنا - ہ - زور سے برسنا -
موسلا دھار برسنا +
سناٹے کی ہوا - ہ - مؤنث - زور کی ہوا -
آندھی +
سُنا چاہنا - ہ - گالیاں یا بُرا بھلا سننے کا
خواہشمند ہونا +
سُنار - ہ - مذکر - زرگر - زیور بنانے والا +
سنار کی کھٹائی اور درزی کے بند - ہ - کہاوت

درزی کا بند لگانا اور سنار کی کھٹائی حیلہ بہانہ کرنے اور ٹالنے کے لئے کافی ہے +
سُنار ہٹا - ہ - مذکر - وہ بازار جہاں سنار بکثرت بیٹھتے ہوں +
سُناری - ہ - مؤنث - زرگر کی بیوی +
سِنان - ف - مؤنث - بھالا - برچھی - تیر کی نوک
سُنانا - ہ - کان میں ڈالنا - جتانا - برا بھلا کہنا طعنہ مارنا - کسی کے روبرو گانا یا پڑھنا +
سُنائی یا سُناونی - ہ - مؤنث - موت کی خبر +
سُنائی یا سُنوائی - ہ - مؤنث - فریادرسی پہنچ دخل +
سُنبُل - ع - مذکر - ایک خوشبودار گھاس +
سُنبُلُ الطّیب - ع - مؤنث - بالچھڑ +
سُنبُلہ - ع - مذکر - خوشہ گندم یا جو وغیرہ - گیہوں یا جو کی بال - آسمان کا چھٹا برج +
سَنبوسہ - ف - مذکر - سموسا +
سُنبہ - ف - مذکر - از سنبیدن بمعنی سوراخ کرنا - برما سوراخ کرنے کا آلہ +
سنبھالا - ہ - مذکر - وہ افاقہ جو مریض کو مرنے سے پیشتر ہوتا ہے +
سنبھالا لینا - ہ - مرنے سے پہلے صحت کا ظاہر ہونا
سنبھالنا - ہ - تھامنا - روکنا - مدد کرنا - بگڑتے کام کو بنانا - نگہبانی کرنا - چوکس کرنا - ہاتھوں پر لینا قبضہ ہونا +
سَنبھالو - ہ - مذکر - ایک درخت کا نام +
سنبھل سنبھل کر - ہ - تابع فعل - بن بن کر - تکلف سے - ٹھہر ٹھہر کر - وقفہ سے +
سنبھلنا یا سنبھل جانا - ہ - رُکنا - گرنے سے بچنا - خبردار ہونا - افاقہ ہونا - پنپنا - راہ پر آنا - تندرست ہو جانا +
سنبھلنے دے - ہ - محاورہ - دم لینے دے - صبر کر +
سنبھلنے نہ دینا - ہ - ہوش نہ لینے دینا - مہلت نہ دینا
سنبھلو - ہ - محاورہ - ہوش میں آؤ - آمادہ ہو +
سُن پانا - ہ - سُن لینا - واقف ہو جانا +
سَنپیرا - ہ - مذکر - سانپ پکڑنے والا - ایک قوم -
سَنت - ہ - مذکر - سادھو - جوگی - عابد - پرہیزگار
سَنت آدمی ہے - ا - محاورہ - سیدھا سادھا بھولا بھالا آدمی +
سُنّت - ع - مؤنث - راہ - طریق - دستور - شرعی رسم +
سُنّتِ آبائی - ع - مؤنث - باپ دادا کی رسم +
سُنّت کرنا - ا - ختنہ کرنا - مسلمانی کرنا +
سُنّت ہونا - ا - ختنہ ہونا - رسم ختنہ ادا ہونا +
سَنتاپ - س - مذکر - گرمی - مصیبت - فکر سوچ
سَنتان - س - مذکر - بال بچے - لڑکے بالے - نسل +
سَنترا یا سَنگترا - ہ - مذکر - رنگترا - ایک پھل +
سَنتری - انگ - مذکر - پہرہ دینے والا - چوکیدار سپاہی +
سَنتوش - س - مذکر - اطمینان - دلجمعی +
سَنتوکھی - ہ - صفت - صابر - مطمئن +
سِنڈکٹ - انگ - مذکر - کونسل - منتخب جماعت - واضعان قانون کی جماعت +
سِنجاب - ف - مذکر - ایک جانور جو ترکستان میں ہوتا ہے اور جسکی نرم پشم دار کھال سے پوستین بنتے ہیں
سِنجاف - ا - مؤنث - جھالر - چوڑی اور آڑی گوٹ - آدھا سرخ اور آدھا سفید گھوڑا +
سِنجافی - ا - صفت - کنارہ دار - وہ کپڑا جسکے گرداگرد چوڑی گوٹ لگی ہو +
سَنجوگ - ہ - مذکر - میل ملاپ - دوستی - ملاقات
سَنجھلی - ہ - صفت - منجھلی سے چھوٹی لڑکی +
سَنجیدگی - ف - مؤنث - متانت - بھاری بھرکم پن

سنجیدہ - ف - صفت - موزوں - جچا ہوا - قدر انداز
نشانہ باز +
سَنَد - ع - مؤنث - تکیہ گاہ - بھروسا کرنیکی چیز
ثبوت - کارنامہ +
سَنَد دینا - ۱ - ثبوت دینا - نظیر دینا +
سَنَدِ کارگزاری - ۱ - مؤنث - ایام ملازمت
کی چیٹھی +
سَنَدِ لیاقت یا فضیلت - ع - مؤنث - ہنر یا
علمیت کا سرٹیفکیٹ +
سَنَد مانگنا - ۱ - ثبوت چاہنا +
سَنَد معافی - ۱ - مؤنث - معافی جاگیر کا ثبوت
جاگیر کی معافی کا پروانہ +
سَنَدِ وراثت - ع - مؤنث - وراثت تسلیم
ہونیکا سرکاری ثبوت +
سَنَد یافتہ - ع - ف - صفت - پاس شدہ - جسکے
پاس کسی امر کا ثبوت ہو - فاضل +
سَنَداً - ع - تابع فعل - سند کے طور پر - نظیراً -
ثبوت کے طور پر +
سِندان - ف - مؤنث - وہ مربع لوہا جسپر رکھکر
لوہا کوٹتے ہیں +
سُندَر - ہ - صفت - خوبصورت - حسین - خوشنما
سُندَرَس - ۱ - مذکر - (صحیح سُندَروس) -
وارنش کرنیکا اندر رنگ کا گوند +
سُندَرِی - ہ - مؤنث - خوبصورت عورت
ایک قسم کی لکڑی - ستار کے خلفے +
سِندُور یا سیندُور - ہ - مذکر - سرخ رنگ کی
دھات - شنگرف +
سِندُور کھلانا یا دینا - ہ - آواز بند کرنا +
سِندُوریا - ہ - صفت - سرخ - سیندور کے
رنگ کا - شنگرفی +
سِندھ - ہ - مذکر - سمندر - ایک ملک کا نام -
پنجاب کے ایک دریا کا نام +
سَندھیا - س - مذکر - شام کی پوجا +
سَندِیسہ - ہ - مذکر - خوشخبری - پیغام +
سَندیہ - ہ - مذکر - شک - شبہ - سوچ - فکر -
غم و فکر +
سَنڈ - ہ - صفت - مخفف سانڈ - موٹا - تازہ اور
ہٹا کٹا - توانا +
سَنڈا - ہ - صفت - موٹا آدمی - قوی ہیکل
سَنڈاس - ہ - مذکر - پائخانہ جو اونچی جگہ پر ہو
اور نیچے صاف کیا جاتا ہو - موری +
سَنڈاسی - ہ - مؤنث - گرم لوہا پکڑنے کا آلہ
دست پناہ +
سَنڈ مُسَنڈا - ہ - صفت - موٹا تازہ - بہت موٹا +
سِنڈیکیٹ - انگ - مؤنث - سررشتہ تعلیم کی
کمیٹی +
سُنسار - ہ - مذکر - دنیا - جہان - جگت +
سُنسان - ہ - صفت - ویران - اجاڑ - غیر آباد -
چپ چاپ - خالی - خوفناک +
سُنسان پڑا رہنا - ہ - اجاڑ اور غیر آباد رہنا +
سُنسان کرنا - ہ - ویران کرنا - سونا کرنا +
سُنسان ہونا - ہ - اجاڑ ہونا - خالی ہونا +
سَنسکرِت - س - مؤنث - پاک کی ہوئی زبان -
دیوتاؤں کی بولی - مکمل اور خاص زبان +
سَنسنانا - ہ - سرسرانا - سن سن کرنا - ضعف یا خوف
یا سنسنی کے باعث اک خاص کیفیت - سکتے کا عالم - کانپنا
سَنسناہٹ - ہ - مؤنث - پانی کھولنے کی آواز
ضعف اور کمزوری کی علامت کا ظہور +
سَنسنی چھوٹنا یا سَنسنیاں چھوٹنا } - ہ - بدن سنسنانا - جی کانپنا +
سَنسی - ہ - مؤنث - گرم لوہا یا سونا چاندی پکڑنے
کا اوزار +

سِنک - ہ - مذکر - رینٹ - ناک کی غلاظت ❖
سنک - ہ - مذکر - خبط - سودا - جنون ❖
سنکارا ہوا - ہ - صفت - بہکایا ہوا - اُبھارا ہوا اُکسایا ہوا ❖
سنکارنا - ہ - آنکھ مارنا - اشارہ کرنا ❖
سنکرانت - ہ - مؤنث - سورج گرہن کا دن ہندوؤں کا تہوار ❖
سنکلپ - س - مذکر - منّت - نذر - دان پُن خیرات
سنکلپ پرت - س - مذکر - وہ پُن جو برہمن کو کیا جائے ❖
سِنکنا - ہ - ناک کی غلاظت صاف کرنا ❖
سنکوچ - س - مذکر - شرم و حیا - وسواس - افسوس ❖
سِنکونا - انگ - مؤنث - کونین کا درخت - دیسی کونین ❖
سنکھ - ہ - مذکر - بڑی کوڑی - گھونگا - ناقُوس سو لاکھ کی تعداد - گھنا ❖
سنکھ بجانا - ہ - نرسنگا بجانا - بگل بجانا ❖
سنکھیا - ہ - مؤنث - ایک زہریلا پتھر
سنگ - ف - مذکر - پتھر - بوجھ - وقار ❖
سنگِ آستان - ف - مذکر - دہلیز کا پتھر - دروازہ کا پتھر ❖
سنگِ اسود - ف - ع - مذکر - وہ سیاہ پتھر جسکو مکہ معظمہ میں جاکر مسلمان چومتے یا صرف ہاتھ کا اشارہ کر دیتے ہیں ❖
سنگ آمد سخت آمد - ف - مثل - یہ مشکل کام مجبوراً کرنا ہی پڑا ❖
سنگِ آہن رُبا - ہ - مذکر - لوہا اُٹھانیوالا پتھر - مقناطیس ❖
سنگِ بصری - ف - ع - مذکر - ایک قسم کا پتھر جو بصرہ میں پیدا ہوتا ہے ❖

سنگ پُشت - ف - مذکر - کچھوا ❖
سنگ تراش - ف - مذکر - پتھر کاٹنے اور بنانے والا ❖
سنگِ جراحت - ف - ع - مذکر - سیل کھڑی ❖
سنگِ خارا - ف - مذکر - ایک قسم کا سخت نیلگوں پتھر ❖
سنگدل - ف - صفت - سخت دل - بیرحم ❖
سنگدانہ - ف - مذکر - پرندہ کا معدہ ❖
سنگ راہ - ف - مذکر - وہ پتھر جو راستہ میں پڑا ہوا آنے جانے والوں کو تکلیف دے - مانع - رکاوٹ ❖
سنگ ریزہ - ف - مذکر - کنکر - روڑی - بجری ❖
سنگسار کرنا - و - شرعی سزا - کمر تک دبا کر پتھر سے کام تمام کرنا ❖
سنگساری - ف - مؤنث - سنگباری - وہ سزا جو آدمی کو کمر تک دبا کر پتھر مار کر دیجائے ❖
سنگ ساز - ف - مذکر - پتھر بنانے اور درست کرنے والا ❖
سنگِ سُرخ - ف - مذکر - لال پتھر ❖
سنگِ سُرمہ - ف - مذکر - وہ سیاہ چمکدار پتھر جسے بطور سرمہ پیسکر آنکھوں میں ڈالتے ہیں - سُرمہ کی ڈلی ❖
سنگِ سُلیمانی - ف - ع - مذکر - وہ سیاہ و سفید پتھر جسکی درویش تسبیح ڈالتے ہیں ❖
سنگِ سماق - ف - ع - مذکر - نہایت سفید پتھر ❖
سنگِ سینہ - ف - صفت - چھاتی کا پتھر - گراں خاطر دل کا بوجھ ❖
سنگِ شجر یا شجری - ف - ع - مؤنث - ایک قسم کا درخت نما پتھر ❖
سنگلاخ - ف - مذکر - پتھریلی زمین - دشوار سخت
سنگ لرزان - ف - مذکر - ایک قسم کا پتھر جو ہلانیسے

چمکدار چیز کی طرح لرزتا ہے ٭

سَنگِ لوح - ف ع - مذکر - قبر کا وہ پتھر جسپر سرہانے کی طرف تاریخ وفات وغیرہ لکھکر لگاتے ہیں - تعویذ قبر

سَنگِ ماہی - ف - مذکر - وہ سخت و سفید پتھر جو مچھلی کے سر سے نکلتا ہے ٭

سَنگِ مَثانہ - ف - ع - مذکر - پتھری جو آدمی کی پیشاب گاہ میں پیدا ہو جاتی ہے ٭

سَنگِ مَرمَر - ف - مذکر - سفید اور نہایت نرم پتھر

سَنگِ مَزار - ف - ع - مذکر - قبر کا تعویذ ٭

سَنگِ مقناطیس - ف - ع - مذکر - لوہا اُٹھانے والا پتھر ٭

سَنگِ مُوسےٰ - ف - ع - مذکر - سیاہ خوشنما پتھر

سَنگِ یَشت - ف - مذکر - سبزی مائل قیمتی پتھر ٭

سَنگ - ہ - تابع فعل - ہمراہ - ساتھ ٭

سَنگ چلنا - ہ - ساتھ جانا - رفاقت کرنا ٭

سَنگ چھُوٹنا - ہ - ساتھ چھوٹنا ٭

سِنگار - ہ - مذکر - زیب و زینت - بناؤ ٭

سِنگار دان - ا - مذکر - وہ ظرف جسمیں عورتیں سامان آرائش سرمہ مسی وغیرہ رکھتی ہیں ٭

سِنگار میز - ا - مؤنث - وہ میز جسپر سامان آرائش رہتا ہے ٭

سَنگَت - ہ - مؤنث - ساجھا - ساتھ - دوستی ٭

سَنگَت کرنا - ہ - میل ملاپ اور دوستی پیدا کرنا ٭

سَنگترا - پُرتگال - مذکر - بڑی اور میٹھی نارنگی ٭

سَنگتی یا سَنگی - ہ - مذکر - ساتھی - ہمراہی ٭

سَنگر - ف - مذکر - کھائی - خندق - مورچہ ٭

سَنگرام - س - مذکر - جنگ و جدل ٭

سُنگُن - ہ - مؤنث - پوشیدہ خبر - اُڑتی ہوئی خبر

سَنگوا لینا - ہ - قابو میں کر لینا - مار رکھنا ٭

سِنگوٹی - ہ - مؤنث - بیَل وغیرہ کے بنے ہوئے سینگ ٭

سِنگھ - ہ - مذکر - شیر - آسمان کا پانچواں بُرج - جینیوں کا گروہ - چاندی یا سونے کا ایک زیور جو رتھ کے بیلوں کے ماتھے پر قلعۂ معلّیٰ میں لگایا جایا کرتا تھا - بہادر - سورما ٭

سِنگھ جی - ہ - مذکر - ہندوؤں کا باہمی معزز خطاب

سِنگھاڑا - ہ - مذکر - پانی کا اک مشہور کانٹے دار پھل - نکھوٹا لپٹا ہوا رومال ٭

سِنگھاڑا مچھلی - ہ - مؤنث - ایک قسم کی خاردار مچھلی

سِنگھاسن یا سِنگاسن - ہ - مذکر - راج گدی شاہی تخت ٭

سِنگھاسن پر بٹھانا - ہ - گدی پر بٹھانا ٭

سُنگھانا - ہ - کسی قسم کی خوشبو دو سرے کی ناک میں پہنچانا

سَنگِین - ف - صفت - پتھر کا - بھاری - مستحکم - دیرپا

سنگین جُرم - ف - ع - مذکر - بھاری قصور - وہ جرم جو قابل سزا ہو ٭

سَنگین سزا - ف - مؤنث - بھاری سزا - سخت سزا

سَنگینی - ف - مؤنث - استواری - مضبوطی - ٹھوس پن ٭

سَنوار - ہ - مؤنث - بگاڑ کی ضد - درستی - پھٹکار

سَنوارنا - ہ - درست کرنا - ترتیب سے لگانا - آراستہ کرنا - زینت دینا - سدھارنا - راہ پر لانا ٭

سَنوَرنا - ہ - چال چلن درست ہونا - انجام کو پہنچنا ٭

سُنو تو سہی - ا - محاورہ - صبر تو کرو - ٹھہرو تو ٭

سَنَہ - ع - مذکر - (تلفظ سَن) دیکھو سال - سمبت

سَنِ جُلُوس - ع - مذکر - تخت نشینی کا برس ٭

سَنِ رَوان - ع ف - مذکر - موجودہ سال ٭

سنہ عیسوی - ع - مذکر - وہ شمسی برس جو پیدائش عیسیٰؑ سے شروع ہوا ٭

سنہ فصلی - ع - مذکر - وہ سال جو جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے وقت سے شروع ہوا ٭

سَنہ ہجری - ع - مذکر - سال محمدی - یعنی وہ قمری سال جو حضرت محمد صلعم کے مکہ معظمہ کو چھوڑنے کے وقت سے شروع ہو
سُنہرا یا سُنہری - ہ - صفت - سونے کے رنگ کا زرد - طلائی رنگ ✤
سَنی - ہ - مؤنث - باریک اور ملائم قسم کا سن جو گدّوں میں بھرتے ہیں ✤
سُنّی - ع - مذکر - مسلمانوں کا وہ فرقہ جو چاروں خلفاء کو برحق مانتا ہے - طریقہ رسول اللہ پر قائم رہنے والا فرقہ
سَنیاسی - س - مذکر - دنیا سے الگ تھلگ رہنے والا فقیر - جوگی - ہندو فقیروں کا ایک فرقہ ✤
سُنی اَن سُنی کرنا - ہ - سن کر ٹال جانا ✤
سَنیچر - ہ - مذکر - ایک نہایت سست رفتار اور منحوس ستارہ - ہفتہ - جمعہ کے بعد کا دن - نحوست مفلسی - مبلا - بخیل - بلانوش ✤

س و

سُو - ف - مؤنث - سمت - جانب ✤
سُوء - ع - صفت - بُرا - خراب - بدی ✤
سُوءِ اَدَبی - ع - مؤنث - بے ادبی - گستاخی - بے عزتی ✤
سُوءِ ظن - ع - مذکر - بدگمانی - خیال باطل ✤
سُوءِ مزاجی - ع - مؤنث - بیماری - علامت ✤
سُوءِ ہضمی - ع - مؤنث - گرانی شکم - بدہضمی ✤
سو - ہ - ضمیر - جزا - وہ - جو - تو - حرف علت ✤
سَو - ہ - صفت - پانچ بیسی (۱۰۰) - صد - سیکڑہ ہرچند ✤
سَو بات کی ایک بات - ہ - مؤنث - تجربہ کی بات عمدہ بات - القصہ - خلاصہ - الحاصل ✤
سَو جان سے عاشق ہونا یا گشتہ ہونا - ل - نہایت فریفتہ ہونا - مرمٹنا ✤
سَو جان سے صدقے - ل - محاورہ - ہر طرح سے قربان

سو جان سے قُربان یا نِثار ہونا - ل - اپنی جان کو سو سو بار وارنا - بہت زیادہ محبت کرنا ✤
سَو جَتن کیئے - ہ - محاورہ - ہر چند تدبیر و حیلہ سازی مکرو فریب کیئے ✤
سَو چُھپاویں - ہ - محاورہ - کسی طرح پوشیدہ کریں
سَو دِن چور کی تو ایک دن سادھ کی - ہ - کہاوت - سو دفعہ اگر شریر کی شرارت چلتی ہے تو ایک دفعہ شریف کی بھی چل جاتی ہے - یعنی سدا ایک ہی شخص کی نہیں رہتی اور چور پکڑا جاتا ہے ✤
سَو سُنار کی نہ ایک لُہار کی - ہ - کہاوت - کمزور کی سو چوٹیں زبردست کی ایک چوٹ کے بھی برابر نہیں ہوتی ہیں ✤
سَو سَو - ہ - تابع فعل - بہت بہت - بکثرت - نہایت
سَو سَو بَل کھانا - ہ - نہایت غصہ اور پیچ و تاب کھانا
سَو سَو کوس - ہ - تابع فعل - دُور دُور - لمبا سفر - کوسوں ✤
سَو سَو کوس بھاگنا - ہ - دُور دُور بھاگنا - پاس نہ پھٹکنا ✤
سَو سَو کوس نظر نہ آنا - م - کہیں پتہ نہ لگنا - دور دور نظر نہ آنا ✤
سَو سَو گھڑے پانی کے پڑنا - ہ - شرم سے پانی پانی ہونا - نہایت شرمندہ اور نادم ہونا ✤
سَو سَو نام دھرنا - ہ - از حد عیب نکالنا - نقص بیان کرنا
سَو سیانے ایک مَت - ہ - کہاوت - جتنے دانا ہوں گے سبکی رائے ایک ہوگی ✤
سَو غلاموں گھر سُونا - ل - کہاوت - فرزند ایک بھی باعث آبادی ہے اور غلام سو یا ہزار بھی ہوں تو کچھ نہیں آج ہیں کل چلے گئے اور گھر خالی ✤
سَو کوس سے اپنا گھر نظر آنا - ل - لازم - اپنا حال اپنے نزدیک خوب روشن رہتا ہے - اپنی مصیبت دُور سے نظر آجاتی ہے ✤
سَو کے سَوا لئے کرنا - ہ - سو پر پچیس کا نفع کمانا ✤

سَو نکٹوں میں ایک ناک والا نکٹو۔ ہ۔ کہاوت۔ سو عیب داروں میں ایک بے عیب اور نیک غبی خیال کیا جاتا ہے ٭

سوآ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا خوشبودار باریک پتی کا ساگ سویا ٭

سوا۔ ہ۔ صفت۔ ایک اور اسکا چوتھائی حصہ لمبا۔ خیمے کے وہ چاروں رستے جنپر چوبہ ٹھیرا رہتا ہے

سوا نیزے پر سورج آنا۔ ل۔ نہایت گرمی پڑنا آگ برسنا ٭

سُوآ۔ ہ۔ مذکر۔ طوطا۔ موٹی سوئی۔ غلہ یا گھاس وغیرہ کے آگے کی سُوئی ٭

سِوا۔ ع۔ حرف استثنا۔ علاوہ۔ بغیر۔ نسپر۔ زیادہ

سَواد۔ ع۔ مذکر۔ سیاہی۔ رنگ کی سیاہی۔ دل کا سیاہ لفظہ۔ آس پاس۔ ذہن

سواد لگنا۔ ہ۔ مزہ دینا۔ اچھا لگنا ٭

سَوار۔ ف۔ مذکر۔ پیادہ کا نقیض۔ گھوڑے پر چڑھا ہوا۔ رسالہ کا ملازم ٭

سوار بنانا۔ ل۔ سواری پر چڑھنا سکھانا ٭

سَواری۔ ف۔ مؤنث۔ چڑھنے کی چیزیں مثلاً گھوڑا۔ ہاتھی۔ رتھ۔ گاڑی وغیرہ۔ جلوس۔ کُشتی کا ایک داؤں

سواری اتروانا۔ ہ۔ وہ عورت جو ڈولی یا گاڑی میں آئی ہو اسے جا کر لانا ٭

سَواری کَسنا۔ ہ۔ کُشتی میں دبا بیٹھنا۔ آسن لینا ٭

سواری لینا۔ ہ۔ چڑھنا۔ سوار ہونا ٭

سُوال۔ ع۔ مذکر۔ درخواست۔ مانگ۔ دریافت التجا۔ عرض۔ استغاثہ۔ عرضداشت۔ مسئلہ۔ کسی بات کا امتحاناً دریافت کرنا ٭

سُوال بنانا۔ ہ۔ کسی مسئلہ کا امتحان کے لئے تیار کرنا ٭

سُوالِ جرح۔ ع۔ مذکر۔ دلیل توڑنے والا سوال ٭

سُوال حَل کرنا۔ ل۔ مسئلہ کو بیان کرنا۔ عقدہ کھولنا ٭

سُوال دَر سُوال۔ ل۔ مذکر۔ بات میں سے بات نکالنے کی تقریر۔ جرح کے سوالات ٭

سُوالِ دَقیق۔ ع۔ مذکر۔ باریک بات کا سوال ٭

سُوال دینا۔ ل۔ عدالت میں دعویٰ پیش کرنا۔ عرضی دینا۔ نالش کرنا ٭

سُوال ڈالنا۔ ہ۔ مانگنا ٭

سُوال کرنا۔ ل۔ طلب کرنا۔ درخواست کرنا۔ دریافت کرنا۔ آزمانا۔ التجا کرنا ٭

سُوال وجَواب۔ ع۔ مذکر۔ ردّ و بدل۔ حجت و تکرار ٭

سُوالات۔ ع۔ مذکر۔ جمع (سُوال) کی ٭

سُوالاتِ اِمتحانی۔ ف۔ مذکر۔ وہ سوال جو امتحان کے طور پر معلوم کئے جائیں۔ لیاقت کی جانچ پڑتال کے مسئلے

سُوالاتِ تحریری۔ ف۔ مذکر۔ وہ لکھے ہوئے سوالات جنکا جواب لکھوا کر لیا جائے ٭

سُوالاتِ حَل طَلَب۔ ف۔ مذکر۔ وہ سوالات جنکی وضاحت کرانا مقصود ہو ٭

سُوالاتِ زبانی۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ وہ سوال جو زبانی معلوم کئے جائیں۔ زبانی امتحان ٭

سُوالاتِ علمی۔ ع۔ مذکر۔ کسی علم کے متعلق سوالات

سُوالاتِ قانُونی۔ ع۔ مذکر۔ قانونی سوال۔ قانونی بحث ٭

سُوالات کے کاغذ۔ ل۔ مذکر۔ وہ کاغذات جن میں امتحان کے سوال درج ہوں۔ پرچے ٭

سُوامی۔ ہ۔ مذکر۔ آقا۔ شوہر۔ بادشاہ۔ گرو۔ پیر جوگی۔ حضور ٭

سَوانح۔ ع۔ مذکر۔ جمع سانحہ کی۔ حالات۔ روئیداد۔ حوادثات۔ ظہور ٭

سوانح عُمری۔ ل۔ مذکر۔ کسی شخص کی زندگی کے حالات سرگزشت۔ تذکرہ ٭

سَوانح نِگار۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ واقعات کا لکھنے والا نامہ نگار ٭

سُوانگ۔ ہ۔ مذکر۔ دیکھو (سانگ) کرتوت۔

کرتب - بھیس بدلنا ✦
سُوانگ لانا - ہ - روپ بھرنا - رنگ لانا - فیل مچانا
سُوانگی یا سُوانگیا - ہ - مذکر - بہروپیا ✦
سُوآہا - س - صفت - راکھ ہوگیا ہوا ✦
سُوآہا کرنا - ہ - جلاکر راکھ کردینا - خاتمہ کردینا ✦
سوت - ہ - مؤنث - پانی کا چشمہ - نکلنے کی جگہ - وہ دریا
خواہ تالاب وغیرہ کی شاخ جو کٹ کر دوسری طرف جائے
سوت جاری رہنا - ہ - چشمہ کا بہتا رہنا - آمدنی کا
برقرار رہنا ✦
سوت نکلنا - ہ - چشمہ جاری ہونا ✦
سُوت - ہ - مذکر - کچا دھاگا - سیدھا خط - سیدھ
دیکھنے کا ڈورا ✦
سُوت اٹیرنا - ہ - چرخی یا اٹیرن پر سوت چڑھانا ✦
سُوت باندھنا - ہ - سیدھا خط ڈالنا - سیدھ باندھنا
سُوت کے بنولے ہوجانا - ہ - بنا بنایا کام بگڑ جانا ✦
سَوت یا سَوتن - ہ - مؤنث - سوکن - وہ بیوی
جو پہلی بیوی پر لائی جائے ✦
سَوت بھلی سَوتیلا بُرا - ہ - کہاوت - بہ نسبت
سوکن کے اُسکی اولاد زیادہ دشمن ہوتی ہے ✦
سوتا - ہ - مذکر - سوت - پانی نکلنے کی جگہ - چشمہ ✦
سُوتنا - ہ - نچوڑنا - صاف کرنا - میان سے تلوار کھینچنا
سوتی - ہ - مؤنث - وہ چھوٹی شاخ یا کھاڑی جو کسی
دریا سے پھوٹ کر نکلی ہو ✦
سُوتی - ہ - صفت - سُوت کا بنا ہوا کپڑا ✦
سوتے فتنے کو جگانا - ہ - دبی دبائی آگ اکھیڑنا
نئے سرے سے فساد اُٹھانا ✦
سَوتیلا باپ - ہ - مذکر - ماں کا دوسرا شوہر ✦
سَوتیلا بھائی - ہ - مذکر - وہ بھائی جو اور ماں سے ہو
اخیافی ✦
سَوتیلا بیٹا - ہ - مذکر - وہ بیٹا جو اپنے نطفہ سے نہ ہو -
خاوند کا وہ بیٹا جو اور بیوی سے ہو ✦

سوتے مُردے جگانا - ا - شور و بر پا کرنا ✦
سوتے نصیب جاگنا - ہ - قسمت کھلنا - نصیبے کا
یاور ہونا ✦
سوجانا - ا - نیند آجانا - خون کی حرکت بند ہوکر
سن ہوجانا ✦
سُوج کر کُپّا یا تھم ہونا - ہ - بہت سُوجنا ✦
سُوجن - ہ - مؤنث - ورم - پھولن ✦
سُوجن اُترنا - ہ - ورم کا کم ہونا ✦
سُوجن چڑھنا - ہ - ورم چڑھنا ✦
سُوجنا - ہ - ورم ہونا - غصے یا بدمزاجی سے منہ
پھلائے رکھنا ✦
سُوجھ - ہ - مؤنث - سمجھ - نظر ✦
سُوجھ بُوجھ - ہ - مؤنث - عقل و فہم - دوراندیشی ✦
سُوجھنا - ہ - نظر آنا ✦
سُوجی - ہ - مؤنث - رَوا - گیہوں کی گری ✦
سُوجے پھُولے - ہ - صفت - خفا اور آزردہ -
مُنہ پھُلائے ✦
سوچ - ہ - مذکر - فکر - اندیشہ - رنج و غم - غور ✦
سوچ بچار - ہ - مذکر - سوچ سمجھ - دیکھ بھال -
غور و فکر ✦
سوچ سمجھ کے - ہ - تابع فعل - غور و فکر سے -
ہوش و حواس سے ✦
سوچ میں بیٹھنا - ہ - کسی خیال میں مصروف ہونا
دُھن لگنا ✦
سوچنا - ہ - غور و فکر کرنا ✦
سُوچی پتر - س - مذکر - فہرست مضامین - صحت نامہ
سوخت - ف - مؤنث - سوزش - جلن - جلا ہوا
سوخت کرنا - ا - جلانا - ضبط کرنا - منسوخ کرنا -
رد کرنا ✦
سوخت ہونا - ا - جلنا - ضبط ہونا - رد ہونا ✦
سوختگی - ف - مؤنث - جلن - تکلیف - رنج - کلفت

سوختنی - ف - مؤنث - جلنے کے قابل - جلانے کے لائق
سوختہ - ف - صفت - جلا ہوا - جھلسا ہوا - اندوہگیں
سود - ف - مذکر - نقصان کی ضد - فائدہ - منافع
بہتری - خوبی - بیاج +
سود بٹا - ہ - مذکر - نفع نقصان +
سود پر لینا - ا - بیاج پر روپیہ لینا +
سود خوار - ف - مذکر - بیاج کھانیوالا +
سود در سود - ف - مذکر - بیاج پر بیاج +
سود کھانا - ا - بیاج پر روپیہ دینا +
سود لگانا - ا - بیاج لگانا +
سودمند - ف - صفت - فائدہ مند +
سود ہونا - ا - فائدہ ہونا - ہاتھ آنا +
سودا - ع - مذکر - سیاہ - ایک سیاہ خلط کا نام - پاگل پن + معاملہ عشق - خیال - خرید و فروخت - چیز +
سودا بنانا یا کرنا - ا - بھاؤ ٹھیرانا - معاملہ طے کرنا
سودا پٹنا - ا - بھاؤ چکنا - نرخ ٹھیر جانا +
سودا سلف - ا - مذکر - کھانے پینے کی چیز - بازاری چیز
سودا کرنا - ا - خرید و فروخت کرنا قیمت ٹھیرانا +
سودا ہو جانا - ا - بھاؤ ٹھیر جانا - جنون ہو جانا +
سودا ہونا - ا - لین دین ہونا - دل لگنا - خبط ہونا +
سوداگر - ف - مذکر - تاجر - بیوپاری - مہاجن +
سوداگر بچہ - ف - مذکر - تاجر یا بیوپاری کا بیٹا +
سوداگری - ف - صفت - بیوپار سے تعلق رکھنے والا مہاجن +
سوداگری مال یا اسباب - ا - مذکر - بکری کا مال
سوداگری کرنا - ا - تجارت کرنا - کاروبار کرنا +
سودائی - ع - صفت - دیوانہ - پاگل - بیوقوف آدمی نسبت کرنے کے وقت بمعنی عاشق +
سودائی بنانا - ا - دیوانہ اور باولا بنانا تنکے چنوانا شیدا بنانا +
سوداوی - ع - صفت - منسوب بہ سودا - وہ آدمی
جسکے مزاج میں خلط سودا بڑھا ہوا ہو +
سودائی مزاج - ع - مذکر - وہ شخص جسمیں خلط سودا غالب ہو - جنونی آدمی +
سوڈا - انگ - مذکر - سوڈیم - دھات کا کھار - سفید دھاتی مادے کا نام +
سوڈا واٹر - انگ - مذکر - وہ پانی جو کل کے ذریعہ سوڈے کی لاگ سے تیار کیا جائے +
سور - ہ - مذکر - بہادر آدمی - پہلوان آدمی +
سور بیر - ہ - صفت - بڑا بہادر - سورما +
سور یا سؤر - ہ - مذکر - ایک مشہور ناپاک جانور - شریر - ایک گالی - کلمہ غیظ و غضب +
سور داس - ہ - مذکر - ایک ہندی شاعر اور گویئے کا نام - مراداً اندھا - آفتاب پرست +
سوراخ - ف - مذکر - چھید - روزن - منہ - پرنالہ - گھر +
سوراخ دار - ف - صفت - روزن دار +
سوراخ کرنا - ا - بیندھنا - چھیدنا +
سورت - ا - مذکر - کلام مجید کا اک حصہ +
سورت - ہ - مذکر - احاطہ بمبئی میں ایک بڑے شہر کا نام
سورج - ہ - مذکر - آفتاب - دھوپ +
سورج بنسی - ہ - مذکر - راجپوتوں کا اک فرقہ - راجہ رامچندر جی کا خاندان +
سورج ڈوبتے یا ڈوبے - ہ - تابع فعل - سورج چھپتے وقت +
سورج ڈوبنا - ہ - سورج کا چھپنا - شام ہونا +
سورج سنسار - ہ - مذکر - دنیا میں جہاں جہاں آفتاب کی روشنی پہنچے +
سورج سنکرات - ہ - مؤنث - سورج گرہن
سورج کی کرن - ہ - مؤنث - سورج کی چمک یا روشنی
سورج گرہن یا گہن - ہ - مؤنث - سورج کا

تاریک ہو جانا +

سُورَج مَنڈلی یا سُورَج کا گھیرہ - ہ - مذکر - آفتاب کی تکیہ - سورج کا دائرہ +

سُورَج مُکھی - ہ - مؤنث - ایک قسم کے زرد رنگ کا پھول جو آفتاب کے ساتھ اپنا رُخ بدلتا جاتا ہے - ایک قسم کا پنکھا +

سُورَگ - س - مذکر - جنت - پہلا آسمان - دوسرا جہان

سُورَما - ہ - صفت - بہادر +

سوز - ف - مذکر - جلن - دُکھ - رنج - غم - ملامت +

سوزخوان - ف - مذکر - دل ہلا دینے کے ڈھنگ پر مرثیہ پڑھنے والا +

سوزاک - ف - مذکر - اک بُرے مرض کا نام - گرمی کی بیماری

سوزِش - ف - مؤنث - جلن - گلن +

سوزَن - ف - مؤنث - سوئی - کپڑا سینے کا آلہ +

سوزَن زدہ - ف - صفت - چھلنی کی مانند سوراخدار

سوزَن کاری - ف - مؤنث - سوئی کا کام +

سوزنی - ف - مؤنث - ایک قسم کا پھول بیل بنا ہوا بستر - سوئی کا کام کیا ہوا مردانہ لباس

سُوس - ع - مؤنث - ملٹھی - ایک قسم کا آبی جانور - گھڑیال +

سُوسائٹی - انگ - مؤنث - سبھا - سماج - مجلس +

سُوسمار - ف - مذکر - گوہ - ایک مشہور جانور کا نام

سوسَن - ف - مؤنث - ایک آسمانی رنگ - اور پانچ پنکھڑیوں والا پھول +

سوسَنی - ف - مؤنث - نیلگوں - آسمانی +

سُوسی - ہ - مؤنث - رنگین دھاریدار سوتی کپڑا - نقلی سنگی +

سُوغات - ت - مؤنث - وہ چیز جو سفر سے دوستوں کے لئے بطور ہدیہ لائیں - تحفہ - انوکھی چیز +

سُوفار - ف - مذکر - تیر کی چٹکی - وہ شگاف جسکو چلہ پر لگا کر چھوڑتے ہیں - سوئی کا ناکا +

سوفتہ - ہ - مذکر - فرصت - مہلت - چھٹکارا - افاقہ +

سوفتے میں یا سوفتے کے وقت - ہ - تابع فعل - فرصت میں تنہائی میں +

سوفسطا - یونانی - مذکر - وہ حکمت جسکی بنیاد وہم پر ہو

سوفسطائی - یونانی - مذکر - حکیموں کا وہ گروہ جنکے خیالات بنیاد وہم پر ہے اور حقائق کے بالکل منکر ہیں +

سُوک - ہ - مذکر - زہرہ ستارہ +

سُوکھا - ہ - صفت - خشک - سکڑا ہوا - پتلا دُبلا - روکھا پھیکا +

سُوکھا پڑنا - ہ - قحط پڑنا - کال پڑنا +

سُوکھا ٹالنا یا ٹرخانا - ہ - صاف انکار کرنا باتوں میں ٹالنا +

سُوکھا ٹھُنٹھ - ہ - مذکر - سوکھا گُدا - خشک درخت

سُوکھا جواب دینا - ہ - روکھا جواب دینا - کانوں پر ہاتھ رکھ جانا +

سُوکھا سا - ہ - صفت - دُبلا پتلا - کمزور - تنکا سا +

سُوکھ کر پنجر ہو جانا - ہ - بہت زیادہ دُبلا ہو جانا +

سُوکھ کر کانٹا ہو جانا یا کانٹا سا ہو جانا - ہ - نہایت لاغر ہو جانا - تیلی سا ہو جانا - کمزور و ناتواں بصورت کانٹا ہونا +

سُوکھنا - ہ - خشک ہونا - لاغر ہونا - جذب کرنا پینا +

سُوکھے ٹکڑوں پر کوّوں کی مہمانی - ہ - کہاوت غریبی میں عیش کی باتیں - غریبی میں بیاہ +

سُوکھے ٹکڑوں پر کوّے اُڑانے - ہ - کہاوت تھوڑی آمدنی اور بے عزتی کے کام +

سُوکھے دھانوں پر پانی پڑنا - ہ - ترو تازہ ہونا - نئے سرے زندگی پانا +

سُوکھے کا آزار - ہ - مذکر - بڑی بیماری - دق کا مرض - سوکھا +

سُوکھے گھاٹ اُتارنا - ہ - محروم رکھنا - یوں ہی ٹالنا +

سُوکھی مچھنائی کرنا - ہ - بغیر پانی کھانا کھانا +
سُوکھی روٹی - ہ - مؤنث - خشک روٹی - روکھی روٹی
سُوکھی سَہمی - ہ - صفت مؤنث - پتلی دُبلی - خوف زدہ عورت +
سوگ - ف - ہ - مذکر - ماتم - سوچ - مردہ پر ماتم +
سوگ اُتارنا - ل - ماتم دور کرنا - سوگ اٹھانا +
سوگ رکھنا - ل - میت کا غم کرنا - چالیس روز تک بیاہ شادی نہ کرنا +
سوگ لیکر بیٹھنا - ل - ماتم کی رسوم کا پابند ہونا +
سوگ وار - ف - صفت - غمگین - آزردہ +
سوگند - ف - ہ - مؤنث - قسم - عہد +
سوگند دینا یا دلانا - ل - قسم دینا یا کھلانا - عہد کرانا
سوگندا سوگندی - ل - مؤنث - باہمی قسما قسمی - عہد و پیمان +
سُول - ہ - مذکر - کانٹا - برچھی کی نوک - پیٹ کا درد چبھن - ترسول +
سِول - انگ - صفت - دیوانی - بھلامانس - ملنسار تعلیم یافتہ +
سِول جج - انگ - مذکر - منصف +
سِول سَرجن - انگ - مذکر - سب سے بڑا ڈاکٹر - سرکاری شہری طبیب - جراح +
سِول سَروِس - انگ - مؤنث - وہ امتحان جسکو پاس کرکے کمشنری یا سکرٹری کے عہدے کا مستحق ہو جاتا ہے +
سِول کورٹ - انگ - مؤنث - وہ عدالت جسمیں لین دین کے متعلق مقدمات طے ہوتے ہوں +
سِول لِسٹ - انگ - مؤنث - سرکاری ملازموں کی وہ فہرست جسمیں ان کے عہدہ منصب ایام ملازمت تعداد تنخواہ وغیرہ درج ہو +
سولہ - ہ - صفت - چھ اور دس کا مجموعہ (۱۶) +
سولہ سنگار - ہ - مذکر - عورتوں کی سولہ۱۶ آرائشیں - سرمہ - مسی وغیرہ +
سُولی - ہ - مؤنث - پھانسی - دار - (مجازاً) مصیبت سخت تکلیف +
سُولی پر جان ہونا - ل - سخت مصیبت میں مبتلا ہونا - عذاب میں جان ہونا +
سُولی پر چڑھانا - ہ - پھانسی پر چڑھانا - بہت تکلیف پہنچانا +
سُولی پر چڑھنا - پھانسی پانا - دق ہونا +
سُولی پر کٹنا - ہ - مشکل سے بسر ہونا +
سُولی پر روٹی کھانا - ہ - مصیبت یا جان جوکھوں کی روٹی کھانا +
سُولی پر بھی نیند آتی ہے - ہ - کہاوت - نیند وہ بُری بلا ہے کہ مصیبت کی جگہ پر بھی آئے بغیر نہیں رہتی اور جان کی پرواہ نہیں کرتی +
سُوم - ہ - صفت - بخیل - کنجوس - تنگ دل +
سُوم کے گھر میں کتا پڑا جائے نہ جانے دے - ہ - کہاوت - بخیل کے ملازم نہ خود فائدہ اُٹھائیں اور نہ دوسرے کو اُٹھانے دیں +
سوم - س - مذکر - چاند - موت کا فرشتہ - دیوتاؤں کا خزانچی - ہوا - کافور - ایک بوٹی اور اسکے عرق کا نام - مہادیو +
سِوم - ف - صفت - تیسرا - مردے کا تیجا +
سوموار - ہ - مذکر - پیر کا دن - چاند کا دن - دوشنبہ
سونا - ہ - مذکر - ایک نہایت قیمتی وزنی سنہری دھات زر - طلا - اچھا - کثرت زیور +
سونا اُچھالتے چلے جاؤ - ہ - کہاوت - حسن انتظام اور امن وامان کے موقع پر بولا جاتا ہے +
سونا چھوئے مٹی ہوتا ہے - ہ - کہاوت - نہایت بدبختی اور بداقبالی کی نسبت بولتے ہیں +
سونا چاندی - ہ - مؤنث - مال و دولت - روپیہ پیسہ
سونا سگند - ہ - صفت - صاف کیا ہوا سونا -

حسب نسب کا اچھا۔ گناہوں سے پاک صاف ٭
سونا لے کے مٹی نہ دینا۔ ہ۔ نہایت نادہند ہونا
ہاتھ کا جھوٹا ہونا ٭
سونا۔ ہ۔ جاگنے کا نقیض۔ نیند لینا۔ مرنا۔ غافل ہونا
سونا سوگند ہو جانا۔ ر۔ سونا۔ بالکل میسر نہ ہونا
آرام کرنے کا موقع نہ ملنا ٭
سُونا۔ ہ۔ صفت۔ خالی۔ اجڑا ہوا۔ سنسان۔ غیر محفوظ
سُونا گھر بھڑوں کا راج۔ ہ۔ کہاوت۔ جب لائق
نہیں رہتے تو نااہلوں کی بن آتی ہے ٭
سُونا ہو جانا۔ ہ۔ بے رونق ہو جانا۔ ویران ہو جانا
سونا مکھی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک دوا کا نام۔ سنگ نور
ایک ملگجا سا پتھر ٭
سَونپنا۔ ہ۔ سپرد کرنا۔ چارج دینا۔ امانتاً رکھنا ٭
سونٹا۔ ہ۔ مذکر۔ ڈنڈا ٭
سونٹا سے ہاتھ۔ ہ۔ مذکر۔ عورتوں کے خالی ہاتھ
جنمیں چوڑیاں وغیرہ نہ ہوں ٭
سونٹھ۔ ہ۔ مؤنث۔ سوکھی ادرک۔ قیمتی چیز ٭
سونٹھ پنجیری۔ ہ۔ مؤنث۔ زچہ خانہ کی عمدہ خوراک
سونٹھ کی ناس لینا یا } ۔ ہ۔ گھُنّی سادھنا۔ برداشت
سونٹھ کے لڈو کھانا } کرنا۔ چُپ سادھنا ٭
سونٹھ ہو رہنا۔ ہ۔ چپ ہو جانا ٭
سونٹھیا صرّاف۔ ر۔ مذکر۔ طنزاً بڑا بھاری مہاجن
قابل اعتبار ساہوکار ٭
سونٹے بردار۔ ر۔ مذکر۔ چوبدار ٭
سونٹے پڑنا۔ ہ۔ ڈنڈوں سے پٹنا۔ لاٹھیاں پڑنا
سوندھا۔ ہ۔ صفت۔ کوری مٹی یا کورے برتن کی
سی خوشبو والا۔ آگ کے اندر بھنا ہوا پھل۔ خوشبو۔ مرکب
مصالح ٭
سوندھا پن۔ ہ۔ مذکر۔ کورے برتن یا تازے بھنے
ہوئے چنوں کی خوشبو ٭
سَوندھی۔ ہ۔ مؤنث۔ ریہ جسمیں دھوبی کپڑے بھگو کر
میل کاٹتے ہیں۔ کپڑے بھگونے کی بڑی ناند ٭
سُونڈ۔ ہ۔ مؤنث۔ ہاتھی کی لمبی ناک۔ خرطوم ٭
سُونڈا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک لمبی ناک والا کیڑا جو اناج
میں لگ جاتا ہے۔ سُرسُری۔ کاٹھی۔ زین ٭
سُونڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک سرخ رنگ کا کیڑا
جو چنوں میں لگ جاتا ہے۔ ناف۔ عرق کھینچنے کا آلہ
سُونس۔ ہ۔ مذکر۔ مگرمچھ ٭
سُوں سُوں کرنا۔ ہ۔ مؤنث۔ سانس کا ناک سے نکلنا
ہانپنا ٭
سَونف۔ ر۔ مؤنث۔ بادیان۔ اک مشہور دوا ٭
سَونف کا عرق۔ ا۔ مذکر۔ عرق بادیان ٭
سُونگھنا۔ ہ۔ ناک سے بو باس لینا ٭
سُونگھنی۔ ہ۔ مؤنث۔ نسوار۔ ہلاس ٭
سَونلانا۔ ہ۔ چہرہ کالا پڑ جانا۔ رنگ کا سانولا ہو جانا
سونے کا پانی۔ ہ۔ مذکر۔ وہ پانی جسمیں سونا گلایا
گیا ہو۔ آب طلا ٭
سونے کا نِوالہ۔ ر۔ مذکر۔ تر مال۔ مرغن کھانا۔
تر لقمہ ٭
سونے کا ورق۔ سونے کے باریک باریک پتر۔
جو دوائیوں میں پڑتے ہیں ٭
سونے کی چڑیا۔ ہ۔ مؤنث۔ مالدار۔ دولتمند
قیمتی چیز ٭
سونے کی چڑیا ہاتھ آنا۔ ہ۔ مالدار کا قابو میں آنا
سونے کی چڑیا ہاتھ سے نکل جانا۔ ہ۔ عمدہ
کام کا بگڑ جانا۔ کسی امیر کا قابو سے نکل جانا۔ آئی مراد
کا جاتا رہنا ٭
سونے کی سلاخ۔ ر۔ مؤنث۔ سونے کی سلائی یا
میخ ٭
سونے میں سُہاگا۔ ہ۔ محاورہ۔ زینت اور جِلا
کا سبب۔ جلد اثر کرنیوالا۔ ایمان دار ٭
سُوہا۔ ہ۔ صفت۔ کسیھ کا رنگ۔ سرخ ٭

سوہان - ف - مذکر - ریتی - لکڑی یا لوہا صاف کرنیکا خاردار آلہ ❖

سوہانِ رُوح - ف - ع - صفت - جان کو آزار دینے والا - بارِ خاطر ❖

سوہنا - ہ - پھبنا - اچھا معلوم دینا ❖

سوہنی - ہ - صفت - خوبصورت - خوشنما - جھاڑو ❖

سوہی یا سوئی - ہ - ضمیر - وہی - دبساھی ❖

سوئی - ہ - مؤنث - کپڑا سینے کا اوزار - ترازو کا کانٹا گھڑی کا کانٹا - اناج کا پھٹاؤ - پھانسی ❖

سوئی پرونا - ہ - سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا ❖

سوئی کا بھالا یا پھاوڑہ ہو جانا - ہ - بات کا بتنگڑ ہو جانا - بات کا بڑھ جانا ❖

سوئی کا ناکا - ہ - مذکر - سوئی کا وہ چھید جسمیں تاگا پروتے ہیں نہایت تنگ ❖

سوئی کے ناکے سے خدائی کو نکالنا یا سب کو نکالنا - لو - قدرت کے زور سے ناممکن بات کو کر دکھانا مطیع کر لینا

سَوَیّا - ہ - مذکر - سوا کا پہاڑا - سواسیر کا باٹ - ایک قسم کا گیت ❖

سویا اور چُوکا - ہ - کہاوت - غافل ہوا اور خطا کھائی ❖

سَوَیّاں - ہ - مؤنث - ایک قسم کی غذا جو میدہ کو گوندھ کر تار کی مانند بنائی جاتی ہیں مسلمانوں میں عید کو ہندوؤں میں سلونوں پر پکائی جاتی ہیں - رشتۂ حلوا - شعیریہ ❖

سَوَیّاں بٹنا یا توڑنا - ہ - سویاں بنانا ❖

سُوَیدا - ع - مذکر - وہ سیاہ نقطہ جو دل پر ہے ❖

سَویرا - ہ - مذکر - اول وقت - آفتاب نکلنے سے پہلے کا وقت - دن - روز ❖

سَویرا ہونا یا ہو جانا - ہ - پو پھٹنا - تڑکا ہونا - دن نکل آنا ❖

سُوَیمبر یا سُوانمبر - ہ - مذکر - ہندوؤں کی قدیمی رسم جسمیں لڑکی اپنا شوہر خود انتخاب کرتی تھی ❖

سُوَیمبرا - ہ - مؤنث - بَر کو انتخاب کرنیوالی لڑکی ❖

سُوئیوں ناج پرونا - ہ - بخل کرنا - کنجوسی کرنا ❖

س ہ

سِہ - ف - صفت - تین - (۳) ❖

سِہ بندی - ف - مؤنث - سہ ماہی - وہ قسط جو تیسرے مہینہ ادا کیجائے ❖

سِہ برگہ - ف - مذکر - تین پنکھڑی والا پھول - وہ پتی جو ٹوپیوں وغیرہ پر بنائی جائے ❖

سِہ پہلُو - ف - صفت - تین پہلو - سہ رُخہ ❖

سِہ چند - ف - صفت - تگنا - تین گنا ❖

سِہ درہ یا سِہ دری - ف - مذکر و مؤنث - تین دروازوں والا مکان - تین درجہ کا مکان ❖

سِہ شنبہ - ف - مذکر - منگل - منگلوار ❖

سِہ گرَہ یا سکرَّر - ف - تابع فعل - تیسری بار - تہارا ❖

سِہ ماہی - ف - صفت - سال کا چوتھا حصہ تیسرا مہینا تیسرے مہینے ❖

سِہ منزلہ - ف - ع - صفت - اوپر نیچے تین درجوں کا مکان ❖

سُہانا - ہ - صفت - دل پسند - من بھانا - پیارا ❖

سَہار - ہ - مؤنث - گوارا کرنا - صبر کرنا - برداشت کرنا

سَہارا - ہ - مذکر - آسرا - بھروسہ - وسیلہ - مدد - اُمید - تقویت ❖

سَہارا پانا - ہ - قوت پانا - مدد پانا ❖

سَہارا دینا یا لگانا - ہ - مدد دینا - تھامنا - امیدوار کرنا - امید بندھانا ❖

سَہارا ڈھونڈھنا - ہ - آسرا تکنا ❖

سَہارنا - ہ - اٹھانا - سہنا ❖

سُہاگ - ہ - مذکر - خوش نصیبی - شوہر کی زندگی کا زمانہ

شوہر بیوی کی خوشگوار موافقت۔ لاڈ پیار۔ ایک خاص قسم کا گیت +

سُہاگ اُتارنا۔ ہ۔ بیوہ بنانا۔ رنڈ سالہ پہنانا +

سُہاگ اُترنا۔ ہ۔ بیوہ ہونا۔ شوہر کا مرجانا۔ ننھ چوڑیاں اترنا +

سُہاگ بھری۔ ہ۔ صفت۔ خاوند کے سُکھ اور گھر کے عیش وعشرت میں خوش +

سُہاگ بھاگ۔ ہ۔ مذکر۔ پیار اور محبت۔ خاطر مدارات

سُہاگ پِٹارا یا پِٹاری } ہ۔ مذکر و مؤنث زیور وغیرہ کا وہ ڈبہ جو دولہا والوں کی طرف سے دیا جائے +

سُہاگ پُڑا۔ ہ۔ مذکر۔ کاغذ کا وہ نہایت خوشنما پُڑا جس میں خوشبو کی بتیرہ چیزیں ہوں +

سُہاگ رات۔ ہ۔ مؤنث۔ بیاہ کی پہلی رات۔ تخت کی رات +

سُہاگ سیج۔ ہ۔ مؤنث۔ جہیز کا وہ پلنگ جو لڑکی والے دیتے ہیں +

سُہاگ کا عطر۔ ہ۔ مذکر۔ خاص قسم کا عطر جو شادی میں کام آتا ہے +

سُہاگ گہرا ہونا۔ ہ۔ نہایت پیار اور اخلاص ہونا میل جول ہونا +

سُہاگا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا پہاڑی کھار جو سونا چاندی گلانے کے کام آتا ہے +

سُہاگن۔ ہ۔ مؤنث۔ خاوند والی عورت +

سُہال۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی خستہ تلی ہوئی میٹھی روٹی +

سُہالی۔ ہ۔ مؤنث۔ پوری کچوری۔ چپاتی +

سِہام۔ ع۔ مذکر۔ حصے۔ ٹکڑے۔ تیر۔ ناوک +

سُہانا یا سہاونا۔ ہ۔ صفت۔ اچھا معلوم دینے والا خوبصورت۔ دل پسند۔ نیم گرم۔ گوارا +

سُہانا سا۔ ہ۔ صفت۔ اچھا اور خوشنما +

سُہانا سُہانا وقت۔ ہ۔ مذکر۔ دلکو خوش کرنیوالا وقت +

سُہانا۔ ہ۔ بھانا۔ پیارا لگنا۔ بھلنا۔ کنگنا ہونا +

سُہانا سایہ ڈھلنا۔ ہ۔ جھٹ پٹے کا وقت۔ دونو وقت ملنا +

سَہایت۔ ہ۔ مذکر۔ مددگار۔ حمائتی +

سَہتا سَہتا۔ ہ۔ صفت۔ سہارنے کے قابل +

سَہج۔ ہ۔ مذکر۔ آسان۔ آہستہ +

سَہج سَہج سے یا سَہج سے } ہ۔ تابع۔ آہستہ آہستہ۔ دھیرے دھیرے سہولت سے +

سَہج میں۔ ہ۔ تابع فعل۔ آہستگی میں۔ نرمی سے

سِہرا۔ ہ۔ مذکر۔ پھولوں یا موتیوں کی وہ لڑیاں جو دولہا دلہن کے سر سے منہ پر لٹکائی جاتی ہیں

سِہرا باندھنا۔ ہ۔ دولہا بننا۔ بہنوئی کا نیگ لینے کے لئے سہرا باندھنا +

سِہرا بندھائی۔ ہ۔ مؤنث۔ سہرا باندھنے کا نیگ +

سِہرا دکھانا۔ ہ۔ بیاہ رچوانا +

سِہرا دیکھنا۔ ہ۔ بیاہ دیکھنا۔ شادی رچانا

سِہرے جلوے کی۔ ہ۔ مؤنث۔ بیاہتا بیوی

سَہل۔ ع۔ صفت۔ نرم و ہموار زمین۔ آسان۔ سہج

سَہل انگاری۔ ع ف۔ مؤنث۔ سُستی۔ آلکسی بہانہ جوئی +

سَہلانا۔ ہ۔ گُدگُدانا۔ آہستہ آہستہ رگڑنا۔ خوشامد کرنا۔ تھپکنا +

سَہم۔ ف۔ مذکر۔ خوف۔ ڈر۔ ہیبت +

سَہم جانا۔ ہ۔ ڈر جانا۔ رعب میں آجانا +

سَہما۔ ہ۔ صفت خوف زدہ۔ ڈرا ہوا۔ چُپ +

سَہمانا۔ ہ۔ ڈرانا۔ خوف دلانا +

سَہمنا۔ ہ۔ ڈرنا۔ خوف کھانا +

سَہنا۔ ہ۔ جھیلنا۔ برداشت کرنا۔ گوارا کرنا +

سَہنک۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا طباق۔ تھالی۔ رکابی +

سَہو۔ ع۔ مذکر۔ بھول۔ چوک۔ غفلت +

سہوِ قلم - ع - مذکر - قلم سے بلا ارادہ کچھ کا کچھ نکل جانا +

سہوِ کاتب - ع - مذکر - کاتب کی بھول چوک - وہ غلطی جو لکھنے والے سے ہو جائے +

سہواً - ع - تابع فعل - بھولے سے بغیر ارادہ +

سہولت - ع - مؤنث - نرمی - آہستگی +

سہی یا سئی - ہ - تابع فعل - (اصل میں صحیح تھا) بمعنی ٹھیک - درست - قبول - منظور - تسلیم - فرض کیا +

سہی شام - ہ - تابع فعل - سرشام +

سہیل - ع - مذکر - ایک نہایت روشن اور مشہور ستارے کا نام +

سہیلی - ہ - مؤنث - ساتھ رہنے والی - ہمجولی - لڑکی

س ی

سے یا سیہ یا ساہی - ہ - مؤنث - ایک جنگلی جانور جسکے تمام جسم پر سفید و سیاہ کانٹے ہوتے ہیں - اور خوف و دہشت کے وقت دشمن پر اُن سے حملہ کرتا ہے +

سی یا سیہ - ہ - مذکر - شیر - اسد +

سی - ہ - مؤنث - دفعتہً چٹکی لے لینے یا کسی چیز کے کاٹنے کے وقت جو آواز منہ سے نکلے +

سی سی کرنا - ہ - جاڑے سے سُو سُو کرنا - مرچوں کی تیزی یا تکلیف سے آواز نکلنا +

سی - ف - صفت - تیس - بیس اور دس کا مجموعہ (۳۰)

سی پارہ - ف - مذکر - قرآن پاک کے تیسوں پاروں میں سے ہر ایک +

سے - ہ - حرف جر - بمعنی از +

سیّاح - ع - صفت - بہت سیر کرنیوالا - مسافر - راہی +

سیاحت - ع - مؤنث - سیر - سفر +

سیاحی - ع - مؤنث - مسافرت - سیر - سفر

سیادت - ع - مؤنث - سرداری - پیشوائی - بادشاہی +

سیّار - ع - مذکر - بہت سیر کرنیوالا - تیز چلنے والا

سیّارہ - ع - مذکر - گردش کرنیوالا - پھرنے والا

سیاست - ع - مؤنث - ملک کی حفاظت و نگرانی - ملک کا بندوبست - تنبیہ - رعب و داب +

سیاست کرنا - ہ - سزا دینا - دھمکانا +

سیاست مُدن - ع - مؤنث - شہری انتظام کرنا +

سیاق - ع - مذکر - حساب - حساب کے قاعدے - مضمون کا ڈھنگ +

سیاقِ عبارت یا کلام - ع - تابع فعل - کہنے یا بولنے کے ڈھنگ - طرز کلام +

سیّال - ع - صفت - رواں - بہنے والی - لچکدار

سیان پت - ہ - مؤنث - ہوشیاری - عیاری - چترائی +

سیان پن - ہ - مذکر - چالاکی - دھوکا - بخیلی +

سیانا - ہ - صفت - (سنسکرت سگیان عقلمند) ذکی سمجھ دار - تجربہ کار - چالاک - چھلیا - مطلبی - بڑی عمر کا تعویذ کرنے والا - حکیم - بید +

سیاہ - ف - صفت - کالا - شوم - بد - نحس +

سیاہ باطن - ف ع - مذکر - ریاکار - مکار - بد باطن - کپٹی - منافق +

سیاہ بخت - ف - صفت - بدنصیب - بری قسمت والا +

سیاہ پوش - ف - صفت - ماتمی لباس والا - سوگ والا

سیاہ تاب - ف - صفت - نیلگوں - کالا چمکدار رنگ +

سیاہ دل - ف - صفت - بیرحم - ظالم - گنہگار

سیاہ رُو - ف - صفت - کالا کلوٹا - بے عزت شرمندہ +

سیاہ زبان - ف - مذکر - جسکی بددعا یا کوسنا جلد قبول ہو +

سیاہ سُفید کرنا - ا - جو چاہنا سو کرنا - بُرے بھلے کا اختیار ہونا ✦

سیاہ کار - ف صفت - بدکار - پاپی - بُرے کام کا عادی ✦

سیاہ کاری - ف - مؤنث - گنہگاری - نافرمانی ✦

سیاہ گوش - ف - مذکر - ایک درندہ کتے سے چھوٹا بلی سے بڑا تیز رفتار شکاری جانور - بن بلاؤ ✦

سیاہ مَست - ف - صفت - نشے میں چور - نہایت متوالا ✦

سیاہ مَستی - ف - مؤنث بے ہوشی ✦

سیاہہ - ف - مذکر - بہی - روزنامچہ - کھاتہ - حساب کی کتاب ✦

سیاہۂ آمدنی - ا - مؤنث - روزانہ آمدنی جو زمینداروں سے لیکر داخل کیجائے ✦

سیاہہ بہی - ا - مؤنث جسمیں روزمرہ کا خرچ و آمدنی وغیرہ درج ہو - آمدنی کا کھاتہ - وہ رجسٹر جسمیں عدالتی احکام درج ہوں ✦

سیاہہ دکھانا - ا - فوج کی کثرت تعداد ظاہر کرنا

سیاہۂ موجُودات - ف ع - مذکر - موجودہ اشیاء روکڑ وغیرہ کا رجسٹر ✦

سیاہہ کرنا - ا - کھاتے پر چڑھانا - درج رجسٹر یا روزنامچہ کرنا ✦

سیاہہ نَویس - ف - مذکر - روزمرہ کا حساب لکھنے والا - کھاتے پر چڑھانے والا ✦

سیاہی - ف - مؤنث - لکھنے کی چیز - اندھیرا - تاریکی کاجل - دھبہ ✦

سیاہی چٹ - ا - مذکر - سیاہی خشک کرنیوالا - بلوٹنگ پیپر - جاذب ✦

سیب یا سیو - ف - مذکر - ایک شیریں اور مشہور میوہ ✦

سیبِ زَنخدان - ف - مذکر - چھوٹی خوشنما اور خوبصورت ٹھوڑی ✦

سیلپ - ہ - مؤنث - سیپی - مچھلی کے کان - پرندوں کا ایک مرض - پتلی گٹھلی کا آم ✦

سیپی آم - ا - مذکر - نہایت پتلی گٹھلی کا آم ✦

سیپی سا مُنہ نکل آنا - ا - گال پچک جانا - منہ کی ہڈیاں نکل آنا ✦

سیت - ہ - مؤنث - پسینہ - عرق - گرمی کا موسم - ٹھنڈ اُوس - چھاچھ - ٹھنڈا - ڈھیلا ✦

سیت کال - ہ - مذکر - جاڑے کا موسم - سردی کا زمانہ ✦

سیتا - س - مؤنث - ہل کا دہ لوہا جو زمین کھودتا ہے - سری رامچندر جی کی رانی - پاکدامن ✦

سیتا پتی - ہ - مذکر - سیتا جی کے خاوند سری رامچندر جی

سیتا پھل - ہ - مذکر - ایک عمدہ خوش ذائقہ پھل کا نام یعنی شریفہ - گول گھیا ✦

سیتا ستی - ہ - صفت - نیک بیوی - شریف اور پاکدامن بیوی ✦

سیتل - ہ - صفت - ٹھنڈا - ڈھیلا - خوش - چیچک ✦

سیتل پاٹی - ہ - مؤنث - ٹھنڈا بوریہ - آسام کی چٹائی

سیتل چینی - ہ - مؤنث - کباب چینی - ایک دوا کا نام ✦

سیتلا - ہ - مؤنث - چیچک - ایک دیوی کا نام - ٹھنڈی ✦

سیتلا پُوجا یا پُوجن - ہ - مؤنث - سیتلا ماتا کی پوجا

سیتلا کا مٹھ یا بھوَن - ہ - مذکر - وہ چھوٹے چھوٹے برج نما گھروند جو اکثر شہروں کے باہر ماتا سیتلا کی پوجا کے لیے بنا دیے جاتے ہیں ✦

سیتلا مُنہ داغ - ا - صفت - وہ شخص جسکے منہ پر چیچک کے نشان ہوں ✦

سیٹ - انگ - مؤنث - ایک آدمی کے قابل جگہ

بیٹھک - سواری +

سیٹھ - ہ - مذکر - س - شریشٹھ)۔ مہاجن +

سیٹھا - ہ - صفت - بے مزہ - پھیکا - کمزور +

سیٹھاپن - ہ - مذکر - پھیکاپن - بے نمکی +

سیٹھی - ہ - صفت - پھیکی - کمزوری +

سیٹی - ہ - مؤنث - منہ کی باریک آواز - پرندوں کی آواز +

سیٹی بجانا - ہ - منہ کے اندر دو انگلیاں رکھکر آواز نکالنا - ہونٹوں سے باریک آواز نکالنا +

سیٹی دینا یا مارنا - ہ - سیٹی کے ذریعہ بلانا +

سیج - ہ - مؤنث - بچھونا - چارپائی +

سیج بچھانا - ہ - بستر درست کرنا +

سیج بند - ا - مذکر - پلنگ کی ڈوریاں - چادر باندھنے کی ڈوریاں +

سیج چڑھنا - ہ - پلنگ پر قدم رکھنا +

سیج سجانا - ہ - بستر بچھانا - درست کرنا +

سیج گاڑی - ا - مؤنث - پینس نما گاڑی +

سیجیں - ہ - مؤنث - جمع (سیج)، کی - دیکھو سیج

سینچنا - ہ - کھیتی کو پانی دینا - آبپاشی کرنا +

سیخ - ف - مؤنث - کباب بنانیکی گول اور لمبی لوہے کی سلاخ یا سینک +

سیخ پا ہونا - ا - گھوڑے کا پچھلے دو پاؤں پر کھڑا ہو جانا +

سیخ پر لگانا - ا - کباب لگانا - کباب بنانا +

سیخچہ - ف - مذکر - تصغیر (سیخ)، چھوٹی سلاخ +

سیخیا کباب - ا - مذکر - سیخ پر بھونے ہوئے کباب

سید - ع - مذکر - امام قوم کا سردار حسنین کی اولاد

سیدزادہ - ع ف - مذکر - سید کی اولاد +

سیدانی - ا - مؤنث - سید کی بیوی +

سیدھ - ہ - مؤنث - ٹیڑھ کا نقیض - سیدھاپن سامنے - نشانہ +

سیدھ باندھنا - ا - نشانہ باندھنا +

سیدھ میں - ہ - تابع فعل - ایک خط میں - سامنے

سیدھا - ہ - صفت - جسمیں ٹیڑھ پن نہ ہو - راست - صاف دل - بھولا بھالا +

سیدھا آنا - ہ - مقابلہ پر آنا - مارنے کو تیار ہو جانا +

سیدھا بنانا - ہ - سیدھے راستہ پر ڈالنا - ادب سکھانا - درست کرنا +

سیدھا بننا - ہ - ٹیڑھ نکلنا - درست ہونا - راستہ پر آنا +

سیدھا سا - ہ - صفت - غریب سا - بے کپٹ +

سیدھا سادا یا سیدھا سادھا - ا - صفت - بھولا بھالا صاف اور بے کپٹ آدمی +

سیدھا ہاتھ - ہ - مذکر - داہنا ہاتھ +

سیدھا - ہ - مذکر - کچی خوراک +

سیدھا دینا - ہ - وہ کچی خوراک جو کسی برہمن وغیرہ کو خوشی کے موقع پر دیجائے +

سیدھے سبھاؤ - ہ - تابع فعل - سیدھے پنے سے - سادگی سے +

سیدھے منہ بات نہ کرنا - ہ - غرور یا گھمنڈ سے متوجہ نہ ہونا +

سیدھی آنکھ - ہ - مؤنث - نظر لطف و کرم +

سیدھی آنکھوں دینا - ہ - خوشی بخوشی دیدینا +

سیدھی طرح - ا - تابع فعل - آہستگی سے - نرمی سے +

سیر - ع - مؤنث - پھرنا - ہواخوری +

سیرگاہ - ع ف - مؤنث - تماشے کی جگہ - سیر و تفریح کی جگہ +

سیر - ف - صفت - پیٹ بھرا ہوا - بے پروا +

سیرچشم - ف - صفت - صابر - بے پروا +

سیرچشمی - ف - مؤنث - بے پروائی - صبر و قناعت +

سیر - ع - مؤنث - جمع سیرت کی - عادتیں - گذرے ہوئے

حالات +

سیر - ہ - مذکر - سولہ چھٹانک یا اسی روپیہ کی مقدار کا خاص وزن +

سیر - ہ - مؤنث - وہ زمین جو مالک یا موروثی اسامی کے تصرف میں ہو +

سیراب - ف - صفت - پانی سے بھرا ہوا - بھرپور - پھولا پھلا +

سیرابی - ف - مؤنث - تروتازگی +

سیرت - ع - مؤنث - عادت - ذاتی جوہر +

سیروا - ہ - مذکر - پلنگ یا چارپائی کے سرہانے یا پائنتی کی لکڑی +

سیروں لہو بڑھنا - ہ - خوشی اور سرور سے جسم میں خون بڑھنا +

سیری - ف - مؤنث - آسودگی - تسلی - اطمینان پری +

سیڑھی چڑھنا - ہ - درجہ بدرجہ ترقی کرنا +

سیڑھیاں - ہ - مؤنث - جمع سیڑھی کی +

سیزن - انگ - مذکر - رُت - موسم +

سیس - ہ - مذکر - سر - کھوپڑی +

سیف - ع - مؤنث - تلوار +

سیفِ زبان - ع - مذکر - تیز زبان - اعلےٰ شاعر +

سیفہ - ف - مذکر - کاغذ کاٹنے کا ایک آلہ - تلوار کا ٹکڑا +

سیفی - ع - مؤنث - ایک دعا کا نام - جادو ٹونا +

سیک یا سینک - ہ - مؤنث - گرم کرکے ٹکور لینا نڑ بیڑا - گرمی +

سیکنا - ہ - گرم کرنا - گرمائی پہنچانا +

سیکھنا - ہ - تعلیم حاصل کرنا - دوسرے کی عادت اختیار کرنا +

سیل - ع - مذکر و مؤنث - پانی کا بہاؤ - لہر - طوفان +

سیل گرم - ہ - صفت - گنگنا - ٹھنڈا گرم +

سیلاب - ع - ف - مذکر - پانی کا ریلا - پانی کا چڑھاؤ +

سیلابچی - ہ - مذکر - دیکھو چلمچی - منہ ہاتھ دھونے کا برتن +

سیلانی - ہ - صفت - پھرنے والا - سیاح +

سیلانی جُھوڑا - ہ - صفت - موجی - جو ایک جگہ نہ ٹھیرے +

سیلانی فقیر - ہ - مذکر - سیر کرنیوالا فقیر - جہاں گشت فقیر +

سیلکھڑی - ہ - مؤنث - دیکھو سنگ جراحت، ایک نرم پتھر +

سیلی - ہ - مؤنث - ریشم یا تاگوں کی سیاہ ڈوری جو اکثر جوگی گلے میں ڈالتے ہیں +

سیم - ہ - مؤنث - ایک قسم کی ترکاری +

سیم - ف - مؤنث - چاندی - روپیہ پیسہ +

سیم تن یا سیم بر بدن - ف - صفت - گوراچٹا بدن - خوبصورت - گورا +

سیماب - ف - مذکر - پارہ +

سیماب وار - ف - صفت - پارے کی طرح بے قرار +

سیمرغ - ف - مذکر - ایک بہت بڑے پرند کا نام - عنقا +

سیمیں یا سیمین - ف - صفت - چاندی کا - چاندی کے رنگ کا +

سین - انگ - مذکر - وہ پردہ جو تماشاگاہوں یا تھیٹروں میں ڈالا جاتا ہے +

سین - ہ - مذکر - آنکھ کا اشارہ +

سین چلانا یا مارنا - ہ - آنکھ مارنا +

سینا - ہ - ٹانکا بھرنا +

سینا - س - مذکر - فوج - لشکر +

سینا پتی - س - مذکر - فوج کا کمانیر - سپہ سالار ٭

سینا - ہ - پرند کا انڈوں پر بیٹھکر گرمی پہنچانا - پوجنا ٭

سینتالیس - ہ - صفت - چالیس اور سات کا مجموعہ (۴۷)

سینتیس - ہ - صفت - سات اور تیس (۳۷) ٭

سینڈھا - ہ - مذکر - پہاڑی نمک - کانی نمک خواہ گلابی ہو یا سپید ٭

سینک - ہ - مؤنث - جھاڑو کی تیلی - تنور کا گز ٭

سینگیا - ہ - صفت - دھاربدار ٭

سینگ - ہ - مذکر - چوپاؤں کے سینگ - شاخ حیوان - خاص علامت ٭

سینگ سمانا - ہ - گزارہ ہونا - آرام پانا ٭

سینگ نکلنا - ہ - شاخ کا ظاہر ہونا - جوانی پر آنا ٭

سینگوٹی - ہ - سینگ کی تصغیر - چھوٹا سینگ ٭

سینگی - ہ - مؤنث - وہ سوراخ کیا ہوا سینگ جس سے گرمی چوستے ہیں یا پچھنے لگاتے ہیں - ایک قسم کی مچھلی

سینگیاں کھچوانا یا لگانا - ہ - پچھنے لگانا ٭

سینہ - ف - مذکر - چھاتی - پیٹ کے اوپر اور گردن کے نیچے کا حصہ ٭

سینہ بند - ف - مذکر - انگیا - گھوڑے کی پیٹی - بچوں کے کپڑوں کو رال سے بچانیوالا کپڑا ٭

سینہ بہ سینہ - ف - تابع فعل - وہ بات جو خاندان میں برابر چلی آتی ہے ٭

سینہ چاک ہونا - ا - چھاتی پھٹنا - صدمہ سے چھاتی کا پھٹا جانا ٭

سینہ زن - ف - مذکر - محرم پر سینہ کوٹنے والا - ماتم کرنے والا ٭

سینہ زوری - ف - مؤنث - زبردستی - دھینگا دھانگی

سینہ زور - ف - صفت - زبردست - سرکش ٭

سینہ سپر - ف - تابع فعل - مقابل ہوکر - سینہ سامنے کرکے ٭

سینہ سپر ہونا - ا - مقابل ہونا - جما رہنا - آفت وبلا کا نشانہ ہونا ٭

سینہ کوبی یا
سینہ زنی } - ف - مؤنث - چھاتی پیٹنا - ماتم کرنا

سینے پر پتھر رکھنا - ا - غم برداشت کرنا ٭

سینے پر سانپ لوٹنا - ا - بڑا صدمہ گزرنا ٭

سینے پر ہاتھ دھرنا - ا - دل کو تسلی دینا - صدمہ پر دل کو تھامنا ٭

سینی - ف - مؤنث - لوہے - تانبے یا پیتل کا خوان

سیوا - ہ - مذکر - خدمت - ٹہل - حفاظت - نوکری پوجا ٭

سیوار - ہ - مذکر - ایک قسم کی پانی کی گھاس ٭

سیوتی - ہ - مؤنث - ایک قسم کا سفید گلاب - نسترن ٭

سیون - ہ - مؤنث - سلائی ٭

سیونگ بینک - انگ - مذکر - وہ کوٹھی جسمیں بچت کا روپیہ امانتاً جمع کیا جائے ٭

سیہ بخت - ف - صفت - بدنصیب - ابھاگا

ش - ع - مذکر - اردو الف - بے تے کا انیسواں[19] حرف

ش ا

شاب - ع - مذکر - جوان ٭

شاباش - ف - کلمہ تحسین - خوش رہو - واہ واہ - اصل (شاد باش) ٭

شاباشی دینا - ا - مرحبا کہنا - پیٹھ ٹھوکنا ٭

شاپ - انگ - مؤنث - کارخانہ - دکان ٭

شاپ کیپر - انگ - مذکر - دوکاندار ٭

شاخ - ف - مؤنث - ٹہنی - ڈالی - شعبہ - سینگ -
وہ نہر جو کسی چشمہ سے نکالی جائے - جزو - اولاد

شاخ دار - ف - صفت - ٹہنی دار +

شاخ در شاخ - ف - صفت - پیچ در پیچ - بات میں
بات - الجھا ہوا +

شاخِ دریا - ر - مؤنث - نالا - دریا کا وہ حصہ
جو اپنی دہار سے نکلکر دوسری طرف چلا جائے +

شاخِ زعفران - ع - صفت - عمدہ اور انوکھی
بات - معزور +

شاخِ غزال } - ف - مؤنث - ہرن کا سینگ
شاخِ آہو } کنٹھا - اول روز کا چاند +

شاخ لگانا - ر - قلم لگانا - سینگی لگانا - تسبت
دینا - اِترانا +

شاخِ نبات - ف - مؤنث - کوزہ کی مصری کا وہ
دھاگا جو آبخورہ میں لگا دیتے ہیں +

شاخ نکالنا - ر - سینگ نکالنا - عیب نکالنا -
حجت کرنا +

شاخچہ - ف - مذکر - شاخ کی تصغیر - چھوٹی ٹہنی +

شاخسانہ - ف - مذکر - حجت و تکرار - عیب - جھگڑا
دبیل - بدگمانی +

شاخسانہ پیدا ہو جانا - ر - جھگڑا کھڑا ہو جانا +

شاخسانہ نکالنا - ر - تکرار کرنا - جھگڑا نکالنا +

شاد باش - ف - کلمہ دعائیہ - خوش رہو - شاد رہو

شاد ہونا - ر - خوش ہونا - آنند ہونا +

شاداب - ف - صفت - تر و تازہ - ہرا بھرا +

شادمان - ف - صفت - خوش و خرم +

شادی - ف - مؤنث - خوشی - جشن - لڑکی کے بیاہ کی رسم

شادیِ مرگ - ر - مذکر - وہ موت جو خوشی میں واقع ہو

شادیانہ بجانا - ر - خوشی کا باجا بجانا - فتح کی نوبت
بجانا +

شاذ و نادر - ع - تابع فعل - کبھی کبھی - اتفاقاً +

شارٹ ہینڈ - انگ - عبارت کو اختصار کے ساتھ
حروف کی بجائے اشارات میں لکھنا +

شارِع - ع - مذکر - بڑا راستہ - دین کا ظاہر
کرنیوالا +

شارِعِ عام - ع - مذکر - عام راستہ +

شاستر - س - مذکر - کسی دیوتا کا بنایا ہوا گرنتھ -
ہنود کے عقیدہ کی کتابیں +

شاستری - ہ - مؤنث - شاستر جاننے والا -
پنڈت +

شاشہ - ف - مذکر - پیشاب +

شاطر - ع - صفت - حیلہ کرنیوالا - چالاک +

شاعر - ع - مذکر - شعر کہنے والا +

شاعری - ع - مؤنث - شعر گوئی +

شاغل - ع - صفت - کسی کام میں متوجہ رہنے والا

شافع - ع - مذکر - بچانے والا +

شافعی - ع - مذکر - اہل سنت کے چار اماموں میں
سے ایک امام کا نام - انکے پیرووں کا لقب +

شافہ - ع - مذکر - روئی کی وہ بتی جو دوا میں لتھیڑ
کر زخم میں رکھی جائے +

شافی - ع - صفت - شفا دینے والا - صاف +

شافی جواب - ع - مذکر - پورا جواب +

شافیِ حقیقی } - ع - مذکر - اصلی صحت دینے والا
یا شافیِ مطلق } خدائے تعالےٰ +

شاق گزرنا - ر - دوبھر ہونا - بُرا لگنا - جی دُکھنا

شاق ہونا - ر - ناگوار خاطر ہونا - بھاری ہونا +

شاقہ - ع - صفت - دشوار - دوبھر - کٹھن +

شاک - س - مذکر - سات ولائتوں میں سے ایک
ولایت - وہ سنہ جو عیسوی سنہ سے ۷۶ - ۷۸ برس بعد
شروع ہوئے +

شاکر - ع - صفت - شکر کرنیوالا - احسان ماننے والا +

شاکی - ع - صفت - شکایت کرنیوالا - غیبت کرنیوالا

شاگرد - ف - مذکر - سیکھنے والا - طالب علم +
شاگرد پیشہ - ا - مذکر - اہلکار - نوکر چاکر +
شاگردِ رشید - ف - ع - مذکر - خاص اور لائق شاگرد +
شاگرد کرنا - ا - کسی سے اپنی استادی تسلیم کرانا +
شاگرد ہونا - ا - کسی کو استاد بنانا - شیرینی رکھنا +
شاگردی کرنا - ا - کسی سے کام سیکھنا - تعلیم پانا +
شال - ہ - ف - ت - مؤنث - اونی یا ریشمی چادر
شال باف - ف - مذکر - ریشمی یا اونی چادر بننے والا - سرخ ریشمی کپڑا +
شال بافی - ف - مؤنث - شال بننے کا کام +
شال دوز - ف - مذکر - ریشمی چادر پر بیل بوٹے بنانے والا +
شالا - س - مذکر - گھر - جگہ +
شالی - ت - ف - س - مذکر - دھان - چاول +
شام - ہ - مؤنث - لوہے کا خول جو لکڑیوں یا اوزاروں کے سروں پر لگاتے ہیں +
شام - ف - مؤنث - آفتاب غروب ہونے کا وقت
شام کرن - ہ - مذکر - وہ گھوڑا جسکے کان سیاہ ہوں
شام پھولنا - ا - سورج ڈوبتے وقت سرخی کا ظاہر ہونا +
شامِ غریبان یا شامِ غریبی } - ف - مذکر - مصیبت کی شام جو بحالت سفر ہو
شام کی صبح کرنا - ا - رات کاٹنا +
شاما - ہ - مؤنث - ایک کالی اور خوش آواز چڑیا کا نام +
شامت - ع - مؤنث - بدقسمتی - مصیبت - خرابی
شامتِ اعمال - ع - مذکر - کئے کی سزا - گناہوں کا بدلہ +
شامت آنا یا آجانا - ا - برے دن آنا - مصیبت کا سامنا ہونا +
شامت زدہ یا شامت کا مارا - ع - ف - و - ا - مصیبت کا مارا - نامراد - کمبخت +

شامت کی مار - ا - قسمت کا لکھا - بدنصیبی +
شامل - ع - صفت - ملا ہوا - شریک - ساتھ - اکٹھا - جڑواں +
شاملِ حال - ا - تابع فعل - ہر حالت میں شریک +
شاملِ مسل - ا - صفت - مسل کے ساتھ ملا یا ہوا - نتھی کیا ہوا +
شاملات میں - ا - تابع فعل - جمع شامل کی خلاف قواعد عربی - ساجھا میں - شراکت میں +
شامہ - ع - مذکر - سونگھنے کی قوت +
شامی - ع - مذکر - ملک شام کا رہنے والا +
شامی کباب - ا - مذکر - وہ کباب جو گوشت کو معہ مصالح ابالکر ٹکیاں سی بناکر تلے جاتے ہیں +
شامیانہ - ا - مذکر - کپڑے کا سائبان - ایک قسم کا خیمہ
شان - ع - مذکر - مرتبہ - دبدبہ - حق - حال - عزت - طاقت - آن +
شان جانا - ا - عزت میں فرق آنا +
شانِ خدا - ا - مؤنث - خدا کی قدرت +
شان دار - ا - صفت - عزت اور مرتبہ والا - بہت بڑا +
شان وشوکت - ع - مؤنث - بھڑک - ٹھاٹ - رعب وداب +
شان گھٹنا - ا - عزت ورفعت کا کم ہونا +
شان لگنا - ا - ط - گ - دن لگنا - اترانا +
شانِ نزول - ع - مؤنث - اترنے کا سبب - قرآنی آیت کے اترنے کا موقع +
شانت - ہ - صفت - مطمئن - صابر +
شانتی - ہ - مؤنث - صبر - اطمینان +
شانہ - ف - مذکر - کنگھی - مونڈھا - کھوا +
شانہ بین - ف - مذکر - فال لینے والا - شگون بنانے والا +

شانہ پھڑکنا۔ ہ۔ مونڈھا پھڑکنا جس سے دوست کی ملاقات کا شگون لیتے ہیں +
شانہ سے شانہ چھلنا۔ ہ۔ بھیڑ ہونا۔ کثرت سے لوگوں کا جمع ہونا +
شانہ ہلانا۔ ہ۔ کھوا ہلا کر جگانا۔ مونڈھا ہلانا +
شاہ۔ ف۔ مذکر۔ جڑ۔ آقا۔ بادشاہ +
شاہ باز۔ ف۔ مذکر۔ ایک سفید اور بڑا شکاری پرندہ +
شاہ بلوط۔ ف ع۔ مذکر۔ ایک پھل کا نام۔ سپاری
شاہ پر۔ ف۔ مذکر۔ پرندکے بازو کا سب سے بڑا پر
شاہترہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک دوائی۔ پت پاپڑہ +
شاہ خانم۔ ف۔ مذکر۔ بڑے گھرانے کی عورت +
شاہدرہ۔ ف۔ مذکر۔ وہ آبادی جو شاہی محلات کے نیچے واقع ہو +
شاہزادگی۔ ف۔ مؤنث۔ شہزادہ کی خردسالی کا زمانہ۔ طفلانہ تکبر +
شاہ سوار۔ ف۔ مذکر۔ بڑا سوار۔ خوب سواری جاننے والا
شاہ گام۔ ف۔ مذکر۔ تیز قدم۔ گھوڑے کی ایک خاص چال +
شاہ مردان۔ ف۔ مذکر۔ حضرت علی کا لقب +
شاہ نشیں } ف۔ مؤنث۔ بادشاہ کے بیٹھنے
یا شہ نشین } کی جگہ۔ اونچی جگہ
شاہوار۔ ف۔ صفت۔ بادشاہوں کے لائق عمدہ اور نفیس چیز +
شاہانہ۔ ف۔ صفت۔ شاہی۔ بادشاہوں کے لائق
شاہانہ جوڑا۔ ہ۔ مذکر۔ دولہا کا جوڑا۔ سرخ پوشاک
شاہد۔ ع۔ مذکر۔ گواہ۔ حاضر۔ محبوب
شاہد باز۔ ف۔ مذکر۔ محبوبوں سے رغبت رکھنے والا۔ عاشق +
شاہد بازار۔ ف۔ مذکر۔ بازاری اور کسبی عورت +
شاہدی۔ ہ۔ مؤنث۔ گواہی +

شاہنشاہی۔ ف۔ مؤنث۔ سلطنت۔ حکومت +
شاہین۔ ف۔ مذکر۔ سفید رنگ کا شکاری پرندہ۔ ترازو کی موٹھ۔ کانٹے کی سوئی +
شایاں۔ ف۔ صفت۔ قابل۔ موزوں۔ زیبا۔ لائق
شائستگی۔ ف۔ مؤنث۔ تہذیب۔ درستی +
شائستہ۔ ف۔ صفت۔ مہذب۔ سلیقہ مند +
شائع۔ ع۔ صفت۔ ظاہر۔ چھایا ہوا۔ مشہور کیا ہوا +
شائع کرنا۔ ہ۔ چھاپ کر مشتہر کرنا۔ پھیلانا +
شائق۔ ع۔ صفت۔ شوق رکھنے والا۔ خواہشمند
شاید و باید۔ ف۔ تابع فعل۔ جیسا چاہیے تھا۔ جیسا موزوں اور زیبا تھا +

ش ب

شب۔ ف۔ مؤنث۔ رات۔ دن کا نقیض۔ دن +
شب باش۔ ف۔ مذکر۔ رات گزارنے والا ۔
شب برات۔ ف۔ مؤنث۔ شعبان کی چودھویں یا پندرھویں رات۔ مسلمانوں کا تیوہار +
شب بیدار۔ ف۔ صفت۔ رات کو اٹھ کر عبادت کرنیوالا۔ عابد +
شب بیداری۔ ف۔ مؤنث۔ رات بھر عبادت کرنا
شب تار ۔
شب تاریک } ف۔ صفت۔ اندھیری رات +
شب چراغ۔ ف۔ مذکر۔ جگنو۔ وہ لعل جو رات کو روشنی دے +
شب خون۔ ف۔ مذکر۔ رات کا حملہ +
شب دیز۔ ف۔ مذکر۔ کالے رنگ کا مشکی گھوڑا +
شب دیگ۔ ف۔ مؤنث۔ ایک خاص قسم کی ترکاری

جو شلغم اور گوشت سے رات بھر میں تیار کیجاتی ہے +
شبِ شہادت - ف - مؤنث - قتل کی رات - ماہ محرم کی نویں رات +
شبِ قدر - ف ع - مؤنث - باعظمت رات - مرتبہ والی رات +
شب کور - ف - مذکر - وہ شخص جسکو رات میں دکھائی نہ دیتا ہو +
شب کوری - ف - مؤنث - رتوندی - ایک مرض کا نام +
شبِ ماہ یا - شبِ ماہتاب } - ف - مؤنث - چاندنی رات +
شبِ یلدا - ف - مؤنث - اندھیری رات +
شباب - ع - مذکر - جوانی عمر کا تیس سے چالیس برس تک کا زمانہ +
شباہت - ع - مؤنث - بدن اور شکل کی مطابقت صورت و شکل میں ایک ہونا +
شبستان - ف - مذکر - امیروں کے سونے کی جگہ - تنہائی کی جگہ +
شبکہ - ع - مذکر - لوہے یا تاگوں کا جال چھپکا
شبنم - ف - مؤنث - وہ بخارات جو ہوا میں درختوں پر ٹپکتے ہیں - اوس +
شبنمی - ف - مؤنث - مسہری وہ کپڑا جو اوس سے بچنے کے لئے بنایا جائے +
شبو - ف - مؤنث - ایک قسم کا سفید اور خوشبودار پھول +
شبہہ - ع - مذکر - شک - التباس - وہ حالت جسمیں یقین نہ حاصل ہو +
شبہہ کرنا - ل - بدگمانی کرنا - شک کرنا +
شبہہ مٹانا یا نکالنا } - ل - شک رفع کرنا +
شبہہ ہونا - ل - دھوکا ہونا +

شبینہ - ع - مؤنث - رات کا بچا ہوا - باسی - شب بیداری +
شبیہ - ع - مؤنث - مانند - ہم شکل +

ش پ

شپ شپ - ف - صفت - جلد جلد - تیز چلانے کی آواز - تلواروں کی پیہم آواز +
شپاشپ - ف - مؤنث - چاٹنے کی آواز - پانی کے اندر جانے یا چھپکے کی آواز +
شپرہ - ف - مذکر - چمگادڑ +
شپرہ چشم - ف - صفت - چمگادڑ کی طرح سورج کی روشنی میں آنکھیں بند کرلینے والا - وہ شخص جو صاف اور واضح چیز کو تعصب کی وجہ سے نہ دیکھے +

ش ت

شتا - ع - مذکر - جاڑے کا موسم +
شتاب - ف تمیز فعل - جلد - فوراً - جھٹ پٹ
شتاب کار - ف - صفت - پھرتیلا - جلد باز +
شتابی - ف - مؤنث - جلدی - تیزی - گھبراہٹ
شتر - ف - مذکر - اونٹ +
شتربان - ف - مذکر - اونٹ والا - اونٹ کا محافظ
شتر بے مہار - ف - صفت - آزاد آدمی - آوارہ وحشی +
شتر پا - ف - مذکر - سورج مکھی کا پھول +
شتر خانہ - ف - مذکر - اونٹوں کا طویلہ +
شتر سوار - ف - مذکر - سانڈنی سوار - چٹھیاں پہنچانے والا قاصد +
شتر غمزہ - ف - مذکر - دھوکا - فریب - چالاکی +
شتر مرغ - ف - مذکر - ایک بڑا پرند جو صورت میں اونٹ کی طرح ہوتا ہے +

شُتُر نال - ف - مؤنث - ایک قسم کی چھوٹی توپ - زنبور +

ش ج

شُجاع - ع - صفت - دلیر - بہادر +
شجاعت - ع - مؤنث - دلیری - بہادری - مردانگی
شجر - ع - مذکر - درخت - پیڑ +
شجرہ - ع - مذکر - وہ کاغذ جسمیں باپ دادا کے نام ترتیب وار لکھے ہوں - کھیت کا نقشہ +

ش ح

شحنہ - ع - مذکر - کوتوال - شہر کا انتظام کرنیوالا

ش خ

شخص - ع - مذکر - آدمی - انوکھا آدمی +
شخصی - ع - صفت - ایک آدمی سے نسبت رکھنے والا کام +
شخصی حکومت - ع - مذکر - وہ حکومت جسمیں بادشاہ کو تمام اختیارات حاصل ہوں +
شخصیت - ع - مؤنث - عزت و وقار +

ش د

شُدبُد ہونا - ف - مؤنث - کسی کام میں یونہی سی واقفیت ہونا +
شدّ و مدّ - ع - مؤنث - دھوم دھام - ٹھاٹ +
شدّ و مد سے یا شدّ و مد کے ساتھ } - ا - تابع فعل - زور دے کر عبارت میں زور ثابت کرکے
شدّاد - ع - مذکر - مصر و روم کے ایک مشہور بادشاہ کا نام +
شِدّت - ع - مؤنث - سختی - تیزی - زور و قوت - کثرت - زبردستی +

شِدّت سے - ا - تابع فعل - زور سے - سختی سے کثرت +
شِدّت کا - ا - صفت - زور کا - بہت سا - سخت +
شُدنی - ف - مؤنث - ہونیوالی بات +
شُدہ شُدہ - ف - تابع فعل - رفتہ رفتہ - ہوتے ہوتے +
شدید - ع - صفت - سخت کٹھن - بہت زیادہ زور کا +
شدید العداوت - ع - مذکر - وہ شخص جو دشمنی کرنے میں سخت ہو +

ش ر

شر - ع - مذکر - مؤنث - برائی - کھوٹ - جھگڑا +
شر اُٹھانا یا کرنا - ا - جھگڑا اٹھانا - فساد برپا کرنا
شرا - ع - مذکر - خریداری +
شراب - ع - مؤنث - نشہ پیدا کرنیوالا عرق - دارو +
شراب پرتگال - ا - مؤنث - عمدہ شراب - پرتگال کی بنی ہوئی شراب +
شراب خانہ - ف - مذکر - شراب بکنے کی جگہ +
شراب خوار - ف - مذکر - شراب پینے والا +
شراب دو آتشہ - ف - مؤنث - دو مرتبہ کھینچی ہوئی شراب +
شرابور - ا - صفت - خربتر - لتھڑ پتھڑ +
شرابی - ف - مذکر - شراب کی عادت والا +
شرارت - ع - مؤنث - چالاکی - چنچل پن - شوخی +
شرارت کرنا - ا - دنگا کرنا - شوخی کرنا - برائی کرنا
شرارہ - ع - مذکر - آگ کا پتنگا - چنگاری +
شراکت - ع - مؤنث - ساجھا - حصہ داری +
شرائط - ع - مؤنث - جمع (شرط کی) شرطیں +
شرائین - ع - مؤنث - جمع (شریان) تمام جسم میں

خون پہنچانیوالی رگیں ٭

شربت ۔ ع ۔ مذکر ۔ پانی میں گھلی ہوئی کھانڈ ۔ میٹھا
پکا ہوا عرق ٭

شربتی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہلکا زرد سرخی مائل رنگ ۔ پٹھانیبو
باریک اور عمدہ کپڑا ۔ رس کا بھرا ہوا ٭

شرٹ ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ قمیض ۔ کرتا ٭

شرح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کسی چیز کو کھولکر بیان کرنا ۔
تفسیر ۔ مول بھاؤ ۔ لگان ٭

شرحِ آبپاشی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ نہر کے پانی کے محصول کا نرخ

شرح بندی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ نرخ کی فہرست ٭

شرحِ پیدائش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پیدائش کا اوسط ٭

شرحِ لگان ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ زمین کی پڑتی ٭

شرط ۔ ع ۔ مؤنث ۔ قول و قرار ۔ بازی ٭

شرط باندھنا یا لگانا ۔ } ہ ۔ مؤنث ۔ قول واقرار کرنا ۔ بازی لگانا

شرطیہ ۔ ع ۔ صفت ۔ وہ جملہ جو شرط و خبر سے ملکر بنے ٭

شرع ۔ ع ۔ مؤنث ۔ وہ سیدھا راستہ جسپر خدائے
تعالےٰ نے چلنے کا حکم دیا ۔ قانون اسلام دین ۔ مذہب ٭

شرع کے خلاف کرنا ۔ ہ ۔ قانون اسلام کے خلاف کرنا
مذہب کے خلاف کرنا ٭

شرعی ۔ ع ۔ صفت ۔ شرع کے مطابق ۔ مذہب کے
قاعدہ کے مطابق ٭

شرف ۔ ع ۔ مذکر ۔ مبارک ۔ نیک ۔ بلند جگہ ٭

شرق ۔ ع ۔ مذکر ۔ سورج نکلنے کی جگہ ۔ پورب ٭

شرق سے غرب تک ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ پورب سے
پچھم تک ٭

شرقی علوم ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علوم جو ایشیا میں جاری ہیں

شرک ۔ ع ۔ مذکر ۔ کسی کو خدا کا شریک ٹھیراتا ۔ کسی
اور کا شریک کرنا ٭

شرم ۔ ف ۔ مؤنث ۔ لاج ۔ لحاظ ۔ حیا ٭

شرم حضوری ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ آنکھ دیکھے
کا لحاظ کرنا ۔ سامنے کی مروت ٭

شرم رکھنا ۔ ہ ۔ بات بنی رکھنا ۔ لاج رکھنا ٭

شرم رہجانا ۔ ہ ۔ عزت قائم رہجانا ۔ آبرو بنی رہنا

شرم سے پانی پانی ہونا ۔ ہ ۔ شرمندگی سے پانی
پانی ہونا ۔ بہت شرمندہ ہونا ٭

شرم شرم میں کام ہوا جانا ۔ ہ ۔ مروت ہی مروت
میں کام تمام ہوا جانا ٭

شرم کی بات ہے ۔ ہ ۔ کلمہ تحقیر ۔ غیرت اور افسوس
کا مقام ٭

شرمانا ۔ ہ ۔ نادم ہونا ۔ ذلیل ہونا ٭

شرمسار کرنا ۔ ہ ۔ شرمندہ کرنا ۔ غیرت دلانا ٭

شرمساری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ شرمندگی ۔ لاج ٭

شرمندگی اُٹھانا ۔ ہ ۔ ندامت اٹھانا ۔ رسوا ہونا ٭

شرمندۂ احسان ۔ ف ع ۔ صفت ۔ احسان کی
وجہ سے دبا ہوا ٭

شرمندہ صورت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ شخص جسکے چہرہ سے
شرمندگی ٹپکے ٭

شرواچٹ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کہانے پینے کے لالچ سے
دوستی کرنے والا ٭

شروع ۔ ع ۔ مذکر ۔ ابتداء ۔ پہل ٭

شروع کرنا ۔ ہ ۔ کسی کام کی ابتداء یا پہل کرنا ٭

شروع ہونا ۔ ہ ۔ ابتداء ہونا ۔ نکلنا ۔ جاری ہونا

شریر ۔ ع ۔ صفت ۔ فساد اٹھانیوالا ۔ فتنہ برپا
کرنے والا ٭

شریعت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ قانون اسلام ۔ مذہبی قانون
دھرم شاستر ٭

شریف ۔ ع ۔ صفت ۔ اعلےٰ خاندان ۔ تعظیمی کلمہ ۔
بھلا مانس ٭

شریف و رذیل ۔ ع ۔ صفت ۔ ادنے و اعلےٰ ۔
نیک و بد ٭

شریک الرائے ۔ ع ۔ مذکر ۔ رائے سے اتفاق

کرنے والا ٭

شریکِ رنج وراحت - ف - ع - مذکر - دکھ اور آرام کا ساتھی ٭

شریکِ جُرم - ع - مذکر - قصور میں شامل ٭

شریکِ شکمی - ف ع - مذکر - وراثت میں حق رکھنے والا - اندرونی شریک ٭

ش س

شست باندھنا یا لگانا } - ل - سیدھ باندھنا - نشانہ درست کرنا ٭

شُست وشو کرنا - ل - نہلانا دھلانا - پاک صاف کرنا

شُستہ - ف - صفت - دھویا ہوا - پاک صاف

شُش - ف - مذکر - پھیپھڑا ٭

ش ش

شَش - ف - صفت - چھ - ۶ ٭

شش پہلو - ف - صفت - چھ کونے کا ٭

شش جہت - ف - ع - مؤنث - چھ سمت - مراد کل عالم ٭

شش دانگ - ف - صفت - تمام دنیا ٭

شش عید - ف ع - مذکر - عیدرمضان کے بعد کے چھ روزے ٭

شش ماہی - ف - صفت - چھ مہینہ - آدھا سال

شش وپنج میں پڑنا یا ہونا - ل - فکر اور تردد میں پڑنا - ادھیڑ بن میں رہنا ٭

ششدر - ف - صفت - حیران - پریشان ٭

ششدر رہنا - ل - حیران اور ہکا بکا رہنا - حیران زدہ سا رہنا ٭

ش ط

شطرنج - معرب (چترنگ)، مؤنث - ایک امیرانہ مشہور کھیل کا نام ہے ٭

شطرنجی - ف - مؤنث - مختلف رنگ کی دری - موٹا سوتی فرش ٭

ش ع

شعار - ع - مذکر - عادت - طور طریقہ - دستور ٭

شعاع - ع - مؤنث - چمک - سورج کی کرن ٭

شعبان - ع - مذکر - عربی سال کا آٹھواں مہینہ شب برات کا چاند ٭

شعبدہ - ع - مذکر - دھوکا بازی - نظر بندی ٭

شعبدہ اٹھانا - ل - نئی بات دکھانا - شگوفہ چھوڑنا

شعبدہ باز یا شعبدہ گر } - ف - مذکر - جو حیرت میں ڈالنے والے کرتب دکھائے - بازیگر - دھوکے باز ٭

شعبدہ بازی - ف - مؤنث - دھوکے بازی چالاکی ٭

شعبدہ دکھانا - ل - دھوکے دیکر تماشے دکھانا نیرنگیاں دکھانا ٭

شعبہ - ع - مذکر - گروہ - ٹکڑا - حصہ - شاخ ٭

شعر - ع - مذکر - وہ باندھا ہوا کلام جو قافیہ وار اور ارادہ سے کہا گیا ہو - جاننا - دریافت کرنا ٭

شعر خوانی - ف - مؤنث - شعر پڑھنا ٭

شعر گوئی - ع - ف - مؤنث - شاعری ٭

شعراء - ع - مذکر - جمع شاعر کی - دیکھو (شاعر) ٭

شعلہ - ع - مذکر - لپٹ - آنچ - بھڑک ٭

شعلہ اٹھنا - ل - لپٹ اٹھنا - آگ بھڑکنا ٭

شعلۂ جوالہ - ع - مذکر - گرداگرد پھرنے والا شعلہ بنیٹی کا چکر ٭

شعلہ رو - ع ف - مذکر - نہایت خوبصورت اور حسین ٭

شعور - ع - مذکر - سمجھ - تمیز - عقل ٭

شعُور پکڑنا۔ ۔و۔ تمیز حاصل کرنا۔ ہوش سنبھالنا +
شعُور دار۔ ۔و۔ صفت۔ سمجھ دار۔ ہوشیار +

ش غ

شغال ۔ معرب (شگال) ۔ مذکر۔ گیدڑ +
شغب ۔ع۔ مذکر۔ شور و غل +
شغل ۔ ع۔ مذکر۔ دل لگی۔ دل بہلاؤ۔ مصروفیت
شغل کرنا۔ ۔و۔ اپنے آپ کو کسی کام میں مصروف کرنا

ش ف

شفاخانہ ۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ بیماروں کے علاج کی جگہ
اسپتال +
شفا دینا۔ ۔و۔ اچھا کرنا۔ صحت بخشنا +
شفاعت کرنا۔ ۔و۔ بیچ میں پڑنا۔ معافی کی سفارش کرنا
شفاف ۔ ع۔ صفت۔ نہایت صاف اور اُجلا +
شفتالو ۔ ف۔ مذکر۔ بڑا آڑو +
شفتل ۔ ۔و۔ مذکر۔ بیہودہ۔ نالائق۔ بدکار +
شفعہ ۔ ع۔ مذکر۔ گھر یا زمین کی ہمسائیگی۔ ہمسایہ پن
شفق ۔ ع۔ مؤنث۔ صبح اور شام کی سرخی۔ سرخ و
سفید +
شفق پھولنا ۔ ۔و۔ شام کے وقت سرخی کا ظاہر ہونا +
شفقت ۔ ع۔ مؤنث۔ لطف۔ مہربانی۔ پیار +
شفیع ۔ ع۔ مذکر۔ سفارش کرنیوالا۔ بیچ میں پڑنے والا
شفیع الاُمم ۔ ع۔ مذکر۔ اپنی قوم کی شفاعت کرنیوالا
حضرت محمدؐ صلعم کا لقب +
شفیع محشر ۔ ع۔ مذکر۔ قیامت میں شفاعت کرنیوالا
حضرت محمدؐ صلعم کا لقب +
شفیق ۔ ع۔ مذکر۔ مہربانی کرنیوالا۔ ہمدرد +

ش ق

شق ہونا۔ ۔و۔ پھٹنا۔ شگاف پڑنا۔ کھل جانا +
شق نکلنا۔ ۔و۔ جھگڑا نکلنا۔ شاخ نکلنا۔ دقت
پیش آنا +
شقاق ۔ ع۔ مذکر۔ دشمنی۔ بے انصافی +
شقہ ۔ ع۔ مذکر۔ شاہی خط۔ رقعہ +
شقی ۔ ع۔ صفت۔ بدنصیب +
شقیقہ ۔ ع۔ مذکر۔ کان اور پیشانی کے بیچ کا نرم
حصہ۔ کن پٹی۔ آدھے سر کا درد +

ش ک

شک ۔ ع۔ مذکر۔ شبہ۔ بھرم۔ وسواس +
شک ڈالنا۔ ۔و۔ شبہ پیدا کرنا۔ وسواس ڈالنا +
شک رفع کرنا
یا نکالنا۔ یا مٹانا } ۔و۔ شبہ دُور کرنا +
شکار ۔ ف۔ مذکر۔ حیوان کے مارنے کا ارادہ۔
مارا ہوا حیوان +
شکاربند ۔ ف۔ مذکر۔ گھوڑے پر شکار لٹکانے کا ایک
تسمہ۔ فتراک +
شکار کرنا۔ ۔و۔ حیوان مارنا۔ پرندہ مارنا۔ قابو میں
لانا۔ مکر سے لُوٹ لینا +
شکار کھیلنا۔ ۔و۔ جال پھینکنا۔ جانوروں کو مارنا یا پکڑنا
شکار گاہ ۔ ف۔ مؤنث۔ شکار کھیلنے کی جگہ +
شکار ہاتھ لگنا۔ ۔و۔ شکار کا ملنا۔ حسب خواہش مراد
حاصل ہونا +
شکار ہونا۔ ۔و۔ کسی جانور یا حیوان کا مارا جانا۔
قابو میں آنا +
شکاری ۔ ف۔ مذکر۔ شکار کرنیوالا +
شکاری جانور۔ ۔و۔ مذکر۔ شکار کرنے والا جانور
شکاری کتا۔ ۔و۔ مذکر۔ شکار پکڑنے والا کتا +
شکایت ۔ ع۔ مؤنث۔ گلہ۔ شکوہ۔ بیماری۔ تکلیف
شکایت کرنا۔ ۔و۔ بُرائی کرنا۔ فریاد کرنا۔ غیبت کرنا
شکایت رفع کرنا۔ ۔و۔ تکلیف دُور کرنا۔ کام بنا دینا

شکتی ۔ س ۔ مؤنث ۔ زور ۔ بل ۔ قدرت +

شکر ۔ ع ۔ مذکر ۔ احسان ماننا ۔ نعمت پر احسان کا ظاہر کرنا +

شکر گزاری ۔ ع ۔ ف ۔ مؤنث ۔ حق پہچاننا ۔ احسان مندی +

شکر یا شکر ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کھانڈ ۔ چینی ۔ بورا ۔ مصری +

شکر پارہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی مٹھائی +

شکر خورا ۔ ا ۔ مذکر ۔ ترمال کھانیوالا ۔ ایک پرند جسکو میٹھے سے رغبت ہے +

شکر سے منہ بھرنا ۔ ا ۔ خوشخبری کے باعث مٹھائی کھلانا ۔ منہ میٹھا کرنا +

شکر رنجی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ دوستوں کی باہمی رنجش ۔ اَن بَن ۔ رکاوٹ +

شکر قند ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی میٹھی ترکاری جو زمین کے اندر ہوتی ہے +

شکر لب ۔ ف ۔ صفت ۔ میٹھے ہونٹھ +

شکرانا ۔ ا ۔ مذکر ۔ کھانڈ چاول اور گھی کا بنایا ہوا خاص کھانا +

شکرانہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ شکریہ ۔ وہ روپیہ جو کسی کام کے حصول پر بطور شکریہ دیا جائے +

شکرہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ باز کی طرح کا ایک شکاری پرندہ

شکرہ پالنا ۔ ا ۔ خرچ سر پر لینا ۔ بھروسہ کرنا +

شکست ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ٹوٹ پھوٹ ۔ ہار +

شکستِ فاحش ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نہایت بُری ہار

شکست فاش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بھاری شکست

شکستہ ۔ ف ۔ صفت ۔ ٹوٹا پھوٹا ۔ بکھرا ہوا +

شکستہ حالی ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پریشانی کی حالت پراگندگی +

شکستہ خاطر ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ غم کا مارا ہوا ۔ ملول غمگین +

شکستہ خط ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ خط جو خلاف قاعدہ اور گھسیٹ کر لکھا جائے +

شکل ۔ ع ۔ مؤنث ۔ چہرہ ۔ مہرہ ۔ مشابہ ۔ رنگ ڈھنگ ۔ طور طریق ۔ تدبیر ۔ حالت +

شکل و شمائل ۔ ع ۔ مؤنث ۔ رنگ و روپ ۔ خوبصورتی +

شکم ۔ ف ۔ مذکر ۔ پیٹ

شکم پرور ۔ ف ۔ صفت ۔ پیٹو ۔ بہت کھانیوالا

شکم سیر ۔ ف ۔ صفت ۔ پیٹ بھرا ہوا ۔ چھکا ہوا

شکم سیر ہو کر کھانا ۔ ا ۔ پیٹ بھر کر کھانا +

شکن ۔ ف ۔ مؤنث ۔ سلوٹ ۔ جھری ۔ بل +

شکن پڑنا ۔ ا ۔ سلوٹ پڑنا ۔ بل پڑنا +

شکن ڈالنا ۔ ا ۔ نشان ڈالنا ۔ تہ کرنا ۔ سلوٹ ڈالنا

شکنجہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ جلد سازوں کے ایک اوزار کا نام ۔ سزا دینے کی ایک کل ۔ کولھو +

شکنجے میں کھنچوانا ۔ ا ۔ کولھو میں پلوانا ۔ کل کے ذریعہ سخت عذاب دلوانا +

شکوہ یا شکوی } ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ گلہ ۔ شکایت +

شکوہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ شان و شوکت ۔ تکلف +

شکیب یا شکیبائی } ف ۔ مذکر ۔ صبر ۔ بردباری +

شکیل ۔ ا ۔ صفت ۔ خوبصورت ۔ اچھی وضع +

ش گ

شگاف ۔ ف ۔ مذکر ۔ چیرا ۔ دراڑ +

شگاف دینا یا لگانا ۔ } ا ۔ قلم کو چیرنا ۔ زخم کو نشتر لگانا +

شگفتہ ۔ ف ۔ صفت ۔ کھلا ہوا +

شگفتہ خاطر ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ خوش دل ۔ خوش مزاج

شگفتہ رو ۔ ف ۔ مذکر ۔ ہنس مکھ ۔ خندہ پیشانی +

شگن یا شگون - ہ - مذکر - نیک فال +
شگوفہ - ف - مذکر - بغیر کھلا ہوا پھول - کلی - انوکھی بات کا ظہور +
شگوفہ چھوڑنا - ل - نئی بات دل سے بنا کر بیان کرنا
شگوفہ کھلنا - ل - کلی کا کھلنا - انوکھی بات کا پیش آنا

ش ل

شل ہو جانا - ل - ہاتھ پاؤں کا سست اور بے حرکت ہو جانا - تھک جانا +
شلجم یا شلغم - ف - مذکر - ایک مشہور ترکاری سنکل - گونگلو +
شلجمی آنکھیں - ل - مؤنث - بڑی بڑی آنکھیں +
شلنگ - انگ - مذکر - ایک وزن - پونڈ کا بیسواں حصہ +
شلوار - ف - مذکر - جانگیا - گھٹنا - خاص وضع کا ڈھیلا پاجامہ +
شلوک - س - مذکر - شعر - بیت - دوہا +
شلوکہ - ف - مذکر - ایک قسم کا کرتہ - روئیدار آدھی آستینوں کی مرزئی +

ش م

شمار - ف - مذکر - گنتی - حساب +
شمار سے باہر یا زیادہ - ل - تابع فعل - گنتی سے باہر بیشمار - حد سے زیادہ +
شمار کنندہ - ف - مذکر - گننے والا - اوپر کا عدد کسر +
شماس - ع - مذکر - سورج کی پوجا کرنے والا پجاری
شمال - ع - مؤنث - اُتر - بایاں ہاتھ - قطب شمالی
شمال رویہ یا شمال رو - ف - صفت - وہ مکان جسکا رُخ اُتر کی جانب ہو
شمائل - ع - مذکر - عادتیں - سیرتیں - مرادف اشکال

شمر - ع - مذکر - ظالم - ایک سپہ سالار کا نام +
شمس - ع - مذکر - سورج +
شمسہ - ع - مذکر - کلس کا سنہری چاند - تسبیح کے گول چپٹے زمردی خوبصورت پھندنے +
شمشاد - ف - مذکر - سرو کی قسم کا اچھے قد کا درخت
شمشیر - ف - مؤنث - ایک ہتیار کا نام - تلوار +
شمع - ع - مؤنث - موم کی بتی - چربی کی بتی +
شمعدان - ع ف - مذکر - وہ چیز جسمیں موم بتی لگا کر جلاتے ہیں - بتی دان +
شمع رو - ع ف - صفت - نورانی چہرے والا +
شمع بڑھانا - ل - بتی بجھانا +
شمع سحری - ع ف - مؤنث - جلد گل ہو جانے والی بتی +
شمع کا رو و پشت برابر ہے - ف - کہاوت - صاف باطن ہر طرح یکساں ہے +
شمع مردہ - ف - مؤنث - بجھا ہوا چراغ - بجھی ہوئی بتی +
شملہ - ف - مذکر - پگڑی کا دنبالہ یا سرا - سر سے باندھنے کی شال +
شمول - ع - مذکر - اکٹھا - شامل - سب +
شمہ - ع - مذکر - ذراسی خوشبو - تھوڑی مقدار - کم +
شمیم - ع - مؤنث - خوشبو - لپٹ - مہک معطر ہوا

ش ن

شناسا - ف - مذکر - پہچاننے اور پرکھنے والا +
شناسائی - ف - مؤنث - جان پہچان - واقفیت تعارف +
شنبہ - ف - مذکر - ہفتہ کا دن - سنیچر - ساتواں روز
شنجرف یا شنگرف - ف - مذکر - ایک سرخ رنگ کی دھات +

شَنِیع - ع - صفت - بُرا - خراب - نامعقول ◆
شَنِیعَہ - ع - مذکر - خراب بات - بُرا کام ◆

ش و

شِو - انگ - مذکر - جوتا ◆
شو - انگ - مؤنث - نمائش - دکھاوا - ظاہر داری
شورُوم - انگ - مذکر - نمائش کا کمرہ - چیزیں دکھانے کا کمرہ ◆
شِو - س - مذکر - فنا کرنیوالا - تین دیوتاؤں میں سے ایک کا نام ◆
شِوراتری - س - مؤنث - ہندوؤں کا ایک بڑا تیوہار
شَوّال - ع - مذکر - عربی سال کا دسواں مہینہ - عید کا مہینہ ◆
شِوالا - ہ - مذکر - مندر - بتخانہ ◆
شوبا - ف - مذکر - دُھلائی - دھوپ ◆
شوب پڑنا - و - ایک بار دھویا جانا - دھوپ پڑتا ◆
شوخ - ف - صفت - بے چین - شریر بے ادب ◆
شوخ چشم یا شوخ دِیدَہ } - ف - صفت - بے حیا - شوخ مزاج بے مروت ◆
شوخ چشمی - ف - مؤنث - شرارت - بے باکی ◆
شوخی - ف - مؤنث - شرارت - دنگا - چلبلاپن
شُودر - س - مذکر - خدمتی لوگ - نیچ ذات ◆
شور - ف - مذکر - غل غپاڑا - زور کی آواز - رَوْلا - دھوم شہرت ◆
شور و شَر - ف - مذکر - جھگڑا - لڑائی - دنگا - بلوہ
شور ہونا - و - غل ہونا - خفگی ہونا - دھوم ہونا شہرت ہونا ◆
شور - ف - مذکر - کھار - نمک ◆
شور بخت - ف - صفت - کم نصیب ◆
شورہ زمین - ا - مؤنث - وہ زمین جو پیدا وار کے قابل نہ ہو - کلر ◆
شور لگنا - و - کھار کا اثر کرنا ◆
شورِش - ف - مؤنث - شور و غوغا - فساد - بلوہ کھلبلی ◆
شورِش بَرپا کرنا - و - کھلبلی مچانا - بغاوت پھیلانا
شوربا - ف - مذکر - پکے ہوئے گوشت کا پانی - یخنی - ہر ایک پتلی چیز ◆
شوروا یا شُروا - و - مذکر - دیکھو (شوربا) ◆
شورہ - ف - مذکر - ایک قسم کا کھار جو اکثر بارود اور پانی ٹھنڈا کرنے کے کام آتا ہے ◆
شورَہ پُشت - ف - صفت - جھگڑالو - نافرمان
شورہ پشتی - ف - مؤنث - دھینگا دھینگی - ہاتھا پائی - لڑائی ◆
شورِیَّت - و - مؤنث - کھار - کھاری پن ◆
شورِیدَہ - ف - صفت - آوارہ - پریشان - دیوانہ ◆
شورِیدَہ حال - ف ع - صفت - پریشان حال - دیوانہ و سرگشتہ ◆
شورِیدَہ سر - ف - صفت - دیوانہ - سودائی ◆
شوشَہ - ف - مذکر - ذرہ - جھگڑے کی بات ◆
شوشہ اُٹھانا - و - جھگڑا کھڑا کرنا - نئی بات نکالنا
شوشہ چھوڑنا - و - یکایک کوئی نئی بات کہنا - شگوفہ چھوڑنا ◆
شوق - ع - مذکر - خواہش - رغبت - شغل ◆
شوق و ذوق - و - مذکر - کسی کام کی سرگرمی و سرجوشی ◆
شَوقِین - و - صفت - شوق والا - رنگیلا - موجی دھنیا - عیاش ◆
شَوقِیہ - ع - صفت - شوق سے بھرا ہوا ◆
شوکت - ع - مؤنث - رعب داب - ٹھاٹ ◆
شُوم - ع - صفت - منحوس - بدبخت - بخیل ◆

شُوم قَدَم ۔ ع ۔ صفت ۔ منحوس قدم ۔ نامبارک قدم ✦
شُومِی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بدنصیبی ۔ نحوست ۔ بخل ۔ تنگدستی
شُومِیٔ طالع
شُومِیٔ بخت } ع ۔ مؤنث ۔ نحوست ۔ بُری قسمت والا
شَوہر ۔ ف ۔ مذکر ۔ خاوند ۔ مالک ۔ پیا ✦

ش ہ

شہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ مخفف شاہ ۔ دیکھو شاہ ✦
شہ باز ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک شکاری پرندہ ✦
شہ بالا ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ لڑکا جو دولہا کے پیچھے آراستہ کرکے بٹھایا جاتا ہے ۔ دولہا کا چھوٹا بھائی ✦
شہ پانا ۔ ہ ۔ اشارہ پانا ۔ بہکائے میں آنا ✦
شہپر ۔ ف ۔ مذکر ۔ پرندہ کے بازو کا سب سے بڑا پر ✦
شہ توت ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا شیریں پھل ✦
شہ تیر ۔ ف ۔ مذکر ۔ بڑی کڑی ۔ لٹھا ✦
شہ چال ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ شطرنج کے بادشاہ کی ایک چال جو مہروں کے ختم پر چلتے ہیں ✦
شہ دینا ۔ ہ ۔ شطرنج کے بادشاہ کو کشت دینا ۔ پتنگ کو ڈھیل دینا ۔ اُکسانا ۔ لڑائی کرانا ✦
شہ رُخ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ وہ شہ جو رُخ یا پیل سے بادشاہ کو دی جائے ✦
شہ رگ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گردن کی ایک رگ کا نام رگِ جاں ✦
شہزادہ یا
شاہزادہ } ف ۔ مذکر ۔ بادشاہ کا لڑکا ✦
شہ زادی یا
شاہزادی } ف ۔ مؤنث ۔ بادشاہ کی لڑکی
شہ زور ۔ ف ۔ صفت ۔ بہت زیادہ طاقتور ۔ پہلوان ✦
شہ زوری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ زبردستی ۔ طاقت ۔ پہلوانی ✦

شہ مات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کشت دیکر مات دینا ✦
شہاب ۔ ف ۔ مذکر ۔ نہایت سرخ رنگ ✦
شِہاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ چمکتا ہوا ستارہ جو رات کو آسمان سے گرتا ہوا نظر آتا ہے ۔ رجم شیاطین ٹوٹتا ستارہ ✦
شِہاب ثاقب ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ چمکتا ہوا ستارہ جو رات کو ٹوٹتا ہے ✦
شِہابی ۔ ف ۔ صفت ۔ سُرخ ۔ جھلک ۔ مہتابی ۔
شہادت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ گواہی ۔ مذہب کے لئے مرنا ✦
شہادت ہونا ۔ ہ ۔ گواہی ہونا ۔ راہ خدا میں مارا جانا ۔ مرنا ✦
شہامت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بزرگی ۔ دلیری ✦
شہد ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ میٹھا شیرہ جو جھال کی مکھیاں جمع کرتی ہیں ۔ انگبین ✦
شہد کی چھری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ شخص جو ظاہر میں نہایت میٹھا اور خلیق ہو مگر پوشیدہ کھوٹا اور نقصان پہنچانے والا ہو ۔ دوست نما دشمن
شہد لگا کر چاٹو ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ طنزاً ۔ جس چیز کا کارآمد ہونا یا نہ ہونا برابر ہو تو اسکی نسبت یہ کہا جاتا ہے ✦
شُہدا ۔ ع ۔ مذکر ۔ جمع (شہید) کی ✦
شُہدہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بدمعاش ۔ لنگارا ۔ اوباش ۔ چال چلن کا خراب ✦
شُہدپَن ۔ یا
شُہدپنا ۔ } ہ ۔ مذکر ۔ لُچاپن ۔ لنگاراپن ✦
شہدپن پھیلانا یا ۔ کرنا ۔ ہ ۔ بدمعاشی کرنا ۔ دنگا کرنا ✦
شَہر ۔ ع ۔ مذکر ۔ مہینہ ✦
شَہر ۔ ف ۔ مذکر ۔ قصبہ سے بڑی آبادی ۔ بلدہ ✦
شہر آشوب ۔ ف ۔ مذکر ۔ کسی شہر کے اُجڑنے

یا برباد ہونیکا نظم میں ذکر یا ماتم کرنا +
شہر بانو - ف - مؤنث - شہر کی امیرزادی
یزدجرد شاہ ایران کی بیٹی اور امام حسینؓ کی حرم محترم کا نام +
شہر بدر کرنا - ا - کسی جرم یا گناہ کی وجہ سے
دیس نکالا کرنا - جلاوطن کرنا +
شہر پناہ - ف - مؤنث - شہر کی چار دیواری
شہر خموشاں - ف - مذکر - وہ جگہ جہاں
مُردے دفن ہوں - قبرستان - مرگھٹ
شہر یار - ف - مذکر - بادشاہ - راجہ +
شہرت - ع - مؤنث - دھوم دھام - ناموری
چرچا +
شہرت پانا - ا - نیک نامی حاصل کرنا -
مشہور ہونا +
شہرت دینا - ا - مشہور کرنا - ڈونڈی
پیٹنا - بدنام کرنا +
شہرہ ہونا - ع - مذکر - دھوم ہونا - نام ہونا
شہرۂ آفاق - ع - صفت - تمام زمانہ میں
مشہور +
شہلا - ع - مؤنث - سیاہ و سرخ آنکھ - ایک
قسم کی نرگس جسکا پھول سیاہ ہوتا ہے
شہنائی - ف - مؤنث - بانسری - نفیری +
شہنشاہ - یا شہنشہ - ف - مذکر - مخفف
(شاہ شاہان) - بڑا بادشاہ - مہاراج +
شہنشاہی دربار - ف - مذکر - بڑا بھاری دربار
شہوت - ع - مؤنث - خواہش - بھوک
شوق نفس +
شہوت انگیز - ف - صفت - خواہش کو اُبھارنیوالا
شہوت پرست - ف - صفت - عیاش -
نفس پرست - تماش بین +
شہود - ع - مذکر - حاضر ہونا +

ش ی

شے - ع - مؤنث - چیز - ہست - زیادتی +
شیاطین - ع - مذکر - شیطان کی جمع +
شیٹ - انگ - مذکر - کاغذ کا تختہ - چادر +
شیخ - ع - مذکر - بزرگ - ستر یا اسی
سال کا بوڑھا +
شیخ الاسلام - ع - مذکر - اسلام کا مذہبی سردار +
شیخ الشیوخ - ع - مذکر - سب سے بڑا بزرگ
شیخ چلی - ا - مذکر - بیوقوف - مسخرہ +
شیخ وقت - ع - مذکر - اپنے زمانہ کا بہت بڑا
عالم +
شیخوخت - ع - مؤنث - بڑھاپا - پچاس کے
بعد آخر عمر تک کا زمانہ +
شیخی - ا - مؤنث - بڑائی - ڈینگ +
شیخی باز - یا شیخی خورا - ا - مذکر - ڈینگیں
مارنیوالا - گھمنڈ کرنے والا +
شیخی بگھارنا - ا - اترانا - بزرگی کا اظہار
کرنا - ڈینگ مارنا +
شیخی جھڑنا - ا - غرور ڈھینا - نیچا دیکھنا +
شیڈ - انگ - مذکر - سایہ - تصویر کا تاریک
حصہ +
شیدا - ف - مذکر - عشق میں ڈوبا ہوا - دیوانہ
شیدائی - ف - مذکر - فریفتہ ہونے والا +
شیر - ف - مذکر - دودھ +
شیر برنج - ف - مؤنث - دودھ میں پکے
ہوئے پتلے چاول - کھیر +
شیر خوار - ا - مذکر - دودھ پیتا بچہ +
شیر گرم - ف - صفت - گرم دودھ - نیم گرم
پینے کے قابل گرم دودھ +
شیر مادر - ف - مذکر - ماں کا دودھ +

شیرمال - ف - مؤنث - میدے کی ایک قسم کی خمیری روغنی روٹی +
شیر و شکر - ف - صفت - نہایت ملا جُلا - گہرا دوست
شیر - ف - مذکر - مشہور درندہ - بہادر آدمی نڈر +
شیر آبی - ف - مذکر - گھڑیال - مگرمچھ +
شیر ببر - ف - مذکر - ایک قسم کا بہت بڑا افریقہ کا شیر +
شیر خدا - ف - مذکر - لقب حضرت علیؓ +
شیر دہاں - ف - مذکر - بڑے کلے جبڑے کا آدمی +
شیر رہنا - ا - زبر رہنا - باہمت رہنا +
شیر قالی - یا شیر قالین - ف - مذکر - بزدل - شیر کی وہ تصویر جو قالین پر بنی ہوئی ہو +
شیر مرد - ف - صفت - بہادر - جوانمرد دل چلا +
شیر ہونا - ا - دلیر ہونا - زبردست بننا +
شیئر - انگ - مذکر - حصہ - تقسیم +
شیئر ہولڈر - انگ - مذکر - حصہ دار - شریک
شیرازہ - ف - مذکر - بندھن +
شیرازہ بندی - ف - مؤنث - کتاب کی سلائی جزبندی +
شیرازہ کھلنا یا - ٹوٹنا - ا - سلائی کھل جانا - انتظام کا قائم نہ رہنا - تتر بتر ہو جانا +
شیرازی - ف - صفت - منسوب بہ شیراز ملک فارس کا مشہور شہر - گولا کبوتر +
شیریں - ف - صفت - میٹھا - خوشگوار - عزیز - ملائم +
شیریں زبان - ف - صفت - میٹھا بول - خوش کلام
شیرینی - ف - مؤنث - مٹھائی +
شیشم - ا - مؤنث - ایک قسم کا مشہور درخت
ٹالی +
شیش محل - ف - مذکر - امیروں کا وہ مکان جس میں چاروں طرف شیشے لگے ہوں +
شیشہ - ف - مذکر - آئینہ - وہ ظرف جس میں شربت وغیرہ رکھا جائے +
شیشہ گر - ف - مذکر - آئینہ بنانیوالا - شیشے کے برتن بنانیوالا +
شیشی سنگھانا - ا - بیہوشی کی دوا سنگھانا +
شیشے کا دیو - ا - مذکر - شراب +
شیشے میں اُتارنا - ا - بس میں کرلینا - ٹھنڈا کرنا اپنی طرف مائل کرلینا +
شیطان - ع - صفت - نافرمانی کرنیوالا - نکالا ہوا شریر - کھوٹا +
شیطان سر پر چڑھنا - ا - غصہ یا ضد چڑھنا - بدی کا سر پر سوار ہونا +
شیطان کا کان میں پھونکدینا - ا - بہکا دینا - مغرور بنا دینا +
شیطان کا لشکر - ا - مذکر - شیطان کی فوج لڑکے بچے +
شیطان کی آنت - ا - مؤنث - بہت زیادہ دراز بات - اکتا دینے والا قصہ +
شیطان کی خالہ - ا - مؤنث - لڑائی کرا دینے والی عورت +
شیطان کے کان کاٹنا - ا - بہت زیادہ شریر ہونا +
شیطان مجسم - ع - مذکر - بہت دنگئی اور شریر آدمی
شیطانی حرکت - ا - مؤنث - نامناسب حرکت - شرارت +
شیطانی وسوسہ - ا - مذکر - باطل خیال +
شیعہ - ع - مذکر - گروہ - مسلمانوں کا ایک فرقہ
شیفتہ - ف - مذکر - عاشق - مدہوش - پریشان +

شگفتگی - ف - مؤنث - مدہوشی - پریشانی ٭

شیک ہینڈ - انگ - مذکر - مصافحہ ٭

شین قاف درست نہ ہونا - ل - زبان کا تلفظ درست اور صحیح نہ ہونا ٭

شیون - ف - مذکر - رنج - آواز ماتم - فریاد ٭

شیوُن - ع - مذکر - حالات - امور - خبریں ٭

شیوہ - ف - مذکر - ڈھنگ - طریقہ - عادت ٭

ص - ع - مذکر - اردو الف بے - تے کا بیسواں حرف

ص ا

صابر - ع - صفت - صبر کرنیوالا - صدمہ یا مصیبت پر خاموش رہنے والا ٭

صابن یا صابون - ل - ع - کپڑا اور بدن وغیرہ صاف کرنے کی ایک مشہور چیز ٭

صابن سا منہ ہونا - ل - پھیکا پھیکا بدذائقہ منہ ہونا ٭

صاحب - ع - مذکر - مالک - ساتھی - تعظیمی کلمہ ٭

صاحبِ اختیار - ع - صفت - آزاد - خود مختار

صاحبِ اخلاق - ع - صفت - اچھی عادت والا ملنسار ٭

صاحبُ الزمان - ع - مذکر - حضرت امام مہدی علیہ السلام کا لقب ٭

صاحبِ اقبال - ع - صفت - اچھے نصیب والا خوش قسمت - بھاگوان ٭

صاحبِ تخت و تاج - ع - ف - مذکر - بادشاہ - تاج شاہی کا مالک ٭

صاحبِ تدبیر - ع - مذکر - ہوشیار - تجربہ کار ٭

صاحبِ تمیز - ف - صفت - دانشمند - تمیز دار - عقل و ہوش والا ٭

صاحبِ جاگیر یا جائداد - ع - ف - مذکر - جاگیر والا - جائداد والا - زمیندار ٭

صاحبِ جمال - ع - صفت - خوبصورت - گورا چٹا ٭

صاحبِ حیثیت - ع - مذکر - عزت والا - دولتمند ٭

صاحب خانہ - ع - ف - مذکر - گھر والا - مہماندار ٭

صاحبِ دل - ع - ف - خدا کا پہچاننے والا - دیندار ٭

صاحب دماغ - ع - مذکر - متکبر - مغرور ٭

صاحب ذوق - ع - صفت - شوقین - رنگین مزاج - عارف کامل ٭

صاحبِ رائے - ع - مذکر - وزیر - مدبّر ٭

صاحبزادہ - ع - ف - مذکر - امیرزادہ - لڑکا شریف کا بچہ ٭

صاحبزادہ پن - ل - مذکر - بچپن - نادانی ٭

صاحب سلامت - ل - مؤنث - جان پہچان رسمی ملاقات ٭

صاحبِ سلیقہ - ع - مذکر - تمیز دار - ہنرمند

صاحبِ عالم - ل - مذکر - دہلی کے شہزادوں کا لقب ٭

صاحبِ فراش - ع - ف - مذکر - وہ بیمار جو بستر سے نہ اٹھ سکے ٭

صاحبِ قدرت - ع - مذکر - ہر طرح کی قدرت رکھنے والا ٭

صاحبِ کمال - ع - صفت - ماہر - کامل فقیر استاد ٭

صاحِب مَقدُور۔ ع۔ مذکر۔ مالدار۔ دولتمند +
صاحِب نِسبَت۔ ع۔ مذکر۔ خدا سے لگاؤ رکھنے والا۔ ولی +
صاحِبَہ۔ ع۔ مؤنث۔ مالکہ +
صاد۔ ع۔ مذکر و مؤنث۔ علامت صحیح (ؐ) نام حرف صادؔ کا +
صاد کرنا۔ ف۔ کسی چیز کی عمدگی یا خوبی کو تسلیم کرنا قبول کرنا +
صادِر۔ ف۔ صفت۔ جاری ہونے والا۔ کسی جگہ سے آنے والا۔ نکلنے والا +
صادر و وارد۔ ع۔ مذکر۔ آیا گیا مہمان +
صادِر ہونا۔ ف۔ پہنچنا۔ نازل ہونا۔ جاری ہونا
صادِق۔ ع۔ صفت۔ سچا۔ راستباز +
صادِقُ الاعتِقاد۔ ع۔ صفت۔ سچے عقیدہ والا
صادِقُ القَول۔ ع۔ صفت۔ بات کا پورا۔ باوفا۔ وعدہ کا سچا +
صادق آنا۔ ف۔ ٹھیک ہونا۔ موزون ہونا
صاع۔ ع۔ مذکر۔ پیچی زمین۔ ۲۷۰ تولے کا وزن
صاعِقہ۔ ع۔ مؤنث۔ بجلی +
صاف۔ ع۔ صفت۔ کھرا۔ پاک۔ پوتر +
صاف اُڑا لانا۔ ف۔ اسطرح اڑا لینا کہ کسیکو خبر بھی نہ ہو +
صاف انکار کرنا۔ ف۔ مکر جانا۔ بالکل نہ ماننا +
صاف بات۔ ف۔ مؤنث۔ کھری بات۔ بے لاگ بات +
صاف باطِن۔ ع۔ صفت۔ صاف دل۔ بے کینہ +
صاف بچتا یا چھوٹنا۔ ف۔ بالکل بے جرم ثابت ہونا۔ بری ہونا +
صاف جواب دینا۔ ف۔ بالکل انکار کرنا۔ دوٹوک جواب دینا +

صاف دِیدَہ ہونا۔ ف۔ بے شرم و بے غیرت ہونا
صاف شَفّاف۔ ع۔ صفت۔ آئینہ کی طرح صاف۔ بالکل صاف +
صاف صاف۔ ف۔ صفت۔ کھری کھری۔ کھلم کھلا +
صاف کرنا۔ یا۔ کر دینا۔ ف۔ دھونا۔ پونچھنا جلا کرنا۔ جھاڑ دینا۔ چٹ کرنا۔ ختم کر دینا +
صاف لُوٹنا۔ ف۔ بالکل لوٹ لینا۔ صفایا کرنا۔
صاف نِکل جانا۔ ف۔ بے لاگ نکل جانا +
صاف نہ کہنا۔ ف۔ کسی بات کو صحیح بیان نہ کرنا +
صافَہ۔ ف۔ مذکر۔ سر سے باندھنے کا دوپٹہ +
صافی۔ ع۔ مؤنث۔ چھاننے کا کپڑا۔ جھاڑن +
صالِح۔ ع۔ صفت۔ نیک۔ اچھا۔ پرہیزگار ایک پیغمبر کا نام +
صالِحَہ۔ ع۔ مؤنث۔ پاکدامن بی بی۔ نیک عورت
صانِع۔ ع۔ مذکر۔ بنانے والا۔ پیدا کرنیوالا۔ کاریگر +
صانِع حقیقی۔ ع۔ مذکر۔ خدائے تعالےٰ +
صانِع قُدرَت۔ ع۔ مذکر۔ دنیا کا پیدا کرنیوالا
صانِع مُطلَق۔ ع۔ مذکر۔ وہ کاریگر جو اپنی کاریگری میں کسی امر کا محتاج نہ ہو۔ خدائے تعالےٰ +
صائِب۔ ع۔ صفت۔ پہنچنے والا۔ ٹھیک۔ سیدھا
صائِبُ الرّائے۔ ع۔ صفت۔ درست رائے رکھنے والا۔ بات کی تہ کو پہنچنے والا +
صائِم۔ ع۔ مذکر۔ روزہ دار۔ برتی +
صائِمُ الدَّہر۔ ع۔ صفت۔ ہمیشہ روزہ رکھنے والا۔ نت برتی +

ص ب

صَبا۔ ع۔ مؤنث۔ پروا ہوا۔ تخلص میر وزیر علی لکھنوی کا +

صَباح یا صُبح - ع - مؤنث - تڑکا - سویرا ◆
صَباحت - ع - مؤنث - گوراپن - خوبصورتی
صَبّاغ - ع - مذکر - رنگنے والا ◆
صُبح خیز یا صُبح خیزیا - ف - مذکر - بہت سویرے جاگنے والا - صبح چوری کرنے والا ◆
صُبح شام کرنا - ف - ٹال مٹول کرنا - حیلہ بہانہ کرنا
صُبح صادِق - ع - مؤنث - وہ روشنی جو آفتاب نکلنے سے بہت پہلے ظاہر ہوتی ہے اور پھر روشنی بڑھتی جاتی ہے ◆
صُبح صُبح - ف - مذکر - تابع فعل - سویرے سویرے
صُبح کاذِب - ع - مؤنث - وہ سفیدی جو صبح صادِق سے پہلے ظاہر ہو کر اسکے بعد پھر اندھیرا ہو جاتا ہے ◆
صُبح کرنا - ف - رات گزارنی - دن نکالدینا ◆
صُبح ہونا - ف - پو پھٹنا - دن نکل آنا ◆
صَبر - ع - مذکر - کسی صدمہ یا حادثہ پر خاموشی اختیار کرنا - بُردباری - سمائی ◆
صَبر پڑنا - ف - ستانے کی مصیبت یا وبال میں گرفتار ہونا ◆
صَبر کرنا - ف - ناامید ہو جانا - سہنا - چُپ رہنا تامّل کرنا - اکتفا کرنا ◆
صَبر و شُکر کرنا - ف - تکلیف کی حالت میں خدا کا شکر بجالانا ◆
صَبر ہونا - ف - سہارا ہونا - چین پڑنا ◆
صَبُوح / صَبُوحی } - ع - مؤنث - صبح کی شراب ◆
صَبِیح - ع - مذکر - صفت - خوبصورت - گوراچٹّا
صَبِیّہ - ع - مؤنث - لڑکی - بیٹی ◆

ص ح

صَحابہ - یا صَحابی - ع - مذکر - یار دوست - حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے مسلمان ساتھی اور دوست ◆
صَحّاف - ع - مذکر - جلدساز ◆
صَحائِف - ع - مذکر - جمع صحیفہ کی بمعنی کتابیں رسالے - اخبارات ◆
صُحبت - ع - مؤنث - مددگاری - ساتھ - دوستی - ملکر بیٹھنا - مجلس ◆
صُحبت اُٹھانا - ف - پاس رہکر تعلیم وتربیت پانا - پاس رہنا ◆
صُحبت برخاست ہونا - ف - مجلس اُٹھنا - یاروں کی مجلس برخاست ہونا ◆
صُحبت رکھنا - ف - پاس بیٹھنا اُٹھنا ◆
صُحبت کا اَثر ہونا - ف - پاس اُٹھنے بیٹھنے کی تاثیر ہونا ◆
صُحبت یافتہ - ع ف - صفت - کسی درویش یا پیر کی صحبت سے فائدہ اُٹھائے ہوئے - آداب مجلس سے واقف ◆
صِحت - ع - مؤنث - تندرستی - درستی - شفا - فائدہ ◆
صِحت بَخش - ع ف - صفت - تندرستی بخشنے والا شفادینے والا ◆
صِحت پانا / یا ہونا } ف - اچھا ہونا - تندرست ہونا ◆
صِحت خانہ - ع ف - مذکر - ٹٹی - پاخانہ ◆
صِحت نامہ - ع ف - مذکر - تندرستی کا سرٹیفکٹ شفا پانے کا سرٹیفکٹ ◆
صَحرا - ع - مذکر - جنگل - چٹیل میدان ◆
صَحراء لَق ودَق - ع - مؤنث - سنسان اور ویران جنگل ◆
صَحرائی - ع - صفت - جنگلی ◆
صَحن - ع - مذکر - گھر کا چوک - آنگن ◆

صحن چمن ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ باغ کا تختہ ◆

صحنچی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ وہ چھوٹے چھوٹے مکان جو گھر یا دالان کے اطراف میں بنا دیتے ہیں

صحنک ۔ ع ۔ مؤنث ۔ چھوٹا طباق ۔ رکابی ◆

صحیح ۔ ع ۔ صفت ۔ ٹھیک ۔ دُرُست ۔ پُورا ◆

صحیح العقل ۔ ع ۔ صفت ۔ عقل کا پورا ◆

صحیح المزاج ۔ ع ۔ صفت ۔ تندرست ۔ بھلا چنگا

صحیح النسب ۔ ع ۔ صفت ۔ باپ دادا کی طرف سے بے عیب ۔ شریف ◆

صحیح سالم یا صحیح سلامت رہنا ۔ ا ۔ جیتا جاگتا ۔ زندہ اور تندرست رہنا ۔ (اردو میں ہی سالم اور سبھی سلامت بولتے ہیں) ◆

صحیح کرنا ۔ ا ۔ اصلاح دینا ۔ غلطی نکالنا ۔ جمانا ◆

صحیح ہونا ۔ ا ۔ غلطی نہ نکلنا ۔ تندرست ہونا ۔ ٹھیک ہونا ۔ تصدیق ہونا ۔ پکا ہونا ۔ سیاہے پر چڑھنا ◆

صحیفہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کتاب ۔ لکھا ہوا صفحہ ۔ اخبار

صحیفۂ آسمانی ۔ ع ۔ مذکر ۔ آسمانی کتاب ۔ وہ کتاب جو خدا کی طرف سے نازل ہوئی ہو ◆

ص د

صد ۔ ف ۔ صفت ۔ سو ۔ ۱۰۰ ◆

صد آفرین ۔ ف ۔ کلمۂ تحسین ۔ شاباش ۔ کیا کہنا ◆

صد برگ ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ پھول جسکی پنکھڑیاں بکثرت ہوں ۔ جیسے ہزارہ گیندا ◆

صدا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ گنبد کی آواز ۔ آہٹ ۔ فقیر کی آواز ◆

صدا دینا ۔ ا ۔ فقیر کا آواز لگانا ۔ سوال کرنا ◆

صدارت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ایک معزز عہدہ ۔ چیف جسٹس کا عہدہ ◆

صداقت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ سچائی ۔ وفاداری ۔ ثبوت ۔ گواہی ◆

صَدر ۔ ع ۔ مذکر ۔ سینہ ۔ چھاتی ۔ سامنے کا رُخ ۔ اعلےٰ مقام ۔ سردار ◆

صَدرِ اَعظَم ۔ ع ۔ مذکر ۔ وزیر اعظم ۔ جمہوری حکومت کا سب سے بڑا سردار ◆

صَدرِ اَعلیٰ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ہائی کورٹ کے ججوں کا افسر ۔ چیف جسٹس ◆

صَدر بازار ۔ ا ۔ مذکر ۔ چھاؤنی کا بڑا بازار ◆

صَدر نشین ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ چیئرمین ◆

صَدرِی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ واسکٹ ۔ سینہ بند ◆

صَدَف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ سیپی ۔ سمندری گھونگا جسمیں سے موتی نکلتا ہے ◆

صِدق ۔ ع ۔ مذکر ۔ سچائی ۔ خلوص ۔ صاف ◆

صِدقِ دِلی سے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ صاف دل سے

صَدَقہ ۔ ع ۔ وہ چیز جو خدا کے نام پر دی جائے ۔ خیرات ◆

صدقہ دینا یا اُتارنا ۔ ا ۔ خیرات کرنا ۔ کسی چیز کو سر کے گرد پھرا کر اللہ واسطے دیدینا

صَدقے جانا ۔ ا ۔ قربان ہونا ۔ واری جانا ◆

صَدقے کرنا ۔ ا ۔ قربان کرنا ۔ نثار کرنا ◆

صَدقے کے ٹکے ۔ ا ۔ مذکر ۔ وہ پیسے جو رات کو بیمار کے سرہانے رکھکر صبح کو فقراء پر تقسیم کر دیئے جائیں ◆

صَدمہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ دھکا ۔ ٹکر ۔ تکلیف ۔ چوٹ ۔ رنج و غم ۔ حادثہ ۔ نقصان ۔ مصیبت ◆

صَدمہ اُٹھانا ۔ ا ۔ نقصان اُٹھانا ۔ رنج اٹھانا

صَدمہ پہنچانا ۔ ا ۔ رنج پہنچانا ۔ دُکھ دینا ۔ نقصان کرنا ◆

صَدمۂ جانکاہ ۔ ا ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ جان کو گھلانے والا حادثہ ◆

صَدمہ گزرنا ۔ ا ۔ رنج گزرنا ۔ حادثہ پیش آنا ◆

صُدُور - ع - مذکر - جمع صدر کی - اجراء - نکاس سینے

صُدُورِ حکم - ع - مذکر - حکم جاری ہونا ✦

صَدہا - ف - صفت - سیکڑوں - بہت سے ✦

صَدِی - ع - مؤنث - سو برس کی میعاد - سیکڑہ ✦

صِدِّیق - ع - نہایت - سچا - حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب ✦

صَدِیق - ع - مذکر - وفادار دوست ✦

ص ر

صَراحتُ کرنا - ہ - کھول کر کہنا - تشریح کرنا ✦

صَراحتہً - ع - تابع فعل - کھُلم کھُلا - ظاہرا ✦

صُراحی - ع - مؤنث - پانی یا شراب رکھنے کا لمبی گردن کا چھوٹا برتن - جھجری - بوتل ✦

صُراحی دار گردن - ہ - مؤنث - لمبی اور خوشنما معشوقانہ گردن ✦

صِراط - ع - مؤنث - راستہ ✦

صِراطِ مُستقیم - ع - صفت - سیدھا راستہ ✦

صَرّاف - ع - مذکر - سونا چاندی پرکھنے والا - روپیہ پرکھنے والا ✦

صَرّافہ - ہ - مذکر - وہ بازار جہاں صرافوں کی دکانیں بکثرت ہوں ✦

صَرّافہ کھولنا - ہ - نقدی یا ہُنڈی کا بیچ اختیار کرنا - صرافی کی دکان کھولنا ✦

صَرّافی - ہ - مؤنث - صراف کا پیشہ - سود بٹے کا کاروبار ✦

صَرصَر - ع - مؤنث - آندھی - تیز ہوا ✦

صَرَع - ع - مؤنث - ایک مرض (مرگی) کا نام ✦

صِرف - ع - صفت - خالص - اکیلا ✦

صَرف - ع - مذکر - خرچ - حروف و حرکات کے اول بدل اور ہیر پھیر معلوم کرنیکا علم ✦

صَرف کرنا - ہ - خرچ کرنا - اٹھانا ✦

صَرفہ - ع - مذکر - زیادتی - کفایت شعاری کنجوسی ✦

صُرّہ - ع - مذکر - تھیلی - توڑا ✦

صَرِیح - ع - صفت - ظاہر طور پر - علانیہ ✦

صَرِیحاً - ع - تابع فعل - کھُلم کھُلا - ظاہرا ✦

ص ع

صَعب - ع - صفت - ناگوار - تکلیف دہ - دشوار - کٹھن ✦

صُعُوبت - ع - مؤنث - سختی - دشواری - مشکل ✦

صُعُود - ع - مذکر - بلندی - چڑھاؤ ✦

صُعُود کرنا - ہ - اوپر چڑھنا ✦

صُعُود و نُزُول - ع - مذکر - اُتار چڑھاؤ ✦

ص غ

صِغَر - ع - مذکر - چھوٹائی - خُرد ✦

صِغَر سِن - ع - صفت - کم عمر - نابالغ

صِغَر سِنی - ع - مؤنث - کم عمری - نابالغی ✦

صُغریٰ - ع - مؤنث - چھوٹی لڑکی - سب سے چھوٹی چیز

صَغِیر - ع - صفت - چھوٹا ✦

صَغِیر و کبِیر - ع - مذکر - چھوٹے بڑے - ادنیٰ و اعلیٰ ✦

ص ف

صَف - ع - مؤنث - قطار - لنگت - سلسلہ - بوریہ ✦

صَف آرا ہونا - ہ - مقابلہ کے لئے فوج کا پرا جما کر کھڑا ہونا ✦

صَف آرائی - ع ف - مؤنث - قطار بندی

صَف باندھنا۔ ہ۔ قطار جما نا +
صَفِ ماتم۔ ع ف۔ مؤنث۔ وہ فرش جسپر ماتم کرنیوالے آکر بیٹھیں +
صَفا۔ ع۔ صفت۔ صاف ستھرا۔ روپ کیا ہوا ہموار۔ کھرا۔ مکہ کی ایک پہاڑی کا نام +
صَفا چٹ کرنا۔ ہ۔ بالکل مونڈ ڈالنا +
صَفا کہنا۔ ہ۔ لگی لپٹی نہ رکھنا۔ کھری کہنا +
صِفات۔ ع۔ مؤنث۔ جمع صفت کی۔ بھلائیاں برائیاں +
صَفائی۔ ہ۔ مؤنث۔ پاکیزگی۔ سچائی۔ سادگی
صَفائی کردینا۔ ہ۔ جھاڑ پونچھ دینا۔ فیصلہ کردینا۔ اڑا دینا۔ اجاڑ دینا +
صَفائی ہونا۔ ہ۔ جھاڑا جانا۔ ملاپ ہونا۔ بے باق ہونا +
صَفائی کا ہاتھ۔ ہ۔ تابع فعل۔ تلوار کی وہ چوٹ جو کاری پڑے +
صِفت۔ ع۔ مؤنث۔ تعریف۔ دیکھو (صفات) قواعد میں وہ کلمہ جو اسم کی تعریف خوبی کو ظاہر کرے +
صَفحہ۔ ع۔ مذکر۔ ورق کے ایک طرف کا رُخ پھیلاؤ۔ پتا +
صَفحۂ ہستی۔ ف۔ دُنیا۔ روئے زمین +
صَفحۂ ہستی سے نام ونشان مٹانا۔ ہ۔ دنیا سے ناپید کردینا۔ بالکل ناس کردینا +
صَفر۔ ع۔ مذکر۔ خالی ہونا۔ ماہ محرم کے بعد کا مہینہ
صِفر۔ ع۔ مذکر۔ خالی۔ ہندسی کا نشان (٠) +
صَفرا۔ ع۔ مذکر۔ پت۔ چاروں خلطوں میں برنگ زرد ایک خلط کا نام +
صَفراوی مزاج۔ ہ۔ مذکر۔ تلخ مزاج +
صُفوف۔ ع۔ مذکر۔ جمع صَف کی۔ قطاریں +
صَفوی۔ ع۔ مذکر۔ ایران کے ایک شاہی خاندان کا نام +
صَفِی۔ ع۔ صفت۔ پاک۔ برگزیدہ۔ حضرت آدمؑ کا لقب +
صَفیر۔ ع۔ مؤنث۔ پرندوں کی آواز۔ سیٹی +
صَفیل۔ ہ۔ مؤنث۔ لفظ صحیح فصیل۔ شہر کی چاردیواری +
صَفیں اُلٹنا۔ ہ۔ جنگ میں فوج کا درہم برہم ہوجانا۔ مجلس کا تتربتر ہونا +
صَفیں جمنا۔ ہ۔ قطار باندھکر کھڑا ہونا۔ قطاریں لگنا +

ص ل

صَلا۔ ع۔ مؤنث۔ آواز۔ پکار +
صَلاءِ عام۔ ع۔ مؤنث۔ عام دعوت۔ عام اجازت +
صَلابت۔ ع۔ مؤنث۔ سختی۔ مضبوطی +
صلابت جنگ۔ ع ف۔ مذکر۔ بہادر۔ جنگی عہدہ داروں کا خطاب +
صَلاح۔ ع۔ مؤنث۔ نیکی۔ بھلائی۔ مشورہ۔ تجویز +
صلاح بتانا۔ یا۔ دینا۔ ہ۔ رائے دینا۔ کوئی صورت پیدا کرنا۔ ڈھنگ بتانا +
صَلاح کار۔ ف۔ مذکر۔ مشورہ یا رائے دینے والا +
صَلاحِ وقت۔ ع۔ صفت۔ وقت کے مناسب
صَلاح و مشورہ۔ ع۔ مذکر۔ تدبیر و تجویز۔ مسکوٹ +
صَلاحیت۔ ع۔ مؤنث۔ سمجھ۔ لیاقت۔ قابلیت استعداد +
صَلاحیت پر آنا۔ ہ۔ درستی پر آنا۔ ٹھیک ہونا۔ مرض کا قابل اصلاح ہونا +

صَلاحِیَت رکھنا - ۔ و ۔ کسی بات کی سمجھ رکھنا یا
لائق ہونا +
صُلب - ع - مذکر - خاندانی بزرگی - نسل - پُشت
صُلبی - ع - صفت - حقیقی - نسلی - پُشتی +
صُلَحاء - ع - مذکر - جمع صالح کی ، نیک آدمی +
صُلح دوست - ع ف - صفت - وہ شخص جو جھگڑے
فساد کو پسند نہ کرتا ہو - صلح کل +
صُلح کرانا - و - باہمی کدورت دُور کرانا - ملاپ کرانا
صُلح کرنا - و - ملاپ کرنا - ملجانا +
صُلح کل - ع - مؤنث - جو تمام لوگوں سے یکساں
برتاؤ رکھتا ہو یا پسند کرتا ہو +
صُلح نامہ - ع ف - مذکر - راضی نامہ - صلح کا معاہدہ
صَلِّ علیٰ کہنا - و - درود پڑھنا - عمدہ چیز کو دیکھ
کر واہ وا کرنا +
صَلعَم - ع - دعا - صلی اللہ علیہ وسلم کا مخفف - یعنی
ان پر خدا کا دُرود اور سلام ہو +
صَلَوات - ع - مؤنث - جمع صَلوٰۃ کی - نماز - دُعا -
درود +
صَلَوات سُنانا } - و - بُرا بھلا کہنا - گالیاں دینا
یا صَلَواتیں سُنانا } کوسنا +
صِلَہ - ع - مذکر - انعام و اکرام - ہدیہ - بدلہ +
صِلَہ دینا - و - انعام دینا - بدلہ دینا - مزدوری
یا اجرت دینا +
صِلَہ مِلنا - و - اچھی کارگزاری کا انعام ملنا - بدلہ ملنا
صَلیب - ع - مؤنث - سولی - عیسوی مذہب
کی خاص علامت +

ص م

صُمّ - ع - مذکر - جمع اَصَم - وہ شخص جسکے سُننے میں
فرق ہو - بہرا +
صُمٌّ بُکمٌ - ع - مذکر - بہرا گُونگا - وہ شخص جو کسی بات کا
جواب نہ دے سکے +
صَمصَام - ع - مؤنث - تیز تلوار - تلوار +
صَمغ - ع - مذکر - گوند +

ص ن

صَنّاع - ع - مذکر - بہت بڑا کاریگر +
صِناعت - ع - مؤنث - کاریگری - دستکاری +
صَنائع بَدائع - ع - مذکر - نظم یا کلام کے عجیب
وغریب نکات اور باریکیاں جو اُسکی خوبی بڑھانے کے
لئے قصداً لائی جاتی ہیں +
صَندَل - ع - مذکر - ایک قسم کی مشہور خوشبودار
لکڑی - چندن +
صَندَل گِھسنا - و - صندل کی لکڑی کو پتھر پر رگڑنا
صَندَل لگانا - و - صندل کی لکڑی پتھر پر گھِسکر
اعضا پر ملنا +
صَندَلی - ف - صفت - زرد سرخی مائل رنگ -
اونچی تپائی +
صَندُوق - ع - مذکر - بکس ٹین کا ہو یا لکڑی کا یا چمڑے کا
صَندُوقچہ - ع ف - مذکر - چھوٹا بکس +
صَندُوقی - و - صفت - صندوق کی شکل کا +
صُنع - ع - مؤنث - کاریگری +
صَنعَت - ع - مؤنث - دستکاری - ہُنر - کام +
صَنعَتِ پَروَردِگار - ع ف - مؤنث - خدا کی قدرت
صِنف - ع - مؤنث - قِسم - جنس - نوع +
صَنَم - ع - مذکر - بُت - پتھر کی مورت - پیارا +
صَنَم خانہ - یا } - ع ف - مذکر - مندر - بتخانہ - کنشت +
صَنَم کدہ - }
صَنَم کدۂ چین - ع ف - مذکر - چین کا مشہور بتخانہ
صَنَوبَر - ع - مذکر - ایک قسم کا سرو جو نہایت
سیدھا قد رکھتا ہے +
صَواب - ع - مذکر - دُرست - بہتری +

صَواب اَندیش ۔ ع ف ۔ صفت ۔ بہتری سوچنے والا +
صُوبجات ۔ ف ۔ مذکر ۔ جمع (صوبہ) کی ۔ بہت سے صوبے +
صُوبَہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ بادشاہت کا وہ حصہ جس میں پرگنے اور ضلعے بہت سے شامل ہوں +
صُوبَہ دار ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ صوبہ کا حاکم ۔ گورنر +
صَوت ۔ ع ۔ مذکر ۔ آواز ۔ ندا +
صُور ۔ ع ۔ مذکر ۔ نرسنگا ۔ نفیری ۔ ترئی +
صُور پھونکنا ۔ ا ۔ ترئی بجانا +
صُورَت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ منہ ۔ چہرا ۔ شکل ۔ حالت تدبیر ۔ موقع +
صُورَت آشنا ہونا ۔ ا ۔ جان پہچان ہونا ۔ واقف ہونا +
صُورَت بدلنا ۔ ا ۔ بھیس بدلنا ۔ منہ بگاڑنا +
صُورَت بنانا ۔ ا ۔ منہ بنانا ۔ منہ چڑاتا +
صُورَت پَرَست ۔ ف ۔ مذکر ۔ ظاہر پر مرنے والا بُت پرست +
صُورَتِ حال ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ظاہری حالت ۔ روداد +
صُورَت حَرام ۔ ا ۔ صفت ۔ وہ چیز جو دیکھنے میں اچھی اور ذائقہ میں بُری ہو ۔ دھوکے کی ٹٹی +
صُورَت دِکھانا ۔ ا ۔ چہرہ دکھانا ۔ سامنے آنا +
صُورَت نہ شکل بھاڑ سے نکل ۔ ا ۔ محاورہ ۔ بدصورت آدمی کی نسبت طنزاً کہا جاتا ہے +
صُوری ۔ ع ۔ صفت ۔ ظاہری +
صُوف ۔ ع ۔ مذکر ۔ اُون ۔ ریشۂ قلم ۔ وہ کپڑا جو دوات میں ڈالا جائے +
صُوف ڈالنا ۔ ا ۔ دوات میں کپڑا ڈالنا +
صُوفی ۔ ع ۔ مذکر ۔ کمل پوش ۔ پرہیزگار بھگت
صُوفیانہ وَضع ۔ ا ۔ مؤنث ۔ سیدھی سادھی وضع ۔ بالکل سادہ پن +
صَولَت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دبدبہ ۔ حملہ ۔ سختی +
صَوم ۔ ع ۔ مذکر ۔ روزہ ۔ برت +

ص ہ

صَہبا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ سرخ شراب ۔ سفید انگور کی شراب +

ص ی

صَیّاد ۔ ع ۔ مذکر ۔ شکاری +
صَیادِ اَجل ۔ ع ۔ مذکر ۔ موت کا فرشتہ +
صِیانَت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نگہبانی ۔ بچاؤ ۔ حفاظت +
صَید ۔ ع ۔ مذکر ۔ شکار +
صَید گاہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ شکار کی جگہ +
صَیدی ۔ ا ۔ مذکر ۔ کبوتر باز ۔ مخالف +
صِیغہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ڈھلی ہوئی چیز ۔ وہ مشتق کلمہ جو کسی اصلی لفظ سے نکالا گیا ہو ۔ جیسے رفت ۔ رَوَد وغیرہ ۔ محکمہ +
صَیقَل ۔ ع ۔ مؤنث ۔ چمک ۔ صفائی +
صَیقَل کرنا ۔ ا ۔ آب دینا ۔ چمکانا +
صَیقَل گَر ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ جلا کرنیوالا ۔ ہتھیار صاف کرنے اور سان چڑھانیوالا +

ض

ض ۔ ع ۔ مذکر ۔ اردو الف ۔ بے تے کا اکیسواں حرف

ض ا

ضابِط ۔ ع ۔ صفت ۔ مضبوط پکڑنے والا ۔ ہوشیار

انتظام کرنیوالا - قاعدہ کا پابند - مستقل مزاج +

ضابطہ - ع - مذکر - قانون - بندوبست - ہر شے کو اُسکی حد کے مطابق نگاہ رکھنے والا +

ضابطہ برتنا - یا / ضابطہ پر چلنا } - ل - قانون پر چلنا - قاعدہ کی پابندی کرنا +

ضابطۂ دیوانی - ل - مذکر - مالی قانون +

ضابطۂ فوجداری - ل - مذکر - فوجداری قانون فتنہ انگیزی یا ناجائز امور کے انسداد کا دستورالعمل

ضابطۂ مال - ل - مذکر - خزانہ خراج یا مالگذاری کا قانون +

ضاحِک - ع - مذکر - ہنسنے والا - ہجو کہنے والا +

ضامِن - ع - مذکر - ذمہ دار - بیچ میں پڑنے والا حُقّہ کے پیچھے کی دونوں نے کو جُدا رکھنے والی چھوٹی لکڑی +

ضامن ہونا - ل - کفیل ہونا - بیچ میں پڑنا +

ضامنی دینا - ل - ضمانت دینا +

ضائع - ع - صفت - اکارت - برباد - بے فائدہ رائیگاں - کھویا ہوا +

ض ب

ضبط - ع - مذکر - حفاظت - ہوشیاری - انتظام - سرکاری قبضہ - قابو میں لانا - جوش روکنا برداشت +

ضبط کرنا - ل - روکنا - قابو میں کر لینا - سمائی کرنا +

ضبط ہونا - ل - چھننا - برداشت ہونا +

ضبطی - ل - مؤنث - قُرقی - نگرانی +

ض ح

ضحےٰ - ع - مذکر - دوپہر دن چڑھے تک کا وقت +

ضحاک - ع - مذکر - بہت ہنسنے والا - نام ایک بادشاہ کا +

ض خ

ضخامت - ع - مؤنث - موٹائی - جسامت +

ضخیم - ع - صفت - موٹی +

ض د

ضد - ع - مؤنث - مخالفت - برعکس - کینہ - ہٹ - پیچ +

ضد پر آنا - ل - مخالفت پر کمر باندھنا +

ضدّی - ل - صفت - ہٹی +

ضدین - ع - صفت - دو مختلف چیزیں +

ض ر

ضرب - ع - مؤنث - مار - دھکا - صدمہ - ٹھپّا +

ضرب المثل - ع - مؤنث - کہاوت - مثال کے طور پر بیان کرنا +

ضرب المثل ہونا - ل - شہرت پانا - کہاوت بننا

ضرب دینا - ل - اعداد کو باہم ٹکرانا - ٹوٹا دینا

ضرب شدید - ع - مؤنث - سخت چوٹ +

ضرب لگانا - ل - چوٹ لگانا - کوٹنا +

ضرب مرکب - ع - مؤنث - روپے آنے پائی کو کسی خاص عدد میں ضرب دیکر ایک مجموعہ معلوم کرنا

ضرب مفرد - ع - مؤنث - سادہ ضرب +

ضرر - ع - مذکر - نقصان - دُکھ - چوٹ +

ضرر پہنچانا - ل - نقصان پہنچانا - صدمہ پہنچانا +

ضرر جسمانی - ل - مذکر - جسمانی تکلیف +

ضرر خفیف - ع - مذکر - تھوڑا سا نقصان +

ضرر رسانی - ع ف - مؤنث - دُکھ پہنچانا +

ضرر شدید - ع - مذکر - بھاری نقصان +

ضَرُور - ع - صفت - لازم - درکار *

ضَرُورَت - ع - مؤنث - احتیاج - خواہش *

ضرورت پڑنا - یا ہونا - و - حاجت پیش آنا
موقع پڑنا - کام نکلنا *

ضَرُورَتمند - و - صفت - خواہشمند - حاجتمند -
مفلس *

ضَرِیح - ع - مؤنث - گور - مزار *

ض ع

ضِعف - ع - صفت - دوگنا *

ضَعف - ع - مذکر - کمزوری - کوتاہی عقل بے ہوشی

ضُعف - ع - مذکر - سستی - ناطاقتی *

ضَعِیف - ع - صفت - ناتواں - کمزور - بوڑھا

ضَعِیفُ العَقل - ع - صفت - کم عقل - بے وقوف

ضَعِیفی - ع - مؤنث - کمزوری - بڑھاپا *

ضَعِیفُ الاعتقاد - ع - صفت - جسکے اعتقاد
میں گرمجوشی نہ ہو *

ض ل

ضَلالَت - ع - مؤنث - گمراہی - کجروی *

ضِلع - ع - مذکر - پسلی - حصہ - ضلع کے حاکم کا
صدر مقام - ملک کا وہ حصہ جسکے ماتحت کئی
تحصیلیں ہوں *

ضِلعدار - ع ف - مذکر - نہر کا ہندوستانی افسر
مالگذاری وصول کرنیوالا افسر *

ض م

ضَمّ - ع - مذکر - ملانا - شامل کرنا - پیش کی حرکت
کا نام (ُ) *

ضِماد - ع - مذکر - لیپ - لپڑی *

ضَمانَت - ع - مؤنث - ذمہ داری *

ضَمانَت کرنا - و - ذمہ دار ہونا - بیچ میں پڑنا *

ضَمانَت نامہ - ع ف - مذکر - تحریری ضمانت *

ضَمائِر - ع - مؤنث - جمع ضمیر کی *

ضِمن - ع - مذکر - اندر - شمول - دفعہ *

ضمن میں - و - تابع فعل - ساتھ میں - باب یا دفعہ کے
متعلق *

ضِمناً - ع - تابع فعل - شمولاً - در پردہ *

ضَمَّہ - ع - مذکر - پیش کی حرکت (ُ) *

ضَمِیر - ع - مؤنث - دل - بھید - جو کچھ دل پر گذرے
(گرییمر) وہ مختصر لفظ جو اسم ظاہر کے قائم مقام ہو *

ضَمِیمَہ - ع - مذکر - زائد - پرچہ - وہ شے جو کسی
اور چیز پر بڑھا کر لگائیں *

ض و

ضَوابِط - ع - مذکر - جمع ضابطہ کی - قوانین *

ض ی

ضِیاء - ع - مؤنث - روشنی - جگمگاہٹ - نور *

ضِیافت - ع - مؤنث - کھانا کھلانا - دعوت - مہمانی

ضَیغَم - ع - مذکر - پھاڑنے والا شیر - شیر ببر

ضَیف - ع - مذکر - مہمان *

ضِیق - ع - مؤنث - تنگی - گھٹاؤ - دشواری *

ضِیقُ النَّفَس - ع - مذکر - سانس کا تنگی سے آنا
جانا - دم گھٹنا - دمہ *

ضیق میں آنا - و - تنگ آنا - عاجز آنا -
مشکل میں پھنسنا *

ط

ط - ع - مؤنث - اردو الف بے تے کا بائیسواں حرف

ط ا

طاری - ع - صفت - غالب ہوجانے والا - اچانک آپڑنے والا - چھاجانے والا +

طاری ہونا - ہ - چھانا - پیش آنا - ناگاہ آپڑنا +

طاس - ع - مذکر - پانی یا شراب کا پیالہ - لگن - بڑا طباق +

طائر - ع - مذکر - ایک قسم کا باجا - تاشہ +

طاعت - ع - مؤنث - فرمانبرداری - پوجاپاٹ بندگی +

طاعون - ع - مذکر - ایک مہلک وبائی مرض کا نام

طاغی - ع - مذکر - باغی - سرکش +

طاق - ع - مذکر - محراب - آلا - یکتا +

طاقِ ابرو - ع ف - مؤنث - بھووں کی کمان - کمان نما ابرو +

طاق بھرنا - ہ - مسجد یا کسی مزار کے طاق میں چراغ جلاکر پھول بتاشے چڑھانا +

طاق پر دھرنا یا رکھنا } - ہ - اٹھا رکھنا - باز آنا - ترک کرنا +

طاق کرنا - ہ - یکتا کرنا - یگانہ بنانا +

طاقِ نسیان پر رکھنا - ہ - بھلا دینا - یاد نہ رکھنا

طاقت - ع - مؤنث - زور - توانائی - تاب - حوصلہ - قابلیت - استعداد - سمائی +

طاقت آزمائی - ع ف - مؤنث - زور آزمانا - زور دکھانا +

طاقتِ جسمانی یا بدنی } - ہ - مذکر - جسم کا زور +

طاقت طاق ہونا - ہ - لازم - تمام قوت کا زائل ہونا +

طاقتور - ف - صفت - زوروالا - توانا +

طاقچہ - ع ف - مذکر - چھوٹا طاق +

طاقہ - ع - مذکر - اُونی یا ریشمی کپڑے کا تھان - تھان

طاقی - ف - مؤنث - ایک قسم کی لمبی ٹوپی - کلاہ - کرنجی آنکھ کا گھوڑا +

طالب - ع - مذکر - طلبگار - ڈھونڈھنے والا +

طالبِ دیدار - ع ف - مذکر - دیکھنے کا خواہشمند مشتاق +

طالبِ زر - ع ف - صفت - لالچی - دولت کا خواہاں +

طالبِ عقبےٰ - ع - مذکر - عقبےٰ کا طلبگار - دیندار پارسا +

طالبِ علم - ع - مذکر - علم کا حاصل کرنے والا متعلم +

طالبِ علمی - ع - مؤنث - علم سیکھنے کا کام - شاگردی +

طالع - ع - مذکر - نصیبہ - نکلنے والا +

طالعِ خوابیدہ - ع ف - صفت - سویا ہوا نصیبہ +

طالع چمکنا - ہ - قسمت کھلنا +

طالع شناس - ع ف - مذکر - منجم - جوتشی - حالات بتانیوالا +

طالعمند یا طالع ور } - ع ف - صفت - قسمت والا صاحب نصیب +

طامع - ع - صفت - طمع کرنیوالا - حریص +

طاؤس - ع - مذکر - ایک خوشنما و خوشرنگ پرند کا نام - مور - ایک ساز کا نام +

طاؤسی رقص - ہ - مؤنث - ایک قسم کا ناچ جو مور کے ناچ کے مشابہ ہوتا ہے +

طاہر - ع - صفت - پاک +

طائر - ع - مذکر - اڑنے والا - پرند - مرغ +

طائرِ قدس یا طائرِ قدسی } - ع - مذکر - پاک ملک کا پرندہ - فرشتہ - جبرئیلؑ +

طائفہ - ع - مذکر - گروہ - قوم - خاندان - قافلہ +

ط ب

طِب - ع - مؤنث - علاج معالجہ کا علم - علاج +
طِبِّ رُوحانی - ع - مؤنث - روح کی اصلاح کرنیکا علم - علم الاخلاق - تصوف +
طِبابت - ع - مؤنث - علاج و معالجہ +
طَبّاخ - ع - مذکر - باورچی - رسویا +
طَباشیر - ع - مؤنث - ایک دوا کا نام - بنسلوچن
طَباق - ع - مذکر - بڑی رکابی - تھالی +
طَبائع - ع - مؤنث - جمع طبیعت کی +
طَبع - ع - مؤنث - مزاج - فطرت +
طَبع آزمائی - ع ف - مؤنث - طبیعت کی رسائی کا امتحان +
طَبع زاد - ع ف - صفت - طبیعت سے نکالا ہوا - ایجاد +
طَبع کرنا - ف - چھاپنا +
طَبعی - ع - صفت - ذاتی - فطرتی - ایک فن کا نام +
طَبعی جُغرافیہ - ف - مذکر - وہ جغرافیہ جسمیں زمین کی تمام اشیاء کے وجوہات بیان ہوں - یا خشکی قدرتی سے بحث ہو +
طَبَق - ع - مذکر - طباق - برابر - چپٹی - طبقہ - پردہ +
طَبَقات - ع - مذکر - جمع طبقہ کی +
طَبَقہ - ع - مذکر - درجہ - تہ - پردہ - گروہ - رتبہ +
طَبَقہ اُلٹ جانا - ف - ملک یا ولایت دگرگوں ہو جانا - تہس نہس ہو جانا +
طَبل - ع - مذکر - بڑا ڈھول +
طَبلچی - ف - مذکر - طبلہ بجانیوالا +

طَبلَق - ع - مذکر - چٹ - کاغذوں کا بنڈل +
طَبیب - ع - مذکر - حکیم - ڈاکٹر +
طَبیبِ حاذِق - ع - مذکر - نہایت تجربہ کار اور عقلمند حکیم +
طبیعت - ع - مؤنث - مزاج - عادت - خاصیت
طَبیعت اُلجھنا - ف - دل گھبرانا - دل پریشان ہونا +
طَبیعت آنا - ف - دل آنا - مائل ہونا - عاشق ہونا
طَبیعت بگڑنا - ف - متلی ہونا - بیمار ہونا +
طَبیعت بھر جانا - ف - دل اُکتا جانا - دل بھر جانا +
طَبیعت پر زور ڈالنا - ف - توجہ کرنا - دل پر بوجھ ڈالنا +
طَبیعَتِ ثانیہ - ع - مذکر - وہ عادت جو مزاج کا حکم پیدا کر لیتی ہے +

ط پ

طَپش - ف - مؤنث - گرمی - بیقراری - تمازت
طَپنچہ - ف - مذکر - تمنچہ - پستول +

ط ح

طِحال - ع - مؤنث - تلی - ایک عضو کا نام جو جگر کے قریب ہے +

ط ر

طَرّار - ع - صفت - زبان دراز - اُچکا - جیب کترا چنچل +
طَرّارہ - یا - طَرّارا - ف - مذکر - چوکڑی - چھلانگ +
طَرّارے بھرنا - ف - فرفر پڑھنا - گھوڑے کا فراٹے بھرنا +

طَراوَت - ع - مؤنث - تر و تازگی - ٹھنڈک تری *
طَرَب - ع - مؤنث - خوشی - فرحت *
طَرَب انگیز - یا - } ع - ف - صفت - امنگ
طَرَب افزا } بڑھانیوالا *
طَرح - ع - مؤنث - ڈالنا - نکالنا - جڑ - نقاشی صورت - طرز - ڈھنگ - مشاعرہ میں غزل لکھنے کا مصرعہ *
طَرح اُڑانا - ل - طرز حاصل کرنا - وضع سیکھ لینا
طَرحدار - ع ف - صفت - وضعدار - خوبصورت
طَرح دینا - یا - دے جانا } ل - ٹالنا - روگردانی کرنا - چشم پوشی کرنا *
طَرز - ع - مؤنث - روش - طریقہ - ہیئت *
طَرز اُڑانا - ل - ڈھنگ اُڑانا
طَرزِ تحریر - یا طَرزِ عبارت } ع - مؤنث - لکھنے کی روش - مضمون نگاری کا طریقہ *
طَرزِ کلام - ع - مذکر - انداز گفتگو *
طَرزیں اُڑانا - ل - کسی کی روش اڑا لینا - بعینہ نقل کرنے لگنا *
طَرَف - ع - مؤنث - کنارہ - جانب - پاسداری
طَرَفِ ثانی - ل - مذکر - فریقِ ثانی - مدعا علیہ *
طَرَف داری کرنا - ل - پاسداری کرنا - حمایت کرنا *
طُرفگی - ف - مؤنث - عمدگی - خوبی *
طُرفہ - ع - صفت - نیا - نادر *
طُرفہ تر - ل - صفت - انوکھا - عجیب تر *
طُرفہ تماشا - ل - مذکر - عجیب و غریب کھیل - عمدہ سیر *
طُرفہ گل پھولنا - ل - نئی بات کا ظاہر ہونا *
طُرفہ ماجرا - ل - مذکر - عجیب واقعہ - تعجب کی بات *

طَرفہ - ع - مؤنث - ایک بار - پلک مارنے کی مدت *
طَرفۃُ العَین - ع - تابع فعل - ایک بار پلک جھپکاتے ہیں - آن کی آن میں *
طُرّہ - ع - مذکر - زلف - کاکل - ماتھے کے بال
طُرّہ طرار - ف - مذکر - شوخی سے بھرے ہوئے کاکل *
طُرّہ ہونا - ل - بات پر حاشیہ چڑھنا - فائق ہونا
طَریق - ع - مذکر - راستہ - مذہب - پنتھ - طرز - فیشن - ڈھنگ *
طَریقت - ع - مؤنث - راہ - مذہب - علم تصوف
طَریقہ بتانا - ل - کسی کام کے کرنیکا ڈھنگ بتانا
طَریقہ برتنا - ل - کسی قاعدے پر چلنا - برتاؤ کرنا

ط ش

طَشت - ع - مذکر - بڑا طباق - تسلا - تھال *
طَشت از بام - ف - صفت - آشکارا - مشہور - ظاہر *
طَشتری - ل - مؤنث - چھوٹی رکابی *

ط ع

طَعام - ع - مذکر - کھانا - کھانے پینے کی چیزیں
طَعم - ع - مذکر - مزا - ذائقہ *
طُعم - ع - مذکر - خورش - چارہ *
طُعمہ - ع - مذکر - روزی - کھاجا - لقمہ *
طَعن - ع - مذکر - نیزہ مارنا - طعنہ - بولی ٹھولی اہانت *
طَعن تشنیع - ع - مذکر - لعنت ملامت چھیڑ چھاڑ
طَعنہ تشنہ دینا - ل - برا بھلا کہنا - چھیڑنا - عیب نکالنا *
طَعنہ دینا - ل - ملامت کرنا - بولی مارنا *
طَعنہ زن - ف - مذکر - طعنہ مارنے والا - بات

مارنے والا +
طَعنے - ا - مذکر - طعنہ کی جمع +

ط غ

طُغرا - ت - مذکر - ایک خاص قسم کا پیچیدہ خط
طُغیانی - ع ف - مؤنث - دریا کا چڑھاؤ - حد سے گزرنا +

ط ف

طِفل - ع - مذکر لڑکا - دودھ پیتا +
طِفلِ شیر خوار - ع ف - مذکر - دودھ پیتا بچہ
طِفلِ مکتب - ع - مذکر - مبتدی - سیکھتڑ +
طِفلی - یا - طفولیت - ع - مؤنث - لڑکپن - کم عمری +
طُفیل - ع - مذکر - ذریعہ - وسیلہ +
طُفیلی - ع ف - صفت - بن بلایا مہمان - پچھلگو +

ط ل

طِلا - ع - مذکر - سونا - ایک خاص قسم کا تیل +
طُلاب - ع - مذکر - جمع طالب کی - طالب علم - مبتدی +
طلاق - ع - مؤنث - عورت کا قید نکاح سے آزاد ہونا +
طلاق دینا - ا - قانون مذہب کے موافق بیوی کو آزاد کرنا +
طلاق نامہ - ع ف - مذکر - طلاق حاصل ہونیکی سند
طَلاقت - ع - مؤنث - چرب زبانی +
طَلائی - ع ف - صفت - سونے کی - سنہری +
طَلایہ - ف - مذکر - اصل (طلائع) - رات کو چوکسی کیلئے گشت لگانیوالا گروہ +
طَلَب - ع - مؤنث - تلاش - جستجو - مانگ - لگ
تنخواہ +
طَلَب بانٹنا - ا - تنخواہ تقسیم کرنا +
طَلَب بجھانا - ا - خواہش مٹانا +
طَلَب کرنا - ا - بلانا - دعویٰ کرنا +
طَلَبگار - ف - صفت - خواہشمند +
طَلَب نامہ - ا - مذکر - سمن +
طَلبانہ - ا - مذکر - روزینہ +
طَلَبہ - یا / طُلَبا - } ع - مذکر - جمع (طالب) کی - طالب علم +
طِلِسم یونانی - مذکر - حیرت میں ڈالنے والی بات جادو - ٹوٹا +
طِلِسمات - ع - مذکر - بقاعدہ عربی جمع طلسم کی
طِلِسمی - ا - صفت - جادو کا +
طَلعت - ع - مؤنث - رُخ - چہرہ +
طُلوع - ع - مذکر - چاند یا سورج کا نکلنا - بلند ہونا +

ط م

طمانچہ - ا - مذکر - تھپیڑ - لپڑ +
طمانچہ سے منہ لال کرنا - ا - تھپیڑ مار کر منہ لال کرنا +
طُمانینت - یا / طمانیت } ع - مؤنث - اطمینان - دلجمعی
طُمطراق / طُمطراق } ف - مذکر - دھوم دھام - شان و شوکت
طمعِ خام ع ف - مؤنث - ناممکن بات کی تمنا +
طمنچہ - ا - مذکر - چھوٹی سی بندوق - پستول

ط ن

طِناب - ع - مذکر - خیمہ کی ڈوری - رسی +
طنابیں کھچنا - ا - پاس آجانا - ملجانا - فاصلہ کا

کم ہو جانا +
طَنّاز - ع - صفت - ناز کرنیوالا - چالاک +
طَنبُورَہ - ع - مذکر - ایک قسم کا ستار +
طَنز - ع - مؤنث - طعنہ - آوازہ - چھیڑ +
طَنز کرنا - ہ - طعنہ مارنا - آوازہ کسنا +
طَنطَنَہ - ع - مذکر - باجوں کی آواز - دھوم دھام - آن بان - غرور +

ط و

طواف - ع - مذکر - چاروں طرف گھومنا - چکر لگانا +
طَواف کرنا - ہ - گرد پھرنا - قربان ہونا +
طَوالَت - ع - مؤنث - درازی - لمبائی +
طوائف - ع - مذکر - جمع طائفہ - گروہ (مؤنث) ناچنے والی عورت +
طوائف المُلُوکی - ع - مذکر - بل چل - ہڑ بونگ بدعملی +
طُوبےٰ - ع - مؤنث - مؤنث طیب - نہایت خوشبودار - بیر کا درخت +
طُور - ع - مذکر - ایک مقدس پہاڑی کا نام - کوہ سینا +
طَور - ع - مذکر - رنگ ڈھنگ - چال چلن - بنیاد
طَور بے طور ہونا - ہ - حالت دگرگوں ہونا - لچھن بگڑنا +
طَور طَرِیق - ہ - مذکر - چال ڈھال - برتاؤ +
طُوس - ع - مذکر - ایک شہر کا نام - ایک قسم کا اونی نہایت ملائم کپڑا +
طُوسی - ف - صفت - طوس کا رہنے والا - ایک خاص قسم کا رنگ +
طوطا چشم - ف - صفت - بے مروت - بے وفا
طوطا چشمی - ف - مؤنث - بے مروتی - بے وفائی +
طُوطے اڑ جانا - ہ - گھبرا جانا - بدحواس ہو جانا +
طُوطی بولنا - ہ - شہرت ہونا - دھاک بیٹھنا
طُوطِیا - ف - مذکر - نیلا تھوتھا - بہتان - الزام +
طُوطیا باندھنا - ہ - بہتان باندھنا - الزام لگانا +
طَوعاً وکرہاً - ع - تابع فعل - خواہ مخواہ - چاروناچار +
طُوفان - ع - مذکر - تباہ کر دینے والا پانی - نہایت شدت کی ہوا - کہرام - الزام - تہمت
طُوفان اٹھانا - ہ - الزام دھرنا - تہمت لگانا +
طُوفان آنا - ہ - آندھی آنا - شدت سے بارش ہونا +
طُوفان برپا کرنا - ہ - شور و غل مچانا - فتنہ فساد کھڑا کرنا +
طُوفان بَندی - ہ - مؤنث - جھوٹ بولنا تہمت دھرنا +
طُوفان میں آنا - ہ - کشتی یا جہاز کا پانی کی طغیانی یا سخت ہوا کی آفت میں مبتلا ہونا +
طُوفانی - ہ - صفت - تہمتی - جھوٹا - فسادی
طَوق - ع - مذکر - حلقہ - پٹا - ہار - ہنسلی - پرندوں کے گلے کی کنٹھی - گلوبند +
طُول - ع - مذکر - لمبائی - درازی +
طُولِ اَمَل - ع - مذکر - دنیا کی حرص - زیادہ کی امید +
طُولِ بَلَد - ع - مذکر - شہر یا ملک کا وہ فاصلہ جو خط نصف النہار سے معلوم کیا جائے
طُول پکڑنا - ہ - بڑھ جانا +

طُولِ کلام - ع - مذکر - بات کو بڑھانا - بات کا پھیلاؤ +

طُول کھینچنا - و - مدت لگنا - دیر لگنا - لمبا ہونا

طُومار - ع - مذکر - تودہ - ڈھیر - جھوٹ - بہت بڑا خط +

طُومار باندھنا - و - چھوٹی بات کو بڑھا کر بیان کرنا - لمبا قصہ +

طَوِیل - ع - صفت - لمبا - دراز +

طَوِیلہ - ع - مذکر - اصطبل - تھان +

طویلے کی بلا بندر کے سر - و - کہاوت - قصور کسی کا اور الزام کسی پر - غریب اور کمزور پر سب کا زور چلتا ہے +

ط ہ

طَہارَت - ع - مؤنث - پاکی - آبدست - وضو

طُہر - ع - مذکر - عورت کی پاکی کے دن +

طَہُور - ع - صفت - پاک +

ط ی

طے کرنا - و - تہ کرنا - لپیٹنا - فیصلہ کرنا - قطع مسافت کرنا +

طَیّار - ع - صفت - آمادہ - مستعد +

طَیّارہ - ع - صفت - ہوائی جہاز - ہوا پر اُڑنے والا +

طَیش - ع - مذکر - شرمندگی - غصہ - غضب

طیش دلانا - و - غصہ دلانا - بھڑکانا +

طیش میں آنا - و - غصہ میں بھرنا - جوش میں آنا +

طِینَت - ع - مونث - اصل پیدائش - عادت +

طُیُور - ع - مؤنث - جمع طیر کی - پرندہ - پکھیرو

ظ - ع - مؤنث - اردو الف بے تے کا تیئیسواں حرف +

ظ ا

ظالِم - ع - صفت - ظلم کرنے والا - ستانے والا - غیر منصف آدمی +

ظاہر - ع - صفت - آشکار - روشن - کھلا ہوا

ظاہر بنائے رکھنا - و - ٹھاٹ بنائے رکھنا

ظاہر پَرَست یا - ظاہر بین } ع ف - صفت - ظاہری حالت پر نظر رکھنے والا +

ظاہر داری برتنا - و - دکھاوے کی باتیں کرنا - تکلف سے پیش آنا +

ظاہر باطن - ع - مذکر - اندر باہر +

ظ ر

ظَرافَت - ع - مؤنث - خوش طبعی - دل لگی - ٹھٹھا +

ظَرْف - ع - مذکر - برتن - دانائی - حوصلہ - گنجایش +

ظَرفِ آفتاب - ع - مذکر - گلاس - شراب کا پیالہ

ظَرفِ زمان - ع - مذکر - وہ اسم جسمیں زمانہ یا وقت پایا جائے - جیسے گھر - سال +

ظُرُوف - ع - مذکر - ظرف کی جمع +

ظَرِیف - ع - مذکر - عقلمند آدمی - خوش طبع آدمی - لطیفہ کہنے والا +

ظ ف

ظَفَر - ع - مؤنث - فتح - جیت +
ظَفَر تکیہ - ع - مذکر - ایک قسم کی لکڑی جو سہارے کے لئے فقیر لوگ رکھتے ہیں +
ظَفَر جنگ - ع ف - مذکر - ایک فوجی خطاب

ظ ل

ظِلّ - ع - مذکر - سایہ +
ظِلُّ اللہ - ع - مذکر - خدا کا سایہ - بادشاہ +
ظِلِّ حمایت - ع - مؤنث - پناہ کا سایہ - پناہ کا دامن - پناہ کی جگہ +
ظُلم - ع - مذکر - بیرحمی - زیادتی +
ظُلم ڈھانا - و - غضب ڈھانا - آفت توڑنا +
ظُلم رَسِیدہ - ع ف - صفت - مظلوم ستایا ہوا +
ظُلم کرنا - و - سختی کرنا - ستم کرنا +
ظُلُمات - ع - مؤنث - جمع ظلمت کی - اندھیریاں - تاریکیاں +

ظ ن

ظَنّ - ع - مذکر - شبہ - بھرم - بہتان رائے +
ظَنِّ غالب - ع - مذکر - قوی گمان یقیناً
ظَنِّ فاسد - ع - مذکر - بدگمان - بدظن - شک وشبہ +
ظَنّی - ع ف - صفت - خیالی - وہمی +

ظ ھ

ظُہر - ع - مذکر - تیسرا پہر - دوپہر کی نماز کا وقت +
ظَہر - ع - مؤنث - پیٹھ - پشت +
ظَہرِ ثمن
ظَہر تمسک } و - مؤنث - تمسک یا ثمن کی پشت پر
ظہُور - ع - مذکر - اظہار - انکشاف - اعلان +
ظہُورا - و - مذکر - جلوہ - رونق - اظہار قدرت - ٹھاٹ +

ع

ع ۔ (ع)۔ مذکر۔ اردو الف بے۔ تے کا چوبیسواں حرف ٭

ع ۔ ا

عابد۔ ع۔ مذکر۔ عبادت کرنے والا۔ پرہیزگار ٭
عاج۔ ع۔ مذکر۔ ہاتھی دانت ٭
عاجز۔ ع۔ صفت۔ کمزور۔ مجبور۔ ناامید۔ غریب ٭
عاجز آنا۔ ا۔ تنگ آنا۔ مایوس ہونا ٭
عاجزی۔ ا۔ مؤنث۔ انکسار۔ منت سماجت ٭
عاجزی کرنا۔ ا۔ منت سماجت کرنا۔ ہاتھ جوڑنا ٭
عاد۔ ع۔ مذکر۔ وہ عدد جو ایک عدد معلوم کو پورا تقسیم کرے
زمانہ قدیم کی ایک قوم کا نام۔
عادِ اعظم۔ ع۔ مذکر۔ وہ بڑے سے بڑا عدد جو دو یا دو سے زیادہ
اعداد کو پورا پورا تقسیم کردے ٭
عادات۔ ع۔ مؤنث۔ جمع عادت کی ٭
عادت۔ ع۔ مؤنث۔ خصلت۔ طبیعت۔ رسم ٭
عادت پڑنا۔ ا۔ عادی ہونا۔ سبھاؤ پڑنا ٭
عادل۔ ع۔ صفت۔ انصاف کرنے والا۔ جج ٭
عادی۔ ا۔ صفت۔ خوگر۔ وہ شخص جسے کسی قسم کی عادت
پڑ گئی ہو ٭
عار۔ ع۔ مؤنث۔ شرم۔ غیرت ٭
عار آنا۔ ا۔ شرم ہونا۔ لاج آنا ٭
عار کرنا۔ ا۔ غیرت کرنا۔ شرم کرنا ٭
عارض۔ ع۔ مذکر۔ رخسار۔ گال ٭
عارض ہونا۔ ا۔ لاحق ہونا۔ پیش آنا ٭
عارضہ۔ ع۔ مذکر۔ مرض۔ بیماری ٭
عارضی۔ ع۔ صفت۔ نقلی۔ چندروزہ ٭
عارف۔ ع۔ مذکر۔ جاننے والا۔ خداشناس ٭
عاری۔ ع۔ صفت۔ ننگا۔ خالی۔ عاجز ٭

عاریت۔ ع۔ مونث (بہ تشدید و بلا تشدید) ادھار۔ قرض ٭
عاریتاً۔ ع۔ تابع فعل۔ بطور قرض۔ چندروز کے لیے ٭
عاریتی۔ ع ف۔ صفت۔ ادھار مانگی ہوئی۔ عارضی ٭
عازم۔ ع۔ مذکر۔ قصد کرنے والا۔ ارادہ کرنے والا ٭
عاشق۔ ع۔ مذکر۔ نہایت دوست رکھنے والا۔ شیدا۔ محبت
الٰہی میں غرق۔ بے فکر۔ بیٹی کی گھنڈی ٭
عاشق مزاج۔ ع۔ صفت۔ زندہ دل۔ رنگیلا ٭
عاشقانہ۔ ع + ف (صفت۔ عاشق کے مطلب کی
عاشق کی طرح ٭
عاشقی۔ ا۔ مونث۔ عشق۔ محبت
عاشورا۔ ع۔ مذکر۔ محرم کی دسویں تاریخ ٭
عاصی۔ ع۔ مذکر۔ نافرمان۔ گنہگار۔ مجرم ٭
عاطر۔ ع۔ صفت۔ عطر کا رسیا۔ خوشبودار۔ نیک نہاد ٭
عاطفت۔ ع۔ مونث۔ مہربانی۔ عنایت۔ توجہ ٭
عافیت۔ ع۔ مونث۔ صحت۔ سلامتی۔ بھلائی ٭
عافیت تنگ کرنا۔ ا۔ عیش و آرام میں خلل ڈالنا۔ آرام
نہ لینے دینا ٭
عاق۔ ع۔ صفت۔ نافرمان۔ ماں باپ سے سرکش ٭
عاق کرنا۔ ا۔ اولاد کو نافرمانی کے باعث ورثہ سے محروم
کرنا ٭
عاق نامہ۔ ع ف۔ مذکر۔ فرزندی یا ورثہ سے اولاد کو محروم
کرنے کی دستاویز ٭
عاقبت۔ ع۔ مونث۔ انجام۔ نتیجہ۔ آخرت (تابع فعل)
آخرکار۔ آخرکو ٭
عاقبت اندیش۔ ع ف۔ صفت۔ انجام کا سوچنے والا
ہوشیار۔ دانا ٭
عاقبت بگاڑنا۔ ا۔ انجام خراب کرنا۔ آخرت خراب کرنا ٭
عاقبت کا توشہ۔ ا۔ مذکر۔ دوسری دنیا کا وسیلہ۔ نیک
اعمال
عاقبت کے بوریے سمیٹنا۔ ا۔ لالچ کے لیے قیامت تک
جینا۔ مدت تک جینا ٭

کرنا۔ ذلیل کرنا ؛

عزّت دینا۔ ا۔ فخر بخشنا۔ رتبہ دینا ؛

عزّت کا لاگو ہونا۔ یا عزّت کے پیچھے ہونا۔ ا بےعزتی کے درپے ہونا ؛

عزّت میں بٹّا لگنا یا فرق آنا۔ ا۔ بےعزتی ہونا۔ ذلیل ہونا کم عزّت ہونا ؛

عزّت لینا۔ ا۔ شرف یا بزرگی حاصل کرنا ؛

عزرائیل۔ ع۔ مذکر۔ قضا کا فرشتہ۔ جان نکالنے والا فرشتہ۔ ملک الموت ؛

عزل۔ ع۔ مذکر۔ موقوفی معطّلی ؛

عزل ونصب۔ ع۔ مذکر۔ موقوفی بحالی۔ ترقی وتنزل ؛

عزلت۔ ع۔ مونث۔ گوشہ نشینی۔ تنہائی۔ معزولی ؛

عزم۔ ع۔ مذکر۔ قصد۔ ارادہ ؛

عزم بالجزم۔ ع۔ مذکر۔ پکا ارادہ۔ یقینی ارادہ ؛

عزیز۔ ع۔ صفت۔ پیارا۔ ارجمند۔ عمدہ۔ بیش بہا۔ کمیاب۔ صاحب رتبہ ؛

مذکر۔ مصر کے بادشاہ کا لقب۔ رشتہ دار ؛

عزیز جاننا۔ ا۔ قدر ومنزلت کرنا۔ دوست رکھنا ؛

عزیز رکھنا۔ ا۔ دوست جاننا۔ چاہنا ؛

عزیمت۔ ع۔ مونث۔ ارادہ۔ نیّت ؛

ع۔س

عساکر۔ ع۔ مذکر۔ جمع عسکر کی۔ بہت سے لشکر ؛

عسرت۔ ع۔ مونث۔ دقت۔ دشواری مفلسی۔ غریبی ؛

عسس۔ ع۔ مذکر۔ کوتوال ؛

عسکر۔ ع۔ مذکر۔ فوج۔ سپاہ ؛

عسل۔ ع۔ مذکر۔ شہد ؛

ع۔ش

عشا۔ ع۔ مونث۔ رات کی اندھیری۔ رات کی نماز۔

عشاق۔ ع۔ مذکر۔ عاشق کی جمع۔ ایک راگ کا نام ؛

عشبہ۔ ع۔ مذکر۔ رس۔ ایک بوٹی کی شاخ کا نام ؛

عشر۔ ع۔ صفت۔ دس روزہ ؛

عشر۔ ع۔ صفت۔ دسواں۔ دسواں حصّہ۔

عشر عشیر۔ ع۔ صفت۔ دسویں، حصہ کا دسواں حصّہ ۱/۱۰۰ حصّہ۔ مراد ذرا سا۔ قلیل مقدار میں ؛

عشرت۔ ع۔ مونث۔ ہم صحبتی۔ باہم خوش خوش رہنا ؛

عشرت منانا۔ ا۔ مزے اڑانا۔ چین کرنا ؛

عشرہ۔ ع۔ صفت۔ دس ؛

ا۔ محرم کی دسویں تاریخ ؛

عش عش۔ ا۔ مذکر۔ آفرین۔ واہ وا ؛

عش عش کرنا۔ ا۔ تعریف کرنا۔ حیران ہونا ؛

عشق۔ ع۔ مذکر۔ پریم۔ محبت۔ موہ۔ پیار ؛

عشق پیچاں یا عشق پیچہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک بیل کا نام ؛

عشق حقیقی۔ ع۔ مذکر۔ خدا کا عشق ؛

عشق مجازی۔ ع۔ مذکر۔ بناوٹی عشق دنیاوی عشق حسن پرستی ؛

عشق ہے۔ ا۔ کلمہ تحسین۔ شاباش ہے۔ احسنت ہے

عشوہ۔ ع۔ مذکر۔ ناز۔ فریب۔ نخرہ ؛

عشوہ گر یا عشوہ ساز۔ ع+ف۔ صفت۔ ناز کرنے والا مراد معشوق ؛

ع۔ص

عصا۔ ع۔ مذکر۔ لاٹھی۔ چھڑی ؛

عصابردار۔ ع+ف۔ مذکر۔ چوبدار جو امیروں یا بادشاہوں کے ساتھ ساتھ چلتے ہیں ؛

عصائے پیر یا پیری۔ ع+ف۔ مذکر۔ بوڑھے کی لکڑی۔ بڑھاپے کا سہارا۔ بوڑھے کا لڑکا ؛

عصائے موسےٰ۔ ع۔ مذکر۔ حضرت موسےٰ کے ہاتھ کی لکڑی جس میں معجزہ تھا کہ ساحروں کے مقابلہ میں سانپ بن جاتی تھی ؛

عصارہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ افشردہ ۔ نچوڑا ہوا پانی ؛
عصابہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ عورتوں کے سر سے باندھنے کا کپڑا ؛
عصب ۔ ع ۔ مذکر ۔ پے ۔ پٹھا ؛
عصبیت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ استواری ۔ رشتہ داری ۔ طرفداری ؛
عصر ۔ ع ۔ مذکر ۔ روزگار ۔ زمانہ ۔ وقت ۔ دن کا اخیر حصہ ؛
عصمت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پارسائی ۔ پرہیزگاری ؛
عصیان ۔ ع ۔ مذکر ۔ گناہ ۔ پاپ ۔ جرم

ع ۔ ض

عضلہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ گوشت کی مچھلی ۔ بازو کی مچھلی ۔ اولہ
عضو ۔ ع ۔ مذکر ۔ جسم ۔ جوڑ ۔ بند ۔ بدن کا حصہ ؛

ع ۔ ط

عطا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ انعام ۔ بخشش ؛
عطا کرنا ۔ ا ۔ بخشنا ۔ مرحمت کرنا ؛
عطائے تو بہ لقائے تو ۔ ف ۔ کہاوت ۔ آپ کا دیا آپ ہی کے اوپر تصدق ہے ؛
عطار ۔ ع ۔ مذکر ۔ عطر فروش ۔ گندی ۔ پنساری ؛
عطار کا شیشہ اور مداری کا پٹارا ۔ ا ۔ کہاوت یعنی عطار کی بوتل اور مداری کے پٹارے کا اعتبار نہیں ۔ بے ایمان عطار ایک ہی بوتل سے ہر قسم کا شربت دیتا ہے اور مداری ایک ہی پٹارے سے سیکڑوں کھیل دکھا دیتا ہے ؛
عطارد ۔ ع ۔ مذکر ۔ بدھ ستارے کا نام ؛
عطائی ۔ ا ۔ مذکر ۔ بے استاد جس کا کوئی استاد نہ ہو ؛
عطر ۔ ع ۔ مذکر ۔ خوشبو ۔ خلاصہ ۔ ست ؛
عطردان ۔ ع + ف ۔ عطر رکھنے کا بکس ؛
عطر کھینچنا یا نکالنا ۔ ا ۔ ست نکالنا ۔ جوہر نکالنا ؛
عطریات ۔ ع ۔ مذکر ۔ عطر کی جمع ؛
عطسہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ چھینک ؛
عطش ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پیاس ۔ تشنگی ؛
عطف ۔ ع ۔ مذکر ۔ پھیرنا ۔ موڑنا ۔ کسی کلمہ یا کلام کو دوسرے کے کلام کی طرف پھیرنا ؛
عطوفت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مہربانی ۔ عنایت ۔ نوازش ؛
عطیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ عطا ۔ بخشش ۔ عنایت ؛

ع ۔ ظ

عظم ۔ ع ۔ مذکر ۔ ہڈی ۔ استخوان ؛
عظما ۔ ع ۔ مذکر ۔ عظیم کی جمع ۔ بڑے لوگ ؛
عظمت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بڑائی ۔ بزرگی ۔ شان ؛
عظمےٰ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بڑی ۔ بزرگ ؛
عظیم ۔ ع ۔ صفت ۔ بڑا ۔ کلاں ۔ بزرگ ؛
عظیم الشان ۔ ع ۔ صفت ۔ بہت بڑا ۔ بڑی شان والا ۔ والا قدر ؛

ع ۔ ف

عفت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پرہیزگاری ؛
عفو ۔ ع ۔ مذکر ۔ معافی ۔ خطا بخشنا ؛
عفونت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بدبو ۔ گندگی ؛
عفیف ۔ ع ۔ صفت ۔ پارسا ۔ پرہیزگار ؛
عفیفہ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پارسا عورت ۔ پاک دامن عورت ۔ پتی برتا ؛

ع ۔ ق

عقاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا گدھ ؛
عقائد ۔ ع ۔ مذکر ۔ عقیدہ کی جمع ؛
عقب ۔ ع ۔ مذکر ۔ پیچھے ۔ پیٹھ پیچھے ۔ غیبت میں ؛
عقبےٰ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ آخرت ۔ دوسرا جہان ؛
عقبےٰ بنانا ۔ ا ۔ عاقبت سنوارنا ۔ ایسا کام کرنا جو دوسرے جہان میں کام آئے ؛
عقد ۔ ع ۔ مذکر ۔ گرہ ۔ گانٹھ ۔ قول و قرار ۔ نکاح ؛
عقد بندھنا ۔ ا ۔ نکاح بندھنا ۔ شادی ہونا ؛

عَداوتی - ا - صفت - دشمن - بدخواہ ؎

عِدّت - ع - مونث - تعداد شمار - وہ مدت شرعی جس میں عورت نکاح نہ کر سکے ؎

عِدّت میں بیٹھنا - ا - عدت کے زمانہ کو حسبِ شرع گزارنا ؎

عَدَد - ع - مذکر - شمار - گنتی - گنا گیا - رقم ؎

عددِ صحیح - ع - مذکر - انک - بن بٹا ہوا عدد ؎

عَدل - ع - مذکر - برابری - نظیر - انصاف ؎

عدل گستر - ع + ف - مذکر عادل - انصاف کرنے والا

عدل گستری - ع + ف - مونث - انصاف - عدالت ؎

عدم - ع - مذکر نیستی - ناموجودگی - نفی - نہ ہونا ؎

عدم توجہی (ع) مونث - بے پروائی - غفلت - بے رخی

عدم وجود برابر ہے - ا - محاورہ - ہونا نہ ہونا ایک جیسا ہے

عَدُو - ع - مذکر - دشمن - مخالف - رقیب ؎

عدول - ع - مذکر - روگردانی - راہ سے پھرنا ؎

عدول حکمی - ع - مونث نافرمانی - سرکشی - بغاوت

عدیل - ع - صفت - نظیر - مانند - (مذکر) عادل - منصف -

عدیم - ع - صفت - گم - نایاب - ناپید ؎

ع - ذ

عذاب - ع - مذکر - شکنجہ - تنگی - مصیبت - سزائے گناہ - روگ ؎

عذابِ قبر یا گور - ع + ف - مذکر - گنہگار مردے کو جو تکلیف قبر میں پیش آتی ہے ؎

عذاب مول لینا - ا - جان بوجھ کر مصیبت میں پڑنا ؎

عذاب میں پڑنا یا پھنسنا - ا - دقت میں پڑنا - مشکل پیش آنا ؎

عِذار - ع - مذکر - رخسار - گال - چہرہ ؎

عُذر - ع - مذکر - بہانہ - جرح - انکار ؎

عذر پذیر - ع - ف - صفت - وہ جو عذر کے قابل ہو ؎

عذر پیش کرنا - کوئی دلیل یا حجت لانا ؎

عُذر خواہی - ع + ف - مونث - کسی امر کا عذر بیان کرنا - معذرت - تعزیت - سیاپا ؎

عُذر داری - ا - مونث - مزاحمت - رکاوٹ - حجت ؎

عُذر معذرت - ع - منت سماجت - توبہ ؎

ع - ر

عِراق - ع - مذکر - کنارہ - ایک ملک کا نام ؎

عراقی - ع - مذکر - عراق کا گھوڑا ؎
صفت - عراق کا

عرائض - ع - مونث - عریضہ کی جمع - درخواستیں ؎

عرب - ع - مذکر - ایک جزیرہ نما کا نام - ا - ملک عرب کا باشندہ ؎

عربدہ - ع - مذکر - جنگجوئی - لڑائی - فتنہ ؎

عربدہ جو - ع + ف - صفت - لڑاکا - فسادی - جنگجو ؎

عربستان - ف - مذکر - ملک عرب ؎

عربی - ع - صفت - عرب سے منسوب - (مونث) زبان عرب (مذکر) عربی گھوڑا ؎

عُرس - ع - مذکر - شادی کی دعوت - ا - مجازاً بزرگوں کی سالانہ فاتحہ کی مجلس جو ہر سال تاریخ وفات پر ہوتی ہے ؎

عرس کرنا - ا - مجلس فاتحہ کرنا - مجلسِ طعام ؎

عرش - ع - مذکر - چھت - تخت - تختِ الٰہی ؎

عرش آشیانی - ع - ف - مذکر - جس کا گھر عرش پر ہو - مرحوم شاہان مغلیہ کا خطاب ؎

عرش پر جھولنا - ا - وقعت اور کمال حاصل ہونا ؎

عرش پر چڑھانا - ا - رتبہ بڑھانا - قدر و منزلت زیادہ کرنا - مغرور بنانا ؎

عرش پر دماغ پہنچنا یا ہونا - ا - نہایت عالی رتبہ ہونا - از حد اترانا ؎

عرش سے فرش تک - ا - تابع فعل - زمین سے آسمان

تک ٭

عرش کا تارا ۔ ا ۔ مذکر ۔ بہت بڑے رتبے والا ٭

عرش کا تارا توڑنا ۔ ا ۔ کوئی عجیب کام کرنا ۔

عرش کا تارا ہونا ۔ ا ۔ اونچے رتبے والا ہونا ۔ چار چاند لگنا ٭

عرش کا ٹوٹکا ۔ ا ۔ صفت ۔ عجیب ۔ انوکھا ٭

عرش معلے یا عرش بریں ۔ ع ف ۔ مذکر ۔ عرش اعظم اعلے اور بڑا عرش ٭

عرصہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ آنگن ۔ میدان ۔ شطرنج کھیلنے کا تختہ ۔ دوری ۔ فاصلہ ۔ زمانہ دراز ۔ توقف ۔ دیر ٭

عرصہ تنگ ہونا ۔ ا ۔ وسعت یا فراخی نہ ہونا ۔ وقت کم ہونا ٭

عرصہ کھینچنا یا لگانا ۔ ا ۔ طول پکڑنا ۔ دیر لگاتا ٭

عرصۂ محشر ۔ ع ۔ مذکر ۔ قیامت کا میدان ٭

عرض ۔ ع ۔ مونث ۔ بیان ۔ التماس ۔ مذکر ۔ چوڑائی ۔ ف ۔ عرصہ ۔ مدت ٭

عرض البلد ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ عرض جو بذریعہ خطوط درجات معلوم کیا جائے

عرض بیگی ۔ ع + ت ۔ مذکر ۔ عرضیاں پیش کرنے والا عہدیدار پرائیویٹ سکرٹری ۔ سررشتہ دار ٭

عرض معروض ۔ ع ۔ مونث ۔ التماس وگذارش ۔ پیار کھنا ٭

عرضاً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ از روئے عرض ۔ چوڑائی میں ٭

عرضداشت ۔ ف ۔ مونث ۔ عرضی ۔ درخواست ٭

عرضی ۔ ا ۔ مونث ۔ درخواست ۔ عریضہ ۔ تحریری گذارش ٭

عرضی پرزہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ دعوٰے ۔ درخواست ٭

عرضی دینا ۔ لگانا یا گزارنا ۔ ا ۔ نالش کرنا ۔ دعوے کرنا

عرضی نویس ۔ وہ شخص جس کا پیشہ عرضی لکھنے کا ہو ٭

عرف ۔ ع ۔ مذکر ۔ پہچان ۔ مشہور نام ٭

عرفان ۔ ع ۔ مذکر ۔ شناخت ۔ پہچان ۔ خدا شناسی

عرفہ ۔ ع ۔ مذکر ماہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ ٭ ا ۔ ہر ایک تہوار کا پہلا دن ۔ ماہ محرم کی نویں تاریخ ٭

عرفہ کرنا ۔ ا ۔ کسی شخص کے مرنے کے بعد جو اول عرفہ واقع ہو اُس میں فاتحہ دلوانا ٭

عرفی ۔ ع ۔ صفت ۔ رسمی ۔ فارسی کے ایک مشہور شاعر کا تخلص ٭

عرق ۔ ع ۔ مذکر ۔ پسینا ۔ کشید کیا ہوا پانی ۔ رس ۔ شیرہ ٭

عرق آجانا ۔ یا عرق عرق ہوجانا ۔ ا ۔ محنت یا شرم یا خوف کے باعث پسینا آجانا ۔ شرمندگی اٹھانا ٭

عرق دوآتشہ ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ دو دفعہ کھینچا ہوا عرق ٭

عرق ریزی ۔ ع + ف ۔ مونث ۔ زحمت ۔ سخت محنت

عرق کھینچنا ۔ ا ۔ کشید کرنا ۔ نچوڑ لینا ۔ طاقت کھینچ لینا ٭

عرق گیر ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ تھرو ۔ پالان ٭

عروج ۔ ع ۔ مذکر ۔ بلندی ۔ اونچائی ٭

عروج پر ہونا ۔ ا ۔ اعلےٰ رتبہ پر ہونا ٭

عروس ۔ ع ۔ مونث ۔ دلہن ۔ بہو ٭

عروض ۔ ع ۔ مذکر ۔ مکہ معظمہ کا نام ۔ کعبہ ۔ ہر بیت کے مصرعۂ اول کے جزو اخیر کا نام ٭ مونث ۔ وہ علم جس سے بحور اشعار کے وزن معلوم ہوتے ہیں ٭

عریاں ۔ ع ۔ صفت ۔ ننگا ۔ برہنہ ٭

عریض ۔ ع ۔ صفت ۔ چوڑا ۔ پہنا ٭

عریضہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ چھوٹے کی طرف سے جو خط بڑے کو لکھا جائے ۔ عریضہ کہلاتا ہے ٭

ع ۔ ز

عز ۔ ع ۔ مونث ۔ عزت ۔ شرف ٭

عز وجل ۔ ع ۔ صفت ۔ دونو ماضی کے صیغے ہیں ۔ اسلئے دوام اور ہمیشگی کے معنے دیتے ہیں ۔ اور خدا کی تعریف میں آتے ہیں ۔ غالب شدہ

عزا ۔ ع ۔ مذکر ۔ مصیبت پر صبر ۔ ماتم پرسی ۔ سیاپا ٭

عزادار ۔ ف ۔ صفت ۔ سوگوار ۔ ماتمی ٭

عزازیل ۔ ع ۔ مذکر ۔ شیطان کا نام

عزت ۔ ع ۔ مونث ۔ آبرو ۔ مان ۔ بڑائی ٭

عزت اُتارنا ۔ بگاڑنا ۔ کھونا یا لینا ۔ ا ۔ بے عزتی

عاقبت گندی یا خراب کرنا۔ ف۔ عاقبت بگاڑنا۔
عاقر قرحا۔ ع۔ مذکر۔ ایک تیز اور دلدار بوٹی کی جڑ کا نام جو آگ کا اثر زائل کرتی ہے ۔
عاقل۔ ع۔ صفت۔ دانا۔ ہوشیار ۔
عاکف۔ ع۔ مذکر۔ گوشہ نشین۔ گوشے میں بیٹھ کر عبادت کرنیوالا
عالِم۔ ع۔ مذکر۔ دانا۔ پڑھا لکھا ۔
عالم الغیب۔ ع۔ مذکر۔ غائب کا حال جاننے والا۔ خدا تعالےٰ
عالم باعمل۔ ع+ف۔ صفت وہ عالم جو اپنے علم پر عمل بھی کرتا ہو ۔
عالَم۔ ع۔ مذکر۔ جہان۔ دنیا کے لوگ۔ قسم۔ جنس۔ حالت۔ صورت۔ ڈھنگ۔ جوبن۔ بہار۔ نظیر ۔
عالم ارواح۔ ع۔ مذکر۔ روحوں کا جہان ۔
عالم آرا۔ ع+ف۔ صفت۔ دنیا کو آراستہ کرنے والا ۔
عالم اسباب۔ ع۔ مذکر۔ دُنیا ۔
عالم افروز۔ ع+ف۔ صفت۔ جہان کو روشن کرنے والا ۔
عالم بالا۔ ع+ف۔ مذکر۔ دوسرا جہان۔ عرش۔ جنت ۔
عالم برزخ۔ ع۔ مذکر۔ روحوں کا مقام جو موت اور قیامت کے درمیان ہے ۔
عالم پناہ۔ ع+ف۔ مذکر۔ جہان کو پناہ دینے والا۔ بادشاہ
عالم پھر جانا۔ ف۔ زمانہ کا مخالف ہونا ۔
عالم جاوید۔ ع۔ مذکر۔ دوسری دنیا جو بے زوال ہے ۔
عالم جبروت۔ ع۔ مذکر۔ صفاتِ خدا تعالےٰ کا مرتبہ ۔
عالم جنات۔ ع۔ مذکر۔ جنوں کی دنیا۔ بھوتوں کے رہنے کا مقام
عالم دکھانا۔ جوبن دکھانا۔ بہار دکھانا۔
عالم سفلی۔ ع۔ مذکر۔ دنیا۔ جہان۔
عالم صغرےٰ یا صغیر۔ ع۔ مذکر۔ انسان اور انسان کا جسم ۔
عالم عالم۔ ع۔ صفت۔ جہان جہان۔ بہت بہت۔ بہت ہی
عالم غیب۔ ع۔ مذکر۔ دوسرا جہان۔ پوشیدہ دنیا ۔
عالم فانی۔ ع۔ مذکر۔ فنا ہونے والا جہان ۔
عالم کبیر۔ ع۔ مذکر۔ جہان۔ قدرت۔ شکتی ۔
عالم کون۔ ع۔ مذکر۔ عالم موجودات۔ دنیا ۔

عالمگیر۔ ع+ف۔ صفت۔ جہان کو فتح کرنے والا۔ (مذکر) شہنشاہ اورنگ زیب کا لقب۔ صفت۔ تمام دنیا میں پھیلا ہوا۔
عالم لاہوت۔ ع۔ مذکر۔ ذاتِ خدا کا عالم۔ وہ مقام جہاں سالک (صوفی) فنا فی اللہ ہو جاتا ہے ۔
عالم مثال۔ ع۔ مذکر۔ خیالی دنیا۔ خواب کی باتیں ۔
عالم معنیٰ۔ ع۔ مذکر۔ وہ دنیا جو محسوس نہ ہو سکے ۔
عالم ملکوت۔ ع۔ مذکر۔ فرشتوں کا مقام ۔
عالم ناسوت۔ ع۔ مذکر۔ دنیائے فانی۔ عالم اجسام ۔
عالم وجود۔ ع۔ مذکر۔ عالم ہستی۔ زندگی کا عالم ۔
عالمی۔ ع۔ مذکر۔ دُنیا کا رہنے والا ۔
عالمیان۔ ف۔ عالم کی جمع۔ جہان کے لوگ ۔
عالی۔ ع۔ صفت۔ اونچا۔ بڑا۔ ممتاز۔ مقدس۔ قابل تعظیم
عالیجاہ۔ ع+ف۔ صفت۔ بڑے مرتبے والا ۔
عالی جناب۔ ع۔ صفت۔ بلند درگاہ والا۔ اعلےٰ حضرت ۔
عالی خاندان۔ ع+ف۔ صفت۔ اونچے گھرانے والا ۔
عالی دماغ۔ ع۔ صفت۔ دانا۔ روشن دماغ ۔
عالی شان۔ ع۔ صفت۔ اعلےٰ مرتبہ کا۔ بڑی شان والا ۔
عالی ظرف۔ ع۔ صفت۔ بڑے حوصلے والا۔ سمائی والا ۔
عالی قدر یا مرتبہ۔ ع۔ صفت۔ بڑے رتبہ کا ۔
عالی ہمت۔ ع۔ صفت۔ بڑی ہمت والا۔ صاحب جرأت۔ بلند نظر
عالی ہمتی۔ ع۔ مونث۔ جرأت۔ دلیری۔ اولو العزمی۔ سخاوت
عالیہ۔ ع۔ عالی کی تانیث۔ بلند۔ بڑی ۔
عام۔ ع۔ صفت۔ رواجی۔ پھیلا ہوا۔ سب۔ تمام۔ معمولی۔ ف۔ مذکر۔ تمام آدمی۔ سب لوگ ۔
عام فہم۔ ع۔ صفت۔ سب کی سمجھ میں آ جانے والا ۔
عامرہ۔ ع۔ صفت۔ بھرا ہوا۔ بھرپور۔ مراد خزانہ ۔
عامل۔ ع۔ مذکر۔ عمل کرنے والا۔ بھوت۔ پریت کا عمل جاننے والا۔ شاہی عہدے دار۔ تحصیلدار ۔
عامہ۔ ع۔ صفت۔ منسوب بہ عام۔ مشہور ۔
عامی۔ ف۔ مذکر۔ عام آدمی۔ جاہل ۔

عائد ۔ ع ۔ صفت ۔ عود کرنے والا ۔ واپس آنے والا ہے

عائد ہونا ۔ ا ۔ ذمہ پڑنا ۔ منسوب ہونا

ع ۔ ب

عبا ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک عربی پوشاک کا نام ۔ چغہ

عباد ۔ ع ۔ مذکر ۔ عبد کی جمع ۔ بندے

عبادت ۔ ع ۔ مونث ۔ بندگی ۔ بھگتی

عبادت گاہ ۔ ع + ف ۔ مونث ۔ پرستش کرنے کی جگہ ۔ مندر ۔ مسجد

عبارت ۔ ع ۔ مونث ۔ بیان ۔ مضمون ۔ تحریر ۔ مراد

عبارت آرائی ۔ ع + ف ۔ مونث ۔ مضمون کو سنوار کر لکھنا

عباس ۔ ع ۔ مذکر ۔ شیر ۔ درندہ ۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا کا نام ۔ حضرت علیؓ کے بیٹے کا نام ۔ ایک پودے کا نام

عباسی ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ حضرت عباسؓ کے خاندان کا ۔ سیاہی مائل رنگ ۔ ایک قسم کا سنگ مرمر

عبث ۔ ع ۔ صفت ۔ بے فائدہ ۔ بازاری ۔ بلا وجہ

عبد ۔ ع ۔ مذکر ۔ بندہ ۔ چیلا ۔ نوکر

عبدیت ۔ ع ۔ مونث ۔ غلامی ۔ بندگی

عبرانی ۔ ع ۔ مونث ۔ اہل کنعان کی زبان ۔ یہودی

عبرت ۔ ع ۔ مونث ۔ نصیحت پکڑنا ۔ خوف ۔ تنبیہ

عبرت پکڑنا یا ہونا ۔ ا ۔ نصیحت حاصل کرنا ۔ کان ہونا

عبودیت ۔ ع ۔ مونث ۔ بندگی ۔ اطاعت

عبور ۔ ع ۔ مذکر ۔ دریا سے اترنا ۔ گزرنا ۔ حاوی ہونا ۔ جیسے مجھے اس پر عبور ہے

عبور دریائے شور کرنا ۔ (ا) ۔ کالے پانی بھیجنا ۔ جلاوطن کرنا ۔

عبہر ۔ ع ۔ مونث ۔ ایک قسم کی نرگس

عبیر ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا خوشبودار سفوف

ع ۔ ت

عتاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ غصہ ۔ غضب ۔ ملامت

عتاب و خطاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ غضب و غصہ ۔ ڈانٹ ڈپٹ

ع ۔ ج

عجائب ۔ ع ۔ مذکر ۔ عجیب کی جمع

عجائب خانہ ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ وہ مکان جہاں عمدہ عمدہ نادر اور انوکھی چیزیں رکھی گئی ہوں ۔ میوزیم

عجائبات ۔ ع ۔ مذکر ۔ عجائب کی جمع اور عجیب کی جمع الجمع ۔

عجب ۔ ع ۔ صفت ۔ انوکھا ۔ نادر ۔ نئے ڈھنگ کا

عجب حال ہونا ۔ ا ۔ برا حال ہونا ۔ دگرگوں ہونا

عُجب ۔ ع ۔ مذکر ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ خود بینی

عجز ۔ ع ۔ مذکر ۔ عاجزی ۔ ناتوانی ۔ انکسار ۔ منت

عجلت ۔ ع ۔ مونث ۔ جلدی ۔ شتابی (اردو میں عُجلت بولتے ہیں)

عجم ۔ ع ۔ مذکر ۔ عربوں کی اصطلاح میں عرب کے علاوہ دوسرے تمام ملک

عجمی ۔ ع ۔ مذکر ۔ عجم کا رہنے والا

عجوبہ ۔ ع ۔ صفت ۔ عجیب چیز ۔ انوکھی چیز

عجیب ۔ ع ۔ صفت ۔ انوکھا ۔ طرفہ ۔ نرالا

عجیب و غریب ۔ ع ۔ صفت ۔ نرالا ۔ حیرت انگیز

ع ۔ د

عدالت ۔ ع ۔ مونث ۔ برابری ۔ انصاف ۔ کچہری ۔ دربار

عدالت چڑھنا ۔ ا ۔ عدالت تک جانے کی نوبت آنا

عدالت کرنا ۔ ا ۔ انصاف کرنا ۔ حق رسی کرنا

عدالت کے کتے ۔ ا ۔ مذکر ۔ عدالت کے ملازم جو رشوت لینے کے لئے کتوں کی طرح پیچھے پڑتے ہیں

عداوت ۔ ع ۔ مونث ۔ دشمنی ۔ لاگ

عداوت جبلی ۔ ع ۔ مونث ۔ قدرتی دشمنی ۔ ذاتی دشمنی ۔ جیسے بلی اور چوہے کی

عداوت دلی یا قلبی ۔ ا ۔ مونث ۔ جانی دشمنی

عداوت رکھنا ۔ ا ۔ دشمنی رکھنا

عُقد کرنا۔ ا۔ نکاح کرنا۔ بیاہ کرنا ❊

عُقدہ۔ ع۔ مذکر۔ گرہ۔ گانٹھ۔ مشکل بات۔ معمہ ❊

عُقدہ حل ہونا یا کھلنا۔ ا۔ گرہ کھلنا۔ کوئی پیچیدہ بات سمجھ میں آنا۔ بھید معلوم ہونا ❊

عُقدہ کُشائی۔ ع + ف۔ مونث۔ مشکل حل کرنا ❊

عَقرب۔ ع۔ مذکر۔ بچھو۔ آسمان کا آٹھواں برج ❊

عَقل۔ ع۔ مؤنث۔ اونٹ کے پاؤں میں رسی باندھنا۔ دانائی۔ فہم۔ سمجھ گیان۔ ایک فرشتہ کا نام ❊

عَقلِ اوّل۔ ع۔ مذکر۔ پہلا فرشتہ۔ جو باقی نو فرشتوں سے پہلے پیدا ہوا۔ محمدی نور۔ جبرئیلؑ ❊

عَقل بڑی یا بھینس۔ ا۔ کہاوت۔ دانائی اور سمجھ اچھی کہ بھینس ❊

عَقل پر پتھر پڑنا۔ ا۔ عقل ماری جانا۔ بیوقوفی ہونا ❊

عَقل پر پردہ پڑ جانا۔ ا۔ عقل جاتے رہنا۔ سمجھ نہ رہنا ❊

عَقل پکڑنا۔ ا۔ ہوش میں آنا۔ سمجھ دار بننا ❊

عَقل جانا۔ ا۔ ہوش جانا۔ اوسان گم ہونا ❊

عَقل چرخ میں آنا یا ہونا۔ ا۔ ہوش نہ رہنا۔ حیرت ہونا ❊

عَقل چرنے جانا۔ ا۔ سمجھ نہ رہنا۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا ❊

عَقل چکرانا۔ ا۔ ہوش گم ہونا ❊

عَقلِ حیوانی۔ ع۔ مونث۔ وہ عقل جو حیوانات کی فطرت میں داخل ہے۔ جیسے مچھلی کے بچے کا بن سکھائے تیرنے لگنا ❊

عَقل دوڑانا۔ ا۔ غور کرنا۔ فکر کرنا ❊

عَقل سٹھیا جانا۔ ا۔ بڑھاپے کے باعث عقل نہ رہنا ❊

عَقلِ سلیم۔ ع۔ مذکر۔ پوری عقل ❊

عَقل کا پتلا۔ ا۔ مذکر۔ نہایت عقلمند۔ طنز سے بیوقوف کو بھی کہتے ہیں ❊

عَقل کا پورا۔ ا۔ مذکر۔ (طنزاً) پورا بے وقوف ❊

عَقل کا چراغ گل ہونا۔ ا۔ عقل جاتی رہنا ❊

عَقل کا دشمن۔ ا۔ مذکر۔ عقل سے بیر رکھنے والا۔ محض بیوقوف

عَقل کا مارا۔ ا۔ صفت۔ بیوقوف۔ بے عقل ❊

عَقل کا مارا جانا۔ ا۔ عقل کا جاتا رہنا ❊

عَقل کام نہیں کرتی۔ ا۔ محاورہ۔ عقل کے دائرہ سے باہر ہے۔ سمجھ میں نہیں آتا ❊

عَقلِ کُل۔ ع۔ مذکر۔ پوری عقل۔ حضرت جبرائیلؑ ❊

عَقل کے طوطے اُڑ گئے۔ ا۔ محاورہ۔ عقل جاتی رہی۔ ہکا بکا ہو گیا ❊

عَقل کی کوتاہی۔ ا۔ مونث۔ سمجھ کا قصور۔ کم عقلی ❊

عَقل کے گھوڑے دوڑانا۔ ا۔ کسی کام میں غور اور فکر کرنا۔ سوچ بچار کرنا۔ خیالی پلاؤ پکانا ❊

عَقل کی مار۔ ا۔ مؤنث۔ عقل کی پھٹکار ❊

عَقل کے ناخن لو۔ ا۔ محاورہ۔ ہوش میں آؤ۔ سمجھ کی بات کرو ❊

عُقلا۔ ع۔ مذکر۔ عاقل کی جمع۔ عقلمند لوگ ❊

عَقلاً۔ ع۔ تابع فعل۔ عقل کی رو سے۔ عقلیہ۔

عَقلمند۔ ع + ف۔ صفت۔ دانا۔ ہوشیار۔ چتر۔

عَقلمند کی دُم۔ ا۔ صفت (طنزاً) عقلمند کا الٹ۔ بیوقوف ❊

عَقلمند کی دُور بلا۔ ا۔ کہاوت۔ عقلمند آفت سے بچ جاتا ہے ❊

عَقلمندی۔ ف۔ مؤنث۔ دانائی۔ چترائی ❊

عُقوبت۔ ع۔ مؤنث۔ دکھ۔ عذاب۔ سزا ❊

عُقول۔ ع۔ مؤنث۔ عقل کی جمع۔ دانائیاں۔ عقلمندیاں

عُقولِ عشرہ۔ ع۔ مذکر۔ دسوں فرشتے ❊

عَقیدت۔ ع۔ مؤنث۔ اعتقاد۔ بھروسہ۔ ایمان ❊

عَقیدت مند۔ ع + ف۔ مذکر۔ اعتقاد رکھنے والا۔ مریدانہ

عَقیدہ۔ ع۔ مذکر۔ اعتقاد۔ ایمان ❊

عَقیق۔ ع۔ مذکر۔ ایک سرخ رنگ کا پتھر ❊

عَقیق البحر۔ ع۔ مذکر۔ مونگا ❊

عَقیقہ۔ ع۔ مذکر۔ وہ بال جو بچے کے سر پر پیٹ میں پیدا ہوتے ہیں۔ بچے کا سر مونڈنے اور نام رکھنے کی تقریب جو یوم ولادت سے سات دن بعد ہوتی ہے ❊

عَقیل۔ ع۔ مذکر۔ نہایت دانا۔ ابوطالب کے بیٹے کا نام ❊

عَقیم۔ ع۔ صفت۔ جس کے بچہ نہ پیدا ہوتا ہو۔ بانجھ ❊

عَقِیمہ۔ ع۔ مونث۔ بانجھ عورت۔ وہ عورت جس کے بچّہ نہ ہوتا ہو ؎

ع۔ک

عَکس کھینچنا یا اُڑانا۔ ا۔ تصویر کھینچنا۔ فوٹو اتارنا ؎
عَکسی۔ ا۔ صفت۔ عکس سے منسوب۔ جیسے عکسی تصویر ؎

ع۔ل

عِلاج۔ ع۔ مذکر۔ چارہ۔ تدبیر۔ بیماری کی دوا دارو۔ سزا۔ پاداش ؎
عِلاج کو ڈھونڈھے نہ مِلنا۔ ا۔ نہایت کمیاب ہونا۔ دوا کو نہ ملنا ؎
عِلاج مُعَالجہ۔ ع۔ مذکر۔ دوا دارو ؎
عَلاقہ۔ ع۔ مذکر۔ تعلق۔ لگاؤ۔ دوستی۔ ربط ؎ ا۔ نوکری۔ ملازمت۔ ضلع۔ حلقہ۔ تعلقہ۔ ملکیت جاگیر۔ تحت۔ حکومت۔ حدود۔ سرحد ؎
عِلاقہ اُٹھ جانا۔ ا۔ تعلق جاتے رہنا۔ لگاؤ نہ رہنا ؎
عَلاقہ دار۔ ا۔ مذکر۔ رشتہ دار۔ سنبدھی۔ حلقہ یا ضلع کا حاکم ؎
عِلاقہ رکھنا۔ ا۔ تعلق رکھنا۔ واسطہ رکھنا ؎
عِلاقہ۔ ع۔ مذکر۔ کسی چیز سے بندھی یا لٹکی ہوئی کوئی چیز جیسے پھندنا۔ تسمہ۔ حلقہ۔ دستار کا طرّہ ؎
عَلالَت۔ ع۔ مونث۔ عذر۔ بہانہ۔ بیماری۔ دُکھ ؎
عَلّام۔ ع۔ مذکر۔ صیغہ مبالغہ۔ بہت جاننے والا۔ نہایت عالم ؎
عَلّامُ الغیُوب۔ ع۔ مذکر۔ چھپی باتوں سے واقف۔ خدا تعالےٰ ؎
عَلامات۔ ع۔ مؤنث۔ علامت کی جمع ؎ ا۔ بلا۔ بلائیں ؎
عَلامت۔ ع۔ مؤنث۔ نشان۔ مارک۔ پتہ۔ سراغ۔ اشارہ۔ چھاپ۔ لیبل ؎
عَلّامہ۔ ا۔ مؤنث۔ بہت جاننے والی عورت۔ نہایت چالاک اور مکار عورت ؎
(مذکر) ع۔ بہت بڑا عالم ؎
مذکر۔ نہایت دانا اور فاضل مرد۔ مکار آدمی ؎
عَلّامۂ دہر یا عَلّامَۃُ الدّہر۔ ع۔ مذکر۔ زمانہ کا فاضل۔ بہت بڑا عالم۔ (صفت) نہایت ہوشیار۔ مکار۔ چالاک ؎
عَلانیہ۔ ع۔ تابع فعل۔ کھُلم۔ کھُلا۔ ظاہرا۔ سب کے سامنے ؎
عَلانیہ کہنا۔ ا۔ کھلم کھُلا کہنا۔ ڈنکے کی چوٹ کہنا ؎
عِلاوَہ۔ ع۔ تابع فعل۔ اِس کے سوا۔ سوا۔ بجز۔ فالتو ؎
عَلایِق۔ ع۔ مذکر۔ علاقہ کی جمع۔ تعلقات۔ بکھیڑے ؎
عِلت۔ ع۔ مونث۔ بیماری۔ دُکھ۔ وجہ۔ سبب۔ جھگڑا بُری عادت۔ لت۔ عیب۔ داغ۔ بہتان تہمت کوڑا۔ کرکٹ ؎
عِلّتِ تامّہ۔ ع۔ مونث۔ سبب کامل۔ پورا سبب ؎
عِلّتِ صُوری۔ ع۔ مونث۔ سبب ظاہری ؎
عِلّتِ غائی۔ ع۔ مونث۔ نتیجہ۔ حاصل۔ پھل۔ اصلی مقصد۔ سبب آخر ؎
عِلّتِ فاعِلی۔ ع۔ مونث۔ سبب ایجاد۔ وہ سبب جس سے کوئی شے پیدا ہوئی ہو ؎
عِلّت لگا لینا۔ ا۔ کسی چیز کی لت لگا لینا۔ جھگڑے میں پھنس جانا ؎
عِلّت لگانا۔ ا۔ الزام لگانا۔ تہمت دھرنا ؎
عِلّتِ مادی۔ ع۔ مؤنث۔ وہ مادہ جس سے کوئی چیز بنی ہو ؎
عِلّتِ مَشائخ۔ ع۔ مونث۔ ایک بیماری کا نام ؎
عِلّت و مَعلُول۔ ع۔ مذکر۔ سبب مسبب۔ کارن ؎
عَلَف۔ ع۔ مذکر۔ گھاس ؎
عَلَف زار۔ ع + ف۔ مذکر۔ چراگاہ۔ ڈھور چرنے کی جگہ ؎
عِلَل۔ ع۔ مونث۔ جمع علت کی ؎
عَلَم۔ ع۔ مذکر۔ جھنڈا۔ نیزہ۔ نشان۔ امام حسین رضؓ کا جھنڈا۔ وہ نام جس سے آدمی مشہور ہو۔ عُرف۔ (قواعد صرف میں) معرفہ کی ایک قسم ؎

عَنادِل - ع - مذکر - عَندلیب کی جمع - بُلبُلیں ؛
عَناصر - ع - مذکر عنصر کی جمع - اصلی جُزو - چاروں عنصر یعنی خاک - باد - آب - آتش ؛
عَنانَ - ع - مونث - باگ - ڈور - لگام ؛
عِنایات - ع - مونث - عنایت کی جمع - مہربانیاں ؛
عِنایَت - ع - مونث - مہربانی - دیا - لُطف فیض بخشش
ا - توجہ - التفات ؛
عِنایت کرنا - ۔ توجہ کرنا - مہربانی کرنا - احسان کرنا - عطا کرنا ؛
عنایت ہے - ا - محاورہ - مہربانی - نوازش ہے ؛
عِنَب - ع - مذکر - انگور - داکھ - کشمکش ؛
عِنَبُ الثَّعلب - ع - مونث - مکو ؛
عنبر - ع - مذکر - ایک قسم کی خوشبودار چیز - جو موم کی طرح پگل جاتی ہے ؛
عنبرِ اَشہب - ع - مذکر - سیاہ رنگ کا عنبر ؛
عنبرِ خشخاش - ع + ف - مذکر - ایک قسم کا صاف کیا ہوا عنبر ؛
عنبریں - ع - ف - صفت - عنبر میں لبا ہوا - عنبر کے رنگ کا ؛
عِندَالاستفسار یا عِندَالتحقیقات - ع - تابع فعل - پوچھتے یا تحقیق کرتے وقت ؛
عِندَالطَّلَب - ع - تابع فعل - مانگنے کے وقت - مطالبہ کے وقت ؛
عِندَالمُلاقات - ع - تابع فعل - ملاقات کیوقت ؛
عِندَالوُقُوع - ع - تابع فعل - واقع ہونے کے وقت ؛
عَندَلیب - ع - مذکر و مونث - بلبل - ہزار داستان ؛
عِندِیَہ - ا - ارادہ منصوبہ ؛
عِندِیَہ پانا - ۔ منشا معلوم کرنا - رائے پانا ؛
عِندِیَہ لینا یا معلوم کرنا - ۔ رائے لینا - ارادہ دریافت کرنا - بھید معلوم کرنا - دل کی بات دریافت کرنا ؛
عِندِیَہ نہ کھلنا - ا - بھید نہ کھلنا - منشا معلوم نہ ہونا ؛

عُنصُر - ع - مذکر - اصل - بنیاد - اصلی جزو ؛
عنقا - ع - مذکر - راج ہنس - ایک پرندہ جو نام کو ہے - لیکن جسم کو نہیں - سیمرغ ؛
صفت - بے نظیر - نایاب - بے مثال ؛
عَنقا ہونا - ا - نیست ہونا - کم ہونا - گم ہونا - غائب ہونا ؛
عَنقَریب - ع - تابع فعل - پاس - نزدیک - جلد - فوراً - کوئی گھڑی میں - کوئی دن میں ؛
عَنکَبُوت - ع - مونث - مکڑی ؛
عُنوان - ع - مذکر - کتاب کا دیباچہ - سرنامہ - شروع آغاز فصل -
ف - ا - وجہ - سبب - طور - طریقہ - ڈھنگ ؛

ع و

عَوارِض - ع - مذکر - عارضہ کی جمع - بیماریاں ؛
عَواطِف - ع - مونث - عاطفہ کی جمع ؛
عَوام - ع - مذکر - عامہ کی جمع - عام لوگ - رعایا - بازاری آدمی ؛
عَوامُ النّاس - ع - مذکر - عام لوگ - تمام آدمی ؛
عَوامِل - ع - مذکر - جمع عاملہ اور عامل کی عمل کرنے والے - حاکم لوگ - وہ الفاظ جن کے عبارت میں آنے سے ان کے مابعد کی حرکت بدل جاتی ہے -
عَوائِب - ع - مذکر - عیب کی جمع ؛
عُوج بن عُنق یا عُوق - ع - مذکر - ایک بہت لمبے شخص کا نام - محاورہ میں ہر لمبے احمق آدمی کو ظرافتاً عوج بن عنق کہتے ہیں ؛
عَود - ع - مذکر - واپسی - لوٹنا - پھرنا ؛
عَود کرنا - ا - متعدی - لوٹ آنا - واپس آنا - پھر آجانا ؛
عُود - ع - مذکر - ایک قسم کی سیاہ خوشبودار لکڑی - ایک باجے کا نام جسے بربط بھی کہتے ہیں ؛
عُودِ خام - ع + ف - مذکر - عود خالص ؛
عُود سوز - ع + ف - مذکر - عود جلانے کی انگیٹھی ؛

عَوراتْ - ع - مونث - عورت کی جمع ؛
عَورَت - ع - مونث - پردہ - استری - جورو - بیوی ؛
عورت ذات - ا - مونث - عورت کی جنس - عورت کی قسم ؛
عورت کا راج - ا - مذکر - عورت کی حکومت - عورت کے غالب ہونے کا زمانہ - نکھد راج ؛
عورت کی عقل گُدی پیچھے - ا - کہاوت - عورت دیر میں سمجھتی ہے - عورت بیوقوف ہوتی ہے ؛
عِوَض - ع - مذکر - بدلہ - معاوضہ - اجر - تاوان - قائم مقام - ا - سزا - عذاب ؛
عوض لینا - ا - بدلہ لینا - کئے کی سزا دینا ؛
عوض مُعاوِض یا مُعاوضہ - ا - مذکر - ادل بدل - معاوضہ - باہم الٹا پلٹی ؛
عوض معاوضہ گلہ ندارد - ف - کہاوت - ادلے بدلے میں شکایت نہیں ہوتی ؛
عوض میں - ا - تابع فعل - بدلے میں - انتقام میں ؛
عوضانہ - ا - مذکر - عوض - بدلہ - معاوضہ ؛
عوضی - ع - مذکر - قائم مقام - انچارج ؛
عوضی دینا - ا - اپنی جگہ کوئی دوسرا آدمی دیکر آپ رخصت لینا
عوضی کرنا - ا - قائم مقامی کرنا - دوسرے کا کام کرنا
عَون - ع - مذکر - سہائتا - یاری - مدد ؛
عون اللہ - ع - مونث - خدا کی مدد ؛

ع - ہ

عَہد - ع - مذکر - وقت - زمانہ - قول اقرار - قسم - بچن - سلطنت کا زمانہ - سلطنت - ا - پابندی ؛
عہد توڑنا - ا - قول و قرار پر نہ رہنا ؛
عہد ٹوٹنا - ا - اقرار جاتا رہنا - پابندی نہ رہنا ؛
عہد حکومت - ع - مذکر - سلطنت کا زمانہ - راج ؛
عہد شکن - ع - ف - مذکر - اپنے قول و قرار پر نہ رہنے والا ؛
عہد شکنی - ع - ف - مونث - وعدہ خلافی - اقرار کے برخلاف کرنا ؛
عہد کرانا یا لینا - ا - اقرار لینا - قسم کھلانا ؛
عہد کر لینا - ا - شرط باندھ لینا - پکا ارادہ کر لینا - چھوڑ دینا - تیاگ دینا - قول و قرار کر لینا - وعدہ کر لینا ؛
عہد نامہ - ع - ف - مذکر - وہ کاغذ جو قول و قرار کے وثوق کے واسطے لکھا جائے ؛
عہد و پیمان - ع - ف - مذکر - قول و قرار - اقرار مدار ؛
عُہدہ - ع - مذکر - ذمہ - ضمانت - منصب - مرتبہ - افسری ؛
عہدہ برآ ہونا - ا - فرض ادا کرنا - اقرار پورا کرنا ؛
عہدہ برآئی - ا - مونث - تعمیل - کارگزاری - فرض کی ادائیگی ؛
عہدہ پانا - ا - درجہ پانا - افسری حاصل کرنا ؛
عہدہ دار - ع - ف - مذکر - افسر - رتبے والا ؛
عُہُود - ع - مذکر - عہد کی جمع ؛

ع - ی

عِیادت - ع - مونث - بیمار کی مزاج پرسی ؛
عیادت کرنا - ا - بیمار کو پوچھنا - مزاج پرسی کرنا ؛
عیاذاً باللہ - ع - ندا - خدا کی پناہ - میں خدا سے پناہ مانگتا ہوں ؛
عِیار - ع - مذکر - کسوٹی - نمونہ - ف - سونے چاندی تولنے کا کانٹا - حال حقیقت - کھرا کھوٹا پن ؛
عَیّار - ع - مذکر - بہت چلنے پھرنے والا آدمی - صفت - مکار - فریبی - ٹھگ - چالاک - ہوشیار ؛
عیاری - ف - مونث - فریب - دغا - چالاکی - دھوکا بازی
عیاش - ع - صفت - بہت عیش کرنے والا - آنندی - ا - مذکر - بدکار - رنڈی باز ؛
عیاشی - ا - مونث - عیش و عشرت - رنگ رس - بھوگ بلاس
عِیال - ع - مذکر - بیوی بچے - بال بچے ؛
عیال دار - ع - ف - مذکر - بال بچے والا - کنبے والا
عیال داری میں پھنسنا - ا - بال بچوں کے بکھیڑوں

عَلَی الاِطلاق ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بے قید محض ۔ سراسر ۔ بلا شرط

عَلَی الانفراد ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ جداگانہ ۔ الگ الگ

عَلَی التواتر ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ لگاتار ۔ پے در پے ۔ متواتر

عَلَی الحساب ۔ ع ۔ تابع ۔ چلتے ہوئے حساب میں ۔ پیشگی طور پر

عَلَی الحساب دینا ۔ د ۔ بطور قرض دینا پیشگی کے طور پر دینا

عَلَی الخصوص ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ خاص کر خصوصاً

عَلَی الدوام ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ہمیشہ ۔ ہمیشہ کے لئے

عَلَی الصباح ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بہت سویرے ۔ تڑکے ہی

عَلَی العموم ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ عموماً ۔ عام طور پر

عَلَی قدرِ مراتب ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ حسب مرتبہ حیثیت یا مرتبہ کے مطابق

عَلَی ہذا القیاس ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ اسی قیاس پر ۔ اسی طرح

عُلیا ۔ ع ۔ مونث ۔ بہت بلند

علیحدگی ۔ ف ۔ مونث ۔ جدائی ۔ تنہائی

علیحدہ ۔ ع ۔ صفت ۔ جدا ۔ اپنی حد پر ۔
د ۔ علاوہ ۔ سوائے (تابع فعل) الگ الگ تنہائی میں ۔ شرکت سے باہر

علیحدہ کرنا ۔ د ۔ جدا کرنا ۔ موقوف کرنا ۔ چھانٹنا ۔ انتخاب کرنا

علیل ۔ ع ۔ صفت ۔ بیمار ۔ دکھیا ۔ روگی

علیم ۔ ع ۔ صفت ۔ جاننے والا ۔ علم والا ۔ ودیاوان

علیہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ اُس پر ۔ اُس کے اوپر

علیہ الرحمۃ ۔ ع ۔ دعا ۔ اُس پر خدا کی رحمت ہو

علیہ السلام ۔ ع ۔ دعا ۔ اُس پر سلام ہو ۔ اس پر خدا کی مہربانی ہو

علیہم ۔ ع ۔ متعلق فعل ۔ اُن پر ۔ اُن کے اوپر

علیہم السلام ۔ ع ۔ دعا ۔ اُن سب پر خدا تعالےٰ کا درود اور سلام ہو

عِلِّیّین ۔ ع ۔ مونث ۔ بہشت کا نام ۔ آٹھواں آسمان جمع علیہ ۔ جنت کے اونچے اونچے مکان یا کھڑکیاں

ع ۔ م

عَم ۔ ع ۔ مذکر ۔ چچا ۔ باپ کا بھائی

عم زادہ ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ چچا کا بیٹا

عمارت ۔ ع ۔ مونث ۔ آبادی ۔ بستی ۔ مرمت ۔
د ۔ مکان ۔ محل

عماری ۔ ع ۔ مونث ۔ ہاتھی کا ہودج

عُمّال ۔ ع ۔ مذکر ۔ عامل کی جمع ۔ حاکم ۔ کارگذار ۔ تحصیلدار

عمامہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ پگڑی ۔ دستار (بہ تشدید بھی درست ہے)

عَمد ۔ ع ۔ مذکر ۔ ارادہ ۔ نیت

عمداً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ارادتاً ۔ جان بوجھ کر

عمدگی ۔ د ۔ مونث ۔ خوبی ۔ جوہر ۔ وصف ۔ بزرگی

عمدہ ۔ ع ۔ صفت ۔ وہ شخص جس پر بھروسا کیا جائے ۔ مجازاً اچھا ۔ بھلا ۔ خوب ۔
د ۔ امیر ۔ دولتمند ۔ اول درجہ کا ۔ اعلےٰ قسم کا ۔ لذیذ ۔ قیمتی ۔ نیک ۔ خوبصورت

عمدۃ الملک ۔ ع ۔ مذکر ۔ راس اعلےٰ عہدہ داروں کا خطاب جو شاہی زمانہ میں دیا جایا کرتا تھا

عمدہ سے عمدہ ۔ د ۔ تابع فعل ۔ نہایت اچھا ۔ نفیس سے نفیس

عمر ۔ ع ۔ مونث ۔ اوستھا ۔ آیو ۔ عرصہ ۔ مدت ۔ عہد ۔ دور

عمر بسر کرنا ۔ د ۔ عمر کاٹنا ۔ زندگی کے دن پورے کرنا

عمر بیتنا ۔ د ۔ عمر کٹنا ۔ عمر گزارنا

عمر بھر ۔ د ۔ تابع فعل ۔ تمام عمر ۔ زندگی بھر

عمر بھر کی روٹیاں سیدھی کر لینا ۔ د ۔ تمام عمر کے خرچ کے لائق کما لینا

عمر پٹہ ۔ د ۔ مذکر ۔ عمر بھر کا ٹھیکہ ۔ تمام عمر جیتے رہنے کا اقرارنامہ

عُمر تیر کرنا یا ٹیر کرنا - ا- عمر گزارنا - عمر کے دن پورے کرنا ۔

عُمر دراز - ا- دعا - جیتے رہو - مدت تک جینا نصیب ہو ۔

عُمر رسیدہ - ع + ف - صفت - بڑی عمر کا - بوڑھا - تجربہ کار ۔

عُمر طبعی - ع - مونث - وہ عمر جو فطرت کی رو سے قرار دیگئی ہو - اصلی عمر ۔

عُمر قید - ا- مونث - عمر بھر قید - جیتے جی قید ۔

عمر کا پیمانہ بھر جانا یا لبریز ہو جانا - ا- زندگی پوری ہو جانا مرنے کا وقت قریب آجانا ۔

عُمر کاٹنا - ا- عمر گزارنا - جوں توں کر کے دن پورے کرنا -

عُمر کے دن بھرنا - ا- جوں توں کر کے عمر کاٹنا - بے لطفی میں عمر گزارنا ۔

عُمر گزرنا - ا- مدت گزرنا - عرصہ ہونا - عمر کٹنا ۔

عمر نوح - ع - مونث - نوح کی سی بڑی عمر - بہت بڑی عمر ۔

عَمرو - ع (مذکر) تلفظ عَمر - ایک فرضی نام - جیسے زید - بکر خالد ۔

عمرو زید - ع - مذکر - للو جگدر - اَمکا - ڈھمکا ۔

عُمرہ - ع - مذکر - حاجیوں کی ایک خاص عبادت کا نام ۔

عُمق - ع - مذکر - گہرائی - بتھاہ ۔

عَمَل - ع - مذکر - کام کاج - تعمیل - کارروائی - مشق - عادت قاعدہ - استعمال -
ا- اثر - تاثیر - نشہ - حکومت - قبضہ - جادو ۔

عمل پانی - ا- مذکر - نشہ پانی - افیون وغیرہ کو پانی میں گھول کر پینا ۔

عمل پڑھنا - ا- منتر پڑھنا - اسم پڑھنا ۔

عمل چلنا - ا- منتر یا جادو کا کارگر ہونا ۔

عمل دار - ع - ف - مذکر - حاکم - عامل - تحصیلدار ۔

عمل داری - ع - ف - مونث - راج - حکومت - علاقہ - اختیار ۔

عَمل دخل - ا- مذکر - تخت - حکومت - قبضہ ۔

عمل درآمد - ع - ف - مذکر - کارروائی - ضابطہ - تعمیل ۔

عمل درآمد کرنا - ا- کارروائی کرنا - برتاؤ میں لانا ۔

عمل کرنا - ا- برتاؤ میں لانا - اثر کرنا - نشہ پینا - قبضہ کرنا -

عمل ہونا - ا- قبضہ ہونا - نشہ ہونا - کاربند ہونا - وقت ہونا ۔

عَمَلہ - ع - مذکر - عامل کی جمع - اہلکار - کچہری کے لوگ - مکان کا سامان ۔

عملۂ پولس یا فوجداری - ا- مذکر - پولیس کا محکمہ - انتظام اور محافظت کے لوگ ۔

عملہ دخلہ - ا- مذکر - قبضہ - حکومت ۔

عملہ فعلہ - ا- مذکر - کسی دفتر یا محکمہ کے ملازم ۔

عملی - ع - صفت - عمل سے منسوب - ا- نشہ کا عادی ۔

عَمّ - ع - مذکر - چچا - باپ کا بھائی ۔

عَمُود - ع - مذکر - تھم - ستون - ترازو کی موٹھ - وہ خط مستقیم جو دوسرے خط مستقیم پر قائم ہو کر باہم برابر زاویے پیدا کرے ۔

عمود ڈالنا - ا- کسی سیدھے خط پر عمود قائم کرنا ۔

عمود دار - ع - ف - صفت - سیدھا - عمود کی طرح ۔

عُموم - ع - تابع فعل - سب کو گھیرے ہوئے - سب کے لئے - عام ہونا ۔

عموماً - ع - تابع فعل - عام طور پر - اکثر - اکثر دفعہ ۔

عمیم - ع - صفت - پورا - تمام - سب کو گھیرے ہوئے - عام ۔

عمیق - ع - صفت - گہرا - اگم - اتھاہ ۔

ع - ن

عُنّاب - ع - مذکر - ایک میوہ کا نام - ولایتی بیر ۔

عنابی - ع - ف - صفت - عناب سے منسوب - عناب کی مانند سرخ ۔

عِناد - ع - مذکر - لڑائی - سرکشی - ہٹ - ضد - دشمنی - کینہ ۔

ل۔ مشہور معروف۔ بدنام۔ ننگا۔ اونچا کرنا ۔

عَلَم اُٹھنا۔ و۔ محرم کی ساتویں تاریخ کو شہدائے کربلا کی یادگار میں شدّوں کا نکالنا ۔

عَلَم بَردار ع و ف۔ مذکر۔ جھنڈا اٹھانیوالا۔ وہ آدمی جو جنگ
یا عَلَم دار کے موقع پر فوج کا جھنڈا لیکر چلے ۔

عَلَم کرنا۔ ل۔ تلوار کو میان سے نکالنا ۔

عَلَم ہونا۔ ل۔ مشہور ہونا۔ جھنڈے پر چڑھنا۔ بدنام ہونا ۔

عِلم۔ ع۔ مذکر۔ دانائی۔ گیان۔ خبر۔ ہنر۔ فن۔ جوہر ۔ ل۔ جادو۔ منتر۔ عمل ۔

عِلمِ اَخلاق۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس سے آدمی کی عادتیں نیک ہوں ۔

عِلمِ اَدَب۔ ع۔ مذکر۔ معانی اور بیان کا علم۔ صرف و نحو۔ انشا پردازی۔

عِلمُ الیقین۔ ع۔ مذکر۔ کسی بات کا اس کی کیفیت اور ماہیت کے ساتھ بن دیکھے کمال یقین سے جاننا جس میں کسی قسم کا شک و شبہ نہ رہے ۔

عِلمِ انشا۔ ع۔ مذکر۔ جواب مضمون لکھنے کا علم ۔

عِلمِ آواز یا صوت۔ ع و ف۔ مذکر۔ وہ علم جو آوازوں کی طاقت۔ خاصیت۔ اور ظہور کو بتلائے ۔

عِلمِ بلاغت یا معانی۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس میں موقع اور وقت کے لحاظ سے مطالب پر پہنچ کر گفتگو کرنے کا طریقہ سکھایا جائے۔ فصاحت اس کا ایک جزو ہے۔ وہ علم جو معانی بیان کرنے میں خطا اور بد اسلوبی سے بچائے ۔

عِلمِ بیان۔ ع۔ مذکر۔ گفتگو کرنے کا علم۔ علم فصاحت ۔

عِلمِ تشریح۔ ع۔ مذکر۔ جرّاحی کا علم۔ وہ علم جس سے آدمی کے جسم۔ رگ پٹھوں اور تمام اعضا کا حال معلوم ہو ۔

عِلمِ تصوّف۔ ع۔ مذکر۔ معرفت الٰہی کا علم۔ وہ علم جس کے وسیلہ سے دنیا کو حق کا مظہر ثابت کیا جائے ۔

عِلمِ تواریخ یا سِیَر۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس کے وسیلہ سے گذرے ہوئے واقعات کا حال معلوم ہو ۔

عِلمِ جبر و مقابلہ۔ ع۔ مذکر۔ مرکب ہے جبر (زیادتی) اور مقابلہ (کمی) سے۔ وہ علم جس میں عددوں اور مقداروں سے بطور عام بحث کی جائے ۔

عِلمِ جرِّ ثقیل۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس میں بھاری چیزوں کے اوپر لیجانے یا اتارنے کے قاعدے بیان ہوں ۔

عِلمِ جفر۔ ع۔ مذکر۔ ایک علم جس سے غیبی حالات پر واقفیت ہوتی ہے ۔

عِلمِ جمادات یا معدنیات۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس میں کانی اور معدنی اشیا پر بحث کی جائے۔ دھات وِدیا ۔

عِلمِ حدیث۔ وہ علم جس میں رسول مقبولؐ کے افعال و کلام اور برتاؤ سے بحث کی جائے ۔

عِلمِ حساب یا عدد۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس میں اندازہ گنتی اور شمار سکھائے جائیں۔ گنت وِدیا ۔

عِلمِ حکمت۔ ع۔ مذکر۔ علم فلسفہ۔ گیان وِدیا ۔

عِلمِ دین۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس میں مذہب اور ملت کے اصول سے بحث کی جائے۔ دھرم شاستر ۔

عِلمِ رمل۔ ع۔ مذکر۔ ایک مشہور علم جس کی مدد سے غیب کا حال معلوم کیا جاتا ہے ۔

عِلمِ ریاضی۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جو مختلف عددوں، مقداروں اور جسامتوں کے درمیانی تعلق ظاہر کرے ۔

عِلمِ زبان۔ ع و ف۔ وہ علم جس سے کسی زبان کی ماہیت محاورے اصطلاحیں۔ اور لغت معلوم ہوں ۔

عِلمِ طبعی۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس میں اجسام کے تغیر و تبدل کا حال بیان ہو۔ نیچرل فلاسفی ۔

عِلمِ عروض۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس سے اشعار کی بحروں کے وزن معلوم کئے جائیں ۔

عِلمِ غیب۔ ع۔ مذکر۔ وہ علم جس کے سبب سے غیب کی باتیں معلوم ہوں ۔

عِلمِ فقہ۔ ع۔ مذکر۔ شریعت کے احکام کی واقفیت۔ علم دین ۔

عِلمِ فلسفہ۔ ع۔ مذکر۔ گیان ودیا۔ علم حکمت۔ چیزوں کی حقیقت کے جتانے کا علم ۔

علمِ قیافہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جس سے آدمی کے حالات جسمی علامات صورت اور جسمانی ساخت سے معلوم کئے جائیں ؛

علمِ کلام یا عقائد ۔ ع ۔ مذکر ۔ کسی چیز کو دلیلوں اور ثبوتوں سے حق جانکر اپنے دل میں جمانیکا علم ؛

علمِ کیمیا ۔ ع ۔ مذکر ۔ سونا چاندی بنانے کا علم ۔ رسائن وِدیا ۔ وہ علم جس میں اشیا کے اجزا کو جدا کرنے ملا دینے یا ان کے تغیر و تبدل اور خواص کی بابت بحث کی جائے کیمسٹری ؛

علمِ لدنی ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جو کسی کو محض خدا کے فیض سے بے استاد کی مدد کے حاصل ہو ؛

علمِ لغت ۔ ع ۔ مذکر ۔ علم زبان ۔ الفاظ کی تحقیقات کا علم ؛

علمِ مجلس ۔ ع ۔ مذکر ۔ محفل میں اٹھنے بیٹھنے اور گفتگو وغیرہ کرنے کا علم ۔ سبھا ودیا ؛

علمِ مدن یا تمدن ۔ ع ۔ مذکر ۔ شہری انتظام کی واقفیت ۔ راج نیتی ۔ پولیٹکل معاملات کا علم ؛

علمِ مرایا ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جس سے برابر کی سطح کی ہر ایک چیز شیشے کے آلوں سے ہو بہو معلوم کی جائے ؛

علمِ مساحت ۔ ع ۔ مذکر ۔ زمین کی پیمائش کا علم ؛

علمِ مناظر و مرایا ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جس میں روشنی اور شعاع کا اثر ۔ زور اور طاقت شفاف اجسام کے وسیلہ سے ظاہر ہو ؛

علمِ منطق ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جو آدمی کے فکر کو ذہن اور خیالات کی خطاؤں سے محفوظ رکھے ؛

علمِ نجوم ۔ ع ۔ مذکر ۔ جوتش وِدیا ۔ ستاروں کا علم ؛

علمِ ہندسہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جس سے اشیا کی شکلوں اور مقداروں کی واقفیت حاصل ہو ؛

علمِ ہیئت ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جس کے ذریعہ سے آسمانی شکلوں اور مساحت کرۂ ارض کے حالات معلوم ہوں ؛

علما ۔ ع ۔ مذکر ۔ عالم کی جمع ۔ پڑھے لکھے لوگ ؛

علمی ۔ ع ۔ صفت ۔ علم کے متعلق ؛

علمیت ۔ ع ۔ مونث ۔ علم ہونا ۔ علم ۔ ودیا ۔ گیان ؛

علمیت بگھارنا ۔ ا ۔ علم میں شیخی دکھانا ۔ علم جتانا ؛

عُلو ۔ ع ۔ مذکر ۔ اونچائی ۔ بلندی ۔ برتری ؛

عُلو ہمتی ۔ ا ۔ مونث ۔ بلند ہمتی ۔ عالی ہمتی ؛

عُلوفہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ خوراک ۔ کھانا ۔ وظیفہ ۔ روزی ؛

عُلوم ۔ ع ۔ مذکر ۔ علم کی جمع ۔ ودیا ۔ ہنر ۔ فن ؛

عُلومِ جدیدہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جو زمانۂ حال میں ایجاد ہوئے ؛

عُلومِ قدیمہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ علم جو پچھلے زمانہ سے چلے آتے ہیں ؛

عُلومِ متعارفہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ (اقلیدس) وہ مشہور اور صریح باتیں جو عقل کی بنیاد قائم کرنے کے لئے قائم کی جائیں ؛

عُلومِ مشرقی ۔ ع ۔ مذکر ۔ مشرقی ملکوں کے علم ۔ جیسے عربی سنسکرت ؛

عُلومِ مغربی ۔ ع ۔ مذکر ۔ مغربی ملکوں کے علم جیسے انگریزی جرمن ؛

عَلوی ۔ ع ۔ مذکر ۔ حضرت علی کی اولاد ؛

عُلوی ۔ ع ۔ مذکر ۔ فرشتہ ۔ ستارہ ۔ آسمانی ۔ اعلےٰ رتبہ کا

عُلوی عمل ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ عمل جو فرشتوں یا اسمائے الٰہی کے ذریعہ سے کیا جائے ؛

عَلی ۔ ع ۔ مذکر ۔ اونچا ۔ بلند ۔ حق تعالےٰ کا نام ۔ مسلمانوں کے خلیفہ چہارم کا نام ؛

عَلی بند ۔ ا ۔ مذکر ۔ کلائی پر باندھنے کا ایک زیور ۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام ۔ جادو کا اثر رکھنے والا تعویذ ؛

عَلی عَلی ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک فقرہ ہے جو جنگ کے موقع پر حضرت علی سے مدد مانگنے کے واسطے بولتے ہیں ؛

عَلی کی مار ۔ ا ۔ بد دعا ۔ حضرت علی کی پھٹکار ؛

عَلی مدد ۔ ع ۔ مونث ۔ کشتی کے ایک فن کا نام ۔ جواب سلام جو فقیروں کی طرف سے ہوتا ہے ؛

عَلے الاتصال ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ متواتر ۔ لگاتار ؛

عَلے الاجمال ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ مجملاً ۔ مختصر طور پر ؛

میں گرفتار ہونا ۔ خانہ داری کے جھگڑوں میں گھرنا
عیاں ۔ ع ۔ صفت ۔ آنکھوں سے دیکھنا ۔ مراد ظاہر ۔ علانیہ ۔ کھلا ہوا ۔
عیاں کرنا ۔ ا ۔ ظاہر کرنا ۔ کھول دینا ۔
عیب ۔ ع ۔ مذکر ۔ نقص ۔ بُرائی ۔ داغ ۔ دھبا ۔ روگ ۔ کسر ۔ قصور ۔
عیب پوش ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ لوگوں کا عیب چھپانے والا ۔ مذکر ۔ اوپر کی عمدہ پوشاک ۔
عیب پوشی ۔ ع ۔ ف ۔ لوگوں کا عیب چھپانا ۔ چشم پوشی ۔ اغماض
عیب جاننا ۔ ا ۔ بُرا جاننا ۔ بُرا خیال کرنا ۔
عیب جُو یا عیب بین ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ نقص یا یا عیب نکالنے والا ۔
عیب چھپانا ۔ ا ۔ پردہ پوشی کرنا ۔ خطا قصور چھپانا ۔
عیب دار ۔ ف ۔ صفت ۔ عیبی ۔ جس میں کوئی عیب ہو ۔
عیب سے بَری یا پاک ہونا ۔ ا ۔ بے عیب ہونا بے نقص ہونا ۔
عیب گیری کرنا ۔ ا ۔ نقص نکالنا ۔
عیب لگانا ۔ ا ۔ الزام دھرنا ۔ کلنگ لگانا ۔ بدنام کرنا ۔
عیب نکالنا ۔ ا ۔ نقص ظاہر کرنا ۔ برائی نکالنا ۔
عیبی ۔ ا ۔ صفت ۔ داغی ۔ کھوٹا ۔ شریر ۔ بدذات ۔ روگی ۔ مریض ۔
عید ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مسلمانوں کے جشن کا روز ۔ خوشی کا تہوار ۔ ا ۔ نہایت خوشی ۔
عیدالاضحیٰ یا عید قربان ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مسلمانوں کا وہ تہوار جس میں قربانیاں اور حج کرتے ہیں ۔ بقرعید ۔
عیدالفطر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ رمضان کے ختم کی عید ۔
عید کا چاند ۔ ا ۔ مذکر ۔ رمضان کے بعد کا چاند ۔ شوال کا مہینہ ۔ قابل قدر ۔ وہ شخص جسے مدت کے بعد انتظار اور حالت اشتیاق میں دیکھیں
عید کا چاند نکلنا ۔ ا ۔ اُس دوست کا نظر آجانا جس کا مدت سے اشتیاق ہو ۔
عید کا چاند ہو جانا ۔ ا ۔ بہت آرزو اور اشتیاق کے بعد ملنا ۔ بہت کم نظر آنا ۔
عید کے پیچھے ٹَر ۔ ا ۔ کہاوت ۔ برسات کے پیچھے چھوں وقت گزر جانے کے بعد کسی کام کا کرنا ۔
عید کے پیچھے چاند مبارک ۔ ا ۔ کہاوت ۔ موقع نکل جانے کے بعد مبارک باد دینا ۔ بے محل ذکر کرنا ۔
عید کی نماز ۔ ا ۔ مؤنث ۔ وہ دوگانہ جو عید کے دن عید گاہ میں جا کر ادا کیا جائے ۔
عید منانا ۔ ا ۔ خوشی کرنا ۔ عید کا تہوار منانا ۔
عید ہونا یا ہو جانا ۔ کمال خوشی ہونا ۔ مراد حاصل ہونا
عیدی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ عید کا انعام ۔ عید کا خرچ جو بچوں کو دیا جائے ۔ وہ مٹھائی اور نقدی وغیرہ جو عید کے دن سسرال سے آئے یا سسرال میں بھیجی جائے ۔ وہ خوشنما کاغذ جس پہ عید کے اشعار لکھتے ہیں ۔
عیسائی ۔ عبرانی ۔ ف ۔ مذکر ۔ حضرت عیسےٰ کے پیرو ۔ مسیحی ۔
عیسوی ۔ عبرانی ۔ صفت ۔ مسیحی سنہ جو حضرت عیسےٰ کی ولادت کے زمانہ سے شروع ہوا ۔
عیسےٰ ۔ عبرانی ۔ مذکر ۔ گناہ سے بچانے والا ۔ ایک پیغمبر کا نام جنھیں خدا نے بغیر باپ کے حضرت مریم کے پیٹ سے پیدا کیا ۔
عیسےٰ بدین خود موسےٰ بدین خود ۔ ف ۔ کہاوت ۔ ہر ایک شخص اپنے اپنے مذہب سے کام رکھے ۔
عیش ۔ ع ۔ مذکر ۔ عشرت ۔ آرام ۔ چین ۔ سکھ ۔ مزا ۔ لطف ۔ آنند ۔ ا ۔ نفس پرستی ۔ بھوگ بلاس ۔
عیش اُڑانا ۔ ا ۔ مزا اُڑانا ۔ لطف حاصل کرنا ۔ موج مارنا ۔ رنگ رلیاں کرنا ۔ بھوگ ۔ بلاس کرنا ۔

عیش کا بندہ - ا - مذکر - آرام طلب - موجی - عیاش ⁜

عیش محل - ع - مذکر - عیش کرنے کی جگہ - خوابگاہ ⁜

عیش منانا - ا - مزے لوٹنا - رنگ رلیاں کرنا - موج مارنا ⁜

عیش و عشرت - ع - مذکر - چین چان - رنگ رس

عین - ع - مذکر - آنکھ - نین - پانی کا چشمہ - سونا - سردار - ہر چیز کی ذات - حقیقت - سگا بھائی ⁜

عین (ا) صفت - ٹھیک - ہوبہو - درست ⁜

عین المال - ع - مذکر - خاص سرکاری خانہ ⁜

عین الیقین - ع - مذکر - کسی چیز کو خود اپنی آنکھ سے دیکھ کر یقین کرنا - یہ یقین کی دوسری قسم ہے ⁜

عین غین - ا - صفت - قریب قریب مشابہ - ہم شکل - ہم صورت - بھینگا - بھیلی والا - ڈگمگوں ⁜

عین ٹین - ا - تابع فعل - ہوبہو - ویسا ہی -

عین وقت - ا - مذکر - نازک وقت - ٹھیک وقت

عینک - ع - مونث - وہ شیشے کے تال جو آنکھ پر لگاتے ہیں - آنکھ کا چشمہ ⁜

غ

غ - ع - مذکر - اردو الف بے کا پچیسواں حرف ⁜

غ - ا

غار - ع - مذکر - گڑھا - کھڈ - گپھا - ا - گھاؤ - کاری زخم - ف - ایک قسم کی نباتات - جو جلانے سے عمدہ خوشبو دیتی ہے ⁜

غار پڑ جانا - ا - گڑھا پڑ جانا - گھاؤ ہو جانا ⁜

غارت - ع - مونث - لوٹ کھسوٹ - تباہ - برباد ⁜

غارت کا مارا - ا - صفت - تباہ شدہ - خانہ خراب - اجڑا - عورتیں پیاری ہیں - یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں ⁜

غارت کرنا - ا - تباہ کرنا - برباد کرنا - اکارت کھونا - تلف کرنا - فنا کرنا -

غارت گر - ع + ف - مذکر - لٹیرا - قزاق - دھاڑی ⁜

غارتگری - ع، ف - مونث - لوٹ مار - لوٹ کھسوٹ ⁜

غارت ہو - ا - بددعا - اجڑ جائے - فنا ہو جائے - تباہ ہو جائے -

غارت ہونا - ا - تباہ ہونا - اینٹ سے اینٹ بجنا - ضائع ہونا - دنیا سے جاتے رہنا - رخصت ہونا -

غارتی - ا - مونث - دیکھو - غارت کا مارا ⁜

غاریقون - یونانی - مذکر - ایک دست لانے والی دوا کا نام ⁜

غازہ - ف - مذکر - ایک قسم کا خوشبودار سرخ پوڈر - ابٹنا ⁜

غازی - ع - مذکر - کافروں سے لڑنے والا - بہادر - سورما - فتح پانے والا - ف - نٹ - بازیگر ⁜

غازی مرد - ع - ف - مذکر - بہادر آدمی - سوبیر گھوڑے کا خطاب ⁜

غاشیہ - ع - مذکر - وہ کپڑا جو چارجامہ کے اوپر ڈالتے ہیں - پالان ⁜

غاشیہ بردار - ع، ف - مذکر - سائیس - خدمتگار - ملازم

غاشیہ بردوش - ع، ف - صفت - مطیع - فرمانبردار ⁜

غاصب - ع - صفت - جبراً دوسرے کا مال لینے والا ⁜

غافل - ع - صفت - بے خبر - بےفکر - بے پروا - بے سُرت ⁜

غالب - ع - صفت - غلبہ پانے والا - زیادہ - بھاری - اکثر - شکست دینے والا - سر کرنے والا - مرزا اسد اللہ خاں دہلوی مشہور شاعر کا تخلص ⁜

غالب آنا - ا - غلبہ کرنا - جیتنا - سبقت لے جانا ⁜

غالب ہے - ا - محاورہ - یقین ہے - گمان ہے

غالباً - ع - تابع فعل - یقیناً - گمان ہے - شاید

غالیچہ - ت - مذکر - ایک قسم کا گلکاری کیا ہوا فرش - قالین
غائب - ع - صفت - جو موجود نہ ہو - غیر حاضر - چھپا ہوا
ایک طرح کی شطرنج ۔

غائب باز - ع + ت - مذکر - وہ شخص جو بساط کے
سامنے شطرنج نہ کھیلے ۔

غائب غلہ - ا - صفت - بالکل غائب - تلپٹ ۔
غائب کرنا - ا - چھپانا - پوشیدہ کرنا - چرانا ۔
غائب کھیلنا - ا - بے دیکھے شطرنج کی چالیں چلنا ۔
غائب ہونا - ا - پوشیدہ ہونا - چھپنا - چوری جانا -
حاضر نہ ہونا - موجود نہ ہونا ۔

غائبانہ - ع + ف - تابع - غیر حاضری - پیٹھ پیچھے
غائبانی یا غیبانی - ا - مونث - غائبانہ مزے اڑانے
والی عورت ۔

غایت - ع - صفت - نہایت - آخر - انتہا - بے حد -
بہت - بے شمار ۔

غایت درجہ - ا - تابع فعل - آخر کو - اخیر درجے -
انتہا پر ۔

غ ب

غبار - ع - مذکر - گرد - دھول - کدورت - رنج - دشمنی
کینہ - بیزاری - کہر - دھند - دھواں دھار ۔
غبار اٹھنا - ا - آندھی اٹھنا - بگولہ کا بلند ہونا ۔
غبار آلودہ - ع + ف - صفت - گرد میں بھرا ہوا ۔
غبار آنا - ا - کدورت آنا - رنج آنا - میل آنا ۔
غبار خاطر - ع - مذکر - دل کا رنج - دل کا ملال - رنجش ۔
غبار رکھنا - ا - کدورت رکھنا - رنج رکھنا - کینہ رکھنا ۔
غبار نکالنا - ا - کدورت نکالنا - دشمنی کا بدلہ لینا ۔
غبارا - ا - مذکر - ایک قسم کی ہوا میں اڑانے کی آتشبازی
ہوا میں اڑانے کا بون - ایک قسم کا بم کا گولہ ۔
غبغب - ع - مونث - ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت
غبن - ع - مذکر - سپرد کئے ہوئے مال کی چوری - خیانت
غبن کرنا - ا - چرانا - خیانت کرنا ۔
غبی - ع - صفت - کم عقل - کند ذہن - جس کا حافظہ
درست نہ ہو ۔

غ - پ

غپ - ا - مونث - جھوٹی اور شیخی کی بات - گپ - گھڑت ۔
غپ شپ - ا - مونث - بیہودہ بات - ادھر ادھر کی
بات چیت ۔
غپ - ا - مذکر - جلدی سے حلق میں اتر جانے کی آواز ۔
غپا غپ - ا - تابع فعل - متواتر - پے در پے - کثرت سے
غپی - ا - مذکر - جھوٹا - لپاڑیا - شیخی خورا ۔

غ - ت

غتربود کرنا - ا - خلط ملط کرنا - ملا جلا دینا ۔

غ - ٹ

غٹ - ا - مذکر - گروہ - جتھا - نگلنے یا حلق میں اترنے
کی آواز ۔
غٹ غٹ پینا - ا - اس طرح پینا کہ حلق کے اندر
سے آواز نکلے - بغیر گھونٹ لئے پینا
غٹا غٹ - ا - تابع فعل - صراحی سے پانی نکلنے کی آواز
جیسے قلقل کہتے ہیں - متواتر پینے کی آواز ۔
غٹ پٹ - ا - صفت - گتھم گتھا - گلمپ ۔
غٹ پٹ ہونا - ا - گتھم گتھا ہونا - بھڑنا - مل جانا - خلط
ملط ہونا - کشتی ہونا ۔
غٹرغٹر پینا - ا - غٹ غٹ پینا - مزے لے لے کر پینا
غٹرغوں یا غٹغوں - ا - مذکر - کبوتر کے بولنے کی آواز

غ - ث

غثیان - ع - مذکر - متلی - جی متلانا ۔

غ - چ

غچ - ا - مؤنث - تلوار کے گوشت کے اندر گھسنے یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ٭

غچاغچ - ا - مؤنث - تلوار کی لڑائی کی یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ٭

غ - د

غدّار - ع - صفت - بہت غدر کرنے والا - باغی - نمکحرام - وسیع ٭

غُدّہ - ع - مذکر - جلد کے اندر کی گرہ - گلٹی ٭

غَدَر - ع - مذکر - بے وفائی - بغاوت - ہلچل - کھلبلی ٭

غدر کرنا یا مچانا - ا - فساد اٹھانا - ہلڑ مچانا - بغاوت کرنا

غدیر - ع - مذکر - تالاب - جوہڑ - جھیل -

غ - ذ

غذا - ع - مونث - خوراک جس سے بدن کی پرورش ہوتی ہے -

غذائے ثقیل - ع - مونث - وہ خوراک جو دیر میں ہضم ہو ٭

غذائے لطیف - ع - مونث - وہ خوراک جو جلد ہضم ہو - ہلکی خوراک ٭

غ - ر

غُرّا یا غُرّہ - ع - مذکر - گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ایک درم سے زیادہ نہ ہو - چاندرات - اول روز کا چاند - پہلی تاریخ - ناغہ - تعطیل ٭

غرّا بتانا - ا - اخیر چاند کا وعدہ کرنا - پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا - ٹالنا - بہانہ کرنا - صاف جواب دینا ٭

غرّا دینا یا کرنا - ناغہ کرنا - فاقہ کرنا - تعطیل کرنا ٭

غرّا یا غرّہ - ف - مذکر - گھمنڈ - مان - فخر - غرور ٭

غرّا ڈھینا - شیخی جھڑنا - غرور جاتا رہنا ٭

غرّا کرنا - ا - اترانا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا ٭

غرارہ - ف - مذکر - حلق میں پانی ڈال کر کلی کرنا جس سے غرغر کی آواز نکلے - ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ

غَرّاں - ف - صفت - شور کرنے والا - دہاڑنے والا - چنگھاڑنے والا - خونخوار - درندہ - غضبناک ٭

غُرّانا - غصے کی آواز نکالنا - دہاڑنا - چنگھاڑنا ٭

غرائب - ع - مذکر - غریب بمعنی انوکھی کی جمع - عجب چیزیں ٭

غرب - ع - مذکر - سورج ڈوبنا - غروب ہونا - مغرب پچھم ٭

غُربا - ع - مذکر - غریب بمعنی مسافر کی جمع - پردیسی لوگ - غریب - محتاج - کنگال - تہیدست ٭

غِربال - (معرب گربال) مونث - آٹا چھاننے کا برتن چھلنی ٭

غُربت - ع - مونث - مسافرت - غریبی - انکسار - عاجزی

غربی - ع - مؤنث - غرب سے متعلق - مغرب کا - پچھمی ٭

غرض - ع - مذکر - نشانہ - مقصد - مطلب - حاجت - (تابع فعل) قصہ مختصر - حاصل کلام ٭

غرض باؤلی ہوتی ہے - ا - کہاوت - مطلب آدمی کو دیوانہ اور بے وقوف بنا دیتا ہے ٭

غرض آشنا - ا - صفت - غرض کا یار - غرضی - خود مطلبی

غرض رکھنا - ا - مطلب رکھنا - امید رکھنا ٭

غرض کا باؤلا - ا - مذکر - مطلب کا دیوانہ - اپنے کام کا عاشق ٭

غرض کا یار - ا - صفت - دیکھو - (غرض آشنا) ٭

غرض مند - ع + ف - صفت - حاجت رکھنے والا - خواہشمند

غرض نکالنا - مطلب پورا کرنا - کام نکالنا ٭

غرضی - ا - مذکر - غرض والا - لالچی - حاجتمند ٭

غرفہ - ع - مذکر - کوٹھے کے آگے کا کمرہ - اٹاری - کھڑکی -

غرفہ کی بات چیت - ا - مؤنث - خفیہ باتیں - علیحدگی میں

غالیچہ - ف - مذکر - ایک قسم کا گلکاری کیا ہوا فرش - قالین

غائب - ع - صفت - جو موجود نہ ہو - غیر حاضر - چھپا ہوا
ایک طرح کی شطرنج ؛

غائب باز - ع + ف - مذکر - وہ شخص جو بساط کے
سامنے شطرنج نہ کھیلے ؛

غائب غلا - ا - صفت - بالکل غائب - تلپٹ ؛

غائب کرنا - ا - چھپانا - پوشیدہ کرنا - چرانا ؛

غائب کھیلنا - ا - ہ - دیکھے شطرنج کی چالیں چلنا ؛

غائب ہونا - ا - پوشیدہ ہونا - چھپنا - چوری جانا -
حاضر نہ ہونا - موجود نہ ہونا ؛

غائبانہ - ع + ف - تابع - غیر حاضری - پیٹھ پیچھے ؛

غائبانی یا غیبانی - ا - مونث - غائبانہ مزے اڑانے
والی عورت ؛

غایت - ع - صفت - نہایت - آخر - انتہا - بے حد -
بہت - بے شمار ؛

غایت درجہ - ا - تابع فعل - آخر کو - اخیر درجے -
انتہا پر ؛

غ ب

غبار - ع - مذکر - گرد - دھول - کدورت - رنج - دشمنی
کینہ - بیزاری - کہر - دھند - دھواں دھار ؛

غبار اٹھنا - ا - آندھی اٹھنا - بگولہ کا بلند ہونا ؛

غبار آلودہ - ع + ف - صفت - گرد میں بھرا ہوا ؛

غبار آنا - ا - کدورت آنا - رنج آنا - میل آنا ؛

غبار خاطر - ع - مذکر - دل کا رنج - دل کا ملال - رنجش ؛

غبار رکھنا - ا - کدورت رکھنا - رنج رکھنا - کینہ رکھنا ؛

غبار نکالنا - ا - کدورت نکالنا - دشمنی کا بدلہ لینا ؛

غبارا - ا - مذکر - ایک قسم کی ہوا میں اڑانے کی آتشبازی
ہوا میں اڑانیکا بون - ایک قسم کا بم کا گولہ ؛

غبغب - ع - مونث - ٹھوڑی کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت

غبن - ع - مذکر - سپرد کئے ہوئے مال کی چوری - خیانت

غبن کرنا - ا - چرانا - خیانت کرنا ؛

غبی - ع - صفت - کم عقل - کند ذہن - جس کا حافظہ
درست نہ ہو ؛

غ پ

غپ - ا - مونث - جھوٹی اور شیخی کی بات - گھڑت ؛

غپ شپ - ا - مونث - بیہودہ بات - ادھر ادھر کی
بات چیت ؛

غپ - ا - مذکر - جلدی سے حلق میں اتر جانے کی آواز ؛

غپا غپ - ا - تابع فعل - متواتر - پے در پے - کثرت سے

غپی - ا - مذکر - جھوٹا - لپاڑیا - شیخی خورا ؛

غ ت

غتربود کرنا - ا - خلط ملط کرنا - ملا جلا دینا ؛

غ ٹ

غٹ - ا - مذکر - گروہ - جتھا - نگلنے یا حلق میں اترنے
کی آواز ؛

غٹ غٹ پینا - ا - اس طرح پینا کہ حلق کے اندر
سے آواز نکلے - بغیر گھونٹ لئے پینا

غٹا غٹ - ا - تابع فعل - صراحی سے پانی نکلنے کی آواز
جسے قلقل کہتے ہیں - متواتر پینے کی آواز ؛

غٹ پٹ - ا - صفت - گتھم گتھا - گلپ ؛

غٹ پٹ ہونا - ا - گتھم گتھا ہونا - بھڑنا - مل جانا - خلط
ملط ہونا - کشتی ہونا ؛

غٹرغٹر پینا - ا - غٹ غٹ پینا - مزے لے لے کر پینا

غٹرغوں یا غٹغوں - ا - مذکر - کبوتر کے بولنے کی آواز

غ ث

غثیان - ع - مذکر - متلی - جی متلانا ؛

غ ۔ چ

غچ ۔ ا ۔ مؤنث ۔ تلوار کے گوشت کے اندر گھسنے یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔

غچاغچ ۔ ا ۔ مؤنث ۔ تلوار کی لڑائی کی یا کیچڑ میں چلنے کی آواز ۔

غ ۔ د

غدّار ۔ ع ۔ صفت ۔ بہت غدر کرنے والا ۔ باغی ۔ نمکحرام ۔ وسیع ۔

غدود ۔ ع ۔ مذکر ۔ جلد کے اندر کی گرہ ۔ گلٹی ۔

غدر ۔ ع ۔ مذکر ۔ بے وفائی ۔ بغاوت ۔ ہلچل ۔ کھلبلی ۔

غدر کرنا یا مچانا ۔ ا ۔ فساد اٹھانا ۔ ہلڑ مچانا ۔ بغاوت کرنا ۔

غدیر ۔ ع ۔ مذکر ۔ تالاب ۔ جوہڑ ۔ جھیل ۔

غ ۔ ذ

غذا ۔ ع ۔ مونث ۔ خوراک جس سے بدن کی پرورش ہوتی ہے ۔

غذائے ثقیل ۔ ع ۔ مونث ۔ وہ خوراک جو دیر میں ہضم ہو ۔

غذائے لطیف ۔ ع ۔ مونث ۔ وہ خوراک جو جلد ہضم ہو ۔ ہلکی خوراک ۔

غ ۔ ر

غرّہ یا غرّہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی جو ایک درم سے زیادہ نہ ہو ۔ چاند رات ۔ اول روز کا چاند ۔ پہلی تاریخ ۔ ناغہ ۔ تعطیل ۔

غرّہ بتانا ۔ ا ۔ اخیر چاند کا وعدہ کرنا ۔ پہلی تاریخ کا وعدہ کرنا ۔ ٹالنا ۔ بہانہ کرنا ۔ صاف جواب دینا ۔

غرّہ دینا یا کرنا ۔ ناغہ کرنا ۔ فاقہ کرنا ۔ تعطیل کرنا ۔

غرّا یا غرّہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ گھمنڈ ۔ مان ۔ فخر ۔ غرور ۔

غرّا ڈھینا ۔ ا ۔ شیخی جھڑنا ۔ غرور جاتا رہنا ۔

غرّا کرنا ۔ ا ۔ اترانا ۔ غرور کرنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔

غرارہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ حلق میں پانی ڈال کر کلی کرنا جس سے غرغر کی آواز نکلے ۔ ڈھیلے پائنچوں کا پاجامہ

غرّاں ۔ ف ۔ صفت ۔ شور کرنے والا ۔ دہاڑنے والا ۔ چنگھاڑنے والا ۔ خونخوار ۔ درندہ ۔ غضبناک ۔

غرّانا ۔ غصے کی آواز نکالنا ۔ دہاڑنا ۔ چنگھاڑنا ۔

غرائب ۔ ع ۔ مذکر ۔ غریب بمعنی انوکھی کی جمع ۔ عجب چیزیں ۔

غرب ۔ ع ۔ مذکر ۔ سورج ڈوبنا ۔ غروب ہونا ۔ مغرب پچھم ۔

غربا ۔ ع ۔ مذکر ۔ غریب بمعنی مسافر کی جمع ۔ پردیسی لوگ ۔ غریب ۔ محتاج ۔ کنگال ۔ تہی دست ۔

غربال ۔ (معرب گربال) مونث ۔ آٹا چھاننے کا برتن چھلنی ۔

غربت ۔ ع ۔ مونث ۔ مسافرت ۔ غریبی ۔ انکسار ۔ عاجزی

غربی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ غرب سے متعلق ۔ مغرب کا ۔ پچھمی ۔

غرض ۔ ع ۔ مذکر ۔ نشانہ ۔ مقصد ۔ مطلب ۔ حاجت ۔ (تابع فعل) قصہ مختصر ۔ حاصل کلام ۔

غرض باؤلی ہوتی ہے ۔ ا ۔ کہاوت ۔ مطلب آدمی کو دیوانہ اور بے وقوف بنا دیتا ہے ۔

غرض آشنا ۔ ا ۔ صفت ۔ غرض کا یار ۔ غرضی ۔ خود مطلبی

غرض رکھنا ۔ ا ۔ مطلب رکھنا ۔ امید رکھنا ۔

غرض کا باؤلا ۔ ا ۔ مذکر ۔ مطلب کا دیوانہ ۔ اپنے کام کا عاشق ۔

غرض کا یار ۔ ا ۔ صفت ۔ دیکھو ۔ (غرض آشنا) ۔

غرض مند ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ حاجت رکھنے والا ۔ حاجتمند

غرض نکالنا ۔ مطلب پورا کرنا ۔ کام نکالنا ۔

غرضی ۔ ا ۔ مذکر ۔ غرض والا ۔ لاگو ۔ حاجتمند ۔

غرفہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کوٹھے کے آگے کا کمرہ ۔ اٹاری ۔ کھڑکی ۔

غرفے کی بات چیت ۔ ا ۔ مؤنث ۔ خفیہ باتیں جو علیحدگی میں

کی جائیں ؛

غرق - ع - مذکر - ڈوبنا - سر سے پانی گزرنا - (صفت) ڈوبا ہوا - ہ - نشے میں چور - بہت مصروف ؛

غرق ہونا - ا - ڈوبنا - بہت مشغول ہونا ؛

غرقاب - ع + ف - صفت - پانی میں ڈوبا ہوا نشے میں چور - گہرا پانی - بھنور - نہایت مشغول ؛

غرقی - ع - مؤنث - پانی میں ڈوبی ہوئی زمین - اپستی نیچان - لنگوٹی ؛

غروب - ع - مذکر - پوشیدگی - ڈوبنا سورج کا چھپنا

غرور - ع - مذکر - گھمنڈ - فخر - گمان - مان ؛

غرور کرنا - ا - اترانا - فخر کرنا - ناز کرنا ؛

غریب - ع - مذکر - مسافر - پردیسی (صفت) عجیب انوکھا - مسکین - عاجز - کنگال ؛

غریب الوطن - ع - مذکر - مسافر - پردیسی - بے گھر ؛

غریب پرور - ا - صفت - غریب کی پرورش کرنے والا ؛

غریب حرام زادہ - ا - مذکر - وہ شخص جس کی صورت مسکینوں کی سی ہو - اور کام بدذاتوں کے سے ؛

غریب خانہ - ع + ف - مذکر - مسافرخانہ - سرائے - ا - جھونپڑا - غریب کا گھر - اپنے مکان کی نسبت انکسار سے بولتے ہیں) لنگرخانہ ؛

غریب زادہ - ع + ف - مذکر - مسافرزادہ - حرامی - کنیجنی بچہ - کسبی بچہ

غریب غربا - ا - مذکر - محتاج - کنگال - بھوکے ننگے -

غریب نے روزے رکھے دن بڑے آئے - ا - کہاوت - مصیبت میں مصیبت آتی ہے - کنگال کی ہر طرح شامت ہے ؛

غریب نواز - ا - صفت - دیکھو (غریب پرور)

غریبی - ع + ف - مؤنث - مسافری - ناداری - مفلسی عاجزی - محتاجی ؛

غریزی - ع - صفت - اصلی - طبعی - جنمی

غریق - ع - صفت - ڈوبا ہوا - سمایا ہوا - نہایت مصروف

غریق رحمت - ع - صفت - خدا تعالیٰ کی رحمت میں ڈوبا ہوا - مرحوم - مغفور ؛

غ - ز

غزا - ع - مذکر - جہاد - کافروں سے جنگ کرنا ؛

غزال - ع - مذکر - ہرن کا بچہ ؛

غزال چشم - ع + ف - صفت - بڑی بڑی آنکھوں والا

غزل - ع - مونث - عورتوں کے ساتھ بات چیت عورتوں کے عشق کا ذکر - وہ نظم جس میں عاشقانہ مضمون لکھے جائیں ؛

غزل خواں - ع + ف - مذکر - غزل پڑھنے والا ؛

غزل خوانی - ع - ف - مؤنث - غزلوں کا پڑھنا - مشاعرہ ؛

غزل کہنا - ا - غزل بنانا ؛

غ - س

غسال - ع - مذکر - مردوں کو نہلانے والا ؛

غسالہ - ع - مونث - مردہ عورتوں کو نہلانے والی عورت

غسل - ع - مذکر - نہانا دھونا - اشنان ؛

غسل خانہ - ع + ف - مذکر - نہانے کی جگہ - حمام ؛

غسل صحت - ع - مذکر - صحت حاصل کر کے نہانا بیماری سے اٹھکر نہانا ؛

غسل کرنا - ا - نہانا - اشنان کرنا ؛

غسل میت - ع - مذکر - مردہ کا غسل - مردے کو نہلانا ؛

غ - ش

غش - ف - مذکر - بیہوشی - مورچھا - فریفتہ - عاشق

غش آنا - ا - بیہوش ہو جانا - بیخبر ہو جانا ؛

غش کرنا - ا - بیہوش ہونا - مورچھا گت میں آنا - عاشق ہونا ؛

غش کھانا یا کھا گرنا - ا - بیہوش ہونا۔ بیہوش ہو کر گر نا ٭

غَش - ع - صفت - کھوٹا - غیر خالص - ملاؤ کا ٭

غشی - ع - مؤنث - بیہوشی - بیخبر - مورچھا گت ٭

غ-ص

غصب - ع - مذکر - زبردستی لینا - دبا لینا - مار لینا - بد دیانتی ٭

غَصب کرنا - ا - ظلم یا زبردستی سے لینا - کوئی چیز دبا لینا ٭

غُصّہ - ع - مذکر - وہ رنج جس سے گلہ گھٹ جائے ا - خفگی - عتاب ٭

غُصّہ اُتارنا - ا - غصہ نکالنا - ناراض کسی سے ہونا اور اُس کا بدلہ کسی سے لینا ٭

غُصّہ بہت زور تھوڑا مار کھانیکی یہی نشانی - ا - کہاوت - کمزور کا غصہ اُس کی شامت کا موجب ہوتا ہے ٭

غُصّہ پینا یا مارنا - ا - غصّہ ضبط کرنا - جوش روکنا ٭

غصّہ تھوک دینا - ا - غصہ دور کرنا - رنجش دور کرنا - من جانا ٭

غُصّہ چڑھنا - ا - طیش آنا - غضب ہونا ٭

غُصّہ دلانا - ا - بھڑکانا - اکسانا - جفا کرنا - ناراض کرنا

غُصّے سے بھُوت ہو جانا - ا - غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا - غصّے سے لال ہو جانا

غصہ میں بوٹیاں کاٹنا - ا - غصّہ میں آ کر ہم دانتوں سے کاٹنا - نہایت غصہ میں آنا ٭

غُصّہ میں بھر جانا یا لال ہونا - ا - غصّے کے مارے آپے سے باہر ہو جانا - غضبناک ہو جانا ٭

غصہ ناک پر ہونا - بات بات پر غصہ آنا - ذرا ذرا سی بات پر بگڑ جانا ٭

غصہ نکالنا - ا عداوت کا دشمنی نکالنا - بدلہ لینا -

غُضَیل یا غُصیلا - ا - صفت - کرودھی - بدمزاج ٭

غ-ض

غَضَب - ع - مذکر - قہر - غصّہ - کرودھ - ا - آفت - بلا بپتا - لعنت - پھٹکار - ظلم - اندھیر - افسوس - (صفت) نہایت - بہت بڑا - سخت - کٹھن - ناراض - جفا - عجیب - انوکھا - نہایت حسین - نہایت خوبصورت نڈر - دلیر - نہایت بُرا ٭

غَضَب آلُودہ - ا - صفت - غصّہ میں بھرا ہوا -

غَضَبِ اِلٰہی - و - مذکر - خدائی قہر - آسمانی مصیبت ٭

غَضَب آنا - ا - آفت آنا - کمبختی آنا ٭

غَضَب بنی ہے - و - محاورا - بُری بنی ہے - بے ڈھب بنی ہے ٭

غَضَب پڑنا - ا - آفت آنا - خدائی قہر میں گرفتہ ہونا ٭

غَضَب توڑنا - ا - فساد برپا کرنا - آفت ڈھانا ٭

غَضَب ٹوٹنا - ا - آفت آنا - شامت آنا ٭

غَضَب خدا کا - ا - کلمۂ تنفر - نفرت اور تعجب کے موقع پر بولتے ہیں - جیسے غضب خدا کا کوئی ایسا بھی کام کرتا ہے ٭

غضب ڈھانا - ا - نہایت ظلم کرنا - فساد مچانا - کوئی انوکھا کام کرنا ٭

غضب کا بنا ہوا - ا - صفت - آفت کا پرکالا - نہایت مکار ٭

غَضَب کا سامنا - ا - مذکر - فساد اور آفت کا مقابلہ ٭

غَضَب کرنا - ا - ظلم کرنا - آفت برپا کرنا - کوئی نامناسب کام کرنا - کوئی انوکھی بات کرنا - عجیب کام کرنا - اندھیر کرنا - ڈند مچانا ٭

غَضَب کی - ا - صفت - تعریف کے قابل - بیان سے باہر - بیڈھب ٭

غَضَب لانا - و - آفت لانا - مصیبت لانا ٭

غضب میں پڑنا یا گرفتار ہونا یا آجانا - و - آفت میں پڑنا - بپتا میں پھنسنا ٭
غضب نازل ہونا - ا - کوئی آفت یا مصیبت آنا ٭
غضبناک - ع - ف - صفت - غصے میں بھرا ہوا - خفا - تند ٭
غضب ہونا - ا - غصے ہونا خفا ہونا - بھڑکنا کام بگڑنا - نہایت حسین ہونا ٭
غضبین - ا - مونث - بے ڈھب عورت - نہایت چالاک اور ہوشیار عورت ٭
غضبی - ا - مذکر و صفت غصیلے - بد مزاج - ظالم بے ڈھب - ... - دلیر ٭
غضبی خانہ - ا - مذکر بیگمات قلعہ) غصہ - قہر ٭

غ - ف

غف - ا - صفت - موٹا - وہ کپڑا جو خوب ٹھوک کر بُنا گیا ہو ٭
غفار - ع - صفت - نہایت چھپانے اور بخشنے والا ٭ خدا تعالےٰ کا صفاتی نام ٭
غفلت - ع - مؤنث - بے توجہی - بھول چوک - بے پروائی - بے ہوشی - نیند ٭
غفلت کا پردہ پڑ جانا - ا - بے خبر اور مدہوش ہو جانا ٭
غفلت کرنا - ا - خبر نہ لینا - بے پروائی کرنا - بھولنا ٭
غفور - ع - صفت خطا بخشنے والا - خدا تعالےٰ کا صفاتی نام ٭
غفور الرحیم - ع - صفت - بخشنے اور رحم کرنے والا مراد خدا تعالےٰ ٭
غفیر - ع - صفت - بہت - انبوہ - ٹھٹ ٭

غ - ل

غل - ف - مذکر - شور - فریاد - واویلا - دھوم ٭
غل برپا ہونا یا ہونا - ا - شور اٹھنا - ہلڑ مچنا ٭
غل گرنا یا مچانا - ا - چیخنا - چلانا - شور کرنا ٭
غلاظت - ع - مونث - مٹائی - گاڑھا پن - ا - ناپاکی - گندگی ٭
غلاف - ع - مذکر - اوپر کا پردہ - میان - گھر - ا - لحاف گھونگھٹ ٭
غلافی آنکھ - ا - مونث - بھوتری اور جھکی ہوئی آنکھ ٭
غلام - ع - مذکر - چیلا - بردہ - داس - ا - کلمۂ عجز و انکسار - نیاز مند - فدوی - تاش کے ایک پتہ کا نام ٭
غلام بنانا - ا - مطیع بنانا - نوکر بنانا ٭
غلام بے درم یا بے دام - ع - ف - مذکر - بن داموں کا غلام - ادنےٰ غلام ٭
غلام زر خرید - ا - مذکر - دام دے کر لیا ہوا غلام - بردہ ٭
غلام کا غلام - ا - مذکر - غلام کا غلام - لونڈی بچہ - ادنےٰ غلام ٭
غلام کرنا - ا - تابع کرنا - چیلا کرنا ٭
غلام گردش - ع - ف - مونث - حرم سرا اور دیوان کے گرد کی دیوار - برآمدہ ٭
غلام مال - ا - مذکر - وہ چیز جو مدتوں غلام کی طرح کام دے ٭
غلامی - ف - مونث - بندگی - اطاعت - نوکری - قید ٭
غلامی کا خط لکھ دینا - ا - غلام ہو جانے کا عہد و پیمان کرنا ٭
غلامی میں دینا - خدمت میں دینا - ٹہل کرنے کے واسطے میں دینا ٭
غلبہ - ع - مذکر - زبردستی حملہ - زور - زیادتی - فوق - سبقت ٭
غلبہ پانا - فتح پانا - جیتنا - غالب ہونا ٭
غلبۂ رائے - ع - مونث - رائے کی زیادتی - کثرت رائے ٭
غلبہ کرنا - ا - غالب آنا - حملہ کرنا - فتح کرنا ٭
غلط - ع - صفت جو صحیح نہ ہو - ا - جھوٹ - خلاف ٭
غلط العام - ع - مذکر - عام غلطی جسے سب لوگ

استعمال کریں - اور تمام زباندان باالاتفاق اُسے فصیح مان کر محاورے اور شعر و سخن میں لائیں ٭

غَلَطُ العوام - ع - مذکر - وہ غلطی جو جاہل اور بازاری اشخاص اپنی جہالت اور بے علمی کے سبب کرتے ہیں اور ان کی وہ بات قابل سند نہیں سمجھی جاتی -

غلط بردار - ع ، ف - مذکر - کاغذ چھیلنے کا اوزار جس سے غلط حرف کو اُڑا کر صحیح بناتے ہیں ٭

غَلَط ٹھہرانا - ا - غلط ثابت کرنا - جھوٹا قرار دینا ٭

غلط سمجھنا - ا - خلاف سمجھنا - کچھ کا کچھ سمجھنا ٭

غَلَط فہمی - ع - ف - مونث - بھول - خطا - ناسمجھی ٭

غلط نامہ - ا - مذکر - صحت نامہ - غلطیوں کی فہرست ٭

غلطی - ا - مونث - بھول - چوک - خطا - نادرستی - دھوکا

غلطی پڑنا یا غلطی میں پڑنا - ا - بھول پڑنا - چوک ہونا ٭

غلطی کرنا یا کھانا - ا - بھولنا - چوکنا - دھوکا کھانا ٭

غلطان - ف - صفت - لوٹتا ہوا - پیچ کھاتا ہوا (مونث) ایک قسم کی گول چٹائی (مذکر) ایک قسم کا کپڑا - پیٹھن - بستہ - بقچہ ٭

غلطان و پیچان - ف - تابع فعل - پیچ و تاب کھاتا - فکر میں - سوچ بچار میں ٭

غلطہ - ع - مذکر - ایک قسم کا موٹا کپڑا - نیام میان

غلطیاں - ا - مؤنث - غلطی کی جمع ٭

غِلظت - ع - مؤنث - گاڑھاپن - گندگی - ناپاکی ٭

غلغلہ - ت - مذکر - غل - شور - ہلڑ - دھاک ٭

غلک یا غولک - ت - مؤنث - وہ ظرف جس میں بکری اور محصول وغیرہ کی آمدنی ڈالتے رہتے ہیں - غلہ - گلہ ٭

غِلمان - ع - مذکر - غلام کی جمع - نوعمر لڑکے جو اہل جنت کی خدمت کے لئے ہوں گے ٭

غُلو - ع - مذکر - ہجوم - حد سے گزرنا - مبالغہ کی ایک قسم جس میں متکلم کا مدعا حسب عقل و عادت محال ہو ٭

غُلول - ت - مذکر - غلولہ مارنے کی کمان - غلیل ٭

غُلولہ یا گلولہ - ت - مذکر - گولی - غلہ ٭

غُلّہ یا غلیلہ - ا - مذکر - مٹی کی گولی جو غلیل میں رکھ کر چلاتے ہیں ٭

غَلّہ - ع - مذکر - اناج - دانہ دنکا - ا - بکری رکھنے کا صندوقچہ - گلہ - بکری ٭

غَلّہ بھرنا یا ڈالنا - ا - اناج کا ذخیرہ بھرنا - گودام بھرنا

غلہ فروش - ع ، ف - مذکر - بنیا - مودی - اناج بیچنے والا

غلیظ - ع - صفت - گاڑھا - موٹا - گدلا - دھندلا - گندا - میلا ٭

غلیل - ا - مؤنث - کمان جس سے غلیلہ مارتے ہیں

غلیل باز یا غلیل چی - ا - مذکر - وہ شخص جسے غلیل چلانے کی مشق ہو ٭

غُلیل چلانا - چھوڑنا - مارنا یا لگانا - غلہ کا نشانہ مارنا

غُلیلہ - ا - مذکر - غلہ - مٹی کی گولی ٭

غُلیواز - ف - مونث - چیل - ایک مردار کھانے والے پرندے کا نام جو چھ مہینے نر اور چھ مہینے مادہ رہتا ہے ٭

غ - م

غم - ع - مذکر - رنج - دُکھ - درد - ا - سوگ - ماتم - افسوس - فکر - چنتا ٭

غَم خوار یا غم خور - ع - ف - صفت - غم کھانے والا - دُکھ درد کا ساتھی - ا - سمائی کرنے والا - سہارنے والا ٭

غم خواری یا غم خوری - ا - مونث - ہمدردی - دردمندی - تحمل - سمائی - سہار ٭

غَم دیدہ - ع ، ف - صفت - دکھی - مصیبت کا مارا

غم رسیدہ یا غم زدہ - ع ، ف - صفت - دیکھو غم دیدہ

غم غلط - ا - مذکر - وہ چیز جس سے غم ہٹے - دل لگی - سیر - شراب ٭

غم غلط کرنا - ا - دل بہلانا - غم بھلانا ٭

غم کرنا ۔ ۔ و ۔ رنج کرنا ۔ ماتم کرنا ۔ سوگ کرنا ۔ چِنتا کرنا ۔
غم کھانا ۔ و ۔ دُکھ اُٹھانا ۔ کُڑھنا ۔ ہمدردی کرنا ۔
برداشت کرنا ۔ جھیلنا ۔ غصہ ضبط کرنا ۔ درگزر کرنا ۔
غمگُسار ۔ ف ۔ مذکر ۔ غم کھانے والا ۔ ہمدرد ۔
دلی دوست ا ۔ بیمار کی خبرگیری کرنے والا ۔
غمگُساری ۔ ا ۔ مونث ۔ ہمدردی ۔
غمگین ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ دلگیر ۔ دُکھی ۔ دردمند ۔ اُداس
غمگینی ۔ ا ۔ مونث ۔ رنج ۔ اندوہ ۔ اُداسی ۔
غمناک ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ دیکھو (غمگین)
غمّاز ۔ ع ۔ صفت ۔ آنکھ سے اشارہ کرنے والی ۔ آنکھ مارنے والا ۔ چغلخور ۔
غمّازی ۔ ع ۔ مونث ۔ چغل خوری ۔ رمز ۔ بدگوئی ۔
غمزہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ معشوق کا آنکھ یا بھوؤں سے اشارہ
کرنا ۔ سین ۔ رمز ۔ چشمک ۔ ناز ۔ نخرہ ۔
غمزہ جتانا یا دکھانا ۔ (۔ نخرہ دکھانا ۔ ناز دکھانا ۔ ادائیں دکھانا ۔
غمی ۔ ا ۔ مونث ۔ موت ۔ دُکھ ۔ رنج ۔ ماتم ۔ سوگ ۔
غمی ہو جانا ۔ و ۔ موت ہو جانا ۔ سوگ ہو جانا ۔

غ ۔ ن

غِنا ۔ ع ۔ مونث ۔ دولتمندی ۔ بے پروائی ۔ بے نیازی ۔
غِناء ۔ ع ۔ مذکر ۔ نغمہ ۔ راگ ۔ گیت ۔
غُنچہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ بند کلی ۔ بن کھلا پھول ۔ ا ۔ صفت
نہایت آباد ۔ گنجان ۔ (مجازاً) معشوق کا منہ ۔
تنگ منہ ۔ جتھا ۔ ہجوم ۔
غُنچہ چٹکنا یا چٹکنا ۔ و ۔ کلی کا کھلنا ۔ پھول کا کھلنا ۔
غُنچہ دہان یا غنچہ دہن ۔ ف ۔ مذکر ۔ غنچے کے سے منہ
والا مراد معشوق ۔
غُنچۂ ناشگفتہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ بند کلی ۔ بن کھلا پھول
ا ۔ کنواری ۔ کنیا ۔
غُنڈا ۔ ا ۔ مذکر ۔ لچّا ۔ بدمعاش ۔ بدچلن
غُنغنا یا غِنغِنا ۔ ا ۔ مذکر ۔ ناک
میں بولنے والا ۔

غُنغنانا ۔ و ۔ ناک میں بولنا ۔ دل بہلانے کے لئے
دھیمے سروں میں گانا ۔
غُنغُنی یا غِنغِنی ۔ و ۔ مونث ۔ ناک میں بولنے والی
عورت ۔
غُنُودگی ۔ ف ۔ مونث ۔ نیند ۔ اونگھ ۔ خُمار ۔
غُنّہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ناک کی آواز جس کی آواز ناک سے
نکلے ۔
غَنی ۔ ع ۔ صفت ۔ دولتمند ۔ امیر ۔ دھنی ۔ بے پروا ۔
غَنیم ۔ ع ۔ مذکر ۔ لوٹنے والا ۔ لٹیرا ۔ دشمن ۔ بیری ۔
غَنیم چڑھ آنا ۔ و ۔ مذکر ۔ دشمن کا ملک پر چڑھ آنا ۔
غَنیمت ۔ ع ۔ مونث ۔ لوٹ کا مال ۔ وہ مال جو دشمن
کی لڑائی میں سے ہاتھ لگے ۔ و ۔ مفت برابر ۔
مفت کی مانند ۔ قدر کرنے کے لائق ۔ بہتر ۔ عمدہ
مفید ۔
غَنیمت جاننا یا سمجھنا ۔ و ۔ قدر کرنا ۔ عزت کرنا ۔
بہتر جاننا ۔
غَنیمت ہونا ۔ و ۔ مفت برابر ہونا ۔ قدر کرنے کے
قابل ہونا ۔
غَنیمت ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ بہتر ہے ۔ شکر کا مقام
ہے ۔

غ ۔ و

غَوّاص ۔ ع ۔ مذکر ۔ غوطہ لگانے والا ۔ ڈُبکیلا ۔
غَوّاصی ۔ ع ۔ ف ۔ مونث ۔ غوطہ خوری ۔ ڈبکی لگانا ۔
غَوامِض ۔ ع ۔ مذکر ۔ غامِض کی جمع ۔ چھپی ہوئی باتیں ۔
بھید ۔ باریکیاں ۔
غَوث ۔ ع ۔ مذکر ۔ فریاد کو پہنچنے والا ۔ ایک درجے کا
نام جس میں عبادت کے وقت عبادت کرنے
والے کے ہاتھ پاؤں سر جُدا جُدا ہو جاتے ہیں ۔
غَور ۔ ع ۔ مونث ۔ گہراؤ ۔ تہ ۔ ا ۔ فکر ۔ سوچ بچار ۔ خبرگیری
شُدہ

غور پرداخت - ع + ف - مؤنث - خبر گیری - پالن - جپال - پرورش ؛
غور سے دیکھنا - ا - توجہ سے دیکھنا - گہری نظر ڈالنا ؛
غور طلب - ا - تابع فعل - سوچنے بچارنے کے لائق ؛
غور کرنا - ا - فکر کرنا - سوچنا - توجہ کرنا - علاج معالجہ کرنا - خبر گیری کرنا ؛
غور - ف - مذکر - فارس اور غزنی کے درمیان ملک کا نام ؛
غورہ - ف - مذکر - کچے انگور - کبوتروں کا ایک رنگ ؛
غوری - ف - صفت - غور سے منسوب - غور کا رہنے والا -
غوط - ا - مذکر - کنکوے کا اوپر سے نیچے آنا - غشی - بے ہوشی
غوطم چارہ - ا - مذکر - پتنگ بازوں کا باہم صلح سے پتنگ لڑانا ؛
غوطم غاطہ - ا - مذکر - تیراکوں کا ایک دوسرے کو غوطہ دے کر کھیلنا ؛
غوطہ - ع - مذکر - ڈبکی - پانی میں ڈوبنا - چبکی ؛
غوطہ خور - ع + ف - مذکر - ڈبکی لگانے والا - ڈبکیا - ایک پرندے کا نام - چیل کوا ؛
غوطہ دینا - ا - ڈبونا - ڈبکی دینا - تر کرنا - عیسائی بنانا - دھوکا دینا ؛
غوطہ کھانا - ا - ڈوبنا - غرق ہونا - بھولنا - بیچ میں چھوڑ جانا - دھوکہ کھانا ؛
غوطہ مارنا - ا - ڈبکی مارنا - غائب رہنا - فکر کرنا - سوچنا ؛
غوغا - ف - مذکر - غل - شور - ہلڑ - بھیڑ - ہجوم ؛
غوغائی - ا - شور کرنے والا - غل مچانے والا - جھوٹا - احمق - ایک شور مچانے والے پرند کا نام ؛
غوک - ف - مذکر - مینڈک - ڈڈو ؛
غول - ف - مذکر - گروہ - ٹولی - جھنڈ - کان - ف - فوج کا وہ حصہ جس میں بادشاہ یا سپہ سالار رہے - غار - گپھا - حرامزادہ - جوڑوان لڑکے - توام بچے - ع - ایک قسم کا جن جو آدمیوں کو رستہ بھلاتا ہے - چھلاوا - بھوت پریت ؛
غولِ بیاباں - ف - مذکر - چھلاوا - بھوت پریت - جن - شیطان ؛
غوں غاں - ا - دودھ پیتے بچے کی ہوں ہاں ؛

غ - ی

غیاث - ع - مؤنث - فریاد - فریاد سننے والا - انصاف چاہنا
غیب - ع - مذکر - غیر حاضری - پوشیدگی - غائب - پوشیدہ - گپت ؛
غیب داں - ع + ف - مذکر - پوشیدہ حال جاننے والا - خدا تعالےٰ ؛
غیبانی - ا - مؤنث - دیکھو غائبانی ؛
غیبت - ع - مؤنث - پیچھے - غیر حاضری ؛
غیبت - ع - مؤنث - نندا - بدگوئی - پیٹھ پیچھے برائی ؛
غیبت کرنا - ا - نندا کرنا - برائی کرنا - پیٹھ پیچھے برا کہنا ؛
غیر - ع - تابع فعل - سوا - علاوہ - صفت - جدا - الگ دوسرا اور - ا - ان میل - بے میل - برا (مذکر) اجنبی - بیگانہ - ترکیب عدد (بجائے حروف نفی) نہیں - بے - خلاف - جیسے - غیر واقع - غیر مناسب ؛
غیر آباد - ع - ف - صفت - ویران - اجڑ - جہاں آبادی نہ ہو ؛
غیر حاضر - ع - صفت - جو حاضر نہ ہو - غائب ؛
غیر حاضری - ع - مؤنث - ناموجودگی - ناغہ ؛
غیر حالت میں ہو جانا - ا - جان کنی کی نوبت پہنچنا - حال بے حال ہونا - نڈھال ہونا ؛
غیر کی آگ میں جلنا - دوسرے کی مصیبت میں پڑنا
غیر متحد - ع - صفت - جس میں اتحاد نہ ہو -
غیر متعہد - ع - صفت - بلا قول و قرار باہمی عہد و پیمان سے باہر ؛
غیر مستعمل - ع - صفت - جو استعمال میں نہ آئے - کورا - اچھوتا ؛
غیر مشروط - ع - صفت - بلا شرط - جو شرط نہ کیا گیا ہو ؛

غیر معتبر - ع - صفت - بے اعتبار - جس پر بھروسہ نہ ہو ۔
غیر مکمل - ع - صفت - ناتمام - اُدھورا - ناقص ۔
غیر ممکن - ع - صفت - دشوار - مُحال ۔
غیر مُناسِب - ع - صفت - نامناسب - بیجا - ناجائز ۔
غیر منقولہ - ع - صفت - اٹل - قائم - جو ایک جگہ سے دوسری جگہ نہ جا سکے ۔
غیر منکوحہ - ع - صفت - جس سے نکاح نہ ہوا ہو - بن بیاہی -
غیر موروثی - ع - صفت - جو ورثہ میں نہ آئی ہو ۔
غیرت - ع - مؤنث - رشک - حسد - شرم - لاج - اجنبیت
غیرت رکھنا - ا - شرم والا ہونا ۔
غیرت سے مرجانا - ا - شرم سے جان دے دینا - نہایت شرمندہ ہونا ۔
غیرت کرنا - ا - شرم کرنا - حیا کرنا ۔
غیرت کھانا - ا - شرمانا - لجانا - شرمندہ
غیرت مند - ع + ف - صفت - غیرت والا - ناک والا - شرم والا ۔
غیریت - ا - مؤنث - اجنبیت - بیگانگی - دوئی ۔
غیریت برتنا یا رکھنا - ا - دُوئی رکھنا - غیر سمجھنا ۔
غیظ - ع - مذکر - غصہ - کرودھ - قہر ۔
غیظ و غضب - ع - مذکر - قہر و غضب - غصہ - کرودھ ۔
غیں - ا - مؤنث - حالت بیہوشی میں نشہ بازوں کی آواز - اکڑفوں ۔
غیں پیں - ا - مؤنث - اکڑفوں - دنگا فساد - بچوں کے رونے کی آواز ۔
غیں ہونا - ا - نشہ میں مدہوش ہونا - نشہ میں چُور ہونا
غیُور - ع - صفت - بہت غیرت کرنے والا - از حد رشک کرنے والا ۔

ف - ع - مؤنث - اردو - الف - بے - ت کا چھبیسواں [26] حرف

ف - ا

فاتح - ع - مذکر - کھولنے والا - جیتنے والا - شروع کرنیوالا ۔
فاتحہ - ع - مذکر و مؤنث - کھولنے یا فتح کرنیوالی عورت - کسی چیز کا شروع - سورۂ الحمد - مُردے کی رُوح کے واسطے آیات - سورۂ فاتحہ اور درود پڑھنا ۔
فاتحہ پڑھنا - ا - کسی مُردے کو ثواب پہنچانے کے لئے آیات پڑھنا - ہاتھ اُٹھانا - نراس ہونا - آس چھوڑنا ۔
فاتحۂ خیر - ع - مؤنث - مجازاً - نکاح - عقد ۔
فاتحہ دینا - ا - نیاز دینا - مُردے کی رُوح کو سورہ حمد قل اور درود پڑھکر ثواب پہنچانا ۔
فاتحہ نہ درود کھا گئے مردود - ا - کہاوت - کسی چیز کے یونہی ضائع ہونے پر بولتے ہیں -
فاتحہ نہ درود مر گئے مردود - ا - کہاوت - ایسے اولاد کے مرنے پر بولتے ہیں - جس کی شرارتوں اور چالبازیوں سے لوگ ناراض رہتے ہوں ۔
فاجر - ع - مذکر - زناکار - بدکار - بدچلن ۔
فاجرہ - ع - مؤنث - بدکار عورت - فاحشہ - زرینہ ۔
فاحش - ع - صفت - نہایت بدکار - بہت بُرا - وہ بدی جو حد سے گذر جائے - گالیاں بکنے والا - مجازاً شرمناک ۔
فاحشہ - ع - مؤنث - بدکار عورت - بیسوا - پاتر -
فاختہ - ع - مؤنث - ایک قسم کا پرندہ ۔
فاختہ اُڑانا - ا - گلچھرے اُڑانا - عیش منانا - موے ہوئے آدمی کے بدن پر شرارت سے کوئی جلتی ہوئی چیز رکھنا ۔
فاختی - ا - مؤنث - خاکی - خاکستری ۔
فاخر - ع - صفت - فخر کرنیوال - عزت والا - عمدہ ۔
فاخرہ - ع - صفت - عمدہ - قیمتی - بڑھیا ۔
فادزہر - ع - تریاق - زہر مہرہ ۔
فار - ع - مذکر - چوہا - مُوش ۔

فارخطی - ۱ - مؤنث - وہ تحریر جو بے باقی کی بابت رسید کے طور پر لی جاتی ہے - آزادی نامہ - طلاق ٭

فارس - ف - مذکر - ملک ایران ٭

فارس - ع - مذکر - سوار - گھوڑ چڑھا ٭

فارسٹ - انگ - مذکر جنگل - بن ٭

فارسی - ف - مؤنث - ملک ایران کی زبان - پارسی - فارس کا رہنے والا ٭

فارسی بگھارنا - ۱ - فارسی زبان میں فخر کے طور پر گفتگو کرنا - ایسی زبان بولنا جسے دوسرا نہ سمجھے ٭

فارسی بولنا - ۱ - کوئی خاص زبان بولنا - زرگری بولنا ٭

فارسی داں یا فارسی خواں - ۱ - مذکر - فارسی جاننے والا یا فارسی پڑھنے والا ٭

فارسی کی ٹانگ توڑنا - ٹوٹی پھوٹی فارسی بولنا - کچی پکی فارسی بولنا ٭

فارغ - ع - صفت - بے فکر - نچنت - آزاد - بری ٭

فارغ البال - ع - صفت - آسودہ حال - خوشحال - بے فکر - آزاد ٭

فارغ البالی - ۱ - مؤنث - خوشحالی - بے فکری - آسودگی ٭

فارغ الحال - ع - صفت - خوشحال - بے فکر ٭

فارغ خطی - ع - مؤنث - بے باقی کی رسید - دست برداری کی تحریر ٭

فارغ خطی لکھ دینا - ۱ - صفائی کا خط لکھ دینا - حساب بے باق کر کے رسید دے دینا ٭

فارغ خطی لکھوانا - ۱ - صفائی کا خط لکھوانا - زبردستی رسید لینا ٭

فارغ کرنا - ۱ - چھٹکارا دینا - چھٹی دینا - بے باق کرنا - چکانا ٭

فارم - انگ - مذکر - نقشہ - نمونہ - خانہ پری کے لیے چھپا ہوا کاغذ ٭

فاروق - ع - صفت - فرق کرنیوالا - مذکر - حضرت عمرؓ کا لقب - ایک تریاق کا نام ٭

فاروقی - ع - صفت - حضرت عمرؓ فاروق کی اولاد ٭

فازہ - ف - مذکر - جمائی ٭

فاسٹ - انگ - صفت - تیز - آگے ٭

فاسد - ع - صفت - تباہ - برباد - خراب - بگڑا ہوا - شریر - بدمعاش ٭

فاسق - ع - صفت - نافرمان - جھوٹا - ۱ - بدکار - بدچلن - زناکار ٭

فاش - ف - صفت - ظاہر - کھلا - پرگٹ ٭

فاش غلطی کرنا - ۱ - ایسی بھاری غلطی کرنا جسے سب جانتے ہوں - موٹی غلطی کرنا ٭

فاش کرنا - ۱ - کھولنا - ظاہر کرنا ٭

فاش ہونا - ظاہر ہونا - پرگھٹ ہونا ٭

فاصل - ع - صفت - جدا کرنے والا - فرق کرنیوالا ٭

فاصلہ - ع - مذکر - دوری - عرصہ - میدان ٭

فاضل - ع - صفت - زائد - زیادہ - فضول - بڑھا ہوا (مذکر) عالم - دانا ٭

فاضل اجل - ع - مذکر - فاضل بزرگ - بہت بڑا فاضل

فاضل باقی - ع - مؤنث - کم و بیش - کمتی بڑھتی - زائد - باقی ماندہ ٭

فاضل باقی نکالنا - ۱ - وصول شدہ رقم حساب میں جمع کر کے کمی بیشی نکالنا ٭

فاضل نکلنا یا ہونا - ۱ - زیادہ ہونا - دوسرے کا اپنے ذمہ نکلنا ٭

فاطمہ - ع - مؤنث - بچہ کو دودھ نہ پلانے والی عورت - حضرت علیؓ کی زوجہ محترمہ کا نام ٭

فاعل - ع - مذکر کسی کام کا کرنیوالا - کرتا - واردات کرنیوالا - مجرم ٭

فاعل حقیقی - ع - مذکر - اصل بنانے والا - اصلی خالق - خدا تعالےٰ ٭

فاقہ - ع - مذکر - تنگ حالی - غریبی - حاجت - بھوکا رہنا - روزہ - برت ٭

فاقہ زدہ - ا - صفت - بھوک کا مارا - بھوکا - کنگال ؎

فاقہ کرنا - ا - بھوکا رہنا - لنگھن کرنا - نہ ملنے کے باعث بھوکا رہنا

فاقہ کش - ع + ف - مذکر - بھوکا رہنے والا - لنگھن کرنے والا - کنگال ؎

فاقہ کشی - ع + ف - مؤنث - بھوکا رہنا - لنگھن کرنا ؎

فاقہ مست - ع + ف - مذکر - افلاس میں خوش رہنا والا - تنگی میں مگن رہنے والا -

فاقہ مستی - ا - مؤنث - لنگوٹی میں پھاگ - غریبی میں رنگ رلیاں

فاقوں پر فاقے گزرنا یا ہونا - روزہ پر روزہ ہونا - متواتر بھوکا رہنا ؎

فاقوں کا لوٹا یا مارا - و - صفت - وہ شخص جو متواتر فاقوں سے نہایت دُبلا ہو گیا ہے ؎

فال - ع - مؤنث - شگون - غیب کی بات ؎

فال دیکھنا یا کھولنا - ا - کتاب یا پاسہ سے نیک یا بد شگون کا معلوم کرنا ؎

فال گو - ع + ف - مذکر - فال دیکھنے والا - شگون بچارنیوالا ؎

فالِ گوش - ع + ف - مؤنث - راہ چلتے میں آدمیوں کی باتوں پر کان رکھنا - اور اُس سے اپنے مطلب کے موافق آوازِ غیب سمجھ کر شگون لینا ؎

فال نامہ - ع + ف - مذکر - وہ کتاب جس سے شگون بتاتے ہیں ؎

فال نکالنا - ا - شگون معلوم کرنا - منہ سے کوئی بدشگونی کی بات نکالنا ؎

فال نکلنا - و - شگن ہونا - کوئی غیب کی بات معلوم ہونا

فالِ نیک - ع + ف - مؤنث - اچھا شگون ؎

فالتو - و - صفت - حاجت سے زیادہ - ضرورت سے زائد - قُلی - مزدور ؎

فالج - ع - مذکر - ادھرنگ - آدھے جسم کا ڈھیلا پن پڑ جانا ؎

فالج گرنا - و - ادھرنگ کی بیماری ہونا - بدن کا سست اور ڈھیلا پڑ جانا ؎

فالسہ - ف - مذکر - ایک مشہور پھل کا نام ؎

فالسئی - ا - صفت - ایک قسم کا اُودا رنگ ؎

فالودہ - ف - مذکر - پکا اور جما ہوا نشاستہ جو شربت کے ذریعہ سے گرمی میں پیتے ہیں ؎

فالودہ کھاتے دانت ٹوٹے تو بلا سے - ا - کہاوت - اگر آسان کام میں بھی جی گھبرائے تو بلا سے - اگر بھلائی میں بھی بُرائی ہو تو ہوا کرے ؎

فالیز - ف - مؤنث - خربزوں کا کھیت - تربوز کا کھیت

فام - ف - مذکر - رنگ - لون - مانند - نظیر ؎

فانوس - ف - مذکر - ایک قسم کا چراغدان ؎

فانوسِ خیال یا فانوسِ خیالی - ع + ف - مذکر - وہ فانوس جس کے اندر ہاتھی - گھوڑے وغیرہ کا چکر بنا کر لگا دیتے ہیں ؎

فانہ - ف - مذکر - ایک چھوٹی لکڑی جس کے ذریعہ سے لکڑی پھاڑتے ہیں - پچانہ ؎

فانی - ع - صفت - فنا ہونیوالا - مٹنے والا - مرنے والا - نہایت بوڑھا ؎

فائدہ - ع - مذکر - سود - لابھ - منافع - ا - پھل - نتیجہ - گُن - خوبی - پیداوار - غرض - واسطہ - کارآمد ؎ آرام - صحت ؎

فائدہ اُٹھانا - ا - نفع پانا - لابھ پانا - صحت پانا ؎

فائدہ مند - ع + ف - صفت - مفید - سپھل - کارگر ؎

فائر - انگ - مذکر - آگ - توپ یا بندوق کا فیر ؎

فائز - ع - صفت - پہنچنے والا - فتح پانے والا ؎

فائزِ المرام - ع - صفت - فوق رکھنے والا - بلند ہونے والا -

فائق - ع - صفت - فوق رکھنے والا - بلند ہونے والا - اعلےٰ - بڑھا ہوا ؎

فائل - انگ - مذکر - لڑی - قطار - مثل - مسل - فہرست - پنڈل - مٹھا ؎

فائل کرنا - ا - مثقی کرنا - شامل مسل کرنا - تاریں ڈالنا ؎

فائن - انگ - مذکر - جرمانہ - تاوان - صفت - عمدہ - اچھا

ف ۔ ب

فَبِہا ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ بُہت بہتر ۔ بہت خوب ٭

ف ۔ ت

فَتّاح ۔ ع ۔ صفت ۔ کھولنے والا ۔ حکم کرنے والا ۔ خدا تعالیٰ کا نام ٭

فَتّان ۔ ع ۔ صفت ۔ فتنہ اٹھانیوالا ۔ آفت لانیوالا ۔ اکثر معشوق کی آنکھ کی نسبت اشعار میں آتا ہے ٭

فَتح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کھولنا ۔ جیت ۔ جے (مذکر) حروف کی ایک حرکت کا نام جسے زبر کہتے ہیں ٭

فتح بولنا ۔ ا ۔ مراد حاصل کرنا ۔ سلام کہنا ۔ ختم ہو جانا ٭

فتح پانا ۔ ا ۔ ظفریاب ہونا ۔ جیتنا ٭

فتح پیچ ۔ ا ۔ مذکر ۔ عورتوں کے بالوں کی ایک قسم کی گندھاوٹ ۔ پگڑی باندھنے کا ایک خاص ڈھنگ ۔ ایک قسم کا حقہ کا نیچہ ٭

فتح خاں ۔ ا ۔ مذکر ۔ رستم خاں ۔ تیس مار خاں ۔ بہادر ۔ جوانمرد ٭

فتح کا ڈنکا یا نقارہ بجانا ۔ ا ۔ جیتنے کی خوشی میں نقارے بجانا ۔ جیت کا اعلان کرنا ٭

فتح مند ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ غالب ۔ جیتنے والا ٭

فتح نامہ ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ وہ تحریر جو کسی فتح کی خوشی میں لکھی جائے ۔

فتح ہونا ۔ ا ۔ جیت ہونا ۔ جے ہونا ٭

فَتحہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ حروف کی ایک حرکت کا نام ۔ زبر ٭

فتحیاب ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ دیکھو (فتح مند) ٭

فتحیابی ۔ ع + ف ۔ مؤنث ۔ جیت ۔ غلبہ ۔ بجے کار ٭

فِتراک ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ چمڑے کے تسمے جو زین کے ساتھ شکار یا ضروری سامان باندھنے کے لئے لگے ہوئے ہوتے ہیں ٭

فَتق ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک مرض کا نام ٭

فِتنہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ دیوانگی ۔ عذاب ۔ ہنگامہ ۔ جھگڑا ۔ آفت ۔ عاشق ۔ معشوق ۔ و ۔ ایک قسم کے عطر کا نام ۔ ایک پھول کا نام (صفت) نہایت شریر ۔ غضب کا شوخ ٭

فتنہ اُٹھانا ۔ ا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ فساد ڈالنا ۔ ہلچل مچانا ٭

فتنہ اُٹھنا ۔ ا ۔ قیامت برپا ہونا ۔ دنگا ہونا ۔ فساد ہونا

فتنہ انگیز یا فتنہ پرداز ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ فسادی جھگڑالو ۔ آگ لگاؤ ٭

فِتنۂ جہاں یا فتنۂ عالم ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ دنیا میں حشر برپا کرنے والا (مجازاً) معشوق ٭

فتنۂ خوابیدہ ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ سویا ہوا فتنہ ۔ سوتی راڑ ٭

فتنہ زا ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ آفت اُٹھانیوالا ۔ فتور برپا کرنے والا ٭

فتنی ۔ و ۔ مؤنث ۔ فتنہ اُٹھانیوالی عورت ۔ چالاک عورت ۔ جھگڑالو عورت ٭

فُتُوح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ جمع فتح کی ۔ کشائش ۔ فتحیں ۔ کشادگیاں ۔ مفت کی آمدنی ٭

فُتُوحات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ فتوح کی جمع اور فتح کی جمع الجمع ٭

فَتُوحی ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی جاکٹ ۔ کرتی ٭

فتور ۔ ع ۔ مذکر ۔ سستی ۔ خرابی ۔ خلل ۔ ا ۔ فتنہ فساد ۔ ہنگامہ ٭

فتور آنا ۔ ا ۔ خرابی پیدا ہونا ۔ خلل آنا ۔ نقص نکلنا ٭

فتور اُٹھانا ۔ برپا کرنا یا کرانا ۔ ا ۔ فساد اُٹھانا ۔ ہنگامہ برپا کرنا ۔ فتنہ اُٹھانا ٭

فتور ڈالنا ۔ ا ۔ خلل ڈالنا ۔ نقص پیدا کرنا ۔ جھگڑا نکالنا ٭

فتورِ عقل ۔ ع ۔ مذکر ۔ عقل کی کمزوری ۔ سترا بہترا پن ٭

فتورِ ہضم ۔ ا ۔ مذکر ۔ بدہضمی ۔ اجیرن ٭

فتوری ۔ ا ۔ صفت ۔ فسادی ۔ جھگڑالو ۔ لڑاکا ٭

فتوریا ۔ و ۔ مذکر ۔ فسادی ۔ آگ لگاؤ ۔
فتویٰ ۔ ع ۔ مذکر ۔ شرع کا حکم ۔ شرعی فیصلہ ۔
فتویٰ دینا ۔ و ۔ شرعی حکم لگانا ۔ مفتی یا پنچایت کا قانونِ
مذہب کے مطابق حکم دینا ۔
فتیل سوز ۔ ع و ف ۔ مذکر ۔ دیوٹ ۔ شمعدان ۔
فتیلہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ فلیتہ ۔ پلیتہ ۔ بٹی ہوئی بتی ۔

ف ۔ ٹ

فُٹ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ پاؤں ۔ قدم ۔ بارہ انچ کا پیمانہ ۔
فٹر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ جوڑنے والا ۔ ہر پرزے کو اس کی
جگہ پر لگانے والا ۔ مستری ۔
فیشن ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی چابیوں کی گچھی ۔

ف ۔ ج

فجر ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نور کا تڑکا ۔ آخیر شب کی سفیدی
صبح ۔
فجر ہونا ۔ و ۔ صبح ہونا ۔ آنکھیں کھلنا ۔ غفلت دور ہونا ۔
فجور ۔ ع ۔ مذکر ۔ گناہ ۔ جرم ۔ زنا ۔ بدکاری ۔ بدچلنی ۔

ف ۔ ح

فحش ۔ ع ۔ مذکر ۔ بدی کا حد سے گزرنا ۔ گالی ۔ قابل
شرم بات ۔ ننگ پن ۔
فحش بکنا ۔ ا ۔ گالیاں دینا ۔ گندی باتیں کرنا ۔
فحواء ۔ ع ۔ مذکر ۔ مضمون ۔ بات ۔ مطلب ۔ ا ۔ طرز ۔
ڈھنگ ۔ اندازہ ۔

ف ۔ خ

فخر ۔ ع ۔ مذکر ۔ ناز ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔ بزرگی ۔ ہنر ۔ جوہر ۔
فخر جاننا یا سمجھنا ۔ ا ۔ عزت سمجھنا ۔ بزرگی یا خوبی خیال کرنا ۔
فخرِ خاندان ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ شخص جس کے
باعث خاندان کو بزرگی اور عزت حاصل ہو ۔

فخر کرنا ۔ و ۔ اترانا ۔ ناز کرنا ۔ شیخی کرنا ۔ بڑائی مارنا ۔
فخریہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ناز کے طور پر ۔ فخر کی رو سے

ف ۔ د

فدا ۔ ع ۔ صفت ۔ دوسرے کے عوض جان دینے والا ۔
(مذکر) ۔ صدقہ ۔ نچھاور ۔ بھینٹ ۔ عاشق ۔ فریفتہ ۔
فدا کرنا ۔ و ۔ قربان کرنا ۔ وارنا ۔ نچھاور کرنا ۔
فدا ہونا ۔ و ۔ قربان ہونا ۔ واری جانا ۔ بلہاری
جانا ۔ عاشق ہونا ۔
فدائی ۔ ع ۔ مذکر ۔ سر فدا کرنیوالا ۔ جانباز ۔ عاشق ۔
فدوی ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ سر بیچنے والا ۔ قربان ہونیوالا
(مذکر) نوکر ۔ ملازم ۔
فدیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ روپیہ جس سے قیدی کو خریدا
جائے ۔ ڈنڈ ۔ جرمانہ ۔ وہ ٹیکس جو بادشاہ کی طرف سے
غیر مذہب کے لوگوں سے لیا جائے ۔ خوں بہا ۔ دیت ۔

ف ۔ ر

فر ۔ ف ۔ مذکر ۔ آرایش ۔ بھڑک ۔ شان ۔ شوکت ۔ نور ۔
روشنی ۔ رعب ۔ دبدبہ ۔
فرات ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک دریا کا نام ۔
فراٹا ۔ ا ۔ مذکر ۔ کسی چیز کے اڑتے یا ہوا کے تھامے چلنے
کی آواز ۔ جلدی پڑھنا بولنا یا ورق الٹنا ۔ ہوا کا سناٹا ۔
فراٹے بھرنا یا لینا ۔ ا ۔ جلدی جلدی پڑھنا یا سنانا ۔
خوب دوڑنا ۔ نہایت تیزی سے دوڑنا ۔ جھنڈے
یا پھریرے کا ہوا میں لہرانا ۔
فراخ ۔ ف ۔ صفت ۔ چوڑا ۔ کھلا ۔ لمبا چوڑا ۔ وسیع ۔
بڑا اونچا ۔ بلند ۔
فراخ پیشانی ۔ و ۔ صفت ۔ چوڑی پیشانی کا ۔ بخت
جاگتے والا ۔
فراخ حوصلہ ۔ ا ۔ صفت ۔ بڑے حوصلے والا ۔
بلند ہمت والا ۔

فراخی - ف - مؤنث - چوڑائی - پھیلاؤ - خوش حالی - فراغت - آسودگی - گھوڑے کا تنگ ؛

فُرادیٰ - ع - صفت - فرد کی جمع - اکیلے - تنہا - ایک ایک -

فرّار - ع - صفت - بہت بھاگنے والا - چالاک ؛

فرار - ع - مذکر - بھاگنا - بھاگ جانا ؛

فرار ہونا - ا - بھاگنا - رفو چکر ہونا - چھپ جانا ؛

فراری - ع + ف - صفت - بھاگ جانے والا - بھگوڑا - ا - وہ مجرم جو گرفتاری کے خوف سے بھاگ جائے - وہ زمیندار جو زمین چھوڑ کر بھاگ جائے ؛

فراسَت - ع - مؤنث - دانائی - تیز فہمی - سمجھ - قیافہ شناسی - کسی شخص کی صورت دیکھ کر سیرت معلوم کر لینا -

فرّاش - ع - مذکر - فرش بچھانے والا - جھاڑو دینے والا - خیمہ گاڑنے والا - ایک درخت کا نام ؛

فرّاش خانہ - ع + ف - مذکر - توشک خانہ - توشہ خانہ ؛

فرّاشی - ع + ف - مؤنث - فراش کا کام - فرش فروش بچھانا ؛

فرّاشی پنکھا - ا - مذکر - چھت میں لگانے کا دستی یا بڑا پنکھا ؛

فرّاشی سلام - ا - مذکر - وہ سلام جس کے جھکنے میں فرش تک سر لے جانا پڑے ؛

فراغ - ع - مذکر - فرصت - مہلت - نجات - آرام - سکھ - خوشحالی - ا - بہتات - اطمینان ؛

فراغ خاطر یا دل - ع + ف - مذکر - دلجمعی - اطمینان - بےفکری

فراغت - ع - مؤنث - فرصت - مہلت - چھٹکارا - بےفکری - آرام - بہتات - ا - پاخانہ - ٹٹی ؛

فراغت پانا - ا - فرصت پانا - چھٹکارا پانا - خالی ہونا - نپٹنا - جھگڑا چکانا ؛

فراغت سے بیٹھنا - ا - نچنت اور بے فکر ہونا - آرام سے بیٹھنا ؛

فراغت کرنا - ا - چھٹکارا پانا - فرصت پانا - پاخانہ پھرنا ؛

فراغت ہونا - ا - فارغ ہونا - چھٹکارا پانا ؛

فراق - ع - مذکر - جدائی - ہجر - علیحدگی - ا - فکر - چنتا ؛

خیال ؛

فراموش - ف - صفت - بھولا ہوا - یاد سے اترا ہوا - مؤنث - بھول - چوک - خطا - ا - ایک کھیل کا نام ؛

فراموش کار - ف - مذکر - وہ شخص جو اپنے کام میں بھول جائے - بھلکڑ ؛

فراموش کاری - ف - مؤنث - فراموشی - بھول ؛

فراموش کرنا - ا - بھولنا - بسارنا - چت سے اتارنا ؛

فراموشی - ف - مؤنث - بھول - چوک - خطا ؛

فرامین - ع - مذکر - فرمان کی جمع ؛

فرانس - انگ - مذکر - یورپ کے ایک ملک کا نام ؛

فرانسیس - ا - مذکر - فرانس کا باشندہ ؛

فرانسیسی - ا - مذکر - فرانس کا باشندہ - مؤنث - ملک فرانس کی زبان ؛

فراوان - ف - صفت - بہت - زیادہ - وافر ؛

فراوانی - ف - مؤنث - کثرت - بہتات - زیادتی ؛

فراہم - ف - تابع فعل - اکٹھا - جمع - سارا - سب ؛

فراہمی - ف - مؤنث - جمعیت - سنگرہ ؛

فرائض - ع - مذکر - فریضہ کی جمع - وہ کام جن کا کرنا ضروری ہو - لازمی کام - میراث کے علم کا نام ؛

فربہ - ف - صفت - موٹا - تنومند - سنڈ مسنڈ ؛

فربہ اندام - ف - صفت - موٹا - موٹے جسم کا ؛

فربہی - ف - مؤنث - مٹاپا - جسامت - موٹاپا - تیاری ؛

فرتوت - ف - صفت - بہت بوڑھا - ڈوکرا - نکما - سترا بہترا - بے عقل ؛

فرج - ع - مؤنث - دو چیزوں کے بیچ کی کشادگی - دراڑ - شگاف - عورت کا اندام نہانی ؛

فرجام - ف - مذکر - انجام - انتہا - انت - خاتمہ ؛

فرح - ع - مؤنث - خوشی - شادمانی - فرحت - شادی ؛

فرحان - ف - صفت - شاداں - خوش - مگن ؛

فرحت - ع - مؤنث - خوشی - شادمانی - شادی ؛

فرحت افزا - ع + ف - صفت - خوشی - بڑھانے والا ؛

فرحت بخش - ع - ف - صفت - خوشی بخشنے والا ۔
فرخ - ف - صفت - مبارک - سبھ - خوبصورت چہرے والا ۔
فرخ تبار - ف - صفت - اچھے گھرانے کا - اعلے خاندان کا ۔
فرخندہ - ف - صفت - مبارک - سبھ ۔
فرخندہ بخت یا طالع - ع + ف - صفت - خوش نصیب خوش قسمت - بھاگوان ۔
فرد - ع - مؤنث - واحد - ایک ایک شعر - حساب کی فہرست - (۱) رضائی کا ابرہ - ایک آدمی - ایک خوش آواز پرندے کا نام - (صفت) اکا - تنہا - اکیلا -
فرد باطل - ع - صفت - نکما اور بیکار - فرد ۔
فرد بشر - ع - مذکر - واحد شخص - ایک آدمی ۔
فرد فرد - ع - تابع فعل - ایک ایک - الگ الگ - ہر ایک
فردا - ف - تابع فعل - کل - دوسرا روز - (مونث) قیامت کا دن ۔
فردا فردا - ع - تابع فعل - ایک ایک جدا جدا ۔
فردوس - ع - مذکر - باغ - گلزار - جنت - بہشت - سُرگ ۔
فردوس مکانی - ع + ف - مذکر - وہ مردہ شخص جس کا گھر فردوس میں ہو - بابر بادشاہ کا لقب ۔
فردوس منزلت - ع - مذکر - جنت میں رہنے والا - مرحوم ۔
فردوسی - ع + ف - مذکر - مشہور فارسی شاعر ابوالقاسم منصور طوسی کا تخلص ۔
فرزانگی - ف - مؤنث - عقل - دانائی - سمجھ - حکمت - فلسفہ - گُن - خوبی - لیاقت ۔
فرزانہ - ف - صفت - دانا - عقلمند - چتر - سیانا - گیانی ۔
فرزند - ف - مذکر - پوت - بیٹا - اولاد ۔
فرزند ارجمند - ف - مذکر - لائق بیٹا - ہونہار بیٹا - سپوت ۔
فرزند بنانا - گود لینا - متبنیٰ بنانا ۔
فرزند خلف - ع + ف - مذکر - اپنے باپ کا پیرو بیٹا - نیک لڑکا ۔

فرزند ناخلف - ع + ف - مذکر - وہ لڑکا جو باپ کے قدموں پر نہ چلے - نالائق لڑکا ۔
فرزندی - ف - مؤنث - باپ بیٹے کا رشتہ - پتر تا ۔
فرزندی میں لینا - (و) گود لینا - بیٹا بنانا - داماد بنانا
فرزین - ف - مذکر - دانا - ہوشیار - شطرنج کا وزیر ۔
فرزین بنانا - (و) شطرنج میں پیادہ کو وزیر کے درجہ تک پہنچانا ۔
فرزین بند - ف - مذکر - جب فرزین حریف کے مہرے کو آگے نہ بڑھنے دے - تو اسے فرزین بند کہتے ہیں ۔
فرس - ع - مذکر - گھوڑا - ترنگ - شطرنج کا وہ مہرہ جو ڈھائی گھر چلتا ہے ۔
فرستادہ - ف - مذکر - بھیجا ہوا - قاصد - ایلچی ۔
فرسٹ - انگ - صفت - اگلا - پہلا - اول ۔
فرسخ - معرب فرسنگ - مذکر - کوس - تین میل کا فاصلہ - لیگ ۔
فرسنگ - ف - مذکر - دیکھو - (فرسخ) ۔
فرسودہ - ف - صفت - گھسا ہوا - پرانا - گیا گزرا - تھکا ماندہ ۔
فرسودہ حال - ف + ع - صفت - خستہ حال - تباہ حال
فرّسے - (ا) - تابع فعل - پھُر سے - جلدی سے - جھٹ سے - اُڑنے کی آواز جو فر فر کی مانند ہوتی ہے ۔
فرّسے اترنا - (و) کسی اُڑتے ہوئے جانور کا جلدی سے زمین پر آنا - جھٹ سے اُترنا ۔
فرش - ع - مذکر - بچھونا - دری - غالیچہ - قالین - (مجازاً) زمین - زمین کی سطح - دھرتی - (ا) چونے سے پکی کی ہوئی زمین ۔
فرش فروش - (ا) - مذکر - استر - بستر - بچھونا - ہر قسم کا فرش
فرش کرنا - (و) - بستر بچھانا - چونے اور اینٹوں سے فرش بنانا - مار کر بچھا دینا ۔
فرشتگان - ف - مذکر - فرشتہ کی جمع ۔
فرشتوں کو خبر نہ ہونا یا فرشتوں کا واقف نہ ہونا

ا - لازم - بالکل بے خبر ہونا - محض ناواقف ہونا ☆

فرشتوں کے پر جلنا - ۱ - کسی جگہ تک جانے کی مجال نہ ہونا - جلال یا خوف کے باعث جانے کی تاب نہ ہونا - حوصلہ نہ پڑنا ☆

فرشتوں کی نہ سُننا - ا - بڑوں کو خاطر میں نہ لانا - نہایت سرکش ہونا ☆

فرشتوں میں ملنا - ۱ - معصوم بچوں یا پاک آدمیوں کا مرکر فرشتوں کا درجہ پانا ☆

فرشتہ - ف - مذکر - بھیجا ہوا - قاصد - پیغمبر - خدا کا نورانی قاصد - دُوت - دیوتا ☆

فرشتہ پَر نہیں مارتا - (ا - محاورہ - کوئی غیر اور اجنبی کسی طرح نہیں جاسکتا - نہایت روک ٹوک ہے

فرشتہ خاں - ۱ - مذکر - نہایت زبردست آدمی - رستم خاں - تیس مار خاں ☆

فرشتہ خُو یا فرشتہ خصلت یا صفت - ف - ع - صفت - فرشتہ کی سی خصلت والا - نہایت سچا - بھولا - بھالا - پرہیزگار - پاک ☆

فرشتہ خواں - ۱ - مذکر - وہ شخص جو فرشتہ کو تسخیر کرنے یا بلانے کی قدرت رکھتا ہو ☆

فرشتہ کا دخل نہ ہونا - ا - کسی کی بھی رسائی نہ ہونا - بہت حفاظت ہونا ☆

فرشتے - ا - مذکر - فرشتہ کی جمع ☆

فرشتے کا کسی کے گھر کو دیکھ لینا - ۱ - موت کے فرشتہ کا گھر دیکھ جانا - بُرا رستہ پڑ جانا - موت کا گھر دیکھ لینا

فرشتے نظر آنا یا دکھائی دینا - ا - موت کا نظر آنا - جم دکھائی دینا - مرنے کا وقت قریب آنا ☆

فرشی - ع + ف - صفت - فرش سے متعلق ☆

فرشی جوتا - ا - مذکر - فرش پر پہننے کا جوتا - سلیپر ☆

فرشی سلام - ۱ - مذکر - نہایت جھک کر سلام کرنا ☆

فرصت - ع - مؤنث - باری - نوبت - دار - موقع - محل - چھٹکارا - مہلت - غنیمت - مفت - برابر ☆

فرصت پانا - ۱ - موقع پانا - چھٹکارا پانا - چھٹی ملنا - برخاست ہونا - موقوف دینا ☆

فرصت دینا - ا - مہلت دینا - وقت دینا - رخصت ہونا - برخاست کرنا ☆

فرض - ع - مذکر - اندازہ - خدا کا حکم - شرعی حکم - ضروری امر - ڈیوٹی - ا - جوابدہی - ذمہ واری - مانا ہوا - تسلیم کیا ہوا ☆

فرض ادا کرنا - ۱ - خدا کا حکم بجا لانا - خدمت ادا کرنا - ڈیوٹی پوری کرنا ☆

فرض پڑھنا - ا - لازم اور واجب رکعتوں کو ادا کرنا - نماز پڑھنا ☆

فرضِ عین - ع - مذکر - ہر شخص کا ذاتی فرض ☆

فرض کرنا - ا - ماننا - جاننا - خیال کرنا - کسی بات کو بلا ثبوت ماننا ☆

فرضِ کفایہ - ع - مذکر - وہ فرض جو کسی ایک شخص کے ادا کرنے سے اور لوگوں کے سر سے اتر جائے ☆

فرضِ مُحال - ۱ - صفت - ایک ناممکن بات کو ممکن فرض کر لینا ☆

فرض ہونا یا ہو جانا - ا - واجب ہونا - لازم ہونا - ذمہ ہونا ☆

فرضاً - ا - تابع فعل - بالفرض - مانا کہ ☆

فرضی - ع + ف - صفت - ضروری - لازمی - قیاسی - خیالی - نقلی - نام کو - برائے نام ☆

فرط - ع - مؤنث - زیادتی - کثرت - بہتات - غلبہ ☆

فرع - ع - مؤنث - شاخ - ٹہنی - وہ دینی مسئلہ جس کا عمل سے تعلق ہو ☆

فرعون - ع - مؤنث - مگرمچھ - گھڑیال - مصر کا مشہور بادشاہ جو خدائی کا دعوے کرتا تھا - ظالم - جابر - مغرور - گھمنڈی - نافرمان - باغی ☆

فرعون بے سامان - ۱ - صفت - وہ شخص جو مقدرت نہ ہونے پر بھی اترائے - گھمنڈی - ظالم - بدذات ☆

فرعونی - ا - مؤنث - سرکشی - بدذاتی - شرارت ۔۔

فرغل - ع - مؤنث - روئی بھرا ہوا چغہ - ایک جاڑے کا لباس ۔

فر فر - ا - تابع فعل - جلد جلد - پھرتی سے ۔

فر فر اڑانا - ا - جلد جلد کاٹنا - جلد جلد پڑھ کر ختم کرنا ۔

فر فر باتیں کرنا - ا - جلدی جلدی باتیں کرنا ۔

فر فر پڑھنا - ا - جلدی جلدی پڑھنا - بے اٹکے پڑھنا ۔

فر فر یاد ہونا - ا - از بر یاد ہونا - خوب یاد ہونا ۔

فرفیون - (یونانی) ایک قسم کا گوند ۔

فرق - ع - مذکر - جدائی - علیحدگی - فاصلہ - دوری - اختلاف - سر کے بالوں کی مانگ - بیچ - تمیز - شناخت - ا - گھاٹا - دوئی ۔

فرق آجانا - ا - پہلی سی بات نہ رہنا - اتحاد نہ رہنا - بٹا لگنا - نسل خراب ہو جانا - اکن بن ہو جانا ۔

فرق پڑنا - ا - اختلاف ہونا - میل نہ کھانا ۔

فرق سے - و - تابع فعل - فاصلہ سے - ہٹ کر - پرے ۔

فرق کرنا - ا - جدا کرنا - تمیز کرنا - الگ کرنا ۔

فرقان - ع - مذکر - حق اور باطل میں فرق کرنے والا - آسمانی کتاب - کلام الٰہی ۔

فرقت - ع - مؤنث - جدائی - ہجر - علیحدگی ۔

فرقہ - ع - مذکر - قوم - گروہ - جماعت - ٹولی ۔

فرلانگ - (انگ) مذکر - میل کا آٹھواں حصہ ۔

فرلو - (انگ) مؤنث - وطن جانے کی لمبی رخصت ۔

فرما - ا - مذکر - ایک رخ چھپا ہوا کاغذ - پروف ۔

فرمان - ف - مذکر - شاہی حکم - بادشاہ کا حکم - راج آگیا - پروانہ - حکم آگیا ۔

فرمانبردار - ف - صفت فعل - حکم ماننے والا - ادھین (مذکر) ملازم - نوکر ۔

فرمانبرداری - ف - مؤنث - اطاعت - فرمانبرداری ۔

فرماں روا - ف - مذکر - حاکم - بادشاہ ۔

فرماں روائی - ف - مؤنث - حکمرانی - حکومت - بادشاہی ۔

فرماں صادر کرنا - ا - حکم جاری کرنا ۔

فرمانا - ا - حکم دینا - بولنا - کہنا (مذکر) حکم آگیا ۔

فرماؤ تو قبالہ منگواؤں - ا - محاورہ - یعنی اب جایئے مکان پر قبضہ کر کے نہ بیٹھئے - جب کسی کا بیٹھنا نہایت ناگوار ہوتا ہے - اس وقت بولتے ہیں ۔

فرمائش - ف - مؤنث - درخواست - مانگ - طلب - حاجت - ضرورت - حکم - فرمان ۔

فرمائش کرنا - ا - درخواست کرنا - چاہنا - ارشاد کرنا - تحفہ منگوانا ۔

فرمائشی - ف - صفت - درخواست کی ہوئی - حکم کرکے منگوائی یا بنوائی ہوئی (مجازاً) عمدہ - نفیس - ا - جوتی - جو سائی دیکر بنوائی گئی ہو ۔

فرمائشی پڑنا - ا - جوتیاں پڑنا - جوتیاں لگنا ۔

فرمائشی لگانا - ا - مضبوط جوتی سے مارنا - خوب جوتیاں مارنا ۔

فرنچ - ا (انگ) فرانس کا باشندہ - فرانس کی زبان - ایک قسم کا ہلکا کاغذ ۔

فرنگ - ف - مذکر - انگریز - فرنگی - یورپ ۔

فرنگستان - ف - مذکر - یورپ - ولایت ۔

فرنگی - ا - مذکر - انگریز - یورپین ۔

فرنگی بچہ - ا - مذکر - انگریز بچہ - وہ بچہ جو یورپ میں پیدا ہو ۔

فرنی - ف - مؤنث - ایک قسم کی کھیر ۔

فرو - ف - تابع فعل - نیچے - زیر - کم رتبہ - نیچ ۔

فروتن - ف - صفت - عاجز - مسکین - ادھین ۔

فروتنی - ف - مؤنث - عاجزی - مسکینی - تواضع ۔

فرو کرنا - ا - دبانا - بٹھانا - بجھانا ۔

فرومایہ - ف - صفت - نیچ - کمینہ ۔

فرو ہونا - ا - دبنا - نیچے بیٹھنا - بجھنا ۔

فروٹ - انگ - مذکر - پھل - میوہ ۔

فروٹ - ا - صفت - گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - ہلونہ دوڑانا - ا - زود وکوب کرنا ۔

فروٹ اڑانا - ا - گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا - تماچہ مارنا - خوب زود کوب کرنا ۔

فروخت - ف - مؤنث - بکری - بیع ؞
فرود - تابع فعل - نیچے - پائیں - (مذکر) اُتراؤ - ٹھہراؤ ؞
فرودگاہ - ف - مؤنث - اُترنے کی جگہ - ٹھہرنے کی جگہ ؞
فروری - (انگ) مذکر - عیسوی سال کے دوسرے مہینے کا نام ؞
فروش - ف - مذکر - (مرکبات میں) بیچنے والا - جیسے میوہ فروش - سبزی فروش وغیرہ ؞
فروشندہ - ف - مذکر - بیچنے والا - فروخت کرنے والا ؞
فروع - ع - مذکر - فرع کی جمع - شاخیں - ٹہنیاں ؞
فروغ - ف - مذکر - روشنی - جوت - نور - چمک - شعاع ؞
فروغ پانا - ا - رونق پانا - نام پانا - عزت پانا ؞
فروکش ہونا - ا - بسیرا کرنا - ٹھہرنا - مقام کرنا ؞
فروگذاشت - ف - مؤنث - درگذر - چھوٹ - آناکانی - چشم پوشی - بے پروائی - غفلت - بھول چوک - معافی ؞
فروگذاشت کرنا - ا - معاف کرنا - درگزرنا - بھولنا - چوکنا - ٹالنا - آناکانی کرنا ؞
فروماندگی - ف - مؤنث - ناچاری - مجبوری - عاجزی - مفلسی - غریبی - کمزوری ؞
فروماندہ - ف - صفت - عاجز - بے چارہ - مفلس - غریب - تھکا ہوا - کمزور ؞
فرہاد - ف - مذکر - سنگ تراش - ایک مشہور عاشق کا نام - جو پہاڑ کاٹ کر ...... نہر بہا لایا تھا ؞
فرہنگ - ف - مؤنث - دانائی - سمجھ - عقل - کتاب لغات - ڈکشنری ؞
فری - (انگ) صفت - آزاد - کھلے بند - بری - مفت - خود مختار
فریاد - ف - مؤنث - شور - غل - دہائی - مظلوموں کی آہ و زاری - نالش - دادخواہی ؞
فریادرس - ف - مذکر - فریاد کو پہنچنے والا - دہائی سننے والا - نیاؤ کرنے والا ؞
فریادرسی - ا - مؤنث - انصاف دہی - نیاؤ -
فریاد کرنا - ا - غل مچانا - شور کرنا - نالش کرنا - انصاف چاہنا -
فریاد کو پہنچنا - ا - فریاد سننا - نیاؤ کرنا ؞

فریاد لانا - ا - کسی کے ظلم سے تنگ آکر شکایت کرنا - داد کو آنا ؞
فریادی - ف - صفت - دہائی دینے والا - دعویدار - مدعی ؞
فریب - ف - مذکر - دغا - مکر - حیلہ - چھل - چالاکی - شعبدہ - طلسم
فریب دینا یا کرنا - ا - دھوکا دینا - دغا کرنا - چالاکی کرنا ؞
فریب میں آنا - ا - دھوکا کھانا - جھانسے میں آنا ؞
فریب دہی - ا - مؤنث - دغابازی - ٹھگی ؞
فریبی یا فریبیا - ا - مذکر - دھوکے باز - ٹھگ - مکار ؞
فرید - ع - صفت - جس کا کوئی ثانی نہ ہو - یکتا - بے نظیر - حضرت شیخ فریدالدین ؒ ؞
فرید بوٹی - ا - مؤنث - ایک سرد اور ریس دار بوٹی کا نام
فریدوں - ف - مذکر - فارس کے ایک مشہور قدیم بادشاہ کا نام
فریفتہ - ف - صفت - دھوکا کھایا ہوا - فریب میں آیا ہوا - عاشق - مفتوں ؞
فریق - ع - مذکر - گروہ - جماعت - فرقہ - ا - مدعی یا مدعا علیہ
فریقین - ع - مذکر - طرفین - دونو فریق - مدعی اور مدعا علیہ
فریم - (انگ) مذکر - جسم - قالب - ڈھانچ - چوکھٹا - حلقہ - گھیرا

ف - ز

فزوں - ف - صفت - زیادہ - بڑھا ہوا ؞

ف - س

فساد - ع - مذکر - تباہی - خرابی - بگاڑ - لڑائی - جھگڑا - شرارت ؞
فساد اٹھانا - برپا کرنا - کرنا یا مچانا - ا - دنگا کرنا - جھگڑا کرنا - غدر مچانا ؞
فسادِ خون - ع - ف - خون کا بگاڑ - خون کی بیماری ؞
فساد کی جڑھ - ا - مؤنث - جھگڑے کی بنیاد - لڑائی کا گھر - فساد پیدا کرنے والا ؞
فسادی - ع - ف - صفت - فساد برپا کرنے والا - جھگڑالو - آگ لگاؤ ؞
فسانہ - ف - مذکر - گھڑا ہوا قصہ - بنائی ہوئی کہانی - ماجرا - حکایت

فسخ - ع - مذکر - پھیرنا - لوٹانا - رائے پھیرنا - رائے پلٹنا - منسوخی - رد ✤

فسخ عزیمت - ع - مذکر - ارادہ توڑنا - نیت بدلنا ✤

فسق - ع - مذکر - نافرمانی - حکم عدولی - بدکاری - گناہ - جرم

فسق و فجور - ع - مذکر - گمراہی - بدکاری - گناہ - جرم ✤

فسون - ف - مذکر - منتر - جادو - ٹونا ✤

فسوں ساز - ف - مذکر - جادوگر - ٹونا کرنے والا ✤

ف - ش

فشار - ف - مذکر - قبر کی تنگی - قبر کا عذاب ✤

فشارِ قبر - ف - ع - مذکر - قبر کی تنگی - قبر کا عذاب ✤

فشردہ - ف - صفت - نچوڑا ہوا - عرق نکالا ہوا - (مذکر) عرق - رس ✤

ف - ص

فصاحت - ع - مؤنث - خوش کلامی - خوش گفتاری - غیر مانوس ترکیبوں اور ثقیل اور مشکل لفظوں سے کلام کو پاک کرنا ✤

فصّاد - ع - مذکر - فصد کھولنے والا - جراح ✤

فصد - ع - مؤنث - رگ سے خون لینا ✤

فصد کھولنا - و - رگ سے خون لینا - خون نکالنا ✤

فصد لینا یا فصد بن لینا - ا - رگ سے خون نکلوانا ✤

فصل - ع - مؤنث - موسم - رُت - کتاب کا حصہ - باب جُدائی - فرق - پردہ - اوٹ - کاٹ چھانٹ - وغلہ اناج - دوئی - نفاق - دغا ✤

فصلِ بہار - ع - ف - مؤنث - بہار کا موسم - بسنت رُت ✤

فصلِ خریف - ع - مؤنث - برس کے پہلے چھ مہینے - ساونی

فصلِ ربیع - ع - مؤنث - برس کے پچھلے چھ مہینے - اساڑھی

فصلِ گل - ع + ف - مؤنث - وہ موسم جس میں پھول کھلتے ہیں - بسنت - رُت - بہار ✤

فصلی - ع + ف - صفت - فصل سے متعلق - موسمی ✤

فصلی بخار - ا - مذکر - وہ موسمی بخار جو رُت بدلنے کے سبب ہو ✤

فصول - ع - مذکر - فصل کی جمع ✤

فصولِ اربعہ - ع - مذکر - برس کی چار رتیں - جاڑا - گرمی - ربیع - خریف ✤

فصیح - ع - صفت - خوش کلام - شیریں زبان - میٹھ بولا ✤

فصیل - ع - مؤنث - شہر کی چار دیواری ✤

فصیل باہر - ا - تابع فعل - بارہ پتھر کے باہر - شہر پار - جمنا پار ✤

ف - ض

فضا - ع - مؤنث - زمین کی فراخی - کھلا ہوا میدان - بہار جوبن - رونق ✤

فضائل - ع - مذکر - فضیلت کی جمع - نیک اور اچھی خصلتیں - خوبیاں - نیکیاں - اعلےٰ ابتے - کمالات - جوہر ✤

فضائلِ اربعہ - ع - مذکر - چار خوبیاں حکمت - شجاعت - عفت - عدالت ✤

فضل - ع - مذکر - زیادتی - بہتات - عطا - بخشش - علم - ہنر - بزرگی - رحم ✤

فضلِ الٰہی - ع - مذکر - خدا کی مہربانی - خدا کی عنایت ✤

فضل کرنا - و - رحم کرنا - مہربانی - شفا بخشنا - آرام دینا ✤

فضلِ مولےٰ - ع - ندا - فقیروں کی صدا - خدا خوش رکھے - خدا کی عنایت رہے ✤

فضل ہے - ا - محاورہ - خیریت ہے ✤

فضلا - ع - مذکر - فاضل کی جمع ✤

فضلات - ع - مذکر - فضلہ کی جمع ✤

فضلہ - ع - مذکر - زیادہ - بچا ہوا - جھوٹن - پھوک - بول براز - چرک ✤

فضول - ع - صفت - زیادہ - بہت - ا - بے فائدہ - اکارت - نکما - بکواسی ✤

فضول خرچ - و - صفت - آمدنی سے زیادہ خرچ کرنے والا ✤

بے موقع خرچ کرنے والا ÷

فضول خرچی۔ ا۔ مونث۔ خرچ کی زیادتی۔ بے موقع خرچ ÷

فضول گو۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ باتونی۔ بکواسی۔ بکی ÷

فضیحت۔ ع۔ مؤنث۔ بدنامی۔ رسوائی ÷

فضیحت کرنا۔ و۔ بدنام کرنا۔ رسوا کرنا۔ لڑنا۔ جھگڑنا۔ جھڑکنا ÷

فضیحت ہونا۔ ا۔ بدنامی ہونا۔ رسوائی ہونا۔ جھڑکا جانا ÷

فضیحتی۔ و۔ مذکر۔ لڑائی۔ جھگڑا۔ دنگا۔ فساد ÷

فضیلت۔ ع۔ مؤنث۔ بزرگی۔ بڑائی۔ عمدگی۔ خوبی۔ بہتری۔ ترجیح ÷

فضیلت کا تمغہ۔ و۔ مذکر۔ وہ تمغہ جو کسی علمی امتحان کے پاس کرنے کی سند میں دیا جائے۔ ڈپلوما۔ سرٹفکیٹ میڈل۔

فضیلت کی پگڑی باندھنا۔ و۔ فضیلت حاصل کرنا۔ فاضل ہونے کا تمغہ یا سند حاصل کرنا ÷

ف ۔ ط

فطانت۔ ع۔ مؤنث۔ دانائی۔ عقل۔ ہوشیاری ÷

فطر۔ ع۔ مذکر۔ روزہ کھولنا۔ افطار ÷

فطرت۔ ع۔ مؤنث۔ پیدائش۔ نیچر۔ قدرت۔ وہ شکل جو بچہ پیٹ میں اختیار کرتا ہے۔ اصل۔ ذات۔ دانائی ہوشیاری۔ و۔ بیو۔ مکر۔ دغا۔ سازش ÷

فطرت کرنا۔ و۔ چالاکی کرنا۔ چال چلنا۔ دانائی سے کام لینا

فطرت لڑانا۔ ا۔ سازش کرنا۔ دھوکا دینا۔ چالاکی کرنا۔ تدبیر لڑانا ÷

فطرتی۔ ع۔ ف۔ صفت۔ پیدائشی جبلی۔ قدرتی۔ و۔ عو: ۔ چالاک۔ مکار۔ فریبی ÷

فطرہ۔ ع۔ مذکر۔ عید رمضان کا صدقہ ÷

فطیرہ۔ ع۔ مذکر۔ تازہ گندھا ہوا آٹا ÷

فطیری روٹی۔ و۔ مؤنث۔ چپاتی۔ پھلکا۔ سادی روٹی ÷

ف ۔ ع

فِعل۔ ع۔ مذکر۔ کام۔ کاج۔ (صرف) وہ کلمہ جس میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے۔ ا۔ پاکھنڈ۔ بہانہ ÷

فعل جائز۔ ع۔ مذکر۔ وہ کام جو شرعاً روا ہو ÷

فعل شنیع۔ ع۔ مذکر۔ کرتوت۔ شرمناک فعل ÷

فعل ضامنی۔ و۔ مؤنث۔ نیک چال چلنی کی ضمانت ÷

فعل کرنا۔ کوئی کام یا حرکت کرنا۔ بدفعلی کرنا۔ عمل کرنا۔ مکر کرنا ÷

فعل لازم۔ ع۔ مذکر (صرف) وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر تمام ہو جائے۔ اور مفعول کو نہ چاہئے ÷

فعل لانا یا فعیل لانا۔ ا۔ فساد کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ مکر کرنا۔ پاکھنڈ کرنا۔ ہیت کرنا۔ شرارت کرنا۔ حرامزدگی کرنا۔ بدذاتی کرنا ÷

فعل متعدی۔ ع۔ مذکر (صرف) وہ فعل جس میں مفعول کے سننے کا انتظار رہے ÷

فعل مجہول۔ ع۔ مذکر (صرف) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو۔ اور مفعول اس کا قائم مقام ہو ÷

فعل مچانا۔ و۔ دنگا کرنا۔ شرارت کرنا۔ پاکھنڈ کرنا۔ ضد کرنا۔

فعل معروف یا معلوم۔ ع۔ مذکر۔ (صرف) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو ÷

فعل ناقص۔ ع۔ مذکر۔ (صرف) جس فعل کا فاعل اور مفعول نہ ہو اور وہ اسم اور خبر کو چاہے ÷

فعلاً۔ ع۔ تابع فعل۔ عمل یا فعل کی رو سے ÷

فعلی۔ ع۔ ف۔ صفت۔ فعل سے متعلق۔ کام کا ÷

فعلیا۔ و۔ مذکر۔ عو۔ فیلیا۔ مکار۔ فریبی۔ ضدی۔ ہٹی ÷

ف ۔ غ

فغان۔ ف۔ مذکر۔ شور۔ واویلا۔ فریاد ÷

فغفور۔ ف۔ مذکر۔ چین کے بادشاہوں کا لقب ÷

ف ۔ ف

فَفرہ ہونا۔ و۔ ہوا ہونا۔ رفو چکر ہونا ÷

فسخ - ع - مذکر - پھیرنا - لوٹانا - مدائے پھیرنا - رائے پلٹنا - منسوخی - رد ۔

فسخ عزیمت - ع - مذکر - ارادہ توڑنا - نیت بدلنا ۔

فسق - ع - مذکر - نافرمانی - حکم عدولی - بدکاری - گناہ - جرم

فسق و فجور - ع - مذکر - گمراہی - بدکاری - گناہ - جرم ۔

فسون - ف - مذکر - منتر - جادو - ٹونا ۔

فسوں ساز - ف - مذکر - جادوگر - ٹونا کرنے والا ۔

ف - ش

فشار - ف - مذکر - قبر کی تنگی - قبر کا عذاب ۔

فشار قبر - ف - ع - مذکر - قبر کی تنگی - قبر کا عذاب ۔

فشردہ - ف - صفت - نچوڑا ہوا - عرق نکالا ہوا - (مذکر) عرق - رس ۔

ف - ص

فصاحت - ع - مؤنث - خوش کلامی - خوش گفتاری - غیر مانوس ترکیبوں اور ثقیل اور مشکل لفظوں سے کلام کو پاک کرنا ۔

فصاد - ع - مذکر - فصد کھولنے والا - جراح ۔

فصد - ع - مؤنث - رگ سے خون لینا ۔

فصد کھولنا - ا - رگ سے خون لینا - خون نکالنا ۔

فصد لینا یا فصد بن لینا - ا - رگ سے خون نکلوانا ۔

فصل - ع - مؤنث - موسم - رُت - کتاب کا حصہ - باب - جُدائی - فرق - پردہ - اوٹ - کاٹ چھانٹ - وبغلہ انلج - دوئی - نفاق - دغا ۔

فصل بہار - ع - ف - مؤنث - بہار کا موسم - بسنت رُت ۔

فصل خریف - ع - مؤنث - برس کے پہلے چھ مہینے - ساونی

فصل ربیع - ع - مؤنث - برس کے پچھلے چھ مہینے - اساڑھی

فصل گل - ع - ف - مؤنث - وہ موسم جس میں پھول کھلتے ہیں - بسنت - رُت - بہار ۔

فصلی - ع - ف - صفت - فصل سے متعلق - موسمی ۔

فصلی بخار - ا - مذکر - وہ موسمی بخار جو رُت بدلنے کے سبب ہو ۔

فصول - ع - مذکر - فصل کی جمع ۔

فصول اربعہ - ع - مذکر - برس کی چار رتیں - جاڑا - گرمی - ربیع - خریف ۔

فصیح - ع - صفت - خوش کلام - شیریں زبان - میٹھا بولا ۔

فصیل - ع - مؤنث - شہر کی چار دیواری ۔

فصیل باہر - ا - تابع فعل - بارہ پتھر کے باہر - شہر سے جمنا پار ۔

ف - ض

فضا - ع - مؤنث - زمین کی فراخی - کھلا ہوا میدان - بہار - جوبن - رونق ۔

فضائل - ع - مذکر - فضیلت کی جمع - نیک اور اچھی خصلتیں - خوبیاں - نیکیاں - اعلے صفتیں - کمالات - جوہر ۔

فضائل اربعہ - ع - مذکر - چار خوبیاں حکمت - شجاعت - عفت - عدالت ۔

فضل - ع - مذکر - زیادتی - بہتات - عطا - بخشش - علم - ہنر - بزرگی - رحم ۔

فضل الٰہی - ع - مذکر - خدا کی مہربانی - خدا کی عنایت

فضل کرنا - ا - رحم کرنا - مہربانی - شفا بخشنا - آرام دینا ۔

فضل مولےٰ - ع - ندا - فقیروں کی صدا - خدا خوش رکھے - خدا کی عنایت رہے ۔

فضل ہے - ا - محاورہ - خیریت ہے ۔

فضلا - ع - مذکر - فاضل کی جمع ۔

فضلات - ع - مذکر - فضلہ کی جمع ۔

فضلہ - ع - مذکر - زیادہ - بچا ہوا - جھوٹن - پھوک - بول براز - چرک ۔

فضول - ع - صفت - زیادہ - بہت - ا - بے فائدہ - اکارت - نکما - بکواسی ۔

فضول خرچ - ا - صفت - آمدنی سے زیادہ خرچ کرنیوالا ۔

بے موقع خرچ کرنے والا

فضول خرچی - ا - مونث - خرچ کی زیادتی - بے موقع خرچ

فضول گو - ع - ف - مذکر - باتونی - بکواسی - بکی

فضیحت - ع - مونث - بدنامی - رسوائی

فضیحت کرنا - ا - بدنام کرنا - رسوا کرنا - لڑنا - جھگڑنا - جھڑکنا

فضیحت ہونا - ا - بدنامی ہونا - رسوائی ہونا - جھڑکا جانا

فضیحتی - ا - مذکر - لڑائی - جھگڑا - دنگا - فساد

فضیلت - ع - مونث - بزرگی - بڑائی - عمدگی - خوبی - برتری - ترجیح

فضیلت کا تمغہ - ا - مذکر - وہ تمغہ جو کسی علمی امتحان کے پاس کرنے کی سند میں دیا جائے - ڈپلوما - سرٹیفکیٹ - میڈل

فضیلت کی پگڑی باندھنا - ا - فضیلت حاصل کرنا - فاضل ہونے کا تمغہ یا سند حاصل کرنا

ف - ط

فطانت - ع - مونث - دانائی - عقل - ہوشیاری

فطر - ع - مذکر - روزہ کھولنا - افطار

فطرت - ع - مونث - پیدائش - نیچر - قدرت - وہ شکل جو بچہ پیٹ میں اختیار کرتا ہے - اصل - ذات - دانائی - ہوشیاری - وغیرہ - مکر - دغا - سازش

فطرت کرنا - ا - چالاکی کرنا - چال چلنا - دانائی سے کام لینا

فطرت لڑانا - ا - سازش کرنا - دھوکا دینا - چالاکی کرنا - تدبیر لڑانا

فطرتی - ع - ف - صفت - پیدائشی - جبلی - قدرتی - ا -

فطرہ - عو - چالاک - مکار - فریبی

فطرہ - ع - مذکر - عید رمضان کا صدقہ

فطیرہ - ع - مذکر - تازہ گندھا ہوا آٹا

فطیری روٹی - ا - مونث - چپاتی - پھلکا - سادی روٹی

ف - ع

فعل - ع - مذکر - کام - کاج - (صرف) وہ کلمہ جس میں تینوں زمانوں میں سے کوئی زمانہ پایا جائے - ا - پاکھنڈ - بہانہ

فعل جائز - ع - مذکر - وہ کام جو شرعاً روا ہو

فعل شنیع - ع - مذکر - کرتوت - شرمناک فعل

فعل ضامنی - ا - مونث - نیک چال چلنی کی ضمانت

فعل کرنا - کوئی کام یا حرکت کرنا - بدفعلی کرنا - عمل کرنا - مکر کرنا

فعل لازم - ع - مذکر (صرف) وہ فعل جو صرف فاعل ہی پر تمام ہو جائے - اور مفعول کو نہ چاہئے

فعل لانا یا فعیل لانا - ا - فساد کرنا - جھگڑا کرنا - مکر کرنا - پاکھنڈ کرنا - ہیٹ کرنا - شرارت کرنا - حرامزدگی کرنا - بدذاتی کرنا

فعل متعدی - ع - مذکر (صرف) وہ فعل جس میں مفعول کے سننے کا انتظار رہے

فعل مجہول - ع - مذکر (صرف) وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو - اور مفعول اس کا قائم مقام ہو

فعل مچانا - ا - دنگا کرنا - شرارت کرنا - پاکھنڈ کرنا - ضد کرنا

فعل معروف یا معلوم - ع - مذکر - (صرف) وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو

فعل ناقص - ع - مذکر - (صرف) جس فعل کا فاعل اور مفعول نہ ہو اور وہ اسم اور خبر کو چاہے

فعلاً - ع - تابع فعل - عمل یا فعل کی رو سے

فعلی - ع - ف - صفت - فعل سے متعلق - کام کا

فعلیا - ا - مذکر - فیلیا - مکار - فریبی - ضدی - ہٹی

ف - غ

فغان - ف - مذکر - شور - واویلا - فریاد

فغفور - ف - مذکر - چین کے بادشاہوں کا لقب

ف - ف

ففرہ ہونا - ا - ہوا ہونا - رفوچکر ہونا

ف - ق

فق - ا - صفت - خوف یا حیرت کے سبب چہرے کی رنگت کا بدل جانا - زرد - سفید - ہکا - بکا ٭

فق پڑ جانا - ہو جانا یا ہونا - ل - خوف یا حیرت سے چہرے کا رنگ اڑ جانا - ہوائیاں اڑنے لگنا ٭

فق فق - ا - صفت - حیران پریشان - ہوائیاں سی اڑتی ہوئی - بے رونق ٭

فقدان - ع - مذکر - گم ہونا - کھویا جانا - بھول ٭

فقر - ع - مذکر - حاجت - محتاجی - درویشی - فقیری - غریبی ٭

فقر و فاقہ - ع - مذکر - تنگی - ترشی - بھوک پیاس - غریبی ٭

فقرا - ع - مذکر - فقیر کی جمع ٭

فقروں میں آنا - و - باتوں میں آنا - دھوکا کھانا - فریب میں آنا ٭

فقرہ - ع - مذکر - ریڑھ کی ہڈی - عبارت کا ٹکڑا - جملہ - و - جھانسا - فریب ٭

فقرہ باز - صفت - چالباز - دھوکے باز - فریبی ٭

فقرہ بتانا - و - جھانسا دینا - کوئی جھوٹی بات گھڑنا - شگوفہ چھوڑنا ٭

فقرہ بنانا یا گھڑنا - و - کوئی بات دل سے گھڑنا - گپ اڑانا - دھوکا دینا ٭

فقرہ چلنا - و - دھوکا دینا - فریب دینا - چال بن پڑنا - گپ اڑانا ٭

فقرہ دینا - جھانسا دینا - چال چلنا ٭

فقرے - ا - مذکر - فقرہ کی جمع ٭

فقرے بازی - و - مؤنث - چالاکی - چھل بل - ٹھگ بازی ٭

فقرے بازیاں کرنا - و - باتیں بنانا - چالیں چلنا ٭

فقرے بنانا - و - لفظوں کو جوڑ کر جملے بنانا - دل سے باتیں گھڑنا ٭

فقرے بندی - ا - مؤنث - تک بندی - فقرے جوڑنا ٭

فقرے تراشنا - ا - جھانسے دینا - جھوٹی باتیں گھڑنا ٭

فقرے ڈھالنا - سنانا یا کہنا - ا - طعنہ مارنا - چبھتی ہوئی کہنا ٭

فقط - ع - تابع فعل - صرف - تنہا - اکیلا - نرا (صفت) - بس - کافی - (مذکر) خاتمہ ٭

فقہ - ع - مؤنث - دریافت - علم - واقفیت - (مجازاً) علم دین

فقہا - ع - مذکر - فقیہ کی جمع - علم دین کے جاننے والے ٭

فقیر - ع - مذکر - گدا - بھکاری - بھک منگا - و - نادار - غریب ٭

فقیر دوست - ع + ف - مذکر - وہ شخص جو درویشوں کو مانے اور اُن سے تعلق رکھے ٭

فقیر بنا دینا یا کر دینا - و - غریب بنا دینا - کنگال کر دینا - لوٹ لینا ٭

فقیر کی صورت سوال ہے - و - فقرہ - محتاج کی صورت سے اُس کی ضرورت ٹپکتی ہے ٭

فقیر ہو جانا - ا - جوگ سے بیٹھنا - نادار ہو جانا - محتاج ہو جانا ٭

فقیرانہ - ع + ف - تابع فعل - محتاجوں اور درویشوں کی مانند - درویشانہ ٭

فقیرنی - ا - مؤنث - بھیک مانگنے والی عورت - کنگلی ٭

فقیری - ع + ف - مؤنث - درویشی - گدائی - غریبی - کنگالاپن (صفت) فقیر سے متعلق ٭

فقیری شیر کا بُرقع ہے - و - کہاوت - فقیر (۲) بہت بڑا بہروپ ہے - اس میں بڑے بڑے کمال نکل آتے ہیں ٭

فقیری لٹکا - و - مذکر - درویشی چٹکلہ - سہل نسخہ - چھوٹا منتر ٭

فقیہہ - ع - مذکر - علم دین سے واقف - دھرم شاستر کا عالم ٭

ف - ک

فک - ع - مؤنث - دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا علیحدہ کرنا - رہائی - خلاصی (نحو) وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے ٭

فکِ اضافت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اضافت کا چھوڑنا ۔ اضافت نہ پڑھنا ✤

فکُ الرّہن ۔ ع ۔ مذکر ۔ رہن کی ہوئی چیز کو چھڑانا ✤

فکر ۔ ع ۔ مؤنث و مذکر ۔ سوچ ۔ بچار ۔ اندیشہ ۔ چنتا ۔ خیال ۔ دھیان ۔ غم ۔ رنج ۔ غور ۔ پروا ۔ حاجت ۔ تدبیر ۔ ٹھکانا ✤

فکر کرنا ۔ و ۔ سوچنا ۔ بچارنا ۔ تدبیر کرنا ۔ غم کرنا ۔ چنتا کرنا ✤

فکرِ معاش یا معیشت ۔ ع ۔ مذکر ۔ روٹی کمانے کی فکر اور سوچ ۔ روزی کی سوچ ✤

فکرمند ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ چنتا رکھنے والا ۔ غمگین ✤

فکرمندی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ فکر ۔ خیال ۔ سوچ ۔ بچار ✤

ف ۔ گ

فگار ۔ ف ۔ صفت (مرکبات میں) زخمی ۔ گھائل ۔ آزردہ ✤

ف ۔ ل

فلاح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کامیابی ۔ بہتمندی ۔ آرام ۔ نیکی ۔ خیر ۔ نجات ۔ سلامتی ۔ خوبی ✤

فلاح کو پہنچنا ۔ و ۔ بھلائی حاصل کرنا ۔ نیکی کمانا ۔ پھل پانا ۔ مراد کو پہنچنا ✤

فلاحت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ زراعت ۔ کھیتی باڑی ✤

فلاخن ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گوپیا ۔ گوپن ✤

فلاسفہ ۔ ف ۔ (یونانی الاصل) ۔ مذکر ۔ فلسفی کی جمع ۔ ایک معجون کا نام ✤

افلاطون ۔ (یونانی) مذکر ۔ یونان کا ایک نہایت مشہور حکیم افلاطون ✤

فلاکت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مفلسی ۔ غریبی ۔ نحوست ۔ شامت ۔ بپتا ✤

فلاکت زدہ ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ مصیبت کا مارا ۔ بدنصیب ۔ کنگال ✤

فلاں ۔ ع ۔ مذکر ۔ شخص ۔ فرضی ۔ امکا ڈھمکا ۔ عمرو زید ۔ کوئی ایک ۔ کوئی ۔ وہ ۔ وہ آدمی ✤

فلانا ۔ و ۔ مذکر ۔ فلاں شخص ۔ وہ آدمی ✤

فلانی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ فلاں عورت وہ عورت ۔ امکی ڈھمکی ✤

فلزّات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ فلز کی جمع ۔ دھاتیں ✤

فلس ۔ ع ۔ مذکر ۔ تانبے کا سکہ ۔ پیسہ ۔ مچھلی کا چھلکا ✤

فلسفہ ۔ (یونانی) مذکر ۔ حکمت ۔ دانائی ۔ ات جوگ ✤

فلسفی ۔ (یونانی الاصل) صفت ۔ فلسفہ جاننے والا ۔ بھیجا چلا ہوا

فلالین ۔ (انگ) مؤنث ۔ ایک ملائم اور گرم کپڑا ✤

فلس کیپ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ایک خاص پیمانہ کا کاغذ ✤

فلفل ۔ (معرب پپل) مؤنث ۔ مرچ ✤

فلک ۔ ع ۔ مذکر ۔ آسمان ۔ آکاس ✤

فلکُ الافلاک ۔ ع ۔ مذکر ۔ سب آسمانوں کا آسمان ۔ عرش

فلک پر چڑھانا ۔ ع ۔ آسمان پر چڑھانا ۔ نہایت عزت بخشنا ✤

فلک پر دماغ ہونا ۔ و ۔ نہایت مغرور ہونا ۔ اترانا ✤

فلک پر دن کو تارے نظر آنا ۔ ا ۔ نہایت تیز نظر ہونا ۔ دن کو نہایت اندھیرا چھانا ۔ عزیز کا یا مصیبت کا وقت آنا ✤

فلک پر سر کھینچنا ۔ ا ۔ نہایت بلند اور اونچا ہونا ✤

فلک سیر ۔ و ۔ مؤنث ۔ بھادیو کی بوٹی ۔ بھنگ ۔ سکھا ✤

فلک کو خبر نہ ہونا ۔ و ۔ نہایت بے خبری ہونا ۔ از حد بے خبر ہونا ✤

فلک نظر آنا ۔ و ۔ ایسی مصیبت پڑنا کہ خدا یاد آجائے ✤

فلک یاد آنا ۔ ا ۔ مصیبت یاد آنا ۔ موت نظر آنا ۔ خدا دکھائی دینا ✤

فلکی ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ فلک سے متعلق ۔ آسمانی ✤

فلوس ۔ ع ۔ مذکر ۔ فلس کی جمع ۔ تانبے کے سکے (ہندوستانی اسے مفرد بولتے ہیں) ✤

فِلولجی ۔ (انگ) مؤنث ۔ زبان کا علم ۔ زبانوں کی تحقیق ✤

فلیتہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ بتی ۔ پلیتہ ۔ توپ یا بندوق کا توڑا ۔ تعویذ کی بتی ✤

فلیتہ جلانا ۔ و ۔ آسیب زدہ کے سامنے تعویذ کی بتی جلانا ✤

فلیتہ دینا یا جلانا ۔ ا ۔ آگ روشن کرنا ۔ آگ لگانا ✤

فلیتہ سنگھانا ۔ و ۔ تعویذ یا جنتر کی دھونی دینا ✤

ف - ق

فق - ا - صفت - خوف یا حیرت کے سبب چہرے کی رنگت کا بدل جانا - زرد - سفید - ہکا - بکا ✤

فق پڑ جانا - ہو جانا یا ہونا - ا - خوف یا حیرت سے چہرے کا رنگ اڑ جانا - ہوائیاں اڑنے لگنا ✤

فق فق - ا - صفت - حیران پریشان - ہوائیاں سی اڑتی ہوئی - بے رونق ✤

فقدان - ع - مذکر - گم ہونا - کھویا جانا - بھول ✤

فقر - ع - مذکر - حاجت - محتاجی - درویشی - فقیری - غریبی ✤

فقر و فاقہ - ع - مذکر - تنگی - ترشی - بھوک پیاس - غریبی ✤

فقرا - ع - مذکر - فقیر کی جمع ✤

فقروں میں آنا - ا - باتوں میں آنا - دھوکا کھانا - فریب میں آنا ✤

فقرہ - ع - مذکر - ریڑھ کی ہڈی - عبارت کا ٹکڑا - جملہ - ا - جھانسا - فریب ✤

فقرہ باز - صفت - چالباز - دھوکے باز - فریبی ✤

فقرہ بتانا - ا - جھانسا دینا - کوئی جھوٹی بات گھڑ نا شگوفہ چھوڑنا ✤

فقرہ بنانا یا گھڑنا - ا - کوئی بات دل سے گھڑنا - گپ اڑانا - دھوکا دینا ✤

فقرہ چلنا - ا - دھوکا دینا - فریب دینا - چال بن پڑنا - گپ اڑانا ✤

فقرہ دینا - جھانسا دینا - چال چلنا ✤

فقرے - ا - مذکر - فقرہ کی جمع ✤

فقرے بازی - ا - مؤنث - چالاکی چھل بل - ٹھگ بازی ✤

فقرے بازیاں کرنا - ا - باتیں بنانا - چالیں چلنا ✤

فقرے بنانا - ا - لفظوں کو جوڑ کر جملے بنانا - دل سے باتیں گھڑنا ✤

فقرے بندی - ا - مؤنث - تک بندی - فقرے جوڑنا ✤

فقرے تراشنا - ا - جھانسے دینا - جھوٹی باتیں گھڑنا ✤

فقرے ڈھالنا - سنانا یا کہنا - ا - طعنہ مارنا - چبھتی ہوئی کہنا ✤

فقط - ع - تابع فعل - صرف - تنہا - اکیلا - نرا (صفت) - بس - کافی - (مذکر) خاتمہ ✤

فقہ - ع - مؤنث - دریافت - علم - واقفیت - (مجازاً) علم دین ✤

فقہا - ع - مذکر - فقیہ کی جمع - علم دین کے جاننے والے ✤

فقیر - ع - مذکر - گدا - بھکاری - بھیک منگا - ا - نادار - غریب ✤

فقیر دوست - ع + ف - مذکر - وہ شخص جو درویشوں کو مانے اور ان سے تعلق رکھے ✤

فقیر بنا دینا یا کر دینا - ا - غریب بنا دینا - کنگال کر دینا - لوٹ لینا ✤

فقیر کی صورت سوال ہے - ا - فقرہ - محتاج کی صورت سے اس کی ضرورت ٹپکتی ہے ✤

فقیر ہو جانا - ا - جوگ لے بیٹھنا - نادار ہو جانا - محتاج ہو جانا ✤

فقیرانہ - ع + ف - تابع فعل - محتاجوں اور درویشوں کی مانند - درویشانہ ✤

فقیرنی - ا - مؤنث - بھیک مانگنے والی عورت - کنگلی ✤

فقیری - ع + ف - مؤنث - درویشی - گدائی - غریبی - کنگالاپنا - (صفت) فقیر سے متعلق ✤

فقیری شیر کا بُرقع ہے - ا - کہاوت - فقیر (۲) بہت بڑا پردہ ہے - اس لباس میں بڑے بڑے کامل چھپے ہوتے ہیں ✤

فقیری لٹکا - ا - مذکر - دیسی چٹکلہ - سہل نسخہ - چھوٹا منتر ✤

فقیہ - ع - مذکر - علم دین سے واقف - دھرم شاستر کا عالم ✤

ف - ک

فک - ع - مؤنث - دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا علیحدہ کرنا - رہائی - خلاصی (نحو) وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے ✤

فکِ اضافت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اضافت کا چھوڑنا ۔ اضافت نہ پڑھنا ✦

فکُ الرّہن ۔ ع ۔ مذکر ۔ رہن کی ہوئی چیز کو چھڑانا ✦

فِکر ۔ ع ۔ مؤنث و مذکر ۔ سوچ ۔ بچار ۔ اندیشہ ۔ چنتا ۔ خیال دھیان ۔ غم ۔ رنج ۔ غور ۔ پروا ۔ حاجت ۔ تدبیر ۔ ٹھکانا ✦

فکر کرنا ۔ ا ۔ سوچنا ۔ بچارنا ۔ تدبیر کرنا ۔ غم کرنا ۔ چنتا کرنا ✦

فکرِ معاش یا معیشت ۔ ع ۔ مذکر ۔ روٹی کمانے کی فکر اور سوچ ۔ روزی کی سوچ ✦

فکرمند ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ چنتا رکھنے والا ۔ غمگین ✦

فکرمندی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ فکر ۔ خیال ۔ سوچ ۔ بچار ✦

ف ۔ گ

فِگار ۔ ف ۔ صفت (مرکبات میں) زخمی ۔ گھائل ۔ آزردہ ✦

ف ۔ ل

فَلاح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کامیابی ۔ بہتمندی ۔ آرام ۔ نیکی ۔ خیر نجات ۔ سلامتی ۔ خوبی ✦

فلاح کو پہنچنا ۔ ا ۔ بھلائی حاصل کرنا ۔ نیکی کمانا ۔ پھل پانا مرادوں کو پہنچنا ✦

فَلاحت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ زراعت ۔ کھیتی باڑی ✦

فلاحَن ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گوپھیا ۔ گوپن ✦

فلاسفہ ۔ ف ۔ (یونانی الاصل) ۔ مذکر فلسفی کی جمع ۔ ایک معجون کا نام ✦

فلاطون ۔ (یونانی) مذکر ۔ یونان کا ایک نہایت مشہور حکیم افلاطون ✦

فلاکت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مفلسی ۔ غریبی ۔ نحوست ۔ شامت ۔ بپتا ✦

فلاکت زدہ ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ مصیبت کا مارا بدنصیب کنگال ✦

فُلاں ۔ ع ۔ مذکر ۔ شخص ۔ فرضی ۔ امکا ڈھمکا ۔ عمرو زید کوئی ایک ۔ کوئی ۔ وہ ۔ وہ آدمی ✦

فلانا ۔ و ۔ مذکر ۔ فلاں شخص ۔ وہ آدمی ✦

فُلانی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ فلاں عورت وہ عورت ۔ امکی ڈھمکی ✦

فِلزّات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ فلز کی جمع ۔ دھاتیں ✦

فَلس ۔ ع ۔ مذکر ۔ تانبے کا سکہ ۔ پیسہ ۔ مچھلی کا چھلکا ✦

فلسفہ ۔ (یونانی) مذکر ۔ حکمت ۔ دانائی ۔ ات جوگ ✦

فلسفی ۔ (یونانی الاصل) صفت ۔ فلسفہ ۔ جاننے والا ۔ بجھ بجھکڑ

فلالین ۔ (انگ) مؤنث ۔ ایک ملائم اور گرم کپڑا ✦

فلس کیپ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ایک خاص پیمانہ کا کاغذ ✦

فلفل ۔ (معرب پپل) مؤنث ۔ مرچ ✦

فَلَک ۔ ع ۔ مذکر ۔ آسمان ۔ اکاس ✦

فلکُ الافلاک ۔ ع ۔ مذکر ۔ سب آسمانوں کا آسمان ۔ عرش

فلک پر چڑھانا ۔ ع ۔ آسمان پر چڑھانا ۔ نہایت عزت بخشنا ✦

فلک پر دماغ ہونا ۔ و ۔ نہایت مغرور ہونا ۔ اترانا ✦

فلک پر دن کو تارے نظر آنا ۔ ا ۔ نہایت تیز نظر ہونا دن کو نہایت اندھیرا چھانا ۔ رنج یا مصیبت کا وقت آنا ✦

فلک پر سر کھینچنا ۔ ا ۔ نہایت بلند اور اونچا ہونا ✦

فلک سیر ۔ و ۔ مؤنث ۔ بہاد یو کی بوٹی ۔ بھنگ ۔ سکھ ✦

فلک کو خبر نہ ہونا ۔ و ۔ نہایت بے خبری ہونا ۔ از حد بے خبر ہونا

فلک نظر آنا ۔ و ۔ ایسی مصیبت پڑنا کہ خدا یاد آجائے ✦

فلک یاد آنا ۔ ا ۔ مصیبت یاد آنا ۔ موت نظر آنا ۔ خدا دکھائی دینا ✦

فلکی ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ فلک سے متعلق ۔ آسمانی ✦

فُلوس ۔ ع ۔ مذکر ۔ فلس کی جمع ۔ تانبے کے سکے (ہندوستانی اسے مفرد بولتے ہیں) ✦

فلولجی ۔ (انگ) مؤنث ۔ زبان کا علم ۔ زبان کی تحقیق ✦

فلیتہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ بتی ۔ پلیتہ ۔ توپ یا بندوق کا توڑا ۔ تعویذ کی بتی ✦

فلیتہ جلانا ۔ ا ۔ آسیب زدہ کے سامنے تعویذ کی بتی جلانا ✦

فلیتہ دینا یا جلانا ۔ ا ۔ آگ روشن کرنا ۔ آگ لگانا ✦

فلیتہ سنگھانا ۔ ا ۔ تعویذ یا جنتر کی دھونی دینا ✦

ف ۔ ق

فق ۔ ا ۔ صفت ۔ خوف یا حیرت کے سبب چہرے کی رنگت کا بدل جانا ۔ زرد ۔ سفید ۔ ہکا ۔ بکا ٭

فق پڑ جانا ۔ ہو جانا یا ہونا ۔ ا ۔ خوف یا حیرت سے چہرے کا رنگ اڑ جانا ۔ ہوائیاں اڑنے لگنا ٭

فق فق ۔ ا ۔ صفت ۔ حیران پریشان ۔ ہوائیاں سی اڑتی ہوئی ۔ بے رونق ٭

فقدان ۔ ع ۔ مذکر ۔ گم ہونا ۔ کھویا جانا ۔ بھول ٭

فقر ۔ ع ۔ مذکر ۔ حاجت ۔ محتاجی ۔ درویشی ۔ فقیری غریبی ٭

فقر و فاقہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ تنگی ۔ ترشی ۔ بھوک پیاس ۔ غریبی ٭

فقرا ۔ ع ۔ مذکر ۔ فقیر کی جمع ٭

فقروں میں آنا ۔ ا ۔ باتوں میں آنا ۔ دھوکا کھانا ۔ فریب میں آنا ٭

فقرہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ریڑھ کی ہڈی ۔ عبارت کا ٹکڑا ۔ جملہ ۔ ا ۔ جھانسا ۔ فریب ٭

فقرہ باز ۔ صفت ۔ چالباز ۔ دھوکے باز ۔ فریبی ٭

فقرہ بتانا ۔ ا ۔ جھانسا دینا ۔ کوئی جھوٹی بات گھڑنا ۔ شگوفہ چھوڑنا ٭

فقرہ بنانا یا گھڑنا ۔ ا ۔ کوئی بات دل سے گھڑنا ۔ گپ اڑانا ۔ دھوکا دینا ٭

فقرہ چلنا ۔ ا ۔ دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔ چال بن پڑنا ۔ گپ اڑانا ٭

فقرہ دینا ۔ جھانسا دینا ۔ چال چلنا ٭

فقرے ۔ ا ۔ مذکر ۔ فقرہ کی جمع ٭

فقرے بازی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ چالاکی چھل بل ۔ ٹھگ بازی ٭

فقرے بازیاں کرنا ۔ ا ۔ باتیں بنانا ۔ چالیں چلنا ٭

فقرے بنانا ۔ ا ۔ لفظوں کو جوڑ کر جملے بنانا ۔ دل سے باتیں گھڑنا ٭

فقرے بندی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ تک بندی ۔ فقرے جوڑنا ٭

فقرے تراشنا ۔ ا ۔ جھانسے دینا ۔ جھوٹی باتیں گھڑنا ٭

فقرے ڈھالنا ۔ سنانا یا کہنا ۔ ا ۔ طعنہ مارنا ۔ چبھتی ہوئی کہنا ٭

فقط ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ صرف ۔ تنہا ۔ اکیلا ۔ نرا (صفت) ۔ بس ۔ کافی ۔ (مذکر) خاتمہ ٭

فقہ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دریافت ۔ علم ۔ واقفیت ۔ (مجازاً) علم دین

فقہا ۔ ع ۔ مذکر ۔ فقیہ کی جمع ۔ علم دین کے جاننے والے ٭

فقیر ۔ ع ۔ مذکر ۔ گدا ۔ بھکاری ۔ بھیک منگا ۔ ا ۔ نادار غریب ٭

فقیر دوست ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ شخص جو درویشوں کو مانے اور ان سے تعلق رکھے ٭

فقیر بنا دینا یا کر دینا ۔ ا ۔ غریب بنا دینا کنگال کر دینا ۔ لوٹ لینا ٭

فقیر کی صورت سوال ہے ۔ ا ۔ فقرہ ۔ محتاج کی صورت سے اس کی ضرورت ٹپکتی ہے ٭

فقیر ہو جانا ۔ ا ۔ جوگ لے بیٹھنا ۔ نادار ہو جانا ۔ محتاج ہو جانا ٭

فقیرانہ ۔ ع ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ محتاجوں اور درویشوں کی مانند ۔ درویشانہ ٭

فقیرنی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ بھیک مانگنے والی عورت ۔ کنگلی ٭

فقیری ۔ ع ۔ ف ۔ مؤنث ۔ درویشی ۔ گدائی ۔ غریبی ۔ کنگلاپن (صفت) فقیر سے متعلق ٭

فقیری شیر کا بڑ فع ہے ۔ ا ۔ کہاوت ۔ فقیر کا بہت بڑا مرتبہ ہے ۔ اس میں بڑے بڑے کام نکل آتے ہیں ٭

فقیری ٹٹکا ۔ ا ۔ مذکر ۔ درویشی چٹکلہ سہل نسخہ چھو منتر ٭

فقیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ علم دین سے واقف ۔ دھرم شاستر کا عالم ٭

ف ۔ ک

فک ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دو باہم ملی ہوئی چیزوں کا علیحدہ کرنا ۔ رہائی ۔ خلاصی (نحو) وہ اضافت جو پڑھنے میں نہ آئے ٭

فکِّ اضافت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ اضافت کا چھوڑنا ۔ اضافت نہ پڑھنا ؞

فکُّ الرّہن ۔ ع ۔ مذکر ۔ رہن کی ہوئی چیز کو چھڑانا ؞

فِکر ۔ ع ۔ مؤنث و مذکر ۔ سوچ ۔ بچار ۔ اندیشہ ۔ چنتا ۔ اخیال دھیان ۔ غم ۔ رنج ۔ غور ۔ پروا ۔ حاجت ۔ تدبیر ۔ ٹھکانا ؞

فکر کرنا ۔ ۱ ۔ سوچنا ۔ بچارنا ۔ تدبیر کرنا ۔ غم کرنا ۔ چنتا کرنا ؞

فکرِ معاش یا معیشت ۔ ع ۔ مذکر ۔ روٹی کمانے کی فکر اور سوچ ۔ روزی کی سوچ ؞

فکرمند ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ چنتا رکھنے والا ۔ غمگین ؞

فکرمندی ۔ ۱ ۔ مؤنث ۔ فکر ۔ خیال ۔ سوچ ۔ بچار ؞

ف ۔ گ

فگار ۔ ف ۔ صفت (مرکبات میں) زخمی ۔ گھائل ۔ آزردہ ؞

ف ۔ ل

فَلاح ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کامیابی ۔ بہتمندی ۔ آرام ۔ نیکی ۔ خیر نجات ۔ سلامتی ۔ خوبی ؞

فلاح کو پہنچنا ۔ ۱ ۔ بھلائی حاصل کرنا ۔ نیکی کمانا ۔ پھل پانا مراد کو پہنچنا ؞

فَلاحت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ زراعت ۔ کھیتی باڑی ؞

فلاخن ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گوپیا ۔ گوپھن ؞

فلاسفہ ۔ ف ۔ (یونانی الاصل) ۔ مذکر ۔ فلسفی کی جمع ۔ ایک معجون کا نام ؞

فلاطون ۔ (یونانی) مذکر ۔ یونان کا ایک نہایت مشہور حکیم افلاطون ؞

فلاکت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مفلسی ۔ غریبی ۔ نحوست ۔ شامت ۔ بپتا ؞

فلاکت زدہ ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ مصیبت کا مارا بدنصیب کنگال ؞

فُلاں ۔ ع ۔ مذکر ۔ شخص ۔ فرضی ۔ امکا ڈھمکا ۔ عمرو زید کوئی ایک ۔ کوئی ۔ وہ ۔ وہ آدمی ؞

فُلانا ۔ ۱ ۔ مذکر ۔ فلاں شخص ۔ وہ آدمی ؞

فُلانی ۔ ۱ ۔ مؤنث ۔ فلاں عورت وہ عورت ۔ امکی ڈھمکی ؞

فِلزّات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ فلز کی جمع ۔ دھاتیں ؞

فَلَس ۔ ع ۔ مذکر ۔ تانبے کا سکہ ۔ پیسہ ۔ مچھلی کا چھلکا ؞

فَلسفہ ۔ (یونانی) مذکر ۔ حکمت ۔ دانائی ۔ اتم جوگ ؞

فَلسفی ۔ (یونانی الاصل) صفت ۔ فلسفہ جاننے والا ۔ بھید جاننے والا

فلالین ۔ (انگ) مؤنث ۔ ایک ملائم اور گرم کپڑا ؞

فلس کیپ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ایک خاص پیمانہ کا کاغذ ؞

فِلفِل ۔ (معرب پپل) مؤنث ۔ مرچ ؞

فَلَک ۔ ع ۔ مذکر ۔ آسمان ۔ اکاس ؞

فلک الافلاک ۔ ع ۔ مذکر ۔ سب آسمانوں کا آسمان ۔ عرش

فلک پر چڑھانا ۔ ع ۔ آسمان پر چڑھانا ۔ نہایت عزت بخشنا ؞

فلک پر دماغ ہونا ۔ ۱ ۔ نہایت مغرور ہونا ۔ اترانا ؞

فلک پر دن کو تارے نظر آنا ۔ ۱ ۔ نہایت تیز نظر ہونا دن کو نہایت اندھیرا چھانا ۔ رنج کا یا مصیبت کا وقت آنا ؞

فلک پر سر کھینچنا ۔ ۱ ۔ نہایت بلند اور اونچا ہونا ؞

فلک سیر ۔ ۱ ۔ مؤنث ۔ مہادیو کی بوٹی ۔ بھنگ ۔ سکھا ؞

فلک کو خبر نہ ہونا ۔ ۱ ۔ نہایت بے خبری ہونا ۔ از حد بے خبر ہونا

فلک نظر آنا ۔ ۱ ۔ ایسی مصیبت پڑنا کہ خدا یاد آجائے ؞

فلک یاد آنا ۔ ۱ ۔ مصیبت یاد آنا ۔ موت نظر آنا ۔ خدا دکھائی دینا ؞

فَلَکی ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ فلک سے متعلق ۔ آسمانی ؞

فُلوس ۔ ع ۔ مذکر ۔ فلس کی جمع ۔ تانبے کے سکے (ہندوستانی اسے مفرد بولتے ہیں) ؞

فِلولجی ۔ (انگ) مؤنث ۔ زبان کا علم ۔ زبان کی تحقیق ؞

فَلیتہ ۔ ۱ ۔ مذکر ۔ بتی ۔ پلیتہ ۔ توپ یا بندوق کا توڑا ۔ تعویذ کی بتی ؞

فلیتہ جلانا ۔ ۱ ۔ آسیب زدہ کے سامنے تعویذ کی بتی جلانا ؞

فلیتہ دینا یا جلانا ۔ ۱ ۔ آگ روشن کرنا ۔ آگ لگانا ؞

فلیتہ سنگھانا ۔ ۱ ۔ تعویذ یا جنتر کی دھونی دینا ؞

ف - م

فمّم - ع - مذکر - منہ - مُکھ ٭

ف - ن

فَن - ع - مذکر - طرح انداز - ڈھنگ - قسم - ف - گُن - ہنر - مکر - فریب ٭

فَن فریب - ف - مذکر - چھل بل - عیاری - مکاری ٭

فنا - ع - مؤنث - موت - ہلاکت - ناس - بربادی - صفت معدوم ٭

فنافی اللہ - ع - مذکر تلفظ - فنا - فِلّا - خدا تعالےٰ کی حقیقت اور معرفت میں ڈوب جانے کا رتبہ ٭

فنا ہو جانا - و - مٹ جانا - تباہ ہو جانا - عاشق ہو جانا - کسی پر مٹ جانا ٭

فنانشل - (انگ) صفت خزانہ اور ملک کی آمدنی کے متعلق ٭

فَنَد - ف - مذکر - مکر - فریب - پھندا ٭

فُندُق - ع - مؤنث - ایک میوے کا نام مجازاً معشوق کا لب یا انگلی کا سرخ سرا ٭

فَندُقیں لگانا - ا - انگلیوں کے سروں پر مہندی لگانا ٭

فنڈ - (انگ) مذکر - وہ نقد روپیہ جس کی آمدنی کسی خاص کام کے واسطے رکھی جائے ٭

فنون - ع - مذکر - فن کی جمع ٭

ف - و

فوّارہ - ع - مذکر - ابال - اچھال - پھہارا - پچکاری ٭

فواکہ - ع - مذکر - جمع فاکہ کی - میوے ٭

فوائد - ع - مذکر - فائدہ کی جمع ٭

فوت - ع - مؤنث - نیست ہونا - جاتا رہنا - موت - کال ٭

فوتی - ع + ف - صفت - مرا ہوا ٭

فوج - ع - مؤنث - گروہ - جتھا - بھیڑ - لشکر ٭

فوجِ بحری - ع - جنگی جہازوں کا بیڑا - سمندر میں جنگ کرنے والی فوج ٭

فوجِ برّی - ع - مؤنث - خشکی کی فوج - وہ فوج جو خشک زمین پر لڑے ٭

فوج بھرتی کرنا - ا - رنگروٹ بھرنا - سپاہی نوکر رکھنا ٭

فوجدار - ع + ف - مذکر - فوج کا افسر - کوتوال - مجسٹریٹ - ا - ہاتھی وان ٭

فوجداری - ع + ف - مؤنث - مجسٹریٹی - وہ محکمہ جہاں لڑائی جھگڑوں کے مقدمے طے ہوتے ہیں - ا - لڑائی - دنگا - جھگڑا ٭

فوجداری کرنا - و - دنگا فساد کرنا ٭

فوج کشی - ع + ف - مؤنث - چڑھائی - دھاوا - حملہ ٭

فوجی - ع + ف - صفت - فوج سے متعلق - لشکری ٭

فور - ہ - مذکر - وقت - گھڑی - جلدی - شتابی ٭

فوراً - ع - تابع فعل - جلدی سے - جھٹ پٹ - اسیوقت ٭

فوز - ع - مؤنث - کامیابی - مقصد کو پہنچنا ٭

فوطہ - ف - مذکر - پیٹی - ٹپکا - رومال - خراج - محصول - خزانہ - تھیلا - آنڈ ٭

فوطہ خانہ - ع + ف - مذکر - خزانہ - گنج ٭

فوطہ دار - ع + ف - مذکر - خزانچی - روکڑیا ٭

فوفل - (معرب پوپل) مؤنث - چھالیا - سپاری ٭

فوق - ع - صفت - اوپر - اونچا - (مذکر) بلندی - اونچائی - چوٹی - سبقت - ترجیح - بزرگی - بڑائی ٭

فوق العادت - ع - تابع فعل - عادت سے بڑھ کر - انسانی حد سے باہر ٭

فوق لے جانا - و - سبقت لیجانا - ترجیح رکھنا - بڑھ جانا ٭

فوقانی - ع - صفت - اوپر کا - اوپر والا ٭

فوقیت - ع - مؤنث - بڑائی - فخر - بزرگی - شان - خوبی - غلبہ ٭

فوقیت حاصل ہونا - ا - بڑائی ملنا - شرف پانا - عظمت پانا ٭

فوقیت لے جانا - ا - سبقت لے جانا - بڑھ جانا ٭

فولاد - ف - مذکر - ایک قسم کا لوہا - صفت سخت - کڑا - مضبوط ٭

فولادی - ف - صفت - فولاد کا بنا ہوا (مؤنث) بم کی چھڑ ۔

ف - ہ

فہرست - ف - مؤنث - چیزوں کی تفصیل کی فرد - لِسٹ - سوچی پتر ۔

فہم - ع - مؤنث - سمجھ - دریافت - دانائی - گیان - تمیز ۔

فہمایش - ف - مؤنث - ہدایت - نصیحت - سیکھ ۔

فہمایش کرنا - ا - سمجھانا - ہدایت کرنا - آگاہ کرنا ۔

فہمید - ف - مؤنث - سمجھ - عقل - رائے ۔

فہمیدہ - ف - صفت - سمجھ دار - ہوشیار - دانا ۔

فہو المراد - ع - جواب یا حصول شرط - پس مراد حاصل ۔

فہیم - ع - صفت - دانا - سمجھدار - ہوشیار - پدھون چتر ۔

ف - ی

فی - ع - حرف جر - اندر - بیچ - بھیتر - (صفت) ہر - ہر ایک - ا - مؤنث - نقص - کمی - داغ - دھبہ - دوش - دغا - فریب ۔

فی البدیہہ - ع - تابع فعل - بے سوچ - فوراً - ترنت ۔

فی الجملہ - ع - تابع فعل - القصہ - الغرض - حاصل کلام - ا - تھوڑا سا - یونہی ۔

فی الحال - ع - تابع فعل - اب - اس وقت - اس گھڑی - ابھی ۔

فی الحقیقت - ع - تابع فعل - درحقیقت - واقعی - بے شک ۔

فی الفور - ع - تابع فعل - فوراً - ترنت - جلدی ۔

فی المثل - ع - تابع فعل - تمثیل کے طور پر - کہاوت میں یا بالفرض ۔

فی النار - ع - دعائے بد - دوزخ میں پڑے - جہنم میں جائے ۔

فی النار و السقر ہو جانا - ا - دوزخ کی آگ میں پڑنا - جل جانا ۔

فی النار ہونا - ا - کافر یا ظالم کا جہنم میں جانا - دفع ہونا ۔

فی الواقع - ع - تابع فعل - فی الحقیقت - دراصل ۔

فی امان اللہ - ع - تابع فعل - خدا حافظ - اللہ بیلی رخصت ہوتے وقت بولتے ہیں ۔

فی رہ جانا - ا - کمی رہ جانا - نقص رہ جانا ۔

فی زماننا یا فی زمانہ - ع - ع - ع - ف - تابع فعل - ان دنوں - آجکل ہمارے زمانہ میں ۔

فی سبیل اللہ - ع - تابع فعل - خدا کی راہ میں - خدا کے نام پہ ۔

فی سبیل اللہ کر دینا - ا - وقف کر دینا - خدا کے نام پر چھوڑ دینا ۔

فی کس - فی نفر یا فی آدمی - ع - ف - تابع فعل - آدمی پیچھے - آدمی سرے ۔

فی ما بین - ع - تابع فعل - دونوں کے بیچ میں - دونوں میں - آپس میں ۔

فی ما بینی و بین اللہ - ع - تابع فعل - میرے اور اللہ کے درمیان ۔

فی نکالنا - ا - عیب نکالنا - نقص نکالنا - اعتراض کرنا ۔

فی ہونا - ا - نقص ہونا - شبہ ہونا - دال میں کالا ہونا ۔

فیاض - ع - صفت - بہت خیرات کرنے والا - سخی - بڑا داتا ۔

فیاضی - ع - مؤنث - سخاوت - خیرات - بخشش - دان ۔

فیر - ا - مذکر - بندوق یا توپ کو آگ دینا ۔

فیر اٹھنا - ا - توپ یا بندوق کا چلنا - سر ہونا ۔

فیر کرنا - ا - سر کرنا - بندوق یا توپ چلانا ۔

فیروزہ - ف - مذکر ایک مشہور جواہر کا نام ہے ۔

فیروزی یا فیروزئی - ف - صفت - فیروزے کے رنگ کا نیلا ۔

فیس - (انگ) مؤنث - رسوم - اجرت - مزدوری - انعام - شکرانہ ۔

فیشن (انگ) مذکر - رسم - رواج - صورت - بناوٹ - طور - سج دھج - نمونہ - شال - کاریگری - ہنر - لباس - پہناوا ۔

فیشن ہونا - ا - رواج ہونا - رسم پڑنا ۔

فیصل - ع - مذکر - فیصلہ - نبیڑا - نیاو ۔

فیصل ہونا - ا - طے ہونا - فیصلہ ہونا - نبڑنا - چکنا ۔

فیصلہ - ع - مذکر - نیاؤ - نبیڑا ٭

فیصلہ ٹھہرنا - و - تصفیہ قرار پانا - نبیڑا ہونا ٭

فیصلہ کرنا - جھگڑا چکانا - مٹانا - برباد کرنا ٭

فیض - ع - مذکر - نفع - سخاوت - نیکی - دان ٭

فیض پہنچانا - و - فائدہ پہنچانا - نفع پہنچانا - بھلائی کرنا - سخاوت کرنا ٭

فیض رساں - ع + ف - صفت - فیض پہنچانے والا - سخی - داتا ٭

فیض عام - ع - مذکر - عام لوگوں کا فائدہ ٭

فیضی - ع - مذکر - شہنشاہ اکبر کے عہد کے مشہور شاعر اور حکیم شیخ ابوالفیض کا تخلص ٭

فیل - انگ - صفت - ناکامیاب - جو کام ہوا پیچھے رہا ہوا ٭

فیل - ا - مذکر - مکر - فریب - شرارت ٭

فِیل - ف - مذکر - ہاتھی - شطرنج کے ایک مہرے کا نام ٭

فیل بان - ف - مذکر - ہاتھی وان - مہاوت ٭

فیل پایہ - ف - مذکر - تھم - کھمبا - منارہ - لاٹھ ٭

فیل خانہ - ف - مذکر - ہاتھیوں کا طویلہ ٭

فیل مرغ - ف - مذکر - پیرو - ایک قسم کے مرغ کا نام ٭

فیلہ - ف - مذکر - شطرنج کے ایک مہرے کا نام ٭

فیلسوف - (یونانی) مذکر - حکیم - دانش مند - عالم - پنڈت - ا - مکار - فریبی - دغاباز ٭

فیلسوفی - و - مؤنث - مکاری - چالاکی - شرارت ٭

فیلقوس - یونانی - مذکر - سکندر اعظم کے باپ کا نام ٭

فیلی یا فیلیا - ا - صفت - مکار - فریبی - دغاباز ٭

فیملی - (انگ) مؤنث - کنبہ - قبیلہ - بال بچے ٭

ق - ع - مذکر - اردو الف - بے - تے کا اکیسواں حرف

ق - ا

قاآن - ت - مذکر - بڑا عادل سخی اور عاقل بادشاہ شہنشاہ چین کا لقب چنگیز خاں کے بیٹے کا نام

قاب - ت - مؤنث - چینی کا بڑا طباق - بتھال - ع - کمان کی موٹھ سے لیکر گوشہ تک کا فاصلہ ٭

قابَ قوسین - ع - مذکر - دو کمان کا فاصلہ - دو ہاتھ کا فاصلہ

قابض - ع - مذکر - قبضہ کرنے والا - گھیرنے یا سمیٹنے والا - و - پیٹ میں اڑ کرنے والی چیز ٭

قابض ارواح - ع - مذکر - روح قبض کرنے والا یعنی قضا کا فرشتہ - جم دوت ٭

قابل - ع - صفت - مناسب - ہوشیار آدمی - دانا - قبول کرنے والا - (ا) لکھا پڑھا - عالم (مذکر) لایق شخص ہوشیار آدمی (تابع فعل) لایق ٭

قابلِ التفات - ع - صفت - توجہ کرنے کے لایق - دھیان دینے کے لایق ٭

قابلِ تسلیم - ع - صفت - قبول کرنے اور ماننے کے لایق ٭

قابلِ نکاح - ع - صفت - شادی کرنے کے لایق - جوان - بالغ

قابلہ - ع - مؤنث - ہوشیار عورت - بچہ جنانے والی عورت دائی ٭

قابلیت - ع - مؤنث - لیاقت - شائستگی - دانائی - سمجھ - ا - مادہ ٭

قابو - ت - مذکر - فرصت - مہلت - داؤ - گھات - زور طاقت - ا - حکم - اختیار - پیچ ٭

قابو پانا - و - قدرت پانا - اختیار پانا - مہلت پانا - بدلہ لینا

قابو پر چڑھنا یا قابو چڑھنا - و - بس میں آنا - داؤ پر چڑھنا ٭

قابو چلانا - و - اختیار چلانا - حکم چلانا - گھات لگانا ٭

قابو سے باہر ہونا یا نکلنا - ا - بس کا نہ رہنا - آپے میں رہنا ٭

قابو کا نہ ہونا - ا - بس کا نہ ہونا - اختیار کا نہ ہونا ٭

قابو کرنا - و - بس میں کرنا - اختیار میں کرنا - داؤ میں لانا ٭

قابو میں آنا - ا - بس میں آنا - داؤ پر چڑھنا ۔
قابو میں رکھنا - ا - بس میں رکھنا - اختیار میں رکھنا - کنبے میں رکھنا ۔
قابو میں کرنا یا لانا - (ا) بس میں لانا - داؤ میں لانا ۔
قابوچی - ت - مذکر - دربان - کمینہ - خودغرض - حرامزادہ - ذلیل
قابیل - (سریانی) مذکر - حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام ۔
قاتِل - ع - مذکر - قتل کرنے والا - خونی - جلاد (صفت) ہلاک کرنے والا ۔
قاجار یا قاچار - ت - ایران کا ایک شاہی خاندان ۔
قادِر - ع - صفت - قدرت رکھنے والا - طاقت رکھنے والا - بلوان - خدا تعالے کا صفاتی نام ۔
قادر انداز - ع - ف - مذکر - ٹھیک نشانہ لگانے والا - نشانچی -
قادِرِ مُطلق - ع - مذکر - پوری پوری قدرت والا - خدا تعالے ۔
قارورہ - ع - مذکر - شیشی - پیشاب - بول - برچھی یا تیر کا پھل ۔
قارون - ع - مذکر - ایک مشہور کیمیاگر جس کو خدا کے حکم سے زمین میں دھنسا دیا ۔
قارون کا خزانہ - ا - مذکر - مجازاً بہت بڑا خزانہ ۔
قاری - ع - مذکر - پڑھنے والا - وہ شخص جو علم قرأت سے واقف ہو ۔
قاز - ت - مؤنث - ایک مشہور پرند کا نام - راج ہنس ۔
قاسِم - ع - مذکر - تقسیم کرنے والا - بانٹنے والا ۔
قاش - ت - مؤنث - پھانک - ٹکڑا - امرود - بہی وغیرہ
قاش زین - ت + ف - مذکر - زین کے آگے اور پیچھے کے نیچے
قاش قاش کرنا - ا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھانک پھانک کرنا ۔
قاصِد - ع - مذکر - ارادہ کرنے والا - ہرکارہ - دوت - ایلچی
قاصِر - ع - صفت - کوتاہی کرنے والا - کمی کرنے والا - قصور کرنے والا - مجبور - ناچار ۔
قاضی - ع - مذکر - جھگڑا چکانے والا - جج - ادا کرنے والا - نکاح پڑھنے والا ۔

قاضی الحاجات - ع - مذکر - حاجت روا کرنے والا - مجازاً خدا تعالے ۔
قاضی القضاۃ - ع - مذکر - قاضیوں کا قاضی - بڑا قاضی - چیف جسٹس ۔
قاضی جی اپنا آگا تو ڈھانکو، پیچھے کسی کو نصیحت کرنا - ا - کہاوت - بڑا آدمی پہلے اپنا اخلاق درست کرے پھر دوسرے کو نصیحت کرے ۔
قاضی جی دبلے کیوں ہوئے - شہر کے اندیشے سے - ا - کہاوت - ناحق دوسروں کے غم میں رہنے والے کی نسبت بولتے ہیں ۔
قاضی جی کے گھر کے چوہے بھی سیانے - ا - کہاوت - حاکم یا امیر کے گھر کے ادنے ملازم بھی سمجھدار ہوتے ہیں ۔
قاضی جی کا پیادہ گھوڑے سوار - ا - کہاوت - حاکم کا ملازم جلدی ہی کرتا ہوا آتا ہے ۔
قاضی جی کی لونڈی مری سارا شہر آیا - قاضی جی مرے کوئی نہ آیا - ا - کہاوت - جیتے جی سب کی خاطر ہوتی ہے -
قاضی فلک - ع - ف - مذکر - مشتری ستارہ - برہسپت ۔
قاضی گلہ نہ کرے گا - ا - محاورہ - کوئی مزاحم نہ ہوگا - کچھ قباحت نہ ہوگی ۔
قاضی نیاؤ نہ کرے گا - تو گھر نوا نے دیگا - ا - کہاوت - اگر فائدہ نہ ہوا تو کچھ نقصان بھی نہیں ۔
قاطِع - ع - صفت - قطع کرنے والا - کاٹنے والا ۔
قاعِدہ - ع - مذکر - بنیاد - جڑ - دستور - قانون - پیندا (اقلیدس) - مثلث کے راسی زاویہ کے مقابل کا ضلع - ا - طور - عادت - حروف تہجی کا رسالہ ۔
قاعدہ باندھنا - ا - دستور ٹھہرانا - قانون باندھنا - گرو مقرر کرنا - عادت ڈالنا ۔
قاعدہ جاری کرنا - ا - قانون جاری کرنا - دستور باندھنا
قاعدہ دان - ع + ف - مذکر - رسم و رواج سے واقف

مجلس کے علم سے واقف ٭

قاعدہ کا پابند ہونا ۔ ا ۔ قانون پر چلنا ۔ اصول پر چلنا ٭

قاعدہ کلیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ عام قاعدہ ۔ گر ۔ اصول ٭

قاعدہ کی بات ہے ۔ و ۔ محاورہ ۔ عام بات ہے ۔ عام دستور ہے ۔

قاف ۔ ع ۔ مذکر ۔ عربی کا اکیسواں حرف ۔ ایک پہاڑ کا نام ٭

قافلہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ مسافروں یا تاجروں کا گروہ ۔ جاتریوں کا گروہ ٭

قافلہ سالار ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ قافلہ کا سردار ٭

قافیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ردیف سے پہلے کا لفظ یا حرف ٭

قافیہ بندی یا قافیہ پیمائی ۔ ع + ف مؤنث ۔ شعر کے مضمون سے غرض نہ رکھ کر صرف تک جوڑ دینا ۔ تک بندی ٭

قافیہ تنگ کرنا ۔ و ۔ گفتگو میں عاجز کر دینا ۔ دوسرے شخص کے واسطے مقابلہ کی صورت میں کوئی قافیہ نہ چھوڑنا تنگ کرنا ۔ عاجز کرنا ٭

قافیہ تنگ ہونا ۔ و ۔ قافیہ نہ ملنا ۔ گفتگو میں عاجز آنا ۔ تنگ آنا ۔ دق ہونا ٭

قافیہ ملانا ۔ ر ۔ تک سے تک ملانا ۔ تک جوڑنا ۔ یارانہ کرنا ٭

قاق ۔ ت ۔ مذکر ۔ سوکھا ہوا گوشت (مجازاً) نہایت دبلا ۔ لاغر ٭

قاقا ۔ ع ۔ مذکر ۔ عرب کے جنگلی کوے کی آواز ٭

قاقلہ ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بڑی الائچی ٭

قاقم ۔ ت ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا نیولا جس کی پشم نہایت سفید اور ملائم ہوتی ہے ٭

قال ۔ ع ۔ مذکر ۔ گفتگو ۔ بات چیت ۔ قول ٭

قال و مقال ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بہت سی بحث اور تکرار ٭

قالب ۔ ع ۔ مذکر ۔ سانچا ۔ ڈھانچا ۔ پنجر ۔ جسم ٭

قالب بدلنا ۔ ا ۔ چولا بدلنا ۔ دوسرا جسم اختیار کرنا ٭

قالی یا قالین ۔ ت ۔ مؤنث ۔ غالیچہ ۔ ایک قسم کا بچھونا ٭

قامت ۔ ع ۔ مذکر ۔ قد ۔ ڈیل ۔ جسم ٭

قاں ۔ ا ۔ مؤنث ۔ بطخ کی آواز ٭

قانع ۔ ع ۔ صفت ۔ تھوڑی چیز پر قناعت کرنیوالا ۔ سنتوکھی

قانون ۔ (یونانی) مذکر ۔ آدہ ۔ جڑ ۔ بنیاد ۔ رول ۔ مسطر قاعدہ ۔ رواج ۔ ڈھنگ ۔ ایک باجے کا نام ٭

قانون پر چلنا ۔ ا ۔ ضابطہ کا پابند ہونا ۔ ضابطہ کے موافق کارروائی کرنا ٭

قانون چھانٹنا ۔ و ۔ خواہ مخواہ حجت نکالنا ۔ دلیلیں کرنا ٭

قانون دان ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ وہ شخص جو قانون سے واقف ہو

قانون دانی ۔ و ۔ مؤنث ۔ قانون کی واقفیت ٭

قانون دیوانی ۔ ا ۔ مذکر ۔ سرکاری ضابطہ جو لین دین کے متعلق ہو ٭

قانون گو ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ پرگنہ کا رجسٹرار ۔ صدر پٹواری ٭

قانون گوئی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ قانون گو کا عہدہ ٭

قانون مال ۔ ع ۔ مذکر ۔ زمین کے لگان اور محصول کا ضابطہ ٭

قانوناً ۔ ع ۔ تابع ۔ قانون کے رو سے ٭

قانونی ۔ و ۔ صفت ۔ قانون بنانے والا ۔ قانون جاننے والا ۔ جھگڑالو ۔ قانون کے رو سے ٭

قانونیا ۔ و ۔ مذکر ۔ قانون جاننے والا ۔ جھگڑالو ۔ تکراری ٭

قاہر ۔ ع ۔ صفت ۔ قہر کرنے والا ۔ ظلم ڈھانے والا ۔ طاقتور ٭

قاہرہ ۔ ع ۔ صفت ۔ مؤنث ۔ فتح کرنیوالی ۔ مصر کے دار الخلافہ کا نام

قابزہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ لنگوٹہ ۔ لگام ٭

قابزہ کرنا ۔ ا ۔ گھوڑے کے منہ میں دہانہ چڑھا کر لگام کے تسمہ کو دُم سے باندھ دینا ۔ لنگوٹہ باندھنا ٭

قائل ۔ ع ۔ صفت ۔ کہنے والا ۔ بولنے والا ۔ قبول کرنے والا ۔ ماننے والا ٭

قائل کرنا ۔ یا قائل معقول کرنا ۔ و ۔ لاجواب کرنا ۔ جھوٹا ثابت کرنا ۔ کسی شخص سے اس کی خطا منوانا ٭

قائل ہونا ۔ و ۔ ماننا ۔ اپنی خطا کو تسلیم کرنا ٭

قائم ۔ ع ۔ صفت ۔ کھڑا ۔ سیدھا ۔ مضبوط ۔ پائیدار ۔ برقرار شطرنج میں حریفوں کا برابر رہنا ٭

قائم اٹھنا ۔ ا ۔ شطرنج میں برابر کی بازی رہنا ٭

قائم النار ۔ ع ۔ مذکر ۔ آگ پر ٹھہرا ہوا پارہ ٭

قائم انداز ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ اپنی بازی کو قائم اور برقرار رکھنے والا ۔ نشانہ باز ٭

قائمِ بالذات - ع - صفت - وہ چیز جو اپنی ذات میں قائم اور برقرار ہو - آزاد - مختار ❖
قائمِ بالغیر - ع - صفت - دوسری چیز کے سہارے پر قائم رہنے والا ❖
قائم کرنا - ا - بنیاد رکھنا - جڑ قائم کرنا - بنانا - تعمیر کرنا - مقرر کرنا - پکا کرنا - مضبوط کرنا ❖
قائم مزاج - ع - صفت - ثابت قدم - بات کا پورا ❖
قائم مزاجی - ع - ف - استقلال - مضبوطی - ثابت قدمی ❖
قائم مقام - ع - مذکر - دوسری جگہ پر کام کرنے والا - وکیل - خلیفہ ❖
قائم مقامی - ع - ف - مؤنث - نیابت - وکالت - سربراہ کاری ❖
قائمہ - ع - مذکر - نوے درجہ کا زاویہ ❖

ق - ب

قبا - ع - مؤنث - ایک قسم کا کھلا ہوا جامہ ❖
قباحت - ع - مؤنث - برائی - خرابی - عیب - دوش - خطا - قصور - مشکل - مصیبت ❖
قباحت نکالنا - ا - نقص نکالنا - برائی ثابت کرنا ❖
قباحت ہونا - ا - خرابی ہونا - برائی ہونا - دشواری ہونا ❖
قبالہ - ع - مذکر - تمسک - بیعنامہ - مکان کا کاغذ یا سند ❖
قبالہ لکھوانا - ا - قبضہ کرنا - گھر کا مالک بن جانا ❖
قبالہ لینا - ا - کسی مکان یا جاگیر یا جائیداد پر قبضہ کرنا ❖
قبالہ نویس - ع - ف - مذکر - وہ شخص جسکا پیشہ تمسک اور بیعناموں کا لکھنا ہو ❖
قبالۂ نیلام - ا - مذکر - وہ ملکیت کی سند جو نیلام کرنیوالے کی طرف سے ملے ❖
قبالے - ا - مذکر - قبالہ کی جمع ❖
قبالے آگے دھرنا - ا - مکانات کا قبضہ دینا - گھر بار حوالے کرنا ❖
قبالے لے ڈالنا - ا - قبضہ کر لینا - قابو پا لینا - عاجز کر دینا ❖
قبائل - ع - مذکر - قبیلہ کی جمع ❖
قبح - ع - مؤنث - برائی - نقص - عیب ❖
قبر - ع - مؤنث - وہ گڑھا جس میں مردے کو دفن کرتے ہیں ❖
قبر پر قبر نہیں ہوتی - ا - کہاوت - قرض پر قرض نہیں ❖
قبر سلامی - ا - مؤنث - وہ قیمت جو مالک زمین کو اس کی ملکیت میں قبر بنانے کے عوض دیجاتی ہے ❖
قبر کا تعویذ - ا - مذکر - وہ پتھر جو قبر کی نشانی کے لئے رکھدیتے ہیں ❖
قبر کا تعویذ بننا یا ہونا - ا - محبت کے باعث کسی کی قبر پر پڑا رہنا ❖
قبر کا منہ جھانک کر آنا - ا - مرمر کر بچنا - خدا خدا کرکے تندرست ہونا ❖
قبر کھود کر لانا - ا - جہاں ہو وہاں سے لانا - پتال سے ڈھونڈ کر لانا ❖
قبر کھودنا - ا - مردے کے واسطے کھودنا - مارتے مارتے جان نکال ڈالنا ❖
قبر کے مردے اکھاڑنا - پرانے جھگڑے نکالنا - مردوں کا عیب ظاہر کرنا ❖
قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا - ا - مرنیکو تیار کرنا ❖
قبر سے اٹھا لینا - ا - قبر سے نکال کر سزا دینا - قبر میں بھی نہ چھوڑنا ❖
قبر سے نکل کر آنا - ا - مردوں کی صورت بنا کر آنا - ذرا دبلی شکل ہو جانا ❖
قبرستان - ع - ف - مذکر - وہ جگہ جہاں مردے دفن ہوتے ہیں ❖
قبض - ع - مذکر - دبوچ - سمیٹ - قابو - بس ❖
قبض الوصول - ع - مذکر - رسید کا رجسٹر ❖
قبض بالجبر - ع - مذکر - زبردستی قبضہ کر لینا - ناجائز طور سے مالک بن جانا ❖

قبض کرنا - پیٹ میں اڑ کرنا - نکالنا ۔

قبضہ - ع - مذکر - تلوار کی موٹھ - دستہ - پنجہ - ا - دخل - بازو - مداخلت - قابو ۔

قبضہ اٹھنا - ا - دخل اٹھنا - اختیار میں نہ رہنا ۔

قبضہ پانا - ا - دخل پانا - قابو پانا ۔

قبضہ پر ہاتھ ڈالنا - ا - تلوار سونتنے کے لئے موٹھ پر ہاتھ لیجانا - دوسرے شخص کی تلوار کا قبضہ پکڑ لینا ۔

قبضہ پر ہاتھ رکھنا - ا - کسی کو قتل کرنے کے واسطے تلوار کی موٹھ پر ہاتھ ڈالنا ۔

قبضہ کرنا - ا - دخل کرنا - چھین لینا - مالک بن بیٹھنا ۔

قبضے میں آنا - ا - لازم - قابو میں آنا - بس میں آنا - ہاتھ چڑھنا ۔

قبضے میں رہنا - ا - قابو میں رہنا - پاس رہنا - کہنے میں رہنا ۔

قبل - ع - تابع فعل - پہلے - آگے - (مذکر) گھیرا ۔

قبل از آنکہ - ع + ف - تابع فعل - پہلے اس سے کہ ۔

قبل ازیں - ع + ف - تابع فعل - اس سے پہلے ۔

قبلہ - ع - مذکر - سامنے یا مقابل کی چیز - وہ سمت جدھر نماز پڑھتے وقت رخ کریں - (تعظیم کا کلمہ) حضرت - جناب ۔

قبلۂ حاجات - ع - مذکر - دوسروں کی ضرورتوں کو پورا کرنیوالا - ایک عزت کا کلمہ ۔

قبلہ رو - ع + ف - مذکر - جسکا منہ قبلہ کی طرف ہو - قبلہ کی سمت ۔

قبلۂ عالم - ع - مذکر - جہاں کا بزرگ - بادشاہوں کا لقب ۔

قبلۂ کونین - ع - مذکر - دین اور دنیا کے بزرگ - والد بزرگوار - پتا ۔

قبلہ گاہ - ع + ف - مذکر - قبلہ کی جگہ - پتا - باپ ۔

قبلہ نما - ع + ف - مذکر - ایک کمپاس جس سے قبلہ کی سمت معلوم ہوتی ہے ۔

قبلہ و کعبہ - ع - مذکر - عزت اور تعظیم کا کلمہ ۔

قبور - ع - مذکر - قبر کی جمع - کاٹھی میں پشتوں کے رکھنے کی جگہ ۔

قبول - ع - مذکر - تسلیم - منظور - پسند ۔

قبول صورت - ا - صفت - خوبصورت - حسین ۔

قبول کرنا - ا - ماننا - منظور کرنا - پسند کرنا - ہامی بھرنا ۔

قبولنا - (مزعو) پسند کرنا - منظور کرنا - اقبال کرنا ۔

قبولی - ف - مؤنث - ایک قسم کا پلاؤ ۔

قبولیت - ا - مؤنث - قبول کرنا - منظوری - اقرار نامہ - راضی نامہ ۔

قبہ - ع - مذکر - برج - کلس - کنگرہ - گنبد ۔

قبیح - ع - صفت - بدصورت - بری شکل والا - شرم کے قابل ۔

قبیل - ع - مذکر - آدمیوں کا گروہ - قسم - جنس - خاندان - کنبہ ۔

قبیلہ - ع - مذکر - گروہ - ایک دادا کی اولاد - بیوی - استری ۔

قبیلہ پرور - ع + ف - صفت - اپنے کنبے کی پرورش کرنیوالا ۔

ق - ت

قتال - ع - مؤنث - جنگ - لڑائی - جدھ ۔

قتل - ع - مذکر - خون - ہلاکت - گھات ۔

قتل عام - ع - مذکر - عام لوگوں کو بغیر تمیز کئے جان سے مار ڈالنا ۔

قتل عمد - ع - مذکر - جان بوجھ کر مار ڈالنا ۔

قتل کا بیڑا اٹھانا - ا - کسی کے مارنے کا عہد کرنا - خون کرنے کی قسم کھانا ۔

قتلا - ا - مذکر - پھانک - ٹکڑا ۔

قتیل - ع - صفت - قتل کیا ہوا - شہید ۔

ق - ح

قحبہ - ع - مؤنث - فاحشہ عورت - رنڈی - بدکار عورت ۔

قحبہ خانہ - ع - ف - مذکر - بدکاری کا اڈا - فاحشہ عورتوں کے رہنے کا مکان ۔

قحط - ع - مذکر - تنگ - کال - کمی - کمیابی ۔

قحط پڑنا - ا - کال پڑنا - کمی ہونا ۔

قحط زدہ - ع + ف - صفت - کال کا مارا - بھوکا - کنگال ۔

ق - د

قد - ع - مذکر - قامت - جسم کی لمبائی ٭
قدآور - ع + ف - صفت - لمبے قد کا - لمبا ٭
قد نکالنا - ا - بچہ کا بڑھنا ٭
قدامت - ع - مؤنث - کہنگی - پُرانا پن - اگلا زمانہ ٭
قدح - ع - مذکر - بڑا پیالہ - شراب کا پیالہ - اعتراض - جرح ٭
قدح خوار یا قدح کش - ع + ف - صفت - بہت شراب پینے والا ٭
قدح کی خیر منانا - ا - اپنی بھلائی چاہنا ٭
قدح کرنا - ا - دعوے توڑنا - غلط ٹھہرانا - جرح کرنا ٭
قدر - ع - مؤنث - قضا - حکم - تقدیر - برابر - مساوی ٭
قدر - ع - مؤنث - اندازہ - جانچ - نصیب - روزی - قدرت - طاقت - عزت - آبرو ٭
قدر انداز - ع + ف - مذکر - وہ شخص جس کا تیر ٹھیک نشانہ پر بیٹھے ٭
قدردان - ع + ف - مذکر - قدر جاننے والا - عزت کرنے والا - سرپرست - بزرگ ٭
قدردانی - ع + ف - مؤنث - کسی کے ہنر کی قدر کرنا - گُن - گیانی - عزت ٭
قدر کرنا - ا - عزت کرنا - گُن ماننا ٭
قدر و منزلت - ع - مؤنث - عزت - آبرو - رتبہ - منصب - بزرگی ٭
قدرت - ع - مؤنث - طاقت - زور - حوصلہ - پہنچ - اختیار - خدائی طاقت ...... خدا تعالےٰ کی شان ٭
قدرت پانا - ا - طاقت پانا - حوصلہ پانا - مجال ہونا ٭
قدرت رکھنا - ا - زور رکھنا - شکتی رکھنا - لایق ہونا ٭
قدرت کاملہ - ع - مؤنث - پوری پوری طاقت - سرب شکتی ٭
قدرتی - ع + ف - صفت - اصلی - حقیقی - ذاتی ٭
قدرے - ع + ف - صفت - ذرا سا - تھوڑا سا ٭
قدس - ع - صفت - پاک - پوتر - (مذکر) عرب کے ایک پہاڑ کا نام (اسم) پاکیزگی - پوترتا ٭

قدسی - ع - صفت - پاک - پوتر - (مذکر) فرشتہ - نیک آدمی ٭
قدغن - ت - مؤنث - روک - ٹوک - منادی ٭
قِدَم - ع - مذکر - ہمیشگی - پرانا پن ٭
قَدَم - ع - مؤنث - پاؤں - پیر - وہ فاصلہ جو چلتے وقت ایک پاؤں سے دوسرے پاؤں تک ہو - رفتار - چال - پاؤں کا نقش - واسطہ - تعلق - ذات - دم - گھوڑے کی ایک چال - ایک سایہ دار درخت ٭
قدم اٹھا کر چلنا یا چلنا یا قدم اٹھانا - ا - پاؤں اٹھا کر چلنا - جلد - جلد چلنا ٭
قدم اٹھنا - ا - پاؤں اٹھنا - چلنا - حرکت کرنا ٭
قدم اُکھڑنا - ا - ٹھہر نہ رہ سکنا - چل نہ سکنا ٭
قدم باز - ا - صفت - جلد جلد چلنے والا - ایک انداز کے ساتھ چلنے والا ٭
قدم بقدم چلنا - ا - پیروی کرنا - کسی کا چال چلن اختیار کرنا - ساتھ ساتھ چلنا ٭
قدم بر داشتہ - ع + ف - تابع فعل - پاؤں اٹھائے ہوئے - تیز رفتاری سے - بھاگا بھاگ ٭
قدم بڑھانا یا آگے رکھنا - ا - آگے بڑھنا - اپنی حد سے بڑھنا - پاؤں اڑانا - مداخلت کرنا ٭
قدمبوس ہونا - ا - پاؤں چومنا - پاؤں پڑنا ٭
قدمبوسی - ع + ف - مؤنث - پاؤں چومنا - پاؤں پڑنا - پرنام ٭
قدم بھاری ہونا - کسی شخص کا کسی شخص پر نا مبارک ہونا - منحوس ہونا ٭
قدم پہ قدم رکھنا - ا - پیروی کرنا - کسی کی عادت اور طریق اختیار کرنا ٭
قدم پھسلنا - ا - پاؤں ڈگمگانا - استقلال میں فرق آنا - نیت بدلنا ٭
قدم پھیرے آنا - ا - مرنے سے پیشتر اخیر مرتبہ کسی جگہ پر جانا ٭
قدم جمانا - ا - ڈٹ کر کھڑا ہونا - جم کر رہنا ٭
قدم چومنا یا چھونا - ا - پاؤں چومنا ٭

قدم درمیان ہونا ۔ و ۔ واسطہ ہونا ۔ دخل ہونا ۔ بیچ میں پڑنا ٭
قدم دکھانا ۔ و ۔ چال دکھانا ۔ رفتار کا امتحان دینا ۔ رخصت ہونا ٭
قدم رکھنا ۔ و ۔ پاؤں رکھنا ۔ دخل دینا ۔ پاؤں اڑانا ۔ کسی کام کے کرنے کا دعوےٰ کرنا ۔ کسی کام میں پڑنا ۔ آنا ۔ تشریف لانا ۔ جانا ۔ تشریف لیجانا ٭
قدم قدم جانا یا چلنا ۔ و ۔ آہستہ آہستہ چلنا ۔ سہج سہج چلنا ٭
قدم کو ہاتھ لگانا ۔ و ۔ پاؤں چھونا ۔ متھا ٹیکنا ۔ عاجزی کرنا ٭
قدم گاڑنا ۔ و ۔ جم کر بیٹھنا ۔ پاؤں جمانا ٭
قدم لینا ۔ و ۔ پاؤں چھونا ۔ پاؤں چومنا ۔ استاد ماننا ۔ خوشامد کرنا ۔ استقبال کرنا ٭
قدم مارنا ۔ ا ۔ کوشش کرنا ۔ پیروی کرنا ۔ کسی کام میں پڑنا ۔ تیز جانا ٭
قدم نکالنا ۔ و ۔ گھوڑے کو چال سکھانا ۔ گھوڑے کو سدھانا ٭
قدم نہ پڑنا ۔ چل نہ سکنا ۔ پاؤں نہ اٹھنا ٭
قدمچہ ۔ ع + ف ۔ مذکر ۔ پاخانے کے اندر کا پایہ جس پر پاؤں رکھ کر بیٹھتے ہیں ٭
قدموں سے لگنا ۔ و ۔ پاؤں چومنا ۔ جدا نہ ہونا ۔ تحت رہنا ٭
قدموں لگی بلا ۔ و ۔ مؤنث ۔ ساتھ رہنے والی مصیبت ٭
قدوم ۔ ع ۔ مذکر ۔ قدم کی جمع ۔ کسی جگہ سے آنا ٭
قدیر ۔ ع ۔ صفت ۔ قدرت والا ۔ طاقتور ۔ خدا تعالےٰ کا نام ٭
قدیم ۔ ع ۔ صفت ۔ پرانا ۔ پراچین ۔ اگلے زمانہ کا ٭
قدیمی ۔ و ۔ صفت ۔ ہمیشہ کا ۔ سدا کا ۔ پرانا ٭

ق ۔ ر

قرابت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ نزدیکی ۔ رشتہ داری ۔ ناتہ ٭
قرابت دار ۔ ا ۔ مذکر ۔ رشتہ دار ۔ ناتہ کا ٭
قرابت داری ۔ و ۔ مؤنث ۔ رشتہ داری ۔ ناتہ ٭
قرابتی ۔ و ۔ صفت ۔ رشتہ کا ۔ ناتہ کا ۔ سنبندھی ٭
قرابہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ عرق رکھنے کا بڑا شیشہ ۔ صراحی ٭
قرابین ۔ ت ۔ مؤنث ۔ چوڑے منہ کی چھوٹی بندوق ٭

قرأت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پڑھنا ۔ حرفوں کا صحیح مخرج سے ادا کرنا ٭
قرار ۔ ع ۔ مذکر ۔ آرام ۔ ٹھہراؤ ۔ صبر ۔ دھیرج ۔ ا ۔ قول ۔ اقرار ٭
قرار آنا ۔ ا ۔ چین پڑنا ۔ جی ٹھہرنا ٭
قرار پانا ۔ و ۔ ٹھہرنا ۔ مقرر ہونا ۔ قول اقرار ہونا ٭
قرارداد ۔ ع + ف ۔ مؤنث ۔ عہد و پیمان ۔ قول و قرار ۔ شرط ۔ ٹھیکہ ۔ فیصلہ ۔ ریزولیوشن ٭
قرار دادِ جرم ۔ و ۔ مذکر ۔ مجرم پر ضابطہ کا حکم لگایا جانا ٭
قرار دینا ۔ و ۔ ٹھہرانا ۔ مقرر کرنا ۔ تجویز کرنا ٭
قرار واقعی ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ہر طرح سے ۔ جیسا چاہیے ٹھیک ٭
قرار و مدار ۔ ع ۔ مذکر ۔ عہد و پیمان ۔ قول و قرار ۔ بچن ٭
قراقر ۔ ع ۔ مذکر ۔ قرقرہ کی جمع ۔ پیٹ کے بولنے کی آواز ٭
قران ۔ ع ۔ مذکر ۔ نزدیکی ۔ قریب ہونا ۔ دو ستاروں کا ایک برج میں جمع ہونا ۔ لمبی مدت ٭
قران السعدین ۔ ع ۔ مذکر ۔ دو اچھے ستاروں کا سنجوگ ۔ نیک گھڑی ٭
قرآن ۔ ع ۔ مذکر ۔ خدا کا کلام ۔ مسلمانوں کی مقدس کتاب ٭
قرآن اٹھانا یا قرآن پر ہاتھ دھرنا یا رکھنا ۔ ا ۔ قرآن شریف کو ہاتھ میں لیکر قسم کھانا ٭
قرآن پر قرآن رکھنے کا کیا مضائقہ ۔ و ۔ کہاوت ۔ ہم قوم میں شادی ہونا کوئی عیب نہیں ٭
قرآن ٹھنڈا کرنا ۔ و ۔ قرآن کو زمین پر گرا دینا ۔ قرآن کا ہاتھ سے چھوٹ کر گر پڑنا ٭
قرآن درمیان دینا ۔ و ۔ قرآن کا واسطہ دینا ۔ قسم کھا کر وعدہ کرنا ٭
قرآن سر پر رکھنا ۔ ا ۔ دیکھو قرآن اٹھانا ٭
قرآن کا جامہ پہننا ۔ و ۔ اپنے آپ کو نہایت پارسا نیک اور صادق بتانا ٭
قرآن کا دور کرنا ۔ ا ۔ دو حافظوں کا باہم باری باری

سے ایک دوسرے کو قرآن سنانا ؛

قرآن کی مار - ا - مؤنث - عو - قرآن کی پھٹکار پڑے ؛

قرآن گردانناء ا - قرآن شریف کو بند کر کے رکھنا ؛

قرآن ہدیہ کرنا - ا - قرآن شریف فروخت کرنا ؛

قراول - ت - مذکر - بندوق سے شکار کھیلنے والا - وہ فوج جو لڑائی کے واسطے جگہ مقرر کرنیکو آگے جائے ؛

قرب - ع - مذکر - پاس - نزدیکی - رشتہ داری ؛

قرب و جوار - ع - تابع فعل - آس پاس - ارد گرد ؛

قربان - ع - مذکر - ذبح کیا ہوا صدقہ - بھینٹ - بلی - کمان رکھنے کا خانہ - قربان ہونا - صدقے - بلہاری ؛

قربان جانا - ا - واری جانا - صدقے ہونا - عاشق ہونا - جان دینا ؛

قربان کرنا - ا - نچھاور کرنا - نثار کرنا - وارنا ؛

قربان کروں - ا - نفرت کا کلمہ - عو - صدقے کروں - آگ لگاؤں - چولھے میں دوں ؛

قربان گاہ - ع - ف - مؤنث - ذبح کرنے کی جگہ - بلدان کرنے کی جگہ ؛

قربانی - ع + ف - مونث - بلدان - قتل - حلال ؛

قربانی کرنا - ا - ذبح کرنا - حلال کرنا ؛

قربت - ع - مونث - نزدیکی - پاس - رشتہ ؛

قرۃ العین - ع - مذکر - پانی کا ایک ساگ وہ چیز جس سے آنکھوں میں تراوت اور ٹھنڈک آئے - پیارا بیٹا ؛

قرح - ع - مذکر - زخم - گھاؤ ؛

قرحہ - ع - زخم جس میں پیپ پڑ گئی ہو - ناسور ؛

قرص - ا - مذکر - گھیرا - ٹکیا - منڈل - ایک چاندی کا سکہ - ایک قسم کی شیرینی ؛

قرض - ع - مذکر - دینا - ادھار مانگا ہوا ؛

قرض اٹھانا - و - ادھار لینا -

قرض حسنہ - ع - مذکر - بلا سود اور میعاد کے قرض یا کٹھ ادھار

قرضخواہ - ع - ف - مذکر - ادھار دینے والا ؛

قرضدار - ع + ف - مذکر - ادھار لینے والا ؛

قرضداری - ا - مونث - دینداری - ادھار ؛

قرض کھانا - ا - برا منانا - جانی دشمن ہونا ؛

قرض نکلوانا - ا - کوئی چیز گرو رکھ کر سودی روپیہ لینا ؛

قرضہ - مذکر - دینا - ادھار ؛

قرضہ چکانا - ا - قرض ادا کرنا ؛

قرطاس - ع - مذکر - کاغذ - پتر ؛

قرطاسِ غلط بردار - ع + ف - مذکر - ایک کھردرا کاغذ جس سے غلط لکھا ہوا صاف ہو جاتا ہے ؛

قرعہ - ع - مذکر - پانسہ ؛

قرعہ انداز - ع - مذکر - پانسہ پھینکنے والا - رمال ؛

قرعہ بازی - ع - ف - مونث - پانسہ پھینکنا ؛

قرعہ پھینکنا یا ڈالنا - و - پانسے کے ذریعے فال لینا ؛

قرق - ت - مذکر - نگہبانی - نگرانی - روک - ممانعت - ضبطی ؛

قرق کرنا - ا - ضبط کرنا - روکنا ؛

قرق نامہ - ت + ف - مذکر - ضبطی کا پروانہ ؛

قرقی - ا - مونث - ضبطی - روک - نگہبانی ؛

قرقی اٹھا لینا - ا - ضبطی چھوڑ دینا ؛

قرقی بٹھانا - ا - ضبطی کے مال پر پہرا بٹھانا - روک ٹوک کرنا - حکم چلانا ؛

قرقی کا پروانہ - ا - مذکر - ضبطی کا پروانہ - وارنٹ ضبطی ؛

قرم - ا - مذکر - بھڑوا - کٹنا ؛

قرمز - (معرب) - مذکر - ایک سرخ کیڑے کا نام - (صفت) سرخ - لال ؛

قرمزی - (معرب) (صفت) - سرخ - لال ؛

قرمساق - (ت) مذکر - وہ شخص جو اپنی بیوی کو دوسرے کے حوالے کر دے - بھڑوا - پاجی ؛

قرن - ع - مذکر - ستاروں کا ملاپ - جگ - عرصہ - بڑی مدت - حیوان کے سینگ ؛

قرنا - ع + ف - مذکر - سینگ کا بگل - تُرہی ؛

قرنبیق - ع - مذکر - عرق کھینچنے کا بھبکا ؛

قرنفل - (معرب) مذکر - کرن پھول - لونگ ✣

قرول - ا - مذکر - دیکھو قرادل ✣

قرولی - ا - مذکر - شکاری کا چاقو - پہرے دار - سنتری ✣

قریب - ع - تابع فعل - پاس - نزدیک - لگ بھگ ✣

قریب الفہم - ع - صفت - جلد سمجھ میں آجانے والا ✣

قریب المرگ - ا - صفت - مرنے کے قریب پہنچا ہوا - کوئی دم کا مہمان ✣

قریب قریب - ا - تابع فعل - پاس پاس - لگ بھگ ✣

قریش - ع - مذکر - عرب کے ایک مشہور قبیلے کا لقب ✣

قریشی - ع - صفت - قریش قبیلہ کا ✣

قرین - ع - صفت - قریب - پاس - ملا ہوا - (صفت) مانند - نظیر - (مذکر) پاس رہنے والا - دوست ✣

قرینہ - ع - مذکر - دو چیزوں کا ملنا - ڈھنگ - طور - سلیقہ - ترتیب - قیاس ✣

قرینے سے لگانا - ا - ڈھنگ اور ترتیب سے رکھنا - جوڑ کر رکھنا ✣

ق - ز

قزاق - ت - مذکر - ڈاکو - دھاڑی - لٹیرا ✣

قزاق اجل - ت + ع - مذکر - موت کا فرشتہ - ملک الموت

قزاقی - ت - مؤنث - لوٹ مار ✣

قزح - ع - مؤنث - ایک فرشتہ کا نام ✣

قزلباش - ت - مذکر - مغلوں کی ایک قوم کا نام ✣

ق - س

قساوت - ع - مؤنث - سخت دلی - بے رحمی ✣

قسائی - ا - مذکر - ذبح کرنے والا - حلال کرنے والا - بوچڑ - بے رحم - ظالم ✣

قسائی بچہ کبھی نہ سچا جو سچا سو کچا - ا - کہاوت - قسائی کی بات کا کبھی اعتبار نہیں ✣

قسائی کا پلا - ا - مذکر - موٹا تازہ آدمی ✣

قسائی کے کھونٹے بندھنا - ا - قسائی کے حوالے ہونا - ظالم کے بس میں آنا ✣

قسائی کے کھونٹے سے باندھنا - ا - بے رحم اور ظالم خاوند کے ساتھ بیٹی کو بیاہنا ✣

قسائی کی گھاس کو کٹڑا کھا جائے - ؟ - ا - کہاوت - ممکن نہیں کہ کوئی زبردست کی چیز لے لے ✣

قسائی کی نظر سے دیکھنا - ا - ظالم کی طرح دیکھنا - قہر کی نگاہ سے دیکھنا ✣

قسائن - ا - مؤنث - قسائی کی جورو - (صفت) ظالم - بے رحم ✣

قسط - ع - مؤنث - حصہ - جزو - وہ روپیہ جو تھوڑا تھوڑا ادا کیا جائے ✣

قسط باندھنا - ا - کل کا مقررہ حصہ وعدہ پر ادا کرنا ✣

قسط بندی - ا - مؤنث - سرکاری روپیہ جو زمیندار لوگ ہر فصل پر حصہ کر کے دیتے ہیں ✣

قسم - ع - مذکر - عہد - سوگند - سوں ✣

قسم اتارنا - عہد پورا کرنا - سوگند پوری کرنا ✣

قسم توڑنا - ا - عہد کے خلاف کام کرنا - سوگند پر نہ رہنا ✣

قسم ٹوٹنا - ا - قول و قرار کے خلاف ہونا ✣

قسم دلانا - دینا یا کھلانا - ا - سوگند دلانا - عہد لینا ✣

قسم کھانا - ا - عہد کرنا - قول دینا - صاف انکار کرنا ✣

قسم کھانے کو بات باقی رہے - ا - محاورہ - سوگند کا موقع ملے - قسم کھا سکیں ✣

قسم کھانیکو نہ رہنا - ا - نام کو نہ رہنا - بالکل نہ رہنا ✣

قسم لینا - ا - عہد لینا - بچن لینا ✣

قسم ہو جانا - ا - کسی چیز کا بالکل ترک ہو جانا - بالکل چھوڑ دینا

قسم - ع - مؤنث - حصہ - ٹکڑا - جنس - بھانت - ڈھنگ - طور - بانٹ - تقسیم ✣

قسمت - ع - مؤنث - حصہ - تقسیم کیا ہوا - نصیب - بھاگ - علاقہ - صوبہ ✣

قسمت آزمائی - ع + ف - مؤنث - تقدیر - امتحان - نصیبے کی جانچ ✣

قسمت اُلٹنا یا بگڑنا ۔ ا ۔ نصیبے کا خلاف ہونا ۔ بُرے دن آنا ÷
قسمت پلٹنا ۔ ا ۔ تقدیر بگڑنا ۔ شامت آنا ۔ دن پھرنا ۔
اچھے دن آنا ÷
قسمت پھرنا ۔ ا ۔ اچھے دن آنا ۔ دن پھرنا ÷
قسمت پھوٹنا ۔ ا ۔ بُرے دن آنا ۔ شامت آنا ÷
قسمت جاگنا یا چمکنا ۔ ا ۔ اچھے دن آنا ÷
قسمت سے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ خوش نصیبی سے ۔ بدنصیبی سے ÷
قسمت کا پھیر ۔ ا ۔ مذکر ۔ تقدیر کا بگاڑ ۔ بُرے دن ÷
قسمت کا دھنی ۔ ا ۔ صفت ۔ نصیبے کا بادشاہ ۔ بھاگوان ÷
قسمت کا لکھا ۔ ا ۔ مذکر ۔ تقدیر کا لکھا ۔ ماتھے کا لکھا ÷
قسمت کا ہیٹا ۔ ا ۔ مذکر ۔ بدنصیب ۔ ابھاگی ÷
قسمت کرنا ۔ ا ۔ بانٹنا ۔ تقسیم کرنا ÷
قسمت کھلنا ۔ ا ۔ دن پھرنا ۔ بھاگ جاگنا ۔ شادی ہونا ÷
قسمت لڑنا ۔ ا ۔ کوئی کام مراد کے موافق بننا ÷
قسمت والا ۔ ا ۔ صفت ۔ خوش نصیب ۔ بھاگوان ÷
قسمیہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ قسم کھا کر ۔ وہ جملہ جس میں قسم کا ذکر ہو ÷

ق ۔ ش

قشقہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ماتھے کی بندی ۔ ٹیکا ÷

ق ۔ ص

قصاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ ذبح کرنے والا ÷
قصابہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ رومال جو عورتیں سر سے باندھتی ہیں ÷
قصاص ۔ ع ۔ مذکر ۔ جان کے بدلے جان اور خون کے
بدلے خون لینا ۔ ادلے کا بدلہ ÷
قصائد ۔ ع ۔ مذکر ۔ قصیدہ کی جمع ÷
قصبات ۔ ع ۔ مذکر ۔ قصبہ کی جمع ÷
قصباتی ۔ ا ۔ صفت ۔ قصبہ سے تعلق ۔ قصبے کا رہنے والا ÷
قصبہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ چھوٹا شہر ۔ نگری ÷
قصد ۔ ع ۔ مذکر ۔ ارادہ ۔ نیت ۔ ا ۔ منشا ۔ مرضی ۔ کوشش ÷
قصداً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ارادے سے ۔ جان بوجھ کر ÷

قصر ۔ ع ۔ مذکر ۔ کمی ۔ کوتاہی ۔ محل ۔ راج مندر ۔ نماز جو سفر میں
معینہ رکعتوں سے کم کر کے پڑھی جائے ÷
قصور ۔ ع ۔ مذکر ۔ کمی ۔ کسر ۔ خطا ۔ چوک ۔ جمع قصر کی ÷
قصوروار ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ خطاوار ۔ گنہگار ÷
قصہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کہانی ۔ بیان ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ÷
قصہ پاک کرنا یا تمام کرنا ۔ ا ۔ جھگڑا طے کرنا ۔ قتل کر ڈالنا ÷
قصہ پاک ہونا یا تمام ہونا ۔ ا ۔ جھگڑا چکنا ۔ عذاب دور ہونا ÷
قصہ تمام کرنا ۔ ا ۔ کہانی ختم کرنا ۔ پاپ کاٹنا ÷
قصہ خوانی ۔ ا ۔ مونث ۔ داستان سنانا قصہ سنانا ÷
قصہ فیصل ہونا ۔ ا ۔ جھگڑا طے ہونا ÷
قصہ کرنا ۔ ا ۔ جھگڑا کرنا ÷
قصہ کوتاہ ۔ ع + ف ۔ تابع فعل ۔ حاصل کلام ۔ پس ÷
قصہ کوتاہ کرنا ۔ ا ۔ معاملہ طے کرنا جھگڑا چکانا ÷
قصہ کھڑا کرنا ۔ جھگڑا اٹھانا ۔ شور مچانا ÷
قصہ مختصر ہونا ۔ ا ۔ خاتمہ ہونا ۔ کام تمام ہونا ۔ پاپ کٹنا ÷
قصہ مول لینا ۔ ا ۔ جھگڑا خریدنا ۔ جان کو روگ لگانا ÷
قصہ باندھنا ۔ ا ۔ دکھڑا بیان کرنا ۔ جھگڑا ڈالنا ÷
قصیدہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ نظم جس میں کسی کی تعریف یا
بُرائی بیان کی جائے ÷
قصیدہ خوانی ۔ ا ۔ مونث ۔ تعریف کرنا ۔ کسی کو خوش کرنے
کے لیے خوشامد کی باتیں کرنا ÷

ق ۔ ض

قضا ۔ ع ۔ مونث ۔ خدا کا حکم ۔ انجام ۔ نتیجہ ۔ پیدائش
بیان قسمت ۔ بھاگ ۔ وہ عبادت جس کا وقت گزر
گیا ہو ۔ موت ۔ کال ÷
قضا ادا کرنا ۔ ا ۔ فرض کو پورا کرنا ۔ کسی نقص کے سبب نماز
کو پھیرنا یا نئے سرے سے پڑھنا ÷
قضا پڑھنا ۔ ا ۔ رہے ہوئے فرض کو ادا کرنا ۔ چھوٹی ہوئی
نماز کو پورا کرنا ÷
قضا سر پر کھیلنا ۔ ا ۔ موت کا قریب آنا ÷

قضارا ۔ ع ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ اتفاق سے ۔ سنجوگ سے اچانک ۔

قضا کا فرشتہ ۔ ۔ مذکر ۔ موت کا فرشتہ ۔ جم دوت ۔

قضا کرنا ۔ ۔ مذہبی فرض کو ادا کرنا ۔ مرنا فوت ہوجانا ۔

قضا و قدر ۔ ع ۔ مذکر ۔ خدا تعالےٰ کا حکم ۔

قضا ہونا ۔ ۔ چھوٹ جانا ۔ روزے یا نماز کا وقت پہ ادا نہ ہونا ۔

قضائے حاجت کرنا ۔ ۔ پاخانہ پھرنا ۔ ٹٹی جانا ۔

قضائے کار ۔ ع ف ۔ تابع فعل ۔ دیکھو (قضارا) ۔

قضات ۔ ع ۔ مذکر ۔ قاضی کی جمع ۔

قضایا ۔ ع ۔ مذکر ۔ قضیہ کی جمع ۔

قضیب ۔ ع ۔ مذکر ۔ نکات کی شاخ ۔ مرد کا عضو مخصوص ۔

قضیہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ طلب کیا گیا ۔ حکم ۔ جملہ ۔ فقرہ ۔ ا ۔ بحث ۔ جھگڑا ۔ مقدمہ ۔

قضیہ اٹھانا ۔ ۔ جھگڑا کھڑا کرنا ۔ فساد مچانا ۔

قضیہ پاک کرنا یا چکانا ۔ جھگڑا چکانا ۔ قصہ چکانا ۔

قضیہ مول لینا ۔ پرائی بلا سر پہ لینا ۔ دوسرے کے جھگڑے میں پڑنا ۔

ق ۔ ط

قط ۔ ع ۔ مذکر ۔ قلم کی نوک کو کاٹنا ۔ تراشنا ۔

قط زن یا قط گیر ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ چیز جس پہ قلم کی نوک رکھ کر کاٹتے ہیں ۔

قطار ۔ ع ۔ مونث ۔ صف ۔ پرہ ۔ ترتیب ۔

قطاع الطریق ۔ ع ۔ مذکر ۔ ڈھاڑی ۔ رستہ لوٹنے والے ۔

قطامہ ۔ ع ۔ مونث ۔ فاحشہ اور بے حیا اور بے غیرت عورت ۔

قطب ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ ستارہ جو ہمیشہ شمال کی طرف معلوم ہوتا ہے ۔ کیل جس پر چکی گھومتی ہے ۔ قوم کا سردار ۔ بڑا ولی ۔

قطب جنوبی ۔ ع ۔ مذکر ۔ زمین کے محور کا وہ انجام جو دکھن کی طرف ہے ۔

قطب شمالی ۔ ع ۔ مذکر ۔ زمین کے محور کا وہ انجام جو اتر کی طرف ہے ۔

قطب نما ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ قطبوں کی سمت معلوم کرنے کا آلہ ۔ کمپاس ۔

قطبی ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ قطب سے متعلق ۔

قطبین ۔ ع ۔ مذکر ۔ دونو قطب ۔ قطب شمالی اور قطب جنوبی ۔

قطر ۔ مذکر ۔ کنارہ ۔ طرف ۔ وہ سیدھا خط جو دائرہ کے مرکز پہ گذر کر اس کے دو برابر حصے کرے ۔

قطرہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ بوند ۔ بوند برابر ۔

قطع ۔ ع ۔ مذکر ۔ تراش ۔ ٹکڑا ۔ حصہ ۔ ا ۔ وضع ۔ ڈھنگ ۔ دھج

قطع تعلق کرنا ۔ ا ۔ کچھ غرض نہ رکھنا یا گنا ۔ چھوڑنا ۔

قطع دائرہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ دائرہ کا وہ حصہ جو وتر اور کسی قوس سے محیط ہو ۔

قطع کرنا ۔ ا ۔ کاٹنا ۔ چھوڑنا ۔ بند کرنا ۔

قطع نظر ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ علاوہ ۔ اس کے سوا ۔

قطع نظر کرنا ۔ ا ۔ کسی بات کو ترک کر دینا ۔ خیال چھوڑ دینا ۔

قطع ہونا ۔ ا ۔ کٹنا ۔ ترشنا ۔ فیصلہ ہونا ۔ گزرنا ۔ بسر ہونا ۔

قطعہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ٹکڑا ۔ حصہ ۔ ملک ۔ دیس ۔ دو یا دو سے زیادہ با مطلع بیت جنکا مضمون ایک دوسرے سے متفق ہو ۔

قطعہ بند ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ اشعار جن کے معنی متصل کے بیت ملائے بغیر تمام نہ ہوں ۔

قطعی ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ ضرور یقینی ۔ پورا ۔ پورا ۔ بے شک ۔ صحیح ۔

قطمیر ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک کتے کا نام ۔ کھجور یا چھوہارے کی گٹھلی ۔ ذرا سا ۔ بہت تھوڑا ۔

قطن ۔ ع ۔ مونث ۔ روئی ۔ کپاس ۔

ق ۔ ع

قعر ۔ ع ۔ مذکر ۔ تھاہ ۔ گہرائی ۔

قعود ۔ ع ۔ مذکر ۔ نشست ۔ بیٹھک

ق ۔ ف

قِفا ۔ ع ۔ مونث ۔ گُدی ۔ پیچھے ۔ دھول ۔ دھپا ؛
قفس ۔ ف ۔ مذکر ۔ پرندوں کا پنجرا ۔ جسم ؛
قُفل ۔ معرب ۔ مذکر ۔ تالا ۔ جندرا
قُفلِ اَبجد ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوئے ہوتے ہیں ۔ جب ان حروف کو ترتیب سے ملا دیتے ہیں تو قفل کھل جاتا ہے ؛
قُفل میں بند کرنا ۔ ا ۔ حوالات میں بند کرنا ۔ قید کرنا ؛

ق ۔ ق

ققنس ۔ یونانی ۔ مذکر ۔ ایک نہایت خوش آواز پرند کا نام جس کے متعلق خیال ہے ۔ کہ اس کی چونچ کے ۳۶۰ سوراخوں میں سے ہر ایک سے ایک ایک راگ نکلتا ہے ؛

ق ۔ ل

قُل ۔ ع ۔ صیغہ امر ۔ کہو ۔ بولو ۔ مجازاً قرآن شریف کی اخیر سورتیں ۔ ا ۔ عرس ۔ تیجا ؛
قُل اَعُوذیہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ مردوں کا مال کھانے والا ۔ مفت خورا ؛
قُل کرنا ۔ ا ۔ مار ڈالنا ۔ کام تمام کرنا ؛
قُل ہو اللہ پڑھنا ۔ ا ۔ تباہ حال ہونا ۔ کام تمام ہونا ؛
قُل سا ہو جانا ۔ ا ۔ فاتحہ ہو جانا ۔ تیجا ہونا ۔ مرنے کے قریب پہنچنا ۔ خاتمہ ہو جانا ؛
قُل ہونا ۔ ا ۔ عرس ہونا ۔ ختم ہونا ۔ کام تمام ہونا ؛
قَلا ۔ ا ۔ مونث ۔ چھل ۔ فریب ۔ ہنر ۔ کرتب ؛
قلابازی ۔ ا ۔ مونث ۔ کھیل ۔ نٹ کی طرح ڈھیکلی کھانا ؛
قُلّابہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ؛
قَلّاچ یا قَلّانچ ۔ ا ۔ صفت ۔ لچہ ۔ گندا ۔ غریب ۔ کنگال ؛
قلاّش ۔ ت ۔ صفت ۔ کنگال ۔ لچہ ؛
قَلانچ ۔ ا ۔ مونث ۔ چوکڑی ۔ چھلانگ ؛
قلب ۔ ع ۔ مذکر ۔ الٹا ہوا ۔ دل ۔ من ۔ درمیان ۔ فوج کا درمیانی حصہ ۔ کھوٹا سکہ ۔ کیمیا سینہ ۔ گری ۔ مغز ؛

قلب ساز ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ کھوٹا سکہ بنانے والا ۔
قلب سازی ۔ ع ۔ ف ۔ مونث ۔ جھوٹا سکہ بنانا ؛
قُلبہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ہل ۔ نانگل ؛
قلبی ۔ ع ۔ صفت ۔ دلی ۔ جانی ۔ کھوٹا ۔ جعلی ؛
قلت ۔ ع ۔ مونث ۔ کمی ۔ تنگی ۔ مشکل ۔ دشواری ؛
قلتبان ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ شخص جو اپنی بیوی کو دوسروں کے پاس بھیجے ۔ بھڑوا ۔
قُلَّتین ۔ ع ۔ مذکر ۔ دو پانی کے مٹکے ۔ صفت ۔ ا ۔ خراب ۔ ناپاک ۔ کسی ۔ خاحشہ ؛
قُلزُم ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک سمندر کا نام ۔ ایک شہر کا نام ۔ نہایت گہرا سمندر ؛
قَلع ۔ ع ۔ مذکر ۔ گرانا ۔ ڈھانا ۔ جڑ سے اکھاڑنا ؛
قَلع و قمع ۔ ع ۔ مذکر ۔ توڑ پھوڑ ۔ اکھاڑ پچھاڑ ۔ خاتمہ ؛
قِلعہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ محفوظ عمارت جس میں بادشاہ رہتا ہے ۔ کوٹ ۔ گڑھ ۔
قِلعہ باندھنا ۔ ا ۔ ٹاٹ کا بورا بنانا ۔ فوج کے لئے مضبوط عمارت بنانا ؛
قلعہ دار ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ قلعہ کا نگہبان ۔ قلعہ کا افسر ؛
قَلعی ۔ ع ۔ مونث ۔ رانگ ۔ ا ۔ مکانوں پر پھیرنے کا چونا جھول ۔ روغن ؛
قلعی چٹ ۔ ا ۔ مذکر ۔ قلعی گر کا بیٹا ؛
قلعی کرنا ۔ ا ۔ برتنوں پر رانگ چڑھانا ۔ سفیدی پھیرنا ؛
قلعی کھلنا ۔ ا ۔ بھید کھلنا ۔ بھانڈا پھوٹنا ۔ شیخی کرکری ہونا ؛
قلعی کھولنا ۔ ا ۔ بھید کھولنا ۔ چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا ؛
قلعی گر ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ رانگ کا کام کرنے والا ؛
قلفی ۔ ا ۔ مونث ۔ دیکھو (قفلی) ؛
قَلَق ۔ ع ۔ مذکر ۔ بے قراری ۔ بے کلی ۔ گھبراہٹ ۔ ا ۔ رنج ۔ غم ۔ فکر ؛
قلق گزرنا ۔ ا ۔ برا لگنا ۔ رنج ہونا ؛
قُلقُل ۔ ع ۔ مونث ۔ صراحی کے اندر سے پانی کے نکلنے کی آواز ؛

قَضارا - ع - ف - تابع فعل - اتفاق سے - سنجوگ سے اچانک ÷
قَضا کا فرشتہ - ا - مذکر - موت کا فرشتہ - جم دوت ÷
قضا کرنا - ا - مذہبی فرض کو ادا کرنا - مرنا فوت ہو جانا ÷
قَضا و قدر - ع - مذکر - خدا تعالےٰ کا حکم ÷
قضا ہونا - ا - چھوٹ جانا - روزے یا نماز کا وقت پر
ادا نہ ہونا ۔
قضائے حاجت کرنا - ا - پاخانہ پھرنا - ٹٹی جانا ÷
قضائے کار - ع - ف - تابع فعل - دیکھو (قضارا) ÷
قُضات - ع - مذکر - قاضی کی جمع ÷
قَضایا - ع - مذکر - قضیہ کی جمع ÷
قضیب - ع - مذکر - نکات کی شاخ مرد کا عضو مخصوص ÷
قَضیہ - ع - مذکر - طلب کیا گیا - حکم - جملہ - فقرہ - ا -
بحث - جھگڑا - مقدمہ -
قضیہ اٹھانا - ا - جھگڑا کھڑا کرنا - فساد مچانا ÷
قضیہ پاک کرنا یا چکانا - جھگڑا چکانا - قصہ چکانا ۔
قضیہ مول لینا - پرائی بلا سر پر لینا - دوسرے کے
جھگڑے میں پڑنا ÷

ق - ط

قط - ع - مذکر - قلم کی نوک کو کاٹنا تراشنا ÷
قط زن یا قط گیر - ع - ف - مذکر - وہ چیز جس پر قلم کی
نوک رکھ کر کاٹتے ہیں ÷
قطار - ع - مونث - صفت - پرہ - ترتیب ÷
قطاع الطریق - ع - مذکر - ڈھاڑی - رستہ لوٹنے والے ÷
قطامہ - ع - مونث - فاحشہ اور بے حیا اور بے غیرت عورت ÷
قُطب - ع - مذکر - وہ ستارہ جو ہمیشہ شمال کی طرف
معلوم ہوتا ہے - کیل جس پر چکی گھومتی ہے - قوم کا سردار - بڑا ولی ÷
قطب جنوبی - ع - مذکر - زمین کے محور کا وہ انجام جو
دکھن کی طرف ہے ÷
قطب شمالی - ع - مذکر - زمین کے محور کا وہ انجام
جو اُتر کی طرف ہے ÷

قُطب نما - ع ÷ ف - مذکر - قطبوں کی سمت معلوم کرنے کا
آلہ - کمپاس ÷
قُطبی - ع ÷ ف - صفت - قطب سے متعلق ÷
قطبین - ع - مذکر - دونوں قطب - قطب شمالی اور قطب جنوبی ÷
قُطر - مذکر - کنارہ - طرف - وہ سیدھا خط جو دائرہ کے
مرکز پر گذر کر اُس کے دو برابر حصے کرے ÷
قَطرہ - ع - مذکر - بوند - بوند برابر ÷
قطع - ع - مذکر - تراشنا - ٹکڑا - حصہ - ا - وضع -
ڈھنگ - دھج
قطع تعلق کرنا - ا - کچھ غرض نہ رکھنا - تیاگنا - چھوڑنا ÷
قطع دائرہ - ع - مذکر - دائرہ کا وہ حصہ جو وتر اور کسی
قوس سے محیط ہو ÷
قطع کرنا - ا - کاٹنا - چھوڑنا - بند کرنا ÷
قطع نظر - ع - تابع فعل - علاوہ - اس کے سوا ÷
قطع نظر کرنا - ا - کسی بات کو ترک کر دینا - خیال چھوڑ دینا ÷
قطع ہونا - ا - کٹنا - ترشنا - فیصلہ ہونا - گزرنا - بسر ہونا ÷
قطعہ - ع - مذکر - ٹکڑا - حصہ - ملک - دیس - دو یا دو سے
زیادہ با مطلع بیت جنکا مضمون ایک دوسرے سے متفق ہو ÷
قطعہ بند - ع ÷ ف - مذکر - وہ اشعار جن کے معنی متصل
کے بیت ملائے بغیر تمام نہ ہوں ÷
قطعی - ا - تابع فعل - ضرور یقینی - پورا - پورا - بے شک
سچ ÷
قِطمیر - ع - مذکر - ایک کتے کا نام کھجور یا چھوہارے
کی گٹھلی - ذرا سا - بہت تھوڑا ÷
قطن - ع - مونث - روئی - کپاس ÷

ق - ع

قعر - ع - مذکر - تھاہ - گہرائی ÷
قعود - ع - مذکر - نشست - بیٹھک

ق - ف

قفا۔ ع۔ مونث۔ گدی۔ پیچھے۔ دھول۔ دھپا ٭

قفس۔ ف۔ مذکر۔ پرندوں کا پنجرا۔ جسم ٭

قفل۔ معرب۔ مذکر۔ تالا۔ جندرا

قفلِ ابجد۔ ع۔ مذکر۔ ایک قسم کا قفل جس میں حروف لکھے ہوئے ہوتے ہیں۔ جب ان حروف کو ترتیب سے ملا دیتے ہیں تو قفل کھل جاتا ہے ٭

قفل میں بند کرنا۔ ا۔ حوالات میں بند کرنا۔ قید کرنا ٭

ق ۔ ق

ققنس۔ یونانی۔ مذکر۔ ایک نہایت خوش آواز پرند کا نام جس کے متعلق خیال ہے۔ کہ اس کی چونچ کے ۳۶۰ سوراخوں میں سے ہر ایک سے ایک ایک راگ نکلتا ہے ؟ ٭

ق ۔ ل

قُل۔ ع۔ صیغہ امر۔ کہو۔ بولو۔ مجازاً قرآن شریف کی آخیر سورتیں۔ ا۔ عرس۔ تیجا ٭

قل اعوذیہ۔ ا۔ مذکر۔ مردوں کا مال کھانے والا۔ مفت خورا ٭

قل کرنا۔ ا۔ مار ڈالنا۔ کام تمام کرنا ٭

قل ہو اللہ پڑھنا۔ ا۔ تباہ حال ہونا۔ کام تمام ہونا ٭

قل ہو جانا۔ ا۔ فاتحہ ہو جانا۔ تیجا ہونا۔ مرنے کے قریب پہنچنا۔ خاتمہ ہو جانا ٭

قل ہونا۔ ا۔ عرس ہونا۔ ختم ہونا۔ کام تمام ہونا ٭

قلا۔ ا۔ مونث۔ چھل۔ فریب۔ ہنر۔ کرتب ٭

قلابازی۔ ا۔ مونث۔ کھیل۔ نٹ کی طرح ڈھیکلی کھانا ٭

قلابہ۔ ع۔ مذکر۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا ٭

قلاچ یا قلانچ۔ ا۔ صفت۔ لچہ۔ گندا۔ غریب۔ کنگال ٭

قلاش۔ ت۔ صفت۔ کنگال۔ لچہ ٭

قلانچ۔ ا۔ مونث۔ چوکڑی۔ چھلانگ ٭

قلب۔ ع۔ مذکر۔ الٹا ہوا۔ دل۔ من۔ درمیان۔ فوج کا درمیانی حصہ۔ کھوٹا سکہ۔ [illegible] سینہ۔ گری۔ مغز ٭

قلب ساز۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ کھوٹا سکہ بنانے والا ٭

قلب سازی۔ ع۔ ف۔ مونث۔ جھوٹا سکہ بنانا ٭

قُلبہ۔ ع۔ مذکر۔ ہل۔ ناگل ٭

قلبی۔ ع۔ صفت۔ دلی۔ جانی۔ کھوٹا۔ جعلی ٭

قلت۔ ع۔ مونث۔ کمی۔ تنگی۔ مشکل۔ دشواری ٭

قلتبان۔ ع۔ مذکر۔ وہ شخص جو اپنی بیوی کو دوسروں کے پاس بھیجے۔ بھڑوا۔

قُلتین۔ ع۔ مذکر۔ دو پانی کے مٹکے۔ صفت۔ ا۔ خراب۔ ناپاک۔ کسبی۔ فاحشہ ٭

قُلزم۔ ع۔ مذکر۔ ایک سمندر کا نام۔ ایک شہر کا نام۔ نہایت گہرا سمندر ٭

قلع۔ ع۔ مذکر۔ گرانا۔ ڈھانا۔ جڑ سے اکھاڑنا ٭

قلع وقمع۔ ع۔ مذکر۔ توڑ پھوڑ۔ اکھاڑ پچھاڑ۔ خاتمہ ٭

قلعہ۔ ع۔ مذکر۔ وہ محفوظ عمارت جس میں بادشاہ رہتا ہے۔ کوٹ۔ گڑھ۔

قلعہ باندھنا۔ ا۔ ٹاٹ کا بورا بنانا۔ فوج کے لئے مضبوط عمارت بنانا ٭

قلعہ دار۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ قلعہ کا نگہبان۔ قلعہ کا افسر ٭

قلعی۔ ع۔ مونث۔ رانگ۔ ا۔ مکانوں پر پھیرنے کا چونا جھول۔ روغن ٭

قلعی چٹ۔ ا۔ مذکر۔ قلعی گر کا بیٹا ٭

قلعی کرنا۔ ا۔ برتنوں پر رانگ چڑھانا۔ سفیدی پھیرنا ٭

قلعی کھلنا۔ ا۔ بھید کھلنا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ شیخی کرکری ہونا ٭

قلعی کھولنا۔ ا۔ بھید کھولنا۔ چھپا ہوا عیب ظاہر کرنا ٭

قلعی گر۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ رانگ کا ملمع کرنے والا ٭

قلفی۔ ا۔ مونث۔ دیکھو (قفلی) ٭

قلق۔ ع۔ مذکر۔ بے قراری۔ بے کلی۔ گھبراہٹ۔ ا۔ رنج۔ غم۔ فکر ٭

قلق گزرنا۔ ا۔ برا لگنا۔ رنج ہونا ٭

قلقل۔ ع۔ مونث۔ صراحی کے اندر سے پانی کے نکلنے کی آواز ٭

قلم - ع - مذکر - لکھنے کے آلہ کا نام لیکھنی - (صفت) تراشا ہوا - کاٹا ہوا (مؤنث) وہ چھوٹے چھوٹے تراشے ہوئے بال جو کنپٹیوں کے اوپر چھوڑ دیتے ہیں - ایک قسم کی آتشبازی - شاخ ٹہنی ◆

قلم اٹھا کر لکھنا یا قلم برداشتہ لکھنا - ا - بے سوچے اور جلدی جلدی لکھنا ◆

قلم انداز کرنا - ا - لکھنے میں چھوڑ جانا ◆

قلم بنانا - ا - قلم تراشنا - کنپٹی کے اوپر کے بالوں کو استرے سے درست کرنا ◆

قلم بند - ع + ف - صفت - تحریری لکھا ہوا - شمار کیا ہوا - (تابع فعل) گنتی کے موافق ◆

قلم بند سنانا - ا - انگنت گالیاں دینا - خوب گالیاں دینا ◆

قلم بند کرنا - ا - لکھنا - درج کرنا - نوٹ کرنا ◆

قلم پاک - ع + ف - مذکر - قلم صاف کرنے کا کپڑا ◆

قلم پھیرنا - ا - لکھے ہوئے کو مٹا دینا - لکھے ہوئے کو کاٹ دینا ◆

قلم تراش - ع + ف - مذکر - قلم بنانے کا چاقو ◆

قلم جاری رہنا - ا - حکم جاری رہنا - افسری قائم رہنا ◆

قلم دان - ع + ف - مذکر - قلم دوات رکھنے کا صندوقچہ ◆

قلم دان دینا یا عنایت کرنا - ا - وزیر بنانا - پرائیویٹ سیکرٹری بنانا ◆

قلمرو - ع + ف - مؤنث - راج - حکومت - ریاست ◆

قلم روشن رہے - ا - دعا - قلم جاری رہے - حکم جاری رہے ◆

قلم قصائی - ا - مذکر - عدالت کا محرر - سرکاری منشی ◆

قلمکار - ع + ف - مذکر - لکھنے پڑھنے کا کام کرنے والا - کلرک - رنگ بھرنے والا - ایک قسم کا کپڑا جس پر بیل بوٹے کا کام ہوتا ہے - مہر بنانے والا ◆

قلمکاری - ا - مؤنث - لکھنا - تحریر - نقاشی - رنگ سازی - مہر بنانا ◆

قلم کرنا - ا - کاٹنا - تراشنا - الگ کرنا ◆

قلم کھینچنا - ا - کاٹنا - رد کرنا - لکھتے لکھتے چھوڑنا ◆

قلم لگانا - ا - کسی پھول کے درخت کی شاخ کو زمین میں دبانا ◆

قلم مارنا - ا - قلم پھیرنا - رد کرنا ◆

قلم مو - ع - ف - مذکر - بالوں کا قلم - برش ◆

قلم ہونا - ا - ترشنا - کٹنا - جدا ہونا ◆

قلماقنی - ا - مؤنث - شاہی محل کی خادمہ حبشن - اردا بیگنی ◆

قلمی - ع - صفت - ہاتھ کا لکھا ہوا - تحریری ◆

قلمی شورہ - ا - مذکر - صاف کیا ہوا شورہ ◆

قلمی کرنا - ا - لکھنا - تحریر کرنا ◆

قلندر (معرب کلندر) مذکر - کاٹھ - لال خاں کا لکڑا - غیر مہذب آدمی - دین و دنیا سے آزاد آدمی - بندر نچانے والا - خیمہ کا آنکڑا ◆

قلندرا - ا - مذکر - ایک قسم کا ریشمی کپڑا - خیمہ کا ٹکڑا ◆

قلندری - ا - مؤنث - ایک قسم کی چھولداری ◆

قلوب - ع - مذکر - قلب کی جمع ◆

قلہ - ع - مؤنث - چوٹی - گھوڑے کا زردی مائل رنگ ◆

قلاقند - ا - مذکر - ایک قسم کی مٹھائی ◆

قلی - ت - مذکر - غلام - ا - مزدور - بوجھ اٹھانے والا ◆

قلیا - ع - مؤنث - قرآن کی ایک صورت کا نام ◆

قلیا تمام کرنا - ا - خاتمہ کرنا - مار ڈالنا ◆

قلیان - ف - مذکر - حقہ - گڑگڑی ◆

قلیل - ع - صفت - کم - تھوڑا - چھوٹا ◆

قلیہ - ع - مذکر - بھنا ہوا گوشت ◆

ق - م

قم - ع - صیغہ امر - اٹھ کھڑا ہو - اٹھ بیٹھ ◆

قمار - ع - مذکر - جوا - جیت کا کھیل - چال بازی ◆

قمار باز - ع + ف - مذکر - جواری - جوئے باز ◆

قمار بازی - ع + ف - مؤنث - جوا کھیلنا - جوا ◆

قمار خانہ - ع + ف - مذکر - جوا کھیلنے کا مکان ◆

قماش - ع - مذکر - اسباب - مال و متاع - ریشم کا کپڑا - ہنر - گن - گیندہ - چھوٹی قوم کا - نکمی چیز - ا - بکسر قاف طرح - وضع - ڈھنگ - جنس - کھیلنے کے ایک پتے کا نام ◆

قمچی ۔ ت ۔ مونث ۔ کوڑا ۔ چابک ۔ چھڑی ۔ پتلی شاخ ۔ ہاتھ کا جھٹکا ؛

قمچی کرنا ۔ ا ۔ ہاتھ کا پنجہ کرتے وقت جھٹکا دینا ؛

قمر ۔ ع ۔ مذکر ۔ چاند ۔ چندرما ؛

قمری ۔ ع ۔ صفت ۔ قمر سے متعلق ۔ وہ مہینے یا سال جو چاند کی چال کے مطابق قرار دیئے گئے ہیں ؛

قمری ۔ ع ۔ مونث ۔ ایک پرندے کا نام ۔ ایک سنگتا قوم کی عورتوں کا نام ؛

قمع ۔ ع ۔ مذکر ۔ جڑ سے اکھاڑنا ۔ توڑنا پھوڑنا ؛

قمقمہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک چھوٹی قندیل ۔ ۲ ۔ ایک گولا جس میں رنگ بھرتے ہیں ؛

قمیص ۔ ع ۔ مذکر ۔ لمبا کرتہ ۔ کرتہ ؛

ق ۔ ن

قنات ۔ ت ۔ مونث ۔ کپڑے کا پردہ ۔ کپڑے کی اوٹ ؛

قنات کھینچنا یا گھیرنا ۔ ا ۔ پردہ کی دیوار کھڑی کرنا ؛

قنادیل ۔ ع ۔ مونث ۔ قندیل کی جمع ؛

قناعت ۔ ع ۔ مونث ۔ تھوڑی چیز پر خوش رہنا ۔ سنتوکھ ؛

قند ۔ (معرب کند) مذکر ۔ کھانڈ ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔ ۲ ۔ سرخ پیلے رنگ کا کپڑا ۔ (صفت) ۔ نہایت میٹھا ؛

قند لٹے کوئلوں پر مہر ۔ ا ۔ کہاوت ۔ قیمتی چیز کے ضائع ہونے پر افسوس نہیں کرتے لیکن کم قیمت کی چیز پر اتنا خیال اور افسوس کرتے ہیں ؛

قندِ مکرر یا دوبارہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ دو مرتبہ صاف کیا ہوا قند (مجازاً) معشوق کے ہونٹ ؛

قندیل ۔ ع ۔ مونث ۔ ایک قسم کا فانوس جس میں چراغ جلا کر لٹکاتے ہیں ؛

قندیلا ۔ ا ۔ مذکر ۔ بہت بڑا فانوس ؛

ق ۔ و

قوایا قوے ۔ ع ۔ مذکر ۔ قوت کی جمع ۔ طاقتیں ؛

قواعد ۔ ع ۔ مذکر ۔ قاعدہ کی جمع ؛

قواعد دان ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ قاعدے جاننے والا ۔ قاعدوں سے واقف ؛

قواعد کرنا ۔ ا ۔ فوج کا ورزش کرنا ۔ پریڈ کرنا ؛

قواعد گاہ ۔ ع + ف ۔ مونث ۔ فوجی ورزش کا میدان ۔ پریڈ ؛

قواعد لینا ۔ ا ۔ ورزش کرانا ۔ پریڈ لینا ؛

قوال ۔ ع ۔ مذکر ۔ بہت بولنے والا ۔ بزرگوں کے قول گانے والا ۔ گویا ؛

قوالی ۔ ع ۔ مونث ۔ گانا بجانا جو صوفیوں کی مجلس میں ہوتا ہے ؛

قوام ۔ ع ۔ مذکر ۔ قیام ۔ ٹھہراؤ ۔ اصل ۔ اصلیت ۔ ساخت ۔ بناوٹ ۔ چاشنی ۔ پت ؛

قوانین ۔ ع ۔ مذکر ۔ قانون کی جمع ؛

قوت ۔ ع ۔ مونث ۔ کھانا ۔ بھوجن ۔ اناج ۔ دانہ پانی ؛

قوت بسری کرنا ۔ ا ۔ زندگی پوری کرنا ۔ روکھی سوکھی کھا کر گذارا کرنا ؛

قوتِ لایموت ۔ ع ۔ مونث ۔ اس قدر خوراک جس سے انسان زندہ رہے ؛

قوت ۔ ع ۔ مونث ۔ بل ۔ طاقت ۔ شکتی ۔ سہارا ۔ مدد ۔ سلطنت ۔ ریاست ۔ حِس ۔ اندری گیان ؛

قوتِ باصرہ ۔ ع ۔ مونث ۔ دیکھنے کی قوت ۔ جوت ؛

قوتِ باہ ۔ ع ۔ مونث ۔ شہوت ۔ پشٹی ۔ کام ؛

قوتِ جاذبہ ۔ ع ۔ مونث ۔ جذب کرنیوالی قوت ؛

قوتِ سامعہ ۔ ع ۔ مونث ۔ سننے یا سنائی دینے کی قوت ؛

قوتِ شامہ ۔ ع ۔ مونث ۔ سونگھنے کی قوت ؛

قوتِ لامسہ ۔ ع ۔ مونث ۔ چھونے اور مس کرنے کی قوت ؛

قوتِ متخیلہ ۔ ع ۔ مونث ۔ خیال رکھنے کی قوت ؛

قوتِ ممیزہ ۔ ع ۔ مونث ۔ تمیز کرنے کی قوت ؛

قورمہ ۔ مذکر ۔ بھنا ہوا گوشت ؛

قوس ۔ ع ۔ مونث ۔ کمان ۔ دھنگ ۔ دائرہ کا وہ حصہ جو وتر اور محیط کے کسی حصہ سے گھرا ہوا ہو ۔ آسمان نے نویں برج کا نام ؛

قوس قزح ۔ ع ۔ مونث ۔ وہ کمان جو بادل میں رنگ برنگ کے رنگوں سے بنی ہوئی دکھائی دیتی ہے

قوسی ۔ ع ۔ صفت ۔ قوس کے متعلق ۔ قوس کی وضع کا +

قول ۔ ع ۔ مذکر ۔ بات ۔ بچن ۔ کہاوت ۔ عہد ۔ اقرار ۔ قسم ۔ وہ شعر جو قوال لوگ گاتے ہیں ۔ ایک قسم کا راگ +

قول توڑنا ۔ ا ۔ عہد توڑنا ۔ بات رد کرنا +

قول دینا ۔ ا ۔ عہد کرنا ۔ قسم کھانا ۔ زبان دینا +

قول سے پھرنا ۔ ا ۔ وعدے سے انکار کرنا ۔ بات سے پھرنا +

قول کا پورا ۔ ا ۔ صفت ۔ بات کا پکا ۔ سچا +

قول کا چھلا ۔ ا ۔ مذکر ۔ چھلا جو یادداشت کے طور پر عاشق اور معشوق ایک دوسرے کو دیتے ہیں +

قول لینا ۔ ا ۔ عہد لینا ۔ بچن لینا +

قول مرداں جان دارد ۔ ع + ف ۔ کہاوت شریفوں کی بات زندہ رہتی ہے ۔ مردوں کی زبان پکی ہوتی ہے +

قول و فعل ۔ ع ۔ مذکر ۔ چال چلن ۔ رنگ ڈھنگ +

قول ہارنا ۔ ا ۔ زبان دینا ۔ عہد کرنا +

قولنج ۔ (یونانی) مذکر ۔ پسلی کے نیچے کا درد +

قوم ۔ ع ۔ مؤنث ۔ آدمیوں کا گروہ ۔ فرقہ ۔ خاندان ۔ جات ۔ نسل +

قوم دار ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ اچھی نسل کا ۔ خاندانی

قومہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ نماز میں رکوع کے بعد کھڑا ہونا +

قومی ۔ ع ۔ صفت ۔ قوم سے متعلق ۔ وطنی ۔ دیسی +

قومی مجلس ۔ ا ۔ مونث ۔ ہم قوم لوگوں کی مجلس ۔ ہم وطنوں کی سوسائٹی +

قومیت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ ایک جاتی ۔ نسل ۔ اصل +

قوی ۔ ع ۔ صفت ۔ طاقتور ۔ بلوان ۔ مضبوط ۔ سخت ۔ کڑوا ۔ کٹھن ۔ ہٹا کٹا +

قوی جثہ یا قوی ہیکل ۔ ع ۔ صفت ۔ موٹا تازہ ۔ مضبوط جسم کا ۔ بلوان +

ق ۔ ہ

قہار ۔ ع ۔ صفت ۔ بہت قہر کرنے والا ۔ خدا تعالیٰ کی صفت

قہر ۔ ع ۔ مذکر ۔ غضب ۔ ا ۔ غصہ ۔ جوش ۔ کٹھن بات ۔ آفت ۔ ظلم ۔ اندھیر ۔ (کلمہ تحسین) نہایت خوبصورت ۔ تعریف کے قابل برائے کثرت ، نہایت ازحد ۔ ا ۔ صفت ۔ فسادی چالاک ۔ غضیل ۔ انوکھا ۔ برا ۔ نہایت مشکل +

قہر توڑنا ۔ ا ۔ غضب ڈھانا ۔ نہایت غصے ہونا +

قہر ٹوٹنا ۔ ا ۔ آفت آنا ۔ خفگی ہونا ۔ ناراضگی ہونا ۔

قہر درویش بر جانِ درویش ۔ ف ۔ کہاوت ۔ غریب کا غصہ اپنے ہی اوپر چلتا ہے ۔

قہر قیامت ۔ ا ۔ صفت ۔ نہایت خوبصورت اور حسین

قہر کا ۔ ا ۔ صفت ۔ آفت کا بلا کا ۔ نہایت چالاک ۔ نہایت ازحد ۔ خوفناک ۔ ڈراؤنا +

قہر کا سامنا ۔ ا ۔ مذکر ۔ آفت سے مقابلہ ۔ بلا سے مٹھ بھیڑ +

قہر کرنا ۔ ا ۔ غضب کرنا ۔ برا کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ انوکھا کام کرنا +

قہر ہے ۔ ا ۔ صفت ۔ آفت ہے ۔ بلا ہے ۔ نہایت چالاک ہے ۔ بہت خوبصورت ہے

قہراً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ زبردستی سے ۔ ظلم سے +

قہقہہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ٹھٹھا ۔ کھل کھلا کو ہنسنا +

قہقہہ اڑانا یا مارنا ۔ ا ۔ ٹھٹھا مارنا ۔ ہنسی اڑانا ۔ احمق بنانا +

قہوہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک تخم کا نام جسے پانی میں جوش دیکر پیتے ہیں ۔ کافی ۔

قہوہ خانہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ وہ مکان جہاں قہوہ پیتے ہیں +

ق ۔ ی

قے ۔ ع ۔ مونث ۔ الٹی ۔ متلی +

قے آنا ۔ ا ۔ جی متلانا ۔ ابکائی آنا ۔ نفرت ہونا ۔ گھن آنا +

قیاس ۔ ع ۔ مذکر ۔ جانچ ۔ اندازہ ۔ ا ۔ عقل ۔ سمجھ ۔ رائے ۔ قیافہ

قیاس لگانا ۔ ا ۔ رائے لگانا ۔ سوچنا ۔ عقل لڑانا ۔ حساب لگانا +

قیاساً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ قیاس کی رو سے ۔ اٹکل سے +

قیاسی ۔ ع ۔ صفت ۔ قیاس سے متعلق ۔ قاعدے کے موافق ۔ خیالی ۔ وہمی

قیافہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ شگون ۔ فال ۔ ا ۔ قیاس ۔ اندازہ ۔ عقل ۔ سمجھ +

قیافہ شناس ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ قیافہ سے واقف ۔ شگونیا ۔ فالیا ۔
قیافہ شناسی ۔ ع ۔ ف ۔ مونث ۔ علم قیافہ سے واقفیت ✦
قیام ۔ ع ۔ مذکر ۔ ٹھہراؤ ۔ سکونت ۔ بسیرا ۔ سلامتی ۔ نماز میں کھڑا ہونا ✦
قیامت ۔ ع ۔ مونث ۔ کھڑا ہونا ۔ وہ وقت جبکہ مردے زندہ ہوکر کھڑے ہونگے ۔ حشر کا دن ۔ و ۔ موت ۔ کال ۔ بلا ۔ غصہ ۔ واویلا ۔ ہلچل ۔ ظلم ۔ (صفت) نہایت ازحد ۔ نہایت شوخ ۔ چالاک ۔ فسادی ۔ مشکل ۔ کٹھن ۔ بڑا ✦
قیامت اٹھنا ۔ و ۔ آفت برپا ہونا ۔ فساد مچنا ۔ شور ہونا ✦
قیامت آنا ۔ و ۔ پرلو آنا ۔ حشر برپا ہونا ۔ آفت آنا ✦
قیامت برپا یا بپا کرنا ۔ و ۔ دھوم ڈالنا ۔ شور مچانا ۔ فساد مچانا ۔ مصیبت ڈالنا ۔ قہر توڑنا ✦
قیامت پر قیامت لانا یا ڈھانا ۔ و ۔ آفت پر آفت برپا کرنا ۔ ظلم پر ظلم کرنا ✦
قیامت توڑنا یا ڈھانا ۔ و ۔ نہایت خفا ہونا ۔ آفت برپا کرنا ۔ شور کرنا ✦
قیامت ٹوٹنا ۔ و ۔ حشر برپا ہونا ۔ آفت آنا ۔ نہایت خفگی ہونا ✦
قیامت کا ۔ و ۔ صفت ۔ آفت ڈھانے والا ۔ غضب کا بنا ہوا ۔ بہت خوبصورت ✦
قیامت کرنا ۔ و ۔ غضب کرنا ۔ برا کرنا ۔ آفت لانا ۔ فساد مچانا ۔ ظلم کرنا کوئی انوکھا کام کرنا ✦
قیامت لانا ۔ مصیبت لانا ۔ بلا میں پھنسانا ۔ ظلم ڈھانا ۔ فساد مچانا ✦
قیامت مچانا ۔ و ۔ ظلم توڑنا ۔ دھوم ڈالنا ۔ واویلا کرنا ✦
قیامت ہوجانا ۔ و ۔ غضب ہوجانا ۔ برا ہوجانا ✦
قیامت ہونا ۔ و ۔ پرلو کا آنا ۔ حشر کا دن آنا ۔ مصیبت ہونا ۔ مشکل ہونا ۔ کٹھن ہونا ۔ شور مچنا ۔ نہایت برا ہونا ✦
قیامت ہے ۔ و ۔ محاورہ ۔ آفت ہے ۔ بلا ہے ۔ شور ہے ۔ ظلم ہے ۔ نہایت خوبصورت ہے ✦
قید ۔ ع ۔ مونث ۔ بندی ۔ ممانعت ۔ شرط ۔ پابندی ۔ اندازہ
قید بھرنا ۔ بھگتنا یا کاٹنا ۔ قید خانہ میں رہنا ✦
قید خانہ ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ قیدیوں کے رہنے کا مکان ۔ جیل
قید لگانا ۔ و ۔ حد باندھنا ۔ شرط باندھنا ۔ پابند کرنا ✦
قید محض ۔ ع ۔ مونث ۔ مشقت کے بغیر قید ✦
قیدی ۔ ع ۔ ف ۔ گرفتار ۔ پکڑا ہوا ۔ مجرم ✦
قیس ۔ ع ۔ مذکر ۔ عرب کے ایک قبیلہ کا نام ۔ مجنوں لیلے کے عاشق کا نام ✦
قیصر ۔ (رومی) مذکر ۔ سلطان ۔ بادشاہ ✦
قیطون ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی زری اور ریشم کی بنی ہوئی ڈوری ✦
قیف ۔ ت ۔ مذکر ۔ ایک ٹونٹی دار ظرف کا نام ۔ پیک ✦
قیل وقال ۔ ع ۔ مونث ۔ بات چیت ۔ بحث ۔ تکرار ۔
قیلولہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ دوپہر کا سونا ۔ کھانے کے بعد لیٹنا ✦
قیلولہ کرنا ۔ و ۔ کھانا کھا کر لیٹنا ۔ دوپہر کو سونا ✦
قیمت ۔ ع ۔ مونث ۔ مول ۔ دام ۔ بھاؤ ۔ قدر ۔ مرتبہ ✦
قیمت ٹھہرانا ۔ چکانا ۔ یا مقرر کرنا ۔ و ۔ بھاؤ ٹھہرانا ۔ مول مقرر کرنا ✦
قیمت لگانا ۔ و ۔ دام لگانا ۔ مول مقرر کرنا ✦
قیمتی ۔ ع ۔ ف ۔ صفت ۔ زیادہ قیمت کا ۔ عمدہ ۔ نفیس ✦
قیمہ ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ کٹا ہوا گوشت ۔ ریزہ ریزہ کیا ہوا گوشت ✦
قیمہ کرنا یا قیمہ قیمہ کرنا ۔ و ۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ۔ ریزہ ریزہ کرنا ✦
قینچی ۔ و ۔ مونث ۔ کپڑا یا کاغذ وغیرہ کترنے کا آلہ ۔ ترچھی سلاخیں جو جنگلہ کے طور پر مکان کے گرد لگاتے ہیں یا وہ آڑی لکڑیاں جن پر کھپریل ڈالتے ہیں ✦
قینچی باندھنا ۔ و ۔ پہلوان ۔ مخالف کی دونو ٹانگوں میں اپنی دونو ٹانگیں ڈالکر مجبور کرنا ۔ گھوڑے کو دونو رانوں کے تلے دبانا
قینچی دکھانا ۔ و ۔ قینچی سے تراشنا یا کاٹنا ✦
قینچی سی یا قینچی کی طرح زبان چلنا ۔ و ۔ فرفر زبان چلنا ۔ تڑاق پڑاق بولنا ✦
قینچی لگانا ۔ و ۔ قینچی سے کترنا ۔ تراشنا ۔ چھانٹنا ✦

ک

ک - (ع) مذکر - اردو (الف) بے - تے کا چھبیسواں حرف +

ک - ا

کا - ہ - حرف اضافت - تعلق ـ نسبت - لگاؤ - ملکیت وغیرہ ظاہر کرتا ہے +

برائے استقبال :- مصدر کے بعد آتا ہے - جیسے "میں نہیں آنے کا" +

کابک - ف - مونث - کبوتروں کا ڈربہ - کبوتر خانہ +

کابل - ف - مذکر - افغانستان کے دارالخلافہ کا نام +

کابوس - ع - مذکر - ایک مرض کا نام +

کابین - ع - مذکر - وہ روپیہ جو نکاح کے وقت مرد کے ذمے ڈالا جاتا ہے - مہر +

کابین نامہ - ع + ف - مذکر - وہ کاغذ جس پر مہر کی تعداد اور اقرار لکھا جاتا ہے +

کاپی - (انگ) مونث - نقل - جلد - نسخہ - پرت - چند سلے ہوئے ورق +

کاپی رائٹ - انگ، مذکر تصنیف و تالیف کا حق - ایجاد کا حق +

کاپی نویس - ا - مذکر نقل کرنے والا - کاتب - محرر -

کاتا - ہ - صفت - کاتا ہوا - تاگا - سوت +

کاتا اور لے دوڑی - ہ - کہاوت - کام کم سے ہی مزدوری کا تقاضا +

کاتب - ع - مونث - لکھنے والا - محرر - کاپی نویس +

کاتک - ہ - مذکر - ہندی کا آٹھواں مہینہ +

کاتک کی کتیا - ہ - مونث - چھنال عورت - بدکار عورت +

کاتنا - ہ - روئی کے دھاگے چرخے کے ذریعہ سے بنانا +

کاتی - ہ - مونث - سناروں کے ایک اوزار کا نام +

کاٹ - ہ - مونث - کٹاؤ - زخم - گھاؤ - تیزی - برائی - بدی - عداوت - دشمنی +

کاٹ پھانس - ہ - مونث - توڑ جوڑ - لگائی بجھائی - چالاکی ساز باز - چغل خوری +

کاٹ چھانٹ کرنا - ہ - توڑ جوڑ کرنا - غبن کرنا - خیانت کرنا - کٹتی کہنا - برائی کرنا - منہا کرنا - مجرا لینا +

کاٹ کرنا - ا - گھاؤ ڈالنا - زخم ڈالنا - رد کرنا - جواب دینا - تراشنا +

کاٹ کوٹ - ہ - مونث - چیر پھاڑ - جراحی - کمی بیشی +

کاٹ کھانا - ڈس لینا - ڈنک مارنا +

کاٹ کھانے کو دوڑنا - ا - بات بات پر لڑائی کے لیے تیار ہونا - گھرکیاں دینا +

کاٹا - ہ - صفت - کاٹا ہوا - ڈسا ہوا - (مذکر) سانپ کا زخم - چوٹ +

کاٹنا - ا - تراشنا - چھانٹنا - ڈسنا - دانت مارنا - گھاؤ ڈالنا - چھوڑنا - بسر کرنا - الگ کرنا - قتل کرنا - طے کرنا - چکانا - منہا کرنا +

کاٹنے کو دوڑنا - یا کاٹنے دوڑنا - ہ - بات بات پر لڑنا - ناگوار گزرنا - ویران اور اجاڑ معلوم ہونا +

کاٹو تو خون نہیں یا کاٹو تو لہو نہیں - ا - محاورہ - خوف کے باعث بدن میں لہو کی بوند نہیں رہی +

کاٹھ - ہ - مذکر - لکڑی - ایک بھاری لٹھا - جس میں مجرموں کا پاؤں ٹھونکنے کے لیے چھید کر دیتے ہیں (صفت) سخت - مشکل - کٹھن +

کاٹھ چبانا - ہ - تنگی میں بسر کرنا - رد کھے سوکھے دن کاٹنا +

کاٹھ کا الو - ہ - مذکر - محض بے وقوف - بیوقوف - احمق +

کاٹھ کا گھوڑا - ہ - مذکر - لنگڑے آدمی کی لکڑی - لکڑی کا زینہ

کاٹھ کباڑ - ہ - مذکر - گھر کا ٹوٹا پھوٹا اسباب +

کاٹھ کی گھوڑی - ہ - مونث - ارتھی - جنازہ +

کاٹھ کی مورتی اور چندن کا ہار - ہ - کہاوت - بدشکل آدمی کا بناؤ سنگار +

کاٹھ کی ہانڈی بار بار نہیں چڑھتی - ہ - کہاوت - بار بار

فریب اور جھوٹ نہیں چل سکتا ؎

کاٹھ میں پاؤں ٹھُکنا - مجرم کے پاؤں میں کاٹھ ڈالنا ؎

کاٹھ ہو جانا - ا - بالکل بے حرکت اور بت بن جانا - اکڑ جانا - سخت ہونا ؎

کاٹھی - ہ - مونث - جسم - ڈھانچ - تلوار کا نیام - گھوڑے کا چمڑے کا زین ؎

کاٹے کھانا - ۔ - نہایت بُرا لگنا - خوفناک معلوم ہونا ؎

کاٹے کٹے نہ مارے مرے - ہ - محاورہ - نہایت سخت جان آدمی کی نسبت بولتے ہیں ؎

کاٹے نہ کٹنا - ۔ - نہایت کٹھن اور سخت ہونا ؎

کاج - ہ - مذکر - کام - کسی بوڑھے آدمی کے مرجانیکی بڑی بھاری ضیافت - شادی کا کاروبار - بٹن کا گھر - ہول ؎

کاج کرنا - ۔ - مردے کی روٹی کرنا - کوئی بڑا کام کرنا - بوتام کا گھر بنانا ؎

کاجل - ہ - مذکر - چراغ کا دھواں جو ٹھیکرے پہ پارتے ہیں ؎

کاجل پارنا - ہ - ٹھیکرے کے ذریعے سے دھواں جمانا ؎

کاجل دینا یا سارنا - ۔ - آنکھوں میں کاجل لگانا ؎

کاجل کا تِل - ہ - مذکر - وہ خال جو کاجل سے گالوں پہ بنایا جاتا ہے ؎

کاجل کی کجلوٹی اور کھچولوں کا سنگار - ہ - کہاوت - جب کوئی بدصورت آدمی زیادہ بناؤ سنگار کرتا ہے - تو اس کی نسبت بولتے ہیں ؎

کاجل کی کوٹھڑی - ہ - مونث - وہ مکان جہاں کاجل پارا جاتا ہے - بدنامی کا گھر - کلنگ استھان ؎

کاجل لگانا - ۔ - آنکھوں میں سرمہ کی طرح کاجل استعمال کرنا ؎

کاچو بھچو - ا - صفت - نہایت نازک - ریشمی - اشارے سے ٹوٹ جانے والا ؎

کاچ یا کانچ - ہ - مونث - شیشہ ؎

کاچھ - ہ - مذکر - دھوتی کا لانگ - جانگیا - بھیس - روپ ؎

کاچھ کچھنا - ہ - روپ بھرنا - سوانگ بھرنا ؎

کاچھن - ہ - مونث - کنجڑن - مالن ؎

کاچھی - ہ - مذکر - کنجڑا - مالی ؎

کاخ - ف - مذکر - بلند عمارت - راج مندر ؎

کاذِب - ع - صفت - جھوٹا - باطل ؎

کار - ف - مذکر - کام - کرتوت - ہنر - پیشہ - لڑائی - مطلب ؎

کار آزمودہ - ف - صفت - تجربہ کار - واقف کار ؎

کار آمد - ف - صفت - کام کا - فائدہ دینے والا ؎

کاربار - ۔ - مذکر - کام کاج - لین دین ؎

کارباری - ۔ - مذکر - کام کاج کرنے والا - بیچ بیوپار کرنے والا ؎

کاربراری - ف - مونث - مطلب نکالنا - کارروائی - تکمیل ؎

کاربند - ف - صفت - عمل میں لانے والا - پیرو ؎

کارپرداز - ف - مذکر - کام کرنے والا - سلطنت کا انتظام کرنے والا ؎

کارپردازی - ف - مونث - انتظام - سربراہی - کارروائی ؎

کارچوب - ف - مذکر - وہ لکڑیاں جن پر جولاہے تانی پھیلا کر بنتے ہیں - ا - کشیدہ کاڑھنے والا - کشیدہ کاری ؎

کارچوبی - ف - مونث - گلکاری - کشیدہ کاری ؎

کارخانہ - ف - مذکر - کام کرنے کی جگہ - بیوپار گھر - ۔ - کاروبار کام کاج حساب - خدا کی قدرت ؎

کارخانہ پھیلانا - ۔ - کاروبار شروع کرنا - بیچ بیوپار کرنا ؎

کارخانہ دار - ف - مذکر - کارخانہ کا مالک - ا - خانساماں باورچی خانہ کا داروغہ ؎

کارخیر - ف - ع - مذکر - نیکی کا کام - لڑکی کا نکاح ؎

کارگزار - ف - مذکر - عہدے دار - وزیر ؎

کارداں - ف - صفت - واقف کار - تجربہ کار - استاد ؎

کارروائی - ف - مونث - کام نکالنا - کام چلانا - کام - قانون - بند و بست ؎

کارزار - ف - مونث - لڑائی - جنگ ؎

کارساز - ف - صفت - کام بنانے والا - کام سنوارنے والا

کارسازی - ف - مونث - کام کرنا یا بنانا - ہنر - صنعت - ۔ - چالاکی - مکاری ؎

کارشناس - ف - صفت - دیکھو کار آزمودہ ؎

کارفرما - ف - مذکر - کام لینے اور دینے والا - حاکم - کمانڈر ؎

کارکن - ف - مذکر - سربراہ - مختار - مینیجر - گماشتہ ؎

کارگاہ - مونث - ف - کام کرنے کی جگہ - جولاہوں کے کپڑا بننے کا گڑھا ؎

کارگر - ف - صفت - اثر کرنے والا - گنی - مفید - کاری - ہلاک کرنے والا - بھاری - گہرا ؎

کارگزار - ف - صفت - کام کرنے اور حکم بجانے والا - کام میں چست - تیز - چالاک ؎

کارگزاری - ف - مونث - تعمیل - ملازمت - نوکری - ہوشیاری ؎

کارنامہ - ف - مذکر - جنگ نامہ - مصور کا تصویروں کا مرقع - سند - تواریخ - قانون ؎

کاروبار - ف - مذکر - کام کاج ؎

کاربونک - انگ - مذکر - زہریلا مادہ ؎

کاربونک ایسڈ - انگ - مذکر - کوئلہ کا تیزاب ؎

کاربونک ایسڈ گیس - انگ - مونث - زہریلی ہوا ؎

کارتوس - د - مذکر - بارود سے بھری ہوئی نلی جو بندوق میں بھر کر چلاتے ہیں ؎

کارج - س - مذکر - کام - کاج - مطلب - سبب - پیشہ - بوڑھے کے مرنے کی روٹی ؎

کارج رچنا - ا - شادی کا کاروبار پھیلانا ؎

کارد - ف - مذکر - چاقو - چھری ؎

کارڈ - (انگ) مذکر - تین پیسہ کا کاغذ پر لکھ کر ڈاک میں بھیجا جاتا ہے - ملاقات کا ٹکٹ جس پر ملنے والے کا نام ہو ؎

کارسپانڈنٹ - (انگ) مذکر - پرچہ لکھنے والا - نامہ نگار - خبریں پہنچانے والا ؎

کارسپانڈنس - (انگ) مونث - خط و کتابت - چٹھی پتری ؎

کارستانی - ا - مونث - چالاکی - مکاری - استادی - شرارت ؎

کارستانیاں - د - مونث - کارستانی کی جمع ؎

کارن - ہ - مذکر - سبب - واسطہ - وجہ

کارندہ - ف - صفت - مزدور - کام کرنے والا - مینیجر - ایجنٹ ؎

کاروان - ف - مذکر - قافلہ - میدنی ؎

کارواں سرائے - ف - مونث - قافلے کے اترنے کی جگہ ؎

کاری - ف - صفت - ہلاک کر دینے والا - گہرا - بھاری - کام کا - کار آمد ؎

کاریگر - ف - مذکر - پیشہ ور - دستکار - فن کا استاد - ہوشیار ؎

کاریگری - ف - مونث - دستکاری - پیشہ - استادی - دانائی ؎

کارے نہ مسئلے - د - تابع فعل - بلا سبب - یونہی ؎

کاڑھا - ہ - مذکر - وہ گرم دوائیں جو جوش دیکر پلائی جاتی ہیں ؎

کاڑھنا - ہ - نکالنا - سوئی کا کام کرنا ؎

کاسد - ع - صفت - کھوٹا - غیر خالص ؎

کاسنی - ف - مونث - ایک دوا کا نام ؎

کاسہ - ف - مذکر - پیالہ - طباق - نقارہ - دھونسا - و - کھانا ؎

کاسہ سر - ف - مذکر - سر کا پیالہ - کھوپڑی ؎

کاسہ لیس - ف - صفت - جوٹھے برتن چاٹنے والا - خوشامدی - پیٹو - لالچی ؎

کاش یا کاشکے - ف - کلمہ تمنا - خدا کرے - خدا ایسا کرے ؎

کاشانہ - ف - مذکر - چھوٹا سا گھر - جھونپڑا - گھونسلا ؎

کاشت - ف - مونث - زراعت - کھیتی باڑی - جوتی ہوئی زمین ؎

کاشتکار - ف - مذکر - کھیتی باڑی کرنے والا - کسان ؎

کاشتکاری - ف - مونث - کھیتی باڑی - زراعت ؎

کاشف - ع - مذکر - کھولنے والا - ظاہر کرنے والا ؎

کاغذ - ع - مذکر - جس پر لکھتے ہیں - پرزہ - پرچہ - رقعہ ؎

کاغذ باد یا بادی - ع + ف - مذکر - پتنگ - گڈی ؎

کاغذ پر چڑھنا - ا - ٹانکنا - درج رجسٹر کرنا ؎

کاغذ کرنا - ا - تمسک لکھنا - بیع نامہ لکھنا ؎

کاغذ کھولنا - ا - بھید کھولنا - عیب ظاہر کرنا ؎

کاغذ کے گھوڑے - د - مذکر - خط چٹھیاں ؎

کاغذ کے گھوڑے دوڑانا - چاروں طرف جلدی جلدی بھیجنا ؎

کاغذ کی ناؤ - د - مونث - فنا ہونے والی اور ناپائدار چیز - بے اصل بات ؎

کاغذ کی ناؤ آج نہ ڈوبی کل ڈوبی - ا - کہاوت ہے

اصل بات کو کچھ قیام نہیں ہوتا۔

کاغذ کی ناؤ میں کون پار اترا۔ ﮨ۔ کہاوت۔ ناپائدار سہارے پر کیا بھروسہ ہے ؂

کاغذ لکھنا یا لکھ دینا۔ ﮨ۔ تمسک کر دینا۔ ہبہ کر دینا ؂

کاغذ ملانا۔ ﮨ۔ حساب کا مقابلہ کرنا۔ حساب جانچنا ؂

کاغذات۔ ع۔ مذکر۔ کاغذ کی جمع ؂

کاغذی۔ ع۔ مذکر۔ کاغذ بنانے یا بیچنے والا۔ سفید کبوتر۔ ﮨ۔ صفت۔ کاغذ کا بنا ہوا۔ نازک۔ پتلا

کاغذی ثبوت۔ ﮨ۔ مذکر۔ تحریری ثبوت لکھا ہوا ثبوت ؂

کافِر۔ ع۔ مذکر۔ خدا کو نہ ماننے والا۔ ناستک۔ ﮨ۔ صفت ظالم۔ بد ذات۔ بد نصیب ؂

کافرِ حربی۔ ع۔ وہ کافر جس سے دین میں حرج واقع ہو۔ اور اس سے لڑنا واجب ہو ؂

کافرِ نعمت۔ ع۔ صفت۔ نعمت کا انکار کرنے والا احسان کو بھلانے والا ؂

کافرِ نعمتی۔ ع۔ مونث۔ ناشکر ہونا۔ نعمت کا انکار کرنا ؂

کافور۔ ع۔ مذکر۔ ایک تیز خوشبو دار دوا ؂

کافور ہو جانا۔ ﮨ۔ اڑ جانا۔ جاتا رہنا۔ بھاگ جانا۔ فرار ہو جانا ؂

کافوری۔ ع۔ ف۔ صفت۔ کافور سے متعلق۔ کافور کا بنا ہوا ؂

کافی۔ (انگ) مونث۔ قہوہ جو جوش دیکر چائے کی طرح پیا جاتا ہے ؂

کافی۔ ع۔ صفت۔ کفایت کرنے والا۔ بہت۔ بس۔ ﮨ۔ مونث۔ ایک راگنی کا نام ؂

کافی وافی۔ ع۔ تابع فعل۔ بہت بہت۔ بھرپور۔ ضرورت سے زیادہ ؂

کاک۔ (انگ) مذکر۔ ایک درخت جس سے بوتل وغیرہ کی ڈاٹ بناتے ہیں۔

کاک۔ ف۔ مذکر۔ ٹکیا جو سوکھے آٹے میں گھی ملا کر پکائی جاتی ہے۔ بسکٹ ؂

کاکا۔ ف۔ مذکر۔ بڑا بھائی۔ پرانا غلام۔ ﮨ۔ چھوٹا بچہ ؂

کاکاتوآ یا کاکاکوا۔ ﮨ۔ مذکر۔ ایک قسم کا سفید اور بڑا طوطا ؂

کاکریزی۔ ﮨ۔ صفت۔ ایک سیاہی مائل اودے رنگ کا نام ؂

کاکڑا۔ ﮨ۔ مذکر۔ ایک ہرن کی قسم کا جانور ؂

کاکُل۔ ف۔ مونث۔ بلدار بال۔ زلف۔ لٹ ؂

کاکُل پیچاں۔ ف۔ مونث۔ خمدار زلفیں ؂

کاکی۔ ف۔ صفت۔ کاک کھانے والا۔ روغنی روٹی کھانے والا۔ ﮨ۔ کاکا کی تانیث ؂

کاگ۔ ﮨ۔ مذکر۔ کاک۔ ڈاٹ۔ ﮨ۔ حلق کا وہ گوشت جو تالو سے اندر کے رخ لٹکتا رہتا ہے ؂

کاگا۔ ﮨ۔ مذکر۔ چھوٹا کوا ؂

کاگاروَل۔ ﮨ۔ مونث۔ کوؤں کی کائیں کائیں۔ نہایت شور ؂

کال۔ ﮨ۔ مذکر۔ موت۔ قحط۔ کمی۔ (صفت) کالا۔ نامی۔ پرانا ؂

کال آنا۔ ﮨ۔ موت آنا۔ وقت آنا ؂

کال پڑنا۔ ﮨ۔ قحط ہونا۔ کمی ہونا ؂

کال کاٹنا۔ ﮨ۔ قحط کے دن گذارنا ؂

کال کا لوٹا یا مارا۔ ﮨ۔ صفت۔ قحط کا ستایا۔ بھوکا کنگال ؂

کال کوٹھری۔ ﮨ۔ مونث۔ اندھیری کوٹھڑی۔ بلیک ہول ؂

کال ہونا۔ ﮨ۔ قحط ہونا۔ کمی ہونا۔ مرنا۔ فوت ہونا ؂

کالا۔ ﮨ۔ صفت۔ سیاہ۔ چالاک۔ ہوشیار۔ کالا سانپ ؂

کالا آدمی۔ ﮨ۔ مذکر۔ سیاہ فام حبشی جسے انگریز لوگ حقارت کی وجہ سے کالا آدمی کہتے ہیں

کالا بھجنگ۔ ﮨ۔ صفت۔ نہایت کالا۔ کالا کلوٹا ؂

کالا پانی۔ ﮨ۔ مذکر۔ جزائر انڈیمان جہاں ہندوستان کے عمر قیدی بھیجے جاتے ہیں۔ دیس نکالا۔ عمر قید ؂

کالا پہاڑ۔ ﮨ۔ مذکر۔ (مجازاً) ہاتھی۔ گج۔ انسان کا سر (صفت)۔ نہایت بھاری۔ اجیرن ؂

کالا چور۔ ﮨ۔ مذکر۔ بڑا بھاری اور نامی چور ؂

کالا کلوٹا۔ ﮨ۔ صفت۔ نہایت کالا حبشی ؂

کالا کرنا۔ ﮨ۔ سیاہ کرنا۔ کلنک لگانا۔ داغ لگانا ؂

کالا منہ۔ ﮨ۔ بددعا۔ خدا تجھے بدنام کرے اور کلنک

لگے۔ کلمہ تنفر۔ دور ہو۔ منہ نہ دکھا ۔

کالا مُنہ کرنا۔ ہ۔ مُنہ کو کالک کرنا۔ کلنگ لگانا۔ بدنام کرنا۔ دور کرنا۔ دفع ہونا۔ سامنے سے ہٹنا ۔

کالْاَنْعَام۔ ع۔ صفت۔ گدھے۔ بیل۔ پشو۔ چوپایوں کی طرح جانوروں کا سا۔ (بلفظ کَل اَنْعَام) ۔

کالْبُد۔ ف۔ مذکر۔ ڈھانچا۔ جسم۔ تن۔ جوتے۔ کا فرما ۔

کالْبُوت۔ ا۔ مذکر۔ دیکھو (کالْبُد) ۔

کالِج۔ (انگ) مذکر۔ اعلےٰ درجہ کی تعلیم کا مدرسہ۔ دارالعلوم

کالَر۔ (انگ) مذکر۔ کتے کا پٹا۔ گلوبند۔ گلے کی پٹی ۔

کالِک۔ ہ۔ مونث۔ سیاہی۔ رسوائی۔ عیب ۔

کالِک کا ٹیکا۔ ہ۔ مذکر۔ سیاہی۔ دھبا۔ داغ۔ بدنامی۔ رسوائی ۔

کالِکا۔ س۔ مونث۔ کالی دیوی۔ درگا بھوانی ۔

کالی۔ ہ۔ مونث۔ سیاہ۔ ایک دیوی کا نام ۔

کالی بلا۔ ہ۔ مونث۔ کالی اور بدصورت عورت۔ چڑیل۔ بھاری مصیبت ۔

کالی جُمعرات۔ ا۔ مونث۔ فرضی دن یا رات ۔

کالی کلوٹی۔ ہ۔ صفت۔ مونث۔ نہایت سیاہ

کالی ہانڈی سر پر دھرنا۔ ہ۔ بدنام ہونا۔ بے عزت ہونا ۔

کالے پانی بھیجنا۔ جلاوطن کرنا۔ سمندر پار اتارنا ۔

کالے تِل چبوانا۔ ہ۔ مول لے لینا۔ غلام بنانا۔ خوشامد کرنا ۔

کالے سر کا۔ ہ۔ مذکر۔ مرد۔ جوان آدمی ۔

کالے کا کاٹا پانی نہیں مانگتا۔ ا۔ کہاوت۔ ظالم اور فریبی آدمی سے بچنا مشکل ہے۔

کالے کوس۔ ہ۔ مذکر۔ بہت دور کا راستہ۔ کوسوں دور لمبے کوس ۔

کالے کوّے کھائے ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ جب کسی آدمی کے بڑھاپے میں بھی بال سفید نہیں ہوتے۔ تو اُس کی نسبت کہتے ہیں ۔

کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا۔ ا۔ محاورہ۔ زبردست کے سامنے کچھ پیش نہیں جاتی ۔

کالے کی سی لہر آجاتی ہے۔ ہ۔ کہاوت۔ کبھی کبھی جنون اُبھر آتا ہے ۔

کالے کے کاٹے کا مَنتر نہ جَنتر۔ ہ۔ کہاوت۔ ظالم اور فریبی کی شرارت کا کوئی علاج نہیں ۔

کام۔ ف۔ مذکر۔ تالو۔ حلق۔ منہ۔ مُراد۔ خواہش۔ کاروبار۔ فعل۔ (س) شہوت (ا) ہنر۔ پیشہ۔ کاروبار۔ ملازمت۔ چالاکی ۔

کام اُتارنا۔ ا۔ کوئی چیز بنا کر پوری کرنا ۔

کام اَٹکنا۔ ہ۔ کام بند ہونا۔ کام رُکنا ۔

کام آخر کرنا۔ ا۔ کام پورا کرنا۔ مار ڈالنا۔ قتل کر دینا ۔

کام آخر ہونا۔ ا۔ کام پورا ہونا۔ مرنا ۔

کام آنا۔ ا۔ مطلب کے لائق ہونا۔ ٹھکانے لگنا۔ مددگار ہونا۔ قتل ہونا۔ خرچ ہونا۔ کام دینا۔ غرض نکالنا ۔

کام بر آنا۔ ا۔ مقصد حاصل ہونا۔ مراد پوری ہونا ۔

کام بڑھانا۔ ہ۔ کام ختم کرنا۔ کام زیادہ کرنا ۔

کام بنا رہنا۔ ہ۔ زمانہ کا موافق رہنا۔ اچھے دن رہنا ۔

کام بنانا۔ ا۔ کام درست کرنا۔ کام تیار کرنا۔ مطلب نکالنا ۔

کام بننا۔ ہ۔ کام ٹھیک ہونا۔ مراد پوری ہونا ۔

کام بھگتنا۔ ا۔ کام پورا کرنا ۔

کام پر لگنا۔ ا۔ کسی خدمت پر مقرر ہونا۔ کام میں مشغول ہونا ۔

کام پڑنا۔ ا۔ پالا پڑنا۔ واسطہ پڑنا ۔

کام تمام کرنا۔ ہ۔ کام ختم کرنا۔ قتل کرنا۔ مار ڈالنا ۔

کام تمام ہونا۔ ا۔ کام ختم ہونا۔ کام پورا ہونا۔ مرنا۔ ہلاک ہونا ۔

کام چلانا۔ ا۔ کاروائی کرنا۔ کام نکالنا۔ انتظام کرنا۔ جوں توں کر کے کاروبار چلتا رکھنا ۔

کام چلنا۔ ہ۔ حاجت روائی ہونا۔ کام نکلنا۔ گزر ہونا۔ کٹنا۔ ہاتھ تنگ نہ رہنا ۔

کام چمکنا۔ ا۔ کاروبار میں ترقی ہونا ۔

کام چور۔ ا۔ صفت۔ کام سے دل چرانے والا ۔

کام چور نوالہ حاضر ۔ ا ۔ کہاوت ۔ وہ سست آدمی جو کام تو نہ کرے مگر کھانے کو موجود ہیں ؛

کام دار ۔ ا ۔ مذکر ۔ عہدے دار ۔ گماشتہ ۔ منیجر (صفت) زردوزی یا زری کا کام کیا ہوا ۔ کاڑھا ہوا ؛

کام دولھا دلھن ہی سے پڑتا ہے ۔ ا ۔ کہاوت ۔ آپس کا معاملہ آپس ہی میں طے ہوتا ہے ؛

کام دیکھنا ۔ ا ۔ کام کی پڑتال کرنا ۔ کارگزاری دیکھنا ؛

کام دینا ۔ ا ۔ حاجت روائی کرنا ۔ کام آنا ۔ عہدہ یا منصب دینا ۔ چارج دینا ۔ کام سپرد کرنا ۔ کوئی کام بنانے کے واسطے دینا

کام دیو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شہوت ۔ نفسانی خواہش کا دیوتا ؛

کام ڈالنا ۔ ا ۔ پالا ڈالنا ۔ کوئی کام متعلق کرنا ؛

کام رکھنا ۔ ا ۔ مطلب رکھنا ۔ غرض رکھنا ؛

کام سمٹنا ۔ ا ۔ کام اکٹھا ہونا ۔ کام قابو میں آنا ۔ کام بن جانا ؛

کام سے جاتے رہنا ۔ ا ۔ مطلب کا نہ رہنا ۔ نکما ہو جانا ۔ موقوف ہو جانا ۔ برطرف ہو جانا ؛

کام سے کام رکھنا ۔ ا ۔ اپنے مطلب کے سوا دوسرے کے کام میں دخل نہ دینا ۔ پرائے جھگڑے میں پڑنا ؛

کام سیکھنا ۔ ا ۔ کسی کسب یا ہنر کی تعلیم پانا ؛

کام کا ۔ ہ ۔ صفت ۔ کام میں آنے والا ۔ مفید ؛

کام کاج ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کاروبار ۔ معاملہ ۔ لین دین ؛

کام کا نہ کاج کا دشمن اناج کا ۔ ا ۔ کہاوت ۔ وہ شخص جو کھانے کے سوا کوئی کام نہ کرے ۔ سست ؛

کام کر جانا ۔ ا ۔ کام ۔۔ جانا ۔ کامیابی دکھا دینا ۔ اثر دکھا جانا ؛

کام کرنا ۔ ا ۔ کاروبار میں لگنا ۔ فائدہ دینا ۔ کامیاب ہونا ۔ مطلب نکالنا ۔ انوکھا کام کرنا ۔ قتل کرنا ؛

کام کے سر ہونا ۔ ا ۔ کام میں بہت مشغول ہونا ؛

کام میں کام نکالنا ۔ ا ۔ ایک کام کے ساتھ دوسرا کام بھی کر لینا ۔

کام میں لانا ۔ ا ۔ استعمال میں لانا ۔ کام لینا ؛

کام نکلنا ۔ ا ۔ مطلب نکلنا ۔ مراد پوری ہونا ۔ مزدوری کھلنا ۔ کام کھلنا ؛

کام ہو جانا یا ہونا ۔ ا ۔ مقصد حاصل ہونا ۔ مراد پوری ہونا ۔ کوئی خدمت یا عہدہ مل جانا ؛

کام ہو چکنا ۔ ا ۔ کام ختم ہونا ۔ کام پورا ہونا ۔ مر جانا ؛

کامران ۔ ف ۔ صفت ۔ خوش نصیب ۔ اقبال مند

کامرانی ۔ ف ۔ مونث ۔ خوش نصیبی ۔ اقبال ؛

کامگار ۔ ف ۔ صفت ۔ خوش نصیب ۔ کامیاب ۔ فتحمند ؛

کامل ۔ ع ۔ صفت ۔ پورا ۔ سارا ۔ ماہر ۔ فن کا استاد ۔ بڑا عالم ۔ خدا تک پہنچا ہوا ۔ پکا ۔ مضبوط ؛

کامنی ۔ ہ ۔ مونث ۔ نہایت خوبصورت عورت ؛

کامی ۔ ا ۔ صفت ۔ کاروبار میں لگا ہوا ؛

کامیاب ۔ ف ۔ صفت ۔ مقصد کو پہنچا ہوا ۔ فتحمند ؛

کامیابی ۔ ف ۔ صفت ۔ مراد کو پہنچنا ۔ فتحیابی ؛

کان ۔ ف ۔ مونث ۔ کھان ۔ معدن ؛
ہ ۔ سننے کا عضو ۔ بل ۔ کھنچاؤ ۔ توجہ ؛

کان اڑ جانا ۔ ا ۔ کانوں کا متواتر شور سے پریشان ہو جانا ؛

کان امیٹھنا ۔ اکھاڑنا ۔ اینٹھنا ۔ کھینچنا یا مروڑنا ۔ ہ سزا دینا ۔ دھمکانا ۔ باز آنا کسی کام کے نہ کرنے کا عہد کرنا ؛

کان بجنا ۔ ہ ۔ کانوں میں سائیں سائیں ہونا کسی کے بن بلائے بول اٹھنا ؛

کان بھر جانا ۔ ا ۔ متواتر آواز سے کانوں کا پُر ہو جانا ؛

کان بھرنا ۔ ہ ۔ لگائی بجھائی کرنا کسی کی طرف سے کسی کے کانوں میں برائی ڈالنا ۔ بہت سی باتوں سے کان بھر دینا ؛

کان پر جوں نہ چلنا یا نہ رینگنا ۔ کسی بات سننے کا اثر نہ ہونا ۔ کہا نہ ماننا بے حیائی اور ڈھٹائی کرنا ؛

کان پر سے گولی جانا ۔ ہ ۔ کسی آفت سے بال بال بچ جانا ؛

کان پر ہاتھ رکھنا یا جانا ۔

کان پڑنا ۔ ا ۔ سننے میں آنا ۔ سنائی دینا ؛

کان پکڑنا ۔ ا ۔ کان مروڑنا ۔ استاد تسلیم کرنا ۔ توبہ کرنا ؛ عہد کرنا ۔ ترک کرنا ؛

کان پھڑپھڑانا ۔ ہ ۔ چوکتا ہونا ۔ ہوشیار ہونا ؛

کان تلے کی چھوڑنا۔ ہ۔ پتے کی کہنا۔ بھید کی کہنا۔ گپ اڑانا +

کان دبا کر چلے جانا۔ ہ۔ چپ چاپ چلے جانا +

کان دبانا۔ ہ۔ کانوں میں انگلیاں دینا۔ خوف سے سامنے نہ آنا +

کان دھر کر سننا یا کان دیکے سننا یا کان رکھ کر سننا۔ ہ۔ غور سے سننا۔ دھیان سے سننا +

کان دھرنا یا رکھنا۔ ہ۔ توجہ دینا۔ غور سے سننا +

کان کا پردہ پھٹنا۔ شور وغل کے باعث کانوں کا نہایت پریشان ہونا +

کان کاٹنا یا کترنا۔ ہ۔ بڑھ جانا۔ ہرا دینا۔ دھوکا دینا +

کان کا کچا۔ ہ۔ مذکر۔ جلد اعتبار کر لینے والا +

کان کھانا۔ ہ۔ باتوں سے دماغ پریشان کرنا۔ بکواس سے ستانا +

کان کھڑے کرنا۔ ہ۔ چوکنا ہونا۔ ہوشیار ہونا +

کان کھلنا۔ ہ۔ ہوشیار ہونا۔ چوکنا ہونا۔ نصیحت پکڑنا +

کان کھول دینا۔ ہ۔ جتا دینا۔ خبردار کر دینا۔ سمجھانا۔ نصیحت کرنا +

کان لگا کر سننا۔ ہ۔ غور سے سننا۔ دھیان سے سننا +

کان لگانا۔ ہ۔ دھیان سے سننا۔ چھپ کر سننا +

کان میں پارہ بھرنا۔ ہ۔ گونگا۔ بہرا بنانا +

کان میں پڑنا۔ ہ۔ سننے میں آنا +

کان میں پھونکنا۔ ہ۔ کان میں کوئی بات کہنا۔ چغلی کھانا۔ بدی سِکھانا +

کان میں تیل ڈال کر سو رہنا یا ہو بیٹھنا۔ ہ۔ غافل اور بے پرواہ بن جانا +

کان میں تیل ڈال لینا۔ ہ۔ بے خبر اور غافل بن جانا۔ چپ سادھنا +

کان میں جھنجی کوڑی ڈالنا۔ ہ۔ غلام بنانا +

کان میں ڈالنا۔ ہ۔ سنا دینا۔ جتا دینا۔ خبردار کر دینا +

کان میں رکھنا۔ ہ۔ یاد رکھنا۔ خیال رکھنا +

کان میں کہنا۔ ہ۔ چپکے سے کہنا۔ خفیہ طور سے کہنا +

کان کا ہلانا۔ ہ۔ چپ رہنا۔ انکار کرنا۔ چوں نہ کرنا +

کان ہونا۔ ہ۔ نصیحت حاصل ہونا۔ خبردار ہونا۔ ہوشیار ہونا +

کانا۔ ہ۔ صفت۔ ایک آنکھ سے اندھا +

کانا باتی یا کانا پھوسی۔ ہ۔ مونث۔ چپکے چپکے کان میں باتیں کرنا۔ کھسر پھسر +

کانپ اٹھنا۔ ہ۔ خوف سے تھرا جانا +

کانپنا۔ ہ۔ تھرتھرانا۔ خوف کھانا +

کانٹا۔ ہ۔ مذکر۔ سول۔ چھوٹی ترازو۔ مچھلی پکڑنے کا نوکدار آلہ۔ کنویں سے ڈول نکالنے کا اوزار۔ پنجے کی شکل کا اوزار جس سے انگریز گوشت وغیرہ کھاتے ہیں۔ کھٹکا۔ نہایت دبلا۔ گھاس اٹھانے کا ایک اوزار۔ زبان کا کھردراپن +

کانٹا سا۔ ہ۔ تابع فعل۔ کانٹے کی مانند۔ نہایت دبلا +

کانٹا سا آنکھوں میں کھٹکنا یا کانٹا سا کھٹکنا۔ ہ۔ ناگوار گزرنا۔ برا لگنا +

کانٹا ہو جانا۔ ہ۔ دبلا ہونا۔ لاغر ہو جانا +

کانٹوں پر کھینچنا یا گھسیٹنا۔ ہ۔ گنہگار کرنا۔ شرمندہ کرنا۔ نہایت تکلیف دینا۔ ستانا +

کانٹوں میں تل کر بکنا۔ ہ۔ نہایت مہنگا ہونا +

کانٹوں میں گرنا۔ ہ۔ آفت میں پڑنا +

کانٹے بونا۔ ہ۔ اپنے یا کسی کے حق میں برا کرنا۔ بدی کرنا۔ کانٹے بوئے ببول کے تو آم کہاں سے کھائے۔ ہ۔ بدی کر کے نیکی کی امید رکھنا بے وقوفی ہے +

کانٹے پر کی اوس۔ ہ۔ صفت۔ نہایت ناپائدار اور بے قیام +

کانٹے پڑنا۔ ہ۔ پیاس کے باعث منہ کا خشک ہو جانا +

کانٹے کی تول۔ ہ۔ مونث۔ بہت ٹھیک۔ ذرا کم نہ زیادہ +

کانٹی۔ ہ۔ مونث۔ چھوٹا کانٹا۔ جس جواہرات یا سونا چاندی تولتے ہیں۔ سانپ پکڑنے کی لکڑی۔ بیڑی زنجیر۔ خراب ردی +

کانجی ۔ ہ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا کھٹا پانی ۞
کانجی ہوس ۔ ا۔ مذکر۔ حوالات۔ وہ سرکاری مکان جس میں آوارہ جانور بند کئے جاتے ہیں ۞
کانچ ۔ ہ۔ مؤنث ۔ شیشہ ۔ کانچ ۔ ایک بیماری کا نام ۞
کاندھا ۔ ہ۔ مذکر۔ کندھا ۔ مونڈھا ۞
کاندھا دینا ۔ ہ۔ جنازے کو کاندھے پر رکھنا ۞
کاندھی دے جاتا ۔ ہ۔ بہانہ کرنا ۔ ٹال جانا ۞
کانس ۔ ا۔ مؤنث ۔ کنگنی ۔ چھچا ۞
کانس ۔ ہ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی لمبی گھاس ۔ جھگڑا ۔ کلیس چمک ۞
کانس میں پھنسنا ۔ ہ۔ مشکل میں پڑنا ۞
کانسٹیبل ۔ (انگ)۔ مذکر۔ چوکیدار۔ پولیس کا سپاہی ۞
کانسی ۔ ہ۔ مؤنث ۔ ایک دھات کا نام ۞
کانشنس ۔ (انگ) مؤنث ۔ وہ قوت جو انسان کو بھلائی کی طرف لے جاتی ہے ۞
کانفرنس ۔ (انگ) مؤنث ۔ صلاح اور مشورے کی مجلس ۞
کانگرس (انگ) مؤنث ۔ مجمع ۔ ملک کے باشندوں کی مجلس ۞
کانون ۔ (ف) مذکر۔ انگیٹھی ۔ بھٹی ۞
کانوں پر ہاتھ دھرنا ۔ ہ۔ صاف انکار کرنا ۔ بالکل لاعلمی ظاہر کرنا ۔ مکرنا ۞
کانوں کان خبر نہ ہونا ۔ کانوں کان نہ جاننا ۔ ہ۔ اس طرح پر کوئی بات ہونا کہ دوسرے کو بالکل خبر نہ ہو ۔ مطلق خبر نہ ہونا ۞
کانووکیشن ۔ انگ ۔ مذکر۔ سند تقسیم کرنے کا جلسہ ۔
کاو ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کھدائی ۔ کوشش ۔ جستجو ۔ تلاش ۞
کاو کاو ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کوشش ۔ تلاش ۔ زخم کو ناخن سے چھیلنا ۔ خلش ۞
کاوا ۔ ا۔ مذکر۔ گھوڑے کو اس طرح چکر دینا ۔ جس سے زمین پر ایک دائرہ بن جائے ۔ چوگان ۞
کاوش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کھودنا ۔ تلاش ۔ بیر ۔ دشمنی ۞

کاوش رکھنا ۔ ا۔ دشمنی رکھنا ۔ حسد کرنا ۞
کاوں کاوں ۔ ہ۔ مؤنث ۔ کوے کے بولنے کی آواز ۞
کاوہ ۔ ف ۔ مذکر۔ ایران کے ایک مشہور لوہار کا نام جس نے ضحاک کے خلاف علم بغاوت بلند کیا تھا ۞
کاویانی درفش ۔ ف ۔ مذکر۔ فریدوں کا جھنڈا ۔ جسے کاوہ لوہار نے بنایا تھا ۞
کاوے پر لگانا یا کاوے دینا ۔ ہ۔ چوگان پھرانا ۔ گھوڑے کو چکر دینا ۞
کاہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کٹی ہوئی سوکھی گھاس ۞
کاہکشاں یا کہکشاں ۔ ف ۔ مؤنث ۔ وہ سڑک جو آسمان پر اندھیری رات میں بہت سے ستاروں کی بنی ہوئی دکھائی دیتی ہے ۞
کاہ گل یا کہگل ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بھس اور مٹی کی لپائی ۔ کچا پلستر ۞
کاہش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کمی ۔ گھٹاو ۔ لاغری ۞
کاہل ۔ ع ۔ صفت ۔ سست ۔ کام چور ۔ آلسی ۞
کاہل وجود ۔ ا۔ مذکر۔ سست آدمی ۔ آرام چاہنے والا آدمی ۞
کاہلی ۔ ہ۔ مؤنث ۔ سستی ۔ آلس ۞
کاہو ۔ ف ۔ مذکر۔ ایک قسم کے ساگ اور اُسکے بیج کا نام ۞
کاہی ۔ ہ۔ مذکر۔ ہلکا سبز رنگ ۔ ایک قسم کی پھٹکری ۞
کاہے کو ۔ ہ۔ کلمہ استفہام ۔ کیوں ۔ کس لئے ۞
کاہیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ گھٹا ہوا ۔ جس میں کمی ہو ۔ دبلا پتلا ۔ لاغر ۔
کائی ۔ ہ۔ مؤنث ۔ وہ سبزی جو اکثر بند پانی کے اوپر جم جاتی ہے ۔ گہرا سیاہی مائل سبز رنگ ۞
کائی سی پھٹ جانا یا کائی کی طرح پھٹ جانا ۔ ہ۔ تتر بتر ہونا ۔ آسانی سے منتشر ہو جانا ۞
کایا ۔ ہ۔ مؤنث ۔ جسم ۔ روپ ۔ بھیس ۔ اصلیت ۞
کایا پلٹ ۔ ہ۔ صفت ۔ چولا بدلنے والا ۔ بہروپیا ۔ وہ دوا جس سے بوڑھا جوان ہو جائے ۞

کایا پلٹنا۔ ہ۔ روح کو ایک جسم میں سے دوسرے جسم میں ڈالنا
بھیس بدلنا۔ رنگ روپ نکالنا ؞

کایتھ۔ ہ۔ مؤنث۔ قوم کایستھ ؞

کایتھ کی کھوپڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ نہایت دغاباز اور چالاک آدمی ؞

کایستھ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک ہندو قوم کا نام ؞

کائنات۔ ع۔ مؤنث۔ دنیا۔ سنسار۔ ا۔ پونجی۔ سرمایہ۔ اصل حقیقت

کائیاں۔ ا۔ صفت۔ نہایت چالاک۔ ہوشیار۔ فریبی۔
بخیل۔ کنجوس ؞

کائیاں پن۔ ہ۔ مذکر۔ چالاکی۔ دغابازی۔ کنجوسی ؞

کائیں کائیں۔ ہ۔ مؤنث۔ کوے کی آواز۔ غل۔ شور۔ غوغا ؞

ک۔ب

کُب۔ ہ۔ مذکر۔ جھکاؤ۔ کمر کا آگے کو جھکاؤ ؞

کَب۔ ہ۔ ظرف زمان۔ کس وقت۔ کس دن۔ (تابع فعل)
کیونکر۔ کس طرح۔ (برائے نفی) جیسے وہ کب سنتا ہے۔ یعنی
نہیں سنتا۔ (تعین وقت) جیسے کب دوگے۔ (اظہار
کمی) جیسے ایسے کب پیدا ہوتے ہیں ؞

کب تک یا کب تلک۔ ہ۔ تابع فعل۔ کس وقت تک۔
کہاں تک ؞

کب سے یا کب کا۔ ہ۔ تابع فعل۔ کس وقت سے۔ کس زمانہ کا۔
بڑے عرصے کا۔ بڑی دیر سے ؞

کب کے۔ ہ۔ تابع فعل۔ کبھی کے۔ بڑے دیر کے ؞

کَباب۔ ع۔ مذکر۔ بھنا ہوا گوشت۔ (صفت) جلا ہوا
بُھنا ہوا ؞

کباب کا آنسو۔ ا۔ مذکر۔ وہ پانی جو کباب میں سے پکتے وقت
ٹپکتا ہے ؞

کباب کرنا یا لگانا۔ ا۔ کباب بھوننا۔ جلانا۔ دکھ دینا۔
رشک دلانا ؞

کباب ہونا۔ ا۔ جلنا۔ دُکھ پانا۔ نہایت برا لگنا۔ غصے
میں لال ہونا ؞

کباب چینی۔ ا۔ مؤنث۔ سیتل چینی۔ سرد چینی ؞

کبابہ۔ ع۔ مذکر۔ کباب چینی ؞

کبابی۔ ف۔ مذکر۔ کباب بیچنے والا۔ ا۔ صفت۔ کباب کرنے
کے لایق۔ (مرغ) ؞

کباده۔ ف۔ مذکر۔ نرم کمان۔ مشق کرنے کی کمان ؞

کِبار۔ ع۔ مذکر۔ کبیر کی جمع۔ بڑے آدمی ؞

کباڑ۔ ہ۔ مذکر۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب ؞

کباڑیا۔ ہ۔ مذکر۔ ٹوٹا پھوٹا اسباب بیچنے والا۔ نیلام کا لایا
ہوا مال بیچنے والا ؞

کبت۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی ہندی نظم۔ قطعہ ؞

کبڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ؞

کبڈی کھیلتے پھرنا۔ ہ۔ بیکار پھرنا۔ آوارہ پھرنا ؞

کِبر۔ ع۔ مذکر۔ بزرگی۔ بڑائی۔ غرور۔ تکبر ؞

کِبَر۔ ع۔ مذکر۔ بڑھاپا۔ پیری ؞

کِبَر سِن۔ ع۔ مذکر۔ بوڑھا۔ بڈھا ؞

کبرا۔ ہ۔ صفت۔ چتکبرا۔ سیاہ اور سفید رنگ کا ؞

کُبریٰ۔ ع۔ اکبر کی تانیث۔ بہت بڑی۔ بہت بزرگ ؞

کبریا۔ ع۔ مذکر۔ بڑائی۔ بزرگی۔ فخر۔ غرور۔ خدا کا نام ؞

کبریت۔ ع۔ مؤنث۔ گندھک۔ عمدہ سونا ؞

کبریت احمر۔ ع۔ مؤنث۔ لال گندھک جو نہایت کمیاب
ہے۔ عنقا جس کا ملنا محال ہو ؞

کُبڑا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ شخص جس کی پیٹھ جھک گئی ہو ؞

کبڑاپن۔ ہ۔ مؤنث۔ کمر جھکی ہوئی سی عورت ؞

کبک۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا تیتر۔ چکور ؞

کبک دری یا کوہی۔ ف۔ مذکر۔ پہاڑی چکور جو نہایت
خوبصورت ہوتا ہے ؞

کبوتر۔ ف۔ مذکر۔ ایک مشہور پرند کا نام ؞

کبوتر باز۔ ف۔ مذکر۔ کبوتر پالنے اور اڑانے والا ؞

کبوتر بازی۔ ف۔ مؤنث۔ کبوتروں کی شرط ؞

کبوتر خانہ۔ ف۔ مذکر۔ ڈربا۔ کابک۔ مسافر خانہ۔ سرائے ؞

کبوتری۔ ہ۔ مؤنث۔ کبوتر کی مادہ ؞

کبود۔ ف۔ مذکر۔ نیلا رنگ۔ آسمانی رنگ ؞

گنبودی ۔ ف ۔ صفت ۔ نیلا ۔ آسمانی ٭

کبھو ۔ ا ۔ تابع فعل (متروک) کبھی ۔ کسی وقت ٭

کبھی ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کداچت ۔ کسی نہ کسی وقت ۔ کسی گھڑی ۔ کوئی دم بھولے چوکے ۔ ہرگز ۔ بالکل ۔ گھڑی ہیں ٭

کبھی تولہ کبھی ماشہ ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کبھی دوست کبھی دشمن ۔ دم میں کچھ دم میں کچھ ٭

کبھی رات بڑی کبھی دن بڑا ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ زمانہ ایک حال پر نہیں رہتا ٭

کبھی کا ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ بہت دیر کا ۔ مدت کا ٭

کبھی کبھار یا کبھی کبھی ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ بھولے چوکے ۔ وقت بے وقت ٭

کبھی گاڑی ناؤ پر کبھی ناؤ گاڑی پر ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ زمانے کا انقلاب ٭

کبھی نہ کبھی ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کسی نہ کسی وقت ۔ بھولے بسرے ٭

کبھی نہیں ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ہرگز نہیں ۔ بالکل نہیں ٭

کبیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ دوہرا ۔ تحرٹے کیا ہوا ۔ ا ۔ غمگین رنجیدہ ٭

کبیر ۔ ع ۔ صفت ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ ایک مشہور خدا پرست ہندی شاعر کا تخلص ٭

کبیسہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ لوند کا مہینہ ٭

کبیشر ۔ س ۔ مذکر ۔ شاعروں کا بادشاہ ۔ بہت بڑا شاعر ٭

ک ۔ پ

کپّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چمڑے کا بنا ہوا ظرف جس میں گھی یا تیل ڈالتے ہیں ۔ (صفت) موٹا ۔ کپّے کی طرح پھولا ہوا ٭

کپّا لڑھنا ۔ ہ ۔ کسی امیر یا بادشاہ کا مر جانا ٭

کپّا ہوجانا ۔ ہ ۔ پھول جانا ۔ سوج جانا ۔ خفا ہوجانا ٭

کپاس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بنولے سمیت روئی ۔ روئی کا درخت ٭

کپاسی ۔ ہ ۔ صفت ۔ کپاس کے پھول کا ہلکا زرد رنگ

کپال ۔ س ۔ مؤنث ۔ کھوپری ۔ ماتھا ۔ پیشانی ۔ قسمت نصیب ٭

کپال کریا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ مردے کی ادھ جلی کھوپری کو بانس سے توڑنا ۔ ہندوؤں کی ایک رسم ٭

کپتان ۔ ر و) مذکر ۔ کمپنی یا جہاز یا لشکر کا بڑا افسر ۔ پولیس کا بڑا افسر ۔ صحیح انگریزی کیپٹن

کپٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ فریب ۔ دغا ۔ کھوٹ ۔ دشمنی ۔ بیر ۔ نفاق ٭

کپٹی ۔ ہ ۔ صفت ۔ دغا باز ۔ فریبی ۔ دشمن ۔ بیری ٭

کپڑ چھن ۔ ہ ۔ صفت ۔ کپڑے کا چھنا ہوا ٭

کپڑ کوٹ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خیمہ ۔ تنبو ٭

کپڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پارچہ ۔ لتہ ۔ لباس ۔ پوشاک ٭

کپڑوں میں نہ سمانا ۔ ا ۔ خوشی کے مارے از حد پھول جانا ٭

کپڑے اُتارنا ۔ ہ ۔ پوشاک بدلنا ۔ کپڑے چھیننا ٭ ننگا کرنا ۔ عیب لگانا ۔ ننگا ہونا ٭

کپڑے چھڑانا مشکل ہونا ۔ ہ ۔ مشکل میں پھنس جانا ۔ جان بچانا مشکل ہونا ۔ پیچھا چھڑانا ۔ دشوار ہونا ٭

کپڑے رنگنا ۔ ہ ۔ کپڑوں پر رنگ چڑھانا ۔ فقیر ہونا ۔ جوگی بننا ٭

کپکپی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تھرتھری ۔ تھرتھراہٹ ٭

کپکپی چڑھنا ۔ ہ ۔ تھرتھری چھوٹنا ۔ لرزے سے بخار ہونا ۔

کپوت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نالایق بیٹا ۔ بدچلن بیٹا ٭

کپور ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک خوشبودار چیز کا نام ۔ کافور ٭

کپّی ۔ ہ ۔ چھوٹا کپا ۔ وہ ظرف جس میں بارود رکھتے ہیں ٭

ک ۔ ت

کتّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک جانور کا نام جو بھونکتا ہے ۔ غلام ۔ پیٹ ۔ بندوق کا گھوڑا ۔ رشوت خوار ملازم ٭ پاجی ۔ ذلیل ٭

کتّا دیکھے گا نہ بھونکیگا ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ دیکھنے سے انسان کی حرص بڑھتی ہے ٭

کتّا گھاس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں سے چمٹ جاتی ہے ٭

کتاب ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پوتھی ۔ پستک ۔ رسالہ ۔ جلد ٭

کتاب پر چڑھانا - ا - رجسٹر میں درج کرنا - نوٹ کرنا ÷

کتاب کا کیڑا - (ا) مذکر - وہ کیڑا جو کتاب کو چاٹ جاتا ہے - وہ شخص جو ہر وقت کتاب کے مطالعہ میں غرق رہتا ہے ÷

کتابت - ع - مؤنث - لکھائی - محرری ÷

کتابہ - ع - مذکر - وہ عبارت جو پتھروں - مسجدوں اور سراؤں وغیرہ کے دروازوں پر کندہ کر کے لگا دیتے ہیں - کتبہ -

کتابی - ع - صفت - کتاب سے متعلق - لکھی ہوئی - تحریری ÷

کتابی چہرہ - ا - مذکر - لمبا چہرہ ÷

کتارا - (ہ) - مذکر - ایک قسم کا پتلا گنا - املی کا پھل ÷

کتان - ف - مذکر - السی جس کا تیل نکلتا ہے - ایک قسم کا باریک کپڑا

کتائی - ہ - مؤنث - کاتنا - کاتنے کی اجرت ÷

کتب - ع - مذکر - کتاب کی جمع ÷

کتب خانہ - ع + ف - مذکر - کتاب گھر - لائبریری ÷

کتب فروش - ع + ف - مذکر - کتابیں بیچنے والا ÷

کتبہ - ع - مذکر - وہ عبارت جو پتھروں پر لکھ کر قبروں یا عمارتوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے ÷

کتر یا کترہ - ہ - مذکر - دھجی - کپڑے کی چھانٹن ÷

کتر بیونت - ہ - مؤنث - کانٹ چھانٹ - حساب میں کمی بیشی - ادھیڑ بن - فکر - پیچ ÷

کترانا - ہ - رستہ سے الگ ہونا - بچ کر نکلنا - کنارہ کرنا ÷

کترن - ہ - مؤنث - قینچی سے کتری ہوئی دھجی ÷

کترن - ہ - مؤنث - دانتوں سے کتری ہوئی چیز ÷

کترنا - ہ - تراشنا - کاٹنا - چھانٹنا ÷

کترنا - ہ - دانتوں سے کاٹنا - بیچ میں سے رکھ لینا ÷

کترنی - ہ - مؤنث - قینچی ÷

کترنی سی زبان چلنا - ا - قینچی سی زبان چلنا ÷

کتروال - ہ - صفت - آڑا - ترچھا ÷

کتف - ع - مذکر - کندھا - کندھے کی ہڈی ÷

کتنا - ہ - تابع فعل - کس قدر - کس مقدار سے - کس تعداد سے - کہاں تک - کثرت کے لئے ہے - جیسے کتنا مہنگا ہے یعنی بہت مہنگا ہے ÷

کتنا - ہ - کاتا جانا - روئی کے تاگے بننا ÷

کتنے - ہ - صفت و استفہام - بہت سے - بہتیرے - کس قدر - کیسے ÷

کتنے پانی میں ہے - ہ - محاورہ - کس قدر حوصلہ ہے - کس قدر واقفیت اور قدرت ہے ÷

کتوانا - ہ - روئی کا سوت بنوانا ÷

کتھ یا کتھا - ہ - مذکر - پان کے ساتھ کھانے کی ایک چیز

کتھا - س - مؤنث - مقولہ - بات - کہانی - حکایت - وعظ - مذہبی نصیحت ÷

کتی - ہ - مؤنث - سناروں کے ایک اوزار کا نام - ایک قسم کی تلوار ÷

کتے کو گھی نہیں پچتا - ہ - کہاوت - کمینے کو سمائی نہیں ہوتی - کم ظرف میں حوصلہ نہیں ہوتا ÷

کتے کی دم - ا - مؤنث - وہ شخص جس پر سمجھانے اور صحبت کا اثر نہ ہو ÷

کتے کی دم سو برس بھی ٹیڑھی - ہ - کہاوت - الٹی سمجھ والا کبھی درست نہیں ہوتا ÷

کتے کی موت آتی ہے تو مسجد کی طرف بھاگتا ہے - ا - کہاوت - جب آدمی کی شامت آتی ہے تو جان بوجھ کر خطرناک کام میں پڑتا ہے ÷

کتے کی موت مرنا - ا - نہایت ذلت اور خواری سے مرنا - حرام موت مرنا ÷

کتے کی ہڑک - ہ - مؤنث - کتے کے کاٹے کی لہر اٹھنا - کسی امر کا شوق ابھرنا ÷

کتیا - ہ - مؤنث - کتی - کتے کی مادہ ÷

کتیرا - ہ - مذکر - ایک قسم کا گوند ÷

کٹا کرنا - ہ - دوستی ترک کرنا - ملاقات چھوڑنا ÷

کٹ جانا - ہ - دو ٹکڑے ہو جانا - جدا ہو جانا - زخم لگ جانا - شرمندہ ہو جانا - بسر ہونا - مارا جانا - طے ہو جانا - منہا ہو جانا ÷

کٹ کٹ جانا - ہ - نہایت شرمندہ ہونا ÷

کَٹ کَٹ کے لَڑنا۔ ہ۔ جان توڑ توڑ کر لڑنا۔ نہایت بہادری سے لڑنا ؛

کَٹ کَٹ کے مرنا۔ ہ۔ باہم لڑ لڑ کر مرنا ؛

کَٹ کھنا۔ ہ۔ صفت۔ کاٹ کھانے والا۔ کٹے کٹے حرف جو شروع میں طالب علم کے لئے لکھتے ہیں۔ عادت ڈھنگ۔ فریب ؛

کَٹ مرنا۔ ہ۔ آپس میں چھری کٹاری سے لڑ لڑ کر مر جانا ؛

کَٹ مستا۔ ا۔ صفت۔ نہایت مست۔ سنڈا مسٹنڈا ؛

کٹّا۔ ا۔ صفت۔ مضبوط۔ پکّا۔ طاقت ور۔ بلوان۔ موٹا تازہ ؛

کٹّا چھنی۔ ہ۔ مؤنث۔ لڑائی بھڑائی۔ قتل و خون۔ جانی دشمنی ؛

کٹار۔ ہ۔ مذکر۔ خنجر۔ ایک درندہ جانور کا نام ؛

کٹاری۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا خنجر۔ ٹیڑھے نشان جو لنگی پر ہوتے ہیں ؛

کٹاس۔ ہ۔ مذکر۔ ایک جنگلی جانور کا نام۔ کٹاؤ ؛

کٹاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ تراشش۔ گلکاری۔ بیل بوٹے کا کام ؛

کٹائی۔ ہ۔ مؤنث۔ فصل کا کٹنا۔ کٹوانے کی اجرت۔ فصل کاٹنے کے دن ؛

کٹّی کہنا۔ ہ۔ ۔ایسی بات کہنا۔ جس سے دوسرے کی برائی نکلے ؛

کٹّرہ۔ صفت۔ بے رحم۔ کٹھور۔ سخت دل ؛

کٹر کٹر۔ ہ۔ مؤنث۔ کسی سخت چیز کے چبانے کی آواز ؛

کٹرا۔ ہ۔ مذکر۔ چھوٹا سا کوچہ۔ منڈی۔ چوک۔ بھینس کا نر بچہ ؛

کٹک۔ س۔ مذکر۔ لشکر۔ فوج ؛

کٹکی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک کڑوی دوا کا نام۔ مچھر۔ پسّو۔ دانتوں سے ڈور وغیرہ کو کاٹنا ؛

کٹکی دینا یا لگانا۔ ہ۔ ڈور کو دانتوں سے کاٹنا ؛

کٹم۔ ہ۔ مذکر۔ قبیلہ۔ خاندان۔ پریوار ؛

کٹملّا۔ ہ۔ مذکر۔ کم پڑھا ہوا ملّا۔ مسجد کی روٹیاں کھانے والا ؛

کٹنا۔ ہ۔ مذکر۔ عورتوں کو مردوں سے اور مردوں کو عورتوں سے ملانے والا۔ بھڑوا۔

مصدر۔ کوٹا جانا۔ پسنا۔ مار کھانا ؛

کٹنا۔ ہ۔ تراشا جانا۔ زخم لگنا۔ الگ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ ذلیل ہونا۔ بسر ہونا۔ بچھڑنا۔ رستہ طے ہونا۔ رنگ اُڑنا۔ حسد کرنا۔ خارج ہونا ؛

کٹنی۔ ہ۔ صفت۔ دوتی۔ دلّالہ۔ نائکہ۔ (صفت) نہایت چالاک اور عیار عورت ؛

کٹوانا۔ ہ۔ ترشوانا۔ منہا کرنا۔ جدا کرنا۔ خارج کرانا ؛

کُٹوانا۔ ہ۔ پٹوانا۔ کچلوانا ؛

کٹوتی۔ ہ۔ منہائی۔ مجرائی۔ کمیشن۔ کٹائی۔ تراشش ؛

کٹورا۔ ہ۔ مذکر۔ پانی پینے کا پیالہ۔ آباد۔ خوب بسا ہوا ؛

کٹورا بجنا یا کھنکنا۔ ہ۔ نہایت آباد ہونا۔ رونق ہونا ؛

کٹورا پھرانا یا دوڑانا۔ ہ۔ منتر کے زور سے چور معلوم کرنے کے لئے کٹورے میں ناموں کی چٹھیاں رکھ کر پھرانا ؛

کٹوری۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا کٹورا۔ جھنڈے کے اوپر کی کلغی ؛

کٹھ پتلی۔ ہ۔ مؤنث۔ کاٹھ کی مورتی۔ نازک لڑکی۔ (صفت) دوسرے کی رائے اور عقل پر چلنے والا ؛

کٹھ پھوڑا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک پرندے کا نام۔ ہُد ہُد۔

کٹھائی۔ ہ۔ مؤنث۔ چاندی سونا گلانے کی پیالی ؛

کٹہرا۔ ہ۔ مذکر۔ لکڑیوں کا احاطہ۔ لکڑیوں کا جنگلا ؛

کٹھل۔ ہ۔ مذکر۔ ایک مشہور پھل کا نام ؛

کٹھلا۔ ہ۔ مذکر۔ اناج کا گودام۔ چونا پکانے کی بھٹی ؛

کٹھن۔ ہ۔ صفت۔ سخت۔ مشکل۔ کڑی ؛

کٹھور۔ ہ۔ صفت۔ سخت۔ سنگدل۔ بے رحم ؛

کٹھیا یا کٹھار۔ ہ۔ مذکر۔ غلے کا گودام۔ ذخیرہ ؛

کٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ درویشوں کی جھونپڑی۔ مڑھی۔ سمادھ ؛

کٹّی۔ ہ۔ مؤنث۔ باریک کٹا ہوا چارہ۔ گلایا ہوا کاغذ۔ پر کٹا کبوتر ؛

کٹیا۔ ہ۔ مؤنث۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔ جوان بھینس ؛

کٹے پر نمک چھڑکنا یا نون دینا۔ ہ۔ زخم پر زخم دینا۔ دکھ میں دکھ بڑھانا ٭
کٹی چھنی۔ ہ۔ مونث۔ لڑائی جھگڑائی۔ دشمنی ٭
کٹے لگنا۔ ہ۔ عو۔ بری جگہ صرف ہونا۔ چھریاں ہو کر لگنا ٭

ک۔ ث

کثافت۔ ع۔ مؤنث۔ گاڑھاپن۔ موٹاپن۔ گندگی۔ آلودگی ٭
کثرت۔ ع۔ مؤنث۔ زیادتی۔ بہتات۔ (مجاز) بھیڑ۔ ہجوم ۔ د۔ مشق۔ ورزش ٭
کثرتِ رائے۔ ع۔ مؤنث۔ رائے کا غلبہ۔ نصف سے زیادہ کی رائے ٭
کثیر۔ ع۔ صفت۔ بہت۔ زیادہ۔ نہایت۔ بے شمار ٭
کثیر الاضلاع۔ ع۔ مؤنث۔ (اقلیدس) بہت سے ضلعوں کی شکل ٭
کثیر المعنیٰ۔ ع۔ صفت۔ وہ لفظ جس کے بہت سے معنی ہوں۔
کثیف۔ ع۔ صفت۔ موٹا۔ گندہ۔ ناپاک ٭

ک۔ ج

کج۔ ف۔ صفت۔ ٹیڑھا۔ ترچھا۔ (مذکر) ٹیڑھاپن۔ کب ٭
کج ادا۔ ف۔ صفت۔ بے وفا۔ روکھا۔ بد خلق ٭
کج ادائی۔ ف۔ صفت۔ بے وفائی۔ بے رخی۔ بد خلقی ٭
کج پڑنا۔ د۔ خم ہونا۔ ٹیڑھا پڑنا۔ ترچھا گرنا ٭
کج خلق۔ ف+ع۔ صفت۔ بدمزاج۔ اکھڑ ٭
کج خلقی۔ ف+ع۔ مؤنث۔ بدمزاجی۔ اکھڑپن۔ بے وفائی ٭
کج رائے۔ ف+ع۔ صفت۔ جس کی رائے درست نہ ہو ٭
کج رفتار یا کج رو۔ ف۔ صفت۔ ٹیڑھی چال چلنے والا ٭
کج فہم۔ ف۔ صفت۔ ٹیڑھی سمجھ کا۔ الٹی سمجھ کا ٭
کج کلاہ۔ ف۔ صفت۔ ٹیڑھی ٹوپی رکھنے والا۔ بانکا ٭
کج کلاہی۔ ف۔ مؤنث۔ بانکپن۔ چھیلاپن۔ ترچھاپن ٭
کجا۔ ف۔ تابع فعل۔ برائے استفہام مکانی اور انکاری جیسے وہ کجا اور میں کجا۔ یعنی وہ کہاں اور میں کہاں ٭

کجاوہ۔ ف۔ مذکر۔ اونٹ کی کاٹھی ٭
کجکول۔ ف۔ مذکر۔ زنبیل۔ بھیک کی جھولی (مجاز) وہ نوٹ بک جس میں انتخابی شعر یا مضمون وغیرہ درج ہوں ٭
کجلانا۔ ہ۔ سیاہ پڑ جانا۔ سانولا ہو جانا۔ آگ کا بجھ جانا۔
کجلوٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ کاجل رکھنے کی ڈبیہ ٭
کجی۔ ف۔ مؤنث۔ کب۔ ٹیڑھاپن۔ ترچھاپن ٭

ک۔ چ

کچ۔ ہ۔ مؤنث۔ عورت کی چھاتی۔ چھاتی کی گھنڈی ٭
کچا۔ ف۔ صفت۔ جو پکا ہوا نہ ہو۔ ہرا۔ نازک۔ کمزور۔ ادھورا کھرا۔ خالص جس پر شک ہو۔ ڈرپوک ٭
کچا جن۔ د۔ مذکر۔ جاہل اور ضدی آدمی۔ ہٹیلہ ٭
کچا ساتھ۔ ہ۔ مذکر۔ عو۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کا ساتھ ٭
کچا کرنا۔ ہ۔ کھسیانا۔ شرمندہ کرنا۔ دل توڑنا۔ پست ہمت کرنا۔ کچی سلائی کرنا ٭
کچا کھا جانا۔ ہ۔ نہایت خفگی ظاہر کرنا۔ نہایت غصے ہونا ٭
کچا ہونا۔ ہ۔ ارادہ توڑنا۔ ہمت ہارنا۔ شرمندہ ہونا۔ کھسیانا ہونا۔ کچی سلائی ہونا ٭
کچالو۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری ٭
کچ مچ۔ ہ۔ مؤنث۔ کیچڑ۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز۔ تنگ جگہ میں بھیڑ ٭
کچرا۔ ہ۔ مذکر۔ کچا خربوزہ۔ کپاس کا ڈوڈا ٭
کچر پچر ہونا۔ ہ۔ کیچڑ میں چلنے کی سی آواز ہونا۔ لت پت ہونا۔ شور بور ہونا۔ دلدل ہونا۔ کیچڑ ہونا ٭
کچر کچر۔ ہ۔ مؤنث۔ کچے پھل یا ادھ کچرے گوشت کے کھانے کی آواز ٭
کچری۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک پھل کا نام ٭
کچریاں بیچنا۔ ہ۔ بہت سے آدمیوں کا مل کر باتیں کرنا ٭
کچ کچ۔ ہ۔ مؤنث۔ متواتر بیہودہ باتیں کرنا۔ بک بک ٭
کچکچانا۔ ہ۔ غصے سے دانت پیسنا۔ دانت سے دانت بجانا ٭
کچکچاہٹ یا کچکچی۔ ہ۔ مؤنث۔ دانتوں کے پیسنے کی حالت ٭

کچلا۔ ا۔ مذکر۔ ایک زہریلے پھل کا نام ٭
کچل ڈالنا۔ ہ۔ مسل ڈالنا۔ پیس ڈالنا۔ روند ڈالنا ٭
کچلنا۔ ہ۔ مسلنا۔ ملنا۔ پیسنا۔ روندنا۔ مارنا۔ پیٹنا۔ بھرکس نکالنا ٭
کچلی۔ ا۔ مؤنث۔ سیتا دانت جو ڈاڑھوں کے بعد ہے ٭
کچور۔ ہ۔ مذکر۔ ایک درخت اور اُس کی جڑ کا نام ٭
کچوری۔ ا۔ مؤنث۔ ماش کی دال بھری ہوئی پوری جو کڑاہی میں تلی جاتی ہے ٭
کچوری مل۔ ا۔ مذکر۔ موٹا پھپھس ٭
کچومر۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کا اچار ٭
کچومر نکالنا۔ ہ۔ بھرکس نکالنا۔ کچلنا۔ خوب مارنا ٭
کچونا۔ ہ۔ چبھونا۔ بھونکنا ٭
کچھ۔ ہ۔ صفت۔ ضدا۔ تھوڑا سا اور اِستفہام کے لئے ہ۔ کیا کہیں۔ کوئی جیسے کچھ بات بھی۔ برائے کثرت ہ۔ بہت زیادہ جیسے کیا کچھ نہیں ملا۔ کوئی چیز یا نقدی وغیرہ جیسے کچھ دلو لیئے۔ کوئی بات جیسے کچھ سمجھے ہو۔ بالکل یا مطلق جیسے کچھ خبر نہیں۔ کوئی زہریلی چیز جیسے وہ کچھ کھا کر مر گیا۔ تکیہ کلام اور تزئین کلام کے لئے جیسے کچھ ایسا لطف آیا ہے کہ بیان نہیں ہو سکتا ٭
کچھ اور گانا۔ ہ۔ اُلٹا جواب دینا ٭
کچھ لشنت کی بھی خبر ہے۔ ا۔ محاورہ۔ دنیا کے حالات سے بھی واقف ہو ٭
کچھ دال میں کالا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ کوئی بھید ہے۔ کوئی معاملہ ہے۔ کوئی سبب ہے ٭
کچھ دیا ہی آگے آگیا۔ ہ۔ کہاوت۔ خدا نے کسی نیکی کے سبب مصیبت سے بچا لیا ٭
کچھ سُننا چاہتے ہو۔ ہ۔ محاورہ۔ کیا گالیاں کھانے کو جی چاہتا ہے ٭
کچھ سے کچھ ہو جانا یا ہونا۔ ہ۔ بالکل حالت کا بدل جانا۔ رنگ پلٹ جانا ٭
کچھ کا کچھ۔ ہ۔ تابع فعل۔ اُمید یا خیال کے خلاف۔ کیا سے کیا ٭
کچھ کا کچھ سمجھنا۔ ہ۔ اُلٹا سمجھنا ٭
کچھ کر دینا۔ ہ۔ کسی قدر کام بنا دینا۔ عو:۔ جادو کر دینا ٭
کچھ کر لینا۔ ہ۔ بھلائی کما لینا۔ نیکی حاصل کر لینا۔ بدلے لینا ٭
کچھ کھا جانا۔ ہ۔ زہر۔ افیون یا سنکھیا کھا جانا ٭
کچھ کہہ بیٹھنا۔ ہ۔ گالی دے بیٹھنا۔ بیہودہ بات کر بیٹھنا ٭
کچھ گوشہ جھکے کچھ کمان۔ ا۔ کہاوت۔ صلح کے واسطے طرفین سے نرمی چاہیئے ٭
کچھ منہ سے سننا۔ ہ۔ زبان سے گالیاں سننا ٭
کچھ منہ سے نکل جانا۔ ہ۔ زبان سے بُرا بھلا نکل جانا ٭
کچھ نہ پوچھو یا نہ پوچھئے۔ ہ۔ محاورہ۔ کہنے کے قابل نہیں سو شرم یا خاموشی اختیار کرنے کی بات ہے ٭
کچھ نہ کچھ۔ ہ۔ تابع فعل۔ تھوڑا بہت۔ کوئی نہ کوئی بات ٭
کچھ نہ نکلنا۔ ہ۔ اکارت جانا۔ ناکارہ نکلنا ٭
کچھ نہ چلنا۔ ہ۔ بس نہ چلنا۔ قابو میں نہ ہونا ٭
کچھ ہو۔ ہ۔ محاورہ۔ جو ہو سو ہو۔ کوئی پرواہ نہیں ٭
کچھ ہو رہنا۔ ہ۔ کسی قابل ہو جانا۔ کوئی ہنر سیکھ لینا۔ تھوڑا بہت فیصلہ ہو جانا ٭
کچھ ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ کسی قابل ہیں۔ کسی شمار میں ہیں ٭
کچھار۔ ہ۔ مذکر۔ دریا کے قریب کی زمین۔ بیلا۔ ترائی ٭
کچہری۔ ہ۔ مؤنث۔ انصاف کی جگہ۔ دربار۔ عدالت مجازاً بھیڑ ٭
کچہری برخاست کرنا۔ ا۔ عدالت بند کرنا۔ دربار برخاست ٭
کچہری چڑھنا۔ ہ۔ عدالت تک جانا۔ دربار میں جانا ٭
کچہری کرنا۔ ہ۔ عدالت میں بیٹھ کر انصاف کرنا۔ اجلاس کرنا ٭
کچہری کے کُتے۔ ہ۔ مذکر۔ عدالت کے ملازم جو رشوت لینے کے لئے کُتے کی طرح پیچھے پڑ جاتے ہیں ٭
کچہری لگانا۔ ہ۔ عدالت کرنا۔ غل مچانا۔ شور کرنا ٭
کچھنا۔ ہ۔ مذکر۔ جانگیا۔ گھٹنا ٭
کچھوا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک لمبی گردن کے دریائی جانور کا نام ٭
کچھوی۔ ہ۔ مؤنث۔ کچھوے کی مادہ ٭

کچّی۔ ہ۔ مؤنث۔ کچّا کی تانیث ؛

کچّی بہی۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ بہی جس میں رقم کے بڑھانے یا گھٹانے کا اختیار ہے ؛

کچّی پیشی۔ ا۔ مونث۔ مقدمہ کی پہلی تاریخ جس میں اپیل کی منظوری یا نامنظوری ہوتی ہے ؛

کچّی چاندی۔ ہ۔ مونث۔ کھری چاندی ؛

کچّی رینڈی دسترخوان کا ضرر۔ ا۔ کہاوت۔ نادان اور ناتجربہ کار کی صحبت بدنامی اور بھید کھلنے کا باعث ہوتی ہے ؛

کچّی عمر۔ ا۔ مؤنث۔ لڑکپن۔ ایانی عمر۔ ناسمجھی کی عمر ؛

کچّی کلی۔ ہ۔ مؤنث۔ منہ بند کلی۔ کنواری لڑکی۔ کنیا ؛

کچّی گولیاں کھیلنا۔ ہ۔ نادان ہونا۔ بے وقوف ہونا ؛

کچّے گھڑے پانی بھرنا۔ ہ۔ نہایت مشکل کام کرنا مصیبت میں پڑنا ؛

ک ۔ ح

کحّال۔ ع۔ مذکر۔ وہ شخص جس کا پیشہ سُرمہ لگانے کا ہو۔ آنکھوں کا حکیم ؛

کُحل۔ ع۔ مذکر۔ سُرمہ۔ انجن ؛

کُحل الجواہر۔ ع۔ مذکر۔ وہ سُرمہ جس میں موتی اور جواہرات ڈال کر بنائیں ؛

ک ۔ د

کَد۔ ع۔ مؤنث۔ سختی۔ تکلیف۔ کوشش۔ ضد۔ ہٹ ؛

کَدبانو۔ ف۔ مؤنث۔ گھر کی مالک عورت۔ گھر والی۔ دلہن بیوی ؛

کَدخُدا یا کتخدا۔ ف۔ مذکر۔ گھر والا۔ دولھا۔ خاوند ؛

کَدخُدا ہونا۔ (ا)۔ بیاہ ہونا۔ شادی ہونا ؛

کَدخُدائی۔ ف۔ مؤنث۔ شادی۔ بیاہ۔ نکاح ؛

کُدال۔ ہ۔ مؤنث۔ زمین کھودنے کا ایک اوزار ؛

کُدال بجنا۔ ہ۔ مکان گرایا جانا ؛

کُدال سے فصد کھلواؤ۔ ا۔ محاورہ۔ ہوش کی بنواؤ۔ عقل سے کام لو (جب کوئی شخص بے وقوفی کی باتیں کرتا ہے تو اُس وقت کہتے ہیں)

کُدالی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹی کدال ؛

کُدانا۔ ہ۔ دوڑانا۔ اُچھلوانا ؛

کُدکُنا۔ ہ۔ اچھلنا۔ کودنا ؛

کُدکڑے یا کُدکّے مارنا۔ ہ۔ عو۔ کودتے پھرنا۔ اچھلتے پھرنا

کَدو۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کی ترکاری ؛

کُدُورت۔ ع۔ مؤنث۔ گدلاپن۔ دھول۔ گرد۔ ا۔ رنج۔ دشمنی۔ عداوت ؛

کُدُورت رکھنا۔ ا۔ عداوت رکھنا۔ بیر رکھنا ؛

کَدہ۔ ف۔ مذکر۔ (مرکبات میں) جگہ۔ مقام۔ جیسے آتش کدہ۔ غم کدہ۔ گاؤں۔ دیہہ ؛

کِدھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ کہاں۔ کس جگہ۔ کس طرف ؛

کِدھر جاؤں کیا کروں؟۔ ہ۔ محاورہ۔ کیا تدبیر کروں۔ کچھ سمجھ میں نہیں آتا۔ (مجبوری یا بیکسی کی حالت میں بولتے ہیں) ؛

کِدھر کا چاند نکلا۔ ہ۔ محاورہ۔ جب کوئی دوست مدت کے بعد اچانک ملے تو کہتے ہیں۔ کہ کدھر کا چاند نکلا۔ یعنی کہاں سے آگئے ؛

ک ۔ ڈ

کُڈھب۔ ہ۔ صفت۔ بے ڈھب۔ بے موقع۔ بے طور ؛

ک ۔ ذ

کذّاب۔ ع۔ مذکر۔ نہایت جھوٹا۔ جھوٹوں کا بادشاہ ؛

کِذب۔ ع۔ مذکر۔ جھوٹ۔ دروغ ؛

ک ۔ ر

کَر۔ ہ۔ دو فعلوں کے درمیان اظہار عطف کے لئے۔ جیسے وہ آکر چلا گیا ؛

س۔ مؤنث۔ جرمانہ۔ ڈنڈ۔ تاوان ٭
ف۔ صفت۔ وہ شخص جسے کم سنائی دے۔ بہرہ۔ مذکر
زور۔ طاقت ٭
کر باندھنا یا لگانا۔ ہ۔ ڈنڈ ڈالنا۔ جرمانہ کرنا۔ دستور
باندھنا ٭
کَرّوفَر۔ ف۔ مذکر۔ شان وشوکت۔ دھوم دھام۔ زوروطاقت ٭
کَرّار۔ ع۔ صفت۔ بار بار حملہ کرنے والا۔ حضرت علیؑ کا لقب ٭
کَرارا۔ ہ۔ صفت۔ سخت۔ کڑا۔ کرخت۔ ہٹا کٹا۔ بلونت۔ دلیر
ایک مٹھائی کا نام۔ تازہ۔ مُرمُرا ٭
کَراراپن۔ ہ۔ مذکر۔ سختی۔ مضبوطی۔ بھر بھراپن ٭
کَراڑا۔ ہ۔ مذکر۔ دریا کا بلند کنارہ ٭
کِرام۔ ع۔ مذکر۔ کریم کی جمع۔ سخی لوگ ٭
کَرامات۔ ع۔ مؤنث۔ کرامت کی جمع۔ بزرگیاں۔
ا۔ خوبی۔ بڑائی۔ کرشمہ۔ معجزہ۔ دیوشکتی۔ پونجی۔
سرمایہ ٭
کِراماً کاتبین۔ ع۔ مذکر۔ وہ دونو فرشتے جو انسان کے
اعمال لکھتے ہیں ٭
کَراماتی۔ ا۔ صفت۔ کرامت والا۔ شکتیمان ٭
کَرامت۔ ع۔ مؤنث۔ بزرگی۔ بڑائی۔ بخشش۔ سخاوت۔
ا۔ معجزہ۔ دیوشکتی۔ انوکھاپن ٭
کِرانا یا کِرانہ۔ ہ۔ مذکر۔ پنساری کی چیزیں ٭
کِرانچی۔ ہ۔ مؤنث۔ اسباب لادنے کی بڑی گاڑی ٭
کِرانی۔ ا۔ مذکر۔ وہ شخص جو عیسائی ہو گیا ہو ٭
کُراہ۔ ا۔ مذکر۔ بُرا راستہ۔ ٹیڑھا راستہ ٭
کَراہ۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ آواز جو کسی درد کے سبب نکلے۔ ہائے۔ آہ ٭
کراہت یا کراہیت۔ ع۔ مؤنث۔ نفرت۔ بے زاری۔
گھِن ٭
کَراہنا۔ ہ۔ دُکھ یا درد سے آہ آہ کرنا۔ ہائے ہائے کرنا۔ چلّانا ٭
کِرایہ۔ ف۔ مذکر۔ بھاڑا۔ مزدوری۔ اُجرت ٭
کِرایہ دار۔ ا۔ مذکر۔ کرایہ کے مکان میں رہنے والا شخص۔ اسامی ٭
کِرایہ نامہ۔ ف۔ مذکر۔ وہ کاغذ جس پر کرایہ کا اقرار لکھا جاتے ٭

کَرب۔ ع۔ مذکر۔ دُکھ۔ درد۔ تکلیف۔ بے چینی ٭
کُربت۔ ع۔ مؤنث۔ دُکھ۔ مصیبت۔ سختی ٭
کَربلا۔ ع۔ مؤنث۔ دُکھ اور آفت کی جگہ۔ اُس بیابان
کا نام جہاں امام حسینؑ شہید ہوئے ا۔ وہ مقام
جہاں تعزئے دفن کئے جائیں۔ وہ مقام جہاں
پانی میسر نہ آئے۔
صفت۔ قلت۔ کمی۔ توڑا ٭
کربلا ہونا۔ ا۔ قحط ہونا۔ کمی ہونا۔ تکلیف ہونا ٭
کر بیٹھنا۔ ہ۔ کسی کام کا کر گزرنا۔ خاوند بنا لینا ٭
کِرپا۔ ہ۔ مؤنث۔ مہربانی۔ عنایت۔ دیا ٭
کَرتا۔ ہ۔ مذکر۔ کرنیوالا۔ پیدا کرنے والا۔ کتاب لکھنے والا
پتی۔ مالک۔ خاوند۔ تجربہ کار ٭
کَرتار۔ ہ۔ مذکر۔ کرنیوالا۔ پیدا کرنیوالا۔ خالق ٭
کَرتب۔ ہ۔ مذکر۔ کرنیکے لائق۔ کام۔ ہنر۔ ہوشیاری
عجیب وغریب کام۔ بازیگری۔ ثبات (اقلیدس)
عملی شکل ٭
کَرتبی۔ کَرتبیا۔ ہ۔ مذکر۔ مشق کرنیوالا۔ لڑائی کا فن جاننے
والا۔ کوئی عجیب کام کرنیوالا۔ نٹ ٭
کَرتوت۔ ہ۔ مؤنث۔ کام۔ دھندا۔ کاج۔ فریب۔ چالاکی
چلتر۔ جادو۔ ٹونا ٭
کُرتہ۔ ف۔ مذکر۔ قمیص۔ شلوکا ٭
کُرتی۔ ا۔ مؤنث۔ بن آستینوں کا کُرتا۔ جسے عورتیں
انگیا کے اوپر پہنتی ہیں ٭
کرے داڑھی والا پکڑا جاوے مونچھوں والا
ہ۔ کہاوت۔ کرے کوئی بھرے کوئی۔ کسی کا قصور
اور پکڑا کوئی گیا ٭
کِرچ یا کِرچ۔ ہ۔ مؤنث۔ ذرہ۔ ٹکڑا۔ پارہ ٭
کَرَچ۔ (مالاباری) مؤنث۔ ایک قسم کی لمبی تلوار ٭
کَرچھا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک ڈنڈی والے برتن کا نام جس میں گھی
داغ کرتے ہیں ٭
کَرچھی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا کرچھا۔ چمچہ ٭

کَرِچھتر - ہ - مذکر - پاپ دور کرنے والی جگہ - وہ مقدس جگہ جہاں کوروں اور پانڈوں کی لڑائی ہوئی تھی ٭

کَرَخت - ف - صفت - سخت - کڑا ٭

کَرَختگی - ف - مؤنث - سختی - کڑاپن ٭

کِردار - ف - مذکر - طرز - ڈھنگ - کام - دھندا - بُرا بھلا کام کرنا ٭

کَر دکھانا یا دِکھلانا - ہ - کوئی کام بناکر دکھا دینا - نقل کو اصل بنا دینا ٭

کِردگار - ف - مذکر - طرز بنانیوالا - خدا تعالیٰ ٭

کَردنی - ف - صفت - کرنیکے لائق - کرنی - اعمال ٭

کَردہ - ف - مفعول - کیا ہوا - آزمایا ہوا ٭

کَر دیکھنا - ہ - آزماکر دیکھ لینا ٭

کَرڑ کَرڑ - ہ - مؤنث - کسی چیز کے چٹخنے کی آواز - چرڑ چرڑ ٭

کِرسٹان - ا - مذکر - عیسائی - کرسچن ٭

کُرسی - ع - مؤنث - چوکی - آٹھواں آسمان - تخت - مسند - گدی - ا - برابر اور سیدھا خط - عمارت کی سطح زمین سے وہ اونچائی جو پانی اندر نہ آنیکی غرض سے چھوڑی جاتی ہے - پُشت - خاندان - زینہ درجہ ٭

کُرسی دینا - ا - مکان کی اونچی دہلیز رکھنا - برابر بٹھانا - عزت کی جگہ بٹھانا ٭

کُرسی کا احمق - ا - مذکر - نہایت احمق - بالکل مورکھ ٭

کُرسی نامہ - ع - ف - مذکر - خاندان کا سلسلہ - شجرہ ٭

کُرسی نشین ہونا - ا - دربار میں کرسی پانا - عزت پانا - ٹھیک بیٹھنا - درست ہونا ٭

کَر سیوا کھا میوا - ا - کہاوت - محنت سے بڑائی ملتی ہے

کِرِشمہ - ف - مذکر - آنکھ کا اشارہ - ناز نخرہ - ا - کوئی انوکھی بات - شعبدہ - کرامات - معجزہ ٭

کِرِشن - ہ - صفت - کالا - سانولا - مذکر - مشہور اوتار سری کرشن مہاراج ٭

کِرشن لیلا - ہ - مؤنث - کرشن جی کے کھیل تماشے - راس

کِرکٹ - انگ - مذکر - گیند بلے کا کھیل ٭

کِرکرا - ہ - صفت - کنکریلا - ریتیلا - کھسکستا ٭

کِرکرا کرنا - ہ - کسی چیز میں ریت ملا دینا - بگاڑنا - بدمزہ کرنا ٭

کُرکُرا - ہ - صفت - بھربھرا - گھی میں تلا ہوا - کرارا ٭

کِرکِراہٹ - ہ - مؤنث - دانتوں کے نیچے کنکریلی چیز کے بولنے کی آواز ٭

کُرکُری - ہ - مؤنث - پیچش - مروڑا - گھوڑے کے ایک مرض کا نام - ف - نرم اور ملائم ہڈی (وصفت) بھربھری - کراری ٭

کِرکِری - ہ - مؤنث - کنکریلی چیز - ذلت و خواری - ایک قسم کا ریشمی کپڑا ٭

کِرکِری ہونا - ہ - بے عزتی ہونا - خواری ہونا - بگڑنا ٭

کِرکِری خانہ - ا - مذکر - جھاڑ فانوس وغیرہ رکھنے کا مکان - وہ مکان جہاں ٹوٹا ہوا اور پرانا اسباب رکھا جائے ٭

کَرگَدن - ف - مذکر - ہاتھی جیسا ایک جانور - گینڈا ٭

کَرگَس - ف - مذکر - ایک گوشت کھانے والا پرندہ گدھ ٭

کَرگُزرنا - ا - کرکے چھوڑنا - بن کئے نہ رہنا ٭

کرگہ - ف - مذکر - وہ گڑھا جس میں جولاہے بیٹھکر کپڑا بنتے ہیں ٭

کَرَم - ع - مذکر - ہمت - مردانگی - سخاوت - پُن - عنایت دیا - مہربانی ٭

کَرَم پیشہ - ع + ف - صفت - داتا - سخی ٭

کَرَم کرنا - ا - عنایت کرنا - مہربانی کرنا - تشریف لانا رحم کرنا - فضل کرنا ٭

کِرم - ف - مذکر - کیڑا - مکوڑا - تیتنگا ٭

کِرم خوردہ - ف - صفت - گھن کھایا - گھن لگا ہوا ٭

کَرَم بھوگنا - ہ - تقدیر کا لکھا پورا کرنا ٭

کَرَم پھوٹنا - ہ - بدنصیب ہونا - برا زمانہ آنا - بیوہ ہونا -

رانڈ ہونا۔ بُری جگہ شادی ہونا ؛

کَرَم ریکھ یا کَرَم ریکھا۔ ہ۔ مؤنث۔ تقدیر کا لکھا ؛

کَرَم کا دھنی۔ ہ۔ صفت۔ زبردست نصیبے والا۔ قسمت کا بادشاہ ؛

کَرَم ہین۔ ہ۔ صفت۔ بدنصیب۔ قسمت کا ہیٹا ؛

کِرمکِ شب تاب۔ ف۔ مذکر۔ رات کو چمکنے والا کیڑا۔ جگنو ؛

کَرَم کلّا۔ د۔ مذکر۔ ایک قسم کی گوبھی ؛

کرموں کو رونا۔ ہ۔ قسمت کو رونا۔ افسوس کرنا پچھتانا ؛

کِرَن۔ ہ۔ مؤنث۔ شعاع۔ تار ؛

کَرَن پھول۔ ہ۔ مذکر۔ کان کے ایک زیور کا نام ؛

کَرَن کا پھرا۔ ہ۔ مذکر۔ نور کا تڑکا۔ سویرا ؛

کَرنا۔ ہ۔ بنانا۔ انجام کو پہنچانا۔ چلانا۔ دار کرنا۔ شغل رکھنا بس میں لانا۔ خاوند بنانا۔ بیوی بنانا۔ جادو کرنا۔ حل کرنا۔ سنوارنا۔ ٹھہرانا۔ بجھانا۔ جلانا۔ ذبح کرنا

کُرنا۔ ہ۔ دھار گِرنا۔ کھونڈا ہونا۔ کُند ہونا۔ شرمانا ؛

کِرَنٹا۔ د۔ مذکر۔ کرسٹان۔ عیسائی ؛

کَرَنجا۔ ہ۔ صفت۔ نیلی پُتلی کا۔ بلی کی سی آنکھوں والا ؛

کُرَنڈ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا پتھر ؛

کَرَنڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ کچے ریشم کا بُنا ہوا کپڑا ؛

کَرنی۔ ہ۔ مؤنث۔ کام۔ اعمال۔ ایک اوزار کا نام ؛

کَرنیل۔ انگ۔ مذکر۔ رجمنٹ کا اعلےٰ افسر ؛

کَرَوا۔ ہ۔ مذکر۔ ٹوٹی دار برتن۔ لوٹہ ؛

کَرَوانا۔ ہ۔ کام درست کرانا۔ کام بنوانا ؛

کَرُوبی۔ ع۔ مذکر۔ اعلیٰ درجہ کا فرشتہ ؛

کَرُوبیاں۔ ف۔ مذکر۔ جمع کروبی کی۔ اعلیٰ درجہ کے فرشتے ؛

کَرَوَٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ پہلو۔ طرف۔ جانب۔ ڈھنگ طور ؛

کَرَوَٹ بدلنا۔ ہ۔ ایک پہلو سے دوسرے پہلو لیٹنا۔ زمانہ کا پھر جانا۔ دشمن سے جا مِلنا ؛

کَرَوَٹ لینا۔ ہ۔ اِس پہلو سے اُس پہلو ہونا۔ رخ پلٹنا ؛

کَرَوَٹ نہ لینا۔ ہ۔ خبر نہ ہونا بھول کر بھی یاد نہ کرنا۔ واپس نہ پھرنا ؛

کَرَوٹوں میں رات کٹنا۔ ہ۔ بے قراری اور بے چینی میں رات گزارنا ؛

کَرَوٹیں بدلنا یا لینا۔ ہ۔ بستر پر بے قرار رہنا۔ آرام سے نہ سونا۔ تڑپنا ؛

کَرودھ۔ س۔ مذکر۔ غصہ۔ غضب۔ خفگی ؛

کَرودھی۔ ہ۔ صفت۔ غصیل۔ غضبی ؛

کَروڑ۔ ہ۔ صفت۔ سو لاکھ کی تعداد ؛

کَروڑپتی۔ ہ۔ مذکر۔ کروڑ روپے کا مالک۔ بڑا بھاری مالدار ؛

کَروڑ کی ایک۔ ہ۔ محاورہ۔ وہ بات جو کروڑ باتوں کا خلاصہ ہو۔ نہایت پکی اور کھری بات ؛

کُروہ۔ ف۔ مذکر۔ چار ہزار گز کا فاصلہ۔ کوس ؛

کُروی۔ ع۔ صفت۔ گول۔ کُرہ سے متعلق ؛

کُرہ۔ ع۔ مذکر۔ گیند۔ گولا۔ کوئی گول چیز ؛

کُرۂ ارض یا زمین۔ ع۔ مذکر۔ تمام زمین جو گیند کی طرح گول ہے ؛

کُرۂ باد یا ہوا۔ ع و ف۔ مذکر۔ زمین کے گرداگرد کی ہوا ؛

کُرۂ نار یا آتش۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ سب سے اُونچا آسمان۔

کِریا۔ س۔ مؤنث۔ مذہبی کام۔ گورگڑھا۔ قسم۔ عہد۔ بدلہ۔ پوجا پاٹ ؛

کِریا کَرَم۔ ہ۔ مذکر۔ مذہبی کام۔ مُردے کو کفن پہنانا گورگڑھا ؛

کُریال۔ د۔ مؤنث۔ جانور کا بے کھٹکے بیٹھ کر بازوں کو کھجانا مجازاً راحت۔ آرام۔ بےفکری ؛

کُریال میں غلیلہ لگنا۔ د۔ رنگ میں بھنگ ہونا۔ عین

مزے میں کوئی آفت پیش آنا ؛

کریپ - انگ - مونث - ایک انگریزی ریشمی کپڑے کا نام ؛

کریت - ہ - مونث - بری رسم - برا دستور ؛

کرید - ہ - مونث - غور چھان بین - تلاش - ڈھونڈ ؛

کرید میں رہنا یا ہونا - ہ - کسی کی برائی تلاش کرنے میں رہنا ؛

کریدنا - ہ - کھودنا - کھرچنا - کھوکھلا کرنا ؛

کریدنی - ہ - مونث - وہ اوزار جس سے چولہے یا تنور کی آگ الٹ پلٹ کرتے ہیں - بڑھیوں کا ایک اوزار - عوہ کھٹکا خلش ؛

کریز - ف - مونث - پرندوں کا پرانے پر جھاڑ کر نئے پر نکالنا - ۲ - پرندوں کے پر جھاڑنے کی حالت ؛

کریلا - ہ - مذکر - ایک قسم کی ترکاری ؛

کریلا اور نیم چڑھا - ہ - کہاوت - ایک تو بدمزاج تھا اس پر بات نے اور ترقی دی - خرابی میں خرابی بڑھ گئی ؛

کریم - ع - صفت - بخشنے والا - گناہ معاف کرنیوالا - مہربان - بزرگ خدا تعالیٰ کا نام ؛

کریمی - ع - مونث - عنایت - مہربانی - بزرگی ؛

کریہہ - ع - صفت - جس سے نفرت ہو - بھونڈا - بدشکل ؛

کریہہ منظر - ع - صفت - بدصورت - بدشکل ؛

ک - ڑ

کڑا - ہ - صفت - سخت - کٹھور - طاقتور - تیز - کٹھن - مہنگا - چھلا - کنڈا - ہاتھ یا پاؤں میں پہننے کا سونے چاندی کا حلقہ ہندی نظم کا بند - قبر یا مزار کی ڈاٹ ؛

کڑاپن - ہ - مذکر - سختی - مضبوطی - بہادری - تیزی ؛

کڑاکا - ہ - مذکر - کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز - فاقہ - بھوک صفت - سخت - شدت کا ؛

کڑاکا گزرنا - ا - فاقہ ہونا - بھوکا رہنا ؛

کڑاکڑ - ہ - مذکر - کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی متواتر آواز ؛

کڑاہ - ہ - مذکر - حلوا وغیرہ پکانے کی بڑی کڑاہی (پنجاب) - تر حلوا - موہن بھوگ ؛

کڑاہی - ہ - مونث - لوہے کا برتن جس میں حلوا وغیرہ پکاتے ہیں ؛

کڑاہی باندھنا - ہ - جادو کے زور سے کڑاہی کو گرم نہ ہونے دینا ؛

کڑاہی چڑھانا - ہ - پکوان کے لئے کڑاہی کا چولہے پر رکھنا -

کڑاہی کرنا - ہ - کسی دیوی یا دیوتا کی بھینٹ کا حلوا پکانا ؛

کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا - ہ - اپنی سچائی اور بے گناہی ثابت کرنے کے لئے کڑاہی میں ہاتھ ڈالنا ؛

کڑبڑی داڑھی - ہ - مونث - وہ داڑھی جس میں سفید اور سیاہ بال ہوں ؛

کڑک - ہ - مونث - بجلی کی آواز - کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز - گھوڑے کی سرپٹ چال ؛

کڑک بجلی - ہ - مونث - وہ بندوق جس کی آواز نہایت سخت ہو - کڑاکے کی آواز والی عورت ؛

کڑک - ا - مونث - وہ مرغی جو انڈے دینے سے رک گئی ہو - خالی - کورا - صاف ؛

کڑکا - ہ - مذکر - بجلی کی آواز - کڑک - بہادری کا یادگار گیت - کسی جنگ کا بیان ؛

کڑکڑاتا جاڑا - ہ - مذکر - نہایت زور کی سردی ؛

کڑکڑا کے دم مارنا یا آواز نکالنا - ہ - حقہ کا زور سے دم لگانا - کش لگانا ؛

کڑکڑانا - ہ - گھی یا تیل کے داغ ہونیکی آواز نکلنا ؛

کڑکڑانا - ہ - انڈے دینے کے دنوں میں مرغی کا بولنا - بڑبڑانا کوسنا - جلنا ؛

کڑکنا - ہ - تڑکنا - چٹکنا - پھٹنا ؛

کڑکنا - ہ - گرجنا - کڑکڑانا - چیخ کر بولنا ؛

کڑوا - ہ - صفت - تلخ - تیز - بدمزاج - جھلا - سخت - اکھڑ ؛

کڑوا تیل - ہ - مذکر - تورے یا سرسوں کا تیل ؛

کڑوا کریلا - ہ - مذکر - نہایت بدمزاج آدمی ؛

کڑوا کریلا نیم چڑھا۔ ہ۔ کہاوت۔ ایک تو چڑچڑے اور بدمزاج تھے۔ دوسرے بات نے اور بھی بدمزاجی بڑھا دی۔

کڑوا کسیلا۔ ہ۔ صفت۔ تلخ اور ناگوار۔

کسیلا۔ ہ۔ مذکر۔ تلخی۔ بدمزاجی۔ تیزی۔ تندی۔

کڑوانا۔ ہ۔ کڑوا ہونا۔ تلخ ہونا۔ خفا ہونا۔ آنکھوں کا نیند کے خمار کے باعث کھٹکنا۔

کڑواہٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ تلخی۔ کسیلاپن۔

کڑوی۔ ہ۔ مؤنث۔ تند۔ تیز۔ تلخ۔ کڑبی۔ جوار۔

کڑوی روٹی یا کھچڑی۔ جس روز کوئی مرجائے۔ اس روز کا کھانا۔ مردے کی حاضری۔

کڑوے کسیلے دن۔ ہ۔ مذکر۔ برے بھلے دن۔ سختی کے دن۔ وہ دن جن میں موسمی بیماریوں کا زور ہوتا ہے۔ حمل کا آٹھواں مہینہ جو خطرناک ہوتا ہے

کڑوے گھونٹ۔ ا۔ مذکر۔ ناگوار بات۔ کٹھن کام۔

کڑھانا۔ ہ۔ رنج دینا۔ کلپانا۔ چنتا پیدا کرنا۔

کڑھنا۔ ہ۔ کلپنا۔ رنجیدہ ہونا۔ رحم آنا۔ ہمدردی کرنا۔ افسوس کرنا۔

کڑھی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک سالن کا نام۔

کڑھی کا سا اُبال۔ ہ۔ مذکر۔ جلد چلا جانیوالا غصہ یا ارادہ۔

کڑھی میں کوئلا۔ ہ۔ کہاوت۔ اچھی بات میں کچھ نقص۔

کڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ مرغی کے ہنکانے کی آواز۔

کڑی۔ ہ۔ صفت۔ سخت۔ مضبوط۔ تیز۔ سختی اٹھانے والی کٹھن۔ غصے سے بھری ہوئی (مؤنث) جریب کا ایک حصہ۔ لوہے کا حلقہ۔ سختی۔ چھوٹا شہتیر رنج۔ حیوانوں کی سینے کی ہڈی۔

کڑی اٹھانا یا جھیلنا۔ ہ۔ سختی جھیلنا۔ مصیبت اٹھانا

کڑی آنکھ پڑنا۔ ہ۔ قہر یا غصے کی نظر پڑنا۔

کڑی بات۔ ہ۔ مؤنث سخت بات۔ ناگوار بات۔

کڑی دھرتی۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ زمین جہاں کے آدمی مضبوط ہوں یا بھوت پریت کے رہنے کی زمین۔

کڑی دھوپ۔ ہ۔ مذکر۔ شدت کی دھوپ نہایت تیز دھوپ

کڑی سنانا۔ ہ۔ سخت اور ناگوار بات کہنا۔

کڑی کا بولنا۔ ہ۔ چھت کی لکڑی کا آواز دینا جو منحوس خیال کیا جاتا ہے۔

کڑی کمان کا تیر۔ ا۔ صفت مجازاً۔ نہایت تیز جانیوالا۔

کڑیاں۔ ہ۔ مؤنث۔ جمع کڑی کی۔ چھت کے چھوٹے شہتیر۔

کڑیل۔ ہ۔ مذکر۔ آگ رکھنے کے لئے بڑا ٹھیکرا۔

کڑیل جوان۔ ا۔ مذکر۔ بہت زور آور جوان پہلوان آدمی۔

ک س

کس۔ ف۔ مذکر۔ مرد۔ لوگ۔ ا۔ کوئی۔

کس نے پرسا کہ بھیا کون ہو۔ ڈھائی ہو یا تین ہو یا پون ہو۔ ا۔ کہاوت جب آدمی غریب ہو جاتا ہے تو اس کی کوئی خبر نہیں پوچھتا۔

کس و ناکس۔ ف۔ مذکر۔ خاص و عام آدمی۔ اعلیٰ اور ادنیٰ آدمی۔ چھوٹے اور بڑے آدمی۔

کس۔ ہ۔ مذکر۔ زور۔ طاقت۔ امتحان۔ پرکھ۔ مضبوطی۔ اصل۔ ذات۔ عرق۔

کس بل۔ ہ۔ مذکر۔ دم خم۔ زور طاقت۔

کس دیکھنا۔ ہ۔ سونے کو پرکھنے کیلئے تپانا۔

کس۔ ہ۔ کلمۂ استفہام۔ کون۔ کونسے۔

کس بات پر بھولا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ کس گھمنڈ میں ہے کس بات پر اتراتا ہے

کس باغ کا بتھوا ہے یا کس باغ کی مولی ہے۔ ا۔ محاورہ یعنی کچھ حقیقت نہیں کسی حساب میں نہیں۔

کس برتے پر تتا پانی۔ ہ۔ کہاوت۔ کس حوصلے یا حقیقت پر شیخی مارتے ہو۔

کس پر بھولے ہو۔ ہ۔ محاورہ۔ کس بات پر اسقدر غرور ہے

کس پورے پر۔ ہ۔ محاورہ۔ عو۔ کس امید پر۔ کس بھروسے پر

کِس چکّی کا پیسا کھایا ہے؟ ہ۔ محاورہ۔ یہ کونسی چکّی کے آٹے کی تاثیر ہے۔ جو ایسے موٹے ہو گئے ہو؟

کِس حساب میں ہے۔ ا۔ محاورہ۔ کون پوچھتا ہے؟ محض بے حقیقت ہے۔

کِس درد کی دوا ہے یا کِس مَرض کی دوا ہے۔ ا۔ محاورہ۔ کس کام کا ہے۔ کیا فائدہ دے گا۔

کِس شُمار و قطار میں ہے یا کس گنتی میں ہے۔ ا۔ محاورہ۔ کوئی نہیں پوچھتا کہ بیچارہ غریب کون ہے۔ کچھ قدر نہیں۔

کِس مُنہ سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ کونسی زبان سے۔ کس ثبوت پر۔ کیا ناک لیکر۔ کس خوبی پر۔ کس حوصلے سے۔

کِس نِیند سوتا ہے؟ ہ۔ محاورہ۔ کیا بے خبر پڑا ہے۔

کُسا۔ ہ۔ صفت۔ کھینچا ہوا۔ تنا ہوا۔ وزن میں کم۔

کُسا۔ ہ۔ مذکر۔ کُدال۔ پھاوڑا۔

کَسا۔ ہ۔ مذکر۔ کیکر کی چھال۔ وہ شراب جو کیکر کی چھال سے بنائی جائے۔

کَساد۔ ع۔ مؤنث۔ جنس کا نہ بکنا۔ بازار کا سرد ہونا۔

کَساد بازاری ع+ف۔ مؤنث۔ بے رواجی۔ بکری نہ ہونا۔ بازار کا مندا ہونا۔

کَسالا۔ ہ۔ مذکر۔ تکلیف۔ درد۔ بپتا۔ مصیبت۔ سُستی۔

کَسالت۔ ع۔ مؤنث۔ کاہلی۔ سُستی۔

کِسان۔ ہ۔ مذکر۔ کاشت کرنے والا۔ کھیتی باڑی کرنے والا۔

کَسانا۔ ہ۔ عو۔ امتحان کرانا۔ پرکھوانا۔ تنوانا۔ کھچوانا۔

کَساؤ۔ ہ۔ مذکر۔ تناؤ۔ کھچاوٹ۔ بدمزگی۔ کسیلاپن۔

کَساوَٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ تناؤ۔ کھچاؤ۔ چُستی۔ تنگی۔

کَسب۔ ع۔ مذکر۔ پیدا کرنا۔ کمانا۔ مجازاً پیشہ۔ کام۔ ہُنر کرتب۔ گُن۔

کَسبت۔ ا۔ مؤنث۔ نائی کی پٹی۔ سقّے کا چمڑے کا ٹکڑا۔

کَسبی۔ ع+ف۔ مذکر۔ پیشہ ور۔ کاریگر۔ وہ بات جو محنت اور مشق سے حاصل کی ہوئی ہو۔ ا۔ فاحشہ۔ بازاری عورت۔

کستُورا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا ہرن جس کی ناف سے مشک نکلتا ہے۔ ایک قسم کی مچھلی۔ سیپی۔ ایک قسم کا سیاہ پرندہ۔ ابابیل جانور کا لعاب۔

کستُوری۔ ہ۔ مؤنث۔ مشک۔ وہ خوشبو دار خون جو ایک قسم کے ہرن کی ناف سے نکلتا ہے۔

کَسر۔ ع۔ مونث۔ ٹوٹ پھوٹ۔ ٹکڑا۔ حصّہ (صرف نحو) زیر۔ زیر کی حرکت۔ حساب۔ صحیح عدد کا کوئی حصہ۔

کَسر۔ ا۔ مونث۔ کمی۔ نقص۔ عو۔ بچوں کی بدہضمی۔

کَسر باقی نہ رکھنا۔ ا۔ عو۔ کمی نہ کرنا۔ بُرائی کرنے میں نہ چُوکنا۔

کَسر پڑنا۔ ا۔ کمی ہونا۔ خسارہ ہونا۔

کَسرِ شان۔ ع+ف۔ مؤنث۔ عزت کے خلاف۔ شان کے خلاف۔

کَسر کرنا۔ ا۔ کمی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ چھوڑنا۔

کَسرِ مُرکّب۔ ع۔ مؤنث۔ وہ رقم جس میں کسر کے ساتھ صحیح عدد بھی موجود ہو۔ جیسے $۷\frac{۳}{۴}$۔

کَسرِ مُضاف۔ ع۔ مونث۔ وہ کسر جس میں کسر کی کسر ہو جیسے $\frac{۲}{۳}$ کا $\frac{۳}{۵}$۔

کَسرِ مُلتَف۔ ع۔ مؤنث۔ وہ کسر جس کے شمار کنندے یا نسب نما یا دونوں میں کوئی مرکب عدد یا کسرِ مضاف ہو۔ جیسے $\frac{۲/۵}{۴/۸}$ و $\frac{۱\frac{۴}{۵}}{۳}$ و $\frac{۳}{۵}$۔

کَسرِ مُفرَد۔ ع۔ مؤنث۔ وہ کسر جس کا شمار کنندہ اور نسب نما صحیح عدد ہوں جیسے $\frac{۲}{۳}$۔

کَسر نکالنا۔ ا۔ کمی پوری کرنا۔ خسارہ پورا کرنا۔ بدلا لینا۔

کَسرِ واجب۔ و۔ وہ کسر جسکا شمار کنندہ نسب نما سے چھوٹا ہو۔ جیسے $\frac{۳}{۸}$۔

کَسرات۔ ا۔ مونث۔ وہ رسمیں جو رخصت وغیرہ سے کٹ کر بچت میں ڈالی جاتی ہیں۔

کَسرَت۔ ا۔ مونث۔ روز کی ورزش۔ پہلوانی۔ مشق مہارت۔

کسرتی ۔ ا ۔ صفت ۔ کسرت سے متعلق ۔ کسرت کرنیوالا

کسرہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ زیر ۔ زیر کی حرکت ؛

کسرائے ۔ ع ۔ مذکر ۔ نوشیرواں عادل کا نام ۔ عجم کے بادشاہوں کا لقب ؛

کسک ۔ ہ ۔ مونث ۔ دُکھ ۔ درد ۔ ٹیس ۔ کھٹک ؛

کسکنا ۔ ہ ۔ درد کرنا ۔ دُکھنا ۔ ٹیس مارنا ۔ کھٹکنا ؛

کسل ۔ ع ۔ مذکر ۔ سستی ۔ تھکاوٹ ۔ ا ۔ کمزوری ۔ بیماری ؛

کسل مند ۔ ا ۔ مذکر ۔ بیمار ۔ سست ۔ ناراض ۔ تھکا ہوا ؛

کسمسانا ۔ ہ ۔ بل کھانا ۔ انگڑائی لینا ۔ پہلو بدلنا ۔ گھبرانا ۔ تڑپنا ۔ اُکتانا ؛

کسمساہٹ ۔ ہ ۔ مُونث ۔ بے چینی ۔ بے آرامی ۔ بے کلی

کسنا ۔ ہ ۔ کھینچنا ۔ تنگ کرکے باندھنا ۔ ستانا ۔ کسوٹی پر لگانا ۔ آزمانا ۔ بندوق بھرنا ۔ مول زیادہ کرنا ۔ مارنا ؛

کسو ۔ ہ ۔ علامت تنکیر ۔ کسی ؛

کسوانا ۔ ہ ۔ عو ۔ بددعا دلوانا ۔ سراپ دلوانا ؛

کسوت ۔ ع ۔ مُونث ۔ لباس ۔ پوشاک ؛

کسوٹی ۔ ہ ۔ مُونث ۔ وہ پتھر جس سے سونے کی پرکھ کرتے ہیں ؛

کسوٹی پر رکھنا ۔ کسنا یا لگانا ۔ ہ ۔ پتھر سے سونے چاندی کا کس دیکھنا (مجازاً) آزمانا ۔ امتحان کرنا ؛

کسور ۔ ع ۔ مُونث ۔ کسر کی جمع ۔ کسرات ۔ ٹکڑے ؛

کسور اعشاریہ ۔ ع ۔ مُونث ۔ وہ کسریں جنکا نسب نما دس یا دس کی کوئی قوت ہو ؛

کسور عام ۔ ع ۔ مُونث ۔ وہ کسریں جنکا نسب نما قید عشری سے بری ہو ؛

کسوف ۔ ع ۔ مذکر ۔ زمین اور سورج کے درمیان چاند کا آجانا ۔ سورج گرہن ؛

کسی ۔ ہ ۔ مُونث ۔ چھوٹا پھاوڑا ۔ دو قدم کے برابر کے فاصلہ کا ایک پیمانہ ؛

کسے باشد ۔ ف ۔ ندا ۔ خواہ کوئی ہو ۔ کوئی کیوں نہ ہو ؛

کسی چیز پر آنکھ نہ ٹھہرنا ۔ ا ۔ کسی چیز کی چمک دمک کے سبب اس پر نظر نہ پڑ سکنا ۔ نہایت خوبصورت و حسین ہونا

کسی سے سائی کسی سے بدھائی ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ کسی شخص سے کچھ وعدہ اور کسی سے کچھ ؛

کسی عنوان ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ کسی ڈھب ۔ کسی طور ۔ کسی طرح ؛

کسی کا ہاتھ چلے کسی کی زبان چلے ۔ ا ۔ کہاوت ۔ اگر طاقتور مارتا ہے تو کمزور گالیاں دیکر ہی اپنا دل ٹھنڈا کر لیتا ہے

کسی کا ہو رہنا ۔ ہ ۔ کسی کا غلام بن رہنا ؛

کسی کو خیال میں نہ لانا ۔ ا ۔ کسی کی پروا نہ کرنا ؛

کسی کی آگ میں پڑنا یا گرنا ۔ ہ ۔ دوسرے کی مصیبت میں پڑنا ؛

کسی کی آئی مجھ کو آجائے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ عو ۔ دوسرے کی موت مجھے آجائے ؛

کسی لائق ہونا ۔ ا ۔ کوئی ہنر یا لیاقت حاصل کرنا ؛

کسیرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کانسی ۔ تانبے پیتل وغیرہ کے برتن بنانے والا ؛

کسیلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ تلخ ذائقہ والی چیز ۔ کساؤ ۔

کسیلاپن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تلخی ۔ کساؤ ؛

ک ۔ ش

کش ۔ ف ۔ کشیدن کا امر ۔ کھینچ ۔ ا ۔ حقہ کا دم ۔ حقہ کا گھونٹ ؛

کش مکش ۔ ف ۔ مونث ۔ کھینچا تانی ۔ رکاوٹ ۔ ا ۔ اُلجھاؤ ۔ دقت ۔ مشکل ۔ لڑائی جھگڑا ۔ تکرار ؛

کشادگی ۔ ف ۔ مُونث ۔ فراخی ۔ وسعت ۔ چوڑائی ؛

کشادہ ۔ ف ۔ صفت ۔ کھلا ہوا ۔ فراخ ۔ لمبا چوڑا ؛

کشادہ دل ۔ ف ۔ صفت ۔ بڑے حوصلے والا ۔ سخی ۔ داتا ۔

کشاف ۔ ع ۔ صفت ۔ نہایت کھولنے والا ۔ بالکل پردہ اُٹھا دینے والا ؛

کشا کش - ف - مؤنث کھینچا تانی - دھکم دھکا - تکلیف - فکر ہاتھا پائی - تکرار ٭

کشاورز - ف - مذکر کھیتی باڑی کرنیوالا - کسان ٭

کشت و خون - ف - مذکر قتل - کشش - کوشش ٭

کشت - ف - مؤنث - کھیتی باڑی - زراعت (شطرنج) بادشاہ کا ایسے گھر میں آجانا جہاں اس پر شہ پڑ جانے کا اندیشہ ہو ٭

کشت زار - ف - مؤنث - کھیتی - زراعت ٭

کشت کار - ف - مؤنث - کھیتی کرنیوالا - کسان ٭

کشت کاری - ہند - مؤنث - کھیتی باڑی کا کام - زراعت

کشتم کشتا کرنا - ف - گتھم گتھا ہونا - کشتی لڑنا ٭

کشتہ - ف - صفت قتل کیا ہوا (مذکر) لاش - لوتھ - عاشق - مٹا ہوا - ماری ہوئی دھات ٭

کشتہ کرنا - ف - قتل کرنا - دھات مارنا - برباد کرنا ٭

کشتی - ف - مؤنث - ناؤ - بیڑی - شراب پینے کی ایک پیالی - ف - سر میں تیل ڈالنے کی پیالی - فقیروں کا کاسہ - سینی ٭

کشتی بان - ف - مذکر کشتی چلانیوالا - ملاح ٭

کشتی - ف - مؤنث - دو پہلوانوں کا گتھم گتھا

کشتی باز یا کشتی گیر - ف - مذکر - کشتی لڑنے والا - پہلوان ٭

کشتی مارنا - ف - پکڑ مارنا - پچھاڑنا - دے مارنا ٭

کشٹ - س - مذکر - دکھ - مصیبت - بپتا - تنگی ٭

کشش - ف - مؤنث - کھنچاؤ - میل - رغبت - ناز کرشمہ - ف - دیر - وقفہ - مصیبت - سختی - اَن بن - شکر رنجی ٭

کشش اٹھانا - ف - مصیبت اٹھانا - بپتا کے دن کاٹنا ٭

کشش ثقل - ع - مؤنث (طبیعات) اس قوت سے مراد ہے جو زمین اور چیزوں کو اپنی طرف کھینچنے میں اثر کرتی ہے ٭

کشش مقناطیسی - ف + ع - مؤنث - وہ قوت جس کے اثر سے لوہا - لوہے کو کھینچتا ہے ٭

کشف - ع - مذکر - کھولنا - ظاہر کرنا - شرح - اظہار ٭

کشف و کرامات - ع - مؤنث - معجزہ اور تصرف - غیب کا حال معلوم ہوجانا ٭

کشکول - ف - مذکر - بھیک مانگنے کا پیالہ ٭

کشمش - ف - مؤنث - ایک قسم کے سوکھے ہوئے انگور -

کش مکش - ف - مؤنث - کھینچا تانی - تکلیف - فکر - تکرار ٭

کشمیر - ف - مذکر ہندوستان کے ایک سرسبز پہاڑی حصہ کا نام

کشمیری - ف - صفت - کشمیر سے متعلق (مذکر) کشمیر کا رہنے والا - ناچنے والا لڑکا (مؤنث) کشمیر کی زبان ٭

کشن - ہ - مذکر - سری کرشن کنھیا جی کا وصفی نام ٭

کشندہ - ف - صفت - قتل کرنیوالا - مارنیوالا ٭

کشنیز - ف - مذکر - دھنیا ٭

کشور - ف - مؤنث - ولایت - دیس - ملک ٭

کشیدگی - ف - مؤنث کھنچاؤ - رکاوٹ - شکر رنجی - نفرت ٭

کشیدہ - ف - صفت - (مرکبات میں) اٹھایا ہوا - سہارا ہوا - جیسے محنت کشیدہ - کھنچا ہوا - وہ جس کے دل میں رنج ہو - سوئی اور تاگے سے کاڑھا ہوا (مذکر) گلکاری کا کام - سوئی کا کام ٭

کشیدہ خاطر - ف + ع - صفت - وہ شخص جسکے دل میں رنج ہو - ناراض ٭

کشیدہ کاڑھنا - ف - سوئی کا کام کرنا ٭

ک - ع

کعب - ع - مذکر - پاؤں کی ہڈی - ٹخنا - نرد بازی کا پانسہ (حساب) عدد کا تیسرا درجہ جیسے ۳×۳×۳=۹ - ۹، ۳ کا کعب ہے ٭

کعبتین - ع - مذکر - دو کعب - نرد بازی کے دو پانسے - ہر دو کعبہ - مکہ معظمہ اور بیت المقدس ٭

کعبہ۔ ع۔ مذکر۔ اہل اسلام کا متبرک مقام جہاں حج کرنے جاتے ہیں۔

کعبہ کی طرف ہاتھ اُٹھانا۔ ا۔ کعبہ کی قسم کھانا۔

ک۔ ف

کف۔ ع۔ مذکر و مؤنث۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ پاؤں کا تلوا۔ کپڑے کی دوہری پٹی جو آستینوں میں لگاتے ہیں۔ ف۔ جھاگ پھین۔ ا۔ تھوک۔ بلغم۔

کفِ افسوس ملنا۔ ا۔ نہایت افسوس کرنا۔

کف پائی۔ ا۔ مؤنث۔ بھدّی ایڑی کی جوتی۔ سلیپر۔

کفِ دست۔ ف۔ مؤنث۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ صفت۔ برابر۔ ہموار۔

کف لانا۔ ا۔ جھاگ لانا۔ غصے ہونا۔ جان بوجھ کر اپنے آپ کو پاگل بنانا۔

کفا۔ ف۔ مؤنث۔ سختی۔ مصیبت۔ تنگی۔

کفا جفا۔ ف۔ مؤنث۔ سختی مصیبت۔ ظلم۔ ا۔ تابع فعل۔ جوں توں کرکے۔ خدا خدا کرکے۔

کُفّار۔ ع۔ مذکر۔ کافر کی جمع۔

کفّارہ۔ ع۔ مذکر۔ گناہ دھو دینے والا۔ گناہ کا بدلہ قصور کا ڈنڈ جو خدا کی طرف سے مقرر ہے۔

کفاف۔ ع۔ مذکر۔ اندازہ۔ روزمرہ کا خرچ جس سے گزارہ ہو سکے۔ روزی۔

کفالت۔ ع۔ مؤنث۔ ضمانت۔ ضامنی۔ ذمہ داری۔

کِفایت۔ ع۔ مؤنث۔ کافی ہونا۔ پورا ہونا۔ کم خرچی۔ بچت۔ صرفہ۔

کِفایت شِعار۔ ع۔ صفت۔ کم خرچ کرنیوالا۔

کِفایت شِعاری۔ ا۔ مؤنث۔ کم خرچی کی عادت۔ صرفہ

کِفایت کرنا۔ ا۔ کافی ہونا۔ پورا ہونا۔ بچت کرنا۔ صرفہ کرنا۔ قیمت میں کمی کرنا۔

کفچہ۔ ف۔ مذکر۔ بڑا چمچہ۔ ڈوئی۔ سانپ کا پھن۔

کفر۔ ع۔ مذکر۔ شکر نہ کرنا۔ خدا کو نہ ماننا۔ ضد۔ ہٹ۔

کُفر بکنا۔ ا۔ دین کے خلاف کہنا۔ گالیاں دینا۔

کُفر توڑنا۔ ا۔ بیدینی سے دین میں لانا۔ ہٹ توڑنا۔ ضد توڑنا۔ مرید کرنا۔ رام کرنا۔

کُفر کا فتوےٰ دینا۔ ا۔ کسی کو حدیث کی رو سے کافر قرار دینا۔

کُفر کچہری۔ ا۔ مؤنث۔ بُری صحبت۔ وہ عدالت کا کھیل جو ہولی کے دنوں میں گالیاں دے کر کھیلا جاتا ہے۔

کُفرانِ نعمت۔ ع۔ مؤنث۔ احسان کا بھول جانا۔ نمک حرامی۔

کَفش۔ ف۔ مؤنث۔ جوتی۔ پاپوش۔

کفش خانہ۔ ا۔ مذکر۔ غریب خانہ۔ انکسارًا اپنا مکان۔

کفش دوز۔ ف۔ مذکر۔ جوتی بنانیوالا۔ موچی۔ چمار۔

کفش نشین۔ ف۔ صفت۔ جوتیوں میں بیٹھنے والا۔ کم درجہ کا۔

کفک۔ ف۔ مؤنث۔ ہاتھ کی ہتھیلی۔ پاؤں کا تلوا۔

کفگیر۔ ف۔ مذکر۔ ہانڈی سے کف نکالنے کا آلہ۔ چمچہ۔

کفن۔ ع۔ مذکر۔ وہ کپڑا جس سے مردے کی لاش لپیٹتے ہیں۔

کفن پھاڑ کر بولنا۔ ا۔ چیخ مار کر بولنا۔ جس سے دم اُڑ جائے۔

کفن چور۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ وہ چور جو قبر کھود کر مُردے کا کفن چرائے۔ صفت۔ حرامزادہ۔ شریر۔ ظالم۔

کفن سر سے باندھنا یا لپیٹنا۔ ا۔ مرنے کو تیار ہونا۔ موت کا مقابلہ کرنا۔

کفن کاٹھی کرنا۔ ا۔ گور گڑھا کرنا۔ کفنانا دفنانا۔

کفن کو کوڑی نہیں۔ ا۔ محاورہ۔ نہایت غریب اور کنگال ہے۔

کفن کو لگے۔ ا۔ ع۔ کفن کے کام آئے (کچھ پاس نہ ہونے کی نسبت سخت قسم کھاتے وقت کہتے ہیں)

کفن گھسوٹ۔ ا۔ مذکر۔ کفن چور۔

کفن میلا نہ ہونا - ہ - دفن ہوئے زیادہ عرصہ نہ گزرنا ۔
کفنانا - ہ - مردے کو کفن میں لپیٹنا ۔
کفنی - ع - مؤنث - وہ کپڑا جو مُردے کے گلے میں دفن کرتے وقت ڈالتے ہیں۔ ایک قسم کا فقیروں کا جامہ۔ وہ کپڑا جو بچے کے گلے میں اس خیال سے ڈالتے ہیں کہ وہ مدت تک زندہ رہے ۔
کفو - ع - مذکر - ایک جنس کا - ہم قوم - قوم - فرقہ صفت برابر کا - میل کا - مانند ۔
کفیل - ع - مذکر - ذمہ دار - ضمانت دینے والا ۔

ک - ک

کک - انگ - مذکر - باورچی - کھانا پکانیوالا ۔
ککڑ - ہ - مذکر - پینے کا بنا ہوا تمباکو - لمبے نیچے کا حقہ - مجازاً دبلا پتلا آدمی ۔
ککڑباز - ہ - مذکر - بہت حقہ پینے والا آدمی ۔
ککڑوں کوں - ہ - مذکر - مرغ کے بولنے کی آواز ۔
ککڑی - ہ - مؤنث - کچے سوت کی لچھی - ککّی کا بھٹا - آگ کا ڈوڈا پنجاب - مرغی ۔
ککڑی ہو جانا - ہ - سمٹ کر ذرا سا ہو جانا ۔
ککڑی - ہ - مؤنث - ایک قسم کی ترکاری ۔
ککڑی کھیرا کرنا - ہ - عو - بات بات پر کوسنا ۔
ککڑی کے چور کی گردن نہیں مارتے - ہ - محاورہ چھوٹی سی خطا پر بڑی سزا نہیں دیتے ۔
ککیانا - ہ - بندر کا چلانا - چیخنا ۔

ک - ل

کل - ہ - مؤنث - کام کرنے کا آلہ - مشین - پھندا - جال ۔
کل کا پتلا - ہ - مذکر - کل کے ذریعہ سے کام کرنیوالا آدمی
کل - ہ - مؤنث آرام - چین - خوشی - ڈھب - طرف
کل آنا یا پڑنا - ہ - چین پڑنا - آرام ملنا - سُکھ ہونا ۔

کل - ہ - مؤنث - گزرا ہوا دن - آج سے دوسرا دن جو آئیگا - قیامت کا دن - قریب کا زمانہ ۔
کل کی بات - ہ - مؤنث - حال کا ذکر - تھوڑے دنوں کی بات - گزرے ہوئے دن کا ذکر ۔
کل کل کرنا - ہ - روز کل کے وعدے پر ٹالنا - آج کل کرنا
کُل - ع - صفت - تمام - سب - پورا - خدا تعالیٰ کا نام ۔
کُل - س - مذکر - خاندان - گھرانہ - کنبہ - ذات - قوم ۔
کل ونتی - ہ - مؤنث - اچھے گھرانے کی عورت ۔
کلا - س - مؤنث - بہت چھوٹا حصہ - ایک منٹ - چھل - فریب - گن - ہنر - نٹ کا کھیل - معجزہ - کرامت ۔
کلابازی - ہ - مؤنث - ڈھینکلی - لوٹنیاں لینا ۔
کلاجنگ - ہ - مؤنث - کشتی کے ایک داؤں کا نام ۔
کلّا - ہ - مذکر - رخسار - گال - جبڑا - مجازاً بڑا اجلا کھانا ۔
کلّا بہ کلّا لڑنا - ہ - سامنے ہو کر لڑنا ۔
کلّا پھلانا - ہ - گالوں میں ہوا بھرنا - مغرور ہونا - خفگی ظاہر کرنا ۔
کلّا توڑ - ہ - مذکر - برابر کا - جو کسی بات میں بھی کم نہ ہو ۔
کلّا دبانا - ہ - اپنی بات کے آگے دوسرے کی بات نہ چلنے دینا ۔
کلّا دراز - ہ - صفت - بیہودہ شور کرنیوالا - لڑنیوالا ۔
کلّا درازی - ہ - مؤنث - شور - غوغا - بدزبانی - گالی گلوچ ۔
کلابتون - ت - مذکر - چاندی یا سونے کے تار ۔
کلاس - انگ - مؤنث - درجہ - مرتبہ - قسم - جنس - برن - ذات - جماعت ۔
کلاس فیلو - انگ - ہم جماعت - ہم سبق ۔
کُلاغ - ف - مذکر - جنگلی کوّا ۔
کلاک - انگ - مذکر - بڑی گھڑی جو دیوار پر لٹکائی جاتی ہے ۔
کلال - ہ - مذکر - شراب کھینچنے اور بیچنے والا - ایک فرقہ ۔
کلال خانہ - ہ - مذکر - وہ جگہ جہاں شراب کھینچی یا بیچی جاتی ہے

کلام ۔ ع ۔ مذکر۔ سخن ۔ بات ۔ نحو:۔ وہ عبارت جو کلموں
سے مرکب ہو ۔ ف ۔ شعر۔ نظم ۔ ا ۔ قول ۔ بچن
اعتراض ۔ عُذر ۔ تصنیف ۔ مضمون ۔ عو: قران شریف
تقدیر ۔ قسمت ؛

کَلام اُٹھانا ۔ ا ۔ عو ۔ قران کی قسم کھانا ؛

کَلام اللہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کلام الٰہی ۔ قرآن شریف ؛

کَلامِ تام ۔ ع ۔ مذکر ۔ نحو:۔ وہ کلام جسے سُنکر سننے والے
کو سُنانے والے سے کچھ پُوچھنا نہ پڑے ؛

کَلام کرنا ۔ ا ۔ بات چیت کرنا ۔ بحث کرنا ۔ جھگڑنا ؛

کَلامِ ناقص ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ مرکب جس کو سنکر سامع کو
کو کچھ پوچھنا پڑے ؛

کَلاں ۔ ف ۔ صفت ۔ بڑا ۔ بزرگ ۔ لمبا ۔ سردار ۔ بلند ۔ اُونچا
فراخ ۔ لمبا چوڑا ؛

کُلانچ ۔ ا ۔ مونث ۔ چھلانگ ۔ چوکڑی ؛

کَلانچ بھرنا یا مارنا ۔ ا ۔ چھلانگ مارنا ۔ چوکڑی بھرنا کودنا

کَلانوت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ڈُوم ۔ وہ شخص جس کا پیشہ گانا بجانا
اور ہنسانا ہو ؛

کَلانوت بچہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ وہ شخص جو ڈُوم کی نسل سے ہو ؛

کَلاوہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ کچا سُوت جو تکلے پر لپٹا ہوا ہو ۔ ا ۔ وہ
رنگا ہوا کچا سوت جو ناریل پر لپیٹے ہیں ۔ یا بیاہ
شادی کے موقع پر سہاگ پڑے پہ باندھتے ہیں

کُلاہ ۔ ف ۔ مونث ۔ لمبی ٹوپی ۔ شاہی تاج ۔ مُکٹ ؛

کَلائی ۔ ہ ۔ مونث ۔ کہنی سے لیکر پنجہ سے اُوپر تک کا حصہ
پُہنچا ۔ ایک قسم کی ورزش ؛

کَلائی کرنا ۔ ہ ۔ کلائی کی ورزش کرنا ۔ کلائی لڑانا ؛

کَلَب ۔ انگ ۔ مذکر ۔ انجمن ۔ مجلس ۔ سوسائٹی ۔ سبھا ؛

کِلبِل ۔ ہ ۔ مونث ۔ کیڑے مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا
مجازاً ۔ اینچے پیچے ۔ پیچ پیچ ؛

کلبلانا ۔ ہ ۔ کیڑے مکوڑوں کا پیٹ کے بل چلنا ؛

کلبلانا ۔ ہ ۔ کُھجلانا ۔ بیقرار ہونا ۔ تڑپنا ۔ رینگنا ۔ انتڑیوں
کا جُزنا ۔ بچے کو ہلانا جُلانا ؛

کُلبلاہٹ ۔ ہ ۔ مونث ۔ آہستگی سے حرکت کرنا کیڑوں
کا رینگنا ۔ بیقراری ۔ تڑپ ؛

کُلبہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ چھوٹا گھر جھونپڑا ؛

کُلبۂ احزان ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ غموں کا گھر ۔ ماتم خانہ ؛

کَلَپ ۔ ہ ۔ مونث ۔ وسمہ ۔ خضاب ۔ کانجی کلف ۔ ا ۔
عیب ۔ داغ ؛

کَلَپ لگانا ۔ ہ ۔ عیب لگانا ۔ کلنک لگانا ؛

کَلپانا ۔ ہ ۔ دُکھ دینا ۔ رنج دینا ۔ تڑپانا ۔ کلف دینا ؛

کَلپنا ۔ ہ ۔ دُکھ پانا ۔ کڑھنا ۔ تڑپنا ۔ کوسنا ۔ سراپ دینا
مانڈی چڑھانا ؛

کَلجُگ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چوتھا جگ جو پاپ اور فساد کا زمانہ
ہے ؛

کُلجھوین ۔ ا ۔ صفت ۔ کالی ۔ سانولی ؛

کُلچہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ میدے کی خمیری روٹی ۔ خیمہ کا لکڑی کا
گول گتا ؛

کَلَر ۔ ہ ۔ صفت ۔ بنجر ۔ شور ۔ مونث ۔ شور زمین جس میں
کچھ پیدا نہیں ہوتا ۔ مذکر ۔ شور ۔ ریہ ؛

کَلَس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گنبد کے اوپر کی کلغی ۔ گھڑا ۔ مجازاً
چوٹی ؛

کَلسا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تنگ منہ کا بڑا گھڑا ؛

کلغی یا کلگی ۔ ا ۔ مونث ۔ وہ خوشنما پر جو تاج یا ٹوپی میں لگاتے
ہیں ۔ پرندوں کے سر کا تاج ۔ کلس ۔ طُرّہ ۔ لاؤنی ؛

کَلغی باز ۔ ا ۔ مذکر ۔ لاؤنی ۔ بنانیوالا ؛

کَلَف ۔ ا ۔ مذکر ۔ دھوبی کا کانجی کلف ۔ مانڈے ۔ ع ۔
چہرہ کی چھائیاں ۔ چھیپ ؛

کُلفت ۔ ع ۔ مونث ۔ تکلیف ۔ سختی ۔ بپتا ۔ رنج ؛

کِلک ۔ ف ۔ مونث ۔ نیزہ جس کی قلم بناتے ہیں ۔ ا ۔
قلم ۔ لیکھنی ؛

کلکاری ۔ ہ ۔ مونث ۔ چیخ ۔ کوک ۔ زور کی آواز ۔ بندر
کا چیخ مارنا ؛

کلکاری مارنا ۔ ہ ۔ چیخ مارنا ۔ چلّانا ۔ بندر کا چیخ مارنا ؛

کلکٹر۔ انگ۔ مذکر۔ خراج اور ٹیکس وغیرہ وصول کرنیوالا ضلع کا مالی افسر ؛

کلکٹری۔ ا۔ مونث۔ ضلع کے مالی افسر کا عہدہ۔ مالی افسروں کی عدالت ؛

کل کل۔ ف۔ مونث۔ بک بک۔ کاؤکاؤ۔ ا۔ گھر کا جھگڑا تکرار ؛

کل کل۔ ا۔ مونث۔ تکرار۔ بحث۔ فساد۔ غل۔ شور ؛

کلکلانا۔ ہ۔ لازم۔ چڑچڑانا۔ غرانا۔ کاٹ کھانے کو دوڑنا ؛

کلما۔ ا۔ مذکر۔ مصالحہ دار قیمہ بھری ہوئی بکری کی انتڑی۔

کلمات۔ ع۔ مونث۔ کلمہ کی جمع ؛

کلمہ۔ ع۔ مذکر۔ بات۔ قول۔ لفظ۔ نحو:۔ وہ بامعنی لفظ جو آدمی کے منہ سے نکلے۔ تفسیرہ۔ مراد رسول۔ اسلام کا عقیدہ۔ خدا کا کلمہ۔ مجازاً خدا کا نام ؛

کلمۃ الحق۔ ع۔ مذکر۔ سچی بات۔ کھری بات ؛

کلمہ بھرنا۔ ا۔ دین اسلام کے اصول کو اعتقاد کے ساتھ زبان سے نکالنا۔ خدا کا نام لینا۔ کسی کے کمال کا اقرار کرنا ؛

کلمہ پڑھانا۔ ا۔ کلمہ زبان سے نکلوانا۔ مسلمان بنانا ؛

کلمہ پڑھنا۔ ا۔ اسلام قبول کرنا۔ خدا کا نام لینا۔ استاد یا کامل ماننا۔ کسی کا نام جپنا ؛

کلمۂ تکبیر۔ ع۔ مذکر۔ وہ کلمہ جس میں خدا تعالیٰ کو بزرگی کیساتھ یاد کرتے ہیں ؛

کلمۂ شہادت۔ ع۔ مذکر۔ وہ کلمہ جس میں خدا کے معبود ہونے اور حضرت محمد صلعم کے بندہ اور رسول ہونے پر گواہی دی جاتی ہے ؛

کلمۂ کفر۔ ع۔ مذکر۔ وہ بات جس سے دین کی مذمت نکلے۔ دھرم تندا ؛

کلمہ گو۔ ع۔ ف۔ صفت۔ کلمہ بھرنیوالا۔ مسلمان۔ مومن۔

کلمے کا شریک۔ ا۔ مذکر۔ ایک ہی خدا کا کلمہ پڑھنے والا ذات بھائی۔ ہم مذہب بھائی۔ دینی بھائی ؛

کلمے کی انگلی۔ ا۔ مونث۔ انگوٹھے کے پاس کی انگلی۔

کلنا۔ ہ۔ ٹیس مارنا۔ درد کرنا ؛

کلنج۔ ہ۔ صفت۔ گھوڑے کے ایک عیب کا نام ؛

کلنڈر۔ انگ۔ مذکر۔ فرد۔ فہرست جس پر تاریخیں ہوتی ہیں

کلنک۔ س۔ مذکر۔ داغ۔ دھبا۔ رسوائی۔ ذلت۔ بدنامی ؛

کلنک کا ٹیکا۔ ہ۔ مذکر۔ بدنامی کا دھبا۔ رسوائی کا داغ۔

کلنکی۔ ہ۔ صفت۔ ہندو:۔ بدنام۔ داغی۔ عیبی۔ رسوا ؛

کلنگ۔ ف۔ مذکر۔ ایک پرندہ کا نام جس کی ٹانگیں اور گردن لمبی ہوتی ہے۔ کونج۔ ا۔ لمبی ٹانگوں والا آدمی۔ موٹا تازہ مرغ ؛

کلو۔ ہ۔ صفت۔ کالے رنگ کا آدمی ؛

کلوانا۔ ہ۔ متعدی۔ منتر سے قابو کرانا۔ بند کرانا ؛

کلوٹا۔ ہ۔ صفت۔ کالے رنگ کا ؛

کلوخ۔ ف۔ مذکر۔ مٹی کا ڈھیلا۔ روڑا ؛

کلول۔ ہ۔ مونث۔ کھیل کود۔ دل لگی۔ چلبلاہٹ۔ شوخی چنچل پن۔ عیش۔ آنند

کلونس۔ ہ۔ مونث۔ کالک۔ سیاہی۔ کلنک۔ داغ بدنامی ؛

کلہ۔ ف۔ مونث۔ مخفف کلاہ۔ ٹوپی ؛

کلہ شجرہ۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ وہ ٹوپی اور شجرہ جو درویش لوگ مرتے وقت اپنے جانشین کو عنایت کرتے ہیں۔ ا۔ مال اسباب۔ استر بستر ؛

کلہ۔ ف۔ مذکر۔ جبڑا ؛

کلہ۔ ف۔ مذکر۔ بھیڑ۔ بھیس۔ ڈلی ؛

کلہ دراز۔ ف۔ مذکر۔ بیہودہ غل مچانیوالا۔ لڑاک ؛

کلۂ قند۔ ف۔ مذکر۔ قند کے ڈلے۔ ایک قسم کی شیرینی کا نام۔

کلہاڑا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک اوزار جس سے لکڑی پھاڑتے ہیں۔

کلہاڑی۔ لکڑی چیرنے کا چھوٹا آلہ ؛

کلھڑ۔ ہ۔ مذکر۔ مٹی کا پیالہ۔ ایک قسم کی آتش بازی۔ گول مول آدمی ؛

کلہم۔ ع۔ تابع فعل سبب کا سبب۔ پورا کا پورا۔ صفت

سب تمام ۔ ا ۔ حرف ۔ فقط ؛
کلُھیا یا کلُیا ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھوٹا سا مٹی کا گول برتن ۔ ایک قسم کی آتشبازی ؛
کلُھیا لگانا ۔ ہ ۔ پچھنے لگانا ۔ بھری سینگی لگانا ؛
کلُھیا میں گڑ پھوڑنا ۔ چھپکر کوئی کام کرنا ۔ محال بات کرنا
کُلّی ۔ ع ۔ صفت ۔ سارا ۔ پورا ۔ تمام ؛
کُلّی ۔ ہ ۔ مونث ۔ منہ میں پانی بھر کر پھینکنا ۔ غرغرہ ؛
کَلی ۔ ہ ۔ مونث ۔ بن کھِلا پھول ۔ غنچہ ۔ مثلثی تراش کا کپڑا جو کرتوں اور پائجاموں وغیرہ میں ڈالتے ہیں ۔ ایک قسم کا حقہ ؛
کَلی کھِلنا یا پھُولنا ۔ ہ ۔ غنچہ کا شگفتہ ہونا ۔ پھول کھِلنا ۔
گلے تلے دَبا لینا ۔ ا ۔ عو: ۔ اپنی آواز سے دوسرے کو بات نہ کرنے دینا ؛
کُلّیات ۔ ع ۔ مونث ۔ کُلّی کی جمع ۔ نظم کا مجموعہ جو ایک ہی شخص کی تصنیف ہو ؛
کلیاں آنا ۔ ہ ۔ غنچوں کا ظاہر ہونا ۔ درختوں میں کونپلیں نکلنا ۔ پرندوں کا نئے پر نکالنا ؛
کِلیان ۔ س ۔ مذکر ۔ خیریت ۔ آنند ۔ سونا ۔ نجات ۔ اچھی قسمت والا ۔ ایک راگنی کا نام ؛
کَلیان ہونا ۔ ہ ۔ اقبال مند ہونا ۔ پھلنا پھُولنا ۔ مرنا ۔ نجات ہونا ۔ برباد ہونا ؛
کَلیجا یا کلیجہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ انسان کا جگر ۔ مجازاً ہمت ۔ دلیری ۔ حوصلہ ۔ پیارا ۔ عو: پونجی ۔ پیٹ ۔ مطلق دل بکلمۂ تنفر ۔ مثلاً کسی نے پوچھا یہ کیا ہے دوسرے نے کہا تمہارا کلیجہ ۔ چھاتی ۔ سینہ ؛
کَلیجا اُچھلنا ۔ ہ ۔ عو: ۔ دِل دھڑکنا ؛
کَلیجا اُڑا جانا ۔ ہ ۔ دل کا نہایت پریشان ہوا جانا ؛
کَلیجا اُلٹ جانا ۔ دل اُلٹ جانا ۔ دیوانہ ہوجانا ۔ قے کرتے کرتے جی گھبرا جانا ؛
کَلیجا بَڑھ جانا ۔ ہ ۔ دل بڑھ جانا ۔ بانغ بانغ ہوجانا ۔ ہمت بڑھ جانا ؛

کَلیجا پاش پاش ہوجانا ۔ ا ۔ دل کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ۔ نہایت دل دُکھنا ؛
کلیجا پانی ہونا ۔ ہ ۔ نہایت رحم آنا ؛
کلیجا پتھر ہوجانا ۔ ہ ۔ دل کا نہایت بے رحم اور سخت ہوجانا
کَلیجا پک جانا ۔ ہ ۔ دکھی ہوجانا ۔ جلتے جلتے کباب ہوجانا ۔ عاجز ہوجانا ۔ تنگ آنا ؛
کَلیجا پکڑ کر یا تھام کر رہ جانا ۔ ہ ۔ کسی صدمہ کی تاب نہ لاکر کلیجے پر ہاتھ پر ہاتھ رکھنا ۔ تڑپ کر رہ جانا ۔ اش اش کرنے لگنا ۔ لوٹ ہوجانا
کَلیجا پکڑ لینا ۔ ہ ۔ کسی صدمہ کی تاب نہ لاکر دل تھام لینا ۔ کسی دوا کا دل پر جاکر خشکی پیدا کرنا ؛
کَلیجا پَھٹنا ۔ ہ ۔ جگر شق ہونا ۔ کسی صدمے کے سہنے کی تاب نہ لانا ۔ ترس آنا ۔ دل بھر آنا ۔ حسد کرنا ۔ جلنا ؛
کلیجا تَر ہونا ۔ ہ ۔ عو: دولت کے سبب بے فکر ہونا ؛
کَلیجا ٹھنڈا رہنا ۔ ہ ۔ عو: جی خوش رہنا ۔ چین اور سکھ سے رہنا
کَلیجا ٹھنڈا ہونا ۔ ہ ۔ عو: ۔ جی خوش ہونا ۔ آرام ملنا ۔ تسلی ہونا ۔ صبر آنا ۔ سنتوکھ آنا ؛
کَلیجا جَلانا ۔ ہ ۔ عو ۔ دِل جلانا ۔ دکھ دینا ۔ رنج دینا ۔ عوام: ۔ زیادہ حقہ پینا ؛
کَلیجا چِھلنی ہونا ۔ } ہ ۔ عو: دل خون ہوجانا ۔ طعنے سُن
یا کلیجا چِھن جانا ۔ } سنکر دل کا پارہ پارہ ہوجانا ؛
کلیجا دَھڑکنا یا دَھک دَھک ہونا یا دُھکڑ پُھکڑ ہونا ۔ ہ ۔ خوف کے سبب سے دل کا کانپنا ۔ خوف چھانا اندیشہ ہونا ؛
کَلیجا دَھک سے ہوجانا یا رہ جانا ۔ ہ ۔ عو: ۔ دل پر خوف چھا جانا ۔ حیرت چھا جانا ۔ دنگ رہ جانا ؛
کَلیجا سُلگانا ۔ ہ ۔ دل جلانا ۔ دل کو رنج دینا ؛
کَلیجا سنبھالنا ۔ ا ۔ دل کی روک تھام کرنا ۔ دلکو قابو کرنا ؛
کَلیجا کَٹنا ۔ ہ ۔ کسی زہریلی چیز کے کھا جانے سے دل یا جگر کے ٹکڑے ٹکڑے ہونا ۔ خون کے دست آنا دل پر چوٹ لگنا ۔ دِل خون ہونا ۔ بہت خرچ ہو جانا ؛

کلیجا کھرچنا۔ ہ۔ لازم۔ بھوک کے سبب دل پر خشکی معلوم ہونا ۔

کلیجا کھلانا۔ ہ۔ متعدی۔ کمال خاطر تواضع کرنا۔ جان تک نکال کر حوالے کر دینا ۔

کلیجا مسوس کر رہ جانا۔ ہ۔ تڑپ کر رہ جانا۔ صبر کر بیٹھنا ۔

کلیجا ملنا۔ ہ۔ دل کو صدمہ پہنچانا۔ دل دکھانا ۔

کلیجا منہ تک آنا یا منہ کو آنا۔ ہ۔ نہایت جی گھبرانا۔ دم گھٹنا۔ بیقرار ہونا۔ دم الٹنا۔ دم فنا ہوا جانا۔ خفقان ہونا۔ وحشت ہونا ۔

کلیجا نکال کر لے جانا۔ ہ۔ کسی کی دولت چرا کر لے جانا۔

کلیجا نکالنا۔ ہ۔ ڈائن کی طرح دل نکالنا۔ کسی کی دولت مارنا ۔

کلیجا نکل جانا۔ ہ۔ دم نکل جانا۔ جان نکل جانا ۔

کلیجی۔ ہ۔ مونث۔ تمام دل۔ جگر پھیپھڑا تلی وغیرہ کا مجموعہ ۔

کلیجے پر چوٹ یا گھونسا لگنا۔ ہ۔ دل پر صدمہ گزرنا۔ دکھ ہونا ۔

کلیجے پر چھری سی چل جانا۔ ہ۔ دل پر صدمہ گزر جانا ۔

کلیجے پر سانپ پھرنا یا لوٹنا۔ ہ۔ دل پر نہایت افسوس گزرنا۔ رشک گزرنا۔ حسد گزرنا ۔

کلیجے پر ہاتھ دھر کے دیکھنا۔ ہ۔ اپنے دل کا سا حال دوسرے کے دل کا جاننا ۔

کلیجے پر ہاتھ دھرنا۔ ہ۔ کسی کے دل کو تسلی دینا۔ اپنے دل کو دیکھنا ۔

کلیجے پر ہاتھ دھرے پھرنا۔ ہ۔ بے تاب اور بے چین پھرنا ۔

کلیجے سے دھواں اٹھنا۔ ہ۔ نہایت دل جلنا۔ دل سے بھاپ اٹھنا ۔

کلیجے سے لگا کے رکھنا۔ ہ۔ ع۔ نہایت عزیز کر کے رکھنا۔ جان کے برابر رکھنا۔ چھپا کے رکھنا ۔

کلیجے کا ٹکڑا۔ ہ۔ مذکر۔ نہایت پیارا اور عزیز ۔

کلیجے کی کور۔ ہ۔ مونث۔ نہایت عزیز۔ نہایت پیارا ۔

کلیجے پر آگ لگنا۔ ہ۔ کسی تیز چیز کے کھا جانے سے سوزش پیدا ہونا۔ نہایت پیاس لگنا ۔

کلیجے میں چٹکیاں لینا۔ ہ۔ دل جلانا۔ طعنوں سے دل کو صدمہ پہنچانا ۔

کلیجے میں ڈال رکھنا۔ ہ۔ نہایت پیار اور ممتا ظاہر کرنا ۔

کلیجے میں ہاتھ ڈالنا۔ ہ۔ دل میں گھر کرنا۔ دل میں جگہ کرنا۔ کلیجا نکال لینا۔ کسی عزیز چیز کو لے لینا۔ دل دکھانا ۔

کلید۔ ف۔ مونث۔ کنجی۔ چابی ۔

کلیسا۔ یونانی۔ مذکر۔ عیسائیوں کا مندر۔ گرجا گھر ۔

کلیسائی۔ یونانی صفت۔ کلیسا سے متعلق ۔

کلیسیا۔ یونانی۔ مذکر۔ عیسائیوں کی ایک جماعت جو بت پرست خیال کیجاتی ہے ۔

کلیل۔ ہ۔ مونث۔ گھوڑے کا خوشی میں اچھلنا۔ ا۔ بے فکری۔ چین ۔

کلیل میں غلیل لگنا۔ ا۔ رنگ بھنگ ہونا۔ خوشی میں رنج پیش آنا ۔

کلیم۔ ع۔ مذکر۔ بات کرنے والا۔ حضرت موسیٰ کا لقب جو خدا سے باتیں کیا کرتے تھے۔ ایک مشہور فارسی شاعر کا تخلص ۔

کلیم اللہ۔ ع۔ مذکر۔ خدا سے باتیں کرنے والا حضرت موسیٰ کا لقب ۔

ک۔م

کم۔ ف۔ صفت۔ ذرا سا۔ تھوڑا۔ برا۔ چھوٹا۔ مطلق نفی کے واسطے۔ نہیں۔ نہ ۔

کم اصل۔ ا۔ صفت۔ کمینہ۔ پاجی۔ ذلیل ۔

کم بخت۔ ف۔ صفت۔ بری قسمت والا۔ ابھاگی۔ (کلمۂ تنفر) نگوڑا۔ شامت کا مارا ۔

کم بختی۔ ا۔ مونث۔ بدنصیبی۔ بدقسمتی۔ شامت۔ بپتا۔ برے دن ۔

کم تر ۔ ف ۔ صفت ۔ بہت کم ۔ بہت تھوڑا ۔

کم توجّہی ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ بے پرواہی ۔ غفلت ۔

کم حوصلگی ۔ ف ۔ ع ۔ ف ۔ مونث ۔ کم دلی ۔ اوچھاپن ۔

کم حوصلہ ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ تھوڑے حوصلے والا ۔ کم دلا ۔ اوچھا ۔

کم خرچ ۔ ا ۔ صفت ۔ تھوڑا خرچ کرنیوالا ۔

کم خرچ بالانشین ۔ ف ۔ کہاوت ۔ تھوڑے داموں میں بڑا کام نکالنے والی چیز ۔

کم ذات ۔ ا ۔ صفت ۔ کمینہ ۔ نیچ ذات کا ۔

کم زور ۔ ف ۔ صفت ۔ تھوڑی طاقت والا ۔ نربل ۔ بودا ۔

کم زوری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ دبلاپن ۔ ضعف ۔ ناتوانی ۔

کم سال ۔ ا ۔ صفت ۔ چھوٹی عمر کا بچہ ۔

کم سخن یا کم گو ۔ ا ۔ صفت ۔ کم بولنے والا ۔

کم سخنی یا کم گوئی ۔ ا ۔ مونث ۔ تھوڑا بولنا ۔ کم بات کرنا ۔

کم سن ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ چھوٹی عمر کا ۔ یانا ۔

کم سنی ۔ ا ۔ مونث ۔ چھوٹی عمر ۔ بچپن ۔

کم ظرف ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ کم حوصلہ ۔ اوچھا ۔ کمینہ ۔ پاجی ۔

کم ظرفی ۔ ا ۔ مونث ۔ اوچھاپن ۔ تھڑدلی ۔ کمینہ پن ۔

کم عقل ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ بےعقل ۔ مورکھ ۔ نادان ۔

کم عقلی ۔ ا ۔ مونث ۔ نادانی ۔ ناسمجھی ۔ بے وقوفی ۔

کم فہم ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ نادان ۔ ناسمجھ ۔

کم فہمی ۔ ا ۔ مونث ۔ نادانی ۔ ناسمجھی ۔

کم کم ۔ ا ۔ تابع فعل تھوڑا تھوڑا ۔ کبھی کبھی ۔ آہستہ آہستہ

کم نگاہی ۔ ف ۔ مونث ۔ بے پروائی ۔ غفلت ۔ نگاہ نہ کرنا ۔

کم و بیش ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ تھوڑا بہت ۔ قریب قریب ۔ لگ بھگ ۔

کم ہمت ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ کم حوصلہ ۔ ڈرپوک ۔ کام چور ۔

کم ہمتی ۔ ا ۔ مونث ۔ کم حوصلگی ۔ بزدلی ۔ کام چوری ۔

کم یاب ۔ ف ۔ صفت ۔ کم ملنے والی ۔ جو عام نہ ہو ۔

کم یابی ۔ ا ۔ مونث ۔ ناہوت ۔ قلت ۔ میسر نہ ہونا ۔ نہ ملنا ۔

کماحقّہ ۔ ع ۔ صفت ۔ جیسا اُس کا حق ہے ۔ جیسا ہونا چاہیئے ۔ ٹھیک ٹھیک ۔

کما ینبغی ۔ ف ۔ صفت ۔ جیسا کہ چاہیئے ۔ جیسا کہ لائق ہے

کمار ۔ س ۔ مذکر ۔ کنور ۔ کنوارا ۔ راجہ کا بیٹا ۔ بیٹا ۔ فرزند ۔

کماری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ راجہ کی بیٹی ۔ بیٹی ۔ کنواری ۔

کمال ۔ ع ۔ مذکر ۔ پوراپن ۔ ا ۔ ہنر ۔ گن ۔ لیاقت خوبی ۔ کوئی انوکھی بات ۔ عجیب کام ۔ کاریگری اُستادی ۔ صفت :۔ پورا ۔ تمام ۔ ازحد ۔ نہایت انتہا کا ۔

کمال حاصل کرنا ۔ ا ۔ کوئی ہنر یا فن حاصل کرنا ۔ کسی کام میں مہارت رکھنا ۔

کمال دکھانا ۔ ا ۔ ہنر ۔ کرتب یا فن دکھانا ۔ کوئی انوکھی بات ظاہر کرنا ۔

کمال کرنا ۔ ا ۔ کوئی عجیب اور انوکھی بات کرنا ۔ اُستادی دکھانا ۔ لیاقت ظاہر کرنا ۔ غضب کرنا ۔

کمال کو پہنچنا ۔ ا ۔ کسی بات میں کمال حاصل کرنا ۔ پورا ہونا ختم ہونا ۔

کمالا ۔ ا ۔ مذکر ۔ پہلوانوں کا صلح سے کرتب دکھانے کے لئے کشتی کرنا ۔

کمالات ۔ ع ۔ مذکر ۔ کمال کی جمع ۔

کمان ۔ ا ۔ مونث ۔ حکم ۔ آگیا ۔ فرمان ۔ حکومت ۔ سرداری اختیار ۔

کمان افسر ۔ ا ۔ مذکر ۔ فوج کا سردار ۔ کمانڈر ۔

کمان بولنا ۔ ا ۔ لڑائی پر جانیکا حکم دینا ۔ نوکری بتانا ۔

کمان پر جانا ۔ ا ۔ جنگی نوکری پر جانا ۔ لڑائی پر جانا ۔

کمان دغنا ۔ ا ۔ حکم ہو جانا ۔ بندوق چلنا ۔ فیر ہونا ۔

کمان نکلنا ۔ ا ۔ فوج کا لڑائی کے لئے تیار ہونا ۔

کمان ۔ ف ۔ مونث ۔ وہ آلہ جس سے تیر چلاتے ہیں ۔ دھنش ۔ آسمان کے ایک برج کا نام ۔ دائرہ کا کوئی حصّہ ۔ صفت ۔ کبڑا ۔ جھکا ہوا ۔

کمان اُتارنا۔ د۔ کمان ڈھیلی کرنا۔ کمان کا چلہ اتارنا؛
کمان بَردار۔ ف۔ مذکر۔ وہ سپاہی جو کمان لے کر چلے؛
کمان تاننا یا چڑھانا۔ د۔ کمان کھینچنا۔ کمان کا چلہ چڑھانا؛
کمان چڑھنا۔ د۔ ترقی کا دور ہونا۔ اچھے دن ہونا۔ ڈنکا بجنا؛
کمان گر۔ ف۔ مذکر۔ کمان بنانیوالا۔ ہاتھ پاؤں کی اپنی جگہ سے ہٹی ہوئی ہڈیوں کو ان کی جگہ پر لانے والا؛
کمان گری۔ ف۔ مؤنث۔ کمانوں کے بنانیکا پیشہ۔ ہڈیوں کے جوڑنے یا باندھنے کا ہنر؛
کمان نکلنا۔ د۔ آسمان پر قوس قزح کا نظر آنا؛
کمانا۔ ہ۔ دولت پیدا کرنا۔ لوہے کو کوٹ کر لوچ پیدا کرنا۔ چمڑا نرم کرنا۔ ٹٹی صاف کرنا۔ محنت اٹھا کر جسم کو مضبوط بنانا؛
کما لا دھمانا۔ ہ۔ عو:۔ روپیہ پیسہ پیدا کرنا؛
کمانچہ۔ ف۔ مذکر۔ چھوٹی کمان۔ وہ غلیل جس سے عورتیں روئی ڈھنکتی ہیں۔ ایک قسم کی سارنگی۔ ا۔ طاقچہ محراب دار چھت۔ فولاد کی کمانی؛
کمانڈر۔ انگ۔ فوج کا بڑا افسر؛
کمانڈر انچیف۔ انگ۔ مذکر۔ جنگی لاٹ۔ فوجی لاٹ؛
کمانی۔ ا۔ مؤنث۔ لوہے کی لچکدار قوس کا حلقہ۔ سارنگی کا گز؛
کماؤ۔ ہ۔ صفت۔ خوب کمائی کرنیوالا۔ محنتی۔ مزدور۔ مذکر۔ کمائی کرنے والا آدمی۔ خداوند۔ مالک۔ پتی؛
کمائی۔ ہ۔ مؤنث۔ محنت سے پیدا کیا ہوا روپیہ پیسہ آمدنی۔ نفع؛
کمائی کرنا۔ ہ۔ محنت کر کے دولت پیدا کرنا؛
کمبل۔ س۔ مذکر۔ ایک گرم کپڑا جو سردیوں میں اوڑھنے کے کام آتا ہے؛
کمبل اُڑھانا۔ ہ۔ قید میں بھیجنا۔ قید کرانا؛
کمبل پوش۔ ہ۔ مذکر۔ وہ درویش جو کمبل اوڑھے رکھے؛
کمبھ۔ س۔ مذکر۔ گھڑا۔ مٹکا۔ ہاتھی کا سر۔ ایک برج کا نام۔ ہردوار کا میلہ۔ کمبھ کرن کا بیٹا۔ ایک من چوبیس سیر کا وزن؛
کمپا۔ ہ۔ مذکر۔ لمبی چھڑ یا بانس جس سے پرند پکڑتے ہیں؛
کمپا مارنا یا لگانا۔ ہ۔ پرند کو کمپے سے پھنسانا۔ کسی کو فریب میں پھنسانا۔ قابو میں لانا؛
کمپاس۔ انگ۔ مؤنث۔ دائرہ کا محیط۔ رقبہ۔ سمتیں معلوم کرنے کا آلہ۔ پرکار۔ ایک آلہ کا نام جس سے زاویہ کی پیمائش کرتے ہیں؛
کمپنی۔ انگ۔ مؤنث۔ جماعت۔ ٹولی۔ سبھا۔ شریک۔ ساجھی؛
کمپوزیٹر۔ انگ۔ مذکر۔ ٹائپ کے حرفوں کو جوڑنیوالا؛
کمپونڈر۔ انگ۔ مذکر۔ دوا بنانے والا۔ نسخہ باندھنے والا۔
کمتر۔ ف۔ صفت۔ دوسرے سے کم۔ اور سے تھوڑا۔ ادنیٰ؛
کمترین۔ ف۔ صفت۔ نہایت کم درجے کا۔ مذکر:۔ بندہ غلام۔ فدوی؛
کمخاب۔ ف۔ مونث۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا؛
کمر۔ ف۔ مؤنث۔ جسم کا درمیانی حصہ۔ پیٹھ۔ پیٹی۔ محراب فوج کا پہلو۔ مجازاً۔ ہمت۔ ڈھارس۔ کابلی کبوتر کا ہوا پر قلابازی کھانا۔ پہلوانوں کا ایک داؤ؛
کمر باندھنا۔ د۔ کمر سے پیٹی یا پٹکا وغیرہ باندھنا۔ سفر کو تیار ہونا۔ تیار ہونا۔ پکا ارادہ کرنا۔ ہتھیار باندھنا؛
کمربستہ۔ ف۔ صفت۔ تیار۔ حاضر۔ ہتھیار بند۔ خادم۔ نوکر؛
کمربند۔ ا۔ مذکر۔ کمر کے باندھنے کا پٹکا۔ پیٹی۔ ازار بند۔ صفت:۔ تیار۔ مستعد۔ لیس؛
کمربندی۔ ا۔ مونث۔ فوج کے ہتھیار اور وردی پہنکر جنگ کے لئے تیار ہونا؛
کمر پکڑ کے اٹھنا۔ ا۔ بڑھاپے یا کمزوری کے سبب کمر تھام کر کھڑا ہونا؛
کمر تختہ ہونا۔ ا۔ کمر اکڑ جانا۔ پیٹھ کا سخت ہو جانا؛

کمر توڑنا۔ ا۔ کسی چوٹ سے کمر کو نکما کر دینا۔ آس توڑنا۔ کمزور کرنا ؛

کمر ٹھوکنا۔ ا۔ تھپکنا۔ تعریف کرنا۔ سراہنا ؛

کمر چست باندھنا۔ ا۔ کمر کس کر باندھنا۔ کسی کام کا پکا ارادہ کرنا ؛

کمر دیوال۔ ا۔ مذکر۔ کمر سے باندھنے کا تسمہ ؛

کمر رہ جانا۔ ا۔ کمر تھک جانا۔ کمر کا جکڑا جانا۔ فالج گرنا ؛

کمر سیدھی کرنا۔ ا۔ کمر کو لیٹ کر آرام دینا۔ تکان اُتارنا تھکا کر لیٹنا ؛

کمر کا بل کھانا۔ ا۔ کمر کا لچکنا جو ایک معشوقانہ انداز ہے ؛

کمر کسنا۔ ا۔ کمر باندھنا۔ کسی کام کے لئے تیار ہونا۔ پکا ارادہ کرنا ؛

کمر کشائی۔ ف۔ مؤنث۔ کمر کھولنا پیٹی اُتار کر رکھنا ؛

کمر کمر۔ ا۔ تابع فعل۔ کمر تک۔ کمر کے برابر ؛

کمر کوٹھا۔ ا۔ مذکر۔ شہتیر یا کڑی کا وہ حصہ جو دیوار سے باہر کے رُخ نکلا رہتا ہے ؛

کمر کوہ۔ ف۔ مؤنث۔ پہاڑ کا بیچ کا حصہ ؛

کمر کھول بیٹھنا۔ ا۔ کسی کام سے فارغ ہو کر آرام سے بیٹھنا کوشش چھوڑ دینا ؛

کمر کھول ڈالنا۔ ا۔ متعدی۔ کمر سے پیٹی کھول دینا۔ کوشش سے باز آنا

کمر کھولنا۔ ا۔ پیٹی کھولنا۔ کوشش سے باز آنا۔ کام سے فارغ ہونا۔ سستانا۔ ارادہ فسخ کرنا ؛

کمر لچکنا۔ ا۔ کمر کا بل کھانا۔ کمر میں جھٹکا لگنا ؛

کمر لگانا۔ ا۔ مشک کندھے پر رکھنا۔ پیٹی کسنا ؛

کمر لگنا۔ ا۔ پیٹھ میں زخم ہونا ؛

کمرا۔ لاطینی۔ مذکر۔ کوٹھا۔ کوٹھڑی ؛

کمری۔ ف۔ مذکر۔ کبڑا ہو کر چلنے والا گھوڑا۔ گھوڑے کے ایک مرض کا نام۔ ا۔ مؤنث۔ ایک قسم کی جاکٹ کرتی ؛

کمشنر۔ انگ۔ مذکر۔ قسمت یا پرگنہ کا حاکم۔ گماشتہ ؛

کمشنری۔ ا۔ مؤنث۔ قسمت۔ پرگنہ۔ صوبہ ؛

کمک۔ ت۔ مؤنث۔ مدد۔ حمایت۔ وہ فوج جو مدد کے لئے بھیجی جائے ؛

کمک دینا یا کرنا۔ ا۔ مدد دینا۔ سہارا دینا۔ حمایت کرنا ؛

کمل۔ ا۔ مذکر۔ کمبل ؛

کملا۔ س۔ مؤنث۔ لچھمی دیوی کا نام۔ خوبصورت عورت
ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا زرد کیڑا ؛

کملانا۔ ہ۔ مرجھانا۔ خشک ہونا۔ دُبلا ہونا۔ غمگین ہونا ؛

کملی۔ ا۔ مؤنث۔ چھوٹا کمبل ؛

کمند۔ ف۔ مؤنث۔ وہ رسی جس کے وسیلہ سے کسی کی گردن پھنسائی جاتی ہے۔ یا کسی کو کوٹھے پر چڑھایا جاتا ہے۔ پھندا۔ حلقہ ؛

کمہار۔ ہ۔ مؤنث۔ مٹی کے برتن بنانیوالا ؛

کمہاری۔ ہ۔ مؤنث۔ کمہار کی تانیث۔ کمہار کی بیوی۔ ایک بھڑ ؛

کمی۔ ا۔ مؤنث۔ توڑا۔ کسر۔ نقصان۔ چوک ؛

کمی نہ کرنا۔ ا۔ کسر نہ چھوڑنا۔ کوئی بات اُٹھا نہ رکھنا ذرا نہ چوکنا ؛

کمیت۔ ف۔ مذکر۔ سیاہی مائل سُرخ رنگ کا گھوڑا تیلیا

کمیٹی۔ انگ۔ مؤنث۔ پنچایت۔ مجلس۔ سبھا۔ سماج ؛

کمیٹی کرنا۔ ا۔ پنچایت کرنا۔ باہم جمع ہو کر مشورہ کرنا ؛

کمیرا۔ ہ۔ مذکر۔ مزدور جو باغبان کے ماتحت کام کرتا ہے نوکر۔ مزدور ؛

کمیشن۔ انگ۔ مذکر۔ جماعت۔ گروہ۔ سفارت۔ وکالت گماشتہ گری۔ دلالی۔ آڑھت ؛

کمیلا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک سرخ رنگ کی دوا کا نام۔ ذبح کرنیکی جگہ۔ گھات استھان ؛

کمیلا کرنا۔ ہ۔ ذبح کرنا۔ حلال کرنا۔ چھری پھیرنا ؛

کمِین ۔ ا ۔ مذکر ۔ ادنیٰ ذات کا ۔ پنچ ۔ صفت ۔ پاجی ۔ اوچھا
کمِین ذات ۔ ا ۔ مونث ۔ نیچ قوم ۔ خدمت پیشہ قوم ؂
کمِین ۔ ع ۔ مؤنث ۔ شکار مارنے کے لئے چھپ کر بیٹھنا
گھات ؂
کمِین گاہ ۔ ع ۔ ف ۔ مونث ۔ وہ جگہ جہاں شکار مارنے کے
لئے چھپکر بیٹھیں ۔ گھات کی جگہ ؂
کمینہ ۔ ف ۔ صفت ۔ اوچھا ۔ پاجی ۔ نیچ ذات کا ۔ مذکر ۔ نیچ
ذات ۔ کم اصل ؂
کمینہ پن ۔ ا ۔ مذکر ۔ اوچھا پن ۔ کم ظرفی ۔ پاجی پن ؂
کَن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ذرہ ۔ ٹکڑا ۔ غنچہ ۔ کونپل ۔ چھوٹا ۔ آدھا ۔ کونہ ۔
پُورب ۔ اناج ۔ غلہ ؂
کَن انکھیوں سے دیکھنا ۔ ہ ۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا
آنکھ بچا کر دیکھنا ؂
کَن پٹی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کان اور بھون کے درمیان کی جگہ
کَن رَس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ راگ رنگ یا باتیں سُننے کا مزا ؂
کَن سُوئیاں لینا ۔ ہ ۔ چھپ کر کسی کی باتیں سُننا ۔ خفیہ
بھید لینا ؂
کَن کٹا ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ شخص جس کا کان کٹا ہوا ہو ۔
لُوچا ۔ مذکر ۔ دوسروں کے کان کاٹنے والا ؂
کَن کھجُورا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک زہریلا کیڑا جس کے کئی پاؤں
ہوتے ہیں ؂
کُن ۔ ع ۔ امرِ حاضر کا صیغہ ۔ ہوجا ۔ ظاہر ہو ۔ موجود ہو ؂
کُن فکان }
کُن فیکُون } ع ۔ مؤنث ۔ مجازاً دنیا ۔ عالم مخلوقات ؂
کَنا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کنارہ ۔ کور ۔ پتنگ کا وہ حصہ جس میں ڈور
باندھتے ہیں ۔ جُوتی کے نیچے کا حصہ ؂
کِنار ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بغل ۔ گود ۔ چھاتی ۔ جدائی ۔
علیحدگی ؂
کَنارا ۔ ف ۔ مذکر ۔ کنارہ ۔ کور ۔ حاشیہ ۔ طرف ۔ پہلو ؂
کُنالہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک میوے کا نام ۔ بیر ؂
کَنارہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ساحل ۔ طرف کونہ ۔ انتہا ۔ حد ۔ جدائی

کنارہ کرنا یا کنارہ کش ہونا ۔ ا ۔ علیحدہ ہونا ۔ الگ ہونا ۔
باز آنا ۔ چلا جانا ؂
کَنارہ کشی ۔ ف ۔ مونث ۔ علیحدگی ۔ جُدائی ۔ قطع تعلق
کرنا ؂
کَنارے پَر ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ ساحل پر ۔ علیحدہ ۔ جُدا ؂
کَنارے کَنارے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ الگ الگ ۔ پہلو میں
کَنارے لگانا ۔ ا ۔ کشتی یا جہاز کو ساحل پر لاکر کھڑا کرنا ۔
مدد کرنا ؂
کَنارے لگنا ۔ ا ۔ ساحل پر پہنچنا ۔ خاتمہ پر پہنچنا ۔ مرنے
کے قریب ہونا ؂
کَنارے ہو جانا ۔ ا ۔ ایک طرف کو ہٹ جانا ۔ راستہ
سے بچ جانا ؂
کَناری ۔ ا ۔ مونث ۔ پتلا گوٹہ جو عورتیں دوپٹوں وغیرہ
پر لگاتی ہیں ؂
کَناری باف ۔ ا ۔ مذکر ۔ کناری بننے والا ؂
کَنّاس ۔ ع ۔ مذکر ۔ مہتر ۔ چوہڑا ۔ پھانسی دینے والا ۔
کَنال ۔ پنجابی ۔ مذکر ۔ بیس مرلہ جگہ ۔ گھماؤں کا آٹھواں حصہ
کنائی کاٹنا ۔ ہ ۔ لکھنو ۔ ایک راستہ چھوڑ کر دوسرا
راستہ لینا ؂
کِنایَت ۔ ع ۔ مونث ۔ اشارے سے بات کہنا ۔
رمز ۔ اشارہ ؂
کِنایہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ رمز ۔ اشارہ ۔ منشا ۔ مطلب ۔ استعارہ
مجاز ؂
کِنایتاً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ اشارے سے ۔ رمز سے ؂
کُنبھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دیکھو کُمبھ ؂
کُنبہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ قبیلہ ۔ گھرانا ۔ خاندان ۔ بال بچے ۔
پروار ؂
کُنبہ پَروَر ۔ ا ۔ صفت ۔ اپنے بال بچوں اور رشتہ داروں
کی پرورش کرنیوالا ؂
کَنتھ }
کنتھا } ہ ۔ مذکر ۔ دوست ۔ پیارا ۔ خاوند ۔ پیا ۔ پتی ۔
پریتم ؂

گُنتھر۔ انگ۔ مذکر۔ شراب رکھنے کا خوبصورت شیشہ
گَنٹھ۔ ہ۔ مذکر۔ حلق۔ گلا۔ گلے کی وہ ہڈی جو مرد کے بالغ ہونے پر اُبھر آتی ہے۔ گلے کی آواز۔ طوق ؛
گَنٹھا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک سونے کا زیور۔ موتیوں یا منکوں یا پھولوں کا ہار ؛
گَنٹھی۔ ہ۔ مونث۔ گلے میں باندھنے کی لڑی موتیوں کی لڑی۔ پرندوں کے گلے کا طوق ؛
گَنٹھی باندھنا۔ ہ۔ کسی کا چیلا ہونا۔ پارسا اور سادھو ہونا۔ متعدی۔ چیلا بنانا۔ مرید کرنا ؛
کُنج۔ ف۔ مذکر۔ گوشہ۔ کونہ۔ کنارہ ؛
کَنجر۔ ہ۔ مذکر۔ ایک نیچ قوم کا نام۔ پنجاب:۔ کنچن۔ کمینہ۔ بدشکل ؛
کَنجری۔ ہ۔ مونث۔ کنجر قوم کی عورت۔ ایک قسم کے فحش گیت۔ پنجاب:۔ رنڈی۔ کنچنی ؛
کُنجڑا۔ ہ۔ مذکر۔ ترکاری بیچنے والا۔ سبزی بیچنے والا ؛
کُنجڑن۔ ہ۔ مونث۔ سبزی بیچنے والی عورت ؛
کُنجشک۔ ف۔ مونث۔ ایک چھوٹے سے پرندہ کا نام چڑیا
کُنجل یا کُنجر۔ ا۔ مذکر۔ بڑا اور مضبوط ہاتھی ؛
کَنجوس۔ ہ۔ مذکر۔ بخیل۔ کنٹک۔ تنگ دل ؛
کَنجوسی۔ ہ۔ مونث۔ بخل۔ کنٹک پن۔ شُسکیڑ ؛
کُنجی۔ ہ۔ مونث۔ چابی۔ تالی ؛
کَنجی۔ ہ۔ صفت۔ ہندو:۔ کرنجی۔ نیلی ؛
کَنچن۔ ہ۔ مذکر۔ سونا۔ جو قیمتی دھات ہے۔ ایک ادنیٰ قوم کا نام۔ بھڑوا۔ حرامی۔ صفت۔ تندرست۔ نروگا
کَنچنی۔ ہ۔ مونث۔ کنچن کی عورت۔ پاتر۔ بیسوا۔ رنڈی ؛
کُند۔ ف۔ صفت۔ کھُنڈا۔ جو تیز نہ ہو۔ سُست۔ ٹھس۔ غبی ؛
کُندا۔ ا۔ مذکر۔ پرند کا بازو۔ پجامے کی تریز۔ بندوق کا پچھلا حصہ۔ دودھ کا کھویا۔ دستہ ؛
کُندا بھُونا یا کسنا۔ ا۔ دودھ کا کھویا بنانا ؛

کُندَن۔ ہ۔ مذکر۔ خالص سونا۔ نہایت چمکتا ہوا۔ صفت:۔ خالص۔ نرمل۔ نروگا ؛
کَندن۔ ف۔ مذکر۔ کھُدائی۔ کھدنی۔ منبت کاری ؛
کَندُوری۔ ف۔ مذکر۔ دستر خوان۔ ایک قسم کا جنگلی گھیا۔ مونث۔ ایک قسم کے سرخ پھل کا نام ؛
کَندہ۔ ف۔ صفت۔ کھُدا ہوا۔ نقش کھدا ہوا ؛
کَندہ کار۔ ف۔ مذکر۔ نقش و نگار کھودنے والا۔ بیل بوٹے بنانیوالا ؛
کَندہ کاری۔ نقش و نگار کھودنا۔ نقاشی۔ منبت کاری۔
کُندہ۔ ف۔ مذکر۔ وہ لکڑی جس میں چھید کرکے مجرم کا پاؤں ٹھونک دیتے ہیں۔ کاٹھ۔ قیمہ کوٹنے کی لکڑی۔ لکڑی کا پورا۔ بندوق کی لکڑی۔ پرند کا بازو ؛
کُندۂ ناتراش۔ ف۔ صفت۔ بے ڈول لکڑی کا پورا کاٹھ کا اُلو۔ مورکھ۔ احمق ؛
کَندھا۔ ہ۔ مذکر۔ مونڈھا۔ شانہ ؛
کَندھا دینا۔ ہ۔ جنازے کو کندھے پر رکھنا۔ سہارا دینا۔ مدد دینا ؛
کَندھا ڈالنا۔ ہ۔ بیل کا جُوئے کو گرا دینا۔ ہمت ہار دینا تھک جانا ؛
کَندھا لگنا۔ ہ۔ کندھے میں زخم پڑ جانا ؛
کُندی۔ ہ۔ ا۔ مونث۔ کپڑوں کو کوٹ کر صفائی کرنے کی موگری۔ کپڑوں کی صفائی جو موگری سے کی جائے گھُرٹت۔ مارپیٹ ؛
کُنڈ۔ س۔ مذکر۔ ہوم کی آگ رکھنے کا گڑھا۔ غار۔ گڑھا تالاب۔ چشمہ ؛
کُنڈا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ لوہے کا حلقہ جس میں زنجیر ڈالتے ہیں
کُنڈل۔ ہ۔ مذکر۔ حلقہ۔ چکر۔ کان کا بالا۔ چاند کا ہالہ۔
کُنڈلی۔ ہ۔ مونث۔ حلقہ۔ گھیرا۔ جنم پترا۔ ایک قسم کی ہندی نظم ؛
کُنڈی۔ ہ۔ مونث۔ دروازے کا حلقہ۔ دروازے کی زنجیر ؛

کَنْز ۔ ع ۔ مذکر ۔ گنج ۔ خزانہ ٭
کَنْس ۔ س ۔ مذکر ۔ ایک ظالم راجہ کا نام ٭
کَنَسْتَر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ٹین کا بکس جس میں مٹی کا تیل آتا ہے
کَنَف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ طرف ۔ سمت ۔ کنارہ ۔ بازو ٭
کَنَک ۔ س ۔ مذکر ۔ سونا ۔ کنچن ۔ دھتورا ۔ مونث :۔ گندم ۔ گیہوں ٭
کَنْکَر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مٹی کا سخت مادہ جس سے چونا پکاتے اور سڑکیں بناتے ہیں ٭
کَنْکَر سا ۔ ہ ۔ صفت ۔ نہایت سرد ۔ بہت ٹھنڈا ٭
کَنْکَری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ٹھیکری ۔ ڈلی ٭
کَنْکَری کر دینا ۔ ہ ۔ ٹھیکری کر دینا ۔ بے قدری کرنا ۔ دل کھول کر خرچ کرنا ٭
کَنْکَرِیلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ کرکرا جسمیں کنکر ملے ہوئے ہوں
کَنْکَرِیلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پتھریلی زمین ۔ رانکڑ زمین ٭
کَنْکَوّا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پتنگ ۔ گڈی ۔ ایک بوٹی کا نام ٭
کَنْگال ۔ ہ ۔ صفت ۔ غریب ۔ محتاج ۔ نردھن ۔ کال کا مارا
کَنْگَرا ۔ ا ۔ صفت ۔ موٹا تازہ ٭
کَنْگَرا ۔ ا ۔ مذکر ۔ موٹا تازہ آدمی ٭
کَنْگلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بھوکا ۔ محتاج ۔ کنگال ٭
کَنْگلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بھوک کی ماری عورت ۔ محتاج عورت ٭
کَنْگَن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کلائی کے ایک زیور کا نام ٭
کَنْگُرہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ طاقچے جو قلعہ کی دیوار یا دیگر عمارتوں میں خوبصورتی کے واسطے بنا دیتے ہیں ۔ شُرفہ ٭
کَنْگنی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کانس ۔ دیوار کی کگر ۔ ایک قسم کا چھوٹا اناج ٭
کَنْگُورہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ طاقچے جو قلعہ کی دیوار پر خوبصورتی کے واسطے بناتے ہیں ۔ وہ خوشنما پر جو ٹوپی پر لگاتے ہیں ۔ کلغی ٭
کَنْگھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شانہ ۔ بال سلجھانے کا آلہ ٭
کَنْگھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کنگھا کی تانیث ۔ چھوٹا کنگھا ۔ ایک درخت کا نام ٭

کَنْگھی چوٹی ۔ ہ ۔ مونث ۔ بناؤ سنگار ۔ آرائش ٭
کَنْگھی کرنا ۔ ا ۔ کنگھی سے بالوں کو سلجھانا اور سنوارنا ۔
کُنْواں یا کُواں ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چاہ ۔ کھوُ ۔ جھیرا ٭
کنواں کھودنا ۔ ہ ۔ کنوئیں کے واسطے زمین کھودنا ۔ کسی کے واسطے بدی کرنا ٭
کُنواں کھودنے والا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کنوئیں کے واسطے زمین کھودنے والا ۔ برائی کرنیوالا ٭
کَنَوتی ۔ ہ ۔ مونث ۔ گھوڑے کا کان ۔ کان کی بالی ۔ مُرکی ٭
کَنَوتیاں ۔ ہ ۔ مونث ۔ کنوتی کی جمع ٭
کَنَوتیاں بدلنا یا کھڑی کرنا ۔ ہ ۔ گھوڑے کا دونو کانوں کو کھڑا کرنا ۔ چونکنا ہونا ٭
کَنُوٹھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گوشہ ۔ کونہ ۔ بغل ۔ برابر کا بھائی ٭
کَنُورَہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لڑکا ۔ بالا ۔ بیٹا ۔ پتر ۔ راجہ کا بیٹا ۔ راج دُلارا ۔ عزت کا خطاب ٭
کَنْوَل ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک پھول کا نام ۔ سُرخ کاغذ یا ابرق کا پھول جس میں موم بتی جلاتے ہیں ۔ شیشے کا ایک ظرف جس میں شمع جلاتے ہیں ٭
کُنوئیں بھانگ پڑنا ۔ ہ ۔ سب کا پاگل اور دیوانہ ہو جانا
کُنوئیں پر گئے اور پیاسے آئے ۔ ذ ۔ محاورہ ۔ اُمید کی جگہ گئے اور پھر خالی آئے ٭
کُنوئیں جھانکنا ۔ ہ ۔ نہایت تلاش کرنا ۔ حیران و پریشان ہونا ۔ کنوؤں میں گرنا ٭
کُنوئیں جھنکانا جھنکوانا یا جھنکا دینا ۔ ہ ۔ کنوؤں کا پانی دکھانا ۔ حیران کرنا ۔ آفت میں پھنسانا ٭
کُنوئیں کی مٹی کُوئیں کو لگتی ہے ۔ ہ ۔ جہاں کی کمائی ہوتی ہے ۔ وہیں صرف بھی ہو جاتی ہے ٭
کُنوئیں میں بولنا ۔ ہ ۔ کمزوری کے سبب سے نہایت دھیمے پن سے بولنا ۔ موت کے وقت کی سی آواز نکالنا ۔ مرنے کے قریب ہونا ٭
کُنوئیاں ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھوٹا کنواں ٭

کُنہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کسی چیز کی انتہا ۔ تہ ۔ حقیقت ۔ مجازاً ۔ نکتہ ۔ باریکی ٭

کَنہیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سری کرشن کا نام ۔ خوبصورت لڑکا ۔ (ا) رسیا معشوق جیسا ٭

کَنی ۔ ہ ۔ مونث ۔ ٹکڑا ۔ پارہ ۔ ٹوٹے ہوئے چاول ۔ چاول کا وہ حصہ جو گلنے سے رہ گیا ہو ٭

کَنّے ڈِھیلے ہوجانا ۔ ہ ۔ تھک جانا ۔ سُست ہوجانا ۔ جوانی کا جوش جاتا رہنا ٭

کَنّی ۔ ہ ۔ مونث ۔ حاشیہ ۔ کور ۔ سنجاف ۔ پتنگ کا بازو ۔ نیم کی کونپلیں ٭

کَنّی دَبانا ۔ ہ ۔ بس میں کرنا ۔ عاجز کرنا ۔ تنگ کرنا ٭

کَنّی دَبنا ۔ ہ ۔ ادھین ہونا ۔ قابو میں ہونا ۔ ڈرنا ۔ شرم کرنا ۔ لجانا ٭

کَنیا ۔ س ۔ مونث ۔ چھوٹی عمر کی لڑکی ۔ بیٹی ۔ دھی ۔ دلہن ۔ بُرج سُنبلہ ٭

کَنیانا ۔ ہ ۔ کنکوے کا ایک طرف کو جُھکنا ۔ ایک طرف ہونا ۔ شرمانا ۔ آنکھ سامنے نہ کرنا ٭

کُنیت ۔ ع ۔ مونث ۔ وہ نام جو باپ یا ماں سے خواہ بیٹا یا بیٹی کے نام سے بولا جائے ۔ خاندانی نام ٭

کَنیر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک زہریلے درخت اور اُسکے پھل کا نام

کَنیر کا پھول ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کنیر کے درخت کا پھول ۔ مجازاً لڑائی کا گھر ۔ شور اٹھانیوالا ٭

کَنیز ۔ ف ۔ مونث ۔ لونڈی ۔ باندی ۔ حرم ۔ سُرّیت ٭

کَنیزَک ۔ ف ۔ مونث ۔ کنیز کی تصغیر ۔ باندی ٭

ک و

کُو ۔ ف ۔ مونث ۔ گلی ۔ کوچہ ۔ محلّہ ٭

کوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کاگ ۔ گوشت کا ٹکڑا جو حلق کے اندر لٹکا ہوا ہے ٭

کَوا بَری ۔ (ا) ۔ مونث ۔ کالی عورت ۔ کالی کلوٹی ٭

کوا پھنسانے کی چال ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ ہوشیار آدمی کو فریب دینے کا ڈھنگ ہے ٭

کوا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ ادنیٰ اعلیٰ کی طرز اختیار کرکے اپنی پچھلی حیثیت بھی گنوا بیٹھا ٭

کُوآرا ۔ ہ ۔ صفت جس کی شادی نہ ہوئی ہو ۔ بن بیاہا ٭

کُوآرپن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شادی ہونے سے پہلے کا زمانہ ٭

کُوآری ۔ ہ ۔ مونث ۔ بن بیاہی لڑکی ۔ کنیا ٭

کوارٹر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ چوتھائی ۔ چوتھا حصہ ۔ ۲۸ پونڈ کا وزن ۔ جگہ ۔ چھاؤنی ۔ صدر محلہ ۔ چھوٹا مکان ٭

کِواڑ یا کواڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دروازے کے تختے ۔ پٹ ٭

کِواڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھوٹا کواڑ ۔ قبا کا وہ کپڑا جو سینے کے دونوں طرف ہوتا ہے ٭

کَواکب ۔ ع ۔ مذکر ۔ کوکب کی جمع ۔ ستارے ٭

کوبہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ کوٹنے کا آلہ ۔ موگری ۔ چابک ۔ کوڑا ٭

کوپ ۔ س ۔ مذکر ۔ ہندو ۔ غصہ ۔ کرودھ ۔ غضب ٭

کوپل ۔ ف ۔ مذکر ۔ ننھے پھوٹتے ہوئے ملائم پتے ۔ کَن ٭

کوتاہ ۔ ف ۔ صفت ۔ چھوٹا ۔ اوچھا ۔ تھوڑا ۔ مختصر ۔ تنگ ۔ ٹھنگنا ۔ بونا ۔ (ا) ۔ بے باق ۔ طے ٭

کوتاہ بِیں ۔ ف ۔ مذکر ۔ کم نظر ۔ جو انجام کو نہ سوچے ٭

کوتاہی ۔ ف ۔ مونث ۔ کمی ۔ قلت ۔ چھٹائی ۔ کسر ۔ تنگی ٭

کوتک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کام ۔ فعل ۔ لچھن ۔ بری حرکت ٭

کوتل ۔ ف ۔ مذکر ۔ بن سوار کا گھوڑا ۔ جلو کا گھوڑا ۔ خاص گھوڑا ٭

کوتل گارد ۔ (ا) ۔ مذکر ۔ فوج کا وہ صدر مقام جہاں ہر وقت گارد کا پہرہ رہتا ہو ٭

کوتنا ۔ ہ ۔ اندازہ کرنا ۔ جانچنا ٭

کوتوال ۔ ف ۔ مذکر ۔ پولیس کا افسر جو رات کو شہر میں گشت لگاتا ہے ٭

کوتوالی ۔ (ا) ۔ مونث ۔ کوتوال کا دفتر ۔ بڑا تھانہ ٭

کوتوالی چڑھنا ۔ (ا) ۔ کسی جرم میں کوتوالی تک جانا ۔ بدمعاشوں میں نام لکھا جانا ٭

کوتہ ۔ ف ۔ صفت ۔ کوتاہ کا مخفف ۔ چھوٹا ۔ تھوڑا ۔ مختصر ؛

کوتہ اَندیش ۔ ف ۔ صفت ۔ چھوٹی سمجھ والا جو انجام کو نہ سوچے ؛

کوتہ اَندیشی ۔ ف ۔ مونث ۔ انجام کو نہ سوچنا ۔ کم نظری ۔ کم بینی ؛

کوتہ قد ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ چھوٹے قد کا ۔ ٹھنگنا ۔ بونا ؛

کوتہ نظر ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ انجام کو نہ سوچنے والا ؛

کوٹ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ایک خاص وضع کا جامہ جو واسکٹ کے اوپر پہنا جاتا ہے ؛

کوٹ ۔ ہ ۔ صفت ۔ کروڑ ۔ سو لاکھ کی تعداد ۔ مذکر : ۔ قلعہ ۔ گڑھ ۔ فصیل ۔ احاطہ ؛

کوٹ گشتی ۔ ا ۔ مونث ۔ لوگوں کا حال معلوم کرنے کے لئے شہر کے گرد پھرنا ؛

کُوٹنا ۔ ہ ۔ تھاپی یا موگری کے وسیلہ سے پٹینا ۔ کچلنا ۔ مارنا پیٹنا ۔ تھاپ لگانا ؛

کوٹھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کمرہ ۔ مکان ۔ اٹاری ۔ چھاتی ؛

کوٹھڑی ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھوٹا کوٹھا ۔ کمرہ ؛

کوٹھے چڑھنا ۔ ہ ۔ سب کو معلوم ہو جانا ۔ زمانے میں پھیل جانا ؛

کوٹھے والا روئے چھپر والا سوئے ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ دولتمند اور امیر کو فکر لگا رہتا ہے ۔ لیکن غریب اور محتاج خوش اور بے فکر رہتا ہے ؛

کوٹھی ۔ ہ ۔ مونث ۔ چھوٹا پکا گھر ۔ امیروں کے رہنے کا مکان ۔ گودام ۔ وہ لکڑی کا گول چاک جو کنوئیں کی تہ میں مٹی روکنے کی غرض سے ڈالا جاتا ہے (پنجاب) قحبہ خانہ چکلا ؛

کوٹھی بیٹھنا ۔ ہ ۔ خسارہ آنا ۔ دیوالہ نکل جانا ؛

کوثر ۔ ع ۔ مذکر ۔ بہشت کی ایک نہر کا نام ۔ جنت کے ایک حوض کا نام ؛

کُوچ ۔ ت ۔ مذکر ۔ روانگی ۔ رحلت ۔ ایک مقام سے دوسرے مقام پر جانا ؛

کُوچ کرنا ۔ ا ۔ روانہ ہونا ۔ چلنا ۔ دنیا سے گزرنا ۔ مرنا ۔ رخصت ہونا ؛

کُوچ یا کُونچ ۔ ہ ۔ مونث ۔ موٹا پٹھا جو آدمی کی ایڑی کے اوپر ہوتا ہے ۔ جولاہوں کا برش جس سے تانی صاف کرتے ہیں ؛

کُوچ ۔ انگ ۔ مونث ۔ ایک قسم کی چار پہیوں کی گاڑی ؛

کُوچ ۔ انگ ۔ مونث ۔ ایک قسم کا پلنگ جو بید سے بنا ہوا ہوتا ہے ؛

کوچا دینا ۔ ہ ۔ ہلکا سا زخم لگانا ۔ طعنہ دینا ؛

کوچک ۔ ف ۔ صفت ۔ چھوٹا ۔ ننھا ؛

کوچنا ۔ ہ ۔ چھری یا کانٹے سے گودنا ؛

کُوچہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ گلی محلہ ۔ باڑا ۔ تنگ راستہ ؛

کُوچہ گردی ۔ ف ۔ مونث ۔ گلی گلی پھرنا ۔ آوارہ گردی ؛

کوچی ۔ ہ ۔ مونث ۔ برش ؛

کودک ۔ ف ۔ مذکر ۔ لڑکا ۔ بچہ ۔ چھوکرہ ؛

کودن ۔ ف ۔ مذکر ۔ لدو گھوڑا ۔ سست رفتار ۔ مورکھ ۔ احمق ۔ نادان ؛

کُودنا ۔ ہ ۔ اچھلنا ۔ پھلانگنا ۔ خوشی کے مارے اچھل اچھل پڑنا ۔ گھمنڈ کرنا ۔ اترانا ؛

کُودنا پھاندنا ۔ ہ ۔ اچھلتے کودتے پھرنا ۔ چھلانگیں مارنا ؛

کودوں ۔ ہ ۔ مونث ۔ ایک قسم کا سخت غلہ ؛

کودوں دلانا ۔ ہ ۔ سخت کام لینا ۔ کٹھن کام کرانا ؛

کودوں دے کے پڑھنا ۔ ہ ۔ کم خرچ کر کے پڑھنا مفت پڑھنا ؛

کور ۔ ہ ۔ مونث ۔ کنارہ ۔ حاشیہ ۔ سنجاف ۔ ناخن کا ریشہ اُپلے کا ٹکڑا ؛

کور دبنا ۔ ہ ۔ کنی دبنا ۔ عاجز ہونا ۔ قابو چڑھنا ؛

کور کسر ۔ ا ۔ مونث ۔ کمی ۔ نقص ۔ عیب ۔ قصور ؛

کور ۔ ف ۔ صفت ۔ اندھا ۔ جسے دکھائی نہ دے ؛

کور باطن یا کور دل ۔ ف ۔ صفت ۔ ناسمجھ ۔ مورکھ ۔ کم ذہن ؛

کوربخت - ف - صفت - بدنصیب - ابھاگی - بُری قسمت والا

کوردہ - ف - صفت - وہ چھوٹا گاؤں جس میں عام جاہل آباد ہوں ؛

کورنمک - ف - صفت - جو نمک کا پاس نہ رکھے - نمک حرام اپنے مالک سے بُرائی کرنیوالا ؛

کورا - ہ - صفت - نیا - اچھوتا - سادہ - بالکل جاہل غریب ؛

کورا بچنا - ہ - صاف بچنا - بال بیکا نہ کرنا ؛

کورا رکھنا - ہ - محض جاہل رکھنا - ٹھوٹ رکھنا - کچھ نہ دینا اقرار پورا نہ کرنا ؛

کورٹ - انگ - مذکر - شاہی محل - کچہری - عدالت - عدالت کا حاکم - ا - مقدمہ - روبکاری ؛

کورٹ انسپکٹر - انگ - مذکر - پولیس کا سارجنٹ جو گورنمنٹ کی طرف سے مقدمہ کی پیروی کرتا ہے ؛

کورٹ مارشل - انگ - مذکر - جنگی یا جہازی افسروں کا مقدمات کی پیشی کے لئے اجلاس کرنا ؛

کورنش - ت - مونث - جھکاؤ - جھک کر سلام کرنا - آداب

کورنش بجالانا - ہ - آداب بجالانا - بندگی کرنا ؛

کورنشات - ت - مونث - کورنش کی جمع ؛

کوروس - س - مذکر - راجہ کرو کی اولاد جو پانڈو سے کروچھتر کے میدان پر لڑے ؛

کوری - ہ - مونث - کورا کی تانیث ؛

کوری آنکھ - ہ - مونث - وہ آنکھ جس میں حیا نہ ہو ؛

کورے استرے سے سر مونڈنا - ہ - تیز استرے سے سر کے بال اُتارنا - خوب لُوٹنا ؛

کوڑا - ہ - مذکر - گھاس پھوس - کرکٹ - نکمی چیز - بہاس ؛

کوڑا کرکٹ - ہ - مذکر - گھاس پھوس - الابلا - آخور ؛

کوڑا - ہ - مذکر - بڑی کوڑی - ٹکا ؛

کوڑا - ہ - مذکر - چابک - سانٹا - تنبیہ - ہدایت ؛

کوڑا کرنا - ہ - چابک لگانا - سانٹا مارنا - تنبیہ کرنا - کان اینٹھنا ؛

کوڑا لگنا - ہ - چابک پڑنا - تنبیہ ہونا - تیزی ہونا - تندی ہونا ؛

کوڑھ - ہ - صفت - مورکھ - بے وقوف - گنوار - بے تمیز ؛

کوڑھ مغز - ا - صفت - محض بے وقوف - نرا مورکھ بالکل احمق ؛

کوڑھ - ہ - مونث - ایک سخت مرض کا نام - جذام

کوڑی - ہ - مونث - ایک بیسی - بیس عدد ؛

کوڑی - ہ - مونث - ٹلچی - ایک قسم کا چھوٹا سنکھ - سینے کی اونچی ہڈی - مجازاً - روپیہ - پیسہ - دمڑی ؛

کوڑی بھر - ہ - تابع فعل - تھوڑا سا - ذرا سا ؛

کوڑی پاس نہ ہونا - ہ - کنگال ہونا - بھکڑ ہونا ؛

کوڑی کا مال نہیں - ہ - محاورہ - محض نکما ہے - مفت لینے کے لائق بھی نہیں ؛

کوڑی پھیرا کرنا - ہ - بات بات پر آنا جانا - بہت سے پھیرے کرنا ؛

کوڑی کا ہو جانا - ہ - نکما ہو جانا - خراب ہو جانا - بگڑ جانا ؛

کوڑی کوس دوڑنا - ہ - نہایت لالچی اور حریص ہونا - نہایت محنت مشقت کرنا ؛

کوڑی کے تین تین یا کوڑی کے دو دو - ہ - تابع فعل نہایت سستا - نہایت مندا - نہایت بے قدر ؛

کوڑی کی عزت ہو جانا یا کوڑی بات ہو جانا - ا - کچھ عزت نہ رہنا - ذرا آبرو نہ رہنا ؛

کوڑی کے مول بکنا - ہ - نہایت سستا بکنا ؛

کوڑیالہ - ہ - مذکر - ایک قسم کا زہریلا سانپ - ایک بوٹی کا نام - مالدار ؛

کوڑیالی - ہ - مونث - ایک بوٹی کا نام ؛

کوڑیوں کے مول - ہ - صفت - نہایت سستا - کم قدر

کوزا - ف - صفت - جھکا ہوا - دوتا ہوا - کُب ؛

کوز پشت - ف - صفت - کبڑا - بُجا ؛

کوزہ - ع - مذکر - ڈونگا - قلفی - کوزہ مصری - مٹی کا برتن ؛

کُوزہ گر۔ ف۔ مذکر۔ کوزہ بنانیوالا۔ کمہار ٭

کُوزے میں دریا بند کرنا۔ ا۔ کسی بہت بڑے مضمون کو نہایت مختصر کر کے بیان کر دینا ٭

کوس۔ ہ۔ مذکر۔ چار ہزار گز کا فاصلہ۔ فرسنگ کا تیسرا حصّہ۔ ا۔ آستین کا کف ٭

کُوس۔ ف۔ مذکر۔ بڑا نقارہ۔ دھونسا ٭

کوسنا۔ ہ۔ متعدی۔ سراپنا۔ بد دعا دینا۔ بُرا بھلا کہنا۔ پیٹنا ٭

کوسوں۔ ہ۔ مذکر۔ کوس کی جمع۔ بہت دُور۔ کالے کوس ٭

کوسوں بھاگنا یا کوسوں دُور بھاگنا۔ ا۔ نہایت نفرت کرنا۔ پاس نہ پھٹکنا۔ بالکل الگ رہنا ٭

کوشِش۔ ف۔ مؤنث۔ دوڑ دھوپ۔ جتن۔ جستجو ٭

کوشک۔ ف۔ مذکر۔ محل۔ اونچی عمارت۔ راج مندر ٭

کوفت۔ ف۔ مؤنث۔ صدمہ۔ آزار۔ چوٹ۔ ا۔ دُکھ۔ مصیبت۔ غم۔ تھکن۔ تکان۔ لوہے پر سونا چاندی چڑھانیکا کام ٭

کوفت گزرنا۔ ا۔ رنج گزرنا۔ صدمہ گزرنا۔ مصیبت گزرنا

کوفتہ۔ ف۔ صفت۔ جسے صدمہ یا آزار پہنچا ہو۔ مذکر۔ پکے ہوئے کباب ٭

کوفتہ بیختہ۔ ف۔ تابع فعل۔ کوٹ کر اور چھان کر ٭

کوفہ۔ ع۔ مذکر۔ عراق عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ٭

کوفی۔ ع۔ صفت۔ کوفہ کا رہنے والا۔ ا۔ ظالم۔ بے رحم نمک حرام۔ بے مُروّت ٭

کوک۔ ہ۔ مذکر۔ ایک کتاب کا نام جسے کوک شاستر بھی کہتے ہیں ٭

کُوک۔ ف۔ مؤنث۔ آوازہ۔ بلند آواز۔ ا۔ سریلی آواز۔ ترانہ۔ چہچہاہٹ۔ چیخ۔ شور۔ درد بھری آواز۔ گھڑی یا باجے وغیرہ میں کنجی دینا ٭

کُوک دینا۔ ا۔ گھڑی باجے وغیرہ میں کنجی دینا۔ آواز لگانا

کُوک کرنا یا مارنا۔ ا۔ چیخ مارنا۔ کلکاری مارنا۔ ہانک مارنا ٭

کوکا۔ ہ۔ مذکر۔ سکھوں کے ایک مذہب کا نام ٭

کوکب۔ ع۔ مذکر۔ روشن ستارہ۔ بڑا ستارہ ٭

کوکبہ۔ ع۔ ف۔ مذکر۔ ستارہ۔ بھیڑ بھاڑ۔ ہجوم۔ شان شوکت۔ شاہی جلوس۔ سواروں کا پہرہ۔ ایک فولادی گولہ جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے چلتا ہے

کوکنا۔ ا۔ چیخنا چلّانا۔ کراہنا۔ گھڑی یا باجے میں کنجی دینا۔

کوکو۔ ف۔ مؤنث۔ فاختہ کی آواز۔ قمری کی آواز ٭

کوکہ۔ ت۔ مذکر۔ انا کا بیٹا یا بیٹی۔ دودھ پلانیوالی کا لڑکا یا لڑکی ٭

کوکھ۔ ہ۔ مؤنث۔ پیٹ۔ بطن۔ مجازاً اولاد ٭

کولا۔ ہ۔ مذکر۔ دروازے کے اِدھر اُدھر کا پہلو یا دلیا۔ اناج کی پولی۔ بغل۔ کونہ ٭

کُولا۔ ہ۔ مذکر۔ پٹھا۔ چوتڑ۔ ازار بندھنے کی جگہ ٭

کولھو۔ ہ۔ مذکر۔ تیل نکالنے کی کل ٭

کولھو پلنا۔ ہ۔ کولھو میں پڑ کر تیل نکلنا ٭

کولھو کا بیل۔ ہ۔ مذکر۔ وہ بیل جو کولھو میں جوتا جاتا ہے صفت۔ نہایت محنتی۔ ہر وقت کام میں لگا رہنے والا ٭

کولھو کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس۔ } ا۔ کہاوت
کولھو کے بیل کو گھر ہی میں منزل ہے } یعنی غریب
مزدور اور مصیبت کے مارے ہوئے کو گھر میں بھی آرام اور قرار نہیں ملتا ٭

کولھو میں بیل ڈالنا۔ } ہ۔ نہایت سخت سزا دینا
یا کولھو میں پیلنا یا } شکنجے میں کھینچنا۔ سخت تکلیف
کولھو میں ڈالکر بیس ڈالنا } سے مارنا ٭

کولی۔ ہ۔ مذکر۔ ایک ادنیٰ قوم کا نام ٭

کَولی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھپچی۔ گود۔ دونوں ہاتھوں کا حلقہ

کَولی بھرنا۔ ہ۔ کھپچی بھرنا۔ بغل میں دبانا۔ گلے لگانا۔ چھاتی سے لگانا ٭

کومل۔ ہ۔ صفت۔ نرم۔ ملائم۔ میٹھا ٭

کَون۔ ع۔ مذکر۔ ہو جانا۔ موجود ہونا۔ دنیا۔ جہاں ٭

کَون وفَساد ۔ ع ۔ مذکر ۔ ہوکر بگڑ جانا ۔ بن کر برباد ہو جانا ۔ (مجازاً) فنا ہونیوالا ॥

کَون ومَکان ۔ ع ۔ مذکر ۔ دُنیا ۔ جہان ۔ جگ ۔ سنسار ॥

کَونی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ دُبُر ۔ پاخانے کا مقام ॥

کَون دِن تھے ۔ ۃ ۔ محاورہ ۔ کیسے اچھے دن تھے ۔ کیا اچّھا زمانہ تھا ॥

کَون سے مَرض کی دوا ہو ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کس کام کے ہو ۔ بالکل نکمّے ہو ॥

کونا ۔ ۃ ۔ مذکر ۔ گوشہ ۔ طرف ۔ کھُونٹ ۔ پہلو ॥

کونپل ۔ ۃ ۔ مؤنث ۔ ننّھے ننّھے چھوٹے ہوئے ملائم پتّے ۔ کن ॥

کُونج ۔ ۃ ۔ مؤنث ۔ ایک پرندہ ۔ راج ہنس ۔ کلنگ ॥

کوند ۔ ۃ ۔ مؤنث ۔ بجلی کی چمک ॥

کوندنا ۔ ۃ ۔ بجلی کا چمکنا ॥

کُونڈا ۔ ۃ ۔ مذکر ۔ آٹا گوندھنے کا مٹّی کا برتن ۔ ناند ۔ پرات ॥

کُونڈی ۔ ۃ ۔ مؤنث ۔ چھوٹا کونڈا ۔ بھنگ گھوٹنے کا برتن ॥

کونسِل ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ صلاح ۔ مشورہ ۔ رائے ۔ مجلس ॥

کَون ہوتا ہے ۔ ۃ ۔ محاورہ ۔ اُسے کیا تعلق ہے ۔ کیا رشتہ ہے ॥

کَونَین ۔ ع ۔ صیغۂ تثنیہ ۔ دونوں جہان ۔ دونوں لوک ॥

کوہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ پہاڑ ۔ پربت ॥

کوہِ آتش خیز یا آتش فشان ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ پہاڑ جس سے آگ نکلتی ہے ۔ جوالا مکھی پہاڑ ॥

کوہِ آدم ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ لنکا کے ایک پہاڑ کی چوٹی کا نام ॥

کوہِ بےستون ۔ ف ۔ مذکر ۔ فارس کا ایک پہاڑ جسے فرہاد نے کھودا اور نہر نکالی تھی ॥

کوہِ طُور یا سینا ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ شام کے ایک پہاڑ کا نام ۔ جہاں حضرت موسےٰ نے خدا کا جلوہ دیکھا ایک مشہور ہیرے کا نام ॥

کوہِ قاف ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ بحیرہ اسود کے شمالی حصہ کا پہاڑ ۔ ا ۔ وہ پہاڑ جہاں آدمی نہ جا سکے ॥

کوہ کَن ۔ ف ۔ مذکر ۔ پہاڑ کھودنے والا ۔ فرہاد کا لقب ॥

کوہِ نور ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک مشہور ہیرے کا نام ॥

کوہان ۔ ف ۔ مذکر ۔ اونٹ کی پیٹھ کی بلندی ۔ بیل کا اُونچا کندھا ॥

کوہر یا کُہر ۔ ۃ ۔ مؤنث ۔ غبار جو جاڑے میں صبح کے وقت نظر آتا ہے ۔ دُھند ॥

کوہسار ۔ ف ۔ مذکر ۔ پہاڑی ملک یا مقام ॥

کوہستان ۔ ف ۔ مذکر ۔ پہاڑی ملک ۔ پہاڑوں کا سلسلہ پہاڑ ॥

کوہستانی ۔ ف ۔ صفت ۔ پہاڑی ۔ مذکر ۔ پہاڑ کا رہنے والا

کوہی ۔ ف ۔ صفت ۔ پہاڑ کا ۔ پہاڑی ॥

کوئی ۔ ۃ ۔ علامت تنکیر ۔ کچھ ۔ کتنے ۔ فرضی آدمی ۔ تابع فعل :۔ لگ بھگ ۔ قریب قریب ۔ استفہام انکاری کی بجائے :۔ جیسے یہ بھی کوئی کام ہے ؟ یعنی یہ کوئی کام نہیں ۔ قلّت کے واسطے جیسے کوئی دم کا مہمان ۔ ایک آدھ ۔ اِکّا دُکّا ۔ جیسے کوئی ایسا ہو تو ہو ॥

کوئی دَم کا یا کوئی دِن کا مہمان ۔ ۃ ۔ صفت ۔ مرنے کے قریب ۔ جلد رخصت ہونیوالا ॥

کوئی دَم میں ۔ ۃ ۔ تابع فعل ۔ تھوڑی سی دیر میں ۔ کوئی آن میں ۔ جلد ॥

کوئی کسی کی آگ میں نہیں گرتا ۔ ۃ ۔ محاورہ ۔ کسی کی مصیبت کو کوئی شخص اپنے سر نہیں لیتا ॥

کوئی کسی کی قبر میں نہیں جاتا یا نہیں سوتا ۔ ا ۔ محاورہ کسی کے عوض کوئی نہیں مرتا ॥

کوئی مرے کوئی ملہار گائے ۔ ۃ ۔ کہاوت ۔ ایک پر آفت آئے اور دوسرا خوشی منائے ॥

کوئی نہیں پوچھتا کہ تیرے منہ میں کَے دانت ہیں ۔ ۃ ۔ کہاوت ۔ نہایت امن چین کا زمانہ ہے ۔ ہر شخص آزاد اور بے فکر ہے ॥

کوئل ۔ ۃ ۔ مؤنث ۔ ایک گانے والا پرندہ ॥

کوئلا ۔ ۃ ۔ مذکر ۔ جلی ہوئی لکڑی کا بجھا ہوا ٹکڑا ۔ کان سے

نکلا ہوا سیاہ مادہ ؛

کوئیلوں پر مُہر ہونا ۔ ا ۔ نہایت کنجوس ہونا ۔ بڑی چیز کی پرواہ نہ کرنا ۔ اور چھوٹی چیز کی پروا کرنا ؛

کوئیلوں کی دلالی میں ہاتھ کالے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ بُرے کاموں کا نتیجہ بُرا ہوتا ہے ؛

ک ۔ ہ

کِہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ بیان کے واسطے : جیسے "میں نے کہا کہ وہ آیا تھا" علت ۔ سبب : جیسے "وہاں نہ جاؤ کہ پٹو گے" دفعتہً ۔ اچانک : جیسے "میں آیا ہی تھا کہ وہ چلا گیا" یا کی جگہ : جیسے یہ ہوگے کہ وہ ۔ استفہام : جیسے یہ خطا میری ہے کہ تمہاری ؟ ؛

کہا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کہنا ۔ قول ۔ بچن ؛

کہا سُنا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خطا ۔ قصور ۔ جو کچھ بُرا بھلا منہ سے نکلا ہو یا کسی سے سُنا ہو ؛

کہا سُنی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خطا ۔ قصور ۔ جو کچھ بُرا بھلا منہ سے نکلا ہو ۔ یا کسی سے سُنا ہو ؛

کہا کرنا ۔ ہ ۔ کہا ماننا ۔ کہنے پر عمل کرنا ؛

کھایت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گھورا اور گوبر جو کھیتوں میں ڈالتے ہیں

کھاتا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لکھا بہی ۔ حساب کتاب ؛

کھاتا پیتا ۔ ہ ۔ صفت ۔ اچھی حالت میں زندگی گذارنے والا خوشحال ؛

کھاتے پڑنا ۔ ہ ۔ حساب میں درج ہونا ۔ بہی میں لکھا جانا

کھاتی ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لکڑی کا کام کرنیوالا ؛

کھاٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چارپائی کھٹیا ۔ پلنگ ؛

کھاٹ پڑنا ۔ ہ ۔ بیمار ہو کر چارپائی پر پڑنا ؛

کھاجا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خوراک ۔ غذا ۔ ایک قسم کی مٹھائی ؛

کھاجانا ۔ ہ ۔ چٹ کرلینا ۔ مال مارلینا ۔ رشوت سے لینا ۔ خرچ ہوجانا ۔ اُجاڑ دینا ؛

کہار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہندو ۔ پانی بھرنے والا ۔ ڈولی یا پالکی اُٹھا کر چلنے والا ؛

کھار ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شورہ ۔ کلر ۔ نمک سجّی ؛

کھارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پورب ۔ جسمیں نمک ملا ہوا ہو ؛

کہاری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کہاروں کی مزدوری ۔ ڈولی کا کرایہ ؛

کھاری ۔ ہ ۔ صفت جس میں کھار پایا جائے ۔ کڑوا ۔ تلخ ؛

کھاری کنوئیں میں ڈال دینا ۔ ہ ۔ ضائع کر دینا ۔ کھو دینا

کھاڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پانی کا وہ تنگ قطعہ جو دُور تک خشکی میں چلا گیا ہو ۔ خلیج ؛

کھا کر ڈکار نہ لینا ۔ ہ ۔ بالکل ہضم کرلینا پچا لینا ؛

کھال ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چمڑے کی دھونکنی ؛

کھال کھینچنا ۔ ہ ۔ چمڑا اُدھیڑنا ۔ موت کی سزا دینا ؛

کھال میں مست ہونا ۔ ا ۔ اپنے حال میں خوش ہونا ۔ غریبی میں مگن رہنا ؛

کھالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نیچی زمین جس میں ندی نالے ہوں ۔ گڑھا نالہ ۔ ندی ؛

کھان ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کان ۔ آکر ۔ خزانہ ۔ چشمہ ۔ بہتات کثرت ؛

کہاں ۔ ہ ۔ استفہام برائے ظرفِ مکاں : کس جگہ ۔ کس مقام پر ۔ کدھر ۔ استفہام انکاری : جیسے مجھے یہ بات کہاں آتی ہے یعنی نہیں آتی ۔ تابع فعل : دوری بہت بڑا فرق ۔ جیسے : کہاں رام رام کہاں ٹیں ٹیں

کہاں کی بلا پیچھے لگی ؟ ا ۔ محاورہ ۔ کیسی مصیبت میں پڑے

کہاں لاکر پھنسایا ؟ ہ ۔ محاورہ ۔ بُری جگہ گرفتار کیا ۔ کس عذاب میں ڈالا ؛

کھانا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خوراک ۔ بھوجن ۔ روٹی ۔ دعوت ۔ مہمانی ؛

کھانا پینا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دانہ پانی ۔ بھوجن روٹی ؛

کھانا وہاں کھاؤ تو پانی یہاں پیو یا ہاتھ یہاں دھوؤ ۔ ا ۔ محاورہ ۔ جلد چلے آؤ ۔ فوراً چلے آؤ ؛

کھانا ۔ ہ ۔ بھوجن کرنا ۔ چٹ کرنا ۔ پھاڑنا ۔ کاٹنا ۔ سہنا ۔ سہارنا ۔ غبن کرنا ۔ رشوت لینا ۔ ستانا ۔ خرچ ہونا ۔ بھول جانا ۔ پٹنا ۔ سُننا ۔

کھانچا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ٹوکرا ۔ چھابا ۔ دیوار کا کُب ۔ موڑ ۔ دبیر ڈھیل

کھانڈ۔ ہ۔ مؤنث۔ بورا چینی۔ شکر سفید۔
کھانڈا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی تلوار۔
کھانسنا۔ ہ۔ کھوں کھوں کرنا۔ کھنکارنا۔
کھانسی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھوں کھوں۔ گلے کی خارش۔ کھوکھی۔
کہانی۔ ہ۔ مؤنث۔ قصہ۔ کتھا۔ ذکر۔ بیان۔
کہانی ہے۔ ا۔ محاورہ۔ قصہ ہے۔ غلط ہے۔ جھوٹی بات ہے
کھانے کو بسم اللہ کام کو استغفر اللہ۔ ا۔ کہاوت۔ کھانے پینے میں چست اور کام کاج میں سست۔
کھانے کو دوڑنا۔ ہ۔ بدمزاجی سے پیش آنا۔ ڈرانا۔ کاٹے کھانے کا ارادہ کرنا۔
کھانے کو شیر کمانے کو بکری۔ ا۔ کہاوت۔ کھانے میں سب سے زیادہ اور کمانے میں سب سے کم۔
کھانے کے دانت اور ہیں دکھانے کے اور۔ ہ۔ محاورہ ظاہر کچھ ہے باطن کچھ ہے قول کچھ ہے عمل کچھ ہے
کھاؤ۔ ہ۔ صفت۔ بہت کھانیوالا۔ پیٹو۔ رشوت لینے والا۔
کھاؤ اڑاؤ۔ ہ۔ صفت۔ فضول خرچ کرنیوالا۔ لکھ لٹ چھوڑا۔
کھاؤ مِنت۔ ہ۔ مذکر۔ کھانے پینے کا دوست۔ مطلب کا یار۔
کہاوت۔ ہ۔ مؤنث۔ قول۔ بچن۔ مثل۔
کھائے بکری کی طرح سوکھے لکڑی کی طرح۔ ا۔ کہاوت باوجودیکہ بہت کھاتا ہے لیکن دُبلا ہوا جاتا ہے۔
کھائی۔ ہ۔ مؤنث۔ خندق۔ وہ گڑھا جو قلعہ یا شہر کے گرداگرد کھودتے ہیں۔
کھبا۔ ہ۔ صفت۔ بایاں۔ چپ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
کھُب جانا۔ ہ۔ گھس جانا۔ چبھ جانا۔ سما جانا۔ نظروں کو اچھا لگنا۔
کھُبنا۔ ہ۔ چبھنا۔ بیٹھنا۔ گڑنا۔ بسنا۔ سمانا۔
کھپانا۔ ہ۔ برتنا۔ لگانا۔ گھلانا۔ تباہ کرنا۔ تلف کرنا۔
کھپت۔ ہ۔ مؤنث۔ صرف۔ خرچ۔ سمائی۔
کھپچی۔ ہ۔ مؤنث۔ گود۔ بغل۔
کھپر۔ ہ۔ مذکر۔ سر کی ہڈی۔ جوگیوں کی تونبی۔ وہ برتن جس میں مجرم کا خون اکٹھا کر کے بہایا جاتا یا دیوتا کو چڑھایا جاتا ہے۔
کھپرا۔ ہ۔ مذکر۔ چھلکا۔ پھانک۔ چوکی یا پپڑی جس سے مکان چھایا جائے۔ چوڑی بھال کا تیر۔
کھپریل۔ ہ۔ مؤنث۔ کھپروں سے چھائی ہوئی چھت۔
کھپنا۔ ہ۔ صرف ہونا۔ خرچ ہونا۔ سمانا۔ اٹنا۔ سوکھنا۔ بِکنا۔ سمائی ہونا۔ گھلنا۔ مارا جانا۔
کھتّا۔ ہ۔ مذکر۔ گڑھا جس میں اناج بھرا جاتا ہے۔ گڑھا۔ ذخیرہ۔ گودام۔
کہتر۔ ف۔ صفت۔ چھوٹا۔ ادنیٰ۔
کھترانی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھتری کی تانیث۔ کھتری کی عورت۔
کھتری۔ ہ۔ مذکر۔ ہندؤں کی ایک قوم کا نام۔
کھتونی۔ ہ۔ مؤنث۔ گاؤں کی زمین کا حساب کتاب اور اس کی تقسیم۔
کھٹ راگ۔ ہ۔ مذکر۔ چھ عیب۔ حسد۔ غضب۔ حرص۔ کبر۔ شہوت۔ بغض۔ چھٹوں راگ بھیروں۔ مال کوس۔ سری۔ میگھ۔ ہنڈول۔ دیپک۔ جھگڑا۔ جنجال۔
کھٹ راگ پھیلانا۔ ہ۔ جھگڑا پھیلانا۔ بکھیڑا پھیلانا۔
کھٹ شاستر۔ س۔ مذکر۔ ہندؤں کے قدیم چھ شاستروں کا نام
کھٹ مار۔ ہ۔ مؤنث۔ دو چیزوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔ چارپائی۔ کھاٹ۔
کھٹ بُنا۔ ہ۔ صفت۔ کھاٹ بُننے والا۔ چارپائی بُننے والا۔
کھٹ پٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ متواتر ٹاپ پڑنے کی آواز۔ لڑائی بھڑائی۔ جھگڑا۔
کھٹ کھٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ دو چیزوں کے متواتر ٹکرانے یا بجنے کی آواز۔
کھٹّا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک ترش پھل کا نام۔ صفت۔ ترش۔ املی۔
کھٹّا میٹھا ہونا۔ ہ۔ جی للچانا۔ لالچ ہونا۔ جی چاہنا۔
کھٹاپٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ ان بن۔ لڑائی۔ متواتر ٹکرانے کی آواز۔

کھٹا پٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ ہتھیاروں کا باہم ٹکرانا۔ لڑائی جھگڑا تکرار ❖

کھٹاس۔ ہ۔ مؤنث۔ ترشی۔ کھٹائی۔ ناراضگی۔ مذکر۔ ایک قسم کا نیولا ❖

کھٹاکا۔ ہ۔ مذکر۔ ٹکرانے یا گرنے یا ٹوٹنے کی آواز ❖

کھٹائی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھٹاس۔ کچے آم کی سوکھی ہوئی پھانکیں ❖

کھٹائی میں پڑنا۔ ہ۔ زیور کا صفائی کے لئے کھٹائی کے پانی میں ڈالا جانا۔ بکھیڑے میں پڑنا۔ آج کل میں پڑنا ❖

کھٹک۔ ہ۔ مؤنث۔ خلش۔ چبھن۔ رڑک۔ ٹیس ❖

کھٹکا۔ ہ۔ مذکر۔ ٹکرانے یا گرنے کی آواز۔ آہٹ۔ چبھن۔ خوف۔ اندیشہ ❖

کھٹکنا۔ ہ۔ چبھنا۔ ٹیس مارنا۔ بُرا لگنا۔ کھڑکنا۔ اَن بَن ہونا اُچٹنا۔ ڈرنا۔ چونکنا۔ دل پر اثر کرنا۔ کھبنا۔ بسنا ❖

کھُٹکنا۔ ہ۔ بچے کا انڈے میں چونچ مار کر باہر نکلنا چھلکا اُتارنا ❖

کھٹکھٹانا۔ ہ۔ کھڑکانا۔ دستک دینا ❖

کھٹمل۔ ہ۔ مذکر۔ ایک سرخ رنگ کے کیڑے کا نام۔ ایک پہاڑی پھل کا نام ❖

کھٹولا۔ ہ۔ مذکر۔ چھوٹا پلنگ۔ پنگورہ ❖

کھٹولی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹی سی چارپائی ❖

کھٹیا۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹی کھاٹ۔ عو:۔ تابوت۔ جنازہ ❖

کھٹیک۔ ہ۔ مذکر چمڑا رنگنے والا۔ ایک قوم کا نام ❖

کھجانا۔ ہ۔ چڑانا۔ چھیڑنا۔ ناراض کرنا ❖

کھجانا یا کھجلانا۔ ہ۔ ناخن سے کھرچنا۔ سہلانا۔ کھجلی ہونا۔ تحقیراً۔ تعریف کرنا ❖

کھجلاہٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ خارش۔ کھجلی۔ چُل ❖

کھجلی۔ ہ۔ مؤنث۔ خارش۔ چُل۔ ایک مرض کا نام ❖

کھجلی اٹھنا یا ہونا۔ ہ۔ چُل ہونا۔ مار کھانے کو جی چاہنا۔ شامت آنا ❖

کھجور۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک درخت اور اُس کے پھل کا نام۔ ایک شیرینی کا نام ❖

کھجوری۔ ہ۔ صفت۔ کھجور سے متعلق۔ کھجور کی مانند ❖

کھچا۔ ہ۔ صفت۔ تنا ہوا۔ کسا ہوا۔ ناراض۔ تیز۔ مہنگا ❖

کھچاکھچ۔ ہ۔ صفت۔ خوب بھرا ہوا۔ کھچا کھچ ❖

تابع فعل۔ کثرت سے۔ مؤنث ہتھیاروں کے چلنے اور گوشت میں گھسنے کی آواز ❖

کھچاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ تناؤ۔ کساؤ۔ کھینچ ❖

کھچاوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ تناوٹ۔ کساوٹ۔ کھینچ۔ رکاوٹ ❖

کھچڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک نرم غذا جو چاول اور دال ملا کر پکائی جاتی ہے بیر کا پھول۔ ملی جُلی چیزیں۔ خفیہ صلاح اور مشورہ۔ صفت۔ ملا جُلا ❖

کھچڑی پکانا۔ خفیہ صلاح مشورہ کرنا ❖

کھچڑی کھاتے پہنچا اُترنا۔ ہ۔ نہایت نازک اور مرزا پھویا ہونا ❖

کھچڑی ہو جانا۔ ہ۔ بالوں کا سیاہ اور سفید ہو جانا گڈمڈ ہو جانا۔ مِل جل جانا ❖

کھچ کھچ۔ ہ۔ مؤنث۔ کیچڑ میں چلنے کی آواز ❖

کھچنا یا کھینچنا۔ ہ۔ کسا جانا۔ تنا جانا۔ تننا۔ دُور رہنا۔ گھٹنا۔ عرق نکلنا۔ عرصہ لگنا۔ خارج ہونا۔ عکس اُترنا۔ مہنگا ہونا۔ کشش ہونا ❖

کھُدائی۔ ہ۔ مؤنث۔ کندہ کاری۔ کھودنا۔ کھُدوانے کی اُجرت کھُدنی ❖

کھدبدانا۔ ہ۔ اُبلنا۔ پکنا۔ جوش ہونا ❖

کھُدرا۔ ہ۔ صفت۔ کھُردرا۔ ناہموار۔ اونچا نیچا۔ گوشہ ❖

کھُدوانا۔ ہ۔ کندہ کرانا۔ نقش کرانا۔ جڑ سے نکلوانا ❖

کھُدوائی۔ ہ۔ مؤنث کندہ کرائی۔ کھُدوانے کی اُجرت ❖

کہ دینا۔ ہ۔ کسی بات کو کھول دینا۔ جتا دینا۔ سُنا دینا۔ سمجھا دینا۔ بیان کر دینا ❖

کھڈ۔ ہ۔ مذکر۔ دو پہاڑوں کے بیچ کی گہرائی۔ کھائی۔ گھاٹی

کھڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ قدمچہ جس پر بیٹھ کر پنجانہ پھرتے ہیں۔ مجازاً۔ دانتوں کا سوراخ۔ پنجاب:۔ جولاہوں کے

بیٹھ کر کام کرنیکا گڑھا ؛

کھُر۔ ہ۔ مذکر۔ گائے بکری وغیرہ کے ناخن۔ سُم ؛

کھُر بندی۔ ا۔ مؤنث۔ گھوڑے کی نعل بندی ؛

کھُر کھُر کرنا۔ ہ۔ کھوں کھوں کرنا۔ کھانسنا ؛

کہُرا یا کُہرا۔ ہ۔ مؤنث۔ مذکر۔ دھُند جو سردی کے موسم میں صبح وشام کو نظر آتی ہے ؛

کھَرّا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا کپڑا بُننے کا اوزار۔ ایک مصالح کا نام جس سے حرف اڑاتے ہیں۔ سخت۔ بدمزاج

کھرا۔ ہ۔ مذکر۔ ہندو۔ کچا حساب کتاب۔ لکھوٹ۔ لمبا خط

کھرا۔ ہ۔ صفت۔ خالص اچھا۔ صاف سچا۔ لین دین کا صاف۔ صفت۔ نقد ؛

کھراپن۔ ہ۔ مذکر۔ صفائی۔ سچائی۔ عمدگی۔ دیانت ؛

کہرام۔ ہ۔ مذکر۔ بلاپ۔ رونا۔ واویلا۔ ماتم۔ آفت ؛

کھرب۔ ہ۔ مذکر۔ سو ارب کی تعداد ؛

کہربا۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا زرد گوند ؛

کہربائی۔ ف۔ صفت۔ کہربا سے متعلق۔ مقناطیسی ؛

کھرپا۔ ہ۔ مذکر۔ گھاس کھودنے کا آلہ۔ مجازاً بے وقوف احمق ؛

کھُرپی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا کھرپا۔ عو:۔ انگیا اور شلوار کے مونڈھوں کی تراش ؛

کھرتل۔ ہ۔ صفت۔ کھرا سچا۔ لگی لپٹی نہ رکھنے والا ؛

کھُرج۔ ہ۔ مؤنث۔ باجے میں پہلے سُر کا نام ؛

کھرچن۔ ہ۔ مؤنث۔ ہانڈی کی پوچھن۔ دودھ کی جمائی ہوئی مٹھائی۔ بچا کھچا۔ سب سے آخری اولاد ؛

کھُرچنا۔ ہ۔ چھیلنا۔ کریدنا۔ مونڈنا ؛

کھُرچنی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھُرپی۔ رانپی۔ حرف چھیلنے کا آلہ ؛

کھُردرا۔ ہ۔ صفت۔ سخت۔ اونچا نیچا۔ ناہموار ؛

کھُردراپن۔ ہ۔ مؤنث۔ ہ وڑاپن۔ ناہمواری۔ کھرکھراہٹ

کھرسا۔ ہ۔ مؤنث۔ خشک موسم۔ قحط۔ کال ؛

کھرل۔ ہ۔ مؤنث۔ پتھر کی کونڈی جس میں کوئی چیز پیسی جاتی ہے ؛

کھرل کرنا۔ ہ۔ خوب باریک پینا۔ سُرمہ کرنا ؛

کھُرنڈ۔ ہ۔ مذکر۔ زخم کا انگور بندھنے کے بعد اوپر سے خشک ہوجانا ؛

کھرنی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک درخت کا نام ؛

کھُری۔ ہ۔ مؤنث۔ جوتی کا وہ حصہ جہاں نعل لگاتے ہیں۔ وہ چھپٹے یا لوہے کا ٹکڑا جو جوتی کے نیچے لگاتے ہیں ؛

کھرّی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھُردری چارپائی جس پر بچھونا نہ ہو ؛

کھرّی چارپائی پر سونا۔ د۔ کھردری چارپائی پر سونا بمزاج ہونا۔ ناراض ہونا ؛

کھری۔ ہ۔ مؤنث۔ کھرا کی تانیث۔ خالص۔ صاف۔ عمدہ بے میل ؛

کھرے ہوجانا۔ ہ۔ نقد کی برابر ہوجانا ؛

کھریا۔ ہ۔ مونث۔ ایک قسم کی سفید مٹی ؛

کھرے چنے بن جانا۔ ہ۔ بالکل بیگانہ اور نامنسار بن جانا

کھریرا۔ ہ۔ مذکر۔ گھوڑے کے بال صاف کرنے کا لوہے کا آلہ ؛

کھڑا۔ ہ۔ صفت۔ اُٹھا ہوا۔ سیدھا۔ اُگا ہوا۔ ٹھہرا ہوا۔ کچی سلائی کیا ہوا۔ چلتا حساب۔ بے پوچھے۔ فوراً ؛

کھڑا پانی نہ پینا یا کھڑے پانی نہ پینا } ہ۔ فوراً چلا جانا۔ ذرا نہ ٹھہرنا ؛

کھڑا پچھاڑیں کھانا۔ ہ۔ گرگر پڑنا کسی صدمے کے باعث لوٹا لوٹا پھرنا ؛

کھڑا رکھنا۔ ہ۔ متعدی۔ قائم رکھنا۔ حساب چلتا رکھنا ؛

کھڑا کرنا۔ ہ۔ اُٹھانا۔ ٹھہرانا۔ جاری کرنا۔ کچی سلائی کرنا۔ گاڑنا۔ سیدھا کرنا۔ حاصل کرنا ؛

کھڑاؤں۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کی لکڑی کی جوتی ؛

کھڑکا۔ ہ۔ مذکر۔ آہٹ۔ کھٹکا ؛

کھڑکانا۔ ہ۔ کنڈی مارنا۔ دروازہ بجانا۔ بھڑکنا۔ ڈرانا ؛

کھڑکنا۔ ہ۔ درخت کے سوکھے پتوں کا بجنا۔ دیگوں کا کھنکنا۔ بگاڑ ہونا۔ تلوار چلنا ؛

کھڑکھڑ۔ ہ۔ مؤنث۔ آواز جو کسی چیز سے چلنے یا گھسٹنے سے

نکلے۔ ہتھیاروں کے ٹکرانے کی آواز ۔

کھڑکھڑانا ۔ ہ۔ کھنکھٹانا۔ بجانا۔ کُنڈی بجانا۔ دھمکانا۔ جھڑکنا ۔

کھڑکھڑاہٹ ۔ ہ۔ مؤنث۔ پتوں یا دیگوں کے باہم ٹکرانے کی آواز۔ یکّے وغیرہ کے چلنے کی آواز ۔

کھِڑکی ۔ مؤنث۔ گھر کا چھوٹا دروازہ۔ پگڑی کے اوپر کا حصہ جو موکھا سا کھلا ہوا ہوتا ہے ۔

کھُڑگنجا ۔ ہ۔ صفت۔ وہ شخص جسکے چہرے پر چیچک کے داغ ہوں اور سر سے گنجا ہو۔ نہایت بدصورت آدمی

کھڑے پاؤں ۔ ہ۔ تابع فعل۔ کھڑے کھڑے۔ فوراً۔ اسی وقت ۔

کھڑے کھڑے ۔ ہ۔ تابع فعل۔ فوراً۔ جلد۔ اسی وقت ذرا کی ذرا۔ دیر تک کھڑے رہ کر ۔

کھڑے گھاٹ کلپانا ۔ ہ۔ متعدی۔ فوراً آزمانا۔ ترُت امتحان کرنا ۔

کھڑی ۔ ہ۔ صفت۔ ایک قسم تیرائی۔ صفت۔ اُٹھی ہوئی سیدھی۔ یکھی ۔

کھُڑپیچ مؤنث۔ اچٹتا ہوا زخم۔ کھرونٹ۔ دشمنی۔ عداوت چھیڑ ۔

کھُس پھُس } ہ۔ مؤنث۔ کانا پھوسی۔ کانا باتی۔ چُپکے چُپکے
کھُسر پھُسر } باتیں کرنا ۔

کھسکانا ۔ ہ۔ ہٹانا۔ سرکانا۔ دوسری جگہ بھیج دینا۔ غائب کر دینا ۔

کھِسک جانا ۔ ہ۔ سرک جانا۔ ہٹ جانا۔ آنکھ بچا کر نکل جانا ۔

کھِسکنا ۔ ہ۔ سرکنا۔ ہٹنا۔ پھسلنا۔ چمپت ہونا۔ آنکھ بچا کر نکل جانا ۔

کھسوٹنا ۔ ہ۔ نوچنا۔ بال اکھاڑنا۔ اُتارنا۔ چھیننا۔ توڑنا ۔

کھِسیانا ۔ ہ۔ صفت۔ رونا۔ چڑچڑا۔ شرمندہ۔ نادم ۔

کہف ۔ ع۔ مذکر۔ پہاڑ کی گپھا۔ وہ گپھا جس میں اصحاب کہف جا کر سوئے تھے ۔

کھگل ۔ ف۔ مؤنث۔ مکان بینے کی مٹی پلستر کا گارا ۔

کھَل ۔ ہ۔ مؤنث۔ تیل نکالی ہوئی سرسوں کا پھوک ۔

کہَل ۔ ہ۔ مذکر۔ ادھیڑ۔ نہ بوڑھا نہ جوان ۔

کھُلا ۔ ہ۔ صفت۔ کشادہ۔ فراخ۔ چوڑا۔ ننگا۔ صاف۔ بے روک۔ عام۔ مشہور۔ ظاہر ۔

کھُلا جانا ۔ ہ۔ پھولا نہ سمانا۔ باغ باغ ہوا جانا ۔

کھِلاڑی ۔ ہ۔ صفت۔ کھیل جاننے والا۔ کرتبی۔ استاد۔ فریبی۔ شوخ۔ جُوا کھیلنے والا۔ سانپ پکڑنے والا۔ مداری ۔

کھِلاڑیاں ۔ ہ۔ مؤنث۔ کلول۔ اچھل کود۔ شوخیاں ۔

کھِلانا ۔ ہ۔ بھوجن کرانا۔ دعوت کرنا۔ سانپ کو منتر کے زور سے خوش کرنا۔ بھوت پریت کا سر پر لانا۔ بھُلانا۔ کھولنا۔ چٹوانا۔ پھر پھرا کرنا ۔

کہلانا ۔ ہ۔ دوسرے شخص کے وسیلے سے پیغام بھیجنا۔ دوسرے شخص سے کوئی بات ظاہر کرانا۔ دوسری دفعہ پڑھوانا ۔

کھِلائی ۔ ہ۔ مؤنث۔ خوراک۔ کھانا کھانے کی اُجرت۔ بچوں کو کھلانے والی عورت ۔

کھِلائی پلائی ۔ ہ۔ مؤنث۔ کھانے پینے کی قیمت ۔

کھَلبلی ۔ ہ۔ مؤنث۔ ہل چل۔ ہُلڑ۔ فساد۔ گھبراہٹ۔ بے چینی ۔

کھُل پڑنا ۔ ہ۔ شرم اور تکلیف کو دور کرنا ۔

کھِل جانا ۔ ہ۔ پھُول جانا۔ شگفتہ ہو جانا۔ کھُل جانا ۔

کھُل جانا ۔ ہ۔ بندھن دور ہو جانا۔ ظاہر ہو جانا۔ پھٹ جانا۔ ننگا ہو جانا۔ اُدھڑ جانا۔ کوئی مشکل حل ہو جانا۔ بہنے لگنا۔ شرم اُٹھ جانا۔ چوڑا اور فراخ ہونا۔ بادل نہ رہنا۔ چھُوٹ جانا۔ روک نہ رہنا۔ گرہ سے جاتا رہنا ۔

کھِل کھِل ہنسنا یا کھِل کھِلا کر ہنسنا یا کھِل کھِلانا ۔ ہ۔ ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ قہقہہ مار کر ہنسنا۔ ٹھٹھی کر کے ہنسنا ۔

کھَل کھلانا ۔ ہ۔ انتڑیوں کا گڑگڑ بولنا ۔

کھُل کھیلنا ۔ ہ۔ کھُلم کھُلا کوئی بڑا کام کرنا ۔

کھِلنا۔ ہ۔ کلی کا پھُولنا۔ خوش ہونا۔ ہنسنا۔ دانہ دانہ جدا ہونا۔ بھُربھُرا ہونا۔ دیوار کا پھٹ جانا۔ روشنی پھیلنا۔ پھبنا سجنا ؛

کِھلنڈرا۔ ہ۔ صفت۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والا ؛

کِھلنڈری۔ ہ۔ صفت۔ کھیل کود میں مشغول رہنے والی کھلاڑن

کِھلونا۔ ہ۔ مذکر۔ بچوں کے کھیلنے کی کوئی چیز۔ خوش مزاج اور مسخرہ آدمی۔ نازک اور دکھاوے کی چیز ؛

کِھلّی۔ ہ۔ مونث۔ ہنسی۔ ٹھٹھا۔ چہل۔ ٹھٹھولی ؛

کھِلّی اُڑانا۔ ہ۔ ہنسی اُڑانا۔ احمق بنانا۔ مسخرہ بنانا ؛

کِھلّی باز۔ ہ۔ صفت۔ ہنسی مذاق کرنے والا۔ مسخرہ۔ چہل باز

کِھلّی بازی۔ ہ۔ مونث۔ چھیڑخانی۔ مذاق۔ ٹھٹھا ؛

کھُلے بازار۔ ہ۔ تابع فعل۔ کھُلم کھُلا۔ بے خوف۔ ڈنکے کی چوٹ ؛

کھُلے بالوں۔ ہ۔ تابع فعل۔ بال کھولے ہوئے۔ بے دھڑک بے خوف ؛

کھُلے بَند یا کھُلے بَندوں یا کھُلے خزانے۔ ہ۔ تابع فعل کھُلم کھُلا۔ ظاہر۔ ڈنکے کی چوٹ۔ بے دھڑک۔ بے خوف۔ نڈر ہوکر ؛

کھُلی کَمر کا۔ ہ۔ صفت۔ خفیہ پولیس کا۔ جاسوس ؛

کھَلیان۔ غلّے کا انبار۔ اناج کا ڈھیر جو فصل کاٹ کر لگایا جاتا ہے۔ ڈھیر۔ انبار ؛

کھَلیان کر دینا۔ ہ۔ ع۔ توڑ پھوڑ کر ڈھیر کر دینا۔ تباہ کر دینا ؛

کھَلیان ہو جانا۔ ہ۔ لاشوں کا ڈھیر ہو جانا۔ شہیدوں کا انبار لگ جانا ؛

کھَم یا کھَمبا۔ ہ۔ مذکر۔ کھمبا۔ لاٹھ۔ منارہ۔ ستون ؛

کُہن۔ ہ۔ صفت۔ پُرانا۔ مدت کا ؛

کُہن سال۔ ف۔ مذکر۔ بوڑھا۔ بڑی عمر کا ؛

کُہن سالی۔ ف۔ مونث۔ بڑھاپا۔ پیری ؛

کہنا۔ ہ۔ بیان کرنا۔ زبان پر لانا۔ ظاہر کرنا۔ خبر کرنا۔ بُرا کہنا۔ گالی دینا۔ شعر کہنا۔ سمجھانا ؛

کَہنا سُننا۔ ہ۔ بہکانا۔ ورغلانا۔ گالی گلوچ دینا ؛

کَہنا ٹالنا۔ ہ۔ حکم نہ ماننا۔ کہا نہ ماننا ؛

کَہنا سُننا۔ ہ۔ مذکر۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔ حکم ؛

کَہنا کرنا یا ماننا۔ ہ۔ کہنے پر چلنا۔ حکم ماننا۔ بات ماننا ؛

کھَنجری۔ ہ۔ مونث۔ ایک باجہ کا نام۔ ڈفلی ؛

کھُندلنا۔ ہ۔ پیروں سے روندنا۔ مسلنا۔ کچلنا ؛

کھَنڈ۔ س۔ مذکر۔ ٹکڑا۔ حصہ۔ منزل۔ درجہ۔ دیس۔ ملک۔ کتاب کا حصہ۔ کھانڈ۔ چینی۔ بورا۔ ایک قسم کے گیت ؛

کھَنڈا۔ ہ۔ مذکر۔ چاولوں کا چُورا۔ تلوار۔ تیغ ؛

کھِنڈانا۔ ہ۔ پھیلانا۔ بکھیرنا ؛

کھَنڈت۔ ہ۔ صفت۔ ٹکڑے ٹکڑے کیا ہوا۔ بکھیرا ہوا۔ مونث۔ کھنڈن۔ خلل۔ مزاحمت ؛

کھَنڈر۔ ہ۔ مذکر۔ ٹوٹا ہوا ویران مکان۔ ویرانہ ؛

کھِنڈنا۔ ہ۔ بکھرنا۔ پھیلنا۔ تتر بتر ہونا ؛

کھَنکانا۔ ہ۔ بجانا۔ کھڑکانا ؛

کھَنکنا۔ ہ۔ بجنا۔ کھڑکنا۔ ٹکرانا۔ جھنکار ہونا ؛

کَہنے پر جانا۔ ہ۔ کہا ماننا۔ کسی کے کہنے میں آنا ؛

کہنے سے بات پرائی ہوتی ہے۔ ہ۔ کہاوت۔ منہ سے نکالی ہوئی بات پر قابو نہیں رہتا ؛

کَہنے کو۔ ہ۔ تابع فعل۔ نام کو۔ ذکر کو۔ عیب لگانے کو ؛

کَہنے کی باتیں ہوتی ہیں۔ ہ۔ محاورہ۔ خالی باتیں ہی باتیں ہیں۔ صرف زبانی جمع خرچ ہے۔

کہنے میں۔ ہ۔ تابع فعل۔ مطیع۔ قابو میں۔ بس میں۔

کہنے میں آجانا۔ ہ۔ ورغلانے میں آجانا۔ بہکانے میں آجانا فریب میں آجانا۔ دھوکے میں آجانا۔

کھَنکھار یا کھَنکار۔ ہ۔ مونث۔ بلغم۔ کف۔ کھانسنے کی آواز ؛

کھَنکھارنا یا کھُنکارنا۔ ہ۔ کھانسنا۔ کھانسنے کی آواز نکالنا ؛

کَھنکھجُورا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک زہریلا کیڑا جس کے بہت سے

پاؤں ہوتے ہیں ؛

کھنگالنا۔ ہ۔ پانی ڈال کر برتن صاف کرنا۔ دھونا ؛

کھنگر۔ ہ۔ مذکر۔ اینٹوں کا جھنڈ جو زیادہ پکنے سے ہو جاتا ہے۔ ایک قسم کا گرنڈ جس سے چھاپہ کا پتھر صاف کرتے ہیں ؛

کہنگی۔ ف۔ مؤنث۔ پرانا پن۔ بڑھاپا ؛

کہنہ۔ صفت۔ پرانا۔ مدت کا۔ دیر کا ؛

کہنی۔ ہ۔ مؤنث۔ کلائی اور باز و کا جوڑ ؛

کھوہ۔ ہ۔ مؤنث۔ غار۔ گپھا ؛

کھوا۔ ہ۔ مذکر۔ مونڈھا۔ کندھا۔ شانہ کی ہڈی ؛

کھوپرا۔ ہ۔ مذکر۔ ناریل کا مغز۔ کھوپا ؛

کھوپڑی۔ ہ۔ سر کی ہڈی ؛

کھوپڑی کھا جانا۔ ہ۔ عو۔ دماغ کھا جانا۔ ستانا۔ دق کرنا

کھوپڑی گنجی کرنا۔ ہ۔ اس قدر مارنا کہ سر کے بال اڑ جائیں خوب مارنا ؛

کھوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ ملاوٹ۔ مذکر۔ عیب۔ قصور۔ نقصان۔ شرارت۔ فریب ؛

کھوٹا۔ ہ۔ صفت۔ جس میں ملاوٹ ہو۔ برا۔ عیبی۔ فریبی۔ بدچلن۔ نکما ؛

کھوٹا پیسہ بُرے وقت کام آتا ہے۔ ہ۔ کہاوت نکمی اور ناکارہ چیز بھی وقت پر کام دے جاتی ہے

کھوٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھوٹا کی تانیث ؛

کھوٹی کرنا۔ ہ۔ بدی کرنا۔ نقصان پہنچانا۔

کھوٹی کھری سنانا۔ ہ۔ برا بھلا کہنا۔ گالیاں دینا ؛

کھوٹی گھڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ بری گھڑی۔ منحوس گھڑی ؛

کھوج۔ ہ۔ مذکر۔ سراغ۔ پاؤں کا نشان۔ پتا۔ تلاش۔ خبر ؛

کھوج لگانا یا نکالنا۔ ہ۔ پتا لگانا۔ سراغ لگانا۔ نشان معلوم کرنا ؛

کھوجی۔ ہ۔ مذکر۔ کھوج نکالنے والا۔ سراغ لگانیوالا ؛

کھودنا۔ ہ۔ گڑھا کرنا۔ جڑ سے اکھاڑنا۔ کھوکھلا کرنا۔ کھرچنا۔ تلاشی کرنا۔ تحقیقات کرنا۔ تہ تک پہنچنا ؛

کھو دینا۔ ہ۔ ضائع کر دینا۔ گنوا دینا۔ گم کر دینا۔ غائب کر دینا ؛

کھوسا۔ ہ۔ صفت۔ وہ شخص جس کے ڈاڑھی اور مونچھ جوانی پر بھی نہ نکلے ؛

کھوسٹ۔ ہ۔ مذکر۔ وہ بوڑھا جس کی ڈاڑھی اور مونچھیں بڑھاپے کے مارے گر جائیں۔ نہایت بدشکل آدمی۔ بوڑھا پھوس ؛

کھوکھلا یا کھوکلا۔ ہ۔ صفت۔ پولا۔ کھوکھا۔ خالی ؛

کھولانا۔ ہ۔ جوش دینا۔ ابالنا۔ عو۔ جلانا ؛

کھولن۔ ہ۔ مؤنث۔ جوش۔ ابال۔ جلن۔ ٹیس ؛

کھولنا۔ ہ۔ ابلنا۔ جوش کھانا۔ زخم میں ٹیس یا جلن ہونا۔ عو۔ دل ہی دل میں غم کھانا۔ جلنا ؛

کھولنا۔ ہ۔ متعدی۔ بندھن دور کرنا۔ ظاہر کرنا۔ پردہ اٹھانا ادھیڑنا۔ سلجھانا۔ صاف کرنا۔ جاری کرنا۔ شرم دور کرنا۔ چوڑا کرنا۔ آزاد کرنا ؛

کھونا۔ ہ۔ گم کرنا۔ بھلانا۔ ضائع کرنا۔ بے قابو کرنا۔ نکما کرنا۔ دور کرنا ؛

کھونٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ کونہ۔ گوشہ۔ طرف۔ جانب۔ چکی کا ہتھا ؛

کھونٹا۔ ہ۔ مذکر۔ میخ۔ جانور کے باندھنے کی میخ۔ کولھو کی لاٹھ۔ چکی کا ہتھا ؛

کھونٹے سے باندھنا۔ ہ۔ میخ سے باندھنا۔ کسی بے رحم کے ساتھ لڑکی کی شادی کر دینا ؛

کھونٹے کے بل کودنا۔ ہ۔ کسی کی حمایت پر اترانا۔ کسی کے برتے پر گھمنڈ کرنا ؛

کھونٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹی میخ۔ سارنگی یا ستار کے کان بالوں کی جڑ۔ چھوٹے چھوٹے بال جو مونڈھنے کے بعد نکلتے ہیں۔ گھوڑے وغیرہ کا قد ؛

کھونٹی نہ چھوڑنا۔ ہ۔ بہت صفائی سے حجامت بنانا۔ خوب صفایا کرنا۔ کوڑی نہ چھوڑنا ؛

کھونچ۔ ہ۔ مؤنث۔ کانٹے وغیرہ سے الجھ کر کپڑے کی

پھٹی ہوئی جگہ ۔

کھونچا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ساڑھے چھ کا پہاڑا ۔

کھوندنا ۔ ہ ۔ پامال کرنا ۔ روندنا ۔ پیروں سے مسلنا ۔

کھونسنا ۔ ہ ۔ بھرنا ۔ ٹھونسنا ۔ گھسیڑنا ۔

کھوہ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گپھا ۔ پہاڑ کا غار ۔

کھوے سے کھوا چھلنا ۔ ہ ۔ بھیڑ کے سبب سے کندھے سے کندھا چھلنا ۔ نہایت بھیڑ ہونا ۔

کھویا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بھنا ہوا دودھ ۔ دبڑی ۔ اینٹیں بنانے کا گارا ۔

کھویا جانا ۔ ہ ۔ گم ہو جانا ۔ سٹے پٹا جانا ۔ حیران ہونا ۔ جواب نہ بن آنا ۔

کہی سنی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لوگوں کا کہنا سننا ۔ ورغلانا ۔ بہکانا ۔

کھیت ۔ ہ ۔ مذکر ۔ زمین کا وہ ٹکڑا جو بویا جوتا جائے ۔ دیس زمین ۔ اصل چوڑا اور ہٹیل میدان ۔ جنگ کا میدان ۔ تلوار کا پھل ۔

کھیت رہنا ۔ ہ ۔ قتل ہونا ۔ مارا جانا ۔ لڑائی میں کام آنا ۔

کھیتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ زراعت ۔ بویا ہوا کھیت ۔ فصل ۔ اناج ۔

کھیتی باڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ زراعت ۔ کاشت کاری ۔ کسانی ۔

کھیر ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دودھ اور چاولوں کا پکا ہوا ایک عمدہ کھانا ۔

کھیر کا دلیا ہو جانا ۔ ہ ۔ قسمت پلٹ جانا ۔ اقبال جاتا رہنا ۔ بنا بنایا کام بگڑ جانا ۔

کھیرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک مشہور پھل کا نام ۔

کھیرا ککڑی کرنا ۔ ہ ۔ عو ۔ بیدردی سے کوسنا ۔ نہایت کوسنا ۔

کھیری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تھنوں کا وہ گوشت جس میں دودھ رہتا ہے ۔

کھیڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھوٹا سا گاؤں ۔ بستی ۔ کئی قسم کا ملا ہوا اناج ۔

کھنڈر ۔

کھیڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا سخت اور عمدہ لوہا ۔

کھیس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا کپڑا ۔

کھیس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گاڑھا دودھ جو بچہ پیدا ہونے پر نکلتا ہے ۔

کھیسا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تھیلی ۔ جیب ۔ پاکٹ ۔

کھیل ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ بھنا ہوا اناج جو پھول گیا ہو ۔ کوئی بھنی ہوئی دھات جو پھول جائے ۔ ذرا سا ۔

کھیل ۔ ہ ۔ مذکر ۔ تماشا ۔ کرتب ۔ دل بہلاوا ۔ سوانگ ۔ آسان ایک بات ۔

کھیل بگڑ جانا ۔ ہ ۔ بنے ہوئے کام کا بگڑ جانا ۔ رنگ بھنگ ہو جانا ۔

کھیل جانا ۔ ہ ۔ گزار دینا ۔ کھپا دینا ۔ ہلاکت میں ڈالنا ۔ مر جانا ۔

کھیل جاننا یا سمجھنا ۔ ہ ۔ آسان جاننا ۔ تماشا سمجھنا ۔

کھیل کود ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اچھل کود ۔ کودنا پھاندنا ۔

کھیل ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ ایک ادنیٰ بات ہے ۔ معمولی کام ہے ۔ تماشا ہے ۔ دل لگی ہے ۔ آسان ہے ۔ سہل ہے ۔

کھیلنا ۔ ہ ۔ دل بہلانا ۔ کھیل کرنا ۔ برتنا ۔ جوا کھیلنا ۔ کسی بھوت پریت کے اثر سے سر ہلانا ۔

کہیں ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کسی جگہ ۔ دوسری جگہ ۔ کسی طرف ۔ شاید ۔ ایسا نہ ہو ۔ جیسے کہیں وہ آ نہ جائے ۔
مطلق استفہام اور استفہام انکاری کے لئے کیا ۔ کوئی کی جگہ ۔ جیسے کہیں اوس سے پیاس بجھتی ہے
برائے ترقی و تیز جیسے کہیں بڑھ چڑھ کر ہے ۔
برائے تنبیہ ۔ جیسے کہیں کچھ کہہ نہ بیٹھنا ۔
تابع فعل ۔ جیسے کہیں آ تو جائے ۔

کہیں تل دھرنے کو جگہ نہیں ۔ ہ ۔ نہایت ہجوم ہے ۔ بہت بھیڑ ہے ۔ بالکل جگہ نہیں ۔

کہیں کا نہ رہنا ۔ ہ ۔ کسی کام نہ رہنا ۔ بالکل نکما ہو جانا ۔

کہیں ناخن سے بھی گوشت جُدا ہُوا ہے ۔ ؟ ۔ ا ۔ کہاوت ۔ اپنوں سے اپنے نہیں چھوٹ سکتے ۔ رشتہ کسی طرح نہیں چھوٹتا ۔

کہیں ہاتھوں کی لکیریں بھی مٹی ہیں ؟ ا ۔ محاورہ دیکھو (کہیں ناخن سے بھی گوشت جدا ہوا ہے) ۔

کھِنیا ۔ ہ ۔ ناؤ چلانا ۔ کشتی چلانا ۔

کھینچ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کھنچاؤ ۔ کمی ۔ قحط ۔

کھینچنا ۔ ہ ۔ گھسیٹنا ۔ تاننا ۔ سُوکھنا ۔ کشمد کرنا ۔ غرور کرنا ۔ جلدی جلدی لکھنا ۔ گرفتار کرانا ۔ برداشت کرنا ۔ سمیٹنا ۔ عکس لینا ۔ فوٹو لینا ۔ باہر لانا ۔ لٹکانا ۔ نقش کرنا ۔ پکڑنا ۔ جکڑنا ۔

کھیوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ناؤ کا کرایہ ۔ کشتی میں بیٹھنے والوں کا گروہ کشتی ۔ بیڑا ۔ ناؤ ۔

کھیوٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ سرکاری رجسٹر جس میں گاؤں کی کیفیت لکھی جاتی ہے ۔ خراج کی قسط ۔ گاؤں کے حصوں کی مسل ۔ ملاح ۔ ماجھی ۔

ک ی

کے ۔ ہ ۔ استفہام عددی ۔ کتنے ۔ چند ۔

کیا ۔ کلمۂ استفہام ۔ جیسے کیا آپ وہاں جائیں گے ۔
مساوات کیلئے جیسے کیا پدی کیا پدی کا شوربا ۔
ایسا ہی ۔ گویا کے معنوں میں جیسے کیا منہ کا نوالہ ہے
استفہام انکاری کیلئے جیسے وہ کیا کر سکتا ہے ؟
کون سا کے معنوں میں جیسے دیکھیں وہ کیا بہانہ ڈھونڈتا ہے ۔
قلت وعظمت کے لئے جیسے کیا کہنا ہے ۔ کیا بات ہے ۔ نفرت کے لئے جیسے تو کیا اور تیری ہستی کیا ۔
کیوں کس لئے کے معنوں میں جیسے تو اپنی کہانی کیا سُناتا ہے ۔ حیرت تعجب یا افسوس کے لئے جیسے یہ آپ نے کیا ستم کیا ۔ برائے کثرت جیسے کیا بھیڑ ہے ۔ کیا مینہ برسا ہے ۔

کیا اُدھار کی ماں مری ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کیا لین دین کا دستور بند ہوگیا ہے ۔ تم نہ دو گے کوئی اور دے دے گا ۔

کیا آگ لینے آئے تھے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ اس شخص کو طنز کے طور پر کہتے ہیں جو فوراً آ کر چلا جاتا ہے ۔

کیا اُنہیں کے سر ٹیکا ہے یا انہیں کے سر سہرا ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کیا انہیں پر موقوف ہے ۔ کیا وہی یہ کام کر سکتے ہیں ۔

کیا بات ہے یا کیا پُوچھنا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کیا کہنا ہے شاباش ۔ واہ وا ۔ بہت خُوب ۔

کیا بھروسا ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کوئی بھروسا نہیں ۔ کوئی اعتبار نہیں ۔

کیا پدڑی کیا پدڑی کا شوربا ۔ ا ۔ محاورہ ۔ ایسی چیز کی نسبت بولتے ہیں ۔ جو محض بے حقیقت اور کسی شمار میں نہ ہو ۔

کیا پروا ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کیا ڈر ہے ۔ کچھ خوف نہیں ۔

کیا جان پائی یا کیا جان ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کیا مجال ہے کیا منہ ہے ۔

کیا چاہیے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کیا ضرورت ہے ۔ کیا حاجت ہے ۔ کیا کہنا ہے ۔ کیا پوچھنا ہے ۔ واہ وا ۔

کیا چیز ہے / کیا خاک ہے ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کیا مال ہے ۔ کیا حقیقت ہے کچھ بھی نہیں ۔

کیا خبر ۔ ا ۔ محاورہ ۔ کیا معلوم ۔ کچھ خبر نہیں ۔

کیا خُوب ۔ ا ۔ کلمۂ طنز و تعریف ۔ واہ وا ۔ کیا کہنا ہے ۔ شاباش ۔ عقل سے بات کرو ۔ منہ بنواؤ ۔

کیا درزی کا کوچ کیا مقام ۔ ا ۔ کہاوت ۔ آزاد آدمی جہاں چاہے چلا جائے کوئی روک سکتا نہیں ۔

کیا دن تھے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ گزرے ہوئے دن کیسے اچھے تھے ۔

کیا ڈر ہے ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کیا خوف ہے ۔ کیا حرج ہے کچھ پروا نہیں ۔

کیا شان میں جُھنئے پڑجائیں گے - ۱- محاورہ - کونسا عزت اور آبرو میں فرق آجائیگا ؎

کیا غم ہے - ۱- محاورہ - کچھ پروا نہیں ؎

کیا قیامت ہے - ۱- محاورہ - کیسا غضب ہے - کیسا بُرا ہے - نہایت خوبصورت اور حسین ہے ؎

کیا کام - ۱- استفہام انکاری - کچھ کام نہیں - کوئی واسطہ نہیں ؎

کیا کچھ - ۵- تابع فعل - کسقدر - کتنا - بہت کچھ ؎

کیا کرُوں - ۱- محاورہ - حیران ہوں مجبور ہوں - کس کام میں لاؤں - کیوں کروں - کس لئے کروں ؎

کیا کرے گا یا کیا کرلے گا - ۵- محاورہ - کچھ نہیں کرسکتا - کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا ؎

کیا کہنا یا کیا کہنا ہے - ۵- محاورہ - شاباش - واہ وا - بہت خوب ؎

کیا کیا ؟ - ۵- استفہام - کون کون سا - سب کچھ - ساری باتیں کیسے کیسے کہاں تک ؎

کیا کیا - ۵- محاورہ - بڑا غضب کیا - بڑا قہر کیا - بہت بُرا کیا - کونسا بُرا کیا - کچھ غضب نہیں کیا ؎

کیا گُل پھولا ہے یا کھلا ہے - ۱- محاورہ - کیا فساد برپا ہوا ہے - کیا بہتان اُٹھا ہے - کیا انوکھی بات ہوئی ہے ؎

کیا گونگے کا گڑ کھایا ہے ؟ ۵- محاورہ - کیوں نہیں بولتے کیوں گونگے سے بن گئے ہو ؎

کیا لوگے ؟ ۵- محاورہ - کیا فائدہ اُٹھاؤ گے - کیا پاؤ گے -

کیا مال ہے - ۵- محاورہ - کیا حقیقت ہے - کسی شمار میں نہیں ؎

کیا مجال ہے ؟ ۱- محاورہ - کیا تاب ہے - کیا طاقت ہے - کیا کرسکتا ہے ؎

کیا معنی ؟ ۱- محاورہ - کیا سبب - کیا وجہ - کس لئے - کیا بات - کیا غرض - کیا موقع - کیا مجال - کیا حوصلہ -

کیا مُنہ دکھاؤ گے ؟ ۵- محاورہ - کیا جواب دو گے - کیونکر سامنے آؤ گے ؎

کیا مُنہ سے پھول جھڑتے ہیں - ۵- محاورہ - کیسی اچھی باتیں کرتا ہے - کیسا فصیح ہے - جب کوئی شخص بدکلامی کرتا ہے - تو اُسے بھی طنز کے طور پر کہتے ہیں کہ آپ کے منہ سے کیا پھول جھڑتے ہیں ؎

کیا مُنہ ہے - ۵- استفہام انکاری - کیا حقیقت ہے - کیا حوصلہ ہے - کیا طاقت ہے - کیا مجال ہے ؎

کیا ناک لے کر بولتے ہو یا بات کرتے ہو - ۱- محاورہ - کس منہ سے بات کرتے ہو شرم نہیں آتی ؎

کیا ننگی نہائیگی کیا نچوڑیگی - ۵- کہاوت - غریب اور نردھن آدمی کے پاس کیا دھرا ہے ؎

کیا ہُوا - ۵- محاورہ - کیا حال گزرا - کیا پیش آیا - کیا بگڑ گیا - کیا بات ہے - کوئی انوکھی بات نہیں - کیا ڈر ہے کیا پروا ہے ؎

کیا ہوتا - ۵- محاورہ - کیا اثر ہوتا - کیا فائدہ ہوتا - کیا اچھا ہوتا کیا بگڑ جاتا ؎

کیا ہوگا - ۵- محاورہ - کیا گزرے گا - کیا نقصان ہوگا - کیا بگڑے گا ؎

کیا ہے - ۵- محاورہ - کیا بات ہے - کونسی بات ہے - کیا معاملہ ہے - نہیں ہے کون ہے نکما ہے ؎

کیا ہی - ۵- محاورہ - بہت ہی - ازحد - نہایت عمدہ - بہت ہی اچھا ؎

کیا یاد رکھو گے یا کیا یاد کرو گے - ۵- محاورہ - بہت یاد رکھو گے - مدت تک یاد کرتے رہو گے ؎

کیاری - ۵- مؤنث - کھیت کا ہر ایک چھوٹا حصہ جو پانی دینے کے لئے بنائیں - کیا اری کا مخفف - یعنی اری عورت! تو کیا کہتی ہے ؎

کیاست - ع - مؤنث - دانائی - چترائی - ہوش - عقل ؎

کیانی - ف - صفت - کیان سے متعلق ؎

کیچڑ - ۵- مؤنث - گارا - دلدل - کیٹ - چیڑ - تلچھٹ -

کیچوا - ۵- مذکر - ایک سُرخ رنگ کے کیڑے کا نام ؎

کَید ۔ ع ۔ مذکر ۔ مکر ۔ فریب ۔ دغا ؛

کَیرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ کرنجا ۔ نیلی نیلی آنکھوں والا ؛

کَیری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کچا آم ۔ ایک قسم کا زیور ۔ وہ عورت جس کی آنکھیں کرنجی ہوں ؛

کِیڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کرم ۔ مکوڑا ۔ رینگنے والا جانور ۔ سانپ ۔ بچھو ۔ ننھا بچہ ؛

کیڑا لگنا ۔ ہ ۔ دیمک لگنا ۔ گھن لگنا ؛

کیڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چیونٹی ۔ عو ۔ جونک ؛

کَیس ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سر کے لمبے بال ۔ پرند کے سر کی چوٹی ؛

کیس ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ڈھکنا ۔ پیٹی ۔ بکس ۔ مقدمہ ۔ معاملہ ۔ سانچا ۔ صورت ؛

کَیسا ۔ ہ ۔ صفت ۔ کس قسم کا ۔ کس بات کا ۔ کتنا ۔ نہایت بے فائدہ ۔ کس طرح ۔ کس ڈھنگ سے ۔ استفہام انکاری کے واسطے ۔ کیا ذکر ۔ کیا مذکور کہاں ۔ کس کا ۔ کیوں ؛

کیسر ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا خوشبودار زرد پھول ۔ زعفران ؛

کیسری ۔ ہ ۔ صفت ۔ زعفرانی ۔ زرد ؛

کیسے ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کیسا کی جمع ۔ کس بات کے ۔ کس قسم کے استفہام ۔ کیوں ۔ کیونکر ۔ کس سبب سے ۔ کس طرح ۔ کس حالت میں ۔ کتنے ؛

کیسہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ جیب ۔ پوکٹ ۔ تھیلی ؛

کیسہ بُر ۔ ف ۔ مذکر ۔ جیب کترا ۔ گٹھ کترا ۔ اچکا ؛

کیسی ۔ ہ ۔ کیسا کی تانیث ؛

کیش ۔ ف ۔ مذکر ۔ مذہب ۔ پنتھ ۔ عادت ۔ گن ۔ ڈھنگ ۔ تیر رکھنے کا نلوا ؛

کیش ۔ انگ ۔ مذکر ۔ نقد ۔ روکڑ ۔ نقدی ۔ روپیہ پیسہ ؛

کیش بُک ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ وہ کتاب جس میں نقد کا حساب لکھا جائے ۔ روکڑ بہی ؛

کیش بکس ۔ انگ ۔ مذکر ۔ نقدی رکھنے کا صندوق ؛

کیف ۔ ع ۔ مذکر ۔ نشہ ۔ مدھ ۔ خمار ؛

کَیفر ۔ ف ۔ مذکر ۔ سزا ۔ بُرے کام کا بدلہ ؛

کیفر کردار ۔ ف ۔ مذکر ۔ کیے کی سزا ۔ بُرے کام کی سزا ۔

کیفی ۔ ع ۔ صفت ۔ متوالا ۔ نشہ میں چُور ۔ مدہوش ۔ ا ۔ نشہ باز ؛

کیفیت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ حالت ۔ ماجرا ۔ حال ۔ حقیقت ۔ رنگ ڈھنگ ۔ ا ۔ شرح ۔ کھول کر بیان کرنا ۔ جوبن ۔ بہار ۔ لطف ۔ مزہ ؛

کیک ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کی روٹی جو انگریز لوگ کھاتے ہیں ؛

کیکر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک درخت کا نام ؛

کیکڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک پانی میں رہنے والے کیڑے کا نام ؛

کیل ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لوہے کی میخ ۔ پیریگ ۔ لمبی کتری ہوئی چھالیہ ۔ ایک زیور کا نام ۔ مہاسہ ؛

کیل کا کھٹکا نہیں ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ ذرا خوف نہیں ۔ ذرا اندیشہ نہیں ؛

کیل ڈالنا ۔ ہ ۔ سانپ پر منتر کرنا ۔ قابو میں لانا ؛

کیل کانٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہتھیار ۔ اوزار ۔ ایک قسم کا زیور ۔ گھسٹ کر لکھا ہوا ۔ بچوں کے ایک کھیل کا نام ؛

کیلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کھونٹا ۔ بڑی میخ ۔ وحشی جانوروں کے دو بڑے دانت جن سے وہ گوشت کھاتے ہیں ؛

کیلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک مشہور درخت اور اس کے پھل کا نام ؛

کیلنا ۔ ہ ۔ سانپ کو منتر کے زور سے قابو کرنا ۔ جادو سے جن بھوت کو بس میں کرنا ۔ کیلیں لگانا ؛

کیلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لکڑی کی کھونٹی ۔ لوہے کی لاٹھ ۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام ؛

کیموس ۔ یونانی ۔ مذکر ۔ رس ۔ وہ مادہ جو معدہ میں کھانا ہضم ہونیکے بعد پیدا ہوتا ہے ؛

کیمیا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مکر ۔ حیلہ ۔ سونا بنانا ۔ مجازاً رسائن ۔ اکسیر چیزوں کی خاصیت معلوم کرنے اُن کے اجزاؤں کو ملانے اور جدا کرنیکا علم ۔ ا ۔ صفت ۔ نہایت مفید ۔ بہت فائدہ دینے والا ۔ اکسیر ؛

کیمیاگر ۔ ع ۔ ف ۔ مذکر ۔ کیمیا بنانیوالا ۔ رسائنی ۔ مکار ۔ چالاک

کیمیا گری ۔ ع ۔ ف ۔ مؤنث ۔ چاندی سونا بنانیکا علم ۔

کین ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کھوٹ ۔ کپٹ ۔ دشمنی ۔

کینچلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ سانپ کی سفید جھلی جو اُس کے جسم کے اوپر سے اترتی ہے ۔

کینہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ دشمنی ۔ کھوٹ ۔ کپٹ ۔ حسد ۔

کینہ کش یا کینہ ور ۔ ف ۔ صفت ۔ دشمنی رکھنے والا ۔ کینہ رکھنے والا ۔ دشمن ۔

کیوان ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک بہت اُونچے ستارے کا نام ساتواں آسمان ۔

کیوڑا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک درخت اور اُس کے پھُول کا نام ۔ کیوڑے کا عرق ۔

کیول ۔ س ۔ تابع فعل ۔ ایک ۔ اکیلا ۔ صرف ۔ تمام ۔ خدا کا علم ۔

کیوں ۔ ہ ۔ کلمۂ استفہام ۔ کس لئے ۔ کس سبب سے ۔ کیا باعث ۔ سوال اور استفسار کے موقع پر ۔ جیسے کیوں اب تو آرام آگیا ۔

کیونکر ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کس طرح ۔ کیسے ۔ کس وجہ سے ۔ کس لئے ۔ کس ڈھنگ سے ۔

کیونکہ ۔ ہ ۔ برائے علت ۔ اِس لئے کہ ۔ اس واسطے کہ ۔

کیوں نہ ہو ۔ ہ ۔ کلمۂ تحسین و آفرین ۔ سبحان اللہ ۔ واہ وا کیا کہنا ہے ۔

کیوں نہیں ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ کس لئے انکار کرتے ہو ۔ کیا سبب ۔ کیا وجہ ۔ ضرور ۔ بے شک ۔ ایسا ہی ہے ۔ کون انکار کر سکتا ہے ۔

گ

گ ۔ ف ۔ مذکر ۔ اردو ۔ الف ۔ بے کا انتیسواں (۲۹) حرف ۔

گ ۔ ا

گابھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ جانوروں کا حمل ۔

گات ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جسم ۔ بدن ۔ جسامت ۔ عورت کی پستان ۔ دھج ۔

گاتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی اوڑھنے کی چادر یا دوشالہ ۔

گاجر ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی میٹھی جڑ ۔ حقارتاً ۔ کوئی ادنیٰ اور معمولی چیز ۔

گاچ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا جالیدار کپڑا ۔

گاد ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تلچھٹ ۔ پانی کے نیچے بیٹھی ہوئی گرد ۔

گارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گُوندھی ہوئی مٹی ۔

گارد ۔ ا ۔ مذکر ۔ پہرے دار ۔ لشکر کے گرد گشت کرنیوالا گروہ ۔ چوکی ۔ چند سپاہیوں کا مجموعہ ۔

گارڈ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ ریل کا محافظ ۔ ریلوے ٹرین کا نگہبان ۔

گاڑنا ۔ ہ ۔ دبانا ۔ دفن کرنا ۔ کھود کر جمانا ۔ کھڑا کرنا ۔ ٹھونکنا ۔

گاڑھا ۔ ہ ۔ صفت ۔ جو پتلا نہ ہو ۔ ٹھوک کر بنا ہوا ۔ گہرا ۔ دلی ۔

گاڑھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گاڑھا کی تانیث ۔

گاڑھی چھننا ۔ ہ ۔ کیچڑ سی بھنگ بننا ۔ گہری دوستی ہونا ۔ گہرا نشہ ہونا ۔ نہایت اَن بَن ہونا ۔

گاڑی ۔ آدمیوں کے سوار ہونے کی بہلی ۔ بگھی ۔ ریل گاڑی

گاڑی بان یا گاڑی وان ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گاڑی چلانے والا کوچوان ۔

گاڑی خانہ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بگھی یا گاڑی کے رہنے کا مکان ۔

گاڑی کاٹنا ۔ ہ ۔ چلتی گاڑی میں سے کچھ چرا لینا ۔ ریلوے ٹرین میں سے کسی گاڑی کو علیحدہ کرنا ۔

گازر ۔ ف ۔ مذکر ۔ کپڑے دھونیوالا ۔ دھوبی ۔

گاس ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ ہو ۔ ایک قسم کا دھواں جو اکثر کوئلوں یا ہڈیوں وغیرہ میں رہتا ہے ۔

گاگر ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تانبے یا پیتل کا گھڑا ۔

گال ۔ ہ ۔ مذکر ۔ رخسار ۔ ڈینگ ۔ شیخی ۔ وہ مٹھی بھر اناج جو چکی کے منہ میں ایک دفعہ ڈالا جائے ۔

گال بجانا ۔ ہ ۔ بکواس کرنا ۔ ڈینگ مارنا ۔ شیخی بگھارنا ۔

گال پچ جانا یا لٹک جانا یا پچک جانا ۔ ہ ۔ پھُولے ہوئے رخساروں کا جبڑے سے لگ جانا ۔ گالوں

گاو بالا پڑ جانا ۔

گال پر گال چڑھنا ۔ ہ ۔ گالوں کا پھول جانا ۔ بہت موٹا ہو جانا ۔

گال پھلانا ۔ ہ ۔ گالوں میں ہوا بھرنا ۔ موٹا ہونا ۔ کچوری سے گال کر لینا ۔ خفا ہونا ۔

گالا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دُھنی ہوئی روئی کا گولا ۔

گالم گلوج ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گالی گلوج ۔ گالیاں ۔

گالی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بُری بات ۔ فحش بات ۔

گالی دینا یا سُنانا ۔ ہ ۔ بُری بات منہ سے نکالنا ۔ بدزبانی کرنا ۔

گالی گُفتا یا گالی گُفتار یا گالی گلوج ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گالیوں کی لڑائی ۔ تُو تُو ۔ مَیں مَیں ۔ بدزبانی ۔

گالیوں پر اُترنا ۔ ہ ۔ گالیاں دینے لگنا ۔

گالیوں کا جھاڑ باندھنا یا گالیوں کی بوچھاڑ کرنا ۔ ہ ۔ لگاتار گالیاں دینا ۔ برابر گالیاں دیتے جانا ۔

گام ۔ ف ۔ مذکر ۔ قدم ۔ چلنے میں دونوں پاؤں کے درمیان کا فاصلہ ۔ ایڑی سے انگوٹھے تک کی لمبائی ۔ آدھ گز لمبا ۔

گانا ۔ ہ ۔ راگ میں کہنا ۔ الاپنا ۔ مشہور کرنا ۔ بیان کرنا ۔ سراہنا بکنا ۔ مذکر ۔ نغمہ ۔ راگ ۔

گانا بجانا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ راگ رنگ ۔ راگ گانا اور طبلہ بجانا ۔

گانٹھ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گرہ ۔ جوڑ ۔ گلٹی ۔ جیب ۔ تھیلی ۔ گٹھڑی ۔ پیکٹ ۔ بل ۔ عداوت ۔ قول و قرار ۔

گانٹھ باندھنا ۔ ہ ۔ گرہ دینا ۔ یاد رکھنا ۔ آپس میں قول و قرار کرنا ۔ جوڑ لگانا ۔

گانٹھ پڑنا ۔ ہ ۔ گرہ لگنا ۔ عداوت ہونا ۔ گٹھلیاں پڑنا ۔

گانٹھ سے جانا ۔ ہ ۔ جیب سے نکلنا ۔ ذاتی نقصان ہونا ۔

گانٹھ کا پورا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مالدار ۔ دولتمند ۔ امیر ۔

گانٹھ کا پورا ہیے کا اندھا ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ بے وقوف مالدار ۔

گانٹھ کا دینا اور لڑائی مول لینا ۔ ا ۔ محاورہ ۔ اپنا پیسہ قرض دینا اور لڑائی خریدنا برابر ہے ۔

گانٹھ کاٹنا یا گانٹھ کترنا ۔ جیب کترنا ۔ مال مارنا ۔ لوٹنا ۔ زیادہ قیمت لینا ۔

گانٹھ کھولنا ۔ ہ ۔ گرہ دُور کرنا ۔ تھیلی کھولنا ۔ خوب خرچ کرنا ۔ کینہ دُور کرنا ۔

گانٹھ گرہ میں ہونا یا گانٹھ میں زر ہونا یا گانٹھ میں ہونا ۔ ہ ۔ نقدی پاس ہونا ۔

گانٹھنا ۔ ہ ۔ باندھنا ۔ گرہ لگانا ۔ جوڑنا ۔ موٹی موٹی سِلائی کرنا ۔ دولت بنانا ۔ جکڑنا ۔ دشمن کے وار کو روکنا ۔

گانجھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بھنگ کے پھولوں کا بنایا ہوا نشہ ۔

گانو یا گانوں یا گاؤں ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بستی ۔ موضع ۔ ٹھکانا ۔ کھیڑا ۔

گانہ ۔ ف ۔ حرف نسبت ۔ جیسے ۔ مانند ۔ مثل ۔ جیسے پنجگانہ چہارگانہ ۔

گاؤ ۔ ف ۔ مذکر ۔ بیل ۔ مؤنث ۔ گائے

گاؤ تکیہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ بڑا تکیہ جس سے کمر لگا کر فرش پر بیٹھتے ہیں ۔

گاؤ چشم ۔ ف ۔ صفت ۔ بڑی آنکھوں والا ۔

گاؤ خورد ہونا ۔ ا ۔ گائے کے چرنے میں آجانا ۔ جاتا رہنا برباد ہو جانا ۔

گاؤ دُم ۔ ف ۔ صفت ۔ گاجر کی وضع کا لمبوترا ۔ ایک باجے کا نام

گاؤ زبان ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی روئی ۔ ایک قسم کی بُوٹی

گاؤ زمین ۔ ف ۔ مؤنث ۔ وہ گائے جس کی پیٹھ پر تمام دنیا ٹھہری ہوئی بتائی جاتی ہے ۔

گاؤ زور ۔ ف ۔ صفت ۔ بڑا طاقتور ۔ بلوان ۔

گاؤ زوری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بل ۔ طاقت ۔ کشتی کے ایک پیچ کا نام ۔

گاؤ عنبر ۔ ف ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک سمندری گائے ۔ مالدار آدمی ۔

گاؤ کُشی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گائے کا مارنا ۔ گئوہتیا ۔

گاؤمیش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بھینس ۔

گادا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گائے کا ۔

گاؤدی ۔ ف ۔ صفت ۔ احمق ۔ بے وقوف ۔ بے سمجھ ٭

گاہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ تخت ۔ گدّی ۔ وقت ۔ جگہ ۔ باری ۔ مرتبہ ۔ کبھی ٭

گاہ بگاہ ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ کبھی کبھی کسی کسی وقت ٭

گاہ بیگاہ ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ وقت بے وقت ۔ وقتاً فوقتاً ٭

گاہ گاہ ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ کبھی کبھی ۔ بھولے بسرے ٭

گاہک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خریدار ۔ طلب کرنے والا ۔ مانگنے والا ۔

گاہکی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ خریداری ۔ مانگ ۔ طلب ٭

گاہکی پٹنا ۔ ہ ۔ سودا بننا ۔ معاملہ بننا ٭

گاہنا ۔ ہ ۔ مسلنا ۔ روندنا ۔ اناج پر بیلوں کا پھرانا ٭

گاہے ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ کبھی ۔ کسی وقت ۔ بھولے بسرے

گاہے گاہے یا گاہے ماہے ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ کبھی کبھی ٭

گائے ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ مادہ گاؤ ۔ گئو ۔ صفت ۔ غریب ۔ بے چارہ

گائے کو سینگ بھاری نہیں ہوتے ۔ ہ ۔ کہاوت اپنی چیز خواہ تکلیف ہی دینے والی ہو ۔ بُری نہیں لگتی ٭

گ ۔ ب

گبدا ۔ ہ ۔ صفت ۔ موٹا ۔ گدرایا ہوا ۔ بدن بھرا ہوا ٭

گبر ۔ ف ۔ مذکر ۔ چلتہ ۔ زرہ بکتر ۔ آگ کی پوجا کرنے والا ۔ پارسی ٭

گبرو ۔ ہ ۔ صفت ۔ نوجوان ۔ پٹھا ۔ مذکر ۔ ہندو: ۔ دُولھا ۔ خاوند پتی ٭

گبریلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک کیڑے کا نام جو گوبر میں رہتا ہے ٭

گبھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گدیلا ۔ گدّا ٭

گ ۔ پ

گپ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بات ۔ ذکر ۔ کوئی دلچسپ بات ا ۔ ڈینگ ۔ شیخی ۔ جھوٹی خبر ۔ بکواس ۔ دفعتہً ڈوب جانے کی آواز ٭

گپ شپ ۔ ا ۔ مؤنث ۔ دل لگی کی باتیں ۔ جھوٹی سچی باتیں ٭

گپ مارنا یا ہانکنا ۔ ا ۔ جھوٹ بولنا ۔ شیخی بگھارنا ٭

گُپ ۔ ہ ۔ صفت ۔ اندھیرے کی صفت میں آتا ہے ۔ جس کے معنی زیادتی اور بہتات کے آتے ہیں ۔ وہ آواز جو بیہوشی میں کان میں آتی ہے ۔ سنسان

گپ چُپ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ خاموشی ۔ چپ چاپ ۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ۔ ایک مٹھائی کا نام ٭

گُپت ۔ س ۔ صفت ۔ چُھپا ہوا ۔ تابع فعل ۔ چُھپکے سے چھپے چھپے ٭

گُپت دان ۔ س ۔ مذکر ۔ ایسی خیرات جس کی کسی آدمی کو خبر نہ ہو

گُپت مال ۔ ا ۔ مذکر ۔ چھپا ہوا مال ۔ گاڑا ہوا خزانہ ٭

گپتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ تلوار جو لکڑی کے اندر چھپی رہے ۔ ایک قسم کی تلوار ٭

گُپھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ غار ۔ کھو ۔ جھاڑی ۔ جنگل ۔ بیلا ٭

گپھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ جُھبّا ۔ پھُندنا ۔ گچھا ٭

گپی یا گپیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شیخی بگھارنیوالا ۔ بیہودہ باتیں کرنے والا ٭

گ ۔ ت

گت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چال ۔ حال ۔ ریت ۔ علم ۔ تدبیر ۔ علاج ۔ کریا کرم ۔ مُکتی ۔ نجات ۔ مار پیٹ ۔ لے ۔ تان ۔ ڈھنگ ۔ وضع ۔ ناچنے کا انداز ٭

گت بجانا ۔ ہ ۔ سارنگی یا ستار کی کوئی لے چھیڑنا ۔ نغمہ بجانا ۔

گت بنانا ۔ ہ ۔ ڈھنگ بنانا ۔ طرز اختیار کرنا ۔ ساز درست کرنا ۔ خراب حال کرنا ۔ مارنا ٭

گت بھرنا ۔ ہ ۔ ناچنے کا کوئی ٹھاٹھ کرنا ٭

گت کا ۔ ہ ۔ صفت ۔ ڈھنگ کا ۔ اچھی وضع کا ۔ اچھا ٭

گتکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پٹا کھیلنے کی لکڑی چمڑا چڑھی ہوئی ڈانڈ ٭

گتم گتھا ۔ ہ ۔ صفت ۔ غٹ پٹ ۔ گلمجب ۔ کشتم کشتا ٭

گتھنا ۔ ہ ۔ باہم لپٹنا ۔ غٹ پٹ ہونا ۔ پرو یا جانا ۔ نتھی ہونا ٭

گُتھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گرہ ۔ اُلجھن ۔ پنجاب ۔ تھیلی ؛
گتی ۔ س ۔ مؤنث ۔ مکتی ۔ نجات ؛

گ ۔ ٹ

گٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ٹخنا ۔ ٹخنے کی ہڈی ۔ کلائی کا جوڑ ۔ ڈاٹ ۔ حقّہ کی وہ بندش جہاں پر دونوں نے مل کر حقہ کے اندر رکھی جاتی ہیں ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔ نیچے بچھانے کے کنکر یا روڑی ۔ ہاتھ یا پاؤں کی وہ جگہ جو رگڑ کھانے کے سبب سخت ہو جاتی ہے ۔ وہ نشان جو سجدوں سے پیشانی پر پڑ جاتا ہے ؛
گٹ پٹ ۔ ا ۔ مؤنث ۔ انگریزی زبان میں بات چیت ؛
گٹ پٹ ۔ ہ ۔ صفت ۔ گتھم گتھا ۔ گڈمڈ ۔ خلط ملط ؛
گٹکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دوا کی گولی ۔ گولی ۔ گوٹ ۔ ایک قسم کی مٹھائی ایک قسم کا مصالحہ جو پان کی بجائے کھایا جاتا ہے ؛
گٹکری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ آواز جو گلے سے لہرا کے نکلتی ہے ؛
گٹ گٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جلد جلد پینے کی آواز ۔ چھوٹے منہ کے برتن سے پانی انڈیلنے کی آواز ؛
گٹھ کٹا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ جیب کترا ۔ اُچکا ۔ ٹھگ ۔ وہ دکاندار جو تول اور مول میں دغا کرے ؛
گٹھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بوجھا ۔ بھار ۔ بڑی گٹھڑی ۔ گانٹھ ۔ جریب کا بیسواں حصہ ؛
گٹھانا ۔ ہ ۔ سلوانا ۔ پیوند لگوانا ۔ موٹی موٹی سلائی کرانا ؛
گٹھ جانا ۔ ہ ۔ سل جانا ۔ مرمت ہو جانا ۔ مل جانا ۔ ایک ہو جانا ۔ جوڑا لگ جانا ؛
گٹھڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بڑی گٹھڑی ۔ گٹھا ۔ بوجھا ؛
گٹھڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بقچی ۔ پوٹ ۔ پونجی ۔ اندازہ ۔ مقدار ۔ ایک طرف کی تیرائی کا نام ؛
گٹھڑی باندھنا ۔ ہ ۔ بقچہ باندھنا ۔ پونجی جوڑنا ۔ سفر کو تیار ہونا ؛
گٹھڑی کر دینا ۔ ہ ۔ ہاتھ پاؤں توڑ کر یا باندھ کر ایک جگہ ڈال دینا ۔ باندھ کر پوٹ بنا دینا ؛
گٹھل ۔ ہ ۔ صفت ۔ بڑی گٹھلی کا ۔ بے مغز ۔ غبی ۔ بندھا ہوا مذکر ۔ گرہ ۔ گانٹھ ؛
گٹھلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پھل کا بیج ۔ غدود ۔ گلٹی ۔ شدہ ؛
گٹھنا ۔ ہ ۔ پیوند لگنا ۔ ٹانکا بھرا جانا ۔ مل جانا ۔ ٹھیک ہونا ۔ آواز ملنا ؛
گٹھوت ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ آنٹ سانٹ ۔ میل ملاپ ؛
گٹھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گانٹھ ۔ گرہ ۔ پوتھی ۔ جوڑ ۔ بند ؛
گٹھیا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ جوڑوں کا درد ۔ چھوٹی گٹھڑی ۔ پوٹلی ؛
گٹھیلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ گرہ دار ۔ گانٹھوں والا ۔ مضبوط ۔ سخت گٹھا ہوا ؛
گٹی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ریل جس پر تاگے لپٹے ہوتے ہیں ۔ چلم کی کنکری ؛

گ ۔ ج

گج ۔ س ۔ مذکر ۔ ہاتھی ۔ فیل ۔ صفت :۔ کلاں ۔ بڑا ؛
گج پال ۔ س ۔ مذکر ۔ ہاتھی بان ۔ مہاوت ۔ فوجدار ؛
گج راج ۔ س ۔ مذکر ۔ بڑا ہاتھی ؛
گج نال ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بہت بڑی توپ ۔ جنگی توپ ؛
گجر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پہر کا باجا ۔ گھنٹے کی آواز ۔ الارم ۔ صبح کی نوبت ۔ لال اور سفید ملے ہوئے گیہوں ؛
گجر بجنا ۔ ہ ۔ گھنٹہ کا مکرر بجنا ۔ صبح کا گھڑیاں بجانا ۔ تڑکا ہونا
گجردار ۔ ا ۔ صفت ۔ گجردار ۔ وہ گھنٹہ جس میں الارم لگا ہوا ہو ؛
گجردم یا گجر بجے ۔ ا ۔ مذکر ۔ منہ اندھیرے ۔ تڑکے ؛
گجرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ پاس پاس گتھا ہوا ہار ۔ پھولوں کا گہنا جو عورتیں ہاتھ میں پہنتی ہیں ۔ گلے کے ایک زیور کا نام ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ؛
گجری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گوجر کی عورت ۔ ایک مٹی کے کھلونے کا نام ؛
گجگجانا ۔ ہ ۔ کیڑوں کا کلبلانا ۔ کلبل کلبل کرنا ۔ رینگنا ؛

گجگجی ۔ ہ ۔ صفت ۔ کچی اور ملائم ؛

گجھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بہت سا سامال ۔ خزانہ ۔ ڈھیر ؛

گ ۔ چ

گچ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چونہ ۔ فرش ۔ کسی نرم چیز میں کسی سخت چیز کے دھسنے کی آواز ۔ صفت ۔ گاڑھا ؛

گچ کاری ۔ ا ۔ مؤنث ۔ چونے کا کام ۔ چونے گچی کا کام ؛

گچ پچ ۔ ہ ۔ صفت ۔ کھچا کھچ آدمیوں کی کثرت ۔ پاس پاس ؛

گچھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ اناج کی بال ۔ جھرمٹ ۔ بھیڑ ۔ پھندنا ۔ لچھا ۔ کسی چیز کا ڈھیر ۔ چند پھلوں کا مجموعہ جو ایک شاخ میں ہوں ؛

گچی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چھوٹے منہ کا گڑھا جس میں بچے کوڑیوں سے کھیلتے ہیں ؛

گ ۔ د

گد ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ زمین پر ٹپکنے کی آواز ۔ دھم ؛

گدا ۔ ف ۔ مذکر ۔ بھکاری ۔ فقیر ۔ منگتا ؛

گداگری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ فقیری ۔ بھیک مانگنے کا کام ؛

گدا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کسی اناج کا خوشہ جو پک جانے کے قریب ہو ۔ گدیلا ۔ توشک ؛

گدا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ڈالا ۔ درخت کی شاخ جو موٹی اور مضبوط ہو ؛

گداز ۔ ف ۔ صفت ۔ پگھلا ہوا ۔ گھلا ہوا ۔
مذکر ۔ جلن ۔ پگھلاہٹ ۔ گھلاوٹ ۔ مرکبات میں فاعل ترکیبی کے معنوں میں جیسے جانگداز ۔ دلگداز ۔
ا ۔ نرم ۔ ملائم ؛

گدازی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پگھلاہٹ ۔ گھلاوٹ ۔ نرمی ؛

گداکا ۔ ہ ۔ صفت ۔ خوبصورت اور سڈول ۔ گبرو ؛

گداگد ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پے در پے گرنے کی آواز ۔ ایک کے اوپر ایک گرنے کی آواز ۔ لگاتار ۔ برابر ؛

گدائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ فقیری ۔ بھیک مانگنا ؛

گدبد ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ اوپر تلے گرنے کی آواز ۔ متواتر گرنے کی آواز ؛

گدر ۔ ہ ۔ صفت ۔ آدھا پکا ۔ آدھا کچا اور آدھا پکا ۔ ملائم ؛

گدرانا ۔ ہ ۔ پھل کا پک جانے کے قریب پہنچنا ۔ جوانی میں بھرنا ۔ آنکھ دکھنے کو آنا ؛

گدڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ فقیروں کا اوڑھنے کا کپڑا جس میں بہت سے پیوند لگے ہوئے ہوتے ہیں ۔ بے میل اور مختلف چیزوں کا مجموعہ ۔ پرانی چیزیں بیچنے کا بازار ؛

گدڑیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ شخص جو گدڑی پہنے رہے ۔ پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا ۔ مؤنث : ۔ چھوٹی گدڑی ؛

گدکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ دیکھو (گتکا) ؛

گدگدا ۔ ہ ۔ مونث ۔ نرم ۔ گدرایا ہوا ۔ موٹا تازہ ؛

گدگدانا ۔ ہ ۔ انگلیوں سے بغلوں یا تلووں یا پیٹ وغیرہ کو سہلا کے ہنسی دلانا ۔ چلچلانا ۔ اکسانا ۔ چھیڑنا ۔ مذاق کرنا ؛

گدگداہٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گدگدی کا اثر ۔ چل ۔ سلسلاہٹ

گدگدی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بغل یا تلوے وغیرہ کو کھجلی ہونا ۔ لہر ۔ شوق ؛

گدلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ گادلا ہوا ۔ میلا ۔ گاڑھا ؛

گدلاپن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کدورت ۔ میل ۔ گاڑھا ؛

گدلانا ۔ ہ ۔ پانی کا مکدر ہونا ۔ میلا ہونا ؛

گدنا ۔ ہ ۔ سوئے سے ہاتھوں اور بازوؤں وغیرہ میں چھید کر کے سرمہ بھرا جانا ۔ گچویا جانا ؛

گدھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک چیل کی قسم کا پرند ۔ ایک قسم کی تینگ ؛

گدھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ خر ۔ کھوتا ۔ گدھے کا بوجھا ۔ صفت : ۔ احمق ۔ بیوقوف ؛

گدھاپن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بیوقوفی ۔ مورکھ پن ؛

گدھا کیا جانے زعفران کی قدر ۔ ا ۔ محاورہ ۔ بیوقوف عہدے اور منصب کی قدر نہیں پہچانتا ؛

گدھا گھوڑا ایک بھاؤ ۔ گدھا گھوڑا ایک برابر ۔

و۔ کہاوت۔ اچھی بُری چیز کا ایک بھاؤ اور نرخ ؛

گدھوں سے ہل چلیں تو بیل کیوں بسائیں۔ ہ۔ کہاوت۔ اگر نادانوں سے عقلمندوں کا کام نکلے تو عقلمندوں کو کون پوچھے ؛

گدھوں کے ہل پلنا یا پھرنا۔ ہ۔ کسی شہر کا ایسا تباہ ہونا کہ وہاں گدھے چرتے نظر آئیں۔ نہایت ویران ہونا ؛

گدھے پر چڑھانا یا سوار کرنا۔ ہ۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا ؛

گدھے پر کتابیں لادنا۔ ہ۔ بیوقوف کو علم پڑھانا ؛

گدھے کو انگوری باغ۔ و۔ محاورہ۔ بیوقوف کو بڑا رتبہ۔ نالائق کو بڑا کام ؛

گدھے کو نُوری حلوا شکر یا گلقند۔ و۔ کہاوت بیوقوف کو بڑا کلام ؛

گدھی۔ ہ۔ مؤنث۔ کھوتی۔ احمق عورت ؛

گُدّی۔ ہ۔ مؤنث۔ گردن کا پچھلا حصہ۔ گردن کی پُشت ہتھیلی کا گوشت ؛

گدّی۔ ہ۔ مؤنث۔ سنگھاسن۔ تخت۔ غالیچہ دُکاندار کے بیٹھنے کی جگہ۔ کسی بزرگ یا درویش کے رہنے کی جگہ۔ کاغذ کی تہ جس پر کاغذ رکھ کر لکھتے ہیں۔ تہ کئے ہوئے کپڑوں کا مجموعہ ؛

گدّی پر بٹھانا۔ ہ۔ تخت پر بٹھانا۔ حکومت سونپنا۔ کسی پیر یا فقیر کا جانشین کرنا ؛

گدّی سے اُتارنا۔ ہ۔ تخت سے اُتارنا۔ بادشاہی کے اختیارات لے لینا ؛

گدّی نشین۔ ا۔ مذکر۔ وہ شخص جو تخت پر بیٹھے فقیروں یا پیروں وغیرہ کی گدی پر بیٹھنے والا ؛

گدّی نشینی۔ ا۔ مؤنث۔ تخت پر بیٹھنا۔ حکومت۔ پیر یا فقیر وغیرہ کی جانشینی ؛

گدیلا۔ ہ۔ مذکر۔ روئی بھرا ہوا گیبھا۔ تونشک۔ ہاتھی کے اوپر رکھنے کی گدیتی ؛

گ۔ ڈ

گڈ۔ انگ۔ صفت۔ اچھا۔ عمدہ۔ مبارک۔ نیک۔ مفید

گڈا۔ (پنجابی) مذکر۔ چھکڑا۔ لادنے کی گاڑی۔ مٹھا۔ بنڈل

گڈا۔ ہ۔ مذکر۔ پُتلا۔ بُت۔ گڑیا کا نر جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں۔ بدنامی کا پُتلا ؛

گڈا بنانا۔ ہ۔ رُسوا کرنا۔ بدنام کرنا ؛

گڈامی۔ و۔ مذکر۔ پاجی۔ لعنتی۔ مردود ؛

گڈریا۔ ہ۔ مذکر۔ بھیڑوں اور بکریوں کا چرواہا ؛

گڈز ٹرین۔ انگ۔ مؤنث۔ وہ ریل جس میں مال اسباب آتا جاتا ہے۔ مال گاڑی ؛

گڈمڈ۔ ہ۔ صفت۔ رلا۔ ملا ؛

گڈھ یا گڑھ۔ ہ۔ مذکر۔ کوٹ۔ قلعہ۔ چھوٹا قلعہ ؛

گڈھی گڑھی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا قلعہ۔ کوٹ ؛

گڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ بنڈل۔ مٹھا ؛

گڈی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا پتنگ۔ ایک قسم کا حقہ ؛

گ۔ ر

گُر۔ ہ۔ مذکر۔ گُرو کا مخفف۔ پیر۔ استاد۔ بزرگ۔ کلیہ قاعدہ۔ اصُول۔ ا۔ نکتہ۔ باریکی ؛

گُربھائی۔ ہ۔ مذکر۔ ایک ہی استاد کے چیلے۔ پیر بھائی۔ ہم جماعت ؛

گُردوارا۔ ہ۔ مذکر۔ گُرو کے رہنے کا مکان۔ پیر کی گدی سکھوں کا دھرم سالہ ؛

گُر گُڑ ہی رہے چیلے شکر ہو گئے۔ ا۔ کہاوت۔ مرید مرشد سے یا شاگرد استاد سے بھی بڑھ گئے ؛

گُرگیان۔ ہ۔ مذکر۔ وہ علم یا نصیحت جو گُرو اپنے چیلے کو بتاتا ہے ؛

گُرماتا۔ ہ۔ مؤنث۔ گُرو کی بیوی۔ مرشد کی بیوی ؛

گُرمکھی۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ زبان جو گرو بولتا ہے بابا نانک صاحب

کی پنجابی زبان جس میں گرو گرنتھ صاحب لکھا گیا ہے ۔
گُرمنتر ۔ ہ ۔ مذکر ۔ مرشد کی نصیحت ۔ گرو کا سکھایا ہُوا علم
گرآ ۔ ہ ۔ صفت ۔ سُرخی مائل ۔ لاکھی رنگ کا ۔
گراب ۔ ا ۔ مذکر ۔ توپ کا گولہ جس میں بہت سی گولیاں بھری ہوئی ہوتی ہیں ۔
گرام ۔ س ۔ مذکر ۔ گاؤں ۔ بستی ۔ راگ کی اُٹھان ۔
گرامی ۔ ف ۔ صفت ۔ جس کی عزت کی جائے ۔ بزرگ ۔ عزیز ۔ پیارا ۔
گران ۔ ف ۔ صفت ۔ وزنی ۔ بھاری ۔ مہنگا ۔ دوبھر ۔ مشکل ۔
گراں بار ۔ ف ۔ صفت ۔ بھاری بوجھ میں لدا ہوا ۔ پھل لانے والا ۔ مالدار ۔
گراں بہا ۔ ف ۔ صفت ۔ قیمتی ۔ انمول ۔ عمدہ ۔ قدر کے قابل ۔
گراں جاں ۔ ف ۔ صفت ۔ نہایت بوڑھا اور بے حیا زندگی والا ۔ سخت جان بیچارہ ۔ جان سے تنگ ۔
گراں جانی ۔ ف ۔ صفت ۔ سخت جانی ۔ بے حیائی ۔
گراں خاطر ۔ ف ۔ ع ۔ صفت ۔ ناگوار ۔ دوبھر ۔ اجیرن ۔ غمگین ۔ ناراض ۔
گراں گزرنا یا معلوم ہونا یا ہونا ۔ ا ۔ ناگوار گزرنا ۔ دوبھر ہونا ۔ دل کو بُرا ہونا ۔
گرانا ۔ ہ ۔ نیچے ڈالنا ۔ پھینکنا ۔ ڈھانا ۔ مرتبہ گھٹانا ۔ قیمت کم کرنا ۔
گرانڈ جوری ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ بڑی پنچایت جو کسی مقدمہ کے فیصل کرنے کے لئے مقرر کی جاتی ہے ۔
گرانی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ مہنگا پن ۔ بھاؤ کی تیزی ۔ کال ۔ بدہضمی ۔ بوجھ ۔
گرائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پکڑ ۔ گرفتاری (ا) وہ محکمہ جو ٹھگوں کو گرفتار کرتا ہے ۔
گرب ۔ س ۔ مذکر ۔ مان ۔ گمان ۔ غرور ۔ گھمنڈ ۔

گربہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بلی جو چوہے پکڑتی ہے ۔
گربہ چشم ۔ ف ۔ صفت ۔ بلی کی سی آنکھوں والا ۔ نیلی آنکھوں والا ۔
گربہ کشتن روز اول ۔ ف ۔ ع ۔ کہاوت ۔ رعب پہلے ہی جمانا چاہیئے ۔ رعب پہلے ہی دن خوب بیٹھتا ہے ۔
گربہ مسکین ۔ ف ۔ صفت ۔ غریب حرامزادہ ۔ مسمسی صورت والا ۔ مکار ۔ فریبی ۔
گربھ ۔ س ۔ مذکر ۔ حمل ۔ آدھان ۔ پیٹ ۔
گرتا پڑتا ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ گر پڑ کر ۔ جوں توں کر کے ۔ مشکل سے ۔
گر پڑنا ۔ ہ ۔ نیچے آرہنا ۔ نہایت کمزور ہو جانا ۔ تباہ ہو جانا ۔ برباد ہو جانا ۔
گرج ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کڑک ۔ بادل کی آواز ۔ شیر کی آواز ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ ۔ چیخ ۔
گرجا ۔ پرتگالی ۔ مذکر ۔ عیسائیوں کے عبادت کرنے کی جگہ ۔ چرچ ۔
گرجا کرنا ۔ ا ۔ عیسائیوں کا اپنے عبادت خانے میں نماز پڑھنا ۔
گرجتے ہیں سو برستے نہیں ۔ ہ ۔ کہاوت ۔ غل مچانے والا کوئی کام نہیں کر سکتا ۔ شیخی بازوں کی باتیں ہی باتیں ہوتی ہیں ۔
گرجنا ۔ ہ ۔ کڑکنا ۔ بجلی کا آواز نکالنا ۔ چلا کر بولنا ۔
گرجی ۔ ف ۔ صفت ۔ گرجستان سے متعلق ۔ گرجستان کا باشندہ ۔ ایک قسم کا کتا ۔ نوکر کا لڑکا ۔
گرد ۔ ف ۔ مؤنث ۔ غبار ۔ راکھ ۔ دھول ۔ ا ۔ بے اصل بے حقیقت ۔
گرد اٹھنا ۔ ا ۔ غبار کا ہوا پر بلند ہونا ۔ خاک اڑنا ۔
گرد اڑنا ۔ ا ۔ دھول اڑنا ۔ خاک اڑنا ۔ برباد ہونا ۔
گرد آلود یا گرد آلودہ ۔ ف ۔ صفت ۔ دھول ملا ہوا جس میں خاک ملی ہوئی ہو ۔

گِرد باد - ف - مذکر - بگولہ - ہوا کا چکر ٭

گَرد جھاڑنا - ہ - غبار دور کرنا - دھُول دور کرنا - سزا دینا - پِٹنا ٭

گرد کرنا - ہ - ماند کرنا - بے رونق کرنا - ہرانا - کپڑے وغیرہ میلے کرنا ٭

گرد کو نہ پہنچنا - ہ - کسی طرح برابر نہ ہو سکنا - مقابلہ نہ کر سکنا - عاجز رہنا ٭

گرد ہو جانا - ہ - گرد میں دب جانا - مات ہو جانا - ماند ہو جانا - برابری نہ کر سکنا ٭

گرد ہونا - ہ - مات ہونا - پست ہونا - بے اثر ہونا - ماند ہونا - نہایت سہل اور آسان ہونا ٭

گِرد - ف - تابع فعل - حلقہ - گھیرا - چاروں طرف - آس پاس - ہ - پیچھے - سر - درپے ٭

گِرد نامہ - ف - مذکر - وہ تعویذ جس کے گرداگرد دعا لکھتے ہیں ٭

گِرد و نواح - ف - ع - مذکر - آس پاس کا علاقہ - پڑوس ٭

گِرد ہونا - ہ - پیچھے پڑنا - سر ہونا - درپے ہونا ٭

گَردا - ہ - مذکر - دھُول - گرد - غبار ٭

گِرداب - ف - مذکر - بھنور - گھُمن گھیری - پانی کا چکر ٭

گَرداباد - ہ - صفت - غبار ملا ہوا - دھُول ملا ہوا - تباہ - برباد

گِرداگِرد - ف - تابع فعل - چاروں طرف - سب طرف - آس پاس ٭

گَرداں - ف - صفت - پھرنے والا - گردش کرنے والا - ہ - الٹا ہوا - لوٹا ہوا ٭

گَردان - ہ - صفت - ہر پھر کر اپنی تہ پر آجانے والا - سدھا ہوا ٭

گَردان - ف - مؤنث - دور - پھراؤ - ترتیب کے موافق صیغوں کو پڑھنا - قرآن شریف کو باری باری سے پڑھنا ٭

گردانا - ہ - ترتیب کے مطابق صیغوں کو پڑھنا - لپٹنا - دُہرانا - دور کرنا - خیال کرنا - سمجھنا - باندھنا - گننا ٭

گِرداوَر - ف - مذکر - گشت کرنے والا عہدیدار - پٹواریوں کے حلقہ کا افسر ٭

گِرداوَری - ف - مؤنث - گرداور کا عہدہ - گشت - دورہ - نگرانی - گشت کرنیکا حلقہ ٭

گِرد بالِش - ف - مذکر - گول تکیہ - گالوں کے نیچے رکھنے کا تکیہ ٭

گَردِش - ف - مؤنث - چکر - پھیر - آوارگی - ہ - مصیبت - آفت ٭

گَردَن - ف - مؤنث - ناڑ - گلا ٭

گردن پر احسان ہونا - ہ - اپنے اوپر احسان ہونا -

گردن اُڑانا - ہ - گردن کاٹنا - سر اُڑانا - قتل کرنا ٭

گردن اینٹھنا - ہ - گردن کا اکڑ جانا ٭

گردن اینٹھی رہنا - ہ - اکڑا اور کھنچا رہنا - خفا رہنا ٭

گردن پر بوجھ ہونا - ہ - ناگوار ہونا - سر پہ عذاب ہونا - سر پر احسان ہونا ٭

گردن پر جوا رکھنا - ہ - بوجھ اُٹھانا - کوئی بھاری کام ذمے لینا - فرمانبرداری کرنا ٭

گردن پر خون لینا - ہ - کسی کے قتل کا گناہ لینا - قتل کا پاپ لینا ٭

گردن پر خون ہونا - ہ - کسی کے ناحق قتل کا گناہ سر ہونا - قتل کے گناہ کا مجرم ہونا ٭

گردن پر سوار ہونا - کسی کی گردن پہ چڑھنا - سر رہنا - سخت تقاضا کرنا - دھمکانا ٭

گردن پھنسانا - ہ - گردن کو پھندے میں پھنسانا - اپنے آپ کو خطرے میں ڈالنا - ذمہ لینا ٭

گردن جھکانا - ہ - گردن نیچے کرنا - اطاعت کرنا - شرمندہ ہونا - احسانمند ہونا ٭

گردن جھکنا - ہ - گردن نیچی ہونا - شرمندہ ہونا - احسان مند ہونا - اطاعت قبول کرنا ٭

گردن حلال کرنا - ہ - ذبح کرنا - قتل کرنا - نہایت

ستانا ۔

گردن زدنی ۔ ف ۔ صفت ۔ وہ شخص جو قتل کرنے کے قابل ہو ۔

گردنِ زمین ۔ ف ۔ مونث ۔ خشکی کا وہ قطعہ جو دو بڑے قطعوں کو ملائے ۔ خاکنائے ۔

گردن کش ۔ ف ۔ صفت ۔ باغی ۔ نافرمان ۔ مغرور ۔ و ۔ گستاخ ۔ فساد برپا کرنے والا ۔

گردن کشی ۔ ف ۔ مونث ۔ بغاوت ۔ نافرمانی ۔ غرور ۔ قوت ۔ شوخی ۔ گستاخی ۔

گردن مارنا یا ناپنا ۔ ا ۔ قتل کرنا ۔ سر اڑانا ۔

گردن ہلانا ۔ ا ۔ انکار کرنا ۔ مکرنا ۔

گردنا ۔ ا ۔ مونث ۔ چانٹا ۔ دھول ۔ دھپا ۔ نہایت موٹی گردن ۔

گردنی ۔ ف ۔ مونث ۔ گھوڑے پر ڈالنے کا کپڑا ۔ کشتی کے ایک داؤں کا نام ۔ ہندو: گلے کا ہار ۔

گردوں ۔ ف ۔ مذکر ۔ آسمان ۔ آکاش ۔ گاڑی ۔ رتھ ۔ جرثقیل کے ایک آلہ کا نام ۔

گردہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ٹکیا ۔ دائرہ ۔ ایک قسم کی روٹی ۔ ایک سکہ کا نام ۔ ا ۔ سر کے وہ بال جو تینوں طرف قائم اور بیچ میں سے ماتھے تک منڈھے ہوئے ہوتے ہیں ۔

گردہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک عضو کا نام ۔ ا ۔ ایک چھوٹی توپ جرأت حوصلہ ۔ دلیری ۔

گرڑ ۔ س ۔ مذکر ۔ ایک پرند کا نام ۔

گرز ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک وزنی ہتھیار کا نام ۔

گرز بردار ۔ ف ۔ مذکر ۔ گرز اٹھانیوالا ۔

گرس ۔ ا ۔ مذکر ۔ بارہ درجن کا مجموعہ ۔ ۱۴۴ عدد ۔

گرسنگی ۔ ف ۔ مونث ۔ بھوک ۔ اشتہا ۔

گرسنہ ۔ ف ۔ صفت ۔

گرفت ۔ ف ۔ مونث ۔ پکڑ ۔ قبضہ ۔ موٹھ ۔ و ۔ اعتراض روک ۔

گرفتار ۔ ف ۔ صفت ۔ پکڑا ہوا ۔ قیدی ۔ پھنسا ہوا ۔ عاشق ۔

گرفتاری ۔ ف ۔ مونث ۔ پکڑ ۔ اسیری ۔ قید ۔ الجھاؤ ۔ پھنساؤ ۔

گرفتگی ۔ ف ۔ مونث ۔ پکڑ ۔ رکاوٹ ۔ گھٹاؤ ۔ لکنت ۔ توتلاپن ۔

گرفتہ ۔ ف ۔ صفت ۔ پکڑا ہوا ۔

گرگ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک درندے کا نام ۔ بھیڑیا ۔

گرگِ باراں دیدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ نہایت تجربہ کار ۔ پرانا خرانٹ ۔

گرگِ کہن ۔ ف ۔ صفت ۔ بوڑھا اور پرانا بھیڑیا ۔ پرانا خرانٹ ۔ بڑا بھاری مکار ۔

گرگا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھوکرہ ۔ چیلا ۔ نوکر ۔ بدکار ۔ بدچلن ۔

گرگابی ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک انگریزی جوتا ۔

گرگٹ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک جانور کا نام جو اپنا رنگ بدلتا رہتا ہے ۔

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا ۔ ا ۔ گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ ہونا ۔ غصے کے مارے لال پیلا ہونا ۔

گرل سکول ۔ انگ ۔ مذکر ۔ لڑکیوں کا مدرسہ ۔

گرم ۔ ف ۔ صفت ۔ تپا ہوا ۔ جلتا ہوا ۔ جلا ۔ تند ۔ تیز ۔ رونق پر ۔ پرزور ۔ خفا ۔ ناراض ۔ چلبلا ۔ شوخ ۔

گرم بازاری ۔ ف ۔ مونث ۔ خوب بکری ۔ گاہکی اور خریداری کی کثرت ۔

گرم جوشی ۔ ف ۔ مونث ۔ گہری دوستی ۔ تپاک ۔ محبت ۔ ولولہ ۔ جوش ۔ کوشش ۔

گرم سرد ۔ ف ۔ تتا اور ٹھنڈا ۔ سہتا سہتا ۔ برا بھلا ۔ نرم سخت ۔ زمانہ کے برے بھلے دن ۔

گرم سرد اٹھانا یا سہنا یا دیکھنا ۔ ا ۔ برا بھلا وقت دیکھنا ۔ راحت اور مصیبت کا زمانہ دیکھنا ۔ تجربہ حاصل کرنا ۔

گرم سیر ۔ ف ۔ صفت ۔ وہ ملک جس کی آب و ہوا گرم

ہو۔ گرم ملک ؛

گرم کرنا ۔ ہ ۔ گرمی پہنچانا ۔ بھڑکانا ۔ غصّہ دلانا ۔ دوڑنا ؛

گرم گرم ۔ ف ۔ صفت ۔ جلد جلد ۔ شتاب ۔ شتاب ؛

گرم مزاج ۔ ف ۔ صفت ۔ وہ شخص جس کا مزاج صفراوی ہو ۔ غصیل ؛

گرم مزاجی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بدمزاجی ۔ سخت غصّہ آجانے کی عادت ؛

گرم ہونا ۔ ہ ۔ جلنا ۔ خفا ہونا ۔ بگڑنا ۔ رونق پکڑنا ۔ جمنا ؛

گرما ۔ ف ۔ مذکر ۔ گرمی کا موسم ؛

گرمابہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ نہانے کا گرم مکان ۔ حمّام ؛

گرما جانا ۔ ہ ۔ گرم ہو جانا ۔ جوش میں بھر آنا ۔ غصّہ میں بھر جانا ۔ مستی پہ آجانا ؛

گرما گرم ۔ ف ۔ صفت ۔ تتا تتا ۔ بھاپ اُٹھتا ہوا ۔ تازہ بتازہ ۔ ابھی کا ۔ پُراثر ۔ شوخ ۔ جوانی میں بھرا ہوا ؛

گرما گرمی ۔ ف ۔ تُرت ۔ برجستہ ۔ فوراً ؛

گرمانا ۔ ہ ۔ گرم ہونا ۔ غصّے میں بھرنا ۔ جوش میں بھرنا ۔ مستی میں بھرنا ؛

گرماہٹ یا گرمائی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گرمی ۔ حرارت ۔ شوخی ؛

گرمی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ تپش ۔ جلن ۔ گرمی کا موسم ۔ پاک محبّت ۔ شوخی ۔ رونق ۔ تیزی ۔ اُمنگ ۔ جوش ۔ غصّہ ؛

گرمی دانے ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھوٹے چھوٹے دانے جو گرمی کے موسم میں جسم پر ہو جاتے ہیں ؛

گرمی کرنا ۔ ہ ۔ طبیعت میں حرارت کا زیادہ کرنا ۔ شوخی کرنا ۔ شرارت کرنا ؛

گرمیاں کرنا ۔ ہ ۔ نہایت محبّت جتانا ۔ از حد تپاک سے پیش آنا ؛

گرنا ۔ ہ ۔ اوپر سے نیچے آپڑنا ۔ پھسلنا ۔ مائل ہونا ۔ کمزور ہونا ۔ ہارنا ۔ گھٹنا ۔ عاشق ہونا ۔ جلد کوئی کام اختیار کرنا ۔ بیمار ہونا ۔ ہجوم ہونا ؛

گرنتھ ۔ س ۔ مذکر ۔ مذہبی کتاب ۔ پوتھی ۔ سکھوں کی مذہبی کتاب ؛

گرو ۔ س ۔ مذکر ۔ پیر ۔ مرشد ۔ دھرم سکھانے والا اُستاد صفت ۔ بڑا ۔ بھاری ۔ عزت کے قابل ۔ مجازاً : بڑا بھاری چالاک ۔ شریر ۔ خرانٹ ؛

گرو گھنٹال ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ گرو جس کے آگے گھنٹہ بجتا چلے ۔ سب کا پیر ۔ مجازاً : بہت بڑا چالاک اور بدمعاش ؛

گرو ۔ ف ۔ مذکر ۔ رہن ۔ گرفتار ۔ مبتلا ؛

گرو دھرنا یا رکھنا یا کرنا ۔ ہ ۔ گہنے رکھنا ۔ کسی چیز کو نقدی کے عوض میں آڑ کرنا ؛

گرونامہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ رہن کا تمسک ۔ گہنے کا کاغذ ؛

گروہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ جتھا ۔ جماعت ۔ قسم ۔ ذات ؛

گروی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ رہن ۔ بندھک ۔ وہ چیز جو گرو رکھی گئی ہو ؛

گرویدہ ۔ ف ۔ صفت ۔ عاشق ۔ ہ ۔ سر ۔ درپے ۔ مرید چیلا ؛

گرہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گانٹھ ۔ بندھن ۔ جیب ۔ گچھا ۔ ہ ۔ گز کا سولھواں حصّہ ۔ بند ۔ جوڑ ۔ غم ۔ مشکل ۔ شدہ بند کے اخیر کا شعر ۔ ٹیپ کا شعر ۔ مال ۔ دولت ۔ صفت : بندھا ہوا ۔ بند ؛

گرہ باز ۔ ف ۔ صفت ۔ کاٹا کرنیوالا ۔ لوٹنی لینے والا ؛

گرہ باندھنا یا گرہ میں باندھنا ۔ ہ ۔ پلّے باندھنا ۔ یاد رکھنا ۔ سنبھال کر اور چھپا کر رکھنا ؛

گرہ پڑنا یا پڑ جانا ۔ ہ ۔ گانٹھ پڑنا ۔ اُلجھنا ۔ دل میں بل پڑنا ۔ دشمنی ہونا ؛

گرہ دار ۔ ف ۔ صفت ۔ بہت سی گانٹھوں والا ؛

گرہ سے جانا یا گرہ کا جانا ۔ ہ ۔ اپنی جیب سے خرچ ہونا ؛

گرہ کا بل - ا - مذکر - مال و دولت کا گھمنڈ ؛
گرہ کھلنا - ا - گانٹھ کھلنا - جیب سے کچھ نکل جانا ؛
گرہ کھولنا - ا - گانٹھ کھولنا - دل کا بل نکالنا ؛
گرہ گیر - ف - صفت - بل کھائے ہوئے - گرہ دی ہوئی
گرہ لگانا - ا - گانٹھ دینا - مصرعے پر مصرعے لگانا ؛
گرہ - س - مذکر - نوستاروں کا مجموعہ - بُرے دن ؛
گرہ آنا - ہ - بُرا ستارہ آنا - بُرے دن آنا ؛
گرہست - ہ - مذکر - دنیا دار - قبیلہ دار - کسان ؛
گرہستن - ہ - مؤنث - بیوی - خاوند والی عورت - کنبہ والی عورت ؛
گرہستی - ہ - مذکر - دنیا داری - قبیلہ داری - کسان پن - گھر کا اسباب - اٹالا ؛
گرہن - س - مذکر - گرفت - پکڑ - سورج اور چاند کو راہو کے پکڑ لینے کا وقت - کسوف و خسوف ؛
گری - ہ - مؤنث - مغز - گودا - بھیجا ؛
گریاں - ف - صفت - روتا ہوا ؛
گریباں - ف - مذکر - کپڑے یا پاجامے کا حصہ جو گلے کے نیچے رہتا ہے ؛
گریباں پکڑنا یا گریباں میں ہاتھ ڈالنا - ا - گردن پکڑنا - سخت تقاضا کرنا ؛
گریباں پھاڑنا یا تار تار کرنا یا چاک کرنا - ا - گریبان ٹکڑے کرنا - دیوانہ اور پاگل ہونا ؛
گریبان گیر ہونا - ا - گریبان پکڑنا - دعویدار ہونا ؛
گریبان میں منہ چھپانا - ا - شرمندہ ہونا - آنکھیں نیچی کرنا
گریبان میں منہ ڈال کر دیکھنا - ا - اپنے عیب آپ دیکھ کر شرمندہ ہونا ؛
گریبان میں منہ ڈالنا - ا - اپنا قصور دیکھ کر شرمندہ ہونا - شرم سے گردن نیچی کر لینا - گردن جھکا کر غور کرنا ؛
گریز - ف - مؤنث - بھاگنا - دوری - علیحدگی - قصیدوں میں حالیہ اشعار بیان کرتے کرتے ایک ہی دفعہ مدح پر اتر آنا ؛
گریزاں - ف - صفت - بھاگنے والا - پرہیز کرنیوالا ؛
گریمر - انگ - مؤنث - زبان کے صحیح بولنے کا علم - کتاب جس میں صرف و نحو کا ذکر ہو ؛
گریہ - ف - مذکر - رونا - بلاپ - زاری ؛
گریہ کناں - ف - صفت - روتا پیٹتا - رونا دھوتا ؛
گریہ و زاری - ف - مؤنث - رونا پیٹنا - رونا دھونا - واویلا ؛

گ ڑ

گڑ - ف - مذکر - گنے کا رس جسے پکا کر بھیلیاں بناتے ہیں ؛
گڑ دیئے مرے تو زہر کیوں دیجئے - ا - محاورہ - جب نرمی سے کام نکل آئے تو سختی کی کیا حاجت ہے ؛
گڑ کھانا گلگلوں سے پرہیز کرنا - ا - چھوٹی برائی نہ کرنا اور بڑی برائی کرنا ؛
گڑبڑ - ہ - مؤنث - پیٹ کے بولنے کی آواز - بکھیڑا - افراتفری - صفت - گڈمڈ - درہم برہم ؛
گڑ جانا - ہ - دھنس جانا - دب جانا - نہایت شرمندہ ہونا - ڈٹ جانا ؛
گڑگج - ہ - مذکر - قلعہ کا وہ حصہ جس پر توپیں چڑھاتے ہیں - ڈھیر - انبار ؛
گڑگڑ - ہ - مؤنث - حقے یا مری سے پانی نکلنے کی آواز ؛
گڑگڑاہٹ - ہ - مؤنث - پیٹ کے بولنے کی آواز - حقے کے بولنے کی آواز ؛
گڑگڑا - ہ - مذکر - ایک قسم کا بڑا حقہ ؛
گڑگڑانا - ہ - گرجنا - کڑکنا - حقہ کا بولنا ؛
گڑگڑانا - ہ - آنتوں کا بولنا - پیٹ کا بولنا ؛
گڑگڑانا - ہ - عاجزی کرنا - منت سماجت کرنا - التجا کرنا -

گڑگڑاہٹ ۔ ک ۔ مؤنث ۔ گرجنے کی آواز ۔ کڑک ۔ حقہ پینے کی آواز ؛

گُڑگُڑی ۔ ک ۔ مؤنث ۔ ایک چھوٹا حقہ ؛

گڑنا ۔ ک ۔ دبنا ۔ دھسنا چُبنا ۔ قائم ہونا ۔ شرمندہ ہونا ؛

گڑوا ۔ ک ۔ مذکر ۔ پانی رکھنے کا ایک برتن ؛

گڑولنا ۔ ک ۔ مذکر ۔ بچوں کے چلنے کی گاڑی ؛

گڑھ ۔ ک ۔ مذکر قلعہ ۔ کوٹ ۔ لکڑی کا ایک مکان جس سے لڑائی میں سرنگ لگانے کا کام لیتے ہیں ؛

گڑھا ۔ ک ۔ مذکر ۔ غار ۔ کھڈ ۔ گھاٹی ؛

گڑہل ۔ ک ۔ مذکر ۔ ایک درخت اور اس کے پھل کا نام پھندنا ۔ جھبا ؛

گڑھی ۔ ک ۔ مؤنث ۔ چھوٹا قلعہ ۔ کوٹلہ ؛

گڑیا ۔ ک ۔ مؤنث ۔ کپڑے کی بنی ہوئی پتلی جس سے لڑکیاں کھیلتی ہیں ۔ گھرنی یا چرخی کی کھونٹی ؛

گُڑیاں کھیلنا ۔ ک ۔ کپڑے کی بنی ہوئی پتلیوں سے کھیلنا لڑکی بنجانا ۔ لڑکیوں کی سی باتیں کرنا ؛

گڑے مُردے اُکھاڑنا ۔ ک ۔ پرانے جھگڑے کو تازہ کرنا ۔ مُردے میں عیب نکالنا ؛

گ ۔ ز

گز ۔ ف ۔ مذکر ۔ جھاؤ کا درخت ۔ سولہ گرہ یا تین فٹ کا ایک پیمانہ ۔ لکڑی یا لوہے کی سلاخ ؛

گزارا ۔ ف ۔ مذکر ۔ روزی ۔ سمائی ۔ گنجائش ۔ نباہ ۔ ٹھکانا ؛

گزارا کرنا ۔ ف ۔ دن کاٹنا ۔ کفایت سے گزران کرنا ۔ نباہنا

گزارش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ جواب ۔ اُتر ۔ شرح ۔ عرض التماس سوال ۔ بیان ؛

گزارنا ۔ ف ۔ ادا کرنا ۔ چھوڑنا ۔ مہلت دینا ۔ گنوانا ۔ سامنے رکھنا ۔ داخل کرنا ؛

گزارہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ راہ ۔ راستہ ۔ گھاٹ ۔ اترائی ناؤ کا کرایہ ۔ محصول لینے کی جگہ ؛

گزاشتنی ۔ ف ۔ صفت ۔ چھوڑ دینے کے لائق ؛

گزاف ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بیہودہ بات ۔ بکواس ؛

گزٹ ۔ انگ ۔ مذکر ۔ اخبار ۔ خبر کا کاغذ ۔ گورنمنٹ کا اخبار ؛

گزر ۔ ف ۔ مذکر ۔ راستہ ۔ گھاٹ ۔ دخل ۔ رسائی ۔ نباہ ۔ سمائی ۔ پار جانا ؛

گزر جانا ۔ ف ۔ بیت جانا ۔ مرجانا ۔ فوت ہوجانا ۔ نکل جانا ؛

گزر کرنا ۔ ف ۔ اتفاق سے چلا جانا ۔ دن کاٹنا ۔ کفایت سے گزران کرنا ۔ نباہنا ؛

گزر عام ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ سب کے آنے جانے کا راستہ ؛

گزرگاہ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گزرنے کی جگہ ۔ راہ ۔ راستہ ۔ گھاٹی ؛

گزر ہونا ۔ ف ۔ بیتنا ۔ نباہ ہونا ۔ آنکلنا ۔ پہنچ ہونا ؛

گزر ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گاجر جو ایک میٹھی جڑ ہے ؛

گزرا ۔ ف ۔ محاورہ ۔ باز آیا ؛

گزران ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گزارا ۔ نباہ ۔ دن کاٹنا ؛

گزرانا ۔ ف ۔ پیش کرنا ۔ دینا ۔ ادا کرنا ؛

گزرنا ۔ ف ۔ بیتنا ۔ کٹنا ۔ مرنا ۔ اتفاق سے آنکلنا ۔ باز آنا ۔ پیش آنا ۔ نباہ ہونا ۔ موافقت آنا ۔ پار ہونا ۔ رخصت ہونا ۔ جانا ۔ نکلنا ؛

گزری ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پرانی چیزوں کا بازار جو شام کو لگتا ہے ؛

گزشتنی ۔ ف ۔ صفت ۔ گزرنے والا ۔ بیتنے والا ؛

گزشتہ ۔ ف ۔ صفت ۔ گزرا ہوا بیتا ہوا ۔ اگلا ؛

گزشتہ راصلوٰۃ ۔ ف ۔ ع ۔ محاورہ ۔ گزری ہوئی باتوں کو جانے دو ؛

گزک ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کوئی مزیدار چیز جو شراب پینے یا کھانا کھانے کے بعد کھائی جائے ۔ ف ۔ ایک قسم کی مٹھائی تلشکری ۔ مجازاً ۔ ناشتہ ؛

گزک کرنا ۔ ف ۔ چٹ کرنا ۔ ناشتہ کرنا ؛

گزند ۔ ف ۔ مذکر ۔ صدمہ ۔ دُکھ ۔ تکلیف ۔ نقصان ۔ بُری نظر ؛

گزندہ ۔ ف ۔ صفت ۔ ڈسنے والا ۔ کاٹنے والا ؛

گزی یا گزی گاڑھا ۔ ا ۔ ایک قسم کا موٹا دیسی کپڑا ؛

گزیر ۔ ف ۔ مذکر ۔ چارہ ۔ علاج ۔ تدبیر ؛

گ ۔س

گسائیں ۔ ک ۔ مذکر ۔ گائیوں کا مالک ۔ سوامی فقیر ہندوں کا ایک فرقہ ؛

گستاخ ۔ ف ۔ صفت ۔ شوخ ۔ چالاک ۔ بے شرم ۔ شریر ؛

گستاخانہ ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ شوخی کے طور پر ۔ بے شرم ہوکر ۔ بے ادبانہ ؛

گستاخی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ شوخی ۔ بے ادبی ۔ بے شرم ۔ شرارت ؛

گ ۔ش

گشت ۔ ف ۔ مذکر ۔ سیر ۔ دور ۔ چکر ۔ رونْد ؛

گشتی ۔ ف ۔ صفت ۔ گشت کرنے والا ۔ پھرنیوالا ؛

گشتاسپ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایران کے ایک مشہور بادشاہ کا نام ؛

گف ۔ ک ۔ صفت ۔ موٹا ۔ گاڑھا ۔ خوب ٹھونک کر بنا ہوا ؛

گفتار ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بات چیت ۔ کلام ۔ بچن ۔ قول ؛

گفتگو ۔ ف ۔ مؤنث ۔ بات چیت ۔ بول چال ۔ بیان ۔ چرچا ؛

گفت و شنید ۔ ف ۔ مونث ۔ کہا سُنی ۔ بات چیت لفظی تکرار ؛

گ ۔ل

گل ۔ ف ۔ مذکر ۔ گلاب کا پھول ۔ عام پھول ؛
ا ۔ انگارہ ۔ سُرخ رنگ ۔ بجھا ہوا انگارہ ۔ داغ ۔ بتی کا جلا ہوا یا جلتا ہوا سرا ۔ آنکھ کی پتلی ۔ حُقے کا جلا ہوا تمباکو ۔ چُونے کا گول ٹیکا جو کنپٹیوں پر لگاتے ہیں ؛

گلِ اشرفی ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا گول پھول ؛

گلِ آفتاب ۔ ف ۔ مذکر ۔ سورج مکھی ؛

گل افشاں ۔ ف ۔ صفت ۔ پھول بکھیرنے والا ؛

گلِ انار ۔ ف ۔ مذکر ۔ انار کا پھول ۔ صفت ۔ سُرخ ۔ لال ؛

گل اندام ۔ ف ۔ مذکر ۔ پھول کے جسم والا ۔ معشوق ؛

گلِ اورنگ ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا گلابی پھول ؛

گل باندھنا ۔ ا ۔ بندوق کے توڑے کا سرا جلانا ؛

گل بدن ۔ ف ۔ مذکر ۔ دیکھو (گل اندام) ؛

گل برگ ۔ ف ۔ مذکر ۔ گلاب کی پتی ۔ معشوق ؛

گلِ بکاؤلی ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک نہایت خوشبودار پھول ؛

گل بندھ جانا ۔ ا ۔ جلتے جلتے بندھی روشنی ہوجانا ۔ کچھ پُونجی جمع ہوجانا ؛

گل بوٹے کترنا ۔ ا ۔ کاغذ یا کپڑے کے پھول بتیاں اسنا کوئی انوکھا کام کرنا ۔ کسی کے حق میں بُرائی کرنا ۔ گالیاں دینا ؛

گل پھولنا ۔ ا ۔ پھول کھلنا ۔ کوئی انوکھا کام کرنا ۔ کوئی نیا شور برپا کرنا ؛

گل پیادہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ سدا گلاب ؛

گل پیرہن ۔ ف ۔ مذکر ۔ پھولوں کے لباس والا ۔ معشوق ؛

گل جعفری ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا زرد پھول ؛

گل جھڑنا ۔ ا ۔ چراغ کی ٹِم یا بندوق کے جلے ہوئے توڑے کا گرنا ؛

گل چاندنی ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک پھول جو چاندنی رات میں کھلتا ہے ؛

گلِ چشم ۔ ف ۔ صفت ۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں سفیدی یا پھُلی ہو ؛

گل چلا ۔ ا ۔ صفت ۔ ٹھیک نشانہ پر لگانے والا ؛

گل چین ۔ ف ۔ مذکر ۔ پھول توڑنے والا ۔ مالی ؛

گُل خِطمی۔ گُل خیرو۔ ا۔ مذکر۔ ایک نیلے رنگ کا پھول ٭

گُل خنداں۔ ف۔ مذکر۔ کھلا ہوا پھول ٭

گُل خندہ۔ ف۔ مذکر۔ منہ کھول کر ہنسنا۔ قہقہہ ٭

گُل دار۔ ا۔ صفت۔ پھولدار۔ جس پر پھول بنے ہوئے ہوں۔ دَھبے دار ٭

گُل دام۔ ف۔ مذکر۔ چھوٹا سلجھال۔ پھندا ٭

گلدان۔ ف۔ مذکر۔ گلدستہ رکھنے کا ظرف۔ پھول دان ٭

گُل داؤدی۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کا اُودا پھول ٭

گُل دستہ۔ ف۔ مذکر۔ پھولوں کی ٹہنیوں کا باندھا ہوا گچھا ٭

گُل دوپہریا۔ ا۔ مذکر۔ ایک قسم کا پھول جو دوپہر کو کھلتا ہے

گُل دُم۔ ا۔ مذکر۔ ہندوستان کی بلبل۔ ایک قسم کے سیاہ پرندے کا نام ٭

گُل دینا۔ ا۔ کوئی دھات کی چیز گرم کرکے جسم پر داغ لگانا ٭

گُل رُخ۔ ف۔ مذکر۔ جس کے رخسار گلاب کی مانند ہوں۔ معشوق ٭

گُل رعنا۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ ایک قسم کا پھول ٭

گلرنگ۔ ف۔ صفت۔ سرخ۔ لال۔ قرمزی ٭

گُل رُو۔ ف۔ مذکر۔ دیکھو (گل رُخ) ٭

گُل ریز۔ ف۔ مؤنث۔ پھلجھڑی۔ ایک قسم کی آتشبازی ٭

گلزار۔ ف۔ مذکر۔ پھلواڑی۔ پھولوں کی کیاری۔ و۔ خوب آباد۔ پُر رونق ٭

گُلِستان۔ ف۔ مذکر۔ باغ۔ پھلواڑی۔ شیخ سعدیؒ کی ایک مشہور کتاب کا نام ٭

گُل سوسن۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا آسمانی رنگ کا پھول ٭

گُل شبّو۔ ا۔ مؤنث۔ ایک پھول جو رات کو کھلتا ہے ٭

گُلِ شکر یا گُل شکری۔ ف۔ مؤنث۔ ایک قسم کی شرینی ٭

گُلشن۔ ف۔ مذکر۔ باغ۔ چمن۔ پھلواڑی ٭

گُلِ صد برگ۔ ف۔ مذکر۔ گیندے کا پھول۔

گُلِ طرّہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا سرخ پھول۔

گُلِ عباسی۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ ایک قسم کا پھول

گُلعِذار۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ گلاب جیسے گالوں والا۔ معشوق۔

گُل فام۔ ف۔ مذکر۔ گلاب جیسے رنگ والا۔ معشوق

گُل قند۔ ف۔ مذکر۔ ایک شیرینی جو گلاب کے پھول اور کھانڈ ملا کر بنائی جاتی ہے۔

گُل کاٹنا۔ ا۔ انوکھی باتیں کرنا۔ چرچا کرنا۔ منہ جوڑنا ٭

گُل کاری۔ ف۔ مؤنث۔ بیل بوٹے کا کام۔ کشیدہ کاری

گُل کترنا۔ کاغذ وغیرہ کے پھول بنانا۔ چراغ کی جلی ہوئی بتی کاٹنا۔ کوئی انوکھی بات کرنا۔ کسی کے حق میں برائی کرنا۔ تہمت دھرنا۔ چغلی کھانا۔ آگے بڑھ جانا ٭

گُل کرنا۔ ا۔ چراغ بجھانا۔ دیا بڑھانا ٭

گُل کھانا۔ ا۔ جسم پر داغ کھانا۔ چرکا کھانا۔ حسد کرنا۔ عاشق ہونا۔ کٹنا ٭

گُل کھلانا۔ ا۔ پھول کھلانا۔ کسی انوکھی بات کا ظاہر کرنا۔ فساد مچانا۔ تہمت دھرنا ٭

گُل کھلنا۔ ا۔ کلی پھوٹنا۔ انوکھی بات ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ شور مچنا۔ دھوم پڑنا۔ آفت آنا۔ بہتان لگنا۔ تہمت لگنا ٭

گُل گشت۔ ف۔ مذکر۔ باغ کی سیر ٭

گُل گوں۔ ف۔ صفت۔ گلاب کے رنگ کا۔ سرخ لال۔ شیریں کے گھوڑے کا نام ٭

گُل گونہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک سرخ رنگ۔ جو عورتیں چہرے پر ملتی ہیں ٭

گُل گیر۔ ف۔ مذکر۔ وہ قینچی کی شکل کا آلہ جس سے چراغ کا گل کترتے ہیں ٭

گُل لالہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک سرخ رنگ کا پھول ٭

گُلِ مخمل۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا نہایت ملائم سرخ پھول ٭

گُل مہندی۔ ا۔ مؤنث۔ ایک پھول کا نام ٭

گُل میخ۔ ف۔ مؤنث۔ موٹی کیل جس کے اوپر موٹا

پھول بنا ہوا ہوتا ہے ۔ موٹے سر کی کیل ۔

گُل ہزارہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک پھول جس کی بہت سی پنکھڑیاں ہوتی ہیں ۔

گُل ہونا ۔ ہ ۔ چراغ کا بجھ جانا ۔ مجلس کی رونق ہونا ۔

گلجھٹی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ وہ گانٹھ جو تاگوں میں باہم اُلجھنے سے پڑ جاتی ہے ۔ شکن ۔ بل ۔

گلجھٹی پڑنا ۔ ہ ۔ گنجلک پڑنا ۔ اُلجھنا ۔ دلوں میں فرق آنا ۔

گلجھڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گنجلک ۔ گرہ ۔ طبیعت کا رکاؤ ۔ دل کی کدورت ۔

گُل چھرّے اُڑانا ۔ خوب خرچ کر کے تنکار کھیلنا ۔ مزے لوٹنا ۔

گِل ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گارا ۔ مٹی ۔ کیچڑ ۔ دلدل ۔

گِل ارمنی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کی سُرخ اور سیاہی مائل مٹی ۔

گِل اندازی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ سڑک وغیرہ پر مٹی ڈالنا ۔ مٹی ڈلوانے کی اجرت ۔

گِل حکمت ۔ ف ۔ ع ۔ مؤنث ۔ مٹی کو کپڑے پر تھکر کسی چیز کا منہ بند کرنا ۔ تاکہ بھاپ نہ نکلے ۔ کپڑوٹی ۔

گِل ورگِل ۔ ف ۔ مؤنث ۔ مسلمانوں کے دفنانے کا ایک طریقہ جس میں قبر کو گارے سے پُر کر کے اسمیں مُردے کو چھوڑ دیتے ہیں ۔

گل تکیہ ۔ ا ۔ مذکر ۔ گول تکیہ جو امیر لوگ سوتے وقت گالوں کے نیچے رکھ لیتے ہیں ۔

گل خپ ۔ ا ۔ مؤنث ۔ ہاتھا پائی ۔ جھنجھٹ ۔ باہمی تکرار ۔

گلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ گھُلا ہوا ۔ رائی کائی ۔ اُبلا ہوا ۔ سڑا ہوا ۔

گلا ۔ ا ۔ مذکر ۔ دوکانداروں کا وہ ظرف جس میں بکری رکھتے ہیں ۔

گلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ گردن ۔ کنٹھ ۔ گریبان ۔ مجازاً ۔ آواز ۔ سُر ۔

گلا آنا ۔ ہ ۔ حلق کے کوّے کا جھک جانا گلے میں چھالے پڑ جانا ۔

گلا بندھانا ۔ ہ ۔ عو ۔ قرض میں گھرنا ۔ اقرار نامہ لکھ دینا اپنے اوپر بوجھ لینا ۔ پابند ہونا ۔

گلا بیٹھنا یا پڑنا ۔ ہ ۔ آواز کا بھاری ہونا ۔ آواز کا بھرّا جانا ۔

گلا پکڑنا ۔ ہ ۔ گردن پکڑنا ۔ کسی تند چیز کا گلے میں جا کر سوزش پیدا کرنا ۔ تنگ کرنا ۔

گلا پھاڑنا یا گلا پھاڑ کر بولنا ۔ ہ ۔ چیخنا ۔ چیخ کر بولنا ۔

گلا پھرنا ۔ ہ ۔ آواز کا گانے میں گردش کرنا ۔

گلا تھکانا ۔ ہ ۔ چیختے چیختے گلے کا بیٹھ جانا ۔

گلا دبانا ۔ ہ ۔ گلا گھونٹنا ۔ سانس بند کرنا ۔ بات کرنے سے روکنا ۔

گلا کاٹنا ۔ ہ ۔ قتل کرنا ۔ زبردستی کسی کا حق دبانا ظلم کرنا

گلاب ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک خوشبودار مشہور پھول اور اُس کے درخت کا نام ۔ گلاب کے پھولوں سے نکلا ہوا عرق ۔

گلاب پاش ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ برتن جس میں عرق گلاب بھر کر چھڑکتے ہیں ۔

گلاب جامن ۔ ا ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کے جامن جن سے کھاتے وقت گلاب جیسی خوشبو آتی ہے ایک قسم کی مٹھائی ۔

گلابی ۔ ف ۔ صفت ۔ گلاب کے پھول جیسا ۔ گلاب کے رنگ کا ۔ ا ۔ مؤنث ۔ شراب کا گلاس ۔ ایک قسم کی مٹھائی ۔

گلابی پوش ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ شخص جو گلابی پوشاک پہنے

گلاس ۔ انگ ۔ مذکر ۔ شیشہ ۔ کانچ ۔ پانی پینے کا برتن ۔

گلال ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سُرخ پوڈر جو ہولی میں ہندو لوگ ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں ۔

گلاؤ ۔ ہ ۔ صفت ۔ گلنے والا ۔

گلاوٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گلا دینے والی چیز ۔ گھلاوٹ ۔ ملائمت ۔

گلبانگ ۔ ف ۔ مؤنث ۔ چہچہا ۔ خوشی کا نعرہ ۔ دھوم

خوشخبری ؛

گلتھی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ نرم اُبلے ہوئے چاول ۔ صفت ۔ نرم ۔ ملائم ؛

گلٹ ۔ ا ۔ مذکر ۔ سونے یا چاندی کا جھول ۔ ملمع ؛

گلٹی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پھوڑا جو گلے کے اندر نکلے ۔ غدود ۔ گانٹھ ۔ گرہ ؛

گلخن ۔ ف ۔ مذکر ۔ بھٹی ۔ انگیٹھی ۔ تنور ۔ کوڑا پھینکنے کی جگہ ؛

گلگل ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا بڑا اور لمبوترا لیمو ۔ ایک قسم کی مینا ۔ ایک مصالح کا نام ۔ پانی کے نل سے گرنے کی آواز ؛

گلگلا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا پکوان ؛

گلنا ۔ ہ ۔ گھلنا ۔ ملائم ہونا ۔ پگلنا ۔ سڑنا ۔ داغ لگنا ۔ اندر دھنسا ۔ ضائع کرنا ۔ بھٹھرنا ؛

گلنار ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا انار ۔ انار کا پھول ۔ سرخ شوخ رنگ ؛

گلو ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک کڑوی بیل کا نام ؛

گلو ۔ ف ۔ مذکر ۔ گلا ۔ حلق ۔ مجازاً آواز ۔ سُر ؛

گلوبند ۔ ف ۔ مذکر ۔ پٹکا یا رومال جو گلے میں باندھتے ہیں

گلوگیر ۔ ف ۔ صفت ۔ ایسی چیز جو گلے کو پکڑے ۔ لالچی ۔ حریص ۔ ؤ ۔ دعویدار ۔ گردن پکڑنے والا ؛

گلوری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ پان کی بیڑی ۔ بنا ہوا پان ؛

گلولہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ گولی ۔ گولہ ۔ غلّا ؛

گلہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ شکوہ ۔ شکایت ۔ الاہنا ؛

گلہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ جھنڈ ۔ گروہ ۔ ریوڑ ۔ پرا ؛

گلہ بان ۔ ف ۔ مذکر ۔ چرواہا ۔ ریوڑ والا ۔ گڈریا ؛

گلہ بانی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گڈریاپن ۔ چرواہے کا کام نگہبانی نگرانی ؛

گلہرا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ گلہری کا نر ۔ پان کی گلوریاں رکھنے کی پٹاری ؛

گلہری ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک چوہے کی مانند جانور کا نام ؛

گلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ مکئی کا بھٹا جس سے دانے نکال لئے گئے ہوں ۔ کیوڑے کا پھول ۔ چھال کی وہ جگہ جس میں شہد ہوتا ہے ؛

گلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ محلے کے اندر کا رستہ ۔ کوچہ ؛

گلی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک چھوٹی اور دونو طرف سے نوکدار لکڑی جسے لڑکے اُچھال کر بلے کے ذریعہ سے دور پھینکتے ہیں ؛

گلی ڈنڈا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ؛

گلے باز ۔ ا ۔ صفت ۔ اچھی آواز سے گانے والا ؛

گلے بندھنا ۔ ہ ۔ خواہش کے خلاف کسی چیز کا سر پڑنا ذمے پڑنا ؛

گلے پڑنا ۔ ہ ۔ زبردستی کوئی کام ذمہ ہونا ۔ خواہ مخواہ کسی سے چمٹ جانا ۔ مرضی کے خلاف نکاح ہونا ؛

گلے سے لگانا ۔ ہ ۔ چھاتی سے لگانا چمٹانا ۔ پیار کرنا ۔

گلے کا تعویذ بنانا ۔ ہ ۔ گلے کا ہار بنانا ۔ ہر وقت ساتھ رکھنا ؛

گلے کا ہار ہونا ۔ ہ ۔ گلے کا تعویذ ہونا ۔ سر ہونا چمٹنا اجیرن ہونا ؛

گلے لگانا ۔ ہ ۔ چھاتی سے لگانا ۔ پیار کرنا ۔ چمٹانا ۔ تسلی دینا ؛

گلے لگنا یا ملنا ۔ ہ ۔ چھاتی سے لگنا ۔ لپٹنا ۔ ملاپ کرنا سلوک کرنا ۔ ملاقات کرنا ؛

گلے منڈھنا ۔ ہ ۔ زبردستی کوئی چیز حوالے کرنا یا سر کرنا

گلے میں کانٹے پڑنا ۔ ہ ۔ حلق خشک ہونا ۔ گلا سوکھ جانا ؛

گلیا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ بیل جو کام کرتے کرتے بیٹھ جائے صفت ۔ کام سے جی چرانیوالا ؛

گلیاں جھانکنا ۔ ہ ۔ آوارہ پھرنا ۔ گلی گلی پھرنا ؛

گلیاں چھاننا ۔ ہ ۔ آوارہ پھرنا ۔ کسی کی تلاش میں گلی گلی پھرنا ؛

گلیم ۔ ف ۔ مؤنث ۔ کمبل ۔ اونی کپڑا ۔ لوئی ؛

گ م

گُم - ہ - صفت - کھویا ہوا چُھپا ہوا - بھاگا ہوا - حیران - پریشان ۔

گُم شُدہ - ف - صفت - کھویا ہوا - چھپا ہوا - بھاگا ہوا - بھکا ہوا - حیران - پریشان ۔

گُم کرنا - ا - چھپانا - چرانا - بھلانا - ضائع کرنا - گنوانا ۔

گُم گشتہ - ہ - صفت - کھویا ہوا - بھکا ہوا - حیران ۔

گُم ہونا - ا - کھویا جانا - بسرنا - غائب ہونا ۔

گُماشتہ - ف - صفت - مقرر کیا ہوا - مذکر - وہ شخص جس کے کوئی کام سپرد کیا گیا ہو - ایجنٹ - مُنیم ۔

گُماشتہ گری - ف - صفت - گماشتے کا کام - ایجنٹی - مینجری ۔

گُمان - ف - مذکر - شک - شبہ - بھرم - خیال - قیاس ۔

گُمان غالب - ف - ع - مذکر - پکا خیال - پورا یقین ۔

گمان گزرنا یا ہونا - ا - خیال گزرنا - شبہ ہونا - شک ہونا ۔

گُمان - ہ - مذکر - تکبّر - مان - گرب - غرور ۔

گُمانا - ا - گم ہونا - کھونا - ہوش و حواس قائم نہ رکھنا ۔

گُمٹ - ا - مذکر - بُرج - گنبد ۔

گُمٹی - ا - مؤنث - چھوٹا سا گنبد - مٹھ ۔

گُمٹی - ا - مؤنث - ایک قسم کا کپڑا ۔

گمراہ - ف - صفت - راستہ بھولا ہوا - بھٹکا ہوا - بد مذہب ۔

گُمراہی - ف - مؤنث - راستہ بھولنا - بے راہی - بد دینی

گُم صُم - ا - صفت - گونگا - بہرہ - خاموش - بکّا بکّا ۔

گمک - ہ - مؤنث - ڈھول کی آواز - طبلے کی تھاپ - گرج - کڑک ۔

گُمنا - ا - گم ہونا - کھویا جانا ۔

گُمنام - ف - صفت - جس کا نام معلوم نہ ہو - گپت - نامعلوم ۔

گمنامی - ف - مؤنث - نام معلوم نہ ہونا - گپت ہونا - نامعلومی ۔

گ ن

گُن - ہ - مذکر - عادت - کرتوت - صفت - تعریف - اثر - ہُنر - خوبی - بھلائی - لیاقت - مجازاً : عنایت مہربانی ۔

گُن کرنا - ہ - فائدہ دینا - صحت بخشنا - اثر کرنا - بھلائی کرنا ۔

گُن گانا - ہ - تعریف کرنا - بڑائی کرنا - بھجن گانا ۔

گُن ماننا - ہ - احسان ماننا - احسان مند ہونا ۔

گنا - ہ - مذکر - چند - مرتبہ - بار جیسے دُگنا - چوگنا - وغیرہ ۔

گنّا - ہ - مذکر - نیشکر - ایکھ - گانڈا ۔

گِننا - ہ - شمار کرنا - حساب کرنا - سمجھنا - خیال کرنا ۔

گِنانا - ہ - شمار کرانا - حساب لگوانا ۔

گُناہ - ف - مذکر - پاپ - اپرادھ - جرم - خطا - قصور ۔

گناہ بے لذّت - ف - ع - مذکر - وہ گناہ جس کے کرنے میں کوئی لذت یا خوشی حاصل نہ ہو ۔

گُناہِ صغیرہ - ف - ع - مذکر - چھوٹا گناہ - ادنیٰ گناہ ۔

گُناہِ کبیرہ - ف - ع - مذکر - سخت گناہ - بھاری گناہ ۔

گُناہ گار - ف - صفت - پاپی - دوشی - مجرم - قصوروار ۔

گناہ گاری - ف - مؤنث - خطا - قصور - دوش - اپرادھ - ا - تاوان - جرمانہ ۔

گُنبد یا گُنبذ - ف - مذکر - بُرج - مٹھ ۔

گنبذ کی آواز یا صدا - ا - مؤنث - وہ آواز جو گنبد میں بولنے سے پیدا ہوتی ہے - جیسا کہنا ویسا سُننا ۔

گِنت - س - مؤنث - حساب - انک بِدیا ۔

گِنتی - ہ - مؤنث - شمار - تعداد - حساب - حاضری کا رجسٹر ۔

گنتی کے - ف - صفت - چند - تھوڑے سے ۔

گنتی لینا - ہ - شمار کرنا - گِننا - حاضری لینا ۔

گنج - ف - مذکر خزانہ - مال دولت - گودام - کوٹھی - ا-
اناج منڈی - ڈھیر - زمین جسے لوگ آباد کریں -
وہ چیز جس میں کئی چیزیں ایک جگہ جمع ہوں ۔
گنجِ الٰہی - ف - ع - مذکر - قرآن شریف - مسلمانوں کی
مقدس کتاب ۔
گنج بخش - ف - صفت - بہت بڑا بخشش کرنیوالا - لکھ
داتا - قطب الدین بادشاہ کا لقب ۔
گنجِ رواں - ف - مذکر - قارون کا خزانہ جو ہمیشہ زمین
کے اندر دھنسا چلا جاتا ہے ۔
گنجِ شائگاں - ف - مذکر - بہت بڑا خزانہ جو بادشاہوں
کے لائق ہو - خسرو بادشاہ کا خزانہ ۔
گنجِ شہدا یا گنجِ شہیداں - ف - ع - مذکر - وہ کھتا
جس میں شہیدوں کو اوپر تلے بھر کر دفن کر دیتے
ہیں - شہیدوں کے ڈھیر - مُردوں کے انبار ۔
گنجِ قارون - ف - ع - مذکر - قارون بادشاہ کا خزانہ
جو بہت بڑا تھا ۔
گنج - ہ - مذکر - ایک مرض کا نام جس سے سر پہ بال
نہیں آتے - بال خورا ۔
گنجا - ہ - مذکر - وہ شخص جس کے سر پہ بال نہ ہوں ۔
گنجان - ا - صفت - گھنا - پاس پاس بسا ہوا ۔
گنجائش - ف - مؤنث - سمائی - ٹھکانا - ا - فائدہ
بچت - مقدور ۔
گنجفہ - ا - مذکر - ایک کھیل کا نام جو تاش کی طرح کھیلا
جاتا ہے ۔
گنجفہ باز - ا - مذکر - گنجفہ کھیلنے والا - چالباز - مکار -
فریبی ۔
گنجلک - ا - مؤنث - شکن - سلوٹ - گانٹھ - گرہ - الجھاؤ
بکھیڑا ۔
گنجلک پڑنا - ا - الجھاؤ پڑنا - گرہ پڑنا - بکھیڑا پڑنا -
چوکھٹ ہونا ۔
گنجے کو خدا ناخن نہ دے جو سر کھجائے - ا -
کہاوت - ظالم اور کمینے کو خدا اختیار نہ دے ۔
گنجی - ف - مؤنث - وہ عورت جس کے سر پہ بال
نہ ہوں ۔
گنجیفہ - ف - مذکر - دیکھو (گنجفہ) ۔
گنجینہ - ف - مذکر - گنج سے منسوب - خزانہ - وہ الماری
جس میں کھانے پینے کا سامان رکھا جائے -
مودی خانہ - گودام ۔
گنجینہ دار - ف - مذکر - خزانچی - بدوکرڑیہ ۔
گند - ف - مؤنث - بدبو - غلاظت - ناپاکی - کوڑا کرکٹ
گندا - ف - صفت - ناپاک - غلیظ - گھوری - میلا ۔
گندک یا گندھک - ہ - مؤنث - ایک مادہ کا
نام جو کان سے نکلتا ہے ۔
گندگی - ف - مؤنث - بدبو - سڑاند - ناپاکی - چرک ۔
گندم - ف - مذکر - گیہوں - کنک ۔
گندم گوں - ف - صفت - گیہوں کے رنگ کا - سانولا
گندم نما - ف - صفت - گندم دکھانے والا - مکار -
چالاک - دغاباز ۔
گندم نما جو فروش - ف - مذکر - گندم دکھانے والا -
جو بیچنے والا - مکار - فریبی ۔
گندم نمائی - ف - مؤنث - مکاری - فریب - دھوکا بازی
گندمی - ف - صفت - گیہوں کے رنگ کا - سانولا ۔
گندنا - ف - مذکر - ایک قسم کا لہسن ۔
گندھ - س - مؤنث - بو - مہک - گھسا ہوا صندل
جو ماتھے پر لگاتے ہیں ۔
گندہ بروزہ - ا - مذکر - چیڑ کے درخت کا گوند ۔
گندہ بغل - ف - مذکر - وہ شخص جس کی بغلوں سے
بدبو آئے ۔
گندہ دہن - ف - مذکر - وہ شخص جس کے منہ سے
بدبو آئے ۔
گندھارہ - ہ - باجے کے تیسرے سُر کا نام - شہر
قندھار کا قدیم نام ۔

گندھرب - س - مذکر - سورگ کا گویا - گانے والا - ایک پرندے کا نام - صفت - خوبصورت ۞
گندھنا - ہ - آٹے کا مٹی اور پانی سے روٹی کے قابل ہو جانا - بالوں یا ہار کا گتھنا ۞
گندھوانا - ہ - آٹا سنوانا - بال یا ہار گتھوانا ۞
گندھی - ہ - مذکر - عطر بیچنے والا - پھلیل بیچنے والا ۞
گندی - ا - صفت - ناپاک عورت - خراب - نکمی - فحش ۞
گنڈا - ہ - صفت - لچہ - بدمعاش - بدچلن ۞
گنڈا - ہ - مذکر - چھوٹا ٹکڑا - چار عدد - وہ ڈورا جس میں کوئی عمل پڑھ پڑھ کر گرہ دیتے جاتے ہیں - اور بچوں یا بیماروں کے گلے میں پہناتے ہیں - وہ تعویذ جو چمڑے میں منڈھا کر گلے میں ڈالتے ہیں ۞
گنڈا تعویذ - ا - مذکر - جنتر منتر - پھونک جھاڑ ۞
گنڈاسا - ہ - مذکر - چارہ کاٹنے کا ہتھیار - لاٹھی میں لگا ہوا ہتھیار ۞
گنڈلی - ہ - مؤنث - حلقہ - کنڈلی ۞
گنڈیری - ہ - مؤنث - گنے کی چھوٹی سی پوری ۞
گنگ - ف - مذکر - گونگا - وہ شخص جو زبان سے نہ بول سکے - بہرا - جسے سنائی نہ دے - کانوں کی وہ کیفیت جس میں کچھ سنائی نہ دے ۞
گنگا - س - مؤنث - ہندوستان کے ایک مشہور دریا کا نام ۞
گنگا جمنی - ہ - صفت - ملا جلا - دو رنگ یا دو وضع کا - سونے اور چاندی یا تانبے اور پیتل کا بنا ہوا ۞
گنگنا - ہ - مذکر - ناک میں بولنے والا - صفت - تھوڑا تھوڑا گرم ۞
گنگنانا - ہ - ناک میں بولنا - منہ ہی منہ میں بولنا ۞
گن گن کر یا گن گن کے - ا - تابع فعل - شمار کر کر کے سنبھال سنبھال کے - بڑی مشکل سے ۞
گن گن کے دن کاٹنا یا گزارنا - مصیبت سے دن پورے کرنا - جوں توں کر کے دن پورے کرنا ۞
گن گن کے سنانا - ہ - ظاہرا اور برملا گالیاں دینا
گنوار - ہ - مذکر - گاؤں کا رہنے والا - صفت - جنگلی - بے وقوف ۞
گنوارپن - ہ - مذکر - بے وقوفی - اناڑی پن ۞
گنوارنی - ہ - مؤنث - گاؤں کی رہنے والی عورت - صفت - بدوضع - بھدی - گنوار کے متعلق ۞
گنوانا - ہ - شمار کرانا - حساب کرانا ۞
گنوانا - ہ - متعدی - برباد کرنا - ضائع کرنا ۞
گنونت - ہ - صفت - گنی - ہنرمند - چتر - سیانا - دانا ۞
گنونتی - ہ - مؤنث - سگھڑ - دانشمند - چتر - سیانی ۞
گنہ - ف - مذکر - گناہ کا مخفف - خطا - قصور - جرم ۞
گنہگار - ف - صفت - گناہ گار - مجرم - قصوروار ۞
گنی - انگ - مؤنث - ایک انگریزی سکہ جو اکیس شلنگ کا ہوتا ہے ۞
گنی - ف - صفت - ہنر جاننے والا - لائق - سانپ کا منتر جاننے والا ۞
گنیا - ہ - مذکر - بڑھئی کا ایک آلہ - دانا - سیانا - ہنرمند ۞
گنیش - ہ - مذکر - ہندوؤں کے ایک دیوتا کا نام ۞

گ و

گو - ا - مذکر - چرک - پاخانہ ۞
گو - س - مؤنث - گائے - صفت - غریب - بیچارہ ۞
گوپال - س - مذکر - گایوں کا پالنے والا - کرشن جی کا لقب ۞
گوہتیا - ہ - مؤنث - گائے کے مارنے کا پاپ ۞
گوارا - ف - صفت - جلد ہضم ہو جانے والا - خوش مزا - من بھاتا - سہارنے کے لائق - جسے دل پسند کرے - منظور ۞

گوارا کرنا۔ ۔ سہنا۔ ماننا منظور کرنا ۃ
گوالا۔ ک۔ مذکر۔ گائیوں کا پالنے والا۔ دودھ بیچنے والا ۃ
گوالن۔ ک۔ مؤنث۔ گوجری۔ دودھ بیچنے والا ۃ
گواہ۔ ف۔ مذکر۔ ثبوت دینے والا۔ ساکھی۔ شاہد ۃ
گواہ رُویت یا گواہ عَینی۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ وہ گواہ جس نے اپنی آنکھ سے کوئی معاملہ دیکھا ہو ۃ
گواہِ سماعی۔ ف۔ ع۔ مذکر۔ سنی سنائی بات کی گواہی دینے والا ۃ
گواہی۔ ف۔ مؤنث۔ شہادت۔ ثبوت کی وجہ۔ ساکھ ۃ
گوبَر۔ ک۔ مذکر۔ گائے بھینس کا فضلہ چوپایوں کا میلا ۃ
گوبَری۔ ک۔ مؤنث۔ پتلی مٹی جس میں گوبر ملا کر پوتا پھرتے ہیں ۃ
گوبِند۔ س۔ مذکر۔ گائیوں کا پالنے والا۔ اور ویدوں کی زبان جاننے والا۔ کرشن جی کا لقب ۃ
گوبھی۔ ک۔ مؤنث۔ ایک ترکاری کا نام ۃ
گوپال۔ ف۔ مذکر۔ لڑائی کے ایک ہتھیار کا نام ۃ
گوپی۔ س۔ مؤنث۔ گوجری۔ گوالن۔ دودھ بیچنے والی۔ کرشن جی کی محبوبہ ۃ
گوت۔ ک۔ مذکر۔ خاندان۔ گھرانا۔ قوم ۃ
گوتم۔ س۔ مذکر۔ بدھ مذہب کے بانی کا نام جو ایک بہت بڑا رشی منی تھا ۃ
گوتھنا۔ ک۔ پرونا۔ نتھی کرنا۔ بالوں کا گوندھنا ۃ
گوٹ۔ ک۔ مؤنث۔ سنجاف۔ حاشیہ۔ کور۔ چوسر کی نرد۔ جماعت ۃ
گوٹا۔ ک۔ مذکر۔ کناری۔ چاندی یا سونے کے تاروں کی بُنی ہوئی لیس ۃ
گوجَر۔ ک۔ مذکر۔ ایک قوم کا نام جس کا پیشہ دودھ بیچنا ہے۔ گوالا۔ گوپ ۃ
گوجرا۔ ک۔ مذکر۔ گیہوں اور جو ملا ہوا اناج ۃ
گوجری۔ ک۔ مؤنث۔ گوجر قوم کی عورت۔ گوپی۔ ایک راگنی کا نام ۃ
گود۔ ک۔ مؤنث۔ پہلو۔ کولی۔ دامن۔ آنچل ۃ
گود بھرنا۔ ک۔ کنبے والوں کا جمع ہو کر حاملہ کی گود میں سات قسم کا میوہ ڈالنا ۃ
گود پسارنا یا پھیلانا۔ ک۔ عو۔ کسی چیز کے لینے کو پلا پسارنا۔ مانگنا۔ سوال کرنا ۃ
گود دینا۔ ک۔ اپنا بچہ دوسرے کی گود میں ڈالنا۔ فرزندی میں دینا ۃ
گود کا۔ ک۔ صفت۔ وہ بچہ جو ابھی گود میں ہو۔ دودھ پیتا ۃ
گود لینا۔ ے پالک بنانا۔ فرزندی میں لینا ۃ
گُودا۔ ک۔ مذکر۔ مغز بھیجا۔ دماغ۔ کسی چیز کا سب سے بہتر حصہ ۃ
گودام۔ ملایا۔ مذکر۔ ذخیرہ۔ ڈھیر۔ انبار مودی خانہ مال خانہ ۃ
گُودڑ۔ ک۔ مذکر۔ پھٹا پرانا کپڑا چیتھڑے۔ پرانی روئی جو لحاف سے نکالی جائے ۃ
گُودڑ کا لال۔ د۔ مذکر۔ خوبصورت آدمی کا پھٹے پرانے لباس میں ہونا۔ وہ عقلمند اور دانا آدمی جس کا حال معلوم نہ ہو ۃ
گُودنا۔ ک۔ کسی نوکدار چیز سے چھید کرنا۔ بیندھنا۔ چبھونا چھیڑنا ۃ
گُودنا۔ ک۔ مذکر۔ گدائی جسم پر وہ نشان جو نشتر وغیرہ سے دیئے گئے ہیں ۃ
گُودی۔ ک۔ مؤنث۔ کنار بغل۔ کولی۔ آنچل ۃ
گور۔ ف۔ مؤنث۔ قبر۔ سمادھ۔ جنگل ۃ
گور پہ گور بنانا۔ د۔ قبر پر قبر بنانا۔ ایک کے قابض ہوتے ہوئے دوسرے کا دخل چاہنا ۃ
گور جھانکنا۔ ا۔ مرنے کے قریب ہونا ۃ
گورِ غریباں۔ ف۔ مؤنث۔ مسافروں اور غریبوں کا قبرستان ۃ

گور کا منہ جھانک کر آنا یا پھرنا۔ ا۔ مر مر کو بچنا۔ نئے جنم سے پیدا ہونا ٭

گور کفن یا گور گڑھا۔ ا۔ مذکر۔ مُردے کو دفنانے اور کفن دینے کا کام ٭

گورکن۔ ف۔ مذکر۔ قبر کھودنے والا ٭

گور کنارے۔ ا۔ صفت۔ مرنیکے قریب۔ کوئی دم کا مہمان ٭

گور کے مُردے اُکھیڑنا۔ ا۔ مُردوں کا بیان کرنا پُرانے جھگڑے نکالنا ٭

گور میں انگارے بھرنا۔ ا۔ع۔ دوزخ کے کام کرنا۔ بدی کرنا ٭

گور میں پاؤں لٹکانا۔ ا۔ مرنیکے قریب ہونا۔ اخیر عمر ہونا ٭

گورا۔ ہ۔ صفت۔ سُرخ اور سفید رنگ والا خوبصورت مذکر۔ انگریز۔ سپاہی۔ فرنگی ٭

گوراپن۔ ہ۔ مذکر۔ جسم کی سُرخی اور سفیدی۔ چٹاپن

گورا شاہی۔ ا۔ صفت۔ گوروں کے کام کے لائق گوروں کے پہننے کا مضبوط جوتا ٭

گورخر۔ ف۔ مذکر۔ جنگلی گدھا ٭

گورِستان۔ ف۔ مذکر۔ مردوں کے دفن ہونیکی جگہ مرگھٹ ٭

گورکھ دھندا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک تالے کا نام جو مشکل سے کھلتا ہے۔ ایک کھلونے کا نام الجھیڑے اور بکھیڑے کا کام

گورکھا۔ ہ۔ مذکر۔ گورکھپور کا باشندہ۔ نیپال کا پہاڑی باشندہ ٭

گورنر۔ انگ۔ مذکر۔ کسی ملک یا ریاست کا بڑا حاکم ٭

گورنر جنرل۔ انگ۔ مذکر۔ اعلےٰ حاکم جو گورنر کے اوپر ہوتا ہے۔ والسرائے ٭

گورنمنٹ۔ انگ۔ مؤنث۔ حکومت۔ راج۔ بادشاہی حکمرانی ٭

گوری۔ ہ۔ صفت۔ گورا کی تانیث۔ چٹی۔ سفید

گوز۔ ف۔ مذکر۔ وہ ہوا جو پیٹ سے خارج ہوتی ہے

گوزِ شتر۔ ا۔ صفت۔ بیہودہ۔ پوچ۔ بے اثر ٭

گوسالہ۔ ف۔ مذکر۔ گائے کا چھوٹا بچہ۔ اُس سونے کے بچھڑے کا نام جسے سامری جادوگر نے بنایا تھا ٭

گوسفند۔ ف۔ مؤنث۔ بھیڑ۔ دُنبہ۔ بکری۔ بکرا ٭

گوش۔ ف۔ مذکر۔ کان جس سے آواز سنائی دیتی ہے ٭

گوش زد ہونا۔ ا۔ سُننے میں آنا۔ سُنا جانا ٭

گوش گزار کرنا۔ ا۔ سُنانا۔ کان میں ڈالنا ٭

گوش گزاری۔ ف۔ مؤنث۔ اطلاع۔ خبر۔ رپورٹ

گوشت۔ ف۔ مذکر۔ ماس۔ شکار۔ گودا۔ مغز ٭

گوشت خوار۔ ف۔ صفت۔ گوشت کھانیوالا ٭

گوشت سے ناخن جُدا ہونا۔ ا۔ اپنوں کا چھوٹنا رشتہ داروں کا چھوٹنا ٭

گوشمال یا گوشمالی۔ ف۔ مؤنث۔ کان اینٹھنے کی سزا۔ کان مروڑنا ٭

گوشوارہ۔ ف۔ مذکر۔ کان کا بالا۔ بہت بڑا موتی۔ پگڑی کا طلا۔ (ا) بہی کھاتہ۔ حساب کا نقشہ۔ جوڑ۔ میزان ٭

گوشہ۔ ف۔ مذکر۔ کونہ۔ کھونٹ۔ تنہائی۔ طرف۔ جانب

گوشہ نشین۔ ف۔ مذکر۔ تنہائی میں رہنے والا۔ اکیلا بسنے والا ٭

گوشہ نشینی۔ ف۔ مؤنث۔ تنہائی۔ اکانت۔ علیحدگی

گوکھرو۔ ہ۔ ایک کانٹے کا نام۔ کان یا ہاتھ کے ایک زیور کا نام ٭

گوگا۔ ہ۔ مذکر۔ مہتروں اور بھنگیوں کے گرو کا نام ٭

گوگل۔ ہ۔ مذکر۔ ایک درخت کے گوند کا نام ٭

گول۔ ہ۔ صفت۔ چکردار۔ پیچیدہ۔ سمجھ میں نہ آنے والی مؤنث۔ مٹکا۔ گھڑا۔ ف: بیوقوف۔ نادان ٭

گول مول۔ ہ۔ صفت۔ نہایت ہی گول۔ موٹا تازہ اور ٹھنگنا آدمی۔ سمجھ میں نہ آنے والی ٭

گول ہو رہنا۔ ہ۔ خاموش ہو رہنا۔ ٹال جانا ٭

گولا۔ ہ۔ مذکر۔ گھیرا۔ منڈل۔ توپ کا گولہ۔ ناریل کے

اندر کی ثابت گری۔ اناج کی منڈی۔ گول لکڑی کا لٹھا
پکا کنواں۔ ایک قسم کا کبوتر ؞
گولا چلانا۔ ہ۔ گولہ مارنا۔ توپ چھوڑنا ؞
گولائی۔ ہ۔ مؤنث۔ دور۔ چکر۔ گول پن ؞
گولر۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک درخت اور اُسکے پھل کا نام
رُوئی کا ڈوڈا ؞
گولر کا پھول۔ ہ۔ مذکر۔ مجازاً۔ جو چیز مل نہ سکے۔ نایاب
چڑیا کا دودھ ؞
گولندازہ۔ ف۔ مذکر۔ توپ چلانیوالا۔ توپچی ؞
گولہ۔ ف۔ مذکر۔ گلولہ۔ توپ میں چلانیکا گلولہ ؞
گولی۔ ہ۔ مؤنث۔ بندوق کا چھوٹا گلولہ۔ چھوٹی چھوٹی ٹکیاں ؞
گولی چلانا۔ ہ۔ گولی مارنا۔ بندوق میں گولی ڈالنا ؞
گولی مارنا۔ ہ۔ گولی چلانا۔ گولی سے جان لینا ؞
گولی مارو۔ ہ۔ محاورہ۔ کلمۂ تنفر۔ آگ لگاؤ۔ بھاڑ میں ڈالو۔ دفع کرو ؞
گولیاں کھیلنا۔ ہ۔ گولیوں کا کھیل کھیلنا۔ بچہ ہونا
بچپن کا زمانہ ہونا ؞
گومڑا۔ ہ۔ مذکر۔ ورم۔ پھوڑا ؞
گومگو۔ و۔ صفت۔ شک شُبہ۔ کسی بات کے کہنے نہ
کہنے کی سوچ۔ خفیہ۔ نہ کہنے کے قابل ؞
گون۔ ہ۔ مؤنث۔ تھیلا جس میں غلہ بھر کر لادتے ہیں
گون۔ ہ۔ مؤنث۔ موقع۔ غرض۔ قابل ؞
گون پڑنا۔ ہ۔ کام پڑنا۔ مطلب پڑنا ؞
گون کا یار۔ و۔ مذکر۔ مطلب کا یار۔ خود مطلبیا ؞
گون نکالنا۔ ہ۔ کام نکلنا۔ غرض نکالنا ؞
گون۔ انگ۔ مذکر۔ ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا انگریزی
جامہ۔ چوغہ ؞
گونا۔ ہ۔ مذکر۔ دولھا کا دُلھن کو لینے کے واسطے جانا
گوناگوں۔ ف۔ صفت۔ رنگ رنگ کا۔ طرح طرح کا ؞
گونج۔ ہ۔ مؤنث۔ آواز کا گنبد وغیرہ میں چکرانا۔ گرج
آواز کا ٹکرانا ؞
گونجنا۔ ہ۔ آواز کا گنبد وغیرہ میں چکرانا۔ آواز ہی
آواز سنائی دینا۔ گرجنا ؞
گوند۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا چیپدار مادہ جو درختوں
سے نکلتا ہے ؞
گوندانی۔ ہ۔ مؤنث۔ بھیگا ہوا گوند رہنے کا ظرف ؞
گوندا۔ ہ۔ مذکر۔ بھُنے ہوئے چنوں کا گوندھا ہوا آٹا
مٹی کا لوندا ؞
گوند دکھانا۔ ہ۔ ایک پرند کو گوندا دکھا کر دوسرے
کو دبدینا تاکہ وہ غصہ میں آکر لڑیں۔ مجازاً بھڑکانا ؞
گوندنی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک درخت اور اُسکے پھل کا نام
گوندھنا۔ ہ۔ آٹا سانند سوندنا۔ سر کے بالوں کی لڑیاں
بنا کر باہم بُننا۔ پرونا ؞
گونڈ۔ س۔ مذکر۔ وہ شخص جس کی ناف اُبھری ہوئی ہو۔
ایک قوم کا نام جو علاقہ گونڈوانا میں آباد ہے ؞
گونگا۔ ہ۔ مذکر۔ وہ شخص جو زبان سے بول نہ سکے۔
صفت۔ خاموش۔ چُپ چاپ ؞
گونگی۔ ہ۔ مؤنث۔ گونگا کی تانیث ؞
گونگے کا اشارہ گونگا ہی سمجھے۔ ہ۔ کہاوت۔
ہر جنس اپنی ہی جنس سے میل کھاتی ہے ؞
گونگے کا جواب۔ ہ۔ مذکر۔ وہ بات جسے آدمی دیکھے
مگر زبان سے نہ کہہ سکے۔ پوشیدہ اور پیچیدہ بات جسکا
سمجھنا مشکل ہے ؞
گونگے کا گڑ کھٹا نہ میٹھا۔ ہ۔ محاورہ۔ بیان نہ کر سکنے
کے قابل ؞
گونگے کی مٹھائی۔ ہ۔ مؤنث۔ اُس لطف اور لذت
کا حاصل ہونا جو بیان نہ ہو سکے ؞
گونہ۔ ف۔ مذکر۔ انگ۔ ایک قسم کا سُرخ پوڈر جو
عورتیں گالوں پر لگاتی ہیں۔ قسم۔ جنس۔ طرز۔ ڈھنگ
گونہ گوں۔ ف۔ صفت۔ طرح طرح کا۔ کئی پرکار کا
گوہ۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک جانور کا نام ؞

گوہ - ف - مذکر - نیلا - چرک - فضلہ ٭

گوہار - ہ - مؤنث - واویلا - فریاد - دہائی -
(۲) ایک آدمی کا کئی آدمیوں کا گالی گلوچ کا جواب دینا

گوہانجنی - ہ - مؤنث - وہ پھنسی جو آنکھ کے پلک کے نیچے ہو

گوہر - ف - مذکر - موتی - قیمتی پتھر - چھپے ہوئے اوصاف اور خوبیاں ٭

گویا - ف - صفت - بولنے والا - اچھی طرح تقریر کرنیوالا
تابع فعل :- غالباً - ظاہر - حرفِ تشبیہ :- مانند - ہو بہو -
(۲) بالفرض - ماناکہ ٭

گوّیا - ہ - مذکر - گانیوالا - قوّال - کلاونت ٭

گویائی - ف - مؤنث - بول چال - بات چیت - بولنے کی طاقت ٭

گوئیندہ - ف - مذکر - کہنے والا - مجازاً - بھید پانیوالا جاسوس ٭

گ ہ

گہ - ہ - مؤنث - کمرے کی بلندی - ہتھیار کے پکڑنے کی جگہ - مُوٹھ ٭

گھات - ہ - مؤنث - داؤں - تاک - دھوکا - پیچ دھیج - قابو ارادہ - مطلب - وہ جگہ جہاں دشمن یا شکار کے انتظار میں چھپکر بیٹھیں - قتل کا ارادہ - ڈھنگ - ٭

گھات پر چڑھنا - ہ - قابو پر چڑھنا - بس میں آنا ٭

گھات جھنکاتا - ہ - موقع تاکنا - چھپکے بیٹھنا ٭

گھات میں آنا - ہ - قابو پہ چڑھنا - دھوکے میں آنا - فریب کھانا ٭

گھات میں بیٹھنا - ہ - دشمن یا شکار کیلئے چھپکر بیٹھنا

گھات میں رہنا یا ہونا - ہ - موقع تاکنا - فکر میں ہونا

گھاٹ - ہ - مؤنث - دریا یا تالاب وغیرہ کا کنارہ - دریا سے پار اترنے کا مقام - تلوار کی وہ جگہ جہاں سے اُسکا خم شروع ہوتا ہے - طرف - جانب - راستہ - ناؤ کا کرایہ

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا - جگہ جگہ کا سفر کرنا -

نہایت تجربہ کار ہونا ٭

گھاٹ لگنا - ہ - بہت سے آدمیوں کا دریا کے کنارے پر اکٹھا ہونا ٭

گھاٹ مارنا - ہ - پُل یا اُترائی کا محصول نہ دینا ٭

گھاٹا - مذکر - کمی - نقصان - خسارہ ٭

گھاٹا بھرنا - ہ - نقصان پُورا کرنا - پلے سے دینا ٭

گھاٹی - ہ - مؤنث - دو پہاڑوں کے بیچ کا راستہ - راہداری کا پروانہ ٭

گھاس - ہ - مؤنث - سبزہ - ساگ پات - کانس ٭

گھاس کاٹنا - ہ - ساگ پات کاٹنا - بے سوچے سمجھے جلد جلد بولنا یا بڑھنا ٭

گھاگرا - ہ - مذکر - لہنگا - ایک دریا کا نام ٭

گھان - ہ - مذکر - اناج کی وہ مقدار جو ایک دفعہ چکی یا اوکھلی میں ڈالی جائے - دفعہ - باری ٭

گھانی - ہ - مؤنث - تلوں یا سرسوں وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک دفعہ کولھو میں ڈالی جائے ٭

گھاؤ - ہ - مذکر - زخم - چیر - مجازاً نقصان - گھاٹا ٭

گھائی - ہ - مؤنث - دو انگلیوں کے درمیان کی جگہ - مجازاً - دھوکا - فریب ٭

گھائیاں - ہ - مؤنث - گھائی کی جمع - چالاکیاں - فریب مکاریاں ٭

گھائل - ہ - صفت - زخمی - عشق کا مارا ٭

گھبراتا - ہ - بوکھلانا - حیران پریشان ہونا - ہکا بکّا ہونا ڈرنا - حواس ٹھکانے نہ رہنا - بے قرار کرنا - ڈرانا ٭

گھبراہٹ - ہ - مؤنث - بے قراری - بدحواسی - بوکھلاہٹ ہلچل - جلدی ٭

گھُپ - ہ - صفت - اندھیرے کی تعریف میں بولا جاتا ہے جیسے اندھیرا گھُپ ہے ٭

گھٹا - ہ - مؤنث - سیاہ بادل - میگھ - گھن ٭

گھٹا جھومنا یا چھانا - ہ - آسمانوں پر بادلوں کا چھانا

گھٹاٹوپ - ہ - مذکر - وہ غلاف جو پالکی یا ہاتھی وغیرہ

پر گرد اور بارش سے محفوظ رکھنے کے لئے ڈال دیتے ہیں۔
وہ اندھیرا جو بادلوں کے گھرنے سے ہوتا ہے +
گھٹانا۔ ہ۔ کم کرنا۔ بھاؤ اُتارنا +
گھٹانا یا گھٹوانا۔ ہ۔ سر کے بال صاف کرانا۔ چکنا کرانا
گھٹاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ ضیق۔ تنگی۔ گھمس۔ گھمکا +
گھٹاؤ۔ ہ۔ مذکر۔ کمی۔ کسر۔ کوتاہی۔ دریا کا اُتار +
گھٹائی۔ ہ۔ مؤنث۔ رگڑائی۔ پالش۔ رنگ مال کی صفائی
گھوٹنا +
گھٹتی۔ ہ۔ مؤنث۔ کمی۔ نقص۔ زوال +
گھٹ گھٹ کے۔ ہ۔ تابع فعل۔ چپ رہ رہ کر۔
سانس رُک رُک کر۔ جل جل کر +
گھٹنا۔ ہ۔ مذکر۔ پنڈلی اور ران کے بیچ کا جوڑ۔ گوڈا +
گھٹنا۔ ہ۔ مذکر۔ گھٹنوں تک کا پاجامہ +
گھٹنا۔ ہ۔ کم ہونا۔ اُترنا۔ دُبلا ہونا۔ کمزور ہونا +
گھٹنا۔ ہ۔ کھرل ہونا۔ پسنا۔ خوب گھل مل جانا۔ پالش
ہونا۔ رگڑا جانا۔ سر مُنڈانا۔ سانس رُکنا۔ چپ لگنا +
گھٹنوں میں سر دیکے بیٹھنا۔ ہ۔ نہایت سوچ یا غم
میں گردن جھکا کر بیٹھنا +
گھٹنے سے لگ کر بیٹھنا۔ ہ۔ ع۔ پاس سے نہ سرکنا۔
ہر وقت پاس رہنا +
گھٹی۔ ہ۔ مؤنث۔ دست لانیوالی دوائیں جو بچے کو
پلائی جاتی ہیں۔ مجازاً عادت۔ طبیعت +
گھٹیا یا گھٹیل۔ ہ۔ صفت۔ کم درجہ کا۔ کم قیمت کا۔
نیچ ذات کا +
گُہر۔ ف۔ مذکر۔ گوہر کا مخفف۔ قیمتی پتھر۔ قیمتی موتی +
گھر۔ ہ۔ مذکر۔ مکان۔ حویلی۔ ٹھکانا۔ جگہ +
گھر آباد کرنا۔ ہ۔ بیوی لانا۔ بیاہ کرنا۔ مقام کرنا +
گھر اُٹھانا۔ ہ۔ گھر کا خرچ اُٹھانا +
گھر اُکھڑ ہو جانا۔ ہ۔ گھر کا بالکل تباہ اور برباد ہو جانا +
گھر آئے کُتّے کو بھی نہیں نکالتے۔ ہ۔ کہاوت۔
اپنے گھر پر کسی کی بے عزتی نہیں کرتے +

گھر بار۔ ہ۔ مذکر۔ مکان۔ مکان کا مال اسباب۔ بال بچے۔
پروا +
گھر برباد ہونا یا بگڑنا۔ ہ۔ گھر اُجڑنا۔ میاں بیوی میں
نفاق ہونا۔ بیوی یا میاں کا مر جانا +
گھر بنانا۔ ہ۔ مکان بنانا۔ گھر کا انتظام کرنا +
گھر بیٹھنا۔ ہ۔ تنہائی اختیار کرنا۔ نوکری چھوڑنا۔ بے روز
گاری ہونا۔ مکان یا بارش کے سبب گر پڑنا +
گھر پڑنا۔ ہ۔ عورت کا کسی مرد کے گھر بیٹھنا۔ لاگت
بیٹھنا۔ خرچ پڑنا +
گھر پھونک کر تماشا دیکھنا۔ ہ۔ نقصان کر کے تجربہ
حاصل کرنا۔ کھو کر سیکھنا۔ روپیہ برباد کر کے خوش ہونا
گھر تک پہنچنا۔ ہ۔ ماں بہن کی گالیاں دینے لگنا +
گھر جنوائی۔ ہ۔ مذکر۔ گھر میں رکھا ہوا داماد +
گھر چلانا۔ ہ۔ گھر کا خرچ اُٹھانا اور انتظام کرنا +
گھر چھوڑ خطرہ قائم۔ ہ۔ کہاوت۔ نفع چھوڑ کر نقصان
کی طرف دوڑنا +
گھر ڈوبنا۔ ہ۔ گھر کا تباہ اور برباد ہونا۔ کنبہ کو کلنک لگنا
گھر سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ مکان سے۔ گرہ سے۔ پلے سے
گھر سے پاؤں نکالنا۔ ہ۔ حد سے باہر کام کرنا +
گھر کا۔ ہ۔ صفت۔ گھر کے متعلق۔ اپنا +
گھر کا اُجالا۔ ہ۔ مذکر۔ گھر کی رونق۔ نہایت لاڈلا اور پیارا
گھر کا بھیدی لنکا ڈھائے۔ ہ۔ کہاوت۔ گھر کا بھید
جاننے والے کی دشمنی بڑا نقصان پہنچاتی ہے +
گھر کاٹ کھاتے یا کاٹنے کو دوڑتا ہے۔ ہ۔ محاورہ
گھر نہایت بھیانک اور ویران معلوم ہوتا ہے +
گھر کا چراغ۔ ہ۔ مذکر۔ دیکھو (گھر کا اُجالا) +
گھر کا رستہ لینا۔ ہ۔ گھر کو سدھارنا۔ ناکامیاب واپس پھرنا
گھر کا گھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ سارا گھر۔ تمام گھر +
گھر کا مالک۔ ہ۔ مذکر۔ گھر والا۔ مالک مکان۔ شوہر +
گھر کرنا۔ ہ۔ سمائی کرنا۔ جگہ نکالنا۔ کھبنا۔ اثر کرنا۔ سوراخ
کرنا۔ باہم بیاہ کرنا +

گھر کی آدھی نہ باہر کی ساری - ہ - کہاوت - گھر کی کم آمدنی باہر کی زیادہ آمدنی سے بہتر ہے ÷

گھر کی بات - ہ - مؤنث - گھر کا بھید - آپس کی بات - نہایت سہل کام ÷

گھر کے گھر - ہ - تابع فعل - گھر ہی میں - نفع میں نہ نقصان میں مذکر - برائے کثرت :- بہت سے گھر - بہت سے خاندان ÷

گھر کی مرغی دال برابر - ہ - کہاوت - گھر کی عمدہ چیز کی بھی قدر نہیں ہوتی ÷

گھر کے ہوئے نہ در کے - ہ - محاورہ - کہیں کے نہ رہے ÷

گھر گھاٹ - ہ - مذکر - چالی ڈھال - عادت - رہنے کی جگہ ٹھکانا ÷

گھر گھر - ہ - تابع فعل - ہر ایک گھر میں - سب گھروں میں ÷

گھر گئی - ہ - صفت - مؤنث - عو:- گھر اجڑی - نگوڑی

گھر گیا - ہ - صفت - مذکر - عو:- اجڑا - نگوڑا - خانہ خراب

گھر میں پڑنا - ہ - کسی عورت کا محل میں داخل ہونا - بیوی بننا ÷

گھر میں چوہے لوٹتے یا قلابازیاں کھاتے ہیں - ہ - کہاوت - نہایت غریبی ہے ÷

گھر میں ڈالنا - ہ - گھر میں داخل کرنا - بیوی بنانا ÷

گھر والی - ہ - مؤنث - بیوی - بیگم ÷

گھر ہونا - ہ - عو:- تباہ ہونا - سوراخ ہونا - سمائی ہونا قیام ہونا ÷

گھرّا - ہ - مذکر - آنکھ کی ایک دوا کا نام - وہ آواز جو گلے میں سانس کے رکنے سے نکلتی ہے ÷

گھرّا لگنا - ہ - مرتے وقت سانس کا رک رک کر نکلنا - گھونگرو بولنا ÷

گہرا - ہ - صفت - ڈباؤ - بے تھاہ - برائے اظہار کثرت و مبالغہ جیسے :- گہرا رنگ - گہرا نشہ وغیرہ ÷

گہرا ہاتھ لگانا - ہ - زور سے مارنا ÷

گہرا ہاتھ مارنا - ہ - کاری زخم لگانا - بہت سا مال مارنا

گھرانا - ہ - مذکر - خاندان - کل - نسل - کنبہ - قبیلہ ÷

گہرائی - ہ - مؤنث - ڈباؤ ÷

گھر کرانا - ہ - چھا کرانا - امنڈ کرانا ÷

گھرکنا یا گھڑکنا - ہ - گھور کر آنکھیں دکھانا - ڈانٹنا

گھرکی یا گھڑکی - ہ - مؤنث - جھڑکی - ڈانٹ - ڈپٹ

گھرنا - ہ - گھیرے میں آنا - چھانا - امنڈنا ÷

گھرنی - ہ - مؤنث - چرخی - گھمانیکا آلہ - ایک پرندے کا نام ÷

گھروا یا گھرواہا - ہ - مذکر - گھنڈلا - جھونپڑا ÷

گھروندا - ہ - مذکر - چھوٹا سا مٹی کا بنایا ہوا گھر ÷

گہری - ہ - صفت - گہرا کی تانیث ÷

گہری چھننا - ہ - نہایت پکا یارانہ ہونا - نہایت لڑائی ہونا

گہری گھٹنا - ہ - کثرت سے بھنگ کا رگڑا اور پیا جانا گہرا اور پکا یارانہ ہونا ÷

گہری نیند سونا - نہایت غافل اور بے خبر ہو کر سونا ÷

گہرے کرنا - ہ - نہایت نفع اٹھانا ÷

گھریلو - ہ - صفت - گھر سے متعلق ÷

گھڑ چڑھا - ہ - مذکر - گھڑ سوار - گھوڑے پر چڑھا ہوا ÷

گھڑ دوڑ - ہ - مؤنث - گھوڑوں کی دوڑ ÷

گھڑ سال - ہ - مذکر - اصطبل - طویلہ ÷

گھڑ نال - ہ - مؤنث - توپ - رہکلہ ÷

گھڑا - ہ - مذکر - مٹکا جسے کمہار نے بنایا ہو - چھلیا

گھڑت - ہ - مؤنث - بناوٹ - ساخت - بنائی ہوئی بات

گھڑ گھڑاہٹ - ہ - مؤنث - چکی یا گرج یا گاڑی وغیرہ کی آواز

گھڑنا - ہ - بنانا - زیور بنانا - جھوٹی بات بنانا - مارنا

گھڑونچی - ہ - مؤنث - لکڑی کی بنی ہوئی تپائی جس پر گھڑے رکھتے ہیں ÷

گھڑی - ہ - مؤنث - پہر کا آٹھواں حصہ - وقت - ایک آلے کا نام جس سے وقت کی تمیز ہوتی ہے ÷

گھڑی بھر - ہ - تابع فعل - ایک گھڑی - لمحہ بھر ÷

گھڑی ساز۔ ا۔ مذکر۔ گھڑی بنانے یا درست کرنیوالا
گھڑی ساعت کا ہونا۔ ن۔ کوئی دم کا مہمان ہونا۔
مرنیکے قریب ہونا +
گھڑی کو کُوکنا۔ ہ۔ گھڑی کو چابی دینا +
گھڑی گھڑی۔ ہ۔ تابع فعل۔ دم بدم۔ ہر وقت۔ بار بار
گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ۔ ن۔ محاورہ۔
کبھی کچھ کبھی کچھ۔ طبیعت کا ایک حالت پر قائم نہ رہنا
گھڑی میں گھڑیال ہے۔ ہ۔ کہاوت۔ دم میں کچھ سے
کچھ ہو جاتا ہے۔ مرجاتے دیر نہیں لگتی +
گھڑیا۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹے قد کی گھوڑی +
گھڑیال۔ ہ۔ مؤنث۔ پیتل کا گھنٹہ جو گھڑیوں یا
گھنٹوں کے حساب سے بجایا جاتا ہے۔ گھڑی۔ مذکر۔ مگرمچھ
گھڑیالی۔ ہ۔ مذکر۔ گھڑیال بجانیوالا +
گھسّا۔ ہ۔ مذکر۔ رگڑ +
گھسانا۔ ہ۔ اندر داخل کرنا۔ بھرنا +
گھساؤ۔ ہ۔ مذکر۔ رگڑ +
گھسائی۔ ہ۔ مؤنث۔ رگڑ۔ گھساؤ +
گھس پیٹھ۔ ہ۔ مؤنث۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔ تابع فعل
رسائی پیدا کرکے۔ بار بنا کر۔ داخل ہو کر +
گھسٹنا۔ ہ۔ کھینچنا۔ زمین سے رگڑتا ہوا چلنا +
گھس کھدا۔ ہ۔ مذکر۔ گھاس کھودنے والا۔ گھسیارا۔
صفت: ادنیٰ۔ جاہل +
گھسنا۔ ہ۔ رگڑ کھانا۔ پرانا ہونا۔ حل ہونا +
گھسنا۔ ہ۔ اندر جانا۔ داخل ہونا۔ دخل دینا +
گھسیارا۔ ہ۔ مذکر۔ گھاس کھودنے والا +
گھسیاری۔ ہ۔ مؤنث۔ گھاس کھودنے والی عورت +
گھسیٹن۔ ہ۔ مؤنث۔ کسی چیز کے کھینچنے کا نشان جو زمین
پر پڑ جاتا ہے +
گھسیٹنا۔ ہ۔ زمین سے رگڑتے ہوئے لیجانا۔ جلدی جلدی
لکھنا۔ آفت میں پھنسانا +
گھگری یا گھگریا۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا گھاگرا۔ چھوٹا لہنگا

گھگو۔ ہ۔ مذکر۔ اُلو۔ پنجاب: کارخانے کے انجن کی آواز
گھگی۔ ہ۔ مؤنث۔ سُبکی۔ ہچکی +
گھگیانا۔ ہ۔ خوف کے مارے سکتہ چھا جانا۔ گڑگڑانا +
گھلانا۔ ہ۔ پگھلانا۔ ملائم کرنا۔ گھٹانا۔ دُبلا کرنا +
گھلاوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ گھلانا۔ پگھلاہٹ۔ ملائمت +
گھل جانا۔ ہ۔ پگھل جانا۔ پتلا ہو جانا۔ نکما ہو جانا۔
دُبلا ہو جانا۔ بل جُل جانا +
گھل گھل کے۔ ہ۔ تابع فعل۔ دُبلا ہو ہو کر۔ سُوکھ سُوکھ کر
گھل بل جانا۔ ہ۔ ایک جان ہو جانا۔ دوستی گانٹھ لینا +
گھلنا ملنا۔ ہ۔ ایک جان ہونا۔ یارانہ گانٹھنا +
گھما گھم۔ ہ۔ مؤنث۔ ع۔ چہل پہل۔ رونق۔ رول چول
گھماں۔ پنجابی۔ مذکر۔ دو بیگھہ زمین کا ٹکڑا +
گھمانا۔ ہ۔ پھرانا۔ چکر دینا۔ سیر کرانا +
گھماؤ۔ ہ۔ مذکر۔ پھیر۔ چکر۔ زمین کی وہ مقدار جسے
دو بیل دن بھر میں جوت لیں +
گھُمر گھُمر۔ ہ۔ مؤنث۔ چکی کی آواز +
گھمسان۔ ہ۔ مذکر۔ لڑائی۔ لاشوں کے انبار۔ بھیڑ۔
تباہی۔ صفت: اوپر تلے۔ تہ و بالا +
گھمسان کرنا۔ ہ۔ جنگ کرنا۔ لاشوں کے انبار لگانا +
گھمسان کی لڑائی۔ ہ۔ مؤنث۔ بڑی بھاری لڑائی +
گھمنڈ۔ ہ۔ مذکر۔ غرور۔ مان۔ دکھاوٹ۔ شیخی۔ بھروسا +
گھمنڈی۔ ہ۔ صفت۔ گھمنڈ کرنیوالا۔ شیخی خورا +
گھن۔ س۔ مذکر۔ گھٹا۔ بادل۔ بڑا ہتھوڑا۔ گھنٹہ۔
صفت: موٹا۔ بھاری۔ مضبوط۔ زیادہ۔ گھنا۔ مبارک
گھن دار۔ ن۔ صفت۔ گنجان۔ گھنا۔ پاس پاس +
گھن شیام۔ س۔ مذکر۔ کالی گھٹا۔ کالے رنگ کا۔
سری کرشن کا لقب +
گھن گھور۔ ہ۔ صفت۔ ڈراؤنی اور نہایت گہری گھٹا +
گہن۔ ہ۔ مذکر۔ گرہن۔ چاند یا سورج کی روشنی کا کسی
دوسرے جرم کے مقابل ہو جانے سے رُک جانا۔
مجازاً۔ داغ۔ عیب +

گھِن ۔ ہ۔ مؤنث۔ کراہیت۔ نفرت۔ متلی۔ اُلٹی ۔

گھُن ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کے کیڑے کا نام جو لکڑی یا غلّہ وغیرہ کو اندر ہی اندر کھا جاتا ہے۔ مجازاً پُرانا مرض ۔

گھنا ۔ ہ۔ صفت۔ گنجان۔ گھندار ۔

گہنا ۔ ہ۔ مذکر۔ زیور ۔

گہنا ۔ ہ۔ گرہن میں آنا۔ گہن لگنا ۔

گھُننا ۔ ہ۔ گھن لگنا۔ کیڑا لگنا ۔

گھُنا ۔ ہ۔ صفت۔ وہ شخص جو بات کو سُنے اور جواب نہ دے دل میں عداوت رکھنے والا ۔

گہنانا ۔ ہ۔ گہن لگنا۔ روشنی کم ہونا کسی عضو میں پیدائشی نقص ہونا جو چاند یا سورج گرہن کا اثر خیال کیا جاتا ہے

گِھناؤنا ۔ ہ۔ صفت۔ مکروہ۔ جس سے گھِن آئے ۔

گھنٹا یا گھنٹہ ۔ ہ۔ مذکر۔ گھڑیال جسے بجاتے ہیں۔ وقت بتانے کا آلہ۔ ساٹھ منٹ کا وقت۔ گلے میں لٹکانے کی ٹلی

گھنٹا گھر ۔ ہ۔ مذکر۔ اونچا مینار جسکے چاروں طرف گھنٹے کی سوئی لگی ہوئی ہوتی ہے ۔

گھنٹی ۔ ہ۔ مؤنث۔ گھنٹا کی تانیث۔ ٹلی ۔

گھُنڈی ۔ ہ۔ مؤنث۔ کپڑے کا بٹن۔ تکمہ۔ دھان کی دوبارہ پھوٹی ہوئی جڑ۔ پنجاب:۔ گرہ۔ کدورت

گھُنگچی ۔ ہ۔ مؤنث۔ چرمٹی۔ رتی۔ گھمچی ۔

گھُنگرالے ۔ ہ۔ صفت۔ گھونگر والے۔ بل کھائے ہوئے

گھُنگرو ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کے بجنے والے زیور کا نام

گھنگرو بولنا ۔ ہ۔ گھنگروؤں کا چھن چھن کرنا۔ مرتے وقت سانس کا رُک رُک کر نکلنا ۔

گھُنگنیاں ۔ ہ۔ مؤنث۔ اُبلے ہوئے چنے یا جوار یا گیہوں وغیرہ

گھُنگولنا ۔ ہ۔ گھولنا۔ خوب ملانا۔ گدلا کرنا ۔

گھُنگھنانا ۔ ہ۔ کسی پہیہ کے جلدی جلدی چکر کھانے کی آواز

گھُنّی ۔ ہ۔ مؤنث۔ خاموشی۔ چُپ۔ صفت:۔ دل میں بات رکھنے والی۔ کپٹ رکھنے والی ۔

گھُنّی سادھنا ۔ ہ۔ خاموشی اختیار کرنا۔ جان کر جواب نہ دینا

گھوا ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک کیڑے کا نام۔ سرکنڈے کے اوپر کا پھول

گہوارہ ۔ ف۔ مذکر۔ بچوں کے سُلانے کا جھولا۔ چارپائی جسپر عورتوں کے جنازے کے لئے محراب کیطرح لکڑیاں باندھکر اُسکے اندر لاش رکھتے ہیں ۔

گھوٹنا ۔ ہ۔ رگڑنا۔ مہرے سے صفائی کرنا۔ خوب یاد کرنا ۔

گھورا ۔ ہ۔ مذکر۔ کوڑا کرکٹ پھینکنے کی جگہ ۔

گھورنا ۔ ہ۔ آنکھیں گاڑ کر دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا ۔

گھوری ۔ ہ۔ صفت۔ وہ شخص جو نہانے دھونے سے کام نہ رکھے۔ گندا ۔

گھوڑا ۔ ہ۔ مذکر۔ سواری کا ایک مشہور جانور۔ شطرنج کے ایک مہرے کا نام۔ بندوق کا کُتا ۔

گھوڑا اُٹھانا۔ یا پھینکنا۔ یا ڈالنا } ہ۔ گھوڑے کو سرپٹ دوڑانا۔ گھوڑا لپکانا ۔

گھوڑا مارنا ۔ ہ۔ گھوڑے کو ایڑ لگا کر بھگانا ۔

گھوڑا نکالنا ۔ ہ۔ گھوڑے کو گاڑی کیواسطے سدھانا گھوڑے کو آگے لیجانا۔ دُلدل کا گھوڑا نکالنا ۔

گھوڑی ۔ ہ۔ مؤنث۔ گھوڑا کی تانیث۔ سوّیاں توڑنے کا آلہ۔ گوٹا بُننے والوں کا ایک اوزار ۔

گھوڑی چڑھانا ۔ ہ۔ سُنّت کی رسم کا ادا کرنا۔ برات چڑھانا ۔

گھوڑے بیچ کر سونا ۔ ہ۔ نہایت بے خبر اور غافل ہو کر سونا

گھوڑے جوڑے کی خیر ۔ ا۔ دعا۔ میاں بیوی اور سواری کا گھوڑا بنا رہے ۔

گھوڑے کی دُم بڑھیگی تو اپنی ہی مکھیّ اُڑائیگا

ا۔ کہاوت۔ اپنی ترقی سے اپنا ہی فائدہ ہوتا ہے ۔

گھوس ۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک قسم کا بڑا چوہا ۔

گھوسم گھوسا ۔ ہ۔ مذکر۔ مکّا مکّی۔ لڑائی۔ دھول دھپّا ۔

گھوسن ۔ ہ۔ مؤنث۔ مسلمان دودھ بیچنے والی عورت پنجاب:۔ گھسیاری ۔

گھوسی ۔ ہ۔ مذکر۔ مسلمان دودھ بیچنے والا۔ پنجاب:۔ گھسیارا

گھولنا ۔ ہ۔ پانی میں حل کرنا۔ رس لینا ۔

گھومنا ۔ ہ۔ گردش کرنا۔ چکر لگانا۔ چکرانا ۔

گھونپنا۔ ہ۔ بُری طرح سے بینا۔ تلوار یا سنگین کی نوک گھسیڑنا ٭

گھونٹ۔ ہ۔ مذکر۔ پانی کی وہ مقدار جو ایک دفعہ حلق سے اُترے۔ چُسکی۔ کا دم ٭

گھونٹنا۔ ہ۔ گلا دبانا۔ سانس بند کرنا ٭

گھونسا۔ ہ۔ مذکر۔ مکّا۔ صدمہ۔ چوٹ ٭

گھونسلا۔ ہ۔ مذکر۔ پرندوں کا گھر۔ آلنا ٭

گھونگا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کے دریائی کیڑے کا خول۔ سیپی

گھونگھٹ۔ ہ۔ مذکر۔ دُلہن کا منہ کا پردہ۔ اوٹ ٭

گھونگھٹ کھانا۔ ہ۔ فوج کا شکست کھا کر پیچھے ہٹنا

گھونگھٹ کھولنا۔ ہ۔ مُنہ کا پردہ اُٹھانا ٭

گھی۔ ہ۔ مذکر۔ تایا ہوا مکھّن ٭

گھی سنوارے سالن کو اور بڑی بہو کا نام۔ ہ۔ کہاوت۔ کام کسی کا اور نام کسی کا ٭

گھی کا کُپّا لُڑھنا۔ ہ۔ کوئی بھاری نقصان ہونا ٭

گھی کھچڑی۔ ہ۔ صفت۔ نہایت ملے جلے۔ گہرے دوست

گھی کے جلنا یا۔ گھی کے چراغ جلنا۔ ہ۔ مُراد پُوری ہونا۔ نہایت خوشی ہونا ٭

گھیا۔ ہ۔ مذکر۔ کدو جو ایک مشہور ترکاری ہے ٭

گھیا کش۔ ہ۔ مذکر۔ ایک آلہ کا نام جس میں گھیا باریک کرتے ہیں ٭

گھیتلا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا عورتوں کا جوتا ٭

گھیر۔ ہ۔ مذکر۔ چکر۔ ہر چیز کا گرداگرد۔ دائرہ۔ صحن ٭

گھیر دار۔ ہ۔ صفت۔ گھیرے والا۔ ڈھیلا ڈھالا ٭

گھیرا۔ ہ۔ مذکر۔ دائرہ۔ دَور۔ قلعہ کی چاردیواری ٭

گھیرا ڈالنا۔ ہ۔ چاروں طرف سے گھیر لینا۔ حلقہ کر لینا

گھیرنا۔ ہ۔ احاطہ کرنا۔ جگہ روکنا ٭

گھینگا۔ ہ۔ مذکر۔ گلے کے ایک مرض کا نام۔ گلہڑ ٭

گ ی

گیا۔ ہ۔ مذکر۔ صوبہ بہار کے ایک شہر کا نام جو ہندوؤں کا تیرتھ ہے ٭

گیا۔ ہ۔ صفت۔ گذرا ہوا۔ اگلا ٭

گیا گزرا۔ ہ۔ صفت۔ بیتا ہوا۔ نکمّا۔ بے شرم۔ بُرے حال میں ٭

گیارہ۔ ہ۔ صفت۔ ایک اور دس کی تعداد (۱۱) ٭

گیارھواں۔ ہ۔ صفت۔ گیارہ سے نسبت رکھنے والا ٭

گیان۔ س۔ مذکر۔ علم۔ واقفیت۔ عقل۔ خدا کا علم ٭

گیانی۔ س۔ صفت۔ عالم۔ فاضل۔ خدا کو جاننے والا ٭

گیاہ۔ ف۔ مؤنث۔ ہری یا خشک گھاس ٭

گیت۔ ہ۔ مذکر۔ راگ۔ بھجن۔ گانا ٭

گیتا۔ س۔ مؤنث۔ راگ۔ بھجن۔ چرچا۔ قول۔ سری کرشن جی کی مشہور

گئے تھے نماز کو روزے گلے پڑے۔ ہ۔ کہاوت۔ ایک مشکل سے بچنا چاہا ایک اور مشکل گلے پڑ گئی ٭

گیتی۔ ف۔ مؤنث۔ دُنیا۔ سنسار۔ زمانہ ٭

گیتی آرا۔ ف۔ صفت۔ جہاں کو سجانے اور آراستہ کرنیوالا۔ نہایت خوبصورت۔ ایک پھول کا نام ٭

گیتی افروز۔ ف۔ صفت۔ جہان کو روشن کرنے والا۔ مذکر۔ سورج

گیٹس۔ انگ۔ مذکر۔ چمڑے یا کپڑے کی بنی ہوئی پٹی جسے موزوں کو چست رکھنے کے لئے لگاتے ہیں ٭

گیدڑ۔ ہ۔ مذکر۔ ایک جانور کا نام جو کُتے سے قدرے چھوٹا ہوتا ہے

گیدڑ بولنا۔ ہ۔ بُرے شگون کی علامت ظاہر ہونا۔ اُجڑنا ٭

گیدی۔ ف۔ صفت۔ بے شرم۔ بُزدل۔ احمق ٭

گیدی خر۔ ف۔ صفت۔ بہت بڑا بے وقوف ٭

گیر و دار۔ ف۔ مؤنث۔ پکڑ دھکڑ۔ لڑائی۔ حکومت ٭

گیرائی۔ ہ۔ مؤنث۔ پکڑ۔ وہ محکمہ جس میں ٹھگوں کے پکڑنے کا کام ہوتا ہے ٭

گیرُو۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کی لال مٹّی ٭

گیروا۔ ہ۔ صفت۔ گیرو کے رنگ کا۔ لال رنگ کا ٭

گیسو۔ ف۔ مذکر۔ عورتوں کے لمبے بال۔ لٹ ٭

گیلا۔ ہ۔ صفت۔ بھیگا ہوا۔ تر کیا ہوا ٭

گیلن۔ انگ۔ مذکر۔ پانی کی قسم کی چیزیں ناپنے کا انگریزی پیمانہ

گیند۔ ہ۔ مؤنث۔ کپڑے یا چمڑے کا چھوٹا سا گولہ جس سے لڑکے کھیلتے ہیں ٭

گیندا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک زرد پھول کا نام ✤

گینڈا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک نہایت طاقتور۔ ایک سینگ والے جانور کا نام جسکی کھال گی ڈھالیں بنائی جاتی ہیں ✤

گینڈلی۔ ہ۔ مؤنث۔ سوت کا لچھا۔ سانپ کا حلقہ مار کر بیٹھنا گنڈلی ✤

گیو۔ ف۔ مذکر۔ ایران کے ایک مشہور پہلوان کا نام ✤

گیہوں۔ ہ۔ مذکر۔ گندم۔ کنک ✤

گیہوں کی روٹی کو فولادی پیٹ چاہیئے۔ و۔ کہاوت۔ نعمت کھاکر پچانے کو بڑا حوصلہ چاہیئے ✤

گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس جاتا ہے۔ ہ۔ محاورہ۔ گنہگار کے ساتھ بے گناہ بھی پھنس جاتا ہے۔ امیر کے ساتھ غریب کی بھی شامت آجاتی ہے ✤

ل

ل - اردو الف بے تے کا تیئسواں حرف ٭

ل

لا - ع - حرف نفی - نہ - نہیں - بغیر ٭

لااُبالی - ع - صفت - غافل - بے پروا - آزاد ٭

لااُبالی پن - ہ - مذکر - الھڑپن - شوخی - بے پروائی ٭

لااُمّتی - ع - صفت - جو اُمّت سے خارج ہو - بے دین - بے اُستاد ٭

لابُد - ع - تابع فعل - ناچار - لازم - بے شک ٭

لابُدی - ع - مؤنث - ضروری - لازمی - یقینی ٭

لاثانی - ع - صفت - جس جیسا اور کوئی نہ ہو - یکتا یگانہ ٭

لاجرم - ع - تابع فعل دیکھو (لابُد) ٭

لاجواب - ع - صفت - چُپکا - خاموش (۲) جس کا ثانی نہ ہو - ہارا ہوا ٭

لاجواب کر دینا - ہ - مات کر دینا - ہرا دینا - چُپ کر دینا ٭

لاچار - (ہ) صفت - مجبور - اپاہج - غریب - تابع فعل مجبور ہو کر - تھک کر ٭

لاچارگی - یا لاچاری } ہ - مؤنث - مجبوری - بے بسی - محتاجی - غریبی

لاحاصل - ع - تابع فعل - بے فائدہ - اکارت ٭

لاحَل - ع - صفت - جو حل نہ ہو سکے - مشکل ٭

لاحول - ع - کلمۂ نفرت - زور نہیں ہے - قوت نہیں ہے (۲) لعنت - پھٹکار ٭

لاحول بھیجنا - ہ - لعنت بھیجنا - دھتکار کرنا ٭

لاحول پڑھنا - ہ - شیطان کو دور کرنا ٭

لاحول و لاقوۃ الا باللہ - ع - کلمۂ نفرت - خدا کے سوا کسی میں کچھ طاقت اور زور نہیں ٭

لادوا - ع - صفت - جسکی کوئی دوا نہ ہو سکے ٭

لاریب - ع - صفت - بغیر شک کے - یقیناً ٭

لازوال - ع - صفت جسکو زوال نہ ہو - ہمیشہ رہنے والا ٭

لاغُن - ع ف - صفت - خاموش - چُپکا - (مذکر) - بیہودہ بات - گالی گلوچ ٭

لاعلاج - ع - صفت - دیکھو (لادوا) ٭

لاکلام - ع - صفت - جس میں کچھ گفتگو کی جگہ نہ رہی ہو - بے شک - ضرور ٭

لامذہب ع - صفت - جسکا کوئی مذہب نہ ہو - اُدھرمی ٭

لامکان - ع - صفت - جسکا کوئی مکان نہ ہو - خدا کا عالم ٭

لاوارث - ع - صفت - جسکا کوئی وارث نہ ہو - جسکا کوئی حقدار نہ ہو ٭

لاوارثی - ع - مؤنث - وہ چیز جس پر کوئی دعویٰ نہ کر سکے ٭

لاولد - ع - صفت - جسکے اولاد نہ ہو - بے اولادا ٭

لاہوت - ع - مذکر - خدا کی ذات کا عالم ٭

لایزال - ع - صفت - ہمیشہ رہنے والا - دائمی ٭

لایعنی - ع - صفت - جسکا کوئی فائدہ نہ ہو - لغو - پوچ ٭

لایموت - ع - صفت - نہ مرنے والا - امر - جس سے مر نہ سکے ٭

لابھ - س - مذکر - نفع - فائدہ - چاند کا گیارھواں گھر

لات - ہ - مؤنث لت - پاؤں کی ضرب - ٹھوکر ٭

لات لگانا - ہ - ٹھوکر مارنا - گستاخی کرنا ٭

لات مارنا - ہ - ٹھکرانا - نفرت ظاہر کرنا - بے عزتی

کرنا۔ گستاخی کرنا ✦

لاتوں کا بھوت باتوں سے نہیں مانتا۔ ہ۔ کہاوت۔ مار کھانیوالا سمجھانے سے نہیں سمجھتا ✦

لاٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ کھمبا۔ ستون۔ لو۔ شعلہ ✦

لاٹ۔ ا۔ مذکر۔ مالک۔ آقا۔ امیر۔ حاکم۔ ایک عزت کا خطاب ✦

لاٹ پادری۔ ا۔ مذکر۔ سب سے بڑا پادری ✦

لاٹھ۔ ہ۔ مؤنث۔ ستون۔ کھمبا۔ مینار۔ کولہو کا لٹھا

لاٹھی۔ ہ۔ مؤنث۔ ہاتھ کی لکڑی۔ جریب۔ بانڈی

لاٹھی مارے پانی جدا نہیں ہوتا۔ (ا) کہاوت بھائی بندوں میں فرق ڈلوائے سے فرق نہیں پڑتا

لاج۔ ہ۔ مؤنث۔ حیا۔ شرم۔ عزت۔ آبرو

لاج آنا۔ ہ۔ لحاظ آنا۔ شرم آنا ✦

لاج رکھنا۔ ہ۔ عزت بنی رکھنا۔ شرم رکھنا ✦

لاج ونتی۔ ہ۔ مؤنث۔ شرم والی۔ غیرت والی۔ عزت والی ✦

لاجورد۔ ف۔ مذکر۔ ایک چمکدار نیلا پتھر۔ ولایتی نیل ✦

لاجوردی۔ ف۔ صفت۔ لاجورد کے رنگ کا نیلا ✦

لاحق۔ ع۔ صفت۔ ملا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ جڑا ہوا۔ لپٹا ہوا ✦

لاحقہ۔ ع۔ صفت۔ پیچھے لگا ہوا۔ چمٹا ہوا ✦

لادنا۔ ہ۔ کسی جانور پر بوجھ رکھنا۔ چھکڑے یا گاڑی میں اسباب بھرنا۔ کثرت سے بوجھ رکھنا ✦

لادی۔ ہ۔ مذکر۔ لد جانے کے قابل بوجھ۔ دھوبیوں کی گٹھڑی ✦

لاڈ۔ ہ۔ مذکر۔ پیار۔ محبت۔ مامتا ✦

لاڈلا۔ ہ۔ صفت۔ پیارا۔ وہ بچہ جسے ماں باپ نے نہایت پیار سے پالا ہو ✦

لاڈلی۔ ہ۔ مؤنث۔ پیاری۔ وہ لڑکی جو نہایت پیار اور محبت سے پلی ہو ✦

لازم۔ ع۔ صفت۔ پیچھے لگا ہوا۔ چمٹا ہوا۔ ضرور۔ واجب ✦ صرف ونحو:۔ وہ فعل جو فاعل ہی پر ختم ہو جائے اور مفعول کو نہ چاہے ✦

لازم جاننا۔ ا۔ فرض جاننا۔ ضروری سمجھنا ✦

لازم ملزوم۔ ع۔ صفت۔ ایک دوسرے پر موقوف وہ دو چیزیں جو جدا نہ ہو سکیں۔ (ا) واجب۔ ضرور

لازمہ۔ ا۔ مذکر۔ سامان۔ جوڑ۔ میل ✦

لازمی۔ ع۔ مؤنث۔ ضروری ✦

لاسا۔ ہ۔ مذکر۔ درخت کا لیسدار مادہ ✦

لاسا لگانا۔ ہ۔ پرندوں کے پکڑنے کے واسطے کسی چیز پر لیسدار چیز لگانا۔ دو شخصوں میں جھگڑا ڈالنا ✦

لاش۔ ت۔ مؤنث۔ مردہ جسم۔ لوتھ ✦

لاش ڈالنا۔ ا۔ مار کر ڈھیر کرنا۔ قتل کر دینا ✦

لاشہ۔ ف۔ مذکر۔ دبلا۔ کمزور جسم۔ مردہ جسم۔ لوتھ

لاغر۔ ف۔ صفت۔ دبلا۔ پتلا۔ کمزور ✦

لاغری۔ ف۔ مؤنث۔ دبلاہٹ۔ ماڑاپن۔ کمزوری ✦

لاف۔ ف۔ مؤنث۔ ڈینگ۔ شیخی۔ بڑائی۔ گپ ✦

لاف زن۔ ف۔ صفت۔ شیخی باز۔ بڑ مارنے والا گپی ✦

لاف زنی۔ ف۔ مؤنث۔ شیخی بگھارنا۔ ڈینگ مارنا گپ مارنا ✦

لاف و گزاف۔ ف۔ مؤنث۔ بیہودہ باتیں کرنا۔ گپیں ہانکنا۔ شیخی ✦

لاکٹ۔ انگ۔ مذکر۔ گھنڈی۔ کانٹا۔ ہک۔ ایک زیور کا نام ✦

لاکھ۔ ہ۔ مذکر۔ سو ہزار کی تعداد۔ (۱۰۰۰۰۰)۔ صفت:۔ بہتیرا۔ بہت سا۔ نہایت۔ تابع فعل:۔ کتنا ہی۔ ہر چند ✦

لاکھ سوے۔ ہ۔ تابع فعل۔ بے شک۔ ضرور یقیناً ✦

لاکھ چوہے کھا کر بلی حج کو چلی۔ ا۔ محاورہ۔ بہت سے گناہ کر کے توبہ کا ارادہ کیا ✦

لاکھ۔ ہ۔ مؤنث۔ لاک۔ لُک۔ ایک سُرخ مادہ کا نام ✣
لاکھا۔ ہ۔ مذکر۔ لاکھ کا سُرخ رنگ جو عورتیں ہونٹوں پر لگاتی ہے ✣
لاکھوں۔ ہ۔ مذکر۔ لاکھ کی جمع۔ صفت:۔ ہزاروں سیکڑوں۔ بہت سے ✣
لاکھی۔ ہ۔ صفت۔ لاکھ سے متعلق۔ لاکھ کے رنگ کا
لاگ۔ ہ۔ مؤنث۔ تعلق۔ لگاؤ۔ محبت۔ چسکا۔ دشمنی کینہ۔ کرتب۔ سہارا۔ بھید ✣
لاگ باندھنا۔ ہ۔ بَیر رکھنا۔ دُشمنی کرنا۔ حسد کرنا ✣
لاگ رکھنا۔ ہ۔ تعلق رکھنا۔ عداوت رکھنا ✣
لاگت۔ ہ۔ مؤنث۔ خرچ۔ اُٹھاؤ۔ قیمت ✣
لاگو۔ ہ۔ صفت۔ چاہنے والا۔ ساتھی۔ دوست۔ درپے ✣
لال۔ ت۔ صفت۔ وہ شخص جو بول نہ سکے۔ گونگا ✣
لال۔ ف۔ مذکر۔ سُرخ رنگ۔ ایک قسم کا بڑا یاقوت
لال۔ ل۔ مذکر۔ لڑکا۔ پیارا بیٹا۔ ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام۔ ایک قیمتی پتھر کا نام۔ صفت:۔ سُرخ۔ دیکھتا ہوا پیارا ✣
لال اُگلنا۔ ہ۔ نہایت اچھی باتیں زبان سے نکالنا۔ بیہودہ باتیں کرنا ✣
لال بجھکڑ۔ ہ۔ مذکر۔ ایسا فرضی عقلمند آدمی جسے سب پیار کریں ✣
لال پری۔ ل۔ مؤنث۔ سُرخ پوشاک پہننے والی پری مراد سُرخ شراب ✣
لال پیلا۔ ہ۔ صفت غصے میں بھرا ہوا۔ نہایت خفا
لال خاں کا لکڑا۔ ل۔ مذکر۔ کاٹھ جس میں مجرم کا پاؤں پھنسلتے ہیں ✣
لال سوداگر۔ ل۔ مذکر۔ تھوڑی پونجی والا سوداگر ✣
لال لگنا۔ ہ۔ کوئی انوکھی اور عجیب بات ہونا ✣
لال ہونا۔ ہ۔ سُرخ ہونا۔ غصے سے چہرے کا سُرخ ہونا پھل کا پکنا ✣

لالٹین۔ ل۔ مؤنث۔ شیشے کی قندیل ✣
لالچ۔ ہ۔ مذکر۔ حرص۔ لوبھ۔ بہلاوا ✣
لالچ بُری بلا ہے۔ ل۔ کہاوت۔ حرص اور لوبھ سے بڑھکر کوئی مصیبت نہیں ✣
لالچ دینا۔ ہ۔ لوبھ کے فریب میں لانا۔ پھسلانا
لالچی۔ ہ۔ صفت۔ حرص کرنیوالا۔ لوبھی ✣
لالچی بندہ۔ ل۔ مذکر۔ مطلب کا یار۔ لوبھی ✣
لالڑی۔ ہ۔ مؤنث۔ چھوٹا مونگا۔ چھوٹا لال۔ لال پوتھ۔ تامڑا ✣
لالسا۔ س۔ مؤنث۔ خواہش۔ لالچ۔ لوبھ ✣
لالوں لال۔ ہ۔ صفت۔ نہایت سُرخ۔ نہایت شوخ
لالوں لال بنا پھرنا۔ ہ۔ نہایت سُرخ بنا پھرنا۔ نہایت موٹا تازہ اور خوش ہونا ✣
لالہ۔ ف۔ مذکر۔ ایک قسم کا سُرخ رنگ کا پھول ✣
لالہ رُخ یا لالہ رُو۔ ف۔ صفت۔ سُرخ چہرے والا مُراد معشوق ✣
لالہ زار۔ ف۔ مذکر۔ لالہ کا کھیت۔ باغ ✣
لالہ فام یا لالہ گوں۔ ف۔ صفت۔ لالہ کے رنگ کا سُرخ ✣
لالہ۔ ہ۔ مذکر۔ ہندو:۔ صاحب۔ جناب۔ مہاجن بنیا۔ والد۔ صفت:۔ بودا۔ ڈرپوک ✣
لالی۔ ہ۔ مؤنث۔ سُرخی۔ پکی ہوئی اینٹیں ✣
لالے۔ ہ۔ مذکر۔ خواہش۔ نہایت ناامیدی ✣
لالے پڑنا۔ ہ۔ حسرت ہونا۔ تمنا ہونا۔ آس ٹوٹنا مصیبت میں پھنسنا۔ مشکل پڑنا ✣
لام (فرنچ) مذکر۔ فوج کا دستہ۔ بریگیڈ ✣
لام باندھنا۔ ل۔ چڑھائی کیلئے فوج جمع کرنا ✣
لام کاف۔ ع۔ مذکر۔ گالی گلوچ۔ بُرا بھلا۔ لعنت کرنا
لامسہ۔ ع۔ صفت۔ چھونے کی (قوت) ✣
لانا۔ ہ۔ لے کر آنا۔ سامنے کرنا۔ موجود کرنا ✣
لانگ۔ ہ۔ مؤنث۔ ہندو۔ دھوتی کا وہ چُنا ہوا حصہ

جو آگے لٹکتا رہتا ہے ❖

لانگنا یا لانگھنا ۔ ہ ۔ اُوپر سے گزر جانا ۔ گھوڑے پر پہلے پہل سواری کرنا ❖

لاؤ لشکر ۔ ا ۔ مؤنث ۔ فوج اور اُسکا متعلقہ سامان ❖

لاوَن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ چیز جس سے روٹی لگا کر کھائیں

لاہاتھ ۔ ہ ۔ محاورہ ۔ کسی کام کی داد دینے کے واسطے زبان پر لاتے ہیں ۔ واہ وا ۔ کیا کہنا ❖

لاہن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شراب کا خمیر ❖

لاہی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ایک پودے کا نام ۔ ایک قسم کی سرسوں ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ❖

لائی ۔ ف ۔ مؤنث ۔ ایک قسم کا ریشمی کپڑا ۔ کیچڑ ۔ تلچھٹ

لائق ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ واجب ۔ جائز ۔ ٹھیک ۔ (۲) کافی ۔ جتنا چاہیے ۔ صفت ۔ گن والا ۔ اہل ۔ بڑے رُتبے والا ❖

ل ب

لُب ۔ ع ۔ مذکر ۔ مغز ۔ خلاصہ ۔ تت ❖

لُبِّ لُباب ۔ ع ۔ مذکر ۔ خلاصے کا خلاصہ ۔ نہایت خالص ۔ عطر ❖

لَب ۔ ف ۔ مذکر ۔ ہونٹ ۔ کنارہ ۔ طرف ۔ جانب (۲) تھوک ۔ رال ❖

لب بند ہونا ۔ ا ۔ ہونٹوں کا چپک جانا ۔ خاموش ہونا

لبِ دریا ۔ ف ۔ مذکر ۔ دریا کا کنارہ ۔ کراڑا ❖

لب کھولنا ۔ ا ۔ بولنا ۔ بات چیت کرنا ❖

لبِ گور ہونا ۔ ا ۔ مرنیکے قریب ہونا ❖

لب لگانا ۔ ا ۔ منہ کا لعاب لگانا ۔ تھوک لگانا ❖

لب و لہجہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ تلفظ ۔ اُچارن ۔ گفتگو کی طرز

لبادہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ ایک ڈھیلا جامہ ۔ اوور کوٹ ۔ چوغہ ❖

لَباڑی ۔ ف ۔ صفت ۔ جھوٹ بولنے والا ۔ جھوٹا ❖

لِباس ۔ ع ۔ مذکر ۔ پوشاک ۔ بستر ۔ بھیس ۔ رُوپ ❖

لبالب ۔ ف ۔ صفت ۔ منہ تک بھرا ہوا ۔ لبریز ❖

لُبدی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لکھنؤ ۔ لپڑی ۔ پلٹس ❖

لبرٹی ۔ انگ ۔ مؤنث ۔ آزادی ۔ رہائی ❖

لبرل ۔ انگ ۔ صفت ۔ آزاد ۔ کھلا ہوا ۔ بے لاگ سب کا بھلا چاہنے والا ❖

لبریز ۔ ف ۔ صفت ۔ منہ تک بھرا ہوا ۔ پُر ❖

لبڑ خندہ ۔ ہ ۔ صفت ۔ جھوٹا ۔ لپاڑی ۔ بیہودہ باتیں کرنے والا ❖

لَبلبی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بندوق کی کمانی ❖

لُبوب ۔ ع ۔ مذکر ۔ لُب کی جمع ۔ بہت سے مغز ❖

لبوں پر جان آنا یا دم آنا ۔ ا ۔ مرنیکے قریب ہونا ۔ نہایت تنگ آنا ❖

لبوں پر ہونا ۔ ا ۔ کنارہ پر پہنچنا ۔ کسی کام کا ختم ہونیکے قریب ہونا ❖

لبھانا ۔ ہ ۔ لوبھ دینا ۔ لالچ دینا ۔ موہنا ۔ عاشق بنانا ۔ بہکانا ۔ اُکسانا ❖

لبیرا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چیتھڑا ۔ رلیر ۔ دھجی ❖

لبیک ۔ ع ۔ کلمۂ ایجاب ۔ کھڑا ہوں ۔ حاضر ہوں ۔ جی ہاں ❖

لبیں ۔ ا ۔ مؤنث ۔ موچھوں کے وہ بال جو ہونٹوں پر سے کتروائے جاتے ہیں ❖

لبیں لینا ۔ ا ۔ ہونٹوں کے اوپر کے بال کتروانا ❖

ل پ

لپ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ مٹھی بھر ❖

لپاڈگی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ڈک اور چھپر کی لڑائی ۔ چانٹا چٹول ❖

لپاڑی ۔ ہ ۔ صفت ۔ جھوٹا ۔ لباڑی ❖

لپا لپ ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ جلد جلد ۔ جھپا جھپ ❖

لپٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ ا ۔ شعلہ ۔ بھبک ۔ ہوا کا جھونکا ❖

لِپٹا - ہ - مذکر - موٹے آٹے کا حلوا - پتلا گڑ *
لِپٹانا - ہ - چمٹانا - گلے لگانا - اُلجھانا - چپکانا *
لِپَٹنا - ہ - چمٹنا - پیچھے لگنا - چپکنا - اُلجھنا - مصروف ہونا - بل کھانا - تہ ہونا *
لَپ جَھپ - ہ - مؤنث - تیزی - پھرتی - جلدی - (ہو) ہاتھ چالاکی - چوری - (صفت) - تیز - چالاک - پھرتیلا
لَپَٹّ - ہ - مذکر - تھپڑ - چانٹا *
لُپڑی - ہ - مؤنث - روغنی آٹے کی گولی - پلٹس - لیپ میدے وغیرہ کی پوٹلی جس سے ٹکور دیتے ہیں *
لپسی - ہ - مؤنث - لپٹی - سیرا (مذکر) نہایت بوڑھا آدمی *
لَپَک - ہ - مؤنث - چمک - کوندا - شعلہ - دھڑکن جھپٹ - لچک - ٹیس *
لَپَک جَھپَک - ہ - مؤنث - تیزی - تندی - چالاکی پھرتی *
لَپکا - ہ - مذکر - بُری عادت - لت - چاٹ - چسکا *
لپکا پڑنا یا لگنا - ہ - بُری عادت پڑنا - چسکا لگنا - لت لگنا *
لَپکانا - ہ - دوڑانا - بھگانا - آگے کرنا *
لَپکنا - ہ - دوڑنا - جھپٹنا - راستے میں لے لینا - زخم کا ٹیس مارنا - چمکنا - دھڑکنا - اچھلنا *
لَپ لَپ - ہ - مؤنث - زبان سے چاٹنے یا پوپلے منہ سے کھانیکی آواز - تابع فعل :- جلد جلد جھپ جھپ
لَپ لَپ کرنا - ہ - پوپلوں کی طرح کھانا - بیہودہ بکنا *
لُپ لُپ - ہ - مؤنث - کسی ملائم چیز کے کھلنے اور بند ہونیکی آواز *
لِپوانا - ہ - پلستر کرانا - پوتا پھروانا *
لَپیٹ - ہ - مؤنث - پیچ - بل - گھیرا - غلاف - مصیبت - مکر - فریب *
لپیٹ جھپیٹ یا لپیٹ سپیٹ - ہ - مؤنث مکر و فریب - داؤں پیچ *
لپیٹ لینا - ہ - تہ کر لینا - اُلجھالینا - شریک کر لینا
لکڑی کا بیلن جسپر کپڑا لپیٹا جاتا ہے *
لپیٹنا - ہ - تہ کرنا - موڑنا - لتھیڑنا - اُلجھانا *
لپیٹواں - ہ - صفت - لپٹا ہوا - ساتھ لگا ہوا - چھپا ہوا - پیچدار *

ل ت

لت خورا - ہ - صفت - لاتیں کھانیوالا - کمینہ *
لَت - ہ - مؤنث - بُری عادت - لپکا - علت *
لت پڑنا یا لگنا - ہ - بُری عادت پڑنا - لپکا پڑنا
لِتاڑ - ہ - مؤنث - لعنت - پھٹکار - دُکھ *
لِتاڑنا - ہ - دھتکارنا - لعنت کرنا *
لُترا - ہ - مذکر - چغل خور - ادھر کی اُدھر کہنے والا *
لُتراپن - ہ - مذکر - چغل خوری - کہاسنی *
لُتری - ہ - مؤنث - ادھر کی اُدھر کہنے والی عورت چغل خور عورت *
لتھ پتھ یا لت پت - ہ - صفت - بھرا ہوا - شور بور - بدحال *
لتھڑنا - ہ - ملنا - آلودہ ہونا - بھرنا *
لتھیڑنا - ہ - بھرنا - آلودہ کرنا - ملانا - لیپ کرنا *
لَتّہ - ہ - مذکر - چیتھڑا - کپڑا *
لتّے لینا - ہ - کپڑے اُتارنا - دھجیاں اُڑانا - نہایت ملامت کرنا *
لَتّی - ہ - مؤنث - لٹو کی ڈوری - تیرنے میں لاتوں کی حرکت - کپڑا جو بانس کی چھڑ پر کبوتروں کے بلانے کے لئے لگایا جاتا ہے - بال باندھنے کا ڈورا *
لتیا - ہ - صفت - بُری عادت والا - جسے کوئی لت ہو
لتیانا - ہ - لاتیں مارنا *

ل ٹ

لَٹ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بالوں کی لڑی ۔ جٹا ۔ لاٹ کا مخفف ۔ شعلہ ۔ لَو +

لِٹانا ۔ ہ ۔ کسی کھڑی ہوئی چیز کو زمین پر سیدھا کر کے ڈالنا ۔ پھیلانا ۔ پسارنا +

لُٹانا ۔ ہ ۔ ضائع کرنا ۔ برباد کرنا ۔ بکھیرنا ۔ تڑپانا پھڑکانا +

لُٹاؤُ ۔ ہ ۔ صفت ۔ خوب لُٹانیوالا ۔ فضول خرچ

لَٹ پٹے دِن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کڑوے کسیلے دن ۔ بُرے بھلے دِن +

لُٹ جانا ۔ ہ ۔ دُبلا ہو جانا ۔ کمزور ہو جانا +

لُٹس ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لُوٹ گھسوٹ ۔ غارت +

لٹک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لٹکاوُ ۔ ناز ۔ ادا ۔ آن بان ۔ لہر ۔ موج ۔ ترنگ ۔ جنون یا دیوانگی کا اثر

لٹکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ کسی کو اپنے سے اُلجھا لینے کا منتر ۔ چلتا جادو ۔ چالاکی ۔ دِل بہلاوا ۔ فریب ۔ چلتا ہوا نسخہ +

لٹکانا ۔ ہ ۔ ٹانگنا ۔ پھانسی دینا ۔ اُلجھانا ۔ اُمید میں رکھنا +

لٹکن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ چھوٹی گھڑونچی ۔ ناک کے ایک زیور کا نام ۔ کوئی لٹکتی ہوئی چیز +

لٹکنا ۔ ہ ۔ ٹنگنا ۔ سُولی پر چڑھنا ۔ اُلجھنا ۔ اٹکنا ۔ امیدوار رہنا +

لُٹنا ۔ ہ ۔ دُبلا ہونا ۔ کمزور ہونا +

لُٹنا ۔ ہ ۔ گھسنا ۔ تباہ ہونا ۔ چوری ہونا ۔ بھٹکایا جانا

لٹو ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ایک کھلونے کا نام جسے گھماتے ہیں عمارت کی سیدھ معلوم کرنیکا آلہ +

لَٹُو ہونا ۔ ہ ۔ عاشق ہونا ۔ نہایت مصروف ہونا ۔ چکرانا +

لُٹوانا ۔ ہ ۔ برباد کرانا ۔ نقصان کرانا ۔ ویران کرانا

لٹھ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہاتھی کی سونٹ ۔ بانڈی ۔ سونٹا +

لٹھ یار ۔ ا ۔ مذکر ۔ لاٹھیوں سے لڑنیوالا +

لٹھ بازی ۔ ا ۔ مؤنث ۔ لاٹھیوں کی لڑائی +

لٹھ مارنا ۔ ہ ۔ لاٹھی مارنا ۔ سخت جواب دینا +

لٹھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شہتیر ۔ گولا ۔ جریب کا دسواں حصہ

لٹھّا ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک سفید سوتی کپڑا +

لٹھیا ۔ ہ ۔ صفت ۔ چھوٹی لاٹھی ۔ بیساکھی +

لٹھیانا ۔ ہ ۔ لاٹھیوں سے مارنا +

لُٹیا ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ چھوٹا لوٹا +

لُٹیا ڈبونا ۔ ہ ۔ لُٹیا کنوئیں میں گرا دینا ۔ بات بگاڑنا بھرم کھونا ۔ نقصان اُٹھانا ۔ ہمت ہارنا +

لُٹیرا ۔ ہ ۔ صفت ۔ لُوٹ مار کرنیوالا ۔ دھاڑی +

ل ج

لجاجت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ لڑائی ۔ جھگڑا ۔ ضِد + (ا) ۔ مِنت ۔ چاپلوسی ۔ خوشامد +

لجالو ۔ ہ ۔ صفت ۔ شرم والا ۔ حیا والا ۔ (مذکر) ایک پودے کا نام +

لجام ۔ (معرب لگام) مؤنث ۔ باگ ۔ لگام +

لجانا ۔ ہ ۔ شرمانا ۔ شرمندہ ہونا ۔ شرمندہ کرنا +

لجاؤُ ۔ ہ ۔ صفت ۔ شرم والا ۔ ناک والا +

لجلجا ۔ ا ۔ صفت ۔ پلپلا ۔ ملائم ۔ چپچپا +

لجونتی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لاج والی ۔ شرم والی ۔ ایک بوٹی کا نام +

ل چ

لُچ ۔ ف ۔ صفت ۔ ننگا ۔ (ا) بدچلن ۔ بدکار ۔ آوارہ +

لُچا ۔ ا ۔ صفت ۔ بے شرم ۔ بدچلن ۔ عیبی ۔ فسادی +

لُچا پن ۔ ا ۔ مذکر ۔ بے حیائی ۔ بدچلنی ۔ شرارت ۔ فساد +

لچر ۔ ا ۔ صفت ۔ پُوچ ۔ بیہودہ ۔ اناڑی ۔ بیوقوف

لچک ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کسی چیز کا نزاکت سے بلنا ۔ لچکیلا ہٹ ۔ ہچکولا ۔ نرمی ۔ جھکاؤ +

لچک جانا ۔ ہ ۔ بل کھا جانا ۔ کانپ جانا ۔ مُڑ جانا +

لچک دار ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ چیز جو لچک کھاجائے
لچکا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ جھٹکا ۔ ہچکولا ۔ موچ ۔ ایک قسم کا پتلا گوٹا
لچکانا ۔ ہ ۔ لچک دینا ۔ ہلانا *
لچکنا ۔ ہ ۔ جھکنا ۔ مڑنا ۔ بل کھانا ۔ ہلنا ۔ کانپنا *
لچلچ ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ لچکنے کی آواز *
لچھا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ سوت کی انٹی ۔ ایک زیور کا نام ۔
کوئی باریک کنڈی ہوئی چیز *
لچھمی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ دھن دولت کی دیوی ۔ مال ۔
دولت ۔ حسن ۔ خوبصورتی ۔ بیٹے کی بیوی *
لچھن ۔ ہ ۔ مذکر ۔ نشانی ۔ چال ڈھال ۔ رنگ ڈھنگ ۔
کرتوت ۔ عادت ۔ کرنی *
لچھن جھڑنا یا جھڑ جانا ۔ ہ ۔ رونق نہ رہنا ۔ رنگ
روپ جاتا رہنا ۔ بگڑنا ۔ برے دن آنا *
لچھے دار ۔ ہ ۔ صفت ۔ پرت دار ۔ ڈوریدار ۔
سلسلہ وار ۔ پلیٹواں ۔ خربدار *
لچی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ بے شرم عورت ۔ بدچلن عورت *

ل ح

لحاظ ۔ ع ۔ مذکر ۔ کسی چیز کا آنکھ میں خیال رکھنا ۔
ادب کا پاس (ل) شرم ۔ حیا ۔ طرفداری ۔ خیال ۔ پرہیز
احتیاط ۔ توجہ *
لحاظ آنا ۔ ہ ۔ شرم آنا ۔ خیال آنا *
لحاظ ٹوٹنا ۔ ہ ۔ شرم دور ہونا ۔ جھجک مٹنا *
لحاظ رکھنا ۔ ہ ۔ خیال رکھنا ۔ ادب کرنا ۔ شرم کرنا ۔
پرہیز رکھنا *
لحاظ کرنا ۔ ہ ۔ پاس کرنا ۔ طرفداری کرنا ۔ شرم کرنا ۔
منہ چھپانا ۔ پرہیز کرنا *
لحاظ والا ۔ ہ ۔ صفت ۔ شرم والا ۔ حیا والا ۔ مروت والا
لحاف ۔ ع ۔ مذکر ۔ جاڑوں میں رات کے اوڑھنے کا
روئی دار کپڑا ۔ رضائی *
لحد ۔ ع ۔ مؤنث ۔ وہ بغلی کھو جو قبر کے ایک پہلو
میں بنائی جاتی ہے * (ل) ۔ وہ گڑھا جو مردہ نہلانے کے
لئے گھر میں کھود لیتے ہیں ۔ قبر *
لحظہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ پلک مارنے کا وقفہ ۔ پل ۔ دم بھر *
لحظہ بہ لحظہ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ہر دم ۔ ہر گھڑی *
لحم ۔ ع ۔ مذکر ۔ گوشت ۔ ماس ۔ شکار *
لحن ۔ ع ۔ مذکر ۔ آواز ۔ سریلی آواز ۔ سر ۔ تلفظ کی غلطی
ایک قسم کا معیوب قافیہ *

ل خ

لخت ۔ ف ۔ مذکر ۔ ٹکڑا ۔ حصہ ۔ تھوڑی مقدار ۔
لوہے کا گرز *
لخت جگر ۔ ف ۔ مذکر ۔ جگر کا ٹکڑا ۔ نہایت عزیز ۔
اولاد *
لخلخ ۔ ف ۔ صفت ۔ دبلا ۔ پتلا * مؤنث ۔ وہ آواز
جو حلق کی خشکی کے باعث نکلتی ہے *
لخلخ کرنا ۔ ہ ۔ بھوک یا پیاس سے نڈھال ہونا *
لخلخہ ۔ ف ۔ مذکر ۔ وہ دوا جو دماغی طاقت کے لئے
تیار کیجائے ۔ (ل) قمقمہ ۔ قندیل *

ل د

لدا پھندا ۔ ہ ۔ صفت ۔ خوب لدا ہوا ۔ نہایت بھرا ہوا
لدانا ۔ ہ ۔ گاڑی یا چھکڑے وغیرہ پر اسباب بھروانا
لداؤ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ وہ بوجھ جو کسی پر لادا جائے *
لداوا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ بھار ۔ بوجھ *
لد جانا ۔ ہ ۔ اسباب بھرا جانا ۔ بھر جانا ۔ گزر جانا ۔
چلبسنا ۔ مر جانا *
لدو ۔ ہ ۔ صفت ۔ بوجھ اٹھانیکے قابل ۔ بوجھ اٹھانے
والا حیوان *
لدھڑ ۔ ہ ۔ صفت ۔ بھاری ۔ بوجھل ۔ موٹا ۔ بھدا *

ل ڈ

لڈو - ہ - مذکر - ڈھیلا - ڈلا - ایک قسم کی مٹھائی کا گولہ

لڈو بانٹنا - ہ - کسی خوشی میں لوگوں میں مٹھائی تقسیم کرنا

لڈو کھلانا - ہ - مٹھائی کھلانا - رشوت دینا - منہ بھرنا ٭

لڈو کھے سے منہ میٹھا نہیں ہوتا - ہ - کہاوت خالی باتوں سے کام نہیں چلتا ٭

ل ذ

لذائذ - ع - مؤنث - لذت کی جمع - مزے - ذائقے ٭

لذت - ع - مؤنث - مزہ - ذائقہ - چسکا - لطف - آنند ٭

لذت اٹھانا یا پانا - ہ - مزہ پانا - لطف حاصل کرنا ٭

لذت چکھنا - ہ - مزہ چکھنا - ذائقہ لینا - لطف اٹھانا ٭

لذیذ - ع - صفت - مزیدار - ذائقہ دار - (۲) اچھا لگنے والا - من بھانا ٭

لُر - ف - صفت - احمق - بے وقوف - بے عقل ٭

لرزش - ف - صفت - کپکپی - تھرتھراہٹ - کپکپاہٹ ٭

لرزنا - ہ - کانپنا - تھرانا - کپکپانا - ہلنا ٭

لرزہ - ف - مذکر - تھرتھراہٹ - کپکپاہٹ - بھونچال ٭

ل ڑ

لڑ - ہ - مؤنث - لڑی - ڈور - رسی کا بل - قطار - لائن - وسیلہ - زنجیر - ٹولی - جماعت ٭

لڑ لگانا - ہ - وسیلہ پیدا کرنا - تعلق پیدا کرنا ٭

لڑاک - ہ - صفت - لڑائی کرنیوالا - جھگڑالو ٭

لڑاکا - ہ - صفت - لڑنے بھڑنے والا - فسادی - شریر - جنگی - بہادر ٭

لڑاکا کے چار کان - ہ - کہاوت - لڑنے بھڑنیوالی عورت ہر بات پر کان لگائے رہتی ہے ٭

لڑانا - ہ - لڑائی کرانا - جنگ کرانا - بھڑانا - لگانا ٭

لڑائی - ہ - مؤنث - جنگ - دنگا - فساد - مقابلہ - دشمنی ٭

لڑائی بھڑائی - ہ - مؤنث - دنگا فساد ٭

لڑائی ٹھاننا - ہ - دیکھو (لڑائی باندھنا) ٭

لڑائی لڑنا - ہ - جنگ کرنا - جھگڑا کرنا ٭

لڑائی مارنا - ہ - دشمن کو ہرانا - میدان جیتنا ٭

لڑائی مول لینا - ہ - خواہ مخواہ جھگڑے میں پڑنا - خواہ مخواہ لڑنا ٭

لڑائی میں لڈو نہیں بٹتے - ہ - کہاوت - لڑائی کوئی خوشی کا مقام نہیں ٭

لڑبڑا - ہ - صفت - بلبلا - ڈھیلا ٭

لڑکا - ہ - مذکر - چھوکرا - بچہ - پوت صفت: - چھوٹا - یانا - بے سمجھ ٭

لڑکا بالا - ہ - مذکر - بال بچہ - اولاد - کوئی بچہ - صفت - چھوٹی عمر کا - یانا ٭

لڑکا روئے بالوں کو نائی روئے منڈائی کو - ہ کہاوت - ہر شخص اپنا ہی دکھڑا روتا ہے ٭

لڑکا گود لینا - ہ - بیٹا بنانا - متبنیٰ بنانا ٭

لڑکپن - ہ - مذکر - بچپن - چھوٹی عمر - بالپن - اوچھاپن ٭

لڑکوں کا باوا - ہ - مذکر - شریروں کا سردار - نہایت شریر ٭

لڑکوں کا کھیل - ہ - مذکر - بچوں کا تماشا - نہایت آسان کام ٭

لڑکوں کا کھیل چڑیوں کی موت - ہ - کہاوت - کسی کی جان جائے اور ناسمجھ کی ہنسی اور تماشا ہو -

لڑکھڑانا - ہ - پاؤں وغیرہ کا کانپنا - تھرانا - ڈگمگانا مجازاً چوکنا

لڑکی - ہ - مؤنث - چھوکری - بیٹی - نادان - کنواری

بن بیاہی - دُلہن ❊
لڑکے بالے - ہ - مذکر - بال بچے - بیوی بچے - کُنبہ ❊
لڑمرنا - ہ - لڑکر جان دیدینا - لڑکر مرجانا ❊
لڑنا - ہ - جھگڑنا - مارپیٹ کرنا - سامنے ہونا - جنگ کرنا - کُشتی کرنا ❊
لڑنا بھڑنا - ہ - آپس میں جھگڑا فساد کرنا ❊
لڑنت - ہ - مؤنث - کُشتی - پہلوانی ❊
لڑنتیا - ہ - صفت - کُشتی کرنیوالا - پہلوان ❊
لُڑھانا - ہ - لُڑکانا - ڈھلکانا - لُبھانا - گرانا ❊
لُڑھتا پُڑھتا - ہ - صفت - لوٹتا پوٹتا - لُڑکنیاں کھاتا ہوا ❊
لُڑھکنا - ہ - ڈھکنا - پھسلنا - لوٹنا - دُنیا سے اُٹھنا ❊
لُڑھکنی - ہ - مؤنث - لوٹنی - لوٹ ❊
لُڑھیانا - ہ - مروڑی دیکر سینا - سیون سے کور دبانا
لڑی - ہ - مؤنث - لڑ - موتیوں کی مالا - جھڑی سلسلہ ❊
لڑیانا - ہ - لڑی پرونا - ہار گونتھنا ❊
لڑے فوج نام سردار کا - کاٹے باڑھ نام تلوار کا (و) - کہاوت - چھوٹوں کا کام - بڑوں کا نام - کام کسی کا - شہرت کسی کی ❊

ل ز

لزج - ع - صفت - چیپدار - لیسدار ❊
لزوجت - ع - مؤنث - لیس - چیپ - لعاب ❊
لزوم - ع - مذکر - لازم ہونا - واجب - ضرور ❊

ل س

لس - ہ - مذکر - لیس - چیپ - لعاب ❊
لس دار - ہ - صفت - چیپدار - لیسدار - لعاب دار

لسان - ع - مؤنث - جیب - زبان - بولی - بھاشا ❊
لسان الغیب - ع - مؤنث - غیب کی آواز - اکاش بانی - حافظ شیرازی کا لقب ❊
لسّان - ع - صفت - بہت بولنے والا - تیز زبان - مُنھ بولا - چکنی چُپڑی باتیں کرنے والا ❊
لسّانیت - ع - مؤنث - بکواس - بہت بولنا - فصاحت - تیز زبانی ❊
لسلسانا - ہ - چپکنا - چپچپانا ❊
لسن - ہ - مذکر - لہسن جو ایک پودے کا نام ہے - داغ جو جسم پر ہو ❊
لِسنا - ہ - لتھڑنا - پسنا - جمنا ❊
لسّی - ہ - مؤنث - بہت سا پانی ملا ہوا کچا دودھ یا دہی ❊

ل ش

لشتم پشتم - ل - صفت - جوں توں - بُری بھلی جس طرح سے
لشکر - ف - مذکر - فوج - سپاہ - (و) کیمپ - چھاؤنی - بھیڑ ❊
لشکر کشی - ف - مؤنث - چڑھائی - حملہ - بھرتی ❊
لشکر گاہ - ف - مذکر - کیمپ - چھاؤنی - فوج کا پڑاؤ
لشکری - ف - مذکر - لشکر سے نسبت رکھنے والا - فوجی - سپاہی ❊

ل ط

لطافت - ع - مؤنث - پتلاپن - عمدگی - نرمی - صفائی - خوبصورتی - رونق - تازگی - (و) مزہ - لطف - باریکی - نکتہ ❊
لطائف - ع - مذکر - لطیفہ کی جمع - چٹکلے - خوبیاں - مزے ❊
لطائف الحیل - ع - مذکر - وہ حیلے اور بہانے جو دوسرے کو بُرے معلوم نہ ہوں ❊

لطائفِ غیبی ۔ ع ۔ مذکر ۔ غیب یعنی خدا کی مہربانیاں اور عنایتیں ÷

لُطف ۔ ع ۔ مذکر ۔ مہربانی ۔ کرپا ۔ خوبی ۔ بھلائی ۔ بہار ۔ مزہ ۔ خوشی ۔ ظرافت ÷

لُطف یہ ہے ۔ ا ۔ ندا ۔ خوبی یہ ہے ۔ مزہ یہ ہے ۔ تعجب یہ ہے ÷

لُطفی ۔ ع ۔ صفت ۔ متبنّیٰ ۔ گود لیا ہوا ÷

لَطیف ۔ ع ۔ صفت ۔ باریک ۔ نازک ۔ نرم ۔ ہلکا ۔ پاک صاف ۔ مزیدار ۔ عُمدہ ÷

لَطیفُ الطّبع ۔ ع ۔ صفت ۔ زندہ دل ۔ ہنس مکھ ۔ عمدہ طبیعت کا ÷

لَطیفہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ خوبی ۔ نازک اور عمدہ چیز ۔ چٹکلا ۔ ہنسانے والی بات (ل) عجوبہ ۔ انوکھی بات ÷

لَطیفہ گو ۔ ا ۔ کوئی انوکھی بات بیان کرنیوالا ظریف ۔ ٹھٹول ÷

ل ع

لُعاب ۔ ع ۔ مذکر ۔ تھوک ۔ رال ۔ چیپ ۔ لیس ۔ رس

لُعابدار ۔ ع ف ۔ صفت ۔ چیپدار ۔ لسلسا ۔ لبدڑا ÷

لَعِب ۔ ع ۔ مذکر ۔ کھیل ۔ دل بہلاوا ۔ (ل) سیر ۔ تماشا ÷

لُعبت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ کھلونا ۔ گڑیا ۔ مورت ۔ تصویر

لَعل (معرب لال ۔ مذکر ۔ ایک قیمتی پتھر کا نام ۔ معشوق کا ہونٹ ÷

لعل توڑنا ۔ ا ۔ طنزاً ۔ نقصان دینا ÷

لعلِ لب ۔ ع ف ۔ صفت ۔ سرخ ہونٹ ۔ سرخ لب ۔ مذکر ۔ لال ہونٹوں والا معشوق ÷

لعل لگنا ۔ ا ۔ انمول ہونا ۔ انوکھاپن ہونا ۔ کوئی عجیب بات ہونا ÷

لَعن ۔ ع ۔ مؤنث ۔ پھٹکار ۔ دھرکار ۔ ملامت ÷

لعن طعن ۔ ع ۔ مؤنث ۔ طعنہ مہنا ۔ پھٹکار ۔ دھرکار

لَعنت ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دھرکار ۔ پھٹکار ۔ بُرا بھلا ۔ ملامت ÷

لعنت بھیجنا یا کرنا ۔ ا ۔ برا بھلا کہنا ۔ نفرت سے ترک کرنا ۔ کوسنا ÷

لَعنتی ۔ ا ۔ صفت ۔ جسپر لعنت بھیجی جائے ۔ مردود ÷

لَعُوق ۔ ع ۔ مذکر ۔ چاٹنے کی لیسدار دوا ÷

لَعین ۔ ع ۔ صفت ۔ لعنت کا مارا ۔ پھٹکارا ہوا ۔ لعنتی ÷

ل غ

لُغات ۔ ع ۔ مذکر ۔ لُغت کی جمع ۔ الفاظ ۔ بولیاں ۔ وہ کتاب جس میں زبان کے لفظوں کے معنی لکھے ہوئے ہوں ۔ ڈکشنری ÷

لَغایت ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ سرے سے اخیر تک ۔ (ل) شامل ۔ داخل ۔ ملا ہوا ÷

لگام ۔ ف ۔ مؤنث ۔ گھوڑے کی لگام ÷

لُغت ۔ ع ۔ مذکر ۔ زبان ۔ بولی ۔ وہ لفظ جنکے معنی مشہور نہ ہوں ۔ وہ کتاب جس میں زبان کے الفاظ کے معنی درج ہوں ۔ لفظ ۔ شبد ÷

لُغت فراش ۔ ع ف ۔ صفت ۔ لُغت جھاڑنے اور گھڑنیوالا ÷

لُغت تراشنا ۔ گھڑنا ۔ (ل) بڑے بڑے مشکل لفظوں کو استعمال کرنا ÷

لُغت جھاڑنا ۔ ا ۔ اپنا علم ظاہر کرنے کے لئے غیر مشہور اور مشکل لفظوں کا استعمال کرنا ÷

لُغز ۔ ع ۔ مؤنث ۔ چوہے یا خرگوش کا بھٹ ۔ معمّا ۔ پہیلی ۔

لَغزِش ۔ ف ۔ مؤنث ۔ پھسلن ۔ ڈگمگاہٹ ۔ بے قیامی ۔ بھول ۔ گمراہی ÷

لغزش کرنا (ل) ۔ ڈگمگانا ۔ پھسلنا ۔ بہکنا ۔ گمراہ ہونا ÷

لَغو ۔ ع ۔ صفت ۔ بیہودہ ۔ پوچ ۔ بے معنی ۔ بے فائدہ
لُغوی ۔ ع ۔ صفت ۔ لُغت سے منسوب ۔ اصلی ◆
لَغویات ۔ ع ۔ مؤنث ۔ لغو کی جمع ◆

ل ف

لَف ۔ ع ۔ صفت ۔ لپٹا ہوا ۔ تہ کیا ہوا ۔ لپیٹنا ◆
لَف و نَشر ۔ ع ۔ مذکر ۔ بکھری ہوئی چیزوں کو لپیٹنا ۔ علم بیان کی ایک صنعت کا نام ◆
لَفّاظ ۔ ع ۔ صفت ۔ اچھے الفاظ بولنے والا خوش بیان (۲) بہت باتیں بنانیوالا ◆
لَفّاظی ۔ ع ۔ صفت ۔ فصاحت ۔ خوش بیانی ◆ (۲) زیادہ باتیں کرنا ۔ ڈینگ ◆
لِفافَہ (ع) ۔ مذکر ۔ اُوپر کا خول ۔ کاغذ کا غِلاف ◆ (۲) ظاہری سامان ۔ دکھاوا ۔ بھید ۔ پوشیدہ بات ۔ (صفت) جلد ٹوٹ جانیوالی چیز ◆
لِفافہ بنانا ۔ ا ۔ چٹھی کا غلاف تیار کرنا ۔ تھیلی بنانا ۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ بنانا ◆
لِفافہ کرنا ۔ ا ۔ چٹھی کو لفافہ میں بند کرنا ۔ ہلکا سا خول چڑھانا ۔ ملمع کرنا ◆
لِفافہ کُھلنا ۔ ا ۔ چالاکی ظاہر ہونا ۔ چھپی ہوئی بات معلوم ہونا ۔ بھید کُھلنا ◆
لَفظ ۔ ع ۔ مذکر ۔ شبد ۔ کلمہ ۔ بات ۔ بول ◆
لَفظ بَلَفظ ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ ایک ایک لفظ ۔ جُوں کا تُوں ◆
لَفظاً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ لفظ کی رُو سے ۔ صاف صاف
لَفظی ۔ ع ۔ صفت ۔ اصلی حقیقی ۔ باتوں کی ۔ لفظوں کی
لَفَنگ یا لَفَنگا ۔ ا ۔ صفت ۔ لچّہ ۔ شُہدا ۔ گُنڈا ۔ ڈبنگینا ◆
لَفَنگانہ ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ گنڈوں کی طرح ◆

ل ق

لِقا ۔ ع ۔ مؤنث ۔ دیدار ۔ درشن ۔ چہرہ ۔ صورت ◆
لَقا ۔ ا ۔ مذکر ۔ ایک قسم کا کبوتر ◆
لَقَب ۔ ع ۔ مذکر ۔ وہ اسم جو کسی کی بُرائی یا بھلائی ظاہر کرے ۔ وہ نام جو کسی خاص صفت کے باعث پڑ گیا ہو ◆
لُقمان ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک مشہور حکیم کا نام ۔ مجازاً نہایت دانا ۔ بڑا تجربہ کار ◆
لُقمان کو حِکمت سِکھانا ۔ ا ۔ کسی عقلمند اور ہوشیار کو تدبیر بتانا ◆
لُقمہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ نِوالہ ۔ گراس ۔ روٹی کی وہ مقدار جو ایک مرتبہ منہ میں ڈالی جائے ◆
لُقمہ دینا ۔ ا ۔ نوالہ دینا ۔ دوسرے کی بات میں بولنا رشوت دینا ◆
لُقمہ کر جانا ۔ ا ۔ ہڑپ کر جانا ۔ نگل جانا ۔ نوالہ کر جانا ◆
لُقَندرا ۔ ا ۔ مذکر ۔ لُچّہ ۔ شُہدا ۔ بدمعاش ۔ بدچلن ◆
لُقَندری ۔ ا ۔ مؤنث ۔ لُچّی عورت ۔ شُہدی عورت
لَق و دَق ۔ ع ۔ صفت ۔ سخت اور ہموار زمین جہاں کوئی درخت یا گھاس نہ ہو ۔ چٹیل میدان ◆
لَقوَہ ۔ ع ۔ مذکر ۔ ایک مرض کا نام جسمیں منہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے
لُقّہ ۔ ا ۔ صفت ۔ لُچّہ ۔ بدمعاش ۔ گُنڈا ◆

ل ک

لَک ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شعلہ ۔ لَو ۔ روغن ۔ رُوپ ۔ ٹوٹا ہوا نالہ
لَکچر ۔ انگ ۔ مذکر ۔ سبق ۔ وعظ ۔ دکھیان ۔ زبانی مضمون
لَکچرار ۔ انگ ۔ مذکر ۔ زبانی مضمون سُنانیوالا ۔ اُپدیشک
لَکَد ۔ ف ۔ مؤنث ۔ لات ۔ ٹھوکر ۔ دُلتی ◆
لَکَڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ شہتیر ۔ کڑی ۔ لٹھا ◆
لَکَڑ پھوڑ ۔ ہ ۔ مذکر ۔ ہُدہُد جو ایک مشہور پرندہ ہے ◆
لَکَڑ ہارا ۔ ہ ۔ مذکر ۔ لکڑیاں پھاڑنے یا بیچنے والا ◆
لَکڑی ۔ ہ ۔ مؤنث ۔ کاٹھ ۔ چھڑی ۔ لاٹھی ۔ بانڈی ◆

صفت - سخت - نہایت دُبلا *
لکڑی پھینکنا یا کھیلنا - ہ - کھیلنا - پھکیتی کھیلنا
لکڑیاں کھانا - ہ - لکڑیوں سے پٹنا - بانڈیاں کھانا
لکشمی - س - مؤنث - دولت کی دیوی - دولت
خوبصورتی - بیٹے کی بیوی *
لکنت - ع - مؤنث - رُک رُک کر بولنا - توتلا پن *
لکھ - ہ - مذکر - لاکھ کا مخفف - سوہزار کی تعداد *
لکھ بخش یا لکھ داتا - ہ - صفت - لاکھوں روپے
بخش دینے والا - نہایت سخی (مذکر) قطب الدین ایبک کا لقب
لکھ پتی - ہ - مذکر - لاکھ روپے کی حیثیت والا *
صفت :- نہایت دولتمند *
لکھ لُٹ - ہ - صفت - نہایت فضول خرچ - کھاؤ
اُڑاؤ *
لکہ - ف - مذکر - بادل کا ٹکڑا - بدلی *
لکھا - ہ - مذکر - لکھا ہوا - قسمت - تقدیر *
لکھا پڑھا - ہ - صفت - جس نے تعلیم حاصل کی ہوئی
ہو - ودیاوان *
لکھا پورا کرنا - ہ - عو: - کرم بھوگنا - بُرے دن کاٹنا
لکھا - ہ - صفت - مؤنث - اِدھر کی اُدھر کہنے والی
بیسوا *
لکھانا - ہ - تحریر کرانا - تمسک کرانا - مشق کرانا *
لکھائی - ہ - مؤنث - لکھنے کا کام - لکھنے کی اُجرت -
لکھنے کی محنت *
لکھت - ہ - مؤنث - تحریر - اقرارنامہ - تمسک *
لکھنا - ہ - لکھائی کرنا - مشق کرنا - تمسک کر دینا
مذکر :- تحریر - دستخط *
لکھنا پڑھنا - ہ - مؤنث - لکھائی پڑھائی -
لکھنی - ہ - مؤنث - لکھنے کا قلم *
لکھوٹا - ہ - مذکر - وہ سُرخی جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی
لکھی - ہ - صفت - لاکھ روپے کی حیثیت والا -
نہایت امیر *

لکھیرا - ہ - مذکر - لاکھ کی چیزیں بنانیوالا *
لکھے مُوسیٰ پڑھے خُدا - ہ - کہاوت - ایسا باریک
یا بُرا خط لکھنا جسے اپنے سوا کوئی دوسرا نہ پڑھ سکے *
لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل - ہ - کہاوت - ایسے
جاہل اور بیوقوف کی نسبت بولتے ہیں - جو وضع اور
لباس سے عالم اور عقلمند معلوم ہوتا ہو *
لکیر - ہ - مؤنث - لیک - دھاری - لائن - قطار - سطر *
لکیر پر چلنا - ہ - پڑے ہوئے رستہ پر چلنا - پرانے
دستور اور رواج پر چلنا *
لکیر پر فقیر ہونا یا لکیر کا فقیر ہونا - ہ - پرانے دستور پر مٹنا - پرانی
لیک پر چلنا *
لکیر کھینچنا - ہ - خط کھینچنا - نشان لگانا - عد باندھنا -
قلم پھیرنا - مٹانا *

ل گ

لگ بھگ - ہ - تابع فعل - قریب - پاس - ملتا جلتا
لگ چلنا - ہ - ساتھ ہو لینا - بھڑ کر چلنا - لاڈ میں آنا
دوست بننا - عشق جتانا - لپٹنا *
لگا - ہ - مذکر - لگن - پیار - محبت - برابری - پہنچ - تعلق
لمبی چھڑ - ناؤ کھینے کا چپو - ڈھنگ - شروع *
لگا کھانا - ہ - ٹکر کھانا - برابری کرنا - مقابلہ کرنا *
لگا لگانا - ہ - دوستی پیدا کرنا - حساب کتاب لگانا -
یارانہ گانٹھنا *
لگا لگنا - ہ - کام شروع ہونا - ٹکر کھانا - میل ملاپ ہونا
لگا - ہ - صفت - ملا ہوا - ساتھ - گلا - سڑا *
لگا بندھا - ہ - مذکر - پرانا ملازم یا آشنا - وہ شخص
جس سے حساب کتاب ہو - قیدی *
لگا تار - ہ - تابع فعل - برابر - متواتر - پاس پاس
تابڑتوڑ *
لگا تو تیر نہیں تو تکا - ہ - کہاوت - کام ہو یا نہ ہو
مگر ہمت بندھی رہے *

لگا جانا یا چلنا - ہ - ساتھ ساتھ چلا جانا - پیچھے پیچھے
چلا جانا - چمٹا جانا *

لگا دینا - ہ - لیپ کر دینا - مل دینا - چپکا دینا - بہکا دینا - داؤں پر رکھ دینا - بیچ دینا - ترتیب سے رکھ دینا - کھڑا کر دینا - مشغول کر دینا - بانٹ دینا *

لگا رکھنا یا لگائے رکھنا - ہ - بچا رکھنا - امیدوار رکھنا - مصروف رکھنا - چمٹائے رکھنا *

لگا رہنا - ہ - ساتھ رہنا - چمٹا رہنا - مصروف رہنا
جما رہنا *

لگا لانا - ہ - بھگا کر لے آنا - بہانے سے لے آنا - دم دلاسا دیکر لے آنا *

لگا لگایا - ہ - صفت - جڑا جڑایا - بنا بنایا - بنا سنورا

لگا لینا - ہ - ساتھ کر لینا - یار بنا لینا - ڈھب پر لے آنا - مصروف کر لینا - شروع کر لینا *

لگا مارنا - ہ - تہمت دھر دینا - دوش دینا - کلنک لگانا

لگا ہُوا - ہ - صفت - ملا ہوا - جُٹا ہوا - ملا ہوا - پاس پاس

لگام - ف - مؤنث - لوہے کی بنی ہوئی چیز جو گھوڑے کے منہ میں اُسے قابو رکھنے کے لئے لگا لیتے ہیں *

لگان - ہ - مذکر - زمین کا سرکاری محصول - ناؤ کا گھاٹ

لگانا - ہ - جوڑنا - چپکانا - بھڑانا - جمانا - بھڑکانا - ڈانا - ملنا - ترتیب سے رکھنا - مصروف رکھنا - سیدھانا - اُلجھانا - تھوپنا - کام پر بھیجنا - تیز کرنا - گھونپنا - کنارے پر لانا - گھات میں بٹھانا - خرچ کرنا - قیمت دینا - بنا کرنا - داؤں پر رکھنا - لیپنا *

لگانا بجھانا - ہ - اوّل بھڑکا کر پھر دھیما کرنا - لڑائی جھگڑا کرانا - بہکانا *

لگاؤ - ہ - مذکر - تعلق - نسبت - پہنچ - میل - ملاپ - عشق - محبت - ناتہ *

لگاوٹ - ہ - مؤنث - تعلق - نسبت - محبت - میل ملاپ
لاڈ - ناز *

لگائی بجھائی یا لگائی لُتری - ہ - مؤنث - اِدھر کی اُدھر اور اُدھر کی اِدھر کہنا - چغل خوری - لڑائی کرانا - تہمت - بہتان *

لگتی - ہ - صفت - چُبھتی - کاٹ کرنیوالی - اثر کرنیوالی
ملتی جلتی *

لگتی کہنا - ہ - چُبھتی - کٹتی کہنا - ٹھیک ٹھیک کہنا *

لگتے ہاتھ - ہ - تابع فعل - ساتھ کے ساتھ - کسی کام کے ساتھ *

لُگدی - ہ - مؤنث - گیلی پسی ہوئی چیز کی گولی *

لگڑ - ہ - مذکر - شکرا کی قسم کا ایک مشہور پرندہ *

لگڑ بھگا - ہ - مذکر - ایک قسم کا چیتا *

لگن - ف - مذکر - طباق - ٹب - شمعدان - اگردان *

لگن - ہ - مؤنث - نسبت - لگاؤ - دھن - شوق - جوش - (مذکر) - گھڑی - سماں - مہورت *

لگن لگنا - ہ - محبت ہونا - پریت ہونا - لَو لگنا *

لگنا - ہ - جُڑنا - چپکنا - شامل ہونا - جمنا - اُگنا - پیدا ہونا - جچنا - پڑنا - پٹنا - چوٹ آنا - ٹکرانا - چمٹنا - معلوم دینا - اُلجھنا - اثر کرنا - بند ہونا - سجایا جانا - مصروف ہونا - سر پڑنا - گھسنا - تاک میں رہنا - خرچ ہونا - داؤں پر رکھا جانا - قیمت اُٹھنا - عادت ہونا - بات ٹھہرنا - عشق ہونا - کاٹ کرنا - داغ آنا - لتھڑنا *

لگّی - ہ - مؤنث - بانس کی لمبی چھڑ *

لگی - ہ - مؤنث - خواہش - پریت - لگن - لاگ لپیٹ
آگ - تپش *

لگی بجھنا - ہ - اِچھا یا خواہش پوری ہونا - آگ بجھنا - غصّہ کا جاتا رہنا - بھوک دبنا *

لگی بُری ہوتی ہے یا لگی بُری ہے - ہ - محاورہ -
دل کی آگ بُری ہے - عشق بُری بلا ہے *

لگی کہنا - ہ - خوشامد کی کہنا - رُخ کی کہنا *

لگی لپٹی - ہ - صفت - طرفداری کی - خوشامد کی *

لگی نہ رکھنا - ہ - لاگ لپیٹ نہ رکھنا - طرفداری نہ کرنا - ذرا سا یقین باقی نہ رکھنا *

لگے - ہ - صفت - قریب - پاس - ملے ہوئے - ساتھ جوتی یا تھپڑ مار نیکا اشارہ ٭
لگے جانا - ہ - پیچھے پیچھے چلا جانا پیچھا نہ چھوڑنا ٭
لگے رہنا - ہ - ساتھ رہنا - پیچھے پڑے رہنا ٭
لگے لگے - ہ - صفت - پاس پاس - قریب قریب ٭
محاورہ - ڈرانے یا بھگانیکا کلمہ یعنی مارو مارو ٭
لگے ہاتھ - ہ - تابع فعل - ساتھ کے ساتھ - اِسی وقت ٭

ل ل

للّا - ہ - مذکر - بال - لڑکا - پیارا - لاڈلا - احمق بے وقوف
للّا بداؤں کے - ہ - صفت - بدایوں کے احمق - بالکل بے وقوف ٭
للچانا - ہ - لالچ کرنا - لوبھ کرنا - چاہنا - رغبت کرنا - لبھانا - طمع دینا ٭
للکار - ہ - مؤنث - نعرہ - ہانک - پکار - دھمکانا - ہوشیار کرنا ٭
لُلّو - ہ - مؤنث - ع - جیب - زبان - بولی ٭
للّو پتّو - ہ - مؤنث - زبانی عزت - چکنی چپڑی باتیں ٭
لِلّٰہ - ع - خدا کے واسطے - خدا کیلئے - خدا کے نام پر
الحمد للّٰہ - ع - ندا - سب تعریف خدا کے لائق ہے - خدا کا شکر ہے ٭

ل م

لَم بوت - ا - مؤنث - لمبی ناؤ ٭
لَم بوترا - ہ - صفت - بیچ میں سے گول اور موٹا دونو سروں سے سکڑا ہوا - لم چھوا ٭
لم ٹنگا - ہ - صفت - لمبی ٹانگوں والا ٭
لم چھڑ - ہ - صفت - جسکا قد لمبا ہو - مؤنث - لمبی چھڑ
لم ڈھینگ - ہ - مذکر - ایک پرندہ جسکی ٹانگیں لمبی ہوتی ہیں ٭
لِم - ع - مذکر - سبب - وجہ - اعتراض - (ا) تہمت - بہتان ٭
لمبا - ہ - صفت - دراز - اونچا - بلند - بہت - احمق - بے وقوف ٭
لمبا بننا - ہ - چلدینا - بھاگ جانا ٭
لمبا چوڑا - ہ - صفت - فراخ - کھلا ہوا ٭
لمبا سفر - ا - مذکر - دُور کا سفر - دُنیا سے کوچ ٭
لمبا کرنا - ہ - دراز کرنا - روانہ کرنا - رخصت کرنا ٭
لمبا ہونا - ہ - دراز ہونا - چلدینا - سدھارنا ٭
لمبان - ہ - مؤنث - درازی - لمبائی ٭
لمباؤ - ہ - مذکر - درازی - لمبائی ٭
لمبائی - ہ - مؤنث - درازی - بڑائی - بلندی ٭
لمبر - ا - مذکر - ہندسہ - عدد - درجہ - رُتبہ - باری گنتی
لمبردار - ا - مذکر - گاؤں کا عہدیدار ٭
لمبرداری - ا - مؤنث - گاؤں کی عہدیداری ٭
لمبر کھینچنا - ا - مقدمہ بڑھنا - پیشی کی تاریخ بڑھنا
لمبروار - ا - تابع فعل - باری باری سے ٭
لمبری - ا - صفت - نمبروالا - نشان لگا ہوا - مقرر کیا ہوا - بے وقوف - نہایت فسادی ٭
لمبو - ہ - صفت - لمبے قد کا ٭
لمبی - ہ - صفت - مؤنث - دراز - دُور تک گئی ہوئی اونچی - مؤنث - گھوڑے کا لمبا قدم ٭
لمبی تاننا - ہ - بیخبر ہو کر دیر تک سونا - دُور کا سفر کرنا - مرجانا ٭
لمبی چوڑی ہانکنا - ہ - لمبا قصہ بیان کرنا - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا ٭
لمبے بننا یا ہونا - ہ - رفو چکر ہو جانا - چل دینا ٭
لمبے سانس بھرنا - ہ - بڑے اور گہرے سانس لینا - ٹھنڈے سانس لینا - نہایت افسوس کرنا ٭
لمحہ - ع - مذکر - بجلی کی چمک - آنکھ کی جھپکی - پلک مارنے کا دقفہ - بہت تھوڑا سا وقت ٭

لمحہ بھر - ہ- تابع فعل - ذراسی دیر- اِک نظر ٭
لمس -ع- مذکر- کسی چیز کو- چھونا ٭
لمعہ - ع - مذکر- چمکارا- روشنی- کرن ٭
لم یزلی -ع- صفت -جسکو زوال نہ ہو- آمیٹ- اٹل

ل ن

لن ترانی -ع- مؤنث- تو مجھے ہرگز نہیں دیکھ سکیگا- (حضرت موسے کو خدا تعالیٰ کا جواب)- بڑائی- شیخی ڈینگ ٭
لن ترانی کرنا - ا- شیخی بگھارنا- ڈینگ مارنا- اِترانا
لن ترانیاں - ہ- مؤنث- لن ترانی کی جمع- شیخیاں ڈینگیں ٭
لُنج - ف- مذکر- ٹنڈا- لُولا- لنگڑا:-
(ا) ہاتھ پاؤں کی کجی اور ٹنٹ ٭
لُنجا- ہ- صفت- ہاتھ پاؤں سے معذور- ٹنڈا- لنگڑا- لُولا ٭
لُنجی- ہ- مؤنث- ہاتھ پاؤں سے محتاج- ٹُنڈی- لُولی لنگڑی ٭
لُنڈ- ہ- مذکر- سر کٹا ہوا دھڑ- بن پتوں اور شاخوں کا درخت ٭
لُنڈ مُنڈ - ہ- صفت- صفاچٹ- وہ شخص جسکا سر ڈاڑھی اور موچھیں منڈی ہوئی ہوں- غریب- محتاج بن پتوں اور بن شاخوں کا درخت ٭
لُنڈا - ہ- صفت- دُم کٹا- درخت جسمیں پتے اور شاخیں نہ ہوں- محتاج ٭
لُنڈورا - ہ- صفت- بن دُم کا پرند- وہ شخص جسکا کوئی ساتھی نہ ہو ٭
لُنڈوری - ہ- صفت- لنڈورا کی تانیث ٭
لُنڈھانا - ہ- بہانا- لُڑھانا- لُڑکانا- گرانا ٭
لُنڈھنا - ہ- بہنا- لُڑھنا- گرنا- لُڑکنا ٭
لَنڈی - ہ- مؤنث- بے شرم اور بدنام عورت ٭

لَنکا - س- مؤنث- ایک جزیرہ کا نام- فاحشہ عورت چالاک عورت ٭
لنگ - ف- صفت- لنگڑا- لُولا- مذکر- لنگڑاپن
لُنگارا - ہ- صفت- بے شرم- لُچّہ- گُنڈا- فسادی ٭
لُنگاراپن - ہ- مذکر- بے شرمی- لُچّہ پن- گُنڈاپن- شرارت
لنگر- ف- مذکر- جہاز یا قافلہ کا ٹھہرنا- ناؤ یا جہاز کے ٹھہرانے کا رستہ یا رسے میں بندھی ہوئی کوئی بھاری چیز- عزت- وہ جگہ جہاں ہر روز کھانا تقسیم کیا جائے مزار کی چار دیواری:-
(ا) سدا برت- خیرات- پہلوانوں کا لنگوٹ- کوڑے جونڑ- بوجھ- پاسنگ- پتھر کا ٹکڑا اور ڈور جیسے بچے آپسمیں لڑاتے ہیں- گھنٹے کا لٹکن ٭
لنگر اُٹھانا- کشتی یا جہاز کا چلتا کرنا ٭
لنگر باندھنا - ہ- لنگوٹ باندھنا- عورت کی محبّت سے پرہیز کرنا ٭
لنگر جاری کرنا - ہ- سدا برت جاری کرنا- خیرات خانہ کھولنا ٭
لنگر خانہ- ف- مذکر- سدا برت- ہر روز کھانا تقسیم ہونیکی جگہ- خانقاہ- باورچی خانہ ٭
لنگر ڈالنا- ہ- جہاز یا کشتی ٹھہرانا- مقام کرنا- ٹھہرنا
لنگر گاہ - ف- مذکر- جہازوں کے ٹھہرنے کی جگہ ٭
لنگر لنگوٹہ - ہ- مذکر- کاچھا اور لنگڑ جو پہلوانی کا جامہ ہے
لنگری - ہ- مذکر- وہ شخص جو محتاجوں کو لنگر خانے میں کھانا تقسیم کرتا ہے ٭
لنگڑا - ہ- صفت- ایک ٹانگ سے اپاہج - پنگل- مذکر- ایک قسم کا مشہور آم ٭
لنگڑانا - ہ- لنگ کرنا- ایک ٹانگ پر چلنا ٭
لنگڑی - ہ- لنگڑا کی تانیث ٭
لنگوٹ ہ- مذکر- کاچھا- کنکوے کے نیچے کی طرف لگا ہوا کاغذ ٭
لنگوٹ باندھنا یا کسنا- ہ- کاچھا کسنا- کشتی

کے لئے تیار ہونا ✦

لَنگوٹ بَند - ہ صفت - لنگوٹ باندھنے والا - کوارا رہنے والا - جتی ستی ✦

لنگوٹا - (ا) مذکر - کاچھا - لنگوٹی ✦

لنگوٹی - ہ - لنگوٹا کی تانیث کچھنی ✦

لنگوٹی باندھے پھرنا - ہ - غریبی کے سبب ننگا پھرنا لڑکپن میں پھرنا ✦

لنگوٹی بند ھوا دینا - ہ - ننگا کر دینا - کچھ پاس نہ چھوڑنا - لوٹ لینا ✦

لنگوٹی میں پھاگ کھیلنا - ہ - غریبی اور محتاجی میں رنگ رلیاں کرنا ✦

لنگوٹیا - ہ صفت - لنگوٹ باندھنے والا - ساتھ کا کھیلا - بچپن کا یار - گہرا دوست ✦

لنگوٹیا یار - ہ - مذکر - بچپن کا یار - پرانا یار - نہایت گہرا دوست ✦

لنگوچا - (ہ) مذکر - جانور کی آنت مصالحہ دار قیمہ سے بھری ہوئی جسے تل کر کھاتے ہیں - گلما

لنگور - ہ - مذکر - ایک قسم کا بندر ✦

لنگوری - ہ صفت - چوری پکڑوانے کی خوشی - گھوڑے کی ایک چال ✦

لنگھانا - ہ - پار اُتارنا - ندی سے پار کرنا ✦

لنگھن - س - مذکر - دریا سے پار اُترنا - فاقہ - اُپاس ✦

لنگھنا - ہ - پار اُترنا - کسی چیز کے اوپر سے پھلانگ جانا

لنگی - ہ - مؤنث - دھوتی - تہمت - سر پر باندھنے کی ایک قسم کی پگڑی ✦

ل و

لو - ہ - صیغۂ امر - جیسے دام لے لو -

برائے خطاب :- جیسے لو ادھر دیکھو

برائے تعجب :- جیسے لو کیا سے کیا ہو گیا -

برائے استفسار :- جیسے لو سچ کہو کہ اُسے تم نے کیا کہا

برائے تنبیہ :- جیسے لو اسکا نتیجہ دیکھنا -

برائے تزئین کلام :- جیسے لو آؤ خدا کو مانو ✦

لُو - ہ - صفت - گرم ہوا جو گرمی کے موسم میں چلتی ہے

لَو - ہ - مؤنث - شعلہ - لٹ - دھیان - لگاؤ - امید شوق - کان کے نیچے کی نوک ✦

لَو اُٹھانا - ہ - شعلہ بلند کرنا - چرس کا دم لگانا ✦

لَو بجھنا - ہ - شعلہ بجھنا - خواہش مٹنا ✦

لَو لگانا - ہ - خیال باندھنا - چت لگانا - پریت جوڑنا - اچھا کرنا ✦

لَو لگنا - ہ - دھن بندھنا - چت لگنا - پریت ہونا - شوق ہونا - امید ہونا ✦

لوا - ہ - مذکر - ایک قسم کی چھوٹی بٹیر ✦

لِوا - ع - مذکر - جھنڈا - نیزہ ✦

لَواحق - ع - مذکر - لاحق کی جمع - بھائی بند - رشتہ دار نوکر چاکر ✦

لَوازم - ع - مذکر - لازم کی جمع - ضروری چیزیں - اسباب ✦

لَوازِمات - ع - لازم کی جمع الجمع - سامان - اسباب ✦

لَوازمہ - ع - مذکر - لازم کی جمع - ضروری چیزیں ✦

لِوا لے جانا - ہ - اُٹھوا لیجانا - ساتھ لیجانا ✦

لِوانا - ہ - مول لے دینا - خرید دینا ✦

لوبان - ع - مذکر - ایک درخت کا خوشبودار گوند ✦

لوبھ - س - مذکر - حرص - لالچ - اچھا ✦

لوبھی - ہ - صفت :- حرص کرنیوالا - لالچی - کسی بات کا بھوکا - سُوم ✦

لوبیا - ع - مذکر - ایک قسم کا غلہ ✦

لوپ - س - صفت - چھپا ہوا - گپت ✦

لوتھ - ہ - مؤنث - مُردہ جسم - لاش - جُثّہ ✦

لوتھ پڑنا - ہ - لاش پڑنا - مُردہ ہو کر گرنا ✦

لوتھ پوتھ - ہ - صفت - تھک کر چُور - بیجان جسم کی طرح ✦

لوتھ ڈالنا۔ ہ۔ مار کر گرا دینا۔ جان نکال لینا *
لوتھڑا۔ ہ۔ مذکر۔ گوشت کا بڑا ٹکڑا *
لوٹ۔ ا۔ مذکر۔ سرکاری کاغذ جو سکہ کی بجائے رائج ہے۔ نوٹ *
لوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ لوٹنی۔ لڑکنی۔ عشق۔ غش۔ کروٹ بے قرار *
لوٹ پوٹ۔ ہ۔ صفت۔ لوٹنیاں کھاتا ہوا۔ لڑکتا پڑکتا۔ بیقرار۔ عاشق۔ غش *
لوٹ جانا۔ ہ۔ مچل جانا۔ لڑکنیاں کھانے لگنا۔ غش ہو جانا۔ عاشق ہو جانا۔ پھڑک جانا۔ بھر جانا۔ نہایت خوش ہونا *
لوٹ لگانا یا مارنا۔ ہ۔ لوٹنی لگانا۔ لڑکتا پڑکتا سو رہنا
لوٹ ہو جانا۔ ہ۔ غش ہو جانا۔ عاشق ہو جانا۔ نہایت پسند کرنا *
لوٹ ہونا۔ ہ۔ عاشق ہونا۔ غش ہونا۔ ریجھنا۔ قربان ہونا *
لُوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ وہ مال جو چھین جھپٹ کر لایا گیا ہو لُوٹ کھسوٹ۔ ظلم۔ اندھیر۔ رشوت *
لُوٹ کھسوٹ یا لُوٹ مار۔ ہ۔ مؤنث۔ غارت ڈاکہ۔ قزاقی *
لُوٹ کے مُوسَل بھی بھلے ۔ } ۔ ہ۔ کہاوت
یا۔ لوٹ میں چرخہ بھی غنیمت ہے } مفت کی ادنیٰ چیز بھی اچھی ہے *
لُوٹ لینا۔ ہ۔ چھین لینا۔ عاشق کر لینا۔ موہ لینا۔ تباہ کر دینا *
لُوٹ مچانا یا ڈالنا۔ ہ۔ چھیننا جھپٹی کرنا۔ لوٹنا مارنا
لوٹا۔ ہ۔ مذکر۔ ایک قسم کا ٹونٹی دار برتن *
لوٹا اُٹھانا۔ ہ۔ نہایت معمولی درجہ کی نوکری کرنا
لُوٹا لُوٹ۔ ہ۔ مؤنث۔ لُوٹ مار۔ ہاتھا چھانٹی۔ اندھیر
لوٹانا۔ ہ۔ واپس کرنا۔ پھیرنا۔ اُلٹانا *
لُوٹن۔ ہ۔ صفت۔ لوٹنے والا۔ تڑپنے والا (مؤنث) ایک قسم کی عمدہ سجی *
لَوٹنا۔ ہ۔ واپس ہونا۔ پھرنا۔ اُلٹنا۔ پلٹنا *
لوٹنا۔ ہ۔ کروٹیں بدلنا۔ لڑکنیاں کھانا۔ مچلنا۔ تڑپنا۔ عاشق ہونا۔ سونا۔ لیٹنا۔ اچانک مرجانا۔ نہایت خوش ہونا۔ غش غش کرنا *
لوٹنا پوٹنا۔ ہ۔ سونا سلانا۔ لیٹنا لٹانا *
لُوٹنا۔ ہ۔ زبردستی چھیننا۔ تباہ کرنا۔ اُجاڑنا۔ لینا۔ نہایت مہنگا بیچنا *
لوٹنی۔ ہ۔ مؤنث۔ لُڑکنی۔ قلابازی۔ صاف جواب *
لَوث۔ ع۔ مذکر۔ ملاوٹ۔ آلودگی۔ مجازاً۔ داغ۔ دھبہ
لوچ۔ ہ۔ مذکر۔ چیپ۔ لیس۔ نرمی۔ لچک *
لوچدار۔ ہ۔ صفت۔ لیسدار۔ چیپدار۔ نرم۔ ملائم۔ لچکدار *
لوچ دینا۔ ہ۔ ٹکی دیکر آٹے میں لیس پیدا کرنا *
لَوح۔ ع۔ مؤنث۔ لکھنے کی تختی۔ پتھر کی چوڑسی سل جسپر تاریخ وغیرہ لکھکر قبر کے سرہانے رکھتے ہیں۔ کتاب کے اوپر کا صفحہ *
لَوحِ پاک یا لوحِ سادہ۔ ع ف۔ صفت۔ وہ تختی جسپر کچھ لکھا ہوا نہ ہو *
لوحِ طِلسم۔ ع۔ مؤنث۔ وہ تختی جسپر کوئی جادو وغیرہ لکھا ہوا ہو *
لَوح نَویس۔ ع ف۔ مذکر۔ وہ شخص جو کتاب کا سرورق یا ٹائیٹل بناتا ہے *
لودھی۔ ہ۔ مذکر۔ پٹھانوں کے ایک زبردست فرقے کا نام *
لوئر (انگ)۔ صفت۔ ادنیٰ۔ چھوٹا۔ گھٹیل۔ ماتحت
لوری۔ ہ۔ مؤنث۔ پیارا اور سُریلا گیت جو بچہ کے سُلانے کے لئے گایا جائے *
لَوز۔ ع۔ مؤنث۔ بادام۔ ایک قسم کی مٹھائی *
لَوزات۔ ع۔ مؤنث۔ ایک قسم کی مٹھائی *
لَوزِیات۔ ع۔ مؤنث۔ لوز کی بنی ہوئی چیزیں *

لُوزِینہ - ع - مذکر - بادام کا حلوا ✤

لُوط - ع - مذکر - ایک پیغمبر کا نام - ایک جھیل کا نام ✤

لوک - س - مذکر - لوگ - انسان - طبقہ - بھون ✤

لُوکا - ہ - مذکر - شعلہ - لَو - جلتی ہوئی لکڑی ✤

لوکاٹ (ملایا) مذکر - ایک میوے کا نام ✤

لوگ - ہ - مذکر - بہت سے آدمی - خلقت - ذات - برن ✤

لُولا - ہ - صفت - لُنجا - ٹُنٹا - لنگڑا ✤

لُولُو - ع - مذکر - موتی - گوہر ✤

لُولُو - ف - مذکر - فارس کی ایک قوم کا نام - ڈراؤنی صورت جو بچوں کے ڈرانے کے لئے بنائی جائے - بھوت ہوّا - (ل) احمق - پاگل ✤

لُولُو بنانا - و - احمق بنانا - پاگل بنانا ✤

لولی - ف - مؤنث - خوبصورت عورت - ناچنے گانے والی عورت - کنچنی - فاحشہ - بیسوا ✤

لولائے فلک - ف ع - مؤنث - زہرہ جو آسمان پر ایک مشہور ستارہ ہے ✤

لومڑی - ہ - مؤنث - ایک مکّار جانور کا نام ✤

لومڑی کے شکار کو جایئے تو شیر کا سامان کر لیجئے (ل) - کہاوت - تھوڑے سے کام کے لئے بھی پوری طرح تیاری کر لینی چاہیئے ✤

لُون - ہ - مذکر - کھار - نمک ✤

لُون مرچ لگانا - ہ - اپنی طرف سے بات بڑھانا بات کو مزیدار بنانا ✤

لَونجی - ہ - صفت - کچے آم کی پھانکوں کا اچار - کچومر ✤

لوند - ہ - مذکر - تیرھواں مہینہ جو تیسرے سال ہر سال کی کسرات کو جمع کرکے بڑھایا جاتا ہے - زیادہ فضول ✤

لَونڈا - ہ - مذکر - لڑکا - چھوکرا - بیٹا - غلام - داس ✤

لَونڈی - ہ - مؤنث - داسی - باندی - ٹہلنی ✤

لَونڈی بچہ - ا - مذکر - لونڈی کے پیٹ سے پیدا ہوا لڑکا

لَونگ - ہ - مؤنث - ایک درخت کی کلی جو خوشبودار ہوتی ہے - ناک کے ایک زیور کا نام ✤

لَونگ چڑے - ہ - مذکر - ایک قسم کے کباب ✤

لُونی - ہ - مؤنث - شور - کھار ✤

لُونیا - ہ - مذکر - ایک قسم کا ساگ - نمک بنانے یا بیچنے والا ✤

لوہ چُون - ہ - مذکر - لوہے کا چُورا ✤

لوہا - ہ - مذکر - ایک سخت دھات کا نام ✤
صفت: مضبوط - سخت - بھاری ✤

لوہا بجانا - ہ - تلوار چلانا ✤

لوہا تیز ہونا - و - تلوار تیز ہونا - بس چلنا - زور چلنا ✤

لوہا دینا یا کرنا - ہ - استری کرنا - استری پھیرنا ✤

لوہا لاٹھ - ہ - صفت نہایت سخت - نہایت مضبوط ✤

لوہا لوٹ جانا - ہ - تلوار کا مُڑ جانا - وار خالی جانا - کام بگڑ جانا ✤

لوہا ماننا یا مان جانا - ہ - کسی کی بہادری یا دلیری کو ماننا - ہار ماننا ✤

لوہار - ہ - مذکر - لوہے کی چیزیں بنانیوالا - لوہے کی چیزیں بنانے والوں کی قوم ✤

لوہار خانہ - و - مذکر - وہ جگہ جہاں لوہار کام کرتے ہیں ✤

لوہار خانے میں سوئیاں بیچنا - و - جو چیز جہاں خود تیار ہوتی ہے - وہیں لے جانا - بیوقوفی کا کام کرنا

لوہارنی یا لوہاری - ہ - مؤنث - لوہار کی بیوی - وہ عورت جو قوم کی لوہار ہو ✤

لوہو - ہ - مذکر - لہو - خون ✤

لوہیا - ہ - مذکر - لوہے کی بنی ہوئی چیزیں بیچنے والا ✤

لوہے کے چنے - ہ - مذکر - نہایت سخت اور کٹھن کام

لوہے کے گھاٹ اُتارنا - ہ - ہراس کرنا - دل توڑنا - قتل کرنا ✤

لوئی - ہ - مؤنث - ایک قسم کا باریک اونی پٹو ✤

لُہار - ہ - مذکر - لوہار *
لُہارن یا لُہاری - ہ - مؤنث - لوہارنی *
لَہیری - ہ - مذکر - ایک قسم کا طوطا *
لَہجہ - ع - مذکر - لفظوں کی آواز - اُچارن - زبان - محاورہ
سُریلی آواز - لَے - سُر *
لِہٰذا - ع - تابع فعل - اسی لئے - اسی واسطے - پس *
لَہر - ہ - مؤنث - پانی کی ہولسے جُنبش - اُمنگ -
شوق - ولولہ - خیالی خبط - پاگل پن - بھڑک *
لہر اُٹھنا یا آنا - ہ - موج آنا - ترنگ آنا - جوش اُٹھنا -
شوق پیدا ہونا - خیال آنا *
لَہر بَہر - ہ - مؤنث - اقبال مندی - خوشی - رونق *
لَہر چڑھنا - ہ - سانپ کا زہر چڑھنا - زہر کا دورہ کرنا
لَہرا - ہ - مذکر - طبیعت میں جوش پیدا کرنیوالا اثر -
کئی سارنگیوں کی ملی جلی ہوئی آواز *
لَہرانا - ہ - موج مارنا - لہریں لینا - لہلہانا - ہلنا -
شعلہ مارنا *
لَہری - ہ - صفت - موجی - دل چلا - ظریف - ٹھٹول *
لَہریا - ہ - صفت - لہردار - دھاریوں والا -
مذکر - ایک قسم کا کپڑا *
لَہریں گننا - ہ - بیکاری کے کام کرنا - نکمّا کام کرنا *
لَہریں لینا - ہ - جھومنا - جھولنا - ہلنا *
لَہسن - ہ - مذکر - ایک پودے کا نام *
لَہسنیا - ہ - مذکر - ایک نہایت قیمتی جواہر کا نام *
لَہک - ہ - مذکر - لہر - لپٹ - لہلہاہٹ - چمک *
لَہکا - ہ - مذکر - پتلا گوٹا - دھنک *
لَہُکانا - ہ - اُکسانا - بھڑکانا - آگ سُلگانا - چمکانا *
لَہکنا - ہ - چہکنا - گانا - بھڑکنا - لہلہانا - لہرانا چمکنا
لَہلَہا - ہ - صفت - لہراتا ہوا - پھلا پھولا - ہرا بھرا *
لَہلَہاتا - ہ - صفت - جھومتا ہوا - لہراتا ہوا - پھلا پھولا
لَہلَہانا - ہ - موج مارنا - لہرانا - سرسبز ہونا - پھلنا پھولنا
لَہلَہاہٹ - ہ - مؤنث - لہر - موج - شادابی *

لَہنا - ہ - مذکر - قسمت - نفع - شراکت - حصّہ *
لَہنگا - ہ - مذکر - گھاگرا - دھبلا *
لَہو - ہ - مذکر - خُون *
لَہو اُترنا - ہ - سُرخ ہونا - لال ہونا *
لَہو آنا - ہ - خُون جاری ہونا - خُون کے دست آنا *
لَہو بہانا - ہ - خُون نکالنا - جان سے مارنا - جان دینا *
لَہو پانی ایک کرنا یا لَہو پانی کرنا - ہ - سخت محنت
اُٹھانا - جان ہلکان کرنا - نہایت غصّے میں آنا - کسی کو
نہایت رنج یا غصّہ دلانا *
لَہو پانی ہونا - ہ - خون کا پتلا ہونا - جان ہلکان ہونا -
نہایت رنج ہونا *
لَہو پسینا ایک ہونا - ہ - نہایت محنت اور مشقت میں
پڑنا - سختی اُٹھانا *
لَہو پی کر رہ جانا - ہ - نہایت غصّہ کی برداشت کرکے
خاموش رہنا - جی ہی جی میں جلنا *
لَہو پی جانا - ہ - مار کر خون پی جانا - مار ڈالنا *
لَہو پینا - ہ - خُون پینا - قتل کرنا - جان لینا - نہایت
دق کرنا *
لَہو تھوکنا - ہ - خُون کی قے کرنا *
لَہو خشک ہو جانا - ہ - خُون سُوکھ جانا - غم یا خوف
سے جسم میں خُون نہ رہنا *
لَہو دینا - ہ - خُون چھوڑنا - رگ سے خُون نکلنا *
لَہو ڈالنا - ہ - خُون کی قے کرنا - دِق ہونا *
لَہو رونا - ہ - آنسوؤں کی بجائے آنکھوں سے
خون نکلنا *
لَہو سفید ہو جانا - ہ - خُون کی حرارت جاتی رہنا -
محبت نہ رہنا - رحم نہ رہنا *
لَہو کا پیاسا - ہ - صفت - جانی دشمن - جان کا لاگو *
لَہو کا جوش - ہ - مذکر - ایک خون ہونے کی محبت -
مامتا *
لَہو کا ٹکا - ہ - صفت - عزیز - وہ شخص جو ذرا سے

صدمے کی بھی تاب نہ لاسکے۔ نہایت رحم دل ہونا ✤

لہُو کٹنا۔ ہ۔ خون کے دست آنا ✤

لہُو کے گھُونٹ پینا یا گھونٹنا۔ } ہ۔ نہایت رنج اُٹھانا۔ غُصّے یا غضب کو برداشت کرنا

لہُو لگاکر شہیدوں میں مِلنا یا داخل ہونا۔ و۔ ذرا سا کام کرکے اپنے آپ کو بڑے آدمیوں میں شمار کرنا ✤

لہُو لُہان۔ ہ۔ صفت۔ خُون میں لتھ پتھ۔ خُون میں لتھڑا ہوا

لہُو میں ہاتھ رَنگنا۔ ہ۔ کسی کے خُون سے ہاتھوں کو رنگنا قتل کرنا ✤

لَہو۔ ع۔ مذکر۔ کھیل۔ تماشا۔ عیش۔ (۲) واہیات ✤

لہو و لَعِب۔ ع۔ مذکر۔ کھیل کُود۔ سیر تماشا۔ دل لگی ✤

ل ی

لَے۔ ہ۔ مؤنث۔ سُر۔ لہجہ۔ شوق۔ دھُن۔ رٹ۔ سلسلہ

لَے لینا۔ ہ۔ سُر نکالنا۔ الاپنا۔ گانا ✤

لے۔ ہ۔ صیغۂ امر:۔ پکڑ۔ سنبھال جیسے یہ کتاب لے۔ تابع فعل و حرفِ جر:۔ شروع سے۔ اوّل سے جیسے بازار سے لے گھر تک حرفِ تنبیہ و خطاب:۔ سُن۔ جان۔ معلوم کر جیسے لے وہ خفا ہوگیا ✤

لے اُڑنا۔ ہ۔ لیکر چل دینا۔ بڑھا دینا۔ نہایت متوالا کر دینا

لے آنا۔ ہ۔ لانا۔ اُٹھا لانا۔ جاکر لانا ✤

لے بھاگنا۔ ہ۔ لیکر بھاگ جانا۔ بھگاکر لے جانا۔ کسی کی طرز کو اُڑانا ✤

لے بھائی۔ ہ۔ برائے ندا و خطاب:۔ دیکھو بھائی۔ سنو بھائی۔ جیسے لے بھائی ہم تو چلے ✤

لے بیٹھنا۔ ہ۔ لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کر دینا۔ لے گرنا۔ دبا بیٹھنا ✤

لے پالک۔ ہ۔ مذکر۔ وہ لڑکا یا لڑکی جسے لیکر پال لیا ہو دھرم کا بیٹا یا بیٹی ✤

لے جانا۔ ہ۔ لیکر چلے جانا۔ برباد کرنا۔ مار ڈالنا۔ چھین لینا

لے چلنا۔ ہ۔ ساتھ لے جانا۔ ہمراہ لے جانا ✤

لے دے۔ ہ۔ مؤنث۔ لینا دینا۔ کوشش۔ دوڑ دھوپ لعنت ملامت ✤

لے دے کرنا۔ ہ۔ کوشش کرنا۔ دوڑ دُھوپ کرنا لعنت ملامت کرنا۔ ڈانٹنا ✤

لے دے کے۔ ہ۔ تابع فعل:۔ نہایت کوشش سے نہایت مشکل سے۔ دے دلاکر۔ صرف بچا کھُچا ✤

لے دینا۔ ہ۔ دِلوا دینا۔ مول لے دینا۔ خرید دینا ✤

لے ڈالنا۔ ہ۔ مول لے لینا۔ تھکا دینا۔ ختم کر دینا۔ مار ڈالنا ✤

لے ڈُوبنا۔ ہ۔ اپنے ساتھ دوسرے کو بھی تباہ کر دینا غرق کر دینا ✤

لے رَکھنا۔ ہ۔ خرید کر رکھ چھوڑنا۔ مول لے رکھنا

لے لینا۔ ہ۔ چھین لینا۔ دبا لینا۔ خرید لینا۔ پھر لینا۔ پکڑ لینا۔ حاصل کر لینا ✤

لے مَرنا۔ ہ۔ لے ڈوبنا۔ اپنے ساتھ سان لینا۔ بُہتان لگانا حاصل کر لینا ✤

لے نکلنا۔ ہ۔ لے بھاگنا۔ کامیاب ہو جانا۔ سیکھ جانا ✤

لِیئے۔ ہ۔ برائے سبب:۔ واسطے۔ جیسے یہاں کس لئے پھر رہے ہو۔ برائے تکمیل فعل۔ جیسے کھالئے۔ اُٹھا لئے ✤

لِئی۔ ہ۔ مؤنث۔ کاغذ وغیرہ جوڑنے کیلئے میدے کو پکاکر بنائی ہوئی ایک لیسدار چیز ✤

لِیئے پھرنا۔ ہ۔ ساتھ لیکر پھرنا ✤

لِیئے مَرنا۔ ہ۔ تہمت دھرنا۔ جھُوٹا نام لینا ✤

لیا دِیا۔ ہ۔ مذکر۔ کیا کرایا۔ کرنی۔ ٹیکی ✤

لیاقت۔ ع۔ مؤنث۔ قابلیت۔ گُن (۲) مقدور۔ طاقت ✤

لیپ۔ ہ۔ مذکر۔ دوا جو پانی یا روغن میں ملا کر ملی جائے۔ پلستر ✤

لیپا پوتا۔ ہ۔ مذکر۔ لیپا اور پوتا ہوا۔ پلستر کیا کرایا ✤

لیپنا۔ ہ۔ پوتنا۔ قلعی کرنا۔ چوکا کرنا ✤

لیپنے کا نہ پوتنے کا۔ ہ۔ محاورہ۔ محض نکما بالکل بیکار ✤

لینا بھُولے نہ دینا۔ ہ۔ سیدھا حساب۔ نقد کا لین دین ✤

لیتڑا۔ ہ۔ مذکر۔ کھُونسڑا۔ پُرانا ٹوٹا جوتا ✤

لیت و لعل۔ ع۔ مؤنث۔ ٹال مٹول۔ آج کل۔ حیلہ بہانہ ✤

لیت ولعل کرنا۔ ہ۔ ٹال مٹول کرنا۔ آج کل کرنا۔ حیلہ حوالہ بنانا *
لیٹ۔ انگ۔ تابع فعل۔ دیر کرکے۔ بے وقت *
لیٹ جانا۔ ہ۔ پڑ جانا۔ پسر جانا۔ ہمت ہار دینا۔ قدموں میں گر پڑنا *
لیٹنا۔ ہ۔ پسرنا۔ سونا۔ قدموں میں گرنا۔ گڑگڑانا۔ ہار ماننا *
لیجیو۔ ہ۔ ندا۔ پکڑیو۔ جانے نہ دینا۔ روکنا *
لیچڑ۔ ہ۔ صفت۔ دیر میں قرضہ ادا کرنیوالا۔ کنجوس۔ سوم *
لیچی۔ ہ۔ مؤنث۔ ایک پھل کا نام *
لید۔ ہ۔ مؤنث۔ گھوڑے۔ گدھے۔ خچر وغیرہ کا فضلہ۔ گوبر *
لیر۔ ہ۔ مؤنث۔ دھجی۔ کترن۔ چیتھڑا *
لیری۔ ہ۔ مؤنث۔ لمبی دھجی جو لنگوٹے کے پنجالے میں باندھ دیتے ہیں
لیزم۔ ف۔ مؤنث۔ ایک لچکدار کمان جسکے ذریعے جسمانی کسرت کرتے ہیں *
لیس۔ ا۔ صفت۔ ہتھیار لگائے ہوئے۔ تیار۔
مذکر۔ یورپ:۔ ایک قسم کا تیر *
لیس۔ ا۔ مؤنث۔ ڈوری۔ تار بنا ہوا گوٹا *
لیس۔ ہ۔ مذکر۔ چیپ۔ چپچپاہٹ۔ لس *
لیسدار۔ ا۔ صفت۔ چپچپا۔ چیپدار *
لیپنا۔ ہ۔ لیپنا۔ پلستر کرنا *
لیک۔ ہ۔ مؤنث۔ پگ ڈنڈی۔ گاڑی کے پہیے کا نشان۔ رواج۔ کلنک۔ داغ۔ جوں کا انڈا *
لیک پیٹنا۔ ہ۔ پرانے دستور اور پرانی رسم پر چلنا ایک ہی بات پر قائم رہنا *
لیک۔ ف۔ حرف استثنا۔ لیکن کا مخفف۔ مگر۔ پر *
لیکن۔ ع۔ حرف استثنا۔ پر۔ مگر۔ پرنتو *
لیکھ۔ ہ۔ مؤنث۔ جوں کا انڈا۔ چھوٹی جوں۔ پگ۔ ڈنڈی۔ راہ *
لیکھا۔ ہ۔ مذکر۔ حساب کتاب۔ لین دین۔ بہی کھاتہ۔ معاملہ۔ طریقہ *
لیکھا جوکھا۔ ہ۔ مذکر۔ حساب کتاب۔ لین دین *
لیل۔ ع۔ مؤنث۔ رات *
لیل و نہار۔ ع۔ مذکر۔ رات دن *
لیلا۔ س۔ مؤنث۔ کھیل۔ تماشا۔ راگ رنگ۔ عیش *
لیلۃ القدر۔ ع۔ مؤنث۔ چودھویں رات جسمیں چاند پورا ہوتا ہے *

لیلی یا لیلا۔ ع۔ مؤنث۔ سانولی۔ کالی۔
مجنوں کی معشوقہ کا نام۔ مجازاً ہر ایک معشوقہ خوبصورت عورت *
لئیم۔ ع۔ صفت۔ کمینہ۔ ناکس۔ سوم۔ کنٹک *
لیمپ۔ انگ۔ مذکر۔ چراغ۔ لالٹین *
لیمو۔ ف۔ مذکر۔ نیبو۔ ایک پھل کا نام *
لیموں۔ ع۔ مذکر۔ نیبو۔ گلگل *
لین۔ ا۔ مؤنث۔ لکیر۔ حد۔ مینڈ۔ قطار۔ سطر۔ ریل کی سڑک۔ فوجی پڑاؤ *
لین کلیر۔ ا۔ مؤنث۔ سڑک کا صاف ہونا۔
پرچہ جو سٹیشن ماسٹر انجن ڈرائیور کو صفائی سڑک کی بابت لکھ دیتا ہے *
لینا۔ ہ۔ مذکر۔ قرضہ۔ وہ روپیہ جو لینا ہو *
لینا۔ ہ۔ حاصل کرنا۔ تھامنا۔ سنبھالنا۔ خریدنا۔
قرض لینا۔ اختیار کرنا۔ مار ڈالنا۔ ملانا۔ طے کرنا
لینا ایک نہ دینا دو۔ ہ۔ محاورہ۔ نہ کسی سے ایک لینگے نہ دو دینے پڑینگے۔ مفت کی مصیبت *
لینا دینا۔ ا۔ لین دین کرنا۔ مذکر:۔ لین دین۔
حساب کتاب۔ معاملہ *
لینا نہ دینا باتوں کا جمع خرچ۔ ا۔ کہاوت۔ نری باتیں ہی باتیں ہیں *
لینا نہ دینا کارے در مشکلے۔ ا۔ کہاوت۔ کچھ حاصل نہیں *
لین دین۔ ہ۔ مذکر۔ لینا دینا۔ حساب کتاب۔ بیوپار۔ تعلق۔ تجارت *
لینے کے دینے پڑ جانا۔ ہ۔ نفع کی بجائے نقصان اٹھانا۔
مصیبت پڑ جانا *
لینے دینے میں نہ ہونا۔ ہ۔ کسی کے معاملے سے کام نہ رکھنا
سروکار نہ ہونا *
لیو۔ ہ۔ مذکر۔ دیوار کا پلستر جو سوکھ کر گر جائے *
لیو چڑھنا۔ ہ۔ دیوار پر پلستر ہونا۔ موٹا ہونا۔ گوشت چڑھنا *
لیوا۔ ہ۔ صفت۔ لینے والا۔ مذکر۔ گائے بھینس کا تھن۔ ہانڈی کے پیندے میں جو مٹی لگائی جاتی ہے *

م

م - (ع) اردو الف - بے - ت کا اکتیسواں (۳۱) حرف ۔

(م ا)

ما بعد - (ع) صفت ۔ جو بعد میں آئے پیچھے آنیوالا

مابقا (ع) صفت :- جو کچھ باقی رہ گیا ہو' بچا ہوا ۔

مابہ الاحتیاج (ع) مذکر :- جسکی ضرورت پڑے - جسکی حاجت ہو ۔

مابہ الامتیاز (ع) مذکر :- وہ چیز جس سے تمیز یا شناخت ہو سکے ۔

مابین (ع) تابع فعل :- درمیان میں - بیچ میں ۔

مذکر - درمیان - بیچ - وسط ۔

صفت - درمیانی - بیچ کا ۔

ماتحت (ع) صفت :- جو نیچے ہو ۔ مذکر - ہاتھ بٹانے والا - اسسٹنٹ ۔

ماتقدم (ع) صفت :- اوّل کا - پہلے کا - جو پہلے گذرے

ماحصل (ع) مذکر - جو کچھ حاصل ہو - پھل نفع - پیداوار اناج ۔

ماحضر (ع) مذکر - جو کچھ حاضر ہو - موجودہ ۔

ماسبق (ع) صفت :- جو پہلے گزر چکا ہو - گزرا ہوا ۔

ماسلف (ع) صفت :- گزرا ہوا - بیتا ہوا ۔

ماسوا (ع) حرفِ استثنا ۔ اس کے علاوہ - اس کے سوا صوفیوں کی اصطلاح میں خدا تعالیٰ کے سوا جو کچھ ہے - اس کو ماسوا کہتے ہیں ۔

ماشاءاللہ (ع) کلمۂ دعا :- جو خدا چاہے - اگر خدا نے چاہا خدا کے چاہے سے ۔

مافات (ع) صفت :- جو گزر گیا - جو فوت ہوا ۔

مافوق (ع) صفت :- جو اوپر ہو - جو برتری رکھتا ہو - اعلےٰ اونچا - بزرگ ۔

مافی الضمیر (ع) مذکر :- جو کچھ دل میں ہو - دل کی بات - نیت ۔

مافیہا (ع) مذکر - جو کچھ اسمیں ہے - جو کچھ اس سے متعلق ہے

ماقبل (ع) مذکر - جو پہلے ہو - پہلے کا ۔

ماقبل الذکر (ع) مذکر - جس کا پہلے ذکر ہو چکا ہو ۔

مالایطاق (ع) مذکر - جو کسی کی قدرت اور طاقت سے باہر ہو

مالاینحل (ع) مذکر - جو حل نہ ہو سکے - جو کھل نہ سکے - نہایت مشکل ۔

ماورا (ع) حرفِ استثنا ۔ اس کے علاوہ - سوا ۔

ماء (ع) مذکر :- پانی - جل - عرق - رس ۔

ماءالجبن (ع) مذکر - وہ پانی جو دودھ کو پھاڑ کر سفیدی جدا کرنیکے بعد رہ جاتا ہے ۔

ماءاللحم (ع) مذکر - حیوان کی یخنی جو کشید کر کے نکالی جاتی ہے - شوربہ

ماپ (ہ) مؤنث - ناپ - پیمائش - جانچ - پیمانہ ۔

ماپ تول (ہ) مؤنث - لمبائی چوڑائی کی پیمائش کرنا - رقبہ جانچنا - ناپنا ۔

مات (ع) مؤنث - ہرگیا - ہار گیا - شکست - ہار ۔

مات دینا (ا) جیتنا - بازی لیجانا - نیچا دکھانا - شرمندہ کرنا

مات کھانا (ا) ہار جانا - شرمندہ ہونا - شکست ہونا ۔

مات ہونا یا ہوجانا (ا) ہارنا - شکست کھانا - شرمندہ ہونا - ماند ہونا ۔

ماتا (ہ) مونث - ماں - اماں - چیچک - سیتلا ۔

صفت مذکر - مست - نشے میں چور ۔

ماتا پتا (ہ) مذکر - ماں باپ - والدین - بزرگ ۔

ماترا (س) مؤنث - ناپ - مقدار - ہندی حروف کے اعراب

ماتم (ع) مذکر - بپتا - سوگ - سیاپا ۔

ماتم پرسی (ع + ف) مؤنث - کسی کے مرنے پر ہمدردی کے طور پر پوچھنے جانا - پرسہ ۔

ماتم خانہ یا ماتم سرا یا ماتم کدہ (ف) مذکر - غم کا گھر - سوگ کا گھر ۔

ماتم دار (ع + ف) - صفت - ماتمی - سوگی - سوگوار ۔

ماتم داری (ع + ف) مؤنث - سیاپا - بلاپ - رنج - غم - سوگ

ماتم زدہ (ف) صفت :۔ سوگی ۔ ماتمی ۔ غمگین +
ماتم کرنا (ا) غم کرنا۔ سوگ کرنا ۔ مردے کو رونا ۔ بلاپ کرنا +
ماتمی (ا) صفت ۔ ماتم کرنے والا ۔ سوگ رکھنے والا +
ماتمی لباس (ا) مذکّر ۔ میلے کچیلے یا سیاہ کپڑے جو سوگ کی
حالت میں پہنے رہتے ہیں +
ماتھا (ہ) مذکّر :۔ پیشانی ۔ سر کا اگلا حصّہ ۔ ناؤ کا اگلا حصّہ +
ماتھا بھڑکنا (ہ) پیشانی کا جلنا ۔ سر میں درد ہونا +
ماتھا پیٹنا (ہ) سر پیٹنا ۔ ماتم کرنا ۔ پچھتانا +
ماتھا لگانا (ہ) سر جھکانا ۔ سجدہ کرنا ۔ ڈنڈوت کرنا +
ماتھا ٹھنکنا (ہ) کسی بات کا کسی علامت سے ظاہر ہونا
اندیشہ ہونا +
ماتھا رگڑنا (ہ) پیشانی گھسنا ۔ ناک رگڑنا ۔ نہایت عاجزی
اور منت کرنا +
ماتھا کوٹنا (ہ) سر پیٹنا ۔ ماتم کرنا ۔ افسوس کرنا +
ماتھا گودنا (ہ) ہر قیدی یا غلام کی پیشانی کو کچھ کر نیل بھرنا
ماتھے مارنا (ہ) سر سے مارنا ۔ پھیرنا ۔ واپس کرنا +
ماتی (ہ) صفت تانیث :۔ مست ۔ مدہوش ۔ جوان ۔ تروتازہ بھرپور
ماٹ (ہ) مذکّر ۔ مٹکا ۔ نیل کا مٹکا +
ماجد (ع) مذکّر ۔ بزرگوار ۔ بزرگ +
ماجدہ (ع) مؤنّث ۔ بزرگوار عورت ۔ عزت والی عورت +
ماجرا (ع) مذکّر ۔ بیتی ۔ حال چال ۔ واقعہ ۔ واردات ۔ حالت درجہ
ماجو (ہ) مذکّر ۔ ایک بیج کا نام جو دواؤں میں کام آتا ہے +
ماجوج (سُریانی) مذکّر ۔ منگولیا کی ایک قوم کا نام +
ماجھی یا مانجھی (ہ) مذکّر ۔ ناؤ چلانے والا ۔ ملّاح +
ماچا (ہ) مذکّر ۔ بڑا پلنگ ۔ وہ اونچی جگہ جہاں سے کھیت کے
پرندوں کو اُڑاتے ہیں ۔ مچان +
ماچی (ہ) مؤنّث ۔ چارپائی ۔ چھوٹا پلنگ ۔ وہ رسّی کا جالی دار تھیلا
جو گاڑی کے پیچھے اسباب وغیرہ کیلئے لگا رہتا ہے +
گاڑی کے پیچھے کی وہ جگہ جس پر نوکر بیٹھتا ہے ۔ جُوا جو
ہل کے بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے +
ماخذ (ع) مذکّر ۔ جہاں سے کوئی چیز نکلے یا لیجائے ۔ جڑ نکاس ۔ مادّہ

ماخوذ (ع) صفت ۔ پھنسا ہوا ۔ پکڑا ہوا ۔ لپٹا ہوا ۔ لیا ہوا +
مالیخولیا (یونانی) مذکر ۔ دیوانہ ۔ پاگل ۔ بیوقوف +
مادام (ع) تابع فعل :۔ جب تک ۔ ہمیشہ ۔ سدا +
مادامُ الحیات یا } (ع) تابع فعل :۔ عمر بھر ۔
مادامُ العُمر } تمام عمر +
مادر (ف) مؤنّث :۔ ماں ۔ ماتا ۔ امّاں +
مادرزاد (ف) صفت :۔ جنم کا ۔ پیدائشی ۔ وہ بچہ جو اپنی ماں
کا جنا ہوا ہو +
مادری (ف) صفت :۔ مادر سے منسوب ۔ ماں کا ۔ ماں کی +
مادری زبان (ف) مؤنّث :۔ ماں باپ کی زبان ۔ ذاتی زبان
اپنی بولی +
مادّہ (ع) مذکّر :۔ ہر چیز کی اصل ۔ وہ شے جس سے کوئی چیز
بنائی جائے ۔ قابلیّت +
مادھو (س) مذکّر :۔ سری کرشن جی کا لقب +
مادّی (ع) صفت :۔ اصلی ۔ ذاتی ۔ قدرتی +
مادیاں (ف) مؤنّث :۔ گھوڑی ۔ ٹٹوانی +
مادّیت (ع) مؤنّث ۔ جسمانیّت ۔ جسمیّت +
مادین (ف) مؤنّث ۔ نر کی ضد ۔ حیوان کی مادّہ +
مار (ف) مؤنّث ۔ سانپ ۔ ناگ +
مارپیچ (ف) مذکّر :۔ کپڑا جو جھنڈے کے سرے پر لگا
دیتے ہیں ۔ سانپ کی طرح لہر ۔ پیچدار اور ٹیڑھا راستہ +
مارگزیدہ (ف) مذکر :۔ جسے سانپ نے ڈسا ہو +
مارگیر (ف) مذکر :۔ سانپ پکڑنیوالا ۔ سپیرا ۔ مکّار ۔ فریبی
مارگیسو (ف) مذکر :۔ زُلف کی ناگن ۔ معشوق کی لٹ +
مار (ہ) مؤنّث :۔ مارنا کا حاصل مصدر ۔ چوٹ ۔ مارپیٹ
دُکھ ۔ نقصان ۔ خیانت ۔ لُوٹ ۔ توڑ ۔ زد ۔ دھوکا
(عو :۔) سزا ۔ دھمکی ۔ کوشش ۔ زیادتی ۔ سراپ
امر کا صیغہ :۔ چوٹ لگا ۔ قتل کر +
مار بھگانا (ہ) مار مار کر بھگا دینا ۔ ہرا دینا +
مار بیٹھنا (ہ) پیٹ دینا ۔ گت بنا دینا ۔ کسی کا مال دبا بیٹھنا
قبضہ کر لینا +

مار پڑنا (ہ) پیٹا جانا ۔ آفت آنا ۔ سراپ لگنا ÷

مار پیٹ (ہ) مؤنث ۔ مارکٹائی ۔ ٹھونکا ٹھانکی ÷

مار پیچھے سنوار (ہ) کہاوت ۔ کام بگڑنے سے مشکل ہو جاتی ہے ÷

مار دھاڑ (ہ) مؤنث :۔ مارکٹائی ۔ مارپیٹ ۔ لڑائی جھگڑا

مار دینا (ہ) خون کر دینا ۔ قتل کر دینا ۔ مار بیٹھنا ۔ ہاتھ چلا بیٹھنا

مار ڈالنا (ہ) قتل کر دینا ۔ برباد کر دینا ۔ موہ لینا ۔ پھڑکا دینا

مارکٹائی (ہ) مؤنث ۔ مارپیٹ ۔ جوتم جاتا ÷

مار کھانا (ہ) پٹنا ۔ سزا پانا ۔ دھوکے سے کچھ بچا لینا ÷

مار کے مرنا (ہ) دوسرے کی جان لے کر اپنی جان دینا

مار گرانا (ہ) مار ڈالنا ۔ خون کرنا ۔ پٹک دینا ÷

مار لانا (ہ) چرا لانا ۔ ڈاکا ڈالکر یا دغا فریب سے لے آنا

مار لینا (ہ) دبا بیٹھنا ۔ پیٹ لینا ۔ فتح کر لینا ۔ تباہ کر دینا ۔ لوٹ لینا ÷

مار مار کئے جانا (ہ) برابر کوشش کئے جانا ÷

مار مارنا (ہ) پیٹنا ۔ ٹھونکنا ÷

مارا پڑنا (ہ) مارا جانا ۔ قتل ہونا ۔ تباہ ہونا ۔ دھکے کھاتے پھرنا

مارا جانا (ہ) قتل ہونا ۔ اکارت جانا ۔ تباہ ہونا ۔ کھویا جانا ÷

مارا مار (ہ) مؤنث ۔ کثرت ۔ نہایت کوشش ۔ دوڑ دھوپ مار دھاڑ ۔ ہل چل ÷

مارا مارا پھرنا (ہ) واہی تباہی پھرنا ۔ بھٹکتا پھرنا ÷

مارا مار کرنا (ہ) خوب دوڑ دھوپ کرنا ۔ نہایت محنت کرنا ۔ جلدی کرنا ÷

مارتے خاں (ف) مذکر ۔ ظالم ۔ زبردست ۔ رستم ۔

مار مار (ہ) مؤنث :۔ لگا لگا ۔ پیٹو پیٹو ۔ کوشش ۔ مارپیٹ ۔ تابع فعل :۔ پیٹ پیٹ کے ۔ مار مار کے ÷

مار مار کر بھرکس نکال دینا (ہ) خوب مارنا ۔ کچومر نکال دینا ÷

مار مار کرنا (ہ) لگے لگے کہنا ۔ تتاڑ کرنا ۔ نہایت دوڑ دھوپ کرنا ۔ نہایت جلدی کرنا ۔ دھتکارنا ÷

مارنا (ہ) پیٹنا ۔ لگانا ۔ جڑنا ۔ وار کرنا ۔ قتل کرنا ۔ سزا دینا ۔ جیتنا ۔ دھتکارنا ۔ دبا بیٹھنا ۔ پٹک دینا ۔ کشتہ بنانا

لوٹنا ۔ گھٹانا ۔ تباہ کرنا ÷

مارگ (س) مذکر ۔ رستہ ۔ طریقہ ۔ ڈھنگ ۔ تدبیر ÷

مارواڑ (ہ) مذکر ۔ ہندوستان کے ایک علاقے کا نام ہے ایک گیت کا نام ÷

ماروت (ع) مذکر ۔ ایک فرشتہ کا نام جو چاہ بابل میں اوندھا لٹکا ہوا ہے ÷ ایک دیوتا کا نام ÷

مارے (ہ) حرف علت :۔ سبب سے ۔ لئے ۔ کارن ۔ جیسے ۔ میں نے تو تمہارے مارے اسے جانے دیا ÷

مار مار کر بچھا دینا (ہ) مارتے مارتے زمین پر لٹا دینا ۔ نہایت پیٹنا ÷

ماڑا (ہ) صفت ۔ پنجابی :۔ دبلا ۔ کمزور ۔ غریب ÷

ماڑو (ف) مذکر ۔ دیکھو ۔ (ماجہ)

ماس (س) مذکر ۔ مہینہ ۔ ماہ ۔ چاند ۔ گوشت ۔ شکار ÷

ماش (س) مذکر ۔ ایک غلہ کا نام ۔ اڑد ÷

ماش مارنا (ہ) اڑدوں پر منتر پڑھ کر کسی چیز پر پھینکنا ۔ جادو کرنا ÷

ماشاءاللہ (ع) ندا :۔ خدا بری نظر سے بچائے ۔ کیا کہنا ہے ÷

ماشہ (ف) مذکر ۔ تولہ کا بارھواں حصہ ۔ (ر) چھوٹی گیل ۔ کوکہ ÷

ماشہ بھر (ر) صفت ۔ ایک ماشہ کی مقدار ۔ ذرا سا ۔ تھوڑا سا ÷

ماشہ تولہ ہونا (ر) رنگ برنگی طبیعت ہونا ۔ ایک حال پر نہ رہنا ÷

ماشی (ہ) صفت ۔ ماش کے رنگ کا ÷

ماضی (ع) صفت ۔ گذرا ہوا ۔ بیتا ہوا ÷
صرف و نحو :۔ مؤنث :۔ فعل کی وہ صورت جو گزرے ہوئے زمانہ سے تعلق رکھے ÷

ماضی احتمالی یا شکیہ :۔ (ع ۔ ف) مؤنث ۔ وہ ماضی جس سے گذرے ہوئے زمانے میں کسی فعل کے صادر ہونے کا احتمال پایا جائے ۔ جیسے "سنا ہو گا" ÷

ماضی استمراری یا ناتمام (ع) مؤنث - وہ ماضی جس سے گزرے ہوئے زمانے میں فعل کا تواتر مفہوم ہو - جیسے کھاتا تھا ٭

ماضی بعید (ع) مؤنث - وہ ماضی جس سے زیادہ گزرا ہؤا زمانہ سمجھا جائے - جیسے سنا تھا ٭

ماضی تمنائی یا شرطی (ع) مؤنث - وہ ماضی جس کے پہلے تمنا یا شرط کا کلمہ ہو - جیسے کاش آتا - یا اگر آتا ٭

ماضی قریب (ع) مؤنث - وہ ماضی جس سے قریب کا گزرا ہوا زمانہ سمجھا جائے - جیسے آیا ہے ٭

ماضی مطلق (ع) مؤنث - وہ ماضی جس سے مطلق گزرا ہؤا زمانہ کسی قید کے بغیر سمجھا جائے - جیسے آیا - گیا ٭

ماضی معطوفہ (ع) مؤنث - وہ ماضی جو دو ماضی مطلق سے مل کر حرف عاطفہ کے ساتھ بنائی جائے - جیسے آمد و رفت ٭

ماضیہ (ع) صفت - گزرا ہؤا - بیتا ہؤا - اگلا ٭

ماکیان (ف) مؤنث - مرغی ٭

ماگھ (س) ہندی کا گیارھواں مہینہ - ایک نچھتر کا نام ٭

مال (ہ) مؤنث - چرخے کی ڈور ٭

مآل (ع) مذکر - لوٹنے کی جگہ - نتیجہ - پھل - اخیر ٭

مآل اندیش (ع - ف) صفت - انجام یا نتیجے کو سوچنے والا ٭

مآل اندیشی (ع - ف) مؤنث - نتیجہ یا انجام سوچنا - سوچ بچار ٭

مآل کار (ع - ف) تابع فعل :- اخیر کو - انت کو - آخر کار ٭

مال (ع) مذکر - دھن - دولت - اسباب - سامان - (ا) لگان - محصول - حقیقت - لاٹری کا انعام - چیز ٭

مال اڑانا (ا) روپیہ برباد کرنا - عمدہ غذا چٹ کرنا - عیش منانا - خیانت کرنا ٭

مال برآمد (ع - ف) مذکر - قانون :- وہ مال جو غیر ملک کو بھیجا جائے - وہ مال جو چور کے گھر سے نکلے ٭

مال پچنا (ا) کسی کی دولت کا ہضم ہو جانا - کسی کا مال اپنا ہو جانا ٭

مال پر زکوٰۃ ہے - (ا) کہاوت - آمدنی پر خیرات ہے - ہوت کی جوت ہے ٭

مال تال (ا) مذکر - مال اسباب - روپیہ پیسہ ٭

مال چکھنا (ا) پرایا روپیہ خرچ کر کے مزے اڑانا ٭

مال حرام (ع) مذکر - بری کمائی - فریب - یا چوری کا مال ٭

مال حرام بود بجائے حرام رفت (ف) مثل - جیسی بری کمائی تھی - ویسی ہی بری جگہ پر خرچ ہوئی ٭

مال خانہ (ع - ف) مذکر - وہ جگہ جہاں مال رکھا جائے گودام - (ا) ریلوے سٹیشن کا گودام ٭

مال دار (ع - ف) صفت - دولت مند - امیر - دھنی ٭

مال داری (ع - ف) مؤنث - دولتمندی - دھن ٭

مال زادہ (ا) مذکر - رنڈی کا جنا - کنچنی کا بچہ ٭ صفت :- حرامی - بھڑوا ٭

مال زادی (ا) مؤنث :- رنڈی - پاتر - بیسوا - فاحشہ ٭

مال شراکت (ع) مذکر - ساجھے کا مال ٭

مال ضامن (ا) مذکر - روپیہ ادا کرنے کا ذمہ دار ٭

مال ضامنی (ا) مؤنث - روپیہ بھر دینے کی ضمانت ٭

مال ضبطی (ع) مذکر - قبضہ کیا ہؤا - یا قرق کیا ہؤا مال ٭

مال طیب (ع) مذکر - عمدہ مال - نیک کمائی کا مال ٭

مال عرب پیش عرب (ع - ف) کہاوت - اپنا مال اپنی ہی آنکھوں کے سامنے خوب رہتا ہے ٭

مال غنیمت (ع - ف) مذکر - لوٹ کا مال - غارت کا مال ٭

مال غیر منقولہ (ع) مذکر - وہ جائداد جو اپنی جگہ سے نہ سرک سکے - جیسے مکان کھیت وغیرہ ٭

مال فرود (ع - ف) مذکر - قانون :- مال اترنے کی جگہ منڈی - آتارے کا مال - مودی خانہ کا مال ٭

مال کاٹنا (ا) ریل گاڑی میں سے چوری کرنا۔ بہت سا مال فروخت کر دینا ٭

مال گزار (ع۔ ف) مؤنث:۔ سرکاری معاملہ۔ خراج۔ زمین کا محصول ٭

مال مارنا (ا) دولت لوٹنا۔ خیانت کرنا۔ خورد برد کرنا ٭

مال محمولہ (ع) مذکر:۔ جہاز پر لدا ہوا مال۔ بھرتی ٭

مال مست (ع۔ ف) صفت:۔ مال کے نشہ میں چور۔ دولت پر مغرور ٭

مال مستی (ا) مؤنث:۔ دولت کا مان۔ دولت کا غرور ٭

مال مفت (ا) مذکر:۔ دولت جو کسی محنت یا کوشش کے بغیر حاصل ہوئی ہو ٭

مالِ مفت دلِ بیرحم (ا) کہاوت:۔ مفت کے مال کی کوئی قدر نہیں ہوتی ٭

مال منقولہ (ع) مذکر:۔ وہ مال جو ایک جگہ سے دوسری جگہ جا سکے ٭

مال وقف (ع) مذکر:۔ خدا کے نام پر چھوڑا ہوا مال ٭

مالا (ہ) مذکر و مؤنث:۔ ہار۔ بدھی۔ تسبیح۔ وہ نشان جو ہندی تلوار کے دونو طرف پڑا ہوتا ہے۔ ایک درخت کا نام ٭

مالا پھیرنا یا جپنا (ہ) سمرن یا تسبیح کے ایک ایک منکے کو ہاتھ میں لے کر کوئی منتر پڑھنا ٭

مالا مال (ع) صفت:۔ بھرا ہوا۔ بھرپور۔ دولت مند۔ نہال ٭

مال پوا (ہ) مذکر:۔ گلگلا۔ مال پوڑا ٭

مالتی (س) مؤنث:۔ ایک بیل کا نام۔ ایک پھول کا نام۔ چاندنی رات۔ خوبصورت اور جوان عورت ٭

مالش (ف) مؤنث:۔ ملنا۔ رگڑنا۔ جی کا متلانا۔ جلا۔ پالش۔ کھریرا کرنا۔ کسی چیز کو جسم پر مل کر جذب کرنا ٭

مالک (ع) مذکر:۔ آقا۔ سائیں۔ وارث۔ شوہر۔ اختیار والا۔ حاکم۔ ایک امام کا نام۔ ایک فرشتہ کا نام ٭

مالک کرنا (ا) مالک بنانا۔ قبضہ دینا۔ اختیار دینا ٭

مالک مکان (ع) مذکر:۔ مکان کا مالک۔ گھر والا ٭

مالکانہ (ع۔ ف) مذکر:۔ زمینداری کا حق۔ وہ سالانہ یا ماہوار نقدی جو کاشتکار زمیندار کو دیتا ہے۔ تابع فعل:۔ مالک کے طور پر ٭

مالکنگنی (ہ) مؤنث:۔ ایک مشہور دوا کا نام ٭

مالکی (ع) مذکر:۔ امام مالکؒ کا پیرو ٭

مالن (ہ) مؤنث:۔ مالی کی بیوی۔ پھول بیچنے والی ٭

مالوف (ع) صفت:۔ جس سے محبت ہو۔ جس سے پیار ہو۔ پیارا ٭

مالی (ع) صفت:۔ مال سے متعلق۔ مالگزاری سے متعلق

مالی (ہ) مذکر:۔ باغبان۔ باغ کی دیکھ بھال کرنے والا ٭

مالیّت (ع) مؤنث:۔ پونجی۔ دھن۔ دولت ٭ (ا) قدر۔ عزت۔ مول۔ جانچ ٭

مالیخولیا (یونانی) مذکر:۔ سودا۔ خفقان۔ دیوانگی ٭

مالیدہ (ف) ملا ہوا۔ مذکر:۔ ایک قسم کا کپڑا۔ گھی شکر میں ملی ہوئی روٹی ٭

ماما (ہ) مذکر:۔ ماں کا بھائی۔ ماموں ٭

ماما (ف) مؤنث:۔ والدہ۔ ماتا۔ بڑھیا عورت۔ (ا) کھانا پکانے والی عورت۔ نوکرانی ٭

ماما اصیل (ا) مؤنث:۔ لونڈی۔ باندی۔ چیلی ٭

ماما چھتربایاں (ا) مؤنث:۔ ماما کے ہاتھ کی پکی ہوئی روٹیاں۔ مفت کی روٹیاں ٭

ماماگری (ا) مؤنث:۔ کھانا پکانے کی خدمت ٭

ممتا (ا) مؤنث:۔ محبت پیار۔ ماں کا پیار۔ پریم ٭

مامن (ع) مذکر:۔ آرام کی جگہ۔ ٹھکانا ٭

مامو یا ماموں (ہ) مذکر:۔ ماں کا بھائی :۔ سانپ۔ ناگ

مامور (ع) صفت:۔ حکم کیا گیا۔ اجازت دیا گیا۔ مقرر کیا گیا ٭

مامُون (ع) صفت :- امن دیا گیا - بے خوف -
مذکر :- ہارون رشید کے بیٹے کا نام ۞
مامی (ہ) مؤنث - ہندو :- ماموں کی بیوی - ممانی ۞
مامیراں (ف) مذکر :- ایک قسم کی زرد جڑی بوٹی - ممیرہ ۞
ماں (ہ) مؤنث :- والدہ - ماتا - اماں ۞
ماں جائی (ہ) مؤنث :- سگی بہن ۞
ماں جایا (ہ) مذکر :- سگا بھائی ۞
ماں کے پیٹ سے لے کر کوئی نہیں آتا (ہ) محاورہ
سیکھا سکھایا کوئی پیدا نہیں ہوتا ۞
مان (ف) مذکر :- گھر - مکان - گھر کا اسباب ۞
مان (ہ) صیغہ امر :- قبول کر - تسلیم کر - اقرار کر -
راضی ہو ۞
مان جانا (ہ) قبول کر لینا - اقرار کرنا - استاد سمجھ لینا ۞
مان لینا (ہ) منظور کر لینا - راضی ہو جانا - اقرار کر لینا ۞
مان (س) مذکر :- عزت - آؤ بھگت - غرور - فخر - ناز ۞
مان مر جانا (ہ) غرور ڈھینا - شیخی جھڑ جانا - دل ٹوٹ جانا ۞
مانا (ہ) صیغہ ماضی :- فرض کیا - منظور کیا - قیاس کیا ۞
مانا کہ (ہ) تابع فعل :- فرض کیا کہ - بالفرض - منظور کیا کہ ۞
مانتا ہوں (ہ) محاورہ :- اقرار کرتا ہوں - تسلیم کرتا ہوں
کیا کہنا ہے ۞
مانجنا (ہ) لکھنؤ پنجاب :- صاف کرنا - ملنا - جلا کرنا -
شستنا ۞
مانجھا (ہ) مذکر :- ایک قسم کا کلف جو پتنگ کی ڈور پر
پھیرا جاتا ہے ۞
مانجھی (ہ) مذکر - پورب کشمیر :- ناؤ چلانے یا کھینے والا
ملّاح ۞
ماند (ہ) مؤنث :- گوبر کا ڈھیر
صفت :- بے روپ - بے رونق - ہلکا - مدّھم ۞
ماند پڑ جانا (ہ) بے رونق ہو جانا - مدھم ہو جانا - پھیکا
پڑ جانا ۞
ماند کرنا (ہ) بے روپ کرنا - بے رونق کرنا - مدھم کرنا ۞

ماندا (ہ) مذکر :- بیمار - مریض - روگی - اننا ۞
ماندگی (ف) مؤنث :- تکان - سستی - ایک قسم کا جون ۞
(ہ) بیماری - روگ ۞
ماندہ (ف) صفت :- تھکا ہوا - بچا ہوا - باقی رہا ہوا ۞
(ہ) مذکر :- بیمار - روگی ۞
مانڈ (ہ) مذکر :- ابلے ہوئے چاولوں کا پانی - کلف -
پیچ ۞
مانڈا (ہ) مذکر :- ایک قسم کی پتلی بڑی روٹی ۞
مانڈل (ہ) مؤنث :- لوہے کا بنا ہوا حلقہ جو پانی کے
چرس کے منہ پر لگا رہتا ہے ۞
مانع (ع) مذکر :- منع کرنے والا - روکنے والا ۞
مانگ (ہ) مؤنث :- بالوں کے بیچ کی لکیر - وہ کنواری
لڑکی جس کی نسبت ہو گئی ہو ۞
صیغہ امر :- طلب کر ۞
مانگ اجڑنا (ہ) :- بیوہ ہونا - رانڈ ہونا ۞
مانگ بھرنا (ہ) مانگ میں موتی بھرنا - شادی کر دینا -
بیاہ دینا ۞
مانگ بھری (ہ) مؤنث :- سہاگن - خاوند والی ۞
مانگ پٹی (ہ) مؤنث :- بالوں کا بناؤ سنگار - کنگھی
چوٹی ۞
مانگ جلی (ہ) مؤنث :- :- رانڈ - بیوہ - بدھوا ۞
مانگ سے ٹھنڈی رہے (ہ) دعا - :- خاوند
جیتا رہے - سہاگن رہے ۞
مانگ کھلنا (ہ) عو :- منگیتر لڑکی یا لڑکے کے مر جانے
سے رشتہ نہ رہنا - بیاہی ہوئی عورت کا مر جانا ۞
مانگ نکالنا (ہ) بالوں کے بیچ میں سیدھی لکیر نکالنا ۞
مانگ (ہ) مؤنث :- خواہش - چاہ - طلب - گاہکی ۞
مانگ مانگ کر (ہ) تابع فعل :- ادھر ادھر سے لے کر ۞
مانگ لینا (ہ) ادھار لے لینا ۞
مانگا (ہ) صفت :- مانگا ہوا - طلب کیا گیا - ادھار
لیا ہوا ۞

مانگا تانگا (ہ) صفت :- قرض لیا ہُوا - اُدھار لیا ہُوا ۔

مانگنا (ہ) چاہنا - سوال کرنا - طلب کرنا - تقاضا کرنا - دعا مانگنا ۔

مانگے دینا (ہ) اُدھار دینا - مستعار دینا ۔

مانگے کا تانگا بڑھیا کی برات (ہ) کہاوت :- پرائی چیز پر شیخی مارنے والے پر بولتے ہیں ۔

مانگے تانگے (ہ) تابع فعل :- مانگ تانگ کر - اُدھار لے لوا کر ۔

ماننا (ہ) منظور کرنا - فرض کرنا - خیال کرنا - اثر قبول کرنا - کمال کا اقرار کرنا - بھینٹ یا نذر کا اقرار کرنا - اعتقاد رکھنا - خوش ہونا - اقرار کرنا ۔

مانند (ف) حرف تشبیہ :- جیسا - سا - نظیر - ہو بہو ۔

مانو (ہ) صیغہ امر :- منظور کرو - فرض کرو - عمل کرو ۔

مانوس (ع) صفت :- محبت کیا ہُوا - راغب - پسند ہلا ہوا - ملا جلا ۔

مانی (ف) مذکر :- ایک مشہور رومی نقاش کا نام ۔
(ا) مؤنث :- (بیگمات قلعہ) بچے کو پالنے والی عورت - آیا -
(ہ) مؤنث :- ایک چھوٹی سی سوراخ دار لکڑی جو چکی کی کیلی میں ڈالی جاتی ہے ۔

مانیٹر (انگ) مذکر :- جماعت کا ہوشیار لڑکا جو استاد کی غیر حاضری میں جماعت کا انتظام رکھتا ہے ۔

ماوا (ع) مذکر :- گھر - ٹھکانا - پناہ کا مقام ۔

ماوا (ہ) مذکر :- مادہ - جوہر - کھویا - مانڈی - کلف - انڈے کی زردی ۔

ماہ (ف) مذکر :- چاند - چندرمان - مہتاب - مہینہ - ماس ۔

ماہ بماہ (ف) تابع فعل :- ہر مہینے - مہینے کے مہینے ۔

ماہ جبین یا ماہ رُو یا ماہ لقا (ف) صفت :- چاند کی سی صورت والا - چاند کی سی پیشانی والا - نہایت خوبصورت ۔

ماہ کامل (ف - ع) مذکر :- پُورا چاند - چودھویں رات کا چاند ۔

ماہ کنعان (ف - ع) مذکر :- کنعان کا چاند - مراد حضرت یوسف علیہ السلام ۔

ماہ نخشب (ف) مذکر :- وہ چاند جو حکیم ابن عطا نے بنایا تھا ۔

ماہتاب (ف) مذکر :- چاندنی - چاند کی روشنی - چاند ۔

ماہتابی (ف) ایک قسم کا تربوز - ایک قسم کا کپڑا - ایک قسم کی آتشبازی - اونچا کھلا ہُوا چبوترہ - جس پر بیٹھ کر رات کو چاندنی کی بہار دیکھتے ہیں وہ چیز جس تک چاندنی پہنچی ہوئی ہو ۔

ماہر (ع) صفت :- استاد - کامل - سگھڑ - ہنر والا
(ا) واقف - جاننے والا - تجربہ کار ۔

ماہوار (ف) تابع فعل :- ہر مہینے - مہینے کے مہینے ۔

ماہوار (ف) صفت :- مہینے کا - پورے مہینے کا ۔

ماہی (ف) مؤنث :- مچھلی جو پانی میں رہتی ہے ۔

ماہی فروش (ف) مذکر :- مچھلی بیچنے والا ۔

ماہی گیر (ف) مذکر :- مچھلی پکڑنے والا - مچھوا ۔

ماہی مراتب (ف) مذکر :- وہ عزت کے نشان جو بادشاہوں کی سواری کے آگے آگے ہاتھیوں پر چلتے ہیں ۔

ماہانہ (ف) مذکر :- مہینا - تنخواہ ۔
صفت :- مہینے کا - ماہوار ۔

ماہیت (ع) مؤنث :- حقیقت - کیفیت - مادہ - جوہر ۔

مائی (ع) مؤنث :- ماتا - امّاں - بڑھیا ۔

مائی باپ (ہ) مذکر :- ماتا پتا - والدین - پالنہار - اَن داتا ۔

مایا (س) مؤنث :- خدا کی قدرت - نیچر - رحم - پیار - دولت - رونق - رُوح - دھوکا ۔

مایا جوڑنا (ہ) متعدی:۔ دھن جوڑنا۔ دولت جمع کرنا ٭

مائع (ع) مؤنث:۔ بہنے والی چیز ٭

مائل (ع) صفت:۔ جھکا ہوا۔ ڈھلوان۔ رغبت رکھنے والا ٭

مائیں (ہ) مؤنث:۔ ایک درخت کے پھل کا نام ٭

مایوس (ع) صفت:۔ ناامید۔ نراسا۔ نامراد ٭

مایوسی (ع) مؤنث:۔ ناامیدی۔ نراس۔ ناکامی ٭

مایہ (ف) مؤنث:۔ پونجی۔ مادہ۔ سامان۔ ہر چیز کی بنیاد۔ اس گائے کا نام جس نے فریدوں کو دودھ پلایا تھا۔ دولت ٭

مایہ دار (ف) صفت:۔ دولتمند۔ دھنونت۔ امیر ٭

(م ۔ ب)

مباح (ع) صفت:۔ جائز۔ حلال۔ درست۔ پاک ٭

مباحثہ (ع) مذکر:۔ آپس میں بحث کرنا۔ سوال و جواب ٭

مبادا (ف) کلمۂ دعا:۔ ایسا نہ ہو۔ خدا ایسا نہ کرے ٭

مبادرت (ع) مؤنث:۔ جلدی۔ شتابی۔ سبقت۔ دلیری۔ چالاکی ٭

مبادلہ (ع) مذکر:۔ باہم بدل کرنا۔ الٹا پلٹا۔ ہنڈاون ٭

مبادی (ع) مؤنث:۔ اصل۔ بنیاد۔ ابتدا۔ شروع ٭

مبارز (ع) صفت:۔ آگے بڑھ کر لڑنے والا۔ بہادر۔ سورما ٭

مبارک (ع) صفت:۔ نیک۔ اچھا۔ بھاگوان۔ خوشخبری۔ مبارک باد ٭

مبارک باد (ع۔ف) دعا:۔ نیک ہو۔ برکت نصیب ہو۔ خدا برکت دے ٭ مؤنث:۔ خوشخبری ٭

مبارک بادی (ف) مؤنث:۔ بدھائی۔ خوشخبری ٭

مبارک سلامت (ع) مؤنث:۔ بدھائی اور شکریہ۔ گن باد ٭

مبارکی (ف) مؤنث:۔ بدھائی۔ مبارک باد۔ کلیاں۔ نیکی۔

سعادت ٭

مباشرت (ع) مؤنث:۔ صحبت۔ بھوگ بلاس ٭

مباف (ف) مذکر:۔ موباف کا مخفف۔ وہ کپڑے کی دھجی جو عورتیں چوٹی میں گوندھ لیتی ہیں ٭

مبالغہ (ع) مذکر:۔ کسی کام میں سخت کوشش کرنا۔ حد سے بڑھ کر بولنا۔ ایسی تعریف یا ہجو جو محال معلوم دے ٭

مباہات (ع) مؤنث:۔ فخر۔ شیخی۔ بڑائی ٭

مبتدا (ع) مؤنث:۔ اول۔ شروع۔ آغاز ٭ گرامر:۔ جملۂ اسمیہ کا پہلا جزو ٭

مبتدا و خبر (ع) مؤنث:۔ اوّل اور اخیر۔ بات کی ابتداء اور انتہا ٭

مبتدا و خبر ندارد (ف) محاورہ:۔ وہ بات جس کا کوئی سر پیر نہ ہو ٭

مبتدی (ع) مذکر:۔ شروع کرنے والا ٭

مبتلا (ع) صفت:۔ پکڑا ہوا۔ پھنسا ہوا۔ گھرا ہوا۔ مصروف۔ لگا ہوا۔ عاشق۔ فریفتہ۔ لٹو ٭

مبدا (ع) مذکر:۔ شروع ہونے کی جگہ۔ نکاس۔ بنیاد۔ شروع ٭

مبدل (ع) صفت:۔ بدلا ہوا۔ پلٹا ہوا ٭ گرامر:۔ وہ اسم جس کے بعد ایک اسم اس کا بدل واقع ہو ٭

مبرا (ع) صفت:۔ بری۔ پاک۔ بے قصور۔ بیزار ٭

مبرم (ع) صفت:۔ مضبوط۔ سخت۔ ضروری ٭

مبرور (ع) صفت:۔ نیکی کیا گیا۔ گناہوں سے بری کیا گیا۔ جنتی۔ مقبول ٭

مبشر (ع) صفت:۔ خوشخبری پہنچانے والا ٭

مبصر (ع) صفت:۔ دیکھنے والا۔ سجاکھا۔ پرکھنے والا۔ جوہری ٭

مبعوث (ع) صفت:۔ اٹھایا گیا۔ پیدا کیا گیا ٭

مبلغ (ع) صفت:۔ مقدار۔ روپیہ کی رقم۔ پہنچنے کی جگہ۔ رسائی ٭

مَبنیٰ (ع) صفت :- بنا کی جگہ - بنیاد - جس کے اوپر کسی بات کی بنیاد ہو ÷

مُبہم (ع) صفت :- جس میں شک ہو - جس کا مطلب اچھی طرح دریافت نہ ہو سکے - گول مول ÷

مَبہُوت (ع) صفت :- حیران - ہکا بکا ÷
(ا) نشے میں چُور - دیوانہ - باؤلا ÷

مُبیِّن (ع) صفت :- ظاہر - صاف - کھلا ہُوا - روشن ÷

مُبیَّن (ع) مذکر :- بیان کیا گیا - جتایا گیا ÷
نحو :- وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر واقع ہو ÷

(م پ)

مپان (ہ) مؤنث :- ماپ - ناپ - پیمائش ÷

مپت (ہ) مؤنث :- ناپ - ماپ - پیمائش ÷

مپنا (ہ) لازم :- ماپا جانا - پیمائش ہونا ÷

مپوانا (ہ) ناپ کرانا - پیمائش کرانا ÷

(م ت)

مَت (ہ) کلمۂ نفی :- نہ - نہیں ÷
مؤنث :- ہوش - عقل - رائے ÷
مذکر :- مذہب - دھرم - فرقہ ÷

مَت پھرنا (ہ) رائے بدلنا - سمجھ الٹنا - عقل ماری جانا ÷

مَت دینا (ہ) رائے دینا - صلاح دینا - عقل کی بات بتانا نصیحت کرنا ÷

مَت ماری جانا (ہ) عو :- عقل کا جاتا رہنا - بیوقوف بننا - سمجھ نہ رہنا ÷

مُتابَعت (ع) مؤنث :- پیروی - فرمانبرداری - اطاعت ÷

مُتاَثِّر (ع) صفت :- اثر قبول کرنے والا - دل میں بیٹھنے والا - دل کو لگ جانے والا ÷

مُتاَخِّرین (ع) مذکر :- متاخّر کی جمع - پچھلے زمانے کے لوگ - حال کے زمانے کے لوگ ÷

مَتاع (ع) مذکر :- پونجی - مال - اسباب - تجارت کا مال ÷

مَتانت (ع) مؤنث :- مضبوطی - پختگی - وزن ÷

مُتاَہِّل (ع) صفت :- بیوی بچوں والا - کنبہ دار ÷

مُتبائن (ع) صفت :- باہم جدا - باہم مختلف - انمل - بے جوڑ ÷

مُتبرّک (ع) صفت :- پاک - صاف - پوتر - عزت اور تعظیم کے لائق - بزرگ ÷

مُتبَسِّم (ع) صفت :- مسکرانے والا - ہنسنے والا - کھلا ہُوا ÷

مُتبنّیٰ (ع) صفت :- گود لیا ہُوا - فرزندی میں لیا ہُوا - پالک ÷

مُتجاوِز (ع) صفت :- اپنی حد سے گزر جانے والا - بڑھ جانے والا ÷

مُتّحِد (ع) صفت :- ایک کیا گیا - ملا ہُوا - شامل ÷

مُتحرِّک (ع) صفت :- حرکت کرنے والا - چلتا پھرتا ÷
نحو :- وہ حرف جو زیر زبر یا پیش رکھتا ہو ÷

مُتحقّق (ع) صفت :- تحقیق کیا گیا - درست - ٹھیک ÷

مُتحمِّل (ع) صفت :- برداشت کرنے والا - سہارنے والا سنتوکھی ÷

مُتحیَّر (ع) صفت :- حیران - ہکّا بکّا - بھوچکّا ÷

مُتخاصِم (ع) صفت :- دشمنی کرنے والا - دشمن - جھگڑالو ÷

مُتخاصِمین (ع) مذکر :- طرفین جو جھگڑا کریں - آپس میں مخالف فریقین ÷

مُتخلخَل (ع) صفت :- اندر سے خالی - پولا ÷
(ا) ڈھیلا ڈھالا ÷

مُتخلِّص (ع) صفت :- تخلص رکھنے والا - کوئی اور نام رکھنے والا ÷

مُتخیَّل (ع) صفت :- خیال کیا گیا - موہوم ÷

مُتخیّلہ (ع) مذکر :- خیال کیا گیا - خیال کی قوت - سوچ بچار - گمان - قیاس ÷

مُتداوَل (ع) صفت :- ہاتھوں ہاتھ پہنچی ہوئی چیز - جس کا رواج ہو ÷

مایا جوڑنا (ہ) متعدی:۔ دھن جوڑنا ۔ دولت جمع کرنا ۔
مائع (ع) مؤنث:۔ بہنے والی چیز ۔
مائل (ع) صفت:۔ جھکا ہوا ۔ ڈھلوان ۔ رغبت رکھنے والا ۔
مائیں (ہ) مؤنث:۔ ایک درخت کے پھل کا نام ۔
مایوس (ع) صفت:۔ نا امید ۔ نراسا ۔ نامراد ۔
مایوسی (ع) مؤنث:۔ نا امیدی ۔ نراس ۔ ناکامی ۔
مایہ (ف) مؤنث:۔ پونجی ۔ مادہ ۔ سامان ۔ ہر چیز کی بنیاد ۔ اس گائے کا نام جس نے فریدوں کو دودھ پلایا تھا دولت ۔
مایہ دار (ف) صفت:۔ دولتمند ۔ دھنونت ۔ امیر ۔

(م ۔ ب)

مباح (ع) صفت:۔ جائز ۔ حلال ۔ درست ۔ پاک ۔
مباحثہ (ع) مذکر:۔ آپس میں بحث کرنا ۔ سوال و جواب ۔
مبادا (ف) کلمۂ دعا:۔ ایسا نہ ہو ۔ خدا ایسا نہ کرے ۔
مبادرت (ع) مؤنث:۔ جلدی ۔ شتابی ۔ سبقت ۔ دلیری چالاکی ۔
مبادلہ (ع) مذکر:۔ باہم بدل کرنا ۔ الٹا پلٹا ۔ ہنڈاون ۔
مبادی (ع) مونث:۔ اصل ۔ بنیاد ۔ ابتدا ۔ شروع ۔
مبارز (ع) صفت:۔ آگے بڑھ کر لڑنے والا ۔ بہادر ۔ سورما ۔
مبارک (ع) صفت:۔ نیک ۔ اچھا ۔ بھاگوان ۔ خوشخبری مبارک باد ۔
مبارک باد (ع ۔ ف) دعا:۔ نیک ہو ۔ برکت نصیب ہو خدا برکت دے ۔
مؤنث:۔ خوشخبری ۔
مبارک بادی (ف) مؤنث:۔ بدھائی ۔ خوشخبری ۔
مبارک سلامت (ع) مؤنث:۔ بدھائی اور شکریہ ۔ گن باد ۔
مبارکی (ف) مؤنث:۔ بدھائی ۔ مبارک باد ۔ کلیاں بجکی ۔

سعادت ۔
مباشرت (ع) مؤنث:۔ صحبت ۔ بھوگ بلاس ۔
مباف (ف) مذکر:۔ موباف کا مخفف ۔ وہ کپڑے کی دھجی جو عورتیں چوٹی میں گوندھ لیتی ہیں ۔
مبالغہ (ع) مذکر:۔ کسی کام میں سخت کوشش کرنا ۔ حد سے بڑھ کر بولنا ۔ ایسی تعریف یا ہجو جو محال معلوم دے
مباہات (ع) مؤنث:۔ فخر ۔ شیخی ۔ بڑائی ۔
مبتدا (ع) مؤنث:۔ اول ۔ شروع ۔ آغاز ۔ گرامر ۔ جملۂ اسمیہ کا پہلا جزو ۔
مبتدا و خبر (ع) مؤنث:۔ اوّل اور اخیر ۔ بات کی ابتداء اور انتہا ۔
مبتدا و خبر ندارد (ف) محاورہ:۔ وہ بات جس کا کوئی سر پیر نہ ہو ۔
مبتدی (ع) مذکر:۔ شروع کرنے والا ۔
مبتلا (ع) صفت:۔ پکڑا ہوا ۔ پھنسا ہوا ۔ گھرا ہوا ۔ مصروف لگا ہوا ۔ عاشق ۔ فریفتہ ۔ لٹو ۔
مبدا (ع) مذکر:۔ شروع ہونے کی جگہ ۔ نکاس ۔ بنیاد ۔ شروع ۔
مبدل (ع) صفت:۔ بدلا ہوا ۔ پلٹا ہوا ۔ گرامر:۔ وہ اسم جس کے بعد ایک اسم اس کا بدل واقع ہو ۔
مبرا (ع) صفت:۔ بری ۔ پاک ۔ بے قصور ۔ بیزار ۔
مبرم (ع) صفت:۔ مضبوط ۔ سخت ۔ ضروری ۔
مبرور (ع) صفت:۔ نیکی کیا گیا ۔ گناہوں سے بری کیا گیا ۔ منتقی ۔ مقبول ۔
مبشر (ع) صفت:۔ خوشخبری پہنچانے والا ۔
مبصر (ع) صفت:۔ دیکھنے والا ۔ سجاکھا ۔ پرکھنے والا ۔ جوہری ۔
مبعوث (ع) صفت:۔ اٹھایا گیا ۔ پیدا کیا گیا ۔
مبلغ (ع) صفت:۔ مقدار ۔ روپیہ کی رقم ۔ پہنچنے کی جگہ ۔ رسائی ۔

مَبْنیٰ (ع) صفت :- بنا کی جگہ - بنیاد - جس کے اوپر کسی بات کی بنیاد ہو ؛

مُبْہَم (ع) صفت :- جس میں شک ہو - جس کا مطلب اچھی طرح دریافت نہ ہو سکے - گول مول ؛

مَبْہُوت (ع) صفت :- حیران - ہکّا بکّا

(ا) نشے میں چُور - دیوانہ - باؤلا ؛

مُبِیْن (ع) صفت :- ظاہر - صاف - کھلا ہُوا - روشن ؛

مُبَیَّن (ع) مذکر :- بیان کیا گیا - جتایا گیا ؛

نحو :- وہ اسم جس کے بعد ایک جملہ اس کی تفسیر واقع ہو ؛

(م پ)

مپان (ہ) مؤنث :- ماپ - ناپ - پیمائش ؛

مپت (ہ) مؤنث :- ناپ - ماپ - پیمائش ؛

مپنا (ہ) لازم :- ماپا جانا - پیمائش ہونا ؛

مپوانا (ہ) ناپ کرانا - پیمائش کرانا ؛

(م ت)

مَت (ہ) کلمۂ نفی :- نہ - نہیں ؛

مؤنث :- ہوش - عقل - رائے ؛

مذکر :- مذہب - دھرم - فرقہ ؛

مَت پھرنا (ہ) رائے بدلنا - سمجھ الٹنا - عقل ماری جانا ؛

مَت دینا (ہ) رائے دینا - صلاح دینا - عقل کی بات بتانا نصیحت کرنا ؛

مَت ماری جانا (ہ) عو :- عقل کا جاتا رہنا - بیوقوف بننا - سمجھ نہ رہنا ؛

مُتابَعت (ع) مؤنث :- پیروی - فرمانبرداری - اطاعت

مُتاثّر (ع) صفت :- اثر قبول کرنے والا - دل میں بیٹھنے والا - دل کو لگ جانے والا ؛

مُتاخّرین (ع) مذکر :- متاخّر کی جمع - پچھلے زمانے کے لوگ - حال کے زمانے کے لوگ ؛

مَتاع (ع) مذکر :- پونجی - مال - اسباب - تجارت کا مال ؛

مَتانت (ع) مؤنث :- مضبوطی - پختگی - وزن ؛

مُتاہِل (ع) صفت :- بیوی بچوں والا - کنبہ دار ؛

مُتبایِن (ع) صفت :- باہم جدا - باہم مختلف - انمل بے جوڑ ؛

مُتبرّک (ع) صفت :- پاک - صاف - پوِتر - عزت اور تعظیم کے لائق - بزرگ ؛

مُتبسّم (ع) صفت :- مسکرانے والا - ہنسنے والا - کِھلا ہُوا ؛

مُتبنّیٰ (ع) صفت :- گود لیا ہُوا - فرزندی میں لیا ہُوا - پالک ؛

مُتجاوز (ع) صفت :- اپنی حد سے گزر جانے والا - بڑھ جانے والا ؛

مُتّحد (ع) صفت :- ایک کیا گیا - ملا ہُوا - شامل ؛

مُتحرّک (ع) صفت :- حرکت کرنے والا - چلتا پھرتا ؛

نحو :- وہ حرف جو زبر زیر یا پیش رکھتا ہو ؛

مُتحقّق (ع) صفت :- تحقیق کیا گیا - درست - ٹھیک ؛

مُتحمّل (ع) صفت :- برداشت کرنے والا - سہارنے والا سنتوکھی ؛

مُتحیّر (ع) صفت :- حیران - ہکّا بکّا - بھونچکا ؛

مُتخاصِم (ع) صفت :- دشمنی کرنے والا - دشمن - جھگڑالو ؛

مُتخاصِمین (ع) مذکر :- طرفین جو جھگڑا کریں - آپس میں مخالف فریقین ؛

مُتخلخل (ع) صفت :- اندر سے خالی - پولا ؛

(ا) ڈھیلا ڈھالا ؛

مُتخلّص (ع) صفت :- تخلص رکھنے والا - کوئی اور نام رکھنے والا ؛

مُتخیّل (ع) صفت :- خیال کیا گیا - موہوم ؛

مُتخیّلہ (ع) مذکر :- خیال کیا گیا - خیال کی قوت - سوچ بچار - گمان - قیاس

مُتداول (ع) صفت :- ہاتھوں ہاتھ پہنچی ہوئی چیز - جس کا رواج ہو ؛

مُتَدَیِّن (ع) صفت :- دیندار - دیانتدار - سچا - بات کا پورا - کھرا ٭

مُتَذَکَّرہ (ع) صفت :- ذکر کیا گیا - بیان کیا گیا ٭

مُتَذَکَّرہ بالا (ع - ف) صفت :- جس کا اوپر ذکر آچکا ہو ٭

مِتّر (س) مذکر :- دوست - یار - مددگار - ساتھی ٭

مُتَرادِف (ع) صفت :- ایک دوسرے کے پیچھے سوار ہونے والا - دو لفظ جن کے معنی ایک ہی ہوں ٭

مُتَرجِم (ع) مذکر :- ترجمہ کرنے والا - ایک زبان سے دوسری زبان میں بیان کرنے والا ٭

مُتَرَدِّد (ع) صفت :- آنے جانے والا - سوچ کرنیوالا - بیقرار - پریشان ٭

مُتَرَشِّح (ع) صفت :- ٹپکنے والا - مجازاً ظاہر ہونے والا ٭

مُتَرَصِّد (ع) صفت :- امید رکھنے والا - آس رکھنے والا

مَترُوک (ع) صفت :- ترک کیا گیا - چھوڑا گیا - روکا گیا ٭

مُتَزائد (ع) صفت :- زیادہ ہونے والا - بڑھنے والا ٭

مُتَزَلزِل (ع) صفت :- ڈگمگانے والا - لڑکھڑانے والا کانپنے والا ٭

مُتَساوِی (ع) صفت :- ایک دوسرے کے برابر - برابر - ہموزن ٭

مُتَسَلِّط (ع) صفت :- قبضہ کرنے والا - غالب ہونے والا ٭

مُتَشابِہ (ع) صفت :- ایک شکل کے - یکساں - مانند - جس کے معنی میں کچھ شُبہ ہو ٭ مذکر :- بھول چوک ٭

مُتَشَدِّد (ع) صفت :- سختی کرنے والا - جبر کرنے والا - ظالم ٭

مُتَشَرِّع (ع) صفت :- شریعت کا پابند - بھگت - پرہیزگار ٭

مُتَشَکِّل (ع) صفت :- شکل اختیار کرنے والا - کوئی صورت قبول کرنے والا ٭

مُتَصاعِد (ع) صفت :- اوپر چڑھنے والا - اوپر ہونیوالا

مُتَصَدِّع (ع) صفت :- دردسر کرنے والا - تکلیف دینے والا ٭

مُتَصَدِّی (ع) صفت :- پیش آنے والا - پیشکار - منشی انتظام کرنے والا ٭

مُتَصَرِّف (ع) صفت :- قبضہ کرنے والا - غلبہ پانیوالا ٭

مُتَصِف (ع) صفت :- جس میں کوئی وصف یا خوبی ہو ٭

مُتَّصِل (ع) صفت :- پاس - قریب - لگا ہوا - برابر - متواتر ٭

مُتَصَوَّر (ع) صفت :- خیال کیا گیا - سوچا ہوا ٭

مُتَضاد (ع) صفت :- باہم مخالفت کرنے والا - الٹا - ایک صنعت کا نام جس میں مخالف معانی کے الفاظ لائے جاتے ہیں ٭

مُتَضَمِّن (ع) صفت :- پیٹ میں لینے والا - شامل - داخل ٭

مُتَعارِف (ع) صفت :- آپس میں جان پہچان رکھنے والا - مشہور ٭

مُتَعارَفہ (ع) صفت :- مشہور - جس پر کوئی اعتراض نہ ہو سکے ٭

مُتَعاقِب (ع) صفت :- پیچھے سے آنے والا - اولاد - ولیعہد ٭

مُتَعال (ع) صفت :- بلند - بزرگ - بڑے مرتبہ کا ٭

مُتَعَجِّب (ع) صفت :- حیرت میں رہنے والا - حیران - دنگ ٭

مُتَعَدِّد (ع) صفت :- گنے ہوئے - گنتی کے - بہت سے - مختلف ٭

مُتَعَدِّی (ع) صفت :- بڑھنے والا - اڑ کر لگنے والی بیماری - نحو :- وہ فعل جو مفعول کو بھی چاہے ٭

مُتَعَرِّض (ع) صفت :- آگے آنے والا - روکنے والا - اعتراض کرنے والا ٭

مُتَعَصِّب (ع) صفت:- دین کی پچ کرنے والا- مذہب کا کٹّا ۔

مُتَعَفِّن (ع) صفت:- سڑا ہوا- بدبودار ۔

مُتَعَلِّق (ع) صفت:- تعلق رکھنے والا- رشتہ دار- شامل- تابع ماتحت ۔

مُتَعَلِّق کرنا (و) لگانا- شامل کرنا- نتھی کرنا- سپرد کرنا- سونپنا

مُتَعَلِّقات (ع) متعلق کی جمع- بال بچے- کنبہ- قبیلہ ۔

مُتَعَلِّقین (ع) صفت:- متعلق کی جمع- رشتہ دار- نوکر چاکر ۔

مُتَعَلِّم (ع) صفت:- تعلیم پانے والا- طالب علم- چیلا ۔

مُتْعَہ (ع) مذکر:- کچھ دنوں کے لئے نکاح کر لینا- عارضی نکاح ۔

مُتَعَہِّد (ع) صفت:- ذمہ دار- جس سے عہد کیا گیا ہو- ٹھیکیدار ۔

مُتَعَیِّن (ع) صفت:- کسی کام پر لگایا گیا- مقرر کیا گیا ۔

مُتَغَیِّر (ع) صفت:- تبدیل کیا گیا- بدلا گیا- پلٹا گیا ۔

مُتَفَحِّص (ع) صفت:- ڈھونڈھنے والا- تلاش کرنے والا ۔

مُتَفَرِّق (ع) صفت:- فرق کیا گیا- الگ الگ- بکھرا ہوا ۔

مُتَفَرِّقات (ع) صفت:- مختلف چیزیں- حساب کی مختلف رقمیں ۔

مُتَّفِق (ع) صفت:- اتفاق کرنے والا- ملا ہوا- ایک رائے ۔

مُتَّفِقُ الرّائے (ع) صفت:- ہم رائے ہم مشورہ- ایک چت ۔

مُتَّفَق علیہ (ع) صفت:- جس پر اتفاق کیا گیا ۔

مُتَفَکِّر (ع) صفت:- فکر کرنے والا- چنتا کرنے والا- اُداس ۔

مُتَفَنِّن (ع) صفت:- فن فریب جاننے والا- دغاباز- فریبی ۔

مُتَفَنِّی (ع) صفت:- مکار- حیلہ ساز- فریبی ۔

مُتَقاضی (ع) صفت:- تقاضا کرنے والا- مانگنے والا ۔

مُتَقَدِّم (ع) صفت:- آگے بڑھنے والا- اگلا- پہلے کا پرانا ۔

مُتَقَدِّمین (ع) صفت:- متقدم کی جمع- پہلے زمانے کے لوگ ۔

مُتَّقی (ع) صفت:- گناہوں سے بچنے والا- پرہیزگار- بھگت ۔

مُتَکَبِّر (ع) صفت:- تکبر کرنے والا- اترانے والا ۔

مُتَکَفِّل (ع) صفت:- ذمہ اٹھانے والا- آڑ کرنے والا ۔

مُتَکَلِّف (ع) صفت:- تکلیف کرنے والا- کوشش کرنیوالا- تکلیف دینے والا- تکلّف کرنے والا ۔

مُتَکَلِّم (ع) صفت:- بولنے والا- کلام کرنے والا ۔

مُتَکَلِّمین (ع) صفت:- متکلم کی جمع ۔

مُتَلاشی (ع) صفت:- پریشان- مٹنے والا ۔ (و) تلاش کرنے والا- ڈھونڈھنے والا ۔

مُتَلَذِّذ (ع) صفت:- لذت اٹھانے والا- مزا لینے والا ۔

مُتَلَوِّن (ع) صفت:- رنگ برنگ ہونے والا- تبدیل ہونے والا- گھڑی میں تولہ گھڑی میں ماشہ- طرح طرح کا ۔

مُتَلَوِّن مزاج (ع) صفت:- جس کے مزاج میں استقلال نہ ہو- اوچھا- وہمی ۔

مَتْلی (ع) مؤنث:- اُبکائی- غشیان ۔

مُتَمادی (ع) صفت:- لمبا- دراز ۔

مُتَمَتِّع (ع) صفت:- فائدہ اٹھانے والا ۔

مُتَمَرِّد (ع) صفت:- پھرا ہوا- باغی- اُجاڑھی ۔

مُتَمَلِّق (ع) صفت:- خوشامد کرنے والا- چاپلوسی کرنے والا ۔

مُتَمَکِّن (ع) صفت:- جگہ پکڑنے والا ۔

مُتَمِّم (ع) صفت:- تمام کرنے والا- پورا کرنے والا ۔

مُتَمَنّی (ع) صفت:- تمنا کرنے والا- آرزو کرنے والا ۔

مُتَمَوِّل (ع) صفت:- دولتمند- دھنی- امیر ۔

مَتْن (ع) صفت:- پیٹھ- مضبوط- سخت- مجازاً کتاب کے بیچ کی عبارت- درمیانی حصّہ ۔

مُتَنازَع (ع) صفت:- جھگڑا کیا گیا- وہ چیز جس پر جھگڑا ہو ۔

مُتَناسِب (ع) صفت:- نسبت رکھنے والا- لگاؤ رکھنے والا ۔

مُتَناقِض (ع) صفت:- مخالفت رکھنے والا - اُلٹا ٭
مُتَناہی (ع) صفت:- انتہا کو پہنچنے والا - انت کو پہنچنے والا ٭
مُتَنَبَّہ (ع) صفت:- تنبیہ کیا گیا - خبردار کیا گیا - ہوشیار - واقف ٭
مُتَنجَن (ف) مذکر:- ایک قسم کا میٹھا پلاؤ ٭
مُتَنَفِّر (ع) صفت:- نفرت کرنے والا - گھن کرنے والا - بیزار ٭
مُتَنَفِّس (ع) صفت:- سانس لینے والا - جاندار - واحد آدمی - فرد - انسان ٭
مُتَواتِر (ع) صفت:- پے در پے آنے والا - سلسلہ وار - لگاتار - جاری ٭
مُتَوازی (ع) صفت:- باہم برابر ہونے والا - باہم برابر فاصلہ پر رہنے والا ٭
مُتَواضِع (ع) صفت:- تواضع کرنے والا - عاجزی کرنیوالا ٭
مُتوالا (ہ) صفت:- مست - نشہ میں چُور ٭
مُتَوالی (ع) صفت:- پے در پے آنے والا - وہ عدد جو بار بار آئے ٭
مُتَوَجِّہ (ع) صفت:- توجہ کرنے والا - رغبت کرنے والا - (۲) کرپا کرنے والا - مہربان ٭
مُتَوَحِّش (ع) صفت:- وحشت اختیار کرنے والا - بھاگنے والا ٭
مُتَوَرِّع (ع) صفت:- پرہیزگار - بھگت - سادھو ٭
مُتَوَسِّط (ع) صفت:- بیچ کا - درمیانی - رواجی - بُرا نہ بھلا ٭
مُتَوَسِّل (ع) صفت:- وسیلہ ڈھونڈنے والا - رغبت کرنے والا ٭
مُتَوَطِّن (ع) صفت:- رہنے والا - کسی مقام کو وطن بنانے والا ٭
مُتَوَفّیٰ (ع) صفت:- مرا ہُوا - جہان سے گزرا ہُوا ٭
مُتَوَقِّف (ع) صفت:- دیر کرنے والا - ٹھہرنے والا ٭
مُتَوَکِّل (ع) صفت:- بھروسہ کرنے والا - خدا کی مرضی پر شاکر رہنے والا ٭
مُتَوَلّی (ع) صفت:- کام پر ہنے والا - انتظام کرنیوالا ٭
مُتَوَہِّم (ع) صفت:- وہم کرنے والا - وسواسی ٭
مَتھرا (س) مذکر:- ایک شہر کا نام جو ہندوؤں کا تیرتھ بھی ہے ٭
مُتَّہَم (ع) مذکر:- وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو - دوشی ٭
مَتھنا (ہ) بلونا - رگڑنا - مارنا - پیٹنا - کسی بات کو کھود کھود کر پوچھنا ٭
مَتھنی (ہ) مونث:- وہ لکڑی جس سے دہی بلوتے ہیں - مدھانی ٭
مِتی (ہ) مونث:- تاریخ - وہ تاریخ جس سے سود لگایا جائے روپیہ ادا کرنے کی مُدت - سُود ٭
مِتی پُگنا (ہ) روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پُورا ہونا - ہنڈی کی میعاد ختم ہونا ٭
مِتی کاٹا (ہ) مذکر:- وہ حساب جس کے موافق صراف لوگ ایک خاص عرصہ کا سُود ہُنڈی پر لیتے ہیں ٭
مِتی کاٹنا (ہ) سُود وضع کرنا - کٹوتی کاٹنا ٭
مُتَیَّسار (ا) صفت:- دوغلا - دونسلا - جس کا باپ کسی نسل سے اور ماں کسی نسل سے ہو ٭
مُتَیَقَّن (ع) صفت:- یقین کیا گیا - وہ امر جس کا یقین ہو ٭
مَتین (ع) صفت:- مضبوط - ٹھوس - مشکل - مستقل مزاج ٭

(م ٹ)

مُٹاپا (ہ) مذکر:- موٹائی - پھکاوٹ - جسم کا موٹاپن ٭
مِٹانا (ہ) نشان نہ رہنے دینا - چھیلنا - تباہ کرنا - رد کرنا ٭
مُٹائی (ہ) مونث:- پھیلاٹ - تیاری - مُٹاپا ٭
مِٹائے نہ مِٹنا (ہ) مٹانے سے بھی نہ مٹنا - کسی طرح سے نہ مٹنا ٭
مَٹر (ہ) مونث:- ایک قسم کا غلہ جس کے گول گول دانے ہوتے ہیں ٭

مٹر سی آنکھیں (ہ) مؤنث } چھوٹی چھوٹی آنکھیں ٭
یا
مٹر سے دیدے (ہ) مذکر } ننھی ننھی آنکھیں ٭

مٹر گشت (ف) مذکر :- آوارہ پھرنا ۔ بیہودہ پھرنا ۔ ہواخوری کرنا ٭

مُٹ بھیڑ یا مٹھ بھیڑ (ہ) مؤنث :- آمنا سامنا ۔ مقابلہ ۔ راہ میں مقابلہ ٭

مِٹ جانا (ہ) نشان جاتا رہنا ۔ تباہ ہو جانا ۔ عاشق ہو جانا

مٹک (ہ) مؤنث :- ناز ۔ نخرہ ۔ چوچلا ٭

مٹکار (ہ) مذکر :- بڑا گھڑا ۔ گگرا ٭

مٹکانا (ہ) حرکت دینا ۔ گھمانا ۔ مچکانا ۔ ملانا ٭

مٹکنا (ہ) ناز کرنا ۔ نخرہ کرنا ۔ حرکت دینا ٭

مُٹکنا (ہ) صفت :- عو :- چھوٹا ۔ پستہ ۔ چھوٹا اور خوبصورت ٭

مِٹنا (ہ) بے نشان ہونا ۔ کھرچا جانا ۔ برباد ہونا ۔ عاشق ہونا ۔ رو ہونا ۔ بجھنا ٭

مِٹھ مار دینا (ہ) خراب کر دینا ۔ بگاڑ دینا ٭

مِٹھلونا (ہ) صفت :- کم نمک کا ۔ پھیکے نمک کا ٭

مُٹھ (ہ) مؤنث :- مُوٹھ کا مخفف ۔ مُٹھی ۔ پنجہ ۔ قبضہ ۔ مُکّا ۔ دستہ ٭

مُٹھا (ہ) مذکر :- مُٹھی بھر ۔ بنڈل ۔ گٹھا ۔ مُوٹھ ۔ دستہ ٭

مَٹھا (ہ) مذکر :- پتلا دہی جو مکھن نکال لینے کے بعد رہ جاتا ہے ، لسّی ۔ سُست ٭

مَٹھاپن (ہ) مذکر :- سستی ۔ کاہلی ۔ کُند ذہنی ٭

مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا (ہ) چبا چبا کر باتیں کرنا ۔ مزے لے لے کر باتیں کرنا ٭

مٹھارنا (ہ) گول کرنا ۔ کور دبانا ۔ کند کرنا ۔ آٹے کو لوچ دینا ۔ مزے لے لے کر باتیں کرنا ۔ پھیلانا ٭

مٹھاس (ہ) مؤنث :- مٹھائی ۔ رس ۔ شیرینی ٭

مٹھائی (ہ) مؤنث :- شیرینی ۔ جیسے پیڑا ۔ حلوا ۔ برفی ۔ وغیرہ ٭

مٹھوا (ہ) مذکر :- مٹھ بولا ۔ طوطا ٭

مُٹھی (ہ) مؤنث :- بند ہاتھ ۔ گٹی ۔ لپ ۔ پکڑ ٭

مُٹھی بھر (ہ) صفت :- لپ بھر ۔ کھونچ بھر ٭

مُٹھی گرم کرنا (ہ) مُٹھی میں نقدی دینا ۔ رشوت دینا ۔ منہ بھرائی دینا ٭

مُٹھی میں آنا (ہ) قابو میں آنا ۔ قبضہ میں آنا ٭

مُٹھی میں دینا (ہ) ہاتھ میں دینا ۔ ہاتھ میں پکڑانا ٭

مُٹھی میں ہونا (ہ) قابو میں ہونا ۔ اختیار میں ہونا ٭

مُٹھی بھرنا (ہ) چپی کرنا ۔ مُکّی مارنا ۔ بدن کی مالش کرنا ٭

مُٹھیا (ہ) مذکر :- دستہ ۔ مُوٹھ ۔ وہ شخص جو کولھو میں گنے کی گنڈیریاں ڈالتا جاتا ہے ٭

مُٹھیانا (ہ) مٹھی میں پکڑنا ۔ ہاتھ میں پکڑنا ٭

مٹی (ہ) مؤنث :- زمین ۔ دھرتی ۔ گارا ۔ دھول ۔ راکھ ۔ مجازاً ۔ خمیر ۔ سرشت ۔ مزاج ٭
صفت :- میلا ۔ لتھڑا ہوا ۔ ٹھنڈا ٭

مٹی پلید کرنا (ہ) ذلیل کرنا ۔ درگت کرنا ۔ دِق کرنا ٭

مٹی برباد کرنا (ہ) میّت کو خوار کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ خاک اڑانا ٭

مٹی ٹھکانے لگنا (ہ) کریا کرم کرنا ۔ اچھی طرح سے دفن کرنا ٭

مٹی خراب کرنا (ہ) گور گڑھا نہ کرنا ۔ کریا کرم نہ کرنا ۔ بدنام کرنا ۔ ستانا ۔ ہنسی اڑانا ۔ برباد کرنا ٭

مٹی خراب ہونا یا خوار ہونا (ہ) کریا کرم نہ ہونا ۔ بدنام ہونا ۔ درگت ہونا ۔ دِق ہونا ۔ پریشان ہونا ۔ قدر نہ ہونا ٭

مٹی دینا (ہ) دفن کرتے وقت مردے کی قبر میں تین تین مٹھی خاک ڈالنا ۔ قبر میں گاڑنا ٭

مٹی ڈالنا (ہ) کسی بات پر خاک ڈالنا ۔ درگزر کرنا ۔ چھپانا ٭

مٹی ڈھونا (ہ) مٹی کا بوجھ اٹھانا ۔ سخت مصیبت اٹھانا ٭

مٹی عزیز کرنا (ہ) کسی مردے کے دفن میں شریک ہونا ۔ گاڑنا ٭

مٹی کا تیل (ہ) مذکر :- ایک قسم کا تیل جو کنوئیں کھود کر

نکالا جاتا ہے۔ لیمپ وغیرہ میں جلانے کے کام آتا ہے ؏

مٹی کرنا (ہ) خاک میں ملانا۔ خراب کرنا۔ تباہ کرنا۔ میلا کرنا ؏

مٹی کی مورت (ہ) مؤنث :۔ مٹی کی بنی ہوئی تصویر۔ جسم۔ بدن۔ بے وقوف آدمی ؏

مٹی کے مول (ہ) صفت :۔ کوڑیوں کے مول۔ نہایت سستا۔ مفت ؏

مٹی میں مٹی ملنا (ہ) خاک میں خاک ملنا۔ جسم کا خاک میں مل جانا ؏

مٹی میں ملانا (ہ) خاک میں ملانا۔ مٹانا۔ دفن کرنا۔ برباد کرنا۔ ضایع کرنا ؏

مٹی ہونا (ہ) محاورہ :۔ خاک ہونا۔ خاک میں ملنا۔ خراب ہونا۔ دفن ہونا۔ پھیکا پڑجانا ؏

مٹیا پھوس (ہ) مذکر :۔ نہایت بوڑھا جس کا جسم پھس پھسا ہوگیا ہو ؏

مٹیا کھس (ہ) صفت :۔ سست۔ کام چور۔ کاہل ؏

مٹیالا (ہ) مٹی سے متعلق۔ مٹی کا بنا ہوا۔ مٹی کے رنگ کا ؏

(م ث)

مثال (ع) مؤنث :۔ مانند۔ مشابہت۔ نظیر۔ حکایت۔ نمونہ۔ ایک عالم کا نام ؏

مثال دینا (ا) نظیر دینا۔ مشابہت ظاہر کرنا ؏

مثانہ (ع) مذکر :۔ وہ پھکنا جس کے اندر پیشاب رہتا ہے ؏

مثبت (ع) صفت :۔ قایم کیا گیا۔ جس میں نفی نہ ہو۔ لکھا گیا۔ ثابت کیا گیا ؏

مثقال (ع) مذکر :۔ ساڑھے چار ماشہ کا وزن۔ ایک سونے کے سکہ کا نام ؏

مثل (ع) صفت :۔ مانند۔ موافق۔ ملتا ہوا ؏

مثلاً (ع) صفت :۔ جس طرح۔ گویا۔ یعنی۔ اتفاقاً ؏

مثلث (ع) مذکر :۔ تین ضلعوں کی شکل۔ تکون۔ تین تین مصرعوں کا بند۔ ایک قسم کی شراب۔ ایک خوشبو کا نام ؏

مثلث حادّ الزاویہ (ع) مذکر :۔ وہ مثلث جس کے سب زاویے حادے ہوں ؏

مثلث قائم الزاویہ (ع) مذکر :۔ وہ مثلث جس میں ایک زاویۂ قایمہ ہو ؏

مثلث متساوی الاضلاع (ع) مذکر :۔ وہ مثلث جسکے تینوں ضلعے آپس میں برابر ہوں ؏

مثلث متساوی الساقین (ع) مذکر :۔ وہ مثلث جسکے دو ضلعے آپس میں برابر ہوں ؏

مثلث مختلف الاضلاع (ع) مذکر :۔ وہ مثلث جسکے تینوں ضلعے ایک دوسرے سے مختلف ہوں ؏

مثلث منفرجۃ الزاویہ (ع) مذکر :۔ وہ مثلث جس میں ایک زاویہ منفرجہ ہو ؏

مثلثی (ع) صفت :۔ مثلث کی شکل کا۔ تکونیا ؏

مثلی (ا) مذکر :۔ وہ شخص جس کی مثل بنی ہوئی ہو۔ پرانا مجرم ؏

مثمن (ع) صفت :۔ آٹھ ضلعوں کا۔ آٹھ حصے کیا گیا ؏ مذکر :۔ آٹھ ضلعوں کی شکل ؏

مثنےٰ (ع) صفت :۔ دوسرا۔ مذکر :۔ اصل کے مطابق۔ نقل۔ جوڑا۔ جوڑ ؏

مثنوی (ع) مؤنث :۔ نظم کی ایک قسم۔ جس کے ہر شعر کا قافیہ جدا ہوتا ہے ؏

(م ج)

مجادلہ (ع) مذکر :۔ لڑائی۔ جنگ۔ جھگڑا۔ فساد۔ تکرار۔ دشمنی ؏

مجاز (ع) صفت :۔ گزرنے کی جگہ۔ حقیقت کے خلاف وہ کلمہ جو اپنے حقیقی معنی کے خلاف استعمال کیا جائے مگر اس کے حقیقی معنی بالکل ترک نہ ہوگئے ہوں ؏

مجاز ہوگا (ا) کسی امر کا اختیار رکھنا۔ مختار ہوگا ؏

مجازاً (ع) تابع فعل :۔ فرض کے طور پر۔ مراد لے کر۔ قانون کے مطابق ؏

مجازی (ع) صفت :۔ جو حقیقی نہ ہو۔ فرضی۔ مرادی جعلی نقلی ؛

مجال (ع) مؤنث :۔ چکر دینے کا میدان۔
مجازاً۔ طاقت۔ بس۔ قابو ؛

مجالس (ع) مؤنث :۔ جمع مجلس کی۔ کمیٹیاں ۔ سبھائیں ؛

مجامعت (ع) مؤنث :۔ بھوگ بلاس۔ ہم بستری ؛

مجاور (ع) مذکر :۔ ہمسایہ۔ پڑوسی۔
(ا) درگاہ کا پجاری۔ پانڈا ؛

مجاہد (ع) مذکر :۔ کوشش کرنے والا۔ مذہب کے لئے لڑنے والا ؛

مجاہدہ (ع) مذکر :۔ کوشش۔ محنت ؛

مجاہدین (ع) مذکر :۔ مذہب پر لڑنے والے۔ والنٹیر ؛

مجبور (ع) صفت :۔ دق۔ تنگ۔ دبا ہوا۔ ناچار ؛

مجبور ہونا (ا) ناچار ہونا۔ تنگ ہونا۔ عاجز ہونا ؛

مجبوراً (ع) تابع فعل :۔ ناچاری سے۔ ہار کر۔ تھک کر ؛

مجبوری (ا) مؤنث :۔ ناچاری۔ تنگی۔ بے بسی ؛

مجتبےٰ (ع) صفت :۔ پسند کیا ہوا۔ چنا ہوا ؛

مجتمع (ع) صفت :۔ جمع کیا گیا۔ جمع ہونے کی جگہ۔ مجلس ؛

مجتنب (ع) صفت :۔ پرہیز کرنے والا۔ دور رہنے والا ؛

مجتہد (ع) صفت :۔ کوشش کرنے والا۔ ٹھیک اور عمدہ راستہ نکالنے والا ؛ بہت بڑا عالم ؛
مذکر :۔ امام۔ پیشوا ؛

مجدد (ع) صفت :۔ نئے سرے سے کرنے والا۔ پھر سے کرنے والا۔ قدیم مذہبی قانون کو زندہ کرنے والا ؛

مجذوب (ع) صفت :۔ کھینچا گیا۔ خدا کی محبت میں غرق ؛
(ا) مست۔ بیہوش۔ پاگل ؛

مجذوب کی بڑ (ا) مؤنث :۔ بکواس۔ بے معنی اور بیہودہ بات ؛

مجذور (ع) مذکر :۔ فی نفسہ ضرب کھایا ہوا۔ مربع۔ جیسے پچیس پانچ کا مجذور ہے ؛

مجذوم (ع) مذکر :۔ جس کو کوڑھ ہو گیا ہو۔ کوڑھی

مجرا (ع) مذکر :۔ جاری کیا گیا۔ کٹوتی۔ منہائی۔ بندگی۔ آداب ناچ۔ گانا۔ وہ مرثیہ جو رباعی یا غزل یا قصیدہ کے طرز پر کہا جائے۔ اور اس کے مطلع میں مجرا یا سلام کا لفظ لایا جاتا ہے ؛
(ا) ملازمت۔ باریابی ؛

مجرا پانا (ا) روپیہ وصول پانا۔ باریابی پانا ؛

مجرا کلکٹی (ا) مؤنث :۔ (قانون) الٹا دعوے۔ مقابل کا دعوے ؛

مجرا دینا (ا) کٹوتی دینا۔ حساب میں وضع کر دینا ؛

مجرا کرنا (ا) حساب میں لگانا۔ وضع کرنا۔ آداب بجا لانا۔ ناچنا گانا ؛

مجرا لینا (ا) کاٹ لینا۔ حساب میں لگا لینا ؛

مجرائی (ا) مذکر :۔ سلام کرنے والے۔ درباری۔ منہائی۔ کٹوتی۔ مرثیہ کا سلام پڑھنے والا ؛

مجرب (ع) صفت :۔ آزمایا گیا۔ اثر کرنے والا ؛

مجربات (ع) مذکر :۔ آزمائے ہوئے نسخے۔ تجربہ کی ہوئی چیزیں ؛

مجرد (ع) صفت :۔ تنہا۔ خالی۔ بن بیاہا ؛

مجردات (ع) مذکر :۔ بے جسم وجود۔ غیر مادی وجود ؛

مجردی (ع) مؤنث :۔ تنہائی۔ آزادی۔ کوارا پن ؛

مجرم (ع) مذکر :۔ جرم کرنے والا۔ پاپی۔ گنہگار ؛

مجروح (ع) صفت :۔ جس کو کوئی زخم لگا ہو۔ گھائل۔ ایک شاعر کا تخلص ؛

مجسٹریٹ (انگ) مذکر :۔ فوجداری یا دیوانی کا حاکم۔ منصف۔ جج ؛

مجسٹریٹی (ا) مؤنث :۔ مجسٹریٹ کا عہدہ۔ حکومت۔ اختیار ؛

مجسم (ع) صفت :۔ جو جسم رکھتا ہو۔ جسمی ؛

مجسمات (ع) مذکر :۔ مجسم کی جمع ؛

مجسمہ (ع) مذکر :۔ کسی کا بت۔ سٹیچو ؛

مجلا (ع) صفت۔ چمکایا گیا۔ جلا کیا ہوا۔ ظاہر۔ روشن ؛

مُجَلّد (ع) صفت:۔ جلد باندھا ہُوا۔ کتاب۔ نسخہ ٭

مَجْلِس (ع) مؤنث:۔ بیٹھنے کی جگہ۔ سبھا۔ سوسائیٹی۔

مَجْلِس خانہ (ع۔ ف) مذکر:۔ مجلس جمع ہونے کا مقام۔ ٹاؤن ہال ٭

مَجْلِسی (ع) مذکر:۔ وہ شخص جو مجلس میں شریک ہو ٭

مَجْمَع (ع) مذکر:۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ (ل) بھیڑ۔ ہجوم ٭

مُجْمَل (ع) صفت:۔ انتخاب۔ خلاصہ۔ سرسری۔ ملا ہُوا ٭

مُجْمَلاً (ع) تابع فعل:۔ خلاصہ کے طور پر۔ اختصاراً۔ سرسری ٭

مَجْمُوعَہ (ع) صفت:۔ جمع کیا ہُوا۔ مذکر:۔ جُملہ۔ ذخیرہ۔ خزانہ۔ پشتارہ ٭

مَجْمُوعی (ع) صفت:۔ تمام ٭

مَجْنُون (ع) مذکر:۔ دیوانہ۔ پاگل۔ لیلےٰ کے عاشق قیس کا لقب۔ نہایت دبلا پتلا آدمی ٭

مُجَوَّز (ع) صفت:۔ تجویز کیا گیا۔ جائز کیا گیا ٭

مُجَوِّز (ع) صفت:۔ تجویز کرنے والا۔ جائز رکھنے والا ٭ (ل) ضد کرنیوالا۔ ہٹیلا۔ کسی کمیٹی میں کوئی تجویز پیش کرنیوالا ٭

مُجَوَّزہ (ع) صفت:۔ تجویز کیا ہُوا۔ ٹھہرایا گیا۔ پیش کیا ہُوا ٭

مَجُوس (ف) مذکر:۔ زردشت کا پیرو۔ آگ کی پرستش کرنے والی قوم ٭

مَجُوسی (ف) مذکر:۔ آتش پرست۔ چاند سورج کی پوجا کرنے والا ٭

مُجَوَّف (ع) صفت:۔ کھوکھلا۔ پولا۔ تھوتھا ٭

مَجْہُول (ع) صفت:۔ غیر معلوم۔ وہ فعل جس کا فاعل معلوم نہ ہو (ل) سُست نکمّا ٭

مَجْہُولُ النَّسَب (ع) مذکر:۔ وہ شخص جس کے خاندان یا قوم کا پتہ نہ ہو ٭

مَجھُولا (ہ) صفت:۔ درمیانی۔ منجھلا۔ میانہ ٭

مَجھُولی (ہ) مؤنث:۔ منجھلی۔ درمیانی۔ ایک چھوٹی گاڑی ٭

مُجیب (ع) صفت:۔ جواب دینے والا۔ قبول کرنے والا ٭

مُجیبُ الدَّعوات (ع) صفت:۔ دعائیں قبول کرنے والا۔ خدا تعالےٰ ٭

مَجِیٹھ (ہ) مؤنث:۔ ایک قسم کی لکڑی جس کے رنگ سے کپڑے سُرخ رنگے جاتے ہیں ٭

مَجِید (ع) صفت:۔ بزرگ۔ بڑے مرتبے والا ٭

مَجِیرا (ہ) مذکر:۔ چھوٹی چھوٹی پیتل کی کٹوریاں۔ جو طبلے کے ساتھ تال دینے کے لئے بجاتے ہیں ٭

(م چ)

مَچا (ہ) مذکر:۔ گوشت کاٹا اور بن ہڈی کا ٹکڑا ٭

مَچان (ہ) مذکر:۔ وہ لکڑیاں جو اسباب وغیرہ رکھنے کے لئے دیوار میں زمین سے اونچی لگا دیتے ہیں ٹانڈ ٭

مَچانا (ہ) رچانا۔ عمل میں لانا۔ کرنا ٭

مِچکانا (ہ) جھپکانا۔ آنکھ مارنا ٭

مَچلانا (ہ) ٹال مٹول کرنا۔ ہٹ کرنا۔ ضد کرنا ٭

مَچل جانا (ہ) بھپر جانا۔ ہٹ پر آجانا۔ اڑ جانا ٭

مُچلکا (ت) مذکر:۔ عہد نامہ۔ اقرار نامہ۔ قول۔ قرار ٭

مَچلنا (ہ) ضد کرنا۔ ڈھٹائی کرنا۔ بپھرنا۔ ٹال مٹول کرنا ٭

مچمچانا (ہ) کچکچانا۔ جوانی کی مستی میں آنا ٭

مچمچاہٹ (ہ) مؤنث:۔ کچکچاہٹ۔ جوانی کی مستی ٭

مِچنا (ہ) بند ہونا۔ مُندنا ٭

مَچھ (ہ) مذکر:۔ بڑی مچھلی ٭

مَچھّر (ہ) مذکر:۔ ایک نہایت چھوٹا اڑنے والا جانور جو جسم کا خون چُوستا ہے ٭

مَچھّر کی جھُول (ہ) مؤنث:۔ نہایت ادنےٰ اور کم قیمت چیز

مچھلی (ہ) مؤنث:۔ پانی کا ایک مشہور جانور۔ ہتھیلی یا پنڈلی کا اندرونی گوشت۔ کان کے ایک زیور کا نام ٭

مچھلی کے جائے کو تیرنا کون سکھائے (ہ) کہاوت:۔ اپنے خاندانی کام سے ہر شخص واقف ہوتا ہے ٭

مَچھلیاں پڑنا (ہ) ورزش کے باعث زانوؤں یا بازوؤں کا پھر جانا ٭

مچھوا (ہ) مذکر:۔ مچھلیاں پکڑنے والا۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی ٭

مچھندر (ہ) مذکر:۔ بڑی بڑی مونچھوں والا۔ بدصورت اور مسخرا آدمی۔ چوہا ۔

مچھیل (ہ) مذکر:۔ بڑی بڑی مونچھوں والا ۔

(م ح)

مُحابا (ع) مذکر:۔ مروّت۔ لحاظ۔ صلح۔ نگرانی ۔

مُحاذی (ع) صفت:۔ برابر ہونے والا۔ آمنے سامنے ۔

مُحاربہ (ع) مذکر:۔ لڑائی۔ گھمسان۔ یُدھ ۔

مُحاسِب (ع) مذکر:۔ حساب جاننے یا کرنے والا۔ جانچنے والا ۔

مُحاسبہ (ع) مذکر:۔ حساب۔ شمار۔ کسی سے حساب لینا۔ بازپرس ۔

مَحاسِن (ع) مؤنث:۔ جمع حُسن کی۔ خوبیاں۔ بھلائیاں ۔

مُحاصِر (ع) صفت:۔ گھیرنے والا ۔

مُحاصرہ (ع) مذکر:۔ گھیرا ڈالنا۔ چاروں طرف سے بند کرنا ۔

مُحاصِرین (ع) مذکر:۔ گھیرا ڈالنے والے ۔

مُحاصِل (ع) مؤنث:۔ آمدنی۔ پیداوار۔ بکری ۔

مُحاط (ع) صفت:۔ گھیرا گیا۔ معلوم کیا گیا ۔

محافظ (ع) صفت:۔ حفاظت کرنیوالا۔ رکھوالا ۔

محافظِ تن (ع۔ ف) مذکر:۔ وہ سپاہی جو جان کی حفاظت کے لئے ہر وقت ساتھ رکھے جاتے ہیں۔ باڈی گارڈ ۔

مُحافظت (ع) مؤنث:۔ نگہبانی۔ حفاظت۔ چوکیداری ۔

مَحافِل (ع) مؤنث:۔ محفل کی جمع۔ مجلس۔ سبھائیں ۔

مُحافہ (ع) مذکر:۔ پالکی۔ ڈولی ۔

مُحاکمہ (ع) مذکر:۔ انصاف چاہنا۔ منصف بن کر جھگڑا چکانا ۔

مَحال (ع) مذکر:۔ محل کی جمع۔ مقامات۔ مکانات۔ جاگیریں ۔

مُحال (ع) صفت:۔ قریب قریب ناممکن۔ اَن ہونت ۔
(ا) کٹھن۔ سخت۔ شہد کی مکھیوں کا چھتا ۔

مُحالات (ع) مؤنث:۔ مُحال کی جمع۔ ناممکن باتیں۔ مشکلیں ۔

محامد (ع) مؤنث:۔ محمدت کی جمع۔ خوبیاں۔ نیک خصلتیں ۔

مُحاورات (ع) مذکر۔ محاورہ کی جمع ۔

مُحاورہ (ع) مذکر:۔ آپس میں گفتگو۔ بول چال۔ وہ کلمہ یا کلام جو لغوی معنی کی مناسبت یا غیر مناسبت سے کسی خاص معنی کے لئے مخصوص کر لیا گیا ہو ۔
(ا) عادت۔ لپکا۔ مہارت ۔

مُحاورہ پڑنا (ا) روزمرہ پڑنا۔ لپکا پڑنا۔ لیعاد ہونا ۔

مُحاورہ ڈالنا (ا) عادت ڈالنا۔ مہارت پیدا کرنا ۔

مُحِب (ع) مذکر:۔ پیار رکھنے والا۔ دوست ۔

مُحبّت (ع) مؤنث:۔ پریم۔ موہ۔ پیار۔ دوستی۔ عشق ۔

مُحبّت آمیز (ع۔ ف) صفت:۔ پیار سے ملی ہوئی محبت کی ۔

مَحبَس (ع) مذکر:۔ جیل خانہ۔ قید خانہ ۔

محبُوب (ع) مذکر:۔ پیارا۔ دوست۔ معشوق ۔

محبُوبہ (ع) مؤنث:۔ پیاری۔ معشوقہ ۔

محبُوس (ع) مذکر:۔ قید کیا گیا۔ قیدی ۔

مُحتاج (ع) صفت:۔ حاجتمند۔ ضرورتمند ۔
(ا) دوسرے کا ہاتھ تکنے والا۔ کنگال۔ اپاہج ۔

مُحتاج خانہ (ا) مذکر:۔ وہ جگہ جہاں غریب اور لاوارث بچے وغیرہ رہتے ہیں ۔

مُحتاج کرنا (ا) غریب کرنا۔ حاجتمند بنانا۔ اپاہج بنانا ۔

محتاجگی یا محتاجی (ا) مؤنث:۔ مجبوری۔ ضرورت۔ غریبی دوسرے کا ہاتھ تکنا ۔

مُحتاط (ع) صفت:۔ وہ شخص جو احتیاط رکھے۔ ہوشیار ۔

مُحترم (ع) صفت:۔ عزت کیا گیا۔ آدر جوگ ۔

مُحتسِب (ع) مذکر:۔ حساب لینے والا۔ حاکم جو خلاف شرع باتوں کی ممانعت کرے ۔

مُحتَشِم (ع) صفت :- لاؤ لشکر والا۔ نواب۔ رئیس ؛

مُحتَمَل (ع) صفت :- گمان کیا گیا۔ شبہ کیا گیا ؛

مَحجُوب (ع) صفت :- پوشیدہ۔ جس پر پردہ پڑا ہوا ہو ؛

مُحَدَّب (ع) صفت :- ابھرا ہوا۔ کبھ دار ؛

مُحَدِّث (ع) مذکر :- حدیث کا علم جاننے والا ؛

مَحدُود (ع) صفت :- حد کیا گیا۔ گھیرا گیا ؛

مَحذُوف (ع) صفت :- گرایا گیا۔ نکالا گیا۔ وہ لفظ یا حرف جو گرا دیا گیا ہو ؛

مِحراب (ع) مؤنث :- وہ قوس یا کمان جو مسجد میں کعبے کی طرف امام کے کھڑے ہونے کے لئے بنی ہوتی ہے۔ گھر۔ طاق۔ ڈاٹ۔ حجرہ مجلس کا صدر ؛

مِحراب دار (ع۔ ف) صفت :- کمان کی مانند ؛

مُحَرِّر (ع) مذکر :- لکھنے والا۔ منشی ؛

مُحَرَّرہ (ع) صفت :- لکھا ہوا ؛

مُحَرِّری (ع) مؤنث :- تحریر کے کام کا عہدہ۔ منشی گری ؛

مُحَرَّف (ع) صفت :- پھیرا گیا۔ مقام سے ہٹا ہوا۔ ٹیڑھا ؛

مُحرِق یا مُحرِقہ (ع) مؤنث :- جلا دینے والی شے ؛

مُحَرِّک (ع) صفت :- حرکت دینے والا۔ اکسانے والا ؛

مَحرَم (ع) مذکر :- بہت قریب کا رشتہ دار۔ بھید جاننے والا۔

(ا) انگیا۔ انگیا کی کٹوری ؛

مُحَرَّم (ع) مذکر :- حرام کیا گیا۔ عزت کیا گیا۔ عربی سال کا پہلا مہینہ۔ کربلا کے شہیدوں کے سوگ کا مہینہ ؛

مُحَرَّم رہنا (ا) سوگ رہنا۔ ماتم رہنا ؛

مُحَرَّم کا سپاہی (ا) مذکر :- دو دن کا بہادر ؛

مُحَرَّمات (ع) مؤنث :- ایک قسم کا کپڑا

مَحرُور (ع) صفت :- حرارت کیا گیا۔ گرم ؛

مَحرُورُالمِزاج (ع) صفت :- جس کے مزاج میں حرارت ہو ؛

مَحرُوم (ع) صفت :- حرام کیا گیا۔ روکا گیا۔ بے نصیب ابھاگی۔ نا اُمید ؛

مَحرُوم کرنا (ا) حق نہ دینا۔ حق مار لینا ؛

مَحرُومی یا مَحرُومِیت (ع) مؤنث :- بدنصیبی۔ نا اُمیدی ناکامی ؛

مَحزُون (ع) صفت :- جس کو غم لگا ہوا ہو۔ رنجیدہ ؛

مُحسِن (ع) صفت :- احسان کرنے والا۔ بھلائی کرنے والا سخی ؛

مُحسِن کُش (ع۔ ف) صفت :- بے احسانا۔ وہ شخص جو اپنے احسان کرنے والے کے ساتھ برائی کرے ؛

مُحسِنات (ع) مؤنث :- جمع محسنہ کی۔ خوبیاں۔ بھلائیاں ؛

مَحسُوب (ع) صفت :- حساب کیا گیا۔ حساب میں لگایا گیا ؛

مَحسُود (ع) صفت :- حسد کیا گیا۔ جس سے حسد کیا جائے ؛

مَحسُوس (ع) صفت :- جو کسی حس کے ذریعہ سے معلوم ہو۔ ظاہر۔ معلوم ؛

محسوسات (ع) مؤنث :- محسوسہ کی جمع۔ وہ چیزیں جو کسی حس سے معلوم ہو سکیں ؛

مَحشَر (ع) مذکر :- قیامت کے دن لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ (مجازاً) قیامت کا دن۔ پرلو۔ حشر ؛

مُحَشّٰے (ع) صفت :- حاشیہ چڑھا ہوا۔ شرح لکھا ہوا ؛

مُحَصِّل (ع) صفت :- حاصل کرنے والا۔ محصول وصول کرنے والا ؛

مَحصُور (ع) صفت :- گھیرا گیا۔ گھیرے میں آیا ہوا

مَحصُورِین (ع) مذکر :- گھیرے ہوئے۔ گھیرے میں آئے ہوئے ؛

مَحصُول (ع) صفت :- حاصل کیا گیا

مذکر :- لگان۔ خراج۔ کرایا ؛

مَحصُولی (ع) مؤنث :- وہ زمین جس کی مالگزاری

ادا کی جائے۔

صفت: محصول لینے کے قابل۔ بیرنگ ؎

مَحض (ع) صفت:۔ خالص۔ نرا۔ فقط۔

تابع فعل:۔ بالکل تمام ؎

مَحضر (ع) مذکر:۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ شرعی حکمنامہ۔ وہ کاغذ جس پر شہادتیں لکھی جائیں۔

(صفت):۔ سامنے۔ روبرو ؎

مَحضرِ خون (ع۔ف) مذکر:۔ وہ کاغذ جس کے اوپر کسی کے قتل کئے جانے کی تصدیق کی گئی ہو ؎

مَحظوظ (ع) صفت:۔ نصیب والا ؎

(ف) خوش۔ مگن۔ آنند ؎

مَحفَل (ع) مؤنث:۔ آدمیوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ سبھا ؎

مَحفُوظ (ع) صفت:۔ حفاظت کیا گیا۔ بچا ہوا ؎

مُحقِّق (ع) مذکر:۔ وہ شخص جو بات کو دلیل سے ثابت کرے۔ فلاسفر ؎

مِحَک (ع) سونے کا کس دیکھنے کا پتھر۔ کسوٹی ؎

مُحکَم (ع) صفت:۔ مضبوط۔ اٹل۔ ثابت قدم ؎

مَحکَمہ (ع) مذکر:۔ انصاف کرنے کی جگہ۔ کچہری۔ سررشتہ۔ ڈیپارٹمنٹ ؎

مَحکُوم (ع) صفت:۔ حکم کیا گیا۔ ماتحت ؎

(مذکر) رعایا۔ نوکر۔ چاکر ؎

مَحکُومہ (ع) صفت:۔ حکم کیا گیا۔ حکم دیا گیا ؎

مَحَل (ع) جگہ۔

(ا) عالیشان مکان۔ قصر ؎

بیگم۔ رانی ؎

مَحَلِ خاص (ا) مؤنث:۔ بڑی رانی۔ ملکہ ؎

مَحَل دار (ع۔ف) مذکر:۔ محل کی حفاظت کرنے والا ؎

مَحَل سَرا (ع۔ف) مؤنث:۔ بادشاہ یا امیر کا زنان خانہ رنواس ؎

مَحَلّات (ع) مذکر:۔ محلہ کی جمع ؎

مُحَلِّل (ع) صفت:۔ حل کر دینے والی چیز۔ گلا دینے والی چیز ؎

مَحلُول (ع) صفت:۔ حل کیا ہوا۔ گلا ہوا ؎

مَحلّہ (ع) مذکر:۔ اترنے کی جگہ۔ شہر کا کوئی حصہ۔ کوچہ

(ا) بھنگیوں کا علاقہ ؎

مَحلّہ دار (ع۔ف) مذکر:۔ محلے کا چودھری ؎

مُحَمَّد (ع) صفت:۔ نہایت تعریف کیا گیا ؎

مذکر: پیغمبر اسلام علیہ الصلوٰۃ والسلام کا نام نامی۔

مُحَمَّدَت (ع) مؤنث:۔ تعریف۔ نعت ؎

مُحَمَّدی (ع) صفت:۔ حضرت محمدؐ کا پیرو۔ مسلمان ؎

مَحمِل (ع) مذکر:۔ اونٹ کا ہودہ۔ کجاوہ ؎

محمود (ع) صفت:۔ تعریف کیا گیا۔ سراہا گیا۔

مذکر:۔ ایک بادشاہ کا نام ؎

محمودی (ع) مؤنث:۔ ایک قسم کی باریک ململ۔ ایک چاندی کا سکہ ؎

مَحمُول (ع) صفت:۔ لدا ہوا۔ گمان کیا گیا ؎

مَحمُولہ (ع) صفت:۔ لدا ہوا ؎

مِحَن (ع) مؤنث: محنت کی جمع ؎

مِحنَت (ع) مؤنث:۔ رنج۔ دکھ۔

(ا) مشقت۔ مزدوری۔ کوشش ؎

مِحنَتِ شاقّہ (ع) مؤنث: سخت محنت۔ کٹھن کام ؎

مِحنَتانہ (ع۔ف) مذکر:۔ اجرت۔ مزدوری ؎

مِحنَتی (ع) صفت:۔ سختی اٹھانے والا ؎

مذکر:۔ مزدور۔ قلی ؎

محو (ع) صفت:۔ مٹانا۔ اڑانا۔ فنا کرنا۔ گم ؎

(ف) عاشق۔ فریفتہ ؎

محو ہونا (ا) مٹ جانا۔ گم ہونا۔ نہایت عاشق ہونا۔ ہکا بکا ہونا ؎

مِحوَر (ع) مذکر:۔ وہ کیلی جس پر پہیہ گردش کرتا ہے ؎

مَحوِیّت (ع) مؤنث:۔ گم ہونا۔ فریفتہ ہونا ؎

مُحِیط (ع) صفت:۔ گھیرنے والا ؎

مذکر:۔ گھیرا۔ چکر ؎

(م خ)

مَخارِج (ع) مذکر:- مخرج کی جمع۔ خارج ہونے کی جگہیں ٭

مُخاصِمت (ع) مؤنث:- بیر۔ دشمنی۔ لاگ ٭

مُخاطِب (ع) مذکر:- سامنے بولنے والا۔ روبرو گفتگو کرنیوالا۔ غصے ہونے والا ٭

مُخاطَب (ع) مذکر:- وہ شخص جس سے بات کی جائے۔
صفت:- جس پر غصہ کیا جائے ٭

مَخاطِرہ (ع) مذکر:- ڈر۔ اندیشہ۔ وہ بات جو کہ ذہن میں آ جائے ٭

مُخافات (ع) مؤنث:- مخافت کی جمع۔ خطرے۔ اندیشے

مُخافت (ع) مؤنث:- خطرہ۔ اندیشہ۔ ڈر ٭

مُخالطت (ع) مؤنث:- میل جول۔ دوستی ٭

مُخالِف (ع) مذکر:- خلاف ہونے والا۔ دشمن۔ بیری۔
صفت:- برخلاف۔ اُلٹا ٭

مُخالفت (ع) مؤنث:- دشمنی۔ خلاف۔ اختلاف ٭

مُخبر (ع) مذکر:- خبر دینے والا۔ جاسوس ٭

مُخبری (ل) مؤنث:- جاسوسی۔ خفیہ خبر دینے کا کام ٭

مَخبُوط (ع) صفت:- جس کے حواس ٹھکانے نہ ہوں ٭

مَخبُوط الحواس (ع) مذکر:- دیوانہ۔ پاگل سڑی ٭

مُختار (ع) صفت:- پسند کیا گیا۔ اختیار والا۔ آزاد۔
مذکر:- گماشتہ۔ ایجنٹ ٭

مُختارِ عام (ع) مذکر:- وہ گماشتہ جسے عام باتوں کا اختیار دیا گیا ہو ٭

مُختار کار (ع و ف) سربراہ کار۔ سپرنٹنڈنٹ ٭

مُختارِ کُل یا مُختارِ مطلق (ع) مذکر:- وہ گماشتہ جسے پورا پورا اختیار دیا گیا ہو۔ ڈکٹیٹر ٭

مُختار نامہ (ع۔ف) مذکر:- وہ تحریر جس کے ذریعہ سے اختیار دیا گیا ہو ٭

مُخترِع (ع) مذکر:- کوئی نئی بات یا نئی چیز نکالنے والا۔ بانی ٭

مُختَرعات (ع) مؤنث:- وہ چیزیں جو نئی نکالی گئی ہوں ٭

مُختصر (ع) صفت:- خلاصہ۔ انتخاب۔ تھوڑا ٭

مُختص (ع) صفت:- خاص کیا گیا۔ مخصوص ٭

مُختفی (ع) صفت:- چھپا ہوا۔ خفیہ ٭

مُختل (ع) صفت:- پریشان۔ بگڑا ہوا ٭

مُختلِف (ع) صفت:- اختلاف کرنے والا۔ بے میل۔ جُدا ٭

مَختُوم (ع) صفت:- مُہر لگایا گیا۔ بند کیا گیا۔ لپٹا ہوا ٭

مَختُون (ع) صفت:- ختنہ کیا گیا۔ جس کی ختنہ کی گئی ہو۔

مُخدِّر (ع) صفت:- پروے میں بیٹھنے والی۔ سُن کر دینے والی۔ نیند لانے والی ٭

مَخدُوم (ع) مذکر:- خدمت کیا گیا۔ بزرگ۔ آقا ٭

مَخدُومہ (ع) مؤنث:- مخدوم کی تانیث ٭

مَخرج (ع) مذکر:- نکلنے کی جگہ۔ نکاس۔ جڑ ٭

مَخرُوط (ع) صفت:- تراشا گیا۔ گاجر کی شکل ٭

مَخرُوطی (ع) صفت:- گاجر کی شکل کا ٭

مَخزَن (ع) مذکر:- خزانہ کی جگہ۔ مال گودام ٭

مَخصُوص (ع) صفت:- خاص کیا گیا۔ نامزد کیا گیا ٭

مُخطّط (ع) صفت:- لکیروں والا۔ دھاریدار۔ داڑھی آیا ہوا

مَخطُور (ع) صفت:- اندیشہ کیا گیا۔ وہ چیز جس میں خوف اور ڈر ہو۔ وہ بات جو دل میں گذرے ٭

مُخفّف (ع) صفت:- گھٹایا گیا۔ کم کیا گیا۔ وہ لفظ جس میں سے کوئی حرف کم کیا جائے ٭

مَخفی (ع) صفت:- چھپایا ہوا۔ گُپت ٭

مُخِل (ع) صفت:- خلل ڈالنے والا۔ رخنہ ڈالنے والا ٭

مُخلِص (ع) صفت:- سچا۔ کھرا۔ وفادار ٭
مذکر:- سچا دوست۔ پکا دوست ٭

مَخلصی (ع) مؤنث:- رہائی۔ چھٹکارا ٭

مَخلُوط (ع) صفت:- ملا جلا۔ گڈمڈ ٭

مَخلُوق (ع) صفت:- پیدا کیا ہوا ٭
مؤنث:- دنیا۔ سنسار ٭

مَخلُوقات (ع) مؤنث:- مخلوق کی جمع ٭

مُخلّٰے (ع) صفت:- خالی کیا گیا۔ رہا کیا گیا ٭

مخلّی بالطبع (ع) صفت :- خالی الذہن - صاف طبیعت والا ؛

مخمّر (ع) صفت :- خمیر اٹھایا ہوا ؛

مخمّس (ع) صفت :- پنج گوشہ کیا ہوا ؛
مذکر :- پانچ ضلعوں کی شکل - ایک قسم کی نظم جس میں ایک بند پانچ مصرعوں کا ہوتا ہے ؛

مخمّسات (ع) مؤنث : مخمّس کی جمع ؛

مخمصہ (ع) مذکر : بھوک - بھوک کی آگ ؛
مجازاً - نہایت غم جس سے طبیعت بیقرار ہو جائے -
(۲) مشکل - جھگڑا - بکھیڑا ؛

مخمل (ع) مؤنث :- ایک قسم کا نرم کپڑا - ایک پھول کا نام

مخمور (ع) صفت :- متوالا - مست - مدھ ماتا ؛

مخنّث (ع) مذکر :- زنانہ - ہیجڑا - نامرد ؛

مخول (ا) مؤنث :- ٹھٹھا - مذاق - چھیڑ خانی ؛

مخولیا (ا) مذکر : مخول کرنے والا - ٹھٹھے باز ؛

مخیّر (ع) صفت :- نہایت نیک - خیرات کرنے والا - سخی ؛

مخیّلہ (ع) مذکر :- خیال کرنے کی قوت ؛

(م د)

مد (ع) مؤنث :- کشش - کھنچاؤ - پھیلاؤ -
(۲) محکمہ - دفتر ؛
عنوان :- سرخی - باب - رقم -
مذکر :- وہ علامت جو الف کو دراز ظاہر کرنے کے لئے لکھی جاتی ہے ؛

مدِّمقابل (ع) مذکر :- برابر کا خط - برابر کی چوٹ - برابر کا دعویدار - مخالف ؛

مدِّنظر (ع) مؤنث :- وہ چیز جو نظر کے سامنے ہو ؛
(۲) ارادہ - منصوبہ - منظور نظر ؛

مد - (س) مؤنث :- شراب - نشہ - خوشی - غرور ؛

مدماتا - (ہ) صفت :- متوالا - مست - جوبن پر آیا ہوا ؛

مدّاح (ع) صفت : تعریف کرنے والا - گن گانے والا ؛

مدّاحی (ع) مؤنث :- تعریف کرنا - گن گانا ؛

مداخل (ع) مؤنث :- مدخل کی جمع - آمدنی - معاملہ - مخمل وغیرہ پر کیا ہوا طلائی کام ؛

مداخلت (ع) مؤنث :- دخل - مزاحمت - قبضہ - قابو ؛

مداد (ع) مؤنث :- دوات کی سیاہی ؛

مدار (ہ) مذکر :- آک جو ایک مشہور درخت ہے ؛

مدار (ع) مذکر :- دورہ کرنے کی جگہ - دھری -
مجازاً - جس پر کوئی بات ٹھہری ہو - موقوف کیا گیا - دائرہ - ٹھہراؤ ؛

مدارُالمہام (ع) مذکر :- وہ شخص جس کے متعلق سلطنت کا کاروبار ہو - وزیر اعظم ؛

مدارا (ع) مؤنث :- صلح - آؤبھگت ؛

مدارات (ع) مؤنث :- صلح - خاطر تواضع - آؤبھگت ؛

مدارج (ع) مذکر :- مدرج کی جمع - درجے - رتبے ؛

مدارس (ع) مذکر :- مدرسہ کی جمع ؛

مداری (ا) مذکر :- ایک قسم کے فقیر جو عجیب عجیب تماشے دکھاتے پھرتے ہیں - بازیگر ؛

مدافعت (ع) مؤنث :- ایک دوسرے کو دفع کرنا - روک ؛

مدام (ع) تابع فعل :- سدا - نت - ہمیشہ ؛

مداوا (ع) مذکر :- دوا دارو - چارہ ؛

مداومت (ع) مؤنث :- ہمیشگی - قیام - سدا رہنا ؛

مُدبِر (ع) صفت :- برے نصیبے والا - ابھاگی ؛

مُدبّر (ع) صفت :- تدبیر کرنے والا -
مذکر :- صلاح دینے والا - کونسلی ؛

مدّت (ع) مؤنث :- عرصہ - میعاد - وقفہ - زمانہ -
(۲) لمبا عرصہ - یگ ؛

مدّت العمر (ع) تابع فعل :- تمام عمر - عمر بھر ؛

مدّت مدید (ع) مؤنث :- لمبا عرصہ - دراز عرصہ ؛

مدح (ع) مؤنث :- تعریف - ستائش - وہ نظم جس میں کسی کی تعریف کی جائے ؛

مُدح خواں (ع - ف) مذکر:- ایسے شعر پڑھنے والا جس میں کسی کی تعریف کی گئی ہو ٭

مُدح خوانی یا } (ع - ف) مؤنث :- تعریف کرنا - تعریفیہ
مُدح سرائی } شعر پڑھنا ٭

مِدحت (ع) مؤنث :- دیکھو (مدح)

مَدخل (ع) مؤنث :- داخل ہونے کی جگہ - آمدنی - لگان ٭

مَدَد (ع) مؤنث :- سہائیتا - سہارا ٭

(۲) خوراک - راج - راج کا کام ٭

مَدد گار (ع - ف) مذکر :- مدد کرنے والا - حمایتی ٭

مُدرِّس (ع) مذکر :- پڑھانے والا - اُستاد ٭

مَدرَسہ (ع) مذکر :- پڑھانے کی جگہ سکول ٭

مُدرسی (ع) مؤنث :- لڑکے پڑھانے کا پیشہ ٭

مُدرِک (ع) صفت :- سمجھنے والا - وِدوان ٭

مُدرِکہ (ع) مؤنث :- وہ قوت جس سے چیزوں کی حقیقت معلوم کی جاتی ہے عقل - ذہن ٭

مُدّعا (ع) مذکر :- مطلب - مراد - مقصد ٭

(۲) وہ چیز جس پر دعوے ہو - چوری کا مال ٭

مُدّعا علیہ (ع) مذکر :- وہ شخص جس پر دعوے کیا گیا ہو ٭

مُدّعی (ع) مذکر :- دعوے کرنے والا - فریادی - دشمن ٭

مُدّعیہ (ع) مؤنث :- دعوے کرنے والی عورت ٭

مَدفَن (ع) مذکر :- وہ گڑھا جس میں مردہ دفن کیا جائے - قبر ٭

مَدفُون (ع) صفت :- دفن کیا ہوا - چھپا ہوا ٭

مَدقوق (ع) صفت :- وہ شخص جسے دِق ہو گئی ہو ٭

مَدک (ہ) مؤنث :- ایک قسم کا نشہ ٭

مُدلّل (ع) صفت :- دلیل سے ثابت کیا ہوا - درست ٭

مُدِمّغ (ع) صفت :- دماغ والا - غرور کرنے والا ٭

مُدوّر (ع) صفت :- گول - دائرہ کی شکل کا ٭

مَدھرا (ہ) صفت :- میانہ - درمیانہ ٭

مَدھم (ہ) صفت :- دھیما - آہستہ - درمیانہ - ہلکا - بے رُوپ

ماند - سُست ٭

مَدہوش (ع) صفت :- حیران - ہکا بکا -
مجازاً :- متوالا - بے ہوش ٭

مدہوشی (ا) مؤنث :- بے ہوشی - متوالا پن ٭

مَدید (ع) صفت :- لمبا - دراز ٭

(م ڈ)

مُڈاسا (ہ) مذکر :- سر کا صافہ - دوپٹہ ٭

(م ذ)

مَذاق (ع) مذکر :- مزہ - سواد -
(۲) آپس کی چُہل - ہنسی - رغبت - میلان - سلیقہ - مادہ ٭

مذاقیہ (ا) تابع فعل :- ہنسی سے - ٹھٹھے سے ٭

مُذَبذَب (ع) صفت :- وہ شخص جس کو ایک حال اور ایک جگہ پر قرار نہ ہو ٭

مَذبُوح (ع) صفت :- حلال کیا ہوا - قتل کیا ہوا ٭

مُذکّر (ع) صفت :- نر - مرد ٭

مَذکُور (ع) صفت :- ذکر کیا گیا - بات چیت - چرچا ٭

مَذکُورہ (ع) صفت :- ذکر کیا ہوا ٭

مذکورہ بالا - مذکورۃ الصّدر (ع) تابع فعل :- جس کا اوپر ذکر آچکا ہے ٭

مَذلّت (ع) مؤنث :- بدنامی - خواری - اہانت ٭

مَذمّت (ع) مؤنث :- بُرائی - نندا ٭

مذموم (ع) صفت :- جس کی برائی کی جائے - بُرا ٭

مذمومہ (ع) مؤنث :- نندا کی گئی - بُری - خراب ٭

مَذہب (ع) مذکر :- راستہ - پنتھ - دھرم - دین ٭

مذہبی - مذبی (ا) مذکر :- چھوہڑا سکھ - بھنگی سکھ ٭

مذہبی (ع) صفت :- مذہب سے متعلق ٭

(م ر)

مِرآت (ع) مذکر :- منہ دیکھنے کا شیشہ - آرسی ٭

مَراتب (ع) مذکر :- مرتبہ کی جمع - درجے - رُتبے ٭

مُراجعت (ع) مؤنث :- واپس آنا - واپسی ٭

مراحل (ع) مذکر:۔ مرحلہ کی جمع۔ منزلیں۔ درجے ٭

مراحم (ع) مؤنث:۔ مرحمت کی جمع۔ مہربانیاں ٭

مراد (ع) مؤنث:۔ مطلب۔ ارادہ۔ منت۔ بھیٹ ٭

مراد لینا (ا) غرض رکھنا۔ نتیجہ نکالنا۔ قیاس کرنا۔ مقصد پورا کرانا ٭

مرادی (ا) صفت:۔ منشا کے مطابق۔ مجازی۔ فرضی ٭

مرادف (ع) مذکر:۔ کسی کے پیچھے سوار ہونے والا۔ ہم معنی ٭

مراسلات (ع) مذکر:۔ مراسلہ کی جمع۔ چٹھیاں ٭

مراسلت (ع) مؤنث:۔ آپس میں خط وکتابت۔ چٹھی چپاٹی ٭

مراسلہ (ع) مذکر:۔ برابر والے کی چٹھی۔ رقعہ ٭

مراسم (ع) مؤنث:۔ مرسم کی جمع۔ رسمیں۔ نشانیاں ٭

مراعات (ع) مؤنث:۔ لحاظ۔ توجہ۔ سلوک ٭

مرافعہ (ع) مذکر:۔ دعوے پیش کرنا۔ اپیل۔ دوبارہ نالش ٭

مرافقت (ع) مؤنث:۔ باہمی میل جول۔ سنگت ٭

مراقبہ (ع) مذکر:۔ دھیان۔ گیان۔ سوچ ٭

مرام (ع) مذکر:۔ مقصد۔ مطلب ٭

مربع (ع) مذکر:۔ وہ سطح جس کے چاروں ضلعے باہم برابر ہوں۔ اور چاروں زاویے قائمے ہوں۔ چوکھونٹا ٭

مربوط (ع) صفت:۔ لگایا گیا۔ بندھا گیا ٭

مربے یا مربا (ع) مذکر:۔ پالا ہوا۔ وہ میوہ جو قند یا شکر کے شیرہ میں ڈال کر پالا گیا ہو ٭

مربی (ع) مذکر:۔ پرورش کرنے والا۔ سہایک۔ مددگار ٭

مرت (س) مؤنث:۔ موت۔ کال ٭

مرتاض (ع) مذکر:۔ کشٹ اٹھانیوالا۔ عبادت کرنیوالا ٭

مرتا کیا نہ کرتا (ہ) کہاوت:۔ جس کی جان پر آبنتی ہے۔ وہ سب کچھ کر گذرتا ہے ٭

مرتب (ع) صفت:۔ ترتیب دیا گیا۔ اکٹھا کیا گیا۔ درست باقاعدہ ٭

مرتب کرنا (ا) درست کرنا۔ ترتیب دینا۔ بنانا۔ تصنیف کرنا ٭

مرتبان (ا) مذکر:۔ ایک قسم کا چینی یا مٹی کا روغن کیا ہوا ظرف ٭

مرتبت یا مرتبہ (ع) مذکر:۔ درجہ۔ رتبہ ٭

مرتد (ع) مذکر:۔ ادھرمی۔ مذہب سے پھرا ہوا۔ کافر ٭

مرتشی (ع) صفت:۔ رشوت لینے والا ٭

مرتضے (ع) مذکر:۔ پسند کیا گیا۔ حضرت محمد کا لقب ٭

مرتکب (ع) صفت:۔ کوئی فعل کرنے والا۔ قصور کرنیوالا ٭

مرتہن (ع) مذکر:۔ رہن رکھنے والا۔ گہنے رکھنے والا ٭

مرتے پچیتے (ہ) تابع فعل:۔ بری بھلی طرح۔ جوں توں ٭

مرثیہ (ع) مذکر:۔ مُردے کا وہ بیان جس سے رحم اور درد پیدا ہو۔ وہ نظم جس میں کسی کی وفات کا بیان درج ہو ٭

مرثیہ خواں (ع۔ف) مذکر:۔ مرثیہ پڑھنے والا ٭

مرثیہ خوانی (ع۔ف) مؤنث:۔ مرثیے پڑھنا۔ نوحے پڑھنا ٭

مرثیے (ا) مذکر:۔ مرثیہ کی جمع ٭

مرج (ع) مذکر:۔ تباہی۔ خرابی۔ بے چینی ٭

مرجان (ع) مذکر:۔ ایک درخت کا نام۔ مونگا ٭

مرجانا (ہ) دنیا سے چلا جانا۔ مرجھا جانا۔ عاشق ہو جانا۔ برباد ہو جانا۔ نہایت شرمندہ ہو جانا۔ دب جانا ٭

مرجع (ع) مذکر:۔ رجوع کرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ پناہ لینے کی جگہ ٭

مرجوع (ع) صفت:۔ لوٹا گیا۔ رجوع کیا گیا ٭

مرجھانا (ہ) کملانا۔ بے رونق ہو جانا۔ سوکھنا۔ دبلا ہونا ٭

مرچ (ہ) مؤنث:۔ ایک کڑوی چیز جو سالن میں ڈالی جاتی ہے

صفت:۔ نہایت تیز۔ تند ٭

مرچنگ (ا) مذکر:۔ ایک باجے کا نام ٭

مرچیں لگنا (ہ) ناگوار گذرنا۔ برا لگنا ٭

مرحبا (ع) ندا:۔ شاباش۔ کیا کہنا ہے ٭

مرحلہ (ع) مذکر:- منزل کی جگہ - درجہ - رتبہ - کوچ ٭
مرحمت (ع) مؤنث:- رحم - مہربانی - دیا ٭
مرحوم (ع) صفت:- بخشا گیا - سُرگباشی -
مجازاً:- مرا ہوا
مرخص (ع) صفت:- رخصت کیا گیا - روانہ کیا گیا -
رخصت ٭
مرخم (ع) صفت:- وہ کلمہ جس کا آخری حرف گرادیا جائے ٭
مرد (ف) مذکر:- نر - آدمی - شخص ٭
(ا) خاوند - شوہر
صفت:- اونچے گھرانے کا - شریف - بہادر ٭
مرد میدان (ف) مذکر:- سورما - بہادر - دلیر ٭
مُردار (ف) صفت:- اپنی موت سے مرا ہوا - ناپاک
حرام - مردہ - فاحشہ - کسبی ٭
مذکر:- وہ جانور جو اپنی موت سے مر گیا ہو ٭
مُردار سنگ (ف) مذکر:- ایک دوا کا نام ٭
مردانہ (ا) مذکر:- مردوں کے بیٹھنے کی جگہ - وہ مکان جو
مردوں کے لئے مخصوص ہو ٭
مردانگی (ف) مؤنث:- مردپن - بہادری - دلیری ٭
مردانہ (ف) صفت:- مرد سے متعلق ٭
تابع فعل:- مرد کی طرح - دلیری سے ٭
مردانہ وار (ف) تابع فعل:- مردوں کی طرح - بہادرانہ ٭
مردانی (ا) مؤنث:- وہ عورت جو اپنے آپ کو مردوں کے
مشابہ بنائے - بہادر عورت ٭
(صفت) مرد سے نسبت رکھنے والی ٭
مردک (ف) مذکر:- ٹھنگنا - بونا - ادنےٰ آدمی ٭
مُردگاں (ف) مذکر:- مردہ کی جمع - مرے ہوئے لوگ ٭
مردم (ف) مذکر:- عام لوگ - آدمی ٭
مؤنث:- آنکھ کی پتلی ٭
مردم آبی (ف) مذکر:- آدمی کی شکل کا ایک سمندری حیوان ٭
مردم آزار (ف) صفت:- لوگوں کو دکھ دینے والا ٭
مردم خوار (ف) مذکر:- جو آدمی کو کھا جائے - راکشش ٭

مردم خیز (ف) صفت:- اچھے آدمی پیدا کرنے والی جگہ ٭
مردم شماری (ف) مؤنث:- آدمیوں کی گنتی ٭
مردمک (ف) مؤنث:- آنکھ کی پتلی ٭
مردمی (ف) مؤنث:- وفا - مروّت - بہادری ٭
مِردنگ (ہ) مؤنث:- ایک قسم کی ڈھولک - ایک قسم
کا فانوس ٭
مُردنی (ا) مؤنث:- چہرے پر موت کی علامتیں ٭
مردود (ع) صفت:- رد کیا گیا - نکالا گیا - پاجی -
نالائق ٭
مُردوں کی ہڈیاں اکھیڑنا (ا) مُردوں کو برائی کے ساتھ
یاد کرنا - پرانے مضمون باندھنا ٭
مُردہ (ف) صفت:- مرا ہوا -
مجازاً:- کمزور - مرجھایا ہوا - دبلا - لاش - لوتھ ٭
مُردہ اٹھانا (ا) گور گڑھا کرنا - میت کی رسمیں ادا کرنا ٭
مُردہ بھاری ہونا (ا) لاشہ کا بھاری ہونا - کمزوری میں بھی
اپنے زبردست حریف پر غالب ہونا ٭
مُردہ دل (ا) صفت:- اداس - آزردہ - سست ٭
مُردہ شو (ف) مذکر:- مُردے کو نہلانے والا ٭
مُردہ کر دینا (ا) نہایت کمزور کر دینا - قتل کر دینا ٭
مردی (ف) مؤنث:- مردپن - بہادری ٭
مُردے یا مُردوں سے شرط باندھ کر سونا (ا) قیامت
تک سونا - بہت سونا ٭
مر رہنا (ہ) مرجانا - جہاں جانا وہیں کا ہو رہنا - سو رہنا ٭
مرزا (ف) مذکر:- امیر کا لڑکا - راجکمار - مغلوں کا لقب ٭
مرزا پھویا (ا) مذکر:- نہایت نازک - چھوئی موئی ٭
مرزائی (ف) مؤنث:- بزرگی - شہزادہ پن ٭
(ا) غرور - سرداری - مرزا غلام احمد صاحب قادیانی کا
پیرو ٭
مرزئی (ا) مؤنث:- کمری - جاکٹ ٭
مُرسَل (ع) مذکر:- بھیجا ہوا - پیغمبر - اوتار ٭
مُرسِل (ع) مذکر:- بھیجنے والا - ارسال کرنے والا ٭

مُرسَلہ (ع) صفت :- بھیجا ہُوا - ارسال کیا ہُوا ٭
مَرسُوم (ع) صفت :- رسم ڈالا گیا - نشان کیا گیا -
مجازاً :- تنخواہ - وظیفہ ٭
مُرشِد (ع) مذکر :- ہدایت کرنے والا - گرو - پیر
(ر) چالاک فریبی ٭
مُرصَّع (ع) صفت :- جڑاؤ - جواہرات جڑا ہُوا ٭
مُرصَّع کار (ع - ف) زیور میں نگینے جڑنے والا ٭
مُرصَّع کاری (ع - ف) مؤنث :- نگینے جڑنے کا کام
مَرَض (ع) مذکر :- روگ - آزار -
(ا) لت - عادت ٭
مَرَضُ المَوت (ع) مذکر :- وہ بیماری جو جان لے کر جائے ٭
مَرضی (ع) مؤنث :- رضامندی - خوشی - منظوری -
(ا) اجازت - ضرورت - اچھا ٭
مَرضیِ مَولٰے از ہمہ اَولیٰ (ع - ف) محاورہ :- خدا کی
رائے سب سے بہتر ہے ٭
مَرضی مِلنا (ا) اتفاق رائے ہونا - ایک من ہونا ٭
مَرطُوب (ع) صفت :- گیلا - بھیگا ہُوا ٭
مُرغ (ف) مذکر :- پکھیرو - اڑنے والا جانور
(ا) کُکڑ - مُرغا ٭
مُرغباز (ف) مذکر :- مُرغ لڑانے والا ٭
مُرغبازی (ف) مؤنث :- مُرغ لڑانے والا ٭
مُرغِ سحر یا صُبح (ف - ع) مذکر :- وہ مُرغا جو صبح کو بانگ
دیتا ہے - بُلبل - فاختہ ٭
مُرغِ سُلیمان (ف - ع) مذکر :- ہُدہُد ٭
مُرغِ قبلہ نما (ف - ع) مذکر :- وہ مُرغ جس سے قبلہ کی
سمت نما ہر ہوتی ہے ٭
مُرغ کی ایک ٹانگ (ا) کہاوت :- اپنی بات کی ہٹ ٭
مُرغِ مُصلّیٰ (ف - ع) مذکر :- ظاہر میں نیک مگر باطن میں
مکار ٭
مُرغِ نامہ بر (ف - ع) مذکر :- سدھایا ہُوا کبوتر جس کے
گلے میں خط باندھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجتے

ہیں ٭
مُرغا (ا) مذکر :- کُکڑ - مُرغ ٭
مُرغابی (ف) مؤنث :- ایک دریائی پرندے کا نام ٭
مَرغزار (ف) مذکر :- وہ جگہ جہاں گھاس بہت اُگی ہوئی ہو ٭
مَرغُوب (ع) صفت :- رغبت کیا گیا - من بھاتا - پسند -
دلفریب ٭
مَرغول یا مَرغولہ (ف) صفت :- پیچدار - مڑا ہُوا ٭
مذکر :- گول تھم - پیچدار آواز ٭
مُرغی (ا) مؤنث :- کُکڑی - ایک مشہور پالتو پرندہ ٭
مُرغی اپنی جان سے گئی کھانے والے کو مزا نہ آیا -
(ا) کہاوت :- غریب نے تو جان مار کر کام کیا - مگر دوسرے
نے کوئی قدر نہ کی ٭
مُرغی خانہ (ا) مذکر :- وہ جگہ جہاں مُرغیاں پلی ہوں - مرغیوں
کو بند کرنے کی جگہ - ڈربا ٭
مُرغی کی بانگ کون سُنتا ہے (ا) کہاوت :- عورت
کی بات کا اعتبار نہیں ٭
مَرفُوع (ع) صفت :- بلند کیا گیا - اٹھایا گیا ٭
مُرَفَّہ (ع) صفت :- خوشحال - کھاتا پیتا ٭
مُرَفَّہ حال (ع) صفت :- روزی کے فکر سے آزاد - کھاتا
پیتا ٭
مَرقَد (ع) مذکر :- سونے کی جگہ - (مجازاً) قبر ٭
مُرَقَّع (ع) مذکر :- تصویروں کی کتاب - قطعے رکھنے کی
کتاب - فقیروں کی گُدڑی ٭
مَرقُوم (ع) صفت :- لکھا گیا - لکھا ہُوا ٭
مَرقُومہ (ع) صفت :- لکھا ہُوا - تحریر کیا ہُوا ٭
مَرکَب (ع) مذکر :- سواری جس پر سوار ہوں ٭
مُرَکَّب (ع) صفت :- ملایا ہُوا - ترکیب دیا ہُوا - دوات
کی سیاہی ٭
مُرَکَّبات (ع) مذکر :- مُرکّب کی جمع - ملی ہوئی دوائیں ٭
مر کر یا مر کے (ا) تابع فعل :- جان جوکھوں سے - کشٹ
اٹھا کر ٭

مَرکز (ع) مذکر:۔ کسی چیز کے کھڑا کرنے کی جگہ۔ بیچوں بیچ
صدر مقام۔ وہ آڑی لکیر جو کاف یا گاف پر کھینچی جاتی
ہے۔ کیلی۔ دُھری۔
(اقلیدس) دائرہ کے اندر کا وہ نقطہ جس سے مُحیط
تک جتنے سیدھے خط کھینچے جائیں وہ سب باہم
برابر ہوں ٭

مَرکوز (ع) صفت:۔ گڑا ہوا۔ مضبوط کیا ہوا۔ چھپایا گیا ٭

مُرکی (ہ) مؤنث:۔ کان کے ایک زیور کا نام ٭

مَرگ (ف) مؤنث:۔ موت۔ کال ٭

مِرگ (ہ) مذکر:۔ ہرن۔ چکارا ٭

مِرگ چھالا (ہ) مذکر:۔ ہرن کی کھال جو سادھو لوگ اپنے
پاس رکھتے ہیں ٭

مَرگھٹ (ہ) مذکر:۔ مُردے جلانے کی جگہ۔ مسان ٭

مِرگی (ہ) مؤنث:۔ ایک مرض کا نام جس میں اچانک غشی آجاتی
ہے ٭

مُرلی (ہ) مؤنث:۔ بانسری ٭

مُرلی بجنا (ہ) بانسری بجنا۔ عیش ہونا۔ دست آنا ٭

مَرمّت (ع) مؤنث:۔ ٹوٹی ہوئی چیز کو سنوارنا ٭

مَرمّت طلب (ع) صفت:۔ درست کرنے کے قابل۔
ٹوٹا پھوٹا ٭

مَر مِٹنا (ہ) فنا ہو جانا۔ تباہ ہو جانا ٭

مَرمَر (یونانی) مذکر:۔ ایک قسم کا پتھر ٭

مَر مَر کر یا مَر مَر کے (ہ) تابع فعل:۔ جان جوکھوں سے۔ بڑی
مشکل سے ٭

مُرمُرا (ہ) مذکر:۔ بھنا ہوا کرارا دانہ ٭

مُرمُرانا (ہ) دو سخت جسموں کے ٹکرانے کی آواز نکلنا ٭

مُرمّم (ع) صفت:۔ مرمّت کیا گیا۔ درست کیا گیا ٭

مَرموئے (ہ) مذکر:۔ بد دعا۔
عو:۔ غارت ہو۔ تجھے خدا کی مار ٭

مَرنا (ہ) دُنیا سے گزرنا۔ عاشق ہونا۔ نہایت محنت کرنا۔ مُرجھانا
گھُٹنا۔ تباہ ہونا ٭

مُرنڈا (ہ) مذکر:۔ بھُنے ہوئے گیہوں کے میٹھے لڈّو۔
صفت:۔ سوکھا ہوا ٭

مُرنڈا کرنا (ہ) گٹھڑی بنانا۔ بھوننا۔ مسوسنا۔ موہ لینا ٭

مرنے کی فرصت نہ ہونا (ہ) بالکل فرصت نہ ہونا۔ بہت
کام ہونا ٭

مرنے والا (ہ) مذکر:۔ وہ شخص جو مر گیا ہو۔ مرنے کے لئے تیار۔
عاشق۔ سُورما۔ بہادر ٭

مَروارید (ف) مذکر:۔ موتی ٭

مَروارید ناسُفتہ (ف) مذکر:۔ اَن بندھا موتی ٭

مَروانا (ہ) قتل کرانا۔ ہلاک کرانا ٭

مُروّت (ع) مؤنث:۔ بہادری۔
(۲) رعایت۔ خُلق۔ بھلمنسی۔ سخاوت ٭

مُروّج (ع) صفت:۔ رواج دیا گیا۔ چلایا گیا۔ جاری۔
معمولی ٭

مُرور (ع) مذکر:۔ گزرنا۔ چلا جانا ٭

مَروڑ (ہ) مؤنث:۔ پیچ۔ بل۔ موڑ توڑ۔ پیچش ٭

مَروڑا (ہ) مذکر:۔ پیچش۔ گُڑگُڑی ٭

مَروڑنا (ہ) موڑنا۔ پھیرنا۔ اینٹھنا۔ بھینچنا ٭

مَروی (ع) صفت:۔ ذکر کیا گیا۔ بیان کیا گیا ٭

مَرہٹہ (ہ) مذکر:۔ ہندوستان کی ایک ہندو قوم کا نام۔ مرہٹہ
قوم کا آدمی ٭

مَرہٹی (ہ) مؤنث:۔ مرہٹہ قوم سے متعلق۔ مرہٹہ قوم کی بولی ٭

مَرہَم (ع) مذکر:۔ چکنی دوائی جو پھاہے پر لگا کر زخم پر چپکائی
جاتی ہے ٭

مَرہم پٹی (ا) مؤنث:۔ زخم کی دوا دارو ٭

مَرہُون (ع) صفت:۔ رہن رکھا گیا۔ گرو رکھا گیا ٭

مَرہُونِ مِنّت (ع) صفت:۔ احسان مند۔ شکر گزار ٭

مَرہُونہ (ع۔ ف) صفت:۔ گرو رکھی ہوئی ٭

مِری جان (ا) کلمۂ محبت:۔ میرے پیارے۔ مائی ڈیئر ٭

مِرّیخ (ع) مذکر:۔ ایک ستارے کا نام ٭

مُرید (ع) صفت:۔ ارادہ کرنے والا۔ اطاعت کرنے والا۔

مذکر:۔ چیلا۔ بالکا ٭

مَرِیض (ع) مذکر:۔ بیمار۔ روگی ٭

مَرِیل (ہ) صفت:۔ نہایت دُبلا اور پتلا ٭

مریَم (ع) صفت:۔ کنواری۔ کنیا۔ اچھوتی۔
مؤنث:۔ حضرت عیسیٰ کی والدہ ماجدہ کا نام ٭

(م ڑ)

مُڑ آنا (ہ) واپس آنا۔ لوٹ آنا ٭

مُڑنا (ہ) بل کھانا۔ واپس آنا ٭

مڑھنا (ہ) منڈھنا۔ نقارے پر کھال چڑھانا ٭

مڑھی (ہ) مؤنث:۔ فقیر کی جھونپڑی۔ کُٹی ٭

(م ز)

مزا (ا) مذکر:۔ ذائقہ۔ لذت۔ چسکا۔ لطف۔ جوبن۔ سزا۔ جزا ٭

مزاج (ع) مذکر:۔ میل۔ بناوٹ۔ گُن۔ خاصیت۔ عادت (ا) غرور۔ طبیعت۔ ناز ٭

مزاج برہم ہونا یا بگڑنا (ا) طبیعت بگڑنا۔ ناراض ہونا ٭

مزاج پُرسی (ف) مؤنث:۔ خیریت دریافت کرنا ٭

مزاج داں (ف) صفت:۔ عادت یا سبھاؤ جاننے والا ٭

مزاج سیدھا ہونا (ا) مزاج درست ہونا۔ خفگی دُور ہونا ٭

مزاج شریف یا مزاج عالی یا مزاج مُبارک۔ (ا) محاورہ:۔ آپ کی طبیعت اچھی ہے؟ آپ خیریت سے تو ہیں؟

مزاج کرنا (ا) اِترانا۔ غرور کرنا ٭

مزاجاً (ع) تابع فعل:۔ مزاج کی رُو سے۔ طبیعت کی رُو سے ٭

مِزاح (ع) مؤنث:۔ ہنسی۔ ٹھٹھا ٭

مُزاحِم (ع) صفت:۔ روکنے والا۔ اٹکانے والا ٭

مُزاحمت (ع) مؤنث:۔ روک ٹوک ٭

مَزار (ع) مذکر:۔ درگاہ۔ قبر ٭

مُزارِع (ع) مذکر:۔ کھیتی کرنے والا۔ کسان ٭

مُزاوجت (ع) مؤنث:۔ میاں بیوی کا رشتہ ہونا۔ شادی ٭

مُزاولت (ع) مؤنث:۔ کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کوشش۔ برتاؤ ٭

مُزجات (ع) صفت:۔ تھوڑا۔ ادنیٰ ٭

مُزخرف (ع) مؤنث:۔ جھوٹی بات ٭

مُزد (ف) مؤنث:۔ مزدوری۔ اجرت۔ بدلہ ٭

مزدور (ف) مذکر:۔ مزدوری کرنے والا۔ اجرت پر کام کرنے والا ٭

مزدوری (ف) مؤنث:۔ اُجرت۔ کام کا صلہ محنت مشقت ٭

مزرع (ع) مؤنث:۔ کھیتی۔ کھیت ٭

مزروعہ (ع) صفت:۔ بویا ہوا۔ جوتا ہوا ٭

مُزمن (ع) صفت:۔ پرانا ٭

مُزمّہ (ع) مذکر:۔ وہ چمڑے کا حلقہ جو گھوڑے کی کاٹھی میں پچھاڑی کی رسّی کے ساتھ لگایا جاتا ہے ٭

مزہ (ف) مذکر:۔ دیکھو (مزا)

مزہ اٹھانا (ا) لطف حاصل کرنا۔ بُرے کام کی سزا پانا ٭

مزہ اُڑانا (ا) رنگ رلیاں منانا۔ لطف حاصل کرنا ٭

مزہ پڑنا (ا) عادت پڑنا۔ چسکا پڑنا ٭

مزہ چکھانا (ا) ذائقہ چکھانا۔ کئے کی سزا دینا ٭

مزے اُڑانا (ا) دیکھو (مزہ اڑانا)

مزے دار (ا) صفت:۔ سواد والا۔ لطف دینے والا ٭

مزے داری (ا) مؤنث:۔ لطف۔ مزہ۔ لذت ٭

مزید (ع) مذکر:۔ زیادتی۔
صفت:۔ زیادہ کیا ہوا۔ بڑھایا ہوا ٭

مزید برآں (ف) تابع فعل:۔ اس کے سوا ٭

مُزیّن (ع) صفت:۔ سجایا گیا۔ سنوارا گیا ٭

(م ژ)

مُژدہ (ف) مذکر:۔ خوشخبری۔ مبارک باد ٭

مژگاں (ف) مؤنث:۔ مژہ کی جمع۔ پلکیں ٭

مژہ (ف) مؤنث:۔ پلک ٭

(م س)

مِس (ف) مذکر:۔ تانبا جو مشہور دھات ہے ٭

مِس گر (ف) مذکر:- تانبے کے برتن بنانے والا ۞
مَس (ہ) مؤنث:- مُوچھوں کا رُواں ۞
مِس (انگ) مؤنث:- جوان لڑکی۔ کنواری ۞
مَس (ع) مذکر:- چھُونا۔ ہاتھ لگانا۔ میل۔ لگاؤ ۞
مَسا (ع) مذکر:- شام کا وقت ۞
مسا یا مَسّا (ہ) مذکر:- بڑا اُبھرا ہُوا تل۔ بندوق کی مکھی۔ گھُنڈی ۞
مِسا (ہ) مذکر:- غریبوں کے کھانے کا اناج ۞
مَساجِد (ع) مؤنث:- مسجد کی جمع ۞
مَسّاح (ع) مذکر:- پیمائش کرنے والا ۞
مِساحَت (ع) مؤنث:- زمین ماپنا ۞
مَساس (ع) مذکر:- چھُونا۔ ہاتھ پھیرنا ۞
مُساعِد (ع) صفت:- مددگار۔ ساتھ دینے والا ۞
مُساعَدَت (ع) مؤنث:- مدد۔ یاری ۞
مَساعی (ع) مؤنث:- کوششیں ۞
مَسافَت (ع) مؤنث:- دُوری۔ فاصلہ۔ (ا) سفر کی تکان ۞
مُسافِر (ع) مذکر:- سفر کرنے والا ۞
مُسافِر خانہ (ع۔ ف) مذکر:- مسافروں کے ٹھہرنے کی جگہ۔ سرائے ۞
مُسافِرانہ (ع) تابع فعل:- مُسافروں کی طرح ۞
مُسافَرت (ع) مؤنث:- سفر۔ پردیس ۞
مُسافری (ا) مؤنث:- سفر۔ پردیس ۞
مَساکِن (ع) مذکر:- مسکن کی جمع۔ رہنے کی جگہیں ۞
مَساکِین (ع) مذکر:- مسکین کی جمع۔ غریب۔ کنگال ۞
مَسالا (ا) مذکر:- سامان۔ نمک مرچ وغیرہ جو سالن میں ڈالا جاتا ہے ۞
مَسالِک (ع) مذکر:- مسلک کی جمع۔ رستے۔ سڑکیں ۞
مَسام (ع) مذکر:- بدن کا باریک سوراخ جس میں سے پسینہ نکلتا ہے ۞
مَسامات (ع) مذکر:- مسام کی جمع ۞

مَسان (ہ) مذکر:- وہ جگہ جہاں مُردے جلائے جاتے ہیں۔ ایک بیماری کا نام۔ ایک علم کا نام ۞
مُساوات (ع) مؤنث:- برابری۔ یکساں کرنا ۞
مُساوی (ع) صفت:- برابر۔ یکساں ۞
مَسائِل (ع) مذکر:- مسئلہ کی جمع۔ سوال۔ پرشن۔ (ا) مذہبی قاعدہ ۞
مُسَبَّب (ع) صفت:- سبب کیا گیا۔ سبب ۞
مُسَبِّب (ع) مذکر:- سبب پیدا کرنے والا ۞
مُسَبِّبُ الاَسباب (ع) مذکر:- کسی کام کے بننے کا سبب پیدا کرنے والا۔ مُراد خدا ۞
مَسبُوق (ع) صفت:- گزرا ہُوا ۞
مَست (ف) متوالا۔ نشے میں چُور۔ جوبن پر آیا ہُوا۔ دیوانہ۔ بے پروا۔ غرور کرنے والا ۞
مستِ اَلَست یا مستِ اَزَل (ف۔ ع) مذکر:- پہلے روز سے مست۔ قدرتی مست ۞
مُستاجِر (ع) مذکر:- زمیندار۔ ٹھیکہ دار ۞
مَستانا یا مَستاجانا (ا) مست ہونا۔ شباب پر آنا ۞
مَستانہ (ف) صفت:- مست کی طرح۔ متوالے کی مانند۔ مذکر:- وہ شخص جس کی چال سے مستی ظاہر ہو ۞
مَستانی (ا) مؤنث:- شباب پر آئی ہوئی عورت۔ دیوانی ۞
مُستَتِر (ع) صفت:- چھُپنے والا ۞
مُستَثنیٰ (ع) صفت:- الگ کیا گیا۔ چُنا گیا۔ نحو:- وہ چیز جسے باقی چیزوں سے الگ کیا گیا ہو ۞
مُستَثنیٰ مِنہ (ع) مذکر:- وہ چیز جس میں سے مستثنیٰ کو الگ کیا گیا ہو ۞
مُستَجاب (ع) صفت:- جواب دیا گیا۔ قبول کیا گیا ۞
مُستَجمع (ع) مؤنث:- جمع ہونے کی جگہ ۞
مُستَحَبّ (ع) صفت:- محبت کیا گیا۔ پسند کیا گیا ۞
مُستَحسَن (ع) صفت:- نیک کیا گیا۔ پسند کیا گیا ۞
مُستَحِق (ع) صفت:- حق رکھنے والا۔ لائق۔ بھوکا۔ درویش ۞
مُستَحکَم (ع) صفت:- مضبوط۔ پکّا۔ اٹل ۞

مُستدعی (ع) صفت :- خواہش کرنے والا - درخواست کرنے والا ؛

مُستدیر (ع) صفت :- گول ؛

مُسترد (ع) صفت :- رد کیا گیا - واپس کیا گیا ؛

مُستری (ل) مذکر :- کسی پیشہ کا کاریگر ؛

مُستزاد (ع) مذکر :- بڑھایا گیا - عروض میں وہ شعر جس کے ہر مصرعے کے بعد ایسا ٹکڑا لگا ہو - جو اسی مصرعے کے رکن اوّل اور رکن آخر کے برابر ہو ؛

مُستسقی (ع) صفت :- وہ شخص جسے اِستسقا کی بیماری ہو - پیاسا ؛

مُستطاب (ع) صفت :- عمدہ - خوب - اچھا - مُبارک ؛

مُستطیل (ع) مذکر :- وہ چار ضلعوں کی شکل جس کے چاروں زاویے قایمے اور مقابل کے ضلعے برابر ہوں ؛

مُستظہر (ع) صفت :- مدد چاہنے والا - ظہور چاہنے والا ؛

مُستعار (ع) صفت :- مانگا ہوا - چند روز کے لئے اُدھار لیا ہوا ؛

مُستعجل (ع) صفت :- جلدی کرنے والا ؛

مُستعد (ع) صفت :- تیار - چالاک - لائق ؛

مُستعفی (ع) صفت :- استعفا دینے والا - نوکری چھوڑنے والا ؛

مُستعمل (ع) صفت :- کام میں لایا ہوا - جاری ؛

مُستغاث (ع) مذکر :- جس سے فریاد چاہی جائے ؛

مُستغرق (ع) صفت :- ڈوبا ہوا - مصروف ؛

مُستغنی (ع) صفت :- آزاد - بے پروا - امیر ؛

مُستغیث (ع) مذکر :- دعوے کرنے والا فریادی ؛

مُستغیث الیہ (ع) مذکر :- جس پر دعوے کیا گیا ہو ؛

مُستفاد (ع) صفت :- فائدہ حاصل کیا ہوا ؛

مُستفسر (ع) صفت :- پوچھنے والا ؛

مُستفید (ع) صفت :- فائدہ چاہنے والا ؛

مُستفیض (ع) صفت :- فیض چاہنے والا - بھلائی چاہنے والا ؛

مُستقبل (ع) صفت :- آگے آنے والا - آنے والا زمانہ
صرف :- وہ فعل جو آنے والے زمانہ سے تعلق رکھے ؛

مُستقر (ع) مذکر :- ٹھہرنے کی جگہ ٹھکانا ؛

مُستقل (ع) صفت :- مضبوط - اٹل - ہمیشہ ؛

مُستقل مزاج (ا) مذکر :- وہ شخص جو طبیعت کا مضبوط اور پکا ہو ؛

مُستقیم (ع) صفت :- سیدھا ؛

مستک (س) مؤنث :- ماتھا - پیشانی ؛

مُستمر (ع) صفت :- ہمیشہ رہنے والا - مضبوط ؛

مُستمند (ف) صفت :- حاجت رکھنے والا - اداس ؛

مُستند (ع) صفت :- سند پایا ہوا - اعتبار کے قابل ؛

مُستوجب (ع) صفت :- واجب ہونے والا - لازم ہونے والا - قابل ؛

مستور (ع) صفت :- چھپا ہوا ؛

مستورات (ع) مؤنث :- پردے میں بیٹھنے والی - (مجازاً) عورتیں ؛

مستورہ (ع) صفت :- چھپا ہوا ؛

مُستوفی (ع) مذکر :- حساب کی جانچ پڑتال کرنے والا حاکم - دیوان ؛

مستول (پرتگالی) مذکر :- جہاز یا کشتی کا کھمبا ؛

مُستوی (ع) صفت :- برابر - ہموار ؛

مستی (ف) مؤنث :- نشہ - متوالا پن - جوبن - آنند - بے ہوشی ؛

مستی جھاڑنا یا نکالنا (ا) نشہ اتارنا - شرارت نکالنا - ٹھیک بنانا ؛

مسٹر (انگ) مذکر :- حضرت - جناب - صاحب ؛

مُسٹنڈا (ہ) صفت :- ہٹا کٹا - بہت موٹا ؛

مُسٹنڈی (ہ) مؤنث :- ہٹی کٹی عورت ؛

مسجد (ع) مؤنث :- مسلمانوں کی عبادت کرنے کی جگہ ؛

مسجد کا مینڈھا (ا) مذکر :- مفت کی روٹیاں توڑنے والا مُلّانا ؛

مُسَجَّع (ع) صفت :- قافیہ بند - وہ بات جس میں قافیہ ہو
ایک صنعت کا نام ؛
مُسَجَّل (ع) مذکر :- وہ کاغذ جس پر حاکم کی مہر لگی ہوئی ہو ؛
مَسجُود (ع) صفت :- جسے سجدہ کیا جائے ؛
مَسح (ع) مذکر :- ہاتھ ملنا - ہاتھ پھیرنا ؛
مَسخ (ع) صفت :- اچھی صورت بدل کر بری صورت ہو جانا ؛
مُسَخَّر (ع) صفت :- فتح کیا گیا - تابع کیا گیا ؛
مَسخرہ (ع) مذکر :- ٹھٹول - ٹھٹے باز ؛
مَسخرہ پن (ا) مذکر :- ہنسی - ٹھٹا - مخول ؛
مَسخرگی (ف) مؤنث :- دیکھو - (مسخرہ پن)
مُسَدَّس (ع) مذکر :- چھ کونیا - چھ ضلعوں کی شکل - نظم کی
ایک قسم ؛
مَسدُود (ع) صفت :- بند کیا گیا - روکا گیا ؛
مَسَرَّت (ع) مؤنث :- خوشی - آنند ؛
مُسرِف (ع) صفت :- فضول خرچ - بے فائدہ خرچ
کرنے والا ؛
مَسرُور (ع) صفت :- خوش - مگن ؛
مُسَطَّح (ع) صفت :- پھیلا ہوا - چوڑا ؛
مِسطَر (ع) مذکر :- کاغذ کی وصلی جس پر سطریں کھینچنے کے لئے
ڈورے سی لیتے ہیں ؛
مَسطُور (ع) صفت :- سطر بندی کیا گیا - لکھا گیا ؛
مَسعُود (ع) صفت :- نیک - اچھی قسمت والا ؛
مُسَقَّف (ع) صفت :- جس پر چھت ڈالی گئی ہو ؛
مَسک (ہ) مؤنث :- کسی زور کے سبب کپڑے کا ذرا
چل جانا ؛
مَسک جانا (ا) تڑق جانا - پھٹ جانا ؛
مُسکِر (ع) مؤنث :- نشہ پیدا کرنے والی چیز ؛
مُسکِرات (ع) مؤنث :- وہ چیزیں جو نشہ پیدا کریں ؛
مُسکرانا (ہ) ہونٹوں میں ہنسنا ؛
مُسکراہٹ (ہ) مؤنث :- ہونٹوں میں ہنسی ؛
مَسکَن (ع) مذکر :- رہنے کی جگہ - ٹھکانا ؛

مَسکنا (ہ) چاک ہونا - پھٹنا ؛
مَسکُوک (ع) صفت :- ٹھپا لگایا ہوا - سرکاری چھاپ
کا سکہ ؛
مَسکہ (ف) مذکر :- تازہ نکلا ہوا کچی گھی - چھاگ ؛
مِسکِین (ع) صفت :- غریب - بھوکا - کنگال ؛
مِسکِینی (ع) مؤنث :- غریبی - کنگلا پن - بیچارگی ؛
مُسَلَّح (ع) صفت :- وہ شخص جس نے ہتھیار لگائے ہوئے
ہوں ؛
مَسلَخ (ع) مذکر :- جانوروں کی کھال اتارنے کی جگہ -
بوچڑ خانہ ؛
مُسَلسَل (ع) صفت :- لڑی بند جس کی سلسلہ بندی
کی گئی ہو ؛
مجازاً :- متواتر - لگاتار ؛
مُسَلَّط (ع) صفت :- قبضہ کرنے والا - بلا قنور ؛
مَسلَک (ع) مذکر :- راستہ - قاعدہ - طریقہ ؛
مُسَلَّم (ع) صفت :- برقرار رکھا گیا - مانا گیا - پورا -
(ا) درست - ٹھیک - ضرور - واجب - سونپا گیا - اعتبار
کیا گیا - چھت پاٹنے کا تختہ ؛
مُسلِم (ع) صفت :- مسلمان -
مذکر :- حضرت علیؓ کے بھتیجے کا نام ؛
مُسلمان (ف) مذکر :- حضرت محمد صلعم کا پیرو ؛
مُسلمانی (ف) صفت :- مسلمان سے متعلق -
مؤنث :- اسلام - دین -
(ا) ختنہ ؛
مَسلنا (ہ) ہاتھوں سے ملنا - روندنا - دبانا - کچلنا ؛
مُسلِمِین (ع) مذکر :- مسلم کی جمع - مسلمان لوگ ؛
مَسلُوب (ع) صفت :- چھین لیا گیا - مٹایا گیا ؛
مَسلُوک (ع) صفت :- آمد و رفت کیا گیا - سلوک کیا گیا -
احسان کیا گیا ؛
مَسلُول (ع) صفت :- سل کی بیماری والا ؛
مذکر :- وہ شخص جسے سل کی بیماری ہو گئی ہو ؛

مسئلہ (ع) مذکر:۔ کوئی پُوچھی ہوئی بات۔
الٹا مذہبی تھا نون کی بات ٭

مُسَمّاۃ (ع) مؤنث:۔ وہ لفظ یا خطاب جو عورت کا نام ظاہر
کرنے کے لئے اس کے نام کے پہلے لگایا جاتا ہے۔
نام رکھی گئی ٭

مِسمار (ع) مؤنث:۔ کیل۔ گرانا۔ کھودنا ٭

مُسْمُسی (ہ) صفت:۔ دیکھنے میں غریب۔ گھُنّی ٭

مَسْمُوع (ع) صفت:۔ سُنا گیا۔ قبول کیا گیا ٭

مَسْمُوم (ع) صفت:۔ زہر دیا گیا ٭

مُسمّیٰ (ع) صفت:۔ نام رکھا گیا۔ نامی ٭

مِسمرِیزم (انگ) مذکر:۔ ایک علم کا نام جس کے ذریعہ سے آدمی
کے ظاہری حواس معطل کر کے پوشیدہ باتیں پوچھی جاسکتی
ہیں ٭

مُسِن (ع) صفت:۔ بوڑھا۔ پُرانا۔ دانا ٭

مُسنا (ہ) ملنے میں آجانا۔ لُٹ جانا ٭

مَسنَد (ع) صفت:۔ گاؤ تکیہ۔ گدّی۔ تخت ٭

مَسنَد آرا (ع۔ ف) مذکر:۔ مسند کو سنوارنے والا۔ مسند
لگا کر بیٹھنے والا ٭

مَسنَد کا گدھا (ا) مذکر:۔ بے وقوف امیر ٭

مَسنَد نشین (ع۔ ف) مذکر:۔ گدّی پر بیٹھنے والا ٭

مَسنَد نشینی (ع۔ ف) مؤنث:۔ گدّی پر بیٹھنا۔ راج تلک ٭

مُسنَد (ع) مذکر:۔ پیٹھ لگا کر بیٹھنے والی چیز۔
نحو:۔ مبتدا کی خبر ٭

مُسنَد اِلیہ (ع) مذکر:۔ خبر کا مُبتدا ٭

مَسنُون (ع) صفت:۔ سُنت کی گئی۔ جائز ٭

مِسواک (ع) مؤنث:۔ دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ داتن ٭

مُسَوَّدَہ (ع) مذکر:۔ وہ عبارت جو دوبارہ صاف نہ ہوئی ہو
(ا) مضمون۔ مدّعا ٭

مَسُور (ہ) مؤنث:۔ ایک قسم کا غلہ ٭

مَسُوڑا (ہ) مذکر:۔ گوشت جس میں سے دانت نکلتے ہیں ٭

مَسوسنا (ہ) مروڑنا۔ ملنا۔ دبانا۔ روکنا غم کرنا۔ صبر کرنا ٭

مَسہری (ہ) مؤنث:۔ ایک پردہ دار پلنگ ٭

مُسْہِل (ع) صفت:۔ وہ چیز جس سے دست آئیں۔
مذکر:۔ جُلّاب ٭

مِسی (ف) صفت:۔ تانبے کا بنا ہُوا ٭

مِسّی (ہ) صفت:۔ موٹے اناج کی ٭

مِسّی کُسّی (ہ) صفت:۔ موٹے اناج کی روٹی۔ غریبوں کی روٹی ٭

مِسّی یا مِسی (ا) ایک قسم کا منجن جو عورتیں استعمال کرتی
ہیں۔ کنچنیوں کی ایک رسم کا نام ٭

مَسِیح (ع) مذکر:۔ ملا گیا۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب ٭

مَسِیحا (ف) مذکر:۔ حضرت عیسےٰ علیہ السلام کا لقب ٭

مَسِیحائی (ف) مؤنث:۔ حضرت عیسےٰ کا معجزہ۔ مُردہ کو زندہ
کرنا ٭

مَسیں (ہ) مُوچھ کے روئیں ٭

مَسیں بھیگنا (ا) مُوچھوں کے روئیں نکلنا ٭

(م ش)

مُشابَہ (ع) کلمۂ تشبیہ:۔ مانند۔ جیسا۔ مطابق ٭

مُشابہَت (ع) مؤنث:۔ مانند ہونا۔ ہم شکل ہونا۔ شکل۔
رُوپ ٭

مُشار (ع) صفت:۔ اشارہ کیا گیا۔ جتایا گیا ٭

مُشارٌ اِلیہ (ع) مذکر:۔ وہ چیز جس کی طرف اشارہ کیا گیا ہو ٭

مَشّاطہ (ع) مؤنث:۔ کنگھی چوٹی کرنے والی عورت۔ نائن ٭

مُشاعَرَہ (ع) مذکر:۔ شاعروں کا جمع ہو کر شعر پڑھنا ٭

مَشاغِل (ع) مذکر:۔ مشغل کی جمع۔ کام ٭

مُشافَہہ (ع) مذکر:۔ روبرو سامنے ٭

مَشّاق (ع) صفت:۔ بہت مشق کرنے والا۔ پوری مہارت
رکھنے والا ٭

مَشّاقی (ع) مؤنث:۔ نہایت مشق۔ تجربہ ٭

مَشام (ع) مذکر:۔ سونگھنے کی جگہ۔ دماغ ٭

مُشاوَرَت (ع) مؤنث:۔ آپس میں مشورہ کرنا۔ پنچایت ٭

مُشاہدہ (ع) مذکر:۔ دیکھنا۔ معاینہ۔ دیکھ بھال ٭

مُشاہَرہ (ع) مذکر:۔ تنخواہ۔ وظیفہ ٭

مَشَائِخ (ع) مذکر :- شیخ کی جمع - بزرگ آدمی - نیک آدمی ؛
مُشَایَعَت (ع) مؤنث :- پیروی - کسی کو تھوڑی دور پہنچانے جانا ؛
مُشَبَّہ (ع) صفت :- مانند کہا گیا - مقابلہ کیا گیا ؛
نحو :- وہ چیز جس کے ساتھ تشبیہ دی جائے ؛
مُشت (ف) مذکر :- مُکّا -
مؤنث :- مُٹھی ؛
مُشتِ خاک (ف) مؤنث :- خاک کی مُٹھی مراد انسان ؛
مُشتَاق (ع) صفت :- شوق رکھنے والا - خواہش رکھنے والا ؛
مُشتَاقانہ (ع - ف) تابع فعل :- مشتاق کی مانند - نہایت شوق سے ؛
مُشتَبَہ (ع) صفت :- جس میں شک ہو ؛
مُشتَرَک (ع) صفت :- ساجھے کا - مِلا ہُوا - شامل - وہ لفظ جو دو معنی رکھتا ہو ؛
مُشتَرَکہ (ع) صفت :- مِلا ہُوا - ساجھے کا ؛
مُشتَرِی (ع) مذکر :- مول لینے والا - گاہک - ایک تارے کا نام ؛
مُشتَعَل (ع) صفت :- بھڑکتا ہُوا - جلتا ہُوا ؛
مُشتَغِل (ع) صفت :- مشغول ہونے والا - نفرت کرنیوالا ؛
مُشتَق (ع) صفت :- نکلا ہُوا - وہ لفظ جو کسی دوسرے لفظ سے نکلا ہو ؛
مُشتَمِل (ع) صفت :- شامل ہونے والا - ملنے والا ؛
مُشتَہَر (ع) صفت :- مشہور کیا گیا ؛
مُشتَہِر (ع) صفت :- مشہور کرنے والا ؛
مُشتَہِی (ع) صفت :- خواہش کرنے والا -
(۲) بھوک لگانے والا ؛
مُشتے نمونہ از خروارے (ف) کہاوت :- دیگ میں سے ایک چاول ٹٹول لیتے ہیں - بڑے ڈھیر میں سے نمونہ کے طور پر ایک مُٹھی ؛
مُشَجَّر (ع) مذکر :- وہ کپڑا جس پر بیل بوٹے بنے ہوئے ہوں ؛
مُشَخَّص (ع) صفت :- جانچا گیا - پڑتال کیا گیا ؛
مُشَدَّد (ع) صفت :- جس پر تشدید کی علامت ہو - جو دو دفعہ پڑھا جائے - جکڑ کر باندھا گیا ؛
مِشر (س) مذکر :- پنڈت - برہمن - رسوئی کرنے والا برہمن
مَشرَب (ع) مذکر :- پانی پینے کی جگہ -
مجازاً :- مذہب - دین - ڈھنگ ؛
مُشَرَّح (ع) صفت :- تشریح کیا گیا - کھلا ہوا - پرگھٹ ؛
مُشَرَّف (ع) صفت :- شرف دیا گیا - بزرگ ؛
مُشرِف (ع) مذکر :- بلند جگہ - بلندی پر چڑھنے والا - ناظر - میر منشی ؛
مَشرِق (ع) مؤنث :- سورج نکلنے کی جگہ - پورب ؛
مَشرِقی (ع) صفت :- مشرق سے متعلق - پورب کی طرف کا ؛
مُشرِک (ع) صفت :- وہ شخص جو خدا کو ایک نہ مانے - بلکہ کسی اور کو بھی خدا کا شریک کرے ؛
مَشرُوط (ع) صفت :- شرط کیا گیا ؛
مَشرُوع (ع) صفت :- شرع کے مُطابق -
مذکر :- ایک قسم کا کپڑا ؛
مُشعِر (ع) صفت :- خبر دینے والا ؛
مَشعَل (ع) مؤنث :- بڑی موٹی بتی - شمع ؛
مَشعَلچی (ع - ف) مذکر :- مشعل جلانے یا دکھانے والا ؛
مَشغَلہ (ع) مذکر :- کام - دل بہلاوا - کھیل -
(۲) ہنسی - ٹھٹھہ ؛
مَشغُول (ع) صفت :- کام میں لگا ہُوا ؛
مَشغُولی (ع - ف) مؤنث :- کام میں لگا ہُوا ہونا - مصروف ہونا ؛
مُشفِق (ع) صفت :- مہربان - دوست - پیارا ؛
مُشفِقانہ (ع - ف) تابع فعل :- دوستی کے طور پر - مہربانہ ؛
مَشق (ع) مؤنث :- کسی کام کو بار بار کرنا - مہارت - وہ تختہ یا کاغذ جس پر مشق کی ہو ؛
مُشَقَّت (ع) مؤنث :- محنت - تکلیف - مزدوری ؛
مَشک (ف) مؤنث :- پانی بھرنے کی کھال ؛
مُشک (ف) مذکر :- ایک خوشبودار مادے کا نام - کستوری ؛

مُشکبو (ف) صفت:۔ مُشک جیسی خوشبو رکھنے والا ٭
مُشکِل (ع) صفت:۔ سخت۔ کٹھن۔
مؤنث:۔ سختی۔ مُصیبت ٭
مُشکِل آسان ہونا (ل) مُشکل دور ہونا۔ بپتا سے چھوٹنا۔
جان نکلنا ٭
مُشکِل آنا یا بننا یا پڑنا (ل) مصیبت پڑنا۔ جان پر بننا ٭
مُشکِل سے (ل) تابع فعل:۔ دِقت سے۔ جوں توں کر کے ٭
مُشکِل کُشا (ع۔ف) مذکر:۔ مُشکل دور کرنے والا۔
حضرت علیؓ کا لقب ٭
مشکل کشائی (ع۔ف) مؤنث:۔ مُشکل دور کرنا مصیبت
دور کرنا ٭
مُشکلات (ع) مؤنث:۔ مُشکل کی جمع ٭
مَشکُور (ع) صفت:۔ پسند کیا گیا۔
(ل) احسانمند ٭
مَشکُوک (ع) صفت:۔ شک کیا گیا۔ بھرم کیا گیا ٭
مُشکُو یا مُشکُوئے (ف) مذکر:۔ امیروں کا محل ٭
مُشکی (ف) صفت:۔ سیاہ۔ کالا۔
مذکر:۔ کالے رنگ کا گھوڑا ٭
مُشکیزہ (ف) مذکر:۔ چھوٹی مشک ٭
مُشکیں (ف) صفت:۔ مُشک کے رنگ کا سیاہ۔ مُشک
جیسی خوشبو کا ٭
مُشکیں چھوٹنا (ل) دست لگنا۔ پیٹ چلنا ٭
مُشکیں (ل) مؤنث:۔ دونو بازو۔ دونو شانے ٭
مُشکیں باندھنا یا کسنا (ل) دونو شانوں کو ملا کر جکڑنا۔ گرفتار
کرنا ٭
مَشمُول (ع) صفت:۔ شامل کیا گیا۔ چاروں طرف سے
گھیرا گیا ٭
مَشمُولہ (ع) صفت:۔ شامل۔ ملا ہوا ٭
مِشن (انگ) مذکر:۔ پیغمبری۔ ایلچی گری۔ پادریوں کے رہنے
کی جگہ ٭
مِشنری (انگ) مذکر:۔ پادری لوگ جو مذہب پھیلانے کے
لئے بھیجے جائیں ٭
مَشوَرَت (ع) مؤنث:۔ صلاح۔ مشورہ۔
(ل) پنچایت۔ گٹھوت ٭
مَشوَرَہ (ع) مذکر:۔ صلاح۔ تجویز ٭
مُشوَّش (ع) صفت:۔ پریشان کیا گیا۔ حیران ٭
مُشوِّش (ع) صفت:۔ پریشان کرنے والا ٭
مَشہَد (ع) مذکر:۔ حاضر ہونے کی جگہ۔ شہیدوں کا قبرستان۔
ایران کا ایک شہر ٭
مَشہُور (ع) صفت:۔ شہرت دیا گیا۔ نامی ٭
مَشہُور و معرُوف (ع) صفت:۔ شہرت رکھنے والا۔ جانا بوجھا ٭
مَشِیّت (ع) مؤنث:۔ خواہش۔ مرضی۔ خدا کی مرضی ٭
مَشِیّتِ ایزدی (ع۔ف) مؤنث:۔ خدا کی مرضی۔
خدا کی خواہش ٭
مَشیخَت (ع) مؤنث:۔ بزرگی۔ شیخی۔ غرور ٭
مُشِیر (ع) مذکر:۔ مشورہ دینے والا۔ منتری ٭
مُشِیرِ خاص (ع) مذکر:۔ بڑا دیوان۔ پرائیویٹ سکرٹری ٭
مُشِیران (ف) مذکر:۔ مشیر کی جمع۔ امیر وزیر ٭
مَشین (انگ) مؤنث:۔ کل۔ پرزہ ٭

(م ص)

مُصاحِب (ع) مذکر:۔ ساتھی۔ خاص دوست۔ پاس
بیٹھنے والا ٭
مُصاحَبَت (ع) مؤنث:۔ پاس بیٹھنا۔ سنگت ٭
مَصادِر (ع) مذکر:۔ مصدر کی جمع ٭
مَصارِف (ع) مذکر:۔ مصرف کی جمع۔ بہت سے خرچ ٭
مَصاف (ع) مؤنث:۔ مصف کی جمع۔ صف باندھنے
کی جگہیں۔ لڑائی کا میدان ٭
مُصافحہ (ع) مذکر:۔ ملاقات کے وقت ہاتھ سے ہاتھ
ملانا ٭
مَصالح (ع) مؤنث:۔ مصلحت کی جمع۔ نیکیاں بھلائیاں
(ف) کسی چیز کا سامان
(ل) نمک پیاز لہسن وغیرہ جو سالن میں ڈالا جاتا ہے ٭

مَصالح دار (ف) صفت :۔ نمک مرچ لگا ہوا۔ گوٹہ کناری کی ٭
مَصالَحَت (ع) مؤنث :۔ آپس میں صلح کرنا۔ میل ملاپ ٭
مَصائب (ع) مؤنث :۔ مصیبت کی جمع۔ تکلیفیں۔ مصیبتیں ٭
مِصباح (ع) مؤنث :۔ دیا۔ لیمپ۔ صبح کے وقت شراب پینے کا پیالہ ٭
مُصحِّح (ع) مذکر :۔ درست کرنے والا۔ صحیح کرنے والا ٭
مُصحَف (ع) مذکر :۔ وہ کتاب جس میں رسالے اور صحیفے جمع ہوں۔ مراد قرآن شریف ٭
مُصحفی (ع) مذکر :۔ مصحف سے متعلق۔ ایک مشہور شاعر کا تخلص ٭
مِصداق (ع) مذکر :۔ صداقت کا ثبوت (مجازاً) گواہ۔ شہادت ٭
مَصدَر (ع) مذکر :۔ نکلنے کی جگہ۔
(ف) سبب۔ باعث۔
نحو :۔ وہ کلمہ جس سے فعل اور صیغے مشتق ہوں ٭
مصدر لازم (ع) مذکر :۔ وہ مصدر جو صرف فاعل پر ہی تمام ہو جائے ٭
مصدر مُتعدّی (ع) مذکر :۔ وہ مصدر جو فاعل کے علاوہ مفعول کو بھی چاہے ٭
مُصدِّق (ع) صفت :۔ تصدیق کرنیوالا۔ ثبوت دینے والا
مُصدَّق (ع) صفت :۔ جس کی تصدیق کی جائے۔ جانچا گیا ٭
مِصر (ع) مذکر :۔ شہر۔ نگری۔ ایک مشہور ملک کا نام۔
(ف) تیزی۔ تلوار ٭
مُصِر (ع) صفت :۔ ضد کرنے والا۔ ہٹ کرنے والا ٭
مِصرَع یا مِصرعہ (ع) مذکر :۔ آدھا شعر۔ شعر کے دو ٹکڑوں میں سے ایک ٭
مَصرَف (ع) مذکر :۔ خرچ کرنے کی جگہ۔ خرچ۔
(ف) کام۔ مطلب ٭
مُصرِف (ع) صفت :۔ خرچ کرنے والا ٭
مَصرُوف (ع) صفت :۔ صرف کیا گیا۔ پھیرا گیا ٭
(ف) کام میں لگا ہوا ٭

مِصری (ع) صفت :۔ مصر سے متعلق۔
مذکر :۔ مصر کا رہنے والا۔
مؤنث :۔ قلم۔ تلوار۔ شیرو۔
(ف) نبات ٭
مِصری کھلانا (ف) تلوار مارنا۔ منگنی کی رسم ادا کرنا ٭
مُصطفٰے (ع) صفت :۔ پاک کیا گیا۔ پسند کیا گیا۔ حضرت محمدؐ کا لقب ٭
مَصطگی (ع) مؤنث :۔ ایک قسم کا زرد گوند ٭
مُصطلح (ع) صفت :۔ اصطلاح کیا گیا۔ مجاز کے طور پر ٭
مُصطلحات (ع) مؤنث :۔ مصطلح کی جمع۔ اصطلاحیں۔ محاورے ٭
مُصفّا (ع) صفت :۔ پاک۔ صاف ٭
مُصفّی (ع) صفت :۔ صاف کرنے والا۔ نتھارنے والا ٭
مِصقلہ (ع) مذکر :۔ صیقل کرنے کا اوزار۔ ریتی ٭
مُصلّا یا مُصلّےٰ (ع) مذکر :۔ نماز پڑھنے کی جگہ۔ وہ دری یا کپڑا وغیرہ جس پر نماز پڑھی جاتی ہے ٭
مُصلِح (ع) مذکر :۔ اصلاح کرنے والا۔ نیکی کی طرف لانیوالا ٭
مَصلَحَت (ع) مؤنث :۔ نیک صلاح۔ بھلائی۔ مناسب ٭
مَصلحتاً (ع) تابع فعل :۔ مصلحت کی رُو سے ٭
مَصلُوب (ع) صفت :۔ سُولی پر چڑھایا گیا ٭
مُصلّی (ع) صفت :۔ نماز پڑھنے والا ٭
مُصمَّم (ع) صفت :۔ پکّا۔ مضبوط ٭
مُصنِّف (ع) مذکر :۔ کتاب بنانے والا ٭
مَصنُوع (ع) صفت :۔ کاریگری سے بنائی ہوئی ٭
مَصنُوعی (ع) صفت :۔ بنائی ہوئی۔ بناوٹی ٭
مُصوَّر (ع) صفت :۔ تصویر بنایا۔ تصویر دار ٭
مُصوِّر (ع) مذکر :۔ تصویر بنانے والا ٭
مُصوّری (ع) مؤنث :۔ تصویر بنانے کا کام ٭
مُصیبَت (ع) مؤنث :۔ دُکھ۔ آفت۔ مشکل ٭
مُصیبت پیٹنا (ف) سختی اٹھانا۔ دکھ بھوگنا ٭
مُصیبت زدہ (ع۔ ف) صفت :۔ مصیبت کا مارا دکھیا ٭

(م ض)

مُضَارِع (ع) مذکر - مانند -

نحو :- وہ فعل جس میں حال اور استقبال دونو زمانے پائے جائیں - عروض کی ایک بحر کا نام ؛

مُضَاف (ع) صفت :- ملا ہُوا - شامل ؛

مذکر :- (نحو) وہ اسم جو کسی دوسرے اسم کے ساتھ لگایا جائے ؛

مُضَاف اِلَیہ (ع) مذکر :- وہ اسم جس کے ساتھ کوئی دوسرا اسم لگایا جائے ؛

مُضَافَات (ع) مؤنث :- مضاف کی جمع - متعلقات تعلق رکھنے والے - شہر کے آس پاس کے گاؤں اور قصبے ؛

مُضَامِین (ع) مذکر :- مضمون کی جمع - مطلب ؛

مُضَایِقَہ (ع) مذکر :- تنگی -

(ا) حرج - پروا - خوف ؛

مَضبُوط (ع) صفت :- جس پر قبضہ کیا گیا ہو - پکا سخت ہٹا کٹا - کڑا ؛

مَضبُوطی (ا) مؤنث :- سخت ہونا - طاقت - ہمت - پختگی ؛

مُضحِکَہ (ع) مذکر :- ہنسی - مذاق ؛

مُضِر (ع) صفت :- نقصان پہنچانے والا ؛

مِضرَاب (ع) مؤنث :- ستار بجانے کا تار ؛

مَضَرَّت (ع) مؤنث :- نقصان ؛

مَضرُوب (ع) صفت :- ضرب دیا گیا - زخمی ؛

مَضرُوب فِیہ (ع) مذکر :- وہ عدد جس میں ضرب دیں ؛

مُضطَر (ع) صفت :- بے چارہ -

(ا) جسے چین نہ ہو - بے قرار ؛

مُضطَرِب (ع) صفت :- بے چین - گھبرایا ہُوا - حیران ؛

مِضمَار (ع) مذکر :- میدان - چوک - جنگ کا میدان ؛

مُضمَحِل (ع) صفت :- گم ہونے والا - سُست - تھکا ہُوا - کمزور - دُبلا -

(ا) اُداس ؛

مُضمَر (ع) صفت :- دل میں رکھا گیا - چھپا ہُوا ؛

مَضمُوم (ع) صفت :- وہ حرف جس پر پیش ہو ؛

مَضمُون (ع) مذکر :- مطلب - بیان - بات - جواب مضمون آرٹیکل ؛

مَضمُون لَڑنا (ا) مضمون ملنا - مضمون کا مطابق ہونا ؛

مَضمُون نِگار (ع - ف) مذکر :- مضمون لکھنے والا - اڈیٹر ؛

مَضمُون نِگاری (ع - ف) مؤنث :- مضمون لکھنے کا کام - اڈیٹری ؛

(م ط)

مُطَابِق (ع) صفت :- موافق - برابر - مانند ؛

تابع فعل :- مناسب - بہ لحاظ ؛

مُطَابَقَت (ع) مؤنث :- برابری - مانند ہونا ؛

مَطَالِب (ع) مذکر :- مطلب کی جمع - مرادیں - مقصد ؛

مُطَالَبَہ (ع) مذکر :- اپنا حق چاہنا - دعوےٰ - مانگ - طلبی ؛

مُطَالَعَہ (ع) مذکر :- دھیان - بچار - غور - کتاب پڑھنا ؛

مَطبَخ (ع) مذکر :- کھانا پکانے کی جگہ - باورچی خانہ ؛

مَطبَع (ع) مذکر :- چھاپنے کی جگہ - چھاپہ خانہ ؛

مَطبُوخ (ع) صفت :- آگ پر پکی ہوئی -

مذکر :- جوش کی ہوئی دوا ؛

مَطبُوع (ع) صفت :- چھاپا گیا - پسند کیا گیا ؛

مَطبُوعَہ (ع) صفت :- چھپا ہُوا ؛

مُطرِب (ع) مذکر :- گویا - گانے والا ؛

مَطعُون (ع) صفت :- جس پر عیب یا الزام لگایا جائے طعنہ دیا گیا ؛

مُطَلَّا (ع) صفت :- ملمع کیا گیا - سنہری ؛

مَطلَب (ع) مذکر :- غرض - منشا - خواہش ؛

مَطلَب بَراری (ع - ف) مؤنث :- کام نکالنا ؛

مَطلَب رکھنا (ا) غرض رکھنا - کام رکھنا ؛

مَطلَب کا یار / یا مَطلَبی / یا مَطلَبیا (ا) صفت :- گوں کا یار - وہ شخص جو مطلب نکلنے تک دوست رہے ؛

مَطلَع (ع) مذکر:۔ سورج نکلنے کی جگہ۔ پُورب۔ غزل یا قصیدے کا پہلا شعر جس کے دونو مصرعے ہم قافیہ ہوں۔

مَطلَع صاف ہونا (ل) صفت:۔ آسمان کا گرد یا بادل سے صاف ہونا۔ دشمنوں سے مقام پاک ہونا۔ کوئی روک ٹوک یا جھگڑا نہ ہونا۔

مُطَّلَع (ع) صفت:۔ اطلاع دیا گیا۔ جتایا گیا۔

مُطلَق (ع) صفت:۔ جاری کیا گیا۔ بالکل۔ قطعی۔ آزاد۔ مذکر:۔ قرآن شریف کی وہ آیت جہاں ٹھہرنا واجب ہے۔

مُطلَقُ العِنان (ع) صفت:۔ جس کی باگ چھوٹی ہوئی ہو۔ (مجازاً) آزاد۔ اختیار والا

مُطلَقاً (ع) تابع فعل:۔ بالکل۔ قطعی۔

مُطَلَّقَہ (ع) مؤنث:۔ وہ عورت جسے طلاق دی گئی ہو۔

مَطلُوب (ع) صفت:۔ مانگا گیا۔ مقصود۔

مَطمحِ نظر (ع) مؤنث:۔ نظر پڑنے کی جگہ۔ لالچ کی جگہ۔ مقصد۔

مُطمَئِن (ع) صفت:۔ خاطر جمع رکھنے والا۔ نچنت۔

مُطَہَّر (ع) صفت:۔ پاک کیا گیا۔ صاف۔

مُطَہِّر (ع) صفت:۔ پاک کرنے والا۔

مُطَیِّب (ع) صفت:۔ خوشبو دینے والا۔ پاک ہونیوالا۔

مَطِیر (ع) صفت:۔ برستے والا۔ بارش کرنے والا۔

مُطِیع (ع) صفت:۔ اطاعت کرنے والا۔ حکم ماننے والا۔

(م ظ)

مَظالِم (ع) مذکر:۔ سختیاں۔ بے انصافیاں۔

مَظاہِر (ع) مذکر:۔ مظہر کی جمع۔ نظارے۔

مُظَفَّر (ع) صفت:۔ جیتا ہوا۔ جس کو فتح نصیب ہوئی ہو۔

مَظلُوم (ع) صفت:۔ جس پر ظلم کیا گیا ہو۔ دکھی۔

مَظنُون (ع) صفت:۔ گمان کیا گیا۔ شک کیا گیا۔

مَظہَر (ع) مذکر:۔ ظاہر ہونے کی جگہ۔ اسٹیج۔ اکھاڑا۔

(م ع)

مَع (ع) تابع فعل:۔ ساتھ۔ سمیت۔

مَعاً (ع) تابع فعل:۔ ایک ساتھ مل کر۔ فوراً۔ اسی وقت۔

مَعابِد (ع) مذکر:۔ معبد کی جمع۔ وہ جگہیں جہاں عبادت کی جائے۔

مَعابِر (ع) مؤنث:۔ دریا سے پار اترنے کی جگہیں۔ گھاٹ۔

مَعاد (ع) مؤنث:۔ لوٹ کر جانے کی جگہ۔ قیامت۔ (مجازاً) دوسرا جہان۔

مُعادَلت (ع) مؤنث:۔ برابری۔ انصاف۔

مَعادِن (ع) مؤنث:۔ معدن کی جمع۔ کانیں۔

مَعاذ (ع) مؤنث:۔ بچاؤ کی جگہ۔

مَعاذَاللہ (ع) ندا:۔ خدا کی پناہ۔ خدا بچائے۔

مَعارِج (ع) مؤنث:۔ معراج کی جمع۔ سیڑھیاں۔

مُعارِض (ع) صفت:۔ جھگڑنے والا۔

مُعارَضَہ (ع) مذکر:۔ جھگڑا۔ ٹنٹا۔

مَعاش (ع) مؤنث:۔ روزی۔ خوراک۔ گزران۔

مُعاشَرت (ع) مؤنث:۔ آپس میں مل جُل کر زندگی گذارنا۔

مُعاصِر (ع) صفت:۔ اپنے زمانے کا۔ اپنے عہد کا

مُعاصِرین (ع) مذکر:۔ معاصر کی جمع۔

مَعاصِی (ع) مذکر:۔ عصیان کی جمع۔ گناہ۔ خطائیں۔

مُعاطَفَت (ع) مؤنث:۔ مہربانی۔ دیا۔

مُعاف (ع) صفت:۔ بخشا گیا۔ بری۔

مُعاف کرنا (ل) بخشنا۔ درگذر کرنا۔ پیچھا چھوڑنا۔ جانا۔

مُعافی (ع) مؤنث:۔ بخشش۔ رہائی۔ چھوٹ۔ انعامی جاگیر۔

مُعافی دار (ع۔ ف) صفت:۔ انعامی جاگیر کا مالک۔

مُعالِج (ع) مذکر:۔ علاج کرنے والا۔ حکیم۔

مُعالَجَہ (ع) مذکر:۔ دوا دارو۔ علاج۔

مُعامَلات (ع) مؤنث:۔ معاملہ کی جمع۔ کاروبار۔

مُعامَلَت (ع) مؤنث:۔ کاروبار۔ بیوپار۔

مُعامَلَہ (ع) مذکر:۔ کام کاج۔ کاروبار۔

(ا) قول قرار فیصلہ۔جھگڑا بات۔لگان ﴿

مُعاملہ بَننا (ا) کام بننا۔سودا بننا ﴿

مُعاملہ پڑنا (ا) کام پڑنا۔واسطہ پڑنا ﴿

مُعاملہ داں یا مُعاملہ شناس یا مُعاملہ فہم (ع۔ف) صفت مُعاملہ جاننے والا۔کاروبار سے واقف ﴿

مُعاملہ کرنا (ا) بات چیت کرنا۔سودا بنانا۔فیصلہ کرنا۔قول وقرار کرنا۔مل جل کر کام کرنا ﴿

مُعانِد (ع) مذکر:۔دشمن۔مخالف ﴿

مُعانِدت (ع) مؤنث:۔دشمنی۔جھگڑا ﴿

مُعانقہ (ع) مذکر:۔گلے مِلنا ﴿

مَعانی (ع) مذکر:۔معنی کی جمع۔بہت سے مقصد۔بہت سے مطلب ﴿

مُعاوَدَت (ع) مؤنث:۔واپسی۔لوٹنا ﴿

مُعاوَضَت (ع) مؤنث:۔بدلہ۔عوض۔تاوان ﴿

مُعاوَضہ (ع) مذکر:۔بدلہ۔تاوان۔ہرجہ ﴿

مُعاوِن (ع) مذکر:۔مدد کرنے والا۔سہارا دینے والا ﴿

مُعاوَنت (ع) مؤنث:۔مدد۔حمایت۔سہارا ﴿

مُعاہِد (ع) مذکر:۔عہد کرنے والا۔قول وقرار کرنے والا ﴿

مَعائب (ع) مذکر:۔معیب کی جمع۔بُرائیاں۔خرابیاں ﴿

مُعائنہ (ا) مذکر:۔اپنی آنکھوں سے دیکھنا۔جانچ۔پڑتال ﴿

مُعائنہ کرنا (ا) دیکھنا۔جانچنا۔امتحان لینا ﴿

مَعبَد (ع) مذکر:۔عبادت کرنے کی جگہ۔مسجد۔مندر

مَعبَر (ع) مذکر:۔گھاٹ۔پُل ﴿

مِعبَر (ع) مؤنث:۔ناؤ۔کشتی ﴿

مُعَبِّر (ع) مذکر:۔خواب کی تعبیر بتانے والا ﴿

مَعبُود (ع) مذکر:۔جس کی عبادت کی جائے۔پُوجا گیا۔

مُعتَبَر (ع) صفت:۔جس پر اعتبار کیا جائے۔دُرست ﴿

مُعتَد (ع) صفت:۔گِنا گیا۔حساب کیا گیا ﴿

مُعتَد بہ (ع) صفت:۔شمار میں آیا ہُوا۔اعتبار کے قابل کافی ﴿

مُعتَدِل (ع) صفت:۔نہ زیادہ گرم نہ زیادہ سرد۔ موافق۔ دھیما۔اوسط درجہ کا ﴿

مُعتَرِض (ع) مذکر:۔اعتراض یا روک ٹوک کرنے والا ﴿

مُعتَرِف (ع) مذکر:۔اقرار کرنے والا۔اقبال کرنے والا اقبالی ﴿

مُعتَقِد (ع) مذکر:۔دل سے ماننے والا۔مُرید۔چیلا ﴿

مُعتَکِف (ع) مذکر:۔عبادت کرنے کے لئے کونے میں بیٹھنے والا۔دنیا سے الگ رہنے والا ﴿

مُعتَمِد (ع) مذکر:۔بھروسا رکھنے والا ﴿

مُعتَمَد (ع) صفت:۔بھروسا کیا گیا۔جس پر اعتماد کیا جائے ﴿

مُعجِب (ع) صفت:۔حیران کرنے والا۔ہکا بکا بنانیوالا ﴿

مُعجَب (ع) مذکر:۔غرور کرنے والا۔گھمنڈی ﴿

مُعجِز (ع) مذکر:۔عاجز کرنے والا۔انسانی طاقت سے باہر ﴿

مُعجِزات (ع) مؤنث:۔جمع معجزہ کی ﴿

مُعجِزہ (ع) مذکر:۔وہ بات جس کے کرنے کی انسان طاقت نہ رکھتا ہو۔کرامات۔انوکھی بات ﴿

مُعَجِّل (ع) صفت:۔جلدی کرنے والا ﴿

مُعجَمہ (ع) صفت:۔نقطے والا۔وہ حرف جو نقطہ رکھتا ہو ﴿

مَعجُون (ع) مؤنث:۔دوائیں جو پیس کر اور ملا کر آٹے کی طرح گوندھی جائیں گوندھی ہوئی چیز۔ملی ہوئی ﴿

مَعدِلت (ع) مؤنث:۔انصاف۔بناؤ ﴿

مَعدَن (ع) مؤنث:۔کان۔کھان ﴿

مَعدَنی (ع) صفت:۔کانی۔دھاتی ﴿

مَعدَنیات (ع) مؤنث:۔کان سے نکلی ہوئی چیزیں ﴿

مَعدُود (ع) صفت:۔شمار کیا گیا۔ تابع فعل:۔گنتی کے۔چند ﴿

مَعدُودے چند (ع) صفت:۔گنتی کے۔تھوڑے سے ﴿

مَعدُولہ (ع) مذکر:۔وہ حرف جو لکھنے میں آئے اور پڑھنے میں نہ آئے ﴿

مَعدُوم (ع) صفت:۔مٹایا گیا۔فنا کیا گیا۔گم ﴿

مِعدہ (ع) مذکر:۔اوجھ جس میں کھانا ہضم ہوتا ہے ﴿

مَعذِرت (ع) مؤنث:۔عذر۔بہانہ۔حیلہ ﴿

مَعذُور (ع) صفت :- عذر کیا گیا - بہانہ کیا گیا - ناچار - رُکا ہُوا - مُعاف کیا گیا - اپاہج ٭

مُعرّا (ع) صفت :- ننگا - خالی - پاک - آزاد ٭

مِعراج (ع) مؤنث :- سیڑھی - اونچا مرتبہ - بلندی ٭

مِعراج کی رات (ا) مؤنث :- رجب کی ستائیسویں رات وہ رات جس میں پیغمبر اسلام علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ کا دیدار آسمان پر حاصل ہُوا ٭

مُعرّب (ع) مذکر :- وہ لفظ جسے عربی بنا لیا گیا ہو ٭

مَعرِفت (ع) مؤنث :- شناخت - پہچان - خدا کی واقفیت گیان ٭

تابع فعل :- وسیلے سے - ذریعے سے ٭

مَعرِفہ (ع) مذکر :- وہ اسم جو ایک معین شے کے لئے وضع کیا گیا ہو ٭

مَعرکہ (ع) مؤنث :- جنگ کا میدان -

مجازاً :- لڑائی - جنگ ٭

(ا) جھگڑا - بھیڑ - انبوہ ٭

مَعرکہ آرا (ع - ف) مذکر :- لڑائی کرنے والا ٭

مَعرکہ آرائی (ع - ف) مؤنث :- جنگ کرنا - لڑائی کرنا ٭

مَعرکہ کا (ا) صفت :- مشکل - بھاری - توجہ کے قابل - دھوم دھام کا ٭

مَعرُوض (ع) صفت :- عرض کیا گیا - درخواست - پڑا ہُوا ٭

مَعرُوضہ (ع) صفت :- عرض کیا گیا - عرضی - عرضی لکھنے کی تاریخ ٭

مَعرُوف (ع) صفت :- مشہور - پرگھٹ ٭

صرف :- وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو ٭

وہ حرف جس کے پہلے خالص پیش یا خالص زیر ہو ٭

مُعزّز (ع) صفت :- عزت کیا گیا - بزرگ - شریف ٭

مَعزُول (ع) صفت :- عہدے سے برطرف کیا گیا - بیکار ٭

مَعزُولی (ع) مؤنث :- موقوفی - برطرفی ٭

مَعشُوق (ع) مذکر :- جس سے عشق کیا جائے - پیارا - عزیز -

صفت :- نازک جسم والا ٭

مَعشُوقانہ (ع - ف) صفت :- معشوق سے متعلق - معشوق کی مانند ٭

مَعشُوقہ (ع) مؤنث :- وہ عورت جس سے عشق کیا جائے پیاری ٭

مَعشُوقی (ع) مؤنث :- دوستی - محبت - معشوق پن ٭

مَعشُوقیّت (ع) مؤنث :- معشوق پن - دلفریبی ٭

مَعصُوم (ع) صفت :- گناہ سے بچا ہُوا - بھولا بھالا ٭

مذکر :- چھوٹا اور بے سمجھ بچہ ٭

مَعصُومیت (ع) مؤنث :- بے گناہی - بھولا پن - بالپن ٭

مَعصِیت (ع) مؤنث :- گناہ - قصور - حکم نہ ماننا ٭

مُعطّر (ع) صفت :- خوشبو میں بسا ہُوا ٭

مُعطّل (ع) صفت :- کام سے خالی - نکما - سست ٭

مُعطّلی (ع) مؤنث :- بیکاری - کچھ دنوں کے لئے موقوفی ٭

مَعطُوف (ع) صفت :- لپٹا ہُوا -

مذکر :- وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف کے بعد آئے ٭

مَعطُوف عَلیہ (ع) مذکر :- وہ کلمہ یا کلام جو حرف عطف سے پہلے واقع ہو ٭

مُعظّم (ع) صفت :- بڑائی دیا گیا - بزرگ ٭

مَعقُول (ع) صفت :- عقل میں لایا گیا - ٹھیک - اچھا - لائق - کافی -

(ا) سجتا ہُوا - شائستہ - ماننے والا - جس سے کوئی جواب نہ بن پڑے ٭

مَعقُول کرنا (ا) منوانا - بند کرنا - ہرا دینا ٭

مَعقُولات (ع) مؤنث :- معقول کی جمع - فلسفہ کا علم - حکمت ٭

مَعقُولیّت (ع) مؤنث :- سمجھ بوجھ - مناسبت - پسندیدگی ٭

مَعکُوس (ع) صفت :- الٹا - ٹیڑھا ٭

مُعلّا یا مُعلّےٰ (ع) صفت :- بلند کیا گیا - اونچا - بزرگ ٭

مُعلّق (ع) صفت :- لٹکایا ہُوا - لٹکا ہُوا ٭

مُعَلِّم (ع) مذکر:- علم سکھانے والا۔ اُستاد ٭
مُعَلِّمہ (ع) مؤنث:- پڑھانے والی عورت۔ اُستانی ٭
مُعَلِّمی (ع) مؤنث:- پڑھانے کا پیشہ ٭
مَعْلُول (ع) صفت:- علت کیا گیا۔ وہ شے جس کا کوئی سبب ہو ٭
مَعْلُوم (ع) صفت:- جانا گیا۔ ظاہر۔ مشہور ٭
(ا) بجائے نفی:- نہیں۔ ہو چکا ٭
مَعْلُوم ہونا (ا) ظاہر ہونا۔ بھید کھلنا۔ مصیبت پیش آنا۔ سر اپڑنا۔ نظر آنا۔ خیال میں آنا۔ محسوس ہونا ٭
مَعْلُومات (ع) مؤنث:- معلوم کی جمع۔ واقفیت۔ تجربہ۔ علم۔ لیاقت ٭
مَعْلُومہ (ع) صفت:- جس کا حال معلوم ہو ٭
مُعَلَّی اَلْقاب (ع) صفت:- بڑے القاب یا رتبے والا ٭
مُعَمّا (ع) مذکر:- وہ بات جس میں کوئی پیچ ہو۔ پہیلی ٭
مُعَما حل ہونا یا کُھلنا (ا) بھید کھلنا۔ مشکل حل ہونا ٭
مِعْمار (ع) مذکر:- عمارت بنانے والا۔ مستری ٭
مِعْماری (ع) مؤنث:- عمارت بنانے کا کام ٭
مُعَمَّر (ع) صفت:- بوڑھا۔ بڑی عمر کا ٭
مَعْمُور (ع) صفت:- بسا ہوا۔ بھرا ہوا ٭
مَعْمُورہ (ع) مذکر:- آبادی۔ بستی۔ آباد زمین ٭
مَعْمُول (ع) صفت:- عمل کیا گیا۔ وہ بات جو ہر روز کی جائے
(ا) مذکر:- عادت۔ دستور۔ ریت ٭
مَعْمُولی (ع) صفت:- رسمی۔ جس کا رواج ہو۔ عادت کے مطابق ٭
مُعَنْبَر (ع) صفت:- عنبر کی خوشبو سے بسا ہوا ٭
مَعْنَوی (ع) صفت:- معنی سے متعلق۔ ذاتی۔ اصلی یقینی ٭
مَعْنی۔ مَعْنے (ع) مؤنث:- ارادہ۔ مطلب۔ مراد۔
(ا) سبب۔ اصلیت ٭
مَعْنی بیان کرنا (ا) مطلب بیان کرنا۔ ترجمہ کرنا ٭
مَعْہُود (ع) صفت:- عہد کیا گیا۔ معمولی۔ پرانا۔ مشہور ٭
مِعْیار (ع) مؤنث:- کسوٹی۔ اندازہ۔ پرکھ ٭

مَعِیَّت (ع) مؤنث:- ہمراہی۔ ساتھ ٭
مَعِیشَت (ع) مؤنث:- زندگی۔ روزی۔ عیش ٭
مُعِین (ع) صفت:- مدد کرنے والا ٭
مُعَیَّن (ع) صفت:- مقرر کیا گیا۔
اقلیدس:- وہ شکل جس کے چاروں ضلعے تو برابر ہوں لیکن زاویے قائمے نہ ہوں ٭
مَعْیُوب (ع) صفت:- عیب لگایا گیا۔ بُرا۔ عیبی ٭

(م غ)

مُغ (ف) مذکر:- آگ کی پوجا کرنے والا ٭
مُغ بچہ (ف) مذکر:- آگ کی پرستش کرنے والے کا لڑکا۔ خوبصورت لڑکا۔ شراب بیچنے والے کا لڑکا ٭
مُغالَطہ (ع) مذکر:- غلطی میں ڈالنا۔ بھول چوک۔ فریب ٭
مُغاں (ع) مذکر:- مُغ کی جمع۔ آگ کی پرستش کرنیوالے لوگ ٭
واحد:- آگ کی پوجا کرنے والا۔ شراب پلانے والا ٭
مُغْتَنَم (ع) صفت:- غنیمت سمجھا گیا۔ قدر کے قابل۔ مفت کا مال ٭
مُغْتَنَمات (ع) مؤنث:- مُغتنم کی جمع ٭
مَغْرِب (ع) مؤنث:- سورج کے چھپنے کی جگہ۔ پچھم
(ا) سورج کے چھپنے کا وقت۔ شام ٭
مَغْرِبی (ع) صفت:- مغرب کا۔ پچھمی ٭
مُغَرَّق (ع) صفت:- سونے یا چاندی میں لپا ہوا۔ چمکتا ہوا ٭
مَغْرُور (ع) صفت:- غرور کرنے والا۔ گھمنڈی ٭
مَغْرُوری (ا) مؤنث:- غرور۔ گھمنڈ ٭
مَغْز (ف) مذکر:- دماغ۔ گری۔ گودا۔
مجازاً:- عقل۔ سمجھ۔
(ا) جڑ۔ تت۔ اصل۔ غرور۔ تکبر۔ ایک قسم کا عمدہ موتی ٭
مَغْز اُڑنا (ا) دماغ پریشان ہونا۔ دماغ پھٹنا ٭
مَغْز بھونکانا (ا) سر مارنا۔ دیر تک سمجھانا ٭

مغز پچانا۔ مغز پچی کرنا یا مغز چاٹنا (ا) بک بک کرنا۔ سر مارنا ۔

مغز چلنا (ا) اترانا۔ بہکنا۔ پاگل ہونا ۔

مغز سے اُتارنا (ا) دماغ سے سوچ کر نئی بات پیدا کرنا ۔

مغز کو چڑھنا (ا) نشہ ہونا۔ غرور ہونا۔ پاگل ہونا ۔

مغز کھانا یا مغز کے کیڑے اُڑانا (ا) بک بک سے دماغ پریشان کرنا ۔

مغز کے کیڑے جھڑنا یا مغز کی کیل نکلنا (ا) غرور نکلنا سزا پانا ۔

مغزی (ا) مؤنث :۔ پتلی گوٹ۔ کور ۔

مغفرت (ع) مؤنث :۔ گناہ کی بخشش۔ رہائی چھٹکارا

مغفور (ع) صفت :۔ بخشا گیا۔ جنتی۔ سُرگ باشی۔ مجازاً۔ مرا ہوا ۔

مغل (ت) مذکر :۔ ترکوں کے ایک فرقے کا نام ۔

مغلانی (ا) مؤنث :۔ مغل قوم کی عورت۔ کپڑے سینے والی عورت۔ ماما ۔

مغلائی (ا) تابع فعل :۔ مغلوں کے طرز یا فیشن کا ۔

مغلظ (ع) صفت :۔ موٹا۔ سخت میلا۔ گاڑھا۔ ناپاک ۔

مغلق (ع) صفت :۔ بند کیا ہوا۔ وہ کلام جس کے معنی مشکل سے سمجھ میں آئیں ۔

مغلوب (ع) صفت :۔ دبا ہوا۔ ہارا ہوا ۔

مغلی (ا) صفت :۔ مغلوں سے متعلق۔
مؤنث :۔ ایک بیماری کا نام ۔

مغلیہ (ت) صفت :۔ مغل قوم سے متعلق ۔

مغموم (ع) صفت :۔ جسے کوئی غم ہو۔ اُداس۔ آزردہ ۔

مغنی (ع) مذکر :۔ گانے والا۔ گویا ۔

مغنیہ (ع) مؤنث :۔ گانے والی۔ ڈومنی ۔

مغیلاں (ع) مذکر :۔ کیکر جو ایک مشہور درخت ہے ۔

(م ف)

مفاجات (ع) صفت :۔ اچانک۔ یکایک ۔

مفاخرت (ع) مؤنث :۔ بڑائی۔ شیخی۔ فخر ۔

مفارقت (ع) مؤنث :۔ جدائی۔ علیحدگی ۔

مفاسد (ع) مذکر :۔ مفسد کی جمع۔ خرابیاں جھگڑے ۔

مفاصل (ع) مؤنث :۔ مفصل کی جمع۔ بدن کے جوڑ۔ گرہ ۔

مفاوضات (ع) مذکر :۔ مفاوضہ کی جمع۔ وہ خط جو بزرگوں کو لکھے جائیں ۔

مفاوضہ (ع) مذکر :۔ چھٹی۔ خط ۔

مفت (ف) تابع فعل :۔ بغیر قیمت کے۔ بے فائدہ اکارت۔ بے سبب۔ بغیر محنت کے ۔

مفت خورا (ا) صفت :۔ بغیر قیمت یا محنت کے مال کھانے والا ۔

مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ہے (ا) کہاوت بن داموں لینے میں حلال یا حرام کا خیال نہیں رہتا ۔

مفتاح (ع) مؤنث :۔ کنجی۔ چابی ۔

مفتح (ع) مذکر :۔ فتح کرنے والا۔ جیتنے والا۔ کھولنے والا ۔

مفتخر (ع) مذکر :۔ فخر کرنے والا۔ شیخی کرنے والا ۔

مفتوح (ع) صفت :۔ کھولا گیا۔ فتح کیا گیا۔ وہ حرف جس پر زبر ہو ۔

مفتون (ع) صفت :۔ فریفتہ۔ عاشق۔ لٹو ۔

مفتی (ع) مذکر :۔ فتوے دینے والا۔ قاضی ۔

مفخر (ع) صفت :۔ فخر کیا گیا۔ بڑا بزرگ ۔

مفر (ع) صفت :۔ بھاگنے کی جگہ ۔

مفرح (ع) صفت :۔ فرحت دینے والا۔ خوش کرنیوالا ۔

مفرد (ع) صفت :۔ اکیلا۔ تنہا۔ ایک ۔

مفرور (ع) مذکر :۔ بھاگا ہوا۔ فراری ۔

مفروض (ع) صفت :۔ فرض کیا گیا۔ مانا گیا ۔

مفروق (ع) صفت :۔ فرق کیا گیا۔ جدا کیا گیا ۔

مفسد (ع) صفت :۔ فساد کرنیوالا۔ بغاوت کرنے والا ۔

مفسدانہ (ع۔ف) تابع فعل :۔ فساد کرنیوالوں کی طرح ۔

مفسدہ (ع) مذکر :۔ تباہی۔ جھگڑا۔ فساد ۔

مفسدہ پرداز (ع۔ف) صفت :۔ فساد کرنیوالا۔ دنگئی ۔

مُفَسِّر (ع) صفت:۔ تفسیر کرنے والا معنی بیان کرنیوالا ٭
مُفصِل (ع) مذکر:۔ بدن کا جوڑ ٭
مُفَصَّل (ع) مذکر:۔ تفصیل کیا گیا۔ کُھلا ہُوا ٭
مُفَصَّلات (ع) مذکر:۔ اردگرد کے گاؤں ٭
مَفعُول (ع) صفت:۔ کام کیا گیا۔
مذکر:۔ وہ اسم جس پر کوئی فعل واقع ہو ٭
مَفعُول بِہ (ع) مذکر:۔ وہ مفعول جس پر کوئی فعل واقع ہو ٭
مَفعُول فِیہ (ع) مذکر:۔ وہ مفعول جو وقوع فعل کے مکان یا زمانے پر دلالت کرے ٭
مَفعُول لہٗ (ع) مذکر:۔ وہ مفعول جو فعل کے سبب پر دلالت کرے ٭
مَفعُول مُطلَق (ع) مذکر:۔ وہ حاصل مصدر جو بطور مفعول کے فعل کے ساتھ آئے ٭
مَفعُول مَعَہٗ (ع) مذکر:۔ وہ مفعول جو ہمیشہ مفعول بہ کا شریک حال ہو ٭
مَفعُول مِنہُ (ع) مذکر:۔ وہ مفعول جو فعل کے آلہ ہونے پر دلالت کرے ٭
مَفقُود (ع) صفت:۔ کھویا ہوا۔ الوپ۔ غایب ٭
مُفلِس (ع) صفت:۔ غریب۔ جس کے پاس پیسہ نہ ہو ٭
مُفلِسی (ت) مؤنث:۔ غریبی۔ محتاجی ٭
مُفلِسی میں آٹا گیلا ہونا۔ (ا) غریبی میں خرچ پڑ جانا۔ تکلیف میں تکلیف ہونا ٭
مَفلُوج (ع) صفت:۔ وہ شخص جس کو فالج یا جھولے کی بیماری ہو ٭
مَفلُوک (ع) صفت:۔ غریب۔ کنگال۔ تباہ حال ٭
مَفلُوکُ الحال (ع) صفت:۔ تباہ حال۔ غریب ٭
مُفَوَّض یا مُفَوَّضَہ (ع) صفت:۔ سپرد کیا ہوا۔ امانت رکھا ہوا ٭
مَفہُوم (ع) صفت:۔ جو سمجھ میں آجائے۔
مذکر:۔ منشا۔ مُدعا۔ عقل۔ سمجھ ٭
مُفِید (ع) صفت:۔ فایدہ دینے والا ٭

(م ق)

مَقابِر (ع) مذکر:۔ مقبرہ کی جمع۔ قبریں ٭
مُقابِل (ع) صفت:۔ سامنے آنے والا۔ دشمن۔ برابر۔ مانند ٭
مُقابِل ہونا (ا) سامنے ہونا۔ برابری کرنا ٭
مُقابَلَہ (ع) مذکر:۔ آمنا سامنا۔ برابری۔ پڑتال۔ مُٹھ بھیڑ لڑائی ٭
مُقابَلَہ کرنا (ا) ملانا۔ مُطابقت کرنا۔ مخالفت کرنا۔ بحث کرنا۔ دھڑا باندھنا۔ جنگ کرنا ٭
مُقابلے پر آنا (ا) آمنا سامنا ہونا۔ لڑنے کو کھڑا ہونا ٭
مُقابہ (ا) مذکر:۔ صندوقچہ جس میں عورتیں سنگار کا سامان رکھتی ہیں ٭
مُقاتَلَہ (ع) مذکر:۔ باہم قتل کرنا۔ جُدھ۔ جنگ ٭
مَقادِیر (ع) مؤنث:۔ اندازے۔ شمار ٭
مُقارَبَت (ع) مؤنث:۔ نزدیکی۔ صُحبت ٭
مَقاصِد (ع) مذکر:۔ مقصد کی جمع۔ بہت سے مطلب ٭
مَقال (ع) مؤنث:۔ گفتگو۔ بات چیت ٭
مَقالَہ (ع) مذکر:۔ کہی ہوئی بات۔ کتاب کا باب حصہ ٭
مَقام (ع) مذکر:۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ٹھکانا۔ ٹھہراؤ۔ (ا) موقع۔ وقت ٭
مَقامات (ع) مذکر:۔ مقام کی جمع۔ جگہیں۔ ٹھکانے۔ ادب کی وہ کتاب جس کے مختلف باب مختلف مقاموں کے نام سے منسوب ہوتے ہیں ٭
مَقام کرنا (ا) ٹھہرنا۔ اُترنا ٭
مَقامی (ع) صفت:۔ کسی جگہ کے متعلق۔ قایم۔ ٹھہرا ہوا ٭
مَقبَرَہ (ع) مذکر:۔ قبر کی جگہ۔ درگاہ ٭
مُقبِل (ع) صفت:۔ قبول کرنے والا۔ سامنے ہونیوالا اچھی قسمت والا ٭
مَقبُول (ع) صفت:۔ قبول کیا گیا۔ جس کی بات مانی جائے ٭
مَقبُوضہ (ع) صفت:۔ قبضہ کیا گیا۔ وہ چیز جس پر قبضہ کیا جائے

مَقبُول (ع) قبول کیا گیا۔ مانا گیا۔ پسند کیا گیا۔ پیارا۔ بھگت ٭

مَقبُولِیت (ع) مؤنث:۔ منظوری۔ ماننا ٭

مُقتَبِس (ع) صفت:۔ اقتباس کرنے والا۔ دوسرے کا قول نقل کرنے والا۔ روشنی لینے والا ٭

مُقتَدا (ع) مذکر:۔ جس کی پیروی کی جائے۔ پیشوا ٭

مُقتَدِر (ع) صفت:۔ قدرت رکھنے والا۔ طاقت رکھنے والا ٭

مُقتَدِی (ع) مذکر:۔ پیروی کرنے والا۔ امام کے پیچھے کھڑا ہونے والا ٭

مُقتَضا (ع) صفت:۔ تقاضا کیا گیا۔ چاہا گیا۔
مجازاً:۔ مطلب۔ منشا ٭

مُقتَضِی (ع) صفت:۔ تقاضا کرنے والا۔ چاہنے والا ٭

مَقتَل (ع) مذکر:۔ قتل کرنے کی جگہ ٭

مَقتُول (ع) صفت:۔ قتل کیا گیا۔
مذکر:۔ مجازاً:۔ عاشق۔ مٹا ہوا ٭

مِقدَار (ع) مذکر:۔ اندازہ۔ شمار۔ وزن۔ ڈیل ڈول۔ مجموعہ ٭

مُقَدَّر (ع) صفت:۔ پہلے سے لکھا ہوا۔
مذکر:۔ وہ لفظ یا کلمہ جو عبارت میں نہ ہو۔ مگر اسکے معنی لئے جائیں۔ قسمت۔ تقدیر ٭

مُقَدَّر آزمانا (ل) قسمت کا امتحان کرنا ٭

مُقَدَّر آزمائی (ل) قسمت کا امتحان ٭

مُقَدَّر چمکنا (ل) نصیبہ جاگنا۔ دن پھرنا ٭

مُقَدَّس (ع) مذکر:۔ پاک۔ پوِتر ٭

مُقَدَّسہ (ع) مؤنث:۔ پاک۔ پوِتر ٭

مُقَدَّم (ع) صفت:۔ آگے کیا گیا۔ آگے بڑھا ہوا۔ پہلا۔
(ل) ضروری۔
مذکر:۔ جسم کا اگلا حصہ۔ گاؤں کا چودھری ٭

مُقَدَّم جاننا (ل) سب سے اوّل خیال کرنا۔ اچھا جاننا۔ ضروری سمجھنا ٭

مَقدَم (ع) مذکر:۔ پاؤں رکھنے کی جگہ۔ کسی جگہ سے تشریف لانا ٭

مُقَدَّمات (ع) مذکر:۔ مقدمہ کی جمع ٭

مُقَدَّمہ (ع) مذکر:۔ شروع۔ وہ عبارت جو کتاب شروع کرنے سے پہلے لکھی جاتی ہے۔ دعوےٰ۔ نالش۔ واردات ٭
(ل) معاملہ۔ مسئلہ۔ بات ٭

مُقَدَّمہ بازی (ل) باہم نالش کرنا۔ مقدمے بنانا ٭

مُقَدَّمہ بنانا۔ اٹھانا۔ یا کھڑا کرنا (ل) جھگڑا اٹھانا۔ دعوےٰ کرنا ٭

مُقَدِّمہ (ع) صفت:۔ آگے چلنے والا ٭

مُقَدِّمۃُ الجَیش (ع) صفت:۔ لشکر کا وہ حصہ جو آگے بھیج دیا جاتا ہے ٭

مَقدُور (ع) مذکر:۔ وہ چیز جس پر قدرت ہو۔ طاقت قابو۔ پہنچ۔ قابلیت ٭
(ل) دولت۔ پونجی۔ چارہ۔ تدبیر ٭

مَقدُور ہونا (ل) حوصلہ ہونا۔ مجال ہونا۔ قابو ہونا۔ حیثیت ہونا۔ مال ہونا۔ سمائی ہونا ٭

مُقِر (ع) صفت:۔ اقرار کرنے والا۔ ماننے والا ٭

مِقرَاض (ع) صفت:۔ قینچی۔ کترنے کا اوزار ٭

مُقَرَّب (ع) صفت:۔ قریب کیا گیا۔ بزرگی دیا گیا۔
مذکر:۔ قریب بیٹھنے والا۔ خاص دوست ٭

مُقَرَّر (ع) صفت:۔ قرار کیا گیا۔ چکایا گیا۔ کسی کام پر لگایا گیا۔ تول دیا گیا۔
(ل) تابع فعل:۔ ضرور۔ بے شک ٭

مُقَرَّر کرنا (ل) قرار دینا۔ ٹھہرانا۔ جگہ دینا۔ چکانا۔ لگانا ٭

مُقَرَّرہ (ع) صفت:۔ قرار دیا گیا۔ تجویز کیا گیا۔ ٹھہرایا گیا ٭

مَقرُوض (ع) مذکر:۔ اُدھار دیا ہوا۔ وہ شخص جس پر قرض ہو ٭

مَقسُوم (ع) صفت:۔ بانٹا ہوا۔

مذکر :- وہ عدد جس کو بانٹا ہو۔ حصہ۔ نصیب۔ تقدیر ؛

مَقسُوم جاگنا یا چمکنا (ا) نصیب جاگنا۔ دن اچھے آنا ؛

مَقسُوم عَلَیہ (ع) مذکر :- وہ عدد جس پر تقسیم کیا ہو ؛

مُقَشَّر (ع) صفت :- چھلکا اتارا ہوا ؛

مَقصَد (ع) مذکر :- وہ جگہ جہاں کا ارادہ کیا جائے۔ مطلب مراد۔ نیت ؛

مَقصُود (ع) صفت :- ارادہ کیا گیا۔ موقوف رکھا گیا۔ مراد۔ مطلب ؛

مَقصُور یا مَقصُورہ (ع) صفت :- کم کیا گیا۔ چھوٹا کیا گیا ؛

مُقَطَّر (ع) صفت :- ٹپکایا ہوا۔ قطرہ قطرہ کر کے ڈالا ہوا ؛

مَقطَع (ع) مذکر :- غزل یا قصیدے کا آخری شعر جس میں شاعر کا تخلص ہوتا ہے ؛

مُقَطَّع (ع) صفت :- تراشا ہوا۔ سجایا ہوا۔ پاک کیا گیا ؛

مُقفَل (ع) صفت :- تالا لگا ہوا ؛

مُقَفّیٰ (ع) قافیہ دار۔ تک بندی کیا گیا ؛

مُقَلِّب (ع) صفت :- بدلنے والا۔ پلٹنے والا ؛

مُقَلِّد (ع) صفت :- پیروی کرنے والا۔ پیرو۔ مرید ؛

مَقلُوب (ع) صفت :- الٹا ہوا۔ علم بیان کی ایک صنعت کا نام ؛

مِقناطِیس (یونانی) ایک قسم کا پتھر جو لوہے کو اپنی طرف کھینچ لیتا ہے ؛

مَقُولہ (ع) مذکر :- بات۔ قول۔ بچن ؛

مُقَوّی (ع) صفت :- قوت دینے والا۔ طاقت دینے والا ؛

مَقہُور (ع) صفت :- جس پر قہر کیا گیا ہو۔

مِقیَاس (ع) اندازہ۔ پیمانہ۔ وہ چیز جس سے کسی چیز کا اندازہ کریں ؛

مُقَیَّد (ع) صفت :- قید کیا گیا۔ قیدی ؛

مُقَیش (ا) مذکر :- چاندی یا سونے کا گوٹہ ؛

مُقَیشی (ا) صفت :- چاندی یا سونے کے تاروں کا ؛

مُقِیم (ع) صفت :- قیام کرنے والا۔ ٹھہرنے والا ؛

مذکر :- سبزی وغیرہ اگتی کے طور پر زراعت کرنیوالا ؛

(م ک)

مُکّا (ہ) مذکر :- گھونسا۔ دھوکا ؛

مُکّا چلنا (ا) گھونسوں کی لڑائی ہونا ؛

مُکّا سا لگنا (ا) دل پر چوٹ لگنا ؛

مُکَابَرہ (ع) مذکر :- غرور۔ لڑائی۔ جھگڑا ؛

مَکَاتِب (ع) مذکر :- مکتب کی جمع۔ مدرسے ؛

مُکَاتَبَت (ع) مؤنث :- آپس میں خط پتر لکھنا ؛

مَکَاتِیب (ع) مذکر :- مکتوب کی جمع۔ چٹھیاں۔ خطوط ؛

مَکّار (ع) صفت :- فریبی۔ دغاباز۔ جھوٹا ؛

مَکَارِم (ع) مذکر :- مکرمت کی جمع۔ بزرگیاں۔ مہربانیاں۔ خوبیاں ؛

مَکّارہ (ع) مؤنث :- مکر کرنے والی عورت۔ فریبن ؛

مَکّاری (ع) مؤنث :- فریب۔ دھوکے بازی۔ چالاکی ؛

مُکَافَات (ع) مؤنث :- عوض۔ بدلہ۔ ڈنڈ۔ کرنی کا پھل ؛

مُکَالمہ (ع) مذکر :- بات چیت۔ گفتگو۔ ڈرامہ ؛

مَکَان (ع) مذکر :- رہنے کی جگہ۔ گھر ؛

مَکَان لینا (ا) مکان خریدنا۔ مکان کرایہ پر لینا ؛

مَکَانَات (ع) مذکر :- مکان کی جمع ؛

مُکت (ہ) مذکر :- نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا ؛

مَکتَب (ع) مذکر :- لکھنے پڑھنے کی جگہ۔ مدرسہ ؛

مَکتَب خانہ (ع۔ ف) مذکر :- لڑکے پڑھانے کی جگہ۔ اسکول ؛

مُکتَسَب (ع) صفت :- کوشش سے حاصل کرنیوالا ؛

مُکتَفی (ع) صفت :- بس کرنے والا۔ کافی ؛

مَکتُوب (ع) مذکر :- لکھا ہوا۔ خط۔ چٹھی۔ لمبا لکھا ہوا کاغذ ؛

مَکتُوب اِلَیہ (ع۔ ف) جس کو خط بھیجا جائے ؛

مُکٹ (ہ) مذکر :- تاج۔ وہ تاج جو ہندو دولہا کے سر پر باندھتے ہیں ؛

مَکث (ع) مذکر :- دیر۔ ڈھیل ؛

مُکَدَّر (ع) صفت :- گدلا۔ میلا ؛

مَگر (س) مذکر:۔ مگر مچھ۔ آسمان کے ایک برج کا نام ٭
مَکر (ع) مذکر:۔ دھوکا۔ فریب۔ بہانہ جھوٹ۔ چالاکی ٭
مکر چاندنی (ا) مؤنث:۔ پچھلی رات کی دھندلی چاندنی ٭
مکر جانا (ہ) انکار کر جانا۔ امانت میں خیانت کر لینا ٭
مُکرّر (ع) تابع فعل:۔ دوبارہ۔ پھر ٭
مُکرّم (ع) صفت:۔ عزت دیا گیا۔ بزرگ ٭
مکرمت (ع) مؤنث:۔ بزرگی۔ مہربانی ٭
مکرنا (ہ) قول سے پھرنا۔ بے ایمانی کرنا ٭
مکروہ (ع) صفت:۔ جس سے نفرت کی جائے۔ گھناؤنا ٭
مکروہات (ع) مؤنث:۔ مکروہ کی جمع۔ ایسی چیزیں جن سے نفرت کی جائے ٭
مُکری (ہ) مؤنث:۔ ایک قسم کی ہندی پہیلی ٭
مکڑا (ہ) مذکر:۔ بڑی مکڑی ٭
مکڑنا (ا) اکڑنا۔ کنارہ کرنا ٭
مکڑی (ہ) مؤنث:۔ ایک کیڑے کا نام ٭
مکسّر (ع) صفت:۔ ٹوٹا ہوا۔ حساب:۔ لمبائی۔ چوڑائی اور اونچائی کا حاصل ضرب ٭
مکسور یا مکسورہ (ع) مذکر:۔ وہ حرف جس کے نیچے زیر ہو۔ مُفرد کسرہ ٭
مکشوف (ع) صفت:۔ کھولا گیا۔ ظاہر ٭
مکفول (ع) صفت:۔ ضمانت میں رکھا گیا۔ آڑ رکھا گیا ٭
مُکلاوہ (ہ) مذکر:۔ ہندو:۔ دلہن کا شادی کے بعد دولہا کے گھر جانا ٭
مُکلّف (ع) صفت:۔ تکلیف دینے والا۔ دعوت دینے والا ٭
مکمل (ع) صفت:۔ پورا کیا گیا۔ تمام ٭
مکنت (ع) مؤنث:۔ طاقت۔ قدرت ٭
مکنون (ع) صفت:۔ چھپا ہوا۔ ڈھکا ہوا ٭
مکو (ہ) مؤنث:۔ ایک بوٹی اور اس کے پھل کا نام ٭
مکوڑا (ہ) مؤنث:۔ بڑا کیڑا ٭
مکھ (ہ) مذکر:۔ منہ ٭

مکہ (ع) مذکر:۔ عرب کے ایک مشہور اور مقدس شہر کا نام۔ جہاں کعبہ شریف واقع ہے ٭
مکھڑا (ہ) مذکر:۔ پیارا منہ۔ پیارا پیارا چہرہ ٭
مکھن (ہ) مذکر:۔ کچا گھی۔ بن تایا گھی ٭
مکھی (ہ) مذکر:۔ مذکر:۔ ایک مشہور اڑنے والے کیڑے کا نام۔ بندوق کے منہ کے قریب کا وہ نشان جس سے شست باندھتے ہیں ٭
مکھی چوس (ہ) مذکر:۔ نہایت کنجوس۔ بہت کنٹک ٭
مکھی چھوڑنا ہاتھی نگلنا (ہ) چھوٹی باتوں میں ایمانداری بڑی باتوں میں بے ایمانی ٭
مکھی کی طرح نکال ڈالنا (ہ) بالکل کوئی واسطہ نہ رکھنا ٭
مکھی کی مکھی مارنا (ہ) جوں کی توں نقل کرنا ٭
مکھی مار (ہ) مذکر:۔ وہ شخص جس سے نہایت گھن آئے جوں کی توں نقل کرنے والا۔ ایک جانور کا نام جو مکھیاں مارتا ہے ٭
مکھی ناک پر نہ بیٹھنے دینا (ہ) کسی کا احسان نہ اٹھانا ٭
مُکھیا (ہ) سردار۔ بانی۔ پیشوا ٭
مکھیاں مارنا (ہ) ہاتھ پہ ہاتھ دھرے رہنا۔ بیکار ہونا ٭
مُکی (ہ) مؤنث:۔ مٹھی ٭
مُکی دینا (ہ) آٹا گوندھنا ٭
مکئی (ہ) مؤنث:۔ ایک غلہ کا نام ٭
مکیانا (ہ) مُکی دے کر آٹا گوندھنا ٭
مکینکس (انگ) مذکر:۔ کلوں کا علم ٭
مکین (ع) مذکر:۔ مکان میں رہنے والا ٭

(م گ)

مُگدر (ہ) ایک قسم کی موگری جس سے پہلوان ورزش کرتے ہیں ٭
مگدھ (س) مذکر:۔ پٹنہ بہار کا علاقہ ٭
مگر (ف) حرف استثنا:۔ پر۔ لیکن۔ شاید۔ ہاں ٭
مگر (ہ) مذکر:۔ گھڑیال۔ مگر مچھ۔ کان کا ایک زیور ٭
مگر مچھ (ا) مذکر:۔ گھڑیال ٭

مَگس (ف) مؤنث:- مکھی ۔

مَگس راں (ف) مذکر:- چوری - چنور - مورچھل ۔

مَگس رانی (ف) مؤنث:- مکھیاں اڑانے کی خدمت - چوری کرنا ۔

مَگن (س) صفت:- آنند - خوش - مست ۔

(م ل)

مُل (ف) مؤنث:- شراب ۔

مُلّا (ع) صفت:- بہت لکھنے والا - بہت پڑھا ہُوا -
(ا) مسلمانوں کی مذہبی رسوم ادا کرانے والا ۔

مُلّا کی ماری حلال (ا) کہاوت:- بڑے آدمی کا بُرا کام بھی اچھا ۔

مُلّاگری (ع - ف) مؤنث:- مُلّا کا کام - لڑکے پڑھانا ۔

مِلاپ (ہ) مذکر:- میل جول - صُلح - دوستی - سلوک ۔

مِلا جُلا (ہ) صفت:- آپس میں مِلا ہُوا - خلط ملط ۔

مَلّاح (ع) مذکر:- ناؤ چلانے والا ۔

مَلاحت (ع) مؤنث:- سلونا پن - سانولاپن - خوبصورتی ۔

مُلاحظہ (ع) مذکر:- دیکھنا - غور - لحاظ - طرفداری ۔

مَلّاحی (ع) مؤنث:- ملّاح کا کام - ناؤ کی مزدوری -
(ا) گالی گلوچ ۔

مَلار (ہ) مذکر:- برسات کے موسم کا گیت ۔

مُلازِم (ع) مذکر:- پاس رہنے والا - نوکر ۔

مُلازمت (ع) مؤنث:- نوکری - خدمت ۔

مُلازمت پیشہ (ع - ف) مذکر:- نوکری کرنے والا ۔

مُلاطفت (ع) مؤنث:- نیکی - بھلائی - مہربانی ۔

مُلاقات (ع) مؤنث:- مِلنا جُلنا - میل ملاپ - دوستی ۔

مُلاقاتی (ا) مذکر:- مِلنے والا - ملاقات رکھنے والا ۔

مُلاقی (ع) مذکر:- مِلنے والا - ملاقات کرنے والا ۔

مَلاگیر (ہ) مذکر:- دکن کے ایک پہاڑ کا نام ۔

مَلاگیری (ہ) صفت:- صندل کے رنگ کا ۔

مَلال (ع) مذکر:- رنج - غم - طبیعت کا گھٹاؤ ۔

مِلا لینا (ہ) گانٹھ لینا - شامل کر لینا - مقابلہ کر کے مطابقت کر لینا ۔

مَلام (ع) مذکر:- ملامت - پھٹکار ۔

مَلامتی (ا) صفت:- جس کو ملامت کی جائے - لعنتی ۔

مِلان (ہ) مذکر:- مقابلہ - مِلاپ - فیصلہ - میزان ۔

مِلانا (ہ) مطابق کرنا - گڈمڈ کرنا - ملاپ کرانا - ملاقات کرانا - شامل کرنا - ایک کرنا - لڑانا - بھڑانا ۔

مُلّانہ (ا) مذکر:- مسجد کی روٹیاں کھانے والا - سیدھا سلوبا آدمی - پکا آدمی ۔

مُلّانی (ا) مؤنث:- مُلّا کی بیوی - پڑھانے والی عورت ۔

مِلاوٗ (ا) مذکر:- میل - رلاؤ - کھوٹ ۔

مَلائی (ہ) مؤنث:- دودھ کے اوپر کی پپڑی - مالش ۔

مَلائیاں اُڑانا (ہ) چٹ کرنا - کسی کا مال کھانا ۔

مَلائک یا ملائکہ (ع) مذکر:- ملک کی جمع - فرشتے ۔

مُلائم (ع) صفت:- لائق - جوگ -
مجازاً:- نرم - کومل - دیاوان - رحمدل ۔

ملائم کرنا (ا) دھیما کرنا - غصہ دور کرنا - نرم کرنا - بھاؤ گھٹانا ۔

ملائمت (ع) مؤنث:- مناسب ہونا -
مجازاً:- نرمی - نزاکت ۔

مَلبوس (ع) صفت:- پہننے کے کپڑے - پوشاک ۔

مَلبوسات (ع) مذکر:- ملبوس کی جمع - پوشاکیں ۔

مِل بیٹھنا (ہ) سلوک سے بیٹھنا - صُلح کر لینا ۔

مِلت (ع) مؤنث:- دین - دھرم - پنتھ - قوم ۔
(ہ) مؤنث:- میل جول - سنگت ۔

مُلتانی (ہ) مؤنث:- ملتان کی مٹی - گاچنی - ملتان سے متعلق - مُلتان کا باشندہ - ایک راگنی کا نام ۔

مُلتجی (ع) صفت:- ڈھونڈنے والا - منت سماجت کرنے والا - درخواست کرنے والا ۔

مُلتزم (ع) صفت:- اپنے پر لازم جاننے والا - ساتھ رہنے والا -
مذکر - محصول اگاہنے والا - گھاٹ یا سڑک کا محصول ۔

مُلتفِت (ع) صفت:- توجہ کرنے والا ٭

مُلتمِس (ع) مذکر:- عرض کرنے والا - درخواست کرنیوالا ٭

مُلتوی (ع) صفت:- دیر کرنے والا - رکنے والا - ٹھہرنے والا ٭

مُلتوی کرنا (ا) روکنا - کچھ دنوں کے لئے ٹھہرانا

مُلتہَب (ع) صفت:- بھڑکا ہوا - شعلے مارتا ہوا ٭

مُلتہِب (ع) صفت:- بھڑکانے والا - بھڑکنے والا ٭

مَلَٹ (ا) مذکر:- موٹا کاغذ ٭

مَلجا (ع) مذکر:- پناہ ملنے کی جگہ ٭

مِل جانا (ہ) مِٹ جانا - صُلح ہو جانا - گڈمڈ ہو جانا - شامل ہو جانا - حاصل ہو جانا ٭

مِل چلنا (ا) سلوک اور محبت سے رہنا - لگ چلنا ٭

مُلحِد (ع) مذکر:- خدا سے پھرنے والا - کافر ٭

مُلحَق (ع) صفت:- جُڑا ہوا - ملا ہوا - قریب ٭

مُلحِق (ع) صفت:- پیچھے لگ چلنے والا - شامل ٭

ملحوظ (ع) صفت:- لحاظ کیا گیا - خیال کیا گیا ٭

مَلخ (ف) مونث:- ٹڈی ٭

ملخص (ع) صفت:- پاک کیا گیا - خالص - خلاصہ ٭

مَلذُوذ (ع) صفت:- مزے دار - لذت دار ٭

مُلزَم (ع) صفت:- جس پر الزام لگایا گیا ہو - گنہگار ٭

مَلزُوم (ع) صفت:- لازم کیا گیا - جو جدا نہ ہو سکے ٭

مُلطِف (ع) مونث:- پتلا کرنے والی دوا ٭

ملعُون (ع) صفت:- لعنت کیا گیا - پھٹکارا ہوا ٭

ملفُوظ (ع) مذکر:- بزرگوں کا کلام ٭

ملفُوظات (ع) مذکر:- ملفوظ کی جمع ٭

ملفُوف (ع) صفت:- لفافہ میں بند کیا ہوا - لپیٹا ہوا ٭

مُلقّب (ع) صفت:- لقب دیا گیا - معروف ٭

مَلَک (ع) مذکر:- فرشتہ - دیوتا ٭

مَلَکُ المَوت (ع) مذکر:- موت کا فرشتہ - جم ٭

مَلَک سِیرت (ع) صفت:- فرشتے کی سی سیرت رکھنے والا - نیک ٭

مِلک (ع) مونث:- ملکیت - جاگیر - مال اسباب - حقیقت ٭

مُلک (ع) مذکر:- دیس - راج - علاقہ - ولایت - (ا) خلقت - لوگ ٭

مُلک ستانی یا مُلک گیری (ع - ف) مونث:- ملک لینا یا فتح کرنا - بادشاہی ٭

مَلِک (ع) مذکر:- بادشاہ - راجہ ٭

مَلِکُ التجّار (ع) مذکر:- سوداگروں کا بادشاہ - بہت بڑا سوداگر ٭

مَلِکُ الشُعرا (ع) مذکر:- شاعروں کا بادشاہ - بہت بڑا شاعر ٭

مَلکات (ع) مذکر:- ملکہ کی جمع - لیاقتیں - عادتیں - سبھاؤ - جوہر ٭

مَلکوت (ع) مذکر:- بادشاہی - قبضہ - فرشتوں کا جہان ٭

مَلکہ (ع) مذکر:- کسی چیز کے حاصل کرنے کی قوت - لیاقت - ہنر ٭

مَلکہ ہونا (ا) کسی بات کا کمال ہونا - مہارت ہونا ٭

مَلِکہ (ع) مونث:- رانی - بادشاہ کی بیوی - حکومت کرنے والی عورت ٭

مِلکی (ع) مذکر:- جاگیر والا - مال اسباب رکھنے والا ٭

مُلکی (ع) صفت:- مُلک سے نسبت رکھنے والا ٭

مَلَکی (ع) صفت:- فرشتہ سے متعلق - فرشتہ جیسی ٭

ملکیّت (ع) مونث:- جائیداد - مال اسباب - زمینداری ٭

مَلگجا یا ملگجی (ہ) صفت:- کچھ میلا کچھ اُجلا - کچھ صاف کچھ نہیں ٭

مِلَل (ع) مذکر:- ملت کی جمع - مذہب ٭

مُلمّع (ع) صفت:- جھول پھرا ہوا - چمکتا ہوا - مذکر:- گلٹ - جھول - دکھاوا - وہ شعر جس میں ایک بیت یا ایک مصرعہ عربی ہو اور ایک فارسی ٭

مُلمّع ساز (ف) مذکر:- گلٹ کرنے والا - جھول پھیرنے والا ٭

مَلُول (ع) اسم صفت :- اداس۔ غمگین۔ رنجیدہ ؛
مُلہِم (ع) اسم فاعل :- الہام کرنے والا۔ خدا ؛
مُلہَم (ع) اسم مفعول :- جس پر الہام ہو۔ پیغمبر ؛
مُلَیٹھی (ہ) مؤنث :- ایک دوا جو کھانسی میں مفید ہے ؛
مِلی بھگت (ہ) مؤنث :- سازش ؛
مَلیح (ع) اسم صفت :- نمکین۔ سانولا ؛
مَلیدہ (ف) مذکر :- چوری۔ ملی ہوئی روٹی ؛
مُلَیِّن (ع) اسم فاعل :- نرم کرنے والا ؛
مُلَیَّن (ع) اسم مفعول :- نرم کیا ہوا ؛

(م ۔ م)

مَمات (ع) مؤنث :- موت ؛
مُماثِل (ع) اسم صفت :- ایک جیسا ؛
مُماثَلت (ع) حاصل مصدر :- مؤنث :- ایک جیسا ہونا ؛
مُماس (ع) اسم فاعل :- چھونے والا ؛
مَمالِک (ع) مذکر :- جمع ملک کی۔ بہت سے ملک ؛
مُمانعت (ع) مؤنث :- حاصل مصدر :- روک۔ بندش ؛
مِمبر (انگ) رکن۔ شریک ؛
مُمتاز (ع) اسم صفت :- تمیز کیا گیا۔ نامور ؛
مُمتحِن (ع) مذکر :- امتحان لینے والا ؛
مُمتنِع (ع) اسم مفعول :- روکا گیا ؛
مُمِد (ع) اسم فاعل :- مدد کرنے والا ؛
مَمدُوح (ع) مذکر :- اسم مفعول :- جس کی تعریف کی جائے ؛
مَمدُوحہ (ع) مؤنث :- اسم مفعول :- جس عورت کی تعریف کی جائے ؛
مُمسِک (ع) مذکر :- کنجوس ؛
مُمکِن (ع) جو بات ہو سکے ؛
مَملکت (ع) مؤنث :- بادشاہی ؛
مَملُو (ع) اسم صفت :- بھرا ہوا ؛
مَملُوک (ع) مِلک ۔ غلام ۔ قبضے کی چیز ؛
مَمنُوع (ع) اسم صفت :- جس سے منع کیا جائے ؛
مَمنُون (ع) اسم صفت :- احسان مند ؛

مَمولا (ہ) مذکر :- ایک پرندے کا نام ؛
مُمیرا (ہ) بینائی کو فائدہ دینے والی ایک دوا ؛
مِمیانا (ہ) مصدر :- بکری کی آواز نکالنا ؛

(م ۔ ن)

مَن (ہ) دل ۔
(ف) وزن ۔
(ع) بنی اسرائیل کی قدرتی خوراک ؛
مَن اٹکنا (ہ) مصدر :- محبت ہو جانا ؛
مُناجات (ع) مؤنث :- دعا ؛
مُنادی (ع) مذکر :- ڈھنڈورہ پیٹنے والا ؛
مَنارہ (ع) مذکر :- اونچا ستون ؛
مَنازِل (ع) مؤنث :- منزل کی جمع ؛
مُناسِب (ع) صفت :- موزوں ۔ اچھا ؛
مُناسبت (ع) حاصل مصدر :- مؤنث :- لگاؤ ؛
مَناسِک (ع) مذکر :- حج کے ارکان ؛
مَناصِب (ع) مذکر :- رتبے ۔ درجے ۔ منصب کی جمع ؛
مُناظرہ (ع) مذکر :- بحث ۔ جھگڑا ؛
مَنافِع (ع) مذکر :- نفع کی جمع ۔ اردو میں واحد بھی آتا ہے
مُنافِق (ع) صفت :- دل کا کچھ زبان کا کچھ ۔ مکار ؛
مَناقِب (ع) مذکر :- تعریف کی جمع ؛
مُناقشہ (ع) مذکر :- جھگڑا ؛
مُناکحت (ع) حاصل مصدر ۔ مؤنث :- نکاح کرنا ؛
مَنال (ع) مذکر :- مال اسباب ؛
مَنانا (ہ) راضی کرنا ؛
مَناہی (ع) نہی کی جمع :- بُرے کاموں سے روکنے والے احکام ؛
مُنَبَّت کاری (ع ۔ ف) بیل بوٹے بنانا ؛
مِنبر (ع) اسم ظرف :- مذکر :- وعظ کہنے کی جگہ ؛
مَنبع (ع) اسم ظرف :- دریا نکلنے کی جگہ ؛
مَن بھاری کرنا (ہ) اداس ہونا ؛

مَن پھٹ جانا (ہ) ناراض ہونا ٭

مِنّت (ع) مؤنث :- احسان - خوشامد ٭

مَنّت (ع) خدمت - نذر - بھینٹ - سُوکھنا ٭

منت بڑھانا (ل) نذر پوری کرنا - تعویذ وغیرہ گلے سے اتارنا ٭

مُنتشِر (ع) مذکر :- پھیلا ہُوا ٭

مَنتر (ہ) مذکر :- جادو ٭

مُنتخَب (ع) مذکر :- چھانٹا ہُوا ٭

مُنتظِر (ع) اسم فاعل :- راہ دیکھنے والا ٭

مُنتقِل (ع) مذکر - اسم فاعل :- ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا ٭

مُنتقِم (ع) مذکر :- اسم فاعل :- بدلہ لینے والا ٭

مُنتہی (ع) مذکر - اسم فاعل :- انتہا کو پہنچنے والا ٭

مَنثور (ع) اسم مفعول :- بکھرا ہُوا ٭

مُنتِج (ع) اسم فاعل - مذکر :- نتیجہ دینے والا ٭

مَنجا (ہ) چارپائی ٭

مُنجلی (ع) اسم صفت :- روشن ٭

مُنجِّم (ع) مذکر :- نجومی - جوتشی ٭

مُنجمد (ع) مذکر :- جما ہُوا ٭

مَنجن (ہ) مذکر :- دانت کی دوا ٭

منجدھار (ہ) مؤنث :- دریا کے بیچ کی دھار ٭

منجھلا (ہ) مذکر :- بیچ کا - درمیانی ٭

منجھنا (ہ) مصدر :- صاف ہونا - تجربہ کار ہونا ٭

مَن جیتنا (ہ) مصدر :- نفس پر قابو پانا ٭

مُنحرِف (ع) مذکر :- پھرا ہُوا ٭

مُنحصر (ع) اسم مفعول :- انحصار کیا گیا - موقوف ٭

مُنحنی (ع) مذکر :- دُبلا - کمزور - کُبڑا ٭

مَنحوس (ع) اسم صفت :- چندرا - بدبخت ٭

مَندا (ہ) مذکر :- بے رونق - سستا ٭

مَندر (ہ) مذکر :- عبادت کی جگہ ٭

مُندرج (ع) لکھا ہُوا ٭

مُندری (ہ) مؤنث :- انگوٹھی ٭

مُندنا (ہ) مصدر :- بند ہونا ٭

مُنڈا (ہ) مذکر :- بے نوک کا جُوتا ٭

منڈاسا (ہ) مذکر :- پگڑی - دوپٹہ ٭

منڈپ (ہ) مذکر :- جگہ ٭

منڈچِرا (ہ) مذکر :- وہ فقیر جو سر زخمی کر کے مانگے ٭

منڈل (ہ) مذکر :- دائرہ - گھیرا - حلقہ ٭

مُنڈلانا (ہ) مصدر :- ارد گرد پھرنا ٭

منڈلی (ہ) مؤنث :- جماعت - مجلس ٭

مُنڈنا (ہ) لُٹ جانا - حجامت بنوانا ٭

منڈوا (ہ) مذکر :- عارضی جھونپڑا - ایک قسم کا اناج ٭

منڈی (ہ) مؤنث :- خرید و فروخت کی جگہ - مارکٹ ٭

منڈھنا (ہ) مصدر :- ڈھانپنا ٭

مُنڈیر (ہ) مؤنث :- چھت کا کنارا ٭

مَنزِل (ع) مؤنث :- پڑاؤ - مکان کا ایک درجہ ٭

مُنزّہ (ع) اسم صفت :- پاک ہونا ٭

مُنسلک (ع) مذکر :- پرویا ہُوا - نتھی کیا ہُوا ٭

مَنّ وسلوےٰ (ع) ترنجبین اور بٹیر - وہ کھانا جو بنی اسرائیل کو بیابان میں ملا تھا ٭

مُنسرِح (ع) آسان - عروض کی ایک بحر کا نام ہے - جس کا سالم وزن یہ ہے :-

مُستفعلن مفعولات - مستفعلن مفعولات

مَنسوخ (ع) مذکر :- بند کیا ہُوا - رد کیا ہُوا - ہٹایا ہُوا ٭

مَنش (ف) طبیعت - مزاج ٭

منشا (ع) مذکر :- ارادہ - مُراد ٭

منشور (ع) مذکر :- پھیلا ہُوا - بادشاہی حکم ٭

مُنشی (ع) مذکر :- لکھنے والا ٭

مُنشی (ع) اسم صفت :- نشہ والی چیز ٭

مَنصب (ع) مذکر :- مرتبہ - درجہ ٭

مُنصرم (ع) مذکر :- انتظام کرنے والا ٭

مُنصِف (ع) مذکر :- انصاف کرنے والا ٭

مَنصفی (ع) مونث :- انصاف کی جگہ - عدالت ۔

مَنصُوبہ (ع) مذکر :- ارادہ ۔

مَنصُور (ع) مذکر :- جس کی مدد کی جائے - ایک بزرگ کا نام بھی ہے ۔

مَنَصّہ (ع) مذکر :- ظاہر ہونے کی جگہ ۔

مَنطِق (ع) مونث :- صحیح دلیل لانے کا علم ۔

مُنطبق (ع) مذکر :- برابر - مطابق - ایک دوسرے پر ٹھیک رکھا ہوا ۔

مَنطِقہ (ع) مذکر :- دائرہ - حلقہ - کمربند ۔

مَنظر (ع) مذکر :- دیکھنے کی جگہ - سین ۔

مَنظُور (ع) مذکر :- پسند کیا گیا - دیکھا گیا ۔

مَنظُوم (ع) اسم مفعول :- نظم کیا گیا - پرویا گیا ۔

مَنع (ع) باز رکھنا - روکنا ۔

مُنعطِف (ع) اسم فاعل - پھرنے والا ۔

مُنعقِد (ع) اسم فاعل :- بندھنے والا - اکٹھے ہونے والا ۔

مُنعکِس (ع) اسم فاعل :- عکس قبول کرنے والا ۔

مُنفصلہ (ع) اسم مفعول :- فیصلہ کیا گیا ۔

مُنفعِل (ع) مذکر :- اثر قبول کرنے والا - شرمندہ ۔

مَنفعت (ع) حاصل مصدر - مونث :- فائدہ - نفع

مَنفی (ع) مذکر :- گھٹایا گیا ۔

مُنقاد (ع) مذکر :- مطیع - ماتحت ۔

مِنقار (ع) مونث :- چونچ ۔

مَنقبت (ع) مونث :- تعریف ۔

مُنقبِض (ع) مذکر :- سمٹا ہوا ۔

مُنقسِم (ع) مذکر :- بانٹا ہوا ۔

مُنقش (ع) مذکر :- بیل بوٹے دار ۔

مُنقطِع (ع) مذکر :- کاٹا ہوا ۔

مَنقُوش (ع) مذکر :- نقش کیا ہوا ۔

مَنقُوط (ع) مذکر :- نقطوں والا ۔

مَنقُول (ع) مذکر :- نقل کیا ہوا ۔

مُنقّیٰ (ع) مونث :- بڑی کشمش ۔

مَنکا (ہ) دانہ ۔

مَنکا ڈھلنا (ہ) مرتے وقت گردن ڈھل جانا ۔

مَن کا کھوٹا (ہ) خراب - دغاباز ۔

مَن کچا کرنا (ہ) ہمت ہارنا ۔

مُنکِر (ع) مذکر :- انکار کرنے والا ۔

مُنکسِر (ع) مذکر :- ٹوٹا ہوا - تواضع کرنے والا ۔

مُنکشِف (ع) مذکر :- ظاہر - کھلا ۔

مَنکُوحہ (ع) مونث :- بیوی - جس سے نکاح کیا جائے ۔

مَن کھٹا ہونا (ہ) نفرت - بیزاری ۔

مَنگانا (ہ) حاصل کرنا - طلب کرنا ۔

مَنگل (ہ) مذکر :- سہ شنبہ - خوشی ۔

مَنگنی (ہ) مونث :- نسبت ۔

مینگنی (ہ) مونث :- بکری کی لید ۔

منگیتر (ہ) جس سے منگنی ہو ۔

مَن لینا (ہ) محبت کرنا - عاشق بنانا ۔

مَن مارنا (ہ) خواہش پر قابو پانا ۔

مَنا (ہ) راضی ہونا ۔

مَن وعَن (ع) پورا پورا - حرف بحرف ۔

منو (ہ) ہندوؤں میں مشہور واضع قوانین بزرگ ۔

منوّر (ع) روشن - چمکنے والا ۔

مِنہا کرنا (ہ) گھٹانا ۔

مِنہاج (ع) مونث :- کھلا راستہ ۔

منہ اُتر جانا (ہ) دبلا ہونا ۔

منہ اُٹھانا (ہ) کسی طرف جانا ۔

منہ اُجلا ہونا (ہ) عزت رہ جانا ۔

منہ آنا (ہ) گرمی سے منہ میں چھالے پڑنا - طنز کی بات کہنا برابری کرنا ۔

منہ اندھیرے (ہ) علی الصباح ۔

منہ باندھ کے بیٹھنا (ہ) چپ چاپ ہونا ۔

منہ بگاڑنا (ہ) ناراض ہونا - کسی کا چہرہ زخمی کرنا - مارنا ۔

مُنہ بنانا (ہ) غصے ہونا ◆

مُنہ بند کلی (ہ) کنواری لڑکی

مُنہ بند ہو جانا (ہ) چُپ ہو جانا۔ زخم کا بھر جانا ◆

مُنہ بنوانا (ہ) قابلیت پیدا کرنا ◆

مُنہ بولا (ہ) مذکر۔ فرضی ◆

مُنہ بھر آنا (ہ) دل متلانا۔ خواہش کرنا۔ للچانا ◆

مُنہ بھر دینا (ہ) رشوت دینا ◆

مُنہ پر (ہ) سامنے ◆

مُنہ پر بسنت کھلنا (ہ) شرمندہ ہونا۔ کمزور ہونا ◆

مُنہ پر تھوکنا (ہ) بے عزت کرنا ◆

مُنہ پر جانا (ہ) لحاظ کرنا ◆

مُنہ پر شفق پھولنا (ہ) عزت رہ جانا۔ سُرخرو ہونا ◆

مُنہ پر مُہر (ہ) خاموشی ◆

مُنہ پر ناک نہ ہونا (ہ) بے شرم ◆

مُنہ پر ہوائیاں چھُوٹنا (ہ) ڈرنا۔ پریشان ہونا ◆

مُنہ پڑنا (ہ) کھایا جانا۔ کام آجانا ◆

مُنہ پسارنا (ہ) لالچ کرنا ◆

مُنہ پھٹ یا مُنہ زور (ہ) بدزبان۔ نڈر ◆

مُنہ پھِر جانا (ہ) جی اُکتانا۔ دِل بھر جانا ◆

مُنہ پھُول جانا (ہ) ناراض ہو جانا ◆

مُنہ پھوڑ کر (ہ) دلیری سے ◆

مُنہ پھیرنا (ہ) بے رُخی کرنا ◆

مُنہ پھیلانا (ہ) زیادہ مانگنا ◆

مُنہ تکنا (ہ) محتاجی۔ اُمیدوار ہونا ◆

مُنہ تو دیکھو (ہ) یعنی اس لایق نہیں ◆

مُنہ توڑنا (ہ) لاجواب کرنا ◆

مُنہ جھٹک جانا (ہ) کمزور ہو جانا ◆

مُنہ چاٹنا (ہ) خوشامد کرنا ◆

مُنہ چڑانا (ہ) نقلیں اتارنا ◆

مُنہ چڑھا (ہ) بے ادب ◆

مُنہ چلنا (ہ) کھانا پینا ◆

مُنہ چور (ہ) کم بولنے والا ◆

مُنہ چُوم کے چھوڑنا (ہ) بے حقیقت سمجھنا ◆

مُنہ چھپانا (ہ) رُوپوش ہونا ◆

مُنہ خشک ہونا (ہ) پیاس لگنا ◆

مُنہ در مُنہ (ہ) روبرو ◆

مُنہ دکھائی (ہ) نئی دلہن کا منہ دیکھ کر جو نقدی اُسے
دی جاتی ہے ◆

مُنہ دکھانا (ہ) ملنا۔ سامنے آنا ◆

مُنہ دھو رکھو (ہ) امید نہ رکھو ◆

مُنہدم (ع) مذکر۔ ویران۔ تباہ۔ برباد ◆

مُنہ دیکھنا (ہ) صبح سویرے کسی کے چہرے پر نظر کرنا ◆

مُنہ دیکھتے رہ جانا (ہ) حیران رہ جانا ◆

مُنہ دیکھے کی بات (ہ) خوشامد ◆

مُنہ زبانی (ہ) حفظ۔ ازبر ◆

مُنہ زرد ہو جانا (ہ) ڈر جانا ◆

مُنہزم (ع) اسم مفعول۔ ہارا ہُوا ◆

مُنہ زوری کرنا (ہ) زبردستی کرنا ◆

مُنہ سُجانا (ہ) غصہ ہونا ◆

مُنہ سنبھالنا (ہ) زبان کو روکنا ◆

مُنہ سے بات لے لینا (ہ) کسی آدمی کے دل کی بات
اس کے ظاہر کرنے سے پہلے کہہ دینا ◆

مُنہ سے پھُول جھڑنا (ہ) خوش کلامی سے بات کرنا ◆

مُنہ سی دینا (ہ) خاموش کرنا۔ رشوت دینا ◆

مُنہ سے دُودھ ٹپکنا (ہ) بچہ ہونا ◆

مُنہ کالا کرنا (ہ) خراب فعل کرنا۔ زنا کرنا ◆

مُنہ کا میٹھا (ہ) چکنی چپڑی باتیں کرنے والا ◆

مُنہ کا نوالا (ہ) نہایت آسان بات ◆

مُنہ کو لہو لگنا (ہ) حرام خوری کی عادت پڑنا ◆

مُنہ کھل جانا (ہ) بدزبان ہو جانا ◆

مُنہ کھلوانا (ہ) کسی سے کچھ بُری بات سُننا ◆

مُنہ کی کھانا (ہ) شرمندہ ہونا ◆

مُنہ کیلنا (ہ) چپ کرانا۔ رشوت دینا۔ منتر پڑھنا ٭

مُنہ لگانا (ہ) تو جہ کرنا۔ محبت کرنا ٭

مُنہ فق ہونا (ہ) ڈر جانا ٭

مُنہمک (ع) اسم صفت :۔ کسی کام میں زیادہ مصروف ہونا ٭

مُنہ میں پانی بھر آنا (ہ) لالچ کرنا۔ خواہش ہونا ٭

مُنہ میں صابن گھلنا (ہ) بدمزہ ہونا ٭

مُنہ میں گھنگھنیاں ڈالنا (ہ) چپ ہونا ٭

مُنہ نکل آنا (ہ) دبلا ہونا ٭

مُنہ ہی مُنہ میں کہنا (ہ) آہستہ بولنا ٭

مینا (ہ) مونث :۔ ایک جانور۔

(ف) مذکر :۔ شراب کی صراحی ٭

مَنیار (ہ) مذکر :۔ چوڑی والا ٭

منیاری (ہ) مونث :۔ منیار کی مادہ ٭

مُنیب۔ مُنیم (ہ) گماشتہ۔ حساب کرنے والا منشی ٭

مُنیر (ع) مذکر :۔ اسم صفت :۔ روشنی والا ٭

مینیجر (ا) انتظام کرنے والا ٭

(م ۔ و)

مُو (ف) مذکر :۔ بال ٭

مُوا (ہ) مذکر۔ اسم صفت :۔ مرا ہوا ٭

مَواثیق (ع) عہد و پیمان ٭

مَواجب (ع) تنخواہ۔ مزدوری ٭

مُواجہ (ع) سامنے۔ روبرو ٭

مُواخات (ع) حاصل مصدر :۔ بھائی چارہ ٭

مُواخذہ (ع) گرفت۔ جواب دہی ٭

مَواد (ع) مذکر :۔ سامان۔ مصالحہ۔ مادہ ٭

موادعت (ع) حاصل مصدر :۔ جدا کرنا۔ وداع کرنا ٭

مُوازنہ (ع) جانچنا۔ وزن کرنا۔ برابری کرنا ٭

مُوازی (ع) ہ۔ برابر۔ جیسے موازی دو آنہ ٭

مَواشی (ع) جمع مویشی کی ۔ جانور ٭

مُواصلت (ع) حاصل مصدر :۔ ملنا۔ ملاقات کرنا ٭

مَواعید (ع) جمع وعدہ کی ۔ اقرار ٭

مُوافِق (ع) برابر۔ مناسب ٭

مُواکلت (ع) حاصل مصدر :۔ مل کر کھانا ٭

مُوالات (ع) حاصل مصدر :۔ دوستی ٭

مَوالی (ع) مذکر :۔ مولیٰ کی جمع ۔ دوست ٭

مَوالید (ع) جمع مولود کی ۔ بچے ٭

مَوالید ثلاثہ (ع) حیوانات۔ نباتات۔ جمادات ٭

مُوانست (ع) حاصل مصدر :۔ دوستی ٭

مُوباف (ف) چوٹی باندھنے کا پراندہ ٭

مَوت (ع) مونث :۔ مرنا ٭

مُوت (ہ) مذکر :۔ پیشاب ٭

مُوتراش (ف) مذکر :۔ اُسترہ ٭

مُوتنا (ہ) مصدر :۔ پیشاب کرنا ٭

موکھرا (ہ) گھوڑوں کی بیماری ٭

موتی (ہ) مذکر :۔ دُر۔ گوہر ٭

موتیا (ہ) مونث :۔ ایک قسم کا پھول ٭

موتیا بند (ہ) آنکھوں کی بیماری ٭

موتی پرونا (ہ) کوئی کام عمدگی سے کرنا ٭

موتی رولنا (ہ) فائدہ اٹھانا ٭

موتیوں سے بھرنا (ہ) بخشش کرنا ٭

موٹا (ہ) تیار۔ فربہ ٭

مُوٹھ (ہ) مونث :۔ قبضہ۔ دستہ ٭

موٹھ (ہ) ایک اناج ٭

موٹی اسامی (ہ) مونث :۔ مالدار آدمی ٭

موٹی بات (ہ) سادہ بات۔ آسان ٭

مُؤثِر (ع) اسم فاعل :۔ اثر کرنے والا ٭

مَوج (ع) مونث :۔ لہر۔ خیال۔ وہم ٭

مُوجِب (ع) مذکر :۔ سبب۔ باعث۔ وجہ ٭

مُوجِد (ع) اسم فاعل :۔ مذکر :۔ ایجاد کرنے والا ٭

مُؤجّل (ع) اسم مفعول :۔ مہلت دیا گیا ٭

موج مارنا (ہ) لہرانا۔ خوش ہونا ٭

مَوجُود (ع) اسم مفعول :۔ مذکر۔ حاضر کیا گیا ٭

مَوجُودات (ع) موجود کی جمع ٭
موچ (ہ) رگ کا چڑھ جانا ٭
موچرس (ہ) مؤنث :- ایک دوا ٭
موچنا (ہ) اسم آلہ :- بال چننے کا اوزار ٭
مُونچھ (ہ) مرد کے لبوں پر بال ٭
مُونچھوں پر تاؤ دینا (ہ) گھمنڈ کرنا شیخی میں آنا ٭
موچی (ہ) مذکر :- چمڑا سینے والا ٭
مُوَحِّد (ع) اسم فاعل :- مذکر - خدا کو ایک جاننے والا ٭
مُوحِش (ع) اسم فاعل - مذکر :- ڈرانے والا ٭
مُقدّم (ع) اسم صفت :- پہلا - اگلا
مُؤخّر (ع) اسم صفت :- پچھلا ٭
مود (ہ) خوشی کا گیت ٭
مُؤدّب (ع) اسم فاعل - مذکر :- ادب سکھانے والا ٭
مَوَدّت (ع) دوستی ٭
مودی (ہ) اناج ٭
مُؤدّی (ع) اسم فاعل - مذکر :- ادا کرنے والا ٭
مُؤذّن (ع) اسم فاعل مذکر :- اذان دینے والا ٭
مُوذی (ع) اسم فاعل - مذکر :- دکھ دینے والا ٭
مور (ف) چیونٹی - مراکو کا باشندہ ٭
مور (ہ) خوبصورت جانور - طاؤس ٭
مَور (ہ) آم کا پھول ٭
مورپنکھی (ہ) ایک قسم کی کشتی ٭
مُورت (ہ) مؤنث :- تصویر - بت ٭
مُورِث (ع) مذکر :- وارث بنانے والا - جدی ٭
مورچہ (ف) ننھی چیونٹی - وہ گڑھا جو لڑائی میں بچاؤ کے لئے کھودا جاتا ہے ٭
مورچال (ہ) ایک قسم کا ناچ ٭
مورچہ مارنا (ہ) دشمن پر فتح پانا ٭
مورچھل (ہ) مور کے پروں کا پنکھا - اسم آلہ ٭
مورچھا (ہ) غش کھایا ہوا ٭
مُؤرِّخ (ع) اسم فاعل - مذکر :- تاریخ لکھنے والا ٭

مُورکھ (ہ) اسم صفت - مذکر :- بے وقوف ٭
مَورُوثی (ہ) اسم صفت :- جدی - ورثہ میں ملی ہوئی ٭
موری (ہ) اسم ظرف - مؤنث :- نالی ٭
موڑ (ہ) مذکر :- گھماؤ - اینٹھ - پھیر ٭
مُونڈھا (ہ) مذکر - اسم آلہ :- بیٹھنے کی چیز - کرسی ٭
موزوں (ع) اسم صفت :- مناسب - عمدہ ٭
موزہ (ف) جُراب ٭
موس کے کھانا (ہ) زبردستی کھا جانا - فریب دینا ٭
موسیقی (ہ) مؤنث :- گانا بجانا ٭
موسل (ہ) اسم آلہ - مذکر :- اناج کوٹنے کا آلہ ٭
مُوسلا دھار (ہ) اسم صفت :- زور سے برسنے والا مینہ ٭
مُوسلوں ڈھول بجانا (ہ) زیادہ شہرت کرنا ٭
مَوسم (ع) مذکر :- رت - وقت ٭
موسنا (ہ) مصدر :- چرانا - چھیننا ٭
موسیٰ (ع) ایک پیغمبر کا نام جن پر توراۃ نازل ہوئی تھی ٭
مُوش (ف) مذکر :- چوہا ٭
مُوشگافی (ف) حاصل مصدر :- نکتہ چینی - باریک بینی ٭
مَوصُوف (ع) مذکر :- جس کی تعریف کی جائے ٭
مَوصُوفہ (ع) مؤنث :- جس عورت کی تعریف کی گئی ہو ٭
مَوصُول (ع) مذکر :- ملا ہوا ٭
مُوصی (ع) مذکر :- وصیت کرنے والا ٭
مَوضع (ع) مذکر :- جگہ - مکان - گاؤں ٭
مَوعظت (ع) حاصل مصدر :- نصیحت - وعظ ٭
مَوعُود (ع) مذکر :- جس کا وعدہ کیا گیا ہو ٭
مُوَقّت (ع) مذکر :- جس کا وقت مقرر کیا گیا ہو ٭
مَوقع (ع) اسم ظرف :- مقام - جگہ ٭
مَوقُوف (ع) مذکر :- بند - ٹھہرایا - برخاست ٭
مَوقُوفی (ع) برطرفی ٭
مُؤکّد (ع) مذکر :- تاکید کیا گیا ٭
مُوَکّل (ع) مذکر :- سپرد کرنے والا ٭
موکھا (ہ) مذکر :- روشندان - سوراخ ٭

مُول (ہ) مذکر:- قیمت ؎
موگرا (ہ) مذکر:- ایک پھول - ایک کوٹنے کا آلہ ؎
موگری (ہ) مؤنث:- مٹی کوٹنے کا آلہ ؎
مول تول (ہ) قیمت ٹھہرانا ؎
مول لے کے چھوڑ دینا (ہ) غلامی میں بھی نہ رکھنا - حقیر سمجھنا ؎
مولیٰ - مولا (ع) مذکر:- آقا - مالک - دوست - عربی میں غلام کو بھی کہتے ہیں - یہ لفظ اضداد میں سے ہے ؎
مَولد (ع) مذکر:- جائے پیدائش - جنم بھومی ؎
مولسری (ع) مؤنث:- ایک قسم کا پھول ؎
مؤلِف (ع) مذکر:- جمع کرنے والا - کتاب جوڑنیوالا ؎
مؤلفہ (ع) جوڑی ہوئی - بنائی ہوئی ؎
مَولُود (ع) بچہ - اس مجلس کو بھی کہتے ہیں جسمیں پیغمبر اسلام کے حالات سنائے جائیں ؎
مَولوی (ع) مذکر:- مسلمانوں کا عالم ؎
مُولی (ہ) مؤنث:- مشہور سبزی ہے ؎
مولی گاجر کی طرح (ہ) نہایت حقارت سے ؎
موم (ہ) مذکر:- مشہور چیز ہے - جو شہد کے چھتے سے نکلتا ہے ؎
موم دل (ہ) اسم صفت:- نرم دل ؎
موم کی ناک (ہ) کمزور آدمی - جدھر چاہیں پھیر لیں ؎
مومن (ع) مذکر:- ایماندار - تخلص ہے ایک مشہور اردو شاعر کا جو ۱۲۱۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۲۶۸ھ میں فوت ہو گئے ؎
موم ہو جانا (ہ) نرم ہو جانا ؎
مومیائی نکالنا (ہ) کچومر نکالنا - خوب مارنا پیٹنا ؎
مؤنث (ع) مادہ - نر کی ضد ؎
مونج (ہ) مؤنث:- ایک قسم کی گھانس ؎
مونڈنا (ہ) مصدر: حجامت کرنا - دھوکا دینا ؎
مونڈھا (ہ) مذکر:- کاندھا - تھیلے کا منّہ ؎
مُونس (ع) اسم فاعل:- الفت کرنے والا - دوست ؎
مُون سادھنا (ہ) چُپ رہنا ؎
مونگ (ہ) مؤنث:- ایک قسم کا اناج ؎
مونگا (ہ) مذکر:- مرجان - ایک قسم کا پتھر ؎

موہ (ہ) محبت - دوستی ؎
موہنا (ہ) مصدر:- محبت کرنا - بہکانا ؎
موہنی (ہ) مؤنث:- دلربا - فریفتہ کرنے والی ؎
موہُوب (ع) مذکر:- بخشش کیا گیا ؎
موہُوم (ع) مذکر:- وہم کیا گیا ؎
مؤید (ع) مذکر:- تائید کرنے والا ؎
موئے زہار (ف) وہ بال جو ناف کے نیچے ہوتے ہیں ؎
مویشی (ف) چوپایہ ؎
مویز (ف) مؤنث:- منقیٰ - بڑی داکھ ؎

(م ہ)

مہ (ف) مذکر:- سردار - افسر ؎
مہا (ہ) اسم صفت:- بڑی - بڑا ؎
مہاجن (ہ) مذکر:- بڑا صراف - بینکر ؎
مہار (ف) مؤنث:- اونٹ کی نکیل ؎
مہاراجہ (ہ) مذکر:- بڑا راجہ ؎
مہاراشٹر (ہ) مرہٹوں کا ملک ؎
مہارانی (ہ) مؤنث:- بڑی رانی ؎
مہارت (ع) حاصل مصدر:- واقفیت - رابطہ ؎
مُہاسا (ہ) مذکر:- منہ پر نکلنے والے دانے ؎
مَہالک (ع) ہلاکت کی جگہیں ؎
مہاوت (ہ) مذکر:- ہاتھی بان ؎
مہاوٹ (ہ) جاڑے کے موسم میں مینہ برسنا ؎
مہتاب (ف) مذکر:- چاند - ایک قسم کی آتشبازی ؎
مِہتر (ف) بڑا سردار ؎ (ا) چوہڑا - خاکروب ؎
مہتمم (ع) مذکر:- بندوبست کرنے والا ؎
مہجُور (ع) مذکر:- جدا کیا گیا ؎
مہجُوری (ع) مؤنث:- جدائی ؎
مہد (ع) مذکر:- گہوارہ - پنگھوڑا - جھولا ؎
مہدی (ع) اسم صفت:- ہدایت کرنیوالا - ہدائیت پانیوالا
مہذب (ع) مذکر:- تہذیب یافتہ - آراستہ ؎
مِہر (ف) مذکر:- سورج - / مؤنث:- محبت ؎

مَہر (ع) عورت کو نکاح کے عوض کچھ دینا ٭

مُہر (ف) مؤنث :- انگوٹھی - اشرفی ٭

مہرا (ہ) مذکر :- کہاروں کا افسر ٭

مہربان (ف) مذکر :- پیار کرنے والا ٭

مُہرکن (ف) مذکر :- مُہریں کھودنے والا ٭

مُہرہ (ف) مذکر :- منکا - کوڑی ٭

مُہرہ (ہ) اگلا حصّہ ٭

مُہری (ہ) آستین کا منہ - پاجامے کا ہرا ٭

مہک (ہ) مؤنث :- خوشبو ٭

مہکانا (ہ) مصدر :- خوشبو دار کرنا

مُہلت (ع) مؤنث :- فرصت - چھٹکارا ٭

مُہلک (ع) مذکر :- ہلاک کرنے والا ٭

مُہم (ع) مؤنث :- دشوار کام ٭

مہمان (ف) مذکر :- باہر سے آیا ہوا آدمی ٭

مُہمل (ع) مذکر :- بے معنی ٭

مہمیز (ف) مؤنث :- لوہے کی میخ جو سواروں کے جوتے میں ہوتی ہے ٭

مہنت (ہ) مذکر :- گدی نشین ٭

مہندس (ع) مذکر :- علم ہندسہ جاننے والا - نجومی ٭

مہندی (ہ) مؤنث :- حنا - مشہور ہے ٭

مہنگا (ہ) صفت :- گراں - زیادہ دام کا ٭

مہورت (ہ) مؤنث :- وقت - گھڑی ٭

مہوس (ع) مذکر :- ہوس کرنے والا - کیمیاگر ٭

مہکنا (ہ) مصدر :- خوشبو پھیلنا ٭

مہ وش (ف) صفت :- چاند جیسا - خوبصورت ٭

مُہیّا (ع) تیار - حاضر ٭

مُہیب (ع) صفت :- خوفناک - ڈراونا ٭

مہین (ف) پتلا - باریک ٭

مہینہ (ہ) مذکر :- تیس دن ٭

مہینے سے ہونا (ہ) عورت کا حیض سے ہونا ٭

(م - ی)

مے (ف) مؤنث :- شراب ٭

میاں (ہ) کلمۂ تعریف :- جناب - صاحب ٭

میان (ف) غلاف - تلوار کا غلاف ٭

میاں آدمی (ہ) شریف آدمی ٭

میاں بی بی (ہ) خاوند اور عورت ٭

میاں جی (ہ) مذکر :- استاد کو کہتے ہیں ٭

میان سے باہر ہونا (ہ) بہت غصے میں آنا ٭

میاں مٹھو (ہ) طوطا - بیوقوف آدمی - اپنی تعریف کرنیوالا ٭

میانہ (ف) صفت :- بیچ کا - درمیان کا ٭

میاؤں (ہ) اسم صفت :- بلی کی آواز ٭

میت (ہ) صفت :- دوست - عاشق - پیارا ٭

مَیّت (ع) مؤنث :- مردہ - لاش ٭

میتھی (ہ) مؤنث :- مشہور ترکاری ٭

میٹنا (ہ) مصدر :- بگاڑنا - چھپانا - مٹانا ٭

میٹھا (ہ) اسم صفت :- مزہ دار - شیریں - مٹھاس والا ٭

میٹھا برس (ہ) اٹھارواں سال - چودھواں سال ٭

میٹھا بولنا (ہ) نرمی سے بات کرنا ٭

میٹھا تیل (ہ) تلوں کا تیل ٭

میٹھا منہ کرانا (ہ) مٹھائی کھلانا - رشوت دینا ٭

میٹھا میٹھا درد (ہ) ہلکا ہلکا درد

میٹھی چھری (ہ) صفت :- ظاہر کا اچھا - دل کا برا ٭

میٹھی نگاہ (ہ) محبت کی نظر ٭

میٹھی نیند (ہ) بے فکری کی نیند ٭

میثاق (ع) قول و قرار ٭

میچنا (ہ) مصدر :- آنکھ بند کرنا ٭

میخ (ف) مؤنث :- کیل - کھونٹی

میدان (ف) وسیع اور ہموار زمین ٭

میدان چھوڑنا (ہ) شکست کھانا ٭

میدان کرنا (ہ) لڑنا ٭

میدان مارنا (ہ) لڑائی جیتنا ٭

میدان میں آنا (ہ) مقابلہ کرنا ٭

میدہ (ف) مذکر :- باریک آٹا ٭

میر (ف) مذکر :- امیر کا مخفف - سردار - افسر ؛
میر آتش (ف) مذکر :- بارود خانے کا داروغہ ؛
میر آخور (ف) مذکر :- اصطبل کا داروغہ ؛
میر مجلس (ف) مذکر :- پریزیڈنٹ - سبھاپتی - صدر ؛
میراث (ع) مؤنث :- ماں باپ کی جائداد ؛
میراثی (ہ) مذکر :- ڈوم ؛
میرزا (ف) مذکر :- امیرزادہ کا مخفف - مغلوں کا لقب ؛
میری (ہ) بازی جیتنے والا ؛
میز (پرتگالی) مؤنث :- کتابیں رکھنے کا یا کھانے کا تختہ ؛
میزان (ع) مؤنث :- ترازو - ایک بُرج کا نام ؛
میسر (ع) حاصل - موجود ؛
میش (ف) مؤنث :- بھیڑ - مینڈھے کی مادہ ؛
میشی (ف) بھیڑ کا چمڑا ؛
میعاد (ع) مؤنث :- وعدہ کا دن - مقررہ وقت ؛
میکا (ہ) بیوی کے ماں باپ کا گھر ؛
میگھ (ہ) بادل - ایک راگ کا نام ؛
میگزین (ا) جنگی اسباب رکھنے کی جگہ ؛
میل (ا) ۱۷۶۰ گز لمبائی ؛
میل (ہ) ملاپ - (انگریزی) ڈاک گاڑی یا ڈاک جہاز ؛
میل (ہ) مؤنث :- زنگ - کیچڑ - چرک - گندگی ؛
میلا (ہ) صفت :- گندہ - غلیظ - ناپاک ؛
میلہ (ہ) مذکر :- تماشا - انبوہ ؛
میلاد (ع) پیدا ہونے کا زمانہ ؛
میلان (ع) توجہ - رُخ ؛
میل خورہ (ہ) خاکی کپڑا - جو جلد میلا نہ ہو ؛
میم (ا) مؤنث :- میڈم - انگریز عورت ؛
میمون (ع) (ف) { مبارک ؛ بندر ؛
مینا (ف) مؤنث :- پہاڑی چڑیا ؛
مینا بازار (ف) زنانہ بازار ؛
مینار (ہ) مذکر :- لاٹ - برج ؛
میمنت (ع) حاصل مصدر :- برکت ؛

میناکاری (ع) مؤنث :- بیل بوٹے بنانا ؛
مینڈ (ہ) مؤنث :- کنارہ - حد ؛
مینڈک (ہ) مذکر :- مشہور پانی کا جانور ؛
مینڈکی (ہ) مؤنث :- مینڈک کی مادہ ؛
مینڈکی کو زکام ہونا (ہ) وہاں بولتے ہیں جب کوئی آدمی اپنی حیثیت سے بڑھ کر کام کا دعوے کرے ؛
مینڈھا (ہ) مذکر :- بھیڑ کا نر ؛
مینڈھی (ہ) مؤنث :- عورتوں کے سر کے گندھے ہوئے بال ؛
مینگنی (ہ) بھیڑ بکری کا پاخانہ ؛
مین میکھ نکالنا (ہ) نکتہ چینی کرنا ؛
مینہ (ہ) بارش - برکھا ؛
میوہ (ہ) پھل - ثمر - حاصل ؛

م کے محاورے

ماٹ کا ماٹ بگڑا ہے - سب کی عقل ماری گئی ہے ؛
مارا چہ ازیں قصہ کہ گاؤ آمد و خر رفت - ہمیں کیا کوئی آئے کوئی جائے ؛
مارتے کا ہاتھ پکڑا جائے کہتے کی زبان نہیں پکڑی جاتی
بدزبانی کے موقع پر بولتے ہیں ؛
مار کے آگے بھوت ناچے - مار کے آگے سرکشی ٹوٹ جاتی ہے ؛
ماروں گھٹنا پھوٹے آنکھ - بے جوڑ بات پر بولتے ہیں ؛
مارنے والے سے جلانے والا بڑا ہے - جب دشمن کے ضرر سے بچ جائیں اس وقت بولتے ہیں ؛
مال پر زکوٰۃ ہے - خرچ آمدنی پر ہے ؛
مال حرام بود بجائے حرام رفت - جب ناجائز مال ناجائز جگہ خرچ ہو - اس وقت بولتے ہیں ؛
مال عرب پیش عرب - اپنی چیز اپنے سامنے اچھی ؛
مال مفت دل بے رحم - پرایا مال بیدردی سے اڑانے پر بولتے ہیں ؛
ماں بیٹوں میں لڑائی ہوئی لوگوں نے جانا بیر پڑا } اپنوں کی لڑائی عارضی ہوتی ہے
ماں مارے اور ماں ہی پکارے } اپنے کتنی ہی سختی کیوں نہ کریں - ان کا خیال نہیں چھوٹتا ؛

ماں مرگئی پیاسی پوت کا نام جمنا ـ ماں باپ تنگ ہو۔ بیٹا دولت کا اظہار کرے ؛

مان نہ مان میں تیرا مہمان ـ کسی کو زبردستی کوئی بات منوانے کے موقع پر بولتے ہیں ؛

مانو تو اللہ نہیں تو پتھر ـ یعنی اعتقاد سے کسی کی عزت کی جاتی ہے

امت کر وار جو بھگتے کام ـ آسانی سے کام نکلے تو سختی نہ کرو ؛

مچھلی کے جائے تیرنا کس سے سیکھیں ـ اپنے خاندانی ہنر سے ہر شخص واقف ہوتا ہے ؛

مدعی سست گواہ چست ـ کام والا کچھ نہ کہے اور لوگ شور مچائیں ؛

مرتا کیا نہ کرتا ـ جان پر آبنے تو سب کچھ کرنا پڑتا ہے ؛

مرتے کو ماریں شاہ مدار ـ مصیبت پر مصیبت نازل ہونا ؛

مرد مرے نام کو نامرد مرے مال کو ـ جوانمرد مال کے مقابلے میں عزت کی زیادہ پروا کرتا ہے ؛

مردہ دوزخ میں جائے یا بہشت میں اپنے حلوے مانڈے سے کام ـ خودغرضی کے موقع پر بولتے ہیں ؛

مرضی مولیٰ از ہمہ اولیٰ ـ ہر بات میں خدا کی رضا پر راضی رہنا چاہئے ؛

مرغے کی ایک ٹانگ ـ بے جا ضد کے موقع پر بولتے ہیں ؛

مرغوں کے خواب میں دانہ ہی دانہ ـ ہر شخص اپنی پسند کی چیز چاہتا ہے ؛

مرغی اپنی جان سے گئی کھانیوالے کو مزہ نہ آیا ـ جب کسی کی محنت اور جانفشانی کا خیال نہ کیا جائے ؛

مرغی کو تنکلے کا گھاؤ کافی ہے ـ غریب کا تھوڑا سا نقصان بہت ہوتا ہے ؛

مسجد ڈھہ گئی محراب رہ گئی ـ چیز جاتی رہی ـ نام رہ گیا ؛

مسلمان درگور مسلمانی درکتاب ـ مذہب کی توہین کے موقع پر بولا جاتا ہے ؛

مشتے نمونہ از خروارے ـ تھوڑی چیز سے زیادہ کا حال معلوم ہو جاتا ہے ؛

مشعلچی آپ ہی اندھا ہے ـ خود راہ نہ جانے دوسروں کو بتائے ؛

مفت کی شراب قاضی کو بھی حلال ـ مفت کی چیز میں جائز یا ناجائز کا خیال نہیں رہتا ؛

مفلسی میں آٹا گیلا ـ مصیبت میں نقصان ہو جانا ؛

مکھی چھوڑنا ہاتھی نگلنا ـ چھوٹی بات میں ایمانداری اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا ؛

مکھی مار بڑا چمار ـ غریبوں کو ستانے والا نیچ ہوتا ہے ؛

مکہ میں رہے حج نہیں کیا ـ اچھوں کی صحبت میں رہ کر بھی کچھ حاصل نہ کیا ؛

ملا کی دوڑ مسجد تک ـ ہر شخص اپنی ہمت کے مطابق حوصلہ کرتا ہے ؛

ملا کی ماری حلال ـ بڑے آدمیوں کا بُرا کام بھی اچھا ہوتا ہے ؛

من کو بھائے تو ڈھیلا بھی سپاری ہے ـ جی کو پسند آئے تو بُری چیز بھی اچھی معلوم ہوتی ہے ؛

ملا کی ڈاڑھی تبرک میں گئی ـ جب کوئی چیز یونہی ضائع ہو جائے ؛

من بھر کا سر ہلایا پیسہ بھر زبان نہ ہلائی ـ بیوقوف جب سیدھا جواب نہ دے اس وقت بولتے ہیں ؛

منبر کو بنائے مسجد کو ڈھائے ـ چھوٹی باتوں میں ایمانداری کرنا اور بڑی باتوں میں بے ایمانی کرنا ؛

من کے ہارے ہار ہے من کے جیتے جیت ـ دل کی تقویت سے سب کچھ ہے ؛

من ملے کا میلہ چت ملے کا چیلا ـ دوستی کا لطف دل ملنے سے ہے ؛

منہ لگائی ڈومنی گائے تال بے تال ـ جب کوئی آدمی سر چڑھ جائے ـ اس وقت کہتے ہیں ؛

منہ کھائے آنکھ بجائے ـ احسان کام آتا ہے ؛

منہ مانگے موت نہیں ملتی ـ خواہش پوری نہ ہونا ؛

موری کی اینٹ چوبارے لگی ـ چھوٹے آدمی کو بڑا رتبہ مل گیا ؛

مول سے بیاج پیارا ـ بیٹوں سے انکی اولاد زیادہ پیاری ہوتی ہے ؛

مولی اپنے ہی پتوں بھاری ـ غریب سے اپنا ہی بوجھ اٹھ سکتا ہے ؛

موئے شیر سے جیتی بلی بھلی ـ ادنےٰ زندہ آدمی اعلےٰ مُردے سے بہتر ہے ؛

میٹھا میٹھا ہپ کڑوا کڑوا تھو ـ اچھی چیز سے ہر ایک کو محبت ہوتی ہے ـ بُری چیز سے نفرت ؛

میلے میں جھمیلہ ـ انبوہ میں تکرار اکثر ہوتی ہے ؛

میں نے تیری چھاچھ چھوڑی کتوں سے چھڑا ـ فائدہ کی خاطر آئے اور نقصان ہونے لگے اس وقت بولتے ہیں ؛

ن

ن (ع) مذکر:۔ اردو کا بتیسواں حرف ۔

نا (ف) مذکر:۔ حرف نفی:۔ نہ نہیں ۔ بغیر ۔
نا اتفاقی (ف۔ع) مؤنث:۔ پھوٹ ۔ ان بن ۔ دشمنی ۔
نا آزمودہ (ف) صفت:۔ بغیر تجربہ کئے ۔ جسے کوئی تجربہ نہ ہو اناڑی ۔
نا آشنا (ف) صفت:۔ انجان ۔ بے وفا ۔ رُوکھا ۔
نا آشنائی (ف) مؤنث:۔ ناواقفی ۔ بے وفائی ۔ ناملنساری ۔
نا التفاتی (ف۔ع) مؤنث:۔ توجہ نہ کرنا ۔ بے پروائی ۔
نا اُمید (ف) صفت:۔ نراس ۔ ناکام ۔
نا اُمیدی (ف) مؤنث:۔ نراسی ۔ ناکامی ۔
نا انصاف (ف۔ع) صفت:۔ جس میں انصاف نہ ہو ۔
نا انصافی (ف۔ع) مؤنث:۔ انصاف نہ ہونا ۔ اَنیائی پن ۔
نا اہل (ف۔ع) صفت:۔ جو قابل نہ ہو ۔ نالائق ۔
نابالغ (ف۔ع) صفت:۔ جو پوری عمر کا یعنی جوان نہ ہو ۔
نابالغی (ل) مؤنث:۔ بالپن ۔ لڑکپن ۔
نابکار (ف) صفت:۔ نکما ۔ خراب ۔
(ل) بدکار ۔ شریر ۔ خراب ۔
نابلد (ف۔ع) صفت:۔ گنوار ۔ انجان ۔ ناواقف ۔
نابود (ف) صفت:۔ نشٹ ۔ فنا ہونے والا ۔
نابینا (ف) صفت:۔ اندھا ۔
ناپاک (ف) صفت:۔ پلید ۔ گندہ ۔
ناپاکی (ف) مؤنث:۔ گندگی ۔ پلیدی ۔
ناپائیدار (ف) صفت:۔ جو دیر تک نہ رہ سکے ۔ فنا ہونے والا ۔ کمزور ۔
ناپائیداری (ف) مؤنث:۔ دیر تک نہ رہ سکنا ۔ بودا پن کمزوری ۔
ناپدید (ف) صفت:۔ چھپا ہوا ۔ جو دکھائی نہ دے ۔

ناپسند (ف) صفت:۔ جو پسند نہ ہو ۔ ناگوار ۔
ناپسندیدہ (ف) صفت:۔ جو ناگوار گذرے ۔ جو پسند نہ ہو ۔
ناپید (ل) صفت:۔ جو ابھی تک پیدا نہ کیا گیا ہو ۔ فنا ۔
ناپیدا (ف) صفت:۔ جو ظاہر نہ ہو ۔ چھپا ہوا ۔
ناتجربہ کار (ف۔ع) صفت:۔ انجان ۔ اناڑی ۔ کچا ۔
ناتراشیدہ (ف) صفت:۔ بن چھلا ۔ جاہل ۔ کمینہ ۔ گستاخ ۔
ناتمام (ف۔ع) صفت:۔ جو ابھی پورا نہ ہوا ہو ۔ ادھورا ۔
ناتواں (ف) صفت:۔ کمزور ۔ دُبلا ۔ عاجز ۔
ناتوانی (ف) مؤنث:۔ کمزوری ۔ ماڑا پن ۔ عاجزی ۔
ناجائز (ف۔ع) صفت:۔ جو جائز نہ ہو ۔ جو منع کیا گیا ہو ۔
ناجنس (ف۔ع) صفت:۔ بے میل ۔ کمینہ ۔ جاہل ۔
ناچار (ف) صفت:۔ مجبور ۔ عاجز ۔ ضروری ۔
(ل) غریب ۔ اپاہج ۔ نراس ۔
تابع فعل:۔ ہار کر ۔ مجبور ہو کر ۔
ناچاری (ف) مؤنث:۔ مجبوری ۔ عاجزی ۔ بے چارگی ۔
ناچاق (ف) صفت:۔ جو تندرست نہ ہو ۔ دبلا ۔
ناچاقی (ل) مؤنث:۔ بیماری ۔ ان بن ۔ بگاڑ ۔
ناچیز (ف) صفت:۔ جو کوئی چیز نہ ہو ۔ نکما ۔ ہیچ پوچ ۔
ناحق (ف۔ع) تابع فعل:۔ بے انصافی ۔ بے سبب ۔ ناواجب ۔
ناحق شناس (ف۔ع) صفت:۔ جو حق نہ پہچانے ۔
ناحق شناسی (ف۔ع) مؤنث:۔ بے انصافی ۔ حق نہ پہچاننا ۔
ناخلف (ع) صفت:۔ نالائق بیٹا ۔ کپوت ۔
ناخواندہ (ف) صفت:۔ بن بلایا ہوا ۔ ان پڑھ ۔ جاہل ۔
ناخوش (ف) صفت:۔ ناراض ۔ بیزار ۔ بیمار ۔
ناخوشی (ف) مؤنث:۔ ناراضگی ۔ بیزاری ۔
نادار (ف) صفت:۔ غریب ۔ نردھن ۔ خالی ۔
ناداری (ف) مؤنث:۔ غریبی ۔ ان ہوت ۔
نادان (ف) صفت:۔ ناسمجھ ۔ انجان ۔ چھوٹی عمر کا ۔
نادانستہ (ف) تابع فعل:۔ نہ جان کر ۔ انجان پنے سے ۔

نادانی (ف) مؤنث :- بے وقوفی - ناسمجھی ٭

نادُرست (ف) صفت :- جو ٹھیک نہ ہو - غلط ٭

نادہند (ا) صفت :- قرض لے کر نہ دینے والا ٭

نادہندی (ا) مؤنث :- قرض لے کر نہ دینا ٭

نادیدہ (ف) صفت :- جو دیکھا نہ ہو ٭

نار است (ف) صفت :- جو سیدھا نہ ہو - ٹیڑھا ٭

ناراض (ف - ع) صفت :- جو راضی نہ ہو - بیزار ٭

ناراضی - ناراضگی (ف - ع) مؤنث :- دیکھو (ناخوشی)

نارسا (ف) صفت :- نہ پہنچنے والا - بے اثر - خام ٭

نارسائی (ف) مؤنث :- پہنچ نہ ہونا - دخل نہ ہونا ٭

ناروا (ف) صفت :- شرع اور مذہب کے خلاف - ناجائز
نامناسب - جو پسند نہ ہو ٭

نازیب (ف) صفت :- برا لگنے والا - بے میل ٭

نازیبا (ا) صفت :- دیکھو (نازیب)

ناساز (ف) صفت :- جو موافق نہ ہو - جو راس نہ آئے -
بیمار - بے مزہ ٭

ناسازگار (ا) صفت :- جو راس نہ ہو - برخلاف - بدنصیب ٭

ناسازگاری (ا) مؤنث :- راس نہ آنا - بے مزگی - ان بن
بدنصیبی ٭

ناسپاس (ف) صفت :- وہ شخص جو کسی کا احسان نہ مانے
ناشکرا ٭

ناسپاسی (ف) صفت :- احسان نہ ماننا - ناشکری ٭

ناسزا (ف) صفت :- نالائق - جو مناسب نہ ہو - کمینہ ٭

ناسزاوار (ف) صفت :- جو راس نہ ہو - جو مناسب نہ ہو
نالائق ٭

ناسُفتہ (ف) جو پرویا نہ گیا ہو - ان بندھا ٭

ناسمجھ (ا) صفت :- نادان - احمق - کم عمر ٭

ناسمجھی (ا) مؤنث :- نادانی - مورکھ پن ٭

ناشاد (ف) صفت :- جو شاد یعنی خوش نہ ہو - سوگوار -
ناراض - آفت کا مارا ہوا - ابھاگی ٭

ناشائستگی (ف) مؤنث :- نالائقی - بدتہذیبی ٭

ناشائستہ (ف) صفت :- جو مناسب نہ ہو - نالائق - گستاخ
جسے تہذیب نہ ہو ٭

ناشُدنی (ف) صفت :- نہ ہونے کے لائق - محال -
(ا) نالائق - بدنصیب ٭

ناشکر (ف) صفت } :- دیکھو (ناسپاس)
ناشکرا (ا) صفت }

ناشکیب }
ناشکیبا } (ف) صفت :- بے صبر - سنتوکھ نہ رکھنے والا - بیقرار ٭
ناصبور }

ناطاقت (ف - ع) صفت :- کمزور - ماڑا ٭

ناطاقتی (ا) مؤنث :- کمزوری - لاغری ٭

ناعاقبت اندیش (ف - ع) صفت :- انجام یا نتیجہ نہ
سوچنے والا ٭

نافرمان (ف) صفت :- حکم نہ ماننے والا - پھرا ہوا -
مذکر :- ایک قسم کا پھول - ایک رنگ کا نام ٭

نافرمانی (ف) مؤنث :- حکم نہ ماننا - حکم عدولی - بغاوت ٭

نافہم (ف) صفت :- ناسمجھ - نادان - بیوقوف ٭

ناقابل (ف) صفت :- نالائق - جاہل - جو موافق نہ ہو ٭

ناقابلیت (ف - ع) مؤنث :- نالائقی - قابل نہ ہونا -
مقدور نہ ہونا ٭

ناقدر (ف - ع) جو کسی کی قدر نہ سمجھے - نالائق ٭

ناقدری (ا) مؤنث :- قدر نہ ہونا - بے قدری ٭

ناکارہ (ف) صفت :- نکما - خراب ٭

ناکام (ف) صفت :- نراس - محروم - مجبور - ناچار ٭

ناکامی (ف) مؤنث :- نامرادی - نراسی - مایوسی ٭

ناکتخدا - ناکدخدا (ف) صفت :- بن بیاہا - کنوارا ٭

ناکردنی (ف) مؤنث :- جو کرنے کے لائق نہ ہو ٭

ناکس (ف) صفت :- ہیچ - کمینہ - پاجی - نالائق ٭

ناکسی (ف) مؤنث :- نالائقی - پاجی پن - کمینگی ٭

ناکند (ف) صفت :- چھوٹا بچھیرا -
(ا) مجازاً :- نادان - انجان ٭

ناگُزیر (ف) صفت :- ناچار - ضرور - واجب - مجبُور ٭
ناگوار (ف) صفت :- اجیرن -
(ل) جسے طبیعت بالکل پسند نہ کرے - بُرا - بُرے مزے کا ٭
ناگاہ (ف) صفت :- اچانک - یکایک - بے موقع ٭
ناگہاں (ف) صفت :- دیکھو (ناگاہ)
ناگہانی (ف) مؤنث :- اِتفاقی ٭
نالائِق (ف - ع) صفت :- جو لائق نہ ہو - جو مہذب نہ ہو بے ہُنر - پاجی - کمینہ ٭
نالائِقی (ف - ع) مؤنث :- کمینگی - بدچلنی - ناقابلیت ٭
نامُتناہی (ف - ع) صفت :- جس کی انتہا یعنی حد نہ ہو ٭
نامحرَم (ف - ع) صفت :- ناواقف - انجان - اجنبی ٭
نامُراد (ف) صفت :- ناکام ...... بے نصیب - بے مُراد ٭
نامرادی (ف) مؤنث :- بدنصیبی - ناکامی ٭
نامَرد (ف) صفت :- ہیجڑا - زنانہ -
(ل) ڈرپوک - بودا - وہ شخص جو عورت پر قادر نہ ہو ٭
نامَردی (ف) مؤنث :- زنانہ یا ہیجڑا ہونا - بودا ہونا ٭
نامعقُول (ف - ع) صفت :- جو پسند نہ آئے - جو عقل میں نہ آئے - بے وقوفی کی بات - جو مناسب اور لائِق نہ ہو ٭
نامعلُوم (ف - ع) صفت :- بغیر جانے - ناواقف - جو مشہور نہ ہو - انجان ٭
ناملائِم (ف) صفت :- سخت - کڑا - نامناسب ٭
ناممکن (ف - ع) صفت :- ان ہونی ٭
نامُناسِب (ف - ع) صفت :- جو لائِق اور واجب نہ ہو - بیہُودہ ٭
نامنظُور (ف - ع) صفت :- انکار کیا گیا ٭
نامنظُوری (ل) مؤنث :- منظور نہ کرنا - انکار ٭
ناموافِق (ف - ع) صفت :- جو موافق یا مناسب نہ ہو - خلاف ٭
ناموافِقت (ف - ع) مؤنث :- مخالفت - اَن بَن -

بے میل ہونا ٭
ناموزُوں (ف) صفت :- بے میل - بے جوڑ - بے سُرا ٭
نامِہربان (ف) صفت :- جو رحم نہ کھائے - ظالم - دشمن ٭
نامِہربانی (ف) مؤنث :- بے رحمی - دشمنی ٭
ناواجِب (ف - ع) صفت :- جو مناسب نہ ہو - بیہودہ ٭
ناواقِف (ف - ع) صفت :- انجان - جاہل ٭
ناواقِفیت (ف - ع) مؤنث :- انجان پن - جاہل ہونا ٭
ناہموار (ف) صفت :- جو برابر یا موافق نہ ہو - اونچا نیچا - نالائِق ٭
ناہمواری (ف) مؤنث :- برابر یا موافق نہ ہونا - نالائقی ٭
ناہنجار (ف) صفت :- بدچلن - بدذات - کمینہ ٭
نایاب (ف) صفت :- جو کم پایا جائے - عمدہ - زیادہ قیمت کا ٭
ناب (ف) صفت :- پاک - صاف - بھرا ہُوا - خالص
(ل) مؤنث :- تلوار کی نالی جو نوک سے قبضہ تک دو طرفہ ہوتی ہے ٭
ناپ (ہ) مؤنث :- ماپ - ماپنا - پیمانہ ٭
ناپنا (ہ) گز یا پیمانہ سے اندازہ کرنا ٭
ناتا (ہ) مذکر :- رشتہ - سمبندھ - تعلق - قرابت ٭
ناتھ (س) مذکر :- مالک - خاوند - جوگیوں کا لقب ٭
ناتھنا (ہ) سُوراخ کرنا - نکیل ڈالنا - قابو کرنا ٭
ناٹک (س) مذکر :- نٹ کا تماشہ - نقل - ڈرامہ - کھیل ٭
ناثِر (ع) صفت :- نثر لکھنے والا ٭
ناج (ہ) مذکر :- اناج - غلہ ٭
ناجی (ع) صفت :- نجات پانے والا - معاف کیا ہُوا ٭
ناچ (ہ) مذکر :- خوشی میں اچھلنا کودنا - زینت ٭
ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا (ہ) کہاوت :- آپ تو کام نہ کر سکنا اور دوسرے پر الزام دھرنا ٭
ناچ گھر (ہ) مذکر :- وہ جگہ جہاں ناچ رنگ ہوتا ہے ٭
ناچ نچانا (ہ) دق کرنا - حیران کرنا - ہیرا پھیری کرانا - قواعد کرانا ٭

ناچنا (ہ) تھرکنا - خوشی میں اچھلنا کودنا ٭
ناخدا (ف) مذکر :- کشتی چلانے والا - ملاح ٭
ناخن (ف) مذکر :- انگلیوں کے سروں کی ہڈی - نوہ ٭
ناخن سے گوشت جدا کرنا (ل) رشتہ داروں کو جدا کرنا ٭
ناخن شمشیر (ف) مذکر :- تلوار کی دھار ٭
ناخن کٹنا (ل) اختیار رہنا - بات جیتنا ٭
ناخن گیر (ف) مذکر :- ناخن لینے کا اوزار - نہرنا ٭
ناخن لینا (ل) ناخن تراشنا - گھوڑے کا ٹھوکر کھانا ٭
ناخنہ (ف) مذکر :- ستار بجانے کا مڑا ہوا تار - وہ سفید ٹکڑا گوشت جو آنکھ میں نمودار ہوتا ہے - اور جو بڑھتے بڑھتے پتلی پر غالب آجاتا ہے ٭
ناخون (ل) مذکر :- دیکھو (ناخن)
ناد (س) مذکر :- آواز - گرج ٭
نادر (ع) صفت :- کم - تھوڑا - جو کم پایا جائے - انوکھا عمدہ ٭
نادر شاہ (ف) مذکر :- ایران کے ایک بادشاہ کا نام جو ہندوستان پر حملہ آور ہوا تھا ٭
نادر گردی یا نادر شاہی (ف) مونث :- افراتفری - بدانتظام - اندھیر ٭
نادرہ (ع - ف) صفت :- عجیب - انوکھا ٭
نادم (ع) صفت :- شرمسار - شرمندہ ٭
نار (ع) مونث :- آگ - آنچ ٭
نار (ہ) مونث :- عورت - بیوی ٭
نارجیل (ف) مذکر :- ناریل - گری کا کھوپا ٭
نارد (س) مذکر :- برہما کا بیٹا - گیان دینے والا ٭
نارنج (ف) مذکر :- سنترہ - نارنگی ٭
نارنجی (ف) صفت :- سنترے کے رنگ کا ٭
نارنگی (ف) مونث :- ایک پھل کا نام - چھوٹا نارنگترہ ٭
ناری (ع) مونث :- آگ کا - دوزخی ٭
ناریل (ہ) مذکر :- دیکھو (نارجیل)
ناز (ف) مذکر :- لاڈ - چوچلا - نخرہ - پیار - غرور - فخر ٭

نازبردار (ف) مذکر :- نازونخرہ اٹھانے والا - لاڈ برداشت کرنے والا ٭
نازبرداری (ف) مونث :- لاڈ اور چوچلے برداشت کرنا ٭
نازپرور - نازپروردہ (ف) مذکر :- ناز اور لاڈ کا پلا ہوا ٭
ناز کرنا (ل) نخرہ کرنا - چوچلا دکھانا - غرور کرنا - فخر کرنا ٭
نازونیاز (ل) مذکر :- لاڈ پیار - چاؤ چوچلا ٭
نازاں (ف) صفت :- ناز کرنے والا - فخر کرنے والا ٭
نازبالش (ف) مذکر :- نرم تکیہ - پہلو کا تکیہ ٭
نازبو (ل) مونث :- ایک قسم کا خوشبودار پودا ٭
نازش (ف) مونث :- اترانا - فخر - ناز ٭
نازک (ف) صفت :- کومل - نرم - باریک - ہلکا - بودا - خوبصورت - موہنا چونا - ناز کا پلا ہوا ٭
نازک اندام (ف) صفت :- نازک جسم والا - دبلا پتلا ٭
نازک بدن (ف) صفت :- چھریرے بدن کا - نازک بدن کا -
(ل) مذکر :- ایک قسم کا باریک کپڑا - ایک قسم کا لالہ - ایک قسم کا بیر - عناب ٭
نازک خیال (ف - ع) مذکر :- باریک اور عمدہ خیالات رکھنے والا ٭
نازک دماغ (ف - ع) صفت :- نازک دماغ والا - غرور کرنے والا - چڑچڑا ٭
نازک دماغی (ف - ع) مونث :- بدمزاجی - چڑچڑاپن غرور ٭
نازک کلامی (ف - ع) مونث :- نہایت اچھی اور باریک باتیں کرنا ٭
نازک مزاج - نازک طبع (ف - ع) صفت :- بدمزاج چڑچڑا - غرور کرنے والا - اونچے دماغ والا ٭
نازک مزاجی (ف - ع) مونث :- دیکھو (نازک دماغی)
نازک وقت (ف - ع) مذکر :- خطرے کا وقت - امتحان کا وقت ٭
نازکی (ف) مونث :- نزاکت - کوملاپن - لوچ - غرور - ناز ٭

نازل (ع) صفت :- اترنے والا - نیچے آنے والا ؛

نازلہ (ع) صفت :- اتری ہوئی مصیبت - شامت ؛

نازنین (ف) صفت :- ناز اور ادا سے موہ لینے والا - خوبصورت بانکی - چھبیلی ؛

ناس (ع) مذکر :- آدمی - انسان ؛

ناس (ہ) مذکر :- خرابی - بربادی - نشٹ ؛

ناس کر دینا (ہ) بگاڑ دینا - ویران کر دینا - تباہ کر دینا ؛

ناسپال (ف) مذکر :- انار کا چھلکا - کچا انار - ایک قسم کی آتشبازی ؛

ناسپالی (ا) صفت :- ناسپال کے رنگ کا - نسواری ؛

ناستک (س) مذکر :- خدا کو نہ ماننے والا ؛

ناسخ (ع) مذکر :- لکھنے والا - رد کرنے والا - مٹانے والا - ایک مشہور شاعر کا تخلص ؛

ناسوت (ع) مذکر :- دنیا - جہان ؛

ناسور (ع) مذکر :- وہ زخم جو ہمیشہ رستا ہے ؛

ناشپاتی (ف) مؤنث :- ایک پھل کا نام ؛

ناشتہ (ف) مذکر :- بھوکا رہنا - نہار - صبح کا کھانا ؛

ناصح (ع) مذکر :- نصیحت کرنے والا - اپدیشک ؛

ناصر (ع) مذکر :- مدد کرنے والا ؛

ناصیہ (ف) مذکر :- پیشانی - ماتھا ؛

ناصیہ سائی - ناصیہ فرسائی (ف) مؤنث :- ماتھا رگڑنا ؛

ناطق (ع) مذکر :- بولنے والا - عقل رکھنے والا - منطق چھانٹنے والا - قطعی - مضبوط - اٹل ؛

ناطقہ (ع) مذکر :- بولنے کی قوت - بولنا ؛

ناظر (ع) مذکر :- نظر کرنے والا - دیکھنے والا - محلوں کا محافظ - محرّروں کا افسر ؛

ناظرہ (ع) تابع فعل :- دیکھ کر -
مذکر : دیکھنے کی قوت ؛

ناظرین (ع) مذکر :- دیکھنے والے - پڑھنے والے ؛

ناظم (ع) مذکر :- لڑی بنانے والا - نظم لکھنے والا - انتظام کرنے والا ؛

ناغہ (ف) صفت :- غیر حاضری - تعطیل ؛

ناف (ف) مؤنث :- سونڈی - نال - دھرن - مجازاً :- درمیان - بیچ ؛

نافذ (ع) صفت :- جاری ہونے والا - صادر ہونے والا ؛

نافر (ع) صفت :- نفرت کرنے والا ؛

نافرجام (ف) صفت :- بد اصل - برے انجام والا ؛

نافرمان (ف) مذکر :- ایک قسم کا گل لالہ - حکم نہ ماننے والا ؛

نافع (ع) صفت :- نفع دینے والا - گُن کرنے والا ؛

نافہ (ف) مذکر :- مشک کی تھیلی جو ایک قسم کے ہرن کے پیٹ سے نکلتی ہے ؛

ناقص (ع) صفت :- ادھورا - جس میں ابھی کمی ہو - عیبی - کھوٹا - نکما ؛

ناقص الخلقت (ع) صفت :- وہ شخص جس کا کوئی عضو پیدائشی بگڑا ہوا ہو ؛

ناقص العقل (ع) صفت :- جس کی عقل کم یا پوری نہ ہو ؛

ناقل (ع) مذکر :- نقل کرنیوالا - روایت بیان کرنیوالا ؛

ناقوس (ع) مذکر :- سنکھ جو ہندو پوجا کے وقت بجاتے ہیں ؛

ناقہ (ع) مؤنث :- اونٹنی - سانڈنی ؛

ناک (ہ) مؤنث :- ناک جو ایک مشہور عضو ہے - مجازاً :- شرم - لاج - عزت - بزرگی ؛

ناک اونچی ہونا (ہ) عزت بڑھنا ؛

ناک بند (ا) مذکر :- گھوڑے کی پوزی ؛

ناک بہنا (ہ) ناک سے ریزش گرنا ؛

ناک بھوں چڑھانا
ناک بھوں سکیڑنا } (ہ) ناراض ہونا - تیوری چڑھانا ؛

ناک پر رکھ دینا (ہ) کسی چیز کی قیمت یا دام فوراً ادا کر دینا ؛

ناک پر غصہ ہونا (ا) بات بات پہ بگڑنا ؛

ناک پر مکھی نہ بیٹھنے دینا (ہ) کسی کا ذرا احسان نہ اٹھانا ؛

ناک چڑھانا (ہ) تیوری چڑھانا - ناراض ہونا - نفرت کرنا ؛

ناک چنے چبوانا (ہ) نہایت تنگ اور عاجز کرنا ٭
ناک چوٹی کاٹنا (ہ) عو:- نہایت رسوا اور بدنام کرنا ٭
ناک رکھ لینا (ہ) عزت رکھ لینا - آبرو بچا لینا ٭
ناک رکھنا (ہ) عزت رکھنا - غیرت والا ہونا ٭
ناک رگڑنا (ہ) نہایت منت سماجت اور عاجزی کرنا ٭
ناک کا بال (ہ) نہایت عزیز - منہ چڑھا آدمی ٭
ناک کاٹنا (ہ) ناک اتارنا - بے عزتی کرنا - بدنام کرنا ٭
ناک گھِسنا (ہ) دیکھو (ناک رگڑنا)
ناک مارنا (ہ) نفرت کرنا - حقارت کی نظر سے دیکھنا ٭
ناک میں تیر کرنا (ا) نہایت حیران اور دق کرنا ٭
ناک میں دم آنا (ا) مرنے کے قریب ہونا - نہایت تنگ یا عاجز ہونا ٭
ناک والا (ہ) عزت اور غیرت والا ٭
ناکا (ہ) مذکر:- داخلہ - راستہ - گھیرا - دروازہ - حد ٭
ناکا بندی (ا) مؤنث:- راستہ یا داخلہ بند کرنا ٭
ناکوں ناک (ہ) مؤنث:- لبالب - مُنہا مُنہ ٭
ناگ (س) مذکر:- سانپ - کالا سانپ ٭
ناگن - ناگنی (ہ) مؤنث:- ناگ کی مادہ ٭
نال (ف) مذکر:- ریشہ جو قلم کو تراشتے وقت اس کے اندر سے نکلتا ہے - نلی ٭
نال (ہ) مؤنث:- بندوق وغیرہ کی نلی -
مذکر:- ناف - وہ آنت کی مانند چمڑا جو دائی بچے کی ناف سے کاٹتی ہے - پہلوانوں کے اٹھانے کا ایک لکڑی کا کُندا ٭
نالا (ہ) مذکر:- گنڈے دار سُوت - اِزاربند - برساتی ندی ٭
نالاں (ف) صفت:- روتا ہوا - فریاد کرنے والا ٭
نالش (ف) مؤنث:- رونا - فریاد - شکایت - دعوے ٭
نالشی (ف) مذکر:- دعوے کرنے والا - فریادی ٭
نالکی (ہ) مؤنث:- ایک قسم کی کھلی سواری جس میں امیر لوگ سوار ہوتے ہیں ٭
نالوٹا (ہ) مذکر:- مکر جانے والا ٭
نالہ (ف) مذکر:- فریاد - رونا - ہا ہُو ٭

نام (ف) مذکر:- ناؤں - لقب - خطاب - شہرت - دھاک - عزت - یادگار - اولاد ٭
نام اُچھلنا (ہ) بدنامی کے ساتھ نام مشہور ہونا ٭
نام آور (ف) صفت:- برائی یا بھلائی میں مشہور ٭
نام آوری (ف) مؤنث:- شہرت - دھاک ٭
نام پانا (ا) نیکنامی حاصل کرنا - شہرت پانا ٭
نام پر (ا) تابع فعل:- واسطے - جیسے خدا کے نام پر ٭
نام پیدا کرنا (ا) شہرت حاصل کرنا ٭
نام جپنا (ا) کسی کے نام کی مالا پھیرنا - وظیفہ پڑھنا ٭
نام چلنا (ا) نام یادگار رہنا ٭
نامِ خدا (ف) ا - کلمۂ دعا:- خدا بُری نظر سے بچائے ٭
نام دار (ف) صفت:- مشہور - نامور ٭
نام دھرنا (ا) نام مقرر کرنا - عیب لگانا - دوس دینا - قیمت مانگنا ٭
نام ڈبونا (ا) عزت کھونا - بدنام کرنا ٭
نام رکھنا (ا) دیکھو (نام دھرنا)
نام روشن کرنا (ا) شہرت پانا ٭
نام زد (ف) صفت:- معروف - مشہور ٭
نام سے کانپنا (ا) کمال رعب چھانا ٭
نام کرنا (ا) دوسرے پر تھوپنا ٭
نام کو نہ چھوڑنا (ا) بالکل نہ چھوڑنا ٭
نام کو نہ ہونا (ا) ذرا نہ ہونا ٭
نام لگانا (ا) تہمت لگانا - دوش لگانا - تھوپنا ٭
نام لینا (ا) نام کی مالا جپنا - نام پکارنا - تہمت لگانا - ذکر کرنا ٭
نام لیوا (ا) مذکر:- نام لینے والا - یادگار - اولاد ٭
نام نکالنا (ا) برائی کے ساتھ مشہور کرنا - شہرت حاصل کرنا - کسی منتر یا جادو کے ذریعہ سے چور کا نام معلوم کرنا - نوزائیدہ بچہ کا نام کسی مقدس کتاب میں سے تجویز کرنا
نام نکلنا (ا) برائی یا بھلائی سے مشہور ہو جانا - لقب پڑنا - چوری میں نام نکلنا ٭

نام نہ لینا (ہ) نام زبان پر نہ لانا۔ پاس نہ پھٹکنا ٭

نام ور (ف) صفت :۔ مشہور۔ معروف ٭

نام وری (ف) مؤنث :۔ شہرت۔ دھاک ٭

نام ہونا (ل) شہرت ہونا۔ الزام لگنا۔ نام پر چڑھنا۔ ذمہ ہونا شرکت ہونا ٭

ناموس (ع) مؤنث : عفت۔ عزت۔ نیکنامی۔ زنان خانہ۔ گھروالا۔ شرم۔ لاج ٭

نامہ (ف) مذکر :۔ خط۔ چٹھی۔ کتاب ٭

نامۂ اعمال (ف۔ع) مذکر :۔ وہ رجسٹر جس میں آدمی کے اچھے یا بُرے عمل درج ہوں ٭

نامہ بر (ف) مذکر :۔ چٹھی لے جانے والا۔ ڈاکیہ ٭

نامہ نگار (ف) مذکر :۔ خبر لکھ کر بھیجنے والا ٭

نامی (ف) صفت :۔ نام والا۔ مشہور۔
(ع) بڑھنے والا ٭

نامیہ (ع) مؤنث :۔ بڑھانے والی قوت۔ بڑھنے والی قوت ٭

نان (ف) مؤنث :۔ روٹی۔ چپاتی۔ ایک قسم کی بڑی روٹی ٭

نان بائی (ا) مذکر :۔ روٹی سالن بیچنے والا ٭

نانا (ہ) مذکر :۔ ماں کا باپ ٭

نانڈ (ہ) مذکر :۔ ایک قسم کا بڑا کونڈا ٭

نانڈھنا (ہ) شروع کرنا۔ چھیڑنا ٭

نانک (ہ) مذکر :۔ سکھ مذہب کے مشہور بانی سری گورو نانک دیو جی مہاراج ٭

نانہیال (ہ) مذکر :۔ نانا کا گھر۔ نانا کا کنبہ ٭

نانی (ہ) مؤنث :۔ نانا کی بیوی۔ ماں کی ماں ٭

نانی کے آگے ننھیال کی باتیں (ہ) کہاوت :۔ ایک عزیز کی شکایت دوسرے عزیز کے سامنے ٭

نانی کے ٹکڑے کھائے دادا کا پوتا کہلائے (ہ) کہاوت :۔ خرچ کسی کا اور نام کسی کا ٭

نانی نے خصم کیا نواسہ چٹی بھرے (ا) کہاوت :۔ قصور کسی کا سزا کسی کو ٭

نانی یاد آنا (ا) مصیبت میں پھنس کر راحت اور آرام کا زمانہ یاد آنا۔ دق ہونا ٭

ناؤ (س) مؤنث :۔ لمبی اور بیچ سے خالی چیز۔ ڈونگی۔ کشتی ٭

ناؤ میں خاک اڑانا (ا) صاف جھوٹ بولنا۔ جھوٹا الزام لگانا ٭

ناوک (ف) مذکر :۔ تیر۔ بان ٭

ناؤنوش (ف) مذکر :۔ عیش وعشرت۔ رنگ رس ٭

ناہید (ف) مذکر :۔ ایک ستارہ کا نام ٭

نائی (ہ) مذکر :۔ حجامت بنانے والا۔ حجام ٭

نائب (ع) مذکر :۔ ڈپٹی۔ ایجنٹ۔ منیم ٭

نائک (ہ) مذکر :۔ قافلہ کا سردار۔ سرتاج۔ راگ کا ماہر ٭

نائیکا (س) مؤنث :۔ کٹنی۔ رنڈیوں کی سردار ٭

نائین (ہ) مؤنث :۔ نائی کی بیوی۔ نائی قوم کی عورت ٭

نائے نوش (ف) مذکر :۔ دیکھو (ناؤنوش)

نب (انگ) مذکر :۔ ڈنک کی چونچ ٭

نبات (ع) مؤنث :۔ گھاس پات۔ سبزہ۔
(ف) مصری ٭

نباتات (ع) مؤنث :۔ نبات کی جمع۔ پودے ترکاریاں ٭

نباتی (ع) صفت :۔ گھاس پات کا ٭

نباض (ع) مذکر :۔ نبض کا جاننے والا۔ حکیم ٭

نباہ (ہ) مذکر :۔ انتہا تک پہنچانا۔ کسی کے ساتھ بسر کرنا۔ گزارا ٭

نباہنا (ہ) کسی کے ساتھ بسر کرنا۔ انجام تک پہنچانا۔ گزارنا ٭

نبٹانا (ہ) چکانا۔ ادا کرنا ٭

نبٹاوٗ۔ نبیڑا۔ (ہ) مذکر :۔ فیصلہ۔ بے باقی۔ بھگتان ٭

نبھاگا (ا) صفت۔ع :۔ برے نصیب والا۔ ابھاگی ٭

نبھاگنی (ا) مؤنث :۔ برُے نصیب والی۔ ابھاگن ٭

نبرد (ف) مؤنث :۔ لڑائی۔ جنگ ٭

نبرد آزما (ف) صفت :۔ بہادر۔ سورما۔ جنگی ٭

نبڑنا (ہ) خرچ ہونا۔ تمام ہونا ٭

نبض (ع) مؤنث ۔ ہاتھ کی وہ رگ جو حرکت کرتی رہتی ہے ۔ ناڑی ✣

نبضیں (ا) مؤنث ۔ نبض کی جمع ✣

نبضیں چھوٹنا (ا) نبضوں میں حرکت نہ رہنا ۔ مرنے کے قریب ہونا ۔ گھبرا جانا ۔ غش کھا جانا ✣

نبوت (ع) مؤنث ۔ پیغمبری ۔ خدا کے حکموں کا پہنچانا ۔

نبوی (ع) صفت ۔ نبی سے نسبت رکھنے والا ✣

نبھاگا (ہ) صفت ۔ برے نصیب والا ✣

نبھاگی (ہ) مؤنث ۔ برے نصیب والی ✣

نبھاؤ (ہ) مذکر ۔ گزارا ۔ ثابت قدمی ✣

نبھنا (ہ) ۔ بسر ہونا ۔ باہم گزرنا ۔ اخیر تک پہنچنا ✣

نبی (ع) مذکر ۔ خبر پہنچانے والا ۔ پیغمبر ✣

نبیڑنا (ہ) نمٹانا ۔ پورا کرنا ۔ گزارنا ✣

نبیڑو (ہ) مذکر ۔ نمٹانے والا ۔ پورا کرنے والا ✣

نپت (ہ) مؤنث ۔ ماپ ۔ پیمائش ۔ ناپ ✣

نپٹ (ہ) صفت ۔ بالکل ۔ نرا ۔ نہایت ✣

نپٹنا (ہ) پیمائش ہونا ۔ لڑائی ہونا ✣

نت (ہ) صفت ۔ ہمیشہ ۔ سدا ۔ ہر روز ✣

نتارنا (ہ) صاف کرنا ۔ چھاننا ✣

نتھ (ہ) مؤنث ۔ ناک میں پہننے کا ایک زیور ✣

نتھارنا (ہ) دیکھو (نتارنا)

نتھرا (ہ) صفت ۔ صاف ۔ نرمل ✣

نتھنا (ہ) مذکر ۔ ناک کا سوراخ ✣

نتھنوں (ہ) مذکر ۔ نتھنا کی جمع ✣

نتھنوں میں دم کرنا (ا) نہایت ستانا ۔ نہایت دق کرنا ✣

نتھنی (ہ) مؤنث ۔ چھوٹی نتھ ۔ تلوار کے قبضے کی کڑی ✣

نتھنے پھلانا (ہ) ناراض ہونا ۔ خفا ہونا ✣

نتھی (ہ) مؤنث ۔ کاغذ ٹانکنے کی ڈور ✣

نتیجہ (ع) مذکر ۔ باہر لایا گیا ۔ حاصل ۔ مطلب ۔ اخیر پھل ✣

نٹ (ہ) مذکر ۔ ایک قسم کے تماشہ کرنے والے لوگ ۔ بازیگر ✣

نٹ کھٹ (ہ) صفت ۔ نکھٹو ۔ مکار ۔ شوخ ۔ ونگئی ✣

نٹ کھٹی (ہ) مؤنث ۔ شوخی ۔ چالاکی ۔ فریب ۔ شرارت ✣

نٹنی (ہ) مؤنث ۔ نٹ کی بیوی ۔ نٹ قوم کی عورت ✣

نثار (ع) مذکر ۔ کوئی چیز صدقے کے طور پر کسی کے سر پر سے بکھیرنا ۔ نچھاور کرنا ۔

(ا) صدقے ۔ قربان ✣

نثر (ع) مؤنث ۔ بکھرا ہوا ۔ وہ عبارت جو نظم نہ ہو ✣

نج (ہ) صفت ۔ اپنا ۔ ذاتی ۔ پرائیویٹ ✣

نجابت (ع) مؤنث ۔ بزرگی ۔ شرافت ✣

نجات (ع) مؤنث ۔ رہائی ۔ چھٹکارا ۔ مکتی ✣

نجار (ع) مذکر ۔ بڑھئی ۔ ترکھان ✣

نجاری (ع) مؤنث ۔ بڑھئی کا کام ✣

نجاست (ع) مؤنث ۔ پلیدی ۔ گندگی ۔ میلا ✣

نجانے (ہ) محاورہ ۔ خدا جانے ۔ معلوم نہیں ✣

نجبا (ع) مذکر ۔ نجیب کی جمع ۔ شریف لوگ ✣

نجد (ع) مذکر ۔ اونچی زمین ۔ عرب کے ایک شہر کا نام ✣

نجس (ع) صفت ۔ گندہ ۔ پلید ✣

نجف (ع) مذکر ۔ اونچا ٹیلا جس پر پانی نہ چڑھ سکے ۔ عرب کے ایک مشہور شہر کا نام ✣

نجم (ع) مذکر ۔ ستارہ ۔ تارا ✣

نجوم (ع) مذکر ۔ نجم کی جمع ۔ ستارے ۔ جوتش ✣

نجومی (ع) مذکر ۔ نجوم جاننے والا ۔ جوتشی ✣

نجیب (ع) مذکر ۔ بزرگ ۔ شریف ۔ بھلا مانس ✣

نچان (ہ) صفت ۔ ڈھلان ۔ اتار ✣

نچانا (ہ) ناچ کرانا ۔ ستانا ۔ دق کرنا ✣

نچڑنا (ہ) ٹپکنا ۔ دبنے یا بھینچنے سے عرق نکلنا ۔ دبلا ہونا ✣

نچلا (ہ) صفت ۔ خاموش ۔ چپ چاپ ✣

نچنا (ہ) نوچا جانا ۔ کھسوٹا جانا ✣

نچنت (ہ) صفت ۔ فارغ ۔ بے فکر ✣

نچوڑ (ہ) مذکر ۔ رس ۔ عرق ۔ خلاصہ ۔ تت ۔ اصل ۔ اخیر

نچوڑنا (ہ) دبا کر یا بھینچ کر عرق نکالنا۔ سُوتنا۔ چُوستنا۔ ٹھُنک کرنا ٭
نچھاور (ہ) مذکر:۔ نثار۔ بکھیر۔ اُتارا ٭
نچھتر (ہ) مذکر:۔ ستارہ۔ نصیبا۔ بُرج ٭
نحافت (ع) مؤنث:۔ دُبلاپن۔ کمزوری ٭
نحس (ع) صفت:۔ بُرے شگون کا۔ بھُونڈا ٭
نحل (ع) مؤنث:۔ شہد کی مکھی ٭
نحو (ع) مؤنث:۔ طور۔ ڈھنگ۔ راستہ۔ وہ علم جس سے کلموں کی ترکیب آئے ٭
نحوست (ع) مذکر:۔ نامبارکی۔ بھُونڈاپن۔ بدنصیبی۔ دلدّر
نحیف (ع) صفت:۔ دُبلا۔ پتلا۔ کمزور ٭
نخاس (ع) مذکر:۔ چوپایوں یا غلاموں کا بازار۔ مطلق بازار ٭
نخاس چڑھنا (ا) بازار میں بکنے جانا۔ رسوا ہونا ٭
نخالص (ا) صفت:۔ جو خالص نہ ہو۔ مِلاوٹ کا ٭
نخچیر (ف) مذکر:۔ جنگلی جانور۔ شکار کیا ہوا جانور ٭
نخچیر گاہ (ف) مؤنث:۔ شکار کرنے کی جگہ ٭
نخرا۔ نخرہ (ف) مذکر:۔ ناز۔ لاڈ۔ غمزہ ٭
نخراباز۔ نخرے باز (ا) صفت:۔ ناز نخرے دکھلانے والی ٭
نخرابازی (ف) مؤنث:۔ ناز نخرے کرنا۔ لاڈ چوچلا ٭
نخشب (ف) مذکر:۔ ترکستان کے ایک شہر کا نام ٭
نخل (ع) مذکر:۔ کھجور کا درخت۔ مطلق درخت ٭
نخل بند (ع۔ ف) مذکر:۔ باغبان۔ مالی ٭
نخلستان (ف) مذکر:۔ کھجور کے یا دیگر درختوں کا بن ٭
نخوت (ع) مذکر:۔ غرور۔ گمان۔ تکبّر ٭
نخود (ف) مذکر:۔ چنا۔ چھولا ٭
ندا (ع) مؤنث:۔ آواز۔ پکار۔ بلانے کا کلمہ جیسے ارے۔ اہے وغیرہ ٭
ندارد (ف) صفت:۔ خالی۔ نہیں۔ غیر حاضر ٭
نداف (ع) مذکر:۔ روئی دھُنکنے والا ٭

ندافی (ع۔ ف) مؤنث:۔ روئی دُھنکنے کا پیشہ ٭
ندامت (ع) مؤنث:۔ شرمندگی۔ پشیمانی ٭
ندبہ (ع) مذکر:۔ ماتم۔ سیاپا۔ وہ حروف جو کسی کو یاد کر کے رونے کے لئے آتے ہیں۔ جیسے۔ ہائے ہائے۔ اے ہے وغیرہ ٭
ندرت (ع) مؤنث:۔ کمیابی۔ کمی۔ عمدگی۔ انوکھاپن ٭
ندما (ع) مذکر:۔ ندیم کی جمع۔ مصاحب لوگ ٭
ندی۔ نَدّی (ہ) مؤنث:۔ چھوٹا دریا ٭
ندی تو کیوں گھراتی ہے میں پاؤں ہی نہیں دھرتا (ہ) کہاوت:۔ تم کیوں مزاج کرتے ہو۔ میں پہلے ہی تم سے الگ رہتا ہوں ٭
ندیدہ (ف) صفت:۔ اَن دیکھا۔ لالچی۔ خواہش مند۔ کنجوس ٭
ندیم (ع) مذکر:۔ پاس بیٹھنے والا۔ ساتھی۔ مصاحب ٭
نڈر (ہ) صفت:۔ جو نہ ڈرے۔ بے خوف۔ دلیر ٭
نڈھال (ہ) صفت:۔ سُست۔ تھکا ماندہ۔ کمزور ٭
نذر (ع) مؤنث:۔ منّت۔ صدقہ۔ نیاز۔ تحفہ ٭
نذر دینا۔ پکڑنا۔ گذارنا۔ کرنا (ا) کسی حاکم کو بھینٹ دینا۔ رشوت دینا ٭
نذر و نیاز (ع۔ ف) مؤنث:۔ درود فاتحہ۔ شیرینی۔ بھینٹ ٭
نذرانہ (ع۔ ف) مذکر:۔ بھینٹ۔ تحفہ ٭
نرگاو (ف) مذکر:۔ بیل۔ بلد ٭
نرماگی (ا) مؤنث:۔ ہیٹی کا کیل کانٹا۔ کواڑ یا صندوق کا قبضہ ٭
نرمیش (ف) مذکر:۔ مینڈھا۔ دُنبہ ٭
نر (س) حرف نفی:۔ نہیں۔ بن۔ بغیر ٭
نرادر (ہ) مذکر:۔ بے عزتی۔ رسوائی ٭
نراس (ہ) مؤنث:۔ نااُمیدی۔ مایوسی۔ صفت:۔ نااُمید ٭
نرنکار (ہ) صفت:۔ جس کی کوئی شکل یا صورت نہ ہو۔ پرماتما۔ خدا ٭

نربل (ہ) صفت :- کمزور - بودا - ماڑا ٭
نروان (س) مذکر :- مکتی - نجات ٭
نرا (ہ) صفت :- اکیلا - صرف محض ٭
نرالا (ہ) صفت :- انوکھا - عجیب - اچھوتا - نیارا ٭
نرالی (ہ) مؤنث - صفت :- انوکھی - عجیب - سب سے جُدا ٭
نرخ (ف) مذکر :- بھاؤ - مُول - قیمت ٭
نرخ نامہ (ف) مذکر :- بھاؤ کی فہرست ٭
نرخرا (ل) مذکر :- گلے کی نلی - سانس کی نلی ٭
نرد (ف) مؤنث :- چوسر یا شطرنج کی گوٹ - ایک بازی کا نام ٭
نرد مارنا (ل) گوٹ مارنا - بازی جیتنا ٭
نردبان (ف) مؤنث :- سیڑھی - زینہ ٭
نرزہ (ل) مذکر :- چھوٹی ترازو ٭
نرسنگا (ہ) مذکر :- ایک قسم کا بجانے کا سینگ - تُرہی ٭
نرغا یا نرغہ (ل) مذکر :- گھیرا - حلقہ - بھیڑ - دشواری ٭
نرک (س) مذکر :- پاپیوں کے رہنے کی جگہ - دوزخ ٭
نرکی (ہ) صفت :- دوزخی - جہنمی ٭
نرگس (ف) مؤنث :- ایک قسم کا پھول جو آنکھ سے مشابہ ہوتا ہے ٭
نرگسی (ف) صفت :- نرگس سے نسبت رکھنے والی - ایک قسم کا کپڑا ٭
نرم (ف) صفت :- ملائم - گدگدا - پلپلا - دھیما سُست ٭
نرم دل (ل) صفت :- رحم دل - موم دل ٭
نرم گرم (ف) صفت :- بُرا بھلا - زمانے کے رنج وراحت ٭
نرما یا نرمہ (ل) مذکر :- ایک قسم کا روئی کا درخت - ایک کپڑا ٭
نرمانا (ل) نرم کرنا - ملائم کرنا دھیما کرنا ٭
نرماہٹ نرمائی (ل) مؤنث :- نرمی - ملائمت ٭
نرمی (ف) مؤنث :- ملائمت - نازکی - گدگداپن - دھیماپن - پلپلاپن - ہلکاپن - مہربانی - موم دلی - سہارا ٭
نروٹھا (ہ) صفت :- بدشکل - بدصورت ٭

نروگا - نروگی (ہ) صفت :- تندرست - بیماری سے بچا ہوا
نری (ف) مؤنث :- بکرے یا بکری کا رنگا ہوا چمڑا ٭
نرینہ (ف) صفت :- نر سے متعلق ٭
نزار (ف) صفت :- دُبلا - کمزور مفلس - نازک ٭
نزاع (ع) مؤنث :- جھگڑا - فساد - دشمنی ٭
نزاکت (ف) مؤنث :- ملائمت - نازوانداز - کمزوری ہلکا پھلکا پن ٭
نزد (ف) تابع فعل :- نزدیک - پاس - آگے ٭
نزدیک (ف) تابع فعل :- قریب - پاس - حسابوں - رائے میں ٭
نزدیکی (ل) مؤنث :- قربت - پاس ٭
نزع (ع) مؤنث :- جان کنی - دم توڑنا ٭
نزلہ (ع) مذکر :- زکام ٭
نزول (ع) مذکر :- اُترنا - نزلہ - ایک مرض کا نام - ضبط کی ہوئی زمین ٭
نزہت (ع) مؤنث :- خوشحالی - تروتازگی - خوشی ٭
نژاد (ف) مؤنث :- نسل - خاندان - تخم ٭
نسار (ع) مؤنث :- عورتیں - بیویاں ٭
نسائم (ع) مؤنث :- نسیم کی جمع - نرم خوشبودار ہوائیں ٭
نسب (ع) مذکر :- خاندان کا سلسلہ - اصل ٭
نسب نامہ (ع - ف) مذکر :- خاندان کا شجرہ ٭
نسب نما (ع - ف) مذکر :- (حساب) کسر کا وہ جزو جو بانٹتا ہے ٭
نسبت (ع) مؤنث :- تعلق - لگاؤ - مشابہت - منگنی حوالہ - نظیر ٭
نسبت کرنا (ل) منگنی کرنا - سگائی کرنا ٭
نسبت ہونا (ل) مناسبت ہونا - تعلق ہونا - مشابہت ہونا - منگنی ہونا ٭
نسبتی (ل) مؤنث :- نسبت رکھنے والا - رشتہ دار ٭
نسترن (ف) مؤنث :- ایک قسم کا خوشبودار سفید پھول ٭

نَستعلیق (ع) مذکر :۔ آج کل کا فارسی خط۔
صفت :۔ مہذب۔ سلجھا ہُوا۔ عمدہ۔ فصیح ÷
نستعلیق گو (ف) مذکر :۔ فصیح آدمی۔ خوش بیان آدمی ÷
نَسخ (ع) مذکر :۔ نقل۔ کتابت۔ منسوخی۔ رد کرنا ÷
نُسخہ (ع) مذکر :۔ لکھا ہُوا۔ کتاب۔ رسالہ۔ کاغذ جس پر حکیم دوائیاں لکھ کر دیتا ہے۔
(ا) ترکیب۔ چٹکلہ۔ ڈھنگ ÷
نُسخہ باندھنا (ا) عطار کا لکھے ہوئے پرچہ کے مطابق دوائیاں باندھ کر دینا ÷
نَسر (ف) مذکر :۔ گِدھ جو ایک مشہور پرندہ ہے ÷
نَسرین (ف) مذکر :۔ ایک قسم کا سفید پھُول ÷
نَسق (ع) مذکر :۔ دستور۔ ترتیب۔ بندوبست ÷
نَسل (ع) مؤنث :۔ بال بچے۔ خاندان۔ اصل۔ قوم ÷
نَسل دار (ع۔ ف) صفت :۔ اچھی نسل کا ÷
نسناس (ع) مذکر :۔ ایک قسم کا حیوان جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے ÷
نسوار (ا) مؤنث :۔ سونگھنے کا پِسا ہُوا تمباکو ÷
نِسوان (ع) مؤنث :۔ نِسار کی جمع۔ عورتیں۔ بیویاں ÷
نَسیاً منسیا (ع) صفت :۔ فراموش۔ بہت بھولا ہُوا ÷
نِسیان (ع) مذکر :۔ بھُول۔ چُوک۔ خطا ÷
نَسیم (ع) مؤنث :۔ نرم اور بھینی بھینی ہوا۔ ایک شاعر کا تخلص ÷
نَشار (ع) مذکر :۔ دنیا۔ عالم۔ سنسار ÷
نَشا (ا) مذکر :۔ خمار۔ شراب کی مدہوشی۔ گھمنڈ۔ جوش ÷
نشا پانی (ا) مذکر :۔ نشا کی چیز کھانا پینا ÷
نشا چھانا (ا) مستی چھانا۔ مدماتا ہونا ÷
نشا چڑھنا (ا) نشہ کا عمل ہونا۔ مست ہونا ÷
نشا کِرکِرا ہونا (ا) رنگ میں بھنگ ہونا۔ عیش میں خلل پڑنا ÷
نشا ہرن ہونا (ا) کسی خوف یا صدمہ کے باعث نشہ جاتا رہنا ÷
نشا ہونا (ا) سرور ہونا۔ خمار چڑھنا ÷
نِشاستہ (ف) مذکر :۔ جمایا ہُوا مغز گندم۔ کلف۔ کانجی ÷

نِشاط (ع) مؤنث :۔ خوشی۔ آنند۔ لُطف ÷
نِشان (ف) مذکر :۔ علامت۔ کھوج۔ چھاپا۔ یادگار۔ جھنڈا۔ نشانہ۔ ٹھکانا۔ ایڈریس۔
(ا) شہزادے کا حکم۔ تمغہ۔ ٹریڈ مارک۔ داغ۔ وہ انگوٹھی جو شادی پر دُولہا والے دلہن کو اور دلہن والے دُولہا کو پہناتے ہیں ÷
نِشان بردار یا نشانچی (ف) مذکر :۔ جھنڈا لیکر چلنے والا ÷
نِشان پڑنا (ا) دھبہ پڑنا۔ علامت باقی رہنا ÷
نشان خاطر (ا) مؤنث :۔ دلجمعی۔ اطمینان ÷
نشان دہی (ا) مؤنث :۔ پتہ بتانا۔ سُراغ رسانی ÷
نشان دینا (ا) پتہ بتانا۔ سُراغ لگانا۔ کوئی علامت بنانا۔ صحیح کرنا ÷
نِشانہ (ف) مذکر :۔ گولی یا تیر مارنے کی جگہ۔ ٹھکانہ۔ مقام ÷
نشانہ انداز (ف) مذکر :۔ ٹھیک نشانہ لگانے والا ÷
نشانہ باندھنا (ا) شست لگانا ÷
نشانہ بنانا (ا) نشانہ کرنا۔ شست یا مشق کی جگہ بنانا ÷
نشانہ کرنا (ا) نشانہ بنانا۔ وار کرنا۔ شکار کرنا ÷
نِشانی (ف) مؤنث :۔ کوئی یادگار۔ پہچان۔ علامت ÷
نِشتر (ف) مذکر :۔ زخم چیرنے یا فصد کھولنے کا نوکدار اوزار ÷
نَشٹ (س) صفت :۔ تباہ۔ برباد۔ خراب ÷
نَشر (ع) مذکر :۔ پھیلاؤ۔ فراخی۔ لمبائی۔ بہاؤ۔ خوشبو پراگندگی ÷
نَشر (ع) صفت :۔ پراگندہ۔ پریشان۔ آوارہ۔ پراگندگی ÷
نِشَست (ف) مؤنث :۔ نشستن کا حاصل مصدر۔ بیٹھک۔ موزونیت۔ کرسی۔ صحبت ÷
نِشَست برخاست (ف) مؤنث :۔ اٹھنا بیٹھنا۔ مجلس کے آداب ÷
نِشَست گاہ (ف) مؤنث :۔ بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھک ÷
نَشو (ع) مذکر :۔ بڑھنا۔ بڑا ہونا۔ اُگنا ÷

نشو و نما (ع) مونث :- بڑھنا اور اگنا - پرورش پانا - ترقی ✤

نشور (ع) مذکر :- مردے کا زندہ ہونا - قیامت - پرلو ✤

نشہ (ف) مذکر :- دیکھو (نشا)

نشہ باز (ف) مذکر :- شراب کا شوق رکھنے والا ✤

نشیب (ف) مذکر :- پست زمین - پستی ✤

نشیب و فراز (ف) مذکر :- اونچ نیچ - زمانے کا نفع نقصان ✤

نشید (ف) مذکر :- گانے کی آواز - سُر ✤

نشیلا (ل) صفت :- نشہ میں بھرا ہوا - متوالا ✤

نشیلی (ل) صفت :- مونث :- نشہ میں بھری ہوئی - متوالی ✤

نشیمن (ف) مذکر :- آرام کی جگہ - حویلی - پرندوں کا گھونسلا ✤

نشیمن گاہ (ف) مونث :- آرام کی جگہ ✤

نصاب (ع) مذکر :- سرمایہ - اتنا مال جس پر زکوٰۃ دینی واجب ہو - بنیاد - پڑھائی کا کورس - جانچ - معیار - دستہ یا موٹھ ✤

نصارا یا نصارےٰ (ع) مذکر :- عیسائی - مسیحی ✤

نصائح (ع) مونث :- نصیحت کی جمع ✤

نصب (ع) مذکر :- کھڑا کرنا - گاڑنا - عداوت - زبر ✤

نصب العین (ع) تابع فعل :- نظر کے مقابل - مدنظر ✤

نصر (ع) مونث :- یاری - مدد - حمایت ✤

نصرانی (ع) مذکر :- عیسائی مذہب کا آدمی ✤

نصرت (ع) مونث :- یاری - مدد - فتح - جیت ✤

نصف (ع) صفت :- آدھا - ½ ✤

نصف النہار (ع) مذکر :- فرضی دائرے جو ایک قطب سے دوسرے قطب تک کھینچے گئے ہیں - دوپہر ✤

نصفا نصف (ع) صفت :- آدھوں آدھ - ٹھیک آدھا ✤

نصفا نصفی (ع) صفت مونث :- آدھوں آدھ ✤

نصوح (ع) صفت :- خالص - پکا ✤

نصیب (ع) مذکر :- قسمت - تقدیر - حصہ ✤ صفت :- حاصل - میسر - مبارک ✤

نصیب آزمانا (ل) قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا ✤

نصیب اعدا (ع) کلمہ دعا :- دشمنوں کو نصیب ہو ✤

نصیب بگڑنا (ل) شامت آنا - قسمت پھوٹنا ✤

نصیب پھرنا یا جاگنا (ل) اقبال کا زمانہ آنا - اچھے دن آنا ✤

نصیب دشمناں (ع - ف) دعا :- دیکھو (نصیب اعدا)

نصیب کو رونا (ل) تقدیر کا گلہ کرنا ✤

نصیب کھلنا (ل) دیکھو (نصیب پھرنا)

نصیب لڑنا (ل) قسمت کا موافق ہونا - اقبالمند ہونا ✤

نصیب ہونا (ل) میسر ہونا - ہاتھ لگنا ✤

نصیبا یا نصیبہ (ل) مذکر :- حصہ - قسمت ✤

نصیبا پھرنا - جاگنا - چمکنا (ل) اچھے دن آنا - اقبالمند ہونا ✤

نصیحت (ع) مونث :- اپدیش - اچھی مت - تنبیہ - عبرت - سزا ✤

نصیحت آمیز (ع - ف) صفت :- جس میں کوئی نصیحت ہو ✤

نصیحت پانا (ل) اپدیش حاصل کرنا - عبرت پکڑنا - سزا پانا ✤

نصیحت گو (ع - ف) صفت :- نصیحت کرنے والا - سیکھ دینے والا ✤

نصیر (ع) مذکر :- مدد کرنے والا - دوست ✤

نطفہ (ع) مذکر :- رَوشن - منی - بیج ✤

نطق (ع) مذکر :- بولنے کی طاقت - بات ✤

نظارت (ع) مونث :- دیکھنا - نگہبانی - ناظر کا عہدہ ✤

نظارگی (ع - ف) مونث :- نظارہ - دیکھنا - مذکر :- دیکھنے والا ✤

نظارہ (ع) مذکر :- نظر ڈالنا - دیدار - درس - نظر ✤

نظّارہ بازی (ع - ف) مؤنث :- دیدار بازی ۔ گھورا گھاری ؁
نِظام (ع) مذکر :- موتیوں کی لڑی ۔ بنیاد ۔ ترتیب ۔ انتظام
آراستگی ۔ حیدر آباد دکن کے فرمانرواؤں کا خطاب ؁
نِظامت (ع) مؤنث :- انتظام ۔ بندوبست ۔ ناظم کا
محکمہ یا کام ؁
نظائر (ع) مؤنث :- نظیر کی جمع ۔ مثالیں ؁
نظر (ع) مؤنث :- غور سے دیکھنا ۔ نگاہ ۔ چتون ۔ آنکھ ۔
آنکھ کی روشنی ۔ غور ۔ بری نظر ۔ نگرانی ۔ پرکھ ۔ تمیز
توجہ ۔ مہربانی ۔ ملاحظہ ۔ اندازہ ۔ امید ۔ سایہ ؁
نظر اُتارنا (ل) بُری نظر کا دفعیہ کرنا ۔ صدقہ دینا ؁
نظر آنا (ل) دکھائی دینا ۔ ملنا ؁
نظر انداز کرنا (ل) دیکھنے سے چھوڑ جانا ۔ توجہ نہ کرنا ؁
نظر باز (ع - ف) صفت :- تاڑنے والا ۔ تاکنے والا ۔
چالاک ؁
نظر بازی (ف) مؤنث :- دیدار بازی ۔ تاڑپن ؁
نظر باندھنا (ل) جادو کے زور سے کچھ کا کچھ دکھانا ؁
نظر بچانا (ل) آنکھ بچانا ۔ بچ کر نکلنا ۔ کترانا ؁
نظر بد (ع - ف) مذکر :- بُری نظر ۔ بُری نظر کا اثر ؁
نظر بدلنا (ل) تیور بدلنا ۔ نظر میں فرق آنا ۔ ارادہ بدلنا ؁
نظر بند (ع - ف) مذکر :- وہ شخص جس کی نگرانی کی
جائے ۔ گرفتار ؁
نظر بندی (ل) حراست میں کرنا ۔ نگرانی میں رکھنا ؁
نظر بھر کر دیکھنا (ل) نہایت غور سے یا سیر ہو کر دیکھنا ؁
نظر پر چڑھنا (ل) نظر میں جچنا یا ممتاز ہونا ۔ دل کو بھانا ۔
قیمت پانا ۔ حقیر ہونا ۔ ذلیل ہونا ؁
نظر پڑنا (ل) دیکھنے میں آنا ۔ دکھائی دینا ؁
نظر پھر جانا (ل) رُخ پھر جانا ۔ ناراض ہو جانا ؁
نظر ٹھہرنا (ل) نظر جمنا ۔ نظر قایم ہونا ؁
نظر ثانی (ع) مؤنث :- دوبارہ دیکھنا ۔ پڑتال ؁
نظر جلانا (ل) چھوت جھاڑنا ۔ بُری نظر کا دور کرنا ؁
نظر جمنا (ل) نگاہ ٹھہرنا ۔ نگاہ قایم ہونا ؁

نظر جھاڑنا (ل) منتر کے زور سے بُری نظر کا دور کرنا ؁
نظر چُرانا (ل) آنکھ چُرانا ۔ چھپنا ۔ کترانا ؁
نظر چڑھنا (ل) خاطر میں آنا ۔ دیکھنے میں آنا ۔ پرکھا جانا ۔
قیمت پانا ۔ پسند آنا ۔ حقیر ہونا ؁
نظر ڈالنا (ل) سرسری طور پر دیکھنا ؁
نظر رکھنا (ل) توجہ رکھنا ۔ میلان رکھنا ۔ نگرانی رکھنا ۔ امید
رکھنا ۔ نیت رکھنا ۔ شناخت رکھنا ؁
نظر سے اُترنا (ل) نظر سے گرنا ۔ بے قدر ہونا ۔ حقیر ہونا ؁
نظر سے گرنا (ل) بے قدر ہونا ۔ سبک ہونا ۔ ذلیل ہونا ؁
نظر سے نظر ملنا (ل) چار آنکھیں ہونا ۔ روبرو ہونا ؁
نظر سے نکلنا (ل) نظر سے گزرنا ۔ دیکھنے میں آنا ۔ نظر سے
غایب ہونا ؁
نظر غلط انداز (ف) مؤنث :- عاشقوں کو دھوکا دینے
والی نظر ؁
نظر کرنا (ل) دیکھنا ۔ اشارہ کرنا ؁
نظر کھا جانا (ل) نظر لگ جانا ۔ بُری نظر کے اثر سے تباہ و
برباد ہو جانا ؁
نظر گاہ (ع - ف) مؤنث :- دیکھنے کی جگہ ۔ تھیٹر ۔ اکھاڑا ؁
نظر گزر (ل) مؤنث :- بُری نظر کا اثر ؁
نظر لگنا (ل) بُری نظر کا اثر کرنا ؁
نظر مارنا (ل) آنکھ مارنا ۔ اشارہ کرنا ؁
نظر ملانا (ل) آنکھ سامنے کرنا ۔ آنکھ لڑانا ؁
نظر ملنا (ل) آنکھ سامنے ہونا ۔ روبرو ہونا ؁
نظر میں (ل) تابع فعل :- نگاہ میں ۔ سامنے ۔ خیال میں ۔
شناخت ؁
نظر میں پھرنا (ل) خیال میں رہنا ؁
نظر میں چڑھنا (ل) نگاہ میں جچنا ؁
نظر میں خار ہونا (ل) آنکھوں کو بُرا لگنا ؁
نظر میں سمانا (ل) نظر میں گھر کرنا ۔ بھلا لگنا ؁
نظر میں عالم سیاہ ہونا (ل) کچھ سجھائی نہ دینا ؁
نظر میں کھٹکنا (ل) نظروں کو بُرا لگنا ؁

نظر میں نہ ٹھہرنا (ل) خاطر میں نہ آنا - قدر نہ پانا ٭
نظر میں ہونا (ل) خیال میں ہونا - پہچان میں ہونا ٭
نظر ہایا (ل) مذکر :- نظر لگانے والا ٭
نظر ہائی (ل) مؤنث :- نظر لگانے والی ٭
نظر ہونا (ل) پرکھ ہونا - تمیز ہونا - بُری نظر کا اثر ہونا - خیال ہونا ٭
نظروں (ل) مؤنث :- نظر کی جمع ٭
نظروں سے اترنا (ل) دیکھو (نظر سے اترنا)
نظروں سے گرنا (ل) دیکھو (نظر سے گرنا)
نظروں میں تولنا (ل) نظروں میں تاڑ لینا - دیکھ کر اندازہ کر لینا ٭
نظروں میں چڑھنا (ل) دیکھو (نظر میں چڑھنا)
نظروں میں رکھنا (ل) نگاہوں میں رکھنا - نگرانی میں رکھنا ٭
نظروں میں سمانا (ل) دیکھو (نظر میں سمانا)
نظروں نظروں میں (ل) تابع فعل :- نگاہوں کے سامنے آنکھوں کے دیکھتے ٭
نظری (ع) مؤنث :- حکمت علمی -
(ل) صفت :- نظر سے گرایا ہوا - رسالہ سے نکالا ہوا گھوڑا - نکما ٭
نظریں (ل) مؤنث :- نظر کی جمع - نگاہیں - آنکھیں ٭
نظریں چرانا (ل) دیکھو (نظر چرانا)
نظم (ع) مؤنث :- موتیوں کو تاگے میں پرونا - لڑی - بندوبست - موزوں کلام - شعر ٭
نظم و نسق (ع) مذکر :- انتظام - بندوبست - راج نیتی ٭
نظیر (ع) مؤنث :- مانند - مثال ثانی - نمونہ - حوالہ - ایک شاعر کا تخلص ٭
نظیر دینا (ل) مثال دینا - حوالہ دینا
نعال (ع) مذکر :- نعل کی جمع - جوتیاں - گھوڑے کے سموں میں لگانے کے لوہے کے حلقے ٭
نعت (ع) مؤنث :- صفت - تعریف - مدح ٭
نعرہ (ع) مذکر :- زور کی آواز - شور - درد کی آواز - جنگ کا شور ٭

نعرہ زن (ع - ف) صفت :- نعرہ مارنے والا - للکارنے والا ٭
نعش (ع) مؤنث :- تابوت - ارتھی - لاش - آسمان کے ستارے جو ثریا کہلاتے ہیں ٭
نعل (ع) مذکر :- جوتی - گھوڑے کے پاؤں میں لگانے کا لوہے کا حلقہ - ایک طرح کا پتھر جسے پہلوان اٹھاتے ہیں - خراج - نذرانہ - جوئے کے مکان کا کرایہ - میاں کی شام ٭
نعل بند (ع - ف) مذکر :- چوپایوں کے سموں میں نعل لگانے والا ٭
نعل بندی (ع - ف) مؤنث :- باج - خراج - نعل باندھنے کا کام ٭
نعل بہا (ع - ف) مذکر :- باج - خراج - ٹیکس ٭
نعلین (ع) مذکر :- دونو جوتیاں ٭
نعم (ع) مؤنث :- نعمت کی جمع - نعمتیں ٭
نعم البدل (ع) مذکر :- اچھا بدلہ - نیک معاوضہ ٭
نعمت (ع) مؤنث :- مال - دولت - بخشش - لذیذ چیزیں ٭
نعمت غیر مترقبہ (ع) مؤنث :- وہ نعمت جس کی اُمید نہ ہو - خداداد دولت ٭
نعوذ (ع) مذکر :- ہم پناہ مانگتے ہیں ٭
نعوذ باللہ (ع) کلمۂ ندا :- ہم خدا سے پناہ مانگتے ہیں ٭
نعیم (ع) مؤنث :- بہشت - نعمت - مال - نیکی - پہنچ - لاڈ - پیار - نازکی - انعام دی ہوئی چیز ٭
نغز (ع) صفت :- عمدہ - اچھا - خوب - لطیف ٭
نغزک (ف) مذکر :- خوب - عمدہ - (مجازاً) آم ٭
نغم (ع) مذکر :- نغمہ کی جمع - گیت - راگ ٭
نغمات (ع) مؤنث :- نغمہ کی جمع - سُریلی آوازیں ٭
نغمہ (ع) مذکر :- راگ - گیت - سُریلی آواز ٭
نغمہ سرائی (ع - ف) مؤنث :- راگ گانا - گیت گانا ٭
نفاخ (ع) صفت :- پھلانے والا - پیٹ میں ہوا پیدا کرنے والا ٭

نَفاذ (ع) مذکر:- پروانہ یا فرمان کا جاری ہونا۔ ایک چیز کا دوسری چیز میں سے گذرنا ؛

نَفّار (ع) صفت:- بہت نفرت کرنیوالا ؛

نَفاسَت (ع) مؤنث:- صفائی۔ خوبی۔ پاکیزگی ؛

نِفاق (ع) مذکر:- عداوت۔ پھوٹ۔ بگاڑ ؛

نَفائِس (ع) مؤنث:- نفیسہ کی جمع۔ نفیس چیزیں ؛

نَفخ (ع) مؤنث:- خوشبو ؛

نَفَر (ع) مذکر:- آدمیوں کا گروہ جو تین سے دس تک ہو نوکر۔ چاکر۔

(ف) مزدور۔ ایک آدمی ؛

نَفرَت (ع) مؤنث:- گھن۔ بیزاری۔ ناگواری ؛

نَفرَت انگیز (ع۔ ف) صفت:- نفرت بڑھانے والا ؛

نَفَری (ا) مؤنث:- روزانہ مزدوری۔ ایک آدمی کا دن بھر کا کام۔ مزدور ؛

نَفرِین (ف) مؤنث:- کوسنا۔ سراپ۔ پھٹکار ؛

نَفَس (ع) مذکر:- سانس۔ دم۔ گھڑی۔ لمحہ ؛

نَفَس شماری (ع۔ ف) مؤنث:- سانس گننا۔ مرنے کے قریب ہونا ؛

نَفَس واپسیں (ع۔ ف) مذکر:- مرتے وقت کا سانس ؛

نَفس (ع) مذکر:- جان۔ آتما۔ ذات۔ وجود۔ حقیقت۔ اصل۔ ست۔

مجازاً۔ وہ خواہش جو انسان کو برے کاموں پر آمادہ کرے ؛

نَفسُ الاَمر (ع) تابع فعل:- اصلی بات۔ اصل۔ مدعا ؛

نَفس اَمّارہ (ع) مذکر:- وہ انسانی خواہش جو بری عادتوں کی طرف مائل کرے ؛

نَفس پَرَست (ع۔ ف) مذکر:- نفس کی پرستش کرنے والا۔ عیاش ؛

نَفس پَرَستی (ع۔ ف) مؤنث:- عیش کرنا۔ رنگ رلیاں منانا ؛

نَفس پَرور (ع۔ ف) مذکر:- دیکھو (نفس پرست)

نَفس کُش (ع۔ ف) مذکر:- بری خواہشوں کو مارنیوالا پرہیزگار ؛

نَفس کُشی (ع۔ ف) مؤنث:- بری خواہشوں کو مارنا۔ پرہیزگاری ؛

نَفس مارنا (ہ) من مارنا۔ بری خواہشوں کو مارنا ؛

نَفسِ مَطلَب (ع) مذکر:- اصلی مقصود۔ مدعا ؛

نَفسِ نَفیس (ع) مذکر:- مقدس اور پاک ذات۔ خاص ذات ؛

نَفسا نَفسی (ا) مؤنث:- آپا دھاپی۔ اپنی اپنی پڑنا ؛

نَفسانی (ع) صفت:- نفس سے متعلق ؛

نَفسانیت (ع) مؤنث:- خودغرضی۔ غرور۔ نخوت ؛

نَفسی (ع) نفس سے متعلق۔ اپنا۔ ذاتی ؛

نَفسی نَفسی (ع) تابع فعل:- اپنے اپنے نفس کی۔ اپنا ہی بھلا چاہنا ؛

نَفع (ع) مذکر:- فائدہ۔ لابھ۔ پھل ؛

نَفَقَہ (ع) مذکر:- بال بچوں کا خرچ۔ گھر کا خرچ ؛

نَفل (ع) مذکر:- زاید عبادت جو ثواب کی نیت سے ادا کی جائے ؛

نُفُوذ (ع) مذکر:- جاری ہونا۔ گزرنا۔ اثر کرنے والا۔ گھسنے والا ؛

نَفُور (ع) مذکر:- نفرت کرنے والا۔ بھاگنے والا ؛

نُفُوس (ع) مذکر:- نفس بمعنی روح کی جمع۔ روحیں۔ ذاتیں ؛

نَفی (ع) مؤنث:- انکار۔ نہیں۔ اخراج۔ تفریق ؛

نَفی کرنا (ا) تفریق کرنا۔ گھٹانا۔ انکار کرنا ؛

نَفِیر (ع) صفت:- نفرت کرنے والا۔

مؤنث:- فریاد۔ واویلا۔

(ف) تُرہی۔ شہنائی ؛

نَفِیری (ف) مؤنث:- تُرہی۔ شہنائی ؛

نَفِیس (ع) صفت:- عمدہ۔ قیمتی۔ پاک صاف ؛

نِقاب (ع) مذکر و مؤنث:- برقع۔ پردہ جو عورتیں منہ پر

ڈالتی ہیں ۔

نِقاب پوش (ع ۔ ف) صفت :۔ وہ آدمی جو منہ پہ پردہ ڈالے رہے ۔

نَقّاد (ع) صفت :۔ پرکھنے والا ۔

نَقّارچی (ف) مذکر :۔ نقارہ بجانے والا ۔

نَقّارخانہ (ف) مذکر :۔ نوبت بجاتے کا مکان ۔

نقارخانے میں طوطی کی آواز کون سنتا ہے ۔ (ل) کہاوت :۔ ایک آدمی کی رائے ہزار آدمیوں کے سامنے نہیں چلتی ۔

نَقّارہ (ف) مذکر :۔ دھونسا ۔ دمامہ ۔ نوبت ۔

نقارے کی چوٹ (ل) تابع فعل :۔ کھلم کھلا ۔ ڈونڈی پیٹ کے ۔

نَقّاش (ع) مذکر :۔ نقش کرنے والا ۔ گل بوٹے بنانیوالا ۔

نَقّاشی (ع) مؤنث :۔ نقش کرنے کا کام ۔ بیل بوٹے بنانا ۔

نقاط (ع) مذکر :۔ نقطہ کی جمع ۔

نَقّال (ع) مذکر :۔ نقل کرنے والا ۔ بھانڈ ۔

نَقّالی (ل) مؤنث :۔ نقل کرنے کا پیشہ ۔ بھانڈپنا ۔

نَقاہت (ع) مؤنث :۔ بیماری کی کمزوری ۔ لاغری ۔

نَقائص (ع) مذکر :۔ نقیصہ کی جمع ۔ عیب ۔ برائیاں ۔

نَقب (ع) مؤنث :۔ دیوار میں شگاف کرنا ۔ سیندھ ۔

نَقب زَن (ع ۔ ف) مذکر :۔ سیندھ لگانے والا ۔

نقب زنی (ع ۔ ف) مؤنث :۔ سیندھ لگانا ۔

نَقد (ع) مذکر :۔ موجودگی ۔ آمادہ ۔ روپیہ پرکھنا ۔ روپیہ پیسہ روکڑ ۔ ابھی ۔ فوراً ۔

(ل) صفت :۔ عمدہ ۔ انوکھا ۔ چوکھا ۔

نقد جان (ع ۔ ف) مؤنث :۔ روح ۔ آتما ۔

نقد روال (ع ۔ ف) مذکر :۔ رائج سکہ ۔ کھرا مال ۔

نقد و جنس (ع) مذکر :۔ مال اسباب ۔ دھن دولت ۔

نقدا نقد (ل) تابع فعل :۔ ہاتھوں ہاتھ ۔ سردست نقد ۔

نقدی (ع) مؤنث :۔ روپیہ پیسہ ۔ روکڑ ۔

نُقرہ (ع) مذکر :۔ چاندی ۔ انسان کی گردن کا گڑھا ۔

(ل) سفید رنگ کا گھوڑا ۔

صفت :۔ سفید چٹا ۔

نُقرۂ خام (ع ۔ ف) مذکر :۔ خالص چاندی ۔

نُقرئی (ع) صفت :۔ چاندی کا ۔ سفید ۔

نَقش (ع) مذکر :۔ صورت ۔ تصویر ۔ بیل بوٹے ۔ کندہ کاری ۔ چھاپ ۔ مُہر ۔

(ف) ایک قسم کی بازی ۔ ایک قسم کا راگ ۔ تعویذ ۔ کھوج ۔ نشان ۔ خیال ۔ اثر ۔ جادو ۔ ٹونا ۔ سکہ ۔ لکھا ہوا ۔

صفت :۔ کھدا ہوا ۔

نقش آب (ف) مذکر :۔ پانی پر کا نقش ۔ فنا ہونے والا ۔ مٹ جانے والا ۔

نقش بٹھانا (ل) مُہر جمانا ۔ رُعب جمانا ۔ دل میں گھر کرنا ۔ اثر کرنا ۔

نقش بدیوار یا نقش بر دیوار (ع ۔ ف) صفت :۔ حیران ۔ ہکا بکا ۔ ساکت ۔

نقش برآب (ع ۔ ف) صفت :۔ جلد فنا ہو جانیوالا ۔

نقش بند (ع ۔ ف) مذکر :۔ نقاش ۔ چترکار ۔ گلکار ۔

نقشبندی (ع ۔ ف) مؤنث :۔ گلکاری ۔ رنگ سازی ۔ چترکاری ۔ طریقت میں خواجہ بہاؤالدین نقشبند کا پیرو ۔

نقش بیٹھنا (ل) دل پر اثر ہونا ۔ نشان پڑنا ۔ رعب جمنا ۔

نقش پا (ع ۔ ف) مذکر :۔ پاؤں کا نشان ۔ کھوج ۔

نقش تسخیر (ع) مذکر :۔ بس میں کر لینے والا جنتر ۔

نقش حُب (ع) مذکر :۔ معشوق کو بس میں کرنے کا جنتر ۔

نقش دیوار (ع ۔ ف) صفت :۔ دیکھو نقش بدیوار ۔

نقش کالحجر (ع) صفت :۔ پتھر کے نقش کی مانند ۔ پتھر کی لکیر ۔ اَمِٹ ۔

نقش کالحجر ہو جانا (ل) پتھر کی لکیر ہو جانا ۔ امٹ ہو جانا ۔

نقش کرنا (و) چھاپنا۔ بیل بوٹے بنانا۔ نشان کرنا ؛
نقش و نگار (ع۔ف، مذکر۔ بیل بوٹے کا کام قلمکاری کا کام
نقش ہونا (ر) کھودا جانا۔ دل پر جمنا۔ لکھا جانا ؛
نقشہ (ع، مذکر:۔ تصویر۔ صورت شکل۔ بناوٹ۔ وضع قطع۔ حلیہ۔ سطح زمین کا روپ۔ بیپ۔ نمونہ۔ سانچہ۔ ڈول کھنچا ہوا کاغذ۔ کیفیت۔ حالت۔ بُرا حال۔ طور ڈھنگ۔ فہرست۔ فرد۔ گوشوارہ ؛
نقشہ اتارنا (ر) تصویر کھینچنا۔ ڈول بنانا۔ خاکہ لینا ؛
نقشہ بگڑنا (ر) حال خراب ہونا۔ بدانتظامی ہونا ؛
نقشہ تیز ہونا (ر) بات بننا۔ قسمت جاگنا ؛
نقشہ جمنا (ر) بات بننا۔ بنیاد پڑنا۔ رسوخ ہونا۔ خیال بندھنا ؛
نقشہ نویس (ع۔ف، مذکر:۔ نقشہ بنانے والا۔ ڈرافٹسمین ؛
نقشی (ر) صفت:۔ جس پر نقش و نگار بنے ہوئے ہوں ؛
نقشین (ف) صفت:۔ نقش کیا ہوا۔ گلکاری کیا ہوا ؛
نقص (ع، مذکر:۔ کمی خامی۔ عیب۔ داغ۔ بُرائی ؛
نقصان (ع، مذکر:۔ کمی۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ تباہی۔ ضائع۔ خلل۔ تکلیف۔ دکھ ؛
نقض (ع، مذکر:۔ توڑنا۔ ٹوٹ پھوٹ۔ بگاڑ ؛
نقط (ع) مذکر:۔ نقطہ کی جمع۔ بندیاں ؛
نقطہ (ع) مذکر:۔ بندی۔ صفر ؛
نقطہ لگانا (ر) عیب لگانا۔ کلنگ لگانا ؛
نقل (ع، مذکر:۔ کوئی چیز جو ذائقہ تبدیل کرنے کے لئے کھائی جائے ؛
نقل (ع) مؤنث:۔ تبدیلی۔ کوچ۔ ایک کاغذ سے دوسرے کاغذ پر اتارنا۔ کاپی۔ حاضر جوابی۔ نمونہ۔ لطیفہ۔ کہانی۔ روپ۔ سوانگ ؛
نقل کرنا (ر) کاپی کرنا۔ سوانگ کرنا۔ ذکر کرنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ؛
نقل کفر کفر نہ باشد (ع۔ف) ضرب المثل:۔ کسی بے جا امر کی نقل ناقل کو قصوروار نہیں ٹھہراتی ؛
نقل لینا (ر) کسی فیصلہ یا شہادت وغیرہ کا باضابطہ حاصل کرنا۔ دوسرے کاغذ پر اصل کے مطابق لکھوانا ؛
نقل مکان (و) مذکر:۔ ایک مکان کو چھوڑ کر دوسرے مکان میں جانا ؛
نقل نویس (ع۔ف) مذکر:۔ نقل لکھنے والا۔ عدالت کا محرر
نقل نویسی (ع۔ف) مؤنث:۔ نقل کرنے کا کام۔ محرری ؛
نقل ہے (ر) محاورہ:۔ ذکر ہے۔ کہتے ہیں ؛
نقلی (ع) صفت:۔ جھوٹا جعلی۔ کھوٹا۔ روایتی۔ زبانی ؛
نقود (ع) مؤنث:۔ نقد کی جمع۔ نقدیاں ؛
نقوش (ع) مذکر:۔ نقش کی جمع ؛
نقول (ع) مؤنث:۔ نقل کی جمع۔ نقلیں ؛
نقی (ع) صفت:۔ پاک۔ صاف ؛
نقیب (ع، مذکر:۔ سردار۔ بھاٹ جس کو خاندان کا سلسلہ یاد ہو۔ منادی کرنے والا۔ خبر کرنے والا۔ تعریف کرنے والا۔
(ر) کڑکنا۔ چوبدار جو امیر یا بادشاہ کی سواری کے آگے آگے چلتا ہے ؛
نقیض (ع) صفت:۔ توڑنے والا۔ خلاف۔ ضد۔ الٹا ؛
نقیہ (ع) صفت:۔ کمزور۔ نربل ؛
نک (ہ) مؤنث:۔ ناک کا مخفف ؛
نک توڑا (ہ) مذکر:۔ ناز و نخرہ۔ بولی۔ ٹھولی ؛
نک چڑھا (ہ) صفت:۔ گھمنڈی۔ جو کسی کو خاطر میں نہ لائے ؛
نک چڑھی (ہ) صفت:۔ مؤنث:۔ بدمزاج عورت ؛
نک کٹا (ہ) صفت:۔ جس کی ناک کٹی ہوئی ہو ؛
نک گھسنی (ہ) مؤنث:۔ ناک رگڑنا۔ منت سماجت کرنا ؛
نکا (ہ) صفت:۔ چھوٹا۔ ننھا۔ ٹھنگنا۔ نازک ؛
نکا (ہ) مذکر:۔ نکیلا۔ نوکدار گیڑی ؛
نکات (ع) مذکر:۔ نکتہ کی جمع۔ نکتے۔ باریکیاں ؛
نکاح (ع، مذکر:۔ عقد۔ بیاہ۔ شادی ؛
نکاح پڑھانا۔ کرنا (ر) عقد کرنا۔ شادی کرنا۔ قاضی کا کام کرنا ؛

نِکاح نامہ (ع - ف) مذکر :- شادی کے عہد وپیمان کا کاغذ ٭
نِکاحتا - نِکاحی (ا) مؤنث :- نکاح کر کے لائی ہوئی عورت ٭
نِکاس (ہ) مذکر :- اصل - جڑ - بنیاد - شروع - نبج - سوت -
مادہ - نسل - خاندان - خارج ہونا - باہر نکلنا ٭
نِکال لانا (ہ) بھگا کر لے جانا ٭
نِکالا (ہ) مذکر :- اخراج - جلا - وطن ٭
نِکالنا (ہ) خارج کرنا - باہر کرنا - علیحدہ کرنا - تفریق کرنا - ایجاد
کرنا - حل کرنا - باہر لانا - رواں کرنا - ظاہر کرنا - ڈالنا
پیدا کرنا - چُرا لینا - بھگا کر لے جانا - قرار دینا - دھتکارنا
جلا وطن کرنا - موقوف کرنا - جواب دینا - حاصل کرنا ٭
نَکبَت (ع) مؤنث :- خواری - بدحالی - غریبی ٭
نُکتہ (ع) مذکر :- باریکی - باریک بات - بھید - لطیفہ - گھوڑے
کی تلہاری - عیب - رخنہ ٭
نُکتہ بین (ع - ف) صفت :- عیب ڈھونڈنے والا - باریکی
دیکھنے والا ٭
نُکتہ پَرور یا نُکتہ پَرداز (ع - ف) صفت :- خوش گفتار
عقلمند - ہوشیار - سخن فہم ٭
نُکتہ چِین (ف) صفت :- مین میکھ نکالنے والا ٭
نُکتہ چینی (ف) مؤنث :- مین میکھ نکالنا ٭
نُکتہ رَس (ف) صفت :- باریک بات کو پہچان جانے والا -
دانا ٭
نُکتہ سَنج (ع - ف) صفت :- عقلمند - ہوشیار - چچی ہوئی بات
کہنے والا ٭
نُکتہ سنجی (ف) مؤنث :- سخن فہمی - تُلی ہوئی بات کہنا - خوش
بیانی ٭
نُکتہ شناس یا نُکتہ داں (ف) صفت :- باریکی جاننے والا
ذہین - چتر ٭
نُکتہ گیر (ف) صفت :- دیکھو (نکتہ چین)
نُکتی (ا) مؤنث :- ایک قسم کی مٹھائی ٭
نکٹا (ہ) صفت :- ناک کٹا - بے شرم - بے لحاظ ٭
نکٹی (ہ) صفت :- مؤنث :- وہ عورت جس کی ناک کٹی
ہوئی ہو - بے شرم عورت ٭
نَکِرہ (ع) مذکر :- ناشناسی - وہ اسم جو غیر معین شے کے
لئے وضع کیا گیا ہو ٭
نَکسِیر (ہ) مؤنث :- ناک سے خون جانا ٭
نِکَل (ہ) صیغہ امر :- جا - چل - ہٹ ٭
نِکل آنا (ہ) باہر آنا - ظاہر ہونا - پیدا ہونا - پھوٹنا ٭
نِکل جانا (ہ) چلا جانا - فرار ہو جانا - جھڑ جانا - بڑھ جانا - سبقت
لے جانا - جاتا رہنا - زائل ہونا - ہار جانا - سامنے نہ ٹھہرنا
آر پار ہو جانا - سرک جانا - گزر جانا - بیت جانا - حاصل
ہو جانا - قبضہ سے چلا جانا - پھسل جانا - بات سے پھر جانا -
چھوٹ جانا - رواج پانا ٭
نِکل چلنا (ہ) اپنی حد اور بساط سے بڑھ چلنا - مغرور ہو جانا
گستاخ ہو جانا ٭
نکلا پڑنا (ہ) بپھرا جانا - ظاہر ہوا جانا - آپے میں نہ رہنا ٭
نِکلنا (ہ) اُگنا - پھوٹنا - جاری ہونا - چلنا - پیدا ہونا - ظاہر
ہونا - سرزد ہونا - باہر جانا - آوارہ ہونا - اُبھرنا - اٹھنا -
ثابت ہونا - زیادہ ہونا - کھلنا - چھلکنا - دکھائی دینا -
کھنچنا - گزرنا - جانا - حاصل ہونا - رخصت ہونا - دُور ہونا
سمٹنا - سکنا - دفع ہونا - جاتا رہنا - خارج ہونا - آگے
بڑھ جانا - سبقت لے جانا - نافرمانی کرنا - بات سے پھرنا
بٹنا - وقت گزرنا - ضائع ہونا - جھڑنا - رواج پڑنا - شروع
ہونا ٭
نِکلوانا (ہ) باہر کرانا - خارج کرانا - معلوم کرنا ٭
نِکمّا (ہ) صفت :- بے کار - ناکارہ - خالی - حقیر - بُرا ٭
نِکوہش (ف) مؤنث :- دھمکی - سرزنش ٭
نکوئی (ف) مؤنث :- بھلائی - نیکی - مہربانی ٭
نِکھار (ہ) مذکر :- صفائی - اُجلاپن ٭
نِکھارنا (ہ) صاف کرنا - میل دور کرنا ٭
نَکہَت (ع) مؤنث :- خوشبو - مہک ٭
نکھٹو (ہ) مذکر :- وہ شخص جو کچھ کما کر نہ لائے -
صفت :- سست - احمق - ناکارہ ٭

نکھد (ہ) صفت:- خراب- بُرا- نِکمّا ؛
نِکھرنا (ہ) صاف ہونا- (جلا ہونا- روپ نکالنا ؛
نکیّ (ہ) مؤنث:- ناک میں بولنے والا- جوسے کی کوڑی- ایک قسم کا جوّا ؛

نکیر (ع) مذکر:- قبر میں سوال و جواب کرنے والا فرشتہ ؛
نکیرَین (ع) مذکر:- وہ دو نو فرشتے جو قبر میں مردے سے سوال و جواب کرتے ہیں ؛
نکیل (ہ) صفت:- وہ کیل جو اونٹ کی ناک میں ڈال کر اس میں رسی باندھ دیتے ہیں ؛
نکیلا (ہ) صفت:- نوکدار- بانکا- ترچھا- خوبصورت ؛
نکیلاپن (ہ) مذکر:- خوبصورتی- بانکپن ؛
نکیلی (ہ) مؤنث:- نوکدار- وضع دار- بانکی ؛
نگ (ف) مذکر:- انگوٹھی کا نگینہ ؛
نِگار (ف) مذکر:- نقش- تصویر- مُورت- خوبصورت آدمی محبوب- آرائش- مہندی ؛
نِگار خانہ (ف) مذکر:- تصویروں کا مکان ؛
نِگارش (ف) مؤنث:- تحریر- لکھنا- نقشہ کشی ؛
نِگارین (ف) صفت:- نگار سے متعلق- مہندی لگا ہوا ؛
نِگاہ (ف) مؤنث:- نظر- چتون- تیور- آنکھ- شناخت- توجہ مہربانی- نظارہ- نِگرانی- نظربندی- امید بھروسا ؛
نِگاہ اُٹھاکر نہ دیکھنا (ل) آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا- خیال میں نہ لانا ؛
نِگاہ بدلنا (ل) رُخ پھیرنا- بے مروّت ہونا ؛
نِگاہ بھر کر دیکھنا (ل) غور سے دیکھنا ؛
نِگاہ پڑنا (ل) نظر پڑنا- دیکھنے میں آنا ؛
نِگاہ پھرنا (ل) توجہ نہ رہنا- بے رُخ ہونا ؛
نِگاہ چُرانا (ل) نظر بچانا- کترانا- ٹالنا ؛
نِگاہ چڑھنا (ل) نظر میں جچنا- خاطر میں سمانا ؛
نِگاہ رکھنا (ل) توجہ رکھنا- دیکھتے رہنا- شناخت رکھنا ؛
نِگاہ سے گرنا (ل) دیکھو (نظر سے گرنا)
نِگاہ کرنا (ل) دیکھنا- آنکھ ڈالنا- خیال کرنا- جانچنا- پرکھنا ؛

نِگاہ لڑانا (ل) آنکھیں لڑانا- گھُور اگھاری کرنا- نظربازی کرنا ؛
نِگاہ مِلنا (ل) نظر مِلنا- دوچار ہونا ؛
نِگاہ میں چڑھنا (ل) دیکھو (نگاہ چڑھنا)
نِگاہ میں رکھنا (ل) خیال میں رکھنا- دیکھتے رہنا- نگہبانی کرنا نظربند رکھنا ؛
نِگاہ ہونا (ل) توجہ ہونا- ارادہ ہونا- پرکھ ہونا- اُمید ہونا ؛
نِگاہ داشت (ف) مؤنث:- حفاظت- نِگرانی- ہوشیاری ؛
نِگاہبان (ف) مذکر:- چوکیدار- سنتری- پہرے دار ؛
نِگاہبانی (ف) مؤنث:- چوکیداری- نِگرانی ؛
نِگاہوں (ل) مؤنث:- نگاہ کی جمع ؛
نِگاہوں پر چڑھنا (ل) نظروں میں جچنا ؛
نِگاہوں سے اترنا (ل) جی سے اُترنا- حقیر ہونا ؛
نِگاہوں میں چڑھنا (ل) نظروں میں سمانا- جچنا ؛
نِگاہوں میں ہلکا ہونا (ل) خفیف ہونا- ہلکا ہونا ؛
نِگاہیں پھرنا (ل) رُخ پھرنا- توجہ نہ رہنا ؛
نِگر (ہ) صفت:- بھاری- ٹھوس- سخت- وزنی ؛
نِگراں (ف) مذکر:- دیکھنے والا- نگہبان- راہ تکنے والا ؛
نِگرانی (ف) مؤنث:- دیکھ بھال- نگہبانی- انتظام ؛
نِگلنا (ہ) حلق سے اُتارنا- ہڑپ کرنا- غبن کرنا ؛
نِگندہ (ف) مذکر:- رضائی یا لحاف کی سیون ؛
نِگوڑا (ہ) مذکر:- کلمۂ تنفر-
عو:- لنگڑا- نکمّا- بدنصیب- بے وارثا ؛
نِگوڑی (ہ) مؤنث:- لنگڑی عورت- نکمّی- بے وارثی عورت بدنصیب عورت ؛
نِگوں (ف) صفت:- اوندھا لٹکایا ہوا- نیچے کو لٹکا ہوا ؛
نِگوں بخت (ف) مذکر:- بدنصیب- بُری قسمت والا ؛
نِگہ (ف) مذکر:- نگاہ کا مخفف ؛
نِگہبان (ف) مذکر:- دیکھو (نگاہبان)
نِگہبانی (ف) مؤنث:- دیکھو (نگاہبانی)
نِگیں (ف) مذکر:- نگ- نگینہ ؛
نِگینہ (ف) مذکر:- نگ- قیمتی پتھر-

صفت: موزوں - ٹھیک بیٹھا ہوا ؛

نگینہ ساز یا نگینہ گر (ف) مذکر: - نگینہ بنانے والا ؛

نَل (ہ) مذکر: - لوہے یا مٹی کی بڑی نالی - ایک راجہ کا نام دمن کے عاشق کا نام ؛

نَلا (ہ) مذکر: - کوکھ کے پاس کی انتڑی - ایک پٹھے کا نام ؛

نلانا (ہ) کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنا ؛

نلائی (ہ) مؤنث: - کھیت میں سے گھاس پھونس دور کرنا یا دور کرنے کی اُجرت ؛

نلوہ (ہ) صفت: - خالص - صفت - کھرے کھرے - خالص نقد - صاف ؛

نَلی (ہ) مؤنث: - نال - پنڈلی کی ہڈی - بندوق یا جُلاہے کی نال ؛

نَم (ف) مذکر: - تری - گیلاپن -

(ا) صفت: - تر - گیلا ؛

نم دیدہ - نم رسیدہ - نم خوردہ - نمناک (ف) صفت: - سیلا ہوا - گیلا ؛

نماز (ف) مؤنث: - عاجزی - سیوا - سجدہ - مسلمانوں کی مخصوص پنجگانہ عبادت ؛

نماز پنجگانہ (ف) مذکر: - پانچوں وقت کی نماز ؛

نمازِ پیشیں یا نُخستین (ف) مذکر: - تیسرے پہر کی نماز ؛

نماز دیگر یا دگر (ف) مؤنث: - چار گھڑی دن رہے کی نماز ؛

نماز کو گئے روزے گلے پڑے (ا) کہاوت: - ایک کام سے پیچھا چھڑایا ایک اور پڑ گیا ؛

نمازی (ف) مذکر: - نماز پڑھنے والا - بھگت ؛

نمام (ع) مذکر: - چغل خور - ادھر کی اُدھر لگانے والا ؛

نمامی (ع) مؤنث: - چغل خوری - ادھر کی اُدھر کہنا ؛

نمائی (ف) مؤنث: - اظہار - پرکاش - اعلان ؛

نمایاں (ف) صفت: - ظاہر - کھلا - مشہور - اُبھرا ہوا ؛

نمائش (ف) مؤنث: - دکھاوا - ظہور - میلا - تماشا ؛

نمائش گاہ (ف) مؤنث: - وہ جگہ جہاں صنعت وحرفت کا میلہ ہو ؛

نمائشی (ا) صفت: - دکھاوے کا - ظاہر میں اچھا ؛

نمٹانا (ہ) بھگتانا - چکانا - فراغت پانا - کام پورا کرنا ؛

نمٹنا (ہ) فارغ ہونا - بھگتنا - بھگتان کرنا ؛

نمد (ف) مذکر: اون یا پشم کا بستر - ٹٹو ؛

نمد پوش (ف) مذکر: - اون یا ریشم کا ٹٹو پہننے والا ؛

نمدہ (ا) مذکر: - دیکھو (نمد)

نمدہ بندھ جانا (ا) دیوالہ نکل جانا - لٹ جانا ؛

نمدہ بھیجنا (ا) لعنت بھیجنا - جانے دینا - پناہ مانگنا ؛

نمرود (معرب) مذکر: - ایک کافر بادشاہ کا نام ؛

نمستے (ہ) مذکر: - پرنام - بندگی - آداب ؛

نمسکار (س) مؤنث: - پرنام - سجدہ - بندگی ؛

نمط (ع) مذکر: - رنگین فرش کا بچھونا - طریقہ - ڈھنگ - شطرنج کی بساط ؛

نمک (ف) مذکر: - لون - کھار - کھاری پن - نمکینی - سانولاپن ؛

نمک پاشی (ف) مؤنث: - نمک لگانا - ستانا ؛

نمک پروردہ (ف) مذکر: - روٹیوں کا پلا ہوا - ملازم - نوکر ؛

نمک حرام (ف - ع) صفت: - نیکی کے عوض بدی کرنیوالا - ناشکرا - کافر نعمت ؛

نمک حرامی (ا) مؤنث: - ناشکری - بیوفائی - کافر نعمتی ؛

نمک حلال (ف - ع) صفت: - اپنے آقا کا طرفدار شکر گزار - خیر خواہ ؛

نمک حلالی (ا) مؤنث: - خیر خواہی - شکر گزاری - آقا کی طرفداری ؛

نمک خوار (ف) مذکر: - روٹیوں کا پلا ہوا - غلام - ملازم ؛

نمک دان (ف) مذکر: - نمک رکھنے کا برتن ؛

نمک دانی (ا) مؤنث: - نمک رکھنے کا ظرف ؛

نمک مرچ لگانا (ا) مزیدار بنانا - مبالغہ کرنا - چھیڑنا - بھڑکانا ؛

نمکین (ف) صفت: - نمک سے متعلق - سلونا - چٹ پٹا

کھاری۔ سانولا۔ چرپرا ؛

نمکینی (ف) مؤنث :۔ سلونا پن۔ ملاحت۔ سانولا پن ؛

نمگیرہ (ف) مذکر :۔ وہ کپڑا جو اوس کی نمی سے محفوظ رہنے کے لئے شامیانے کی طرح لگاتے ہیں ؛

نمو (ع) مذکر :۔ بڑھنا۔ اگنا۔ بالیدگی ؛

نمود (ف) مؤنث :۔ اظہار۔ دکھاوا۔ ظہور۔ بڑھنا۔ تلوار کی باڑ۔ نشان۔ وجود۔ پیدائش۔ خلقت۔ شیخی۔ شان و شوکت۔ نظارہ۔ درشن۔ دھاک۔ شہرت۔ صورت ؛

نمود بندھنا (ہ) دھاک بندھنا۔ رعب جمنا ؛

نمود کرنا (ہ) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔ مشہور ہونا ؛

نمود ہونا (ہ) ابھرنا۔ دکھائی دینا۔ اگنا۔ ظاہر ہونا۔ وجود ہونا۔ شہرت ہونا۔ نشان موجود ہونا۔ شیخی ہونا۔ فروغ ہونا ؛

نمودار (ف) صفت :۔ ظاہر۔ پرگھٹ۔ پرکاش ؛

نمونہ (ف) مذکر :۔ وہ چیز جو دکھانے کے واسطے آئے۔ مثال۔ نقشہ۔ سانچا۔ وضع ؛

نمی (ف) مؤنث :۔ تری۔ گیلاپن ؛

ننا (ہ) صفت :۔ چھوٹا۔ ننھا۔ بچہ۔ نادان ؛

ننانوے (ہ) صفت :۔ نوّے اور نو۔ ۹۹ ؛

ننانوے میں آنا یا پڑنا (ہ) روپیہ بڑھانے کی فکر میں پڑنا۔ لالچ میں پھنسنا ؛

ننانوے کے پھیر میں پھنسنا ؛

نند (ہ) مؤنث :۔ خاوند کی بہن ؛

نندا (ہ) مؤنث :۔ کلنک۔ دوش۔ غیبت۔ تہمت ؛

نندولا (ہ) مذکر :۔ مٹی کا کونڈا ؛

نندوئی (ہ) مذکر :۔ نند کا خاوند۔ خاوند کی بہن کا خاوند ؛

ننگ (ف) مذکر :۔ شرم۔ لحاظ۔ کلنک۔ بدنامی ؛

ننگ و ناموس یا ننگ و نام (ف) مؤنث :۔ لحاظ۔ شرم۔ غیرت۔ عزت ؛

ننگ (ہ) مذکر :۔ ننگا۔ لچا۔ بے حیا۔ کنگال ؛

ننگا (ہ) مذکر :۔ جس کے بدن پر کپڑا نہ ہو۔ بے شرم۔ بے عزت۔ کنگال ؛

ننگی (ہ) مؤنث :۔ عریاں۔ اگھاڑی۔ کنگال ؛

ننگی کیا نہائے گی کیا نچوڑے گی (ہ) کہاوت :۔ غریب کی کچھ حقیقت نہیں ؛

ننھا (ہ) صفت :۔ دیکھو (ننا) ؛

ننھیال (ہ) مؤنث :۔ نانا کا گھر۔ ماں کے باپ کا گھر ؛

ننی (ہ) مؤنث :۔ چھوٹی۔ لڑکی۔ نادان۔ مورکھ ؛

نو (ہ) صفت : ایک کم دس ۹ ؛

نو تیرہ بائیس بتانا (ہ) ٹالنا۔ حیلہ حوالہ کرنا ؛

نورتن (ہ) نو طرح کے جواہرات۔ ایک جڑاؤ زیور۔ نو عقلمندوں کی جماعت۔ جیسے اکبری نورتن۔ ایک قسم کی عمدہ چٹنی ؛

نو سو چوہے کھا کے بلی حج کو چلی (ہ) کہاوت :۔ ساری عمر گناہ کرتے رہے۔ اور آخیر پر پرہیزگار ہے

نو میں نہ تیرہ میں (ہ) شمار میں باہر۔ گنتی میں باہر ؛

نو نقد نہ تیرہ ادھار (ہ) قرض کے تیرہ سے نقد کے نو اچھے ہیں ؛

نو (ف) صفت :۔ نیا۔ تازہ ؛

نو آموز (ف) مذکر :۔ شروع کرنے والا۔ نوسیکھ۔ رنگروٹ۔ اناڑی ؛

نوبنو (ف) صفت :۔ تازہ بتازہ۔ ابھی کا ؛

نوبہار (ف) مؤنث :۔ بہار کا شروع۔ تازہ رونق ؛

نو توبہ (ف۔ع) مذکر :۔ وہ شخص جس نے تازہ توبہ کی ہو ؛

نوجوان (ف) مذکر :۔ گبرو۔ پٹھا ؛

نوجوانی (ف) مؤنث :۔ گبرو ہونا۔ شباب۔ نئی عمر کا ہونا ؛

نوچندہ (ہ) مذکر :۔ وہ روز جو چاند کے دوسرے دن واقع [illegible]

نوچندی (ہ) مؤنث :۔ وہ جمعرات جو چاند کے دوسرے [illegible] روز واقع ہو ؛

نوخاستہ۔ نوخیز (ف) صفت :۔ نیا اٹھا ہوا۔ ہوا گبرو ؛

نوخط (ف۔ع) مذکر :۔ وہ گبرو جس کے ڈاڑھی نکل آئی ہو ؛

نو دولت (ف ۔ ع، مذکر:۔ وہ شخص جسے تازہ دولت ملی ہو ۔

نوروز (ف) مذکر:۔ نئے سال کا پہلا دن ۔

نوشہ (ف) مذکر:۔ نوجوان ۔ بادشاہ ۔ دولہا ۔ مرزا غالب کا لقب ۔

نوعمر (ف ۔ ع) مذکر:۔ نوجوان ۔

نوگرفتار (ف) مذکر:۔ نیا پکڑا ہوا ۔

نومسلم (ف ۔ ع) مذکر:۔ وہ آدمی جس نے تازہ اسلام قبول کیا ہو ۔

نومشق (ف ۔ ع) مذکر:۔ مبتدی ۔ ناتجربہ کار ۔ (اناڑی) ۔

نونہال (ف) مذکر:۔ درخت کا نیا پودا ۔

نووارد (ف) مذکر:۔ اجنبی ۔ ابھی کا آیا ہوا ۔

نوا (ف) مونث:۔ سُر ۔ لے ۔ راگ ۔ آواز ۔ خوشحالی ۔ سامان ۔ روزی ۔ گرفتار ۔ نذرانہ ۔ فرزند ۔ پوتا ۔

نواب (ع) مذکر:۔ صوبہ کا حاکم ۔ سردار ۔ ایک خطاب ۔

(ا) صفت:۔ فضول خرچ ۔ شیخی کرنے والا ۔ نیا امیر ۔

نوابی (ع ۔ ف) مونث:۔ قایم مقامی ۔ حکومت ۔ امیری ریاست

(ا) ایک امیرانہ کپڑا ۔ فضول خرچی ۔ بدنظمی ۔

نواح (ع) مونث:۔ اِردگرد ۔ طرفین ۔ جانبیں ۔

نواحی (ع) مونث:۔ ناحیہ کی جمع ۔ طرفیں ۔ کنارے ۔

نوادر (ع) مونث:۔ نادرہ کی جمع ۔ عجیب و غریب چیزیں ۔

نوار (ف) مونث:۔ چوڑا فیتہ جس سے پلنگ بُنا جاتا ہے ۔

نواڑا (ہ) مذکر:۔ چھوٹی کشتی ۔

نوازش (ف) مونث:۔ بخشش ۔ مہربانی ۔ کرپا ۔

نوازش نامہ (ف) مذکر:۔ عنایت نامہ ۔ بڑا بروالے کا خط

نوازنا (ا) پالنا پوسنا ۔ پیار اسمجھنا ۔ بخشش کرنا ۔ عزت بخشنا ۔

نواس (ہ) مذکر:۔ مکان ۔ گھر ۔ ٹھکانا ۔

نواسہ (ف) مذکر:۔ بیٹی کا بیٹا ۔ ناتی ۔

نواسی (ا) مونث:۔ بیٹی کی بیٹی ۔ نتنی ۔

نواسی (ہ) صفت:۔ ایک کم نوے ۔ ۸۹ ۔

نوال (ع) مونث:۔ بخشش ۔ کرم ۔ کرپا ۔

نوالہ (ف) مذکر:۔ لقمہ ۔ گراس ۔

نوالہ کرنا (ا) لقمہ کرنا ۔ ہڑپ کرنا ۔

ناامید (ف) مونث:۔ مایوس ۔ نراس ۔

ناامیدی (ف) مونث:۔ مایوسی ۔ نراس پن ۔

نواں (ہ) صفت:۔ نوٗ سے نسبت رکھنے والا ۔

نواہی (ع) مونث:۔ نہی کی جمع ۔ منع کی ہوئی باتیں ۔

نوائب (ع) مونث:۔ نائبہ کی جمع ۔ مصیبتیں ۔ حادثے ۔

نوبت (ع) مونث:۔ کسی چیز کا وقت ۔ باری ۔

(ف) حالت ۔ عالم ۔ نقارہ ۔ دمامہ ۔ مہلت ۔ موقع ۔ نگہبانی ۔ چوکیداری ۔ حادثہ ۔ مصیبت ۔ خیمہ ۔ ڈیرہ ۔

نوبت آنا (ا) باری آنا ۔

نوبت بجانا (ا) نقارہ بجانا ۔ دُور دورہ دکھانا ۔

نوبت بنوبت (ف) تابع فعل:۔ باری باری سے ۔

نوبت پہنچنا (ا) باری آنا ۔ حالت یا درجہ پہنچنا ۔

نوبت خانہ (ف) مذکر:۔ نوبت بجنے کا کوٹھا ۔

نوبت کا بخار (ا) مذکر:۔ باری کا بخار ۔

نوبت گاہ (ف) مذکر:۔ پہرے کی جگہ ۔ بندی خانہ ۔ نوبت خانہ

نوبتی (ف) صفت:۔ باری کا ۔

(ا) مذکر:۔ نوبت بجانے والا ۔ سنتری ۔ کوتل گھوڑا ۔ بڑا خیمہ ۔ شاہی دربار ۔

نوتنا (ہ) بلاوا بھیجنا ۔ دعوت دینا ۔

نوٹ (انگ) مذکر:۔ وہ سرکاری کاغذ جو سکہ کی بجائے کام دیتا ہے ۔ حاشیہ ۔ تشریح ۔ یادداشت ۔ پرچہ ۔ دستاویز ۔

نوٹ بک (انگ) مونث:۔ یادداشت کی کتاب ۔

نوٹ کرنا (ا) یادداشت میں رکھنا ۔

نوج (ا) کلمۂ دعا:۔ عو:۔ خدا نہ کرے ۔ ایسا نہ ہو ۔

نوچنا ۔ (ہ) مونڈنا ۔ موسنا ۔ کھرچنا ۔

نوچی (ف) مؤنث :- بازاری عورتوں کی لونڈی - کُٹنوں کی لڑکی ٭
نُوح (ع) مذکر :- رونے والا - ایک مشہور پیغمبر کا لقب جن کی دعا سے دنیا میں پانی کا طوفان آگیا ٭
نُوح کا طُوفان (ا) مذکر :- وہ بھاری طوفان جو حضرت نوح کی بددعا سے آیا ٭
نَوحہ (ع) مذکر :- ماتم - رونا پیٹنا ٭
نوحہ گر (ع - ف) صفت :- نوحہ یا ماتم کرنے والا - روتے پیٹنے والا ٭
نوحہ گری (ع - ف) مؤنث :- رونا پیٹنا - ماتم ٭
نَوَد (ف) صفت :- نوے - ۹۰ ٭
نُور (ع) مذکر :- روشنی چمک - اجالا - رونق - رُوپ ٭
نُورُالعَین (ع) مذکر :- آنکھ کا نُور - بیٹا - فرزند ٭
نور باف (ع - ف) مؤنث :- کپڑا بُننے والا - جولاہا ٭
نُور بافی (ع - ف) مؤنث :- کپڑا بننے کا کام ٭
نُور جہاں (ع - ف) مؤنث :- جہانگیر کی بیگم کا نام ٭
نورِ چشم - نورِ دیدہ :- آنکھ کا نُور - بیٹا - فرزند ٭
نُورٌ علےٰ نُور (ع) کلمۂ تعریف :- نور پر نور - کیا کہنا ہے - خوبی پر خوبی ٭
نُور عین (ع) مذکر :- دیکھو (نورالعین)
نُور گا تڑکا (ا) مذکر :- بہت سویرا - منہ اندھیرے کا وقت ٭
نُورانی (ع) صفت :- چمکیلا - روشن - گورا چٹا - رُوپ دار - آسمانی ٭
نورمل سکول (انگ) مذکر :- وہ مدرسہ جہاں اُستادوں کو پڑھانے کا ڈھنگ سکھایا جاتا ہے ٭
نُورہ (ع) مذکر :- بال اکھاڑنے کی دوا ٭
نوزدہ (ف) صفت :- اُنیس - ۱۹ ٭
نوش (ف) نوشیدن کا امر :- پی - (مرکبات میں) پینے والا - جیسے شراب نوش
صفت :- میٹھا - گوارا -
مذکر :- امرت - آبِ حیات - شہد - زندگی - تریاق -
زہر مہرہ - راس - موافق ٭
نوشِ جاں فرمانا یا کرنا (ا) کھانا - تناول فرمانا ٭
نوش دارُو (ف) مؤنث :- تریاق - زہر مہرہ - مجازاً :- شراب ٭
نوش فرمانا یا کرنا (ا) کھانا - تناول فرمانا ٭
نوشادر (ف) مذکر :- ایک دوا کا نام ٭
نَوِشت (ف) مؤنث :- تحریر - دستاویز - لکھائی - عبارت تمسک ٭
نَوِشت خواند (ف) مؤنث :- لکھنا پڑھنا ٭
نَوِشتہ (ف) مذکر :- لکھا ہُوا - دستاویز - تمسک - تقدیر ٭
نوشہ (ف) مذکر :- نوجوان - بادشاہ - دولہا - مرزا غالب کا لقب ٭
نوشیرواں (ف) مذکر :- ایک نہایت عادل اور سخی بادشاہ کا نام ٭
نَوشیں (ف) صفت :- گوارا - میٹھا ٭
نَوع (ع) مؤنث :- جنس - ذات - طور - ڈھنگ - شکل ٭
نوک (ف) مؤنث :- بھال - ڈنگ - چونچ - سرا - (ا) وضعداری - شیخی - چھیڑ خانی - انداز - عزت ٭
نوک پلک (ا) مؤنث :- آنکھ ناک - وضع اور انداز کا تناسب اور دلفریبی ٭
نوک جھوک (ا) مؤنث :- طعنہ مہنہ - چھیڑ چھاڑ - شوخی ٭
نوکدار (ف) صفت :- نکیلا - انی دار ٭
نوک دُم بھاگنا (ا) دم دبا کر بھاگنا - بے تحاشا بھاگنا ٭
نوک زبان (ا) مؤنث :- زبان کی نوک - صفت :- حفظ - زبانی یاد ٭
نوک کی لینا (ا) اترانا - فخر کرنا - بڑھ کر کام کرنا - وضعداری نباہنا ٭
نوکا جھوکی (ا) مؤنث :- دیکھو (نوک جھوک)
نوکر (ف) مذکر :- ملازم - سیوادار - خدمت گار ٭
نوکرانی (ا) مؤنث :- ملازمہ - خادمہ - ماما ٭

نوکری (ا) مؤنث :- خدمت ٹہل - ملازمت - کام دھندا

تنخواہ ٭

نوکری پیشہ (ا) مذکر :- نوکری کرنے والا ٭

نوکری دینا (ا) ملازمت کا فرض پورا کرنا ٭

نَوم (ع) مؤنث :- نیند - خواب ٭

نُون (ع) مذکر :- عربی کا پچیسواں حرف ٭

نُون (ہ) مذکر :- نمک - لُون ٭

نونا (ہ) جھکنا - ٹیڑھا ہونا

نونی (ہ) مؤنث :- مکھن - کھار - شور ٭

ناول (انگ) مذکر :- فسانہ - داستان - کہانی

نوید (ف) مؤنث :- خوشخبری - بشارت ٭

نویسندہ (ف) مذکر :- لکھنے والا محرر ٭

نویسی (ف) مؤنث :- لکھنے کا کام ٭

نویلا (ہ) صفت :- نیا - تازہ - انوکھا - نرالا

نویلی (ہ) مؤنث :- نئی - انوکھی - نرالی - بانکی - ترچھی

کواری ٭

نُہ (ف) صفت :- نو ۹ ٭

نہ (ف) حرف نفی :- نا - مت -

برائے تاکید :- ضرور - بے شک - جیسے آؤ نہ ہم

بھی وہاں چلیں ٭

نہ باسی بچے نہ کتا کھائے (ا) محاورہ :- نہ زیادہ ہوگا

نہ اکارت جائے گا ٭

نہ پوچھو (ا) بیان سے باہر ہے - کیا کہتا ہے ٭

نہ ٹھوکنا (ا) خاطر میں نہ لانا

نہ سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے (ا) کہاوت :-

کو نقصان پہنچے بغیر کام بن جائے ٭

نہ کتا دیکھے گا نہ بھونکے گا (ا) محاورہ :- نہ دشمن کے

سامنے جائیں گے نہ وہ غرائے گا ٭

نہ منہ میں دانت نہ پیٹ میں آنت (ا) محاورہ :- نہایت

بوڑھے کی نسبت بولتے ہیں ٭

نہ میں کہوں تیری نہ تو کہے میری (ا) محاورہ :- نہ تو تیری

بات کہہ نہ میں تیری مانتا ہوں ٭

نہ نام لیوا نہ پانی دیوا (ا) محاورہ :- وہ شخص جس کے

آگے پیچھے کوئی نہ ہو ٭

نہ نگلے بنتی ہے نہ اُگلے (ا) محاورہ :- نہ کرتے ہی

بن آتی ہے نہ چھوڑتے ہی ٭

نہ نو من تیل ہوگا نہ رادھا ناچے گی (ا) کہاوت :-

کسی کام کے لئے ایسی شرطیں لگانا - جن کا پورا ہونا

ناممکن ہو ٭

نہاد (ع) مذکر :- اصل - بنیاد - پیدائش - نسل - باطن -

خصلت - طبیعت ٭

نہار (ع) مذکر :- روز - دن -

(ف) صفت :- صبح سے نہ کھائے ہوئے - بھوکا -

صبح کا کھانا ٭

نہار مُنہ (ا) مذکر :- وہ شخص جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا

ہو ٭

نہاری (ف) مؤنث :- تھوڑا سا کھانا جو صبح کو کھاتے

ہیں - ایک قسم کا شوربے دار سالن - وہ گڑ اور آٹا

جو گھوڑے کو کھلایا جاتا ہے - کانٹے دار لگام ٭

نہال (ف) مذکر :- تازہ لگایا ہوا پودا - مطلق درخت -

توشک - بستر - شکار -

مجازاً :- کامیاب - خوشحال - شاداب - خوش ٭

نہال کرنا (ا) مالا مال کرنا - امیر بنانا - سرسبز اور شاداب

بنانا - خوش کر دینا - کامیاب کرنا ٭

نہالچہ (ف) مذکر :- چھوٹی توشک - بچے کا بچھونا ٭

نہالی (ف) مؤنث :- توشک - لحاف - رضائی ٭

نہاں (ف) صفت :- چھپا ہوا - گپت ٭

نہانا (ہ) غسل کرنا - جسم کو پانی سے دھونا - تربتر ہونا ٭

نہایت (ع) صفت :- حد - انتہا - آخر - بے انتہا -

بہت ٭

نہتا (ہ) صفت :- جس کے ہاتھ میں کوئی ہتھیار نہ ہو ٭

نہٹا (ہ) مذکر :- ناخن سے نوچنے کا نشان ٭

نہج (ع، مذکر: - سیدھا راستہ - طریقہ ؞
نہر (ع، مؤنث: ندی جو دریا سے کاٹ کر نکالی گئی ہو ؞
نہرنا (ہ) مذکر: - ناخن لینے کا آلہ ؞
نہری (ل) صفت: - نہر سے متعلق - وہ زمین جو نہر کے پانی
سے سیراب کی جائے ؞
نہضت (ع، مؤنث: - کوچ - روانگی - رخصت ؞
نہفتہ (ف) صفت: - چھپا ہوا - پوشیدہ ؞
نہلا (ہ) مذکر: - مجھولا تاش کا پتہ جس پر نو بندیاں ہوتی ہیں
نہلانا (ہ) غسل کرانا - مردے کو غسل دینا - شرابور کرنا ؞
نہلائی (ہ) مؤنث: - غسل کرائی - نہلانے کی اجرت ؞
نہم (ف) صفت: - نو سے متعلق ؞
نہنگ (ف) مذکر: - مگر مچھ - گھڑیال -
(ل) تن تنہا - نگوڑ کا مٹھا ؞
نہوت (ہ) مؤنث: - نہ ہونا - غریبی - تنگی ؞
نہورا یا نہوڑا (ہ) مذکر: - منت سماجت - للو پتو - ناز و نخرہ -
احسان رکھنا ؞
نہی (ع، مؤنث: ممانعت - روک -
(صرف) کوئی کام نہ کرنے کے لئے جو کسی کو حکم دیں -
وہ نہی ہے ؞
نہیب (ع، مذکر: - خوف - ڈر - دہشت - لوٹ ؞
نہیں (ہ) مؤنث: - انکار - نہ - نفی - اونہوں -
بجائے حرف شرط: - ورنہ - وگرنہ ؞
نہیں تو (ہ) تابع فعل: - وگرنہ - ورنہ - جیسے یہ کام کر دنہیں
تو میں ناراض ہوں گا ؞
نہیں سہی (ل) تابع فعل: - کچھ پروا نہیں ؞
نہیں کرنا (ہ) انکار کرنا ؞
نے (ف، مؤنث: - نلی - نرسل - بانسری ؞
نئے (ہ) صفت: - جدید - تازہ ؞
نئے سر سے یا نئے سرے سے (ہ) تابع فعل: -
شروع سے - پھر سے ؞
نئے نو دام پرانے چھ دام (ل) محاورہ: - نئی چیز کی
قدر ہمیشہ زیادہ ہوتی ہے ؞
نئی (ہ) صفت مؤنث: - نیا کی تانیث ؞
نئی روشنی (ل) مؤنث: - زمانہ حال کی تہذیب ؞
نئی کہانی گڑ سے میٹھی (ہ) کہاوت: - نئی بات دلپسند
ہوتی ہے ؞
نئی نویلی (ہ) مؤنث: - بالی بھولی - نئی بیاہی - انوکھی ؞
نیا (ہ) صفت: - تازہ - ابھی کا - انوکھا - اجنبی -
نیا حکیم دے افیم (ل) محاورہ: - ناتجربہ کار سے نقصان
ہی ہوتا ہے ؞
نیا کرنا (ہ) موسم کی چیز پہلے پہل کھانا ؞
نیا نو دن پرانا سو دن (ہ) نئی چیز کی بھڑک چند روزہ ہی
ہوتی ہے - اور پرانی چیز مدت تک قایم رہتی ہے ؞
نیا نویلا (ہ) صفت: - نو عمر - بانکا ترچھا - ناتجربہ کار ؞
نیابت (ع) مؤنث: - قایم مقامی - غائب ہونا - اجنبیٹی ؞
نیارا (ہ) صفت: - جدا - الگ - مختلف ؞
نیاریا (ہ) مذکر: - خاک دھول میں سے سونا چاندی نکالنے
والا - بڑا ہوشیار اور چالاک ؞
نیاز (ف) مؤنث: - حاجت - تمنا - میل - خواہش -
مذکر: - عاجزی - انکسار - درویش کے لیے تحفہ -
(ل) درود - مردے کے نام پر کھانا وغیرہ دینا - بھینٹ
چڑھاوا - ملاقات - واقفیت - ناز - نخرہ ؞
نیاز حاصل کرنا (ل) بزرگوں کی ملاقات حاصل کرنا ؞
نیاز دینا (ل) فاتحہ دینا - بھینٹ دینا ؞
نیاز کرنا (ل) فاتحہ دلانا - بھینٹ کرنا - قربان کرنا - حوالے
کرنا ؞
نیازمند (ف) صفت: - محتاج - حاجت رکھنے والا
آرزو رکھنے والا - مطیع - تابع - عاجز - غلام - مسکین ؞
نیازمندی (ف) مؤنث: - محتاجی - تنگدستی - عاجزی -
غلامی - ملازمت ؞
نیام (ف) مذکر: - تلوار وغیرہ کا میان ؞
نیاؤ (ہ) مذکر: - انصاف - عدل - فیصلہ ؞

نیایش (ف) مؤنث:۔ خدا کی تعریف۔ دعا۔ گریہ زاری۔ مہربانی ٭

نیبو (ہ) مذکر:۔ ایک پھل کا نام ٭

نیپال (ہ) مذکر:۔ ہندوستان کی ایک ریاست کا نام ٭

نیپالی (ہ) مؤنث:۔ نیپال سے متعلق۔ نیپال کا باشندہ ٭

نیت (ع) مؤنث:۔ ارادہ۔ منشا۔ غرض۔ مطلب ٭

نیت باندھنا (ل) نماز میں مشغول ہونا۔ ارادہ کرنا۔ احرام باندھنا ٭

نیت بھرنا (ل) دل بھرنا۔ سیر ہونا ٭

نیت میں فرق آنا (ل) نیت بگڑنا۔ مال مارنے یا بدوفائی کرنے کا ارادہ ہونا ٭

نیچ (ہ) صفت:۔ ادنے۔ کمینہ۔ پاجی۔ نالائق۔ مؤنث:۔ پستی ٭

نیچ اونچ (ہ) مؤنث:۔ اتار۔ چڑھاؤ۔ برائی۔ بھلائی ٭

نیچا (ہ) صفت:۔ پست۔ گہرا۔ ٹھنگنا۔ مدھم۔ کم۔ ادنے۔

نیچا پڑنا (ہ) عاجز ہونا۔ دبنا۔ مطیع ہونا۔ گرنا۔ پچھتانا۔

نیچا دکھانا (ہ) شرمندہ کرنا۔ غرور ڈھانا۔ زیر کرنا۔ ذلیل کرنا

نیچر (انگ) مؤنث:۔ فطرت۔ پیدائش۔ سنسار۔ عادت۔ خصلت۔ جوہر۔ مادہ۔ قدرت کا قانون ٭

نیچرل (انگ) صفت:۔ نیچر یعنی قدرت سے متعلق۔ قانونِ قدرت سے متعلق ٭

نیچری (ل) مذکر:۔ نیچر سے نسبت رکھنے والا۔ قدرت کے قانون پر چلنے والا ٭

نیچہ (ف) مذکر:۔ حقے کی نالی ٭

نیچہ بند (ف) مذکر:۔ نیچہ باندھنے والا ٭

نیچہ بندی (ل) مؤنث:۔ نیچہ باندھنے کا کام ٭

نیچے (ہ) تابع فعل:۔ پستی میں۔ تلے۔ ماتحت۔ نایب۔ مدھم۔ گھٹیں ٭

نیچے اوپر ہوجانا (ل) الٹ پلٹ ہوجانا ٭

نیچی (ہ) مؤنث:۔ نیچا کی تانیث ٭

نیچی نظروں سے دیکھنا (ل) کن انکھیوں سے دیکھنا۔ آنکھیں نیچی کر کے دیکھنا ٭

نیچی نظر ہونا (ل) آنکھ اونچی نہ ہونا۔ شرمندہ ہونا۔ احسانمند ہونا ٭

نیّر (ع) مذکر:۔ نہایت روشن ستارہ ٭

نیّرِ اصغر (ع) مذکر:۔ چھوٹا نہائیت روشن ستارہ۔ چاند ٭

نیّرِ اعظم (ع) مذکر:۔ سب سے بڑا اور سب سے زیادہ روشن ستارہ۔ سورج ٭

نیرنگ (ف) مذکر:۔ مکر۔ فریب۔ چالاکی۔ جادو۔ طلسم ٭

نیرنگ ساز (ف) مذکر:۔ جادوگر۔ بازیگر۔ مکار ٭

نیرنگ سازی (ف) مؤنث:۔ جادوگری۔ مکاری۔ بازیگری ٭

نیرنگی (ف) مذکر:۔ جادوگری۔ فریب۔ دغا۔ طلسم ٭

نیز (ف) حرف عطف:۔ بھی۔ اور۔ دیگر ٭

نیزہ (ف) مذکر:۔ بھال۔ نوک۔ بھالا۔ برچھا۔ سرکنڈا۔ قلم کی چھڑ ٭

نیزہ باز (ف) مذکر:۔ بھالا رکھنے والا۔ علم بردار ٭

نیزہ بازی (ف) مؤنث:۔ بھالے یا نیزے کے داؤں پیچ ٭

نیساں (ف) مذکر:۔ رومیوں کے ساتویں مہینہ اور اس مہینے کی بارش کا نام ٭

نیست (ف) صفت:۔ نابود۔ فنا ٭

نیست کرنا (ل) مٹانا۔ نابود کرنا۔ برباد کرنا ٭

نیست و نابود کرنا (ل) بالکل فنا کرنا۔ بنیاد سے کھونا ٭

نیستاں (ف) مذکر:۔ سرکنڈوں یا نرسلوں کا جنگل ٭

نیستی (ف) مؤنث:۔ فنا۔ عدم۔ ناس۔ مفلسی۔ بدنصیبی۔ دلدر۔ نحوست ٭

نیستی چھانا (ل) نحوست چھانا۔ دلدر آنا ٭

نیش (ف) مذکر:۔ نوک۔ انی۔ ڈنک ٭

نیش زنی (ف) مؤنث:۔ ڈنک مارنا۔ بھاجی۔ برائی ٭

نیشتر (ف) مذکر:۔ فصد کھولنے کا اوزار۔ ڈنک ٭

نیشکر (ف) مذکر:۔ گنا۔ پونڈا ٭

نیفہ (ف) مذکر :۔ پاجامہ کا گھیر جس میں ازاربند رہتا ہے ؛

نیک (ف) صفت :۔ بھلا ۔ اچھا ۔ عمدہ ۔ سعادت مند پارسا ۔ بھگت ۔ رحمدل ۔ شریف ۔ اچھے چال چلن والا ؛

نیک اختر (ف) صفت :۔ اچھے نصیبے والا ۔ بھاگوان ؛

نیک انجام (ف) صفت :۔ جس کا انجام یا اخیر وقت اچھا ہو ؛

نیک اندیش (ف) صفت :۔ بھلائی سوچنے والا ۔ نیک نیت ؛

نیک بخت (ف) صفت :۔ اچھے نصیب والا ۔ بھاگوان پرہیزگار ۔ سچا ؛

(ا) عورت کی طرف خطاب کرنے کا فقرہ ؛

نیک بختی (ا) مؤنث :۔ بھاگوان ہونا ۔ پرہیزگاری ۔ بھلائی ؛

نیک چلن (ا) مذکر :۔ جس کا چال چلن اچھا ہو ؛

نیک چلنی (ا) مؤنث :۔ چال چلن اچھا ہونا ۔ بھلمنسائی ؛

نیک خصلت (ا) صفت :۔ اچھی خصلت اور طینت کا

نیک خواہ (ف) صفت :۔ بھلائی چاہنے والا ؛

نیک فال (ا) صفت :۔ اچھے شگون کا ؛

نیک نقش (ف) صفت :۔ اچھی خصلت کا ؛

نیک منظر (ف ۔ ع) صفت :۔ خوبصورت ۔ سُندر ؛

نیک نام (ف) صفت :۔ جس کا نام بھلائی کے ساتھ مشہور ہو ؛

نیک نامی (ف) مؤنث :۔ نام کا بھلائی کے ساتھ مشہور ہونا ؛

نیک نہاد (ف) صفت :۔ اچھی خصلت اور طینت والا ؛

نیک نیت (ف ۔ ع) صفت :۔ اچھی نیت اور ارادے والا ؛

نیک نیتی (ف ۔ ع) مؤنث :۔ اچھی نیت ؛

نیک و بد (ف) مذکر :۔ بُرا بھلا ۔ بُرائی بھلائی ؛

نیکو (ف) صفت :۔ عمدہ ۔ اچھا ۔ خوبصورت ؛

نیکوکار (ف) صفت :۔ اچھے کام کرنے والا ؛

نیکوئی ۔ نیکی (ف) مؤنث :۔ بھلائی ۔ خوبی ۔ احسان ؛

نیکی بدی

نیکی کر اور دریا میں ڈال
نیکی کر اور کنوئیں میں ڈال } (ا) کہاوت :۔ بھلائی کر اور ثمرہ کی اُمید نہ رکھ ؛

نیکی کر و اور خدا سے پاؤ (ا) محاورہ :۔ نیکی کا صلہ خدا دیتا ہے ؛

نیکی ہی رہ جاتی ہے (ا) محاورہ :۔ بھلائی ہمیشہ قائم رہتی ہے ؛

نیگ (ہ) مذکر :۔ حصّہ ۔ بھینٹ ۔ بیاہ میں رشتہ داروں کو حق شادی دینا ؛

نَیل (ع) مذکر :۔ حصول ۔ دسترس ؛

نَیل مرام (ع) مذکر :۔ مقصد حاصل ہونا ؛

نیل (ف) مذکر :۔ پتی جس کو سڑا کر نیلا رنگ نکالتے ہیں ۔ وسمہ ۔ نیلا رنگ ۔ چوٹ کا نشان ۔ مصر کے ایک دریا کا نام ؛

نیل بگڑنا (ہ) نیل کا ماٹ خراب ہو جانا ۔ جھوٹی بات کا مشہور ہو جانا ۔ چلن بگڑنا ۔ شامت آنا ۔ بے رونقی ہونا ۔ پاگل ہونا ۔ بھاری نقصان ہونا ؛

نیل پڑنا (ا) چوٹ یا ضرب کا نیلا نشان پڑنا ؛

نیل جلانا (ا) پانی یا بارش کے روکنے کا ٹوٹکا کرنا ؛

نیل ڈھلنا (ا) مرتے وقت آنکھوں سے آنسو ٹپکنا ؛

نیل کا ٹیکا (ا) مذکر :۔ کلنک کا ٹیکا ۔ بدنامی کا داغ ؛

نیل کنٹھ (ا) مذکر :۔ ایک خوشنما پرندے کا نام ؛

نیل گر (ف) مذکر :۔ نیل کا کام کرنے والا ؛

نیل گوں (ف) صفت :۔ نیلے رنگ کا ۔ نیلا ؛

نیلا (ا) صفت :۔ نیلے رنگ کا ۔ آسمانی ۔

مذکر :۔ ایک قسم کا کبوتر ۔ نیلم جو ایک جواہر ہے ؛

نیلا پیلا ہونا (ا) غصے ہونا ۔ آنکھیں نکالنا ؛

نیلا تھوتھا (ا) مذکر :۔ ایک قسم کی دوا کا نام ؛

نیلام (پرتگالی) مذکر :۔ بولی دے کر بیچنا ۔ اوکشن ؛

نیلام گھر (ا) مذکر :۔ نیلام ہونے کا مقام ؛

نیلام ہونا (ا) نیلام سے بکنا ۔ بولی پر فروخت ہونا ؛

نیلاہٹ (ہ) مؤنث :- نیلا پن ٭

نیلم (ف) مذکر :- ایک قسم کا نیلے رنگ کا جواہر ٭

نیلوفر (ف) مذکر :- ایک قسم کا نیلے رنگ کا پھول ٭

نیلے پیلے دیدے کرنا (ل) خفا ہونا - آنکھیں نکالنا ٭

نیلی (ہ) صفت :- مؤنث :- نیلے رنگ کی - آسمانی ٭

نیلی پیلی آنکھیں کرنا (ل) خفا ہونا - بگڑنا - آنکھیں نکالنا

نیم (ہ) مذکر :- ایک نہایت کڑوے درخت کا نام ٭

نیم (ف) صفت :- آدھا - نصف - بیچ - درمیان ٭

نیم باز (ف) صفت :- آدھی کھلی آدھی بند ٭

نیم بسمل (ف) صفت :- گھائل - ادھ مؤا ٭

نیم جان (ف) صفت :- مرنے کے قریب - ادھ مؤا ٭

نیم حکیم (ف - ع) مذکر :- ادھورا حکیم - ناتجربہ کار حکیم ٭

نیم حکیم خطرہ جان (ف) کہاوت :- ناتجربہ کار سے ہمیشہ نقصان ہی پہنچتا ہے ٭

نیم خوردہ (ف) صفت :- جھوٹا - پس خوردہ ٭

نیم راضی (ف) صفت :- آدھا رضامند ٭

نیم روز (ف) مذکر :- دوپہر - علاقہ سیستان کا نام ٭

نیم گرم (ف) صفت :- سہتا ہوا گرم

نیم ملا (ف - ع) صفت :- جو پورا ملا نہ ہو ٭

نیم ملا خطرہ ایمان (ف) کہاوت :- ناتجربہ کار اور ناقص آدمی سے نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے ٭

نیمچہ (ف) مذکر :- چھوٹی تلوار ٭

نیمہ (ف) مذکر :- آدھا - طرف - برقع - ایک قسم کا اونچا پاجامہ ٭

نین (ہ) مذکر :- آنکھ - نظر - نگاہ ٭

نیند (ہ) مؤنث :- خواب - اونگھ ٭

نیند اچاٹ ہونا یا اچٹنا یا اچٹ جانا (ہ) خواب جاتے رہنا - آنکھ کھل جانا ٭

نیند اڑنا (ہ) نیند جاتے رہنا - آنکھ کھلنا

نیند حرام کرنا (ل) نیند کھونا - سوتے سے جگا دینا

نیند کا ماتا (ہ) مذکر :- نیند میں بھرا ہوا - خواب سے مست ٭

نین سکھ (ہ) مذکر :- ایک قسم کا باریک کپڑا ٭

نینو (ہ) مذکر :- ایک قسم کا بیل بوٹے دار کپڑا ٭

نیو (ہ) مؤنث :- بنیاد - اصل - شروع - قیام

نیولا (ہ) مذکر :- ایک جانور کا نام ٭

نیولی (ہ) مؤنث :- روپے رکھنے کی لمبی سی تھیلی ٭

نیہ (ہ) مذکر :- پیار - محبت - پریم ٭

و

و (ا) مؤنث :- عربی کا [26] چھبیسواں - فارسی کا تیسواں [30] - ہندی حروف تہجی کا انتیسواں [29] اور اردو کا تیتیسواں [33] حرف ہے ٭

وا (ف) صفت :- کھلا ہوا - کشادہ - پھیلا ہوا -
تابع فعل :- دوبارہ - پھر (صرف فارسی میں آتا ہے)

واکرنا (ل) متعدی :- کھولنا - پھیلا دینا ٭

واہونا (ل) لازم :- کھلنا - حل ہونا ٭

واماندہ (ف) صفت :- پس ماندہ - پیچھے رہا ہوا - دبا ہوا ٭

وا (س) مؤنث :- ہوا - باد - دہ ٭

وابستگان (ف) مذکر :- متعلقین - رشتہ والے - تعلق والے ٭

وابستہ (ف) بندھا ہوا - منسلک - پیوستہ ٭

واپسیں (ف) صفت :- آخریں - پچھلا ٭

واثق (ع) صفت :- مضبوط - پکا - مستحکم

واجب (ع) صفت :- ہمیشہ - دائم - لازم - ضرور - مناسب ٭

واجب الادا (ع) تابع فعل :- ادا کرنے کے قابل - ایسی رقم جس کا ادا کرنا واجب ہو ٭

واجب الاظہار (ع) تابع فعل :- ماننے کے قابل - تسلیم کرنے کے لائق ٭

وَاجِبُ التَّسلِیم (ع) تابع فعل:۔ ماننے کے قابل۔ مانا ہوا ✦

وَاجِبُ التَّعزِیر (ع) تابع فعل:۔ سزا کے قابل۔ لائق سزا

وَاجِبُ التَّعظِیم (ع) تابع فعل:۔ عزت کرنے کے لائق ادب کے قابل ✦

وَاجِبُ الرَّحم (ع) تابع فعل:۔ رحم کرنے کے لائق رحم کے قابل ✦

واجِبُ الرِّعَایَت (ع) تابع فعل:۔ قابل معافی۔ نرمی اور رعایت کے لائق ✦

واجب الزِّیارت (ع) تابع فعل:۔ زیارت کے قابل۔ ملاقات کرنے یا دیکھنے کے لائق ✦

وَاجِبُ القتل (ع) تابع فعل:۔ قتل کرنے کے قابل۔ مار ڈالنے کے لائق ✦

واجِبُ الوجُود (ع) صفت:۔ جس کی ذات بالکل اکمل ہو۔ اور غیر کی محتاج نہ ہو۔ خداوند تعالےٰ ✦

واجِبُ الوصُول (ع) تابع فعل:۔ قابل وصول حاصل ہونے کے قابل ✦

وَاجِبات (ع) مونث:۔ واجب کی جمع۔ فرائض۔ ضروریات۔ ضروری چیزیں۔ چڑھی ہوئی تنخواہیں ✦

واجِبی (ع) درست یا واجب۔ بجا۔ معقول۔ لازمی۔ ضروری ہی ضروری۔ وظیفہ ✦

وارچ (انگریزی) مونث:۔ گھڑی۔ جیب گھڑی ✦

وارچ اینڈ وارڈ (انگریزی) حکومت کا ایک محکمہ ✦

وارچ میکر (انگریزی) مذکر:۔ گھڑی ساز ✦

واحد شاہد (ل) محاورہ:۔ خدا گواہ ہے۔ واقف۔ محرم راز سلوک کرنے والا ✦

واحسرتا (ع) افسوس کا کلمہ:۔ ہائے ہائے۔ افسوس حیف ✦

وادی (ع) مونث:۔ گھاٹی۔ درۂ کوہ۔ جنگل۔ بیابان۔ صحرا ✦

وار بچانا (ل) فعل متعدی:۔ ضرب حملہ روکنا۔ ضرب سے بچنا ✦

وار پار ہونا (ل) فعل لازم:۔ آر پار ہونا۔ ادھر سے اُدھر نکل جانا ✦

وار خالی جانا (ل) فعل لازم:۔ ضرب نہ پڑنا۔ ہاتھ نہ بیٹھنا ✦

وار خالی دینا (ل) فعل متعدی:۔ چوٹ سے بچ جانا۔ ضرب نہ پڑنے دینا ✦

وارِث (ع) مذکر:۔ ترکہ پانے والا۔ مستحق۔ آقا۔ ولی۔ مالک ✦

وارِد (ع) صفت:۔ آنے والا۔ مسافر۔ غریب الوطن۔ قاصد ✦

وارد و صادِر (ع) مذکر:۔ آیا گیا۔ مہمان ✦

وارد ہونا (ل) اترنا۔ صادر ہونا۔ نازل ہونا ✦

واردات (ع) مونث:۔ وارد کی جمع۔ انسان پر گزرنے والا حال۔ سرگزشت۔ حادثہ۔ دنگا۔ (ان معنوں میں یہ لفظ عربی میں مستعمل نہیں ہے۔ اردو میں یہ بصیغہ واحد بھی بولا جاتا ہے)

واردات خفیف (ل) مونث:۔ (قانون) چھوٹا سا جھگڑا یا واقعہ ✦

واردات سنگین (ل) مونث:۔ (قانون) سخت حادثہ جیسے خون۔ قتل وغیرہ ✦

وَارَستہ (ف) صفت:۔ آزاد۔ کھلے بند۔ خودمختار ✦

وَارَستہ مزاج (ف) صفت:۔ لاابالی۔ آوارہ مزاج۔ بے پروا ✦

وَارفتہ (ف) صفت:۔ شیفتہ۔ مفتون۔ ازخود رفتہ۔ آپے سے باہر ✦

وَارفتگی (ف) مونث:۔ ازخود رفتگی۔ شیفتگی۔ بیخودی ✦

وَارَن (ع) مونث:۔ صدقہ۔ بھینٹ۔ نچھاور۔ چڑھاوا ✦

وَارنٹ (انگریزی) مذکر:۔ گرفتاری کا حکمنامہ۔ فرمان۔ حکم۔ پروانہ ✦

وارنش (انگریزی) روغن۔ ملمع۔ قلعی ✦

وَاژُوں (ف) صفت:۔ سرنگوں۔ نامبارک۔ منحوس ✦

وَاژدُن بَخت (ف) صفت :- بدنصیب - بدبخت ٭
وَاسوخت (ف) مذکر :- روگردانی - بیزاری - ایسے اشعار جو مسدس کے طور پر معشوق سے مل کر - اس کی شکایت عشق کی برائی - اپنی بے پروائی میں لکھے جائیں ٭
وَاسوختگی (ف) مؤنث :- جلن ٭
واصِل (ع) صفت :- ملنے والا - شامل ہونے والا - وصول ہونے والا ٭
وَاصِل باقی (ع) مؤنث :- وصول شدہ اور باقی رقم ٭
وَاصِلات (ع) مؤنث :- واصل کی جمع - میزان - زر وصول - وصول شدہ ٭
واضِح (ع) صفت :- روشن - اجاگر - کھلا ہوا - عیاں - مفصل ٭
واضِع (ع) صفت :- بنانے والا - ایجاد کرنے والا ٭
واعِظ (ع) مذکر :- وعظ کرنے والا - ناصح - نصیحت کرنے والا ٭
وَافِر (ع) صفت :- بہت - کثیر - کثرت سے ٭
وَافِی (ع) صفت :- پورا - کامل - کافی ٭
واقِعہ (ع) مذکر :- حادثہ - سانحہ - حال - سرگذشت - ماجرا - خبر و حقیقت ٭
واقعہ نَویس (ع - ف) مذکر :- خبرنویس - پرچہ نویس ٭
واقِعی (ع) صفت :- درحقیقت - سچ مچ - ٹھیک ٭
واقِف (ع) صفت :- کھڑا ہونے والا - جاننے والا - آگاہ ٭
وَاقِفُ الحال یا واقفِ حال (ع) مذکر :- رازدان - ہمراز ٭
واقفِ کار (ع - ف) مذکر :- کام سے واقف - کام جاننے والا ٭
واقِف کاری (ل) مؤنث :- جان پہچان - شناسائی ٭
واقفِیّت (ع) مؤنث :- جان پہچان - شناسائی - آگاہی - استعداد ٭
والاشان (ف) صفت :- بڑی شان والا - عالیشان ٭

والاقدر (ف - ع) صفت :- عالی قدر - عالی مرتبہ ٭
والِد (ع) مذکر :- باپ - پتا ٭
والدِ ماجد (ع) مذکر :- محترم باپ - پدر بزرگوار ٭
والِدہ (ع) مؤنث :- ماں - ماتا ٭
وَالِدَین (ع) مذکر :- (صیغۂ تثنیہ) ماں باپ - مادر پدر ٭
والنٹیر (انگریزی) مذکر :- رضاکار - وہ لوگ جو ملک کی خدمت کے لئے بلا تنخواہ سپاہی کی حیثیت سے کام کیا کرتے ہیں ٭
وَاللّٰہ (ع) خدا کی قسم ٭
وَاللّٰہُ اَعلَمُ بِالصَّواب (ع) محاورہ :- خدا ہی بہتر جانتا ہے - خدا کو خوب معلوم ہے ٭
واماندگان (ف) صفت :- پیچھے رہے ہوئے - پسماندہ
واماندگی (ف) مؤنث :- پسماندگی - تھکن - عاجزی ٭
وَامِق (ع) مذکر :- دوست رکھنے والا - دوست - عاشق ٭
وَاوَیلا (ع) مذکر :- حیف - افسوس - گریہ وزاری - شور فریاد ٭
واہِب (ع) صفت :- بخشنے والا - عفو کرنے والا ٭
وَاہِمہ (ع) مذکر :- وہم کی قوت - قوتِ متخیلہ - تخیل کی قوت ٭
واہی (ع) صفت :- سست - کاہل - بیہودہ بات - آوارہ گرد - بیہودہ ٭
واہی تباہی (ل) صفت :- بیہودہ - بے معنی بات - آوارہ - اوباش ٭
واہی تباہی بکنا (ل) فعل لازم :- بیہودہ باتیں کرنا - لغو باتیں کرنا ٭
وَاہِیَات (ع) مؤنث :- (واہی کی جمع) بیہودہ اور لغو باتیں - خرافات ٭
وَائیو گولا (ہ) مذکر :- باؤ گولہ - پیٹ کا ایک قسم کا درد - جس میں اندر ہی گولہ بنا کرتا ہے ٭
وائِس (انگریزی) صفت :- بجائے - قائمقام - نائب ٭
وائِس پریزیڈنٹ (انگریزی) مذکر :- نائب صدر ٭

وائسرائے (انگریزی) نائب السلطنت۔ بادشاہ کا نائب۔ ہندوستان کا سب سے بڑا افسر ۔

وائن (انگریزی) مؤنث ۔ انگوری شراب۔ نشے۔ شراب ۔

وبا (ع) مؤنث: ۔ موت۔ بیماری۔ پھیلنے والی بیماری ۔

وبال جان (ع۔ف) صفت: ۔ دوبھر۔ اجیرن۔ جان کا عذاب ۔

وبال دوش (ع۔ف) صفت: ۔ گراں خاطر۔ بار دوش ۔

وتیرہ (ع) مذکر: ۔ طریقہ۔ شیوہ۔ دستور۔ عادت ۔

وثوق (ع) مذکر: ۔ مضبوطی۔ اعتماد۔ بھروسہ ۔

وثیقہ (ع) مذکر: ۔ معاہدہ۔ عہدنامہ۔ دستاویز ۔

وجاہت (ع) مؤنث ۔ خوبروئی۔ رعب۔ توقیر ۔

وجد (ع) مذکر: ۔ نغمگینی۔ جذبہ۔ بے خودی۔ سرمستی۔ حال۔

وجد آنا (ا) فعل لازم: ۔ حال آنا۔ جھومنا ۔

وجد میں آنا (ا) فعل لازم: ۔ حالت ذوق شوق میں مست ہونا ۔

وجع (ع) مذکر: ۔ درد۔ دکھ۔ ٹیس ۔

وجع المفاصل (ع) مذکر: ۔ جوڑوں کا درد۔ گٹھیا ۔

وجود (ع) مذکر: ۔ مطلوب کا پانا۔ جسم۔ بدن۔ ہستی۔ زندگی ۔

وجود پانا یا پکڑنا (ا) ہستی میں آنا۔ ہست ہونا۔ پیدا ہونا ۔

وجود میں لانا (ا) پیدا کرنا۔ ظہور میں لانا ۔

وجوہ (ع) مؤنث: ۔ وجہ کی جمع۔ اسباب۔ دلائل ۔

وجہ (ع) مؤنث: ۔ رخ۔ چہرہ۔ صورت۔ سبب۔ باعث۔ طور۔ طریق ۔

وجیہ (ع) صفت: ۔ خوبصورت۔ خوش وضع۔ صورت شکل کا اچھا ۔

وحدانیت (ع) مؤنث: ۔ یکتائی۔ ایک ہونا۔ یگانگی ۔

وحدت (ع) مؤنث: ۔ یگانہ ہونا۔ یکتائی۔ یگانگی۔ توحید ۔

وحشت (ع) مؤنث: ۔ جنون۔ دیوانگی۔ سودا۔ گھبراہٹ۔ اداسی ۔

وحشت اثر (ع) صفت: ۔ وحشت ناک ایسی خبر جس سے وحشت پیدا ہو ۔

وحشت انگیز (ع۔ف) صفت: ۔ ڈراونا۔ ہولناک۔ جس سے وحشت پیدا ہو ۔

وحشت زدہ (ع۔ف) تابع فعل: ۔ حواس باختہ۔ اداس گھبرایا ہوا ۔

وحشی (ع) صفت: ۔ جنگلی جانوروں ایسا مضطرب ۔

وحوش (ع) مذکر: ۔ وحش کی جمع۔ صحرائی جانور ۔

وحی (ع) مؤنث: ۔ دل میں کوئی بات ڈالنا۔ پیغام خدا۔ خدا کا حکم جو پیغمبروں کو ملتا ہے ۔

وحید (ع) صفت: ۔ یکتا۔ یگانہ۔ تنہا۔ بے نظیر ۔

وداد (ع) مؤنث: ۔ دوستی۔ محبت۔ انوث ۔

وداع (ع) مؤنث: ۔ رخصت۔ روانگی ۔

ودود (ع) مؤنث: ۔ دوستی۔ محبت ۔

ودیا (س) مؤنث: ۔ علم۔ فن۔ ہنر ۔

ودیعت (ع) مؤنث: ۔ امانت۔ سپردگی ۔

وراثت (ع) مؤنث: ۔ ورثہ۔ ترکہ ۔

ورثہ (ع) مذکر: ۔ میراث پانے والے لوگ (وارث کی جمع)

ورثہ (ع) مذکر: ۔ ترکہ۔ میراث ۔

ورد (ع) مذکر: ۔ ہر روز کا کام۔ معمول۔ وظیفہ ۔

ورد کرنا (ا) فعل متعدی: ۔ معمول باندھنا۔ وظیفہ پڑھنا ۔

ورد (ع) مذکر: ۔ گلاب کا پھول ۔

ورزش (ف) مؤنث: ۔ کسرت۔ ریاضت ۔

ورزشی (ف) صفت: ۔ ورزش کیا ہوا ۔

ورطہ (ع) مذکر: ۔ ہلاکت کا مقام۔ بھنور۔ گرداب۔ غار ۔

ورغلانا (ا) فعل متعدی: ۔ بہکانا۔ اکسانا۔ بھڑکانا۔ پھیلانا ۔

ورود (ع) مذکر: ۔ نزول۔ اترنا۔ تشریف آوری ۔

ورید (ع) مؤنث: ۔ شہرگ۔ گلے کی موٹی رگ ۔

وزارت (ع) مؤنث: ۔ وزیری۔ وزیر کا کام ۔

وزرا (ع) مذکر: ۔ وزیر کی جمع ۔

وزن (ع) مذکر: ۔ بوجھ۔ بار۔ پیمانہ۔ شعر کا وزن ۔

وَساطت (ع) مؤنث:۔ درمیان ہونا۔ اعتدال۔ وسیلہ واسطہ۔ ذریعہ ؛
وَساوس (ع) مذکر:۔ وسواس کی جمع۔ وسوسے ؛
وسائل (ع) مذکر:۔ وسیلہ کی جمع۔ وسیلے۔ ذریعے ؛
وَسْط (ع) درمیانی۔ بڑا نہ چھوٹا ؛
وُسطیٰ (ع) درمیانی۔ میانہ۔ اوسط درجہ کا ؛
وُسطیٰ مدرسہ (ع) مذکر:۔ مڈل اسکول ؛
وُسعت دینا (ع) مؤنث:۔ فراخی۔ چوڑائی۔ گنجائش ؛
وَسوسہ (ع) مذکر:۔ وہم۔ شبہہ۔ ظن ؛
وَسیع (ع) صفت:۔ چوڑا۔ کشادہ ؛
وِصال (ع) مذکر:۔ ملاقات۔ ملنا۔ ملاپ۔ وَصل ؛
وَصف (ع) مذکر:۔ تعریف۔ خوبی۔ عمدگی ؛
وَصیّت (ع) مؤنث:۔ مرنے والے یا سفر کو جانے والے شخص کا نصیحت کرنا کہ میرے بعد ایسا ایسا ہونا چاہیئے ؛
وَضع (ع) مؤنث:۔ پیدا کرنا۔ ساخت۔ طرز۔ روش ؛
وَضع بدلنا (ا) فعل متعدی:۔ طرز بدلنا۔ دوسری روش اختیار کرنا ؛
وَضعِ حمل (ع) مذکر:۔ اسقاط۔ پیٹ گرنا۔ بچہ پیدا ہونا ؛
وَضع دار (ع۔ف) صفت:۔ ایک روش پر رہنے والا آن واندازوالا ؛
وَضع داری (ع۔ف) مؤنث:۔ طرحداری۔ خوش اسلوبی سلیقہ۔ ڈھنگ ؛
وُضو (ع) مذکر:۔ روشن چہرہ ہونا۔ نماز کے واسطے ہاتھ منہ پاؤں وغیرہ دھونا ؛
وَطَن (ع) مذکر:۔ رہنے اور قیام کرنے کی جگہ۔ اپنا دیس جنم بھوم ؛
وَطن مالوف (ع) مذکر:۔ پیارا وطن۔ ایسی جگہ جہاں رہنے کی عادت پڑی ہو ؛
وَظائف (ع) مذکر:۔ وظیفہ کی جمع
وَظیفہ (ع) مذکر:۔ روزمرہ پڑھنے کی دعا۔ وہ چیز جو ہر روز کسی کے واسطے مقرر ہو ؛
وَعدہ (ع) مذکر:۔ اقرار۔ قول وقرار۔ عہد و پیمان ؛
وَعدہ خلاف (ع) مذکر:۔ وہ شخص جو وعدہ تو کرے مگر پورا نہ کرے ؛
وَعید (ع) مؤنث:۔ خراب وعدہ۔ سزا دینے کا وعدہ ؛
وَغا (ع) مؤنث:۔ لڑائی جنگ۔ شور وغل ؛
وَفا (ع) مؤنث:۔ دوستی اور عہد کا پورا کرنا۔ نباہ ؛
وَفادار (ع۔ف) وفا کرنے والا۔ ساتھی۔ سچا۔ صادق ؛
وَفاشعار (ع) جس کی طبیعت اور عادت میں وفا ہو ؛
وَفات پانا (ا) فعل لازم:۔ مرنا۔ فوت ہونا ؛
وُفور (ع) صفت:۔ وافر ہونا۔ کثرت۔ زیادتی ؛
وَقار (ع) مذکر:۔ آہستگی۔ آرام۔ حلم۔ بردباری۔ متانت قدر ومنزلت۔ جاہ وجلال ؛
وَقائع نگار (ع۔ف) مذکر:۔ نامہ نگار۔ سوانح نگار۔ اخبار نویس ؛
وَلولہ (ع) مذکر:۔ غل شور۔ جوش وخروش۔ امنگ ؛
وَلولہ اُٹھنا (ا) فعل لازم:۔ جوش پیدا ہونا ؛
وَلی (ع) مذکر:۔ مالک۔ آقا۔ دوست۔ خدا رسیدہ ؛
وَلی عہد (ع) مذکر:۔ حاکم وقت۔ بادشاہی کا وارث کنور ؛
وَلی نعمت (ع) مذکر:۔ مربی۔ پرورش کرنے والا۔ صاحب دولت ؛
وَلیمہ (ع) مذکر:۔ بیاہ کی دعوت۔ نکاح کی ضیافت
وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔ (ا) کہاوت:۔ اقبال کا زمانہ گذر گیا۔ اور بدنصیبی سے پالا پڑا ہے ؛
وَہّاب (ع) بہت بخشنے والا۔ خدائے کریم ؛
وَہابی (ع) مذکر:۔ مسلمانوں کا ایک فرقہ ؛
وَہبی (ع) بخشا ہوا۔ عطا شدہ۔ قدرت کی طرف سے عطا کیا ہوا کوئی ملکہ

وہم (ع) مذکر :۔ گمان۔ خیال باطل۔ شک ؛

وَید (س) مذکر :۔ حکیم۔ طبیب ؛

وید (س) ہندوؤں کی مقدس کتاب کا نام ؛

ویدانت (س) مذکر :۔ ویاس دیوجی کا بنایا ہوا شاستر جو علم توحید سے بھرا ہوا ہے ؛

ویدانتی (س) مذکر :۔ ویدانت کا پیرو ؛

ویدک (س) وید پڑھا ہوا۔ برہمن۔ وید کا ماہر ؛

ویدک (س) علم طب۔ علم حکمت ؛

ویران (ف) اُجڑا ہوا۔ غیر آباد۔ تباہ۔ خراب ؛

ویرانہ (ف) مذکر :۔ جنگل۔ اجاڑ۔ غیر آباد جگہ ؛

ویرانی (ف) مؤنث :۔ غیر آبادی۔ اجاڑپن۔ تباہی۔ بربادی ؛

ویسٹ کوٹ (انگریزی) مؤنث :۔ واسکٹ۔ صدری۔ جاکٹ ؛

ویش (س) مذکر :۔ ہندوؤں میں تیسرے درجہ کے لوگ جیسا۔ بنیا۔ مہاجن۔ سوداگری کا پیشہ کرنے والا ؛

وِشنو (س) مذکر :۔ وشن کے پیرو۔ جین مت کے خلاف ؛

ہ

ہ ۔ مؤنث :۔ عربی کا ستائیسواں[27]۔ فارسی کا اکتیسواں[31]۔ ہندی کا تینتیسواں[33]۔ اردو کا چونتیسواں[34] حرف بھی ہے۔ جسے ہائے ہوز یا ہائے مدورہ بھی کہتے ہیں ؛

(ہ اور ھ)

ہائے دوچشمی (ف) مؤنث :۔ وہ ہائے ہوز جس میں دو آنکھیں سی بنی ہوتی ہیں جیسے بھاگنا۔ پھاندنا کی ھ ؛

ہا (ہ) کلمہ تاسف :۔ افسوس۔ حیف۔ آہ ؛

ہابیل (ع) مذکر :۔ حضرت آدم علیہ السلام کے بیٹے کا نام جسے قابیل نے مار ڈالا تھا ؛

ہاتف (ع) مذکر :۔ آواز دینے والا۔ غیب کی آواز۔ فرشتہ ؛

ہاتھ (ہ) مذکر :۔ دست۔ ید۔ ہتھیلی۔ کف۔ بس۔ قابو۔ اختیار۔ باعث۔ وسیلہ ؛

ہاتھ اتر جانا (ہ) ہاتھ کی ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا ؛

ہاتھ اٹھا لینا (ہ) دست بردار ہو جانا۔ ترک کر دینا۔ بالکل بے تعلق ہو جانا ؛

ہاتھ آنا (ہ) ہاتھ لگنا۔ حاصل ہونا۔ گرفت میں آنا۔ فائدہ ہونا ؛

ہاتھ اوچھا پڑنا (ہ) پورا وار نہ بیٹھنا۔ اچٹتا ہوا ہاتھ پڑنا۔ ہاتھ کی پوری گرفت نہ ہونا ؛

ہاتھ اونچا رہنا (ہ) سخی رہنا۔ بول بالا رہنا ؛

ہاتھ بٹانا (ہ) کام میں مدد دینا۔ سہارا دینا۔ مل کر کام کرنا۔ شریک کار ہونا ؛

ہاتھ بیٹھنا (ہ) ہاتھ جمنا۔ خوب مشق ہونا۔ کاری زخم لگنا ؛

ہاتھ پاؤں پڑنا (ہ) خوشامد کرنا۔ منت سماجت کرنا۔ قدموں پر گرنا ؛

ہاتھ پاؤں بھلا دینا (ہ) گھبرا دینا۔ بدحواس کر دینا ؛

ہاتھ پاؤں پھولنا یا پھول جانا (ہ) ہاتھ پاؤں سوج جانا حواس باختہ ہونا۔ ہکا بکا ہونا۔ سراسیمہ ہونا ؛

ہاتھ پاؤں پھیلانا (ہ) کاروبار بڑھانا۔ کام کو طول دینا ؛

ہاتھ پاؤں مارنا (ہ) ہاتھ پاؤں چلانا۔ تگ و دو کرنا۔ مضطرب اور بیقرار ہونا۔ جان کنی کے عالم میں ہونا ؛

ہاتھ پاؤں نکالنا (ہ) قد آور اور خوبصورت جوان ہونا۔ گستاخ ہونا۔ سر چڑھنا۔ آپے سے باہر ہونا۔ پر پرزے نکالنا ؛

ہاتھ پر سرسوں جمانا (ہ) کسی سخت کام کو نہایت خوبی سے انجام دینا۔ جس سے حیرت ہو۔ شعبدہ بازی کر دکھانا ؛

ہاتھ پر ہاتھ دھر کر یا رکھ کر بیٹھنا (ہ) بے شغل رہنا۔ بے کار بیٹھے رہنا۔ ہار کر بیٹھنا ؛

ہاتھ پہ ہاتھ مارنا (ہ) قول دینا۔ عہد کرنا۔ بچن ہارنا۔ شرط لگانا ۔

ہاتھ پھیرنا (ہ) چمکارنا۔ پچکارنا۔ لوٹنا۔ ٹھگنا۔ لپٹانا۔ سینہ سے لگانا ۔

ہاتھ پھیلانا یا ہاتھ پسارنا (ہ) دست سوال دراز کرنا۔ بھیک مانگنا۔ گداگری کرنا ۔

ہاتھ تنگ ہونا (ل) تنگدست ہونا۔ روپیہ پیسہ کی کمی ہونا ۔

ہاتھ ٹھرکانا (ہ) ہاتھ مٹکانا۔ ہاتھ نچانا۔ بھاؤ بتانا ۔

ہاتھ جوڑنا (ہ) منت سماجت کرنا۔ دست بستہ ہونا۔ خوشامد درآمد کرنا ۔

ہاتھ چلانا (ہ) مارنے یا پیٹنے کو ہاتھ بڑھانا۔ چوری کرنا۔ دست درازی کرنا ۔

ہاتھ دھو بیٹھنا یا دھو کے بیٹھنا ۔ مایوس ہو جانا۔ نراس ہو جانا ۔

ہاتھ دھو کر یا دھو کے پیچھے پڑ جانا (ہ) بہت زیادہ تنگ کرنا۔ درپے آزار ہونا۔ پیچھے پڑ جانا ۔

ہاتھ سے جاتا رہنا۔ ہاتھ سے کھویا جانا۔ قابو میں نہ رہنا ۔

ہاتھ سے دے بیٹھنا (ہ) کھو بیٹھنا۔ قابو نہ رکھنا۔ ضائع کر دینا ۔

ہاتھ سے نہ جانے دینا (ہ) قابو سے باہر نہ ہونے دینا۔ قبضہ اور قابو میں رکھنا ۔

ہاتھ سے ہاتھ ملنا (ہ) افسوس کرنا۔ پچتانا۔ دست تاسف ملنا ۔

ہاتھ کانوں پہ یا کان پہ رکھنا (ہ) بالکل انکار کرنا۔ لاعلمی ظاہر کرنا۔ ناآشنائی ظاہر کرنا۔ (کانوں پر ہاتھ رکھنا عام طور سے بولتے ہیں ۔

ہاتھ کنگن کو آرسی کیا ہے (ہ) جو بات بالکل ظاہر اور واضح ہے۔ وہ دلیل کی محتاج نہیں۔ یا اس کا بیان کرنا فضول ہے ۔

ہاتھ کو ہاتھ نہیں سوجھتا (ہ) نہایت اندھیر گھُپ ہے ۔

ہاتھ کھینچنا (ہ) دست کش ہونا۔ دست بردار ہونا۔ ہاتھ اٹھانا ۔

ہاتھ کے طوطے اڑ جانا۔ سن ہو جانا۔ حواس باختہ ہو جانا۔ پاؤں تلے سے زمین نکل جانا ۔

ہاتھ لپک (ہ) چور۔ اچکا ۔

ہاتھ لگانا (ہ) چھونا۔ مس کرنا۔ چھیڑنا۔ سہارا دینا۔ مدد کرنا۔ کام شروع کرنا۔ تلوار کا وار کرنا ۔

ہاتھ لگ جانا (ہ) دستیاب ہو جانا۔ ہاتھ آ جانا ۔

ہاتھ ملتے پھرنا (ہ) کف افسوس ملتے پھرنا۔ پچتاتے پھرنا ۔

ہاتھ میں آنا (ہ) حاصل ہونا۔ ملنا۔ قبضہ میں آنا۔ قابو میں آنا ۔

ہاتھ میں دل لینا (ہ) راضی رکھنا۔ دلجوئی کرنا۔ دلداری کرنا ۔

ہاتھا پائی یا ہاتا پائی (ہ) مؤنث :۔ لڑائی۔ گھوسم گھونسا۔ لپاڈکی۔ دھینگا مشتی ۔

ہاتھا پائی کی لینا (ہ) لپاڈکی پر اتر پڑنا۔ دھینگا مشتی پر آ جانا ۔

ہاتھوں ہاتھ (ہ) دست بدست۔ بالا ہی بالا۔ اوپر ہی اوپر۔ فوراً۔ جلد۔ لپک کر ۔

ہاتھوں ہاتھ بک جانا (ہ) جلد بک جانا۔ جھٹ پٹ فروخت ہو جانا ۔

ہاتھی (ہ) مذکر :۔ فیل۔ پیل۔ جو نہایت موٹا جسیم اور سونڈ والا جانور ہوتا ہے ۔

ہاتھی پاؤں (ہ) مذکر :۔ فیل پا۔ ایک مرض کا نام ہے۔ جو اکثر مرطوب ملکوں میں ہوتا ہے ۔

ہاتھی جھومتا ہے (ہ) یعنی گھر میں شادی کے قابل کنواری لڑکی بیٹھی ہے۔ صاحب دولت ہونا۔ امیر کبیر ہونا ۔

ہاتھی کا پاٹھا (ہ) مذکر :۔ ہاتھی کا بچہ۔ جوان ہاتھی ۔

ہاتھی کے دانت کھانے کے اور ہیں دکھانے کے اور (ہ) ظاہر سے باطن کا بالکل مختلف ہونا۔ دکھانے کی چیز اور ہوتی ہے۔ اور کام میں لانے کی اور ۔

ہاتھی وان (ہ) مذکر :۔ فیلبان۔ مہاوت۔ ہاتھی چلانے والا ۔

ہاٹ (ہ) مؤنث :- دکان - سودا بیچنے کی جگہ - بازار ؎
ہاجر (ع) ہجرت کرنے والا - عرب کا ایک مشہور قبیلہ ؎
ہاجرہ (ع) مؤنث :- نہایت گرم دوپہر - حضرت اسمٰعیل ؑ کی والدہ ماجدہ کا نام ؎
ہاجی (ع) مذکر :- ہجو کرنے والا - مذمت گو - منہ چڑانے والا ؎
ہادِم (ع) ڈھانے والا - منہدم کرنے والا - گرانے والا ؎
ہادی (ع) مذکر :- ہدایت کرنے والا - رہنما - پیشوا - رہبر لیڈر ؎
ہار (ہ) مؤنث :- شکست - تکان - ماندگی ؎
ہار جانا یا ہار بیٹھنا (ہ) بازی دے بیٹھنا - مات ہو جانا شکست کھا جانا ؎
ہار جیت (ہ) مؤنث :- شکست و فتح - نفع نقصان ؎
ہار ماننا (ہ) تھکنا - مات ہونا - مغلوب ہونا - شکست تسلیم کرنا ؎
ہار (ہ) مذکر :- پھولوں یا موتیوں کی مالا ؎
ہار گوندھنا یا گوتھنا (ہ) پھول پرونا - پھولوں کی لڑی یا مالا بنانا ؎
ہار سنگار (ہ) مذکر :- ایک درخت کا نام جس کے پھولوں کی ڈنڈیوں سے زرد اور سنہری رنگ نکالتے ہیں ؎
ہارنا (ہ) بازی میں دینا - شکست کھانا - چوکنا - ناکام رہنا عاجز ہونا - مغلوب ہونا ؎
ہارے کے درجے یا ہارے درجے (ل) مجبوراً - ناچار ہو کر - تھک کر ؎
ہاضم (ع) ہضم کرنے والا - ہضم ہونے والا ؎ تحلیل کرنے والا ؎
ہاضمہ (ع) مذکر :- ہضم کرنے کی قوت - تحلیل ؎
ہال (انگریزی) گول کمرہ - بڑا کمرہ - بڑا دالان ؎
ہالہ (ع) مذکر :- دائرہ - کنڈل - چاند کا منڈل - حلقہ ؎
ہامی (ہ) مؤنث :- اقرار - وعدہ ؎
ہامی بھرنا (ہ) ہاں کرنا - اقرار کر لینا - ذمہ لینا ؎

ہاں جی ہاں جی کرنا (ہ) ہاں ہاں کرنا - ہاں میں ہاں ملانا ؎
ہانک مارنا (ہ) پکارنا - آواز دینا - چیخ کر بلانا ؎
ہانکنا (ہ) ہکانا - چلانا - دوڑانا - دھکا دینا - ریلنا ؎
ہاوَن (ف) مؤنث :- ہانڈی - اوکھلی - دوائی کوٹنے کا ایک برتن - کھرل ؎
ہاوَن دستہ (ف) مذکر :- اوکھلی - موسل - دوائی کوٹنے کی موسلی ؎
ہاؤ ہاؤ (ہ) مؤنث :- ہائے پکار - واویلا - چیخ پکار ؎
ہاؤ ہاؤ پڑنا (ہ) واویلا مچنا - تراہ تراہ ہونا ؎
ہاہا ہوہو (ہ) مؤنث :- بیہودہ ہنسی - ہنسی ٹھٹھا ؎
ہاؤ ہو (ہ) مؤنث :- ہائے ہو - چیخ دھاڑ - واویلا ؎
ہائی سکول (انگریزی) ثانوی مدرسہ - میٹرک تک کا مدرسہ - مدرسہ وسطانیہ ؎
ہائی کورٹ (انگریزی) مذکر :- عدالت عالیہ - وہ عدالت جہاں آخیر اپیل ہوتا ہے ؎
ہائی جمپ (انگریزی) اونچی چھلانگ ؎
ہائے (ل) افسوس - تاسف وغیرہ کے موقع پر بولتے ہیں ؎
ہائلہ (ع) خوفناک - ہولناک ؎

(ہ اور ب)

ہبا ڈبا (ہ) مذکر :- بچوں کا ایک مرض - لڑکوں کی شدت کی کھانسی - مسان کی بیماری ؎
ہبوط (ع) مذکر :- نیچے اترنا - نازل ہونا - نیچے گرنا - پستی ؎
ہبہ نامہ (ع - ف) مذکر :- عطانامہ - وہ دستاویز یا کاغذ جس پر مال عطا کرنے کا اقرار لکھا جائے ؎

(ہ اور ت)

ہت (ہ - ل) نفرت کا کلمہ :- دور ہو - الگ ہو - پرے ہٹ - سرک - سدھارو - نکلو ؎
ہت تری یا ہت تیرے کی (ہ) ہت تیری ایسی تیسی کا مخفف - دعائے بد کے طور پر بولتے ہیں - خدا تیرا خانہ خراب کرے - تو دونو جہان میں خراب ہو ؎

ہتک (ع) مؤنث :۔ رسوائی ۔ بے حرمتی ۔ گستاخی ۔ بے ادبی ۔

ہتھوڑا (ہ) مذکر :۔ لوہاروں کا ایک اوزار جس سے لوہا کوٹتے ہیں ۔

ہتھوڑی (ہ) مؤنث :۔ چھوٹا ہتھوڑا ۔ چھوٹی سی لوہے کی موگری ۔

ہتھ اُدھار (ہ) مذکر :۔ دستگردان قرض ۔ قرض حسنہ ۔

ہتھ کڑی یا ہتھکڑی (ہ) مؤنث :۔ وہ زنجیر جو مجرم کے ہاتھ میں ڈالی جاتی ہے ۔ ہاتھ کی زنجیر ۔

ہتھ کنڈا (ہ) مذکر :۔ ہاتھ کا کرتب ۔ شعبدہ ۔ بازیگری ۔ چال ۔ فریب ۔ عادت ۔ ڈھنگ ۔ داؤں پیچ ۔ گھات ۔

ہتھ کنڈے (ہتھ کنڈا کی جمع) (ہ) مذکر :۔ چال کپال شعبدے ۔ چالبازیاں ۔ داؤں پیچ ۔

ہتھنی (ہ) مؤنث :۔ ہاتھی کی مادہ ۔ موٹی تازی عورت ۔

ہتھے پر سے اُکھڑنا (ہ) پتنگ کا ہاتھ کے قریب سے ٹوٹ جانا ۔ معاملہ بن کر بگڑ جانا ۔

ہتھے چڑھنا (ہ) قابو چڑھنا ۔ داؤں پر چڑھنا ۔

ہتھے سے اکھڑنا (ہ) ہاتھ پر سے پتنگ کا ٹوٹنا ۔ بالکل بے تعلق ہو جانا ۔

ہتھے لگانا (ہ) ہاتھ مارنا ۔ مفت میں ہاتھ لگنا ۔

ہتھیار (ہ) مذکر :۔ اوزار ۔ اسلحہ ۔ حربہ ۔

ہتھیار باندھنا (ہ) ہتھیار لگانا ۔ مسلح ہونا ۔

ہتھیار بند (ف) ہتھیار لگائے ہوئے ہتھیار باندھے ہوئے ۔

ہتھیار ڈال دینا (ہ) سر اطاعت خم کرنا ۔ اطاعت قبول کرنا ۔ شکست مان لینا ۔

ہتھیا لینا (ہ) ناجائز قبضہ کر لینا ۔ مار لینا ۔ غصب کر لینا ۔ دبا لینا ۔

ہتھیانا یا ہتیانا (ہ) ہاتھ میں پکڑنا ۔ دبانا ۔ قابض ہونا مخصوص کرنا ۔

ہتھیلی یا ہتیلی (ہ) مؤنث :۔ کف دست ۔ ہاتھ کا اندرونی حصہ ۔

ہتھیلی بجانا (ہ) تالی بجانا ۔ تالی پیٹنا ۔ رسوا کرنا ۔

ہتھیلی پر سر رکھ لینا یا رکھنا (ف) سر سے کفن باندھ لینا سر بکف ہونا ۔ مرنے کو آمادہ ہونا ۔

ہتیلی پر سرسوں جمانا (ہ) (دیکھو ہاتھ پر سرسوں جمانا) شعبدہ بازی سے کوئی کام جھٹ پٹ کر دکھانا ۔

(ہ اور ٹ)

ہٹ دھرم (ہ) احسان فراموش ۔ حق نشناس ۔ سخن پرور ۔ ضدی ۔

ہٹ دھرمی (ہ) مؤنث :۔ بے انصافی ۔ حق تلفی ۔ سخن پروری ۔ ضد ۔

ہٹ رکھنا (ہ) اپنی ضد پوری کرنا ۔ بات کی پچ کرنا ۔

ہٹ کرنا (ہ) ضد کرنا ۔ اصرار کرنا ۔ سخن پروری کرنا ۔

ہٹ ہونا (ہ) ضد ہونا ۔ پچ ہونا ۔

ہٹا کٹا (ہ) جوان و تندرست ۔ موٹا تازہ ۔ سنڈ مسٹنڈ ۔

ہٹی (ہ) مؤنث :۔ ہاٹ ۔ دوکان ۔ ضدی ۔ ہٹیلا ۔

ہٹی کٹی (ہ) مؤنث :۔ موٹی تازی ۔ تنومند ۔

ہٹیلا (ہ) ضدی ۔ اڑیل ۔ سخن پرور ۔

(ہ اور ج)

ہجا (ع) مذکر :۔ حروف کا زبر زیر پیش سے ظاہر کرنا ۔ حروف ہجا سے مراد الف بے تے ہوگی ۔

ہجر (ع) مذکر :۔ جدائی ۔ مفارقت ۔ علیحدگی ۔

ہجراں (ع ۔ ف) مذکر :۔ جدائی ۔ مفارقت ۔

ہجراں نصیب (ف) مذکر :۔ فراق زدہ ۔ جو شخص دوست سے جدا ہو ۔

ہجرت (ع) مؤنث :۔ جدائی ۔ مفارقت ۔ ترک وطن ۔ انتقال وطن ۔ ایک جگہ چھوڑ کر دوسری جگہ آباد کرنا ۔

ہجری (ع) مؤنث :۔ وہ سنہ جو رسول خدا صلعم کے زمانہ سے شروع کیا گیا ہے ۔

ہجو (ع) مؤنث :۔ مذمت ۔ برائی ۔ بدگوئی ۔ نظم میں بُرا کہنا ۔

ہجو کرنا (ل) مذمت کرنا۔ بدگوئی کرنا ٭

ہُجُوم (ع) مذکر:۔ کسی پر دفعتہً ٹوٹ پڑنا۔ بھیڑ بھاڑ۔ انبوہ۔ ازدحام ٭

ہجوم کرنا (ل) ازدحام کرنا۔ بھیڑ کرنا۔ ٹوٹ پڑنا ٭

ہجّے (ل) حرفوں کا جوڑنا۔ زیر زبر وغیرہ حرکت سے الفاظ ادا کرنا ٭

ہجّے کرنا (ل) حرفوں کا جوڑنا۔ رک رک کر بات کرنا ٭

ہجّے نکالنا (ل) ہجّے کرنا۔ مین میکھ نکالنا۔ عیب نکالنا ٭

(ہ اور چ)

ہچر مچر (ہ) مؤنث:۔ پس وپیش۔ جھجک۔ تأمل ٭

ہچر مچر کرنا (ہ) پس وپیش کرنا۔ جھجکنا۔ ٹال مٹول کرنا ٭

ہچکچانا (ہ) شک کرنا۔ شبہ کرنا۔ پس وپیش ہونا۔ شش وپنج کرنا۔ سستی کرنا ٭

ہچکچی باندھنا (ہ) پورب٭ ہچکچی باندھنا۔ دانت پیسنا ٭

ہچکنا (ہ) جھجکنا۔ پس وپیش کرنا۔ متردّد ہونا۔ تأمل کرنا ٭

ہچکولا (ہ) مذکر:۔ دھچکا۔ جھٹکا۔ جنبش ٭

ہچکی (ہ) مؤنث:۔ ٹک ٹک۔ وہ ہوا جو گلے سے رک رک کر نکلتی ہے ٭

ہچکی آنا (ہ) سانس کا رک رک کر نکلنا۔ یاد کرنے کی علامت کا ظاہر ہونا ٭

ہچکی بندھ جانا (ہ) زیادہ رونے سے سانس اٹکنے لگنا ٭

(ہ اور د)

ہدایا (ع) مذکر:۔ ہدیہ کی جمع۔ تحفے۔ نذریں۔ پیشکش ٭

ہدایت (ع) مؤنث:۔ رہنمائی۔ رہبری۔ راہ راست ٭

ہدایت پانا (ل) راہ راست پر لگنا۔ صراط مستقیم پر چلنا ٭

ہدایت کرنا (ل) رہنمائی کرنا۔ سمجھانا۔ رستہ بتانا ٭

ہدایت نامہ (ع۔ف) مذکر:۔ دستور العمل۔ قواعد نامہ۔ ایسی کتاب جس میں کسی امر کے متعلق قواعد وقوانین درج ہوں ٭

ہدف (ع) مذکر:۔ نشانہ۔ زد۔ مار۔ تختۂ مشق ٭

ہُدہُد (ع) مذکر:۔ کٹھ پھوڑا۔ مرغ سلیمان ٭

ہدیہ (ع) مذکر:۔ تحفہ۔ پیشکش۔ نذرانہ۔ انعام۔ قیمت ٭

ہدیہ کرنا (ل) قرآن شریف فروخت ہونا ٭

(ہ اور ڈ)

ہڈا (ہ) مذکر:۔ بڑی بڑی ہڈی ٭

ہڈی (ہ) مؤنث:۔ استخوان۔ جسم کی کڑی اور سخت چیز۔ اصل۔ نسل ٭

ہڈی بٹھانا (ہ) جگہ سے سرکی ہوئی ہڈی اس کی جگہ پر لانا ٭

ہڈی پسلی توڑنا (ہ) مار مار کے کچومر نکال دینا۔ ہاتھ پاؤں توڑنا ٭

ہڈی ہڈی توڑنا (ہ) بہت زیادہ زدوکوب کرنا۔ عضو عضو توڑنا ٭

ہڈیوں کی مالا ہو جانا (ہ) سوکھ کر کانٹا ہو جانا۔ سوکھ کر پنجر نکل آنا ٭

(ہ اور ذ)

ہذا (ع) ایں۔ یہ ٭

ہذیان (ع) مذکر:۔ ہرزہ سرائی۔ یاوہ گوئی۔ شدت مرض میں بہکی بہکی باتیں کرنا۔ بڑبڑانا ٭

(ہ اور ر)

ہر بھجن (ہ) مذکر:۔ وشنو کا بھجن۔ وشنو کی عبادت ٭

ہر بھگت (ہ) مذکر:۔ وشنو کی پرستش کرنے والا ٭

ہر (ف) کل۔ تمام۔ ہر ایک۔ ہر کس ٭

ہرجائی (ف) وہ چیز جو ایک جگہ قرار نہ پکڑے۔ وہ شخص جو آج اس کے پاس کل اس کے پاس ہو۔ بے وفا۔ بے مروت ٭

ہرجائی پنا یا ہرجائی پن (ل) عیارپن۔ عیاری۔ چالاکی۔ کوچہ گردی ٭

ہر جیسے کو تیسا (ل) خراب آدمی کے لئے خراب مل ہی جاتا ہے۔ ادلا کا بدلہ

ہر چند (ف) جتنا کچھ۔ جس قدر۔ کتنا ہی۔ کیسا ہی۔ بہتیرا
ہر چہ بادا باد (ف) استغنا کے طور پر بولتے ہیں۔ کچھ ہی ہو۔ کچھ پروا نہیں۔ بالکل مضایقہ نہیں ؛
ہر حال میں (ا) ہر طرح۔ بہرحال۔ بہر صورت۔ ہر چند
ہر حال (ف۔ ع) ہر وقت۔ ہمیشہ۔ ہر بار ؛
ہر دل عزیز (ف) سب کا پیارا مقبول خلایق۔ عام پسند ؛
ہر دم (ف) ہر وقت۔ ہر گھڑی۔ ہر لحظہ ؛
ہر دیگی چمچہ (ا) ہرجائی۔ طفیلی۔ مفت خورا ؛
ہر روز نیا کنواں کھودنا نیا پانی پینا (ا) روز کمانا روز کھانا ؛
ہر فن مولا (ا) ہر فن جاننے والا۔ ہر ایک کام میں طاق ؛
ہرکارہ (ف) مذکر۔ چٹھی رساں۔ ڈاکیا۔ قاصد ؛
ہر کس و ناکس (ف) مذکر۔ ہر ادنےٰ و اعلےٰ عام آدمی ؛
ہر کسی سے (ا) ہر ایک سے۔ ہر ایک آدمی سے ؛
ہر گاہ (ف) جب۔ جس گھڑی۔ چونکہ ؛
ہُرّا (ہ) مذکر۔ فوجی دستہ کا پھیلاوا۔ آواز ؛
ہُرّا (انگریزی) خوشی کی آواز۔ جے جے۔ واہ واہ۔ آفرین۔ (ف) شور فریاد۔ خوفناک آواز ؛
ہرا باغ دکھانا (ا) سبز باغ دکھانا۔ چکنی چپڑی باتیں بنا کر فریب دینا ؛
ہرا بھرا (ہ) سر سبز۔ شاداب۔ سیر حاصل۔ کامیاب پھلنا پھولنا ؛
ہراس (ف) مؤنث:۔ خوف۔ ڈر۔ دہشت۔ نا امیدی مایوسی ؛
ہراساں (ف) خوفزدہ۔ ڈرا ہوا۔ نا امید۔ مایوس ؛
ہَرانا (ہ) مات کر دینا۔ داؤں جیتنا۔ شکست دینا۔ تھکانا ؛
ہَراند (ہ) مؤنث:۔ کچی ہلدی کی سی بُو۔ کچے مصالحہ کی بُو ؛
ہَراول (مذکر)۔ لشکر کا پیش خیمہ۔ فوج کا مُہرا۔ اردو میں ہردل بھی بولتے ہیں ؛

ہڑبونگ (ہ) مذکر:۔ اودھم۔ خلفشار۔ ابتری۔ ہنگامہ بلوہ۔ افراتفری ؛
ہڑبونگ کا راج ہے (ہ) حاکم ظالم اور بے انصاف ہے۔ طوائف الملوکی پھیلی ہوئی ہے ؛
ہڑبونگ مچانا (ہ) غل شور مچانا۔ اودھم مچانا۔ ہنگامہ برپا کرنا۔ غل غپاڑہ ہونا ؛
ہڑتال یا ہڑتال۔ ایک زہریلی دوا کو کہتے ہیں (ہاٹ تال یا ہٹ تال) تمام دکانوں کو بند کرنا۔ احتجاج یا غم کے اظہار کے طور پر کاروبار بند کر دینا ؛
ہرتی پھرتی چھاؤں (ہ) مؤنث:۔ آتی جاتی چھاؤں۔ جس چیز کو قیام اور استقلال نہ ہو ؛
ہَرج (ع) مذکر:۔ ہنگامہ۔ شورش۔ بلوہ۔ نقصان۔ خلل ؛
ہرجانہ (ا) مذکر:۔ زر نقصان۔ تلافی ؛
ہَرجہ (ا) مذکر:۔ نقصان۔ خسارہ۔ ٹوٹا۔ زر نقصان ؛
ہردا (ہ) مذکر:۔ دل۔ من۔ قلب۔ ضمیر۔ چیت ؛
ہرزہ (ف) بے ہودہ۔ لغو۔ لایعنی۔ یاوہ ؛
ہرزہ سرا (ف) یاوہ گو۔ بیہودہ گو ؛
ہرزہ سرائی (ف) مؤنث:۔ بیہودہ گوئی۔ یاوہ گوئی۔ بکواس ؛
ہرزہ گردی (ف) مؤنث:۔ بیہودہ پھرنا۔ آوارہ گردی وارفتہ پھرنا ؛
ہرزہ گو (ف) مذکر:۔ بیہودہ گو۔ یاوہ گو ؛
ہرسٹے (ہ) ہر دفعہ۔ ہر بار ؛
ہرمیجسٹی (انگریزی) مؤنث:۔ عہد علیا۔ ملکہ معظمہ۔ مہارانی ؛
ہَرمُشٹا (ہ) ہٹا کٹا۔ قوی۔ مضبوط ؛
ہَرن (ہ) مذکر:۔ آہو۔ ایک تیز رفتار خوبصورت جنگلی چوپایہ جس کی دوڑ اور آنکھ مشہور ہے ؛
ہرن کا چوکڑی بھرنا (ہ) ہرن کا چھلانگ مارنا۔ ہرن کا چاروں ٹانگیں اٹھا کر کلانچ مارنا ؛

ہرن ہو جانا یا ہونا۔ ہرن کی طرح جلد بھاگ جانا۔ ہوا ہو جانا۔ کافور ہو جانا۔ وحشی بن جانا ٭

ہَرنْ (ہ) موہنا۔ قابو کرنا ٭

ہَرنا (ہ) مذکر:۔ بارہ سنگا۔ نر ہرن ٭

ہرنی (ہ) مؤنث:۔ ہرن کی مادہ ٭

ہریالا (ہ) سر سبز۔ خوش و خرم۔ نوعمر شگفتہ ٭

ہَریالی (ہ) مؤنث:۔ سبزی۔ ہریاول۔ شادابی۔ خوبصورت عورت ٭

ہَریاول (ہ) مؤنث:۔ سبزی۔ سبزہ۔ طراوت۔ مرغزار چراگاہ ٭

ہَریل (ہ) مذکر:۔ ایک ہرا پرند۔ ایک قسم کا ہرا کبوتر ٭

(ہ۔ ڑ اور ز)

ہڑ (ہ) مؤنث:۔ ہلیلہ۔ ایک قسم کے کسیلے پھل کا نام۔

ہڑبڑا جانا (ہ) گھبرا جانا۔ بے اوسان ہو جانا۔ بد حواس ہو جانا ٭

ہڑبڑانا (ہ) گھبرانا۔ بولانا۔ مضطر اور مضطرب ہونا۔ سوتے میں ہڑبڑا کر چونک پڑے ٭

ہڑبڑی (ہ) مؤنث:۔ اضطراب۔ کھلبلی۔ جلدی۔ گھبراہٹ۔ افراتفری۔ ہل چل ٭

ہڑبڑیا (ہ) مضطرب۔ بیاکل۔ گھبرایا ہوا۔ جلد باز۔ تعجیل کار ٭

ہَڑَپ (ہ) مؤنث:۔ بغیر چبائے نگل جانا۔ جلدی سے حلق سے نیچے اتار لینا ٭

ہَڑَپ کر جانا (ہ) نگل جانا۔ غبن کر لینا۔ کھا جانا۔ ہضم کر جانا ٭

ہڑتال (ہ) مؤنث:۔ دیکھو (ہرتال یا ہڑتال)

ہزار پا (ف) مذکر:۔ کنکھجورا۔ کنگو خر ٭

ہزار جان سے قربان نثار یا صدقے ہونا (ا) کسی کا بہت زیادہ عاشق۔ فریفتہ۔ اور دلدادہ ہونا ٭

ہزار چشم (ف) کیکڑا۔ سرطان۔ کرک ٭

ہزار حیف (ت۔ع) مذکر:۔ ہزار افسوس۔ حیف صد حیف۔ نہایت افسوس ٭

ہَزار دَاستان (ف) مذکر:۔ ایک قسم کا بلبل جو ہزاروں بولیاں بولتا اور نہایت خوش الحان ہوتا ہے۔ عندلیب ٭

ہزار منہ ہزار باتیں (ا) جتنے منہ اتنی ہی باتیں ٭

ہزاروں گھڑے پانی کے پڑ گئے (ا) بہت زیادہ شرمندگی اور ندامت ہونا۔ شرم کے مارے پسینہ پسینہ ہونا ٭

ہِزآنر (انگریزی) مذکر: حضور اقدس۔ جناب عالی۔ حضور اعلےٰ ٭

ہِزاکسیلنسی (انگریزی) مذکر:۔ مہاراج۔ عمدۃ الملک۔ نواب۔ گورنر۔ وائسرائے یا اسی مرتبہ کے حاکم یا رئیس کے واسطے یہ خطاب آتا ہے ٭

ہِزَیانی (ع) مذکر:۔ فحش باتیں۔ بیہودہ باتیں۔ مسخرہ پن۔ تمسخر ٭

ہِزہائنیس (انگریزی) مذکر:۔ مہاراج۔ خداوند نعمت۔ یہ خطاب نواب یا راجاؤں کے نام سے قبل آتا ہے ٭

ہَزِیمت (ع) مؤنث:۔ شکست۔ بھاگڑ۔ لشکر کا منتشر ہونا ٭

ہَزیمت اٹھانا (ا) شکست کھانا۔ پسپا ہونا۔ پیٹھ دکھانا ٭

ہَزیمت کھانا (ا) شکست کھانا۔ پیٹھ دکھانا۔ پسپا ہونا ٭

(ہ اور س۔ ش)

ہَسْت (ف) مؤنث:۔ ہستی ہونا۔ وجود۔ حیات۔ ہست ٭

ہَسْت کرنا (ا) پیدا کرنا۔ معرض وجود میں لانا۔ جیسے نیست سے ہست کرنا ٭

ہَسْت و بُود (ف) مؤنث:۔ قیام و وجود۔ حیات و بقا ٭

ہست و ممات (ف۔ع) مؤنث:۔ جینا مرنا۔ موت زندگی ٭

ہستی (ف) مؤنث:- ہست۔ بود۔ وجود۔ موجودگی۔ کائنات موجودات۔ بساط۔ حیثیت۔ حقیقت ٭
ہستیِ جاوداں (ف) مؤنث:- حیاتِ جاوداں۔ حیاتِ ابدی عمرِ جاوداں ٭
ہشّاش (ع) نہائیت خنداں۔ خوش و خرم۔ شادماں ٭
ہشاش بشاش (ع) نہائیت خوش و خرّم۔ باغ باغ ٭
ہشت (ف) آٹھ ٭
ہشت پہلو (ف) آٹھ کونا۔ آٹھ پہلو کا ٭
ہشتاد (ف) اسّی ٨٠ ٭
ہشیار (ف) ہوشیار کا مخفف۔ صاحبِ ہوش۔ عقلمند۔ لائق۔ قابل ٭
ہشیار کرنا (ل) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ جگانا۔ بیدار کرنا۔ لائق بنانا ٭
ہشیار ہونا (ل) جتینا۔ خبردار ہونا۔ جاگنا۔ بیدار ہونا۔ ہوش سنبھالنا۔ مستعد بننا ٭
ہشیاری (ف) مؤنث:- چترائی۔ عقلمندی۔ دانائی۔ عاقبت اندیشی۔ مستعدی ٭

(ہ اور ض و ف)

ہضم (ع) مذکر:- شگفتگی۔ پچاؤ۔ تحلیل۔ غبن۔ چوری۔ خیانت ٭
ہضم کرنا (ل) پچانا۔ تحلیل کرنا۔ دبا لینا۔ ڈکار جانا ٭
ہفت (ف) سات۔ ٧ ٭
ہفت اقلیم (ف۔ع) سات ولایت۔ کُل دنیا۔ (مگر اب زمین پانچ براعظموں پر تقسیم کی گئی ہے)
ہفت زبان (ف) مذکر:- وہ شخص جسے سات زبانوں پر عبور ہو۔ سات زبانیں جاننے والا ٭
ہفت کشور (ف) ہفت اقلیم۔ قرونِ وسطیٰ کی سات بڑی بڑی سلطنتوں کا مجموعی نام ٭
ہفتاد (ف) سات دہائے۔ ستّر۔ ٧٠ ٭
ہفتاد پشت (ف) مؤنث:- ستر پیڑھی۔ ستر نسل ٭

(ہ اور ک گ)

ہکا بکا (ہ) سراسیمہ۔ حیران و پریشان۔ حواس باختہ۔ بھونچکا ٭
ہکا بکا رہنا یا ہونا (ہ) متعجب رہنا۔ متحیر ہونا ٭
ہک دک (ہ) صفت:- متحیر۔ متعجب۔ سکتے کا عالم ٭
ہک دک رہ جانا (ہ) متحیر رہ جانا۔ حیرت میں رہ جانا سکتے کے عالم میں ہو جانا ٭
ہکلا (ل) مذکر:- لکنت کرنے والا۔ جو رک رک کر بات کرے ٭
ہکلاپن (ل) لکنت۔ تتلاہٹ ٭
ہکلا کر بات کرنا (ل) لکنت سے بات کرنا۔ اٹک اٹک کر بولنا ٭
ہگ بھرنا۔ ہگ مارنا۔ ہگ دینا۔ ہگنا (ہ) ڈر کے مارے پاخانہ پھر دینا۔ نہائیت خائف اور ہیبت زدہ ہونا۔ خوف زدہ و لرزاں آنا۔ کان پکڑے ہوئے آنا ٭

(ہ اور ل)

ہل (ہ) مذکر:- زمین جوتنے کا آلہ۔ زمین کھودنے کا اوزار ٭
ہل جوتنا (ہ) ہل چلانا۔ زمین جوتنا ٭
ہل چلنا (ہ) زمین کا جوتا جانا ٭
ہل دار (ل) ہل کا مالک ٭
ہلّا یا ہلّہ (ہ) مذکر:- یورش۔ دھاوا۔ چڑھائی ٭
ہلّہ کرنا (ہ) حملہ کرنا۔ تاخت کرنا۔ چڑھائی کرنا ٭
ہلاچلی (ہ) مؤنث:- ہل چل۔ بھاگڑ ٭
ہلا دینا (ہ) لرزاں کرنا۔ متزلزل کر دینا۔ جھنجھوڑنا ٭
ہلاک (ع) مؤنث:- تلف۔ ضائع۔ ہلاکت۔ تباہی ٭
ہلاک کرنا (ل) تباہ و برباد کرنا۔ مارنا۔ قتل کرنا ٭
ہلاک ہونا (ل) مارا جانا۔ قتل ہونا۔ برباد ہونا۔ تباہ ہونا ٭
ہلاکت (ع) مؤنث:- تلف ہونا۔ موت۔ تباہی۔ اجل۔ بربادی ٭
ہلاکو (ل) ظالم۔ جلّاد۔ خونریز ٭
ہلال (ع) مذکر:- ماہِ نو۔ پہلی رات کا چاند ٭
ہلالی (ع) ہلال کی وضع کا ٭
ہلانا (ہ) حرکت دینا۔ جنبش دینا ٭

ہلاہل (ف) مذکر:۔ زہر قاتل۔ سم۔ نہایت کڑوا ٭

ہلبلانا (ہ) گھبرانا۔ ہڑبڑانا۔ بولانا ٭

ہلبلاہٹ (ہ) مؤنث:۔ جلدی۔ ہڑبڑی۔ گھبراہٹ ٭

ہلبلی (ہ) مؤنث:۔ جلدی۔ ہڑبڑی۔ بوکھلاہٹ ٭

ہلّھا یا ہلّغہ (ہ) مذکر:۔ (پوربی) لہر۔ ہلکورا۔ موج دریا ٭

ہل جانا (ہ) متحرک ہوجانا۔ مانوس ہوجانا۔ ربط بڑھالینا ٭

ہل چل (ہ) مؤنث:۔ افراتفری۔ بھاگڑ۔ کھلبلی۔ گھبراہٹ۔ ہنگامہ ٭

ہل چل پڑنا (ہ) بھاگڑ مچنا۔ کھلبلی ہونا۔ گھبراہٹ ہونا۔ بلوہ ہونا ٭

ہلدی لگے نہ پھٹکری رنگ چوکھا آئے (ہ) مفت میں کام بن جانا۔ بغیر زحمت کے کسی کام میں کامیاب ہونا ٭

ہلّڑ (ہ) مذکر:۔ شوروغل۔ شوروشغب۔ غل غپاڑا ٭

ہلّڑ مچانا (ہ) ہنگامہ برپا کرنا۔ شوروغل کرنا ٭

ہلّڑ مچنا (ہ) ہنگامہ ہونا۔ غل شور کرنا ٭

ہلکا (ہ) سبک۔ کم وزن۔ سبکسار۔ اوچھا۔ کم ظرف۔ حقیر ٭

ہلکاپن (ہ) مذکر:۔ سبکی۔ خفت۔ کمینگی۔ کم ظرفی۔ اوچھاپن ٭

ہلکا پھلکا (ہ) نہایت سبکبار۔ نہایت کم وزن۔ نازک۔ کمزور۔ نحیف ٭

ہلکا جوڑا (ہ) مذکر:۔ کم قیمت پوشاک۔ وہ پوشاک جو بھاری نہ ہو ٭

ہلکا ہونا (ہ) سبک ہونا۔ ذلیل ہونا۔ خفیف ہونا۔ تازہ دم ہونا۔ تکان اترنا ٭

ہلکان (ر) ہلاک۔ مضمحل۔ تھکاماندہ ٭

ہلکان کرنا (ہ) مضمحل کرنا۔ تھکادینا ٭

ہلکان ہونا (ہ) تھکنا۔ مضمحل ہونا۔ عاجز وحیران ہونا ٭

ہلکی بات کہنا (ہ) اوچھی بات کہنا۔ چھچھوری بات منہ سے نکالنا ٭

ہلکی چوٹ پڑنا۔ اوچھی چوٹ پڑنا۔ اچٹتی ہوئی ضرب پڑنا ٭

ہلکے ہلکے (ہ) ہولے ہولے۔ آہستہ آہستہ ٭

ہل مل جانا (ہ) آپس میں مانوس ہوجانا۔ گھل مل جانا ٭

ہَل مِن مَّزید (ع) کچھ اور ہے۔ (قیامت کے دن دوزخ یہ نعرہ لگائے گی)

ہلہل (ہ) پودے کا نام ہے۔ اس کے پھول میں سخت بدبو ہوتی ہے ٭

ہلہلا (ر) مذکر:۔ جھگڑا۔ شگوفہ۔ فتنہ انگیز بات۔ شوق امنگ ٭

ہلہلا اٹھانا (ر) جھگڑا اٹھانا۔ شگوفہ چھوڑنا۔ فتنہ اٹھانا ٭

ہلہلا کر بخار چڑھنا (ہ) زور سے بخار ہونا۔ یکایک لرزے کے ساتھ بخار آنا ٭

ہلہلانا (ہ) تھرتھرانا۔ تھرانا۔ کانپنا ٭

(ہ اور م)

ہم (ہ) میں کی جمع۔ یعنی بہت سے لوگ۔ یہ تعظیم کا کلمہ بھی سمجھا جاتا ہے۔ ہندوستان کے ارباب صحافت میں اس لفظ کا استعمال بہت زیادہ ہے۔ صوبہ بہار میں اسے میں کی بجائے بھی بولتے ہیں ٭

ہم پر پھل پڑے (ہ) زبردست کو چھوڑ کر زیر دست پر غصہ اتارا۔ قصوروار کو چھوڑ دیا۔ اور ہم پر ڈھل پڑے ٭

ہم جانیں یا تم جانو۔ ہمارے تمہارے سوا دوسرا واقف نہ ہو ٭

ہم چوڑے بازار سکڑا (ہ) اپنے آپ کو بڑا دوسروں کو حقیر جاننا ٭

ہم سے اڑتے ہو (ہ) ہمیں جل دیتے ہو۔ ہمیں فریب دیتے ہو ٭

ہم سے کب چل سکتے ہو (ہ) ہمیں کب فریب دے سکتے ہو۔ ہم تمہارے فریب میں نہیں آسکتے ٭

ہم آغوش (ف) ہم بغل۔ ہمکنار۔ بغلگیر ٭

ہم آغوش ہونا (ر) بغلگیر ہونا۔ ہمکنار ہونا۔ معانقہ کرنا ٭

ہم آغوشی (ف) مؤنث :۔ بغلگیری۔ ہمکناری۔ ایک دوسرے کے گلے لگنا ؛

ہم آواز یا ہم آہنگ (ف) ہم قول۔ ہم نوا۔ رائے میں شریک۔ سُر یا راگ میں شریک ؛

ہم آورد (ف) مقابل۔ حریف۔ دشمن ؛

ہم بستر (ف) ایک بستر پر سونے والا۔ ساتھ سونے والا ؛

ہم بستر ہونا (ا) ساتھ سونا۔ صحبت کرنا۔ مجامعت کرنا ؛

ہم پایہ (ف) ہم رتبہ۔ ایک ہی مرتبہ کا ؛

ہم پلہ (ف) برابر کی ٹکّر کا۔ برابر کا۔ ایک جوڑ کا۔ ہم نشانہ۔ ہم ہدف ؛

ہم پہلو (ف) پہلو میں بیٹھا ہوا۔ ساتھی۔ رفیق۔ ہم صحبت ؛

ہم پیالہ (ف) گہرا دوست۔ دانت کاٹی روٹی۔ دسترخوان کا شریک ؛

ہم پیالہ و ہم نوالہ (ف) ساتھ کھانے پینے والا۔ ہم طعام۔ گہرا دوست ؛

ہم پیشہ (ف) ایک پیشہ اور ایک ہی کام کرنے والا۔ حریف ؛

ہم تا۔ ہمتا (ف) ہمزاد۔ ہم جنس۔ مثل۔ مانند۔ شریک ؛

ہم ترازو (ف) ہم وزن۔ ہم پلّہ ؛

ہم جلیس (ف۔ع) ہم نشین۔ ہم صحبت۔ رفیق۔ ہمراز۔ دلی دوست ؛

ہم جماعت (ف۔ع) کلاس فیلو۔ ہم مکتب۔ ہم سبق ؛

ہم جنس (ف۔ع) ایک صنف اور ایک ہی قسم کا۔ ہم ذات یکساں۔ ایک نمونہ کا ؛

ہم جولی (ا)۔ (ف۔ ہمزولی) ہم سن۔ ہم جلیس۔ ساتھ کا کھیلا ہم رتبہ ؛

ہم چشم (ف) ہمسر۔ ہم رتبہ۔ برابر والا ؛

ہم چشمی (ف) مؤنث :۔ برابری۔ ہمسری ؛

ہم چشمی کرنا (ا) برابری کرنا۔ برابری کا دعوے کرنا ؛

ہم خانہ (ف) ایک گھر میں رہنے والا۔ شریک خانہ۔ جفت ساتھی ؛

ہم درد (ف) دردمند۔ شریک درد۔ دکھ درد کا ساتھی۔ غمخوار ؛

ہم دگر (ف) باہم۔ آپس میں۔ دونوں ؛

ہم دم (ف) دم کا ساتھی۔ ہر وقت ساتھ رہنے والا۔ رفیق۔ دوست ؛

ہم دوش (ف) ہم قد۔ برابر۔ ہمسر۔ ساتھی ؛

ہم دیوار (ف) پڑوسی۔ ہمسایہ ؛

ہم ذات (ف۔ع) ایک ذات کا۔ ہم قوم ؛

ہم راز (ف) رازدار۔ دل کے بھید سے واقف۔ بھیدی محرم اسرار ؛

ہم راہ (ف) ساتھی۔ شریک۔ ہم رکاب۔ قافلہ ؛

ہم راہی (ف) مذکر :۔ ساتھی۔ ہم طریق۔ ہم مسلک ؛

ہم رنگ (ف) ایک رنگ۔ یکساں ؛

ہم زاد (ف) مذکر :۔ توأم۔ جڑواں۔ ہم سن۔ شیطان یا جن جو انسان کے ساتھ پیدا ہوتا ہے ؛

ہم زانو (ف) ہم پہلو۔ پاس بیٹھنے والا ؛

ہم زبان (ف) ہم کلام۔ ہم قول۔ رائے کا ساتھی۔ ایک زبان ؛

ہم زلف (ف) مذکر :۔ ساڑھو۔ سالی کا خاوند ؛

ہم ساز (ف) موافق۔ دوست۔ دمساز ؛

ہم سایہ (ف) مذکر :۔ پڑوسی۔ پڑوس۔ پاس کے مکان میں رہنے والا ؛

ہم سائی (ا) مؤنث :۔ پڑوسن۔ ہم دیوار ؛

ہم سائیگی (ف) مؤنث :۔ پڑوس۔ قربت مکانی ؛

ہم سایہ ہونا (ا) پڑوسی ہونا۔ پڑوس میں آکر رہنا ؛

ہم سبق (ف) ساتھ سبق پڑھنے والا۔ سبق کا شریک ؛

ہم سر (ف) برابر کا۔ ہم رتبہ۔ ہم چشم ؛

ہم سری (ف) مؤنث :۔ برابری۔ ہم چشمی۔ رقابت ؛

ہم سری کرنا (ا) برابری کرنا۔ مساوات کا دعوے کرنا ؛

ہم سفر (ف۔ع) مل کر سفر کرنے والا۔ رفیق مسافرت ؛

ہم سن (ف۔ع) ہم عمر۔ ہم سال۔ ہمجولی ؛

ہم سلک (ف-ع) مذکر:- سمدھی- بیٹی یا بیٹے والے ؛
ہم شکل (ف-ع) ایک شکل کا- ایک صورت والا ؛
ہم شہر (ف) ایک شہر کا- ایک شہر کا رہنے والا ؛
ہم شیر یا ہمشیرہ (ف) مؤنث:- بہن- خواہر ؛
ہم صحبت (ف-ع) ہمنشین- صحبت میں رہنے والا- ساتھی- مصاحب ؛
ہم صدا (ف-ع) ہم آہنگ- ہم آواز- ایک آواز اور سُر میں ؛
ہم صفیر (ف-ع) ہم آواز- وہ پرندے جو ایک قسم کی بولی بولتے ہیں- ہمدم ؛
ہم طالع (ف-ع) ہم نصیب- ایک ہی جیسی قسمت والا ؛
ہم عصر (ف-ع) ہم عہد- ایک وقت کا- ہم زمانہ ؛
ہم عمر (ف-ع) ہم سن- ہم سال ؛
ہم عنان (ف-ع) ہمراہ- ہمرکاب- ساتھی- رفیق ؛
ہم عہد (ف-ع) ایک زمانہ کا- ہمعصر- ہم زمانہ ؛
ہم قدم (ف-ع) ساتھی- ہم سفر ؛
ہم قوم (ف-ع) ہم ملت- ایک قوم کا ؛
ہم کاسہ (ف) ہم نوالہ- ساتھ کھانے والا ؛
ہم کفو (ف-ع) ایک ہی خاندان کا- ایک ہی کنبہ کا ؛
ہم کلام (ف-ع) ہم سخن- بات کرنے والا- مخاطب ہونیوالا ؛
ہم کلام ہونا (ا) کسی سے بات کرنا- بولنا ؛
ہم کلامی (ف-ع) مؤنث:- گفتگو- مکالمہ- بول چال ؛
ہم کنار (ف) بغلگیر- ہم آغوش- گلے سے ملنا ؛
ہم مذہب- ہم ملت- ایک ہی مذہب کا ؛
ہم مرکز (ف-ع) وہ دائرے جن کا مرکز ایک ہی ہو ؛
ہم مشرب (ف-ع) ہم نوالہ و ہم پیالہ- ایک ہی مسلک کا پیرو- ہم مسلک ؛
ہم مکتب (ف-ع) سکول فیلو- ایک مکتب یا مدرسہ میں پڑھنے والا ؛
ہم نام (ف) ایک ہی نام کا- ہم اسم ؛

ہم نسل (ف-ع) ایک ہی نسل کا- ایک خاندان کا ؛
ہم نشین (ف) مصاحب- جلیس- ساتھی- رفیق ؛
ہم نفس (ف-ع) ہمدم- ساتھی- دوست- رفیق ؛
ہم نوالہ- ہم کاسہ ؛
ہم وطن (ف-ع) ایک دیس کا- ایک ملک کا ؛
ہُما (ف) مذکر:- ایک مشہور پرند کا نام ہے- جس کے متعلق مشہور ہے- کہ جس کے سر پر اس جانور کا سایہ ہو جائے- وہ بادشاہ ہو جاتا ہے- اس کو عنقا بھی کہتے ہیں ؛
ہمارے فرشتوں کو بھی خبر نہیں (ا) ہم مطلق بے خبر ہیں- ہمیں بالکل معلوم نہیں ؛
ہمارے منہ میں زبان ہے (ا) ہمارا منہ بھی بند نہیں ہے ہم بھی طاقت گویائی رکھتے ہیں ؛
ہماری بلی ہمیں سے میاؤں (ہ) ہمارا کھائے اور ہمیں پر غرائے- جو احسان کرے اسی سے بگاڑ کیا جائے ؛
ہما ہمی (ہ) مؤنث:- خود پسندی- انانیت- سینہ زوری ؛
ہُمایوں (ف) مُبارک- خجستہ- مسعود- مغلیہ خاندان کا ایک مشہور بادشاہ ؛
ہمّت (ع) مؤنث:- ارادہ- عزم- قصد- اولوالعزمی- جرأت- دلیری- توفیق ؛
ہمّت باندھنا (ا) جرأت کرنا- مضبوط ارادہ کرنا- حوصلہ کرنا ؛
ہمّت بندھنا (ا) جرأت ہونا- ڈھارس بندھنا- حوصلہ پڑنا ؛
ہمّت پڑنا (ا) حوصلہ پڑنا- جرأت ہونا ؛
ہمّت والا (ا) عالی حوصلہ- جری- دلیر- بہادر ؛
ہمّت ہارنا (ہ) جی چھوڑنا- حوصلہ پست کرنا- ڈھارس نہ رکھنا ؛
ہمتا (ف) ہمسر- مانند- مثل ؛
ہُمک کر (ہ) ٹھمک کر- کود کر- اچھل کر ؛
ہُمکنا (ہ) بچے کا چلنے کے لئے کوشش کرنا- اچکنا- بچے کا کودنا- چڑھائی کرنا- حملہ کرنا ؛

ہمک ہمک کے چلنا (ہ) مٹک مٹک کے چلنا۔ پھدک پھدک کے چلنا۔ اچھل اچھل کے چلنا ٭

ہمم (ع) مؤنث: ہمت کی جمع۔ جیسے عالی ہمم۔ صاحب ہمم ٭

ہموار (ف) برابر۔ یکساں۔ چورس۔ مدام۔ ہمیشہ ٭

ہمہ (ف) سب۔ کل۔ سارا۔ تمام ٭

ہمہ تن (ف) سرتاپا۔ سرلبسر۔ سب کا سب ٭

ہمہ دان (ف) ہر بات سے واقف۔ ہر علم و فن کا جاننے والا۔ ہر فن مولا ٭

ہمہ دانی (ف) مؤنث: ہر بات میں مہارت۔ استادی ٭

ہمہ شما (ا) ادنے و اعلے۔ رذیل و شریف ٭

ہمہ صفت موصوف (ف۔ع) ہر تعریف کے قابل۔ ساری خوبیوں کا مالک ٭

ہمیانی (ا) مؤنث: کیسۂ زر۔ بٹوا۔ روپیوں کی تھیلی ٭

ہمیشگی (ف) مؤنث: قدامت۔ دوام۔ قیام۔ بقا ٭

ہمیشہ (ف) دائم۔ مدام۔ سدا ٭

(ہ اور ن)

ہن (ہ) مذکر و مؤنث: ایک طلائی سکہ کا نام۔ دولت۔ سونا۔ ریزۂ زر۔ جو کسی زمانے میں دکن میں رائج تھے ٭

ہن برسنا۔ کثرت سے دولت ہونا۔ دولت برسنا۔ دولت میں کھیلنا ٭

ہنٹر (انگریزی) Hunter۔ چابک۔ کوڑے (اردو میں انہی معنوں میں استعمال کیا جاتا ہے)

ہنجار (ف) راہ۔ راستہ۔ طرز۔ روش۔ قاعدہ ٭

ہندسہ دان (ف) مذکر: مہندس۔ علم ہندسہ سے واقف ٭

ہندو (ف) مذکر: ہندی۔ ہندوستان کا رہنے والا۔ ہندوستان کی وہ زبردست قوم جو عہد قدیم سے یہاں آباد ہے۔ آریا۔ وشنو۔ جین مت وغیرہ کی پیرو ہے۔ اور شاندار ماضی اور امید افزا مستقبل کی حامل ہے۔ اور ہندوستان میں بھاری اکثریت میں ہے۔ حبشی۔ کالا آدمی۔ چور۔ راہزن۔ لٹیرا۔ غلام داس۔ بندہ۔ ہندو دھرم۔ ہندو مت۔ ہندو نتا ہندو جاتی۔ ہندو فلسفہ۔ ہندو ازم۔ ہندوانہ ٭

ہندو مسلمان کا چولی دامن کا ساتھ ہے (ا) ہندو مسلمان باہم لازم و ملزوم ہیں۔ دونوں کا برابر کا ساتھ ہے ٭

ہندو مسلم اتحاد (ا) ہندوؤں اور مسلمانوں کا میل ملاپ اور اتفاق۔ ہندوستان میں اس مسئلہ نے بڑی اہمیت حاصل کرلی ہے۔ اور سچ تو یہ ہے کہ بغیر اس کے ہندوستان کی مجموعی ترقی غیر ممکن بھی ہے ٭

ہندوستان (ف) مذکر: ملک ہند۔ بھارت ماتا۔ آریہ ورت۔ اقبال نے کیا خوب کہا ہے ؎

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
بھارت ماتا سب کی مائی سب ہندی ہیں بھائی بھائی
(مؤلف)

ہندو مسلم رائیٹ (ا۔ انگریزی) ہندوؤں اور مسلمانوں کا تصادم۔ ہندوؤں مسلمانوں کا بلوہ۔ یہی وہ افسوسناک حقیقت ہے۔ جو ہندوستان کی ترقی میں سنگ راہ ثابت ہو رہی ہے ٭

ہندوستانی (ا) ہندوستان کا باشندہ۔ نام نہاد متمدن اقوام میں یہ لفظ تعریض۔ استہزا۔ اور طنز کے طور پہ استعمال ہوتا ہے۔ افسوس ہے۔ کہ آج تعلیمیافتہ ہندوستانی بھی اپنے آپ کو ہندوستانی کہنے سے جھجکتے ہیں۔ وہ عام زبان (جسے ایک معنی میں اردو کہا جاسکتا ہے) جو تقریباً تمام ہندوستان میں سمجھی جاتی ہے ٭

ہندوستانی قومیت (ا) ہندوستان کے وہ افراد۔ اور جماعتیں جنہیں کم سے کم ایک مشترکہ مقصد اور جذبہ نے متحد کر دیا ہو۔ اور جن میں یکرنگی۔ ہم آہنگی اور "ایک" ہونے کا احساس پیدا ہو گیا ہو۔ ہندوستانیوں کی یہ بدبختی ہے۔ کہ آج بھی یہ مسئلہ نزاعی بنا ہوا ہے۔ کہ "ہندوستانی قومیت" کا دنیا میں کہیں وجود بھی ہے ٭

ہندی (ف) ہندوستان سے نسبت رکھنے والا۔ ہندوستان کا رہنے والا۔ ہند کی تلوار۔ ہندوستان کی وہ زبان جو

سنسکرت سے نکلی ہے۔ اور اردو سے بہت مشابہ ہے ؛

ہندی کی چندی (ہ) مؤنث :- بال کی کھال۔ چھان بین۔ نکتہ چینی ؛

ہندی کی چندی کرنا (ہ) نہایت علم فہم بنانا۔ خوب سمجھانا۔ خوب چھان بین کرنا۔ بے فائدہ باتیں کرنا ؛

ہندی کی چندی نکالنا (ہ) مین میکھ نکالنا۔ نکتہ چینی کرنا بال کی کھال کھینچنا ؛

ہنڈا (ہ) مذکر :- بڑی ہانڈی۔ مٹی کا برتن۔ مٹکا۔ خم ؛

ہُنڈار (ہ) مذکر :- (پوربی) بھیڑیا۔ گرگ ؛

ہنڈکلیا (ہ) مؤنث :- بچوں یا لڑکیوں کا کھانے پکانے کا کھیل۔ بچوں کی چھوٹی ہانڈی ؛

ہنڈولا (ہ) مذکر :- پالنا۔ گہوارہ۔ ہنگوڑا۔ جھولنا۔ برسات کا گیت جو جھولے پر گایا جاتا ہے ؛

ہُنڈی (ہ) مؤنث :- چک۔ روپیہ کا رقعہ۔ ہندوستانی مہاجن کا نوٹ ؛

ہنڈی پٹنا (ہ) ہنڈی کا روپیہ وصول کرنا ؛

ہنڈوی کرنا۔ کسی کے نام پر ہنڈوی کے ذریعہ سے روپیہ بھیجنا ؛

ہُنڈی سکارنا۔ روپیہ ادا کرنے کی حامی بھرنا ؛

ہنڈیا (ہ) مؤنث :- ہانڈی کی تصغیر۔ مٹی کی دیگچی۔ ترکاری سالن۔ دکن کے ایک شہر کا نام ؛

ہنڈیا پکانا (ہ) سالن پکانا۔ ترکاری پکانا۔ چرچا کرنا۔ کھچڑی پکانا ؛

ہنڈیا چڑھانا (ہ) دیگچی کا چولہے پر رکھنا ؛

ہنڈیا چڑھنا۔ ہنڈیا کا پکنے کے لئے چولھے پر رکھا جانا۔ کھانے پکانے کا سامان۔ بدھنا بوریہ۔ گھر کا اسباب ؛

ہنڈیا ڈلیا یا ہنڈیا ڈوئی (ہ) مؤنث :- مفت کا کھانا پکنا ؛

ہُنر (ف) مذکر :- فن۔ گن۔ کام۔ دستکاری۔ جوہر۔ کرتب۔ سلیقہ۔ دانائی۔ ملکہ ؛

ہُنر کی پوٹ (ا) مؤنث :- بڑا ہنرمند آدمی۔ کمال جامع انسان ؛

ہُنرمند (ف) باہنر۔ باکمال۔ صاحب سلیقہ۔ کوئی جوہر رکھنے والا ؛

ہُنرمندی (ف) مؤنث :- سلیقہ۔ استادی۔ سگھڑائی۔ لیاقت ؛

ہَنس (ہ) مذکر :- ایک قسم کے آبی پرند کا نام۔ ایک قسم کی بط۔ روح۔ آتما۔ جان ؛

ہنسانا (ہ) ہنسی دلانا۔ خوش کرنا ؛

ہَنسائی۔ تضحیک۔ ٹھٹھہ۔ جیسے جگ ہنسائی ؛

ہنستا پھول۔ ہنستی کلی (ہ) نازک اور خوش مزاج آدمی جو اکثر مسکراتا اور ہنستا رہے۔ تنک مزاج ؛

ہَنستا چِھل (ا) مذکر :- دوستی کے پردہ میں دشمنی کرنے والا دوست نما دشمن ؛

ہَنستی پیشانی (ا) خندہ رُو۔ خندہ پیشانی۔ ہنس مُکھ ؛

ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا (ہ) بہت ہنسنا۔ اتنا ہنسنا کہ پیٹ درد کرنے لگے۔ ہنسی کے مارے لوٹ لوٹ جانا ؛

ہنستے ہنستے لوٹ جانا (ہ) ہنسی کے مارے گر گر پڑنا بہت ہنسنا ؛

ہَنسلی (ہ) مؤنث :- وہ ہڈی جو گردن کے نیچے اور سینہ کے اوپر ہوتی ہے۔ طوق گلو۔ گلے کا ایک زیور ؛

ہنسلی اتر جانا (ہ) شیرخوار بچے کے گلے کی ہڈی کا جگہ سے بے جگہ ہو جانا ؛

ہَنسلی مَلوانا (ہ) بچے کے سینہ کی ہڈی کی مالش کرانا۔ تاکہ ہڈی اپنی جگہ پر آ جائے ؛

ہَنس مُکھ (ہ) خندہ رُو۔ شگفتہ مزاج۔ خوش طبع ؛

ہَنسنا (ہ) کھلکھلانا۔ خندہ زن ہونا ؛

ہَنسنا بولنا (ہ) باہم خوش طبعی اور دل لگی کرنا۔ ظرافت دِل بہلانا ؛

ہَنسوا (ہ) مذکر :- (پوربی) درانتی۔ ہنسیا۔ دانتی ؛

...ی اور دل لگی کرنا۔ ظرافت سے

...خوش طبع۔ مسخرہ۔ شوخ طبع۔ بذلہ سنج ؛

...خندہ۔ ٹھٹھہ۔ قہقہہ۔ مذاق۔ ظرافت ؛

...مذاق اڑانا۔ احمق بنانا۔ رسوا کرنا۔ خاکہ

...نا (ہ) رسوائی کروانا۔ فضیحتی کرانا ؛

...ٹھا (ہ) مذکر:۔ ہنسی مذاق۔ دل لگی۔ کھیل تماشہ۔ سہل کام ؛

ہنسی خوشی (ا) خوشی کے ساتھ۔ رضا و رغبت سے۔ بھلا چنگا تندرست۔ صحیح و سالم ؛

ہنسی کے مارے دم اُلٹنا۔ (ہ) ہنسی کے مارے دم اکھڑنا ؛

ہنسی میں (ہ) دل لگی میں۔ مذاق میں۔ [illegible]۔ تمسخراً ؛

ہنسی میں اڑا دینا (ہ) بات پر توجہ نہ کرنا۔ مذاق سمجھ کر ٹال دینا۔ خاطر میں نہ لانا ؛

ہنسی میں کھنسی ہو جانا (ہ) ہنسی میں بگاڑ ہو جانا۔ مذاق میں رنج ہو جانا ؛

ہنسی میں لے جانا (ہ) کسی بات کو مذاق سمجھ لینا۔ سیدھی بات کو مذاق کی طرف لے جانا ؛

ہُنکار (ہ) مونث:۔ ہاں کی آواز۔ ہُوں۔ ہاں ؛

ہُنکارا (ہ) مذکر:۔ ہُوں۔ ہاں۔ ہنکار۔ قصہ یا کہانی سنتے وقت داستان گو کی تسلی کے لئے جو آواز نکالی جاتی ہے ؛

ہُنکارا بھرنا (ہ) حامی بھرنا۔ ہُوں ہُوں کہنا۔ کہانی سنتے وقت ہوں ہوں کہتے جانا ؛

ہنکارنا (ہ) ہنکارا بھرنا ۔ اشارہ کرنا ؛

ہنگام (ف) مذکر:۔ وقت۔ زمان۔ ایّام۔ زمانہ۔ رُت۔ موسم۔ ہنگامہ۔ گڑبڑ۔ مجمع۔ بھیڑ ؛

ہنگامہ (ف) مذکر:۔ مجمع۔ انبوہ۔ اژدحام۔ شورش۔ بلوہ۔ فساد۔ غوغا۔ غل غپاڑا ؛

ہنگامہ آرا (ف) معرکہ آرا۔ صف آرا۔ فتنہ انگیز۔ فتنہ برپا کرنے والا ؛

ہنگامہ برپا ہونا (ا) جھگڑا کھڑا ہونا۔ لڑائی دنگہ ہونا۔ فساد ہونا ؛

ہنگامہ پرواز۔ ہنگامہ آرا۔ صف آرا۔ فتنہ برپا کرنیوالا ؛

ہنگامہ پروازی (ف) مونث:۔ شورش۔ بلوہ۔ فساد۔ لڑائی ؛

ہنگامہ پرور۔ مفسدہ پرداز۔ ہنگامہ کھڑا کرنے والا۔ فتنہ انگیز ؛

ہنگامہ کرنا (ا) ہجوم کرنا۔ شور و شر کرنا۔ بلوہ کرنا۔ اودھم مچانا ؛

ہنگامہ گرم ہونا (ا) شور و شر کا انتہائی زور پر ہونا۔ افراتفری کرنا ؛

ہنگامۂ محشر یا قیامت (ف-ع) قیامت کا ہجوم و شور و شغب ؛

ہنود (ع) مذکر:۔ ہندو کی جمع۔ ہندوستانی آدمی۔ باشندگان ہند ؛

ہنوز (ف) ابھی تک۔ [illegible]

ہنوز دلی دور است (ا) ضرب المثل:۔ [illegible] دور ہے۔ کل کی کس کو خبر ہے۔ ابھی اس کا [illegible] بہت عرصہ ہے ؛

ہنومان (س) ہنیست و نابود کرنے والا۔ بندروں کے ایک سردار کا نام ؛

ہنہنانا (ہ) گھوڑے کا بولنا۔ صہیل

ہنہناہٹ (ہ) گھوڑے کی آواز۔ صہیل ؛

(ہ اور و)

ہو (ہ) ندا:۔ بلانے کی آواز (گنوار)

ہُو (س) گیدڑ کی آواز۔ بعض جنگلی حیوانات کی آواز

ہُو (ع) مذکر۔ غایب:۔ (مذکر) خدا تعالےٰ کا اسم ذات اللہ ہُو کا مخفف ؛

ہُو حق (ع) مونث:۔ خدا کا نام لینا۔ خدا کی یاد۔ تسبیح نعرۂ مستانہ ؛

ہوا پر اُڑنا (ا) مغرور ہونا۔ اترانا۔ زمین پر پاؤں نہ رکھنا ؛

ہوا پر چڑھنا (ا) اترانا۔ فخر کرنا ؛

ہوا پر دماغ ہونا۔ (ا) مغرور و متکبّر ہونا۔ اترانا۔ نخوت کرنا ؛

ہوا پرست (ف) عیاش۔ ظاہر پرست ؛

ہوا پر سوار ہونا (ا) جانے میں عجلت کرنا۔ جلد باز ہونا ؛

ہوا پر مزاج رہنا (ا) نخوت کرنا۔ مغرور و متکبر ہونا۔ بے دماغ ہونا ؛

ہوا اُلٹ جانا (ا) زمانہ کا منقلب ہو جانا۔ اقبال برگشتہ ہو جانا ؛

ہوا پھانک کر رہنا (ا) صرف ہوا کھا کر رہنا۔ بن کھائے رہنا۔ بھُول سُونگھ کر رہنا ؛

ہوا پھانکنا (ا) بیہودہ بکنا۔ ژاژ خائی کرنا ؛

ہوا پھر جانا (ا) ہوا پلٹ جانا۔ زمانہ پلٹ جانا ؛

ہوا چلنا (ا) ہوا کا رواں ہونا۔ رواج ہونا۔ رسم پڑنا۔ دستور ہونا ؛

ہوا خواہ (ف) خیر خواہ۔ بہی خواہ۔ خیر اندیش۔ محب ؛

ہوا خواہی (ف) مؤنث :۔ بہی خواہی۔ خیر خواہی۔ دوستی ؛

ہوا (ا) افواہ ہو جانا۔ چرچا ہو جانا۔ بات کھُل جانا۔ بھرم ظاہر ہو جانا۔ خاکہ اُڑ جانا ؛

ہوادار (ف) خواہشمند۔ طالب۔ کھُلا ہُوا۔ دلکشا۔ ایسا مکان جس میں خوب ہوا آئے جائے ؛

ہواداری (ف) مؤنث :۔ خواہشمندی۔ خیر خواہی۔ دوست داری ؛

ہوا دینا (ا) ہوا میں رکھنا۔ کسی چیز کو ہوا کھلانا۔ آگ کو بھڑکانا۔ آگ پھونکنا۔ بہکانا۔ اُکسانا۔ فساد کرنا ؛

ہوازدگی (ا) مؤنث :۔ (عورتیں بولتی ہیں) زکام۔ سردی۔ نزلہ۔ تحریک ؛

ہوا سے باتیں کرنا (ا) جلدی میں ہوا کا مقابلہ کرنا۔

ہُو حق کرنا (ا) خدا کا نام لینا [...] مارنا۔ شور و غل مچانا۔

ہُو حق ہو جانا (ا) بالکل تباہ [...] معدوم ہو جانا ؛

ہُو کا عالم (ا) عالم لاہوت [...] عالم تنہائی ؛

ہُو کا مکان یا مقام (ا) [...] سنسان جگہ ؛

ہَوّا (ع) مذکر :۔ وہ بھیانک [...] ہیں۔ فرضی جن۔ بھو[...]

[...]وا۔ باد۔ کرہ باد۔ وہ فضا [...] واقع ہے۔ خواہش[...] ارمان۔ تمنا ؛

ہوا (ف) خیر خواہی۔ [...] شہرت۔ چرچا ؛

ہوا اُڑ جانا (ا) شہرت [...]

ہوا اُڑنا (ا) خبر پھیلنا۔ چ[...]

ہوا باندھنا (ا) نمود باندھنا [...] کرنا۔ آسمان زمین [...]

[...] بتلانا (ا) [...]

نہائیت جلد باز ہونا۔ نہائیت پھرتیلا ہونا۔ تیز رفتار ہونا۔

ہوا سے بچ کر چلنا (ل) دُور رہنا۔ گریز کرنا۔ کسی سے دُور بھاگنا۔ نہائیت متنفر ہونا ۔

ہوا کا تھپیڑا (ل) ہوا کا جھکڑ۔ ہوا کا جھونکا ۔

ہوا کا رُخ بتانا (ل) ٹالنا۔ چلتا کرنا۔ چمپت کرنا۔ منہ نہ لگانا۔ ہوائیں اُڑا دینا ۔

ہوا کا رُخ دیکھنا (ل) زمانہ سازی کرنا۔ زمانہ کے موافق کام کرنا۔ زمانہ کی رفتار دیکھنا ۔

ہوا کا رنگ دیکھنا (ل) ہوا کی کیفیت معلوم کرنا۔ زمانہ کی حالت معلوم کرنا۔ ہوا کی تری خشکی معلوم کرنا ۔

ہوا کرنا (ل) ہوا دینا۔ پنکھا جھلنا۔ دھونکنا۔ رخصت کرنا۔ چلتا کرنا ۔

ہوا کو گرہ میں باندھنا (ل) (متروک) غیر ممکن بات کے حصول کی کوشش کرنا ۔

ہوا کھانا (ل) ٹہلنا۔ چہل قدمی کرنا۔ پھرنا۔ سیر کرنا۔ سدھارنا۔ رخصت ہونا ۔

ہوا کی رفتار (ل) ہوا کی چال۔ ہوا کے چلنے کا اندازہ ۔

ہوا کے گھوڑے پر سوار ہونا یا آنا (ل) نہائیت تیز رفتار اور گرم مزاج ہونا۔ جلد باز ہونا۔ متکبر ہونا ۔

ہوا لگ جانا (ل) ہوا کا اثر کر جانا۔ فالج یا لقوہ ہو جانا۔ زکام ہو جانا۔ مزاج بہک جانا۔ غرور میں آجانا ۔

ہوا لگنا یا لگ جانا (ل) ہوا کا اثر ہونا۔ جسم اکڑ جانا۔ دماغ چل جانا۔ مزاج بہک جانا۔ اترانا۔ رنگ بدلنا۔ کسی صحبت کا اثر ہونا ۔

ہوا نہ لگنے دینا یا نہ لگنا - بہت بچائے اور چھپائے رکھنا پاس نہ پھٹکنے دینا ۔

ہوا و ہوس (ع) مؤنث :- حرص اور لالچ ۔ شہوت پرستی

ہوائے نفس - لذائذ نفسانی کا غلبہ۔ عیش و نشاط۔ نفسانی خواہشات ۔

[illegible] **ہو جانا** (ل) ہوا کی طرح تیز چلنا۔ ہوا سے باتیں کرنا۔ معدوم ہو جانا۔ فنا ہو جانا۔ کافور ہو جانا ۔

ہوا چاہتا ہے (عنقریب ہوگا۔ کوئی دم کی بات ہے۔ ضرور ہوگا ۔

ہوا سو ہوا (ل) جو۔ جو کچھ ہو گیا سو ہو گیا۔ جانے دو ۔

ہوائی (ف) آسمان سے نسبت رکھنے والا۔ بالائی فضائی۔ ایک [illegible] آتشبازی۔ باریک کترا ہوا پستہ اور بادام [illegible]

ہوائی اُڑنا (ل) بے [illegible] خبر اُڑنا۔ افواہ ہونا۔ [illegible] منہ فق ہو جانا۔ منہ [illegible] لب خشک ہو جانا ۔

ہوائی تیر - تیر جو ہوا [illegible] چلایا جائے۔ اور جس کا کوئی نشانہ نہ ہو ۔

ہوائی خبر (ل) بازاری افواہ۔ بے سر و پا خبر ۔

ہوائی چھوٹنا یا چھٹنا ہوائی تیر چلنا۔ رنگ فق ہونا۔ [illegible] بدحواس ہونا ۔

ہوائیاں منہ یا چہرے [illegible] اُڑنا (ل) چہرہ کا رنگ زرد اور لب خشک ہونا۔ فق ہونا۔ ایک رنگ آنا او[illegible] ایک جانا ۔

ہو بہو (ف) بعینہ۔ ہم [illegible] ہم صورت۔ ٹھیک ٹھیک بجنسہ ۔

ہودج (ع) مذکر :- عماری۔ [illegible] ہودہ۔ اونٹ کا کجاوہ [illegible] محمل ۔ [illegible] جس پر عورتیں سوار ہوتی [illegible]

ہورہ (ل) مذکر :- چچہا [illegible] گھوڑے کی آواز۔ صہیل ۔ [illegible] بولنا۔ ضہیل ۔

ہو الفقط [illegible]

(ہ اور و)

ہو رہنا (ل) کہیں [illegible] ہٹ [illegible] کی آواز (گنوار) [illegible] کا مطیع اور فرمانبردار [illegible] آواز۔ بعض جنگلی حیوانات کی آواز [illegible]

ہو [illegible] :- (مذکر) خدا تعالیٰ کا اسم ذات [illegible]

ہوس (ع) مؤنث :- [illegible] آرزو [illegible] اشتیاق [illegible] ۔

ہوس بجھنا [illegible] ارمان [illegible] :- خدا کا نام لینا۔ خدا کی یاد۔ تسبیح [illegible]

ہوس نکالنا [illegible] خواہش پوری ہونا

ہوسناک [illegible] آرزو [illegible]